8

مرقاۃ المفاتیح

شرح اُردو

مشکوٰۃ المصابیح

للعلامہ الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری

مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم

www.KitaboSunnat.com

مکتبۃ رحمانیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقيق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

مرقاة المفاتيح اردو

للعلامہ الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری هجری ۱۰۱۴

شرح

مشکوٰۃ المصابیح

للامام العلامہ محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی المتوفی ۷۴۱

مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم

جلد ہشتم

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور
فون: 042-37224228-37355743
MAKTABA-E-REHMANIA

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: .... مرقاۃ المفاتیح اردو (جلد ہشتم)

مترجم: .... مولانا راؤ محمد ندیم

ناشر: .... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: .... لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت' طباعت' تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
كِتَابُ الصَّيدِ وَالذَّبَائِح	۱۷	چند ممنوعہ جانوروں کا بیان	۵۳
شکار اور ذبیحوں کا بیان	//	شریطہ کا بیان	۵۴
غارِ ثور میں پناہ لینے کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ	//	ذبیحہ کے ''جنین'' کا حکم	۵۵
شکار کے احکام	//	جانور کے جنین کا بیان	۵۸
ذبح کے احکام	۱۹	ذی روح کو ناحق مارنے کی مذمت	۵۹
شکار تین دن بعد مردہ حالت میں ملنے کا بیان	۲۷	زندہ جانور کے جسم سے کاٹے گئے گوشت کا بیان	۶۰
نو مسلموں کے ذبیحہ کا بیان	//	ذبح کی ایک خاص صورت کا بیان	۶۲
غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنے والا لعنتی ہے	۲۹	حلال دریائی جانوروں کا بیان	۶۳
پتھر کے ذریعہ ذبح کئے گئے جانور کا بیان	//	بَابُ ذِكرِ الكَلْبِ	//
ہر معاملہ میں ''احسان'' لازم ہے	۳۶	کتے سے متعلق احکام کا بیان	۶۴
ذی رُوح پر نشانہ بازی کرنے والا ملعون ہے	۳۹	بلا ضرورت کتا پالنا	//
جاندار پر نشانہ بازی کی ممانعت	//	کتا پالنا اجر و ثواب میں کمی کا باعث	۶۶
منہ پر مارنے اور داغنے کا بیان	۴۰	کتوں کو مار ڈالنے کا حکم	۶۷
جانوروں کو داغنے کا بیان	۴۲	کتوں کو نہ مارنے کی علت کا بیان	۶۹
جانور کے کس حصہ پر داغا جائے؟	۴۳	جانوروں کو لڑانے کی ممانعت	۷۱
کیا ذبح کیلئے چھری ہونا ضروری ہے؟	۴۴	بَابُ مَا يَحِلُّ أَكْلُهُ وَمَا يَحْرُمُ	//
ذبح اضطراری کے بارے میں	۴۶	جن جانوروں کا کھانا حلال اور حرام ہے	۷۲
مردہ شکار کا بیان	۴۷	''ذی مخلب'' اور ''ذی ناب'' کا بیان	//
تیر سے زخمی ہو کر مر جانے والے جانور کے گوشت کا بیان	۴۸	حمار اہلی کا بیان	۷۳
غیر مسلم کے ذبیحہ کا بیان	۴۹	گھوڑے کی حلت و حرمت کا بیان	//
غیر مسلم کے برتن میں کھانا پینا	۵۰	گورخر کی حلت کا بیان	۷۶
غیر مسلموں کے تیار کردہ کھانے کا بیان	۵۱	خرگوش ایک حلال جانور	//
مجثمہ کا بیان	۵۲	گوہ کا گوشت	۷۷

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
کیا گوہ حلال ہے؟	۷۶	انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنے پر وعید	۱۰۹
مرغی کی حلت کا بیان	۷۹	سانپ کو نہ مارنے کی مذمت	۱۱۱
ٹڈی کھانے کا بیان	۸۱	سانپوں کو مارنے کا بیان	۱۱۲
''عنبر'' مچھلی کی حلت کا بیان	۸۳	کھانے پینے کی چیزوں میں مری مکھی کو غوطہ دینا	۱۱۴
کھانے پینے کی چیزوں میں مکھی گر جانے کا بیان	۸۵	وہ جانور جس کو مارنا ممنوع ہے	۱۱۷
گھی میں چوہا گر جانے کا بیان	۸۶	چیونٹی کو مارنے کی وجہ ممانعت کیوں ہے؟	//
سانپ کو مار ڈالنے کا حکم	۸۷	شہد کی مکھی	۱۱۹
گرگٹ کی خباثت کا بیان	۹۲	حلت و حرمت میں خواہش نفسانی کا بیان	۱۲۴
گرگٹ ایک فاسق جانور	۹۳	گدھے کے گوشت کا بیان۔ جنات کی قسمیں	۱۲۵
گرگٹ مارنے کا ثواب	۹۴	بَابُ الْعَقِيقَةِ	۱۲۶
چیونٹی کو مارنے کی شرعی حیثیت	//	عقیقہ کا بیان	//
گھی میں چوہا گرنے کا بیان	۹۶	عقیقہ کی اہمیت کا بیان	//
سرخاب کے گوشت کا بیان	۹۷	تحنیک کا بیان	۱۲۷
جلّالہ کا گوشت کھانے کی ممانعت	۹۸	تحنیک کا طریقہ	//
گوہ کا گوشت کھانے کی ممانعت کا بیان	۹۹	عقیقہ کے جانور کی تعداد کا بیان	۱۲۹
بلی کی حرمت کا بیان	//	عقیقہ کی اہمیت	۱۳۱
گھریلو گدھے، خچر اور درندوں اور ذی مخلب پرندوں کا		نومولود کے بالوں کا بیان	۱۳۲
گوشت حرام ہے	//	عقیقہ کے استحباب کا بیان	۱۳۴
گھوڑے کے گوشت کی ممانعت کا بیان	۱۰۰	نومولود کے کان میں اذان دینا	۱۳۶
مالِ معاہد کا بیان	۱۰۱	زمانۂ جاہلیت اور اسلام میں عقیقہ کا بیان	۱۳۷
مچھلی، ٹڈی، کلیجی اور تلی کا بیان	۱۰۲	كِتَابُ الْأَطْعِمَةِ	۱۳۸
مچھلی کی حلت و حرمت کا بیان	//	خوردونوش کا بیان	//
ٹڈی کا بیان	۱۰۳	سامنے سے اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ	//
مرغ کو برا کہنے کی ممانعت	۱۰۶	بسم اللہ والا کھانا شیطان کے لئے حلال نہیں	۱۴۰
مرغ کو برامت کہو	۱۰۷	اللہ تعالیٰ کی یاد سے خالی گھر شیطان کی رہائش گاہ	//
گھر میں سانپ دکھائی دینے کا بیان	۱۰۸	دائیں ہاتھ سے کھاؤ پیو	۱۴۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
بائیں ہاتھ سے کھانا شیطانی عمل	//
تین اُنگلیوں سے کھانا اور چاٹنا	۱۴۴
کونسا نوالہ برکت والا	۱۴۵
ہاتھ چاٹ لو یا چٹوا دو	۱۴۶
گرے ہوئے لقمہ کو صاف کر کے کھا لو	//
تکیہ لگا کر مت کھاؤ	۱۴۸
آپ ﷺ دستر خوان پر کھانا تناول فرماتے	۱۴۹
آپ ﷺ نے چپاتی نہیں کھائی	۱۵۰
آپ ﷺ نے بے چھنا آٹا استعمال فرمایا	۱۵۱
کھانے میں عیب نہ نکالنا	۱۵۲
مؤمن ایک اور کافر سات انتڑیوں سے کھاتا ہے	۱۵۳
دو کا کھانا تین کے لئے کفایت کرنے والا ہے	۱۵۷
کھانے میں کفایت کا تذکرہ	۱۵۸
بیمار کے لئے راحت رساں کھانا	۱۵۹
کدو کا سالن آپ ﷺ کو پسند تھا	۱۶۰
بکری کے شانے کا گوشت	۱۶۲
شہد کی پسندیدگی	۱۶۳
سرکہ بہترین سالن	۱۶۴
پیلو کا پھل کھانا	۱۶۷
کچھ کھاتے ہوئے کولہے زمین پر رکھ کر بیٹھنا	۱۶۹
بلا اجازت دو کھجوریں ملا کر نہ کھاؤ	۱۷۰
کھجور والا گھر بھوکا نہیں	۱۷۱
عجوہ کھجور زہر کا علاج	۱۷۲
مقام عالیہ کی عجوہ شفاء والی ہے	۱۷۳
ایک ایک ماہ تک کھجور و پانی پر گزارا	۱۷۴
مسلسل دو دن بھی گندم کی روٹی نہ کھائی	۱۷۵
دو سیاہ چیزیں	//
تعیش آپ ﷺ کو پسند نہ تھا	۱۷۶
لہسن والے کھانے کی واپسی	۱۷۷
کچے پیاز و لہسن کے استعمال کا پسند نہ فرمانا	۱۷۸
کھانا تولنا برکت کا باعث	۱۸۰
کھانے کی دُعا	۱۸۱
شکر گزار اللہ تعالیٰ کو پسند	۱۸۴
بسم اللہ سے کھانے میں برکت اور نہ پڑھنے سے بے برکتی	۱۸۵
بھولنے والا بسم اللہ اولہ و آخرہ کہہ لے	۱۸۶
اللہ تعالیٰ کے نام کی وجہ سے شیطان کا قے کر دینا	۱۸۹
کھانے کے اختتام کی دعا	۱۹۰
شکر گزار کا مرتبہ صابر کے برابر	۱۹۱
پانی پینے کی دُعا	۱۹۲
وضو سے کھانے میں برکت	//
وجوب وضو حدث کے بعد	۱۹۴
درمیان میں برکت اُترتی ہے	۱۹۵
تکیہ لگا کر مت کھاؤ	۱۹۶
آگ سے پکی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا	۱۹۷
دستی کی پسندیدگی	۱۹۸
گوشت چھری سے کاٹ کر کھانا عجمی تہذیب	۱۹۹
چقندر کا حریرہ	۲۰۰
کھرچن آپ ﷺ کو پسند	۲۰۳
پیالے کا استغفار کرنا	۲۰۴
کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کی تاکید	۲۰۵
ثرید و حیس کی پسندیدگی	۲۰۶
روغن زیتون ایک مبارک روغن	//

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
خشک روٹی اور سرکے کا استعمال	۲۰۷
جَو کی روٹی کھجور سے تناول فرمائی	۲۰۹
دِل کی بیماری کا آسان علاج	۲۱۰
تربوز و کھجور کا استعمال	۲۱۲
کیڑے سے کھجور نجس نہیں ہوتی	//
چھری سے پنیر کا ٹنا درست ہے	۲۱۳
تین اشیاء کا حکم	۲۱۴
گھی کی چوری کی خواہش	۲۱۵
کچے لہسن کی ممانعت	۲۱۷
پکی ہوئی پیاز کا حکم	//
کھجور و مکھن کا استعمال	۲۱۸
مختلف رنگ کھانے ہر جانب سے کھا سکتے ہیں	۲۱۹
حساء غمزدہ دِل کا علاج	۲۲۰
کھجور کی افضل ترین قسم عجوہ	۲۲۱
بھنا گوشت استعمال فرمانا	۲۲۲
شیطان کی چال	۲۲۶
زیادہ کھانا بے برکتی کا باعث ہے	۲۲۸
نمک بہترین سالن	//
جوتے نکال کر کھانا کھاؤ	۲۲۹
حرارت کا جوش کم ہونے پر کھانا کھاؤ	//
پیالہ دُعا گو	۲۳۰
بَابُ الضِّیَافَةِ	۲۳۳
ضیافت کا بیان	//
اکرام مہمان علامت ایمان	//
مہمان بلا استدعا تین دن سے زیادہ نہ ٹھہرے	۲۳۶
مہمان کا حق میزبانی پر	۲۳۷
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابوالہیثم کے باغ میں	۲۳۸
مہمان کی مہمانی میزبان پر حق	۲۴۶
مہمانی نہ کرنے والے کا حکم	۲۴۸
سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا والہانہ عمل	//
مؤمن کی عجیب مثال	۲۵۱
غراء پیالے کا تذکرہ	۲۵۲
مل کر کھانے کی برکت	۲۵۳
اس قسم کی نعمتوں کا سوال ہوگا	۲۵۵
دسترخوان کا ادب	۲۵۷
لوگوں کے ساتھ کھانے میں شرکت	۲۵۸
جھوٹ و بھوک جمع نہ کرو	۲۵۹
مہمان کے ساتھ مشایعت	۲۶۰
میزبان کے گھر میں برکت کا جلد نزول	۲۶۱
بَابٌ (فی اکل المضطر)	۲۶۲
مردار کھانا کب درست ہوتا ہے	//
اضطرار کی حالت	۲۶۵
بَابُ الْاَشْرِبَةِ	۲۷۱
مشروبات کا بیان	//
تین سانس سے پانی پیا جائے	//
مشک سے مُنہ لگا کر مت پیو	۲۷۳
مشک کے مُنہ سے پینے کی ممانعت	۲۷۴
کھڑے ہو کر نہ پیو	۲۷۵
کھڑا ہو کر پینے والے پر زجر	۲۷۶
زمزم کھڑے ہو کر پیا	۲۷۷
وضو کا بچا پانی کھڑے ہو کر پینا	//
ابوالہیثم کے ہاں مہمانی	۲۸۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
چاندی کے برتن میں پینے والا آگ پیتا ہے	۲۸۲
ریشم اور سونے و چاندی کے برتن کی ممانعت	۲۸۳
دودھ میں ٹھنڈا پانی ڈال کر نوش فرمایا	۲۸۵
دائیں جانب والے کا حق مقدم	۲۸۷
کھڑے ہو کر ضرورۃً پی سکتے ہیں	۲۸۹
کھڑے بیٹھے پینے کی اباحت	۲۹۰
پانی میں پھونک کی ممانعت	//
پانی دو تین سانس میں پیو	۲۹۱
پانی میں پھونک کی ممانعت	۲۹۲
پیالے کے سوارخ سے پانی پینے اور پھونک کی ممانعت	۲۹۳
لٹکی مشک سے آپ کا پانی پینا	//
ٹھنڈی میٹھی چیز کی پسندیدگی	۲۹۴
کھانے کی دُعا	۲۹۵
سقیاء کا پانی نوش فرمانا	۲۹۶
سونے کے برتن میں پینے والا پیٹ میں آگ بھرنے والا ..	۲۹۷
بَابُ النَّقِيعِ وَالْأَنْبِذَةِ	۲۹۹
نقیع اور نبیذوں کے بیان میں	//
پانی، شہد، نبیذ اور دودھ کا استعمال	۳۰۰
مشک میں نبیذ بنانا	//
نبیذ کا استعمال تین دن سے پہلے پہلے	۳۰۱
پتھر کے برتن میں نبیذ	۳۰۲
چار ممنوعہ برتن	۳۰۳
حلت و حرمت کا دارومدار برتن پر نہیں	۳۰۴
شراب کو اور نام سے پینے والے	۳۰۵
نفرت دلانے کے لئے روغنی گھڑے میں نبیذ کی ممانعت ...	۳۰۶
بَابُ تَغْطِيَةِ الْأَوَانِيْ وَغَيْرِهَا	۳۰۷
برتنوں وغیرہ کو ڈھانکنے کا بیان	//
رات کے وقت اللہ کا نام لے کر برتنوں کو ڈھانک دو	//
ڈھانک کر دودھ لاتے	۳۱۲
آگ کے متعلق خبردار فرمانا	۳۱۳
آگ تمہاری دشمن ہے	۳۱۴
کتوں، گدھوں کی آواز پر اعوذ باللہ پڑھو	۳۱۵
چوہے کی شیطانی	۳۱۷
كِتَابُ اللِّبَاس	۳۱۸
لباس کا بیان	//
حبرہ کی پسندیدگی	//
تنگ آستین والے جبے کا استعمال	۳۲۰
وفات کے وقت پیوند والی چادر	۳۲۳
جناب رسول اللہ ﷺ کا چمڑے والا بچھونا	۳۲۴
چمڑے کا تکیہ	//
دوپہر کو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں آمد	۳۲۵
تین بستر کفایت کرنے والے ہیں	//
لمبی ازار والا نظر رحمت سے محروم	۳۲۷
تکبر سے چادر گھسیٹنے والا رحمت سے محروم	//
متکبر کی فوری پکڑ	۳۲۸
آگ میں جلنے والے تختے	۳۲۹
بائیں ہاتھ سے بلا مجبوری کھانے کی ممانعت	۳۳۰
ریشم پہننے والا آخرت کے ریشم سے محروم	۳۳۱
دُنیا میں ریشم والا آخرت کے ریشم سے محروم	۳۳۲
ریشم و سونے چاندی کے برتنوں کی ممانعت	۳۳۳
ریشمی کپڑا عورتوں کے لئے درست ہے	۳۳۴
مرد کے لئے ریشمی پٹی کی اجازت	۳۳۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
طیلسانی وکروانی جبہ کا استعمال	۳۳۶
مریض کے لئے ریشم کی اجازت	۳۳۸
کسم سے رنگے کپڑے مردوں کو جائز نہیں	۳۳۹
قمیص کی پسندیدگی	۳۴۲
آستین گٹے تک	۳۴۳
دائیں طرف سے پہننے کی ابتدا	۳۴۴
نصف پنڈلی تک تہبند	//
ہر کپڑے میں درازی منع ہے	۳۴۶
سر سے ملی ہوئی ٹوپی کا استعمال	//
عورت کو ازار کی درازی میں مبالغہ نہ کرنا چاہئے	۳۴۷
گھنڈی دار قمیص کا استعمال	۳۴۸
سفید کپڑے کی محبوبیت	۳۵۱
پگڑی کا شملہ مونڈھوں کے مابین	۳۵۳
دو شملوں والی پگڑی	۳۵۴
پگڑی کے نیچے ٹوپی	۳۵۵
مردوں کے لئے ریشم و سونے کی حرمت	۳۵۸
کپڑا پہننے کی دعا	۳۵۹
کھانا کھانے کی دعا	۳۶۱
مسافر کے توشہ پر دُنیا میں اکتفاء	۳۶۲
کپڑے کی بوسیدگی اور ترکِ دُنیا' علامتِ ایمان	۳۶۳
شہرت کے کپڑے کی مذمت	۳۶۴
غیروں سے مشابہت کی ممانعت	۳۶۵
تواضع کے تقاضے	۳۶۶
نعمتوں کا اثر لباس میں نظر آنا چاہئے	۳۶۷
میلے کپڑے اور پراگندہ حالت کی ناپسندیدگی	۳۶۸
مال و نعمت کا اثر جسم پر نظر آنا چاہئے	۳۶۹
سرخ کپڑے کی ناپسندیدگی	۳۷۰
سرخ زین اور کسم کے رنگے کپڑے کی مذمت	۳۷۱
دس ممنوعات	۳۷۳
سونے کی انگوٹھی کی ممانعت	۳۷۵
ریشمی زین پوش اور چیتے کے چمڑے پر سواری کی ممانعت	۳۷۶
سرخ زین پوش کی ممانعت	۳۷۷
قطری کپڑے بدن پر بھاری تھے	۳۷۹
سرخ چادر کا استعمال	۳۸۱
قبطی کپڑا عورتوں کے استعمال کے لئے	۳۸۲
اوڑھنی کے استعمال کا طریقہ	۳۸۳
حکم نبوی ﷺ پر عمل کی شاندار مثال	۳۸۴
غیر اختیاری طور پر چادر لٹک جانے کا حکم	۳۸۵
اتباع کا نمونہ	۳۸۶
پگڑیاں فرشتوں کا لباس	//
باریک کپڑے کی ممانعت	۳۸۷
کپڑا پہننے کی دُعا	//
ایک اور دُعا اور پرانے کپڑے کا حکم	۳۸۸
باریک اوڑھنی کا پھاڑ ڈالنا	۳۸۹
قطری کُرتہ کا استعمال	//
ناپسندیدہ کپڑے بیچنے کا حکم	۳۹۰
خالص ریشمی کپڑا ممنوع ہے	۳۹۱
"خز" کی شال کا استعمال	۳۹۲
اسراف و تکبر سے بچنے کا حکم	۳۹۳
ضرورت کا کھانے اور پہننے کا حکم	۳۹۴
سفید کپڑا بہترین لباس	//
بَابُ الْخَاتَمِ	۳۹۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
انگوٹھی پہننے کا بیان	//	پاپوش کے دو تسمے	۴۲۵
سونے کی انگوٹھی کا پھینکنا	//	مرد پاپوش کے ساتھ سوار کی طرح ہے	۴۲۶
قرآن رکوع میں نہ پڑھا جائے	۳۹۷	دایاں پاؤں پہننے میں پہلے اور اُتارنے میں آخر میں ہو	۴۲۷
سونے کی انگوٹھی پہننے والا آگ کی انگشتری پہنتا ہے	۳۹۸	ایک جوتے کے ساتھ چلنے کی ممانعت	۴۲۸
مہر کے طور پر انگوٹھی استعمال کرنے کا جواز	۳۹۹	ایک موزہ میں نہ چلا جائے	۴۳۰
نگینہ و انگوٹھی دونوں چاندی سے تھے	۴۰۱	دو تسموں والا پاپوش	۴۳۲
انگوٹھی بائیں چھنگلیاں میں	۴۰۶	کھڑے ہو کر جوتا نہ پہنو	//
درمیانی اُنگلی میں انگوٹھی نہ پہنی جائے	//	نادر احوال میں ایک جوتے کا استعمال	۴۳۳
آپ ﷺ نے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی ہے	۴۰۷	پاپوش نکال کر پہلو کی جانب رکھے	//
دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا	//	سیاہ موزے کا استعمال	۴۳۴
مردوں پر سونا اور ریشم حرام ہے	۴۰۸	بَابُ التَّرَجُّلِ	۴۳۵
چیتے کی کھال اور سونے کے استعمال کی ممانعت	//	کنگھی کرنے کا بیان	//
پیتل کے علاوہ تمام انگوٹھیوں کی ممانعت	۴۰۹	سر کے بالوں میں کنگھی کا استعمال	//
دس ناپسندیدہ اشیاء	۴۱۱	پانچ امورِ فطریہ	۴۳۶
گھنگرو شیطان کی جرس (گھنٹی) ہے	۴۱۴	ڈاڑھی بڑھاؤ مونچھیں کٹاؤ	۴۴۰
چھوٹے بچوں کے لئے بھی گھنگرو کا استعمال درست نہیں ..	۴۱۵	چالیس دن کے اندر اندر چار کام انجام دو	۴۴۱
سونے کی مصنوعی ناک درست ہے	۴۱۶	سیاہ رنگ کے علاوہ خضاب کرو	۴۴۲
آگ کا کنگن	۴۱۷	سیاہ رنگ کے خضاب سے بچو	۴۴۳
آگ کا ہار اور بالی	۴۱۸	وحی سے قبل اہل کتاب کی موافقت کا حکم جس میں امکان	
چاندی پر قناعت کرو	۴۱۹	تحریف نہیں	۴۴۴
آخرت کا زیور چاہتے ہو تو دُنیا میں مت پہنو	۴۲۰	قزع (انگریزی بالوں) کی ممانعت	۴۴۶
انگوٹھی کا پھینکنا	//	تمام سر مونڈ دو یا تمام چھوڑ دو	۴۴۷
سونے کا زیور لڑکے کو مکروہ تحریمی ہے	۴۲۲	مخنثوں پر لعنت فرمائی	۴۴۸
بَابُ النِّعَالِ	۴۲۴	مردوں سے مشابہت کرنے والی عورتوں پر لعنت	۴۴۹
پاپوش کا بیان	//	بال ملانے اور ملوانے والی عورتیں لعنت کی حقدار ہیں	۴۵۰
پاپوش بغیر بالوں کے تھا	//	زبانِ نبوت سے چار ملعون عورتیں	//

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
نظر لگنا برحق ہے	۴۵۲
سفر میں بالوں کی حفاظت کیلئے تلبید جائز ہے	۴۵۳
مرد کو جسم پر زعفران ملنا جائز نہیں	۴۵۴
ڈاڑھی اور سر میں [illegible] چمک	۴۵۵
اَگر اور کافور کی دُ [illegible]	۴۵۶
سب سے پہلے لبیں [illegible] والے خلیل اللہ علیہ السلام ہیں	//
لبیں کٹوانا ضروری ـ	۴۵۷
ڈاڑھی کو طول وعرض سے [illegible] نا	//
خلوق مرد کیلئے درست نہیں	۴۵۸
خلوق لگانے والے کی نماز قبول نہیں	۴۵۹
حکم شرع کی خلاف ورزی پر سلام کا جواب نہ دیا	//
مرد کی خوشبو	۴۶۰
مرکب خوشبو کا استعمال جائز ہے	۴۶۱
کثرت سے تیل کا استعمال	۴۶۲
چار گیسوئے مبارک	۴۶۴
سر کی چوٹی پر مانگ	۴۶۵
ایک دن چھوڑ کر کنگھی کرنا	
کبھی ننگے پاؤں بھی چلنا چاہیے	۴۶۶
بالوں کا اکرام کرو	۴۶۸
مہندی ووسمہ بڑھاپے کو متغیر کرنے والا	//
سیاہ خضاب پر وعید	۴۷۰
ڈاڑھی پر ورس کی زردی لگانا	۴۷۱
زرد خضاب کی پسندیدگی	۴۷۳
خضاب کے ذریعے یہود کی مخالفت	۴۷۳
بڑھاپا نورانیت کا باعث ہے	۴۷۴
اسلام میں بوڑھا ہونے والے کیلئے بڑھاپا نور	۴۷۶

عنوان	صفحہ
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال جمہ سے اُوپر تھے	۴۷۷
خریم رضی اللہ عنہ کا جذبۂ اتباع	۴۸۰
انس رضی اللہ عنہ کے بالوں کا پیار سے پکڑنا	۴۸۱
سر کے تمام بال مونڈھنا	۴۸۲
ختنہ میں مبالغہ نہ کرو	۴۸۳
مہندی کی بو کو ناپسند فرمانا	۴۸۴
عورت کیلئے مہندی کی تاکید	۴۸۵
عورت کے ہاتھ کی علامت مہندی ہے	//
تین ملعون عورتیں	۴۸۶
مردوں کا لباس پہننے والی عورت پر لعنت	۴۸۷
مردوں سے مشابہت کرنے والی عورتوں پر لعنت ہے	۴۸۸
کپڑے کا زائد پردہ لٹکانے پر ناراضی	//
اثمد سرمہ آنکھوں کی صحت کا باعث ہے	۴۹۲
دوائی میں چار چیزیں بہترین	۴۹۵
عورتیں حمامات میں داخل نہ ہوں	۴۹۷
حجاب کو شق کرنے والی عورت	۴۹۸
حمام میں بغیر تہبند داخل ہونے کی ممانعت	۴۹۹
مؤمن اپنی عورت کو حمام میں نہ جانے دے	۵۰۰
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیاہ) خضاب استعمال نہیں کیا	۵۰۱
ڈاڑھی پر زردی کے چھینٹے ڈالنا	۵۰۲
رنگین بال باعث برکت	۵۰۳
مخنث کا مدینہ منورہ سے اخراج	۵۰۴
خلوق کی وجہ سے سر پر ہاتھ نہ پھیرنا	۵۰۵
بالوں کے احترام کا حکم	//
دو گیسو جائز ہیں	۵۰۶
عورت کا سر منڈوانا ناجائز ہے	۵۰۷

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سر کے بالوں کو شیطان کی طرح پراگندہ مت کرو	۵۰۸
اللہ تعالیٰ کو پاکیزگی پسند ہے	//
بڑھاپا وقار ہے	۵۱۰
بَابُ التَّصَاوِيرِ	۵۱۲
تصاویر کا بیان	//
فرشتوں کی برکات سے محروم رکھنے والے "کتا اور تصویر"	//
جبرئیل علیہ السلام کے گھر میں نہ آنے کا باعث کتا اور تصویر	۵۱۴
تصویر والی چیز کا توڑنا	۵۱۵
تصویر کی وجہ سے چہرہ مبارک پر ناراضی	۵۱۶
تصویر والے پردے کو پھاڑ دیا	۵۱۸
پتھر و مٹی کو کپڑے نہ پہناؤ	۵۱۹
تخلیق الٰہی سے مشابہت کرنے والوں پر عذاب	۵۲۰
تصویر بنانے والا بڑا ظالم ہے	//
سب سے بڑھ کر عذاب کے حقدار	۵۲۱
تصویر کش دوزخ میں	۵۲۳
جھوٹے خواب بیان کرنے کی سزا	۵۲۴
چوسر باز سؤر کے خون میں ہاتھ ڈبونے والا ہے	۵۲۶
تصاویر کے سر کاٹ ڈالو	۵۲۷
آگ کی گردن تین آدمیوں کیلئے	۵۲۹
ڈھول، شراب اور جوا حرام ہیں	۵۳۰
غبیراء شراب حرام ہے	۵۳۱
کبوتر باز شیطان ہے	۵۳۲
جاندار کی تصویر کا کاروبار حرام ہے	//
نیکوں کی تصاویر لگانے والے بدترین خلق	۵۳۴
شدید عذاب کے مستحق پانچ افراد	۵۳۵
شطرنج جوا ہے	۵۳۶
شطرنج کھیلنے والا خطاکار	//
شطرنج باطل کھیل	۵۳۷
بلّی درندہ ہے	۵۳۸
كِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰى	۵۴۰
طب اور منتروں کا بیان	//
ہر مرض کا علاج ہے	۵۴۱
ہر بیماری کا علاج ہے	۵۴۲
تین اسباب شفاء	۵۴۴
داغنے سے معالجہ	۵۴۵
رگ ہفت اندام کو داغ دینا	۵۴۶
زخم کو داغنا	//
کلونجی باعثِ شفا ہے	۵۴۷
شہد شفاء ہے	۵۴۸
بہترین ادویہ سینگی و قسط	۵۵۱
گلے کا آجانا۔ ذات الجنب کا نبوی علاج	۵۵۲
صفراوی بخار کا علاج	۵۵۵
تین چیزوں کا دَم سے علاج	۵۵۸
نظر بد کا دم	۵۶۰
اثرات نظر کا علاج	۵۶۱
جائز دَم کی اجازت	۵۶۲
درست کلمات سے دَم کی اجازت	//
منظور کا علاج وضو کے پانی سے	۵۶۳
بڑھاپے کے علاوہ ہر بیماری کا علاج	۵۶۴
مریض کو اللہ تعالیٰ کھلاتے ہیں	۵۶۵
سرخ بادہ میں داغنا	۵۶۶
زیت و قسط نمونیا کا علاج	//
زیتون و ورس سے نمونیا کا علاج	۵۶۷
سناء کا مسہل مفید ہے	۵۶۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام سے علاج مت کرو	۵۷۰
خبیث دواء کی ممانعت	//
دموی سر درد کا علاج	۵۷۱
زخم پر مہندی لگاؤ	۵۷۲
کندھوں کے درمیان سینگی لگوانا	۵۷۳
موچ کا علاج سینگی سے	//
فرشتوں کا قول سینگی لگواؤ	۵۷۴
مینڈک کے علاج میں استعمال کی ممانعت	۵۷۵
سینگی کی خاص تاریخیں	۵۷۶
تین میں سے ایک تاریخ کو لگواؤ	۵۷۷
ہر مرض سے حفاظت کا نسخہ	//
منگل کے دن سینگی کی ممانعت	//
بدھ اور ہفتہ کے دن سینگی کی ممانعت	۵۷۸
ہر مرض کا عادی سبب	۵۷۹
بہتی آنکھ کا دَم	۵۸۰
نشرہ بیماری شیطانی حرکت کا نتیجہ ہے	۵۸۳
حرام ومشتبہ سے بچا جائے	//
دَم کمال توکل کے خلاف ہے	۵۸۵
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تمائم سے پرہیز کرتے تھے	۵۸۶
دَم تو دو چیزوں کا	۵۸۸
نظر بد، زہر، خون کے لئے دم	//
اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کر سکتی تو وہ نظر ہوتی	۵۸۹
غلہ کا دَم حفصہ رضی اللہ عنہا کو سکھاؤ	۵۹۰
سہل کو نظر بد کا لگنا	۵۹۲
معوذتین کی فضیلت	۵۹۵
مغربون یا شیاطین کے چیلے	//
بدن کا حوض	۵۹۷
بچھو پہ خدا کی مار ہو	۵۹۸
مُوئے مبارک کی برکات	۵۹۹
کھنبی مَن کی قسم ہے	۶۰۰
نہار منہ شہد کی تاثیر	۶۰۳
دو شفائیں لازم پکڑو	//
ازالۂ زہر کے لئے سر پر سینگی	۶۰۴
نہار مُنہ سینگی زیادہ مفید ہے	۶۰۶
سترہ تاریخ منگل کو سینگی کا اثر	۶۰۸
بَابُ الْفَالِ وَالطِّيَرَةِ	۶۰۹
فال نکالنے اور شگون (وغیرہ) کا بیان	//
بدشگونی سے بچو	۶۱۰
بدفالی وہامہ بے حقیقت ہے	۶۱۱
پہلے اُونٹ کو خارشی کس نے بنایا؟	۶۱۴
انواء کا بارش میں کچھ دخل نہیں	۶۱۵
بھوت پریت کی کچھ حقیقت نہیں	۶۱۶
کوڑھی کو لوٹنے کا حکم	۶۱۷
اچھے نام سے اچھا گمان	۶۱۸
تین مشرکانہ رسوم	//
بدفالی مشرک کی ایک عادت ہے	۶۲۰
کوڑھی کو ساتھ کھلانا	۶۲۱
اِن میں نحوست نہیں	۶۲۳
اچھے فال کی حقیقت	//
اچھے نام کو سن کر آپ ﷺ کی مسرت	//
ترکِ مقام کا حکم	۶۲۷
ازالۂ وساوس کے لئے وبائی علاقہ چھوڑ دو	۶۲۸
ناپسند چیز کو دیکھ کر یہ دُعا کرے	۶۲۹
بَابُ الْكَهَانَةِ	۶۳۱

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہانت کا بیان	//	سونے کے کنگن کی تعبیر	۶۷۲
شگون تمہیں کام سے مانع نہ بنے	//	چشمہ کی تعبیر نیک عمل کا جاری رہنا	۶۷۴
اُچکا ہوا کلمہ حق	۶۳۲	مختلف برے اعمال کی سزاؤں کا خواب میں دکھایا جانا	//
کاہنوں کی کسی بات کے سچے ہونے کی وجہ	۶۳۵	جب تک تعبیر نہ ہو خواب پرندے کے پَر پر ہوتا ہے	۶۷۷
عراف کے پاس جانے والے کی چالیس روز نماز نامقبول .	۶۳۶	ورقہ کو سفید لباس میں دیکھنا	۶۷۸
کفر کی حالت میں صبح کرنے والے	۶۳۷	ابوخزیمہ رضی اللہ عنہ کا عجیب خواب	۶۷۹
بارش کے سبب کفرانِ نعمت	۶۳۹	جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طویل خواب	//
نجوم جادو کا حصہ ہے	//	جھوٹے خواب کا انجام	۶۸۵
وحی کے تین منکر	۶۴۰	سچا خواب سحری کے وقت	۶۸۶
ساحر کی سچی بات کی حقیقت	۶۴۱	كِتَابُ الْأَدَابِ	۶۸۷
ستارا کسی کی موت وحیات سے نہیں ٹوٹتا	۶۴۵	آداب کا بیان	//
ستاروں کے تین مقاصد	۶۴۸	بَابُ السَّلَام	//
کاہن جادوگر ساحر کا حکم رکھتا ہے	۶۴۹	سلام کا بیان	//
المجدح کی طرف بارش کی نسبت حرام ہے	۶۵۰	آدم علیہ السلام کا سلام	۶۸۸
كِتَابُ الرُّؤْيَا	۶۵۲	مسلمانوں کے اچھے خصال	۶۹۱
خوابوں کا بیان	//	مسلمان کے چھ حقوق	۶۹۲
مبشراتِ مؤمن	۶۵۳	سلام کو عام کرو تو محبت بڑھے گی	۶۹۳
اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے	۶۵۴	پیدل چلنے والا بیٹھنے والے کو سلام کرے	۶۹۵
شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا	۶۵۶	چھوٹا بڑے کو سلام کرے	۶۹۶
خواب میں مجھے دیکھنے والے نے مجھے ہی دیکھا	۶۶۰	اہلِ کتاب کو سلام میں پہل نہ کرو	۶۹۷
خواب میں دیکھنے والا عالم برزخ میں بیداری میں دیکھ لے گا	//	یہود کے جواب میں صرف وعلیک کہو	۶۹۹
اچھے خواب خیرخواہ کو بتلائے	۶۶۱	یہود کے جواب کا طریقہ	۷۰۰
ناپسندیدہ خواب کا حل	۶۶۲	اللہ تعالیٰ نرمی والے کو اور نرمی کو پسند کرنے والے ہیں	۷۰۲
مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں	۶۶۳	مشترک مجلس میں مسلمان کی نیت سے سلام کرو	۷۰۴
خواب میں شیطان کا کھیلنا	۶۶۷	راستے کے پانچ حقوق	//
ترکھجور کی تعبیر	۶۶۸	راستے کا ایک اور حق	۷۰۵
کھجوروں والا مقام اور تلوار کی دھار کے کند ہونے کی تعبیر .	۶۶۹	مظلوم کی مدد بھی راستہ کا حق ہے	۷۰۶

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمان کے چھ حقوق	۷۰۷	ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو خصوصی اجازت	۷۴۲
تین آنے والے اور نیکیاں پانے والے	۷۰۸	کس کے سوال پر نام بتلایا جائے	۷۴۴
معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت سلام پر بعض الفاظ کا اضافہ	۷۰۹	اصحاب صفہ اور دودھ کا پیالہ	۷۴۵
سلام میں پہلے قرب میں پہلے	۷۱۰	سلام کے بغیر داخل ہونے والے کے سلام کا طریقہ	۷۴۶
عورتوں کو سلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت	۷۱۱	قاصد کے ساتھ آنا خود اجازت ہے	۷۴۷
جماعت میں ایک کا سلام اور ایک کا جواب کافی ہے	//	دروازے کے سامنے کھڑے نہ ہوں	۷۴۸
اہل کتاب سے مشابہت اختیار نہ کرو	۷۱۳	ماں کے ہاں بھی داخلہ کی اجازت	۷۴۹
ہر ملاقات میں سلام کیا جائے	۷۱۴	اجازت کا ایک انداز	۷۵۰
گھر والوں کو سلام کرو	۷۱۶	سلام کہنے والے کو داخلہ کی اجازت	//
گھر والوں کو سلام گھر کے لئے باعث برکت ہے	۷۱۷	بَابُ الْمُصَافَحَةِ وَالْمُعَانَقَةِ	۷۵۲
سلام کلام سے پہلے ہے	//	مصافحہ (ہاتھ ملانا) اور معانقہ (گلے ملنے) کا بیان	//
جاہلیت کے سلام کی ممانعت	۷۱۸	کس سے مصافحہ جائز ہے؟	۷۵۳
دوسرے کے سلام کا جواب کیونکر......؟	۷۱۹	ثبوت مصافحہ اولاد کو چومنا	۷۵۵
خط کی ابتدا کا طریقہ	۷۲۰	مصافحہ کا عظیم فائدہ	۷۵۷
خط پر مٹی ڈالنا	۷۲۱	جھکنے کی بجائے مصافحہ	۷۵۸
قلم کان پر	۷۲۲	مصافحہ سلام کی تکمیل ہے	۷۵۹
زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا پندرہ روز میں عبرانی پر عبور	۷۲۳	زید رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا انداز	۷۶۰
مجلس میں آتے جاتے سلام	۷۲۵	معانقہ مباح ہے	۷۶۱
کسی کا بوجھ اُٹھوانا بھی راستہ کا حق ہے	۷۲۶	عکرمہ کو مہاجر راکب کا خطاب	۷۶۲
آدم علیہ السلام کا فرشتوں کو سلام	۷۲۷	انصاری کا محبت سے چمٹنا	۷۶۲
عورتوں کو سلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت	۷۳۵	جعفر رضی اللہ عنہ کے ماتھے پر بوسہ	۷۶۵
حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فقط سلام کے لئے بازار جاتے	۷۳۶	مجھے آمد جعفر کی زیادہ خوشی ہے یا فتح خیبر کی	۷۶۶
سلام میں بخل والا سب سے بڑا بخیل ہے	۷۳۷	وفد عبدالقیس کی آمد	۷۶۷
سلام میں پہل والا تکبر سے بری ہے	۷۳۸	جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹی سے طرز شفقت	۷۶۸
بَابُ الْاِسْتِیْذَانِ	۷۳۹	صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بیٹی رضی اللہ عنہا سے انداز شفقت	//
اجازت حاصل کرنے کا بیان	//	اولاد دو بخل و بزدلی کا باعث ہے	۷۶۹
تین مرتبہ سلام کا جواب نہ آئے تو واپس لوٹ آؤ	۷۴۰	بچوں کو گلے لگانا	۷۷۱

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہدیہ باہمی محبت کا باعث ہے	۷۷۲
مصافحہ کا اُخروی فائدہ	۷۷۳
بَابُ الْقِیَامِ	۷۷۴
کھڑے ہونے کا بیان	//
سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا اکرام	۷۷۵
مجالس میں توسیع کرو	۷۷۶
جگہ سے اُٹھنے والا لوٹنے پر جگہ کا زیادہ حقدار ہے	۷۷۷
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تھے	۷۷۸
لوگوں کے استقبال کا خواہش منداپنا ٹھکانہ جہنم بنا لے	۷۷۹
تعظیم کے لئے کھڑا ہونا فعلِ عجم ہے	۷۸۰
اپنی جگہ لوٹنا ہو تو علامت رکھیں	۷۸۲
دو بیٹھنے والوں کے درمیان مت گھسے	۷۸۳
پہلے سے بیٹھنے والوں میں بلا اجازت جدائی نہ ڈالو	۷۸۴
رخصت کرنے کے لئے کھڑا ہونا	//
مسلمان کے لئے جگہ چھوڑ دے	۷۸۵
بَابُ الْجُلُوسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ	۷۸۶
بیٹھنے' لیٹنے' سونے اور چلنے کا بیان	//
گوٹ مار کر بیٹھنا جائز ہے	//
چت لیٹنے کی اباحت	۷۸۸
چت لیٹے پاؤں پر پاؤں رکھنے کی ممانعت	//
ستر کے کھل جانے کا خطرہ ہو تو	۷۸۹
خودپسندی کی فوری سزا	//
بائیں پہلو پر تکیہ لگانے کی اجازت	۷۹۰
پنڈلیوں کے گرد ہاتھوں کا حلقہ بنانے کا ثبوت	۷۹۱
قرفصاء کی حالت کا جواز	//
چہار زانو ہو کر بیٹھنا	۷۹۳
دورانِ سفر سونے کی مختلف کیفیات	۷۹۴
مسجد سر مبارک کے قریب ہوتی	۷۹۵
اوندھا لیٹنے سے اظہار نفرت	۷۹۶
اُلٹا لیٹنا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے	۷۹۷
جس چھت کی منڈیر نہ ہو اس پر سونے کی ممانعت	۷۹۸
بلا منڈیر چھت پر سونا منع ہے	۷۹۹
حلقہ کے درمیان میں بیٹھنا باعث لعنت ہے	//
کشادہ مجلس قابل تعریف ہے	۸۰۰
متفرق بیٹھنے کو ناپسند فرمایا	۸۰۱
کچھ دھوپ اور کچھ چھاؤں میں بیٹھنا شیطانی بیٹھک ہے	//
عورتوں کو مردوں سے پیچھے چلنے کا حکم	۸۰۳
مرد' عورتوں کے درمیان نہ چلے	۸۰۴
مجلس میں جہاں جگہ پائے وہیں بیٹھ جائے	//
اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والا بیٹھنا	۸۰۵
آگ والوں کا لیٹنا	۸۰۶
بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ	۸۰۷
چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان	//
جمائی ناپسند ہے	۸۱۰
چھینک کا جواب	۸۱۱
الحمدللہ کہنے والا مستحق جواب ہے	۸۱۲
الحمدللہ نہ کہنے پر جواب نہ دو۔ زیادہ چھینکنے کا جواب	۸۱۳
جمائی کے وقت شیطان کا منہ میں داخلہ	۸۱۵
چھینک کے وقت کپڑے سے منہ ڈھانپنا	۸۱۶
چھینک کا مکمل جواب۔ یہودی کی چھینک کا جواب	۸۱۸
چھینک پر سلام علیکم کہنے والے کو سرزنش	
چھینک والے کو تین مرتبہ جواب دو	۸۲۱
زکام والے کی چھینک کا جواب لازم نہیں	//
چھینک کے غلط جواب پر ناراضی	۸۲۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الموضوع

الموضوع	صفحہ
كِتَابُ الصَّيدِ وَالذَّبائح	١٧
شکار اور ذبیحوں کا بیان	//
بَابُ ذِكرِ الْكَلبِ	٢٣
کتے سے متعلق احکام کا بیان	//
بَابُ مَا يَحِلُّ اَكْلُهٗ وَمَا يَحْرُمُ	٧١
جن جانوروں کا کھانا حلال اور حرام ہے	//
بَابُ الْعَقِيقَةِ	١٢٦
عقیقہ کا بیان	//
كِتَابُ الْاَطْعِمَةِ	١٣٨
خوردونوش کا بیان	//
بَابُ الضِّيَافَةِ	٢٣٣
ضیافت کا بیان	
بَابٌ (فی اکل المضطر)	٢٦٢
مردار کھانا کب درست ہوتا ہے	//
بَابُ الْاَشْرِبَةِ	٢٧١
مشروبات کا بیان	//
بَابُ النَّقِيعِ وَالْاَنْبِذَةِ	٢٩٩
نقیع اور نبیذوں کے بیان میں	//
بَابُ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِي وَغَيْرِهَا	٣٠٧
برتنوں وغیرہ کو ڈھانکنے کا بیان	//
كِتَابُ اللِّبَاسِ	٣١٨
لباس کا بیان	//
بَابُ الْخَاتَمِ	٣٩٥
انگوٹھی پہننے کا بیان	//
بَابُ النِّعَالِ	٤٢٤
پاپوش کا بیان	//
بَابُ التَّرَجُّلِ	٤٣٥
کنگھی کرنے کا بیان	//
بَابُ التَّصَاوِيرِ	٥١٢
تصاویر کا بیان	//
كِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰى	٥٤٠
طب اور منتروں کا بیان	//
بَابُ الْفَالِ وَالطِّيَرَةِ	٦٠٩
فال نکالنے اور شگون (وغیرہ) کا بیان	//
بَابُ الْكِهَانَةِ	٦٣١
کہانت کا بیان	//
كِتَابُ الرُّؤْيَا	٦٥٢
خوابوں کا بیان	//
كِتَابُ الْآدَابِ	٦٨٧
آداب کا بیان	//
بَابُ السَّلَامِ	//
سلام کا بیان	//
بَابُ الْاِسْتِئْذَانِ	٧٣٩
اجازت حاصل کرنے کا بیان	//
بَابُ الْمُصَافَحَةِ وَالْمُعَانَقَةِ	٧٥٢
مصافحہ (ہاتھ ملانا) اور معانقہ (گلے ملنے) کا بیان	//
بَابُ الْقِيَامِ	٧٧٤
کھڑے ہونے کا بیان	//
بَابُ الْجُلُوسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ	٧٨٦
بیٹھنے لیٹنے سونے اور چلنے کا بیان	//
بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ	٨٠٧
چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان	//

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتَابُ الصَّيْدِ وَالذَّبَائِحُ

شکار اور ذبیحوں کا بیان

شرح الالفاظ: ''صید'' مصدر ہے جو ''اصطیاد'' کے معنی میں ہے۔ کبھی اس کا استعمال ''مصید'' پر بھی ہوتا ہے۔ تسمیہ للمفعول بالمصدر کے اعتبار سے۔ ترجمۃ الباب میں یہی معنی مراد لینا مناسب معلوم ہوتا ہے چونکہ ''ذبائح'' کے مقابلہ میں استعمال ہوا ہے۔ ''ذبائح'' ذبیحہ کی جمع ہے بمعنی مذبوح۔

شکار کے احکام

شکار کا مباح ہونا کتاب سنت دونوں سے ثابت ہے۔ امت کا اجماع بھی اسی پر ہے۔ اس کی اصل دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ......﴾[المائدہ:٥:٤] ''اور وہ (شکار) بھی حلال ہے جو تمہارے لئے ان شکاری جانوروں نے پکڑا ہو جن کو تم نے سدھار کھا ہو۔ اور جس (طریق) سے خدا نے تمہیں (شکار کرنا) سکھایا ہے۔ (اس طریق سے) تم نے ان کو سکھایا ہو تو جو شکار وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں اس کو کھا لیا کرو اور (شکاری جانوروں کے چھوڑنے وقت) خدا کا نام لیا کرو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا جلد حساب لینے والا ہے۔'' اس کا عطف ''طیبات'' پر ہو رہا ہے۔ أي أحل لكم صيد ما علمتم۔ ''ما'' شرطیہ ہے اور ''جواب'': فكلوا مما أمسكن عليكم ہے۔

① غیر محرم کیلئے حدودِ حرم سے باہر ہر جگہ شکار کرنا حلال ہے۔

② شکار کئے گئے جانور کا کھانا حلال ہے، بشرطیکہ وہ جانور ماکول الحم ہو۔ حالتِ احرام میں شکار کرنا حرام ہے اور دلیل یہ آیت مبارکہ ہے: ﴿وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا﴾[المائدۃ:٥:٢] اور دوسری جگہ فرمایا: ﴿وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ......﴾[المائدۃ:٥:٩٦] ''اور جنگل (کی چیزوں) کا شکار جب تک تم احرام کی حالت میں ہو تم پر حرام ہے اور خدا سے جس کے پاس تم (سب) جمع کئے جاؤ گے ڈرتے رہو۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ لہولعب کی خاطر شکار کرنا مکروہ ہے۔

④ شکار تیر کے ذریعہ بھی جائز ہے اور سکھائے ہوئے ذی ناب جانوروں کتے، چیتے وغیرہ کے ذریعے بھی جائز ہے۔ کسی "کلب" کے معلم وغیر معلم ہونے کا پتہ یوں چلتا ہے کہ اس کو تین بار شکار پر چھوڑا جائے ایک بار بھی شکار میں سے کچھ بھی نہ کھائے۔

⑤ سکھائے ہوئے ذی مخلب پرندوں: (جیسے باز، شاہین وغیرہ) کا پکڑا ہوا شکار بھی حلال ہے اور ان کے معلم ہونے کی پہچان یہ ہے کہ ان کو عین شکار سے واپس بلایا جائے تو یہ واپس آجائیں۔

⑥ غیر تربیت یافتہ کتے وغیرہ کا مارا ہوا شکار حلال نہیں۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۰۴۶)

⑦ شکار پر کلب معلم چھوڑتے وقت "بسم اللہ اللہ اکبر" کہنا ضروری ہے۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۰۶۴)

⑧ اگر کسی نے شکار پر کلب معلم کو چھوڑتے وقت بھول کر بسم اللہ اللہ اکبر نہیں کہا تو اس صورت میں اس شکار کو کھانا حلال ہوگا۔
(ماخوذ از فوائد حدیث ۴۰۶۴)

⑨ اگر کتا وغیرہ چھوڑتے وقت قصداً بسم اللہ اللہ اکبر نہیں کہا۔ پھر مالک نے کتے کو ڈانٹا۔ کتا جہاں تھا وہیں رک گیا۔ کتے کے رکنے کے بعد اس نے بسم اللہ اللہ اکبر کہا اور اس کے بعد کتے نے شکار کو پکڑ کر مار ڈالا تو وہ شکار حلال نہیں رہے گا۔
(ماخوذ از فوائد حدیث ۴۰۶۴، بحوالہ فتاوٰی قاضی خان)

⑩ اگر سکھاتے ہوئے ذی مخلب جانور نے شکار میں سے کچھ خود کھالیا تو بھی وہ شکار حلال رہے گا۔ اس کو کھانا درست ہے۔

⑪ اگر ذی ناب جانور شکار میں سے کچھ کھالے تو وہ غیر معلم کتے کے حکم میں ہے۔ اس کا کیا ہوا شکار حلال نہیں ہوگا۔ اگر کسی تربیت یافتہ کتے وغیرہ نے شکار میں سے کچھ کھالیا تو وہ بے سیکھے ہوئے کتے کے حکم میں ہے اور وہ شکار بھی حرام ہوگا۔

⑫ اگر کوئی کتا اپنے طور پر جنگل میں جا کر شکار کو مار لائے تو اس کا کھانا حلال نہیں۔ (ماخوذ از فوائد حدیث۔ ۴۰۶۴)

⑬ اگر کسی مجوسی کا کتا شکار مار کے لائے وہ شکار مسلمان کیلئے حلال نہیں۔

⑭ مسلمان کے کلب معلم کے ساتھ اگر کسی غیر مسلم کا کتا شریک ہو جائے اور معلوم ہو نہ کہ شکار کو کس کتے نے مارا ہے۔ تب بھی اس کا کھانا حلال نہیں۔

⑮ اگر کسی نے شکار کو تیر مارا شکار زخمی ہو کر بھاگا اور نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ شکاری نے اس کی جستجو نہیں کی جب بعد میں شکار مرا ہوا ملا تو اس کا کھانا حلال نہیں۔ یا اس پر کسی جانور کے کھانے کا اثر پائے تو اس کو نہ کھائے، ممکن ہے کہ جانور کے حملہ کی وجہ سے اس کی موت واقع ہوئی ہو۔ (ماخوذ از فوائد حدیث۔ ۴۰۶۴)

⑯ اگر کتے نے جانور کا گلہ گھونٹ کر مار دیا تو اس کا کھانا حلال نہیں کیونکہ ذبح اضطراری کیلئے زخمی کرنا شرط ہے۔
(از افادات حدیث: ۴۰۶۴)

⑰ بغیر نوک کے تیر کے ذریعہ شکار کرنے کی صورت میں اگر وہ تیر اس شکار کو اپنی دھار کے ذریعہ مار ڈالے تو وہ حلال ہوگا اور اگر معراض نے اس کو اپنی چوڑائی کے ذریعہ مارا ہے تو وہ حلال نہیں ہوگا۔ (از افادات حدیث: ۴۰۶۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول :

ذبح کے احکام

۴۰۶۴: عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ : قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَإِنْ أَمْسَكَ عَلَيْكَ فَأَدْرَكْتَهُ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَإِنْ أَدْرَكْتَهُ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَإِنْ أَكَلَ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ فَإِنْ وَجَدْتَّ مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهُ وَقَدْ قُتِلَ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي أَيُّهُمَا قَتَلَهُ وَإِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَإِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيْهِ إِلَّا أَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ إِنْ شِئْتَ وَإِنْ وَجَدْتَّهُ غَرِيْقًا فِي الْمَاءِ فَلَا تَأْكُلْ۔ (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۱۰ کتاب الوضوء' باب الماء الذی یغسل به شعر الانسان' و کتاب الذبائح والصید' باب اذا اکل الکلب' ح ۵۴۸۴ و مسلم فی ۳ / ۵۳۱' الحدیث رقم (۱۹۲۹/۶) والترمذی فی السنن ۴ / ۵۶ الحدیث رقم ۱۴۷۰' والنسائی فی ۷ / ۱۸۲' الحدیث رقم ۴۲۶۹' والدارمی فی ۲ / ۱۲۳' الحدیث رقم ۲۰۰۲ وأحمد فی المسند ۴ / ۴۵۶

ترجمه: ''حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''جب تم اپنے کتے کو چھوڑو تو اللہ کا نام لیا کرو (یعنی جب تم سدھائے ہوئے کتے کو شکار پر چھوڑنے کا ارادہ کرو تو اس کو بسم اللہ' اللہ اکبر کہہ کر چھوڑا کرو) اور پھر اگر اس کتے نے تمہارے لئے شکار کو پکڑ لیا ہو اور تم نے اس کو زندہ پایا تو اس کو ذبح کر لو (اگر اس کو قصداً ذبح نہیں کرو گے تو اس کا کھانا حرام ہوگا کیونکہ اس صورت میں وہ مردار ہوگا) اور اگر تم اس شکار کو اس حالت میں پاؤ کہ کتے نے اس کو مار ڈالا ہے لیکن اس نے اس میں سے کچھ کھایا نہیں ہے تو اس (شکار) کو کھاؤ لیکن اگر اس کتے نے اس میں سے کچھ کھا لیا ہے تو پھر تم اس کو نہ کھاؤ کیونکہ (اس صورت میں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ) کتے نے اس شکار کو اپنے لئے پکڑا ہوگا (جو اس بات کی علامت ہوگی کہ کتا سدھایا ہوا نہیں ہے جب کہ اس کتے کا پکڑا ہوا شکار حلال ہے جو سدھایا ہوا ہو) اور اگر تم (شکار کے پاس اپنے کتے کے ساتھ کسی دوسرے کتے کو بھی پاؤ' اس حال میں کہ (ان دونوں میں سے کسی ایک کتے نے) اس شکار کو مار ڈالا ہو تو اس صورت میں بھی اس شکار کو مت کھاؤ کیونکہ تمہیں یہ معلوم نہیں ہوگا کہ اس شکار کو ان دونوں کتوں میں سے کس نے مارا ہوگا (تو ہو سکتا ہے کہ وہ سدھایا ہوا نہ ہو یا اس کو چھوڑنے والے نے چھوڑتے وقت بسم اللہ نہ کہی ہو اور یا اس کو کسی ایسے شخص نے چھوڑا ہو جس کے ہاتھ کا ذبیحہ حلال نہیں ہوتا جیسے مجوسی یا بت پرست وغیرہ) اور جب تم (کسی شکار پر) اپنا تیر چلاؤ تو (اس وقت) اللہ کا نام لیا کرو (یعنی بسم اللہ کہہ کر تیر چلاؤ اور) پھر اگر وہ شکار ایک دن تک تم سے اوجھل رہا (اور اس کے بعد تمہیں ملا) اگر تم چاہو تو اس کو کھا لو بشرطیکہ تم نے اس شکار پر اپنے تیر کے نشان کے علاوہ اور کوئی نشان نہ پایا ہو اور اگر وہ شکار تمہیں پانی میں ڈوبا ہوا ملے (اور اس میں تمہارے تیر کا نشان بھی موجود ہو تو) تم اس کو نہ کھاؤ (کیونکہ ممکن ہے وہ تمہارے تیر سے نہ مرا ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلکہ پانی میں ڈوب کر مرا ہو"۔ (بخاری ومسلم)

راوئ حدیث:

عدی بن حاتم: عدی بن حاتم "طائی" ہیں۔ شعبان ۷ھ میں آنحضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ پھر کوفہ آئے اور وہاں ہی رہنے لگے۔ جنگ جمل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حمایت میں ان کی آنکھ پھوٹ گئی تھی۔ جنگ "صفین" اور "نہروان" میں بھی شریک ہوئے۔ ۶۷ھ میں کوفہ کی سرزمین پر انتقال ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ایک سو بیس (۱۲۰) سال کی تھی۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قرقیسیا میں انتقال کیا۔ ان سے ایک جماعت روایت کرتی ہے۔

تشریح: "حاتم" میں حائے مہملہ اور تائے فوقانی مکسور ہے۔

عرض مرتب:

بعض نسخوں میں "قرقیسا" ہے لیکن وہ غلط ہے۔ اھ

"فانّك لا تدری ایّهما قتله"۔

مشکوٰۃ کے متن میں لفظ قتل بغیر ضمیر کے مذکور ہے۔ جبکہ ملا علی قاریؒ نے اپنے متن میں قتله ذکر فرمایا ہے۔

شمنیؒ فرماتے ہیں کتب ستہ میں عدی بن حاتم کی یہ حدیث منقول ہے:

"قلت: یا رسول اللّٰہ! انی أرسل کلبی فاجد معه کلباً آخر لا ادری ایهما اخذه، فقال: لا تأکل فانما سمیت علی کلبك ولم تسم علی کلب آخر"۔

دونوں احادیث کی روشنی میں مندرجہ ذیل شرائط معلوم ہوتی ہیں:

① مسلمان کے کلب معلم کے ساتھ، غیر معلم۔

② کلب مجوسی (ہر وہ شخص داخل ہے جس کا ہاتھ ذبیحہ حلال نہ ہو) یا ایسا کلب شریک نہ ہوا ہو جس کو شکار کی نیت سے نہ چھوڑا گیا ہو۔

③ شکار کیلئے چھوڑا گیا ہو لیکن چھوڑتے وقت قصداً وعمداً بسم اللہ نہ پڑھی ہو۔

وجہ استدلال: یہاں حرمت اور اباحت جمع ہیں اور جب حرمت اور اباحت جمع ہو جائیں تو حرمت کو ترجیح ہوتی ہے۔

ہمارے احناف نے اسی حدیث سے استدلال کرتے ہوئے یہ شرط بھی بیان کی ہے کہ ذابح ذبح کے وقت تسمیہ عمداً ترک نہ کرے۔ چاہے وہ مسلم ہو یا کتابی۔

وجہ دلالت:

حدیث میں حرمت کی علت ترک تسمیہ عمداً قرار دیا گیا ہے۔ اگر نسیاناً تسمیہ متروک ہو جائے اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ ناسی مرفوع الحکم ہے۔ چنانچہ حدیث: رفع عن امتی الخطاء والنسیان وما استکرهوا علیه۔ (رواہ الطبرانی بسند صحیح عن ثوبان) دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر نسیان کو بھی حرمت میں شامل کریں تو امت پر حرج لازم آتا ہے۔ جبکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شریعت میں حرج مدفوع ہے۔

"فان امسك عليك" في الاساس :امسك عليك زوجك ، وامسك عليه ماله حبسه"۔

مطلقاً کسی چیز کو روکنا پکڑنا، مال انسان سب کے پکڑنے اور روکنے کیلئے مستعمل ہے۔

امورِ نحویہ: "اذا ارسلت كلبك" کلب کی صفت "المعلم" یہاں محذوف ہے۔

"وان ادركته" ضمیر منصوب الصد کی طرف راجع ہے۔ "اقد قتل" قتل معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ ضمیر مستتر فاعل ہے، الکلب کی طرف راجع اور مفعول محذوف ہے۔ اصل میں ہے۔ "قد قَتَله" ایک نسخہ میں یہ لفظ تینوں مواضع میں فعل مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

"فاذكر اسم الله عليه" علیہ سے مراد ارسال ہے۔ یعنی ضمیر ارسال کی طرف راجع ہے۔ جو کہ مصدر سے سمجھ میں آرہا ہے۔

"فانك لا تدرى ايهما قتله" ايهما مبتداء ہے اور قتلہ خبر پھر پورا جملہ محلاً منصوب ہو کر لا تدری کا مفعول ہے۔

ابوالبقاء نے آیت مبارکہ: لا تدرون ايهم اقرب لكم نفعًا میں ايهم اقرب...... کو "لا تدرون کا مفعول بتایا ہے اور لکھا یہ ہے کہ یہ جملہ لفظاً ملغی عن العمل ہے۔

"فاذكر اسم الله"۔

کلب معلم کو جب شکار پر چھوڑا جائے تو اوّلاً بسم اللہ پڑھی جائے۔ کیونکہ کلب معلم یہاں بمنزل تیر اور چھری کے ہے۔ جس طرح تیر اور چھری چلاتے وقت تسمیہ ضروری ہے اسی طرح کلب معلم کے ارسال کے وقت تسمیہ ضروری ہے وگرنہ شکار حلال نہیں ہوگا۔

"وقد قتل فلا تأكل" یہاں اس شکار کے نہ کھانے کا حکم جزم کے ساتھ ہے۔ یہی اکثر کا قول ہے۔ ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں۔ اصح قول یہی ہے کہ کلب کو شکار پر باقاعدہ چھوڑنا ضروری ہے۔ اگر اپنے مالک کے ہاتھ سے چھوٹ کر از خود بھاگ گیا اور حملہ آور ہو کر شکار کر لایا تو یہ شکار کسی کیلئے بھی حلال نہیں ہے۔ (برجندی)

"فلم تجد فيه الا أثر سهمك فكل ان شئت"۔

یہاں مشیت کے ساتھ مقید اس لئے کیا کہ شبہ کی طرف اشارہ ہو جائے۔ کیونکہ کافی دیر تک شکار نہ ملنے کی وجہ سے یہ احتمال پیدا ہو چکا ہے کہ ممکن ہے کسی اور سبب سے مرا ہو جو کہ ہمیں معلوم نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ہمارے احناف فرماتے ہیں کہ جس جانور کو تیر مارا جائے اس کے حلال ہونے کیلئے جس طرح تسمیہ اور ذبح شرط ہے اسی طرح اگر شکار کے جسم میں تیر پیوست ہوا اور وہ اسی حال میں بھاگ کھڑا ہو تو ضروری ہے کہ شکاری اس کو مسلسل تلاش کرے۔

چنانچہ اسی مسئلہ کے متعلق ابن ابی شیبہ نے اپنی "مصنف" میں اور طبرانی نے اپنی معجم میں ابن رزین سے نقل کیا ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے جانور کے بارے میں پوچھا گیا جو تیر لگنے کے بعد بھاگ نکلے اور پھر مرا ملے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانے سے منع فرمایا اور علت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا "لعل هوام الارض قتله" نیز امام عبدالرزاقؒ نے اپنی "مصنف" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً نقل کیا ہے: "ان وجدته غريقًا فى الماء فلا تأكل" کیونکہ اس میں یہ احتمال ہے کہ یہ پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے مرا ہو نہ کہ آپ کا تیر لگنے سے۔

عرضِ مرتب:

فوائد حدیث: تعليم الكلب کی شرائط۔ ① اذ أشلى استشلى۔ ② اذا زجرا نزجر۔ ③ واذا اخذ الصيد امسك ولم يأكل"۔

جب یہ عمل کئی بار ہو جائے اور خوب یقین ہو جائے تب اس جانور کا کیا ہوا شکار حلال ہے۔

شکار کرتے وقت ترکِ تسمیہ میں ائمہ رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال:

① مطلقاً حلال ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے امام مالکؒ، امام شافعیؒ، اور امام احمدؒ کا قول بھی یہی ہے یہ حضرات فرماتے ہیں حدیث میں تسمیہ (بسم اللہ) پڑھنے سے مراد دل میں پڑھنا ہے اور یہ دل میں خیال کرنا اس وقت واجب ہے۔ جب کلب معلم کو اصطیاد کی غرض سے چھوڑا جائے۔

② متروک التسمیہ بالکل حلال نہیں۔ چاہے ترک تسمیہ عامداً ہو یا ناسیاً۔ یہ روایت منقول ہے امام محمد بن سیرینؒ اور شعبیؒ سے اور یہی قول امام ابو ثور اور امام داؤد کا بھی ہے اور قرآن وسنت کے (ظاہر کے) قریب ہے۔

③ اگر تسمیہ عمداً ترک کرے تو حرام ہے اگر ناسیاً ترک کرے تو حلال ہے۔ یہ قول سفیان ثوری، امام اسحاق اور ائمہ احناف کا ہے۔

۴۰۶۵: وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرْسِلُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ قَالَ كُلْ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلْنَ قَالَ وَاِنْ قَتَلْنَ قُلْتُ اِنَّا نَرْمِيْ بِالْمِعْرَاضِ قَالَ كُلْ مَاخَزَقَ وَمَا اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَقَتَلَ فَاِنَّهٗ وَقِيْذٌ فَلَا تَاْكُلْ۔ (متفق عليه)

اخرجه البخاري فى صحيحه ٩ / ٦٠٤، الحديث رقم ٥٤٧٧، و مسلم فى ٣ / ١٥٢٩ كتاب الصيد والذبائح، باب الصيد بالكلاب المعلمه، الحديث رقم (١ ـ ١٩٢٩) و أبو داود فى السنن ٣ / ٢٦٨، الحديث رقم ٢٨٤٧، والنسائي فى ٧ / ١٩٤ الحديث رقم ٤٢٠٥، وابن ماجه فى ٢ / ١٠٧٢، الحديث رقم ٣٢١٤ و أحمد فى المسند ٤ / ٣٨٠

ترجمہ: "اور حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! ہم تربیت یافتہ (یعنی سدھائے ہوئے) کتوں کو (شکار کے پیچھے) چھوڑتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے (یعنی تمہارے کتے نے) تمہارے لئے جو شکار پکڑ کر رکھا ہے اس کو کھالو"۔ میں نے عرض کیا "اگر چہ وہ شکار کو مار ڈالیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہاں! اگر چہ مار ڈالیں" پھر میں نے عرض کیا کہ "ہم (شکار پر) بغیر پر کا تیر چلاتے ہیں (اور اس کے ذریعے شکار کر لیتے ہیں تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا وہ شکار کھانا درست ہے؟) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شکار کو وہ تیر زخمی کردے (یعنی اگر وہ تیر سیدھا جا کر نوک کی جانب سے شکار کو لگے اور وہ مر جائے) تو اس کو کھا لو اور اگر وہ تیر (نوک کی جانب سے نہیں بلکہ) عرض یعنی چوڑائی کی جانب سے جا کر اس شکار کو (اس طرح) لگے (کہ وہ شکار کو زخمی نہ کرے بلکہ زور اور قوت کے دباؤ سے اسے مجروح کرے) اور وہ مر جائے تو وہ وَقِیْذ ہے (یعنی وہ چوٹ لگنے سے مرا ہے اور ایسا جانور ظاہر ہے حرام ہے' چنانچہ) اس کو نہ کھاؤ''۔ (بخاری ومسلم)

اَللُّغَاتُ: **المعلمة**: لام کے فتحہ اور تشدید کے ساتھ۔ مقصد پوچھنے کا یہ تھا کہ کلب معلم کا کیا ہوا کون سا شکار ہمارے لئے جائز ہے، اور کون سا حرام ہے؟

معراض: میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

''**قال: كل ما امسكن عليك**'' یہاں آنحضرت ﷺ نے حضرت عدی بن حاتمؓ کے سوال کے جواب میں مطلقاً فرمایا ''**كل ما امسكن عليك**'' اس لئے کہ قرآن کریم نے بھی بغیر تفصیل اور قید کے ارشاد فرمایا ہے: **فكلو مما امسكن عليكم** [المائدہ: ٤]

چنانچہ امام حسن بن زیادؒ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت یہ بھی نقل کی ہے کہ اگر کلب معلم شکار کر کے لائے اور شکار کو زخمی نہ بھی کیا ہو اس کا کھانا حلال ہے۔ مذکورہ بالا آیت سے استدلال بالکل واضح ہے۔

لیکن ظاہر مذہب میں ذبح اضطراری کے لیے جرح شرط ہے خواہ کسی بھی جگہ ہو۔

وجہ وہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ دم مسفوح کا اخراج ہمارے ہاں ضروری ہے اور یہ عادۃً جرح (زخمی) کرنے سے ہوتا ہے۔ لہٰذا نفس جرح کو ہمارے ہاں اخراج دم مسفوح کا قائم مقام ٹھہرایا گیا ہے۔ جیسے ذبح اختیاری اور رمی بالسہم میں زخمی کرنے کو اخراج دم مسفوح کا قائم مقام ٹھہرایا گیا ہے۔

اگر کلب معلم شکار کو مجروح نہ کرے تو یہ موقوذہ کے حکم میں ہوگا اور موقوذہ نصاً حرام ہے۔

خلاصۃ الآراء:

معراض ایسے تیر یا ڈنڈے کو کہا جاتا ہے جس میں منہ کی جانب پر نہ لگے ہوئے ہوں۔ چاہے نوکدار ہو یا نہ ہو۔ نوک دونوں جانب سے ہو یا ایک جانب سے۔ اس کا درمیانی حصہ موٹا ہو یا پتلا، سیدھا جاتا ہو یا ترچھا۔

قوله: كل ما خزق......:

خزق: خاء معجمہ زاء معجمہ اور قاف کے ساتھ ہے۔ آر پار ہونا، نیزہ مارنا

ہر وہ آلہ جو شکار کو زخمی کر کے مار ڈالے اور وہ لگا بھی اس جانب ہو جو دھاری دھار ہو اس کا کھانا جائز ہے۔ بشرطیکہ (دیگر لازمی) شرائط پوری ہوں۔

''قتل'' یہ فعل معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ ایک صحیح نسخہ میں **فقتله** ہے

وقیذ: ذال معجمہ کے ساتھ صفت مشبہ کا صیغہ ہے لیکن معنی میں اسم مفعول یعنی ''موقود'' کے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقیذ کی تعریف میں اقوال:

وقیذ اس جانور کو کہا جاتا ہے جس کو غیر دھاری دار آلہ سے مار ڈالا گیا ہو۔ یا آلہ تو دھاری دار تھا لیکن جانب دھار سے ذبح نہ کیا گیا بلکہ الٹی جانب سے مار مار کے مار ڈالا گیا ہو۔ چاہے وہ آلہ پتھر ہو یا لکڑی ہو عصا ہو یا کلہاڑی ہو اس کو کھانا حلال نہیں اگر زخمی کرنے بعد شرعی طریقہ سے باقاعدہ ذبح کر لیا تھا تو پھر اس کا کھانا جائز ہو گا۔

امور نحویہ: ''فلا تأکل '' یہ جملہ یا تو جواب شرط ہے یا مبتداء کی خبر ہے اور مبتدا (بہر دو تقدیر) متضمن معنی شرط ہے۔ ''فانه وقیذ'' نہی کی علت ہے علت کو معلل پر مقدم کر دیا گیا ہے۔

﴿۲﴾ یہ بھی ممکن ہے جملہ اسمیہ (فانه وقیذ) ہی شرط کی جزاء ہو اور فلا تأکل 'جملہ تفریعیہ' چنانچہ اس صورت میں اس کا مستدل آیت: الموقوذة والمتردیه...... ہوگا۔

معراض اور بندقہ سے شکار کئے ہوئے جانور کے متعلق ائمہ رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال:

فقہاء کا اس مسئلہ میں اتفاق ہے کہ اگر معراض سے جانور کو مارا گیا اور وہ اس کی نوک لگنے سے زخمی ہو کر مر گیا تو اس کا کھانا حلال ہے۔

اور اگر ترچھا لگے اور مر جائے تو اس کا کھانا حلال نہیں۔

مکحول، امام اوزاعی اور دیگر فقہاء شام اس بات کے قائل ہیں کہ معراض اور بندقہ سے کیا ہوا شکار بغیر ذبح کے بھی حلال ہے۔

حضرت عدی بن حاتم سے روایت منقول ہے:

''قلت یا رسول اللّٰہ! انی ارمی بالمعراض الصید فاصید قال: اذا اصاب بحدهٖ فکل ، واذا اصاب بعرضه فقتل فلا تأکل فانه وقیذ'' کیونکہ ذبح کے تحقق کے لئے جرح ضروری ہے جبکہ معراض کی چوڑائی جرح میں کارآمد نہیں کیونکہ وہ زخمی نہیں کرتی بلکہ توڑ دیتی ہے اور یہی معاملہ بندقہ کا ہے کہ اگر شکار کو بندقہ ثقیلہ کے ذریعہ مارا جو دھار دار تھی تو اس شکار کو کھانا حرام ہے، چونکہ بندقہ جسم کو توڑتی ہے، زخمی نہیں کرتی۔ البتہ اگر شکار کو ایسی بندقہ خفیفہ کے ساتھ مارا جو معمولی دھار دار تھی تو اس شکار کو کھانا حرام نہیں، چونکہ اس صورت میں یہ بات یقینی ہے کہ اس جانور کی موت زخم کے سبب واقع ہوئی ہے۔ چنانچہ اگر شکار کو چھری یا تلوار سے مارا گیا، اگر شکار کو دھار دار حصہ لگا تو شکار حلال ہے، وگرنہ حرام ہے۔ اگر شکار کو بھاری پتھر سے مارا تو شکار نہیں کھایا جائے گا، اگر چہ جانور زخمی بھی ہوا ہو۔ چونکہ احتمال ہے کہ وہ ثقل کی وجہ سے مرا ہو، اور اگر ہلکا پتھر تھا، دھار دار تھا اور اس کے ذریعہ جانور زخمی ہوا ہو تو یہ جانور حلال ہے، کیونکہ موت بسبب زخم یقینی ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے۔ کہ جو بھی آلہ زخم پیدا کرے اس کے حلال ہونے میں کلام نہیں اور جو ثقل اور دھکے سے مارے، یا اس میں شک ہو تو اس شکار کو نہیں کھایا جائے گا۔

۴۰۶۶: وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضِ قَوْمٍ اَهْلِ الْکِتٰبِ اَفَنَاْکُلُ فِیْ اٰنِیَتِهِمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَبِاَرْضِ صَيْدٍ اَصِيْدُ بِقَوْسِيْ وَبِكَلْبِيَ الَّذِيْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ وَبِكَلْبِيَ الْمُعَلَّمِ فَمَا يَصْلُحُ لِيْ قَالَ اَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ اٰنِيَةِ اَهْلِ الْكِتٰبِ فَاِنْ وَجَدْتُّمْ غَيْرَهَا فَلَا تَأْكُلُوْا فِيْهَا وَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا فِيْهَا وَمَا صِدْتَّ بِقَوْسِكَ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَّ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَّ بِكَلْبِكَ غَيْرَ مُعَلَّمٍ فَاَدْرَكْتَ ذَكَاتَهٗ فَكُلْ۔ (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۰۴، کتاب الذبائح والصید، باب۳، الحدیث رقم ۵۴۷۸، و مسلم فی ۳ / ۱۵۳۲ کتاب الصید والذبائح، باب الصید بالکلاب الملعمه، الحدیث رقم (۸۔۱۹۳۰) وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۷۴، الحدیث رقم ۲۸۵۵، والنسائی فی ۷ / ۱۸۱ الحدیث رقم ۴۲۶۶

ترجمہ: ''اور حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا ''اے اللہ کے نبی! ہم ایک ایسی قوم کے درمیان سکونت پذیر ہیں جو اہل کتاب ہے تو کیا ہم ان کے برتنوں میں کھا پی سکتے ہیں اور ہم ایسے علاقے میں رہتے ہیں جہاں شکار بہت ہیں میں اپنی کمان (یعنی تیر) اور غیر تربیت یافتہ کتے کے ذریعہ بھی شکار کرتا ہوں اور تربیت یافتہ کتے کے ذریعہ بھی شکار کرتا ہوں تو میرے لئے کیا چیز درست ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے جو تم نے اہل کتاب کے برتنوں کے بارے میں پوچھی ہے تو (ان کے متعلق یہ حکم ہے کہ) اگر ان برتنوں کے علاوہ تم اور برتن پاؤ تو پھر ان برتنوں میں مت کھاؤ پیو اور اگر دوسرے برتن نہ پاؤ تو (پہلے) ان کو اچھی طرح دھو لو اور پھر ان میں کھا پی لو۔ (رہی شکار کی بات تو) جس جانور کو تم نے اپنے تیر سے شکار کیا ہے اور (تیر چھوڑتے وقت) اللہ کا نام لیا ہے اس کو کھالو۔ اسی طرح جس جانور کو تم نے تربیت یافتہ کتے کے ذریعہ شکار کیا ہے اور (اس کتے کو چھوڑتے وقت) اللہ کا نام لیا ہے تو اس کو بھی کھالو اور نیز وہ شکار جو تم نے غیر تربیت یافتہ کتے کے ذریعہ کیا ہے اگر اس کو ذبح کر لو تو اس کو بھی کھالو''۔ (بخاری ومسلم)

اللغات: ''الخشنی'' خاء کے ضمہ اور شین کے فتحہ کے ساتھ۔

اختلاف نسخ: ''یا نبی اللّٰہ'' ایک نسخہ میں ''یا نبی اللہ'' کی جگہ ''یا رسول اللہ'' منقول ہے۔

امور نحویہ: ''اھل الکتاب'' لفظ ''قوم'' سے بدل یا عطف بیان ہے۔

''أفنأکل فی انیتھم''۔ اس میں دو احتمال ہیں:

⌘ أفنأکل میں ہمزہ مقحمہ ہے۔ کیونکہ یہ جملہ استخبار کی غرض سے لایا گیا ہے اور فنأکل کے شروع میں فاء عاطفہ ہے۔ اس کا عطف جملہ استفہامیہ سے ماقبل جملہ پر ہے۔ تقدیری عبارت یوں بنے گی۔ ''انا نکون بارض قوم فنأکل''۔

⌘ دوسرا احتمال یہ ہے کہ فنأکل جواب استفہام ہے۔ اس صورت میں جملہ استفہامیہ کا معطوف مقدر ہوگا۔ تقدیری عبارت یوں ہوگی: ''أتأذن لنا فنأکل فی آنیتھم''۔

''وبارض صید'' یہاں ارض کی اضافت صید کی طرف ادنی ملابست کی وجہ سے ہے۔ اصل عبارت: ''بارض یوجد فیھا الصید'' ہے یا ''یصید أھلھا'' ہے۔ أصید بقوسی: یہ جملہ حالیہ ہے۔ ما صدت بکلبك غیر معلم''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیر مجرور ہے بدل ہونے کی وجہ سے ایک نسخہ میں غیر منصوب ہے۔ مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے ایک اور نسخہ میں لفظ معلم نکرہ کی بجائے معرفہ (یعنی المعلم) منقول ہے۔

''اصید...... فما یصلح لی؟'' یہ عبارت دو سوالوں پر مشتمل ہے۔

قوله: قال: اما ما ذکرت ...... فلا تاکلوا منها......:

''وقال'' یہاں سے دونوں مسئلوں کا تفصیلی جواب ہے۔

''فلا تأكلو فيها''۔

۴۰۶۷: وَعَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَغَابَ عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهُ فَكُلْ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔

تخریج: اخرجه مسلم فی صحیحه ۳ / ۱۵۳۲ ' کتاب الصيد والذبائح' باب اذ غاب عنه الصيد ثم وجده' الحديث رقم (۹ ـ ۱۴۳۱) وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۷۸ الحديث رقم ۲۸۶۱' وأحمد فی المسند ۴ / ۱۹۴

ترجمہ: ''اور حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تم نے (اللہ کا نام لے کر کسی شکار پر) اپنا تیر چلایا اور پھر وہ (شکار تیر کھا کر) تمہاری نظروں سے اوجھل ہو گیا (یعنی کسی ایسی جگہ گر کر مر گیا جو اس وقت تمہیں نہ مل سکے) اور پھر تم نے اس کو پا لیا (اور تم نے اس اپنے تیر کا نشان دیکھ کر یقین کر لیا کہ یہ تمہارے اس تیر کے لگنے سے مرا ہے) تم اس کو کھا سکتے ہو جب تک کہ وہ بدبودار نہ ہو جائے۔''۔ (مسلم)

اللغات:۔ ''بسهمك'' ایک نسخہ میں بغیر حرف جر کے ہے اور منصوب ہے۔ ''اذا رميت بسهم'' ۔ لفظ ''رمی'' صلہ اور بغیر صلہ کے بھی متعدی ہوتا ہے۔ چنانچہ القاموس میں ہے: ''رمى الشئ وبه''۔

بغیر حرف جر کے عبادت یوں ہوں گی: اذا رميت السهم على الصيد اور حرف جر کے ساتھ عبارت یوں ہو گی: اذا رميت الصيد بسهم ''الصاق اور على دونوں معنیٰ میں ہو سکتا ہے۔

''مالم ینتن'' یاء پر ضمہ اور فتحہ دونوں طرح جائز ہے اور تاء کسرہ کے ساتھ ہے۔

اور صحاح میں ہے: نتن الشئ ككرم فهو نتين كقريب ونتين كضرب، وانتن انتاناً'

قاموس اور صحاح دونوں کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ مجرد اور مزید فیہ دونوں سے مستعمل ہے اور دونوں سے ایک ہی معنیٰ میں مستعمل ہے۔ بمعنی بدبودار ہو جانا۔ چنانچہ مجرد میں عین پر ماضی و مضارع ہر دو میں ضمہ، فتحہ اور کسرہ تینوں جائز ہیں۔ یعنی کرم، ضرب اور سمع تینوں سے مستعمل ہے۔

بدبودار گوشت کے مسئلہ میں ائمہ کی رائے:

حنفیہ فرماتے ہیں ''مالم ینتن'' کا حکم بطریقہ استحباب ہے۔ وگرنہ گوشت میں بو کا پیدا ہو جانا اس کی حرمت کو لازم نہیں۔ چنانچہ ابن الملک لکھتے ہیں: ایک روایت میں آیا ہے: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا گوشت کھایا ہے جس میں بو پیدا ہو چکی تھی۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ بدبودار گوشت کھانے کی ممانعت نہی تنزیہی پر محمول ہے نہ کہ نہی تحریمی پر۔ اور یہی حکم دوسرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمام کھانوں کا ہے، جن میں بدبو پیدا ہوگئی ہو۔ الا یہ کہ اس کے کھانے سے کسی تکلیف یا نقصان کا اندیشہ ہو پھر درست نہیں ہوگا۔

شکار تین دن بعد مردہ حالت میں ملنے کا بیان

۴۰۶۸: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الَّذِي يُدْرِكُ صَيْدَهُ بَعْدَ ثَلَاثٍ فَكُلْهُ مَا لَمْ يُنْتِنْ . (رواه مسلم)

تخریج: اخرجه مسلم فی صحیحه ۳ / ۱۵۳۲ كتاب الذبائح، باب ۲، الحديث رقم (۱۰ ـ ۱۹۳۱) والنسائی فی ۷ / ۱۹۴، الحديث رقم ۳۴۰۴

ترجمہ: ''اور حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شکاری کے حق میں کہ جو اپنے شکار کو تین دن کے بعد پائے فرمایا اس کو کھالو جب تک کہ اس میں بدبو پیدا نہ ہو جائے''۔ (مسلم)

تشریح: فکلہ'' اصل نسخہ میں اسی طرح ہے۔ ایک نسخہ میں بغیر ضمیر کے فکل ہے۔ یعنی ضمیر محذوف ہے۔

''فکلہ'' امام طیبیؒ کی رائے یہ ہے کہ یہ جزا ہے شرط محذوف کی۔ اصل عبارت یوں ہے۔''اذا ادرکتہ فکلہ، مالم ینتن''۔

نو مسلموں کے ذبیحہ کا بیان

۴۰۶۹: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ هُنَا أَقْوَامًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِشِرْكٍ يَأْتُوْنَنَا بِلُحْمَانٍ لَانَدْرِي أَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا أَمْ لَا قَالَ اذْكُرُوْا أَنْتُمْ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا۔ (رواه البخاری)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۳۴، كتاب البيوع، باب من يرالوساوس ونحوها من الشبهات، ح ۵۰۰۷ وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۵۴، الحديث رقم ۲۸۲۹، والنسائی فی ۷ / ۲۳۷، الحديث رقم ۴۴۳۶، وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۵۹، الحديث رقم ۳۱۷۴، و مالك فی المؤطا ۲ / ۴۸۸، الحديث رقم ۱ ، من كتاب الذبائح۔

ترجمہ: ''اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ (ایک مرتبہ) صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا، یا رسول اللہ! یہاں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جن کے شرک کا زمانہ بہت قریب کا ہے (یعنی وہ نو مسلم جنہوں نے اسلام کے احکام اور دینی مسائل پوری طرح ابھی تک نہیں سیکھے) وہ لوگ ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں اور ہمیں نہیں معلوم کہ آیا انہوں نے اس کے ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا ہے یا نہیں (تو کیا ان کا لایا ہوا گوشت ہم کھا سکتے ہیں یا نہیں؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم اللہ کا نام لے لیا کرو اور اس کو کھا لیا کرو''۔ (بخاری)

اللُّغَاتُ: ''أقواما'' جمع ہے قوم کی (بڑی جماعت) اس سے عموم بلوی کی طرف اشارہ ہے جو فتوی پوچھنے کا باعث بنا۔

(حدیث) تنوین کے ساتھ بمعنی جدید ''نیا''۔

بلحمان: لام کے ضمہ کے ساتھ، لحم کی جمع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختلافِ نسخ:

عهدهم یہاں رفع کے ساتھ منقول ہے۔جبکہ ایک نسخے میں مجرور منقول ہے۔(مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے۔)

قوله :قال:"اذكروا اسم اللّٰه"

مشکوٰۃ کے متن میں اذاکروا اسم اللّٰه انتم ہے جبکہ ملا علی قاریؒ کے زیر نظر مشکوٰۃ کے نسخہ میں اذكروا اسم اللّٰه والی عبارت ہے۔اس لئے انہوں نے اس کو اصل اور اذكروا انتم اسم اللّٰه کو في بعض الفسخ سے تعبیر فرمایا ہے۔

امور نحویه:عهدهم: حدیث کی ترکیب کے متعلق امام طیبیؒ نے دو احتمال ذکر فرمائے ہیں:

① حدیث عہد یہ جملہ اسمیہ ہے عہد ہم مبتدا موخر ہے اور حدیث خبر مقدم ہے اور پھر یہ پورا جملہ لفظ اقواما کی صفت ہے۔

② حدیث یہ "انّ" کی خبر ثانی ہے،اور عهدهم يه حديث کا فاعل ہے۔

"بشرك" یہ حدیث کے ساتھ متعلق ہے۔

قالوا سے بعض صحابہ کرام رضوان اللہ کا پوچھنا مراد ہے۔ان هنا سے مدینہ منورہ یا کسی دوسری جگہ کی طرف اشارہ ہے۔

لاندری کا مطلب یہ ہے کہ جن جانوروں کا گوشت ہمارے ہاں آتا ہے بعض کے متعلق ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ ان پر ذبح کے وقت بسم اللہ پڑھی گئی ہے یا کہ نہیں۔

قال اذكروا انتم اسم اللّٰه":اس کے مطلب کے متعلق ابن ملک فرماتے ہیں:

اذكروا اسم اللّٰه" کا یہ مطلب نہیں کہ بسم اللہ پڑھ کر اس گوشت کو کھالو تو اس وقت تمہارا یہ بسم اللہ پڑھنا ذبح کرنے والے کے بسم اللہ پڑھنے کے قائم مقام ہو جائے گا۔ بلکہ اس ارشاد کے ذریعہ آنحضرت ﷺ نے یہ بیان فرمایا ہے کھانے کے وقت بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے۔باقی جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ جو گوشت تمہارے پاس لایا گیا ہے اس کے بارے میں تم یہ نہیں جانتے کہ آیا وہ اس ذبیحہ کا ہے جو بسم اللہ پڑھ کر ذبح کیا گیا ہے یا بسم اللہ پڑھے بغیر ذبح کر دیا گیا ہے؟ تو اس کا حکم یہ ہے کہ اس گوشت کو کھانا جائز ہے۔ بشرطیکہ اس کو ذبح کرنے والا ان میں سے ہو جن کے ہاتھ کا ذبیحہ کھانا شرعاً جائز ہے۔کوئی مسلمان تمہیں گوشت دے جائے تو تم یہی حسن ظن رکھو کہ وہ بہرحال مسلمان ہے۔اس نے ذبح کرتے وقت اللہ کا نام ضرور لیا ہوگا۔(انتھٰی)۔

فائدہ: صاحب شرح السنہ لکھتے ہیں:

جو لوگ تسمیہ کو شرط نہیں مانتے ان حضرات نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ اگر تسمیہ اباحت کیلئے شرط ہوتی تو شک کی صورت میں اس کا کھانا حلال نہ ہوتا۔جبکہ یہاں اس کی حلت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔لہٰذا اصل ذبح کے وقت بھی اگر شک ہو تب بھی اس کا کھانا حلال ہوگا۔

جو حضرات عند الذبح تسمیہ کو شرط قرار دیتے ہیں انہوں نے قرآن کریم کی اس آیت:﴿وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ....﴾ [الانعام: ۱۲۱] "اور جس چیز پر خدا کا نام نہ لیا جائے اسے مت کھاؤ کہ اس کا کھانا گناہ ہے اور شیطان (لوگ) اپنے رفیقوں کے دلوں میں یہ بات ڈالتے ہیں کہ تم سے جھگڑا کریں۔اور اگر تم لوگ ان کے کہے پر چلے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیشک تم بھی مشرک ہوئے۔'' سے استدلال کیا ہے کہ اس سے یہی ثابت ہو رہا ہے کہ عند الذبح بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے۔

بعض حضرات نے اس آیت میں تاویل کی ہے کہ اس آیت میں اس ذبیحہ کی حرمت بیان کی گئی ہے جو غیر اللہ کے نام پر ذبح ہو۔ کیونکہ آیت میں ہے: وانه لفسق۔ اس کی تفصیل سورہ انعام کے آخر میں موجود ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: **قل لا آجد فيما اوحي الى محرمًا** ...... **فسقا اهل لغير الله به**۔ کہ فسق کا بیان **اهل لغير الله به** سے فرمایا گیا ہے۔

صاحب مدارک فرماتے ہیں قرآن کریم کی یہ آیت متروک تسمیہ کو حرام قرار دیتی ہے۔ البتہ نسیان کی حالت حدیث مشہور کی وجہ سے مستثنیٰ ہے۔ کیونکہ ناسی **تقدیراً** ذاکر کے حکم میں ہے۔

فائدہ : دیندار شخص کو تو متروک التسمیہ بالکل نہیں کھانا چاہیے کیونکہ آیت: **وان اطعتموهم انكم لمشركون** میں اس کے متعلق سخت وعید آئی ہے۔ اگرچہ یہ آیت میتہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ لیکن حکم میں اصل اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے، نہ خصوص سبب کا۔ بعض لوگوں نے آیت: **والا تأكلو لما لم يذكر اسم الله**...... میں یہ تاویل کی ہے کہ اس آیت میں غیر اللہ کے نام پر کیا ہوا ذبیحہ مراد ہے اور آیت کے اول حصہ سے میتہ مراد ہے۔ انہوں نے ظاہر النص سے انحراف کیا ہے جس کو ہم قابل التفات نہیں سمجھتے۔ (شرح السنہ)

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اگر میتہ والی آیت میں علت دیکھی جائے تو اس کی حرمت کی علت بھی عند الذبح تسمیہ کا نہ پایا جانا ملتی ہے۔ اسی وجہ سے علماء نے مجوسی کا ذبیحہ حرام قرار دیا اور ذمی کا ذبیحہ حلال کیونکہ ذمی ان لوگوں میں سے ہے جو ذبیحہ پر بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ رہی بات تسمیہ قلبیہ کی تو تسمیہ قلبیہ شرعاً غیر معتبر ہے، کیونکہ جو بھی ذکر وجوباً یا ندباً مشروع ہے اس کو بغیر تلفظ کے ذکر شمار نہیں کیا جاتا۔

احادیث باب سے بوقت ارسال کلب اور عند الرمی بھی تسمیہ کا شرط ہونا ثابت ہو رہا ہے کیونکہ ارسال قائم مقام ذبح کے ہے۔

غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنے والا لعنتی ہے

۴۰۷۰: وَعَنْ اَبِیْ الطُّفَیْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِیٌّ هَلْ خَصَّکُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِشَیْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا بِشَیْءٍ لَمْ یَعُمَّ بِهِ النَّاسَ اِلَّا مَا فِیْ قِرَابِ سَیْفِیْ هٰذَا فَاَخْرَجَ صَحِیْفَةً فِیْهَا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰهِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ (وَفِیْ رِوَایَةٍ) مَنْ غَیَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهٗ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰوٰی مُحْدِثًا۔ (رواہ مسلم)

تخریج : اخرجه مسلم فى صحيحه ٣ / ١٥٦٧، كتاب الاضاحى، باب تحريم الذبائح لغير الله تعالى ولعن فاعله، الحديث رقم (٤٥ - ١٩٧٨) والنسائى فى السنن ٧ / ٢٣٢، الحديث رقم ٤٤٢٢

ترجمہ: ''اور حضرت ابوطفیل کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا گیا کہ ''کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ (اہل بیت) کو کسی چیز کے ذریعہ خصوصیت وامتیاز عطا کیا ہے؟ یعنی کیا یہ صحیح ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ لوگوں کو جو اہل بیت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول ﷺ میں سے ہیں کچھ ایسے احکام دیئے ہیں جو اور دوسرے لوگوں کو نہیں دیئے؟'' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''(نہیں!) آپ ﷺ نے ہمارے لئے کوئی ایسی چیز مخصوص نہیں کی ہے جو اور دوسروں کے لئے عام نہ کی گئی ہو علاوہ اس چیز کے جو میری تلوار کی نیام میں (چند احکام کے مجموعہ کی صورت میں) موجود ہے (لیکن ان احکام کے بارے میں بھی میں یہ نہیں جانتا کہ وہ احکام آیا محض ہم اہل بیت کے لئے خاص ہیں یا ان کا تعلق عمومی طور پر پوری امت سے ہے)'' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (اپنی تلوار کی نیام میں سے) ایک کاغذ نکالا جن میں یہ احکام درج تھے کہ ''اس شخص پر اللہ کی لعنت ہو جو غیر اللہ کے نام پر کسی جانور کو ذبح کرے' اس شخص پر اللہ کی لعنت ہو جو زمین کا نشان چوری کرے'' اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ (اس شخص پر اللہ کی لعنت ہو جو زمین کے نشان میں تبدیلی واقع کرے۔ اس شخص پر اللہ کی لعنت ہو جو اپنے باپ پر لعنت کرے اور اس شخص پر لعنت ہو جو کسی بدعتی کو ٹھکانا دے''۔ (مسلم)

قوله :سئل علی هل...... فاخرج صحيفة:

قراب : قاف کی کسرہ کے ساتھ۔

تشریح: میان کو قراب کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ میرے پاس کچھ لکھی ہوئی چیزیں ہیں۔ جو کہ میری تلوار کی میان میں پڑی ہوئی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں یہ بھی ان عام چیزوں میں سے ہیں جو آنحضرت ﷺ نے ہر ایک کو بتائی ہیں۔ شاید یہ ذوالفقار تلوار تھی جو آپ ؐ نے انہیں ہدیہ فرمائی تھی۔

''منار'' میم کے فتحہ کے ساتھ ''منارہ'' کی جمع ہے۔

منارہ کی تعریف: ⟨۱⟩ **ھی علامة الأراضی التی یتمیزبها حدودها**''۔

تورپشتی رحمہ اللہ وغیرہ لکھتے ہیں: ''**المنار العلم والحد بین الارض**۔'' مراد وہ علامتی پتھر وغیرہ ہے جو زمین کی حدود پر نصب ہوتے ہیں۔ اس کے ذریعہ ایک دوسرے کی زمین کے درمیان امتیاز کیا جاتا ہے۔

ولعن الله من آوی ''متعدی بنفسہ ہے اس کو صلہ کے ذریعہ متعدی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (تورپشتی)

بعض حضرات مد کو اصل قرار دیتے ہیں اور قصر کا انکار کرتے ہیں۔ زین العرب ؒ نے بھی قصر والی لغت اختیار کی ہے اور ازہری نے اس کو لغت فصیحہ قرار دیا ہے۔

''**محدثًا**'' دال کے کسرہ کے ساتھ اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

بدعتی اس شخص کو کہتے ہیں جو دین میں کوئی ایسی بات پیدا کرے جس کی کچھ اصل موجود نہ ہو اور وہ بات شریعت کے خلاف اور سنت میں تبدیلی پیدا کرنے والی ہو۔

ایسے شخص کو ٹھکانا دینا اس کی عزت کرنا، اس کی مدد وحمایت کرنا شریعت کی نظر میں قابل مواخذہ ہے۔

''**من سرق منار الارض**''۔

امام تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں نشان کو چرانے یا اس میں تغیر وتبدل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص زور وزبردستی کے ساتھ اپنے ہمسایہ کی زمین دبا لینا چاہتا ہو۔ ابن الملک ؒ فرماتے ہیں: پڑوسی کے حق کو جبرا اپنے لئے مباح کرنے کی کوشش کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مراد ہے۔

قولہ "لعن اللّٰہ من لعن والدہ"

کوئی اپنے باپ پر خود صریحاً لعنت کرے، یا کسی دوسرے شخص کے باپ پر لعنت کرے اور وہ شخص انتقاماً اس کے باپ پر لعنت کرے۔ اس دوسری صورت میں اس نے اگرچہ اپنے باپ پر خود صراحۃ لعنت نہیں کی ہے مگر اس لعنت کا سبب چونکہ وہی بنا ہے۔ اس لئے کہا جائے گا۔ کہ گویا اس نے اپنے باپ پر لعنت کی۔ قرآن کریم نے بھی ان اسباب کو پیدا کرنے سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ....﴾ [الانعام: ۱۰۸:۵] "اور جن لوگوں کو یہ مشرک خدا کے سوا پکارتے ہیں ان کو برا نہ کہنا کہ یہ بھی کہیں خدا کو بے ادبی سے بے سمجھے برا (نہ) کہہ بیٹھیں۔ اس طرح ہم نے ہر ایک فرقے کے اعمال (اُنکی نظروں میں) اچھے کر دکھائے ہیں۔ پھر ان کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے تب وہ ان کو بتائے گا کہ وہ کیا کیا کرتے تھے" سبب سے اس لئے منع فرمایا تاکہ مسبّب پیدا نہ ہو۔"

تخریج: مؤطا احمد اور نسائی میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔

امور نحویہ: "الا ما فی قراب سیفی" یہ مستثنیٰ متصل اور منقطع دونوں بن سکتا ہے۔ اگر متصل مانے تو اس بات کا مدار حضرت علیؓ کے ظن پر ہوگا۔ اگر منقطع مانے تو حضرت علیؓ کی یہ مراد ہے۔ کہ مجھے اس کا علم نہیں' یہ ہم اہل بیت کے ساتھ مخصوص ہے یا دیگر لوگوں کو بھی آنحضرت ﷺ نے بتائی ہے۔

۞ یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت علیؓ نے یہ استثناء بطور مبالغہ کیا ہو۔ جیسا شاعر کے اس قول میں ہے۔

"ولا عیب فیھم غیر ان سیوفھم"۔

۞ امام طیبیؒ فرماتے ہیں۔ اس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔ اس حدیث کے تحت دوبارہ تشریح کی ضرورت نہیں۔

ذبح کے کچھ احکامات

۴۰۷۱: وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَاقُوا الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى اَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَاُحَدِّثُكَ عَنْهُ اَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَاَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشِ وَاَصَبْنَا نَهْبَ اِبِلٍ وَغَنَمٍ فَنَدَّمِنْهَا بَعِيْرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوْا بِهٖ هٰكَذَا۔ (متفق علیہ)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۳۸' کتاب الشرکه' باب ۳ قسمة الغنم' الحدیث رقم (۲۴۸۸ ۵۵۰۹) و مسلم فی ۳ / ۱۵۵۸' الحدیث رقم (۲۰ ـ ۱۹۶۸) وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۴۷' الحدیث رقم ۲۸۲۱ والترمذی فی ۴ / ۶۹ الحدیث رقم ۱۴۹۲' والنسائی فی ۷ / ۱۹۱' الحدیث رقم ۴۲۹۷' وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۶۲' الحدیث رقم ۳۱۸۳' والدارمی فی ۲ / ۱۱۴' الحدیث رقم ۱۹۷۷' وأحمد فی المسند ۳ / ۴۶۳

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! کل دشمن (یعنی کفار) سے ہمارا مقابلہ ہونے والا ہے اور ہمارے پاس چھریاں موجود نہیں ہیں (یعنی ہوسکتا ہے کہ جنگی ہنگاموں کی وجہ سے ہمارے پاس چھریاں موجود نہ رہیں اور ہمیں جانوروں کو ذبح کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس صورت میں) کیا ہم سرکنڈے (کھپچی) سے ذبح کر سکتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز سے خون بہہ جائے اور اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو تو اس کو کھا سکتے ہو (یعنی اس جانور کو کھانا جائز ہے جو کسی بھی ایسی چیز سے ذبح کیا گیا ہو جس سے خون بہہ جائے خواہ وہ لوہا ہو یا کوئی اور چیز) مگر دانت اور ناخن کے ذریعہ ذبح کرنا درست نہیں ہے اور میں تمہیں ان (دونوں) کے بارے میں بتاتا ہوں (کہ ان کے ذریعہ ذبح کرنا کیوں درست نہیں ہے) تو (سنو کہ) دانت تو ہڈی ہے اور جہاں تک ناخن کا تعلق ہے تو وہ حبشیوں کی چھریاں ہے۔ (حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ دشمن کے) کچھ اونٹ اور بکریاں لوٹ میں ہمارے ہاتھ آئیں' ان میں سے ایک اونٹ (بدک کر) بھاگ نکلا' لیکن (ہم میں سے) ایک شخص نے تیر مار کر اس کو روک دیا (یعنی وہ اونٹ تیر کھا کر زمین پر گر گیا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ دیکھ کر) فرمایا: ''ان اونٹوں میں بعض اونٹ بھی اس طرح انسانوں سے بھاگنے والے ہوتے ہیں جس طرح جنگلی جانور' انسانوں سے بھڑکتے ہیں' لہٰذا اگر ان اونٹوں میں سے کوئی اونٹ بے قابو ہو جائے تو اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کرو''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: **قوله :يا رسول الله انا لاقوا العدو...... افنذبح بالقصب:**

لاقوا قاف کے ضمہ کے ساتھ **لقى يلقى** از باب سمع اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ نون کو اضافت کی وجہ سے حذف کیا گیا ہے۔

''**وليست معنا**'' ایک روایت میں بجائے ''معنا'' کے ''لنا'' کا لفظ ہے۔ ''**وذكر اسم الله**'' چنانچہ ایک نسخہ اور ایک روایت میں علیہ کا لفظ موجود ہے۔

''**وليست معنا مدى**'' یہ جملہ حالیہ ہے۔

''**مدى**'' میم کے ضمہ اور قصر کے ساتھ۔ مدیۃ کی جمع ہے۔ (چھری)۔

القصب: قاف اور صاد دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہڈی کے معنی میں استعمال ہو تو اس سے ہر چوڑی ہڈی مراد ہوتی ہے۔

القاموس میں ہے: **القصب محركة كل نياب ذى انابيب**''۔ مقصود دھاری دار چیز ہے، چاہے وہ ہڈی ہو یا پتھر۔

انهر: اس کے معنی خون بہانے کے ہیں اور ''صب'' کا لفظ اس وقت بولا جاتا ہے جب کثرت سے کوئی چیز بہائی جائے۔ یہاں خون کو پانی کے بہاؤ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ **والظفر** ظاء اور فاء دونوں کے ضمہ کے ساتھ اس آیت: **وحرمنا عليهم كل ذى ظفر**۔ میں لفظ ''ظفر'' کے ظاء اور فاء کے ضمہ کی قرأت پر تمام قراء کا اجماع ہے۔ ظاء کے کسرہ اور فاء کے سکون کے ساتھ پڑھنا شاذ ہے۔ (قاموس)

الحبش حاء مہملہ کے ضمہ اور یاء کے سکون کے ساتھ۔ اکثر نسخوں میں اس طرح منقول ہے۔ البتہ ایک نسخہ میں حاء اور باء دونوں کے فتحہ کے ساتھ منقول ہے۔ یہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ ایک سوڈانی وحشی قوم کا نام ہے اس کی جمع ''حبشان'' اور ''احابش'' آتی ہے۔ قبیلہ کی طرف نسبت ہے۔ یا باقبیلہ کے جدّ طرف نسبت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اوابد: آبدة کی جمع ہے۔

''ما انهر الدم وذكر اسم الله فكل'' امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ما شرطیہ وموصولہ دونوں ہوسکتا ہے۔ اگر شرطیہ بنائیں تو ''فكلي'' اس کی جزاء بنے گی۔ اگر مبتداء بنائیں تو ''فكل'' خبر ہوگی۔

الام کا ''ال'' مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اصل عبارت یوں ہے۔ ''دم صيد'' جبکہ ''ذكر اسم الله'' لفظ ''دم'' سے حال ہے۔ (طیبی)

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں بظاہر مضاف الیہ ''صید'' سے اعم ہے کیونکہ وہ ہر ذبیحہ کو شامل ہے۔ مصاف الیہ مقدر ماننے کی ضرورت ہی نہیں۔ چنانچہ صحابہ کرام کا کردہ سوال افنذبح ؟ بھی اس پر دلالت کرتا ہے۔ وذکر ''اسم الله'' کا عطف ما انهر الدم پر ہے۔ چاہے ''ما'' شرطیہ ہو یا موصولہ، یہاں حکم پورے مرکب پر مرتب ہے۔

ليس السن والظفر: یہاں لیس ''الا'' کے معنی میں ہے۔ ای ا لا السن والظفر''

کتاب الفائق میں لکھا کہ ''لیس'' بطور کلمہ استثناء استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں: ''جاء القوم ليس زيدًا'' یہ الا زيدًا کے معنی میں ہے۔ نحویوں کے ہاں اس کی تقدیری عبارت ''ليس بعضهم زيدًا'' ہے یا ''لا يكون بعضهم زيدًا'' بہر حال استثناء کے معنی موجود ہیں۔

''وسأ حدثك عنه'' یہاں سین محض تاکید کیلئے ہے۔ مطلب یہ ہے۔ مستثنیات کی تفصیل اور استثناء کا سبب ابھی بتا دیتے ہیں، اگرچہ ان دونوں کا حکم استثناء کے ذیل میں اجمالاً ذکر کر چکا ہوں۔

قوله: وأصبنا لهب ابل وغنم ......:

''ان لهذا الابل اوابد'' اسم اشارہ اور لام کے متعلق مشہور ائمہ کی دو آراء ہیں:

⌘ امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اسم اشارہ سے جنس ابل کی طرف اشارہ ہے اور لام ''من'' تبعیضہ کے معنی میں ہے۔

⌘ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: لام کو اپنے ہی معنی پر محمول کیا جانا چاہیے، تبعیضیت خود اسم انّ سے مستفاد ہے۔ کیونکہ وہ نکرہ ہے۔ جس طرح آیت مبارکہ: سبحان الذی اسرٰی بعبده ليلاً میں لیلاً نکرہ ہے، اور اس سے ''بعضُ الليل'' مراد ہے۔

ملا علی قاریؒ امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو ترجیح دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ یہاں امام طیبیؒ سے تسامح ہوا ہے۔ چونکہ انہوں نے اسم وخبر کے ایک دوسرے پر حمل کی صحت وعدم صحت پر غور نہیں کیا۔

⌘ قاضی عیاضؒ اس کے متعلق فرماتے ہیں: یہاں اصل میں دو مقدمے تھے جن میں سے دوسرے مقدمے کو حذف کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ صحابہ کرام کے ہاں اس مسئلہ کی تحقیق اور وضاحت پہلے سے موجود تھی کہ کسی بھی ہڈی سے ذبح کرنا جائز نہیں۔ جس کی طرف آپ ﷺ ''الا لسن'' فرما کر اشارہ فرمایا۔ اھ

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ بات ماننے کی کوئی ضرورت نہیں کہ صحابہ کرام کے تئیں یہ مسئلہ بالکل واضح تھا۔ ہم آنحضرت ﷺ کی بیان کردہ علت ہی سے استدلال کر سکتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے دانت کا استثناء فرمایا ہے اور دانت ہڈی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔لہٰذا ہر ہڈی کا یہی حکم ہوگا۔

⌘ شیخ ابن صلاح اور شیخ عبدالسلام فرماتے ہیں کہ اس موضوع پر بہت زیادہ تحقیق وتفتیش اور غور وفکر کے باوجود میں یہ جاننے میں ناکام رہا ہوں کہ ہڈی کے ذریعہ ذبح کرنے کی ممانعت کی کیا معقول وجہ ہے؟ جہاں تک حدیث کا تعلق ہے تو اس میں صرف یہ فرمایا گیا ہے کہ دانت سے ذبح کرنا اس لئے درست نہیں کہ وہ ہڈی ہے اس کے علاوہ اور کسی ظاہری علت وسبب کی طرف اشارہ نہیں۔

⌘ امام نوویؒ اس کی علت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: وجہ یہ ہے کہ اگر ہڈی سے ذبح کیا جائے گا۔تو وہ ہڈی ذبیحہ کے خون سے نجس ہوجائے گی اور ہڈی کو ناپاک کرنے کی ممانعت منقول ہے۔کیونکہ ہڈی کو جنات کی خوراک بتایا گیا ہے۔

ہڈی سے ذبح کرنے کے متعلق ائمہ رحمۃ اللہ علیہم کے مذاہب ودلیل:

دانت اور ہڈی سے ذبح کرنے کے متعلق ائمہ کے مختلف اقوال ہیں۔

⌘ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: کسی بھی ہڈی سے جانور کو ذبح کرنا جائز نہیں اور دلیل یہ جملہ ہے: **الا السن والظفر**۔

⌘ امام شافعیؒ اور ان کے ہم خیال حضرات فرماتے ہیں: ہڈی سے ذبح کرنا مطلقاً جائز نہیں، چاہے وہ دانت ہو یا اور کوئی ہڈی متصل ہو یا منفصل۔

اور وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ آنحضرت نے دانت کی نفی استثناء فرمائی ہے۔اس لئے کہ یہ ہڈی ہے۔لہٰذا اس سے خود بخود معلوم ہوا کہ مطلقاً ہڈی سے ذبح کرنا جائز نہیں، اور نہ وہ گوشت کھانا حلال ہے۔

⌘ امام مالکؒ سے دو روایتیں منقول ہیں۔مشہور روایت یہ ہے کہ دانت سے ذبح کرنا جائز نہیں، متصل ہو یا منفصل۔دانت کے علاوہ دیگر کسی ہڈی سے ذبح کریں تو جائز ہے۔

⌘ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک یہ ہے کہ ان دانتوں اور ناخن کے ذریعہ ذبح کرنا جائز نہیں جو متصل ہوں۔ہاں جو دانت اور ناخن اپنی جگہ سے اکھڑ کر الگ ہوچکے ہوں ان کے ذریعہ ذبح کرنا جائز ہے لیکن یہ جواز کراہت کے ساتھ ہے۔(وجہ کرامت آگے آرہی ہے) تاہم اس ذبیحہ کا گوشت کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

ہماری دلیل حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔(ملاحظہ فرمائیے اگلی حدیث باب)

ہم اس حدیث کی وجہ سے یہ کہتے ہیں جب پتھر آلہ ذبح بن سکتا ہے تو جو ناخن اور دانت منفصل ہوں تو ان سے بھی جراحت ثابت ہوجائے تو وہ ذبح بھی درست ہونا چاہیے۔لیکن ہم کراہت اس لئے بتلاتے ہیں کہ اس میں جانور کیلئے ضرر ہے کیونکہ ناخن وغیرہ میں وہ تیزی نہیں ہوتی جو چھری پتھر وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔رہی بات غیر منزوع (اکھڑے ہوئے) دانت اور ناخن کی تو ان سے ذبح کرنے کو ہم اس لئے ممنوع قرار دیتے ہیں کہ یہ گلہ گھونٹنے کے مترادف ہے، اس کو کوئی ذبح نہیں کہتا۔

حضرت رافع اس حدیث کا تعلق بغیر اکھڑے ہوئے دانت اور ناخن کے ذریعہ ذبح کرنے والے مسئلہ کے ساتھ ہے۔اس طرح دونوں روایتوں میں موافقت ہوجائے گی۔نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حبشیوں کی مشابہت سے منع فرمایا اور حبشیوں کا یہی طریقہ تھا کہ وہ پالتو اور غیر پالتو ہر طرح کے جانور کو منہ کے دانتوں سے کاٹ کر اور ناخنوں سے نوچ کر مار ڈالتے تھے۔وہ اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دانت تیز رکھتے تھے اور ناخن تراشتے نہ تھے۔ امام طیبی فرماتے ہیں اگر ناخن سے ذبح کرنا بوجہ تشبہ بالکفار حرام ہے تو اس کا تقاضا ہے کہ چھری کے ساتھ ذبح کرنا بھی حرام ہونا چاہئے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ چھری سے ذبح کرنا اصل ہے اس کے ملحقات و متفرعات میں تشبہ کا اعتبار کیا گیا ہے، چونکہ یہ ضعیف ہیں۔ اھ واضح رہے کہ وہ تشبہ ممنوع ہے جو ان کا شعار ہو، اور ان کے ساتھ مخصوص بھی ہو۔ لہٰذا مذکورہ بالا اعتراض اصلاً ساقط ہے۔

عرض مرتب:

ذہن نشین رہے کہ تشبہ اور مشابہت میں فرق ہے۔ تشبہ اسے کہتے ہیں کہ باقاعدہ قصد اور اختیار سے آدمی دوسری ملت والے کے مشابہہ بننے کی کوشش رہے تاکہ میں ان جیسا نظر آؤں یہ تو ناجائز اور حرام ہے اور دوسری چیز ہے مشابہت۔ وہ یہ ہے کہ ان جیسا بننے کا قصد اور ارادہ تو نہیں تھا، لیکن بلا قصد ان کے ساتھ مشابہت ہوگئی۔ یہ ''مشابہت'' حرام تو نہیں ہے۔ البتہ مکروہ تنزیہی ہے۔ اس لئے حتی الامکان مشابہت سے بھی بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ (تقریر ترمذی۔ ج۔۲: ص ۳۳۱ ملخصاً)

''**فاذا غلب علیکم......ھکذا**''۔ اگر گھر کا پالتو کوئی جانور جیسے اونٹ' گائے اور بکری وغیرہ بھاگ کھڑا ہو تو وہ ذبح کے معاملہ میں وحشی جانور کے شکار کی مانند ہوگا کہ جس طرح وحشی جانور پر بسم اللہ پڑھ کر مثلاً تیر چلایا جائے تو وہ تیر اس جانور کے جسم کے جس حصہ پر بھی لگ کر اس کو ختم کردے گا وہ ذبیحہ کے حکم میں ہو جائے گا' اسی طرح اس بھاگنے والے پالتو جانور کا سارا جسم اور اس کے سارے اعضاء بھی ''ذبح کی جگہ'' ہوں گے۔ چنانچہ بسم اللہ پڑھ کر اس پر چلایا جانے والا تیر اس کے جسم کے جس حصے میں لگ کر اس کو ختم کردے گا اس کا گوشت حلال ہوگا اور یہی حکم اس صورت میں ہے جب کہ اونٹ وغیرہ کنوئیں یا اس طرح کے کسی اور گڑھے وغیرہ میں گر پڑیں! یہاں خاص طور پر صرف اونٹ کا ذکر شاید اس لئے کیا گیا ہو کہ اس میں توحش بہت زیادہ ہوتا ہے۔

اس میں مزید دلیل آنحضرت ﷺ کی حدیث ہے: **لو طعنت فی فخذھا لاجزأ عنك۔**

اس حدیث میں ان ہی جانوروں کا حکم بیان ہوا ہے جن پر انسان کو ذبح اختیاری کی قدرت حاصل نہ ہو۔

اگر کوئی وحشی جانور انسان سے مانوس ہو جائے تو اس کو اس طرح ذبح کیا جائے جس طرح پالتو جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔ یعنی ''آلہ ذبح'' سے ذبح کرنا ضروری ہے۔

پتھر کے ذریعہ ذبح کئے گئے جانور کا بیان

۴۰۷۲: وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ كَانَ لَهٗ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَاَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهٖ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهٗ بِاَكْلِهَا۔ (رواہ البخاری)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۴ / ۴۸۲ کتاب الوکالة' باب اذا ابصر الراعی او الوکیل شاۃ تموت' الحدیث رقم ۲۳۰۴ وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۶۲' الحدیث رقم ۳۱۸۲

ترجمہ: ''اور حضرت کعب بن مالک ~~(انصاری)~~ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان (کعبؓ) کے پاس بکریوں کا ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ریوڑ تھا جو مدینہ کی ایک پہاڑی سلع پر چرا کرتا تھا۔ (ایک دن) ہماری ایک لونڈی نے ہماری بکریوں میں سے ایک بکری کو مرنے کے قریب دیکھا تو اس نے ایک پتھر کا ٹکڑا توڑا اور اس ٹکڑے کے ذریعہ اس بکری کو ذبح کر دیا۔ پھر (کعبؓ نے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا (اس صورت میں اس بکری کا گوشت کھانا حلال ہے یا نہیں؟) انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس (بکری کا گوشت) کھانے کا حکم فرمایا۔" (بخاری)

تشریح: قوله :انه كانت له غنم......:

"انه كان" مشکوۃ کے موجود متن میں كانت ہے ملا علی قاریؒ کے زیر نظر مشکوۃ کے نسخہ میں شاید کان کے الفاظ تھے۔ اس لئے وہ فرماتے ہیں ایک نسخہ میں بجائے کان کے كانت ہے۔

اللغات: "ترعى "فعل مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ "سلع "سین کے فتحہ لام کے سکون اور عین مہملہ کے ساتھ) مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے۔ کچھ کا کہنا یہ ہے کہ یہ ایک گھاٹی کا نام ہے۔

موتاً کا مضاف محذوف ہے۔ ای اثر موت۔

"غنم" بکریوں کا ریوڑ۔

جارية سے لڑکی مراد ہے یا لونڈی مراد ہے۔

ہر معاملہ میں "احسان" لازم ہے

۴۰۷۳: وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَاِذَا ذَبَحْتُمْ فَاَحْسِنُوْا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ اَحَدُكُمْ شَفْرَتَهٗ وَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهٗ۔ (رواه مسلم)

تخريج: اخرجه مسلم فی صحيحه ۳ / ۱۵۴۸ كتاب الصيد والذبائح' باب الامر باحسان الذبح والقتل' الحديث رقم (۵۷ ـ ۱۹۵۵) وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۴۴ الحديث رقم ۲۸۱۵' والترمذی فی ۴ / ۱۶' الحديث رقم ۱۴۰۹' والنسائی فی ۷ / ۲۲۹' الحديث رقم ۴۴۱۲' وابن ماجه فی ۲ / ۱۱۵۰۸ الحديث رقم ۳۱۷۰' والدارمی فی ۲ / ۱۱۲ الحديث رقم ۱۹۷۰' وأحمد فی المسند ۴ / ۱۲۳

ترجمہ: "اور حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پر احسان کرنے کو لازم کیا ہے (یعنی حق تعالیٰ کی طرف سے ہر کام کو حسن و خوبی اور نرمی کے ساتھ انجام دینے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ سزاءً کسی کو قتل کرنے یا جانوروں کو ذبح کرنے میں بھی مہربانی و نرم دلی اور خوبی و نرمی کا طریقہ اختیار کرنا لازم ہے) جب تم (کسی شخص کو قصاص یا حد کے طور پر) قتل کرو تو اس کو نرمی و خوبی کے ساتھ قتل کرو (تاکہ اس کو ایذاء نہ ہو مثلاً تیز تلوار استعمال کرو اور قتل کرنے میں جلدی کرو) اور جب تم کسی جانور کو ذبح کرو تو خوبی و نرمی کے ساتھ ذبح کرو لہٰذا تم میں سے ہر شخص اپنی چھری کو تیز کر لے اور اپنے ذبیحہ (یعنی ذبح کئے جانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والا جانور) کو آرام پہنچائے''۔ (مسلم)

تشریح: ''کتب الاحسان علی کل شئ'' یہاں ''علی'' یا تو الی کے معنی میں ہے۔ ای کتب الی کل شیء یا ''فی'' کے معنی میں ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر ذی روح کے معاملہ میں احسان (خوبی ونرمی) کا حکم فرمایا ہے۔ چاہے وہ زندہ ہو یا مردہ، انسان ہو یا حیوان۔ چنانچہ اس آیت مبارکہ میں بھی ''علی'' اسی معنیٰ میں ہے: ودخل المدینۃ علی حین غفلۃ۔

[القصص: ۱۵]

امام شمنیؒ فرماتے ہیں۔ یہاں ''علی'' بمعنیٰ ''لام'' ہے۔ یہ یا تو ''احسان'' کے متعلق ہے۔ یا ''کتب'' کے انسانوں کو یہاں ایک اور لفظ ''علی'' کو محذوف ماننا ضروری ہے جو استعلاء مجازی کے معنی میں ہو اور وہ کتب کے متعلق ہوگا۔

تقدیری عبارت یوں ہوگی۔ ''کتب علی الناس الا حسان لکل شئ''، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو ہر چیز کے ساتھ نرمی کا حکم فرمایا ہے۔

''ان اللّٰہ تبارك وتعالٰی کتب الاحسان علی کل شئ''

اس عبارت سے ان کا مقصود عموم بیان کرنا ہے کہ احسان والا معاملہ صرف انسان کے ساتھ خاص نہیں بلکہ اللہ کی ساری مخلوق اس کی محتاج ہے۔ ہر ایک کے ساتھ احسان والا معاملہ ہونا چاہیے وہ انسان ہو یا حیوان زندہ ہو یا مردہ۔ اس سے خود آنحضرت ﷺ کا رحمت اللعالمین ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکارم اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا ہے آپ ﷺ کی بات کو بھی آپ کی متابعت کرتے ہوئے اس میں سے حظ وافر حاصل کرنا چاہیے۔

امام طیبیؒ کہتے ہیں یہاں احسان سے مراد یہ ہے کہ جانور کو ذبح کرنے سے پہلے چھری اچھی طرح تیز کر لی جائے۔ ذبحہ کے وقت چھری جلدی چلانا مستحب ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث بھی جوامع الکلم میں سے ہے اور ایک قاعدہ پر مشتمل ہے۔ کہ انسان کو جب قصاصاً یا حدًا قتل کیا جائے۔

یا جانور کو ذبح کیا جائے تو احسان کا معاملہ کیا جائے۔

علماء احناف فرماتے ہیں:

۱۔ کہ ذبح کئے ہوئے جانور کی کھال اتارنا اس وقت تک مکروہ ہے جب تک کہ وہ اچھی طرح ٹھنڈا نہ ہو جائے۔

۲۔ جس جانور کو ذبح کیا جانے والا ہے۔ اس کے سامنے چھری تیز نہ کی جائے۔ اسی طرح ہر وہ بلا فائدہ کلام جو تعذیب کا باعث ہو، اس حدیث کے پیش نظر مکروہ ہے۔

امام حاکمؒ نے اپنی مستدرک میں حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں ایک صحابی نے ذبح کرنے کی غرض سے بکری لٹائی۔ بکری لیٹانے کے بعد چھری تیز کرنا شروع کی۔ آنحضرت ﷺ نے یہ حال دیکھ کے فرمایا: کیا دو مرتبہ اس کو مارنا چاہتے ہو؟ اس کو لٹانے سے قبل چھری تیز کر لیتے۔ [الحاکم فی المستدرک۔ ۴/۲۳۱]

۳۔ ذبح میں ''نخع'' مکروہ ہے۔ ''نخع'' کے مختلف مطالب بیان کئے گئے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1 قربانی کے جانور کو ذبح کرتے وقت حرام مغز تک چھری لے جانا مکروہ ہے۔ 2 بعض کہتے ہیں کہ موضع ذبح کو ظاہر کرنے کیلئے جانور کی گردن کو کھینچنا ''نخاع'' کہلاتا ہے۔ بعض کہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ذبح کرتے وقت جان کنی سے قبل ہی جانور کی گردن توڑ ڈالنا نخع کہلاتا ہے۔ جو کہ تعذیب ہے اور حرام ہے۔

چنانچہ طبرانی نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے: ان النبی ﷺ نهی عن الذبيحة ان تفرس۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں اکثر نسخوں میں لفظ ''الذبیحه'' ذال، کے فتحہ اور بغیر ہاء مدّ ورہ کے (الذبح) روایت کیا گیا ہے۔ البتہ کچھ نسخوں میں ذال کے کسرہ اور ھاء مدّ ورہ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔ جس طرح کے لفظ ''قتله'' ہے۔

قتلة : قاف کے کسرہ کے ساتھ اسی حالت کا نام ہے جس حالت پر بیٹھ کر قاتل قتل کرتا ہے۔ یہاں ذبیحہ مراد ہے کہ جیسے ذبح کرنے والا ذبح کرتا ہے۔

جیسے ''جِلْسَة'' اور ''رِكْبَة'' یعنی ''فِعْلَةٌ'' کے وزن پر ہے۔

''ليحد'' یاء کے ضمہ، حاء کے کسرہ اور دال مشدد مفتوح کے ساتھ اور مکسور بھی پڑھنا جائز ہے۔

شفرته : شین کے فتح کے فتحہ کے ساتھ۔

يسرح یاءُ کے ضمہ اور راء کے کسرہ کے ساتھ اس کے معنی نرمی کے ساتھ ذبح کر کے کھلا چھوڑ دے، یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو جائے۔ عرب کہتے ہیں: اراح الرجل ۔

یہ دونوں افعال احسان فی الذبح کا بیان ہیں۔

۴۰۷۴: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى اَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةٌ اَوْغَيْرُهَا لِلْقَتْلِ ۔ (متفق عليه)

تخریج : اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ٦٤٢، الحديث رقم ٥٥١٤، وأحمد فی المسند ۲ / ۹٤ و مسلم، كتاب الذبائح و الصيد، باب ما يكره من الثلثة و المصبورة و المجثمة، الحديث رقم ٥٥١٤۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ اس بات سے منع فرماتے تھے کہ کسی چوپائے یا کسی اور چیز کو قتل کرنے کے لئے (رسّی سے) باندھ کر نشانہ لگایا جائے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله :سمعت رسول الله......:

تصبر فعل مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔

''ينهى ان تصبر'' اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔

1 کسی جانور کو باندھ کر تیروں پتھروں یا گولیوں سے مارنا ممنوع ہے۔

2 کسی چوپایہ وغیرہ کو بغیر دانے پانی کے بند کر کے مار ڈالنا ممنوع ہے۔

امام احمدؒ، امام مسلمؒ اور ابن ماجہؒ نے حضرت جابر ؓ سے نقل کیا ہے:۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"انه ﷺ نهى عن ان يقتل شئ من الدواب صبرًا "۔

جبکہ امام داؤد نے ابوایوب سے یوں نقل کیا ہے: نهى عن قتل الصبر ۔

فائدہ : کہا جاتا ہے ان احادیث کے خلاف کرنے والا سب سے پہلے شخص حجاج بن یوسف تھا جس نے ایک لاکھ بیس ہزار صحابہ وتابعین، شریف وضعیف کو اس طرح ہلاک کیا اور جو لوگ جنگ وغیرہ میں مارے گئے ان کی تعداد اس کے علاوہ ہے۔

ذی رُوح پر نشانہ بازی کرنے والا ملعون ہے

۴۰۷۵: وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا. (متفق عليه)

تخریج : اخرجه البخاری فی صحيحه ۹ / ۶۴۳، الحديث رقم ۵۵۱۵، و مسلم، كتاب الصيد والذبائح، باب النهی عن اصبر البهائم، الحديث رقم (۵۹ ۔ ۱۹۵۸) والنسائی فی السنن ۷ / ۲۳۸، الحديث رقم ۴۴۱، وأحمد فی المسند ۲ / ۸۶

ترجمہ: "اور حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اس شخص پر لعنت فرمائی ہے جو کسی ذی روح (یعنی جاندار) چیز کو باندھ کر اس پر نشانہ لگائے"۔ (مسلم)

تشریح: "غرضًا" غین اور ضاد دونوں معجمہ ہیں اور دونوں کے بیچ راء مہملہ ہے۔ ہدف نشانہ۔

"یہ حدیث بھی حدیث سابقہ کے جملہ "ينهى ان تصبر" کی تائید ہے۔ اس کے علاوہ اس حدیث سے جانوروں کے مثلہ کرنے کی ممانعت پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ حضرت جابرؓ کی مرفوع روایت ہے: لعن الله من مثل با لحيوان "جانوروں کے مثلہ کرنے والوں پر اللہ کی لعنت ہے۔" یعنی جانور کے کان یا دم وغیرہ کاٹنا۔

توضیح و تخریج: یہ حدیث امام مسلم بخاری اور نسائی نے بھی نقل کی ہے۔

عرضِ مرتب:

مرتب عرض کرتا ہے صاحب تخریج کا کہنا ہے کہ مجھے یہ روایت صحیحین میں نہیں مل سکی۔

جاندار پر نشانہ بازی کی ممانعت

۴۰۷۶: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَتَّخِذُوْا شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔

(رواه مسلم)

تخریج : اخرجه مسلم فی صحيحه ۳ / ۱۵۴۹ كتاب الصيد والذبائح، باب ۱۲، الحديث رقم (۵۸ ۔ ۹۵۷) والنسائی فی السنن ۷ / ۲۳۸، الحديث رقم ۴۴۴۳، وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۶۳، الحديث رقم ۳۱۸۷، وأحمد فی المسند ۱ / ۲۱۶

ترجمہ: "اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کسی ایسی چیز کو جس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روح ہو (باندھ کر) نشانہ نہ بناؤ''۔

تشریح: ''امام نوویؒ کہتے ہیں اس حدیث میں نہی تحریم کے لئے ہے یعنی مکروہ تحریمی مراد ہے کیونکہ دوسری جگہ ارشاد فرمایا: لعن اللہ من فعل ھذا۔

جانور کو اس طرح مارنے سے چار طرح کی قباحتیں جمع ہوتی ہیں: [۱] تعذیب [۲] اتلاف نفس۔ [۳] مال کا ضیاع [۴] اگر وہ جانور حلال جانور میں سے تھا تو ذبح کرنے کے حکم شرعی کی تفویت لازم آتی ہے اور اگر حلال جانور نہیں تھا تو اس صورت میں اس منفعت کی تفویت لازم آتی ہے، جو اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھی ہے۔

تخریج و توضیح: جامع صغیر میں حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً یوں مروی ہے: ''نھی ان یتخذ شئ فیہ الروح غرضًا''۔ اس کو احمد ترمذی اور نسائی نے نقل کیا ہے۔ [الجامع الصغیر ۲/ ۵۹۷، الحدیث رقم ۹۵۴۶]

منہ پر مارنے اور داغنے کا بیان

۴۰۷۷: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ وَعَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ۔ (رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳ / ۱۶۷۳ کتاب اللباس و الزینته' باب النهی عن ضرب الحیوان فی وجهه ووسمه فیه' الحدیث رقم (۱۰۶ ۔ ۲۱۱۶) وأخرجه الترمذی فی السنن ٤ / ۱۸۳' الحدیث رقم ۱۷۱۰' وأحمد فی المسند ۳ / ۳۱۸

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پر (طمانچہ) مارنے اور منہ پر (جلا کر) داغ دینے سے منع فرمایا ہے (یعنی کسی آدمی یا جانور کے منہ پر طمانچہ یا کوڑا وغیرہ نہ مارا جائے اور نہ کسی کے منہ پر داغ دیا جائے)۔ (مسلم)

تشریح: منہ پر مارنا مطلقاً ممنوع ہے۔ انسان ہو یا حیوان۔ چاہے انسان کافر ہو یا مسلم، البتہ حالت جنگ میں کافر کے منہ پر وار کرنے کی گنجائش ہے۔ جامع صغیر میں یوں منقول ہیں:

''نھٰی عن الوسم فی الوجہ والضرب فی الوجہ'' اور فرمایا: یہ روایت امام احمدؒ مسلم اور ترمذی نے جابرؓ سے نقل کی ہے۔ جبکہ طبرانی نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کی ہے۔

طبرانی میں الفاظ یوں ہیں: ''لعن اللہ من یسم فی الوجہ''۔

امام ترمذیؒ اور حاکمؒ نے حضرت عمران ابن حصین سے نقل کیا ہے: نھٰی عن الکی۔

منہ کو داغنے کا بیان

۴۰۷۸: وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ حِمَارٌ وَقَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهٖ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِيْ وَسَمَهٗ۔ (رواہ مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: اخرجه مسلم فی صحیحه ۳ / ۱۶۷۳ كتاب اللباس والزينته' باب النهى عن ضرب الحيوان في وجهه ووسمه فيه' الحديث رقم (۱۰۷ - ۲۱۱۷) وأبو داود في السنن ۳ / ۵۷ الحديث رقم ۲۵۶۴' وأحمد في المسند ۳ / ۲۹۷

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے ایک گدھا گزرا جس پر داغ دیا گیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کو دیکھ کر) فرمایا: ''اس شخص پر لعنت ہو جس نے اس کو داغا ہے''۔ (مسلم)

امور نحویہ: ''**وقد وسم فی وجهه**'' ''**وسم**'' کا مفعل مطلق محذوف ہے۔ ای'' **وسمًا فاحشًا**'' اور یہ جملہ ''حمار'' سے حال ہے۔

تشریح: **لعن الله الذی وسمه**: اگر یہاں یہ سوال پیدا ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گدھے کے منہ پر داغ دینے والے پر لعنت فرمائی حالانکہ مسلمانوں پر لعنت کرنے سے منع کیا گیا ہے؟ اس اشکال کے متعدد جوابات دیئے گئے ہیں: ① ہوسکتا ہے کہ داغنے والا مسلمان نہ ہو بلکہ داغنے والا کافر ہو اس وجہ سے آپ نے لعنت فرمائی۔ اس کی کراہت کو تغلیظاً بیان کرنا مقصود تھا۔ اس لئے لعنت کے الفاظ استعمال فرمایا یا منافقین میں سے ہو احتمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ لعنت کرنا بددعا کے طور پر نہ ہو بلکہ ''اخبار بالغیب'' کے طور پر ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جملہ کے ذریعہ گویا یہ خبر دی ہے کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں لعنت کا مستوجب قرار دیا گیا ہے۔ بایں طور کہ اس نہی کا علم ہونے کے باوجود اس نے اس فعل کی جسارت کی۔ اس شخص پر سے اللہ کی رحمت اٹھالی گئی ہے۔

ایک صحیح حدیث میں ہے۔ ''**الراحمون یرحمهم الرحمن**'' ''رحم کرنے والوں پر ''رحمٰن'' رحم کرتا ہے۔

امام طیبیؒ کہتے ہیں: ممکن ہے کہ وہ داغنے والا کافر ہو اور یہ احتمال بھی ہے کہ اس کی کراہت کو تغلیظاً بیان کرنا مقصود تھا جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی ہے:

لعن الله من اتخذ شیئا فیه الروح ......:

امام نوویؒ فرماتے ہیں کسی بھی جاندار کے منہ کو داغنا بالاجماع ممنوع ہے۔ انسان کے منہ کو داغنے کی حرمت تو اس کی کرامت کی وجہ سے ہے۔ نیز اس کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ تعذیب کے سوا کچھ بھی نہیں۔ غیر انسان کے چہرے کو داغنا اصحاب شوافع میں سے اکثر کے نزدیک مکروہ ہے۔

امام بغویؒ فرماتے ہیں: داغنا جائز نہیں۔ اس حدیث کا ظاہر اس کی حرمت پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ لعنت کرنا حرمت کا تقاضا کرتا ہے۔

چہرے کے علاوہ کسی اور حصہ کا داغنا:

جانور کے منہ کے علاوہ اس کے جسم کے کسی اور حصے پر ''داغنا جائز ہے۔ امتیاز و تعین کے مقصد سے زکوۃ اور جزیہ کے جانوروں کو چہرہ کے علاوہ کسی اور جگہ داغنا مستحب ہے۔ البتہ مستحب یہ ہے کہ چھوٹے جانور کے کان پر اور اونٹ گائے وغیرہ کی ران کے آخری حصہ پر داغا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

جہاں تک آدمیوں کے باقی جسم کو کو داغنے کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں آنحضرت ﷺ اور صحابہ کے مختلف اکبار و آثار قولاً وفعلاً منقول ہیں، جو تین طرح کے ہیں:

1. بعض اقوال یہ ثابت کرتے ہیں کہ یہ اچھا فعل نہیں۔
2. بعض اقوال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نہ داغنا مستحسن ہے۔
3. بعض اقوال صریح ممانعت کو ثابت کرتے ہیں۔

تطبیق کی صورت یہ ہے کہ جن اقوال میں انسانی جسم داغنے کی ممانعت مذکور ہے ان کا تعلق قصداً بلا ضرورت داغنے سے ہے۔ ہاں اگر کسی مرض وغیرہ کے سلسلے میں داغ دینے کی ضرورت ہو تو جائز ہے۔ البتہ (علاج کی نیت سے) انسانی جسم کے کسی حصہ کو داغنا اسباب وہمیہ میں سے ہے۔ اس کو اختیار کرنا جذبۂ توکل اور اعتماد علی اللہ کے اعتبار سے مناسب نہیں۔ ہاں اگر اس بات کا ظن غالب ہو کہ داغنا، مرض کے دفیعہ کیلئے ایک سودمند علاج ہوگا تو اس صورت میں اس کو اختیار کرنا غیر مناسب نہیں ہوگا۔ چنانچہ اہل فتویٰ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے کہ داغنا بذات خود مکروہ تحریمی ہے۔ مگر ظن غالب حاصل ہونے کی صورت میں بایں طور کہ طبیب حاذق یہ کہہ دے کہ مرض کے دفعیہ کا انحصار داغنے پر ہے اور اس کے علاوہ دوسرا علاج نہیں ہے، تو داغنا مکروہ تحریمی نہیں ہوگا۔ (مظاہر حق)

"داغنے کی وجہ ممانعت":

بعض حضرات کہتے ہیں کہ داغنے کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ زمانہ جاہلیت میں اہل عرب اس بات پر پختہ عقیدہ رکھتے تھے کہ داغنا مرض کے دفعیہ کیلئے ایک قطعی علاج ہے۔

ظاہر ہے اسلامی نقطہ نظر سے یہ ایک باطل عقیدہ تھا۔ اس لئے مسلمانوں کو اس سے منع کیا گیا۔ (مظاہر حق)

جانوروں کو داغنے کا بیان

۴۰۷۹: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَدَوْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهٗ فَوَافَيْتُهٗ فِیْ يَدِهِ الْمِيْسَمُ يَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَةِ. (متفق عليه)

تخریج: اخرجه البخارى فى صحيحه ٣ / ٣٦٦ كتاب الزكوة، باب وسم الامام اهل الصدقة بيده، الحديث رقم ١٥٠٢، و مسلم فى ٣ / ١٦٧٤، الحديث رقم (١٠٩ ـ ٢١١٩)

ترجمہ: "اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں (ایک دن) صبح کے وقت عبداللہ بن ابوطلحہ کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے گیا تاکہ آپ ﷺ ان کو گھٹی دیں (یعنی کھجور چبا کر اس کے تالو میں لگا دیں) چنانچہ اس وقت میں نے آپ ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپ ﷺ کے دست مبارک میں داغنے والا آلہ تھا جس کے ذریعہ آپ ﷺ زکوٰۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اونٹوں کو داغ رہے تھے"۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: "لیحنکه" نون کی تشدید کے ساتھ۔ کتاب الفائق میں تخفیفاً و مشدداً دونوں طرح سے منقول ہے۔

میسم میم کے کسرہ کے ساتھ اسم آلہ ہے۔ وہ آلہ جس سے جانوروں کو داغا جاتا تھا۔

یسم: فعل مضارع کا صیغہ ہے۔ **وسم یسم وعده یعده** کی طرح ضرب سے ہے۔

فی یده المیسم: یہ جملہ حالیہ ہے۔

تشریح: عبداللہ ابن ابی طلحہ حضرت انسؓ کے اخیافی بھائی ہیں۔ ان کو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں تحنیک کی غرض سے لے کے جا رہے تھے۔ یہ بچوں میں حصول برکت کیلئے ایک سنت عمل ہے۔

عرضِ مرتب:

مرتب عرض کرتا ہے اس کے تفصیلی احکام "کتاب العقیقہ" میں ملاحظہ فرمائیے۔

قوله :بسم ......:

"**اهل الصدقه**" آنحضرت ﷺ صدقہ کے اونٹوں کو ممتاز کرنے کی غرض سے نشان لگا رہے تھے۔ اس حدیث کو منہ کے علاوہ جسم کو داغنے پر محمول کیا جائے گا۔ اگرچہ یہاں اس کی تصریح نہیں ہے اور نہی والی احادیث منہ پر داغنے اور بلا ضرورت داغنے پر محمول ہیں۔

جانور کے کس حصہ پر داغا جائے؟

۴۰۸۰: وَعَنْ هِشَّامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ مِرْبَدٍ فَرَأَيْتُهُ يَسِمُ شَاءً حَسِبْتُهُ قَالَ فِيْ اٰذَانِهَا (متفق عليه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ٦٥٣، کتاب الذبائح و الصید، باب الوسم والعلم فی الصوة، الحدیث رقم ٥٥٤٢ و مسلم فی ٣ / ١٦٧٤، الحدیث رقم (١١١ ـ ٢١١٩) و أبو داود فی السنن ٣ / ٥٧ الحدیث رقم ٢٥٦٣

ترجمہ: "اور حضرت ہشام بن زیدؒ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں (ایک دن) نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت آپ ﷺ جانوروں کے باڑے میں تھے، میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ بکریوں وغیرہ (کے کسی عضو) پر داغ دے رہے تھے"۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بیان کیا تھا کہ آپ ﷺ ان (بکریوں وغیرہ) کے کان پر (داغ لگا) رہے تھے"۔ (بخاری و مسلم)

"**مربد**" کی لغوی تحقیق میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔

① ابن الملک کہتے ہیں: مربد میم کے کسرہ راء کے سکون اور باء کے فتحہ کے ساتھ "ربد" سے مشتق ہے۔ جانوروں کا باڑا (خواہ اونٹ کا ہو، خواہ بکری، گائے وغیرہ کا ہو)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿۲﴾ امام طیبیؒ کہتے ہیں مربد اونٹ کے باڑے کو کہتے ہیں۔ بکریوں کے باڑے کو ''خطیرۃ'' کہتے ہیں۔ یہاں حدیث میں دونوں احتمال ہیں: ﴿۱﴾ اگر بکریوں کا باڑا مراد ہو تو یہ مجازاً ہوگا (یعنی خطیرہ کے معنی میں ہوگا۔) ﴿۲﴾ اگر اپنے ظاہر پر محمول کریں تو پھر یہ اونٹ والا باڑا ہی ہے۔ بکریوں کو اس میں داغنے کی غرض سے لایا گیا ہوگا۔

﴿۳﴾ النہایہ میں ہے: ''المربد الموضع الّذی یحبس فیہ الابل والغنم'' (یعنی اونٹوں اور بکریوں کے باڑہ کو کہا جاتا ہے۔)

﴿۴﴾ القاموس میں ہے۔ ''المربد کمنبر المحبس''۔ یعنی ''مربد'' مطلق ہے۔

اس نسخے میں شین مفتوحہ کے بعد الف پھر ہمزہ ہے۔ یعنی ''شاء'' ہے۔ جبکہ ایک اور نسخہ میں ''شیاہ'' شین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اس کے بعد یاء پھر ھاء ہے۔

قاموس میں ہے: واحد کیلئے ''شاۃ'' آتا ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور جمع ''شاء'' آتی ہے۔

''آذان'' ہمزہ کے مد کے ساتھ ''اُذُن'' کی جمع ہے۔

''شاء'' یہ مفعول بہ ہے یسم کیلئے اور فی آذانہا مفعول فیہ ہے۔

فائدہ: ''اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کان، چہرے میں شامل نہیں۔ کیونکہ چہرہ پر داغنے سے تو منع فرمایا گیا ہے۔ اگر کان کا تعلق بھی چہرہ سے ہوتا تو آپ ﷺ کان پر کیوں داغتے۔

الفصل الثانی:

کیا ذبح کیلئے چھری ہونا ضروری ہے؟

۴۰۸۱: عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَاَیْتَ اَحَدُنَا اَصَابَ صَیْدًا وَلَیْسَ مَعَہٗ سِکِّیْنٌ اَیَذْبَحُ بِالْمَرْوَۃِ وَشِقَّۃِ الْعَصَا فَقَالَ اَمْرِرِالدَّمَ بِمَ شِئْتَ وَاذْکُرِاسْمَ اللّٰہِ۔

(رواہ ابوداود والنسائی)

تخریج: اخرجہ أبو داود فی السنن ۳ / ۲۴۹ کتاب الاضاحی، باب فی الذبیحۃ بالمروۃ، الحدیث رقم ۲۸۲۴ والنسائی فی ۷ / ۱۹۴، الحدیث رقم ۳٤۰٤، وابن ماجہ ۲ / ۱۰۶۰، الحدیث رقم ۳۱۷۷، وأحمد فی المسند ٤ / ۲۵٦

ترجمہ: ''اور حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ! مجھے یہ بتایئے کہ اگر ہم میں سے کوئی شخص (کسی جانور کا) شکار پکڑے اور اس وقت اس کے پاس چھری نہ ہو تو کیا وہ کسی پتھر کے ٹکڑے یا کسی لکڑی کے سرکنڈے سے اس (شکار) کو ذبح کر سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم جس چیز سے چاہو خون بہادو اور اللہ کا نام لو''۔ (ابوداؤد و نسائی)

تشریح: قولہ: یا رسول اللہ ارایت ...... و شقہ العصا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ارأیت احدنا'' اصول معتمدہ میں لفظ احدنا رفع کے ساتھ منقول ہے۔ (مبتداء ہونے کی وجہ سے) اور جملہ ''اصاب ''اس کی خبر ہے۔ ایک نسخہ میں ''احدنا'' نصب کے ساتھ منقول ہے۔

مشکوۃ کے موجود نسخہ میں لفظ ''امر'' فک ادغام کے ساتھ ہے۔ جبکہ ایک نسخہ میں ادغام کے ساتھ ہے اور راء پر فتحہ ہے۔ اگرچہ کسرہ بھی صحیح ہے۔ ایک اور نسخہ میں ہمزہ وصلی کے کسرہ، میم کے سکون اور راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''ضرب یضرب'' سے منقول ہے۔ ضرب سے دودھ دھونے کے معنی میں آتا ہے۔ یہاں خون بہانا مراد ہے۔

① شارح نے آخری والے نسخہ پر اعتماد کیا ہے۔ کیونکہ وہ فرماتے ہیں راء کی تشدید کے ساتھ اس کو ''امرار'' سے لینا لحن (غلطی) ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی فرماتے ہیں کہ ہمزہ قطعی کے فتحہ، میم اور راء مخففہ کے کسرہ کے ساتھ خون بہانے کے معنی میں آتا ہے۔

② امام خطابی فرماتے ہیں: اصحاب حدیث کا خیال ہے کہ اس حدیث میں امر الدم، راء کی تشدید کے ساتھ ہے' یہ غلط ہے' راء کی تشدید من مری یمری'' ہے۔

③ وروی بعضهم: بتحريك الميم وقطع الالف من امار الذی هو افعل من مار الدم مورًا اذا جری''۔

④ وقال التوربشتی، يلحن كثير من المحدثين فی هٰذا اللفظ ويشددون الراء و يحركون الميم ظنًا منهم أنّه من الامرار وليس بتقويم وانما هو بتخفيف الراء من مری يمری اذمسح الضرع ليدر''۔

⑤ قال صاحب الجامع: الذی قرأته فی كتاب ابی داؤد براء ين مظهرتين بغير ادغام وفی احدی روايات النسائی كذالك''۔

⑥ قال فی النهايه: وفی حديث آخر كامرار الحديد علی الطست الجديد امررت الشیء أمره امرارًا اذا جعلته بمرأ ی ليذهب''۔يريد كجر الحديد علی الطست اه. فعلی هذا يكون الدم عبارة عن سيلانه وأن سيلانه مستلزم لامرادو۔

خلاصہ:

مقام کے اعتبار سے سارے معنی ٹھیک ہیں۔ لیکن محدثین کی اکثریت نے تخفیف والی لغت کو ترجیح دی ہے اور مقصود یہ ہے کہ خون کا بہانا ضروری ہے۔ وہ جس چیز سے بھی ہو جائے۔

''أرأيت احدنا اصاب صيدا وليس معه سكين''۔

احدنا مبتدا ہے۔ اصاب خبر اور وليس معه سكين یہ ''اصاب'' کی ضمیر سے حال ہے۔ مبتدا خبر مل کر محلاً منصوب ''اریت'' کا مفعول ہے۔

''شقة: شین کے کسرہ کے ساتھ۔ لکڑی کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

ملا علی قاریؒ نے اس مقام پر دو رائے ذکر فرمائی ہیں۔ ایک علامہ طیبیؒ کی اور دوسری اپنی۔

امام طیبیؒ نے کشاف کے حاشیہ میں اس آیت: أرأيت الّذی ينهٰی عبدًا اذا صلّٰی [سورہ علق: ۱۰] کے تحت لکھا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اسم موصول مع جملہ شرطیہ "ارأیت" کے دونوں مفعولوں کے قائم مقام ہے۔
ابوحیان نے علامہ زمخشریؒ کی رائے یہ نقل کی ہے کہ ان کے نزدیک جملہ شرطیہ مفعول اول ہے اور صلہ مفعول دوم ہے۔
ارأیت کا مفعول ثانی ہمیشہ جملہ استفہامیہ ہوتا ہے۔قرآن عزیز میں اس کی کئی ایک مثالیں ملتی ہیں۔مثلاً:﴿اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ تَوَلّٰى وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى﴾ [النجم: ۵۳: ۳۳۔۳۵] اسی طرح :﴿اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخَالِقُوْنَ﴾ [الواقعة:۵۶ : ۵۹]﴿اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا﴾ [مریم : ۱۹: ۷۷]
اس طرح کی بے شمار مثالیں قرآن کریم میں پائی جاتی ہیں۔یہ تمام آیات قاعدہ کلیہ یہ بتاتی ہیں کہ أرأیت کا مفعول ثانی جملہ استفہامیہ ہوتا ہے۔
لہٰذا ہم اس حدیث کو بھی قرآن کریم کے تابع قرار دیں گے۔کہ یہاں أرأیت کا مفعول ثانی "**أیذبح بالمروة وشقة العصا**" تاکہ کتاب وسنت دونوں لفظاً معنیً اعراباً وبیاناً موافق ہو جائیں۔
"**بم شئت**" "بم میں" "ما" استفہامیہ ہے۔باء جارہ کے داخل ہونے کی وجہ سے الف گر گیا ہے۔

ذبح اضطراری کے بارے میں

۴۰۸۲ وَعَنْ اَبِى الْعُشَرَاءِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَكُوْنُ الذَّكَاةُ اِلَّا فِى الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ فَقَالَ لَوْطَعَنْتَ فِىْ فَخِذِهَا لَاَجْزَأَ عَنْكَ۔ (رواه الترمذى وابوداود والنسائى وابن ماجة والدارمى وقال ابوداود هذا ذكاة المتردى وقال الترمذى هذا فى الضرورة)

تخریج : اخرجه أبو داود فى السنن ۳ / ۲۵۰، الحديث رقم ۲۸۲۵، والترمذى فى ٤ / ٦٢ كتاب الاطعمة، باب ما جاء فى الزكاة فى الحلق واللبة، الحديث رقم ۱٤۸۱ والنسائى فى ۷ / ۲۲۸ الحديث رقم ٤٤٠٨، وابن ماجه فى ۲ / ۱۰٦۳ الحديث رقم ۳۱۸٤، والدارمى فى ۲ / ۱۱۳ الحديث رقم ۲ / ۱۱۳ الحديث رقم ۱۹۷۲، وأحمد فى المسند ٤ / ۲۳٤

ترجمہ:"اور حضرت ابوالعشراء ﷺ اپنے والد محترم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا:"یارسول اللہ! کیا (شرعی) ذبح کا تعلق حلق اور سینہ کے سرے کے درمیانی حصے سے ہے؟ (یعنی کیا شرعی طور پر ذبح صرف اسی کو کہا جائے گا کہ جانور کے حلق اور سینے کے سرے کے درمیان جراحت کے ساتھ خون بہایا جائے؟) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اگر تم شکار کی ران میں بھی جراحت (یعنی زخم) پہنچا دو گے تو تمہارے لئے کافی ہوگا"۔(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی) امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں کہ یہ (یعنی حدیث میں) مذکورہ اس جانور سے متعلق ہے جو کنویں میں گر پڑا ہو (یعنی یہ "ذبح اضطراری" کی صورت کا حکم ہے) اور امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ ضرورت کی حالت کا حکم ہے"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راوئ حدیث:

ابو العشراء۔ابو العشراء ان کی کنیت ہے اور نام اسامہ ہے۔ مالک کے بیٹے ہیں۔"بنو دارم" میں سے ہیں' تابعی ہیں۔ اپنے والد سے روایت کی اور ان سے حماد بن سلمہ نے روایت کی ہے۔اہل بصرہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ان کے نام میں بہت اختلاف ہے اور جو کچھ ذکر ہوا ہے وہ سب سے زیادہ مشہور قول ہے۔"عشراء" میں عین پر پیش شین منقوطہ پر زبر' اور آخر میں الف ممدودہ ہے۔

قال ابو داؤد هذا ۔ یہ وہ نسخہ ہے جو ملا علی قاری کے زیر نظر ہے۔ایک نسخہ میں وهذا ہے جبکہ مرقات کے موجودہ متن میں وهذہ منقول ہے۔

تشریح: هذا ذكاة :اسم اشارہ کا مشار الیہ الحدیث ہے۔یا لو طعنت...... " ہے۔

قولہ :أما تكون الذكاة......:

"اما يكون "ہمزہ استفہامیہ ہے اور"ما "نافیہ یہ استفہام تقریری ہے۔"الذكاة"ذال معجمہ کے ساتھ ہے۔

لبۃ لام کے فتحہ اور"با" کی تشدید کے ساتھ حلق اور سینہ کا درمیانی حصہ۔

امام ابوداؤد فرماتے ہیں: حدیث مذکورہ میں ذبح اضطراری کی صورت کا حکم ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ ضرورت کی حالت کا حکم ہے۔

امام ترمذی نے گویا امام ابوداؤد کی وضاحت کو اور زیادہ توسع کے ساتھ بیان کیا تاکہ اس حکم میں بھاگے ہوئے اونٹ کو ذبح کرنے کی صورت بھی شامل ہو جائے۔

اسنادی حیثیت:

شرح السنہ میں ہے:"قال ابو عيسى :لا نعرف لابی العشر عن ابيه غير هذا الحديث "اھ

ہمارے علماء احناف کہتے ہیں: ذبح کی دو قسمیں ہیں:

① ذبح اختیاری: اس کیلئے بالفعل ذبح کرنا ضروری ہے۔اگر قدرت ہوتے ہوئے ذبح نہ کرے تو اس کا کھانا حرام ہے۔ حرمت کی دلیل یہ آیت ہے: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ ...... [المائدة:۳] ذبح اختیاری کی تفصیل باب کے شروع میں ملاحظہ فرمائیے۔

② ذبح اضطراری: اس میں جہاں سے بھی زخمی کرے اور وہ مر جائے تو حلال ہے۔اگلی حدیث میں اسی کے جواز کا بیان ہے۔

مردہ شکار کا بیان

۴۰۸۳: وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ اَوْبَازٍ ثُمَّ اَرْسَلْتَهُ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا اَمْسَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلَ قَالَ اِذَا قَتَلَهُ وَلَمْ يَاكُلْ مِنْهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شَيْئًا فَاِنَّمَا اَمْسَكَهُ عَلَيْكَ۔ (رواه ابوداود)

تخریج: اخرجه أبو داود فى السنن ۳ / ۲۷۱ كتاب الصيد' باب فى الصيد' الحديث رقم ۲۸۵۱۔

ترجمہ: ''اور حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم نے کتے یا باز کو (شکار کرنے کے لئے) سدھایا اور پھر تم نے (ان میں سے) کسی کو (شکار پر) چھوڑا اور (چھوڑتے وقت) اللہ کا نام لیا تو تم اس جانور کو کھالو جس کو اس (کتے یا باز) نے تمہارے لئے پکڑا ہے''۔ میں نے عرض کیا کہ ''اگرچہ اس نے اس (شکار) کو مار ڈالا ہو؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس نے (یعنی کتے یا باز نے) اس کو (یعنی شکار کو) مار ڈالا ہو اور خود اس میں سے کچھ نہ کھائے تو اس کا مطلب (یہ) ہوا کہ اس نے اس شکار کو تمہارے (ہی) لئے پکڑا ہے''۔ (ابوداؤد)

علمت لام کی تشدید کے ساتھ اور ''ما'' میں دو احتمال ہیں:

(۱) ''ما'' شرطیہ ہے۔ (۲) موصولہ ہے۔ بظاہر موصولہ ہی ہے۔

تشریح: ''ثم ارسلتهٗ'': ضمیر غائب کلب اور باز کی طرف راجع ہے۔ ''وذكرت اسم الله'' مفعول فیہ مقدر ہے۔ای عند ارساله۔

'**فكل مما امسك عليك**: یہ جزاء ہے۔ شرط محذوف ہے۔ ''أن لم يأكل منه شيأً''۔ ''**قلت: وان قتل ؟**: ''ان'' میں دو احتمال ہیں: (۱) وصلیہ۔ (۲) شرطیہ۔ شرطیہ مانیں تو اس صورت میں جزا مقدر ہوگی۔ ای ''**فما حكمه**؟''۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''**اذا قتله** یہ جواب ہے'' ''**وان قتل** کا''۔ ''**وان قتل** '' کے جواب میں ''**اذا**'' شرطیہ کو ذکر فرمایا۔ اس لئے کہ سوال تردد کی وجہ سے پوچھا گیا تھا۔ ''ان'' شرطیہ عدم جزم کا تقاضہ کرتا ہے تو اس لئے جواب **اذا** سے دیا گیا ہے جو کہ جزم وتحقیق کا تقاضہ کرتا ہے اور **فانما أمسكه عليك** کا اعادہ کیا کہ شک کی بنا پر کوئی حلال حرام نہیں ہوتا۔

تیر سے زخمی ہو کر مر جانے والے جانور کے گوشت کا بیان

۴۰۸۴: وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرْمِيْ الصَّيْدَ فَاَجْدُفِيْهِ مِنَ الْغَدِ سَهْمِيْ قَالَ اِذَا عَلِمْتَ اَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهٗ وَلَمْ تَرَفِيْهِ اَثَرَسَبُعٍ فَاَكُلْ۔ (رواه ابوداود)

تخریج: اخرجه الترمذى فى السنن ٤ / ٥٥' كتاب الصيد' باب ما جاء فى الرجل يرمى الصيد فيغيب عنه' الحديث رقم ١٤٦٨ والنسائى فى ٧ / ١٩٣' الحديث رقم ٤٣٠٠

ترجمہ: ''اور حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں شکار پر اپنا تیر چلاتا ہوں اور پھر اگلے دن (جب وہ شکار کہیں پڑا ہوا مجھے ملتا ہے تو) اس میں میں اپنا تیر پاتا ہوں (کیا میں وہ شکار کھا سکتا ہوں؟)'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تمہیں اس بات کا علم ہو کہ اس شکار کو تمہارے ہی تیر نے قتل کیا ہے (جس کی پہچاننے اور رکھنے کی ایک علامت یہ ہے کہ تم دیکھو) اور اس (شکار) پر تم کسی درندے کا کوئی نشان نہ پاؤ تو اس کو کھا سکتے ہو (اور اگر اس شکار میں کسی درندے کے دانت یا پنجے وغیرہ کا کوئی نشان پاؤ یا کسی دوسرے شخص کے تیر کی علامت پاؤ تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس صورت میں اس کو مت کھاؤ)۔''۔(ابوداؤد)

تشریح: فاجد فيه من الغد: "من" کے متعلق دو احتمال ہیں:

① تبعیضیہ ہے۔ ② "فی" کے معنی میں ہے اور دونوں احتمال صحیح ہیں۔

تبعیضیه کی مثال قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ ہے: منهم من كلم الله ۔ فی کی مثال یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اذ نودي للصلوٰة من يوم الجمعة اور یہاں حدیث میں "فی" کے معنی میں لینا بہتر ہے۔

امام طیبیؒ نے ایک اور احتمال بیان کیا ہے۔ کہ "من" زائدہ ہے۔ جیسے باری تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے: الله لامر من قبل ومن بعد۔ کشاف نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ "قبل" اور "بعد" کو مجرور بھی پڑھا گیا ہے۔ گویا کلام یوں ہے: "قبلاً و بعدًا"۔

غیر مسلم کے ذبیحہ کا بیان

۴۰۸۵: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِينَا عَنْ صَيْدِ كَلْبِ الْمَجُوْسِ . (رواه الترمذى)

تخریج: اخرجه الترمذى فى السنن' ٤ / ٣٤٠' كتاب الصيد ' باب ما جاء فى صيد كلب المجوس' الحديث رقم ١٤٦٦ وابن ماجه فى ٢ / ١٠٧٠' الحديث رقم ٣٢٠٩

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمیں مجوسیوں کے کتے کا پکڑا ہوا شکار کھانے سے روک دیا گیا ہے''۔ (ترمذی)

www.KitaboSunnat.com

فوائد حدیث:

① جس غیر مسلم کا ذبیحہ حلال نہیں اس کے کتے وغیرہ کے ذریعہ پکڑا ہوا شکار بھی حلال نہیں۔

② اگر کوئی مسلمان شخص مجوسی کے کلب معلم کے ذریعہ شکار کرے تو وہ حلال ہے۔

③ اگر کوئی غیر مسلم مسلمان کے کتے کے ذریعہ شکار کرے تو اس کیلئے شرط یہ ہے کہ مسلمان موقع پر پہنچ کر ذبح کر لے تو حلال ورنہ حرام۔ اسی طرح مسلمان کے موقع پر پہنچنے کے وقت مردہ پایا گیا تو بھی حرام ہے۔

④ اگر کتے چھوڑنے یا تیر چلانے میں مسلمان اور مجوسی دونوں شریک ہوں اور وہ شکار ماردیں تو وہ شکار بھی حلال نہیں ہوگا۔

امام عبدالرزاق اور ابن ابی شیبہ نے حضرت علیؓ سے نقل کیا ہے۔ ''ان النبیﷺ كتب الى مجوس هجر يعرض عليهم الاسلام ممن اسلم قبل منه ومن لم يسلم ضرب عليهم الجزية غير ناكحى نسائهم ولا آكلى ذبائحهم''۔[عبد الرزاق فى المصنف ٦/٧٠، الحديث رقم : ١٠٠٢٨]

آنحضرت ﷺ نے اس حدیث میں تین مسائل بیان فرمائے ہیں:

① مسلمان نہ ہونے کی صورت میں مجوس ہجر پر جزیہ مقرر کر دیا جائے۔

② ان کی عورتوں سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳) ان کا ذبیحہ کھانا حلال نہیں ہے۔

اسی حدیث کی بناء پر ہمارے علماء احناف نے ذابح کیلئے مسلم ہونے کی شرط لگائی ہے۔ نیز قرآن کریم نے بھی: **الا ماذکیتم**[المائدۃ۔۳] کی قید لگائی ہے جو کہ احناف کی تائید کرتی ہے اور حرمت کی دلیل یہ آیت ہے: **أھل لغیر اللہ بہ** [البقرۃ:۱۷۳]

کتابی کا ذبیحہ:

(۱) کتابی کا ذبیحہ جائز ہے۔ لیکن اس شرط کے ساتھ کہ وہ ذبح کے موقع پر اللہ کے نام کے ساتھ ذبح کرے۔ اگر حضرت عیسیٰؑ یا عزیرؑ کے نام کے ساتھ ذبح کرے تو حلال نہ ہوگا۔ کتابی خواہ ذمی ہو خواہ حربی ہو۔ کیونکہ قرآن کریم میں اس کا ذکر مطلقاً ہے۔ حربی وذمی کی کوئی قید نہیں۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وطعام الذین اوتو الکتاب حلّ لکم [المائدۃ:۵]

مفسرین فرماتے ہیں: یہاں طعام سے مراد اہل کتاب کا ذبیحہ ہے۔ ورنہ تو ذبیحہ کے علاوہ دیگر اشیاء طعام تو ہر کافر کی حلال ہیں۔

مجوسی اور وثنی (بت پرست) کا ذبیحہ جائز نہیں۔ چونکہ مجوسی اہل کتاب میں سے نہیں ہے اور ''وثنی'' مجوس کی طرح عدم توحید کے قائل ہیں۔

غیر مسلم کے برتن میں کھانا پینا

۴۰۸۶: **وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا اَھْلُ سَفَرٍ نَمُرُّبِالْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَالْمَجُوْسِ فَلَا نَجِد غَیْرَ اٰنِیَتِھِمْ قَالَ فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْاغَیْرَھَا فَاغْسِلُوْھَا بِالْمَاءِ ثُمَّ کُلُوْا فِیْھَا وَاشْرِبُوْا۔** (رواہ الترمذی)

تخریج: اخرجہ الترمذی فی السنن ٤ / ٥٣ کتاب الصید، باب ما جاء ما یوکل من صید الکلب ومالا یوکل، حد ١٤٦٤ وأحمد فی المسند ٤ / ١٩٣

ترجمہ: ''اور حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! ہم مسافر ہیں، ہمارا گزر یہودیوں، عیسائیوں اور مجوسیوں (کی آبادیوں) پر سے (بھی) ہوتا ہے۔ (اس وقت) ان کے برتنوں کے علاوہ اور برتن ہمارے پاس نہیں ہوتے (تو کیا ہم ان کے برتنوں میں کھا پی سکتے ہیں؟)'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر تم ان کے برتنوں کے علاوہ دوسرے برتن نہ پاؤ تو ان کے برتنوں کو پانی سے (اچھی طرح) دھولو اور پھر ان میں کھاؤ پیو''۔ (ترمذی)

امورِ نحویہ: **اھل** کو تمام نسخوں میں رفع کے ساتھ لکھا ہے۔ امام طیبی اس کی وجہ یہ لکھتے ہیں کہ یہ حرف مشبہ کی خبر ہے۔ اگر نصب کے ساتھ پڑھا جائے تو یہ اختصاص کی وجہ سے منصوب ہوگا اور خبر ''**نمرٌّ بالیھود**......'' ہوگی۔

تشریح: غیر مسلم کے برتن میں کھانے پینے کے سلسلے میں فصل اول میں حدیث گذر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیر مسلموں کے تیار کردہ کھانے کا بیان

۴۰۸۷: وَعَنْ قَبِيصَةَ بْنِ هُلْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ سَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا اَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِيْ صَدْرِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ ۔ (رواہ الترمذی وابوداود)

تخریج: اخرجه أبو داود فی السنن ٤ / ١٨٧ كتاب الاطعمة' باب فی كراهية التقذر للطعام' الحديث رقم ٣٧٨٤ والترمذی فی ٤ / ١١٣' الحديث رقم ١٥٦٥ وابن ماجه ٢ / ٩٤٤ الحديث رقم ٢٨٣٠

ترجمہ: ''اور حضرت قبیصہ بن ہلب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نصرانیوں (عیسائیوں) کے کھانوں کے بارے میں دریافت کیا (کہ ہم لوگ نصاریٰ کے کھانے کھائیں یا نہیں؟) اور ایک روایت میں یوں ہے کہ (اس بارے میں) ایک شخص نے آپ ﷺ سے سوال کیا' چنانچہ اس نے عرض کیا کہ کھانوں میں سے ایک کھانا (یعنی یہودیوں اور عیسائیوں کا کھانا) ایسا ہے جس سے میں پرہیز کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنے دل میں اس قسم کا کوئی شک وشبہ پیدا نہ کرو کہ تم نے اپنے اس عمل کے ذریعہ عیسائیت کی مشابہت اختیار کی ہے''۔ (ترمذی' ابوداؤد)

تشریح: قوله: وعن قبيصه بن هلب:

اس کو محدثین کے طرز پر ہاء کے ضمہ لام کے سکون اور باء کے ساتھ پڑھنا چاہیے کیونکہ محدثین کا طریقہ لغویین کے طریقہ کے مقابلہ میں اصح ہے۔ ھاء کا فتحہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ بھی جائز ہے۔ بعض نے اسی کو درست قرار دیا ہے۔

قوله: سألت النبی ﷺ عن طعام النصاری......:

بعض نسخوں میں خاءِ معجمہ کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں حائے مہملہ کے ساتھ ہے۔

خاء اور حاء دونوں کے ساتھ جائز ہے۔ لیکن معنی الگ الگ بنے گا۔ اگر حاءِ مہملہ کے ساتھ پڑھا جائے تو معنی ہوگا:

① ''لا يدخلن قلبك منه شیٔ فانه مباح نطيف'' ''تمہارے دل میں کسی چیز کی کھٹک پیدا نہیں ہونی چاہیے یہ مباح اور پاک ہے۔ بلا دلیل شک وشبہ میں پڑ کر ان کے کھانے سے پرہیز کرنا یہ یہود نصاریٰ کا شیوہ ہے۔

② اگر خاءِ معجمہ کے ساتھ پڑھیں تو معنی ہوگا۔ ''لا يتحرکن الشك فی قلبك''۔ ''تمہارے دِل میں شک انگرائی نہ لے۔''

''اتحرج'' تحرج تنگی کے معنی میں ہے۔ گناہ اور حرام کیلئے بھی مستعمل ہے۔ قرآن کریم میں ہے: يجعل صدره ضيقًا حَرجًا۔ [الانعام: ١٢٥]

امام طیبیؒ نے امام تورپشتی کے بیان کردہ معنی میں سے پہلے معنی کو ترجیح دی ہے کیونکہ وہ معنی زیادہ بلیغ ہے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں دوسری معنی زیادہ ابلغ ہے۔ کیونکہ لفظ تحرج اپنے مادہ کے اعتبار سے دخول کے مادہ سے زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابلغ ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ پہلا معنی زیادہ بلیغ تب بنتا جب شی عام ہوتی اور شک خاص جبکہ حدیث میں شئ طعامًا ہے۔ جس سے خصوصی طور پر یہود ونصاریٰ کا کھانا مراد ہے۔ البتہ یہ کہا جائے کہ یہاں تجرید ہے تو یہ بات ماننا ہوگی۔ قرآن کریم نے بھی ابلغ معنی کو استعمال فرمایا ہے: **فلا یکن فی صدرك حرج** [الاعراف۔۲] **ضارعت فیه النصرانیة**: یعنی اس بلا وجہ کے شک وشبہ کی وجہ سے تم نصاریٰ کے مشابہہ ہو جاؤ گے، کہ ان میں سے کسی کے دل میں جب کسی چیز کی بابت حرام یا مکروہ ہونے کا خیال دل میں آجاتا تو وہ اس چیز کو استعمال کرنے سے رک جاتے تھے اور نہی کی علت بھی یہی ہے۔ امام طیبیؒ لکھتے ہیں: یہ شرط محذوف کا جواب ہے اور یہ جملہ شرطیہ مستانفہ ہے، جس میں موجب کا بیان ہے۔ **أی لا ید خلن فی قلبك ضیق و حرج لأنك علی الحنیفة السهلة السمحة فانك اذا شددت علی نفسك بمثل هذا شابهت فیه الرزیة فان ذلك أبهم و عادتهم۔**

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **وَرَهْبَانِيَّةَ نِ ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ** [الحدید: ۲۷]

فوائد حدیث:

① جب تک کسی کھانے کی حرمت کا یقین نہ ہو محض شک کی وجہ سے اس سے پرہیز کرنا یا اس کھانے میں تردد کرنا مناسب نہیں ہے۔ ② مسلمانوں کو اجازت ہے کہ وہ ہر قوم کا پکا ہوا کھانا کھا سکتے ہیں، بشرطیکہ یہ یقین نہ ہو کہ اس کھانے میں کوئی حرام چیز ملائی گئی ہے یا وہ نجس برتنوں میں پکایا گیا ہے۔ ③ اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر کوئی غیر مسلم کوئی حرام چیز پکائے مثلاً غیر مذبوحہ چیز کا گوشت یا مردار یا سؤر اور یا کھانے میں شراب ملائے تو اس کو بھی کھا لیا جائے۔ (بلکہ یہ اجازت صرف حلال چیزوں تک محدود ہے۔)

مجثمہ کا بیان

۴۰۸۸: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَهِیَ الَّتِی تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ۔ (رواه الترمذی)

تخریج: اخرجه الترمذی فی السنن ٤ / ٥٩ کتاب الاطعمة، باب ما جاء فی کراهیة اکل المصبورة، الحدیث رقم ١٤٧٣۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجثمہ کو کھانے سے منع فرمایا ہے اور ''مجثمہ'' اس جانور کو کہتے ہیں، جس کو باندھ کر (نشانہ کی مانند کھڑا کیا جائے اور پھر اس پر) تیر مارا جائے''۔ (ترمذی)

تشریح: مجثمہ: ثاء کی تشدید اور فتحہ کے ساتھ۔ علامہ شمنیؒ نے ثاء کے کسرہ کے ساتھ ضبط کیا ہے۔

جس ذی روح کو باندھ کر نشانہ کی مانند کھڑا کیا جائے اور پھر اس پر تیر مارا جائے۔

النبل: نون کے فتحہ، بائے موحدہ کے سکون کے ساتھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجثمة: کی یہ تفسیر کسی راوی کی بیان کردہ ہے۔ وجہ ممانعت یہ ہے کہ کسی جاندار کو یوں جان سے مارنا ذبح نہیں ہے، بلکہ قتل ہے۔ اس لئے اس کا کھانا حلال نہیں۔

چند ممنوعہ جانوروں کا بیان

۴۰۸۹: وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِىْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِىْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ وَاَنْ تُوْطَاَ الْحُبَالٰى حَتّٰى يَضَعْنَ مَافِىْ بُطُوْنِهِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى سُئِلَ اَبُوْعَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ اَنْ يُّنْصَبَ الطَّيْرُ اَوِالشَّيْءُ فَيُرْمٰى وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِيْسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ اَوِالسَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ فَيَمُوْتُ فِىْ يَدِهٖ قَبْلَ اَنْ يُذَكِّيَهَا۔ (رواه الترمذى)

تخریج: اخرجه الترمذى فى السنن ٤ / ٥٩ كتاب الاطعمة' باب ' الحديث رقم ١٤٧٣۔

ترجمہ: ''اور حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن درندوں میں سے کچلی (سے شکار کرنے) والا درندہ اور پرندوں میں سے پنجے (سے شکار کرنے) والا پرندہ' گھر کے پالتو گدھوں کے گوشت' مجثمہ اور خلیسہ سے اور (جنگ میں قید ہونے والی) حاملہ عورتوں سے بچہ کی پیدائش سے قبل صحبت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ حضرت محمد بن یحییٰ (جو امام ترمذیؒ کے شیخ واستاد ہیں اور حدیث کے راویوں میں سے ایک راوی ہیں) کہتے ہیں کہ (میرے شیخ واستاد) حضرت ابو عاصمؒ سے مجثمہ کے معنی دریافت کئے گئے تو انہوں نے فرمایا کہ (مجثمہ کا مطلب یہ ہے کہ) کسی پرندے یا درندے کو (باندھ کر) کھڑا کیا جائے اور پھر اس پر تیر مارا جائے''۔ اسی طرح حضرت ابو عاصمؒ سے خلیسہ کے معنی دریافت کئے گئے تو انہوں نے فرمایا کہ (اس کا مطلب یہ ہے کہ) بھیڑیئے یا کسی اور درندے نے کسی جانور کو پکڑ لیا ہو اور پھر کوئی شخص اس (درندے) سے وہ جانور چھین لے اور وہ جانور ذبح کئے جانے سے قبل ہی اس (شخص) کے ہاتھ میں مر جائے''۔ (ترمذی)

تشریح: **ذی مخلب** '' میم کے کسرہ اور لام کے فتحہ کے ساتھ۔ **الحمر** حاء اور میم دونوں کے ضمہ کے ساتھ۔ ''**الحبالٰی**'' حاء کے فتحہ کے ساتھ۔ ''**او السبع**'' سین کے فتحہ اور باء کے ضمہ کے ساتھ۔ **الذئب** ہمزہ کے سکون کے ساتھ، اس ہمزہ کو یاء سے بدل کر، ذیب، بھی پڑھا جاتا ہے۔ **الاهليه**: ضد ہے وحشیۃ کی۔

یرمی کا مفعول ''**المنصوب** '' محذوف ہے۔ سئل کی ضمیر فاعل ابو عاصم کی طرف راجع ہے۔

''**فیأخذ**'' کا مفعول ''**الخلیسة**'' محذوف ہے۔ ''**منه**'' ضمیر مجرور السبع کی طرف راجع ہے۔

''**فیموت قبل ان یذکیها**''۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہاں تقدیم وتاخیر ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: ''**فتؤخذ الخلیسة منه**'' اور ''**تموت اوریذکیها**'' کی ضمائر **محتلسة** کی طرف راجع ہیں۔

''**نهی یوم خیبر**'' خیبر کے دن سے کیا مراد ہے۔ اس میں تین احتمال ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ چیزوں کی ممانعت کا حکم اس سال جاری فرمایا جس میں خیبر فتح ہوا تھا۔

② عین خیبر کی فتح کے وقت یہ حکم جاری فرمایا۔

③ یہ بھی ممکن ہے کہ جن دنوں میں خیبر میں جہاد جاری تھا۔ انہی دنوں میں کسی ایک دن یہ حکم جاری فرمایا۔

''ذی ناب'' اس درندے کو کہتے ہیں جس کے کچلی (نوکدار دانت) ہوں اور اپنی کچلی کے ذریعہ جانور وغیرہ کو پھاڑتا ہو۔ جیسے شیر، بھیڑیا، چیتا، ریچھ، بندر، سؤر، لومڑی اور بجو وغیرہ۔

ذی مخلب اس پرندے کو کہتے ہیں جو اپنے پنجوں سے شکار کرتے ہیں۔ جیسے باز، بحری شکرہ، چرغ، الو، چیل، گدھ وغیرہ۔

''حمر الاھلیة: اس سے مراد وہ گدھے ہیں جو بستی میں رہتے ہیں۔ چنانچہ جنگلی گدھے کا گوشت حلال ہے۔

''وان توطا الحبالی'' مظہر فرماتے ہیں یہ حکم ان لونڈیوں کا ہے۔ جو حاملہ ہو اور قید ہو کے آئی ہوں۔ جو لونڈیاں ایسی حالت میں کسی کے شرعی قبضہ وتسلط میں آئی ہوں کہ وہ حاملہ نہ ہو تو ان کے بارے میں حکم یہ ہے کہ ان کے اس وقت تک ہم بستری نہ کی جائے جب تک کہ ان کو حیض نہ آجائے۔ ''حیلی عن الزنا'' سے شادی کے بعد وطی کا حکم بھی یہی ہے کہ وضع حمل سے پہلے وطی نہ کی جائے۔

محمد بن یحیی'' یہ امام ترمذیؒ کے شیوخ میں سے ہیں۔ راوی ہیں۔

''ان ینصب الطیر او الشئ''۔ ''او'' میں دو احتمال ہیں: ① تنویع کے لئے ہے۔ ② شک کیلئے ہے۔

شریطہ کا بیان

۴۰۹۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ شَرِیْطَةِ الشَّیْطٰنِ زَادَ ابْنُ عِیْسٰی هِیَ الذَّبِیْحَةُ یُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرَی الْاَوْدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتّٰی تَمُوْتَ۔ (رواہ ابوداود)

تخریج: اخرجه الترمذی فی السنن ٤ / ٥٩، الحدیث رقم ١٤٧٤، وأحمد فی المسند ٤ / ١٢٧ و سنن ابوداود، کتاب الاضاحی، باب فی المبالغة فی الذبح، ح ٢٨٢٦۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان کے شریطہ سے منع فرمایا ہے۔ ابن عیسیٰ (حدیث کے ایک راوی) نے یہ مزید بیان کیا کہ شیطان کا شریطہ یہ ہے کہ جانور (کے حلق کے اوپر) کی کھال کاٹ دی جائے اور اس کی مکمل رگیں نہ کاٹی جائیں اور پھر اس کو چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ مرجائے''۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: نهی عن شریطة الشیطان......:

''ولا تفری'' فري سے مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ بمعنی قطع۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

طلبة الطلبة میں لکھا ہے: ''الفري من حد ضرب وهو القطع على وجه الاصطلاح، والافراء على وجه الافساد'' فری از باب قطع کے معنی میں لیتے ہیں اور افراء کسی چیز کو خراب ہونے کی وجہ سے کاٹنے کو کہتے ہیں۔ اوداج: ودج کی جمع ہے، اورداج ان رگوں کو کہا جاتا ہے جو جانور کو ذبح کرتے وقت کاٹی جائیں۔

تشریح: شرط یا تو شرط حجام سے ماخوذ ہے۔ بمعنی نشتر مارنا۔ یا ''شرط'' علامت کے معنی میں ہے۔ اس کی نسبت شیطان کی طرف اس اعتبار سے کی گئی ہے کہ اس فعل شنیع کا باعث وہ شیطان ہے اور وہ اس طرح ذبیحہ کرنے والے سے بہت خوش ہوتا ہے۔

جانور کے حلق کی کھال کاٹ دی جائے اور اس کی پوری رگیں نہ کاٹی جائیں اور پھر اس کو چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے۔

زمانہ جاہلیت میں مشرک ایسا کیا کرتے تھے اور جانور آسانی کے ساتھ مرنے کے بجائے بڑی سختی کے ساتھ تڑپ تڑپ کر مرتا تھا۔ وہ اسی کو ذبح سمجھتے تھے۔

امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ ایک اور احتمال بھی بیان فرماتے ہیں کہ ان کے فعل شنیع میں شیطان بھی شریک ہوتا اور اس کو خوشی ہوتی اس لئے اس کو شریط شیطان کہا گیا ہے کہ یہ مذبوح شیطانی ہے۔ جیسے قرآن کریم میں: انی اعصر خمرًا [یوسف۔۳۶]

ذبیحہ کے ''جنین'' کا حکم

۴۰۹۱: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكَاةُ الْجَنِيْنِ ذَكَاةُ اُمِّهٖ۔ (رواه ابوداود والدارمی)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۳ / ۲۵۱ كتاب الاضاحی، باب ۱۷، الحديث رقم ۲۸۲۶ والدارمی فی ۲ / ۱۱۵ الحديث رقم ۱۹۷۹

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جنین کی ماں کا ذبح کرنا اسکا ذبح کرنا ہے''۔ (ابوداؤد، دارمی)

تشریح: قوله : ذكاة الجنين ذكاة أمه ''لفظ ''ذکاۃ'' کے ضبط میں نسخے اور روایات مختلف ہیں۔ پہلی صورت اول و ثانی دونوں مرفوع ہیں دوسری صورت ایک صحیح نسخ میں اول مرفوع اور دوسرا نصب کے ساتھ ہے۔ ایک روایت دونوں کے نصب کے ساتھ منقول ہے۔

وجہ اعراب: صاحب نہایہ فرماتے ہیں۔ ذکاۃ اول سے اس کو خبر بنایا ہے۔ تقدیری عبارت ہوگی ''ذكاة الام هي ذكاة الجنين'' اس صورت میں مسئلہ یہ نکلے گا ماں کا ذبح کرنا جنین کیلئے بھی کافی ہے اس کو الگ سے ذبح کرنے کی ضرورت نہیں۔

دوسری صورت میں دو توجیہات ممکن ہیں:

(۱) یعنی یہ منصوب بنزع الخافض ہے۔ ~~تقدیری عبارت~~ یہ ہے: ''ذكاة الجنين كذكاة أمه'' یعنی جار کو جب حذف کیا تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذکاۃ کو منصوب کر دیا گیا ہے۔

﴿۲﴾ یا یہ تقدیری عبارت یوں ہے۔''یذکی بذکیة مثل ذکاة امه''مصدر اور اس کی صفت کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنایا گیا ہے۔اس صورت میں مسئلہ یہ ہوگا کہ بچہ اگر زندہ ہی پیٹ سے برآمد ہو جائے تو اس کو مستقلاً ذبح کرنا ضروری ہے۔

تیسری صورت میں دو وجہیں ہو سکتی ہیں: ﴿۱﴾ دونوں آپس میں مبدل منہ اور بدل ہیں۔ ﴿۲﴾ دونوں فعل اغراء کی وجہ سے منصوب ہیں۔

چوتھی صورت: اول کے نصب اور ثانی کے رفع کے ساتھ۔

ظاہر ترکیب امام شافعیؒ وغیرہ کے قول کے خلاف ہے۔کیونکہ قاعدہ یہ ہے کہ محکوم علیہ، محکوم بہ پر مقدم ہوتا ہے۔جبکہ یہاں اس کے برعکس ہے۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں؛ ممکن ہے اصل کلام یوں ہو:'' **ذكاة الام بمنزلة ذكاة الجنين فى الحل** ''جیسے عرب کا یہ قول ہے:''**سلمي سلمك وحربى حربك ، ودمى دمك ، وهدمى هدمك**''۔

یعنی ماں کا ذبح ہونا ہی جنین کا ذبح ہے۔اسی طرح محمد بن علی کا یہ قول ہے:''**ذكاة الارض يُبْسُهَا**''زمین کا خشک ہو جانا اس کی پاکی ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں امام طیبیؒ کی توضیح کمزور ہے۔

امام طیبیؒ نے''**سلمي وسلمك** ......''جو مثال پیش کی ہے یہ''**زيد المنطلق**''کے قبیل سے ہے، یعنی ان میں سے ہر ایک محکوم علیہ و محکوم بہ دونوں بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔جبکہ زیر بحث میں یہ صلاحیت نہیں ہے۔

محمد بن علی والی مثال میں تو عقلی قرینہ صارفہ موجود ہے۔جبکہ زیر بحث کلام اس صارف عقلی سے خالی ہے۔

الفائق میں ہے۔''**الذكاة هى التزكية كما ان الزكاة هى التزكية**''اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ذکاۃ الام کافی ہے ذکاۃ جنین کے لئے یعنی ذکاۃ الام سے وہ بھی حلال ہو جائے گا۔

اشرفؒ فرماتے ہیں یہ اس وجہ سے کہ بوقت ذبح جنین ماں کیلئے بمنزل عضو متصل کے ہے اور ذبح تمام اعضاء کیلئے کافی ہوتا ہے اور سارا جانور حلال کہلاتا ہے۔لہٰذا جو بچہ ذبح ام کے وقت پیٹ میں ہو اور مردہ حالت میں ماں سے منفصل ہو جائے وہ حلال ہے۔

''اقوالِ فقہہ:

شرح السنہ میں ہے: یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ اگر کسی جانور کو ذبح کیا جائے اور ذبح کے وقت اس کے پیٹ سے مردہ بچہ نکلے وہ حلال ہے۔اکثر صحابہ کرام اور تابعین عظام کا قول ہے اور یہی امام شافعیؒ کا قول ہے۔بعض شوافع نے اشعار کی قید لگائی ہے'البتہ جب کوئی بچہ زندہ نکل آئے تو اس کو ذبح کرنا ضروری ہے۔

زین العرب فرماتے ہیں ماں کے ذبح ہونے کے بعد پیٹ میں پایا جانے والا بچہ اگر ماں کے ساتھ ہی ساکن ہو جائے تو وہ بھی حلال شمار ہوگا۔اگر وہ ماں کی جان نکلنے کے بعد بھی تڑپتا رہا اور دیر بعد ساکن ہوا تو وہ حرام ہے۔اگر حالت ذبح میں خارج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو جائے اور اس میں مذبوح جیسی حرکت ہو یہ بھی حلال ہے۔ اگر اس میں حیاۃ مستقرہ تھی تو بالاتفاق حلال کرنے کیلئے اس کو ذبح کیا جائے۔ اگر پیدائش کے وقت بچے کا ابھی کچھ حصہ ہی باہر نکلا تھا، مکمل انفصال نہیں ہوا تھا کہ ماں ذبح ہوگئی اور وہ بھی مر گیا تو اس صورت میں بھی وہ حلال ہے اس کا کھانا جائز ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب:

امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں: جنین کے حلال ہونے کی صرف ایک صورت ہے کہ وہ زندہ نکل آئے اور پھر اس کو ذبح کیا گیا ہو۔

امام شمنیؒ فرماتے ہیں: احناف کے ہاں ماں کے پیٹ میں پایا جانے والا مردہ جنین حلال نہیں۔ چاہے اس کے بال اگے ہوئے ہوں یا نہ اگے ہوں۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ حنفیہ میں سے امام زفر اور حسن ابن زیاد کا بھی یہی قول ہے۔ امام ابو یوسف اور محمدؒ فرماتے ہیں دیکھیں گے اگر اس بچے کی خلقت پوری تھی تو وہ حلال ہے۔ دلیل نقلی یہ حدیث ہے۔
عقلی دلیل یہ ہے کہ یہ ابھی تک اپنی ماں کا جزء ہے کیونکہ یہ اس کے ساتھ متصل ہے' ماں کی غذا اس کی غذا ہوتی ہے ماں کے ساتھ سانس لیتا ہے۔ اور حکماً بھی ماں کا جزو ہے، بایں طور کہ عقد بیع میں وہ اپنی ماں کے ساتھ شمار ہوتا ہے۔ لہٰذا ماں کی جراحت اس کیلئے بھی ذبح شمار ہوگی۔ جس طرح شکار کا مسئلہ ہے' جب کوئی شخص ذکاۃ اختیار یہ پر قادر نہ ہو۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل:

① ان الجنين اصلٌ في حق الحياة۔ بچہ حیات کے معاملہ میں خود مستقل بالذات ہے۔ اسی وجہ سے جنین کیلئے کی گئی وصیت صحیح ہوتی ہے۔ یہاں (ذکاۃ) کے مسئلہ میں بھی اس کو علیحدہ سے ذبح کرنا ضروری ہے تاکہ اس کا دم مسفوح خارج ہو جائے اور اس کا گوشت پاک ہو جائے۔ ذبح کا مقصد دیکھا جائے تو یہ بات بالکل واضح دکھائی دیتی ہے کہ ذبح کا مقصد دم مسفوح کا اخراج ہے۔ ماں کی جراحت سے یہ مقصد بچے میں بالکل حاصل نہیں ہوتا۔ بخلاف شکار کے اس میں تیر وغیرہ اخراج دم کیلئے ہی مارا جاتا ہے اس لئے وہ ذبح اختیاری کا قائم مقام ہے۔

لہٰذا حدیث کا مطلب یہ ہے: ''ذكاة الجنين كذكاة امه'' جس طرح ماں کو ذبح کیا جاتا ہے۔ جنین کو بھی ذبح کیا جائے گا۔ یہ تشبیہ ہے اور اس طرح کی تشبیہ کئی جگہوں میں ملتی ہے۔ جیسے یہ آیت: وجنة عرضها السموٰت والارض۔

[آل عمران ـ ١٣٣]

اس مفہوم کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ثانی منصوب بھی روایت کیا گیا ہے جیسا کہ ماقبل میں گزرا۔ أي يذكي ذكاة مثل ذكاة أمه اھ اس بچہ پر جنین کا اطلاق باعتبار ''ما کان'' کے ہے، یا: وآتوا اليتامى أموالهم [النساء ـ ٢] کے قبیل سے ہے۔

۴۰۹۲: وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ۔

تخریج: اخرجه الترمذي في السنن ٤ / ٦٠ الحديث رقم ١٤٨٦

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے''۔

اسنادی حیثیت:

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے۔

تشریح: جامع صغیر میں ہے: اس کو ترمذی اور حاکم نے جابرؓ کی سند سے نقل کیا ہے۔ امام احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم اور دار قطنی نے ابو سعیدؓ کی سند سے۔ جبکہ طبرانی نے ''الکبیر'' میں ابوامامہ، ابوالدرداءؓ اور کعب بن مالک سے نقل کیا ہے امام حاکم نے ابن عمرؓ سے بھی نقل کیا ہے جس کے الفاظ کچھ یوں ہیں: **ذکاة الجنین اذا أشعر ذکاة أمه لکنه یذبح حتی ینصاب ما فیه من الدم** [الحاکم فی المستدرک ٤/١١٤]

ذبح کی صورت میں کٹنے والی رگیں:

ذبح کی صورت میں جانور کی حلق کی جو رگیں کاٹی جاتیں ہیں' وہ چار ہیں۔ ایک تو نرخرہ۔ جس کے ذریعہ سانس کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ دوسری مری یعنی وہ رگ جس سے منہ سے پانی جاتا ہے اور دو شہ رگیں جو نرخرہ کے دائیں بائیں ہوتی ہیں۔ ان چار رگوں کو کاٹنا ہی شرعی طور پر ذبح کہلاتا ہے۔ اگر ان چاروں میں سے تین رگیں کٹ جائیں تب بھی ذبح درست ہے اور اس جانور کا کھانا حلال ہے۔ اگر دو ہی رگیں کٹ جائیں تو وہ جانور مردار ہوگا اس کا کھانا حلال نہیں ہوگا۔

اونٹ میں نحر مسنون ہے' ذبح کرنا مکروہ ہے۔ اس لئے کہ خلافِ سنت ہے۔ گائے بکری میں ذبح مسنون ہے، نحر کرنا خلاف سنت ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے۔

جانور کے جنین کا بیان

۴۰۹۳: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِیْ بَطْنِهَا الْجَنِیْنَ اَنُلْقِیْهِ اَمْ نَاْكُلُهٗ قَالَ كُلُوْهُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَكَاتَهٗ ذَكَاةُ اُمِّهٖ۔

(رواه ابوداود وابن ماجة)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٣ / ٢٥٢ کتاب الاضاحی' باب ما جاء فی زکاة الجنین' الحدیث رقم ٢٨٢٧ وابن ماجه فی ٢ / ١٠٦٧' الحدیث رقم ٣١٩٩' وأحمد فی المسند ٣ / ٣١

ترجمہ: ''اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا ''یارسول اللہ! جب ہم اونٹنی کو نحر کرتے ہیں اور گائے اور بکری کو ذبح کرتے ہیں تو (بسا اوقات) ہم اس ذبیحہ کے پیٹ میں بچہ پاتے ہیں' کیا ہم اس بچہ کو پھینک دیا کریں یا کھالیا کریں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اگر تم چاہو تو اس کو کھالیا کرو کیونکہ اس کی ماں کا ذبح کرنا اس بچہ کا بھی ذبح کرنا ہے''۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

تشریح: ذبح کرنے کی دو قسمیں ہیں: ایک اختیاری، دوسری اضطراری۔ پھر اختیاری کی بھی دو صورتیں ہیں۔ ایک نحر دوسری ذبح۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نحر یہ ہے کہ اونٹ کی گردن کے نیچے والے حصہ میں سینہ کے قریب نیزہ مارا جائے۔ اول تو اس وجہ سے کہ اونٹ کو ذبح کرنے کے مقابلہ میں نحر آسان ہے اور دوم اس وجہ سے کہ اس کی رگیں اسی جگہ ہوتی ہیں اور ذبح یہ ہے کہ جانور کی حلق کی رگ کو کاٹا جائے۔ چونکہ ان جانوروں کی رگیں اسی جگہ ہوتی ہیں۔ نیز ذبح کرنا آسان ہے۔

''أنلقيه؟'' سوال دو چیزوں کے متعلق ہو سکتا ہے۔

① کیا ہم اس کو پھینک دیں کہ وہ مر جائے۔ ② کیا وہ مردار ہے؟

''ام ناكله'' اس کے بھی دو مطلب ہو سکتے ہیں: ① ہم مستقل اس کو ذبح کریں ② یا ماں کا ذبح ہی اس کے حلال ہونے کیلئے کافی ہے؟ ''قال كلوه'' یہاں امر وجوب کیلئے نہیں بلکہ اباحت کیلئے ہے۔ آنحضرت ﷺ کے قول ان شئتم کے الفاظ اباحت کیلئے قرینہ ہیں۔

صحابہ کرام کے پوچھنے کی ممکنہ وجوہات دو ہو سکتی ہیں:

بچہ چھوٹا ہونے کی وجہ سے قابل شفقت و محبت ہوتا ہے۔ صحابہ کو اس وجہ سے شاید تردد ہو رہا تھا کہ اس کو ذبح کیا جائے یا نہیں؟

تو آنحضرت ﷺ نے جواب دیا کہ جنین اور ماں ہر دو ذی روح ہیں اور دونوں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے حلال کیا ہے، اور دونوں کو ذبح کرنا شرعاً جائز ہے۔ لہٰذا تردد کی ضرورت نہیں جس طرح ماں کو ذبح کرنا جائز ہے۔ بچے کو بھی ذبح کرنا جائز ہے۔

بچہ مردار ہے اس کا کھانا حلال نہیں اور یہ آیت: حرمت علیکم المیتۃ کے ذیل میں داخل ہے۔ صحابہ کے ذہنوں میں اگر یہ بات ہوتی تو سوال کرنے کا کوئی مطلب ہی نہیں بنتا۔ علاوہ ازیں اگر وہ حلال ہی تھا تو تخییر کا کوئی مطلب نہیں بنتا اس لئے کہ اس کو نہ کھانا اضاعت مال کے زمرہ میں آتا ہے جو منہی عنہا ہے۔

سوال: اگر ماں کو ذبح کرنے کے باوجود بچہ کو کھانا حلال نہیں تو ماں کے ذبح کرنے کی اجازت بھی نہیں ہونی چاہیے کیونکہ اس میں بھی اضاعت مال پایا جاتا ہے کیونکہ ماں کے ذبح ہی کی وجہ سے بچے کی رضاعت کی نوبت آئی ہے۔

جواب: بچہ کی موت غیر متیقن ہے، اس امید سے ماں کو ذبح کیا جاتا ہے کہ بچہ ہاتھ لگ سکے اس اعتبار سے دیکھا جائے تو ماں کا ذبح اضاعت مال کے زمرہ میں نہیں آئے گا۔ لہٰذا ماں کا ذبح کرنا جائز ہوگا۔

ذی روح کو ناحق مارنے کی مذمت

۴۰۹۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهٖ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ اَنْ يَّذْبَحَهَا فَيَاْكُلَهَا وَلَا يَقْطَعَ رَاْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا۔ (رواہ احمد والنسائی والدارمی)

تخریج: اخرجه النسائي في السنن ۷/ ۲۰۶ كتاب الضحايا باب من قتل عصفوراً بغير حقها الحديث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٤٤٤٥، والدارمي في ٢ / ٤، الحديث رقم ١٩٧٨، وأحمد في المسند ٢ / ١٦٦

ترجمہ: ''اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے چڑیا یا اس سے اوپر (چھوٹے یا بڑے) پرندے کو ناحق مار ڈالا تو اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس کے قتل کرنے کے بارے میں اس سے سوال کرے گا۔ عرض کیا گیا کہ ''یا رسول اللہ! اور اس (چڑیا وغیرہ) کا حق کیا ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''یہ کہ اس کو ذبح کیا جائے (کسی اور طرح سے کو نہ مارا جائے) اور پھر اس کو کھایا جائے، اس کا سر کاٹ کر اس کو نہ پھینکا جائے۔'' (احمد، نسائی، دارمی)

اللُّغَاتُ: ''عصفور'' عین کے ضمہ کے ساتھ چڑیا وغیرہ۔ یہ اسم جنس ہے۔ امام طیبیؒ لکھتے ہیں:

تشریح: جنس کا اعتبار کرتے ہوئے مؤنث کی ضمیر ذکر کی اور لفظ کا اعتبار کرتے ہوئے مذکر کی ضمیر لائی گئی ہے۔

امور نحویہ: **وما حقها؟** مرفوع ہے۔ اعراب حکائی کی وجہ سے مجرور پڑھنا بھی جائز ہے۔

ابن ملکؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی جانور کو کھانے کے مقصد کے علاوہ ذبح کرنا یا کسی اور طرح اس کی جان مارنا مکروہ ہے۔ اھ دوسرے علماء لکھتے ہیں کہ یہ کراہت تحریمی ہے، اس لئے کہ آپ ﷺ نے جانوروں کی جان مارنے سے منع فرمایا ہے جو کھائے نہیں جاتے یا جن کا کھانا حلال نہیں ہے جیسا کہ آگے آئے گا۔

طیبیؒ کہتے ہیں کہ کسی جانور کے حق کا مطلب اس سے متمتع ہونا ہے اور بلا مقصد سر کاٹ کر پھینک دینے کو حق ضائع کرنے سے تعبیر کیا گیا ہے۔ لہٰذا کہا جائے گا کہ حدیث کے یہ الفاظ **ولا يقطع رأسها فيرمى بها** ماسبق کی عبارت کی گویا تاکید و توثیق کے طور پر ہے۔

شرح السنہ میں لکھا ہے اگر کسی کے ہاں بادشاہ یا کوئی سردار آئے تو اس کیلئے جانور کو ذبح کرنا مکروہ ہے لیکن یہ بات درست نہیں۔

اس لئے کہ جب آنحضرت ﷺ مدینہ تشریف لائے تو اس وقت اونٹ یا گائے ذبح کی گئی تھی۔ علماء نے کسی کے آنے کے بعد ضیافت کو سنت قرار دیا ہے۔

جامع صغیر کے الفاظ یوں ہیں:

''**من قتل عصفورًا بغير حق سأله الله عنه يوم القيامة**'' اس حدیث کو امام احمدؒ نے ابن عمرو سے روایت کیا ہے۔

طبرانیؒ اور امام احمدؒ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس طرح نقل کیا ہے:

ما من دابة طائر ولا غيره يقتل بغير حقٍ الا يتخاصمه يوم القيامة'' [الجامع الصغیر ۲/ ۴۸۶، الحدیث رقم ۷۹۶۱]

جو بھی جانور بغیر مقصد کے مارا جائے گا وہ قیامت کے دن اللہ کے حضور شکایت کرے گا اور بدلہ طلب کرے گا۔

زندہ جانور کے جسم سے کاٹے گئے گوشت کا بیان

۴۰۹۵: وَعَنْ اَبِیْ وَاقِدِ نِ اللَّيْثِيِّ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُجِبُّوْنَ اَسْنِمَةَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلْاِبِلِ وَيَقْطَعُوْنَ اَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ مَا يُقْطَعُ مِنَ الْبَهِيْمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ لَا تُؤْكَلُ

(رواه الترمذی وابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٣ / ٢٧٧' الحديث رقم ٢٨٥٨' والترمذی فی ٤ / ٦٢ ' كتاب الاطعمه' باب ما قطع من الحی فهو ميت' الحديث رقم ١٤٨٠ والدارمی فی ٢ / ١٢٨' الحديث رقم ٢٠١٨' وأحمد فی المسند ٥ / ٢١٨

ترجمہ: ''اور حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ سے ہجرت فرما کر) مدینہ تشریف لائے تو اس وقت مدینہ کے لوگ (ایسا کرتے تھے کہ) اونٹ کے کوہان اور دنبوں کی چکیاں کاٹ لیا کرتے تھے (اور پھر اس کو کھاتے تھے) چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو چیز بھی زندہ جانور کے جسم سے کاٹ لی جائے تو وہ (کاٹی ہوئی چیز) مردار ہے' اس کو نہ کھایا جائے''۔ (ترمذی' ابوداؤد)

تشریح: **قوله :وهم يجبون اسنمة الابل......**:

''**يجبون**'' جیم کے ضمہ اور باء کی تشدید کے ساتھ **يقطعون** کے معنی میں ہے۔

اسنمه نون کے کسرہ کے ساتھ سنام کی جمع ہے۔''**اليات**'' ہمزہ کے فتحہ اور لام کے سکون کے ساتھ ہے۔

تشریح: ایک نسخہ میں یہ دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے۔''**الية**'' کی جمع ہے۔

ما يقطع'' یہاں ''**ما**'' موصولہ ہے۔''**من البهيمة**''''**من بيانيه**'' ہے۔

''**وهی حية**'' یہ جملہ حالیہ ہے۔''**فهی**'' یہ ضمیر ''**ما يقطع**'' کی طرف لوٹ رہی ہے۔خبر کی رعایت کرتے ہوئے اس کو مؤنث لایا گیا ہے۔ جو ''**ميته**'' ہے۔اس کے شروع میں فاء اس لئے ہے کہ مبتداء شرط کے معنی کو متضمن ہے۔

''**لا تأكل**'' یہ صفت کاشفہ ہے یا جملہ مستانفہ ہے جو وجہ تشبیہ بیان کرنے کیلئے لایا گیا ہے اور مطلب یہ ہے کہ اس طرح کے اعضاء کا حکم مردار کا ہے اس کو نہ کھایا جائے

ابن الملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایسا عضو جو زندہ جانور کا کاٹا جائے وہ حرام ہے۔کیونکہ وہ عضو حیات کے زائل ہونے سے میت کے حکم میں ہو جاتا ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل اہل مدینہ اس طرح کیا کرتے تھے۔اسی سے ان کو روکا گیا ہے۔

علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث اوپر والی حدیث میں مذکور صحابہ کے سوال کی وجہ کی دلیل بن سکتی ہے کہ جنین کے متعلق بھی صحابہ کو اس طرح کی کسی فعل کی وجہ سے تردد تھا کہ وہ بھی ماں کے جزء منفصل جیسا ہے۔ چنانچہ وہ حلال ہوگا کہ حرام؟ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال ہونے کا عندیہ دیا۔

اس حدیث کو ابوداؤد رحمہ اللہ اور امام ترمذی کے علامہ شمنی نے مرفوعاً نقل کیا ہے شمنی کے الفاظ یوں ہیں۔

''**ما قطع من البهيمة وهی حية فهو ميتة**'' جامع صغیر نے ترمذی ہی والے الفاظ نقل کئے ہیں۔

صاحب جامع صغیر فرماتے ہیں: **رواه احمد وابوداود وترمذی والحاكم عن ابی واقد ،ورواه ابن ماجه**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والحکم عن ابن عمر والحاکم عن ابی سعید والطبرانی عن تمیم۔ [الجامع الصغير ٢/ ٤٨٦، الحديث رقم ٨٩٦١]

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔

ذبح کی ایک خاص صورت کا بیان

الفصل الثالث:

۴۰۹۶: عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَارِثَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَرْعٰى لِقْحَةً بِشِعْبٍ مِنْ شِعَابِ اُحُدٍ فَرَاٰى بِهَا الْمَوْتَ فَلَمْ يَجِدْ مَا يَنْحَرُهَا بِهٖ فَاَخَذَ وَتِدًا فَوَجَأَبِهٖ فِيْ لَبَّتِهَا حَتّٰى اَهْرَاقَ دَمَهَاثُمَّ اَخْبَرَرَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَاَمَرَهٗ بِاَكْلِهَا (رواه ابوداود ومالك وفى روايته قَالَ فَذَكَاهَا بِشِظَاظٍ)

تخریج: اخرجه أبوداود فى السنن ٣ / ٢٤٩ كتاب الاضاحى، باب فى الذبيحة بالمروة، الحديث رقم ٢٨٢٣ و مالك فى الموطا ٢ / ٤٨٩، الحديث رقم ٣، من كتاب الذبائح وأحمد فى المسند ٥ / ٤٣٠

ترجمہ: "حضرت عطاء بن یسار قبیلہ بنی حارثہ کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ وہ احد کی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں ایک اونٹنی چرایا کرتا تھا۔ اس نے اونٹنی میں موت کے آثار دیکھے (یعنی اس نے دیکھا کہ اونٹنی کسی وجہ سے مررہی ہے اس وقت) اس کو کوئی ایسی چیز نہ ملی ہو جس کے ذریعہ وہ اونٹنی کو نحر کرتا' چنانچہ اس نے ایک کیل اٹھائی اور (اس کو نوک کی جانب سے) اس کو اونٹنی کے سینے میں گھسا دیا' یہاں تک کہ اس کا خون بہا دیا' پھر اس نے (اس واقعہ کو) رسول اللہ ﷺ سے بیان کیا (اور اس کے گوشت کے بارے میں دریافت کیا کہ اس صورت میں اس کا کھانا کیسا ہے؟) آپ ﷺ نے اس کو اس (کے گوشت) کے کھانے کی اجازت دی (ابوداؤد' مالک) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ "آخر کار اس نے ایک دھاردار لکڑی سے اس کو ذبح کر دیا"۔

تشریح: "لقحة" لام کے کسرہ اور قاف کے سکون کے ساتھ ہے اور لام کو فتح دینا بھی جائز ہے۔ مراد ہے وہ اونٹنی جو جوان ہونے کے قریب ہو۔

شعاب کے اول کے دونوں حروف مکسور ہیں۔

لفظ شعب کئی معنوں مثلاً پہاڑی راستہ، درہ گھاٹی زیرین زمین چلنے والی نہر وغیرہ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ **كذا فى القاموس** "احد: ہمزہ اور حاء دونوں پر ضمہ ہے۔

"وتدًا": واؤ کے فتحہ اور تاء کے کسرہ کے ساتھ، "**وفى القاموس بالفتح والتحريك ككتف**"۔

"وَجَأ" واؤ جیم اور ہمزہ تینوں کے فتحہ کے ساتھ بمعنی "ضرب" ہے۔ **اهراق**: ہمزہ قطعی کے ساتھ باب افعال سے۔

فى لبتها: یہ **يجرح فى عراقيبها نصلى** کے قبیل سے ہے۔

"وتد" لکڑی کی اس میخ یا کھونٹی کو کہتے ہیں جو زمین یا دیوار میں گاڑی جاتی ہے۔ "**شظاظ**" جمع "**الشظه**" اس لکڑی کو کہتے ہیں۔ جس کے دونوں کنارے نوکدار ہوتے ہیں۔ اس کو دونوں تھیلوں کے درمیان اڑا کر اونٹ پر لادتے ہیں۔ تاکہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں تھیلے الگ الگ ہو کر گر نہ سکیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شرعی طور پر ذبح یا نحر کا مفہوم یہ ہے کہ جراحت کے ساتھ خون بہایا جائے اور یہ بات جس چیز سے بھی حاصل ہو جائے اس کے ذریعہ ذبح یا نحر کیا جا سکتا ہے۔ خواہ وہ لوہے کی چھری وغیرہ ہو یا کوئی دھار دار اور نوکدار لکڑی وغیرہ ہو۔

مصنف ؒ نے امام ابوداوٗد ؒ کا نام شاید اسلئے مقدم کیا کہ یہ الفاظ حدیث ابوداوٗد کے تھے۔

روایت کے الفاظ یوں ہیں: ''فاخذ وتدًا فوجأ به في لبتها حتى اهراق دمها فذكاها''۔

حلال دریائی جانوروں کا بیان

٤٠٩٧: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْبَحْرِ اِلاَّ وَقَدْ ذَكَّاهَا اللّٰهُ لِبَنِيْ اٰدَمَ

تخریج: اخرجه الدارقطني في السنن ٤ / ٢٦٧، الحديث رقم ٤ في كتاب الصيد والذبائح

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سمندر کا ایسا کوئی جانور نہیں ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کے لئے حلال قرار نہ دیا ہو''۔ (دارقطنی)

تشریح: امام نووی ؒ فرماتے ہیں، مچھلی کے حلال ہونے پر تمام ائمہ کا اتفاق ہے۔ مچھلی کے علاوہ دیگر جانوروں کی حلت وحرمت میں اختلاف ہے۔ شوافع کے نزدیک تمام دریائی میتات حلال ہیں خود مرے ہوں یا ان کا شکار کیا گیا ہو۔

شوافع کے ہاں مینڈک حرام ہے کیونکہ اس کو مارنے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔ کسی جانور کو مارنے کی ممانعت دو وجوں سے ہوتی ہے: ① اس کے حرمت کی وجہ سے جیسے انسان کو مارنے کی ممانعت ہے۔ ② یا اس کے کھانے کی حرمت کی وجہ سے اس کی مثال صرد اور مینڈک ہے۔ احادیث: نسائی اور امام ابوداوٗد نے عبدالرحمٰن بن عثمان قریشی کی سند سے روایت کیا ہے۔ ''ان طبيباً سأل رسول اللهﷺ عن الضفدع يجعلها في الدواء فنهى عن قتلها'' کہ ایک طبیب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مینڈک کو دواء میں استعمال کرنے کے بارے میں پوچھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈک مارنے سے منع فرمایا۔ یہ روایت امام احمد، ابوداوٗد طیالسی اور امام اسحاق سب نے اپنے اپنے مسانید میں نقل کی ہے۔ امام حاکم نے مستدرک میں اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرمایا ہے۔ صحيح الاسناد۔

مینڈک اور صرف کے علاوہ جو جانور ہیں۔ ان کے بارے میں شوافع کے تین اقوال ہیں:

① سارے کے سارے حلال ہیں۔ ② حلال نہیں۔ ③ وہ جانور جن کی نظیر خشکی میں پائی جاتی ہے، دیکھا جائے گا۔ اگر وہ حلال تو یہ بھی حلال ہے اگر وہ حرام ہے تو یہ بھی حرام ہوگا۔ اس قاعدہ سے دریائی گھوڑا دریائی بکری دریائی ہرن حلال ہے اور دریائی کتا، خنزیر اور گدھا حرام ہیں۔

پہلا قول صحابہ کرام میں سے حضرات ابوبکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام مالکؒ کے ہاں جمیع حیوانات سمندر مع دریائی مینڈک حلال ہیں۔ان کی دلیل قرآن کریم کی یہ آیت ہے: ① **احل لکم صید البحر وطعامه** [المائدة:۹۶] ② حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: **صیده ما اصطید وطعامه ما رمی به ابن** عباسؓ نے فرمایا: **طعامه الا ما قذرت منها**۔

شرح السنہ میں ہے کہ امام حسن بصریؒ دریائی کتوں کی کھال کی بنی زین پر سواری فرماتے اور مینڈک اور کیچوے کو کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے۔

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: **ارجو ان لا یکون بالسرطان بأس** ۔ مجھے امید ہے کہ کیکڑا کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

احناف کے ہاں سوائے مچھلی کے دیگر تمام جانور حرام ہیں۔

حنفیہ کی دلیل یہ آیت مبارکہ: **ویحرم علیهم الخبائث** [الاعراف:۱۵۷] ہے۔

احناف کے ہاں مچھلی کیلئے بھی شرط یہ ہے کہ وہ طافی نہ ہو کیونکہ طافی کا کھانا ہمارے ہاں مکروہ تحریمی ہے۔

دلیل ابن ماجہ اور ابوداؤدؒ یہ کی حدیث ہے جو حضرت جابرؓ سے منقول ہے۔

''**ان رسول اللّٰه قال "ما القاه البحر أو جر الجزر عنه فكلوه وما مات فيه وطفا فلا تأكلوه**''۔

[أخرجه ابو داؤد في السنن ۴/۱۶۵ الحديث رقم ۳۸۱۵، وابن ماجة في ۲/ ۱۰۸۱، الحديث رقم ۳۲۴۷]

ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق نے اپنی مصنفات میں سمک طافی کے کھانے کی حضرت جابر بن عبداللہ حضرت علی، حضرت ابن عباس ابن مسیب ابی الشعثاء نخعی طاؤس اور زہری کراہت نقل کی ہے۔

بَابُ ذِكْرِ الْكَلْبِ

کتے سے متعلق احکام کا بیان

اس باب میں وہ احادیث نقل کی جائیں گی جن سے کتوں سے متعلق احکام معلوم ہوں گے کہ کن مقاصد کیلئے اور کون سا کتا پالنا جائز ہے اور کون سا ناجائز۔ کس کتے کو مارنا جائز ہے اور کس کا مارنا ناجائز۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں۔ یہ باب اول کا تتمہ اور ردیف ہے اور ملا علی قاریؒ اس کو آنے والے باب کیلئے مقدمہ قرار دیتے ہیں۔

بلا ضرورت کتا پالنا

الفصل الاول :

۴۰۹۸: عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَوْضَارٍ نُقِصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ (متفق عليه)

تخریج : اخرجه البخارى فى صحيحه ٦٠٧٩ كتاب الذبائح' والصيد' باب من اقتنى كلبًا ليس بكلب الصيد وما شية' الحديث رقم ٥٤٨٠ و مسلم فى ٣ / ١٢٠١' الحديث رقم (٥٠ ـ ١٥٧٤) والترمذى فى السنن ٤ / ٦٧ الحديث رقم ١٤٨٧' والنسائى فى ٧ / ١٨٨' الحديث رقم ٣٢٨٦' والدارمى فى ٢ / ١٢٤' الحديث رقم ٢٠٠٤' و مالك فى المؤطا ٢ / ٩٦٩' الحديث رقم ١٣ من كتاب الاستيذان وأحمد فى المسند ٢ / ٨

ترجمه:''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے مویشیوں کی حفاظت کرنے والے کتے اور شکاری کتے کے علاوہ کوئی دوسرا کتا پالا تو اس کے عمل (کے ثواب) میں سے روزانہ دو قیراط کے برابر کمی کر دی جاتی ہے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله :من افتنى كلما......:

''او ضارٍ ''مشکوۃ کے تمام نسخوں میں راء مخففہ مکسورہ منونہ کے ساتھ ہے اور اس کا عطف'' ماشية'' پر ہے۔

تشریح: امام تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''الصارى من الكلاب ما يهيج بالصيد يقال ضرى الكلب بالصيد ضراوة'' وہ کتا جو شکار پر دوڑایا جائے۔فرماتے ہیں۔''ضاریًا'' ہونا چاہیے کیونکہ اس کا عطف مستثنٰی منہ پر ہے۔ بعض روایات میں منقول بھی اسی طرح ہے۔ان روایتوں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ تنوین نہ پڑھنا غلط ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: بعض معتبر نسخوں میں یاء کے ساتھ (ضاری)،اور کچھ میں الف کے ساتھ یعنی''ضاریًا''منقول ہے۔

قاضی عیاض فرماتے ہیں۔ضار یا پڑھا جائے تو اعراب میں کوئی خفاء والی بات نہیں رہتی کہ کلبًا پر اس کا عطف ہوگا۔

اگر ضاری، یا ضار پڑھا جائے تو اس صورت میں ماشیه پر عطف ہونے کی وجہ سے مجرور ہوگا اور یہ اضافت الصفة الى الموصوف کے قبیل سے ہوگا۔ جیسے مسجد الجامع اور ماء الورد ہے۔

اگر الضاری پڑھا جائے تو اسم منقوص میں بغیر الف لام کے یاء کو برقرار رکھنا لغت قلیلہ ہے۔امام بیضاویؒ فرماتے ہیں: یہاں کلب کی اضافت''ضاری ''کی طرف ابہام وتخصیص کی غرض سے ہے۔کیونکہ کتا کبھی''ضاری ''ہوتا ہے اور کبھی ''ضاری''نہیں ہوتا۔

نقص:فعل مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ایک نسخہ میں فعل معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔یہ بذات خود متعدی ہے۔ اس کو متعدی بنانے کی ضرورت نہیں لیکن یہاں لازم معنی یعنی انتقص کے معنی میں ہے۔

امور نحویه: كل يوم مفعول فیہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔''قیراطان ''یہ فاعل ہے یا نائب فاعل ہے۔

''قیراط''اصل میں ایک وزن کا نام ہے جو نصف''دانق'' کا ہوتا تھا،اور وہ دینار کے چھٹے حصہ کے برابر ہوتا تھا۔مرتب عرض کرتا ہے: ایک قیراط ۵ جو کے برابر ہے،اور ایک جو ۳ چاول کے برابر ہے اور ایک قیراط باعتبار رتی کے ۱۔۱۴/۱۱ رتی یعنی تقریبًا پونے دو رتی کے برابر ہوتا ہے اور ایک درہم ۱۴ قیراط کا ہوتا ہے اور ایک دانق ۴ قیراط کا ہوتا ہے۔اس اعتبار سے ایک دانق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریباً ۲۰ رتی کا ہوا۔ (جواہر الفقہ۔ ج۱، ص۴۶۸) لیکن حدیث میں ''قیراط'' کا استعمال کس مقدار کے لئے کیا گیا ہے اس کا حقیقی علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے، اگرچہ بعض احادیث میں اس ''مقدار'' کو احد پہاڑ کے برابر بتایا گیا ہے۔ اس بنیاد پر اس حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ شریعت نے جن مقاصد کے لئے کتوں کو پالنے کی اجازت دی ہے جیسے مویشیوں (یا گھر' کھیت) کی حفاظت اور شکار' ان کے علاوہ محض تفریح طبع اور شوق کی خاطر اگر کوئی شخص کتا پالے گا تو اس نے جو نیک اعمال کئے ہیں اور اس حق تعالیٰ نے ان اعمال کی بناء پر اپنے فضل وکرم سے اس کے نامۂ اعمال میں اجر وثواب کے جو ذخیرے رکھے ہیں' ان میں سے روزانہ اس مقدار میں کمی آتی رہے گی کہ اگر اس مقدار کو جسم تصور کیا جائے تو وہ دو احد پہاڑ کے برابر ہو! یا یہ کہ دو قیراط سے مراد اس شخص کی نیکیوں کے حصول میں سے دو حصے کی کمی ونقصان ہے۔

حدیث کا اصل منشاء صرف یہ ظاہر کرنا ہے کہ بلاضرورت شرعی کتا پالنا اپنے اعمال کے اجر وثواب کے بہت بڑے حصے سے ہاتھ دھونے کا باعث ہے۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کتے پالنے کی وجہ سے ثواب اعمال میں کمی ہونے کی کیا وجہ ہے؟ اس سلسلہ میں مختلف آراء ہیں:

① وہ شخص (کتا پال کر) دوسرے لوگوں کو ایذا پہنچانے کا ذریعہ بنتا ہے بایں طور کہ کتا آنے جانے والوں پر بھونکتا ہے، لوگوں کو خوفزدہ کرتا ہے اور کبھی کاٹ بھی لیتا ہے۔ ② یہ کمی ونقصان اس سبب سے ہے کہ جب گھر میں کتا پالا ہوا ہوتا ہے تو وہ گھر والوں کی بے خبری میں کھانے پینے کے برتن میں منہ ڈالتا رہتا ہے اور ظاہر ہے کہ گھر والے چونکہ بے خبر ہوتے ہیں اس لئے وہ ان برتنوں کو دھوئے مانجے بغیر ان میں کھاتے پیتے ہیں۔ ③ چونکہ اس کتے کی گھر میں موجودگی کی وجہ سے ملائکہ رحمت گھر میں داخل نہیں ہوتے۔ ④ کتا پالنے کی ممانعت آئی ہے اور اس شخص نے کتا پال کر حکم شرع کی مخالفت کی ہے۔ اس عصیان کی عقوبت کے طور پر اس کا اجر کم ہوتا ہے۔

کتا پالنا اجر وثواب میں کمی کا باعث

۴۰۹۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ مَاشِیَةٍ اَوْ صَیْدٍ اَوْزَرْعٍ اِنْتَقَصَ مِنْ اَجْرِهٖ كُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ. (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۵ / ۵ کتاب الحرث والمزارعة' باب اقتناء الکلب للحرث' الحدیث رقم ۲۳۲۲ و مسلم فی ۳ / ۱۲۰۳ الحدیث رقم (۵۸ ـ ۱۵۷۵) والنسائی فی السنن ۷ / ۱۸۹' الحدیث رقم ۴۲۸۹' وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۶۹' الحدیث رقم ۳۲۰۴' وأحمد فی المسند ۲ / ۲۶۷

ترجمہ: ''اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے مویشیوں کی حفاظت کرنے والے' شکار پکڑنے والے اور کھیت کھلیان کی حفاظت کرنے والے کتے کے علاوہ کوئی کتا پالا تو اس کے اجر وثواب میں سے ہر روز ایک قیراط کے برابر کمی کر دی جاتی ہے''۔ (بخاری ومسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: مضمون ومفہوم کے اعتبار سے یہ حدیث پہلی حدیث کی طرح ہے۔البتہ اس حدیث میں اس کتے کے استثناء کو بھی ذکر کیا گیا ہے جو کھیت کھلیان کی حفاظت کرنے کیلئے پالا جاتا ہے۔واضح رہے کہ اس حدیث اور پچھلی حدیث میں تعارض ہے۔کہ اس حدیث میں ایک قیراط کا ذکر کیا ہے جب کہ پہلی حدیث میں دو قیراط کا ذکر کیا گیا ہے۔

پہلا جواب: یہ فرق اختلاف مواضع' زمانہ اور کتوں کے ایذاء رسانی میں فرق کی وجہ سے ہے۔صاحب مظاہر حق نے فرمایا ہے: چنانچہ یہ فرق کتوں کی مختلف اقسام کی بنیاد پر ہے کہ بلاضرورت پالے جانے والے کتوں میں بعض کتے ایسے ہوتے ہیں جو لوگوں کو کم ایذا پہنچاتے ہیں۔ان کو پالنے کی صورت میں ایک قیراط کے برابر کمی کی جاتی ہے۔

دوسرا جواب: یہ فرق ''مقام وجگہ'' کے اعتبار سے ہے کہ بعض جگہ تو بلاضرورت کتے پالنے کی وجہ سے ثواب میں دو قیراط کے برابر کمی کی جاتی ہے۔جیسے مکہ اور مدینہ کہ دونوں مقدس شہر اپنی عظمت' وبزرگی اور مہبط وحی ہونے کے لحاظ سے ایسے ہیں کہ اگر ان کی حدود میں رہنے والا کوئی شخص بلاضرورت کتا پالتا ہے تو وہ زیادہ گنہگار ہوتا ہے اس لئے اس کے ذخیرۂ ثواب میں دو قیراط کے برابر کمی ہو جاتی ہے جب کہ ان دونوں مقدس شہروں کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں کتا پالنے والا نسبتاً کم گنہگار ہوتا ہے' اس لئے اس کے ثواب میں سے ایک قیراط کے برابر کم کیا جاتا ہے یہ ذرا محل نظر ہے، چونکہ اگر ایسا ہوتا تو شارع اس کو واضح طور پر بیان فرماتے یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جو لوگ شہر یا دیہات (کسی بھی آبادی) میں کتا پالتے ہیں ان کے ثواب میں دو قیراط کے برابر کمی ہوتی ہے اور جو لوگ جنگل و بیابان میں کتا پالتے ہیں ان کے ثواب میں ایک قیراط کی کمی ہوتی ہے کیونکہ آبادی میں کتے پالنے کی وجہ سے زیادہ لوگوں کو ایذا پہنچتی ہے جب کہ جنگل و بیابان میں یہ صورت نہیں ہوتی۔تیسرا جواب: کتے پالنے کی ممانعت کے ابتدائی دور میں ایک قیراط کی کمی کی وعید سنائی اور پھر اس معاملہ میں مزید سختی کرنے کے لئے دو قیراط کمی کی وعید سنائی ۔چوتھا جواب: لوگ کتوں کے ساتھ بہت زیادہ انس رکھتے تھے، حتیٰ کہ کتوں کے ساتھ کھاتے پیتے تھے، بلکہ کتے کا گوشت بھی کھا جاتے تھے، اس لئے دو قیراط کی وعید سنائی اور پھر بعد میں کچھ نرمی فرماتے ہوئے ایک قیراط کی وعید سنائی۔یہ جواب بھی محل نظر ہے، چونکہ عہد نبوی میں اس قسم کی صورت حال ثابت نہیں ہے۔

کتوں کو مار ڈالنے کا حکم

٤١٠٠: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى اِنَّ الْمَرْاَةَ تَقْدَمُ مِنَ الْبَادِيَةِ بِكَلْبِهَا فَنَقْتُلُهٗ ثُمَّ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا وَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ الْبَهِيْمِ ذِي النُّقْطَتَيْنِ فَاِنَّهٗ شَيْطَانٌ . (رواه مسلم)

تخریج: اخرجه مسلم فی صحیحه ٣٠ / ١٢٠٠ کتاب المساقاة' باب ١٠' الحدیث رقم (٤٧ - ١٥٨٢) والترمذی فی السنن ٤ / ٦٦ الحدیث رقم ١٤٨٦

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (مدینہ کے) کتوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا (ہم مدینہ اور اطراف مدینہ کے کتوں کو مار ڈالتے تھے) یہاں تک کہ جو عورت اپنے کتے کے ساتھ جنگل سے آتی تو ہم اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی قتل کر دیتے تھے پھر بعد میں رسول اللہ ﷺ نے عام کتوں کو مارڈالنے سے روک دیا اور یہ حکم دیا کہ خالص سیاہ کتے کو جو دو نقطوں والا ہو مارڈالو کیونکہ وہ شیطان ہے''۔ (مسلم)

تشریح: ''حتی أن المرأة''۔ یہاں ''انّ'' مکسور الہمزہ ہے۔

حتی ان المراة ......: ''حتی'' یہاں جملہ پر داخل ہوا ہے یہ درحقیقت کلام محذوف کی غایت کا بیان ہے۔ **أی أمرنا بقتل الكلاب فقتلنا ولم ندع فی المدينة كلبا الا قتلناه حتی نقتل كلب المرأة تقدم من البادية۔** ایک دوسری حدیث میں یہ الفاظ صراحتاً بھی وارد ہوئے ہیں۔

''فنقتله'' نون کے ساتھ ایک نسخ میں فتقتله تاء کے ساتھ ہے۔ پہلی صورت میں صحابہ کا خود قتل کرنا مراد ہوگا۔ دوسری صورت میں عورتوں کا خود قتل کرنا مراد ہوگا۔

شرح السنہ میں لکھا ہے کہ کتوں کو مارڈالنے کا حکم صرف مدینہ منورہ کے ساتھ مخصوص تھا کیونکہ وہ شہر مقدس محض اسی اعتبار سے تقدیس کا حامل نہیں تھا کہ اس میں سرکار دو عالم ﷺ اقامت پذیر تھے بلکہ اس اعتبار سے بھی اس کو پاکیزگی کی عظمت حاصل تھی کہ وہ وحی کے نازل ہونے اور ملائکہ کی آمد ورفت کی جگہ تھا' لہٰذا یہ بات بالکل موزوں اور مناسب تھی کہ اسکی سرزمین کو کتوں کے وجود سے پاک رکھا جاتا۔

عورتوں کی تخصیص یا تو اس وجہ سے ہے کہ جو عورتیں جنگل میں بود و باش رکھتی تھیں ان کو (مویشیوں وغیرہ کی حفاظت کے لئے) کتوں کی زیادہ ضرورت ہوتی تھی اور جب وہ شہر میں آتیں تو اس وقت بھی ان کا کتا ان کے ہمراہ ہوتا تھا۔

یا یہ کہا جائے کہ یہاں عورت کی قید محض اتفاقی ہے اور مراد یہ ہے کہ ان کتوں کو بھی زندہ نہیں چھوڑا جاتا تھا جو جنگل سے شہر آجاتے تھے خواہ وہ کسی عورت کے ساتھ آتے یا کسی مرد وغیرہ کے ساتھ۔

قوله عليكم بالاسود:

اس قسم کا کتا چونکہ انتہائی شریر اور لوگوں کے لئے سخت تکلیف اور ایذا پہنچانے والا ہوتا ہے اس لئے اس کو ''شیطان'' فرمایا گیا ہے۔

اس کو ''شیطان'' کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ایسا کتا نہ نگہبانی کے کام کا ہوتا ہے اور نہ شکار پکڑنے کے مصرف کا اور اکثر اونگھتا رہتا ہے چنانچہ اسی سبب سے امام احمدؒ و اسحٰق فرماتے ہیں کہ سیاہ کتے کا پکڑا ہوا شکار حلال نہیں کیونکہ وہ شیطان ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ کٹ کھنے کتے کو مارڈالنے پر تو علماء کا اتفاق ہے اگرچہ وہ سیاہ رنگ کا نہ ہو لیکن اس کتے کے بارے میں اختلافی اقوال ہیں جو نقصان وضرر پہنچانے والا نہ ہو۔

امام حرمین کہتے ہیں کہ پہلے تو نبی کریم ﷺ نے ہر قسم کے کتوں کو مارڈالنے کا حکم دیا تھا' بعد میں اس حکم کی عمومیت منسوخ کر کے صرف یک رنگ سیاہ کے کتے تک محدود کر دیا گیا اور پھر آخر میں ان تمام کتوں کو مارڈالنے کی ممانعت فرمادی جو نقصان و ضرر پہنچانے والے نہ ہوں' یہاں تک کہ یک رنگ سیاہ کتے کو بھی اس حکم میں شامل کر دیا گیا اگر اس سے نقصان وضرر پہنچنے کا خطرہ نہ ہو تو اس کو بھی ختم نہ کیا جائے اھ امام حرمین کا یہ کلام دلیل کا محتاج ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاضی ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: آنحضرتؐ کے اس ارشاد گرامی کا کیا مطلب ہے کہ کالا شیطان ہوتا ہے، حالانکہ واضح بات ہے کہ کالا کتا کتے کی نسل ہے، اور اسی طرح اونٹ کے بارے میں یہ فرمانا کہ اونٹ جن ہے حالانکہ اونٹ بھی اونٹنی سے ہی پیدا ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کلام بطور تشبیہ کے فرمایا، چونکہ کالا کتا کتوں میں سے شریر ترین ہے، اس کا کوئی خاص فائدہ بھی حاصل نہیں ہوتا اور اونٹوں کو جنات سے تشبیہ ان کی صعوبت اور آواز کی وجہ سے دی ہے۔

۴۱۰۱: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ اِلَّا كَلْبَ صَیْدٍ اَوْ كَلْبَ غَنَمٍ اَوْ مَاشِیَةٍ۔ (متفق علیه)

تخریج: اخرجه مسلم فی صحیحه ۳ / ۱۲۰۰ کتاب المساقاۃ' باب ۱۰' الحدیث رقم (۴۶ ـ ۱۵۷۱)

ترجمه: "اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو (تمام کتوں کے یا مدینہ کے) کتوں کے مار ڈالنے کا حکم دیا' سوائے شکاری کتوں اور بکریوں کی حفاظت کرنے والے کتوں اور مویشیوں کی حفاظت کرنے والے کتوں کے' کہ ان کو مستثنیٰ رکھا"۔

قوله: ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر بقتل الکلاب......:

"اَوْ مَاشِیَةٍ (اور مویشیوں کی حفاظت کرنے والے کتے)" یہ جملہ تعمیم بعد تخصیص کے طور پر ہے۔ یعنی استثناء کے سلسلے میں پہلے تو خاص طور پر بکریوں کی حفاظت کرنے والے کتوں کا ذکر کیا پھر عمومی طور پر تمام جانوروں کی حفاظت کرنے والے کتوں کا ذکر کیا' لہٰذا اس صورت میں حرف "او" تنویع کے لئے ہوگا جیسا کہ ماقبل کی عبارت میں ہے۔

یا یہ کہ اَوْ مَاشِیَةٍ میں حرف اَوْ راوی کے شک کو ظاہر کرنے کے لئے ہے یعنی اس کے ذریعہ حدیث کے راوی نے بتانا چاہا ہے کہ مجھے صحیح یاد نہیں ہے کہ اس موقع پر الا کلب صید او کلب ......" کے بعد غَنَمٍ فرمایا گیا تھا یا مَاشِیَةٍ۔ واللّٰه اعلم۔ امام طیبیؒ کا کہنا ہے کہ پہلا "او" تنویع کے لئے ہے اور دوسرا "او" تردید کیلئے ہے۔ اھ۔ لیکن یہ محل نظر ہے۔

الفصل الثانی:

کتوں کو نہ مارنے کی علت کا بیان

۴۱۰۲: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ الْكِلَابَ اُمَّةٌ مِنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِهَا كُلِّهَا فَاقْتُلُوْا مِنْهَا كُلَّ اَسْوَدَ بَهِیْمٍ (رواه ابوداود والدارمی وزاد الترمذی والنسائی) وَمَا مِنْ اَهْلِ بَیْتٍ یَرْتَبِطُوْنَ كَلْبًا اِلَّا نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِمْ كُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ اِلَّا كَلْبَ صَیْدٍ اَوْ كَلْبَ حَرْثٍ اَوْ كَلْبَ غَنَمٍ

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۳ / ۲۶۷' کتاب الصید' باب فی اتخاذ الکلب الصید وغیره' الحدیث رقم ۲۸۴۵ والترمذی فی ۴ / ۶۷' الحدیث رقم ۱۴۸۹' والنسائی فی ۷ / ۱۸۵ الحدیث رقم ۴۲۸۰' وابن ماجه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی ۲ / ۱۰۶۹ الحدیث رقم ۳۲۰۵' والدارمی فی ۲ / ۱۲۰' الحدیث رقم ۲۰۰۸' وأحمد فی المسند ۵ / ۵٤

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اگر کتے (بھی) گروہوں میں سے ایک گروہ نہ ہوتے' تو یقیناً میں ان سب کو قتل کرنے کا حکم دے دیتا۔ پس ان میں جو (بھی) کتا خالص سیاہ رنگ کا ہو اس کو قتل کر ڈالو۔ (ابوداؤد' دارمی) اور ترمذی ونسائی نے یہ عبارت مزید نقل کی ہے کہ جس گھر والے ''بلاضرورت'' کتا پالتے ہیں ان کے عمل (کے ثواب میں) سے روزانہ ایک قیراط کے بقدر کمی کر دی جاتی ہے' سوائے شکاری کتے اور کھیت کی حفاظت کرنے والے اور ریوڑ کی رکھوالی کرنے والا کتے سے''۔

تشریح: اس ارشاد کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی آیات کریمہ کی طرف اشارہ کیا ہے: ﴿وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ط ......﴾ [الانعام: ۳۸] ''اور زمین میں جو چلنے پھرنیوالا (حیوان) یا دو پروں سے اُڑنے والا جانور ہے انکی بھی تم لوگوں کی طرح جماعتیں ہیں۔ ہم نے کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی نہیں کی۔ پھر سب اپنے پروردگار کی طرف جمع کیے جائینگے۔''

دوسری آیت یہ ہے: ﴿مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ......﴾ [الاحقاف: ۳] ''ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں میں ہے مبنی برحکمت اور ایک وقت مقرر تک کے لئے پیدا کیا ہے اور کافروں کو جس چیز کی نصیحت کی جاتی ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں''۔

جس طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی خاص مصلحت وحکمت کی بناء پر پیدا کیا ہے اسی طرح جانوروں کو بھی مصلحت وحکمت ہی کے مطابق پیدا کیا ہے' اس اعتبار سے جس طرح انسان کی جان کی اہمیت ہے' اسی طرح جانوروں کی جان کی بھی اہمیت ہے کہ ان کو بلاضرورت اور بلامقصد مار ڈالنا تخلیق خداوندی کی مصلحت وحکمت کے منافی ہے۔

امام خطابیؒ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے امم میں سے ایک امت کو فناء کرنا ناپسند فرمایا کیونکہ اللہ نے جو بھی مخلوق پیدا کی ہے اس کی پیدائش حکمت ومصلحت سے خالی نہیں۔ امام طیبیؒ لکھتے ہیں اس کی حکمت وہ بھی ہوسکتی ہے جو قرآن کریم نے بیان کی ہے۔ **وان من شئ الا یسبح بحمدہ** [الاسراء: ٤٤] کہ زبان حال یا قال سے وہ صانع کی قدرت حکمت اور تنزیہ بیان کرتی ہے۔ اس کو دیکھیں تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ کسی بھی مخلوق سے تعرض کرنا جائز نہیں لیکن دفع ضرر کیلئے **فواسق خمسہ** (سانپ، بچھو، گرگٹ، چوہا، چیل) کو قتل کرنا مباح ہے۔ اس طرح جلب منفعت کیلئے جیسا کہ حلال جانور کو غذاء کیلئے ذبح کرنا۔

فاقتلوا: ترکیب نحوی کے اعتبار سے شرط محذوف کا جواب ہے۔ گویا آپؐ نے یوں فرمایا کہ جب مذکورہ (آیاتِ کریمہ کے موجب) تمام کتوں کو مارڈالنے کا کوئی راستہ نہیں تو کم سے کم ان کتوں کو مار ڈالو جو خالص سیاہ رنگ کے ہوں۔

کلب غنم: **غنم** کی قید اتفاقی ہے، دوسرے مویشیوں کی حفاظت کیلئے رکھے گئے کتے کا حکم بھی یہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانوروں کولڑانے کی ممانعت

۴۱۰۳: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِيْشِ بَيْنَ الْبَهَائِمِ ۔

(رواه الترمذی وابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۳ / ٥٦، الحديث رقم ۲٥٦۲، والترمذی، كتاب الجهاد، باب ما جاء فی كراهية التحريش بين البهائم، الحديث رقم ۱۷۰۸

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جانوروں کو ایک دوسرے پر ابھارنے (یعنی ان کو آپس میں لڑانے سے) منع فرمایا ہے''۔ (ترمذی، ابوداوٗد)

تشریح: تحریش کا معنی جانوروں کو ایک دوسرے سے لڑانا۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ''هو الاغراء وتهييج بعضها على بعض كما يفعل بين الجمال والكباش والديوك وغيرها''۔

مطلب یہ ہے کہ اونٹوں ہاتھیوں، مینڈھوں، بیل اور بھینسوں اور ان کے علاوہ دوسرے چوپائے کو آپس میں نہیں لڑانا چاہئے۔ تیتروں مرغوں کو آپس میں لڑانا یہ ساری باتیں ممنوع ہیں۔ جب جانوروں کو لڑانے کی ممانعت ہے تو آدمیوں کو آپس میں لڑانا بطریقہ اولیٰ ممنوع ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ مَايَحِلُّ اَكْلُهٗ وَمَا يَحْرُمُ

جن جانوروں کا کھانا حلال ہے اور جن جانوروں کا کھانا حرام ہے ان کا بیان

سب سے پہلے حلال جانوروں کو بیان کیا تھا کہ وضعاً وہی اصل ہیں اور شرعاً بھی مطلوب تھے۔ان کے بیان سے فارغ ہوکراب حرام جانوروں کا حکم بیان فرمارہے ہیں۔

الفصل الاول :

۴۱۰۴: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ فَاَكْلُهٗ حَرَامٌ۔ (رواه مسلم)

تخریج : اخرجه مسلم فی صحيحه ٣ / ١٥٣٤، كتاب الصيد والذبائح، باب تحريم اكل كل ذى ناب من السباع، الحديث رقم (١٥ ـ ١٩٣٣) والترمذى فى السنن ٤ / ٦١ الحديث رقم ١٤٧٩، والنسائى فى ٧ / ٢٠٠ الحديث رقم ٤٣٢٤، وابن ماجه فى ٢ / ١٠٧٧ الحديث رقم ٣٢٣٣، و مالك فى الموطا ٢ / ٤٩١، الحديث رقم ١٤، من كتاب الصيد، وأحمد فى المسند ٢ / ٤١٨

ترجمه:''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: درندوں میں سے جو جانور کچلی والا ہو (یعنی جودانت سے اپنا شکار کرتا ہو جیسے شیر اور بھیڑیا وغیرہ) اس کا کھانا حرام ہے''۔(مسلم)

تشریح: كل ذى ناب مبتدا۔ متضمن معنی شرط ہے۔اس لئے خبر''فاكله حرام'' پر فاء جزائیہ داخل ہے۔ ''اس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

تخریج:اس طرح اس حدیث کو امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی روایت کیا ہے۔

''ذی مخلب''اور''ذی ناب''کا بیان

۴۱۰۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَكُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّیْرِ۔ (رواه مسلم)

تخریج : اخرجه مسلم فى صحيحه ٣ / ''١٥٣٤'' كتاب الصيد والذبائح، باب تحريم اكل كل ذى ناب، الحديث رقم (١٦ ـ ١٩٣٤) وأبو داود فى السنن ٤ / ١٥٩ الحديث رقم ٣٨٠٣، وابن ماجه فى ١٠٧٢، الحديث رقم ٣٢٣٤، وأحمد فى المسند ١ / ٣٧٣

ترجمه:''اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر کچلی والے درندے (کے گوشت) کو کھانے سے منع فرمایا ہے اور ہر اس پرندے (کا گوشت کھانے) سے منع فرمایا ہے جو اپنے پنجے سے شکار کرتا ہو جیسے باز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ"۔

تشریح: امام مالک کے نزدیک درندوں کا گوشت کھانا کراہت کے ساتھ جائز ہے اور ذی مخلب پرندوں کا گوشت علی الاطلاق مباح ہے۔ شرح السنہ میں ہے جو جانور حلال نہیں اس کا دودھ بھی حرام ہے۔ البتہ عورت کا دودھ بچے کے لئے حلال ہے۔ اسی طرح جو پرندے حرام ہیں' ان کے انڈوں کا استعمال بھی حرام ہے۔

تخریج: جامع صغیر میں یوں ہے: "نهى عن اكل كل ذى ناب من السباع، اس روایت کو اصحاب صحاح ستہ نے نقل کیا ہے اور ابن عباس کی روایت میں اتنا اضافہ ہے: وعن اكل كل ذى مخلب من الطير" احمد، مسلم وابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ [الجامع الصغیر۲/۵۶۱، الحدیث رقم ۹۴۱۸، ۹۴۱۹]

حمار اہلی کا بیان

۴۱۰۶: وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ٦٥٣ ' کتاب الذبائح والصید' باب لحوم الحمر الانسية' الحديث رقم ٥٥٢٧ و مسلم فی ٣ / ١٥٣٨' الحديث رقم (٢٣ ـ ١٩٣٦)

ترجمہ: "اور حضرت ابوثعلبہ (خشنی) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں کا گوشت (کھانے کو) حرام قرار دیا ہے"۔ (بخاری و مسلم)

تخریج: جامع صغیر میں یہ حدیث یوں منقول ہے: "نهى عن اكل لحوم الحمر الأهلية" اس حدیث کو شیخین نے حضرت براء بن عازب حضرت جابر، حضرت علی، ابن عمرؓ اور ابوثعلبہؓ سے روایت کیا ہے۔ [الجامع الصغیر۲/۵۶۱، الحدیث رقم ۹۴۲۰]

گھوڑے کی حلت و حرمت کا بیان

۴۱۰۷: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِیْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ. (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ٦٥٣' الحديث رقم ٥٥٢٤' ومسلم فی ٣ /١٥٤١ کتاب الصید والذبائح' باب فی اكل لحوم الخيل' الحديث رقم (٣٦ ـ ١٩٤١) و أبو داود فی السنن ٤ / ١٦١ الحديث رقم ٣٨٠٨ والنسائی فی ٧ / ٢٠٥' الحديث رقم ٤٣٤٣

ترجمہ: "اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا اور گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی تھی"۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: شرح السنہ میں ہے کہ گھوڑے کے گوشت کی اباحت میں اختلاف ہے۔ پہلا مذہب اباحت کا ہے۔ قاضی شریح، حسن بصری، عطا بن ابی رباح' سعید بن جبیر' حماد بن ابی سلیمان الشافعی، احمد اور امام اسحٰق رحمہم اللہ کا یہی مذہب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿٢﴾ دوسرا مذہب حرمت کا ہے۔ یہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب کا قول بھی یہی ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں احناف نے اس آیت :**والخيل والبغال والحمير لتركبوها وزينة** [النحل:٨] سے استدلال کیا ہے کہ یہاں ان مذکورہ جانوروں کے کھانے کا ذکر نہیں۔ چنانچہ جن چوپاؤں کا کھانا حلال تھا ان کا ذکر اس سے قبل والی آیت میں صراحتاً مذکور ہو چکا ہے۔

دوسری دلیل: حضرت خالد بن ولید رحمۃ اللہ علیہ کی حدیث ہے:''**نهى رسول اللهﷺ عن لحوم الخيل والبغال والحمير** ''اس حدیث کو ابن ماجہ، ابوداؤد اور نسائی نے نقل کیا ہے۔ مرتب عرض کرتا ہے یہ حدیث آگے متن میں آ رہی ہے۔

اصحابِ شوافع کی طرف سے جواب:

شوافع کہتے ہیں آیت :**والخيل والبغال**...... میں ان کو آلہ رکوب اور زینت فرمایا ہے۔ یہ اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ ان دو چیزوں کے علاوہ اور کوئی منفعت ان سے حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔ البتہ خیل سے اصل مقصود یہی کام ہیں، اس لئے ان خصوصیات کو ذکر فرمایا گیا ہے۔ دوسری آیت میں بعض حیوانات کی حرمت بیان ہوئی ہے، مثلاً:**حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير**۔ یہاں ان کے گوشت کی حرمت مقصودِ اعظم تھی اس کو ہی بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ تمام علماء ان کے تمام اجزاء (چربی خون وغیرہ) حرمت پر متفق ہیں۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: اس کو نظیر کے طور پر پیش کرنا بھی محل نظر ہے اور اسی وجہ سے گھوڑوں پر بار برداری کے بارے میں سکوت اختیار فرمایا، حالانکہ سورۂ نحل میں ارشاد فرمایا کہ: **وتحمل أثقالكم** [النحل:٧] اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ گھوڑوں پر بار برداری جائز نہیں ہے۔ اھ ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: سنن نسائی میں سلمہ بن نفیل السکونی کی روایت ہے:''**ان النبيﷺ نهى عن اذلال الخيل** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کو ایسے کاموں کیلئے استعمال سے منع فرمایا جن سے ان کی تذلیل ہو۔

ابن عبدالبرؒ نے **التمهيد** میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے گھوڑے کے بارے میں یہ اشعار نقل کئے ہیں:

احبو الخيل واصبطروا عليها ☆ فان العزّ فيها و الجمالا
اذ ما الخيل ضيعها اناس ☆ ربطناها فاشركت العيالا
نقاسمها المعيشة كل يوم ☆ ونكسوها السراقع و الجلالا

صاحب شرح السنہ فرماتے ہیں:

محدثین کا اتفاق ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث منسوخ ہے اور امام نسائی فرماتے ہیں۔ احادیث اباحت اصح ہیں اور یہ حدیث منسوخ ہے۔

جمہور محدثین نے گھوڑے کے بار برداری کے لئے استعمال پر ان احادیث سے استدلال کیا ہے۔ جو مسلم وغیرہ نے نقل کی ہیں جن میں صراحتاً اباحت مذکور ہے اور ممانعت کے بارے میں کوئی صحیح حدیث ثابت نہیں۔ اھ

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں صاحب شرح السنہ کا یہ کہنا کہ سلمہ بن نفیل والی حدیث ضعیف ہے اس پر تمام محدثین کا اتفاق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ ان کے دعویٰ کے خلاف ہے۔ اس لئے کہ ابوداؤد اور نسائی کے کلام سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جمہور کا اتفاق نہیں بلکہ اس میں اختلاف ہے، کیونکہ اتفاق ہوتا تو نسخ کا قول موجود نہ ہوتا۔ مزید یہ کہ امام نسائی کا یہ فرمانا: ''حدیث الاباحۃ اُصح'' اس بات کی تصریح کر رہی ہے کہ حدیث صحیح ہے۔

اور طے شدہ ضابطہ وقاعدہ ہے کہ جب دلیل حرمت اور اباحت جمع ہو جاتی ہے تو دلیل حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔ لہٰذا احتیاطاً دلیل حرمت کو ترجیح حاصل ہوگی۔

امام ابوداؤد نے نسخ کا دعویٰ کیا ہے۔ یہ دعویٰ اس وقت درست ہوتا جب تاریخ متعین اور واضح ہوتی کہ کون سی احادیث مقدم ہیں اور کون سی مؤخر ہیں۔ یہاں تاریخ مفقود ہے۔

آیت مبارکہ میں خیل کو بغال کے ساتھ جمع فرمانا بھی اس بات کی تائید کرتا ہے کہ نہی والی احادیث صحیح ہیں۔ اس کی مزید تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ یہ آلہ جہاد ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **واعدوالهم ما استطعتم** [الانفال:٦٠] اللہ تعالیٰ نے اس کی قسم بھی اسی خوبی کی وجہ سے کھائی: **والعاديات ضبحًا** [العادیات:١]

صحیحین میں حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: ''**رأيت رسول الله ﷺ يلوى ناصية فرس ، وهو يقول :الخيل معقود فى نواصيها الخير الى يوم القيامة الاجر والتغنيمة**''۔

امام نسائی رحمہ اللہ نے عمدہ سند کے ساتھ حضرت قتادہ کے واسطے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل کی ہے۔ ''**ان النبىّ لم يكن شئ احب اليه بعد النساء من الخيل**''۔

روایت میں آتا ہے۔ حضرت اسماعیل وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے گھوڑے پر سواری فرمائی اسی وجہ سے آپ کو ''عراب'' کہا جاتا ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام سے قبل گھوڑا بھی دیگر وحشی جانوروں کی طرح وحشی جانور تھا۔ جس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کعبہ کی بنیادیں اٹھانے کا حکم فرمایا تو ارشاد فرمایا ''**انى معطكيما كنزًا ادّ خرته لكما**'' کہ میں نے آپ لوگوں کیلئے ایک خزانہ مخفی رکھا ہے اے اسماعیل آپ اس خزانے کو نکالیں۔ آپ دعا کریں۔ وہ خزانہ گھوڑوں کا تھا۔ حضرت اسماعیل کو نہ خزانے کا علم تھا نہ دعاء کی حکمت کا علم پھر اللہ تعالیٰ نے وہ کلمات آپ کو الہام فرمایا۔ چنانچہ جب آپ نے دعا فرمائی تو روئے زمین کے تمام گھوڑے آپ کے مطیع وفرمانبردار ہو گئے۔

اسی وجہ سے ہمارے پیارے نبی نے ارشاد فرمایا: ''**اركبوا الخيل فانها ميرات ابيكم اسماعيل**'' گھوڑسواری کرو کیونکہ یہ تمہارے جداعلیٰ اسماعیلؑ کی میراث ہے۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں گھوڑے کے متعلق جو احادیث اباحت منقول ہیں' اگر ان کو ضرورت پر محمول کیا جائے تو تمام احادیث میں تطبیق ہوسکتی ہے کہ اصل تو حرمت ہے لیکن ضرورت کے وقت مباح ہے۔

امام مالکؒ سے گھوڑے کی اباحت منقول ہے۔ لیکن ان کا راجح مذہب حرمت کا ہے۔

خچر اور گدھے کا گوشت ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حرام ہے۔ امام مالک کے مذہب کے بارے میں روایات مختلف ہیں اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محققین مالکیہ حرمت کے قائل ہیں۔ حسن بصریؒ سے خچر کا گوشت کھانے کی اجازت منقول ہے اور حضرت ابن عباسؓ سے حمر اہلی کی بھی اباحت منقول ہے۔

گورخر کی حلت کا بیان

۴۱۰۸: وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّہٗ رَاٰی حِمَارًا وَحْشِیًّا فَعَقَرَہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ مَعَکُمْ مِنْ لَحْمِہٖ شَیْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُہٗ فَاَخَذَھَا فَاَکَلَھَا ۔ (متفق علیہ)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۱۳ کتاب جزاء الصید' باب فراصاد الحلال ناهدی للمحرم الصید اکله' الحدیث رقم (۱۸۲۱۔ ۵۴۹۰) و مسلم فی ۲ / ۸۵۵ الحدیث رقم (۶۳ ۔ ۱۱۹۶) وأخرجه النسائی فی السنن ۷ / ۲۰۵ الخدیث رقم ۴۳۴۵' وأحمد فی المسند ۵ / ۳۰۸

ترجمہ: ''اور حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے گورخر (جنگلی گدھا) دیکھا اور اس کی کونچیں کاٹ ڈلیں (یعنی اس کو مار ڈالا اور اس کے کھانے کے جواز کے بارے میں پوچھا تو) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کچھ موجود ہے؟'' انہوں نے عرض کیا کہ ''ہمارے پاس اس کا پایہ موجود ہے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ پایہ لے لیا اور اسکو کھالیا''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: یہ حدیث کتاب الحج، باب الحرم میں تفصیلاً گذر چکی ہے۔

خرگوش ایک حلال جانور

۴۱۰۹: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَنْفَجْنَا اَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّھْرَانِ فَاَخَذْتُھَا فَاَتَیْتُ بِھَا اَبَا طَلْحَۃَ فَذَبَحَھَا وَبَعَثَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِوَرِکِھَا وَفَخِذَیْھَا فَقَبِلَہٗ۔ (متفق علیہ)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۵ / ۲۰۲ کتاب الهبة ' باب قبول هدیة الصید' الحدیث رقم ۲۵۷۲ و مسلم فی ۳ / ۱۵۴۷ الحدیث رقم (۵۳ ۔ ۱۹۵۳) والترمذی فی السنن ۴ / ۲۲۱' الحدیث رقم ۱۷۸۹ والنسائی فی ۷ / ۱۹۷ الحدیث رقم ۴۳۱۲' وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۸۰' الحدیث رقم ۲۳۴۳' والدارمی فی ۲ / ۶۲۷ الحدیث رقم ۲۰۱۳' وأحمد فی المسند ۳ / ۱۷۱

ترجمہ: ''اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن) ہم نے مقام مرالظہر ان میں (شکار کے لئے) ایک خرگوش کا تعاقب کیا چنانچہ میں نے (دوڑ کر) اس کو پکڑ لیا اور پھر اس کو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس کو ذبح کیا اور اس کولیا اور اسکی دونوں رانیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں قبول فرمالیا''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قولہ :انفجنا ارنبا بمر......:

''انفجنا، الانفجاج'' سے ہے اس کا مادہ نون، فاء اور جیم ہے۔ تعاقب کرنا، بھگانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انفجت الارنب من حجر فنفج"۔أى أنرته فثار

اور قاموس میں ہے: "ارنب" مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یا صرف مؤنث کیلئے مستعمل ہے۔

مر: میم کے فتحہ اور مشددہ کے ساتھ ظہران: ظاء معجمہ کے فتحہ ساتھ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔ فاصلہ کے اعتبار سے مکہ مکرمہ کے نزدیک ہے۔

"ورکھا" واؤ کے فتحہ اور راء کی کسرہ کے ساتھ۔ القاموس میں ہے: الورك بالفتح والكسر وككتف مافوق الفخذ "ورک بروزن کتف کی ہے۔ حرف اول کے فتحہ اور ثانی کے کسرہ کے ساتھ ران کا آخری حصہ (کولہے)۔

فخذ فاء کے فتحہ اور خاء کے کسرہ کے ساتھ۔ "وفى القاموس۔ الفخذ لكتف ما بين الساق والورك" پنڈلی اور کولہے کا درمیانی حصہ (یعنی ران)۔

امور نحویه: امام طیبیؒ فرماتے ہیں۔ (فقبله) میں ضمیر منصوب مبعوث چیز کی طرف لوٹ رہی ہے یا اسم اشارہ ذلک کے معنی میں ہے۔ اھ

شرح السنہ میں ہے خرگوش کے حلال ہونے نہ ہونے میں اختلاف ہے۔ اکثر حضرات حلت کے قائل ہیں بعض لوگ کراہت کے قائل ہیں اور وہ کہتے ہیں اس کو حیض آتا ہے۔

"الرحمه فى اختلاف الائمه" میں لکھا ہے کہ بالاتفاق تمام علماء کے نزدیک خرگوش حلال ہے۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ نے اس کا گوشت قبول فرمایا ہے۔ اگر اس کا گوشت حرام ہوتا تو آپ اس کو قبول نہ فرماتے بلکہ دوسروں کو بھی اس کے کھانے سے منع فرماتے۔

گوہ کا گوشت

۴۱۱۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلضَّبُّ لَسْتُ آكُلُهُ وَلاَ اُحَرِّمُهُ.

(متفق عليه)

تخریج: اخرجه البخارى فى صحيحه ۹ / ٦٦٢ الحديث رقم ٥٥٣٦ و مسلم فى ٣ / ١٥٤٢ كتاب الصيد باب اباحة الضب الحديث رقم ١٥٤٢ الحديث رقم (٤٠ ـ ١٩٤٣) والترمذى ٤ / ٢٢١) الحديث رقم ١٧٩٠ وابن ماجه فى ٢ / ١٠٨٠ الحديث رقم ٣٢٤٢ والدارمى فى ٢ / ١٢٧ الحديث رقم ٢٠١٥ و مالك فى ٢ / ٩٦٨ الحديث رقم ١١ من كتاب الاستيذان۔

ترجمہ: "اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میں "گوہ" کو نہ کھاتا ہوں اور نہ ہی اسکو حرام قرار دیتا ہوں"۔

تشریح: صاحب قاموس لکھتے ہیں۔ "هو معروف وهى بهاء" یہ ایک معروف جانور ہے۔ اس کو هاء کے ساتھ الضبة لکھا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امور نحویہ: الضب مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ اس کی خبر مابعد جملہ ہے۔

''گوہ کو گور پھوڑ بھی کہا جاتا ہے۔

امام سیوطیؒ فرماتے ہیں یہ ایک چھوٹا سا جانور ہے۔ اس کی بڑی عجیب خصوصیات بیان کی جاتی ہیں۔ مثلاً اس کی عمر سات سو برس تک ہوتی ہے' پانی نہیں پیتی' کے سہارے زندہ رہتی ہے' چالیس دن میں ایک قطرہ پیشاب کرتی ہے اور اس کے دو آلہ تناسل ہوتے ہیں جو ایک جگہ پر ہوتے ہیں۔ اس کے دانت کبھی نہیں ٹوٹتے۔

علامہ طیبیؒ لکھتے ہیں: آنحضرت ﷺ کا گوہ کو نہ کھانا کراہت طبعی کی بناء پر تھا۔ اس کو حرام قرار نہ دینے کی وجہ یہ تھی کہ اس وقت تک آنحضرت ﷺ کے پاس وحی کے ذریعہ اس کے بارے میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا۔

آگے وہ حدیث آرہی ہے جو گوہ کی حرمت پر دلالت کرتی ہے۔ چنانچہ اسی حدیث کی بناء پر امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک گوہ کا کھانا حرام ہے، جبکہ امام احمد اور شافعی کے نزدیک گوہ کو کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ ان کی دلیل یہی حدیث باب ہے۔

کیا گوہ حلال ہے؟

۴۱۱۱: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ وَهِيَ خَالَتُهٗ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوْذًا فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ خَالِدٌ اَحَرَامٌ الضَّبُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِيْ فَاَجِدُنِيْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهٗ فَاَكَلْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيَّ۔ (متفق عليه)

تخريج: اخرجه البخاري في صحيحه ٩ / ٦٦٣) الحديث رقم ٧٧٣٥ و مسلم في ٣ / ١٥٤٢، الحديث رقم (٤٤ ـ ١٩٤٦) والنسائي في السنن ٧ / ١٩٨ الحديث رقم ٤٣١٧، و مالك في الدارمي ٢ / ١٢٨، الحديث رقم ٢٠١٧

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ (ایک دن) وہ (خالد رضی اللہ عنہ) رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے جو ان (خالد رضی اللہ عنہ) کی بھی خالہ تھیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بھی خالہ تھیں۔ وہاں ان کے پاس انہوں نے (یعنی آپ ﷺ نے یا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے) ایک بھنی ہوئی رکھی پائی! حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے اس گوہ کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس گوہ کی طرف سے اپنا ہاتھ اٹھا لیا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے (یہ دیکھا تو) پوچھا کہ ''یا رسول اللہ! کیا گوہ حرام ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں بلکہ یہ میری قوم کی زمین (یعنی حجاز) میں نہیں پائی جاتی اس لئے میں اس سے اپنے اندر کراہت (یعنی طبعی کراہت) محسوس کرتا ہوں''۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ (یہ سن کر) میں نے اس گوہ کو اپنی طرف کھینچ لیا (یعنی اپنے قریب کر لیا) اور کھانے لگا اور آپ ﷺ میری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف دیکھتے رہے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: ''عندها ضباً محنوذا'' بھونا ہوا۔ یہ لفظ قرآن کریم کی آیت مبارکہ: **فجاء بعجل حنيذ** [هود: ٦٩] سے ماخوذ ہے۔ گرم پتھر پر بھونے گوشت کو محنوذ کہا جاتا ہے۔

''اعافه'' ہمزہ کے فتحہ اور فاء کے ضمہ کے ساتھ۔ ''فاجترته'' جیم کے ساتھ ہے وخالۃ ابن عباس: اس تعبیر کو استطراد اختیار کیا، یا التفات ہے یا اس میں تجرید ہے۔

امور نحویہ: ''وهي حالته'' یہ جملہ معترضہ بیانیہ ہے۔ اس جملہ سے مقصود یہ بیان کرنا ہے کہ حضرت خالد بن ولید آنحضرت ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ کے ہاں کیوں شریک تھے۔ کہ حضرت میمونہؓ نے ان سے پردہ بھی نہیں فرمایا۔ تو یہ بتایا کہ حضرت میمونہ حضرت خالد اور ابن عباس کی سگی خالہ تھیں۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے گوہ کے کھانے کی اباحت ثابت ہوتی ہے۔ سارے حضرات اس کی اباحت پر متفق ہیں۔ اگر یہ حرام ہوتی تو آنحضرت ﷺ کے روبرو حضرت خالد کیوں کھاتے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں یہ بھی تو دیکھنا چاہیے کہ آنحضرت ﷺ نے انکار کیوں فرمایا یہ بھی تو ایک مطلب رکھتا ہے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب نہی وارد نہیں ہوئی تھی۔ جب نہی وارد ہوگئی تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ حدیث ناسخ آگے آرہی ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں۔ احناف اس کی کراہت کے قائل ہیں باقی تمام حضرات اس کی حلت پر متفق ہیں۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں۔ ایک جماعت گوہ کی حرمت کی قائل ہے، میرا گمان نہیں ہے کہ یہ (حرمت کا قول) کسی سے بھی صحیح طور پر ثابت ہو۔ اھ لگتا ہے امام ابوحنیفہؒ کا قول قاضی عیاضؒ کو نہیں پہنچا ورنہ وہ یہ بات نہ کہتے۔

مرغی کی حلت کا بیان

۴۱۱۲: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ الدُّجَاجِ۔

(متفق عليه)

تخريج: اخرجه البخاري في صحيحه ٩ / ٦٤٥ كتاب الذبائح والصيد، باب لحم الدجاج ' الحديث رقم ٥٥١٧ و مسلم في ٣ / ١٢٧٠، الحديث رقم ٩ / ١٦٤٩ والترمذي في السنن ٤ / ٢٣٩ الحديث رقم ١٨٢٧، والنسائي في ٧ / ٢٠٦ الحديث رقم ٤٣٤٨، والدارمي في ٢ / ١٤٠، الحديث رقم ٢٠٥٥، وأحمد في المسند ٤ / ٣٩٤

ترجمہ: ''اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مرغ کا گوشت کھاتے دیکھا''۔

(بخاری ومسلم)

تشریح: الدجاج دال کے فتحہ کے ساتھ، ایک نسخہ میں دال کے کسرہ ساتھ ہے۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں دجاج مثلث الحرکات ہے۔ ساتھ اسم جنس ہے۔ اس کا واحد دجاجۃ آتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض حضرات کہتے ہیں: دال کے کسرہ کے ساتھ مرغے کو کہتے ہیں اور فتحہ کے ساتھ ہو تو مرغی کو کہتے ہیں۔

امام ترمذی نے شمائل میں اپنی سند کے ساتھ زہدم جرمی سے روایت کیا ہے: ''**كنا عند ابى موسى فأتى بلحم دجاج فتنحى رجل من القوم فقال مالك، قال أنى رأيتها تاكل شيئاً وفى رواية نتناً فحلفت ان لا آكلها قال ادن فانى رايت رسول اللهﷺ يأكل لحم دجاج**''اھ۔

زہدجرمی کہتے ہیں ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ کوئی شخص مرغی کا گوشت لے کر آیا۔ ہم مجلس لوگوں میں سے ایک نے وہ برتن ناگواری سے پرے کر دیا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری فرمانے لگے میرے قریب کرو، میں نے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ مرغ کا گوشت تناول فرمایا کرتے تھے۔

ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔''**ان النبى ﷺ امر الاغنياء باتخاذ الغنم وامر الفقراء باتخاذ الدجاج وقال عند اتخاذ الاغنياء الدجاج يأذن الله تعالىٰ بهلاك القرى**''۔

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں۔ آنحضرت نے مالداروں کو بکریاں اور فقراء کو مرغیاں پالنے کا حکم فرمایا اور ارشاد فرمایا جب مالدار لوگ بھی مرغیاں پال لیتے ہیں اللہ تعالیٰ فرشتوں کو اس بستی کو ہلاک کرنے کی اجازت دے دیتے ہیں۔

ابن حبانؒ فرماتے ہیں، اس حدیث کی سند میں علی بن عروہ دمشقی ہے۔ یہ حدیث گھڑا کرتا تھا۔

عبداللطیف بغدادی فرماتے ہیں: امراء کو بکری اور فقراء کو مرغ سے دعوت کرنے کا حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بقدر وسعت مہمان داری کرنے کے آداب سکھانے کیلئے فرمایا۔

﴿۴﴾ انسان کو کسب حلال، مال وغیرہ سے غفلت نہیں برتنی چاہیے۔ اللہ کی دی ہوئی قوت سے اسباب ظاہرہ کو ضرور بروئے کار لانا چاہیے۔ اس سے مال کی بڑھوتری اور غناء نصیب ہوتا ہے۔ انسان غنی اور صاحب ثروت ہونے کے باوجود جب کنجوسی سے کام لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس نعمت کو چھین لیتے ہیں چنانچہ مالداری ختم ہو جاتی ہے۔ یہی مالدار ایک دن مسکنت کا شکار ہو کر دست سوال دراز کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ کنجوس شرعاً مذموم ہے۔ جب اغنیاء فقراء کے ذریعہ معاش میں تنگی پیدا کرتے ہیں، اور فقراء کے ذریعہ معاش میں گھسنے لگتے ہیں تو بستیاں کی بستیاں تباہ و برباد ہو کر رہ جاتی ہیں۔

عرضِ مرتب:

شوکانی لکھتے ہیں: اس حدیث کو ابن عدی نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کیا ہے، علاوہ ازیں عقیلی نے بھی روایت کیا ہے، اور فرمایا یہ حدیث صحیح نہیں ہے اس کی سند میں علی بن عروہ نامی راوی ''وضاع'' ہے۔ تقریب میں لکھا ہے کہ علی بن عروہ دمشقی قرشی متروک راوی ہے۔ آٹھویں طبقہ سے ہے۔۱۲انجاح۔ ملاحظہ فرمائیے: سنن ابن ماجہ ا۔۱۶۷، باب اتخاذ الماشیۃ۔

ملا علی قاریؒ اپنی شہرہ آفاق کتاب الموضوعات الکبری میں اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں: میں کہتا ہوں بظاہر یہ حدیث ضعیف ہے۔ موضوع نہیں ہے۔ میں نے اس کے معنی کی شرح ''**بهجة الانسان فى مهجة الحيوان**''میں کی ہے۔

(ص ۳۳۸، حدیث: ۱۲۸۲)

ابن خلکان نے ہیثم بن عدی کے حالات میں ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ گذشتہ امتوں میں سے ایک مالدار آدمی کھانا کھا رہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ اس کے دستر خوان پر بھنی ہوئی مرغی رکھی تھی اتنے میں ایک فقیر وہاں آیا' اس مالدار شخص نے تکبر کرتے ہوئے فقیر کو وہاں سے دھتکار دیا۔ ایک وقت آیا اس کی مالداری کی نعمت چھین گئی اور حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ بیوی کو بھی طلاق دے ڈالی۔ بیوی نے مطلقہ ہونے کے بعد دوسرے ایک شخص سے شادی کر لی' یہ آدمی بھی مالدار تھا۔ ایک بار شوہر ثانی کھانا کھا رہا تھا اس کے دستر خوان پر بھی چکن روسٹ سجا ہوا تھا کہ ایک فقیر نے آواز لگائی کوئی ہے جو اللہ کے نام پر مجھے کھانے کو دے۔ شوہر نے فوراً چکن روسٹ بیوی کو تھما دیا کہ فقیر کو دے آؤ۔ عورت نے دروازہ کھولا تو کیا دیکھتی ہے کہ یہ فقیر اس کا شوہر اول ہے۔ خیر کھانا اس کے حوالہ کر کے واپس آئی اور شوہر ثانی کو سارا ماجرا سنایا جو اس کے شوہر اول پر بیتی تھی۔ ماجرا سن کے شوہر ثانی کہنے لگا اللہ کی قسم وہ فقیر میں تھا جو اس کے دروازے پر بھیک مانگنے آیا تھا۔ اس کے تکبر اور عجب کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کو ناشکری کا صلہ دیا اور اس کی نعمت اور بیوی مجھے عطا کر دی۔

ٹڈی کھانے کا بیان

۴۱۱۳: وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ کُنَّا نَاْکُلُ مَعَہُ الْجَرَادَ۔ (متفق علیہ)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحیحه ۹ / ۶۲۰ کتاب الذبائح والصید' باب اکل الجراد' الحدیث رقم ۵۴۹۵ و مسلم فی ۳ / ۱۵۴۶' الحدیث رقم (۵۲ ـ ۱۹۵۲) و أبو داود فی السنن ۴ / ۱۶۴' الحدیث رقم ۳۸۱۲ والترمذی۹ فی السنن ۴ / ۲۳۶' الحدیث رقم ۱۸۲۲ والنسائی فی ۷ / ۲۱۰' الحدیث رقم ۲۳۵۶' والدارمی فی ۲ / ۱۲۶' الحدیث رقم ۲۰۱۰' وأحمد فی المسند ۴ / ۳۸۰

ترجمہ: ''اور ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات غزوات میں شریک رہے ہم (ان موقعوں پر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ٹڈی کھاتے تھے''۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: ''کنا نأکل معه الجراد'' ''معه'' کی زیادتی نہ ترمذی میں ہیاور نہ مسلم شریف میں بلکہ اکثر روایات اس لفظ سے خالی ہیں۔

امام تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جن محدثین نے اپنی روایت میں یہ لفظ مزید نقل کیا ہے انہوں نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ ہم آنحضرت کے ہمراہ رہتے ہوئے ٹڈی کھاتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس سے منع نہیں فرماتے تھے۔

یہ حدیث اباحت کی دلیل ہے۔ دوسرا معنی مراد لینا بھی ممکن ہے۔ لیکن جو تاویل ہم نے بیان کی ہے یہ ضروری اس لئے ہے کہ اکثر روایات میں یہ زیادتی ثابت نہیں ہے اور حدیث میں منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ٹڈی نہیں کھاتے تھے۔ چنانچہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹڈی کے متعلق جب پوچھا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: '' اکثر جنود اللہ لا آکله ولا احرمه'' یہ اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا لشکر ہے میں نہ اس کو کھاتا ہوں ۔ نہ اس کو حرام کہتا ہوں۔

(أخرجہ ابوداود فی السنن ۳/ ۱۶۵، الحدیث رقم ۳۸۱۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوال: حضرت ابی اوفی والی روایت صحیح کو حضرت سلمانؓ والی روایت کے مقابلہ میں چھوڑنا صحیح کیسے ہے (کیونکہ اس حدیث کو محی السنہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔)

جواب: ہم کہتے ہیں ہم نے حدیث ابی اوفی کو ترک نہیں کیا ہم نے اس میں تاویل کی ہے۔ چونکہ اس میں کئی احتمالات ہیں۔ اس تاویل سے تمام روایات موافق ہو جائیں گی۔ جو حدیث ہم نے پیش کی ہے وہ بالکل واضح ہے اس پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں یہ حدیث واضح اور جلی ہونے کے باوجود امام طیبیؒ پر مخفی رہی۔ وہ کہتے ہیں۔ ''**أکلوہ وھم معہ بعید**''۔ یہ تاویل بعید ہے۔

وہ دلیل یہ دیتے ہیں معیت مشارکت فی الفعل کا تقاضا کرتی ہے۔ مثلاً جب بھی غزونا مع رسول اللہ کہا جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے آنحضرت ﷺ بنفس نفیس بھی فعل جہاد میں شریک تھے۔ چنانچہ صاحب کشاف نے اس کی صراحت بھی کی ہے۔ جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں میں یہ کہتا ہوں تاویل اول بعید بھی ہے اور خلاف ظاہر بھی لفظ ''مع'' اکل میں مشارکت کا تقاضا اس وقت کرتا ہے جب وہ اسی کے متعلق ہوتا ہے جبکہ شیخ نے اس کو فعل محذوف سے متعلق کیا ہے اور محلاً منصوب بناء بر حال بنایا ہے۔ اسی وجہ سے تو انہوں نے عبارت **وھو معہ** نقل کی ہے۔ **ای مصاحبون لہ**۔ یعنی وہ آنحضرت ﷺ ساتھ رہے تھے۔

ہماری ذکر کردہ تاویل بالکل بے غبار ہے اس سے از خود مراد متعین ہو جاتی ہے۔

وہ فرماتے ہیں معیت کے ذکر سے خالی روایت مطلق ہے۔ وہ دونوں امور کا احتمال رکھتی ہے اور یہ مقید ہے۔ مطلق کو مقید پر محمول کیا جائے گا۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اطلاق وتقیید کا مناقشہ فی الجملہ نفی پر دلالت کر رہا ہیاور مسئلہ کی تائید کیلئے اتنی بات بھی کافی ہے۔

حضرت سلمان کی حدیث پر یہ اعتراض ہے کہ امام محی السنہ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان کی تضعیف دوسروں کی تضعیف کو لازم نہیں (یعنی یہ لازم نہیں آتا کہ دوسروں نے بھی اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہو)۔ دوسری بات یہ کہ محی السنہؒ نے اس کے ضعف کی وجہ بیان نہیں فرمائی ہے کہ یہ حدیث کیوں ضعیف ہے؟

ممکن ہے انہوں نے اس حدیث صحیح کو دیکھتے ہوئے اس کو ضعیف کہا ہو۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں حضرت سلمان والی حدیث کو اس حدیث سے تقویت مل رہی ہے: **لم یکن یأکل الجراد** کہ کان کے ذریعہ سے ہونے والی نفی لغتاً اور عرفاً استمرار کا بدل ہے۔

امام طیبیؒ کا یہ کہنا کہ: **وروایۃ الراوی ان النبی ﷺ لم یکن یاکل الجراد اخبار عن عدم الاکل بانہ لم یکن معہ فلم یشاھد**...... '' درحقیقت ہماری کردہ بحث سے واقف نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ٹڈی اگر خود بخود مر جائے بغیر کسی سبب کے تو اس کو نہیں کھایا جائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''عنبر'' مچھلی کی حلت کا بیان

۴۱۱۴: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ جَيْشَ الْخَبَطِ وَأُمِّرَ أَبُوْعُبَيْدَةَ فَجُعْنَا جُوْعاً شَدِيْدًا فَأَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتاً مَيِّتاً لَمْ نَرَمِثْلَهُ يُقَالُ لَهُ الْعَنْبَرُ فَأَكَلْنَامِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ فَأَخَذَ أَبُوْعُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَكَرْنَا لِلنَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ كُلُوْا رِزْقاً أَخْرَجَهُ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ وَأَطْعِمُوْنَا إِنْ كَانَ مَعَكُمْ قَالَ فَأَرْسَلْنَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَهُ (متفق عليه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحيحه ۸ / ۷۸ الحديث رقم ۴۳۶۲، و مسلم فی ۳ / ۱۵۳۶ كتاب الصيد والذبائح، باب اباحة ميتات البحر، الحديث رقم (۱۷ ۔ ۱۹۳۵) وأبو داود فی السنن ٤ / ۱۷۸ الحديث رقم ۳۸٤۰، والنسائی فی ۷ / ۲۰۷، الحديث رقم ٤۳۵۲، وابن ماجه فی ۲ / ۱۳۹۲، الحديث رقم ٤۱۵۹، و مالك فی المؤطا ۲ / ۹۳۰ الحديث رقم ۲٤، من كتاب صفة النبی صلی الله عليه وسلم و أحمد فی المسند ۳ / ۳۷۸

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ غزوہ جیش الخبط (یعنی پتے جھاڑ کر کھانے والے لشکر کے ساتھ جہاد کے لئے جانے والوں میں) میں بھی شریک تھا' حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس لشکر کے امیر (سپہ سالار) مقرر کئے گئے تھے چنانچہ (جب) ہم سخت بھوکے ہوئے تو دریا (سمندر) نے ایک مری ہوئی مچھلی (اپنے کنارے پر) پھینک دی ہم نے اس جیسی مچھلی کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس قسم کی مچھلی کو عنبر کہا جاتا ہے' چنانچہ ہم نے اس میں سے نصف ماہ تک (بڑی فراخی کے ساتھ) کھایا' پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس کی ہڈیوں میں سے ایک ہڈی (یعنی اس کی ایک پسلی) کھڑی کی تو اس کے نیچے سے ایک اونٹ سوار (بڑی آسانی کے ساتھ) گزر گیا۔ اس کے بعد جب ہم (مدینہ واپس آئے تو ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس واقعہ کا تذکرہ کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس رزق کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے نکالا ہے اس کو کھاؤ (یعنی تم نے یہ اچھا کیا کہ اس مچھلی کو کھایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارا رزق بنا کر تمہارے لئے سمندر سے نکالا تھا۔ یا یہ کہ اگر اس طرح کا کوئی اور رزق پاؤ تو اس کو کھاؤ) اور اگر اس مچھلی کا کوئی حصہ تمہارے پاس (باقی رہا) ہو تو ہم کو بھی کھلاؤ (یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا دل خوش کرنے کے لئے اور اس مچھلی کے حلال ہونے کے حکم کو مؤکد کرنے کی غرض سے بیان فرمائی تاکہ ان لوگوں کے دل میں یہ خیال پیدا نہ ہو کہ وہ مچھلی اصل میں تو جائز نہیں تھی مگر ہماری اضطراری حالت کے پیش نظر اس کو ہمارے لئے حلال کر دیا گیا تھا)'' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ''چنانچہ ہم نے اس مچھلی کا کچھ حصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے تناول فرمایا''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله :غزوت جيش الخبط:

الخبط اصل میں خائے معجمہ اور طائے موحدۃ کے زبر کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ میں (باء) کے جزم کے ساتھ بھی منقول ہے فرق یہ ہوگا (باء) کی حرکت کے ساتھ ہو تو درخت کے مطلقاً پتے مراد ہوتے ہیں اور (باء) کے سکون کے ساتھ ہو تو درخت کے وہ پتے جو ڈنڈے وغیرہ سے گرائے جائیں' وہ مراد ہوتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: ''اخرجه الله اليكم'' ایک نسخہ میں الیکم کے بغیر ہے۔

امام طیبیؒ کہتے ہیں۔ ''جيش الخبط'' منصوب بنزع الخافض ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: غزوت مصاحبًا لجيش الخبط۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں اس میں تضمین کی ایک نوع پائی جارہی ہے۔ حرف جر تولانے کی ضرورت نہیں الا یہ کہ تاکید مقصود ہو تصحیح کلام کے لئے اس کو لانا ضروری نہیں ہے۔

أمر: باب تفصیل سے فاعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

''جيش الخبط'' کی وجہ تسمیہ:

حدیث میں مذکورہ واقعہ کا تعلق جس اسلامی لشکر سے ہے اس کو اتنی سخت صورت حال سے دوچار ہونا پڑا تھا کہ زادراہ کے فقدان کی وجہ سے لشکر والوں کو اپنی زندگیاں بچانے کے لئے مجبوراً درختوں کے پتے جھاڑ جھاڑ کر کھانے پڑتے یہاں تک کہ اس کی وجہ سے ان کے منہ اور ہونٹ زخمی ہوگئے بلکہ ان کے ہونٹ اونٹ کے ہونٹوں کے مشابہ ہوگئے تھے۔ اسی بناء پر اس لشکر کا نام ''جیش الخبط'' یعنی پتے جھاڑ کر کھانے والا لشکر مشہور ہوگیا۔ یہ واقعہ ۶ ھ میں صلح حدیبیہ سے پہلے کا ہے۔

''العنبر'' صاحب قاموس لکھتے ہیں: عنبر ایک خوشبو کا نام ہے جو کہ ایک سمندری جانور کا فضلہ ہوتا ہے۔ یا ایک خاص قسم کے چشمے سے برآمد ہوتا ہے۔ جو سمندر کی تہ میں ہے۔

سمندر کی ایک بڑی مچھلی کو بھی عنبر کہتے ہیں جس کی کھال سے ڈھال بنائی جاتی ہے۔ یہ لفظ مؤنث استعمال ہوتا ہے۔

''فأكلنا منه نصف شهر'' بعض روایتوں میں ایک مہینہ تک کے الفاظ ہیں اور بعض روایات میں آتا ہے کہ لشکر والوں نے اٹھارہ دن تک کھایا۔ اس ظاہری تعارض کے متعدد جوابات دیئے گئے ہیں۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ① اصل روایت وہی ہے جو ایک ماہ کی ہے دیگر روایات سے اس کی نفی نہیں ہوتی چونکہ جس نے مدت قلیلہ کا ذکر کیا ہے، وہ مدت کثیرہ کی نفی نہیں کررہا۔ ② اگر نفی بھی کریں تو بھی مثبت کو مقدم کیا جاتا ہے کیونکہ علماء اصول فرماتے ہیں۔ مفہوم عدد معتبر نہیں لہٰذا زیادت کی نفی لازم نہیں آتی۔ خصوصاً جبکہ تعارض ہورہا تو قبول زیادت لازم ہے۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں تمام روایتوں میں یوں مطابقت پیدا کی جائے کہ ③ اس مچھلی سے آدھ مہینہ تک تو پورا لشکر کھاتا رہا۔ اس کے بعد لشکر میں سے کچھ اٹھارہ دن اور کچھ لوگ پورے مہینے تک کھاتے رہے۔ ④ یا یہ کہا جائے کہ نصف ماہ آتے ہوئے استعمال کی اور نصف جاتے ہوئے یا نصف حالت اقامت میں استعمال کیا تھا اور نصف سفر میں۔ لہٰذا جس جس صحابی نے جتنے دن استعمال کی اسی حساب سے روایت فرمایا۔

''فقال ''كلو ارزقا......'' امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعریف فرمائی کہ تم نے یہ اچھا کیا کہ اس مچھلی کو کھایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے لئے بہم پہنچایا تھا۔

واطعمونا ......: امام نوویؒ فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ان سے مچھلی طلب کرنا ان کے دل کو خوش کرنے اور اس مچھلی کے حلال ہونے کے حکم کو مؤکد کرنے کی غرض سے تھا تاکہ ان لوگوں کے دل میں یہ خیال پیدا نہ کہ وہ مچھلی اصل میں تو جائز نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھی، مگر ہماری اضطراری حالت کے پیش نظر اس کو ہمارے لئے حلال کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ اس کی اباحت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ مفتی کیلئے مستحب ہے کہ اگر کوئی مستفتی اس سے کسی ایسی چیز کے بارے میں فتویٰ طلب کرے کہ جس کے بارے میں مستفتی کو کائی شک ہو تو اگر مفتی کیلئے مشقت لازم نہ آتی ہو اور مستفتی کو اس سلسلہ میں اطمینان حاصل ہوگا۔ تاکہ مستفتی کے دل میں کوئی تردد باقی نہ رہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اور ایک مقصود اسی سے تبرک حاصل کرنا تھا کہ یہ مچھلی اللہ کی ایک عجیب مخلوق تھی جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے اصحاب کو دنیا میں عطا فرمائی۔

ذکرنا ذلك: بظاہر آنحضرت ﷺ کے سامنے سے تذکرہ کرنے کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ نے اپنے اوپر آنے والے فاقہ اور مشقت سے آنحضرت ﷺ کو مطلع کرنا تھا۔ نیز خداوند قدوس کی طرف سے غیبی امداد و نصرت کا حال بیان کرنا تھا۔ نہ کہ اس کی حدیث میں کوئی شک و تردد کیونکہ وہ خوب واقف تھے کہ ان کے ساتھ پیش آنے والی حالت اضطراری تھی کہ جس میں حلال تو حلال ہے حرام بھی حلال ہو جاتا ہے۔

کھانے پینے کی چیزوں میں مکھی گر جانے کا بیان

۴۱۱۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْهُ کُلَّهٗ ثُمَّ لِیَطْرَحْهُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیْهِ شِفَاءً وَفِی الْاٰخِرِ دَاءٌ۔ (رواہ البخاری)

تخریج : اخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰ / ۲۵۰، کتاب الطب، باب اذا وقع الذباب فی الاناء، الحدیث رقم ۵۷۸۲ وأبو داود فی السنن ٤ / ۱۸۲ الحدیث رقم ۳۸٤٤، وابن ماجه فی ۲ / ۱۱۵۹ الحدیث رقم ۳۵۰۵، وأحمد فی المسند ۲ / ۲۲۹

ترجمہ: ''اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کسی شخص کے برتن میں (کہ جس میں کھانے پینے کی کوئی چیز ہو) مکھی گر پڑے تو اس کو چاہئے کہ وہ اس مکھی کو اچھی طرح غوطہ دے اور پھر اس کو نکال کر پھینک دے کیونکہ اس (مکھی کے دونوں پروں میں سے ایک پر میں شفا ہے اور دوسرے پر میں بیماری ہے''۔ (بخاری و مسلم)

اختلافِ نسخ: ''**فی اناء احدکم فلیغمسه**'' ایک نسخہ میں **فلیمقله** کے الفاظ ہیں۔ یعنی ڈبو دے۔ **فلیغمسه** (یاء) کے فتحہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''**لیطرحه**'' ایک روایت میں **ینزعه** کے الفاظ ہیں۔

تشریح: **ثم لیطرحه**: لام کے کسرہ اور سکون پر دونوں کے ساتھ جائز ہے۔

جناحیه: جیم کے فتحہ کے ساتھ۔

شفاء: شین کے کسرہ کے ساتھ۔ (علاج، دوا) ایک روایت میں ہے۔ ''**وأنه یتقی بجناحه الذی فیه الداء**''، مکھی جب کسی چیز میں گرتی ہے تو اس پر کو بچا لیتی ہے جس میں شفاء ہوتی ہے۔ اس حدیث میں بیماری اور شفا ذکر ہے۔ یہ حقیقت پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محمول ہے۔مجازی معنی مراد لینے کا کوئی باعث یہاں موجود نہیں۔

''امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے مکھی کی فطرت میں جو چیز رکھی ہے اس میں یہ ہے کہ اس کے ایک پر میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفاء ہے اور مکھی اس پر سے گرتی ہے جس میں بیماری ہے۔یہ اللہ تعالیٰ کی بدائع فطرت کے شواہد ونظائر ہیں۔

شہد کی مکھی کے پیٹ میں شہد بنانے کی خوبی' جب کہ اس کے منہ میں زہریلا کانٹا، بچھو کے ڈنگ میں زہر ہے۔اس کی دوا اسی کے جسم کے بقیہ حصہ میں موجود ہے۔اللہ تعالیٰ نے ہر جانور میں جو خوبی رکھی ہے اس کا الہام بھی سے کرر کھا ہے۔ہر جانور اپنی فطرت سے واقف ہے۔

چیونٹی کو دیکھئے مکھی سے بھی کم تر اور چھوٹی چیز ہے لیکن اس میں کمالات بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں۔خوراک جمع کرنے کیلئے بھاگ دوڑ کرتی ہے زمین سے اگنی والی فصلوں کے موسم کا اس کو خوب علم ہے جب فصلوں کی کٹائی ہوتی ہے تب یہ اپنے راشن کے ذخیرہ کیلئے چلی آتی ہیں۔یہ سب سے پہلے دانہ کو دھوپ میں سکھاتی ہیں تا کہ سڑ نہ جائے، پھر اس کے ٹکڑے کر دیتی ہیں تا کہ دوبارہ اگنے کی صلاحیت اس میں نہ رہے۔پھر اسکو ذخیرہ کر لیتی ہیں تا کہ وقت ضرورت کام آئے:فتبارك الله رب العالمين.

شرح السنہ میں ہے یہ حدیث دلیل ہے کہ ① مکھی پاک ہے۔② مکھی کے علاوہ دیگر حیوانات کے اجسام بھی پاک ہیں۔سوائے ان جانوروں کے جن کے نجس العین ہونا سنت سے ثابت ہے جیسے کتا خنزیر وغیرہ۔

③ جن جانوروں میں دم سائل نہیں ہوتا اگر وہ ماء قلیل یا دوسرے کسی مائع میں گر جائے تو اس سے وہ ناپاک نہیں ہوتے مثلاً مکھی شہد کی مکھی، بچو، بھڑ وغیرہ۔

اگر یہ چیزیں نجس ہوتی اور ان کے گرنے کی وجہ سے چیز ناپاک ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ڈبونے کا حکم نہ فرماتے۔یہ اکثر فقہاء کا قول ہے۔اھ

''اختلاف لائمہ'' کے مصنف نے لکھا ہے:امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک مکھی اگر کسی مائع چیز میں گر جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتی۔امام شافعیؒ کا راجح مذہب بھی یہی ہے۔البتہ امام شافعیؒ یہ بھی فرماتے ہیں مکھی بذات خود مرنے کے بعد نجس ہے۔امام احمد بن حنبلؒ کا یہی مذہب ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام بخاری کے علاوہ ابن حبان ابن خزیمہ ابن ماجہ، نسائی اور ابوداؤد نے بھی نقل کیا ہے۔صاحب جامع صغیر نے بھی اس کو نقل کیا ہے لیکن الفاظ یوں ہیں:''**اذا وقع الذباب فی شراب احدکم فلیغمسه ثم ینزعه فان فی احد جناحیه داء، وفی الآخر شفاءً**'' رواہ البخاری (الجامع مع الصغیر ۱/۶۱،الحدیث رقم ۸۹۵) اسی سلسلہ کی مزید روایات اسی باب کی فصل ثانی میں آرہی ہیں۔

گھی میں چوہا گر جانے کا بیان

۴۱۱۶:وَعَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمَنٍ فَمَا تَتْ فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْهَا فَقَالَ اَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ۔ (رواه البخاری)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحيحه ٩ / ٦٦٧' كتاب الذبائح والصيد' باب اذا وقعت الفارة فی السمن الجامد والذائب' الحديث رقم ٥٥٣٨' و أبو داود فی السنن ٤ / ١٨٠ الحديث رقم ٣٨٤١' والترمذی فی ٤ / ٢٢٥ الحديث رقم ٦ / ٣٢٩' والنسائی فی ٧ / ١٧٨' الحديث رقم ٣٢٥٨' وأحمد فی المسند ٦ / ٣٢٩

ترجمہ: ''اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک چوہا گھی میں گر کر مر گیا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا (اس گھی کا کیا کیا جائے؟) تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''اس چوہے کو اور اسکے اردگرد کے گھی کو نکال کر پھینک دو اور (باقی) گھی کو کھالو''۔

اختلاف نسخ: ''ان'' اصل نسخہ میں ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ میں ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''فأرة'' اس میں دو لغت ہیں: ① ہمزہ کے ساتھ۔ ② ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے فارۃ، پڑھنا مشہور لغت ابدال والی ہے۔

تشریح: شرح السنہ میں ہے اگر پانی کے علاوہ کسی مائع چیز میں کوئی نجاست گر جائے تو وہ ناپاک ہو جاتی ہے۔ چاہے وہ مائع قلیل ہو یا کثیر۔

اگر پانی میں گر جائے تو جب تک پانی کے اوصاف متغیر نہ ہو جائیں پانی نجس نہیں ہوتا۔ اگر تیل میں چوہا گر کر مر جائے یا اور کوئی نجاست گر جائے تو وہ ناپاک ہو جائے گا۔ اس کا کھانا جائز نہیں۔ اکثر اہل علم کے نزدیک اس کی بیع درست نہیں۔ البتہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کی بیع جائز ہے۔ دیگر ضروریات میں اس کا استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

فقہاء کی ایک جماعت نجس چیز سے انتفاع کی قائل نہیں۔ ان کی دلیل آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد ہے: ''فلا تقربوه''۔

ناپاک تیل سے انتفاع مثلاً چراغ جلانے کشتیوں پر ملنے وغیرہ کیلئے استعمال کرنا امام اعظم کے نزدیک جائز ہے۔ امام شافعی کے دو قولوں میں سے واضح قول بھی یہی ہے۔

''فلا تقربوه'' کا مطلب ہے: فلا تقربوه اكلا و طعما لا انتفاعا۔ حاصل یہ کہ کھانے پینے کے طور پر اس سے انتفاع ممنوع ہونے کا حکم بیان ہوا ہے نہ کہ مطلقاً انتفاع کا۔

سانپ کو مار ڈالنے کا حکم

۴۱۱۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اُقْتُلُوا الْحَیَّاتِ وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْیَتَیْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا یَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَیَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَبَیْنَا اَنَا اُطَارِدُ حَیَّةً اَقْتُلُهَا نَادَانِیْ اَبُوْ لُبَابَةَ لَاتَقْتُلْهَا فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحَیَّاتِ فَقَالَ اِنَّهُ نَهٰی بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُیُوْتِ وَهُنَّ الْعَوَامِرُ . (متفق عليه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحيحه ٦ / ٣٤٧' صحيح البخاری' كتاب بدو الخلق' باب ١٤' ح ٣٢٩٧ و مسلم فی ٤ / ١٧٥٢' الحديث رقم (١٢٨ ـ ٢٢٣٣) وأبو داود فی السنن ٥ / ٤١١' الحديث رقم ٥٢٥٢' والترمذی ٤

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

/ ٦٤' الحدیث رقم ١٤٨٣' وابن ماجه فی ٢ / ١١٦٩' الحدیث رقم ٣٥٣٥' وأحمد فی المسند ٢ / ١٢١

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''(عموماً تمام) سانپوں کو قتل کر ڈالو اور (خصوصاً) دو سیاہ دھاریوں والے اور دُم کٹے سانپ کو قتل کر ڈالو کیونکہ یہ دونوں قسم کے سانپ بینائی زائل کر دیتے ہیں (یعنی محض ان کو دیکھنے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے اور اس کا سبب اس کے زہر کی خاصیت ہے جو ان سانپوں میں ہوتا ہے) اسی طرح یہ دونوں سانپ حمل کو ساقط کر دیتے ہیں (یعنی اگر حاملہ عورت ان کو دیکھے تو اس زہر کی خاصیت کے سبب یا خوف و دہشت کی وجہ سے اس کا حمل ساقط ہو جاتا ہے)۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ایک دن) جب کہ میں ایک سانپ پر حملہ کر کے اس کو مار ڈالنے کے درپے تھا کہ (ایک صحابی) حضرت ابولبابہ انصاری رضی اللہ عنہ نے مجھ کو آواز دے کر کہا کہ اس کو مت مارو؛ میں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام سانپوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (عام حکم) کے بعد گھر میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے سے منع فرما دیا تھا کیونکہ وہ گھر کو آباد کرنے والے ہیں''۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قوله :اقتلوا الحیات...... ویستقطان الحبل:

''طفتین'' ملا علی قاریؒ کے پیش نظر نسخہ میں طاء کے ضمہ اور فاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ جبکہ مشکوٰۃ کے موجودہ نسخہ میں فاء کے فتحہ اور یاء اول کی تشدید کے ساتھ تصغیر کے وزن پر ہے۔

اللغات: ''طفتین'' صاحب قاموس لکھتے ہیں: ''هی حیة خبیثة علی ظهرها خطان اسودان کالطفیتین والطفیة بالضم خوصة المقل والخوص بالضّم ورق النخل (کھجور کے درخت کے پتے) طفیه: گوگل پھل کے درخت کے پتے۔ (گوگل جنگلی کھجور کا پھل) والواحده بهاء۔ والمقل بالضم صمغ شجرة۔ یطمسان: یاء کے فتحہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ بمعنی اندھا کرنا۔ (''سقوط'' سے ماخوذ ہے) باب استفعال سے ذکر کرنا مبالغہ کیلئے ہے۔

الحبل: بروز قلم أطارد: باب مفاعلہ سے ہے، مبالغہ یا مغالبہ کی خاصیت پائی جا رہی ہے۔

النہایہ میں لکھتے ہیں: الطفیه خوصة المقل شبه به الخطان اللذان علی ظهر الحیة

وہ سانپ جس کی پشت پر دو دھاریاں ہوں اس کو ذا الطفتین کہتے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ ''طفیہ'' زہریلا لچکدار چھوٹی دم کا سانپ ہوتا ہے۔

امور نحویہ: ''الابتر'' منصوب ہے اس کا عطف ''ذا پر'' ہے۔ اقتلها: جملہ حالیہ ہے۔ أی حال کونی أرید قتلها۔ لا تقتل: ایک نسخہ میں ''لم تقتل'' ہے۔ أی لدی شیء ترید قتلها۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں اس حدیث کے اندر جن دو موذی اور خبیث الباطن سانپوں کا ذکر ہے کہ ان کے دیکھنے سے نظر اور حمل ختم ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ان عجائبات کا انکار ممکن ہی نہیں ان کے اس فعل کو اس انداز سے ذکر فرمایا جس طرح کسی شخص سے فعل قصداً صادر ہونے کو ذکر کیا جاتا ہے۔

سانپ میں افعیٰ کے خواص میں لکھا ہے۔ کہ جیسے ہی حاملہ اور اس سانپ کی نگاہیں ملتی ہیں عورت کا حمل گر جاتا ہے۔ بعض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسے سانپ ہیں ان کو دیکھتے ہی انسان اندھا ہو جاتا ہے۔سانپوں کی ایک قسم جس کو ''ناظور'' اور ''ناظر'' کہا جاتا ہے۔جب اس کی نظر کسی انسان پر پڑتی ہے تو وہ انسان فوراً مر جاتا ہے۔ایک قسم ایسی ہے کہ انسان اس کی آواز سے ہی فوراً مر جاتا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں ''فانهما يطمسان'' کا مطلب یہ ہے کہ محض اس کو دیکھنے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے اور اس کا سبب وہ خاصیت ہے جو ان سانپوں کی نگاہوں میں اللہ تعالیٰ نے رکھی ہے۔مسلم کی دوسری روایت کہ جس میں ''يخطفان'' کے الفاظ آئے ہیں۔سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

قوله :وصف العوامر:

اصل میں عوامر کا اطلاق جنات پر ہوتا ہے۔اس اعتبار سے وہ گھر کو آباد کرنے والے ہیں۔بعض کا کہنا ہے کہ ان کی عمر بڑی لمبی ہوتی ہے اس لئے ان کو ''عوامر'' کہا جاتا ہے۔مراد یہ ہوگی کہ گھروں میں اکثر و بیشتر جو سانپ نظر آتے ہیں وہ حقیقت میں جنات ہوتے ہیں جو سانپ کی صورت اختیار کئے پڑے ہوتے ہیں۔لہٰذا گھروں میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے میں احتیاط کرنی چاہیے کہ مبادا جس سانپ کو مار ڈالا گیا ہو وہ حقیقت کے اعتبار سے گھر میں رہنے والا جن ہو۔اس کے قتل سے گھر والوں کو کوئی نقصان پہنچ جائے گا۔روایات باب: ① طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بطریق مرفوع نقل کیا ہے:**اقتلوا لحية والعقرب وان كنتم فى الصلوة۔**

(اخرجه ابو داود فى السنن ١/٥٦٦، الحديث رقم ٩٢١ والترمذى فى السنن ٢/٢٣٣ الحديث رقم ٣٩٠ والحاكم فى المستدرك ٤/٣٥٥'

''سانپ اور بچھو کو مار ڈالو اگرچہ تم نماز کی حالت میں ہو۔''

② ابوداؤد، ترمذی، ابن حبان اور حاکم نے ابو ہریرہؓ سے بطریق مرفوع نقل کیا ہے:

''اقتلوا الاسودين فى الصلوة:الحية والعقر''۔

③ خطیب نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے:**من قتل حية او عقربًا فكانما قتل كافر''**

جس نے سانپ یا بچھو کو مارا گویا اس نے کافر کو مارا۔

④ امام احمد بن حنبل ابن مسعودؓ سے نقل کرتے ہیں:**من قتل حية فكأنما قتل رجلا مشركا قد حل دمه۔**

(احمد فی المسند ١/٣٩٥)

⑤ امام ابوداؤد اور امام نسائی' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ناقل ہیں:

اقتلوا الحيات كلهن فمن خاف ثأر هن فليس منى۔

(أخرجه ابو دائود فى السنن ٥/٤٠٩، الحديث رقم ٥٤٢٩)

یہ احادیث مطلقہ گھروں میں رہنے والے سانپوں کے علاوہ دوسرے سانپوں پر محمول ہیں۔جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا روایت اور آگے آنے والی دوسری روایتوں سے واضح ہوتا ہے۔

۴۱۱۸:وَعَنْ اَبِى السَّائِبِ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَبِىْ سَعِيْدِ نِالْخُدْرِيِّ فَبَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ اِذَاسَمِعْنَا تَحْتَ سَرِيْرِهٖ حَرَكَةً فَنَظَرْنَا فَاِذَا فِيْهِ حَيَّةٌ فَوَثَبْتُ لِاَقْتُلَهَا وَاَبُوْسَعِيْدٍ يُصَلِّىْ فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنْ اَجْلِسْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَجَلَسْتُ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَشَارَ اِلٰى بَيْتٍ فِى الدَّارِ فَقَالَ اَتَرٰى هٰذَا الْبَيْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ كَانَ فِيْهِ فَتًى مِنَّا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَنْدَقِ فَكَانَ ذٰلِكَ الْفَتٰى يَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بِاَنْصَافِ النَّهَارِ فَيَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاسْتَاْذَنَهٗ يَوْمًا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خُذْ عَلَيْكَ سَلَاحَكَ فَاِنِّىْ اَخْشٰى عَلَيْكَ قُرَيْظَةَ فَاَخَذَ الرَّجُلُ سَلَاحَهٗ ثُمَّ رَجَعَ فَاِذَا امْرَاَتُهٗ بَيْنَ الْبَابَيْنِ قَائِمَةً فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ لِيَطْعَنَهَا بِهٖ وَاَصَابَتْهُ غَيْرَةٌ فَقَالَتْ لَهٗ اُكْفُفْ عَلَيْكَ رُمْحَكَ وَادْخُلِ الْبَيْتَ حَتّٰى تَنْظُرَ مَا الَّذِىْ اَخْرَجَنِىْ فَدَخَلَ فَاِذَا بِحَيَّةٍ عَظِيْمَةٍ مُنْطَوِيَّةٍ عَلَى الْفِرَاشِ فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ فَانْتَظَمَهَا بِهٖ ثُمَّ خَرَجَ فَرَكَزَهٗ فِى الدَّارِ فَاضْطَرَبَتْ عَلَيْهِ فَمَا يُدْرٰى اَيُّهُمَا كَانَ اَسْرَعَ مَوْتًا اَلْحَيَّةُ اَمِ الْفَتٰى قَالَ فَجِئْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ وَقُلْنَا ادْعُ اللّٰهَ يُحْيِيْهِ لَنَا فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِصَاحِبِكُمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْبُيُوْتِ عَوَامِرَ فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْهُمْ شَيْئًا فَحَرِّجُوْا عَلَيْهَا ثَلَاثًا فَاِنْ ذَهَبَ وَاِلَّا فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّهٗ كَافِرٌ وَقَالَ لَهُمْ اذْهَبُوْا فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ وَفِىْ رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ جِنًّا قَدْ اَسْلَمُوْا فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْهُمْ شَيْئًا فَاٰذِنُوْهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ بَدَالَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔ (رواه مسلم)

تخریج: اخرجه مسلم فى صحيحه ٤ / ١٧٥٦ ' كتاب السلام' باب قتل الحيات وغيرها' الحديث رقم (١٤٠ - ٢٢٣٦) والترمذى فى السنن ٤ / ٦٥' الحديث رقم ١٤٨٤

ترجمہ: ''اور حضرت سائبؒ (جو حضرت ہشام بن زہرہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام تھے اور تابعی ہیں) کہتے ہیں کہ (ایک دن) ہم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے گھر گئے' چنانچہ جب ہم وہاں بیٹھے ہوئے تھے اچانک ہم نے ان (ابوسعید رضی اللہ عنہ) کے تخت کے نیچے ایک سرسراہٹ سنی ہم نے دیکھا تو وہاں ایک سانپ تھا' میں اس کو مارنے کے لئے جھپٹا' مگر حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نماز پڑھ چکے تو انہوں نے مکان کے ایک کمرے کی طرف اشارہ کر کے پوچھا کہ ''کیا تم نے اس کمرے کو دیکھا ہے؟'' میں نے کہا کہ ''ہاں!'' پھر حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ''اس کمرے میں ہمارے خاندان کا ایک نوجوان رہا کرتا تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی''۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ''ہم سب لوگ (یعنی وہ نوجوان بھی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ خندق میں گئے (جس کا محاذ مدینہ کے مضافات میں قائم کیا گیا تھا۔ وہ آدمی (روزانہ) دوپہر کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (گھر جانے کی) اجازت مانگ لیا کرتا تھا (کیونکہ دلہن کی محبت اس کو اس پر مجبور کرتی تھی) چنانچہ (اجازت ملنے پر) وہ اپنے اہل خانہ کے پاس چلا جاتا (اور رات گھر میں گزار کر صبح کے وقت پھر آ کر مجاہدین میں شامل ہو جاتا) ایک دن حسب معمول' اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کو اجازت دیتے ہوئے) فرمایا کہ اپنے ہتھیار اپنے ساتھ رکھو' کیونکہ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں بنو قریظہ تم پر حملہ نہ کر دیں (بنو قریظہ مدینہ میں یہودیوں کا ایک قبیلہ تھا جو اس موقع پر قریش مکہ کا حلیف بن کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شریک تھا اس نوجوان نے ہتھیار لے لئے اور (اپنے) گھر کو) روانہ ہو گیا (جب وہ اپنے گھر کے سامنے پہنچا تو کیا) دیکھتا ہے کہ اس کی بیوی (گھر کے) دونوں دروازوں (یعنی اندر اور باہر کے دروازے) کے درمیان کھڑی ہے۔نوجوان نے عورت کو مار ڈالنے کے لئے اس کی طرف نیزہ اٹھایا کیونکہ (یہ دیکھ کر کہ اس کی بیوی باہر کھڑی ہے) اس کو بڑی غیرت آئی لیکن عورت نے (جھبی) اس سے کہا کہ ''اپنے نیزے کو اپنے پاس روک لو اور ذرا گھر میں جا کر دیکھو کہ کیا چیز میرے باہر نکلنے کا سبب ہوئی ہے''۔(یہ سن کر) وہ نوجوان گھر میں داخل ہوا' وہاں دفعتاً اس کی نظر ایک بڑے سانپ پر پڑی جو بستر میں کنڈلی مارے پڑا تھا۔نوجوان نیزہ لے کر سانپ پر جھپٹا اور اس کو نیزہ میں پرو لیا پھر اندر سے نکل کر باہر آیا اور نیزے کو گھر کے صحن میں گاڑ دیا' سانپ نے تڑپ کر نوجوان پر حملہ کیا' پھر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ دونوں میں سے پہلے کون مرا' سانپ یا نوجوان؟ (یعنی وہ دونوں اس طرح ساتھ مرے کہ یہ بھی پتہ نہ چل سکا کہ پہلے کس کی موت واقع ہوئی)۔حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ ماجرا بیان کر کے عرض کیا کہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ اس نوجوان کو ہمارے لئے زندہ کر دے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ساتھی اور رفیق کے لئے مغفرت طلب کرو' اور پھر فرمایا کہ ''(مدینہ کے ان گھروں میں ''عوامر'' یعنی جنات رہتے ہیں (جن میں مؤمن بھی ہیں اور کافر بھی) لہٰذا جب تم ان میں سے کسی کو (سانپ کی صورت میں) دیکھو تو تین بار یا تین دن اس پر تنگی اختیار کرو پھر اگر وہ چلا جائے تو فبہا ورنہ اس کو مار ڈالو کیونکہ (اس صورت میں یہی سمجھا جائے گا کہ) وہ (جنات میں سے) کافر ہے''۔پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا کہ ''جاؤ اپنے ساتھی کی تکفین و تدفین کرو''۔ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مدینہ میں (کچھ) جن ہیں (اور ان میں وہ بھی ہیں) جو مسلمان ہو گئے ہیں ان میں سے جب تم کسی کو (سانپ کی صورت میں) دیکھو تو تین دن اس کو خبردار کرو' پھر تین دن کے بعد بھی اگر وہ دکھائی دے تو اس کو مار ڈالو کیونکہ وہ شیطان ہے''۔(مسلم)

تشریح: قولہ: قال: دخلنا علی ابی سعید الخدری...... حدیث عهد بعرس:

''فقلت: نعم فقال: کان'' ایک نسخے میں ان ''کان'' ہمزہ مکسورہ کے ساتھ ہے۔اس صورت میں یہ مخفف من المثقل ہوگا۔یعنی ''انه کان'' کے الفاظ ہیں۔حدیث عهد: اصل نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے جبکہ ایک اور نسخے میں نصب کے ساتھ ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں اگر مرفوع پڑھیں تو یہ فتّی کی صفت ثانی ہوگا۔اگر نصب کے ساتھ پڑھیں تو یہ ''منا'' کی ضمیر مجرور سے حال ہوگا۔

ثم خرج: ایک نسخ میں فخرج بها کے الفاظ ہیں۔''فاذا رأیتم منها'' ایک نسخہ میں ''منہم'' کے الفاظ ہیں۔یعنی جمع کی ضمیر ہے۔

''فاذا رأیتم منهم'' ایک نسخ میں یہ روایت ''منها'' کے الفاظ کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللغات: ''عرس ''عین کے ضمہ کے ساتھ۔مغرب میں ہے اعرس الرجل بالمرأة أى بنا عليها۔

ایک حدیث میں ہے۔''اذ دعی احدکم الی طعام عرس فلیجب'' جب تمہیں کوئی شادی کی دعوت دے تو اس کو قبول کرو۔

''بانصاف النهار ''امام نوویؒ فرماتے ہیں''انصاف ''ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔یعنی نصف نہار۔

''غيرة''غین معجمہ کے فتحہ کے ساتھ۔

اكفف: فاءاول کے ضمہ کے ساتھ۔

''فحرِجوْا'' راء کی تشدید اور کسرہ کے ساتھ۔

''فقال استغفروا لصاحبكم'' امام طیبیؒ فرماتے ہیں آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا مطلب یہ تھا کہ تمہارے اس بھائی کیلئے اگر میں یہ دعا کروں کہ اللہ اس کو زندہ کر دے تو اس کو اسی دعا کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا،اس کے لئے استغفار کرنا نافع ہے۔اھ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آنحضرتؐ اس معجزہ سے عاجز تھے بلکہ آنحضرتؐ نے یہ بات''سد أللباب''ارشاد فرمائی۔

''فحرجوا عليها ثلاثاً'' مطلب یہ ہے کہ جب سانپ نظر آئے تو اس سے کہو کہ تو تنگی اور گھیرے میں ہے اب نہ نکلنا اگر پھر نکلے گا تو ہم تجھ کو مار ڈالیں گے۔چنانچہ صاحب النہایہ لکھتے ہیں:أى قولولها:أنت فى حرج أى ضيق ان عدت الينا فلا تلو منا ان تضيق عليك بالتبع والطرد والقتل۔

شرح مسلم میں امام نووی نے علامہ قاضی عیاضؒ کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ ابن الحبیب کی سند سے آنحضرت کا یہ ارشاد منقول ہے کہ سانپ کو دیکھ کر یہ کہا جائے:

''انشدكم بالعهد الذى اخذ عليكم سليمان بن داؤد عليها السلام لا تؤذونا ولا تظهروا لنا''میں تجھ کو اس عہد کی قسم دیتا ہوں جو حضرت سلیمان بن داؤد علیہم السلام نے تجھ سے لیا تھا کہ ہم کو ایذا نہ دے اور ہمارے سامنے مت آ۔

امام مالکؒ سے بھی اس طرح کے الفاظ منقول ہیں۔اسی طرح بعض روایات میں''باللّٰه عليك ان لا تعودوا لمثله ابدًا ان كنتم مؤمنين''کے الفاظ بھی منقول ہیں۔

قوله :''فانما هو شيطان''یعنی خبردار کرنے کے بعد بھی وہ ظاہر ہوا تو۔''وہ شیطان ہے''۔وہ مسلمان جن نہیں ہے بلکہ یا تو کافر جن ہے یا حقیقت میں سانپ ہے اور یا یہ ابلیس کی نسل میں سے ہے اس صورت میں اس کو فوراً مار ڈالنا چاہیے۔ اس کو''شیطان''اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ آگاہی کے بعد بھی نظروں سے غائب نہ ہو کر اس نے اپنے آپ کو سرکش ثابت کیا ہے اور عام بات ہے کہ جو بھی سرکش ہوتا ہے خواہ وہ جنات میں سے ہو یا آدمیوں میں سے اور یا جانوروں میں سے'اس کو ''شیطان'' کہا جاتا ہے۔

گرگٹ کی خباثت کا بیان

۴۱۱۹:وَعَنْ اُمِّ شَرِيْكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَقَالَ كَانَ يَنْفُخُ عَلٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِبْرَاهِيْمَ ۔ (متفق علیه)

تخریج : اخرجه البخاری فی صحیحه ٦ / ٣٨٩' کتاب الانبیاء' باب٨' الحدیث رقم ٣٣٥٩ و مسلم فی ٤ / ١٧٥٧' الحدیث رقم (١٤٢ ـ ٢٢٣٧) والنسائی فی السنن ٥ / ٢٠٩' الحدیث رقم ٢٨٨٥' وابن ماجه فی ٢ / ١٠٧٦' الحدیث رقم ٣٢٢٨' والدارمی فی ٢ / ١٢١ الحدیث رقم ٣٠٠٠ وأحمد فی المسند ٦ / ٤٢١

ترجمہ:''اور حضرت اُم شریک رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے گرگٹ کو قتل کر دینے کا حکم کیا اور فرمایا کہ ''وہ (گرگٹ) حضرت ابراہیم علیہ السلام پر (آگ) پھونکتا تھا''۔ (بخاری ومسلم)

اَللُّغَاتُ: ''وزغ'' واؤ مفتوحہ کے ساتھ اس کا مفرد ''وزغۃً'' ہے۔ اس خبث الباطن جانور کو گرگٹ کہا جاتا ہے۔ اور ''سام البرص'' اس سے بڑا ہوتا ہے۔ صاحب النہایہ کا کہنا ہے کہ ''وزغ'' سے مراد ''سام ابرص'' ہے۔

تشریح: قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: یہ گویا گرگٹ کی خباثت کو بیان کیا گیا ہے کہ جب نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تو یہ گرگٹ اس آگ کو بھڑکانے کیلئے اس میں پھونک مارتا تھا۔ اس کو شیطان نے بطور آلہ استعمال کیا اور اپنے کام میں لایا۔ یہ موذی اور زہریلا جانور ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ اس کا پسندیدہ ترین مشغلہ کھانے کو خراب کرنا ہے، خصوصاً نمک کو۔ جب اس کو کھانا خراب کرنے کا موقع ہاتھ نہیں آتا تو یہ چھت پر چڑھ کر اپنی بیٹ کھانے پینے چیزوں میں گرا دیتا ہے۔ یہ حدیث بتاتی ہے کہ یہ جانور فطری طور پر برا ہے۔

گرگٹ ایک فاسق جانور

۴۱۲۰: وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَسَمَّاهُ فُوَيْسِقًا۔ (رواه مسلم)

تخریج : اخرجه مسلم فی صحیحه ٤ / ١٧٥٨' کتاب السلام' باب استحباب قتل الوزغ' الحدیث رقم (١٤٤ ـ ٢٢٣٨) وأبو داود فی السنن ٥ / ٤١٦ الحدیث رقم ٥٢٦٢' وابن ماجه فی ٢ / ١٠٧٦' الحدیث رقم ٣٢٣٠' وأحمد فی المسند ١ / ١٧٦

ترجمہ:''اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے گرگٹ کو قتل کرنے کا حکم دیا اور اس کا نام فویسق رکھا''۔ (مسلم)

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''فویسق'' اصل میں ''فاسق'' کی تصغیر ہے جس کے معنی ہیں ''چھوٹا فاسق'' گرگٹ کو ''فویسق'' (یعنی چھوٹا فاسق) اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ یہ فواسق خمسہ (یعنی ان پانچ بد جانوروں) کی قسم میں سے ہے جن کو ہر حالت میں مار ڈالنے کا حکم ہے خواہ وہ حل میں (یعنی حدود حرم سے باہر ہوں) یا حرم میں ہوں۔ لغت میں ''فسق'' کے معنی ''خروج'' کے ہیں اور شرعی اصطلاح میں فسق سے مراد ہوتا ہے ''اطاعت حق سے نکل جانا اور صحیح راستہ سے روگردانی کرنا''۔ یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانور دیگر جانوروں کے مقابلہ میں اس قدر زیادہ ضرر و تکلیف پہنچاتے ہیں کہ گویا یہ حشرات کے خاندان سے ہی خارج ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ صیغہ تصغیر کے ساتھ ذکر فرمانا یا تو تعظیم کے پیش نظر ہے، جیسا کہ "دویهية" میں ہے۔ یا تصغیر تحقیر کے لئے ہے بایں طور کہ حضور ﷺ نے اس کو فواسق خمسہ کے ساتھ ملحق قرار دیا ہے۔ اھ پہلا احتمال زیادہ ظاہر ہے۔

گرگٹ مارنے کا ثواب

۴۱۲۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ وَزَغًا فِیْ اَوَّلِ ضَرْبَةٍ کُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَفِی الثَّانِیَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ وَفِی الثَّالِثَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ (رواه مسلم)

تخریج: اخرجه مسلم فی صحيحه ٤ / ١٧٥٨ كتاب السلام، باب استحباب قتل الوزغ، الحديث رقم (١٤٧ ـ ٢٢٤٠) وأبو داود فی السنن ٥ / ٤١٦ الحديث رقم ٥٢٦٣، والترمذی فی ٤ / ٦٤، الحديث رقم ١٤٨٢ وابن ماجه فی ٢ / ١٠٧٦ الحديث رقم ٣٢٢٩، وأحمد فی المسند ٢ / ٣٥٥

ترجمہ: "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جس شخص نے گرگٹ کو ایک ہی وار میں قتل کر دیا تو اس کیلئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی، دوسرے وار میں اس سے کم اور تیسرے وار میں اس سے بھی کم نیکیاں لکھی جائیں گی"۔ (مسلم)

تشریح: "ضربة" باء موحدہ کے ساتھ ہے۔ ترکیبی اعتبار سے عبارت میں دو احتمال ہیں: ① من قتل فی الضربة الثانية كتب له دون ذلك فی الثواب ② قتله فی الثانية دون ذلك فی الثواب۔

اس حدیث کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ① اوّل ضرب پر ثواب زیادہ ہوتا ہے۔ پھر کم پھر اس سے بھی کم۔

② امام نووی فرماتے ہیں اس حدیث کے ذریعہ گویا اس بات کی طرف راغب کیا گیا ہے کہ گرگٹ کو جلد سے جلد مار ڈالا جائے، بسا اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ غفلت کرنے سے وہ بھاگ جاتا ہے۔ جس سے ثواب سے محروم ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا فرصت کو غنیمت جانا جائے اور اس کو بھاگنے کا موقع نہ دیا جائے۔

تخریج: امام احمد اور امام ابن حبان نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: من قتل حية فله سبع حسنات، ومن قتل وزغة فله حسنة۔ امام طبرانی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً نقل کیا ہے: من قتل وزغا كفر الله عنه سبع خطيآت۔

چیونٹی کو مارنے کی شرعی حیثیت

۴۱۲۲: وَعَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِیًّا مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ فَاَمَرَ بِقَرْیَةِ النَّمْلِ فَاُحْرِقَتْ فَاَوْحَی اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَیْهِ اَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ اَحْرَقْتَ اُمَّةً مِّنَ الْاُمَمِ تُسَبِّحُ۔ (متفق علیه)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحيحه ٦ / ١٥٤ صحيح البخاری، كتاب الجهاد: باب ١٥٣، الحديث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٣٠١٩ و مسلم فی ٤ / ١٧٥٩، الحديث رقم (١٤٨ ـ ٢٢٤١) و أبو داود فی السنن ٥ / ٤١٨ الحديث رقم ٥٢٦٦، ٥٢٦٦ والنسائی فی السنن ٧ / ٢١٠، الحديث رقم ٤٣٥٨، وابن ماجه فی ٢ / ١٠٧٥، الحديث رقم ٣٢٢٥، وأحمد فی المسند ٢ / ٤٠٢

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کہ ایک دن انبیاء کرام میں سے ایک نبی کو ایک چیونٹی نے کاٹ لیا' انہوں نے چیونٹیوں کے بلوں کو جلا دینے کا حکم دیدیا' چنانچہ بلوں کو جلا دیا گیا۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان پر یہ وحی نازل کی کہ تمہیں ایک چیونٹی نے کاٹا تھا اور تم نے جماعتوں میں سے ایک ایسی جماعت کو جلا ڈالا جو تسبیح (یعنی اللہ کی پاکی بیان کرنے) میں مشغول رہتی تھی''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: **قوله :قرصت نملة نبيا من الانبياء......:**

قرصت: امام طیبیؒ لکھتے ہیں ''**القرص الأخذ باطراف الأ صابع وهنا يراد به العض**'' قرص کے معنی ہیں انگوٹھا اور انگلی سے بدن کے حصہ کو پکڑنا یعنی کسی کے بدن میں چٹکی بھرنا یہاں کاٹنا مراد ہے۔ **نملة**: واحد ہے۔

''**نبيًا من الأنبيا**'' کچھ حضرات کہتے ہیں حضرت موسیٰ تھے بعض کہتے ہیں حضرت داؤد علیہ السلام تھے۔

''**بقرية النمل**'' قریۃ اس لئے کہا کہ بل سب کا مسکن ہوتا ہے۔ بستی کو بھی قریہ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ اس میں لوگ اکھٹے رہتے ہیں۔

''**فاحرقت**'' کا مطلب یہ ہے کہ نبی نے اس درخت کو جلانے کا حکم دیا تھا جس میں چیونٹیوں کا بل تھا' چنانچہ اس درخت کو جلا ڈالا گیا۔ اس واقعہ کا پس منظر یہ ہے کہ ایک مرتبہ ان نبی علیہ السلام نے بارگاہِ رب العزت میں عرض کیا اے پروردگار! تو کسی آبادی کو اس کے باشندوں کے گناہوں کے سبب عذاب میں مبتلا کرتا ہے اور وہ پوری آبادی تہس نہس ہو جاتی ہے' حالانکہ اس آبادی میں مطیع وفرمانبردار لوگوں کی بھی کچھ تعداد ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فیصلہ کرلیا کہ ان کی عبرت کے لئے کوئی مثال پیش ہونی چاہئے۔ چنانچہ ان نبی علیہ السلام پر سخت ترین گرمی مسلط کردی گئی' یہاں تک کہ وہ اس گرمی سے نجات پانے کے لئے ایک سایہ دار درخت کے نیچے چلے گئے وہاں ان پر نیند کا غلبہ ہو گیا اور وہ سو رہے تھے تو ایک چیونٹی نے ان کو کاٹ لیا' انہوں نے حکم دیا کہ ساری چیونٹیوں کو جلا دیا جائے' سب کو جلانے کا حکم اس لئے یہ آسان نہیں تھا کہ وہ اس خاص چیونٹی کو پہچان کرواتے جس نے ان کو کاٹا تھا یا اس وجہ سے کہ چیونٹی موذی جانور ہے اور موذی کی پوری جنس کو مار ڈالنا جائز ہے۔

قوله :فاوحى الله :

أن قرصل: أن ہمزہ کے ساتھ ہے، اور لام مقدر ہے۔ **أی لأجل**۔

تسبح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ای **امة مسحة لله تعالىٰ** لفظ **مسبحة** کی جگہ فعل مضارع اسلئے استعمال ہوا تاکہ استمرار ودوام اور انکار مزید پر دلالت کرے۔ جیسے :**انا سخرنا الجبال معه يسبحن**. [ص:١٨]

اس آیت کی تفسیر میں صاحب کشاف فرماتے ہیں ''**فيه دلالة على حدوث التسبح من الجبال شيئا بعد شئ وحالاً بعد حال و كان السامع يحاضر تلك الحال ويسمعها** یعنی یہ آیت اس بات پر دلالت کررہی ہے کہ پہاڑ بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بتدریج وقتاً فوقتاً اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں، گویا کہ سامع اس صورتحال کو دیکھ رہا ہے اور سن رہا ہے۔

أحرقت أمة: اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ اس خاص چیونٹی کو جلانا جائز تھا جس نے انہیں کاٹا تھا۔ شرح مسلم میں امام نووی لکھتے ہیں۔ کہ اس نبی کیلئے چیونٹوں کا بل جلانا جائز تھا اسی وجہ سے زیر عتاب نہیں ہوا۔ جو عتاب ہوا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کو کاٹا ایک نے تھا اس ایک کو جلانے کا حق تھا ایک سے زیادہ جلانے پر ان کو عتاب ہوا، نہ کہ نفس تحریق پر۔

ہمارے مذہب میں کسی جاندار کو آگ میں جلانا جائز نہیں، خواہ وہ چیونٹی ہو یا جوں ہو اور ممانعت کی دلیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے: نهى عن قتل أربع من الدواب ۔ یہ حدیث عنقریب فصل ثانی میں آئے گی۔ اھ۔ چیونٹی مارنے کی ممانعت کو اگر غیر موذی کے ساتھ مقید کر دیا جائے، جوں پر قیاس کرتے ہوئے، تو تمام روایات میں تطبیق ہو سکتی ہے۔ کیونکہ بعض مرتبہ چیونٹی کے کاٹے کی تکلیف جوں کاٹنے کی تکلیف سے زیادہ ہوتی ہے۔ بلی کو ابتداء (یعنی بلاوجہ) مارنا تو جائز نہیں ہاں، اگر تکلیف پہنچائے تو مارنا جائز ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ جلانے کا حکم منسوخ ہو۔ یا اس ضرورت پر محمول ہو کہ اس کے بغیر مارنا ممکن نہ ہو۔

امام طبرانی نے ابن عباس سے نقل کیا ہے: أنه نهى عليه السلام عن قتل كل ذى روح الا أن يؤذى۔

اہل علم پر یہ مخفی نہیں کہ یہ حدیث مبارکہ اللہ جل شانہ کے فعل کی نظیر ہے کہ اللہ جل شانہ مطیع و عاصی کے درمیان فرق فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو شفائے غیظ کی خاطر عذاب نہیں دیتے، برخلاف مخلوق کے (وہ ایک دوسرے کو شفائے غیظ کی خاطر عذاب دیتے ہیں) اللہ تعالیٰ کا فعل باب قضاء وقدر سے ہے، اس کی حقیقت تک رسائی سے علم بشری عاجز ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ بطور تمثیل کے ہو کیونکہ اللہ جل شانہ جانتا ہے کہ مطیع کو اگر عمومی عذاب میں مبتلا نہ کیا گیا، اور بچالیا گیا، تو اس مطیع سے کوئی ایسا فعل صادر ہوگا جو مستوجب عذاب ہوگا، یا مطیع عاصی کے فعل پر راضی ہو، یا اس کے فعل پر نکیر نہ کرے، یا اس کے ساتھ مساکنت اختیار کرے تو یہ صورت حال کسی بھی قسم کے عذاب کے استحقاق سے خالی نہیں۔ یا اس کا عذاب دینا صورتاً تو تعذیب ہوتا ہے لیکن حقیقتاً تکفیر و تہذیب ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اس بات سے منزہ ہے کہ اس سے سوائے عدل یا فضل کے کچھ صادر ہو، وہ جو چاہے کرے اس سے کوئی پوچھ نہیں، مخلوق سے پوچھ ہے۔

الفصل الثانی:

گھی میں چوہا گرنے کا بیان

۴۱۲۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَتِ الفَارَةُ فِي السَّمَنِ فَاِنْ كَانَ جَامِدًا فَالْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَاِنْ كَانَ مَائِعًا فَلَا تَقْرَبُوْهُ۔ (رواہ احمد وابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٨١ الحديث رقم ٣٨٤٢، وأحمد في المسند ٢ / ٣٢

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اگر گھی میں چوہا گر جائے (اور مر جائے) اگر وہ گھی جما ہوا ہو تو اس چوہے کو اور اس کے چاروں طرف کے گھی کو نکال کر پھینک دو (اور باقی گھی کھانے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصرف میں لاؤ) اور اگر وہ گھی پتلا یعنی (پگھلا ہوا) ہو تو پھر اس کے قریب (بھی) مت جاؤ (یعنی اس کو مطلقاً نہ کھاؤ)۔(احمد ابوداؤد)

تشریح: تفصیل حدیث ۴۱۲۴ میں گذر چکی ہے۔

۴۱۲۴: وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

تخریج: اخرجه أبوداود الدارمی فی السنن ۲ / ۱۴۹، الحدیث رقم ۲۰۹۵

ترجمہ: اور دارمیؒ نے اس روایت کو ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے"۔

سرخاب کے گوشت کا بیان

۴۱۲۵: عَنْ سَفِينَةَ قَالَ اَكَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارٰى. (رواه ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۴ / ۱۵۵، الحدیث رقم ۳۷۹۷، والترمذی فی ۴ / ۲۳۹، الحدیث رقم ۱۸۲۸

ترجمہ: "اور حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حباری (سرخاب) کا گوشت کھایا"۔(ابوداؤد)

تشریح: لفظ حبارٰی حاء مہملہ کے ضمہ اور راء مہملہ کے فتحہ اور الف مقصوری کے ساتھ۔

حبارٰی : قال الجوهری: الحباری طائر یقع علی الذکر والانثی واحدهما وجمعهما سواءً وان شئت قلت الجمع حباریات والفة لیست للتأنیث ولا للالحاق۔ قال صاحب القاموس: الفه للتانیث، وغلط الجوهری اذ لولم یکن له لا نصرفت هذا :

وفی حیاة الحیوان للدمیری: الحباری طائر کبیر العنق رمادی اللون فی منقاره بعض طول ومن شانها ان تصاد ولا تصید"۔

حباری ایک پرندہ ہے جس کی گردن لمبی، رنگ سلیٹی، چونچ کچھ لمبی ہوتی ہے شکار خود ہو جاتا ہے، لیکن شکار کرتا نہیں ہے۔ نر مادہ دونوں کے لئے بولا جاتا ہے، واحد جمع برابر ہے، اور جمع کیلئے "حباریات" لانا بھی درست ہے۔

صاحب قاموس کا کہنا ہے کہ الف برائے الحاق نہیں ہے، بلکہ تانیث کیلئے ہے، غیر تانیث کا قرار دینا صحیح نہیں، ورنہ تو یہ منصرف ہوتا۔ جس کے بارے میں عربی میں مشہور ہے کہ وہ احمق ترین پرندہ ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے کسی شخص کی حماقت ظاہر کرنی ہو تو حباری کی مثال دی جاتی ہے۔ اردو میں اس کو سرخاب کہتے ہیں۔ باوجود حماقت کے دوسرے جانداروں کی طرح جذبہ مادری رکھتا ہے اپنے بچوں کو کھلاتا پلاتا ہے اور اڑان سکھاتا ہے۔

امام بیہقی نے شعب الایمان میں یحییٰ بن ابی کثیر عن ابی سلمہ عن ابی ہریرۃ نقل کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا: ان الظالم لا یضر الا نفسه ظالم اپنے آپ کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کے ظلم سے کسی کو نقصان نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: **کذب والذی نفسی بیدہٖ ان الحباری تموت ھزالاً من خطایا بنی آدم**'' یعنی جب انسان کے گناہ بڑھ جاتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ بارش کو روک لیتا ہے' حتی کہ سرخاب بھی اس کی ایذاء سے مرجاتا ہے۔ حالانکہ پرندوں میں اپنے رزق کو حاصل کرنے میں سب سے زیادہ حیلہ باز پرندہ ہے لیکن وہ بھی بھوک سے مرجاتا ہے۔

سرخاب حلال ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر چیز (یعنی جاندار) **کل شیء یحب ولدہ حتی الحباری** اپنے بچوں سے محبت کرتا ہے۔ حتی کہ سرخاب بھی

جلّالہ کا گوشت کھانے کی ممانعت

۴۱۲۶: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَاَلْبَانِهَا (رواہ الترمذی وفی روایۃ ابی داود) **قَالَ نَهٰی عَنْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ۔**

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٤ / ١٨٤ کتاب الاطعمة' باب فی اکل لحم الحباری' الحدیث رقم ٣٧٨٥ والترمذی فی ٤ / ٢٣٨' الحدیث رقم ١٨٢٤' وابن ماجه فی ٢ / ١٠٦٤ الحدیث رقم ٣١٨٩

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ (یعنی گندگی کھانے والے جانور) کا گوشت کھانے اور اس کا دودھ پینے سے منع فرمایا ہے (ترمذیؒ) اور ابوداؤدؒ کی روایت میں یوں ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ پر سوار ہونے سے بھی منع فرمایا ہے''۔

تشریح: قولہ: **نھی رسول اللہ ﷺ عن اکل الجلالة**:

جلالة جیم کے فتحہ اور لام اول کی تشدید کے ساتھ جلة سے مشتق ہے۔ جلة گوبر کو کہتے ہیں اور جلالہ سے مراد وہ جانور ہے جو حلال تو ہو لیکن اس کو نجاست کھانے کی مستقل عادت ہو۔ اگر وہ جانور کبھی کبھی نجاست کھاتا ہو تو اس کو جلالہ نہیں کہیں گے۔ اس کا گوشت حرام نہیں ہوگا جیسا کہ مرغی اور اگر وہ جانور ایسا ہو کہ اس کی خوراک ہی عام طور پر نجاست ہو اور اس کی وجہ سے گوشت اور دودھ میں بدبو آنے لگے تو اس کے بارے میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ' شافعی اور احمد رحمہم اللہ کا قول ہے اس کا گوشت حلال نہیں ہوگا۔ الا یہ کہ اس کو باندھ کر یا بند کر کے رکھا جائے اور صاف غذا فراہم کی جائے۔ تاکہ اس کا گوشت اور دودھ ٹھیک ہو جائے پھر اس کو ذبح کیا جائے۔ فتاویٰ کبیر میں مذکور ہے کہ آوارہ مرغی کو تین دن تک بند رکھا جائے گا، اور جلالہ کو دس دن تک کھانا جائز نہیں ہے۔ حضرت حسن اور مالک رحمہما اللہ کے نزدیک جلالہ کا گوشت کھانے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ اسحاق فرماتے ہیں کہ اچھی طرح دھونے کے بعد کھانے میں کوئی حرج کی بات نہیں۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ مرغی کو تین دن بند رکھتے تھے۔

جلالہ پر سواری کرنے سے اس لئے منع فرمایا گیا ہے کہ اس کا پسینہ اس کے گوشت سے پیدا ہونے کی وجہ سے گندا ہوتا سوار کے جسم سے لگے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گوہ کا گوشت کھانے کی ممانعت کا بیان

۴۱۲۷: وَعَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ شِبْلٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اَكْلِ لَحْمِ الضَّبِّ۔

(رواہ ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٥٥' الحديث رقم ٣٧٩٦ والترمذي' كتاب الاطعمة' باب ما جاء في اكل لحوم الجلالة و البانها' الحديث رقم ١٨٢٤۔

ترجمہ: ''اور حضرت عبدالرحمٰن بن شبلؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے''۔ (ابوداؤد)

تشریح: قولہ: نھی عن اکل الحم الضب:

شبل: شین معجمہ کی کسرہ اور باؤ کے سکون کے ساتھ۔

ایک نسخہ میں ''عن اکل الضب کے الفاظ منقول ہیں۔ جامع صغیر کی روایت میں بھی یہی الفاظ وادر ہوئے ہیں۔

''یہ حدیث گوہ کے حرام ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ جیسا کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ہے اور یہی حدیث فصل اول کی حدیث کیلئے ناسخ ہے۔

تخریج و توضیح: اس حدیث کو ابن عساکر نے حضرت عائشہ سے نقل کیا ہے۔

بلی کی حرمت کا بیان

۴۱۲۸: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اَكْلِ الْهِرَّةِ وَاَكْلِ ثَمَنِهَا۔

(رواہ ابوداود والترمذی)

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٦١' كتاب الاطعمه' باب في اكل الصنب' الحديث رقم ٣٧٩٦۔

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے بلی کا گوشت کھانے سے اور اس کی قیمت کھانے سے منع فرمایا ہے''۔ (ابوداؤد' ترمذی)

قولہ: نھی عن اکل الھرۃ......:

تشریح: ایک روایت میں ''وعن اکل ثمنھا کے الفاظ منقول ہیں۔

ابن ملک فرماتے ہیں: بلی کا گوشت کھانا بالاتفاق حرام ہے۔ البتہ بلی کو بیچ کر اس کی قیمت کو کھانا حرام نہیں بلکہ مکروہ ہے۔

گھریلو گدھے، خچر اور درندوں اور ذی مخلب پرندوں کا گوشت حرام ہے

۴۱۲۹: وَعَنْهُ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي يَوْمَ خَيْبَرَ الْحُمُرَ الْاِنْسِيَّةَ وَلُحُوْمَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْبِغَالِ وَكُلَّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَكُلَّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ۔ (رواہ الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

تخریج : اخرجه الترمذی فی السنن ٤ / ٦١ كتاب الاطعمة' باب ما جاء فی کراهية کل ذی ناب و ذی مخلب' ح ١٤٧٨۔

ترجمہ: ''اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن پالتو گدھوں' خچروں' تمام کچلی والے درندوں اور پنجوں سے شکار کرنے والے پرندوں کا گوشت حرام قرار دیا تھا۔ (ترمذی) یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: ''الانسية'' ہمزہ کے کسرہ نون کے سکون اور (یاء) کی تشدید کے ساتھ اِنْسِیَّة ہے۔ یہی لغت مشہور ہے۔ ایک نسخہ میں ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ یعنی اَنَسِیَّة۔ ابن اویس فرماتے ہیں کہ پہلے دونوں لفظوں پر فتحہ ہے۔ یعنی اَنَسِیَّة ابو موسیٰ نے ہمزہ پر ضمہ کو بھی درست قرار دیا ہے۔ یعنی اُنْسِیَّة۔ ''انسیه'' وَحْشِیَّة کی ضد ہے۔

خلاصہ ہمزہ کے فتحہ کسرہ اور ضمہ تینوں کے ساتھ یہ لفظ ثابت ہے۔

و کلّ : مجرور ہے اس کا عطف البغال پر ہے اور ایک نسخہ میں نصب کے ساتھ ہے۔ اس صورت میں اس کا عطف مضاف پر یعنی ''کل'' پر ہوگا۔

و کل ذی : اس میں بھی یہی دونوں ترکیبیں ہیں۔

امام ترمذیؒ نے اس کو جو غریبؒ کہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس مخصوص سند کے طریق سے ان الفاظ کے ساتھ یہ حدیث غریب ہے ورنہ مضمون کے اعتبار سے اس مسئلہ پر کئی احادیث موجود ہیں۔ چنانچہ شیخینؒ نے حضرات براء بن عازب ،حضرت جابر، حضرت علی، حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ثعلبہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے نقل کیا ہے:

''انه ﷺ ذهی عن اکل لحوم الحمر الاهلية '' (أخرجه ابو داوٗد فی السنن ٤/١٦٤، الحديث رقم ٣٨١١)

صحاح ستہ والوں نے حضرت ابو تمیم رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے ''نهی عن کل ذی ناب من السباع ''۔

امام احمد، اسحاق بن راہویہ اور ابو یعلی موصلی نے عبداللہ بن یزید سعدی سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں، میں نے حضرت سعید بن المسیب سے پوچھا کہ میری قوم کے کچھ لوگ گوہ کھاتے ہیں۔ (کیا یہ حلال ہے؟) تو انہوں نے فرمایا اس کا کھانا حلال نہیں۔ اس وقت ان کے پاس ایک سفید ریش بزرگ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ فرمانے لگے۔ عبداللہ میں اس مسئلے میں وہ روایت سنا دوں جو حضرت ابو درداء سے منقول ہے۔ عبداللہ فرماتے ہیں میں نے کہا کیوں نہیں سنا دیجئے۔ وہ فرمانے لگے: ''سمعت ابا الدرداء يقول نهى رسول الله عن اکل کل خطفة و نهبة ومجثمة و کل ذی ناب من السباع '' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس گوشت کو کھانے سے منع فرمایا ہے جو زندہ جانور سے کاٹ کر نکالا گیا ہو۔ اسی طرح لوٹا ہوا مال اور مجثمہ کے کھانے سے بھی منع فرمایا۔ نیز درندوں کے گوشت کو کھانے سے بھی منع فرمایا۔ یہ سن کر سعید بولے: سچ فرمایا۔

گھوڑے کے گوشت کی ممانعت کا بیان

۴۱۳۰ :وَعَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ۔ (رواہ ابوداود)

تخریج : اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٥١' كتاب الاطعمة' باب في اكل لحوم الخيل' الحديث رقم ٣٧٩٠ والنسائي في ٧ / ٢٠٢' الحديث رقم ٤٣٣١' وابن ماجه في ٢ / ١٠٦٦' الحديث رقم ٣١٩٨' وأحمد في المسند ٤ / ٨٩

ترجمہ: ''اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں' خچروں اور گدھوں کا گوشت کھانے سے ممانعت فرمائی ہے''۔ (ابوداؤد' نسائی)

تشریح: یہ وہ حدیث ہے جس سے (ان جانوروں کے گوشت کی) حرمت کے قائلین کی تائید ہوتی ہے اور آیت مبارکہ: **والبغال والحمير لتركبوها وزينه** [النحل۔۸] سے بھی ان کا استدلال ہے کہ گھوڑے کا ذکر بغال اور حمیر کے ہمراہ کیا ہے، حالانکہ یہ دونوں چیزیں بالاتفاق حرام ہیں، اس سے گھوڑے کی حرمت کو بھی تقویت مل رہی ہے۔ اسی بناء پر امام اعظم گھوڑے کی حرمت کے قائل ہیں۔

گھوڑا آلہ جہاد ہے احتراماً اس کو نہیں کھانا چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ گھوڑے کا مال غنیمت میں مستقل حصہ ہے۔ چنانچہ اگر اس کو حلال قرار دیں گے تو آلہ جہاد میں تقلیل لازم آئے گی۔

اسنادی حیثیت: منذری فرماتے ہیں۔ **الحدیث ضعیف**۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں: ''**هذا منسوخ لأنه أكل لحم الخيل جماعة من الصحابة**''۔

ضعف اور نسخ کی یہ علت درست نہیں ہے کیونکہ صحابہ کا گھوڑے کو کھانا یہ ابتداء اسلام کی بات تھی جو کہ اس حدیث سے منسوخ ہے۔ اگر یہ بعد کی بات ہو تو یہ کہا جائے گا شاید ان تک یہ حدیث نہ پہنچی ہو۔ اس مسئلہ پر تفصیلی کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔

مالِ معاہد کا بیان

۴۱۳۱: وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَاَتَتِ الْيَهُوْدُ فَشَكَوْا اَنَّ النَّاسَ قَدْ اَسْرَعُوْا اِلٰى حَظَائِرِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلَا لَا يَحِلُّ اَمْوَالُ الْمُعَاهِدِيْنَ اِلَّا بِحَقِّهَا۔ (رواہ ابوداود)

تخریج : اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٦١' كتاب الاطعمة' باب النهي عن اكل السباع' الحديث رقم ٣٨٠٦ وأحمد في المسند ٤ / ٨٩

ترجمہ: ''اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر کے دن جہاد میں شریک تھا (ایک موقع پر) یہودی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور یہ شکایت کرنے لگے کہ لوگوں نے ان کے پھلدار درختوں سے پھل اتارنے میں جلد بازی کا مظاہر کیا ہے (یعنی مسلمانوں نے ہمارے کھجور کے درختوں پر سے پھل توڑ لئے ہیں جب کہ ہم معاہد ہیں) چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سن لو! ان لوگوں کا ناحق مال لینا حلال نہیں ہے جن سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عہد و پیمان ہو چکا ہے۔" (ابوداؤد)

تشریح: "خضائرھم" "خضیرۃ" کی جمع ہے۔ حضیرۃ خاء اور ضاد کے ساتھ کھجور کے وہ پھل جو ابھی تک مکمل پکے نہ ہوں۔

اگر معاہد ذمی ہے تو وہ حق جو اس کے مال سے متعلق ہے جزیہ ہے اور اگر وہ معاہد مستامن ہے اور اس کے پاس مال تجارت ہے تو اسکے مال سے جو حق متعلق ہوگا وہ اس پر لاگو ہونے والا عشر ہے۔

مچھلی، ٹڈی، کلیجی اور تلی کا بیان

۴۱۳۲: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ اَلْمَيْتَتَانِ اَلْحُوْتُ وَالْجَرَادُ وَالدَّمَانِ اَلْكَبِدُ وَالطِّحَالُ۔ (رواہ احمد وابن ماجة والدارقطنی)

تخریج: اخرجه ابن ماجه فی السنن ٤ / ١٦٥، الحدیث رقم ٣٨١٥ وابن ماجه فی ٢ / ١٠٨٢، الحدیث رقم ٣٢٤٧

ترجمہ: "اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ہمارے لئے دو (بغیر ذبح کے) مردہ چیزیں اور دو خون حلال کر دیئے گئے ہیں۔ دو (بغیر ذبح کے) مردہ چیزیں تو مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دو خون کلیجی اور تلی ہیں (کہ یہ دونوں اصل میں خالص خون ہیں نہ کہ گوشت"۔ (لیکن اس کے باوجود حلال ہیں)۔

(احمد، ابن ماجہ، دار قطنی)

تشریح: قوله: الکبد والطحال:

"الکبد" کاف کے فتحہ اور باء کسرہ کے ساتھ۔ "الطحال" کاف کے کسرہ کے ساتھ۔ طحال بروزن "کتاب" ہے۔

(قاموس)

تخریج: جامع صغیر کی روایت میں الفاظ یوں ہیں: **احلت لنا میتتان ودمان فاما المیتان فالحوت والجراد واما دمان فالکبد والطحال** اس کو ابن ماجہ و بیہقی اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ (الجامع الصغیر ۱/۲۳، الحدیث رقم ۲۷۳)

مچھلی کی حلت و حرمت کا بیان

۴۱۳۳: وَعَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَلْقَاهُ الْبَحْرُ وَجَزَرَعَنْهُ الْمَاءُ فَكُلُوْهُ وَمَا مَاتَ فِيْهِ وَطَفَا فَلَا تَاْكُلُوْهُ (رواہ ابوداود وابن ماجة وقال محی السنة) الْاَكْثَرُوْنَ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى جَابِرٍ.

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٤ / ١٦٥ کتاب الاطعمة، باب فی اکل الطافی من السمك، الحدیث رقم ٣٨١٣ وابن ماجه فی ١٠٧٣ الحدیث رقم ٣٢١٩

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ”اور حضرت ابوزبیر‘ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”جس چیز کو (یعنی مچھلی کو) سمندر نے کنارے پر پھینک دیا ہو‘ یا پانی اس سے اتر گیا ہو (یعنی دریا کا پانی بالکل خشک ہو گیا ہو یا کسی دوسری طرف چلا گیا ہو) تو اس کو کھالو‘ اور جو مچھلی دریا میں مر کر سطح سمندر کے اوپر آ جائے اس کو مت کھاؤ“۔ (ابوداؤد‘ ابن ماجہ) اور محی السنۃ نے کہا ہے کہ اکثر (محدثین) اس بات کے قائل ہیں کہ یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے۔ یعنی ان کے نزدیک یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نہیں ہے بلکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا اپنا قول ہے۔

تشریح: یہ حدیث امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اس مسلک کی دلیل ہے کہ سمک طافی (یعنی وہ مچھلی جو پانی میں مر کر اوپر آ جائے) حرام ہے‘ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے بھی اسی طرح منقول ہے‘ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک اس مچھلی کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں‘ مذہب یہی بات کئی صحابہ اور تابعین سے بھی منقول ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اگر یہ موقوف ہو تو بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ صحابی کی اس جیسی موقوف روایت مرفوع ہی کے حکم میں ہوتی ہے۔

ٹڈی کا بیان

۴۱۳۴: وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ اَكْثَرُ جُنُوْدِ اللّٰهِ لَا اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ (رواه ابوداود وقال محى السنة ضعيف)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٤ / ١٦٥ كتاب الاطعمة‘ باب فی اكل الجراد‘ الحديث رقم ٣٨١٣ وابن ماجه فی ١٠٧٣‘ الحديث رقم ٣٢١٩

ترجمہ: اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹڈی کے (کھانے اور اس کی حقیقت کے) بارے میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”ٹڈیاں اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا لشکر ہیں‘ نہ تو میں اس کو تناول کرتا ہوں (کیونکہ طبعاً مجھے کراہت محسوس ہوتی ہے) اور نہ (دوسروں پر شرعاً) اس کو حرام قرار دیتا ہوں (کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حلال کیا گیا ہے جیسا کہ پہلے یہ حدیث گزری ہے کہ: **احلت لنا ميتتان**۔

اسنادی حیثیت: ابوداؤدؒ اور محی السنۃؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔

تشریح: **قوله :اكثر جنود الله:**

یعنی پرندوں میں سے سب سے بڑا لشکر ٹڈیوں کا ہے۔ وگرنہ اللہ کی مخلوق میں سب سے بڑا لشکر فرشتوں کا ہے جیسا کہ احادیث مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: **وما يعلم جنود ربك الا هو** [المدثر: ٣١] امام طیبیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ سائل نے یہ سوال کیا ہو: **أتا كل الجراد أم لا؟ أهو حرام أم لا ؟** چنانچہ جواب اس پر مکمل طور پر منطبق ہو جائے گا: **لا آكله ولا آحرمه** اور اکثر جنود اللہ سائل کے جواب کے لئے بطور تمہید و تعلیل کے ذکر فرمایا کہ: **هو جنود الله يبعثه امارة بغضه على بلاده**۔ ”یہ اللہ تعالیٰ کا وہ لشکر ہے جس کو وہ اپنے بغض کی نشانی کے طور پر شہروں میں بھیجتا ہے۔“ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر نظر جاتی ہے تو نہ کھانا مناسب لگتا ہے، اور اس بات کو دیکھتا ہوں کہ غذا کے قائم مقام ہے تو حلال ہے۔ اھ۔ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر غضبناک ہوتے ہیں ان کی طرف ٹڈیوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیجتا ہے۔ تاکہ وہ اس قوم کے کھیتوں' باغات اور درختوں کو کھا جائیں۔ جس سے ان میں قحط پھیل جائے اور جب قحط پھیل جاتا ہے تو انسان ایک دوسرے کو کھانے لگ جاتے ہیں اور بستیوں کی بستیاں نیست و نابود ہو جاتی ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ''لا آكله اس لئے فرمایا کہ آنحضرت کو ٹڈی کی حلت اور حرمت میں تردد تھا۔ لیکن یہ مطلب لینا مناسب نہیں ہوگا کیونکہ حدیث صحیح سے ثابت ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس کی حلت کی خود تصریح فرمائی۔ علاوہ ازیں جب دلیل حلت و حرمت معارض ہوں تو حرمت کو ترجیح حاصل ہوتی ہے اور ٹڈی کے بارے میں کوئی بھی شخص اس بات کا قائل نہیں ہے۔ چنانچہ۔

حیاۃ الحیوان میں علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں: اجمع المسلمون على اباحة۔ تمام مسلمان ٹڈی کی اباحت پر متفق ہیں۔ اس سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے توقف اس لئے فرمایا کہ یہ مسائل اجتہادیہ میں سے تھا لہٰذا اس کا حکم بندوں پر موقوف ہوگا۔ تو اس طرح کی بات بالاتفاق باطل ہے۔ کیونکہ ائمہ اربعہ فرماتے ہیں۔ ٹڈی کو کھانا حلال ہے۔ خواہ وہ خود سے مرگئی ہو یا اس کو ذبح کیا گیا ہو۔ یا شکار کے ذریعہ مری ہو۔ شکار خواہ کسی مسلمان نے کیا ہو، خواہ کسی مجوسی نے کیا ہو، خواہ وہ سالم ہو یا اس میں سے کچھ کاٹ لیا گیا ہو۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں اگر ٹھنڈک کی وجہ سے مرے جانے والی ٹڈی نہیں کھایا جائے۔

امام مالکؒ نے اس بارے میں جو کچھ فرمایا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر اس کا سر کاٹ لیا گیا ہے تو جائز ہے ورنہ نہیں۔

اس کی عمومی حلت پر آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ارشاد ''أحلت لنا ميتتان'' سے استدلال کیا جاتا ہے۔

وجہ ضعف:

محی السنہ نے اس کو سند کے اعتبار سے ضعیف کہا ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ یہ حدیث احادیث صحیحہ کے مقابلے میں معنی کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ کیونکہ احادیث صحیحہ سے اس کی حلت ثابت ہو رہی ہے۔

چنانچہ عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ کی روایت ہے: ''غزونا مع رسول الله سبع غزوات نأكل معه الجراد'' کہ ہم آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ سات غزوات میں شریک رہے اور ہم آپ کی موجودگی میں ٹڈی کھاتے رہے۔ حافظ ابونعیم کی روایت میں تو یأکل معنا کے الفاظ ہیں کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم بھی ہمارے ساتھ تناول فرماتے اس روایت پر کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔

ابن ماجہ نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے: ''كن ازواج النبیؐ يتهادين الجراد في الطباق''۔

(أخرجه ابن ماجة في السنن ۲/۱۰۷۳ الحديث رقم ۳۲۲۰)

راوی کہتا ہے میں نے ان سے پوچھا شیاع کا کیا مطلب ہے۔ فرمایا آواز، ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کی غذا ٹڈی کا گوشت اور درخت کا مغز و گودہ تھا۔ وہ فرماتے تھے: من أنعم منك يا يحيى طعامك الجرا دو قلوب الشجر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو جب اللہ تعالیٰ نے بیماری سے نجات عطاء فرمائی تو غسل کرنے تشریف لے گئے۔ ابھی غسل فرما رہے تھے کہ ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں حضرت ایوب اپنے کپڑوں میں جمع کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے ایوب میں آپ اپنی رحمت سے اتنا دیا کہ کسی چیز کی حاجت نہیں پھر یوں کیوں کر رہے ہیں؟ حضرت ایوب فرمانے لگے: اے میرے پروردگار تیری برکت سے استغناء ممکن نہیں۔ (البخاری فی صحیحه ۱ / ۳۸۷ الحدیث رقم ۲۷۹) اس حدیث میں امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔ "نعم المال الصالح مع العبد الصالح"۔

طبرانی اور بیہقی میں حضرت ابو زہیر کی روایت ہے۔ "قال رسول اللّٰہ ﷺ لا تقتلوا الجراد فانه جند اللّٰہ اعظم" (البیهقی فی الشعب ۷/ ۲۳۲ الحدیث رقم ۱۰۱۲۷) یہ حدیث اگر صحیح ہو تو اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر ٹڈیاں زمین کو خراب نہ کریں تو ان کو مت مارو۔ اگر وہ نقصان پہنچائیں تو ان کو مار ڈالنا جائز ہے۔

طبرانیؒ نے حضرت حسن بن علیؓ سے ایک واقعہ ذکر کیا ہے کہ حضرت حسنؓ فرماتے ہیں: ایک دن میں میرے بڑے بھائی محمد بن حنفیہ حضرت عبداللہ قثم اور فضل بن عباس رضی اللہ عنہ دستر خوان پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں ایک ٹڈی دستر خوان پر آ گری۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے ٹڈی کو اٹھایا (اس کی پشت پر کچھ لکھا ہوا تھا) فرمانے لگے۔ اس پر کیا لکھا ہوا ہے؟

میں نے عرض کیا میں نے امیر المؤمنین سے پوچھا تھا' وہ فرمانے لگے میں نے بھی آنحضرت سے ایک مرتبہ پوچھا تھا۔ تو آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا اس پر لکھا ہوا ہے: "انا اللّٰہ، لا الٰہ الا أنا، رب الجراد ورازقها، اذا شئت بعثتها رزقاً لقوم وان شئت بعثتها بلاء علی قوم" میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں میں ہی ٹڈی کا رب ہوں اور رازق ہوں میں چاہتا ہوں تو اس کو لوگوں کیلئے رازق کے طور پر بھیجتا ہوں اور جب کسی قوم کو عذاب دینا چاہتا ہوں تو بھی ٹڈی کا جھنڈ بھیجتا ہوں۔ یہ سن کر عبداللہ فرمانے لگے: ھذا من العلم المکنون۔ علماء کا اختلاف ہے کہ ٹڈی خشکی کی مخلوق ہے، یا تری کی مخلوق ہے۔ کہا گیا کہ تری کی مخلوق ہے۔ اور دلیل کے طور پر اس حدیث کو پیش کرتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے: "خرجنا مع رسول اللّٰہ......۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ایک بار ہم عمرہ یا حج کیلئے آنحضرت کی معیت میں جا رہے تھے۔ دوران سفر ایک جگہ ٹڈیوں کا ایک جھنڈ سے واسطہ پڑا ہم نے اپنے جوتوں اور کوڑوں سے اس کو مارنا شروع کر دیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا "کلوه فانه من صید البحر"

صحیح قول یہ ہے کہ ٹڈی خشکی کا جانور ہے۔ اگر کوئی محرم اس کا شکار کرے تو اس پر جزاء لازم آئے گی۔ یہی قول حضرت عمر' عثمان' ابن عمر' ابن عباس رحمۃ اللہ علیہ اور عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

عبدریؒ فرماتے ہیں حضرت ابو سعید خدریؓ کے علاوہ باقی سارے حضرات یہی فرماتے ہیں حضرت سعید خدریؓ فرماتے ہیں کچھ لازم نہیں آئے گا۔

ابن المنذرؒ نے حضرت کعب بن احبار اور عروہ بن زبیر سے نقل کیا ہے کہ ٹڈی بحری جانور ہے اس کو مارنے میں کچھ لازم نہیں ہوگا۔ ان حضرات نے ابومہزم کی روایت سے استدلال کیا ہے جو کہ ابو ہریرہؓ سے منقول ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمارا واسطہ ٹڈیوں کے ایک جھنڈ سے پڑا ایک صحابی کوڑے سے انہیں گرانے لگے۔ دیگر صحابہ نے ان کو روکا کہ ہم محرم لوگوں کیلئے ان کا شکار جائز نہیں۔ پھر اس کی خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی تو آپ نے فرمایا: "**انما هو من صيد البحر**" یہ دریائی شکار ہے۔ (أخرجه ابو داود فی السنن ۲/۴۲۹۔ الحديث رقم ۱۸۵۴) اس حدیث کو امام ابوداؤد، ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ تمام حضرات اس حدیث کے ضعف کے قائل ہیں۔ کیونکہ ابی مہز ضعیف راوی تھے۔

جمہور نے امام شافعیؒ کی اس روایت کو بطور دلیل پیش کیا ہے جو انہوں نے سند صحیح یا سند حسن کے ساتھ عبداللہ بن ابی عمار سے نقل کی ہے عبداللہ فرماتے ہیں۔ ہماری ایک جماعت بیت المقدس سے عمرہ کی غرض سے مکہ جارہی تھی جس میں حضرت معاذ بن جبل اور کعب احبار بھی تھے۔ ہم ابھی راستہ میں تھے کہ ہم پر ٹڈیوں کا ایک جھنڈ آیا۔ حضرت کعب اس وقت آگ جلا رہے تھے۔ انہوں نے دو عدد ٹڈیاں ماریں پھر ان کو یاد آیا کہ ہم تو محرم ہیں۔ انہوں نے فوراً پھینک دیا۔ جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو ان حضرات کے ساتھ ہم بھی حضرت عمرؓ کی خدمت میں گئے۔ حضرت کعب نے وہاں وہ قصہ چھیڑ دیا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت کعب سے پوچھا "**ما جعلت على نفسك يا كعب؟**" انہوں نے فرمایا دو درہم۔ اس پر حضرت عمرؓ فرمانے لگے۔ "**بخ بخ درهمان خير من جرادتين اجعل ما جعلت في نفسك**" یہ ضرب المثل کے طور پر مشہور ہے: "**تمرة خير من جرادةٍ**" کہ ایک کھجور ٹڈی سے بہتر ہے۔

مرغ کو برا کہنے کی ممانعت

۴۱۳۵: **وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَبِّ الدِّيْكِ وَقَالَ اِنَّهٗ يُؤَذِّنُ لِلصَّلٰوةِ** - (رواه فی شرح السنة)

تخریج: اخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۲ / ۱۹۹، الحديث رقم ۳۲۷۰، وأحمد فی المسند ۵ / ۱۹۲

ترجمہ: "اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرغ کو برا کہنے سے منع فرمایا ہے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "بلاشبہ وہ (مرغ) نماز کی خبر دیتا ہے"۔ (شرح السنۃ)

تشریح: "یؤذن" ذال کی تشدید کے ساتھ ہے۔ تخفیف کے ساتھ بھی درست ہے اور ان دونوں صورتوں میں ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کرنا بھی جائز ہے۔

انه: یہ ضمیر شان ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ "دیک" کی طرف راجع ہو۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب حیوان میں بھی پائی جانے والی اچھی خصلتیں اس کو برا کہنے سے روکتی ہیں، تو کسی مؤمن کو برا کہنے کے بارے میں کیا خیال ہے۔ حلیمیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث مبارکہ دلیل ہے کہ جس سے استفادہ ہو اس کو برا بھلا کہنا، اس کی اہانت کرنا مناسب نہیں بلکہ اس کا حق یہ ہے کہ اس کا اکرام کیا جائے، اس کا شکرگزار ہوا جائے، اور اس کے ساتھ احسان کا معاملہ کیا جائے۔

تخریج: شرح السنہ کے علاوہ امام ابوداؤد، ابن حبان اور نسائی نے بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرغ کو برامت کہو

۴۱۳۶: وَعَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَسُبُّوْا الدِّيْكَ فَاِنَّهٗ يُوْقِظُ لِلصَّلٰوةِ۔

(رواه ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۵ / ۳۳۱' الحدیث رقم ۵ / ۱۹۲' أحمد فی المسند ۵ / ۱۹۳

ترجمہ: ''اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مرغ کو برانہ کہو' کیونکہ وہ نماز کے لئے بیدار کرتا ہے''۔ (ابوداوٗد)

تشریح: علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مرغ کو جو عمدہ خصوصیت سے نوازا ہے۔ وہ رات کے اوقات کی پہچان ہے۔ جب وقت آتا ہے۔ تو وہ بانگ دینا شروع کرتا ہے اور تب تک دیتا رہے گا جب تک مالک اور ماحول کو بیدار نہ کردے۔

فجر سے پہلے اور فجر کے بعد اپنی صداء بلند کرتا رہتا ہے۔

قاضی حسین قاضی متولی اور رافعیؒ نے اس پر فتوی دیا ہے کہ مرغ کی بانگ پر اوقات صلوٰۃ کے بارے میں اعتماد کرنا جائز ہے۔ بشرطیکہ تجربہ سے یہ بات حجت ہو کہ وہ غلط وقت پر بانگ بلند نہیں کرتا عبدالحق بن قانع نے اپنی ہی سند سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''**الديك الا بيض خليلى**''۔

لیکن اس کی سند ثابت نہیں البتہ دیگر کچھ حضرات نے یوں نقل کیا ہے۔ ''**الديك الابيض صديقى وعدو للشيطان يحرس صاحبه وسبع دور خلفه**''

آپ نے فرمایا: سفید مرغ میرا دوست ہے اور شیطان کا دشمن یہ ہے۔ یہ مرغ مالک کے گھر اور دیگر سات پڑوس والوں کے گھروں کی حفاظت کرتا ہے۔ جامع صغیر میں مرغ کی فضیلت کے بارے میں بہت سی روایات ہیں۔

شیخ محب الدین طبریؒ نے نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک سفید مرغ تھا۔ صحابہ کرام سفر میں اس کو ساتھ لے جایا کرتے۔ تاکہ اوقات نماز کا علم ہو جائے۔

معجم طبرانی میں مروی ہے: اللہ تعالیٰ کا ایک سفید مرغ ہے۔ جس کے پر زبرجد یاقوت اور موتی کے ساتھ مزین ہوتے ہیں۔ ایک پر مشرق اور دوسرا پر مغرب تک پیلا ہوا ہے۔ اس کا سر عرش کے نیچے اور پاؤں ہوا میں ہیں۔ روازنہ تہجد کے وقت وہ بانگ دیتا ہے۔

ایک روایت میں ہے۔ وہ مرغ یہ کہتا ہے: **سبحانك ما اعظم شأنك**'' اور ایک روایت میں ہے کہ ''**سبوح قدوس**'' کہتا ہے۔

اس کی یہ بانگ انس وجن کے علاوہ ساری مخلوق سنتی ہے۔ وہ جب بانگ دیتا ہے تو زمین والے مرغ اس کا جواب دیتے ہیں۔ جب قیامت کا دن قریب ہوگا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اپنے پروں کو سمیٹ لے اور آواز کو پست کردے جب آواز نہیں آئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گی۔ تو انس وجن کے علاوہ ساری مخلوق کو علم ہو جائے گا کہ قیامت آ گئی ہے۔

اصبغ بن زید واسطی کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر کا ایک مرغ تھا۔ اس کی بانگ سن کر وہ رات کو تہجد کیلئے اٹھا کرتے تھے ایک رات اس نے صبح تک بانگ نہیں دی حضرت سعید بن جبیر اس روز تہجد نہ پڑھ سکے۔ جو کہ آپ پر بہت شاق گزرا۔ حضر سعید نے اس کے حق میں بددعا فرمائی۔ "ماله، قطع الله صوته" کہا جاتا ہے۔ کہ اس کے بعد اس کی آواز سنائی نہیں دی۔

امام احمد بن حنبل اور ابن ماجہ نے حضرت زید بن خالد جہنیؓ سے روایت نقل کی ہے، جس کی سند بہت عمدہ ہے۔

گھر میں سانپ دکھائی دینے کا بیان

۴۱۳۷: وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ :قَالَ اَبُوْلَیْلٰی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا ظَهَرَتِ الْحَیَّةُ فِی الْمَسْكَنِ فَقُوْلُوْا لَهَا اِنَّا نَسْئَلُكَ بِعَهْدِ نُوْحٍ وَبِعَهْدِ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ اَنْ لَّا تُؤْذِیْنَا فَاِنْ عَادَتْ فَاقْتُلُوْهَا۔ (رواه الترمذی وابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۵ / ۴۱۵ کتاب الادب، باب فی قتل الحیات، الحدیث رقم ۵۲۶۰ والترمذی فی ۴ / ۶۶، الحدیث رقم ۱۴۸۵

ترجمہ: "اور حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ حضرت ابولیلیٰ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جب گھر میں (کہیں سے) سانپ ظاہر ہو تو اس کو کہو کہ "ہم تجھ سے حضرت نوح (علیہ السلام) کے عہد اور حضرت سلیمان (علیہ السلام) ابن داؤد (علیہ السلام) کے عہد کا واسطہ دے کر یہ سوال کرتے ہیں کہ تو ہمیں تکلیف نہ پہنچا۔ اگر (اس کے بعد) وہ پھر ظاہر ہو تو اس کو قتل کر ڈالو"۔ (ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: قوله ·اذا ظهرت الحية......:

المسكن (کاف) کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ لیکن کسرہ دینا بھی جائز ہے۔ ایک نسخہ میں فی المسکن کی جگہ بالمسکن کے الفاظ منقول ہیں۔

"ان لا تؤذینا" یہاں (ی) ضمیر ہے کلمہ کے حروف اصلیہ کی نہیں ہے۔ اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرتی ہے۔ اس میں دو ترکیبی احتمال ہیں: ① "ان" مصدریہ ہے اور لا نافیہ ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہوگی۔ "نطلب منك عدم الایذاء"

② اگر "ان" کو تفسیریہ مانیں تو "لا" ناہیہ ہوگا۔ اس لئے کہ سوال میں قول کا معنی ہے۔

ممکن ہے حضرت نوح علیہ السلام نے سانپ سے عہد اس وقت لیا ہو۔ جب انہوں نے اپنی کشتی میں حیوانات کو داخل کیا تھا۔

حیاۃ الحیوان میں ہے عام طور پر یہ مشہور ہے کہ سانپ ایک ہزار سال تک زندہ رہ سکتا ہے۔ ہر سال اس کی کھال اتر جاتی ہے۔ بچھو کے کاٹنے سے یہ مر جاتا ہے۔ اس کی آنکھیں گھومتی نہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے کیل کے ذریعہ اس کے سر میں گاڑ دی گئی ہوں۔

عجیب بات ہے کہ ننگے آدمی کو دیکھ کر بھاگتا ہے۔ سانپ کی آنکھ نکل جائے تو دوبارہ پیدا ہوتی ہے۔ اسی طرح دانت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گر جائے تو تین دن بعد دوبارہ اگ جاتے ہیں۔ دم کٹ جائے تو پھر نکل آتی ہے۔ اس کو آگ بہت پسند ہے۔ یہ ہمیشہ آگ کو تلاش کرتا ہے اور آگ کو دیکھ کر بہت خوش ہو جاتا ہے۔ دودھ کو بہت پسند کرتا ہے۔ دیکھا گیا ہے یہ جانوروں کے پاؤں سے لپٹ کر دودھ پی لیتا ہے۔ جب یہ اندھا ہو جاتا ہے تو ایک خاص قسم کی جڑی بوٹی ''رازیانج'' کو تلاش کرتا ہے جس سے اس کی نظر ٹھیک ہو جاتی ہے۔ کس قدر پاکیزہ چیز ہے وہ ذات جس نے ''فسبحان من قدر فهدی قدر علیها العمی وهداها الی منافعها''۔ ''خوب اندازہ سے ہر چیز کو پیدا کیا اور پھر اس کو راہ دکھلائی اور اس کو اس کے فائدے کی چیزیں سمجھائی ہیں۔''

فقہی مسئلہ:

سانپ کو کھانا حرام ہے اور حرمت کی علت اس کا ضرر ہے۔ اس کے گوشت سے بنا ہوا تریاق اور کھانا بھی جائز نہیں۔

امام بیہقی فرماتے ہیں ابن سرین اس کو کھانا مکروہ سمجھتے ہیں۔ امام احمد فرماتے ہیں۔ اسی وجہ سے امام شافعیؒ نے بھی اس کو مکروہ قرار دیا ہے، الّا یہ کہ ایسی اضطراری حالت ہو کہ جس میں مردار بھی جائز ہوتا ہے۔ اضطراری حالت کے بغیر اس کا کھانا کسی بھی صورت میں جائز نہیں۔

انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنے پر وعید

۴۱۳۸: وَعَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا رَفَعَ الْحَدِيْثَ اِنَّهُ كَانَ يَامُرُ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ وَقَالَ مَنْ تَرَكَهُنَّ خَشْيَةَ ثَائِرٍ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رواه فی شرح السنة)

تخریج: اخرجه احمد فی المسند ۱ / ۳۴۸

ترجمہ: ''اور حضرت عکرمہ رحمہ اللہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں میں اس کے علاوہ کچھ نہیں جانتا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بطریق مرفوع یہ حدیث بیان کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سانپوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے (سانپوں کے انتقام کے خوف سے انہیں چھوڑ دیا' ان کو قتل نہ کیا) تو وہ ایک موذی کو نہ مارنے اور قضاو قدر الٰہی پر بھروسہ نہ کرنے کے سبب) ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی ہمارے راستے پر گامزن نہیں ہے''۔ (شرح السنة)

تشریح: قوله: لا اعلمه الا رفع......:

ثائر: ثأر سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں خون، انتقام چنانچہ ثائر کا مطلب ہوا وہ جو خون کا بدلہ لئے بغیر نہ رہے، یعنی خون کے بدلہ کا طالب، خون کا پیاسا۔

تشریح: ''لا اعلم الا رفع الحدیث'' ایک شارح کا کہنا ہے کہ یہ الفاظ راوی ایوب کے ہیں۔ ''انه کان یأمر بقتل الحیات'' اس کے اندر دو احتمال ہیں۔

① ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے اس صورت میں یہ حدیث موقوف ہوگی۔ ''انه'' اگر حدیث سے بدل ہو تو ضمیر آنحضرت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی طرف لوٹے گی۔ زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ بات حضرت ابن عباسؓ کے متعلق ہے۔ ''لا اعلم'' یہ جملہ معترضہ ہے۔ بیانیہ ہے کہ یہ قضیہ مرفوع ہے، موقوف نہیں یا حقیقتاً یا ظناً۔

''بدلے کے خوف'' کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس ڈر کی وجہ سے سانپ کو نہ مارے کہ کہیں اس کا جوڑا مجھ سے انتقام نہ لے زمانۂ جاہلیت میں اہل عرب کے ہاں یہ خوف ایک عقیدے کی حد تک تھا وہ کہا کرتے تھے کہ سانپ کو ہرگز نہیں مارنا چاہئے' اگر اس کو مارا جائے گا تو اس کا جوڑا آ کر انتقام لے لے گا۔ چنانچہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس طرح کے قول واعتقاد سے منع فرمایا۔

بخاری' مسلم اور نسائی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ ہم آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ منیٰ کی ایک غار میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر سورہ مرسلات نازل ہوئی ہم آنحضرت پر نازل ہونے والی ان تازہ آیات لے رہے تھے (یعنی سن رہے تھے، یا یاد کر رہے تھے، یا لکھ رہے تھے) کہ ایک سانپ آ نکلا۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اس کو مار ڈالو ہم بڑھے ہی تھے کہ سانپ بھاگ نکلا۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس موقع پر فرمایا: **وقاها الله شركم كما وقاكم شرها**۔ ''اللہ تعالیٰ نے تمہاری ایذا سے اس کو بچایا' جیسا کہ اس کی ایذاء سے تم کو بچالیا''۔

۴۱۳۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا سَالَمْنَاهُمْ مُنْذُ حَارَبْنَاهُمْ وَمَنْ تَرَكَ شَیْئًا مِنْهُمْ خِیْفَةً فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رواه ابوداود)

تخريج : اخرجه أبوداود فی السنن ۵ / ۴۰۹' الحديث رقم الادب' باب فی قتل الحيات' ح ۵۲۴۸ والنسائی فی ۶ / ۵۱ الحديث رقم ۳۱۹۳

ترجمه: ''اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ''جب سے ہم نے ان (سانپوں) سے لڑائی شروع کی ہے اس وقت سے ہم نے ان سے مصالحت نہیں کی ہے لہٰذا جس شخص نے ان سانپوں میں سے کسی سانپ کو (انتقام کے) خوف کی وجہ سے (مارنے سے) چھوڑ دیا تو وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔ (ابوداؤد)

تشریح: ایک دوسری روایت میں **منذ حاربناهم** کی بجائے **منذ عاديناهم** کے الفاظ منقول ہیں۔ ''یعنی جب سے ہمارے اور سانپوں کے درمیان لڑائی اور دشمنی واقع ہوئی ہے'' بہرحال مراد یہ ہے کہ انسان اور سانپ کے درمیان دشمنی اور لڑائی ایک طبعی اور جبلی چیز ہے کہ ہر ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتا ہے' اگر انسان سانپ کو دیکھتا ہے تو اس کو ضرور مار ڈالنے کی کوشش کرتا ہے اور اگر سانپ موقع پاتا ہے تو اس کو کاٹے اور ڈسے بغیر نہیں رہتا' بلکہ بعض علماء نے تو یہ کہا ہے کہ اس لڑائی اور دشمنی سے مراد دراصل وہ عداوت ہے جو اولاد آدم علیہ السلام کی تخلیق سے بھی پہلے حضرت آدم علیہ السلام اور سانپ کے درمیان قائم ہوئی تھی۔ جیسا کہ ایک روایت میں بیان کیا جاتا ہے کہ جب ابلیس لعین نے حضرت آدم علیہ السلام کو بہکانے کے لئے جنت میں داخل ہونا چاہا' تو جنت کے داروغہ نے اس کو روک دیا چنانچہ یہ سانپ ہی تھا جو ابلیس کے کام آیا اس نے ابلیس کو اپنے منہ کے اندر لے کر جنت میں پہنچا دیا اور پھر ابلیس لعین نے حضرت آدم وحوا علیہما السلام کے لئے اپنے مکروفریب کا جال پھیلا کر ان کو وسوسہ میں ڈال دیا اور ان دونوں نے جنت کے اس درخت سے کھالیا' جس کے پاس جانے سے بھی ان کو منع کر دیا تھا اور آخر کار ان دونوں کو جنت سے نکال دیا گیا اور حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام وحوا علیہا السلام اور ابلیس وسانپ کو خطاب کر کے فرمایا اِهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ۔ [الاعراف: ٢٤]

سانپ پہلے بہت خوبصورت ہوا کرتا تھا، اس کی شکل مسخ کردی گئی ؛ چنانچہ اس سابقہ عقلاء ت کا تقاضا یہ ہے کہ یہ دشمنی برقرار ہے۔ ماسالمناهم میں سانپوں کیلئے ضمیر عقلا استعمال کی گئی، عقلاء کے قائم مقام کرتے ہوئے بایں طور کہ صلح عقلا کا فعل ہے اس کی نظیر یہ آیت مبارکہ ہے: والشمس والقمر رأيتهم لي ماجدين [یوسف: ٤] وگرنہ تعبیر کا تقاضا یہ تھا کہ ما سالمنا هن منذ جاربناهن کی تعبیر اختیار فرماتے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ماسالمناهم کی ضمیر "حیّات" کی طرف راجع ہے اور قرینہ ابوداؤد کی روایت ہے جو ابن عباسؓ سے مروی ہے: "من ترك الحيات مخافة طلبهن فليس منا ما سالمناهن مندحاربناهن"۔

سانپ کو نہ مارنے کی مذمت

٤١٤٠: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوْا الْحَيَّاتِ كُلَّهُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَارَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّیْ۔ (رواه ابوداود والنسائی)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٥ / ٤٠٩، کتاب الادب، باب ١٧٤، ح ٥٢٤٩، والنسائی فی ٦ / ٥١ الحدیث رقم ٣١٩٣

ترجمہ: "اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تمام سانپوں کو قتل کردو جو شخص ان کے انتقام سے خوفزدہ ہوا تو وہ مجھ سے نہیں ہے"۔ (ابوداؤد، نسائی)

عرضِ مرتب:

تشریح: اس حدیث کے ظاہری مفہوم سے تو یہ واضح ہوتا ہے ہر قسم کے سانپوں کو مارنا چاہئے مگر حقیقت یہ ہے کہ اس عمومی حکم سے عوامر یعنی گھروں میں رہنے والے سانپوں کا استثناء کیا جانا چاہئے یا پھر یہ کہا جائے کہ "قتل" سے مراد یہ ہے کہ آگاہ کرنے کے بعد مارو جیسا کہ پہلے حضرت ابوسائب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بیان ہوا ہے۔ اِس حدیث مبارکہ میں اس بات پہ زور دیا گیا ہے کہ سانپ کو باوجودیکہ زہریلا ہونے کے اور حملہ آور ہونے کے محض اس خیال سے نہ مارنا کہ دوسرے دیگر سانپ انتقام لیں گے۔ یہ فقط ایک بے تکی بات ہے اور اسلام ایسی باتوں سے اجتناب کا سختی سے حکم دیتا ہے اور ایسی باتیں عوام الناس کو صرف عقیدے کی کمزوری کی بناء پر لاحق ہوتی ہیں۔

مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہی سے مرفوع منقول ہے: "من قتل حية فكانما قتل رجلاً مشركا ومن ترك مخافة عاقبتها فليس منا۔" کہ جو شخص سانپ کو قتل کرے تو گویا اس نے ایک کافر (موذی) کو قتل کیا اور جو اس کو انتقام کے خوف کی وجہ سے اس کو نہ مارے وہ ہم میں سے نہیں۔"

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سانپوں کو مارنے کا بیان

۴۱۴۱: وَعَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرِیْدُ اَنْ نَکْنَسَ زَمْزَمَ وَاِنَّ فِیْهَا مِنْ هٰذِهِ الْجِنَانِ یَعْنِیْ الْحَیَّاتِ الصِّغَارِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِنَّ۔ (رواہ ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٥ / ٤١٠ كتاب الادب' باب فی قتل الحیات' الحدیث رقم ٥٢٥١.

ترجمہ: ''اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے (ایک دن) عرض کیا کہ ''یا رسول اللہ! ہم زمزم کے کنویں کی صفائی کرنا چاہتے ہیں لیکن اس میں سانپ یعنی چھوٹے سانپ ہیں' چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (سانپوں) کو قتل کرڈالنے کا حکم دے دیا''۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: انا نرید ان نکنس......:

''نکنس'' لفظ نون ثانی کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ میں کسرہ کے ساتھ بھی منقول ہے۔ یہی زیادہ واضح ہے۔ کتاب المغرب اور قاموس میں باب ضرب سے منقول ہے اور مصابیح میں نصر ینصر کے باب سے نقل کیا ہے۔

''الجنان'' جیم کے کسرہ اور نون کی تشدید کے ساتھ جان کی جمع ہے۔ جیسے حائط کی جمع حیطان آتی ہے۔

امور نحویہ: ''وان فیها من هذه الحنان'' میں (من) تبعیضیہ ہے۔ منصوب ہے کیونکہ یہ اسم ان ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے۔ ''ان فیها بعض الحنان'' جیسے آیت: فاخرج به من الثمرات [البقرة: ٢٢] میں ''من'' تبعیضیہ ہے۔

الفائق میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر قسم کے چھوٹے سانپوں کو مارڈالنے کا حکم دیا لیکن آگے جو حدیث آرہی ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ایک قسم کے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا۔ وجۂ تطبیق یہ ہے کہ اس موقع پر چاہ زمزم کو صاف کرنا ان سب سانپوں کو مارڈالے بغیر ممکن نہیں تھا' جب کہ دوسری صورتوں میں ان میں سے سفید سانپوں کا استثناء ممکن ہے۔

۴۱۴۲: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُقْتُلُوْا الْحَیَّاتِ کُلَّهَا اِلَّا الْجَانَ الْاَبْیَضَ الَّذِیْ کَاَنَّهٗ قَضِیْبُ فِضَّةٍ۔ (رواہ ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٥ / ٤١٥ كتاب الادب' باب فی قتل الحیات' الحدیث رقم ٥٢٦١۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تمام سانپوں کو قتل کردو سوائے سفید چھوٹے سانپ کے جو چاندی کی چھڑی کی طرح ہوتا ہے''۔ (ابوداؤد)

تشریح: ''ابن ملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس سانپ کو مارنے سے شاید اس لئے منع فرمایا گیا ہے۔ کہ وہ ضرر نہیں پہنچاتا کیونکہ اس میں زہر نہیں ہوتا۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زہر کے ہونے نہ ہونے سے کچھ نہیں ہوتا۔ اس کے مضر نہ ہونے کی وجہ سے اسے نہ مارنے کا حکم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ سانپ جنات کی مسخ شدہ شکل ہے۔ جس طرح بنی اسرائیل مسخ ہو کر بندر بن گئے تھے۔ (رواہ الطبرانی، وابن حبان عنہ مرفوعا فی ۱۲/ ۴۵۷، الحدیث رقم ۵۶۴۰) حیاۃ الحیوان میں علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں: گھروں میں رہنے والے سانپوں کو تین دن تک دھمکانا چاہیے۔ اس پر بھی نہ جائیں تو تب مارا جائے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''ان بالمدینة جناً قد اسلموا فاذا رایتم منها شیئًا فاذنوه ثلاثه ایام'' مدینہ منورہ میں کچھ جنات رہتے ہیں جو کہ اسلام لا چکے ہیں۔ (اگر تم سانپ کی شکل میں) ان کو دیکھو تو تین دن تک انہیں ڈراؤ اور جانے کا کہو۔

بعض علماء نے اس حدیث کو مدینہ منورہ کے ساتھ خاص کیا ہے کہ یہ حکم خاص طور پر مدینہ کے بارے میں ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ حکم عام ہے۔

پھر علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ انذار تین دن تک ہے یا تین مرتبہ کرنا ہے؟ جمہور تین دن کے قائل ہیں اور انذار کی کیفیت یہ ہے کہ یوں کہا جائے: ''انشدکن بالعهد الذی اخذه علیکن نوح وسلیمان علیهما السلام ان لا تبدو ولا تؤذونا''۔ احناف کہتے ہیں سفید سانپ کو نہیں مارنا چاہیے کیونکہ یہ جنات میں سے ہے۔ احناف میں سے امام طحاویؒ فرماتے ہیں سب کو مارنا جائز ہے۔ البتہ انذار اور تنبیہ اَولیٰ ہے۔

ابو طاہر مقدسی نے (اپنی کتاب ''السماع'') میں حضرت انسؓ سے ایک حدیث نقل کی ہے، اور صاحب ''عوارف'' نے بھی ذکر کی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک آدمی نے یہ دو اشعار پڑھے۔

قد لسعت حية الهوى كبدى ☆ فلا طبيب لها و لا راقى

الا الحبيب الذى شغفت به ☆ فانه علتى و ترياقى

راوی کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام پر وجد طاری ہو گیا۔ حتیٰ کہ آنحضرت کے کندھوں سے چادر مبارک گر گئی۔ جب ہوش میں آئے تو سب اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر فرمایا: ''لیس بکریم من لم یهتز عند السماع'' پھر آپؐ نے اپنی چادر مبارک کے چار سو ٹکڑے کئے اور حاضرین میں تقسیم کر دیئے۔

یہ حدیث موضوع ہے۔ اس کو عمار بن اسحاق نے وضع کیا ہے۔ (هكذا قاله الذهبى وغيره)

عرضِ مرتب:

مرتب عرض کرتا ہے کہ ایک اور روایت میں ہے کہ اس موقع پر معاویہ بن ابی سفیان نے فرمایا: ما أحسن لعبكم يا رسول الله! حضورؐ نے فرمایا: مه يا معاوية ليس بكريم من لم يهتز عنه سماع ذكر الحبيب، اور پھر اپنی چادر کو تقسیم فرمایا الخ (الموضوع فى معرفة الحديث الموضوع) ملا علی قاریؒ نے اس روایت کو الموضوعات الکبریٰ میں ذکر کیا ہے اور اس پر کلام کیا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ روایت بے اصل ہے اور ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ یہ جو مشہور ہے کہ ابو محذورہ نے یہ اشعار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں پڑھے تھے جس کو سن کر حضورؐ وجد میں آ گئے، حتیٰ کہ چادر شریفہ آپؐ کے کاندھوں سے نیچے گر گئی، پھر اس چادر کو اصحاب صفہ کے درمیان تقسیم کر دیا گیا، اور انہوں نے اس چادر کو دھجیوں سے اپنے کپڑوں میں پیوند لگا لیا۔ اہل علم ... کہ یہ حدیث جھوٹی ہے۔ اس سلسلہ میں مروی روایت موضوع ہے۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو دیلمی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ اس روایت کو ذکر کرنے میں ابوبکر عمار بن اسحاق متفرد ہے۔ (ص ۱۸۳، ۱۸۴، حدیث: ۷۰۷، ۷۰۸) یہ حدیث موضوع علامہ دمیری نے اپنی کتاب حیاۃ الحیوان میں ذکر کی ہے۔ لیکن قاہرہ سے مطبوعہ نسخہ میں یہ عبارت موجود نہیں ہے صاحب عوارف مراد ''عوارف المعارف'' کے مصنف سہروردی ہیں۔ انہوں نے یہ روایت اپنی کتاب کے پچیسویں باب '' فی القول فی السماع تأد با وتمناء'' میں اپنی سند کے ساتھ طاہر مقدسی کے طریق سے حضرت انس سے نقل کی ہے اور اس روایت کی صحت کا انکار کیا ہے۔ اسی حدیث موضوع میں ان اشعار کا سبب انشاد بھی مذکور ہے وہ یہ ہے کہ حضرت انس فرماتے ہیں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں تھے کہ جبرائیلؑ آئے اور یہ فرمایا: یا رسول اللہ ان فقراء أمتك يدخلون الجنة قبل الغنياء ہمیں شعر سنائے؟ یہ سن کر ایک بدوی بولا: ہاں یا رسول اللہ! حضورؐ نے فرمایا: سناؤ اور اس دیہاتی نے یہ اشعار پڑھنا شروع کئے: قد لسعت حية الهدى......

(الموضوع فی معرفۃ الحدیث الموضوع ،ص: ۲۶۱، ۲۶۲۔ الحدیث: ۴۶۷)

کھانے پینے کی چیزوں میں مری مکھی کو غوطہ دینا

۴۱۴۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَامْقُلُوْهُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَآءً وَفِی الْاٰخَرِ شِفَآءً فَاِنَّهٗ يَتَّقِیْ بِجَنَاحِهِ الَّذِیْ فِيْهِ الدَّآءُ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهٗ۔ (رواہ ابوداود)

تخریج : اخرجه أبوداود فی السنن ٤ / ١٨٢، كتاب الاطعمة، باب فی الذباب يقع فی الطعام، الحديث رقم ٣٨٤٤ وأحمد فی المسند ٢ / ٣٤٠

ترجمہ: ''اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کسی شخص کے برتن میں (کہ جس میں کھانے پینے کی کوئی چیز ہو) مکھی گر جائے تو اس کو غوطہ دے دو کیونکہ اس کے ایک پروں سے ایک پر میں بیماری ہے اور دوسرے پر میں شفاء ہے اور مکھی (کسی چیز میں) پہلے اپنے اسی پر کو ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے لہٰذا پوری مکھی کو غوطہ دینا چاہیے (تاکہ شفا والے پر سے وہ جراثیم رفع ہو جائیں جو بیماری والے بازو کی وجہ سے کھانے پینے کی چیز میں شامل ہو گئے ہیں''۔ (ابوداؤد)

تشریح: کہا جاتا ہے مکھی سب سے جاہل مخلوق ہے کہ وہ اپنی جان کو خود ہلاکت میں ڈال دیتی ہے۔ مزید تفصیل اگلی حدیث میں آرہی ہے۔

۴۱۴۴: وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ اِلْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِی الطَّعَامِ فَامْقُلُوْهُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَيْهِ سَمًّا وَفِی الْاٰخَرِ شِفَاءً فَاِنَّهٗ يُقَدِّمُ السَّمَّ وَيُؤَخِّرُ الشِّفَاءَ۔

(رواه فی شرح السنة)

تخریج : اخرجه أبوداود ابن ماجه السنن ٢ / ١١٥٩، الحديث رقم ٣٠٥٤ وأحمد فی المسند ٣ / ٦٧

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والبغوی' شرح السنة' ۱۱/ ۲٦۱ كتاب الصيد'باب الذباب يقع فی الشراب' الحديث رقم ۲۸۱۵۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب کھانے میں مکھی گر جائے تو اس کو غوطہ دے لو کیونکہ اس کے ایک پر میں زہر ہے اور دوسرے پر میں شفا ہے اور مکھی اپنے زہر والے پر کو (کھانے' پینے کی چیز میں) پہلے ڈالتی ہے اور پھر شفاء والے بازو کو''۔ (شرح السنۃ)

تشریح: سم: سین پر تینوں حرکتیں پڑھنا درست ہے۔اس کے دو معنی آتے ہیں: ① زہر، زہریلا مادہ ② باریک سوراخ جیسے سوئی کا ناکا، کان اور ناک کا سوراخ۔

مکھی بیماری والا بازو پہلے کیوں گراتی ہے؟

اس بارے میں کئی احتمال بیان کئے جاتے ہیں۔

❶ اس لئے کہ دونوں گرانے سے مرجائے گی۔لہٰذا اپنے آپ کو بچانے کی خاطر اس طرح کرتی ہے۔

❷ اللہ نے اس میں یہ سمجھ رکھی ہے کہ وہ دوسروں کو ضرر پہنچا سکتی ہے۔لہٰذا وہ اس کا استعمال کرتی ہے۔

❸ کہتے ہیں: بیماری والا بازو پہلے اس لئے گراتی ہے کہ اس سے اس کو تسکین ہوتی ہے۔(واللہ اعلم)۔

اس زہر کا اثر فوری طور پر بھی ظاہر ہوسکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ طویل عرصہ کے بعد ظاہر ہو۔

ابن ماجہ اور نسائی کی ایک روایت میں ہے: **''ان احد جناحی الذباب لسم والآخر شفاء فاذا وقع فی الطعام فامقلوه فانه يقدم اسم و يؤخر الشفاء''**۔

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں: بعض جہلاء نے اس حدیث پر لایعنی قسم کے اعتراضات کئے ہیں۔کہ اس کے بازوؤں میں بیماری اور شفاء کا ہونا کیسے ممکن ہے؟ وہ اس بازو کو گراتی ہے جس میں بیماری ہے یہ عقل میں آنے والی بات نہیں۔یہ کوئی عقلمند جاندار تو ہے نہیں کہ جس سے اس طرح کی شعوری باتوں کا صدور ہو۔وغیرہ وغیرہ۔

یہ تمام سوالات جاہل و متجاہلین کے سوالات ہیں۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بے شمار حیوانات کی طبیعت میں کئی متضاد اشیاء ایک ساتھ رکھی ہیں۔مثلاً حرارت و برودت، تری و خشکی یہ تمام چیزیں ایک دوسرے کی ضد ہیں تمام حیوانات میں پائی جاتی ہیں۔اگر ایک دوسرے کے ساتھ مل جائیں تو فساد برپا ہو جائے گا۔

پھر ہم دیکھتے ہیں۔بہت سے حیوانات میں خداوند کریم نے وہ خوبیاں اور کمال صنعت گری رکھی ہے' جو انسان کی بس کی بات نہیں اور اس کے عقل سے ماوراء ہیں۔مثلاً شہد کی مکھیاں جس کمال سے شہد کیلئے چھتہ بناتی ہیں' کوئی نہیں بنا سکتا۔پھر اس میں جس مہارت سے شہد بناتی ہیں۔کوئی نہیں بنا سکتا۔چیونٹی کو دیکھیں اس کو اللہ تعالیٰ نے کیا خوب شعور دیا ہے کیسے اپنا رزق جمع کرتی ہے پھر کیسے ذخیرہ کرتی ہے۔

اسی ذات نے مکھی کو پیدا کر کے اس میں یہ شعور رکھا ہے۔کہ وہ اپنے اس بازو کو پہلے غوطہ دے جس میں بیماری ہے اور اس کو مؤخر کرے جس میں شفا ہے۔تاکہ اس بندے کا امتحان ہو جائے جس کو اللہ تعالیٰ آزمانا چاہتا ہے۔ہر چیز میں اللہ کی حکمت ہے **لا يسئل عما يفعل وهم يسئلون وما يذكر الا اولو الالباب**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں میں نے مکھی کو غور سے دیکھا ہے کہ وہ عام طور پر بایاں بازو پہلے گراتی ہے اور یہی بازو بیماری والا ہوتا ہے۔ کیونکہ بائیں میں خیر نہیں ہوتی شر ہوتا ہے۔ جبکہ داہنا ہاتھ خیر والا ہے، اسی طرح مکھی کا داہنا بھی شفاء والا بازو ہوتا ہے۔

مکھی کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ گھیا کدو کی بیل پر نہیں آتی۔

اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے جب حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نے ساحل سمندر پر ڈالا تو آپ کے قریب گھیا کدو کی بیل پیدا فرما دی تا کہ مکھیاں آپ کے جسم مبارک پر نہ بیٹھیں اور آپ کو تکلیف نہ پہنچائیں۔ مکھیاں زیادہ تر گندے مقامات میں پیدا ہوتی ہیں۔ اھ اس کے عجائبات میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ ایام منی میں بمقام منی مکھی بالکل نہیں پائی جاتی، حالانکہ ان دنوں وہاں لوگوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر رہتا ہے، اور گندگی کے بھی ڈھیر لگے ہوتے ہیں۔

مسند ابویعلی موصلی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مکھی کی زندگی چالیس دن ہے، اور تمام مکھیاں جہنم میں جائیں گی، سوائے شہد کی مکھی کے''۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ ان کو جہنم میں ڈالنا سزا کے طور پر نہیں گا بلکہ اہل جہنم پر مکھیوں کو مسلط کر کے عذاب دیا جائے گا۔

کتاب مناقب شافعی میں ایک واقعہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ امام شافعی مامون کے دربار میں تشریف فرما تھے۔ مامون نے پوچھا: اللہ تعالیٰ نے مکھی کو کس حکمت کے تحت پیدا فرمایا؟ امام شافعیؒ نے فرمایا بادشاہوں کو رسوا کرنے کیلئے۔ اس پر مامون ہنس پڑے۔

مامون کہنے لگا آپ نے میرے رخسار پر مکھی کو آتے دیکھ کر یہ جواب دیا ہے۔ امام شافعیؒ فرمانے لگے آپ نے جب مجھ سے پوچھا تو اس وقت میرے پاس اس کے علاوہ کوئی جواب نہ تھا۔ جب میں نے دیکھا کہ مکھی آپ کے ایسے مقام پر بار بار آ کے بیٹھ رہی ہے۔ جس کو اور کوئی چھوتا تو مجھ پر جواب کھل گیا۔ مامون کہنے لگا آپ نے خوب کہا!۔

ملا علی قاریؒ کہتے ہیں بیان کیا جاتا ہے۔ کہ ایک بادشاہ کسی فقیر کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بادشاہ پوچھنے لگا میرے لائق کوئی خدمت ہو؟ کوئی حاجت؟ فقیر کہنے لگا ہاں ہے، وہ یہ کہ مجھے مکھیاں تنگ کرتی ہیں آپ انہیں روکیں۔

مکھی کی کیا حکمت ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے اس کی خلقت کی حکمت کی طرف خود ارشاد فرمایا ہے کہ ماسوا اللہ کو رسواء اور ذلیل کرنے کیلئے اس کو اللہ نے پیدا فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ [الحج ـ ۲۲ : ۷۳] ''لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے اس کو غور سے سنو کہ جن لوگوں کو خدا کے سوا پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی نہیں بنا سکتے اگرچہ اس کے لئے سب مجتمع ہو جائیں اور اگر ان سے کوئی مکھی چھین کر لے جائے تو اسے اس سے چھڑا نہیں سکتے طالب اور مطلوب (یعنی عابد اور معبود دونوں) گئے گزرے ہیں''۔

کتاب شفاء الصدور اور تاریخ ابی النجار میں مسند نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد مبارک اور کپڑوں پر کبھی بھی مکھی نہیں بیٹھی۔ علامہ دمیری حیاۃ الحیوان میں لکھتے ہیں: مکھی کی تمام انواع کو کھانا حرام ہے۔ احیاء میں ہے کہ تربوز کے بھرے تھال میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا میں اگر کوئی مکھی یا چیونٹی گر جائے، اور اس کے اجزاء بکھر جائیں تو اس تربوز کو کھانا حرام نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ مکھی اور چیونٹی وغیرہ کو کھانے کی حرمت استقذار (گھن اور نفرت) کی وجہ سے ہے اور فعل مذکورہ اور بالا استقذار شمار نہیں ہوتا۔

وہ جانور جس کو مارنا ممنوع ہے

۴۱۴۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ اَرْبَعٍ مِنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ (رواه ابوداود والدارمی)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ٥ / ٤١٨ كتاب الادب' باب فی قتل الذر' الحديث رقم ٥٢٦٧ وابن ماجه فی ٢ / ١٠٧٤' الحديث رقم ٣٢٢٤' والدارمی فی ٢ / ١٢١' الحديث رقم ١٩٩٩' وأحمد فی المسند ١ / ٣٢٢

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے (ان) چار جانوروں کو مارنے کی ممانعت فرمائی ہے' چیونٹی' شہد کی مکھی' ہدہد اور کلچڑی''۔ (ابوداؤد' دارمی)

تشریح: قوله: نهی رسول الله ﷺ من قتل ......:

''النملة'' اربع سے بدل ہے۔ ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے۔ خبر ہونے کی وجہ سے اس پر نصب بھی جائز ہے اعنی کا مفعول بنا سکتے ہیں۔ ''صرد'' (صاد) کے ضمہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ یہ ایک پرندہ ہے۔ جس کا سر بڑا ہوتا اور موٹی چونچ ہوتی ہے۔ اس کو کلچڑی کہتے ہیں۔

چیونٹی کو مارنے کی وجہ ممانعت کیوں ہے؟

امام خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس چیونٹی کے نہ مارنے کا حکم ہے۔ اس سے بڑی چیونٹی مراد ہے جس کے پیر لمبے لمبے ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس کے کاٹنے سے انسان کو ضرر نہیں پہنچتا۔

چیونٹی کے بارے میں ایک شاعر نے بہت عمدہ اشعار کہے ہیں

اقنع فما تبقی بلا بلغه ☆ فليس ينسٰی ربنا نمله
ان اقبل الدهر فقم قائمًا ☆ وان تولّٰی مدبرا نم له

حضرت سفیان عیینہ فرمایا کرتے: صرف تین چیزیں ایسی ہیں جو اپنی خوراک محفوظ کر کے رکھتی ہیں: انسان' چیونٹی اور چوہا۔

امام بیہقی شعب الایمان میں فرماتے ہیں عدی بن حاتم طائی چیونٹیوں کے لئے باقاعدہ گھر میں روٹی رکھا کرتے اور فرماتے تھے چیونٹیاں ہماری پڑوسنیں ہیں۔ ان کا ہمارے اوپر پڑوس کا حق ہے۔

(البهيقی فی الشعب ٧/٤٨٤، الحديث رقم ١١٠٧٩)

خلال کہتے ہیں ہمیں عبداللہ بن احمد بن حنبل کے واسطے سے حضرت احنف بن قیس کے بارے میں یہ خبر پہنچی ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے اپنی لونڈی کو چیونٹی مارتے دیکھا تو فرمایا خبردار ان کو مت ماریں۔ حبیبہ کہتی ہیں مجھے منع کرنے کے بعد حضرت احنف بن قیس کرسی پر بیٹھ گئے اور چیونٹیوں کو مخاطب کر کے کہنے لگے: ''انی اُحرج عليكن الا خرجتن من داری فانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکرہ ان تقتلن فی داری'' چنانچہ سارے چیونٹیاں چلی گئیں اس کے بعد ایک چیونٹی بھی گھر میں نظر نہیں آئی۔ میرا غالب گمان ہے کہ اس کرسی پر بیٹھے تھے جس پر بیٹھ کر وضو کیا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن احمد کہتے ہیں میں نے بھی اپنے والد محترم کو دیکھا کہ انہوں نے بھی ایک مرتبہ اسی طرح کیا جس طرح حضرت احنف بن قیس نے کیا تھا۔ میں نے دیکھا ساری چیونٹیاں چلی گئیں۔

بعض حضرات کہتے ہیں پچھلی کی امتوں میں ایک قوم ایسی بھی گزری ہے، جس کو اللہ تعالیٰ نے چیونٹیوں کے ذریعہ ہلاک کیا ہے۔ (وہ قوم بنی جرہم ہے)۔

سیرت ابن ہشام میں لکھا ہے حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں غزوہ حنین کے موقع پر سخت لڑائی جاری تھی تو کفار کے شکست کھانے سے قبل میں نے ایک کالا دھواں آسمان سے اترتے دیکھا حتی کہ وہ دھواں ہمارے اور دشمن کے درمیان آ کے گرا جب غور سے دیکھا تو وہ کالی چیونٹیوں کا لشکر تھا۔ جس سے ساری وادی بھر گئی ہے۔ ہمیں یقین ہو گیا کہ یہ فرشتے ہیں۔ اور کفار کو شکست دینے آئے ہیں۔ (سیرۃ ابن ہشام ۴/۴۴۹)

دار قطنی اور امام حاکم نے ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا چیونٹی کو نہ مارو۔ حضرت سلیمان ایک مرتبہ نماز استسقا کیلئے نکلے دیکھا کہ ایک چیونٹی پیٹھ کے بل زمین پر پڑی ہے۔ پاؤں آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے یہ دعا کر رہی تھی۔ ''اللھم انا خلق من خلقك ولا غنی لنا عن فضلك اللھم لا تؤاخذنا بذنوب عبادك الخاطئین واسقنا مطرًا تنبت لنا به شجرًا أطعمنا ثمرًا''۔ ترجمہ: اے اللہ ہم آپ کی پیدا کردہ مخلوق ہیں ہم میں سے کوئی بھی آپ کے فضل سے مستغنی نہیں ہے۔ اے اللہ! آپ اپنے خطار کار بندوں کے گناہوں کی وجہ سے ہمارا مؤاخذہ نہ فرمایئے، ہمیں ایسی بارش عطا فرما جو ہمارے لئے درخت اگائے، اور ہمیں پھل عطا فرما۔

عرضِ مرتب:

صاحب تخریج کا کہنا ہے کہ دار قطنی میں مجھے یہ روایت ملی اور نہ حاکم کی کتاب میں اھ ابوالشیخ نے اسی روایت کو معمولی تغیر کے ساتھ روایت کیا ہے۔ (کتاب العظمۃ۔ ح/۱۲۶۰) چیونٹی کو مارنے کے سلسلہ میں یہ مشہور حدیث: نزل نبی من الانبیاء تحت شجرۃ ...... کئی مقامات پر گزر چکی ہے۔ اس لئے وہ روایت یہاں ذکر نہیں کی جا رہی۔ ملاحظہ فرمایئے: ح:۴۱۲۲، فتح بن سجز زاہدی سے مروی ہے کہ وہ چیونٹیوں کے لئے ہر روز روٹی چُورا کرتے تھے اور جب یوم عاشورا ہوتا تو وہ روٹی نہ کھاتے تھے۔

حیاۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ وہ چیز کھانا مکروہ ہے جو چیز چیونٹی اپنے منہ اور ٹانگوں کے ساتھ اٹھا کر لائی ہو اور دلیل وہ روایت ہے۔ جو حافظ ابونعیم نے طب نبوی میں صالح بن حوات بن جبیر عن أبیہ عن جدہ نقل کی ہے:

أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن أن یؤکل ما حملته النمل بفیھا و قوائمھا ۔ چیونٹی کھانا حرام ہے، چونکہ روایات میں اس کو مارنے کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔ حضرت سلیمان نے جب یہ سنا تو اپنے لوگوں سے فرمانے لگے واپس چلو۔ چیونٹی کی دعا ہی ہمارے لئے کافی ہے تمہاری دعا کی ضرورت باقی نہیں رہی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان احادیث میں کوئی ایسی بات نہیں جس سے یہ کیا جائے کہ چیونٹی کو مارنا حرام ہے۔ کیونکہ جو چیز نقصان پہنچائے موذی ہواس سے جان بچانا ضروری ہے۔ ایک مؤمن کی حرمت سے بڑھ کر کوئی چیز محترم نہیں۔ اسی لئے جو بھی مؤمن کو نقصان پہنچائے اس سے بدلہ لینے کو مباح کیا گیا ہے۔ تو حشرات کیا چیز ہیں اللہ نے ان کو ہمارے لئے مسخر کیا ان کو ہم پر مسلط نہیں فرمایا اگر وہ کوئی گزند پہنچاتے ہیں۔ تو ان کا مارنا بغیر کسی تردد کے جائز ہے۔

امام مالکؒ فرماتے ہیں اگر شدید نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو اور مارے بغیر کوئی چارہ کار نہ ہو تو چیونٹی کو مارنا جائز ہے، ورنہ نہیں۔

شہد کی مکھی

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں: شہد کی مکھی کو مارنا اسلئے ممنوع ہے کہ اس سے انسان کو بہت زیادہ فوائد پہنچتے ہیں۔ شہد اور موم اسی کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔

مستدرک میں حضرت علیؓ کا قول منقول ہے' آپ فرمایا کرتے: ''کونوا فی الناس کالنحلة فی الطیر، لیس فی الطیر شئ الا وهو یستضعفها ولو یعلم الطیر ما فی اجوافها من البرکة ما فعلوا ذلك بها خالطوا لناس بالسنتكم واجسادكم وزا یلوها بأعمالكم وقلوبكم، وان للمرٔ ما اکتسب وهو یوم القیامة مع من احب''۔

جمہور علماء کہتے ہیں شہد مکھی کے منہ سے نکلتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ دنیا کی مذمت کرتے ہوئے فرماتے ہیں انسان کا سب سے عمدہ لباس (ریشم) ایک کیڑے کے منہ سے حاصل ہوتا ہے اور پینے کی سب سے عمدہ چیز شہد ایک کیڑے کا گوبر ہے۔ حضرت علیؓ کے قول سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شہد منہ سے نہیں نکلتا۔ (ابن عطیہ)

حضرت علیؓ سے مشہور ہے: دنیا کی اشیاء میں سے سب سے عمدہ اشیاء چھ ہیں:

① مطعوم (کھانے کی اشیاء)۔ ② مشروب (پینے کی اشیاء)۔ ③ مرکوب) سواری۔ ④ ملبوس، (پہننے کی اشیاء) ⑤ منکوح ⑥ مشموم، سونگھی جانے والی چیز۔ معطومات میں سب سے عمدہ چیز شہد ہے۔ جو شہد کی مکھی مشروبات میں سب سے عمدہ مشروب پانی ہے جو ہر نیک و بد کو ملتا ہے۔ مرکوبات میں سب سے عمدہ گھوڑا ہے۔ جس پر بیٹھ کر مجاہد اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا ہے۔ مشمومات میں سب سے عمدہ مشک ہے۔ جو ہرن کے خون سے بنتا ہے۔ منکوحات میں عمدہ ترین چیز عورت ہے کہ ایک دوسرے سے لذت حاصل کرتے ہیں۔

عمدہ مشروبات میں دودھ کو بھی ذکر کیا جا سکتا ہے۔ جو کہ گوبر اور خون کے درمیان سے حاصل ہوتا ہے۔ اور مرکوبات میں سب سے عمدہ گھوڑا ہے، کہ دوست اور دشمن میں فرق نہیں کرتا، چنانچہ کہا جاتا ہے: لا وفأ فی السیف والفرس والمرأة۔ تلوار، گھوڑے اور عورت میں وفا نام کی کوئی چیز نہیں۔

حیوۃ الحیوان میں ہے: حضرت مجاہد فرماتے ہیں شہد کی مکھی کو مارنا مکروہ ہے، اس کو کھانا حرام ہے۔ اگرچہ شہد حلال ہے، اس لئے کہ (مثلاً) عورت کا دودھ حلال ہے اور اس کا گوشت حرام۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض سلف نے شہد کی مکھی کو حلال کہا ہے۔ انہوں نے اس کو ٹڈی پر قیاس کیا ہے اس کی حرمت کی دلیل یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔ شہد کی مکھی کی بیع ان کے گھروندے میں صحیح ہے بشرطیکہ تمام مکھیاں دکھائی دے رہی ہوں، وگرنہ یہ "بیع غائب" ہوگی۔

امام اعظمؒ فرماتے ہیں شہد کی مکھی بھڑ اور دیگر حشرات الارض کی بیع صحیح نہیں۔

کلچڑی:

علامہ خطابی فرماتے ہیں ہدہد کا گوشت حرام ہے کیونکہ ان کو مارنے سے منع کیا گیا ہے۔ اگر کسی حیوان کو مارنے سے منع کیا جائے اور یہ ممانعت اس کے احترام یا ضرر کی وجہ سے نہ تو یہ اس بات کی علامت اور دلیل ہوتی ہے کہ اس کا گوشت حرام ہے۔ ہم دیکھتے ہیں۔ ہدہد اور صُرد نہ محترم ہیں۔ انسان کی طرح اور نہ موذی ہیں لہٰذا ان کی ممانعت باعتبار لحم ہے۔ بعض کا کہنا کہ ہدہد حلال ہے، چونکہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی محرم ہدہد کو قتل کرے تو اس پر جزاء لازم ہے۔

بعض حضرات کہتے ہیں۔ اہل عرب صرد کی آواز کو منحوس اور بدفالی سمجھتے ہیں۔ اس لئے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مارنے سے منع فرمایا کہ لوگوں کے دلوں سے ان کی نحوست کا اعتماد کھل جائے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اس حدیث سے اس دعاء کی طرف بھی اشارہ ہے جو احادیث میں آئی ہے۔

"اللّٰھم لا طیر الا طیرك ولا خیر الا خیرك ولا اله غیرك۔ اللهم لا یأتی بالحسنات الا انت ولا یصرف السیئات الا انت" ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے "نھی عن قتل الصرد والضفدع والنملة والھدھد"۔

امام احمد، نسائی، حاکم اور ابوداؤد نے حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی سے نقل کیا ہے۔

صرد کا گوشت کھانا حرام ہے اور دلیل حضرت ابو ہریرہ والی یہ حدیث ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں اس کا گوشت حلال ہے کیونکہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں محرم اگر ان کا شکار کرے تو اس پر جزاء لازم ہوگی۔ امام مالک بھی یہی فرماتے ہیں۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں اس پرندے کو "صرد الصوام" بھی کہا جاتا ہے۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں: ہمیں معجم عبدالباقی بن قانع میں ابوغلیظ امیہ بن خلف جمحی کی ایک روایت پہنچی، وہ کہتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ہاتھ پر صرد پرندے کو دیکھا ارشاد فرمایا: "ھذا اول طائر صام یوم عاشوراء" امام قرطبیؒ فرماتے ہیں یہ روایت ابوغلیظ کے نام (غلیظ) ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں یہ ان من گھڑت روایات میں سے ہے جن کو حضرت حسین کے قاتلوں نے گھڑا ہے، یہ بالکل باطل ہے۔ اس کے تمام راوی مجہول ہیں۔

ہدہد:

امام خطابیؒ کہتے ہیں ہدہد کے گوشت میں بدبو ہوتی ہے اس لئے وہ جلالہ کے حکم میں ہوگا۔ حیاۃ الحیوان میں علامہ دمیریؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے لکھا ہے صحیح بات یہ ہے کہ اس کے گوشت کی حرمت نہی کی وجہ سے ہے کہ آنحضرت ﷺ اس کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کے گوشت میں بدبو ہوتی ہے اور کیڑوں کو اپنی خوراک بناتا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ حلال ہے کیونکہ امام شافعی سے منقول ہے کہ وہ محرم پر جو ب فدیہ کے قائل ہیں ان کے ہاں فدیہ صرف ماکولات پر ہے۔

کتاب الکامل اور شعب الایمان للبیہقی میں لکھا ہے۔ ایک مرتبہ حضرت نافع نے ابن عباس سے پوچھا حضرت یہ بتائیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو تو اتنی بڑی سلطنت اللہ نے عطاء کی تھی اسکے باوجود ہدہد کے محتاج کیوں ہوئے تھے۔ حالانکہ وہ تو ایک چھوٹا سا حقیر پرندہ ہے۔ ابن عباسؓ فرمانے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ہدہد کو یہ کمال عطاء کیا ہے کہ وہ زیرزمین پانی کو دیکھ لیتا ہے۔ اس کے حق میں زمین اس طرح ہے جیسے شیشہ۔ حضرت سلیمان کو جب بھی سفر میں پانی کی ضرورت پڑتی ہدہد سے تحقیق کر لیتے۔ ابن ازرق بھی اس مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ فوراً بولے قف یا وقاف! اے کتاب اللہ کے بہت زیادہ واقفیت رکھنے والے ٹھہر ہدہد کو زمین میں انگلی برابر گہرائی میں چھپا ہوا جال تو نظر نہیں آتا زمین کی تہہ میں پانی کیا نظر آتا ہوگا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرمانے لگے جب قضا آتی ہے تو آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔ اھ ملا علی قاری فرماتے ہیں بظاہر یہ جواب بلا جواب ہے، جو ایک حکم قطعی پر مشتمل ہے، چونکہ زہر زمین میں موجود پانی کو دیکھ لینا ہدہد کی خصوصیات میں سے ہے، اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ زمین میں مدفون ہر چیز کو دیکھ لیتا ہے۔ لیکن اس میں اشارہ ہے کہ مقدر میں اگر پیاسے مرنا لکھا ہو تو آنکھوں پر پٹی بندھ جاتی ہے، پانی دکھائی نہیں دیتا۔ قضا آئی ہوئی ہو تو قضا تنگ پڑ جاتی ہے۔ تقدیر کا فیصلہ آجائے تو تدبیریں دھری کی دھری رہ جاتی ہیں۔

علامہ قزوینی نے ایک دلچسپ واقعہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ ہدہد نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے عرض کیا کہ میرا دل کرتا ہے کہ آپ کی دعوت کروں۔ حضرت سلیمان نے فرمایا صرف میری؟ ہدہد بولا آپ اور آپ کی ساری فوج کو فلاں جزیرہ میں فلاں دن میری طرف سے دعوت ہے۔ حضرت سلیمان مقررہ دن سارے لاؤلشکر کے ساتھ وہاں پہنچے۔ ہدہد نے اڑکر ایک ٹڈی کو پکڑا اس کو مارا اور دریا میں پھینکا اور کہا "**کلو یا نبی اللّٰہ من فاتہ اللحم نالہ المرق**" اللہ کے نبی کھایئے اگر گوشت نہ بھی ملے تو شوربا تو ہر ایک کو مل ہی جائے گا۔ حضرت سلیمان اور لشکر اس دعوت کو یاد کرکے ایک سال تک ہنستے رہے۔

مینڈک:

اللغات: صفدع بروزن خنصر ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں۔ دال کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ابن صلاح فیصلہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ از روئے لغت کسرہ ہے اور خواص میں سے اکثر کی زبانوں پر فتحہ کے ساتھ مشہور ہے۔

دونوں طرح سے لغت موجود ہے۔ لیکن عام عوام الناس کی زبان میں فتحہ والی لغت زیادہ مشہور ہے۔

کتاب کامل بن عدی میں حضرت جابرؓ سے ایک روایت نقل کی ہے: "**ان النبی ﷺ قال: من قتل ضفدعًا فعلیہ شاۃ محرمًا کان او حلالاً**"۔

جو بھی مینڈک کو مارے اس پر ایک بکری لازم ہوگی۔ خواہ محرم ہو یا غیر محرم۔

یہ روایت انہوں نے عبدالرحمٰن بن سعد بن عثمان بن سعد قرظی مؤذن نبیؐ کے حالات میں ذکر کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت سفیان فرماتے ہیں آنحضرت ﷺ نے سختی کے ساتھ اس لئے منع فرمایا ہے جانوروں میں سے سب سے زیادہ اللہ کا ذکر مینڈک کرتا ہے۔ اسی کتاب میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے یہ روایت ذکر کی ہے کہ مینڈک نے اللہ کے خوف سے اپنے آپ کو آگ میں ڈال دیا تھا اللہ تعالیٰ نے پانی کے ذریعہ انہیں بچایا اور ان کی تعیق (ٹرانے کی آواز) کو اپنی حمد وثنا قرار دیا تھا۔

اس روایت کو حماد بن عبید کے حالات میں عن جابر جعفی، عن عکرمۃ، عن ابن عباس نقل کیا ہے اور فرمایا:

''نهى رسول الله عن قتل الضفدع والصرد والنملة'' صاحب کامل کہتے ہیں حماد بن عبید سے اس ایک حدیث کے علاوہ مجھ ان کی کسی اور حدیث کا علم نہیں ہے۔ اھ امام بخاریؒ فرماتے ہیں ان کی حدیث صحیح نہیں ہے۔ ابوحاتم فرماتے ہیں: ليس بصحيح۔

ابوعبداللہ قرطبی کی کتاب الزھد میں منقول ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کی قسم آج رات میں اللہ کی ایسی تسبیح وتقدیس کروں گا کہ اس کی مخلوق میں سے کوئی نہ کرتا ہو۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کے گھر کے تالاب سے ایک مینڈک نے آواز دی، اے داؤد ایک دن کی مناجات سے آپ اللہ عزوجل پر فخر کرنے لگے۔ میں ستر سال سے اس طرح اپنے مولیٰ کی تسبیح وتقدیس بیان کر رہا ہوں کہ ایک گھڑی کیلئے بھی میری زبان اس کی یاد سے خشک نہیں رہی ہے اور میں دس دن سے دو کلمات پڑھنے میں ایسا مشغول ہوں کہ ابھی تک میں نے ایک لقمہ کھایا ہے نہ ایک گھونٹ پانی پیا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام فرمانے لگے وہ دو کلمے کیا ہیں؟ مینڈک کہنے لگا وہ دو کلمے یہ ہیں۔ ''يا مسبحًا بكل لسان ويا مذكورًا بكل مكان''

حضرت داؤد علیہ السلام فرمانے لگے: مجھے یہ امید نہیں کہ میں نے جو اللہ کی حمد وثنا کی ہے وہ اس سے زیادہ بلیغ ہو۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں حضرت انس بن مالک سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک مرتبہ بیان فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنی عبادت گاہ میں تھے اور ساتھ ہی پانی کا جوہڑ بھی تھا ایک مرتبہ سوچنے لگے کہ مجھ سے بڑھ کر اللہ کی مدح وثناء کسی نے نہ کی ہوگی اس وقت حضرت داؤد علیہ السلام اپنے مصلی پر بیٹھے ہوئے تھے۔ فوراً ایک فرشتہ آیا اور فرمایا اے داؤد! مینڈک کی آواز سنیے وہ کیا پڑھ رہا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام خاموشی سے سننے لگے تو کیا سنا ایک مینڈک پڑھ رہا تھا: ''سبحانك وبحمدك منتهى علمك'' فرشتہ نے پوچھا حضرت کیسا لگا۔ حضرت داؤد فرمانے لگے: ''والذى جعلنى نبيًا انى لم امدحه بهذا''۔ (البيهقى فى الشعب ١٣٨/٤، الحديث رقم ٤٥٨١)

حیاۃ الحیوان میں لکھا ہے: مینڈک کو کھانا اسلئے حلال نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اس کو مارنے سے منع فرمایا۔ چنانچہ حضرت سہل بن سعد الساعدی نے نقل کیا ہے: ان النبى ﷺ نهى عن قتل خمس النملة، والنحلة والضفدع، والصرد والهدهد ''آنحضرت ﷺ نے چیونٹی، شہد کی مکھی، مینڈک، کلچڑی اور ہدہد کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔''

مسند ابی داؤد طیالسی، سنن ابی داؤد، نسائی اور حاکم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی سے نقل کیا ہے کہ ایک طبیب نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ میں دوا میں مینڈک کے اجزاء کو شامل کرسکتا ہوں۔ تو آنحضرت ﷺ نے منع فرمایا معلوم ہوا کہ مینڈک حرام جانوروں میں سے ہے۔ ان دریائی جانوروں میں شامل نہیں جو ما كول اللحم ہیں۔ ابن عدی نے ابن عمرؓ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی نقل کیا ہے: مینڈکوں کو مت مارو، چونکہ ان کا ٹرٹرانا اللہ کی تسبیح ہے۔ مسلم کہتے ہیں میں نے دار قطنی سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا ضعیف ہے درست بات یہ ہے کہ حضرت عبداللہ سے موقوفاً مروی ہے۔

خطاف: بیہقی فرماتے ہیں: ابوالحویرث عبدالرحمٰن ابن معاویہ نے روایت کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاطیف کو مارنے سے منع فرمایا۔ ''**لا تقتلوا هٰذه العوذاء انها تعوذبكم من غيركم**'' امام بیہقی فرماتے ہیں۔ یہ روایت منقطع ہے۔

لیکن عبداللہ بن عمرؓ کی ایک موقوف روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''**لا تقتلوا الضفادع، فان نعيقها تسبيح ولا تقتلوا الخطاف فانه لما خرب بيت المقدس قال يا رب سلطني على الجرحتى اغرقهم**''۔

مینڈک کو مت مارو کیونکہ اس کی ٹراہٹ میں اللہ کی تسبیح موجود ہے اور خطاف کو مت مارو کیونکہ یہ وہ پرندہ ہے۔ جب بیت المقدس کو دشمن نے تاراج کیا تو اس وقت اس پرندے نے اللہ سے درخواست کی تھی کہ سمندر کو میرا تابع کر دے تاکہ میں ان کفار کو غرق کر دوں۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کی سند صحیح ہے۔

محمد بن الحسنؒ فرماتے ہیں یہ پرندہ حلال ہے کیونکہ یہ زیادہ تر پاکیزہ غذا کھاتا ہے۔ ابوعاصم عبادیؒ فرماتے ہیں ہمارے اکثر مشائخ کا رجحان بھی اسی طرف ہے۔

خطاف کو ''زوارالہند'' بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دور دراز اونچی جگہوں میں گھونسلہ بناتا ہے اور انسان سے انس رکھتا ہے اس لئے بلاد بعیدہ سے طویل سفر کر کے شہروں میں آتا ہے۔ لوگوں میں ''جنتی چڑیا'' کے نام سے مشہور ہے۔ چونکہ یہ ایک زاہد پرندہ ہے اس لئے لوگ بھی اسے پسند کرتے ہیں۔ یہ مکھی مچھر کھا کر گزارا کرتا ہے۔

رسالہ قشیری میں باب **المحبة** کے تحت ایک دلچسپ واقعہ لکھا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں ایک دن خطاف پرندہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی مسجد کے گنبد پر بیٹھ کر اپنی مادہ کو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ مادہ اس سے بھاگتی پھر رہی تھی۔ چنانچہ اپنی مادہ سے کہنے لگا تو مجھ سے انکار کر رہی ہے اگر میں چاہوں تو اس گنبد کو سلیمان پر گرا سکتا ہوں۔ حضرت سلیمان نے یہ بات سن لی تو فرمانے لگے: ''**ما حملك على ما قلت**'' یہ بات کہنے پر تمہیں کس چیز نے ابھارا؟ ''**يا نبي الله العشاق لا يؤاخذون اقوالهم**'' اے اللہ کے نبی عاشقوں کی باتوں پر مواخذہ نہیں ہوتا۔

حضرت سلیمان نے فرمایا: صدقت۔ ''تو نے سچ کہا''۔

اس کی مختلف اقسام ہیں۔ ان کی ایک قسم کو ''سنونو'' کہتے ہیں۔ مسجد حرام میں کثرت سے پائی جاتی ہے اور مقام ابراہیم باب بنی شیبہ میں چھت پر بیٹھے نظر آتے ہیں۔ بعض حضرات کا خیال ہے یہ وہی ابابیل پرندہ ہے جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اصحاب فیل کو تباہ و برباد فرمایا تھا۔ سورہ نمل کی تفسیر میں امام ثعلبی وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔ کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالا تو اس وقت دنیا میں ان کو بہت وحشت محسوس ہو رہی تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام کے انس کے لئے اللہ تعالیٰ نے خطاف پرندے کو پیدا کیا جب سے یہ انسانوں سے مانوس چلا آ رہا ہے اور انسان سے جدا نہیں ہوتا۔ انتہیٰ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

حلت وحرمت میں خواہش نفسانی کا بیان

۴۱۴۶: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَاْكُلُوْنَ اَشْيَاءَ وَيَتْرُكُوْنَ اَشْيَاءَ تَقَذُّرًا فَبَعَثَ اللّٰهُ نَبِيَّهٗ وَاَنْزَلَ كِتَابَهٗ وَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ فَمَا اَحَلَّ فَهُوَ حَلَالٌ وَمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَفْوٌ وَتَلَا قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْمَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَتًا اَوْدَمًا الْاٰيَةَ۔

(رواہ ابوداود)

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ٤ / ١٥٧ السنن' كتاب الاطعمه' باب ما لم يذكر تحريمه' الحديث رقم ٣٨٠٠۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں لوگ (اپنی خواہش نفس کے مطابق) کچھ چیزوں کو کھاتے تھے اور کچھ چیزوں کو نفرت کی وجہ سے چھوڑ دیتے تھے' چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور (ان نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کے ذریعہ ان کی امت پر) ان پر اپنی کتاب نازل کی اور اپنی حلال چیزوں کو حلال قرار دیا اور اپنی حرام چیزوں کو حرام قرار دیا (یعنی یہ بیان کر دیا کہ فلاں چیز حلال ہے اور فلاں چیز حرام ہے) نیز اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو حلال کیا ہے وہی حلال ہے (اس کے علاوہ حلال نہیں ہے) اور جس چیز کو حرام قرار دیا ہے وہی حرام ہے اور جس چیز سے سکوت اختیار فرمایا ہے (یعنی جس چیز کے بارے میں یہ نہیں بتایا کہ یہ حلال ہے یا حرام) تو وہ چیز معاف ہے (کہ اس پر مواخذہ نہیں) اور پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت تلاوت فرمائی ''اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ جو احکام بذریعہ وحی میرے پاس آتے ہیں ان میں کھانے والے کے لئے جو وہ کھاتا ہے سوائے مردار اور خون کے اور کوئی چیز حرام نہیں پاتا''۔ (ابوداؤد)

تشریح: ''الا ان يكون'' واحد مذکر کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ ابن کثیر اور حمزہ نے ''الا ان تكون'' واحد مؤنث غائب کے صیغہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ اس صورت میں خبر کے ساتھ مطابقت ہو جائے گی اور ابن عامر نے تاء کے ساتھ اور میتة کو مرفوع پڑھا ہے۔ اس بنیاد پر کہ ''کان'' تامہ ہے۔

''ميتةً'' ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے ایک نسخہ میں میتة کی جگہ دمًا کے الفاظ منقول ہیں۔

''او دمًا مسفوحًا'' کا عطف ہے۔ اصل میں یوں ہے ''الا وجود ميتة او دمًا مسفوحًا'' حلالا: مصدر ہے موضع مفعول میں واقع ہو رہا ہے۔ اس کو مرفوع، منصوب مجرور ہر طرح پڑھا جا سکتا ہے۔

﴿قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ﴾ (الانعام: ١٤٥)

''(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ جو احکام بذریعہ وحی میرے پاس آئے ہیں ان میں تو کوئی حرام غذا پاتا نہیں کسی کھانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے کے لئے جو اس کو کھائے مگر یہ کہ وہ مردار (مرا ہوا جانور) ہو یا بہتا ہوا خون ہو یا سؤر کا گوشت ہو کیونکہ وہ بالکل ناپاک ہے یا جو جانور شرک کا ذریعہ ہو کہ غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو"۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تحریم کا علم وحی کے ذریعہ ہی ہو سکتا ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں یہ آیت محکم ہے، چونکہ یہ اس بات پر دلالت کر رہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اوپر نازل شدہ وحی میں ان چیزوں کے علاوہ کسی چیز کو حرام نہیں پاتے اور یہ اس بات کی منافی نہیں کہ اس کے بعد کسی اور شیئ کی حرمت کا حکم نازل ہوا۔ لہٰذا اس آیت کی بنیاد پر نسخ الکتاب بخبر الواحد پر استدلال نہیں کیا جا سکتا اور نہ ان اشیاء کے علاوہ کی حلت پر استدلال کیا جا سکتا ہے۔ الّا یہ کہ اس کو اس کے ساتھ ملا لیا جائے۔

گدھے کے گوشت کا بیان

۴۱۴۷: وَعَنْ زَاهِرِ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ اِنِّيْ لَاُوْقِدُ تَحْتَ الْقُدُوْرِ بِلُحُوْمِ الْحُمُرِ اِذْ نَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ (رواه البخاری)

تخریج: اخرجه البخاری فی صحيحه ۷ / ۴۵۱ ' کتاب المغازی الحدیث رقم ۴۱۷۳

ترجمہ: "اور حضرت زاہر اسلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن) میں گدھے کے گوشت کی ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہا تھا' (یعنی ایسی ہانڈی جس میں گدھے کا گوشت پکنے کے لئے رکھا ہوا تھا) کہ اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعلان کرنے والے نے یہ اعلان کیا کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرماتے ہیں"۔ (بخاری)

راوی حدیث:

زاہر بن الاسود۔ یہ زاہر بن اسود "اسلمی" ہیں۔ یہ ان صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی۔ یہ کوفہ میں مقیم رہے ان کا شمار کوفہ والوں میں ہوتا ہے۔

"ان رسول اللّٰہ" انّ ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ایک اور نسخہ میں کسرہ کے ساتھ ہے۔

جنات کی قسمیں

۴۱۴۸: وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ يَرْفَعُهُ الْجِنُّ ثَلَاثَةُ اَصْنَافٍ صِنْفٌ لَهُمْ اَجْنِحَةٌ يَطِيْرُوْنَ فِي الْهَوَاءِ وَصِنْفٌ حَيَّاتٌ وَكِلَابٌ وَصِنْفٌ يَحُلُّوْنَ وَيَظْعَنُوْنَ۔ (رواه فی شرح السنة)

تخریج: الطحاوی فی المسند۔

ترجمہ: "اور حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بطریق مرفوع نقل کرتے ہیں کہ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جنات کی تین قسمیں ہیں' ایک تو وہ جن کے پر ہوتے ہیں اور وہ ہوا میں پرواز کرتے ہیں' دوسری قسم وہ ہیں جو سانپ اور کتوں (کی شکل) میں نظر آتے ہیں اور تیسری قسم وہ ہیں جو منزل پر اترتے اور کوچ کرتے ہیں"۔ (شرح السنۃ)

تشریح: صنف: ایک روایت میں "فصنف" کے الفاظ ہیں۔ یہ مبتداء ہے اس کی خبر محذوف ہے۔ عبارت یوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔"منهم صنف يطيرون"ایک روایت میں"يطيرون"ہے۔

"يحلون" حاء کے ضمہ کے ساتھ کسرہ دینا بھی جائز ہے۔"يظعنون" "ظعن يظعن ، نصر سے سفر کرنا۔ طاعنیس مسافر۔قرآن کریم میں ہے:"يوم طعنكم ويوم أقامتكم" قاموس میں ہے:"ظعن كمنع" طعن منع کے وزن پر ہے۔

"اس حدیث کو صاحب مصابیح نے اپنی ہی سند سے نقل کیا ہے۔حاکم اور نسائی نے بھی عمدہ سند کے ساتھ اس کو نقل کیا امام حاکم کہتے ہیں۔صحیح الاسناد ابن ابی الدنیا نے اپنی کتاب مکائد الشیطان میں حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت کیا ہے۔"ان النبیؐ قال خلق الله تعالىٰ الجن ثلاثة اصناف:صنف حيات وعقارب وخشاش الارض وصف كالريح فى الهواء وصف عليه الحساب والعقاب" وخلق الله تعالىٰ الانس ثلاثه اصناف، صف كالبهائم لهم قلوب لا يفقهون بها ولهم اعينن لا يبصرون بها ولهم آذن لا يسمعون بها۔"وصنف اجسادهم اجساد بنى آدم وارواحهم ارواح الشياطين وصف كالملائكه فى ظل الله تعالىٰ يوم لاظل الا ظله"۔

خشاش:خاء معجمہ پر تینوں حرکات درست ہیں۔فتحہ مشہور ہے۔حشرات الارض، کیڑے مکوڑے۔

بَابُ الْعَقِيقَةِ

عقیقہ کا بیان

"مغرب" میں لکھا ہے:عقیقہ "عق" سے مشتق ہے۔لغت میں "عق" کے معنی ہیں چیرنا پھاڑنا "عقیقہ" ان بالوں کو کہتے ہیں جو نوزائدہ کے سر پر ہوتے ہیں۔ان بالوں کو "عقیقہ" اس اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ وہ بال ساتویں دن مونڈے جاتے ہیں۔ اور اسی مناسبت سے "عقیقہ" اس بکری کو بھی کہتے ہیں جو بچے کا سر مونڈنے کے وقت ذبح کی جاتی ہے۔

عقیقہ کی اہمیت کا بیان

الفصل الاول:

۴۱۴۹:عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ الْغُلَامِ عَقِيْقَةٌ فَاَهْرِيْقُوْا عَنْهُ دَمًا وَاَمِيْطُوْا عَنْهُ الْاَذٰى . (رواه البخاری)

تخریج : اخرجه البخاری فی صحيحه ۹ / ۵۹۰، كتاب العقيقه، باب اماطة الاذى عن الصبی، الحديث رقم ۵۴۷۱ وأبو داود فی السنن ۳ / ۲۶۱، الحديث رقم ۲۸۳۹، والترمذی فی ۴ / ۸۲ الحديث رقم ۱۵۱۵، والنسائي فی ۷ / ۱۱۴، الحديث رقم ۲۴۱۴، والدارمی فی ۲ / ۱۱۱، الحديث رقم ۱۹۶۷

ترجمہ:"حضرت سلمان بن عامر ضبی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:"بچے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی پیدائش پر عقیقہ (مسنون یا مستحب) ہے لہٰذا اس کی طرف سے خون بہاؤ (یعنی جانور ذبح کرو) اور اس سے (یعنی بچے سے) ایذا (یعنی اس کے سر کے بال اور میل کچیل) کو دور کرو"۔

تشریح: قوله :فاهر يقوا عنه......:

اهر يقو: ھاء کے سکون کے ساتھ ہے اور فتحہ دینا بھی جائز ہے۔

توضيح وتخريج: بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

"الغلام مرتهن بعقيقته فاهريقوا عنه الدم واميطوا عنه الاذى"۔

تحنیک کا بیان

۴۱۵۰: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يُوْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ۔ (رواه مسلم)

تخريج: اخرجه مسلم فى صحيح ۱ / ۲۳۷' الحديث رقم (۱۰۱ ـ ۲۸۶) وأخرجه أبو داود فى السنن ۵ / ۳۳۳' الحديث رقم ۵۰۱۶ و صحيح البخارى' كتاب العقيقه' باب تسمية المولود' الحديث رقم ۵۴۶۸۔

ترجمہ: "اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں (نوزائیدہ) بچوں کو لایا جاتا چنانچہ آپ ﷺ ان کے لئے برکت کی دعا فرماتے (یعنی ان کے سامنے فرماتے' بارك الله عليك اللہ تعالیٰ تجھ پر برکت ورحمت نازل فرمائے) اور ان کی تحنیک فرماتے (یعنی ان کو کسی میٹھی چیز کی گھٹی دیتے)"۔ (مسلم)

تشریح: يؤتى بالصبيان: اس میں تغلیب ہے۔ (مذکر کو مؤنث پر غلبہ دیا گیا ہے۔) "يحنك" نون کی تشدید کے ساتھ ہے۔

تحنیک یہ ہے کہ کھجور یا کسی اور میٹھی چیز کو چبا کر بچے کے تالو میں لگایا جائے۔

تحنیک ایک مسنون عمل ہے بہتر یہ ہے کہ تحنیک کرنے والا نیک اور صالح آدمی ہو۔

آنحضرت ﷺ کے الفاظ بارك الله عليك ہوا کرتے تھے۔ اساس البلاغہ میں لکھتے ہیں: بارك الله فيه وبارك له وبارك عليه" امام طیبیؒ کہتے ہیں۔ بارك عليه کے الفاظ زیادہ مناسب ہیں۔ کیونکہ ان الفاظ میں برکت نازل کرنے کا معنی پایا جاتا ہے جیسا کہ اھ

قرآن کریم میں ہے: لفتحنا عليهم بركات من السماء ولارض [الاعراف: ۹۶]

تحنیک کا طریقہ

۴۱۵۱: وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ اَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ قَالَتْ فَوَلَدْتُ بِقُبَاءٍ ثُمَّ اَتَيْتُ بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُهٗ فِىْ حِجْرِهٖ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِىْ فِيْهِ ثُمَّ حَنَّكَهٗ ثُمَّ دَعَالَهٗ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ وَكَانَ اَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِى الْاِسْلَامِ۔ (متفق عليه)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج : اخرجه البخاري في صحيحه ۹ / ۵۸۷ كتاب مناقب الانصار: باب هجرة النبي ﷺ الحديث رقم (۳۹۰۹ ـ ۵۴۶۹) ومسلم في ۳ / ۱۶۹۱ الحديث رقم (۲۶ ـ ۲۱۴۶) واحمد في المسند ۶ / ۳۴۷

ترجمہ: ''حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ مکہ میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما ان کے پیٹ میں تھے' حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ قباء کے مقام پر میرے ہاں ولادت ہوئی تو میں ان (عبداللہ) کو لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور ان کو آپ ﷺ کی گود میں رکھ دیا' پھر آپ ﷺ نے کھجور منگائی اور اس کو چبایا' پھر اپنا آب دہن ان کے منہ میں ڈالا (یعنی آپ ﷺ نے اس کھجور کو جو آپ ﷺ کے لعاب مبارک کے ساتھ مخلوط ہوگئی تھی' عبداللہ کے منہ میں رکھا) اور پھر آپ ﷺ نے ان کو گھٹی دی' اس کے بعد آپ ﷺ نے ان کے لئے برکت کی دعا فرمائی (یعنی یوں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس پر برکت نازل فرمائے) چنانچہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما پہلے شخص تھے' جو اسلام (کے عہد یعنی ہجرت کے بعد مدینہ) میں پیدا ہوئے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: **قوله :فولدت بقباءٍ...... وبرك عليه:**

''بقاء'' قباء قاف کے ضمہ الف ممدودہ معضورہ دونوں کے ساتھ ہے۔ مدینہ کی ایک بستی کا نام ہے۔ منصرف وغیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔ (مغرب) **حجرہٖ**: حجر: حاء مہملہ کو فتحہ اور کسرہ دونوں کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

دعاله وبرك : لفظ برك براء کی تشدید کے ساتھ یعنی آنحضرت ﷺ نے بارک علیک فرمایا او برك کا عطف تفسیری ہے یا تخصیص کیلئے ہے۔ فکان: ایک نسخہ میں وکان ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ فاء جزائیہ ہے، اور شرط محذوف ہے۔

عرضِ مرتب:

''قبا'' مدینہ شہر سے جنوب مغربی سمت تقریباً ڈیڑھ میل کے فاصلے پر ایک آبادی ہے۔ مکہ سے مدینہ کے لئے سفر ہجرت میں آپ ﷺ کی یہ آخری منزل تھی' جہاں آپ ﷺ مدینہ میں داخل ہونے سے پہلے اترے اور تین دن یا چار دن قیام فرمایا جس جگہ آپ ﷺ نے قیام فرمایا تھا اس جگہ آپ ﷺ نے ایک مسجد کی بنیاد رکھی جس کو مسجد قبا کہتے ہیں' قبا اگرچہ مدینہ منورہ سے باہر ہے' لیکن اس کا تعلق ایک طرح سے ایسا ہی ہے جیسا کہ محلّہ کا ہوتا ہے۔ اس جگہ بڑی شادابی ہے اور مختلف پھلوں اور میووں کے باغات ہیں' اسی قبا میں بئر اریس نامی کنواں ہے' جہاں آپ ﷺ نے چند صحابہ رضی اللہ عنہم کو جنت کی بشارت دی تھی اور جس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں آپ ﷺ کی وہ انگوٹھی گر گئی تھی' جس سے آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے بعد خلفائے راشدین مہر لگایا کرتے تھے۔ اس کنویں کا پانی بہت کھارا تھا' کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اپنا لعاب دہن شامل فرمایا جب سے اس کا پانی میٹھا ہے مگر اب یہ کنواں خشک ہوگیا ہے۔

ہجرت کے بعد مہاجرین میں جو سب سے پہلا بچہ پیدا ہوا وہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما تھے ''مہاجرین'' کی قید اس لئے لگائی گئی کہ ہجرت کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی پیدائش سے پہلے مدینہ میں مسلمانوں کے یہاں سب سے پہلا پیدا ہونے والا بچہ نعمان بن بشیر انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔ اس حدیث سے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے مناقب بھی معلوم ہوئے:

① آپ کو آنحضرت ﷺ کی گود ملی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ آنحضرت ﷺ نے ان کے لئے برکت کے لئے دعا فرمائی۔

۳ ان کے پیٹ میں سب سے پہلی چیز آنحضرت ﷺ کا لعاب دہن گیا۔

الفصل الثانی:

عقیقہ کے جانور کی تعداد کا بیان

۴۱۵۲: عَنْ اُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَقِرُّوْا الطَّيْرَ عَلٰى مَكِنَاتِهَا قَالَتْ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ وَلَا يَضُرُّكُمْ ذُكْرَانًا كُنَّ اَوْ اُنَاثًا۔

(رواہ ابوداود والترمذی والنساء من قولہ یقول عن الغلام الی اخرہ وقال الترمذی ھذا صحیح)

تخریج: اخرجه أبو داود فی السنن ۳ / ۲۲۷ کتاب الضحایا‘ باب فی العقیقه‘ الحدیث رقم ۲۸۳۵‘ والترمذی فی ٤ / ۸۳ الحدیث رقم ۱۵۱٦‘ والنسائی فی ۷ / ۱٦۵ الحدیث رقم ٤۲۱۷‘ وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۵٦‘ الحدیث رقم ۳۱٦۲‘ والدارمی فی ۲ / ۱۱۱ الحدیث رقم ۱۹٦٦‘ وأحمد فی المسند ٦ / ۲۸۱

ترجمہ: ”حضرت اُمّ کرز رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں رہنے دو‘ اُم کرز رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ ”(عقیقہ میں) لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ہے اور اس میں تمہارے لئے کوئی نقصان نہیں ہے کہ وہ (بکری) نر ہو یا مادہ (یعنی اس بات کا لحاظ ضروری نہیں ہے کہ لڑکے کے عقیقہ میں بکرے ذبح کئے جائیں اور لڑکی کے عقیقہ میں بکری ذبح کی جائے)۔ (ابوداؤد‘ ترمذی) نسائی کی روایت میں یقول عن الغلام سے آخر تک ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے“۔

راویٔ حدیث:

امّ کرز۔ یہ ام کرز ہیں۔ بنو کعب اور قبیلہ خزاعہ میں سے ہیں۔ مکہ کی رہنے والی ہیں۔ آنحضرت ﷺ سے بہت سی حدیثوں کی روایت کرتی ہیں۔ ان سے عطاء‘ مجاہد وغیرہ نے روایت کی ہے۔ ان کی روایت ”عقیقہ“ کے بارے میں ہے۔

”کرز“ میں کاف پر پیش‘ راء ساکن اور آخر میں زا معجمہ ہے۔

قولہ :اقروا الطیر علی مکناتھا:

”اقروا“ راء کی تشدید کے ساتھ۔ (باقی رکھنا، برقرار رکھنا) ”مکناتھا“ لفظ میم کے زبر و کاف کے زبر زیر دونوں کے ساتھ ہے اور مشکوٰۃ کے ایک نسخے میں کاف کے پیش کے ساتھ بھی منقول ہے۔ خلاصہ کلام یہ کہ مکنات جمع ہے اس لفظ کو تین طرح پڑھ سکتے ہیں: ۱ مَكِنَات ۲ مَكَنَات ۳ مَكُنَات۔ یعنی کاف مثلث الحرکات ہے۔ اس کا واحد مکنة ہے، اس کو دو طرح سے ضبط کیا گیا ہے۔ (۱) مَكِنَةٌ ۲ مَكَنَةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مکنات میم کے زبر اور کاف کی زیر کے ساتھ مکنیۃ کی جمع ہے جس کا معنی گوہ کے انڈے ہیں۔ دونوں حروف کو پیش بھی دیا جاتا ہے۔

خلاصہ: دونوں چیزیں مراد لی جاسکتی ہیں۔ پہلی صورت میں مطلب یہ ہوگا ان پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں رہنے دو اڑاؤ نہیں۔ دوسری صورت میں یہ ہوگا اگر پرندے انڈوں پر بیٹھے ہوں تو ان کے گھونسلوں کو ہلا کر ستاؤ مت۔

بعض حضرات کہتے ہیں اس میں ارشاد گرامی کا تعلق تطیر اور فال بدلنے کی ممانعت سے ہے۔ جیسا کہ عرب کا دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی کام کا قصد کرتا' یا کہیں کا سفر کرنے کا ارادہ کرتا تو پرندے کے گھونسلے پر آتا اور اس کو چھیڑ کر اڑاتا اگر وہ پرندہ داہنی طرف اڑتا تو مبارک جان کر اور فال نیک سمجھ کر اس کام کو کرتا یا سفر پر روانہ ہو جاتا اور اگر وہ پرندہ بائیں طرف اڑتا تو اس کو منحوس سمجھ کر اس کام یا سفر سے باز رہتا' اس کو تطیر کہتے ہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اس سے منع فرمایا کہ پرندہ جہاں ہو اس کو وہیں رہنے دو کہ اس کو مت اڑاؤ اور نہ اس سے بدفالی لو۔ نہ یہ تمہیں نفع دے سکتا ہے۔ اور نہ یہ تمہیں نقصان دے سکتا ہے۔

قوله :و سمعته يقول عن الغلام:

''سمعته'' ایک نسخہ میں صرف سمعت کے الفاظ منقول ہیں۔ ضمیر محذوف ہے۔''يقول'' اس میں دو احتمال ہیں۔ یہاں سے آگے کا حصہ اسی مجلس سے پہلے یا بعد حصہ سنا تھا۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ اسی مجلس میں سنا ہو۔ اس صورت میں ربط بیان کرنے کی ضرورت ہے۔ پہلا احتمال زیادہ راجح ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ جامع صغیر میں یہ حصہ علیحدہ سے منقول ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: رواہ ابو داؤد والی کم عنھا، و کذا قوله الآتی، وللترمذی الخ۔ اس عبارت سے صراحتاً معلوم ہو رہا ہے کہ یہ دو علیحدہ حدیثیں ہیں۔

امام طیبیؒ نے ربط بیان کیا ہے۔''انه ﷺ منعهم عن التطير فی شأن المولود وامرهم بالذبح والصدقه''۔

امور نحویہ: ''کن او اناثا''، ''کن'' کی ضمیر شیاہ کی طرف لوٹتی ہے اور ذکرانا کن اُوأنا ثا یضر کا فاعل ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہوگی:''لا يضركم كون شاة العقيقة ذكرانا اوأناثا''۔

شاتان فعل محذوف کا نائب فاعل ہے۔ أی یذبح عن الصبی...... امام طیبیؒ فرماتے ہیں کن کی ضمیر شاتین اور شاۃ کی طرف راجع ہے، اس میں تغلیب ہے، مؤنث کو مذکر پر غلبہ دیا گیا ہے۔ اور اشارہ ہے کہ قربانی میں مقدم ہے دوسری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ شاۃ، نملۃ، حمامۃ مذکر و مؤنث میں مشترک ہیں۔ کسی ایک کی تعیین قرینہ کے ذریعہ ہوگی۔

تخریج و توضیح: جامع صغیر میں ہے:عن الغلام عقيقتان وعن الجارية عقيقة''۔

(الجامع الصغير:۲/ ۳۴۷، الحدیث رقم ۵۶۲۲)

امام طبرانی نے یہ روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔ ﴿۲﴾ امام احمد ابوداؤد نسائی ابن ماجہ اور ابن حبان نے ام کرز سے نقل کی ہے۔ ﴿۳﴾ اسی طرح امام احمد اور ابن ماجہ نے حضرت عائشہ سے بھی نقل کیا ہے۔

﴿۴﴾ امام طبرانی نے حضرت اسماء بنت یزید سے بھی ایک روایت نقل کی ہے جس کے الفاظ یوں ہیں:''عن الغلام شاتان مكافأتان وعن الجارية شاة'' ﴿۵﴾ امام احمد ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان اور حاکم نے ام کرز، ﴿۶﴾ امام ترمذی نے سلمان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بن عامر اور حضرت عائشہ سے نقل کیا ہے۔ حضرت عائشہ والی حدیث کے الفاظ یوں ہیں: ''عن الغلام شاتان وعن الجارية شاتان لا يضركم ذكراناً كن ام اناثاً'' (الجامع الصغير ۲/۳٤۷، الحديث رقم ۵٦۲۳)

عقیقہ کی اہمیت

۴۱۵۳: وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيْقَتِهٖ يُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَيُسَمّٰى وَيُحْلَقُ رَاْسُهٗ (رواه احمد والترمذی وابوداود والنسائی لكن فی روايتهما) رَهِيْنَةٌ بَدَلَ مُرْتَهَنٍ (وفی رواية لاحمد وابی داود) وَيُدَمّٰى مَكَانَ يُسَمّٰى وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَيُسَمّٰى اَصَحُّ.

تخریج: اخرجه أبوداود الترمذی فی السنن ۳ / ۲۵۹ كتاب الضحايا' باب فی العقيقه' الحديث رقم ۲۸۳۸و ۲۷۳۸ والترمذی فی ٤ / ۸۵ الحديث رقم ۱۵۲۲ والنسائی فی ۷ / ۱٦٦' الحديث رقم ٤۲۲۰' وابن ماجه فی ۲ / ۱۰۵۷' الحديث رقم ۳۱٦۵' والدارمی ۲ / ۱۱۱ الحديث رقم ۱۹٦۹ وأحمد فی المسند ۵ / ۷

ترجمہ: ''اور حضرت حسن بصریؒ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ہر بچہ اپنے عقیقہ کے بدلے میں گروی ہے (اس کی پیدائش کے) ساتویں دن اس کے (عقیقہ کے) لئے (جانور) ذبح کیا جائے (ساتویں ہی دن) اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر منڈوایا جائے''۔ اس روایت کو احمد' ترمذی' ابوداؤد و نسائی رحمہم اللہ نے نقل کیا ہے لیکن ابوداؤد و نسائی کی روایت میں مرتھن کی بجائے رَهِيْنَةٌ ہے اور احمدؒ و ابوداؤدؒ کی ایک روایت میں يُسَمّٰى کے بجائے وَيُدَمّٰى ہے اور ابوداؤدؒ نے کہا ہے کہ لفظ يسمی ہی زیادہ صحیح ہے''۔

تشریح: مرتھن میم کے ضمہ اور ھاء کے فتحہ کے ساتھ مرھون کے معنی میں ہے۔

تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں راوی نے مرتہن کو رھینة کی جگہ ذکر کیا ہے۔ یہ مجازاً ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''طريق المجاز غير مسدود وليس بموقوف على السماع ولا يسترأب ان لا رتها هنا ليس ما خوذاً بطريق الحقيقة - اور صاحب نہایہ لکھتے ہیں: رهينة بعقيقة ان العقيقة لازمة له لا بدله منها فشبه فی لزومها وعدم الفاكه منه بالرهف فی يد لمنير المرتهن''۔

''تذبح'' واحد مؤنث کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ میں واحد مذکر غائب کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ اس صورت میں نائب فاعل ہوگا۔ ''یدمی'' میم کی تشدید کے ساتھ۔

امام احمدؒ نے تو اس ارشاد گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ جس بچے کا عقیقہ نہیں ہوتا اور وہ کم سنی میں مر جاتا ہے تو وہ اپنے والدین کی شفاعت نہیں کرے گا اور قتادہ سے مروی ہے کہ ان کی شفاعت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ بعض حضرات نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ جب تک والدین بچہ کا عقیقہ نہیں کرتے اس کو بھلائیوں سلامتی آفات اور بہتر نشوونما سے باز رکھا جاتا ہے اور پھر اس کے جو برے نتائج پیدا ہوتے ہیں وہ حقیقت میں والدین کے مواخذہ کا سبب بنتے ہیں کہ ترک عقیقہ انہوں نے ہی کیا

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ گروی ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ بچہ اپنے بالوں وغیرہ کی گندگی واذیت میں مبتلا رہتا ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں آیا ہے: فَاَمِيْطُوْا عَنْهُ الْاَذٰى (بچے سے اذیت کو ہٹاؤ) یعنی اس کے بال میل کچیل اور خون وغیرہ صاف کرو) لہٰذا جب بچہ کا عقیقہ ہوتا ہے تو وہ گویا سر کے بال وغیرہ صاف ہو جانے سے اس اذیت سے نجات پا جاتا ہے۔

يُدَمّٰى: یا کے پیش، دال کے زبر اور میم مفتوحہ کی تشدید کے ساتھ تدمیہ سے مشتق ہے جس کے معنی ''خون آلود کرنا'' ہیں۔ ایک روایت میں ويسمى (اور اس کا نام رکھا جائے) کی جگہ وَيُدَمّٰى ہے۔ لیکن جیسا کہ ابوداؤد نے کہا ہے کہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس جگہ لفظ ويسمى ہی ہونا چاہئے۔ شرح السنہ میں حسنؒ سے منقول ہے کہ نومولود کے سر کو عقیقہ کے جانور کے خون سے لت پت کیا جائے تاہم قتادہؒ نے ويدمى کی یہ تشریح کی ہے کہ جب عقیقہ کے جانور کو ذبح کیا جائے تو اس کے تھوڑے سے بال لے کر اس کی گردن کے سامنے رکھ دیئے جائیں تاکہ وہ (بال) اس کے خون سے آلودہ ہو جائیں جو ذبح کے وقت اس جانور کی رگوں سے نکلے اور پھر وہ خون آلودہ بال اس بچے کی چندیا پر اس طرح رکھ دیئے جائیں کہ خون اس کی چندیا پر ایک لکیر کی صورت میں بہے اور اس کے بعد بچہ کا سر دھو کر منڈوا دیا جائے۔ اکثر اہل علم نے نومولود کے سر کو عقیقہ کے جانور کے خون سے لت پت کرنے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے اور فرماتے ہیں کہ یہ عمل دراصل زمانۂ جاہلیت کی ایک رسم تھی جس کو منسوخ قرار دیا گیا۔ جیسا کہ اس باب کی تیسری فصل میں آنے والی حدیث سے واضح ہوگا۔

''يدمى'' والی روایت ضعیف ہے، صحیح روایت میں ''ويسمّى'' ہے اور بعض روایات میں آپ ﷺ نے بچے کے بدن سے اذیت اور سوکھی پلیدی کو دور کرنے کا حکم فرمایا تو اس کے سر کو تر خون سے آلودہ کر کے نجس کرنے کا حکم کیسے دیا جا سکتا ہے تاہم بعض علماء نے بچے کے سر کو خون سے آلودہ کرنے کے بجائے خلوق اور زعفران جیسی خوشبوؤں سے لتھیڑنا نقل کیا ہے۔ اھ بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد ختنہ کرانا ہے۔ یہ تشریح اقرب الی الصواب ہے۔ بشرطیکہ اس سلسلہ میں روایت صحیح طور پر ثابت ہو۔

نومولود کے بالوں کا بیان

۴۱۵۴: وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ عَقَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ وَقَالَ يَا فَاطِمَةُ اَحْلِقِيْ رَأْسَهُ وَتَصَدَّقِيْ بِزِنَةِ شَعْرِهٖ فِضَّةً فَوَزَنَّاهُ فَكَانَ وَزْنُهُ دِرْهَمًا اَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ (رواه الترمذی وقال هذا حد يث حسن غريب واسناده لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مُحَمَّدَبْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍؓ)

تخريج: اخرجه الترمذی فی السنن فی ٤ / ٨٤ كتاب الاضاحی' باب العقيقة بشاة' الحديث رقم ١٥١٩۔

ترجمہ: ''حضرت محمد بن علی بن حسینؒ (یعنی محمد باقر بن امام زین العابدینؒ بن سیدنا حسین شہیدؓ) حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ''رسول اللہ ﷺ نے بکری ذبح کی اور فرمایا کہ ''اے فاطمہ! اس (حسنؓ) کا سر مونڈ واور اس کے بال کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کر دو'۔ چنانچہ ہم نے ان بالوں کا وزن کیا تو وہ ایک درہم یا ایک درہم سے کم وزن کے تھے''۔ ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غریب ہے اور اس کی اسناد متصل یعنی مسلسل نہیں ہے۔ کیونکہ محمد بن علی بن حسین نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا ہے''۔

تشریح: ''عن الحسن شاۃ'' شاۃ : یہاں باتعدیہ کے لئے ہے یازائدہ ہے۔ بزنۃ: زاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ بمعنی ''وزن''۔

أو : اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ راوی کو شک ہوا ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ أو ہم معنی ''بل'' ہو۔

شرح السنہ میں لکھا ہے: بچہ اور بچی کے عقیقہ کے تسویہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ حضرت قتادہ اور حسن بصری تو بچی کے عقیقہ کے ہی منکر ہیں۔ ایک جماعت بچہ اور بچی کے عقیقہ کے مسئلے میں تسویہ کی قائل ہے۔ ان کی دلیل یہی حدیث ہے۔

حضرت عبداللہ سے منقول ہے کہ وہ بچے کے عقیقہ میں ایک بکری یا بکرا ذبح کرتے تھے، حضرت عروہ بن زبیر سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ امام مالکؒ کا بھی یہی قول ہے۔

ایک جماعت اس کی قائل ہے کہ بچے کیلئے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے گی۔ اس حدیث سے بچی کے عقیقہ کی نفی تو مستفاد نہیں ہو رہی البتہ بچے کے بارے میں یہ احتمال ظاہر ہو رہا ہے کہ لڑکے کے حق میں استحباب درجہ ایک بکری ہے اور کمال استحباب دو بکری ہے۔

لڑکے کے عقیقہ میں ایک بکری یا بکرا بھی ذبح کیا جا سکتا ہے۔ نیز ابوداؤدؒ نے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے عقیقہ میں ایک ایک مینڈھا ذبح کیا۔ یہ حدیث آگے آ رہی ہے۔ لیکن نسائیؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دو دو مینڈھے روایت کئے ہیں اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے مطلق نقل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے عقیقہ کیا ہے۔ اگرچہ ایک بکری کی روایت بھی صحیح ہے۔ جوہات ترجیح: ① لیکن زیادہ مضبوط اور زیادہ صحیح وہی روایت ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لڑکے کے عقیقہ میں دو بکریاں ذبح کی جائیں' کیونکہ اس روایت کو صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک پوری جماعت نے نقل کیا ہے ترمذیؒ نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں ان صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایتیں منقول ہیں: حضرت علیؓ' حضرت عائشہ' حضرت اُم کرز' حضرت بریدہ' حضرت سمرہ' حضرت ابوہریرہ' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت انس' حضرت سلمان بن عامر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم۔ ② ایک بکری ذبح کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ثابت ہے اور دو بکریاں ذبح کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ جو چیز قول سے ثابت ہو وہ فعل سے کہیں زیادہ مضبوط اور کہیں زیادہ مکمل سمجھی جاتی ہے' کیونکہ فعل کے بارے میں یہ بھی احتمال ہوتا ہے کہ وہ کسی مخصوص حالت سے متعلق ہو۔ جب کہ قول میں عمومیت واکملیت ہوتی ہے ③ فعل تو محض جواز پر دلالت کرتا ہے اور قول سے جواز کے ساتھ استحباب بھی ثابت ہوتا ہے۔

احتمال ہے کہ لڑکے کے حق میں استحباب کا کم سے کم درجہ ایک بکری ہو اور کمال استحباب دو بکری ہو جس حدیث میں ایک بکری یا ایک مینڈھے کا ذکر ہے اس کے بارے میں احتمال ہے کہ یہ حدیث کم سے کم درجہ پر اکتفا کرنے کے جواز کو ظاہر کرنے کے لئے ہو یا یہ کہ یہ حدیث دراصل اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ لازم اور ضروری نہیں ہے کہ لڑکے کے عقیقہ میں جو دو بکری یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو دو مینڈھے ذبح کیے جاتے ہیں، وہ دونوں ساتویں ہی دن ذبح ہوں۔ لہٰذا ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کی طرف سے ایک ایک بکری یا ایک ایک مینڈھا تو ان کی پیدائش کے دن ہی ذبح کر دیا ہو اور دوسری بکری یا دوسرے مینڈھے کو ساتویں دن ذبح کیا ہو اس تاویل وتوضیح کی صورت میں تمام روایتوں کے درمیان مطابقت ویکسانیت پیدا ہو جائے گی اور کوئی اشکال باقی نہیں رہے گا۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ آپ ﷺ نے ایک ہی مینڈھا یا ایک بکری کے ذریعہ عقیقہ کیا اور اس کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ یا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حکم فرمایا کہ دوسرا مینڈھا یا دوسری بکری وہ ذبح کریں۔ لہٰذا جس روایت میں ایک بکری یا ایک مینڈھے کا ذکر ہے اس میں تو گویا آپ ﷺ کی طرف یہ نسبت کہ آپ ﷺ نے ایک بکری یا ایک مینڈھے کے ذریعہ عقیقہ کیا حقیقت کے اعتبار سے ہے اور جس روایت میں آپ ﷺ کی طرف دو بکری یا دو دنبے کو ذبح کرنے کی نسبت کی گئی ہے وہ مجازاً ہے۔

احلقی رأسه: یہ حکم یا تو حقیقتاً تھا کہ فاطمہ تم اپنے ہاتھ سے اس کا سر مونڈو، یا حضرت فاطمہ کی طرف اسناد مجازی ہے اور یہ مطلب تھا کہ کسی دوسرے شخص کو حکم دو کہ اس کا سر مونڈ دے۔ یہ امر (یعنی آپ ﷺ کی طرف سے سر مونڈنے کا حکم دیا جانا) استحباب کے طور پر ہے۔ اسی طرح بالوں کو وزن کرنے کا حکم بھی بطریق استحباب کے ہے۔

۴۱۵۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ كَبْشاً كَبْشًا (رواه ابو داؤد عند النسائی) كَبْشَيْنِ كَبْشَيْنِ.

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ۳ / ۲۶۱ كتاب الضحايا، باب في العقيقة، ح ۲۸۴۱ والنسائی في ۷ / ۱۶۶، الحديث رقم ۴۲۱۹

ترجمہ: ''اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کے عقیقہ میں ایک ایک مینڈھا ذبح کیا۔ (ابوداؤد) اور نسائی نے دو دو مینڈھے نقل کیے ہیں''۔

اللُّغَاتُ: امام طیبی: فرماتے ہیں عق اگر متعدی نہ ہو تو منصوب بنزع الخافض ہوگا قاموس میں لکھا ہے: **عق شق وعن المولود ذبح عنه**"۔ **عق** کے معنی ہیں شق: اور **عق عن المولود** کے معنی ہیں نومولود کی طرف سے ذبح کرنا۔ **کبشا کبشا**: امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب ہے: **عق عن کل واحد بکبش**۔اھ

عقیقہ کے استحباب کا بیان

۴۱۵۶: وَعَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيْقَةِ فَقَالَ لَا يُحِبُّ الْعُقُوْقَ كَاَنَّهٗ كَرِهَ الْاِسْمَ وَقَالَ مَنْ وُلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَاَحَبَّ اَنْ يَنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَنْسُكْ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَيْنِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةً۔ (رواه ابوداود والنسائی)

تخریج: اخرجه أبوداود في السنن ۳ / ۲۶۲، كتاب الاضاحی، باب في العقيقة، الحديث رقم ۲۸۴۲ والنسائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی السنن ۷ / ۱٦۲' الحدیث رقم ٤۲۱۲ وأحمد فی المسند ۲ / ۱۸۲

ترجمہ: ''اور حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیقہ کے بارے میں سوال کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ عقوق کو پسند نہیں کرتا۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس فعل کو) لفظ عقیقہ سے موسوم کئے جانے کو ناپسند فرمایا اور پھر فرمایا کہ جس شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا اور وہ اس کی طرف سے (جانور) ذبح کرنے کو پسند کرے تو اس کو چاہئے کہ وہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کرے''۔ (ابوداؤد'نسائی)

قوله :فقال :لا یحب العقوق:

تشریح: ''وقال'' اس کا عطف ہے۔فقال پر، درمیان کا کلام (کانہ کرہ الاسم) جملہ معترضہ ہے۔ جو کسی راوی کا کلام ہے۔

''من ولد له'' ایک صحیح نسخہ میں ''من ولد له ولد'' کے الفاظ منقول ہیں۔ ''من ولدلہ' والے نسخہ کی بنیاد پر عنہ کی ضمیر'' مولود'' کی طرف راجع ہوگی اور من ولدلہ ولد والے نسخہ کی بنیاد پر عنہ کی ضمیر''ولد'' کی طرف راجع ہوگی۔

''ینسك''سین کے پیش کے ساتھ ہے۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا لڑکا بڑی عمر میں پہنچ کر والدین کے حق میں عاق نہ ہو یعنی والدین کی نافرمانی کرنے والا نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اس کی چھوٹی عمر میں عقیقہ (کا جانور) ذبح کرے' کیونکہ والدین کا عقوق (یعنی والدین کا اپنے بچے کا عقیقہ نہ کر کے گویا ایک طرح کی نافرمانی کرنا) دراصل لڑکے کے عقوق (یعنی لڑکے کے نافرماں بردار ہو جانے) کا باعث ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ عقوق کو کسی حالت میں پسند نہیں کرتا۔ اس اعتبار سے حدیث کے الفاظ گویامن ولدله (جس شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا الخ) کی تمہید کے طور پر ہیں۔

www.KitaboSunnat.com

قوله کانه کره الاسم :

روایت کے یہ الفاظ کسی راوی کے اپنے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عقیقہ کو'عقیقہ' کے لفظ سے موسوم کئے جانے کو پسند نہیں فرمایا تاکہ یہ گمان نہ ہو کہ یہ ''عقیقہ'' عقوق سے مشتق ہے۔جس کے معنی والدین سے سرکشی اور ان کی نافرمانی کرنا ہیں) جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پسند فرمایا کہ اس کو اس سے بہتر نام مثلاً ذبیحہ یانسیکہ سے موسوم کیا جائے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ برے نام کو اچھے نام سے بدل دیتے تھے (نہایہ) تورپشتی نے کہا ہے کہ آنحضرتؐ کی طرف اس بات کی نسبت کہ (گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''عقیقہ'' کہے جانے کو ناپسند فرمایا) غیر موزوں ہے۔ کیونکہ آنحضرت نے اپنے کتنے ہی ارشادات میں ''عقیقہ'' ہی کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک یہ لفظ ناپسندیدہ ہوتا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لفظ عقیقہ کیوں ارشاد فرماتے' بلکہ کوئی دوسرا لفظ ارشاد فرماتے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تو یہ تھی کہ اگر آپ کو کوئی نام ناپسندیدہ لگتا تو اس کو تبدیل فرم دیتے تھے یا اس نام کی کراہت بتانے کی خاطر وہ نام رکھنے سے ہی منع فرمادیتے تھے چنانچہ ایک حدیث میں آتا ہے: **لا تقولو الاسم للعنب الکرم** ۔اس طرح کی کئی احادیث موجود ہیں ایک توجیہ بھی ممکن ہے کہ سائل نے سوال کیا ہو عقیقہ کے بارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں اس کو عقیقہ کی صحیح شرعی حیثیت واضح نہ ہو اس کو تردد ہو کہ عقیقہ کرنا مستحب ہے، کہ مکروہ ہے، واجب ہے، یا مندوب ہے اور وہ یہ چاہتا ہو کہ مجھے اصل صورت حال معلوم ہو جائے اور عقیقہ کی حیثیت تو بالکل واضح ہے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا جواب ارشاد فرمایا کہ جس میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس باب میں عقوق کو ناپسند کرتا ہے، عقیقہ کو نہیں۔ لیکن اس سلسلے میں اگر یہ کہا جائے تو زیادہ بہتر رہے گا کہ یہ احتمال ہے کہ سوال کرنے والے نے یہ گمان کیا ہو کہ مادۂ اشتقاق میں عقیقہ اور عقوق کا مشترک ہونا اس بات کا متقاضی ہے کہ حکم کے اعتبار سے عقیقہ کی زیادہ اہمیت نہ ہو۔ لیکن آنحضرتؐ نے اپنے جواب کے ذریعہ یہ واضح کر دیا کہ امر واقعی اس کے خلاف ہے۔ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ اس حدیث میں "عقوق" والد کے لئے مستعار ہو، جیسا کہ حقیقت میں ہوتا ہے کہ مولود اگر اپنے والدین کے حقوق کی ادائیگی نہ کرے ادائیگی سے انکار کر دے تو وہ "عاق" شمار ہوتا ہے، چنانچہ باپ بھی اگر مولود کے حقوق کی بجا آوری سے انکار کر رہا ہے تو وہ بھی بطور اتباع "عاق" ہے۔ کو حقوق علی التساع قرار دے دیا اور فرمایا کہ اللہ عقوق کو پسند نہیں کرتا۔ **أی ترك ذلك من الوالد مع قدرته علیه یشبه اضاعة المولود حق أبویه ولا یحب الله ذلك** ۔اھ

کہ باپ کا اولاد کی طرف سے عقیقہ نہ کرنا، باوجودیکہ وہ قادر ہو، ایسا ہے جیسے اولاد کا اپنے والدین کے حقوق کو ضائع کرنا۔

نومولود کے کان میں اذان دینا

۴۱۵۷: وَعَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِیْ اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ حِیْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ بِالصَّلٰوةِ۔ (رواہ الترمذی وابوداود وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح)

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۵ / ۳۳۳، کتاب الادب، باب فی الصبی یولد فیوذن فی اذنه، الحدیث رقم ۵۱۰۵ والترمذی فی ۴ / ۸۲ الحدیث رقم ۱۵۱۴، وأحمد فی المسند ۶ / ۹

ترجمہ: "اور حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کان میں اذان دی، اور وہ اذان نماز کی اذان کے مثل تھی۔ (ترمذی، ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے"۔

تشریح: "أذن" دال کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ سکون پڑھنا بھی درست ہے۔ اس سے مراد أذان الصلاۃ ہے۔ جار مجرور أذّن کے متعلق ہے۔

شرح السنہ میں لکھا ہے: جب کوئی بچہ پیدا ہوتا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز اس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت پڑھا کرتے۔ **من ولد له ولد فأذن فی أذنه الیمنی وأقام فی اذنه ایسری لم تضره أم الصبیان**

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچہ کی پیدائش کے بعد اس کے کان میں اذان دینا سنت ہے۔ مسند ابو یعلی موصلی میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے بطریق مرفوع (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ "جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور وہ اس کے دائیں کان میں اذان دے اور بائیں کان میں تکبیر کہے، تو اس کو ام الصبیان سے ضرر نہیں پہنچے گا۔ نیز امام نوویؒ نے کتاب "الروضہ" میں لکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ بچے کے کان میں یہ الفاظ کہنا بھی مستحب ہیں: اِنِّی اُعِیْذُھَا بِكَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

امام سیوطیؒ نے جامع صغیر میں بھی اس طرح لکھا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس آیت مبارکہ کی اذان کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ اذان کی وجہ سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ جس طرح اعوذ باللّٰہ پڑھنے سے بھاگتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے "اذا نودی للصلوٰۃ ادبر الشیطان له ضراط حتی لا یسمع التأذین"۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: بچے کے کان میں اذان دینے کی حکمت یہ ہے کہ بچے کے کان میں سب سے پہلے اللہ کے ذکر کی اطلاع بطور دعوت الی الایمان والصلاۃ پہنچے کیونکہ نماز ایمان کا بنیادی رکن ہے۔

الفصل الثالث:

زمانۂ جاہلیت اور اسلام میں عقیقہ کا بیان

۴۱۵۸: عَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ کُنَّا فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اِذَا وُلِدَ لِاَحَدِنَا غُلَامٌ ذَبَحَ شَاۃً وَلَطَخَ رَاْسَهٗ بِدَمِھَا فَلَمَّا جَآءَ الْاِسْلَامُ کُنَّا نَذْبَحُ الشَّاۃَ یَوْمَ السَّابِعِ وَنَحْلِقُ رَاْسَهٗ وَنَلْطَخُهٗ بِزَعْفَرَانٍ (رواہ ابوداود وزاد رزین) وَنُسَمِّیْهِ۔

تخریج: اخرجه أبوداود فی السنن ۳ / ۲۶۳' کتاب الاضاحی' باب فی العقیقه' الحدیث رقم ۲۸۴۳۔

ترجمہ: "حضرت بریدہؓ کہتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں ہمارا یہ دستور تھا کہ جب ہم میں سے کسی کے ہاں لڑکا پیدا ہوتا تو وہ بکری ذبح کرتا اور اس (بکری) کا خون اس (لڑکے) کے سر پر ملتا لیکن جب اسلام کا زمانہ آیا تو ہم (بچے کی پیدائش کے) ساتویں دن بکری ذبح کرتے' اس کا سر مونڈتے اور اسکے سر پر زعفران ملتے (ابوداؤد) اور رزینؒ کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ ہم (ساتویں ہی دن) اس کا نام رکھتے"۔

تشریح: قوله کنا فی الجاهلیة اذا ولد......:

"کنا فی الجاهلیت اذ" ایک نسخے میں "اذ" کی جگہ "لذ" منقول ہے۔

"لطخ" طاء کی تخفیف کے ساتھ۔ "ونلطحه" طاء کے زبر کے ساتھ۔ قاموس میں لکھا ہے کہ زعفران مشہور چیز ہے، اس کی خاصیت ہے کہ جس گھر میں زعفران ہو وہاں "سام ابرص" (چھپکلی) داخل نہیں ہوتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتَابُ الْاَطْعِمَةِ

خوردونوش کا بیان

شرح الالفاظ ''القاموس'' میں ہے کہ ''طعام'' گندم کو اور کھانے کی چیز کو کہتے ہیں۔ اس کی جمع ''اطمعه'' آئی ہے' اور مراد اشیاء خوردونوش دونوں ہیں' چنانچہ اس میں تغلیب ہے' یا یہ **طعم یطعم طعما** ضمہ کے ساتھ' بمعنی ''ذاق'' چکھنا سے موخوذ ہے۔

الفصل الاول:

سامنے سے اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ

۴۱۵۹: عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا فِیْ حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَكَانَتْ يَدِیْ تَطِيْشُ فِی الصَّحْفَةِ فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ۔ (متفق علیه)

ترجمہ: حضرت عمر بن ابوسلمہؓ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کی پرورش میں چھوٹا بچہ تھا۔ برتن میں میرا ہاتھ گھومتا تھا۔ یعنی بچوں کی عادات کی طرح برتن میں ہر طرف ہاتھ ڈالتا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ بسم اللہ کہو اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اور اپنے سے متصل جانب سے کھاؤ۔ یہ روایت بخاری ومسلم نے نقل کی۔

تشریح: قوله: كُنْتُ غُلَامًا فِیْ حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَكَانَتْ يَدِیْ تَطِيْشُ فِی الصَّحْفَةِ:

غلام: یہاں صبی (بچہ۔ جو جوان سے کم عمر ہو) کے معنی میں ہے۔

حجر: حاء کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ' بمعنی حضن (پرورش)

تطیش: طاش السهم اس وقت بولا جاتا ہے جب تیر ہدف سے ہٹ جائے۔ بعض نے اس کے معنی یہ بیان کئے ہیں:

ی تخف و تتناول فی القصعة من کل جانب۔

''الصحفة'': وہ رکابی جس سے پانچ آدمی سیر ہو جائیں اور ''قصعة'' وہ رکابی جس سے دس آدمی سیر ہو جائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ سَمِّ اللهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ

جمہور علماء کی رائے ہے کہ حدیث میں مذکور تینوں اوامر ندب کے لئے ہیں۔

فرماتے ہیں: اس سے ان چند باتوں کا مستحب ہونا معلوم ہوا:

اول: کھانے کی ابتداء میں تسمیہ نیز اونچی آواز سے پڑھنا کہ دوسرا بھی سن لے۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں کہ تسمیه جهراً پر یہ حدیث دلالت نہیں کرتی البتہ کوئی اور دلیل ہوسکتی ہے۔

پانی، دودھ، شہد، شوربہ، دواء اور دیگر تمام مشروبات پیتے وقت تسمیہ کا وہی حکم ہے جو کھانا کھاتے وقت کا ہے۔ ثالث: مناسب یہ ہے کہ کھانا کھانے والے تمام افراد تسمیہ پڑھیں۔ اگر کسی نے ایک ہی تسمیہ پڑھی تو تب بھی اصل سنت پوری ہو جائے گی۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات جمہور کے مذہب کے مخالف ہے۔ چونکہ ان حضرات کا مذہب یہ ہے کہ تسمیہ ہر شخص کے لئے مستقل سنت ہے۔

رابع: اپنے سامنے سے کھانا مستحب ہے۔ چونکہ اپنے ساتھ شریک کے سامنے سے کھانا بدتہذیبی کی بات ہے۔ خاص طور پر جب کہ شوربہ وغیرہ ہو۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اپنے سامنے کھانا سنت ہے اگر چہ اکیلا ہی کیوں نہ کھا رہا ہو۔ اس بات کی تصریح شافعیہ اور دوسرے حضرات نے کی ہے۔

خامس: اگر کھجوریں ہوں تو طشت میں ہر جگہ سے کھجور لے سکتا ہے۔ یہ مباح ہے۔ لیکن مناسب یہ ہے کہ نہی کو عام رکھا جائے اِلّا یہ کہ کوئی دلیل مخصص ہو۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں اس باب کی فصل ثانی کے آخر میں ترمذی کی حدیث عنقریب آرہی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

"یا عکراش! كل من حيث شئت فإنه من غير لون واحد"

"عکراش! جدھر سے جی چاہے کھاؤ کیونکہ چھوہارے ایک قسم کے نہیں ہیں۔"

شمائل ترمذی میں عمر بن ابی سلمہ کی حدیث میں یہ ہے کہ وہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آئے۔ آنحضور کے پاس اس وقت کھانا رکھا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"أدن يا بنی! فسم الله تعالى! وكل بيمينك! وكل مما يليك"

"بیٹا! قریب ہو جاؤ اللہ کا نام لو (یعنی بسم اللہ کہو) اور داہنے ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے آگے سے کھاؤ۔"

ان دونوں حدیثوں میں تطبیق کی ضرورت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ والا کھانا شیطان کے لئے حلال نہیں

۴۱۶۰: وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّا يُذْكَرَاسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ۱۵۹۷/۳ الحديث رقم (۱۰۲-۲۰۱۷)، وأبو داوٗد فی السنن ۱۳۹/٤ الحديث رقم ۳۷٦٦، وأحمد فی المسند ۳۸۳/٥۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کھانے پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جائے تو شیطان وہ کھانا اپنے لئے حلال سمجھتا ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ان لایذکر: اصل میں ''بأن'' یا ''لأحل ان'' ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں:

''''ان لا یذکر'' میں ''أن'' مصدریہ ہے۔ اس سے پہلے ''لام'' یا ''وقت'' مقدر ہے۔

یعنی جس کھانے پر ابتداء میں یاد آجانے کے بعد یا درمیان میں یا کھانا کھا چکنے کے بعد خدا کا نام نہ لیا جائے، اس کو شیطان اپنے لئے حلال سمجھتا ہے، اور شیطان اس کھانے پر قادر ہو جاتا ہے اور کھانے والے کے ساتھ وہ بھی اس میں سے کھاتا ہے۔

حدیث کا ظاہر تو یہ ہے کہ اللہ جل شانہ کا عمومی ذکر کافی ہے اگرچہ دِل میں ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن معتمد یہ ہے کہ تسمیہ زبان سے پڑھا جائے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: حدیث اپنے ظاہر پر محمول ہے چونکہ شیطان حقیقۃً کھاتا ہے۔ یہ بات عقلاً محال ہے اور نہ شریعت ہی نے انکار کیا ہے بلکہ شرعاً یہ بات ثابت ہو رہی ہے لہٰذا اس کو قبول کرنا اور اس پر اعتقاد رکھنا ضروری ہے۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کھانا کھانے والے جب ابتداء میں تسمیہ نہیں پڑھتے تو ترک تسمیہ کی وجہ سے شیطان برکت لے اڑتا ہے، کھانے کی برکت ہی شیطان کا حصہ ہے۔ اور استحلال کا مطلب یہ ہے کہ تسمیہ شیطان کو کھانے سے روک دیتی ہے۔ جیسا کہ تحریم مؤمن کو حرام شئے کے استعمال سے روکتی ہے۔ استحلال کہتے ہیں ''استنزال الشیئ المحرم محل الحلال'' (کسی حرام شئی کو حلال چیز کی جگہ رکھنا)۔ یہ اصل میں '' حل العقدۃ'' سے مستعار ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: گویا کہ تسمیہ کا چھوڑنا اللہ کی طرف سے شیطان کو کھانے کی اجازت ہے۔ جب کہ ابتداء میں تسمیہ پڑھنا اس کیلئے کھانے میں رکاوٹ ہے۔ اس اعتبار سے یہ ''استعارہ تبعیہ'' ہے۔

اللہ تعالیٰ کی یاد سے خالی گھر شیطان کی رہائش گاہ

۴۱۶۱: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ وَعِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ الشَّيْطٰنُ لَا مَبِيْتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ قَالَ الشَّيْطٰنُ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَالْعَشَاءَ۔ (رواه مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۵۹۸ الحدیث رقم (۱۰۳-۲۰۱۸)' وأبو داوٗد فی السنن ۱۳۸/٤ الحدیث رقم ۳۷٦٥' وابن ماجه فی السنن ۱۲۷۹/۲ الحدیث رقم ۳۸۸۷' وأحمد فی المسند ۳۸۳/۳۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی شخص اپنے گھر میں داخل ہو یعنی رہائش گاہ میں تو داخلے کے وقت اور کھانے کے وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرے تو شیطان اپنے تابعداروں سے کہتا ہے کہ اس گھر میں نہ تمہاری جگہ ہے اور نہ کھانا۔ اور جب داخلہ کے وقت اللہ تعالیٰ کو یاد نہ کرے تو شیطان اپنے پیروکاروں سے کہتا ہے کہ تمہارے لئے رہائش مل گئی۔ اور جب کھانے کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کو یاد نہ کرے تو شیطان کہتا ہے کہ تمہیں کھانا اور جگہ دونوں مل گئے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: **إِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَذَكَرَ اللهَ ...... قَالَ الشَّيْطَانُ لَا مَبِيتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ**:

مبیت: (ظرف کا صیغہ ہے) رات گزارنے کا مسکن۔

"**بیته**" بظاہر یہاں بیت کے عام معنی مراد ہیں۔ شارح کہتے ہیں: **المبیت**: مصدر یا ظرف مکان ہے۔

"**عشاء**": فتحہ اور مد کے ساتھ، شام کے کھانے کو کہتے ہیں جو نماز مغرب سے نماز عشاء کے درمیان کھایا جائے۔ عشاء کے علاوہ دوسرے اوقات کے کھانے کو بھی "**عشاء**" کہتے ہیں۔

اس کلام کا مخاطب کون ہے؟ اس بارے میں اختلاف ہے:

1. یہ خطاب شیطان کی ذریّت اور اس کے چیلوں سے ہے کہ آج رات تمہارے لئے نہ تو رہنے کیلئے جگہ ہے اور نہ کھانا۔ تسمیہ پڑھنے کی وجہ سے تم محروم کر دیئے گئے ہو۔
2. قاضیؒ فرماتے ہیں: یہ خطاب اس کے "اعوان" (چیلوں) سے ہے۔ مراد یہ ہے کہ آج رات اس گھر میں تمہارا کوئی حصہ نہیں چونکہ اہل خانہ اپنے آپ کو اور اپنے کھانے کو تمہاری دسترس سے محفوظ بنا چکے ہیں۔ اس کی تحقیق یہ ہے کہ جس وقت آدمی غفلت میں ہوتا ہے اور اللہ کی یاد بھلا ڈالتا ہے تو شیطان اس فرصت کے وقت کو غنیمت جانتا ہے۔ اور جب آدمی متیقظ محتاط ہوتا ہے اور ہر وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان کا اس پر بس نہیں چلتا کہ وہ کیسے گمراہ کرے تو وہ بالکل نا امید ہو جاتا ہے۔
3. مظہر اور اشرفؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے یہ خطاب حضرت انسان اور اسکے اہل خانہ ہی سے ہو۔ بطور بدّ دعا کے شیطان کی طرف سے۔ امام طیبیؒ نے فرمایا کہ اگلہ جملہ: "**وإذا دخل بذكر الله** ......" اس بات کی تردید کرتا ہے۔

بظاہر مراد یہ ہے: "**لا مقام لكم**" یعنی تمہارے لئے کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔

"**ما بين العشاء ين**:" **تغليباً** کہا جاتا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ اس مکان میں تمہیں نہ ٹھہرنے کی جگہ میسر آئے گی، نہ کھانے میسر آئے۔

قوله: **وَإِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللهَ...... قَالَ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَالْعَشَاءَ**:

اس کلام کے مخاطبین اس کے مددگار ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ مراد لینے میں کوئی مانع نہیں کہ یہ جملہ اہل خانہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے دعائیہ ہو۔''مبیت'' اور''عشاء'' کا ذکر غالب احوال کے اعتبار سے ہے۔ چونکہ یہ عام افعال پر بھی صادق آتا ہے۔ (یہ بات طیبیؒ نے ذکر کی ہے)۔

یا اہل خانہ کیلئے بددعا ہے۔أی: جعلتم محرومين كما جعلتموني محروما۔ (تم محروم کر دیئے جاؤ جس طرح تم نے مجھے محروم کر دیا۔)

کھانا کھاتے وقت اللہ کا ذکر بھول جانے کی وجہ یہ ہے کہ آدمی کھانے کی لذت سے لطف اندوز ہو رہا ہوتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس بھول کا باعث کھانے کی بھینی بھینی خوشبو ہو۔ ذکر اللہ ہی درحقیقت شیطان کے لئے کھانے سے رکاوٹ بنتا ہے۔

دائیں ہاتھ سے کھاؤ پیو

۴۱۶۲: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَكَلَ اَحَدُ كُمْ فَلْيَاْكُلْ بِيَمِيْنِهٖ وَاِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهٖ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۵۹۸ الحدیث رقم (۱۰۵۔۲۰۲۰) وابوداود فی السنن ٤/١٤٤ الحدیث رقم ٣٧٧٦ والترمذی فی ٤/٢٢٧الحدیث رقم ١٨٠٠ والدارمی فی ٢/١٣٢ الحدیث ٢٠٣٠، وأحمد فی المسند ٢/٣٤٩۔

ترجمه: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم کھاؤ تو دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور جب پیو تو دائیں ہاتھ سے پیو۔ یعنی پانی والا برتن دائیں ہاتھ میں پکڑو۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: بعض حضرات اس کے ظاہر کی بنیاد پر ان کے وجوب کے قائل ہیں۔

ان حضرات کا پہلا مؤید صحیح مسلم میں حضرت سلمہ بن اکوعؓ کی حدیث ہے:

أن النبي ﷺ رأى رجلا يأ كل بشماله فقال له: كل بيمينك، قال: لا أستطيع، قال: لا استطعت، فما رفعها إلى فيه بعدُ، کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بائیں ہاتھ سے کھایا آپ نے اس سے فرمایا اپنے داہنے ہاتھ سے کھاؤ' تو اس نے کہا اسکی طاقت نہیں رکھتا آپ نے فرمایا تجھے اس کی استطاعت نہ ہو۔ اس کے بعد اس کا ہاتھ مُنہ کی طرف نہ اٹھ سکا۔

ان حضرات کا دوسرا مؤید طبرانی کی یہ روایت ہے:

أن النبي ﷺ رأى سبيعة الاسلمية تأكل بشمالها فدعا عليها، فأصابها طاعون فماتت۔

جمہور اس روایت کو زجر و سیاست پر محمول کرتے ہیں۔

بائیں ہاتھ سے کھانا شیطانی عمل

۴۱۶۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَاْكُلَنَّ اَحَدُكُمْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَشْرِبَنَّ بِهَا فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَاْكُلُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِشِمَالِهٖ وَيَشْرَبُ بِهَا۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ۱۵۹۸/۳ الحديث رقم (۱۰۶۔۲۰۲۰)'وأبو داوٗد فی السنن ۱٤٤/٤ الحديث رقم ۳۷۷٦' والترمذی فی السنن ۲۲٦/٤ الحديث رقم ۱۷۹۹ ومالك فی الموطأ ۹۲۲/۲ الحديث رقم ٦ من كتاب صفة النبی ﷺ وأحمد فی المسند ۳۳/۲۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔تم بائیں ہاتھ سے مت کھاؤ اور نہ پیو۔ اس لئے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ شیطان اپنے انسانی دوستوں کو اس پر ابھارتا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے درمیان مخالفت پیدا کرے۔یہ بات اللہ کی نعمتوں کے حق اور ادائے شکر میں سے ہے کہ اس چیز کا اکرام کیا جائے، اس کی اہانت نہ کی جائے اور حق کرامت یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے لیا دیا جائے، اور اس کے ذریعہ ''نعمت'' اور ''اُذیٰ'' میں فرق ہوتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ تم میں سے کوئی بھی شخص اپنے بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ پیئے، اس لئے کہ اگر ایسا کیا تو تم بھی شیطان کے اولیاء بن جاؤ گے۔چونکہ شیطان اپنے انسانی دوستوں کو ان کاموں پر ابھارتا ہے۔

امام نوویؒ نے فرمایا: ایسے تمام کاموں سے اجتناب کرنا چاہیے جو افعال شیاطین کے مشابہ ہوں اور شیطان کے دو ہاتھ ہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: حدیث اپنے ظاہر پر محمول ہے جیسا کہ پچھلی حدیث کے ذیل میں بھی گزرا۔

تخریج ...... امام احمد نے بھی یہ روایت یوں ہی بیان کی ہے۔اور ابوداؤد۔البتہ اس حدیث کو نسائی نے حضرت ابو ہریرہ سے، اور ابن ماجہؒ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: ''**لا تاكلوا بالشمال فإن الشيطان ياكل بالشمال**''۔

''بائیں ہاتھ سے نہ کھایا کرو۔کیونکہ بائیں ہاتھ سے کھانا شیطان کا کام ہے۔''

حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں حضرت ابو ہریرہ سے سند حسن کے ساتھ یوں روایت کیا ہے:

''**إذا أكل احدكم فلياكل بيمينه وليشرب بيمينه' وليأخذ بيمينه' وليعط بيمينه، فإن الشيطان ياكل بشماله ويشرب بشماله ويعطى بشماله ويأخذ بشماله۔**''

''جب تم میں سے کوئی کچھ کھائے تو داہنے ہاتھ سے کھائے' اور داہنے ہاتھ سے پیئے' اور داہنے ہاتھ سے پکڑے' اور داہنے ہاتھ سے لے' اور داہنے ہاتھ سے دے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے اور بائیں ہاتھ سے دیتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پکڑتا ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین اُنگلیوں سے کھانا اور چاٹنا

۴۱۶۴: وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَاْكُلُ بِثَلَاثَةِ اَصَابِعَ وَيَلْعَقُ يَدَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّمْسَحَهَا۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فى صحيحه ۳/۱۶۰۵ الحديث رقم (۱۳۱۔۲۰۳۲)‘وأحمد فى المسند ۳/۴۵۴۔

ترجمہ: حضرت کعب بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ تین انگلیوں سے کھاتے یعنی انگوٹھے‘ شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی سے اور اپنا ہاتھ چاٹ لیتے یعنی کھانے سے فراغت کے بعد چاٹ لیتے اس سے قبل کہ رومال سے صاف کریں۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَاْكُلُ بِثَلَاثَةِ اَصَابِعَ:

یہاں تین انگلیوں سے مراد انگوٹھا، شہادت کی انگلی اور بیچ والی بڑی انگلی ہے۔ اور تین انگلیوں پر اس لئے اکتفاء کرتے تھے کہ یہ زیادہ نافع ہے۔

امام نوویؒ نے فرمایا: تین انگلیوں سے کھانا سنت ہے۔ بلاضرورت چوتھی اور پانچویں انگلی نہ ملائی جائے۔ اھ۔

ایک انگلی سے کھانے میں لذت محسوس نہیں ہوتی ہے اور سیری حاصل نہیں ہوتی چونکہ بالکل تھوڑی مقدار منہ میں جاتی ہے‘ جس کی وجہ سے اس کی برکت ایسی ہے کہ گویا کوئی شخص اپنا حق دانہ دانہ کر کے لے رہا ہو۔ نیز یہ متکبرین کی عادت ہے۔

دو انگلیوں سے کھانے میں نا صرف یہ کہ لذت کامل حاصل نہیں ہوتی بلکہ یہ شیاطین کا کام بھی ہے، علاوہ ازیں عدد طاق بھی فوت ہو جاتا ہے۔ ”والله وتر يحب الوتر“ اللہ طاق ہے‘ طاق کو پسند کرتا ہے۔

اور پانچ انگلیوں سے کھانے میں قباحت یہ ہے کہ یہ فعل اصحاب حرص کا ہے‘ علاوہ ازیں خوراک کی نالی پر کھانے کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے اور بعض مرتبہ یہ نالی بند ہو جانے کی وجہ سے اچانک موت بھی واقع ہو جاتی ہے۔

ایک مرسل روایت میں آیا ہے: انه ﷺ كان إذا أكل أكل بخمس،

یہ روایت حدیث باب کے متعارض ہے۔ اس تعارض کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں:

1. یہ حدیث مائعات پر محمول ہے۔
2. بیان جواز کیلئے شاذ و نادر پانچوں انگلیاں بھی استعمال فرمائی ہیں۔ چونکہ آنحضور ﷺ کی عام عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ تین انگلیوں سے کھاتے تھے اور کھانے کے بعد انگلیاں چاٹ لیتے تھے۔

قوله: وَيَلْعَقُ يَدَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّمْسَحَهَا:

يلعق: عین کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

انگلیاں چاٹنے میں ترتیب یہ ہو کہ پہلے وسطی چاٹی جائے، پھر انگوٹھا چاٹا جائے۔

چاٹنے سے پہلے رومال سے صاف کرنا جابر و ظالم لوگوں کی عادت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام نوویؒ نے فرمایا: کھانے کی سنتوں میں سے ایک سنت انگلیوں کا چاٹنا ہے۔ تا کہ کھانے کی برکت بھی برقرار رہے اور صفائی وستھرائی بھی۔

تخریج......اسی طرح احمد اور ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔ حضرت انسؓ سے مروی احمد، مسلم اور اصحاب کتب ثلاثہ کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

كان إذا أكل طعاما لعق أصابعه الثلاثة۔

ترمذی میں حضرت کعب بن مالک سے مروی روایت کے الفاظ یوں ہیں:

كان رسول الله ﷺ يأكل بأصابعه الثلاثة ويلعقهن۔

طبرانی نے یہ حدیث عامر بن ربیعہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: كان يأكل بثلاث أصابع ويستعين بالرابعة۔

"حضور ﷺ کی عادت شریف تین انگلیوں سے کھانا تناول فرمانے کی تھی اور چوتھی سے بھی مدد لیا کرتے تھے۔"

کونسا نوالہ برکت والا

۴۱۶۵ : وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اَمَرَ بِلَعْقِ الْاَ صَابِعِ وَالصَّحْفَةِ وَقَالَ اِنَّکُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِیْ اَیَّةِ الْبَرَکَةُ۔ (رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۰۶ الحدیث رقم (۱۳۳۔۲۰۳۳)۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے رکابی اور انگلیوں کے چاٹنے کا حکم دیا۔ اور ارشاد فرمایا کہ تمہیں نہیں معلوم کہ کونسا نوالہ برکت والا ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: وعن جابر اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اَمَرَ بِلَعْقِ الْاَ صَابِعِ وَالصَّحْفَةِ:

"عن جابر ان": ایک نسخہ میں "قال: إن" ہے۔

امر بلعق الاصابع و الصحفة: یہاں واؤ مطلق جمع کیلئے ہے (نا کہ ترتیب کے لئے۔ چونکہ رکابی پہلے چاٹی جاتی ہے اور انگلیاں بعد میں)

قوله: وَقَالَ اِنَّکُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِیْ اَیَّةِ الْبَرَکَةُ :

اية : تاء تانیث کے ساتھ ہے اور مضاف الیہ محذوف ہے۔ أی فی ای اصبع أو لقمة من الطعام۔ یعنی کس انگلی میں یا کس لقمہ میں۔

البركة: تقدیری عبارت "حاصلة" یا "تكون البركة" ہے۔ امام طیبیؒ نے فرمایا: مضاف الیہ محذوف ہے ای أية أكلة او طعمة (انتهى) اور ایک نسخہ میں "ايه" ہائے ضمیر کے ساتھ ہے۔ ای فی ای طعام۔

یعنی برکت اس کھانے میں ہے جو اس نے کھایا یا اس کھانے میں جو اس نے اپنی انگلیوں سے چاٹا ہے۔ اس مفہوم کی تائید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگلی روایت سے ہوتی ہے فرمایا: فإنه لا یدری فی ای طعامه تکون البرکة۔

''کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کھانے کے کس جزء میں خاص برکت ہے۔''

ہاتھ چاٹ لو یا چٹوا دو

۴۱۶۶ :وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ اِذَا اَکَلَ اَحَدُ کُمْ فَلَا یَمْسَحْ یَدَهٗ حَتّٰی یَلْعَقَهَا اَوْ یُلْعِقَهَا۔

(متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۹/۵۷۷ الحدیث رقم ۵۴۵۶، ومسلم فی ۳/۱۶۰۵ الحدیث رقم (۱۲۹۔۲۰۳۱) وأبو داوٗد فی السنن ۴/۱۸۵ الحدیث رقم ۳۸۴۷، وابن ماجه فی ۲/۱۰۸۸ الحدیث رقم ۳۲۶۹، والدارمی فی ۲/۱۳۱ الحدیث رقم ۲۰۲۶، وأحمد فی المسند ۱/۲۲۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ اس وقت تک اپنا ہاتھ کسی چیز سے صاف نہ کرے جب تک وہ خود ہاتھ نہ چاٹ لے یا چٹوا دے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: حتی یلعقها: یاء اور عین کے فتحہ کے ساتھ بمعنی یلحس : چاٹنا۔

أو یلعقها: یاء کے ضمہ اور عین کے کسرہ کے ساتھ۔

حاصل یہ ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھا چکے تو وہ ہاتھ کو اس وقت تک کسی چیز سے نہ پونچھے اور نہ دھوئے جب تک کہ ہاتھ کی انگلیوں کو چاٹ نہ لے یا کسی اور کو چٹا نہ دے جو گھن محسوس نہ کرے۔ مثلاً بیوی، بیٹی، بیٹا، خادم وغیرہ چونکہ وہ اس چاٹنے میں لذت محسوس کرتے ہیں۔ اور یہی حکم شاگرد اور تبرک کا اعتقاد رکھنے والے شخص کا ہے۔ (ذکرہ النوویؒ)

تخریج ...... اس روایت کو احمد، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے بھی ابن عباس سے روایت کیا ہے۔ احمد، مسلم، نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ مزید روایت کئے ہیں: فإنه لا یدری فی أی طعامه البرکة۔

گرے ہوئے لقمہ کو صاف کر کے کھا لو

۴۱۶۷ :وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَحْضُرُ اَحَدَکُمْ عِنْدَ کُلِّ شَیْءٍ مِنْ شَأْنِهٖ حَتّٰی یَحْضُرَهٗ عِنْدَ طَعَامِهٖ فَاِذَا سَقَطَتْ مِنْ اَحَدِکُمُ اللُّقْمَةُ فَلْیُمِطْ مِنْ کَانَ بِهَا مَا اَذًی ثُمَّ لِیَاْکُلْهَا وَلَا یَدَعْهَا لِلشَّیْطَانِ فَاِذَا فَرَغَ فَلْیَلْعَقْ اَصَابِعَهٗ فَاِنَّهٗ لَا یَدْرِیْ فِیْ اَیِّ طَعَامِهٖ تَکُوْنُ الْبَرَکَةُ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۰۷ الحدیث رقم (۱۳۵۔۲۰۳۳)۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے فرمایا شیطان تم میں سے ہر ایک کے پاس حاضر ہوتا ہے اس کے تمام کاموں کے موقعہ پر یہاں تک کہ وہ اس کے کھانے میں حاضر ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ پس جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اس کو جو مٹی وغیرہ لگی ہے اسے دور کر دے اور کھالے شیطان کے لئے نہ چھوڑے جب کھانے سے فارغ ہو تو اپنی انگلیاں چاٹ لے۔ وہ یقینی طور نہیں جانتا کہ اس کے کس کھانے میں برکت ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح قوله: **يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَحْضُرُ اَحَدَكُمْ عِنْدَ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ شَاْنِهٖ حَتّٰى يَحْضُرَهٗ عِنْدَ طَعَامِهٖ:**

"**من شأنه**": شئ کی صفت ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: **عند كل شئ من فعل ذلك الأحد**۔ امام طیبیؒ نے عبارت کی تقدیر یہ ذکر کی ہے: **شئ كائن من شأن الشيطان حضوره عنده**۔

قوله: **فَاِذَا سَقَطَتْ مِنْ اَحَدِكُمُ اللُّقْمَةُ...... وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ فَاِذَا فَرَغَ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهٗ:**

فليمطه: یاء کے ضمہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ۔

ليا كلها لام کے کسرہ اور سکون کے ساتھ۔

حاصل یہ ہے کہ جب کسی شخص کا کوئی نوالہ گر جائے تو چاہئے کہ اس کو اٹھا لے اور جو چیز اس کو لگ گئی ہو اس کو صاف کر کے کھالے اگر کسی نجس پر گرے تو اس کی دھوئے اگر ممکن ہو، ورنہ کسی بلی یا کتے وغیرہ کو کھلا دے۔

و لا يدعها: دال کے فتحہ کے ساتھ،

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: لقمہ کا چھوڑنا شیطان کیلئے ہے چونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کا ضیاع ہے اور بلاوجہ تحقیر بھی ہے۔ مزید یہ کہ یہ متکبرین کی عادت ہے، اور گرے ہوئے لقمہ کو اٹھا کر نہ کھانا عام طور پر تکبر کی وجہ سے ہوتا ہے، اور یہ واقعی شیطانی عمل ہے۔

قوله: **فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِىْ فِىْ اَيِّ طَعَامِهٖ يَكُوْنُ الْبَرَكَةُ:**

تكون: مؤنث کے صیغے کے ساتھ، اور ایک نسخہ میں مذکر کا صیغہ ہے۔ **كان تامّه** ہے بمعنی **تحصل و توجد**

یعنی یہ نہیں معلوم کہ اس کے کھانے کے کس حصہ میں ایسی برکت ہے جس کے نتیجے میں قناعت پیدا ہوتی ہے، اور طاعت میں مدد ملتی ہے۔

تخریج...... اس حدیث کو احمد اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، طبرانی نے کبیر میں زید بن ثابت سے، اور اوسط میں حضرت انس سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

اذا أكل أحدكم طعاما فليعلق أصابعه 'فإنه لا يدرى فى أى طعام تكون البركة۔

"جب تم میں سے کوئی کھانے سے فارغ ہو تو اسے چاہیے کہ اپنی انگلیوں کو بھی چاٹ لے۔"

کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کھانے کے کس جزء میں خاص برکت ہے۔

اور امام ترمذی نے یہ حدیث حضرت جابرؓ سے سند حسن کے ساتھ ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے:

" **إذا أكل احدكم طعاما فسقطت لقمته فليمط ما رابه منها' ثم ليطعمها و لا يدعها للشيطان** "

" جب تم میں سے کوئی کھانا کھاتا ہو اور لقمہ گر پڑے تو جو شک پیدا ہوا سے دور کر دے اور (اٹھا کر) کھالے اسے شیطان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے واسطے نہ چھوڑے۔''

تکیہ لگا کر مت کھاؤ

۴۱۶۸: وَعَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ لَا اٰکُلُ مُتَّکِئًا۔ (رواہ البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۹/ ۵٤۰ الحدیث رقم ۵۳۹۹' وأبو داوٗد فی السنن ٤/ ١٤٠ الحدیث رقم ۳۷٦۹'
وابن ماجه فی ۲/ ۱۰۸٦ الحدیث رقم ۳۲٦۲' والدارمی فی ۲/ ١٤۵۔الحدیث رقم ۲۰۷۱

ترجمہ: حضرت ابو جحیفہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: امام خطابی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عام لوگوں کے گمان کے مطابق ''متکئ'' وہ شخص ہے جو اپنے کسی ایک پہلو پر سہارا لے کر جھکا ہوا ہے۔ حدیث کے معنیٰ وہ نہیں ہیں جو علماء نے بیان کئے ہیں۔ چونکہ یہاں '' متکی'' سے مراد وہ شخص ہے جو گدے وغیرہ کا سہارہ لئے بیٹھا ہے۔ ہر وہ شخص جو بچھونا پر سیدھا ہو کر بیٹھے وہ متکئی ہے اور مطلب یہ ہے کہ میں جب کھانے کے لئے بیٹھتا ہوں تو گدے وغیرہ پر سہارا لے کر نہیں بیٹھتا کسی پیٹو شخص کی طرح بلکہ میں تو بقدر کفایت تھوڑا سا کھانا کھاتا ہوں۔ چنانچہ میں اس انداز سے بیٹھتا ہوں جیسے اٹھنے کیلئے تیار ہوں''۔ (انتہیٰ) اکثر حضرات نے '' متکی'' کی تعریف یہ کی ہے کہ آدمی کسی ایک جانب جھک کر کھائے۔ ایسے کھانے سے نقصان ہوتا ہے چونکہ ایسا کرنے سے خوراک کی نالی کے طبعی عمل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے، اور خوراک کو تیزی کے ساتھ معدہ میں پہنچنے سے روکتا ہے، اور معدہ بھنچ جاتا ہے: فم معدہ (معدے کا منہ) خوراک حاصل کرنے کیلئے کما حقہٗ نہیں کھل پاتا۔

شفاء میں محققین کے حوالہ سے منقول ہے کہ ان حضرات نے تمکن برائے طعام اور قعود فی الجلوس کی تفسیریوں کی ہے جیسا کہ کوئی شخص گدے پر چوکڑی مار کر بیٹھا ہوا ہو۔ یہ ہیئت بسیار خوری کی متدعی ہے اور بڑھاپے کو دعوت دیتی ہے۔ سند ضعیف کے ساتھ مروی ہے کہ: **انه ﷺ زجر ان یعتمد الرجل بیده الیسری عند الأکل** نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بائیں ہاتھ سے ٹیک لگا کر کھانے والے شخص کو زجر و تنبیہ فرمائی تھی۔

ابن ابی شیبہ امام نخعی سے نقل کرتے ہیں: **انهم کانوا یکرهون أن یاکلوا متکئین مخافة أن تعظم بطونهم۔**

ابن قیم لکھتے ہیں نبی کریم ﷺ کے بارے میں منقول ہے: **انه کان یجلس لأکل متوکأعلی رکبته ویضع بطن قدمه الیسری تواضعا الله عزوجل وأدبا بین یدیه۔** اور فرمایا: کھانا کھانے کی تمام ہیئتوں میں سے یہ ہیئت انفع و افضل ہے، چونکہ تمام اعضاء اپنی اس وضع طبیعی پر ہوتے ہیں کہ جس پر خالق کائنات نے ان کی تخلیق فرمائی ہے۔

تخریج..... ترمذی کے الفاظ یہ ہیں: **أما أنا فلا أکل متکئا۔** الجامع الصغیر کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے: **لا اکل وأنا متکئ۔** اسے احمد، بخاری، ابوداؤد اور ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہم نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم دستر خوان پر کھانا تناول فرماتے

۴۱۶۹: وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَا أَكَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلٰى خِوَانٍ وَلَا فِيْ سُكُرُّجَةٍ وَلَا خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ قِيْلَ لِقَتَادَةَ عَلٰى مَا يَأْكُلُوْنَ قَالَ عَلَى السُّفَرِ۔ (رواه البخاری)

أخرجه مسلم فی صحيحه ۳/۱۶۲۳ الحديث رقم (۱۷۰-۲۰۵۳)' والترمذی فی السنن ۴/۲۳۰ الحديث رقم ۱۸۰۷' وأحمد فی المسند ۵/۱۰۳۔

ترجمہ: حضرت قتادہ نے حضرت انسؓ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوکی پر کھایا اور نہ طشتری میں کھایا نہ آپ نے میدے کی روٹی کھائی حضرت قتادہ سے پوچھا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس چیز پر کھاتے تھے تو انہوں نے کہا کہ آپ دستر خوان پر روٹی کھاتے تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: مَا أَكَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلٰى خِوَانٍ وَلَا فِيْ سُكُرُّجَةٍ وَلَا خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ:

خوان: خاء معجمہ کے کسرہ اور ضمہ کے ساتھ بمعنی مائدة۔ دستر خوان۔

امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''خوان'' اس کو کہتے ہیں جس پر کھانا کھایا جاتا ہے' یہ لفظ ''معرب'' ہے ''خوان'' پر کھانا کھانا اہل عیش و عشرت اور ظالم و جابر لوگوں کا شیوہ رہا ہے وہ ''خوان'' پر کھانا اس لئے کھاتے تھے تاکہ کھانے کے دوران جھکنے کی ضرورت نہ پڑے۔

سكرجة: سین کے اور قاف کے ضمہ، راء مشددہ اور جیم کے فتحہ کے ساتھ،

صاحب النہایۃ لکھتے ہیں: السكرجة: هی اناء صغير فارسية۔

بعض نے کہا ہے کہ ''سکرجہ'' چھوٹی رکابی کو کہتے ہیں یہ از راہ تکبر کھانے کیلئے استعمال ہوتی ہے نیز علامت بخل ہے۔

تورپشتی اس لفظ کا ضبط حرکات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: رواۃ سے سین، کاف اور راء پر ضمہ مروی ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ راء کے فتحہ کے ساتھ درست ہے۔ یہی بات زیادہ اشبہ ہے۔ چونکہ یہ فارسی لفظ ہے اس میں تعریب کی گئی۔ فارسی میں اس کے راء پر فتحہ پڑھا جاتا ہے۔ عجمی اس لفظ کا استعمال ''کوامخ'' اور اس کے مشابہ جوارشات یعنی مخلات پر کرتے ہیں۔ (یعنی چٹنی، اچار اور مربہ جات وغیرہ) جو کھانے کو اشتہاء انگیز اور ہاضم بنانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

حضرت قتادہ بتانا یہ چاہتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ السلام نے اس انداز سے کبھی بھی کھانا نہیں کھایا۔

''مرقق'': ای ملين محسن كخبز الحواری وشبهه (ذکرہ سیوطیؒ) اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد چپاتی ہو۔ جیسا کہ خراسان اور عراق وغیرہ میں ہوتی ہے۔

قوله: قِيْلَ لِقَتَادَةَ عَلٰى مَا يَأْكُلُوْنَ؟ قَالَ: عَلَى السُّفَرِ:

ترمذی کی روایتوں میں ہے: قال يونس: فقلت لقتادة: فعلىٰ ما كانوا يأكلون۔ میرک شاہ فرماتے ہیں: شمائل ترمذی کے نسخوں میں میم کے فتحہ کے اشباع کے ساتھ ہے۔ نیز بخاری کے رواۃ کے بعض نسخوں میں بھی الفاظ یوں ہی ہیں۔ ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اکثر نسخوں میں ''فعلام'' میم مفردہ کے ساتھ ہے۔اھ۔ یہ بات معروف ہے کہ حرف جر جب ''ما استفہامیہ'' پر داخل ہوتے ہیں تو الف کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے۔ بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ الف حذف نہ کیا جائے۔ جیسا کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے اس مصرع میں ہے:

ع علی ما قال یشتمنی لئیم

مزید یہ کہ حرف جار جب '' ما استفہامیہ'' پر داخل ہوتا ہے (باوجود یہ کہ الف قراءۃً حذف ہو جاتا ہے مگر) شدت اتصال کی وجہ سے الف لکھا جاتا ہے۔ حروف کے ساتھ شدت اتصال کی وجہ سے جیسے حتام علام۔ چنانچہ حدیث میں ''علام'' کا مطلب ہے: علی أیّ شئ کانوا یاکلون

'' یَاکُلُوْنَ'' :ایک نسخہ میں حاضر کا صیغہ ہے۔ یہ روایت اور درایت ہر دو کے خلاف ہے۔ نیز اس کی تردید ''ما کانوا یأکلون'' کے الفاظ کی روایت سے ہوتی ہے۔

السفر: سین کے ضمہ اور فاء کے فتحہ کے ساتھ '' سفرۃ'' کی جمع ہے۔

النھایۃ میں '' السفرۃ'' کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ''سفرہ'' اس توشہ کو کہا جاتا ہے جو مسافر کیلئے تیار کیا جاتا ہے اور اکثر و بیشتر چمڑہ کے گول تھیلے میں رکھا جاتا ہے۔ چنانچہ پھر اس چرمی تھیلہ کو کھانے کا نام دے دیا گیا۔ جیسا کہ ''مزادۃ'' کو ''راویہ'' کہا جاتا ہے۔ اسی طرح اور بھی اسمائے منقولہ میں ہوا ہے۔اھ۔ بعد میں یہ لفظ ہر دستر خوان کے لئے بولا جانے لگا خواہ وہ چمڑے کا ہو یا کسی اور چیز کا۔ سوائے مائدہ کے، جیسا کہ ماقبل میں گزرا کہ یہ عمومی طور پر متکبرین کا شیوہ ہے۔ چنانچہ ''سفرہ'' پر کھانا کھانا سنت ہے اور ''خوان'' پر کھانا جائز ہے' البتہ بدعت ہے۔

حاصل یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کرتے تھے اور آپؐ کے آثار طریقت کی اقتداء کرتے تھے، وہ بھی دستر خوان پر کھاتے تھے۔

آپ ﷺ نے چپاتی نہیں کھائی

۴۱۷۰: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَعْلَمُ النَّبِیَّ ﷺ رَاٰی رَغِیْفًا مُرَقَّقًا حَتّٰی لَحِقَ بِاللّٰہِ وَلَارَاٰی شَاۃً سَمِیْطًا بِعَیْنِہٖ قَطُّ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۳۰/۹ الحدیث رقم ۵۳۸۵، وابن ماجه فی السنن ۱۱۰۰/۲ الحدیث رقم ۳۳۰۹، وأحمد فی المسند ۱۲۸/۳۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ ﷺ نے پتلی روٹی یعنی چپاتی دیکھی بھی ہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے جا ملے اور نہ ہی آپ نے دم سے پکی ہوئی بکری کبھی دیکھی۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: وَلَارَاٰی شَاۃً سَمِیْطًا بِعَیْنِہٖ قَطُّ :

سمیط: گرم پانی سے بال صاف کر کے بھونی ہوئی بکری۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چونکہ اس میں ایک قسم کا تنعم ہے۔اس وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم **تکرّما** اعراض فرماتے تھے۔

بعینہ قط: نفی رؤیت کی تاکید ہے۔اور مجازی معنیٰ کے احتمال کو دور کرنے کے لئے ہے۔اور لفظ ''**قط**'' میں اشارہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دم پخت بکری مطلقاً نہیں دیکھی، نہ اپنے گھر میں دیکھی، نہ کسی اور کے گھر میں دیکھی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ انس رضی اللہ عنہ نے اگرچہ علم کی نفی کی ہے مگر درحقیقت یہ نفی معلوم کی ہے۔جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں ہے: ﴿**قل أفتنبّؤن الله بما لا يعلم**﴾[یونس:۱۸]

ترجمہ:''آپ کہہ دیجئے کہ کیا تم خدا کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو خود خدا کو معلوم نہیں۔''

یہ ''**باب نفي الشئ بنفي لازمه**'' کے قبیل سے ہے۔اور یہ بات حضرت انس کے بارے میں بالکل صحیح طور ثابت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ رہے ہیں آپ سے جدا نہیں ہوئے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے چھنا آٹا استعمال فرمایا

۴۱۷۱: وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَارَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ النَّقِيَّ مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ وَقَالَ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُنْخُلاً مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ غَيْرَ مَنْخُوْلٍ قَالَ كُنَّا نَطْحَنُهُ نَنْفُخُهُ فَيَطِيْرُ مَاطَارَوَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَا فَاَكَلْنَاهُ۔(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۴۹/۹ الحدیث رقم ۵۴۱۳، وابن ماجه فی ۱۱۰۷/۲ الحدیث رقم ۳۳۳۵، وأحمد فی المسند ۳۳۲/۵۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جب سے آپ کو پیغمبر بنا کر بھیجا وفات تک آپ نے میدے کو نہیں دیکھا اور سہل کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات تک چھلنی نہیں دیکھی۔سہل سے پوچھا گیا پھر تم کس طرح کھاتے تھے یعنی بے چھنے آٹے کی روٹی کس طرح کھاتے تھے تو وہ کہنے لگے پیسنے کے بعد ہم اس میں پھونک مارتے۔چنانچہ جو بھوسی پھونک سے اُڑ جاتی' سو اُڑ جاتی اور جو باقی رہتی تو اس کو اس آٹے میں گوندھ کر اسی کی روٹی پکا کر کھاتے۔یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله**: **قَالَ مَارَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ النَّقِيَّ مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ**:

النقی: (نون کے فتحہ، قاف کے کسرہ اور باء کی تشدید کے ساتھ) وہ روٹی جس میں چھان نہ ہو۔بعض نے کہا ہے اس سے مراد ''جواری'' ہے (حاء کے ضم، واؤ کی تشدید اور راء کے فتحہ کے ساتھ) **وهو ما نقى دقيقه من النخالة وما يعيبه**، یعنی چھنا ہوا آٹا۔اور بعض کا کہنا ہے کہ جس کو کئی بار چھانا گیا ہو حتی کہ بالکل صاف اور سفید نکل آئے، اس کو فارسی میں ''تندہ'' کہتے ہیں۔بتانا یہ چاہتے ہیں کہ کھانا تو دور کی بات ہے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تو میدہ کی روٹی دیکھی تک نہیں۔مبالغہ صاف واضح ہے۔

''**منخل**'': میم کے اور نون کے ضمہ نیز نون اور فاء کے فتحہ کے ساتھ بمعنی چھلنی

''**من حين ابتعثه الله**'': حین نون کے فتحہ کے ساتھ (یعنی **مبنی علی الفتح** ہے) ایک نسخہ میں مجرور ومنوّن ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بمعنی زمانہ۔عسقلانی فرماتے ہیں: حضرت سعدؓ کا یہ فرمانا من حین ابتعثه الله سے بظاہر یوں لگتا ہے کہ وہ بعثت سے پہلے زمانہ کا استثناء کر رہے ہیں۔ چونکہ نبی کریم ﷺ کا بغرض تجارت ایام فترت میں دو مرتبہ شام جانا ہوا اور بصرہ بھی جانا ہوا۔ بحیراء راہب کی ضیافت میں شرکت کی تھی۔ اس وقت شام روم کے ساتھ تھا اور ان کے ہاں سفید آٹے کی روٹی کا استعمال بکثرت تھا۔ ظہور نبوت کے بعد بلا شبہ نبی کریم ﷺ کی ساری زندگی طائف، مکہ اور مدینہ میں ہی گزری۔ اور یہ بات بالکل مشہور ہے کہ دنیاوی زندگی تنگی میں ہی گزری۔ اکثر صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طرز زندگی بھی یہی تھا بعض کا اضطراری اور بعض کا اختیاری۔

قوله: قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ ...... فَيَطِيْرُ مَاطَارَوَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَا فَاَكَلْنَاهُ:

غير منخول: حال ہے۔

نطحنه: (حاء کے فتحہ کے ساتھ" طحن" منع کی طرح ہے) پیس کر آٹا بنانا۔

ننفخه: فاء کے ضمہ کے ساتھ،

ثريناه: راء کی تشدید کے ساتھ۔ عجناہ وخبزناہ (یعنی آٹے کو گوندھ کر روٹی پکا لیتے تھے) اور بعض نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے: بللنا صبا لماء' ثری التراب تثرية سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے رش علیہ۔

مطلب یہ ہے کہ ہم ہاتھوں سے پھونک مار کر ہوا میں اڑا دیتے تھے جتنی بھوسی نکلتی نکل جاتی جو رہ جاتی سو رہ جاتی، اس آٹے کو ہم پانی سے گوندھ لیتے اور پھر اس کی روٹی پکا کر کھا لیتے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کھانے پینے کے معاملہ میں اہتمام وتکلف نہیں برتتے تھے۔ چونکہ اتنا اہتمام بے وقوف، غافل اور مسخرے کرتے ہیں۔

تخریج...... اسے نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔ شمائل ترمذی میں سہل بن سعد کی روایت یوں ہے:

أنه قيل له: أكل رسول الله ﷺ النقى يعنى الحوارى؟ فقال سهل: ما رأى رسول الله ﷺ النقى حتى لقى الله عزوجل فقيل له: هل كانت لكم مناخل على عهد رسول الله ﷺ؟ قال: ما كانت لنا مناخل۔ فقيل: كيف كنتم تصنعون بالشعير؟ قال: كنا ننفخه فيطير منه ما طار ثم نعجنه۔

کھانے میں عیب نہ نکالنا

۴۱۷۲: وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ النَّبِىُّ ﷺ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهٗ وَاِنْ كَرِهَهٗ تَرَكَهٗ۔

(متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۵۴۷/۹ الحديث رقم ۵۴۰۹' ومسلم فى ۱۶۳۲.۳ الحديث رقم (۱۸۷۔۲۰۶۴) وأبوداؤد فى السنن ۱۳۷/۴ الحديث رقم ۳۷۶۳' والترمذى فى ۳۳۱/۴ الحديث رقم ۲۰۳۱' وابن ماجه فى ۱۰۸۵/۲ الحديث رقم ۳۲۵۹' وأحمد فى المسند ۴۲۷/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے کسی کھانے میں کبھی عیب نہیں نکالا۔ اگر رغبت ہوتی تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھا لیتے اور پسند نہ ہوتا تو آپ چھوڑ دیتے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں کھانے میں عیب نکالنے کا مطلب یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ اس میں نمک زیادہ ہے، اس میں نمک کم ہے، کھٹا ہے، پتلا ہے، گاڑھا ہے کچا ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ''گوہ'' کے بارے میں یہ فرمانا: لم يكن بأرض قومي فأجدني أعافه۔ یہ درحقیقت اپنی ناپسندیدگی کی وجہ کا بیان ہے نا کہ عیب نکالنا۔

مؤمن ایک اور کافر سات انتڑیوں سے کھاتا ہے

۴۱۷۳: وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلاً كَانَ يَاْكُلُ اَكْلاً كَثِيْرًا فَاَسْلَمَ وَكَانَ يَاْكُلُ قَلِيْلاً فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَاِنَّ الْكَافِرَ يَاْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۲۳۶/۹ الحديث رقم ۵۳۹۶' وأخرجه ابن ماجه فی ۱۰۸۴/۲ الحديث رقم ۳۲۵۶' والدارمی فی ۳۶۱/۲ الحديث رقم ۲۰۴۳۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی بہت کھانا کھاتا تھا پھر وہ مسلمان ہو گیا تو کم کھانے لگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ بات ذکر کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن ایک انتڑی اور کافر سات انتڑیوں سے کھاتا ہے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: اَنَّ رَجُلاً كَانَ يَاْكُلُ اَكْلاً كَثِيْرًا فَاَسْلَمَ وَكَانَ يَاْكُلُ قَلِيْلاً فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: فاسلم و كان'': اصول معتمدہ میں واؤ کے ساتھ ہے قیاس کا مقتضا یہ تھا کہ فاء کے ساتھ ''فكان بعد ما اسلم'' ہوتا۔ ساتھ: ''يأكل قليلا قيلا'': مفعول بہ محذوف کی صفت ہے۔ ای شيئا قليلا' یا مفعول مطلق محذوف کی صفت ہے۔ یعنی ایک کافر شخص تھا' جو عام لوگوں کی عادت کے مطابق پہلے تو بہت زیادہ کھایا کرتا تھا' مگر جب مسلمان ہوا تو کم کھانے لگا' چنانچہ اس کے اسلام قبول کرنے کے بعد ان کے تقلیل طعام کا ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا۔ تو آپ نے فرمایا:

''پہلے تو بہت زیادہ کھایا کرتا تھا' مگر جب مسلمان ہوا تو کم کھانے لگا'' اس کا کیا مطلب ہے؟

اس کے کئی مطالب بیان کئے ہیں:

اول: پہلے کے مقابلہ میں کم کھاتے تھے۔

دوئم: کم وقت کھاتے تھے۔ (مثلاً پہلے تین وقت کھاتے تھے پھر دو وقت کر دیا)۔

سوئم: قلیل عرفی مراد ہے یعنی پہلے تو اکثر لوگوں کی عادت کے مطابق زیادہ کھانے تھے' اور پھر کم کر دیا جیسا کہ عام مؤمنین کا طریقہ ہے کہ کھانے میں اعتدال سے کام لیتے ہیں۔

قوله: قَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرَ يَاْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔

معی: (میم کے کسرہ کے ساتھ) منون ہے۔ رسم الخط میں یاء کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس فرماتے ہیں: معی: میم کے فتحہ کے ساتھ، نیز کسرہ کے ساتھ جیسا کہ ''الی'' پیٹ کی آنتیں۔ مؤنث بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کی جمع ''امعاء'' ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکافر: منصوب ہے، مرفوع پڑھنا بھی درست ہے۔

عرضِ مرتب:

مرتب عرض کرتا ہے کہ ہمارے نسخہ میں ''الکافر'' سے پہلے ان حرف مشبہ بالفعل موجود ہے اس کے ہوتے ہوئے مرفوع پڑھنا درست نہیں ہوگا۔

واضح رہے کہ ایسا نہیں کہ کافر کی آنتیں مسلمان سے زیادہ ہوں۔لہٰذا حدیث میں تأویل کی ضرورت ہے۔اس میں علماء نے مختلف تاویلات ذکر کی ہیں:

اول: قاضیؒ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ مومن کو چونکہ کھانے پینے کی حرص اور ندیدہ پن کم ہوتا ہے، نیز اس کے کھانے پینے میں برکت ہوتی ہے' چنانچہ وہ تھوڑی چیز سے بھی سیر ہو جاتا ہے۔کافر چونکہ کھانے میں نہایت حریص اور انتہائی ندیدہ ہوتا ہے' اس کا مطمع نظر صرف اور صرف جانوروں کی طرح کھانا پینا ہوتا ہے۔ان دونوں کی حرص کے تفاوت کو ''معی واحد'' اور ''سبعة امعاء'' سے تعبیر کیا گیا ہے۔عمومی صورتحال یہی ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں اس میں متعدد احتمالات ہیں:

اول: نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان فرد متعین کے بارے میں ہے۔لہٰذا یہ بطور تمثیل کے ہے اور ''المؤمن'' کا ال عہد کا ہے۔

دوئم: مؤمن چونکہ کھانا شروع کرتے وقت اللہ کا نام لیتا ہے اس لئے اس کے ساتھ شیطان شریک نہیں ہو پاتا ہے۔اور کافر چونکہ بسم اللہ نہیں پڑھتا اس لئے شیطان اس کے ساتھ کھانے میں شریک ہو جاتا ہے۔

سوئم: مؤمن اعتدال کے ساتھ کھاتا ہے' لہٰذا بعض آنتوں کے بھر جانے سے وہ مکمل سیر ہو جاتا ہے۔اور کافر چونکہ کھانے کا شدید حریص ہوتا ہے تو جب تک ہر آنت پُر نہیں ہو جاتی وہ سیر بھی نہیں ہوتا۔

چہارم: ایسا فرمانا بعض مؤمنوں اور بعض کافروں کے بارے میں ہے۔(ہر مؤمن اور ہر کافر ایسا نہیں ہوتا۔)

پنجم: **سبعة امعاء** سے مراد یہ سات خصائل ہیں:

حرص' ندیدہ پن وہوس' لمبی لمبی امیدیں' طمع' سوءِ طبع' حسد' موٹاپا۔

تاویل ششم: مؤمن سے مراد مؤمن کامل ہے جو خواہشات نفس کو پامال کرتے ہوئے بقدر ضرورت پر اکتفا کرتا ہے۔

ہفتم: حدیث میں ذکر کردہ یہ حالتیں بعض مؤمن اور اکثر کفار کی ہوتی ہیں۔اور یہ بھی لازم نہیں کہ کافر کی ساتوں آنتیں مسلمان کی آنت کے مثل ہوں۔یہی مختار ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس توجیہہ کا مختار ہونا اہل نظر کے ہاں محل نظر ہے۔

امام سیوطیؒ نے یہ توجیہہ اختیار کی ہے کہ مؤمن کے تسمیہ پڑھنے کی وجہ سے کھانے میں برکت ہوتی ہے مؤمن اور کافر کے درمیان وہ نسبت قائم ہو جاتی ہے جو ایک آنت اور سات آنتوں میں کھانے والے شخص میں ہے۔

یہ معنی اس وقت متحقق ہو سکتے ہیں جب کہ یہ بات ایک ہی شخص کے بارے میں فرض کی جائے۔یا باعتبار وضع کے چند باہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متماثل افراد کے بارے میں کہی جائے۔ چنانچہ کھانے کے بارے میں ایک ہی شخص کا معاملہ یہی ہوسکتا ہے جب کہ وہ حالت کفر میں ہو، بخلاف جب وہ مؤمن ہو؛اسی طرح چند اشخاص کے بارے میں۔ وگرنہ تو مسلمانوں میں بھی ایسے افراد ہوسکتے ہیں جو کافر کے مقابلے میں کھانے کی زیادہ اشتہاء رکھتے ہوں۔ اس کی تائید خود اس حدیث سے ہوتی ہے۔ نیز ضیف کافر والی حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے

اس جملہ کے معنی کی تعیین میں علماء کے مزید اقوال ملاحظہ فرمائیے:

اول: کافر، مؤمن کے کھانے کے سات مثل کھاتا ہے، یعنی کافر کی شہوت، مومن کی شہوت کے کئی مثل ہوتی ہے، چنانچہ ''امعاء'' کنایہ ہے شہوات ہے۔

ثانی: مؤمن صرف ایک جہت یعنی حلال مال سے کھاتا ہے اور کافر مندرجہ ذیل سات جہات سے کھاتا ہے:

الف: غارت گری۔ ب: غصب۔ ج: چوری۔ د: بیع فاسد۔ ھ۔ سود۔ و: خیانت۔ ز: حلال۔

ثالث: ''سبعة امعاء'' سے مراد کثرت اُکل اور ''معی واحد'' سے قلت اکل مراد ہے۔ یعنی مؤمن کی فطرت میں کم کھانا اور کافر کی فطرت میں بسیار خوری ہے۔ یعنی سبعہ سے مراد تکثیر ہے۔

رابع: نبی کریم ﷺ نے درحقیقت مؤمن کی دنیا سے بے رغبتی اور کافر کی حرص کو مثال سے واضح کیا ہے۔ مؤمن بقدر کفات وسد رمق کھاتا ہے تو اسے تھوڑا بھی سیر کر دیتا ہے، اور کافر شہوت وحرص سے کھاتا ہے اسے بہت زیادہ بھی کفایت نہیں کرتا۔ امام طیبیؒ نے اسی قول کو اختیار کرتے ہوئے فرمایا:

جامع ترین بات یہ ہے کہ کامل الایمان مومن کی شان یہ ہے کہ وہ دنیا سے بے رغبتی، اور قلت غذا کا حریص ہو اور بقدر کفاف پر قناعت کرے، کافر کی طرح نہ کرے، اگر کوئی کافر اور مؤمن ان صفات کے برعکس ملے تو اس سے حدیث پر کوئی آنچ نہیں آتی۔

جیسا کہ اللہ جل شانہ کا یہ فرمان ہے: ﴿الزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾ [النور: ۳] ''زنا کرنے والا نہیں نکاح کرتا مگر زنا کرنے والی کو یا بُت پرست کو اور زنا کرنے والی نہیں نکاح کرتا اس کو مگر زنا کرنے والا یا بت پرست''۔

امام نوویؒ کی شرح مسلم میں یہ بات مذکور ہے کہ حدیث کا مقصود یہ ہے کہ (مؤمن) دنیا میں کم سے کم لگے، زہد وقناعت اختیار کرے۔ کم کھانا آدمیوں کیلئے محاسن اخلاق میں سے ہے اور زیادہ کھانا اس کے بالکل برعکس ہے۔

حضرت عمر کے پاس ایک مسکین آیا، کھانے کے وقت اس نے بہت زیادہ کھایا تو آپ نے فرمایا: لا يدخل هذا عليّ۔'' یہ شخص میرے پاس دوبارہ مت آئے۔ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے: ان المؤمن يأكل......'' جیسا کہ بخاری کی حدیث میں آیا ہے۔ حضرت عمر نے یہ جملہ اس لئے ارشاد فرمایا کہ یہ شخص کفار سے مشابہت رکھتا تھا اور جو شخص کفار سے مشابہت رکھتا ہو اس سے بلا ضرورت وحاجت میل جول مکروہ ہے۔

امام طیبیؒ ''في سبعة امعاء'' کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ''اکل'' کو بواسطہ ''في'' کے متعدی کیا گیا ہے، چنانچہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے معنی ہیں: أوقع الأكل فيها۔ اور انتڑیوں کو ماکولات کیلئے بطور محل ذکر کیا ہے کہ ساری انتڑیاں بھر جانے کی طرف اشارہ ہو۔ یہاں تک کہ سانس لینے کی بھی گنجائش نہ رہے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس قول میں ہے: ﴿انما یاکلون فی بطونهم نارا﴾ [النساء: ۱۰] ای ملء بطونهم ۔اور ''سبعة'' کا ذکر برائے مبالغہ وتکثیر ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں ہے:

﴿والبحر یمده من بعده سبعة بحرف﴾ [لقمن: ۲۷]

یعنی مسلمان کے پیٹ کا ایک تہائی حصہ اپنے کھانے کیلئے، ایک تہائی حصہ پانی کیلئے اور ایک تہائی حصہ سانس لینے کیلئے ہے۔ کفار کے مشابہ فرقہ قلندریہ کا مذہب ہے کہ ہم پیٹ بھر کر کھائیں گے، پانی اپنی جگہ خود بنالے گا اور رہا سانس، تو اس کی مرضی آئے یا نہ آئے۔ اللہ جل شانہ نے اسی قسم کے لوگوں کی تردید میں فرمایا:

﴿وَّ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ﴾ [الاعراف: ۳۱]

تخریج: اسی طرح اس حدیث کو احمد، ترمذی اور نسائی نے ابن عمر سے روایت کیا ہے۔ احمد اور مسلم نے حضرت جابر سے، احمد، شیخین اور ابن ماجہ نے ابوہریرہ، اور مسلم اور ابن ماجہ نے ابوموسیٰ سے روایت کیا ہے۔

۴۱۷۴ و ۴۱۷۵: وَرَوٰى مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ۔

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۳۲ الحدیث رقم (۱۸۴۔۲۰۶۱) والترمذی فی السنن ۴/۲۳۴ الحدیث رقم ۱۸۱۸۔ اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۳۲الحدیث رقم (۱۸۵۔۲۰۶۲)وابن ماجه فی السنن ۲/۱۰۸۴ الحدیث رقم ۳۲۵۸۔

ترجمہ: اور مسلم نے حضرت ابوموسیٰ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے فقط آپ کا ارشاد ''ان المؤمن......'' روایت کی۔

تشریح: قوله: روٰى مسلم عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ۔

'' المسند'': میں ''ال'' موصولہ ہے۔

''منه'': کی ضمیر ان صاحب کی طرف لوٹ رہی ہے جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث ''ان المؤمن یأکل'' کو مرسلا بیان کیا ہے۔

فقط: میں طاء ساکن ہے یہ بمعنی فحسب ہے (فقط، کافی)۔ أی دون القصة السابقة۔

۴۱۷۶: وَفِیْ اُخْرٰى لَهٗ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ضَافَهٗ ضَیْفٌ وَهُوَ كَافِرٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِیَاهٍ ثُمَّ اِنَّهٗ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ بِاُخْرٰى فَلَمْ یَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمُؤْمِنُ یَشْرَبُ فِیْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ یَشْرَبُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۳۲ الحدیث رقم (۱۸۶۔۲۰۶۳)، والترمذی فی السنن ۴/۲۳۵الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۸۱۹۔

ترجمہ: اور مسلم نے حضرت ابوموسیٰ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے فقط آپ کا ارشاد ''ان المؤمن'' الحدیث روایت کی ہے۔ اس میں قصہ مذکور نہیں ہے اور مسلم کی وہ روایت جس کو ابو ہریرہؓ نے روایت کیا ہے وہ اس طرح ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک مہمان آیا جو کہ کافر تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری کو دوہنے کا حکم فرمایا وہ دوہا گیا پس اس نے پی لیا یہاں تک کہ سات بکریاں دوہی گئیں وہ سب کا دودھ پی گیا۔ پھر صبح ہوئی وہ مسلمان ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری کو دوہنے کا حکم فرمایا۔ وہ دوہی گئی اس نے اس کا دودھ پی لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اور بکری کے دوہنے کا حکم فرمایا۔ تو وہ تمام نہ پی سکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن ایک انتڑی سے پیتا ہے اور کافر سات انتڑیوں سے پیتا ہے۔

تشریح: قولہ: فحلبت فشرب حلابها ثم اخرى فشر به:

''فحلبت '': صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ثم اخری'': یہ مفعول بہ محذوف کی صفت ہے اور فعل بھی محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں ہے: ثم حلبت شاۃأخری ''فشربه'': ۔یہاں بھی مضاف محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں ہے: ''فشرب حلابها''۔

حلاب: حاء کے کسرہ کے ساتھ۔

قولہ: انَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ضَافَهٗ ضَيْفٌ وَهُوَ كَافِرٌ:

واؤ حالیہ ہے۔ ''ھو'' کا مرجع ''مہمان'' ہے۔

قولہ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔

عرض مرتب: اس جملہ کی تشریح ماقبل میں گزر چکی ہے۔

احمد اور ترمذی نے بھی اس حدیث کو یوں ہی روایت کیا ہے۔

دو کا کھانا تین کے لئے کفایت کرنے والا ہے

۴۱۷۷: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ طَعَامُ الْاِثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ وَطَعَامُ ثَلَاثَةٍ كَافِي الْاَرْبَعَةِ

(متفق علیه)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۵۳۶/۹، الحدیث رقم ۵۳۹۲ ومسلم ۱۶۳۰/۳ الحدیث رقم (۱۷۸-۲۰۵۸)، والترمذی فی السنن ۲۳۶/۴ الحدیث رقم ۱۸۲۰، والدارمی فی ۱۳۶/۲ الحدیث ۲۰۴۴، ومالك فی الموطأ ۹۲۸/۲ الحدیث رقم ۲۰ من كتاب صفة النبی ﷺ وأحمد فی المسند ۲۴۴/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کا کھانا تین کے لئے کافی ہے اور تین کا کھانا چار کے لئے کفایت کرنے والا ہے۔ یہ بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قولہ: طعام الاثنين كافي الثلاثة: یعنی جو کھانا دو افراد کو سیر کر سکتا ہے اگر وہ قناعت سے کام لیں تو یہ کھانا ان کے ضعف کو دور کر کے اتنی طاقت ضرور پیدا کر دے گا جس سے وہ عبادت کر سکیں۔ ''كافي'' کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ تین افراد کو سیر کر دے گا چونکہ شکم سیری مذموم ہے۔ اسی وجہ سے فرمایا: ''أكثركم شبعا في الدنيا اكثركم جوعا في الآخرة۔

شارع کی غرض یہ ہے کہ قناعت اختیار کرنا چاہیے' شکم سیری نہیں کرنا چاہیے۔ ضرورت سے زائد ہو تو کسی محتاج کو دے دیا جائے۔

قولہ: وطعام الثلاثة كافي الاربعة: امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: شبع الأقل قوت الاكثر۔

فوائد: ① : مکارم اخلاق اپنائے جائیں۔ ② : قناعت اختیار کی جائی' جو مل جائے اس پر راضی ہو جانا چاہیے۔

تخریج: اس حدیث کو ترمذی اور مالک نے بھی روایت کیا ہے۔

کھانے میں کفایت کا تذکرہ

۴۱۷۸: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ وَطَعَامُ الْاُثْنَيْنِ يَكْفِي الْاَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم في صحيحه ۱۶۳۰/۳ الحديث رقم (۱۷۹۔۲۰۵۹)' والترمذي في السنن ۲۳۶/۴ الحديث رقم ۱۸۲۰' وابن ماجه في السنن ۱۰۸۴/۲ الحديث رقم ۳۲۵۴' وأحمد في المسند ۳۰۱/۳۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ ایک کا کھانا دو کے لئے کفایت کرنے والا اور دو کا چار کے لئے کفایت کرنے والا ہے اور چار کا آٹھ کو کفایت کرنے والا ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: يكفي الاثنين: لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ چونکہ (''اثنين'') کے ہمزہ وصلی کے حذف ہو جانے کے بعد اجتماع ساکنین لازم آ رہا ہے۔

شرح السنۃ میں اسحاق بن راہو یہ نے جریر سے نقل کیا ہے: شبع الواحد قوت الاثنين، وشبع الاثنين قوت الأربعة۔

عبداللہ بن عروہ فرماتے ہیں اس کی تفسیر وہ ہے جو حضرت عمرؓ نے ''عام الرفادة'' کے موقع پر ارشاد فرمائی:

لقد هممت أن أنزل على أهل كل بيت مثل عددهم ، فان الرجل لايهلك على نصف بطنه۔

میرا ارادہ ہے کہ میں ہر گھر والوں کے پاس ان کی تعداد کے بقدر آدمی بطور مہمان بھیج دوں' کیونکہ آدمی آدھا پیٹ کھانے سے ہلاک نہیں ہوتا

عرض مرتب: صاحب مظاہر حق حضرت عمر فاروقؓ کے ارشاد کی وضاحت فرماتے ہوئے لکھتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ تھا کہ اس قحط کے زمانہ میں بھی کچھ لوگوں کو اسباب معیشت میسر ہیں اور وہ دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھاتے ہیں' جب کہ کتنے ہی بندگانِ خدا ایسے ہیں جنہیں بقاء زندگی کے بقدر بھی خوراک میسر نہیں ہے' میں چاہتا ہوں کہ جن گھروں کو خدا نے پیٹ بھر کر کھانے کے بقدر میسر کر رکھا ہے' ان میں سے ہر گھر کے ذمہ اتنے محتاج و نادار لوگوں کا کھانا کر دوں' جتنے خود گھر والے ہیں' مثلاً جس گھر میں پانچ آدمی ہیں' اس گھر کے ذمہ پانچ ہی ناداروں کا کھانا کر دوں کہ وہ اپنے اتنے ہی کھانے میں کہ جو وہ اپنے لئے تیار کرتے ہیں' ان پانچوں ناداروں کو بھی شریک کر لیں' اس طرح وہ اپنا آدھا پیٹ کاٹ کر ان ناداروں کی زندگی کی بقاء کا ذریعہ بن جائیں گے جن کو کچھ بھی کھانے کے لئے میسر نہیں تھا اور ظاہر ہے کہ آدھا پیٹ بھرنے سے جسم کی توانائی میں کچھ کمی بے شک آجائے گی مگر اس کی وجہ سے آدمی ہلاک نہیں ہوتا۔

امام نووی فرماتے ہیں یہ حدیث ہمیں ''**مواساة فى الطعام**'' پر ابھار رہی ہے۔ چونکہ کھانا اگرچہ کم ہی کیوں نہ ہو کفایت مقصودہ حاصل ہو ہی جائے گی۔ اور ایسی برکت پیدا ہوگی کہ تمام موجودین کو عام ہو جائے گی۔

امام احمد، ترمذی اور نسائی نے بھی اس حدیث کو اسی طرح روایت کیا ہے۔ البتہ طبرانی میں ابن عمرؓ سے مروی حدیث کے الفاظ یوں ہیں:

''**طعام الاثنين يكفى الاربعة، وطعام الأربعة يكفى الثمانية' فاجتمعوا عليه ولا تفرقوا۔**''

یہ حدیث واضح کر رہی ہے کہ اکھٹے کھانے میں برکت ہوتی ہے۔

بیمار کے لئے راحت رساں کھانا

۴۱۷۹: **وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اَلتَّلْبِيْنَةُ مُجِمَّةٌ لِفُوَادِ الْمَرِيْضِ تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ۔** (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۹/۵۵ الحديث رقم ۵۴۱۷' ومسلم فى ۴/۱۷۳۶ الحديث رقم (۹۰/۲۲۱۶)' وأحمد فى المسند ۶/۸۰۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو میں نے فرماتے سنا کہ تلبینہ بیمار کے دل کو راحت دیتا ہے اور اس کے کچھ غم کا ازالہ کرتا ہے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: التلبينة: تاء کے فتحہ، لام کے سکون، باء موحدہ کے کسرہ، یائے کے سکون اور نون کے ساتھ، قاضی فرماتے ہیں: **التلبينة هو حسو رقيق يتخذ من الدقيق واللبن۔**

بعض نے کہا کہ بھوس یا آٹے سے بنایا جاتا ہے' اور کبھی کبھار اس میں شہد بھی ڈال دیا جاتا ہے۔ سفیدی اور رقت میں دودھ سے مشابہت کی وجہ سے اسے ''تلبینہ'' کہا جاتا ہے۔ یہ ''تلبین'' مصدر سے اسم مرہ ہے۔ کہا جاتا ہے: **لبن القوم** : یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب لوگوں کو دودھ پلایا جائے

محمة میم کے ضمہ، جیم کے کسرہ اور میم ثانی کی تشدید کے ساتھ، بمعنی مریحة (آرام پہنچانے والی) اور ایک نسخہ میں میم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جیم کے فتحہ کے ساتھ ہے بمعنی راحة (سکون، آرام) یامکان استراحة (جائے آرام)، ''جمام'' سے ماخوذ ہے' جس کا معنی ہے ''راحت''۔

فؤاد: ہمزہ کے ساتھ بمعنی دل، اور واؤ کے ساتھ بمعنی درد دل۔

تذهب: جملہ مستانفہ ہے، مجمة کیلئے بمنزلہ بیان کے ہے۔

ببعض: باجارہ برائے تعدیہ ہے۔ای يزيل بعض همه أوهم صاحبه۔

الحزن: حاء اور زاء کے فتحہ کے ساتھ، نیز حاء کے ضمہ اور زاء کے سکون کے ساتھ۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔

کدو کا سالن آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو پسند تھا

۴۱۸۰: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ خَيَّاطاً دَعَا النَّبِيَّ ﷺ لِطَعَامٍ صَنَعَهٗ فَذَهَبْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَرَّبَ خُبْزَ شَعِيْرٍ وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالِي الْقَصْعَةِ فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمَئِذٍ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٥٢٤/٩ الحديث رقم ٥٣٧٩، ومسلم في ١٦١٥/٣ الحديث رقم (١٤٤ـ٢٠٤١)، وأبو داؤد في السنن ١٤٦/٤ الحديث رقم ٣٧٨٢، والترمذي في ٢٥٠/٤ الحديث رقم: ١٨٥٠، والدارمي في ١٣٨/٢ الحديث رقم: ٢٠٥٠۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک درزی نے جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو کھانے پر بلایا میں بھی آپ کے ساتھ گیا اس نے جو کی روٹی اور شوربا حاضر کیا جس میں کدو اور خشک گوشت پکایا گیا تھا۔ میں نے جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو دیکھا کہ کدو کو پیالے کے کنارے سے تلاش کر رہے تھے۔ اس دن سے مجھے کدو سے پیار ہے۔ کیونکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو پسند تھا۔ یہ بخاری' مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''لطعام'': لام ''الی'' کے معنی میں ہے یا برائے تعلیل ہے۔ گویا عبارت یوں ہے: الی طعام، أو لاجل طعام۔

فذهبت مع النبی ﷺ۔ بعض روایات میں ''الی ذلك الطعام'' کے الفاظ صراحتًا موجود ہیں۔

حضرت انس کا ساتھ جانا اس وجہ سے تھا کہ یہ بھی مدعو تھے۔ یا نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تابع ہو کر، چونکہ یہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے خادم تھے اور عرفاً خادم کیلئے اجازت ہوتی ہے۔

مرق: میم اور راء کے فتحہ کے ساتھ

دباء: دال کے ضمہ، بائے موحدہ کی تشدید اور مدّ کے ساتھ، اور قصر کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے۔ اس کا واحد ''دباءة'' کی آتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قديد: نمک لگا کر دھوپ میں سکھائے گئے گوشت کے ٹکڑے، فعیل بمعنی مفعول ہے۔''قد'' کے معنی ہیں لمبائی میں کاٹنا۔
سنن میں میں مروی ہے:

عن رجل : ذبحت لرسول اللهﷺ شاة ونحن مسافرون فقال: أملح لحمها، فلم ازل أطعمه الى المدينة۔

يتتبع: يتطلب (تلاش کرنا)

''حوالي القصعة'': لام کے فتحہ اور یاء کے سکون کے ساتھ۔ التقائے ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا۔ عرب کہتے ہیں: **رأيت الناس حوله وحوليه وحواليه** تمام مصادر میں لام مفتوح ہے۔ لام پر کسرہ پڑھنا درست نہیں جیسا کہ صحاح میں ہے۔ ''**حوالي الدار**'' بھی مستعمل ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ ''**حوالين**'' اصل کے اعتبار سے ''**جانبين**'' کی طرح ہے' نون اضافت کی وجہ سے گر گیا۔ صحیح بات پہلی ہی ہے۔ اور اسی سے نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان ہے: **اللهم حوالينا ولا علينا۔**

امام طیبیؒ نے فرمایا: (**حوله وحوليه وحواليه**) ان سب کے ایک ہی معنی ہیں۔ یہ ظرف ہے۔ (انتہی)۔ یہ لفظاً مفرد اور معنیٰ جمع ہے۔ جوانب (اطراف) کے معنی میں ہے۔

القصعة: قاف کے فتحہ کے ساتھ، وہ رکابی جو دس افراد کو سیر کر دے۔

شمائل ترمذی کے بعض نسخوں میں ''**حوالي الصحفة**'' ہے۔

الصحفة: وہ رکابی جو پانچ افراد کو سیر کر دے۔ کہا گیا کہ دونوں کے ایک ہی معنی ہیں۔ ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ صرف اپنے سامنے سے چن چن کر کھا رہے ہوں پوری رکاب میں سے تلاش کر کے نہ کھا رہے ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ پوری رکابی میں سے تلاش کر کے کھا رہے ہو۔ لیکن نہی اس کے معارض نہیں۔ چونکہ وہ نہی گھن و کراہت اور ایذاء کی وجہ سے ہے۔ نبی کریم ﷺ کے حق میں یہ بات ممکن نہیں ہے۔ چونکہ صحابہ کرامؓ تو نبی کریم ﷺ کی ایک ایک ادا پر مر مٹنے والے تھے۔ وہ تو نبی کریم ﷺ کے آثار سے تبرک حاصل کرتے تھے حتی کہ نبی کریم ﷺ کے لعاب مبارک اور ناک کی رینٹ کو بھی اپنے چہروں پر مل لیتے تھے۔ بعض حضرات صحابہ کرام نے آپؐ کا پیشاب اور بعض نے آپؐ (کے جسم سے نکلا ہوا) خون تک پیا ہے۔

صاحب شرح السنۃ لکھتے ہیں: اس سے یہ معلوم ہوا کہ کھانا جب رنگ برنگا (مختلف اور متنوع) ہو تو اپنے سامنے کے علاوہ سے بھی کھایا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ کھانے میں شریک دوسرے ساتھی کو کراہت نہ ہو۔

حضرت انسؓ کی ایک حدیث میں یہ الفاظ ہیں: **فجعلت أتتبعه اليه ولا أطعمه وأضعه بين يديه لما أعلم أنه يحبه۔**

قوله: فلم أزل أحب الدباء: اس محبت سے مراد محبت شرعی ہے، نہ کہ محبت طبعیہ شہویہ۔ یا یہ کہ پہلے سے زیادہ محبت ہو گئی۔

بعد: دال کے فتحہ کے ساتھ، اور ایک نسخہ میں ضمہ کے ساتھ،

يومئذ: میم کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ ہے۔ (بعد کو مبنی **علی الفتح** پڑھنے کی صورت میں) اور میم کے فتحہ کے ساتھ (بعد کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبنی علی الضم کی صورت میں)۔

شمائل ترمذی میں ''من یومئذ'' کے الفاظ ہیں۔میم کے کسرہ کے ساتھ'معرب مجرور بمن ہونے کی وجہ سے، یا میم کے فتحہ کے ساتھ،مضاف الیہ سے کسب بناء کی وجہ سے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:ایک احتمال یہ ہے کہ''بعد'' اپنے مابعد کی طرف مضاف ہے۔جیسا کہ شرح السنہ میں ہے۔دوسرا احتمال یہ ہے کہ''مقطوع عن الاضافة'' ہو۔اور''یومئذ''مضاف الیہ محذوف کا بیان ہے۔اھ۔

قصہ مختصراس میں دونوں صورتیں جائز ہیں جیسا کہ اللہ جل شانہ کا یہ قول بھی دونوں طرح سے پڑھا گیا ہے۔من عن عذاب یومئذ (المعارج:۱۱)

فوائد:

① اشراف کا اپنے سے کم درجے کے لوگوں کے ہاں جا کر کھانا جائز ہے۔
② جائز پیشوں سے وابستہ لوگوں کی دعوت قبول کرنا بھی جائز ہے۔
③ خدّام کے ساتھ کھانا کھالینے میں کوئی حرج نہیں۔
④ نبی کریم ﷺ کس قدر متواضع تھے۔
⑤ نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب پر کس قدر مہربان تھے۔
⑥ کدّو سے محبت رکھنا سنت ہے۔
⑦ ہر اس چیز سے محبت رکھنا مسنون ہے جو آنحضرت ﷺ کو محبوب تھی۔
⑧ درزی کی کمائی گھٹیا نہیں ہے۔

تخریج:اس حدیث کو ترمذی نے شمائل میں روایت کیا ہے۔

بکری کے شانے کا گوشت

۴۱۸۱:وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّهٗ رَأَى النَّبِيَّ ﷺ يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فِيْ يَدِهٖ فَدُعِيَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاَلْقَاهَا وَالسِّكِّيْنَ الَّتِيْ يَحْتَزُّ بِهَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ٩/٥٨٤ الحديث رقم‘٥٤٦٢‘ ومسلم فى ١/٢٧٤ الحديث رقم(٩٣-٣٥٥) والترمذى فى السنن ٤/٢٤٣ الحديث رقم‘١٨٣٦‘ وأخرجه الدارمى فى ٥/١٤٦ الحديث رقم ٧٢٧ وأحمد فى المسند ٥/٢٨٨۔

ترجمہ:حضرت عمرو بن امیہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ بکری کے کندھے سے گوشت کاٹتے تھے جو کہ آپ کے ہاتھ میں تھا پھر آپ کو نماز کی طرف بلایا گیا تو آپ نے شانہ کو رکھ دیا۔ اور گوشت والی چھری کو بھی رکھ دیا پھر آپ نے کھڑے ہو کر نماز ادا کی اور وضو نہ کیا(کیونکہ پہلے سے وضو تھا) یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: یحتز : تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "یحتزُّ" میں حاء مہملہ اوراس کے بعد زاء ہے۔صاحب النہایہ نے بھی یہ لفظ باب الحاء المھملة و الزاء میں یوں ہی ذکر کیا ہے۔بمعنی یقتطع (کاٹنا)

کتف: کاف کے فتحہ اور تاء کے کسرہ کے ساتھ،قاموس میں اس کو فرح،مثل اور حبل کی طرح قرار دیا ہے۔

"سکین": یہ لفظ مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

ظاہر یہ ہے کہ اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلقاً وضوء نہیں کیا، نہ وضوء عرفی کیا اور نہ وضوء شرعی کیا۔

شہد کی پسندیدگی

۴۱۸۲: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُحِبُّ الْحَلْوَآءَ وَالْعَسَلَ۔ (رواہ البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۹/ ۵۸٤ الحدیث رقم ۵٤٦۲ و مسلم فی ۱/ ۲۷٤ الحدیث رقم(۲۱۔۱٤۷٤) وأبو داؤد فی السنن ٤/ ۱۰٦ الحدیث رقم ۳۳۲۳ والدارمی فی ٤/ ۲٤۱ الحدیث رقم ۲۰۷۵ وأحمد فی المسند ٦/ ۵۹۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہد اور میٹھی چیز کو پسند فرماتے تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: "الحلواء": مدّ اور قصر کے ساتھ، مغرب میں لکھتے ہیں: الحلواء التی تؤکل: مدّ اور قصر کے ساتھ جمع "حلاوی" (نقلہ میرک)۔امام اصمعیؒ سے منقول ہے کہ یہ مقصور ہے، یاء کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔فراء کا کہنا ہے کہ یہ ممدود ہے الف کے ساتھ لکھا جائے گا۔بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ہر وہ چیز جس میں مٹھاس ہو اسے "حلواء" کہتے ہیں۔

العسل: "تخصیص بعد التعمیم" ہے۔بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ اس سے مراد 'مجیع' ہے، یعنی دودھ اور کھجور کا حلوہ اور بعض نے کہا کہ میٹھا ڈال کر پکائی گئی چیز مراد ہے۔اس کا اطلاق کبھی 'فاکھة' پر بھی ہوتا ہے۔ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ حلواء اور عسل 'طیبات' میں سے ہیں۔اس قول سے ان حضرات کی رائے کو تقویت ملتی ہے جو کہتے ہیں کہ اس سے مراد مباح مستلذات ہیں۔لہٰذا کھانے کی ہر لذیذ چیز جو حلواء اور عسل کے مشابہہ ہوگی وہ بھی اسی حدیث کے مفہوم کے تحت داخل ہے۔

خطابیؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ چیزیں محبوب ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان چیزوں کی اشتہاء بکثرت ہوتی تھی اور آپ کا جی ان چیزوں کا بہت ہی مشتاق ہوتا تھا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ چیزیں دستیاب ہوتیں تو ایک مناسب مقدار میں (ضرور) تناول فرماتے۔اس سے یہ پتہ چل جاتا تھا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ چیز پسند ہے۔

طبرانی کی روایت ہے: أن أوّل عن خبص فی الاسلام عثمان، قدمت علیه عیر تحمل دقیقا وعسلا فخلطهما۔

ایک اور صحیح روایت میں ہے: أن عیرا قدمت فیها جمل له علیه دقیق وحواری وعسل وسمن، فأتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النبیﷺ فدعا فیها بالبركة ثم دعا ببرمة فنصبت على النار، وجعل فیها من العسل والدقیق والسمن، ثم عصد حتى نضج، ثم أنزل فقالﷺ كلوا هذا شئ تسمیه الفارس ''الخبیص''۔

دمیری کی کتاب ''حیات الحیوان'' میں ہے کہ اس حدیث کو اصحاب کتب ستہ نے بھی روایت کیا ہے۔

سرکہ بہترین سالن

۴۱۸۳:وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّﷺ سَاَلَ اَهْلَهُ الْاُدُمَ فَقَالُوْا مَا عِنْدَنَا اِلَّا خَلٌّ فَدَعَابِهٖ فَجَعَلَ یَاْكُلُ بِهٖ وَیَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۶۲۲/۳ الحدیث رقم(۱۶۶۔۲۰۵۲)' وأبو داوٗد فی السنن ۱۹۹/٤ الحدیث رقم ۳۸۲۰' والترمذی فی ٤/ ۲٤٥ الحدیث رقم۱۸۳۹' والدارمی فی ۱۳۷/۲ الحدیث رقم ٤۰٤٥' وأحمد فی المسند ٤۰۰/٤۔

ترجمہ:حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آپ نے گھر والوں سے سالن مانگا تو انہوں نے کہا ہمارے پاس تو سرکہ ہے تو آپ ﷺ نے اسے منگوایا اور اس کے ساتھ روٹی کو کھانا شروع کیا اور ساتھ فرماتے جاتے : نعم الادام الخل سرکہ خوب سالن ہے۔سرکہ خوب سالن ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح:''أهله:''یعنی اپنے خادم یا اپنے اہل خانہ مراد ازواج مطہرات وغیرہ ہیں

الادام:ہمزہ اور دال کے ضمہ کے ساتھ، نیز دال کے سکون کے ساتھ، بمعنی سالن۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:''أدم''ادام کی جمع ہے۔جیسا کہ'' کتاب'' کی جمع ''کتب '' ہے۔صاحب فائق فرماتے ہیں:الأدم اسم لكل ما یؤتدم له ویصطبغ، وحقیقته ما یؤتدم به الطعام أی یصلح، وهذا الوزن یجیئ لما یفعل به كالركاب لما یركب به والحزام لما یحزم به۔

فجعل:افعال شروع کے معنی میں ہے۔''یا کل'' کا مفعول بہ ''خبز ''محذوف ہے

قوله:نعم الادام الخل 'نعم الادام الخل:تعریف میں مبالغہ آرائی کی غرض سے تکرار فرمایا ہے۔

فوائد:

۱ امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ کھانے میں اعتدال ہونا چاہیے۔

۲ نفس کو لذیذ کھانوں سے روکنا چاہیے۔

۳ امام نوویؒ فرماتے ہیں ہر وہ چیز جس پر خرچہ کم آتا ہو اور باآسانی دستیاب بھی ہو وہ بھی اسی حکم میں ہے۔

۴ جس شخص نے قسم کھائی کہ وہ سالن نہیں کھائے گا، اگر سرکہ کھالیا تو حانث ہو جائے گا۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں (ہمارے ہاں) یہ شخص واقعی حانث ہو جائے گا چونکہ عرف ایسا ہی ہے۔

شمائل ترمذی میں حضرت عائشہ صدیقہؓ کی ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أن رسول اللهﷺ قال: نعم الأدام الخل۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

ابن ماجہ میں ام سعد رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعم الادام الخل 'اللهم بارك في الخل اور ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: فانه كان أدام الأنبياء قبلي۔ ''چونکہ سرکہ مجھ سے پہلے انبیاء علیہم السلام کا سالن تھا''۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: لم يفتقر بيت فيه خل۔

اور الجامع الصغیر میں مروی حدیث کے الفاظ یوں ہیں: نعم الأدم الخل۔ ''سرکہ بہترین سالن ہے'' اس کو احمد، مسلم اور اصحاب سنن اربعہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور مسلم و ترمذی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔

۴۱۸۴: وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ اَلْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ (متفق عليه وفي رواية لمسلم) مِنَ الْمَنِّ الَّذِىْ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامَ.

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/١٦٣ الحديث رقم ٥٧٠٨' ومسلم في ٣/١٦١٩ الحديث رقم (١٥٧-٢٠٤٩)' والترمذي في ٤/٣٥٠' الحديث رقم ٢٠٦٧' وابن ماجه في ٢/١١٤٢ الحديث رقم ٣٤٥٣' وأحمد في المسند ١/١٨٨۔

ترجمہ: حضرت سعید بن زید سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کھنبی من کی قسم سے ہے اور اس کا پانی آنکھوں کے لئے شفاء ہے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے مسلم کی ایک روایت میں یہ ہے کہ کھنبی اس من سے ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا۔

تشریح: الكمأة: کاف کے فتحہ، میم کے سکون اور اس کے بعد ہمزہ ہے۔ اس کو ''کھمبی'' کہتے ہیں' یہ خشکی میں پائی جاتی ہے' اس کی جڑ کھائی جاتی ہے۔ اور ایک شارح کا کہنا ہے کہ یہ چربی کی مانند ایک سفیدسی چیز ہوتی ہے جو زمین سے اگتی ہے اس کو ''سماروع'' کہا جاتا ہے۔

''من المن'' کا مطلب ہے: أي'' مما من الله على عباده''۔ چنانچہ ''منّ'' سے مراد نعمت ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ ''ترنجبین'' مراد ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ ترنجبین کے مشابہ چیز ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ بغیر مشقت کے حاصل ہونے یا طبع و نفع کے اعتبار سے اس کے مشابہ ہے۔ قولہ: وماؤها شفاء للعين:

بعض نے کہا کہ اس کا پانی دواؤں کے ساتھ ملا کر شفا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ انفرادی طور پر شفاء ہے۔ حدیث کے ظاہر سے بھی یوں ہی لگتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس کے بارے میں تفصیلی بحث ''كتاب الطب والرقى'' کی فصل ثالث میں چوتھی حدیث کے تحت آئے گی۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، نسائی اور ابن ماجہ نے ابوسعیدؓ اور جابرؓ سے اور ابونعیم نے ''الطب'' میں ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم سے روایت کیا ہے۔

ابو نعیم کی ابو سعیدؓ سے مروی حدیث میں یوں آتا ھے الكمأة من المن والمن 'من الجنة'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وماء ها شفاء للعين۔ ۴۱۸۵: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في ٥٦٤/٩ الحديث رقم ٥٤٤٠، ومسلم في ١٦١٦/٣ الحديث رقم(١٤٧۔٢٠٤٣) وأبو داوٗد في السنن ١٧٦/٤ الحديث رقم ٣٨٣٥، وابن ماجه في ١١٠٤/٢ الحديث رقم ٣٣٢٥، والدرمي ١٤٠/٢ الحديث رقم ٢٠٥٨ وأحمد في المسند ٢٠٣/١۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ تازہ کھجور ککڑی کے ساتھ کھاتے تھے یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''القثاء'' قاف کے کسرہ، ثاء مثلثہ کی تشدید اور مدّ کے ساتھ۔ مصباح میں ہے کہ: ''القثاء'' بروزن فعال ہے، کسرہ ضمہ کے مقابلہ میں کثیر ہے۔

اس حدیث کو احمد اور اصحاب اربعہ نے روایت کیا ہے۔ شمائل ترمذی کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے: يأكل القثاء بالرطب۔

ان دونوں حدیثوں میں فرق یہ ہے کہ ماکول میں اصل شیٔ مقدم اصل موکول روٹی کی طرح ہے اور شیٔ مؤخر سالن کی طرح ہے۔

طبرانی نے الاوسط میں سند ضعیف کے ساتھ عبداللہ بن جعفر سے روایت کیا ہے:

قال: رأيت في يمين النبي ﷺ قثاء و في شماله رطبا، وهو يا كل من ذا مرة ومن ذامرة۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس سے دو چیزوں کا ایک ساتھ کھانے کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ نیز یہ کہ کھانوں میں توسع ہے۔ اس کے جواز میں علماء میں سے کسی کا اختلاف نہیں۔ اور بعض سلف سے جو اس کے برخلاف منقول ہے سو اس کا محمل یہ ہے کہ اگر اس تو سع اور ترفہ کو عادت بنالیا جائے یا بغیر کسی دینی مصلحت کے بکثرت ارتکاب کیا جائے۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ علم طب کے قواعد کے مطابق اطعمہ اور طبائع کی رعایت جائز ہے، اور یہ کہ اشیاء کو قاعدہ طب کے مطابق مناسب صورت میں استعمال کیا جائے۔ چونکہ کھجور گرم ہے اور کھیرا ککڑی ٹھنڈے ہیں۔ جب یہ دونوں چیزیں اکٹھی کھائیں گے تو معتدل ہو جائیں گی۔ مرکب ادویات کے سلسلہ میں یہ حدیث ''اصل کبیر'' کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس معتدل مرکب کے کھانے سے مزاج میں بھی اعتدال پیدا ہوگا اور جسم فربہ ہوگا۔ جیسا کہ ابن ماجہ نے حضرت عائشہؓ سے حدیث نقل کی ہے: أنها قالت: أرادت أمي أن تهيئني للسمن لتدخلني على النبي ﷺ، فما استقام لها ذلك حتى اكلت الرطب بالقثاء فسمنت كأحسن السمن۔ اھ۔

ترمذی میں حضرت عائشہؓ سے ایک روایت میں یہ آتا ہے: أنه ﷺ كان يأكل البطيخ بالرطب۔

ترمذی اور بیہقی کی ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں:

أنه ﷺ كان يأكل البطيخ بالرطب ويقول: يكسر حر هذا ببرد هذا وبرد هذا بحرّ هذا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب قاموس لکھتے ہیں: البطیخ بروزن سکّین ہے۔
ابونعیم نے سند ضعیف کے ساتھ ''کتاب الطب'' میں حضرت انس سے نقل کیا ہے: أنه عليه السلام كان يأخذ الرطب بيمينه والبطيخ بشماله، فكان يأكل الرطب بالبطيخ وكان أحب الفاكهة اليه۔
ترمذی نے شمائل میں حضرت انس سے نقل کیا ہے: قال: رأيت رسول الله ﷺ يجمع بين الخربز والرطب۔
الخربز: خاء معجمہ کے کسرہ، راء کے سکون، باء موحدہ کے کسرہ، اور آخر میں زاء کے ساتھ، النہایہ ہیں ہے کہ فارسی میں اس کو بطیخ کہتے ہیں۔
بعض حضرات فرماتے ہیں ''الخربز'' بطیخ کی ایک قسم ہے جو زرد ہوتی ہے۔ بعض نے فرمایا کہ بطیخ سبز کو کہتے ہیں۔ یہی معنی زیادہ مناسب ہیں چونکہ زرد میں حرارت ہوتی ہے۔
الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ اس میں رطب کے مقابلہ میں برودت ہوتی ہے، اگرچہ اسی میں مٹھاس کی وجہ سے قدرے حرارت بھی ہوتی ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد اس کی وہ خاص قسم مراد ہو جو مکمل طور پر پکی نہ ہو۔ چونکہ اسی میں قدرے برودت ہوتی ہے جس کو رطب معتدل کر دیتی ہے۔
شیخ الدین دمشقیؒ فرماتے ہیں: ابوداؤد اور ترمذی نے نبی کریم کا یہ فعل نقل کیا ہے:
''انه كان ياكل البطيخ بالرطب ويقول: يدفع حر هذا برد هذا وبرد هذا حر هذا۔
''بطیخ'' کے بارے میں بہت سی احادیث مروی ہیں لیکن اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث بھی صحیح نہیں ہے۔ اور ''بطیخ'' سے مراد سبز ہے، وہ تأثیر کے اعتبار سے ٹھنڈا، تر اور شیریں ہوتا ہے، کھیرے اور ککڑی کے مقابلے میں حلق سے جلد نیچے اترتا ہے۔

پیلو کا پھل کھانا

۴۱۸۶: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ نَجْنِي الْكَبَاثَ فَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ مِنْهُ فَاِنَّهُ اَطْيَبُ فَقِيْلَ اَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا رَعَاهَا۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۹/۵۷۵ الحديث رقم ۵۴۵۳، ومسلم فی ۳/۱۶۲۱ الحديث رقم (۱۶۳۔۲۰۵۰)، ومالك فی الموطأ ۲/۹۷۱ الحديث رقم ۱۸ من كتاب الاستئذان۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مر الظہر ان میں تھے یہ مکہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے اور پیلو کے پختہ پھل توڑ رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے سیاہ پھل کا قصد کرو اس لئے وہ بہتر ہوتا ہے یعنی لذیذ و فائدہ مند ہوتا ہے تو ہم نے پوچھا کیا آپ نے بکریاں چرائی ہیں تو آپ نے فرمایا جی ہاں اور پھر فرمایا کوئی نبی ایسا نہیں جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔ یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔
تشریح: ''الظهران'': ''مر'': کے ساتھ ظاء کے فتحہ، ہاء کے سکون کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکباث: کاف کے فتحہ، بائے موحدہ مخففہ، اس کے بعد الف، آخر میں ثاء مثلثہ، "اراک" پودے کا پکا ہوا پھل۔

علیکم بالا سود منه: ای اقصدوا ما کان أسود منه۔

أطیب: یہاں اس کا معنیٰ ہے زیادہ لذیذ اور فائدہ مند۔

آپ کو اطیب اور غیر اطیب کی بہت زیادہ پہچان تھی، چونکہ چرواہے کو صحراء میں درختوں کے نیچے سے بار بار گزرنے کے باعث دوسرے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ پہچان ہوتی ہے۔

قال نعم' وهل من نبی الا رعاها: امام خطابیؒ نے فرمایا: اس جملہ سے نبی کریم ﷺ کی مراد یہ ہے کہ اللہ جل شانہ نبوت ورسالت دنیاداروں اور دنیادار بادشاہوں کو عطا نہیں کرتا بلکہ بکریاں چرانے والوں اور اصحاب حرفت میں سے متواضعین ہی کو دیتا ہے۔ جیسا کہ مروی ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام درزی تھے' زکریا علیہ السلام بڑھئی تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں اجرت پر چرایا کرتے تھے جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ جل شانہ نے ان کا قصہ بیان فرمایا ہے۔

میں کہتا ہوں شاید کہ اس کی حکمت یہ ہو کہ ان کے جسموں میں صرف اور صرف حلال جائے اور نیک اعمال کریں۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے: ﴿كُلُوا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ﴾ [المؤمنون: ۵۱] "اے رسولوں کی جماعت! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک اعمال کرو۔"

بکریاں چرانے میں کسبِ طیب کے ساتھ ساتھ لوگوں سے عزلت وتنہائی اور اللہ تعالیٰ سے جلوت وخلوت اور انس پیدا ہوتا ہے۔

امام نوویؒ شرح مسلم میں انبیاء کے بکریاں چرانے کی حکمت یہ بیان کرتے ہیں کہ ضعفاء کے ساتھ موالت کے ذریعہ ان میں خوب تواضع پیدا ہو۔ ان کے قلوب خلوت کے ساتھ مصفیٰ ہو جائیں۔ وہ شفقت وخیر خواہی کے ساتھ بکریوں کی دیکھ بھال کرتے ہوئے' ان کو سدھاتے سدھاتے' اپنی امتوں کے امور کی تدبیر وانتظام ہدایت وشفقت کے ساتھ کرنے لگیں۔

شیخ ابو القاسم "تحبیر" میں حکایت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی نازل کی کہ "موسیٰ جانتے ہو ہم نے تمہیں نبوت کا منصب کیوں عطا کیا؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا "پروردگار! تو ہی جانتا ہے"۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اس دن کو یاد کرو جب تم فلاں جگہ میں بکریاں چرا رہے تھے اور ایک بکری بھاگ کھڑی ہوئی تھی' تم اس کے پیچھے دوڑے' پھر جب تم نے اس بکری کو جالیا تو تم نے نہ اس بکری کو نہیں مارا اور اس کو مخاطب کر کے کہا کہ تو نے اپنے آپ کو بھی تکلیف میں مبتلا کیا اور مجھے بھی تعب میں ڈالا۔ جب ہم نے اس حیوان کے تئیں تمہاری یہ شفقت دیکھی تو تمہیں نبوت سے سرفراز کیا"۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس بکری کو اپنے کاندھے پر اٹھا کر واپس اس کی جگہ پہنچایا۔

رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم کرتا ہے۔ تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ اور جو شخص اللہ کی خاطر تواضع اختیار کرے گا اللہ اس کو بلند کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کچھ کھاتے ہوئے کولہے زمین پر رکھ کر بیٹھنا

۴۱۸۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ مُقْعِيًا يَأْكُلُ تَمْرًا وَفِي رِوَايَةٍ يَأْكُلُ مِنْهُ اَكْلاً ذَرِيْعًا۔

(رواه مسلم)

مسلم في صحيحه ٣/١٦١٦ الحديث رقم (١٤٨۔٢٠٤٤) و١٤٩۔٢٠٤٤' وأحمد في المسند ٣/٢٠٣۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں نے آپ ﷺ کو حالت اقعاء کے اندر بیٹھے کھجوریں کھاتے پایا اور ایک روایت میں یہ ہے کہ آپ جلدی کھجوریں کھا رہے تھے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

''مقعیا'' اقعاء سے اسم فاعل ہے ''اقعاء'' یہ ہے کہ سرین کو زمین کے ساتھ ملا کر دونوں زانوں کھڑے کر کے بیٹھنا، نماز میں اس انداز سے بیٹھے کی ممانعت آئی ہے۔ (ہمارے علماء میں سے بعض شراح نے یہ بات یوں ہی ذکر کی ہے)۔ بعض کہتے ہیں کہ نماز میں جس انداز سے بیٹھنے کی ممانعت آئی ہے وہ یہ ہے کہ آدمی اپنے سرین ایڑیوں پر رکھ کر بیٹھے۔

زیادہ واضح بات یہ ہے کہ داخل صلوٰۃ بیٹھنے کے یہ دونوں انداز مکروہ ہیں۔ خارج صلوٰۃ مکروہ نہیں چونکہ داخل صلاۃ ایسے بیٹھنے میں تشبیہ بالکلاب ہے۔ اور خارج صلوٰۃ ایسے بیٹھنے میں تشبیہ بالأرقاء ہے، جو تواضع کی انتہا ہے۔ یا یہ کہ نماز کی بناء 'تأنی'' پر ہے، چنانچہ اقعاء نماز کے شایان شان نہیں' بخلاف کھانے کے' چونکہ کھانے کے مناسب حال تو یہ ہے کہ آدمی جلد از جلد فارغ ہوتا کہ عبادت میں مشغول ہو سکے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''مقعیا'' کا مطلب اس حدیث میں یہ ہے کہ: **جالسا على اليتيه ناصبا ساقيه** (سرین کے بل پر بیٹھنا پنڈلیوں کو کھڑا کر کے) یہ بخاری شریف کی ایک اور روایت کے ہم معنی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: **لا آكل متكئا** امام خطابی نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ: میں اس شخص کی طرح نہیں کھاتا جو زیادہ کھانا کھانے کا ارادہ رکھتا ہو اور جم کر بیٹھتا ہو بلکہ میں غیر مطمئن ہو کر بیٹھتا ہوں اور تھوڑا کھاتا ہوں)۔

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: اس کی مؤید ابن سعد وغیرہ کی حضرت عائشہ سے منقول یہ روایت ہے:

آكل كما ياكل العبد، واجلس كما يجلس العبد۔

ياكل تمرا: جملہ حالیہ ہے یا مفعول ثانی ہے اور ''مقعیا'' بھی حال ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ جلدی جلدی اس لئے کھا رہے تھے تاکہ اس سے اہم تر کسی کام میں مصروف ہو سکیں۔ پس آپ جلدی کھاتے، بھوک مٹاتے اور جا کر کام میں مصروف ہو جاتے۔

شمائل ترمذی میں حضرت انسؓ کی روایت میں ہے: **أتي رسول الله ﷺ بتمر فرأيته ياكل وهو مقع من الجوع اى لأجله** ۔ یعنی حضور ﷺ کا اقعاءً بیٹھنا اور جلدی کرنا بھوک کی وجہ سے تھا۔ بعض روایات میں ''**وهو محتفز**'' کے الفاظ ہیں۔

جوہری اہل لغت سے ''اقعاء'' کے معنی یہ ذکر کرتے ہیں: **أن يلصق الرجل اليتيه بالأرض، وينصب ساقيه،**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ویتساند ظهره۔

نماز میں ممنوع اقعاء کی کیفیت فقہاء کرام یہ بیان فرماتے ہیں: هو أن يضع اليتيه على عقبيه بين السجدتين۔

جزری ''النہایہ'' میں فرماتے ہیں: ''انهﷺ كان يأكل مقعيا'' کا مطلب ہے ''يجلس عند الأكل على وركيه مستوفزا غير متمكن'' ۔عسقلانی نے بھی اس قول کا اتباع کیا ہے۔قاموس میں ''اقعى في جلوسه'' کے معنی لکھتے ہیں'' تساند الى ماوراءه''۔ ٹیک لگانا۔

جوہری لغویوں اور فقہاء کی ذکر کردہ ہیئت میں جمع کی صورت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''هو مقع من الجوع'' کا مطلب ہے ''محتبيا مستندا لماراءه من الضعف الحاصل له بسبب الجوع''۔اس ساری تقریر سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ استناد، کھانے کے مندوبات میں سے نہیں ہے، بلکہ اس کی ضروریات اور مجبوری کے درجے کی چیزوں میں سے ہے۔ چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا صرف کمزوری کی وجہ سے کیا ہے، واللہ اعلم۔

بلا اجازت دو کھجوریں ملا کر نہ کھاؤ

۴۱۸۸ :وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ يُّقْرِنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتّٰى يَسْتَأْذِنَ اَصْحَابَهٗ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۵/۱۳۱، الحديث رقم ۲۳۸۹، ومسلم في ۳/۱۹۱۷ الحديث رقم (۱۵۱-۲۰۴۵)

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شریک مجلس کی اجازت کے بغیر دو کھجوریں ملا کر کھانے سے منع فرمایا یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''أن يقرن'' راء کے ضمہ کے ساتھ، ایک نسخہ میں کسرہ کے ساتھ ہے۔''قرن'' از باب نصر (بحوالہ مصباح) اور ایک لغت از باب ''ضرب'' ہے۔صاحب قاموس فرماتے ہیں: ''قرن بين الحج والعمرة۔اس کا مصدر'' قران'' ہے۔بمعنی جمع کرنا، جیسا کہ ایک لغت ''أقرن'' کی ہے۔''قران'' بروزن کتاب، ''جمع بین التمر تین'' کو کہتے ہیں۔

ہمارے بعض حضرات فرماتے ہیں یہ مسئلہ بالا اس صورت میں ہے جب کسی نے دعوت کی ہو۔

اگر چند افراد اپنا کھانا یکجا ہو کر اکٹھے کھائیں تو یہ صورت جائز ہے یا ناجائز؟

ائمہ فرماتے ہیں جائز ہے بشرطیکہ کوئی صاحب اپنے شریک سے بڑا لقمہ نہ لے۔اگر کوئی صاحب غیر ارادی طور پر زیادہ کھا جائیں تو کوئی حرج نہیں۔اھ۔بعض حضرات فرماتے ہیں یہ حکم اس وقت ہے جب قحط پڑا ہو، یا کھانا تھوڑا ہو اور کھانے والے زیادہ ہوں تو اجازت طلب کرے۔

علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں: ''نهى عن القران'' کا سبب یہ تھا کہ وہ زمانہ صحابہؓ پر تنگی کا تھا۔جب فراخی حاصل ہوئی تو منسوخ ہوگیا۔جیسا کہ حدیث میں صراحتاً موجود ہے: كنت نهيتكم عن القران في التمر وان الله وسّع عليكم فقارنوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"فقارنوا" میں امر اباحت کیلئے ہے۔ أی: فقارنوا ان شئتم۔

صاحب شرح السنۃ لکھتے ہیں: یہ حدیث "مناہدہ" کے جواز پر دلالت کرتی ہے۔ (مناہدہ یہ ہے کہ تمام شرکاء اپنے نفقات کو رفقاء کی تعداد کے بقدر نکال کر رکھیں۔ مسلمان اس بات میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے اگرچہ عادتاً ایک دوسرے سے کم زیادہ کھایا جاتا ہے' بشرطیکہ دوسروں سے زیادہ کھانے کا قصد نہ ہو۔

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: "نہی عن القران" معلول بعلت تھی، اور وہ علت یہ تھی کہ لوگوں میں معاشی تنگی تھی، کھانے پینے وغیرہ میں فراخی نہ تھی' جہاں تک تعلق ہے آج کل کے حالات کا تو اب وہ صورت حال نہیں، لہٰذا اجازت طلب کی ضرورت نہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں۔ بات یوں نہیں جیسے خطابی نے فرمائی، بلکہ درست بات یہ ہے کہ اس مسئلہ میں تفصیل ہے۔ جیسا کہ ہم عنقریب ذکر کریں گے۔ چونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے، نہ کہ خصوص سبب کا۔ اور وہ بشرطیکہ ثابت ہو اور وہ یہاں ثابت ہی نہیں۔ اس مسئلہ میں تفصیل یہ ہے کہ طعام اگر چند افراد کے درمیان مشترک ہو، تو قران حرام ہے۔ الّا یہ کہ شرکاء طعام سے ان کی رضامندی صراحۃً معلوم ہو، یا ظن غالب ہو، اور اگر اس میں شک ہو تو قران حرام ہے، اور اگر کھانا کسی ایک شخص کا تھا' اس نے دوسروں کی مہمان نوازی کی' تو اس میزبان کے لئے قران حرام نہیں ہے۔ اور اگر طعام کم ہو تو قران مستحسن نہیں، بلکہ شرکاء میں برابری کرے، اور اگر طعام زیادہ ہو اس قدر کہ بچ رہے گا تو قران میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن کھانے کا ایک مطلق ادب یہ ہے کہ کھانے میں حرص وہوس نہ ہو، الّا یہ کہ کھانے والے کو کسی سبب سے جلدی ہو جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔ یہ کلام محل نظر ہے۔ امام خطابی کا کلام مسلمانوں کے ساتھ حسن ظن اور اتساع اغلی پر مبنی ہے' چنانچہ ان کا کلام درست ہے' اس میں کوئی خطا نہیں ہے' علاوہ ازیں خطابی نقل میں "ائمہ ثبت" میں سے ہیں اس کی تائید سیوطی کی نقل سے بھی ہوتی ہے مزید یہ کہ حدیث اس بارے میں بالکل صریح ہے' اور قاعدہ کہ "مثبت" مقدم ہوتا ہے "نافی" پر۔ پس تأمل فرمائیے اور انصاف فرمائیے' کہ آپ اندھے مقلد نہیں ہیں اور راہ تحقیق وتائید کے طلب گار ہیں۔

تخریج: الجامع الصغیر میں ہے: نهى عن القران الا أن يستأذن الرجل أخاه۔ اس حدیث کو امام احمد، شیخین، اور ابوداؤد نے بھی نقل کیا ہے۔

ونهى أن يلقى النواة على الطبق الذى يوكل منه الرطب والتمر۔ اس کو شیرازی نے سند ضعیف کے ساتھ حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے۔

کھجور والا گھر بھوکا نہیں

۴۱۸۹: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَايَجُوْعُ اَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُوَفِىْ رِوَايَةٍ قَالَ يَا عَآئِشَةُ بَيْتٌ لَاتَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهُ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ۱۶۱۸/۳ الحديث رقم (۱۵۳۔۲۰۴۶) وأبو داؤد فى السنن ۱۷۴/۴ الحديث رقم ۳۸۳۱' والترمذى فى ۲۳۳/۴ الحديث رقم ۱۸۱۵ وابن ماجه فى ۱۱۰۴/۲ الحديث رقم ۳۳۲۷ والدارمى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی ۲/ ۱٤۱ الحديث رقم ۲۰٦۰۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس گھر کے لوگ بھوکے نہیں رہتے جن کے ہاں کھجوریں ہوں اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جس گھر میں کھجور نہ ہو اس کے گھر والے بھوکے ہیں۔ یہ کلمہ آپ نے دو بار یا تین بار فرمایا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''جیاع'': جیم کے کسرہ کے ساتھ، ''جائع'' کی جمع ہے۔

''اهله'': سے مراد اہل مدینہ اور وہ لوگ ہیں جن کی خوراک کھجور ہے یا اس سے مقصود کھجور کا عظیم الشان ہونا بتلانا ہے۔

امام نوویؒ نے اس کے ذیل میں چند فوائد ذکر کئے ہیں:

❶ کھجور کی فضیلت معلوم ہو رہی ہے۔ ❷ کھجور والوں کے لئے ذخیرہ اندوزی کا جواز معلوم ہوتا ہے ❸ کھجور کے استعمال کی ترغیب دی گئی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اس کا مطلب یہ ہو کہ جس شہر میں کھجور بکثرت ہوتی ہیں اس شہر والوں کو کھجور پر قناعت کی ترغیب دی گئی ہو، کہ جس گھر میں کھجور ہو اور وہ کھجوروں پر قناعت کر لیں تو بھوکے نہیں رہ سکتے، بھوکا وہ شخص ہے جس کو کھجور بھی دستیاب نہ ہو۔ اگلی حدیث اس مفہوم کی مؤید ہے: **كان يأتي علينا الشهر ما نوقد فيه ناراً انما هو التمر والماء**۔

الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: حدیث کے پہلے حصہ کو امام احمد، مسلم، ابوداوٗد، ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے۔ جب کہ دوسرے حصہ کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

عجوہ کھجور زہر کا علاج

٤١٩٠: وَ عَنْ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرَّهٗ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٥٦٩/٩ الحديث رقم ٥٤٤٥، ومسلم فی ١٦١٨/٣ الحديث رقم (١٥٥-٢٠٤٧) وأبو داوٗد فی السنن ٢٠٨/٤ الحديث رقم ٣٨٧٦، وأحمد فی المسند ١٨١/١۔

ترجمہ: حضرت سعدؓ سے روایت ہے کہ میں نے پیغمبر ﷺ کو فرماتے سنا جو شخص صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھائے تو اس دن وہ زہر و سحر سے محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: تصبّح: بائے مشدہ کے ساتھ۔

بسبع تمرات: باء برائے تعدیہ ہے

عجوة: تمرات سے عطف بیان ہونے کی وجہ سے مجرور ہے۔ ''**عجوة**'' مدینہ کی کھجوروں میں سے کالے رنگ کی عمدہ کھجور ہوتی ہے۔ ایک نسخہ میں ''**عجوة**'' اضافت کے ساتھ ہے۔ (كذا فی روضة الاحباب) ابن الملک نے فرمایا کہ ''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عجوة" تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

لم يضره براء مشددہ کے فتحہ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں ضمہ کے ساتھ ہے، البتہ ضمیر کے ساتھ کسرہ درست نہیں۔

سم: سین کے فتحہ کے ساتھ ہے، تثلیث بھی جائز ہے۔

النہایہ میں "عجوة" کھجور کے بارے میں فرماتے ہیں: نوع من تمر المدينة اكبر من الصيحاني يضرب الى السواد من غرس النبی ﷺ۔ مظہر فرماتے ہیں ہوسکتا ہے کہ کھجوروں کی کوئی خاص نوع ہو جو دافع زہر و سحر ہو۔ اور نبی کریم ﷺ نے اس نوع کیلئے برکت اور شفا کی دعا فرمائی ہو۔

امام نوویؒ نے اس حدیث کے تحت چند فوائد ذکر فرمائے ہیں: ❶ مدینہ کی کھجوروں کو فضیلت حاصل ہے۔ ❷ عجوة کی فضیلت معلوم ہوئی ❸ صبح کے وقت سات کھجوریں کھانے کی فضیلت معلوم ہوئی۔

مدینہ کی "عجوة" کھجور کی تخصیص اور سات کی تعیین کا علم ان چیزوں میں سے ہے جس کا علم صرف شارع علیہ السلام ہی کو ہے۔ ہم اس کی حکمت نہیں جانتے۔ پس اس کی فضیلت کا اعتقاد اور اس کی حکمت پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اور یہ بالکل ایسا ہے جیسا کہ نمازوں کی تعداد اور مقادیر زکوۃ وغیرہ۔

تخریج: احمد اور ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔

مقام عالیہ کی عجوہ شفاء والی ہے

۴۱۹۱: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِنَّ فِيْ عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءٌ وَاِنَّهَا تِرْيَاقٌ اَوَّلَ الْبُكْرَةِ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۱۶۱۹/۳ الحديث رقم (۱۵۶-۲۰۴۸) وأحمد في المسند ۱۰۵/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ عجوہ عالیہ میں شفاء ہے اور یہ نہار منہ صبح کو کھائی جائے تو ازالہ زہر کے لئے تریاق ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: "العالية:" مدینہ میں ایک جگہ کا نام ہے۔

یعنی دوسری عجوة کے مقابلے میں اضافی شفاء ہے۔ یا سابقہ اطلاق میں تقیید مقصود ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: العالية ماكان من الحوائط والقرى والعمران من جهة المدينة العلياء مما يلي نجدا والسافلة من الجهة الاخرىٰ مما يلي تهامة، وأدنى العالية ثلاثة أميال، وأبعدها ثمانية من المدينة۔

ترياق: تاء کے کسرہ اور ضمہ کے ساتھ، ایک مشہور دوا جو زہر کی مختلف اقسام میں نافع ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں تاء کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ دو لغتیں ہیں۔ اس کو "درياق" بھی کہا جاتا ہے۔

اول البكرة: باء موحدہ کے ضمہ کے ساتھ، (اول) ظرف ہے۔ اى كلها فى اول الصبح يفيد كالترياق۔ یعنی صبح سویرے کھانا تریاق کا فائدہ دیتا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ خبر کیلئے ظرف ہے "أنها نافعة للسم" کی تأویل پر جیسا کہ اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: ﴿وهو الله فی السموات﴾[الانعام:۳] ای معبود فیھا۔ یہ جملہ معطوفہ ہے علی سبیل البیان، جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں ہے: ﴿وان من الحجارة لما يتفجر منه الانهار﴾[البقرة:۷۴] یا عطف العام علی الخاص برائے اختصاص ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان میں ہے: ومن كانت هجرته لدنيا تصيبه أو امرأة يتزوجها۔

ایک ایک ماہ تک کھجور و پانی پر گزارا

۴۱۹۲: وَعَنْهَا قَالَتْ يَأْتِي عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَانُوْقِدُ فِيْهِ نَارًا اِنَّمَا هُوَالتَّمْرُوَالْمَآءُ اِلَّآ اَنْ يُّؤْتٰى بِاللُّحَيْمِ۔

(متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۱/۲۸۲ الحديث رقم ٦٤٥٨ ومسلم في ۲۲۸۲/٤ الحديث رقم (۲٦-۲۹۷۲)' والترمذي في السنن ٥٥٦/٤ الحديث رقم ۲٤۷۱ وابن ماجه في ۱۳۸۸/۲ الحديث رقم ٤١٤٤' وأحمد في المسند٦/١٠٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم پر مہینہ گزر جاتا اور ہم آگ نہ جلاتے کھجور اور پانی عمومی خوراک ہوتی بعض اوقات معمولی گوشت لایا جاتا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: انما هو: سے مراد شئے ماکول ہے۔

التمر والماء: ''ماء'' کے عطف سے مبالغہ مقصود ہے۔

نؤتی: ایک نسخہ میں یاء کے ساتھ ''یؤتی'' ہے۔ اس صورت میں ھو ضمیر کا مرجع ''لحم'' ہوگا۔

اللحیم: ''لحم'' کی تصغیر ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ امہات المؤمنین کے پاس آنے والا سامان، اشیاء خورد و نوش بڑی مقدار میں نہیں ہوتا تھا بلکہ اقل قلیل ہوا کرتا تھا۔

''لا نوقد النار'' کا ایک مطلب یہ بیان کیا ہے ''لا نوقد النار للطبخ'' (کھانا پکانے کیلئے آگ نہیں جلاتے تھے)۔ کھانے کے بجائے کھجوروں پر ہی گزر بسر کر لیا کرتے تھے۔ سوائے اس کے کہ کہیں سے گوشت کا کوئی ٹکڑا آ جاتا۔ اس توجیہہ کے پیش نظر تصغیر تعظیم کیلئے ہے۔ یا چونکہ گوشت تمام سالنوں کا سردار ہے اس اعتبار سے تصغیر محبت اور خواہش کی وجہ سے ہے۔

مظہر اس کا مطلب یہ بیان فرماتے ہیں: لا نطبخ شيئا الا أن يؤتى باللحم، فيحنئذ نوقد النار (ہم کچھ بھی نہیں پکاتے سوائے اس کے کہ گوشت آ جائے، تو اس وقت چولہے میں آگ جلایا کرتے تھے۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بظاہر یہ استثناء منقطع ہے۔ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ استثناء متصل ہے کیونکہ ''أن يؤتى'' مصدر مؤول مضاف الیہ ہے اور ''وقت'' مضاف مقدر ہے۔ اور ''فيه'' کی ضمیر جو ''الشهر'' کی طرف راجع ہے مستثنیٰ منہ ہوگی۔

ایک احتمال یہ ہے کہ ''انما هو التمر والماء'' سے سمجھ میں آنے والا مفہوم سے مستثنیٰ منہ ہو۔ ای مالمأکول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الاتمر وماء الا أن يؤتى باللحيم۔ مطلب یہ ہوگا کہ کھجور اور پانی کے علاوہ کھانے کی کوئی چیز دستیاب نہیں ہوتی تھی' سوائے آنے والے تھوڑے سے گوشت کے۔ تو اس وقت گوشت ہوتا۔

مسلسل دو دن بھی گندم کی روٹی نہ کھائی

۴۱۹۳: وَعَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ اِلَّا وَاَحَدُهُمَا تَمْرٌ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۱/۲۸۲ الحديث رقم ٦٤٥٥' وابن ماجه في السنن ۲/۱۱۱۰ الحديث رقم ۳۳٤٤' وأحمد في المسند ٦/١٥٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کے گھر والے دو دن (مسلسل) گندم کی روٹی سے سیر نہ ہوئے مگر ایک ان دونوں میں سے کھجور ہوتی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کشاف کے مذہب کے مطابق عمومی احوال یا اوصاف مستثنیٰ منہ ہیں۔ تو گویا عبارت کی تقدیر یوں ہے: استقريت من آل محمد يومين يومين، فلم أجد يومين موصوفين بصفة من الأوصاف الا بأن أحد اليومين يوم تمر و الآخر يوم خبز۔

عرف میں اس کو سیر ہونا نہیں کہا جاتا' لہٰذا سیری تو سرے سے ہی نہ پائی گئی۔ اس بات کی تائید حضرت عائشہؓ ہی کے ایک دوسرے اس بیان سے ہوتی ہے: ما شبعنا من الأسودين۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: زیادہ واضح بات یہ ہے کہ دنوں میں سے ایک دن تو سیری حاصل ہوتی تھی جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا۔ اس کی مؤید شمائل ترمذی ہی کی روایت ہے جو حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے: ما شبع رسول الله ﷺ من خبز شعير يومين متتابعين حتى قبض ﷺ۔ یہ روایت اس حدیث ''ما شبعنا من الأسودين'' کے منافی نہیں، چونکہ اس کو دوام پر محمول کرنے کا امکان ہے، علاوہ ازیں تتابع کا احتمال بھی ہے۔

دو سیاہ چیزیں

۴۱۹۴: وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْاَسْوَدَيْنِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۹/۵۲۷ الحديث رقم ۵۳۸۳' ومسلم في ٤/۲۲۸٤ الحديث رقم (۲۱۔۲۹۷۵ وأحمد في المسند ٦/۱۵۸۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی ہم نے دو سیاہ چیزیں یعنی کھجور اور پانی سے پیٹ بھرا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''من الأسودين'' مراد کھجور اور پانی ہے۔ اس میں تغلیب ہے مشروب پر ماکول کا اطلاق تغلیباً ہے چونکہ یہ اصل مطلوب ہے' جیسا کہ شبع ''کو ''ری'' پر غلبہ حاصل ہے اس میں تغلیب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''اَلاسودان'' سے مراد کھجور اور پانی ہے۔ حالانکہ صفت سواد کھجور میں ہوتی ہے نہ کہ پانی میں۔ اس کے باوجود دونوں کو ''اسود'' کہا گیا۔ عرب کی عادت تھی کہ وہ ایسی دو اشیاء جو اکٹھی استعمال ہوتی تھیں' ان کا نام ایک کی وجہ سے دوسرے پر بھی اکٹھا کر کے بول دیا کرتے تھے۔

ملا علیؒ قاریؒ فرماتے ہیں زیادہ ظاہر یہ ہے کہ عرب کبھی مذکر کو غلبہ دیتے ہیں جیسا کہ ''قمرین''، کبھی أخف کو جیسا کہ ''عمرین'' اور کبھی احری کو جیسا کہ ''والدین'' یہ قول اصحاب غریب کا ہے۔ یہ علم و وصف دونوں کو شامل ہے۔

قوله: متفق عليه: اور ایک صحیح نسخہ میں رواہ مسلم ہے۔

تعیش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہ تھا

۴۱۹۵: وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ ﷺ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَـهٗ ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/٢٢٨٤ الحديث رقم (٣٤-٢٩٧٧) والترمذي في السنن ٤/٥٠٦ الحديث رقم ٢٣٧٢، وابن ماجه في ٢/١٣٨٨ الحديث رقم ٤١٤٦، وأحمد في المسند ٤/٢٦٨۔

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے وہ کہنے لگے تم ایک کھانے اور پینے پر نہیں رکتے بلکہ اس میں جس طرح چاہتے ہو وسعت کرتے ہو۔ میں نے تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناکارہ کھجور بھی اس قدر میسر نہ تھی جو پیٹ بھر دے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال أنستم: یہ خطاب ان صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے پردہ فرماتے کے بعد بقید حیات تھے یا یہ خطاب تابعین سے ہے۔

في طعام وشراب ما شئتم: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مصدر محذوف کی صفت ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: **ألستم منغمسين في طعام وشراب مقدار ما شئتم من التوسعة والافراط فيه** پس ''ما'' موصولہ ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ مصدریہ ہو۔ اھ۔ اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ ''ما'' استفہامیہ ہو۔ ای **اى شيء شئتم منهما**؟ یہ جملہ تعبیر و توبیخ پر مبنی ہے۔ اس کا قرینہ آنے والا اگلہ جملہ ہے۔

نبیکم: میں اضافت برائے الزام ہے۔ چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام دنیا اور دنیاوی لذتوں سے اعراض فرماتے تھے اور لذیذ مشروبات و ماکوت کا استعمال۔

مروی ہے کہ مالک بن نویرہ نے جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: **كان صاحبكم يقول** کہ تمہارے ساتھی (یعنی محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم) یوں یوں کہتے تھے تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہا وہ صرف ہمارے ساتھی ہیں تمہارے ساتھی نہیں ہیں؟: **هو صاحبنا وليس بصاحبك؟** اور مالک بن نویرہ کو قتل کر ڈالا۔ واضح رہے کہ حضرت خالد بن ولید نے مالک بن نویرہ کو صرف اس جملہ کی وجہ سے قتل نہیں کیا تھا، بلکہ ان کو مالک بن نویرہ کے مرتد ہونے کی اطلاع پہنچی تھی، اس کلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ذریعے اس کے ارتداد کی خبر مؤکد ہوگئی۔ چنانچہ مجموعی صورتحال کے پیش نظر حضرت خالد بن ولید نے اس کے قتل کو مباح سمجھا۔

عرض مرتب: اس واقعہ کی مناسبت اس حدیث باب سے کیا ہے؟ واللہ اعلم بالصواب۔ بظاہر مناسبت یہ ہے کہ حدیث باب میں "نبیکم" ہے اور اس روایت میں "صاحبکم" ہے۔ جو اشکال حضرت خالد بن ولیدؓ کی روایت پر ہوتا ہے وہی اعتراض حدیث باب پر بھی ہوسکتا ہے۔

"لقد رأیت" اگر بمعنی "نظرت" ہوتو "وما یجد من الدقال" جملہ حالیہ ہے۔ اور اگر "رأیت"، بمعنی "علمت" ہے تو یہ جملہ محل نصب میں مفعول ثانی ہے۔ خبر کان واخواتها کے مشابہہ ہونے کی وجہ سے واؤ داخل کیا گیا۔ جیسا کہ اخفش اور کوفیوں کا مذہب ہے۔ یہ امام طیبیؒ کی تحقیق ہے۔ قول معتمد اول ہے۔

الدقل دال اور قاف کے فتحہ کے ساتھ گھٹیا اور خشک کھجور اور وہ کھجور جس کا کوئی خاص نام ہو، اس کے خشک اور گھٹیا ہونے کی وجہ سے جمع نہ کی جاتی ہو بلکہ اِدھر اُدھر بکھری ہوئی ہو۔ (نہایہ)

ما یملأ بطنه: یجد کا مفعول ہے۔ ما موصولہ ہے یا موصوفہ ہے۔

من الدقل: "من بیانیه" ہے اور ماقبل "ما" کا بیان ہے۔

تخریج: نیز اسی طرح امام ترمذیؒ نے شمائل ترمذی میں روایت کیا ہے۔

لہسن والے کھانے کی واپسی

۴۱۹۶: وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ ﷺ اِذَا اُتِیَ بِطَعَامٍ اَکَلَ مِنْهُ وَبَعَثَ بِفَضْلِهٖ اِلَیَّ وَاِنَّهٗ بَعَثَ اِلَیَّ یَوْمًا بِقَصْعَةٍ لَمْ یَأْکُلْ مِنْهَا لِاَنَّ فِیْهَا ثُوْمًا فَسَأَلْتُهٗ اَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلٰکِنْ اَکْرَهُهٗ مِنْ اَجْلِ رِیْحِهٖ قَالَ فَاِنِّیْ اَکْرَهُ مَا کَرِهْتَ۔ (رواہ مسلم)

ترجمہ: حضرت ابوایوبؓ سے روایت ہے کہ جب آپ کے پاس کھانا لایا جاتا تو آپ اس میں سے تناول فرماتے اور بچا ہوا کھانا میرے پاس بھیج دیتے تھے ایک دن آپ ﷺ نے ایک بڑا پیالہ کھانے کا جس میں لہسن تھا میری طرف بھیجا اس میں سے کچھ بھی آپ نے تناول نہ فرمایا تھا۔ میں نے پوچھا کہ کیا لہسن حرام ہے؟ آپ نے فرمایا یہ حرام نہیں لیکن اس کی بو کی وجہ سے میں اسے ناپسند کرتا ہوں۔ ابوایوب کہنے لگے یارسول اللہ ﷺ میں بھی اس چیز کو ناپسند کرتا ہوں جس کو آپ ناپسند کرتے ہیں۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: شاید کہ یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب آنحضرت ﷺ ہجرت کے بعد مدینہ تشریف لائے اور ابوایوب انصاریؓ کے گھر آ کر اترے تھے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ ابوایوب انصاری مدینہ کے تنگ دست ترین لوگوں میں سے تھے۔

وانه: ضمیر شان ہے۔ یا نبی کریم ﷺ کی طرف عائد ہے۔

وانه بعث الیّ یومًا بقصعة: ایک نسخہ میں "الیه" ہے، جو روایۃً و درایۃً ہر اعتبار سے ضعیف ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیح مسلم کے اور مصابیح کے بعض نسخوں میں اسی طرح ہے اور اس کے باقی نسخوں میں "قصعة" ہے اور "منها" دونوں ساقط ہیں۔

قوله: احرام هو: ضمیر کا مرجع۔ لہسن ہے یا وہ کھانا کہ جس میں لہسن ڈالا ہوا تھا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے سوال کرنے کی نوبت اس وجہ سے پیش آئی کہ انہوں نے تو یہ کھانا کھانے کیلئے بھیجا تھا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ آنحضرت ﷺ کیلئے یہ کھانا حرام ہو۔

قال: لا ولكن اكرهه من اجل ريحه: یہ ارشاد کھانے میں عیب نکالنے کے مترادف نہیں بلکہ اس مانع کا اظہار تھا کہ جس وجہ سے آنحضور ﷺ نے تناول فرمانے سے اعراض فرمایا۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس سے صراحۃً یہ پتہ چلتا ہے کہ ثوم کا استعمال مباح ہے البتہ اس شخص کیلئے مکروہ ہے جو نماز باجماعت میں شرکت کا ارادہ رکھتا ہو اور ہر وہ چیز جس میں بدبو ہو لہسن کے حکم میں ہے۔ نبی کریم ﷺ لہسن کا استعمال بالکل نہیں فرماتے تھے چونکہ ہر گھڑی وحی کی آمد متوقع ہوتی تھی۔

فقہا کے مابین اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ لہسن، پیاز اور گندنا آنحضور ﷺ کے حق میں محرم تھا یا غیر محرم؟ ہمارے بعض حضرات کا فرمانا یہ ہے کہ حرام تھا۔ اصح یہ ہے کہ مکروہ تنزیہی تھا۔ اس کی دلیل: أحرام هي؟ کے جواب میں آنحضور ﷺ کا یہ عمومی فرمان "لا" ہے۔

حرمت کے قائل حضرات اس "قال لا" کا مطلب یہ بیان فرماتے ہیں: ای "ليس بحرام فى حقكم"۔ (تمہارے لئے اس کا استعمال حرام نہیں)۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آکل وشارب کے لئے مستحب ہے کہ وہ اضافی کھانا اور مشروب اپنے غریب پڑوسیوں کے ہاں بھیج دے' الاقرب فالاقرب کا لحاظ رکھتے ہوئے۔

فانّی: ایک نسخہ میں انّی ہے۔

حضرت ابو ایوب انصاری کا یہ فرمانا کمال اتباع کی وجہ سے تھا۔ یا اس وجہ سے تھا کہ وہ بھی جماعت میں شرکت کا ارادہ رکھتے تھے۔

کچے پیاز و لہسن کے استعمال کا پسند نہ فرمانا

۴۱۹۷: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ مَنْ اَكَلَ ثُوْماً اَوْبَصَلاً فَلْيَعْتَزِلْنَا اَوْقَالَ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا اَوْلِيَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ وَاَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اُتِيَ بِقِدْرٍ فِيهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ فَوَجَدَ لَهَارِيْحًا فَقَالَ قَرِّبُوْهَا اِلٰى بَعْضِ اَصْحَابِهٖ وَقَالَ كُلْ فَاِنِّيْ اُنَاجِيْ مَنْ لَّا تُنَاجِيْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٢/٣٣٩ الحديث رقم ٨٥٥، ومسلم فی ١/٣٩٤ الحديث رقم (٧٣-٥٦٤)، وأبو داوٗد فی السنن ٤/١٧٠ الحديث رقم ٣٨٢٢ والترمذی فی ٤/٢٢٩ الحديث رقم ١٨٠٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص (کچا) لہسن و پیاز کھائے وہ ہم سے ایک طرف رہے۔ وہ ہماری مجلس میں نہ آئے یا اس طرح فرمایا وہ ہماری مسجد سے ایک طرف رہے یا فرمایا وہ اپنے گھر میں بیٹھا رہے۔ آپ ﷺ کی خدمت میں ایک ہنڈیا لائی گئی اس میں ترکاریوں کی ہریاول تھی یعنی لہسن و پیاز پڑا تھا آپ ﷺ نے اس میں (ان کی) بو پائی تو ایک خادم سے فرمایا اسے فلاں شخص کے پاس لے جاؤ اور اپنے صحابہ کرام میں سے ایک کی طرف اشارہ فرمایا جو کہ موجود تھے اور پھر اس شخص کو مخاطب کر کے فرمایا مجھے اس سے کلام کرنا ہوتا ہے جس سے تجھے کلام نہیں کرنا ہوتا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''توماز وبصلا:''۔''او'' تنویع کیلئے ہے۔ ہر وہ چیز جو بدبودار ہو مثلاً، گندنا اسی کے حکم میں ہے۔

أو فليعتزل مسجد نا: چونکہ مساجد نا صرف یہ کہ مسلمانوں کے اجتماع کی جگہ ہیں بلکہ ملائکہ مقربین کا مقام نزول بھی ہیں۔ بعض علماء کا فرمانا ہے کہ یہ ممانعت صرف مسجد نبوی کیلئے ہے۔ لیکن جمہور کی رائے اس کے برعکس ہے فرماتے ہیں کہ ''فلا يقربن مساجدنا'' کا صریح مقتضی عموم ہے۔

قوله: أو ليقعد في بيته: بعض حضرات نے اس ''أو'' کو شک کیلئے اور بعض نے تنویع کیلئے قرار دیا ہے۔ الجامع الصغير میں ''أو'' کی جگہ ''وَ'' ہے۔ اس تقدیر پر یہ جملہ مؤکدہ ہے۔

وان النبي ﷺ: ان کسرہ کے ساتھ ہو تو یہ جملہ حالیہ ہے اور اگر ''أن'' فتحہ کے ساتھ ہو تو یہ جملہ معطوفہ ہوگا۔ اور یہی اولی ہے۔

خضرات: ''خاء نقطہ والی کے فتحہ اور ضاد معجمہ کے کسرہ کے ساتھ، خضرة کی جمع ہے۔ یہ لفظ خاء کے ضمہ اور ضاد معجمہ کے فتحہ کے ساتھ بھی روایت کیا گیا۔ ''خضرة'' کی جمع ہے۔

تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ ''بقدر'' کو امام بخاریؒ نے قاف کے ساتھ روایت کیا ہے' حالانکہ بعض حضرات کے فرمان کے مطابق باء کے ساتھ ''ببدر'' درست ہے۔ اس طبق کو کہتے ہیں جو کھجور کے پتوں سے بنایا جاتا ہے۔ اور شاید کہ اس کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے، چونکہ یہ بھی ''بدر'' کی طرح گول ہوتا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ صحیح مسلم کے نسخوں میں ''أتي بقدر'' کے الفاظ ہیں۔ صحیح البخاری اور سنن ابوداؤد وغیرہ جیسی کتب معتمدہ میں ''ببدر'' (دوہری باء موحدہ کے ساتھ) ہے۔ علماء کا فرمانا ہے کہ یہی درست ہے۔ رواۃ اور اہل لغت وغریب حضرات نے ''بدر'' کی تفسیر ''طبق'' کے ساتھ کی ہے۔

اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ بخاری شریف کے نسخوں میں اختلاف ہے۔ بعض شراح نے ''بدر'' کی روایت کو راجح قرار دیا ہے۔ اور اہل لغت نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ ''القدر'' والی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ یہ (کھانا) پکا ہوا تھا' پکی ہوئی سبزیوں کے کھانے کی اجازت بھی وارد ہے۔

عسقلانیؒ نے ''القدر'' کی روایت کو اصح قرار دیا ہے۔ آنحضرت ﷺ کا پکے ہوئے لہسن کے استعمال سے رکنے اور دوسرے حضرات کو اس کی اجازت مرحمت فرمانے میں تعارض کی کوئی بات نہیں، نبی کریم ﷺ نے اس کی علت خود ہی ارشاد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمادی:فاني أناجي من لا تناجي۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس بات کا امکان موجود ہے کہ آنحضرت ﷺ کا وہ کھانا تناول نہ فرمانا اس وجہ سے ہو کہ وہ لہسن پکا نہ ہو بلکہ کچا ہو۔ یہ بات ہانڈی میں ہونے کے منافی نہیں، چونکہ بعض مرتبہ سارا سالن برابر نہیں پک پاتا، چہ جائیکہ لہسن جیسی چیز ہو۔ اور کبھی کبھار ایسا ہوتا ہے کہ جب ہانڈی پکنے کے قریب ہوتی ہے تو اس وقت لہسن ڈالا جاتا ہے جس کی وجہ سے ان چیزوں کی بو مکمل طور پر ختم نہیں ہوتی بلکہ باقی رہتی ہے۔ جیسا کہ اگلا جملہ اس پر دال ہے۔

قولہ:قر بوها الى بعض أصحابه: اُصحاب کو مبہم رکھا چونکہ مقصود حاصل تھا، کسی فرد متعین کا نام لینے کی ضرورت نہ تھی۔

کل: امام طیبیؒ فرماتے ہیں شاید کہ آنحضرت ﷺ نے ''قرّبوها الى فلان'' کے الفاظ ارشاد فرمائے ہوں۔ اس بات کا قرینہ لفظ ''کل'' ہے۔ راوی نے بعینہ وہ الفاظ ذکر کیے جن کا آنحضرت ﷺ نے تلفظ فرمایا تھا۔ چونکہ ان کو بالتصریح نام یاد نہ تھا۔ تو راوی نے ''بعض أصحابه'' کی تعبیر اختیار کی۔

فاني أناجي من لا تناجي: اس سے مراد ملائکہ ہیں یا جبریل علیہ السلام ہیں۔ مطلب یہ تھا کہ (یہ فرشتے میرے پاس آتے رہتے ہیں اور) میں ان سے بات چیت کرتا ہوں، تم ان سے بات چیت نہیں کرتے، بعض چیزیں ایسی ہیں جو تمہارے لئے جائز ہیں مگر میرے لئے جائز نہیں۔ بادشاہوں کو لوہاروں پر قیاس مت کرو۔

تخریج: اس روایت کی تخریج پہلے مذکور ہو چکی ہے' کہ اسے ابوداؤد وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔

کھانا تولنا برکت کا باعث

۴۱۹۸: وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ كِيلُوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤/٣٤٥ الحدیث رقم ٢١٢٨ وابن ماجه فی السنن ٢/٧٥١ الحدیث رقم ٢٢٣٢' وأحمد فی المسند ٤/١٣١۔

ترجمہ: حضرت مقدام بن معدیکربؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیل کیا کرو یعنی اپنے طعام کی ناپ تول کرو۔ اس میں اللہ تعالیٰ تمہارے لئے برکت پیدا فرما دیں گے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: کیلوا اطعامکم یبارك لکم:

یبارك: مجہول کا صیغہ ہے۔ اور ''الجامع'' کی روایت میں ''فیه'' کی زیادتی بھی ہے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: مطلب یہ ہے کہ جو چیز ماپ تول کر لی دی جاتی ہے اس کو قرض، لین دین، بیچنے، خریدنے وقت ماپ تول لیا کرو تا کہ مقدار مجہول کی بیع وشراء لازم نہ آئے چونکہ اس قسم کی بیع وشراء جائز نہیں۔ نیز اپنے اہل وعیال کا راشن بھی اگر نہیں تولے گا تو بعض مرتبہ وہ بقدر کفایت نہیں ہوتا ہے اس صورت میں راشن کی کمی سے اہل خانہ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور کبھی راشن ان کی قدر کفایت سے زائد ہوتا ہے نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کی غرض یہ ہے کہ لوگوں کو اپنے معاملات کا علم ویقین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو۔جو آدمی بھی آنحضرت ﷺ کی سنت ملحوظ خاطر رکھے گا دنیا میں نہایت برکت اور آخرت میں اجر عظیم پائے گا۔

اگر یہ اشکال پیدا ہو کہ اس حدیث کے درمیان مطابقت کیوں کر ہوگی جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی گئی ہے۔فرماتی ہیں:توفی رسول اللهﷺ وما لی شئ یاکله ذو كبد إلا شطر شعير فی رف، وكنت آكل منه مدة، فكلته فذهبت بر كته۔

"جب رسول کریم ﷺ اس دنیا سے رخصت ہوئے تو اس وقت میرے پاس کچھ بھی نہ تھا جو کوئی جاندار کھاتا،علاوہ اس تھوڑے سے جَو کے جو خاری میں تھے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جَو کی اس تھوڑی سی مقدار میں اتنی برکت عطا فرما رکھی تھی کہ میں ایک مدت تک اس میں سے نکال نکال کر اپنے کھانے کا انتظام کرتی رہی۔پھر(ایک دن)میں نے اس کو ماپ ڈالا،بس جب ہی سے اس کی برکت جاتی رہی۔"

اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں خرید و فروخت کے وقت ماپنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ برابری اور توازن قائم رہے۔اس میں خیر و برکت ہے۔اور خرچ کے وقت ماپنا درحقیقت احصاء وضبط ہے۔(جو ایک طرح سے بخل اور تنگی قلب کا مظہر ہے۔ازمترجم) اور اس سے منع کیا فرمایا گیا ہے۔چنانچہ آنحضرت ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

أنفق بلالا ولا تخش من ذی العرش إقلالا۔

بلال!تم بس خرچ کرو۔صاحب عرش(اللہ تعالیٰ)کی طرف سے کمی کئے جانے کا خوف نہ کرو۔"

تخریج:اس حدیث کو امام احمد نے،بخاری نے اپنی تاریخ"میں،ابن ماجہ نے عبید اللہ بن بسر سے،احمد اور ابن ماجہ نے ابو ایوب سے،طبرانی نے ابو الدرداءؓ سے روایت کیا ہے۔ابن النجار نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے:

كيلوا طعامكم فإن البركة فی الطعام المكيل۔"کھانے پینے کی چیزوں کو ناپ تول لیا کرو۔چونکہ برکت ناپے ہوئے کھانے میں ہوتی ہے"۔

کھانے کی دُعا

۴۱۹۹:وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ اِذَا رُفِعَ مَائِدَتُهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبٰرَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا . (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٥٨٠/٩ الحديث رقم ٥٤٥٨، وأبو داوٗد فی السنن ١٨٦/٤ الحديث رقم ٣٨٤٩، والترمذی فی ٤٧٣/٥ الحديث رقم ٣٤٥٦ وابن ماجه فی ١٠٩٢/٢ الحديث رقم ٣٢٨٤۔

ترجمہ:حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب کھانا کھا چکتے تو یہ دعا پڑھتے:"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبٰرَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا" اللہ تعالیٰ کے لئے تمام پاکیزگی ہے یعنی جو خالی ہو رہا اور شہرت سے۔اسی میں برکت ہے یعنی بابرکت حمد جس میں انقطاع نہ ہو نہ کفایت کی گئی اور نہ متروک ہوئی اور نہ اس سے بے نیازی ہوا ہے ہمارے رب۔یہ بخاری کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: ''اذا رفع'' ایک روایت میں ''اذا رفعت'' کے الفاظ ہیں۔اور ایک روایت میں (اذا رفع کے بعد) **من بين يديه** کے الفاظ بھی ہیں۔

اس حدیث پر ایک اشکال ہے۔وہ یہ کہ علماء نے ''المائدہ'' کی تفسیر ''**خوان عليه طعام**'' سے کی ہے۔حالانکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث صحیح میں آتا ہے: **أنه ﷺ لم يأكل على خوان قط**، جیسا کہ یہ بات ماقبل میں بھی گزر چکی ہے۔

پہلا جواب: آنحضرت ﷺ نے بیان جواز کیلئے کبھی کبھی خوان پر بھی کھانا تناول فرمایا ہے۔البتہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ کو خوان پر کھاتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا لیکن دوسرے حضرات نے دیکھا ہے۔

دوسرا جواب: مثبت مقدم ہوتا ہے نافی پر۔

تیسرا جواب: ''خوان'' مخصوص ہے اور ''**مائدة**'' کا اطلاق ہر اس چیز پر ہوتا ہے جس پر کھانا رکھا جاتا ہے۔چونکہ یہ **ما** **ديميد** بمعنی ''**تحرك أو أطعم**'' سے مشتق ہے۔یہ کسی خاص صفت کے ساتھ مختص نہیں۔کبھی کبھی ''**مائدة**'' کا لفظ بول کر کھانا یا کھانے کے آثار یا بچا ہوا کھانا مراد لیا جاتا ہے۔لہٰذا ہو سکتا ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ ''**اذا رفع مائدته**'' سے مراد دستر خوان لے رہے ہوں یا ''بقیۃ الطعام'' مراد لے رہے ہوں۔

قال الحمد الله ......: ایک روایت میں ''**يقول**'' ہے۔مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ نے یہ دعا بلند آواز سے کی۔ سنت یہ ہے کہ کھانے سے فارغ ہونے پر حمد بلند آواز سے نہ کی جائے تاکہ یہ ان کیلئے مزید کھانا کھانے میں رکاوٹ نہ بنے۔

الحمد لله: حمد کی تعریف ہے: **الثناء بالجميل على ذاته وصفاته وافعاله**۔اور (مخلوق کو) کھانا کھلانا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے' اور انعام کرنا یہ اللہ تعالیٰ کے افعال میں سے ہے۔

حمدا: الحمد کیلئے مفعول مطلق ہے۔

كثيرا: یعنی اس قدر حمد کثیر کہ جس کی غایت نہیں جیسا کہ اس کی نعمتوں کی کوئی انتہا نہیں۔

طيبا: ایسی حمد جو ریاء اور شہرت سے پاک ہو۔

کثیرا، طیبا، اور مبارکا' یہ تینوں ''**حمدا**'' کی صفات ہیں۔

فيه: ضمیر ''حمد'' کی طرف راجع ہے۔یعنی ایسی بابرکت دائمی حمد جو کبھی منقطع نہ ہو' چونکہ ہم پر اس کی نعمتوں کا سلسلہ کبھی بھی منقطع نہیں ہوتا' لہٰذا حمد بیان کرنے کا ہمارا یہ سلسلہ بھی کبھی منقطع نہ ہو' خواہ نیت میں جاری رہے یا اعتقاد میں جاری رہے۔

غير مكفي: اصول معتمدہ کے مطابق غیر منصوب علی الحالیۃ ہے' لفظ جلالہ سے حال ہے۔یا ''**حمد**'' سے حال ہے چونکہ یہ قریب ہے۔ایک نسخہ میں مرفوع ہے **هو** مبتدا محذوف کی خبر ہوگا۔

مكفي: **كفاية** سے اسم فاعل کا صیغہ ہے، اور ضمیر ''**الحمد**'' کی طرف راجع ہے، أی: **لا يكتفي بهذا القدر من الحمد، فإن كل حمد يحمد به الحامدون فهم فيه مقصرون**۔

بعض کا کہنا ہے کہ ضمیر اللہ جل شانہ کی طرف راجع ہے۔أی: **غير محتاج إلى أحد فيكفي، لكنه يطعم ولا**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يطعم، ويكفى ولا يكفى۔

بعض کا کہنا ہے کہ "مکفی" میں احتمال ہے کہ "کفات الإناء" سے ماخوذ ہو۔ أي: غير مردود عليه إنعامه۔ اور احتمال ہے کہ ضمیر "طعام" کی طرف عائد ہو، اور مطلب یہ ہوگا: انه غير مكفي من عندنا، بل هو الكافي والرازق۔

ابن جوزی، ابو منصور جوالیقی سے نقل کرتے ہیں کہ درست لفظ "غير مكافأ" ہمزہ کے ساتھ ہے۔ أي: نعمة الله لا تكافأ۔ عسقلانیؒ فرماتے ہیں ابوامامہ کی حدیث میں یہ لفظ "اسی طرح "یاء" کے ساتھ آیا ہے۔ ہر ایک کا اپنا اپنا معنی ہے:، والله أعلم۔

ولا مودع: دال مشددہ کے فتحہ کے ساتھ۔ أي: غير متروك الطلب والرغبة فيما عنده فيعرض عنه۔ بعض کا کہنا ہے کہ احتمال یہ ہے کہ دال کے کسرہ کے ساتھ ہو، قائل سے حال ہو، أي: غير تارك الحمد، أو تارك الطلب والرغبة فيما عنده۔ اس توجیہہ پر یہ نقد وارد ہوتا ہے کہ یہ معنی اپنے مابعد کلام "ولا مستغني عنه" سے میل نہیں کھاتا، چونکہ از روئے روایت یہ صرف بصیغۂ مفعول مروی ہے۔ جیسا کہ رسم الخط کا تقاضا بھی یہی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوگا: غير مطروح ولا معرض عنه، بل محتاج إليه، یہ ماقبل کیلئے تاکید ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ لا عطف تفسیری ہے، جیسا کہ بعض کا کہنا ہے۔ اس پر اشکال کیا گیا ہے' وہ یہ کہ یہ ایک ایسے فائدہ پر مشتمل ہے جو فائدہ ماقبل کلام سے صراحتاً مستفاد نہیں ہویا' اور وہ یہ ہے کہ کوئی بھی شخص حمد سے مستغنی نہیں' چونکہ حمد و ثناء ہر مکلّف پر واجب ہے' اس لئے کہ ایسا کوئی بھی شخص نہیں کہ جس پر خدا کی کوئی نعمت نہ ہو' بلکہ ہر شخص پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہیں' نعمتوں کے مقابلہ میں حمد واجب ہے جیسا کہ اہل علم نے اس کی تصریح کی ہے۔ لیکن وجوب حمد سے مراد یہ نہیں ہے کہ جو شخص زبان سے حمد بیان نہیں کرے گا وہ گناہ گار ہوگا' بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص نعمتوں کے مقابلہ میں بالمعنی الاعم اللہ کی حمد بیان کرے گا اس کو واجب کے ثواب جتنا ثواب دیا جائے گا' اور جو شخص حمد بیان کرے' لیکن وہ کسی شئے کے مقابلہ میں نہ ہو تو اس کو مندوب کا ثواب دیا جائے گا۔ اور شکر منعم بمعنی امتثال اوامر واجب اجتناب از زواجر' ہر مکلّف پر شرعاً واجب ہے' اس کا تارک بالاجماع گناہ گار ہے۔

"ربنا" اس کو مرفوع' منصوب و مجرور تینوں طرح پڑھا گیا ہے۔

مرفوع ہونے کی تقدیر پر دو احتمال ہیں:

- ❶ مبتدا محذوف کیلئے خبر ہے۔ أي هو ربنا، أو أنت ربنا اسمع حمدنا ودعائنا۔
- ❷ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر "غیر" محذوف ہے جو اس پر مقدم ہے۔

حنفیؒ نے شرح شمائل میں عجیب بات لکھی ہے کہ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے۔ أي: ربنا هذا،

منصوب پڑھنے کی تقریر پر اس میں چار احتمال ہیں:

❶ یہ منادیٰ ہے، اور حرف ندا محذوف ہے۔ ❷ منصوب علی المدح ہے۔ ❸ منصوب علی الاختصاص ہے۔ ❹ أعني مقدر ہے۔

اور مجرور پڑھنے کی صورت میں لفظ "اللہ" سے بدل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن حجرؒ شرح شمائل میں لکھتے ہیں ''عنہ کی ضمیر سے بدل قرار دینے کا قول واضح طور پر فاسد ہے' چونکہ ''عنہ'' کی ضمیر ''حمد'' کی طرف راجع ہے' جیسا کہ صاحب ذوق پر مخفی نہیں۔اھ۔ان کا یہ کلام محل نظر ہے، چونکہ انہوں نے عنہ کی ضمیر کا مرجع لفظ جلاله ہونے کو جائز قرار دیا ہے۔ بلکہ اظہر ہے، للہذا اس میں کوئی بھی فساد لازم نہیں آتا۔

تخریج: اس حدیث کو احمد، بخاری، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

كان إذا رفعت مائدته قال: الحمد لله حمدًا كثيرًا طيبًا مباركًا فيه الحمد لله الذى كفانا وأوانا غير مكفي ولا مكفور ولا مودع ولا مستغنى عنه ربنا۔

شکر گزار اللہ تعالیٰ کو پسند

۴۲۰۰: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَّاْكُلَ الْاَكْلَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا (رواه مسلم وسنذكر حديثى عآئشة وابى هريرة) **مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ وَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الدُّنْيَا فِيْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَآءِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى.**

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤/٢٠٩٥ الحديث رقم (٨٩-٢٧٤٣)۔

ترجمه: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ بندے سے اس بات پر راضی ہوتے ہیں کہ لقمہ کھا کر اس کی تعریف کرے یا پانی پی کر اس کی تعریف بیان کرے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **الأكلة:** ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔أی: **المرة من الأكل حتى يشبع**۔اور ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ بھی مروی ہے۔اس کے معنی ہیں ''لقمہ''۔اداءِ حمد کے بیان اہتمام کی وجہ سے یہ ابلغ ہے۔لیکن پہلی صورت اگلے کلام ''**أو يشرب الشربة**'' کے زیادہ موافق ہے، چونکہ یہ (یعنی الشربة) صرف بالفتح مروی ہے۔

إن الله تعالىٰ ليرضى عن العبد: ''ال'' جنس کیلئے بھی ہوسکتا ہے اور استغراق کا بھی ہوسکتا ہے۔

أن يأكل: کلام میں مضاف حذف ہے۔أی: **بسبب أن يأكل، أو لأجل أن يأكل، أو وقت أن يأكل**۔''یا'' ''**ليرض**'' کیلئے مفعول بہ ہے۔أی: **يحب منه أن يأكل**۔

''**الأكلة**'' اور ''**الشربة**'' یہ دونوں کلمات مفعول مطلق ہیں۔

فيحمده: منصوب ہے، اور وجہ نصب بالکل ظاہر ہے۔

البتہ ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے۔(اس تقدیر پر ''**هو**'' مبتدا محذوف کیلئے خبر ہے)۔أی: **فهو أى العبد يحمده**۔

اور ایک روایت میں **فيحمد الله** ہے۔**أو يشرب الشربة:** ''أو'' برائے تنویع ہے۔حنفیؒ نے عجیب بات کہی کہ ہوسکتا ہے کہ یہ ''**أو**'' راوی کے شک کا بیان ہو۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ترمذی و نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

بسم اللہ سے کھانے میں برکت اور نہ پڑھنے سے بے برکتی

۴۲۰۱: عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ ﷺ فَقُرِّبَ اِلَیْهِ طَعَامٌ فَلَمْ اَرَطَعَامًا کَانَ اَعْظَمَ بَرَکَةً مِّنْهُ اَوَّلَ مَا اَکَلْنَا وَلَا اَقَلَّ بَرَکَةً فِیْ اٰخِرِهٖ فَقُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ هٰذَا قَالَ اِنَّا ذَکَرْنَا اسْمَ اللّٰهِ حِیْنَ اَکَلْنَا ثُمَّ قَعَدَ مَنْ اَکَلَ وَلَمْ یُسَمِّ اللّٰهَ فَاَکَلَ مَعَهُ الشَّیْطَانُ.

أخرجه البغوی فی شرح السنه ۱۱/ ۲۷۵ الحدیث رقم ۲۸٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابوایوبؓ سے روایت ہے کہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے قریب تھے آپ کے قریب کھانا لایا گیا تو شروع میں میں نے اس سے زیادہ برکت والا کھانا نہیں دیکھا اور آخر میں میں نے اس سے زیادہ کم برکت والا کھانا نہیں دیکھا۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس کھانے کا حال کیوں ایسا تھا کہ شروع میں اتنی برکت والا اور آخر میں اتنا بے برکت؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا ہم نے اللہ تعالیٰ کا نام کھانا شروع کرتے وقت لیا۔ پھر آخر میں ایسا شخص بیٹھا کہ جس نے کھایا اور اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا پس اس کے ساتھ شیطان نے کھایا یعنی اللہ تعالیٰ کا نام ترک کرنے کی وجہ سے۔ اس وجہ سے آخر میں بے برکتی ہوئی۔ یہ شرح السنۃ کی روایت ہے۔

تشریح: فقرب طعام: ایک نسخہ میں ''الیه'' (کا اضافہ) ہے۔

أول ما أکلنا: ''اول'' منصوب علی الظرفیۃ ہے۔ اس کی دلیل اگلہ جملہ ہے۔ اور ''ما'' مصدریہ ہے۔ أی أول وقت أکلنا۔

ولا أکل برکة: (یہاں کچھ عبارت محذوف ہے)۔ أی: ولا أقل برکة منه فی آخر وقت أکلنا إیاه۔

قال إنا ذکرنا اسم الله حین أکلنا:

جمہور کے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم میں سے ہر ایک شخص نے کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھی' جیسا کہ سنت کا تقاضا تھا۔ اور اپنے صحابہ کرامؓ کے ہمراہ کھانا کھاتے ہوئے آپؐ کی عادت مبارکہ بھی یہی تھی۔

اس میں اشارہ ہے کہ بسم اللہ پڑھنے کی سنت ''بسم اللہ'' کہہ لینے سے حاصل ہو جاتی ہے لیکن اکمل یہ ہے کہ پوری بسم اللہ یعنی بسم اللہ الرحمٰن پڑھی جائے۔ جیسا کہ امام غزالی اور امام نووی وغیرہ رحمہما اللہ نے کہا ہے۔ اگرچہ اس پر بعض محدثین نے اعتراض کیا ہے کہ اس کے افضل ہونے کوئی دلیل خاصل موجود نہیں ہے۔

کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ کہنا مستحب ہے یہاں تک کہ اگر کوئی شخص جنبی (حالت ناپاکی میں) ہو یا کوئی عورت ایام حیض یا حالت نفاس میں ہو تو یہ استحباب کے لئے بھی ہے بشرطیکہ بسم اللہ پڑھتے وقت تلاوت قرآن کی نیت سے نہ کہے (بلکہ ذکر کی نیت سے پڑھے) ورنہ حرام ہوگا (کیونکہ ناپاکی اور حیض ونفاس کی حالت میں قرآن کریم کی تلاوت حرام ہے اور بسم اللہ بھی قرآن کریم ہی کا ایک فقرہ ہے)۔ ابن حجرؒ شرح شمائل میں فرماتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جن چیزوں کو کھانا پینا شریعت کی رو سے مکروہ یا حرام ہے ان کو کھاتے پیتے وقت بسم اللہ پڑھنا مستحب نہیں ہے بلکہ اگر کوئی شخص شراب پیتے وقت بسم اللہ پڑھے گا تو وہ کافر ہو جائے گا

فأكل معه الشيطان: یعنی شیطان کے شریک ہو جانے کی وجہ سے کھانے کی برکت بہت تیزی سے ختم ہو گئی' ہمارے بسم اللہ پڑھنے کے باوجود شیطان کھانے میں شریک ہو گیا۔ اور شیطان کا کھانا حقیقت پر محمول ہے' جمہور علمائے سلف وخلف اس کے قائل ہیں' یہ عقلاً ممکن ہے' اور شریعت نے اس کا اثبات کیا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: پہلے یہ ذکر کیا جا چکا ہے جیسا کہ امام نوویؒ نے امام شافعیؒ سے نقل کیا ہے کہ اجتماعی طور پر کھانا کھانے کی صورت میں کسی ایک شخص کا بسم اللہ پڑھ لینا اس کھانے پر موجود سب لوگوں کے لئے کافی ہے باقی لوگوں سے بسم اللہ پڑھنے کا حکم ساقط ہو جائے گا (یعنی ہر ایک شخص کا بسم اللہ پڑھنا ضروری نہیں ہے)۔

اس حدیث کی روشنی میں جواب یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد گرامی "**ثم قعد من أكل**" کا مطلب یہ ہے: **ثم قعد بعد فراغنا من الطعام ولم يسم**، یا یہ کہا جائے کہ اس شخص کے ہمراہ اس کا شیطان آیا تھا، ہمارا بسم اللہ پڑھنا اس کے حق میں مؤثر نہیں ہوا، اور نہ اس شخص نے بسم اللہ پڑھی۔ قصہ مختصر یہ کہ ہمارا یہ عمل اس کے شیطان کو اس کے ہمراہ کھانے سے مانع نہ بن سکا۔

امام میرک' امام طیبی کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: آپ اس بات سے باخبر ہیں کہ پہلی توجیہ تو ظاہر حدیث کے خلاف ہے، چونکہ "ثم" کی تراخی کا مطلب "**تراخي قعود الرجل عن أول اشتغالهم بالأكل**" ہے۔ تراخی کا مطلب "**تراخيه عن فراغهم الأكل**" نہیں ہے جیسا کہ ان کا دعویٰ ہے تو ایسا نہیں ہے۔ البتہ دوسری توجیہہ مستحسن ہے، لیکن رفع تناقض بین الحدیثین وبین قول الشافعی کیلئے صریح نہیں ہے۔ لہٰذا یوں کہنا اولیٰ ہے کہ امام شافعیؒ کے کلام کا محمل اس صورت کے ساتھ مخصوص ہے کہ جب چند افراد معاً کھانے میں مشغول ہوئے ہوں اور ان میں سے ایک شخص بسم اللہ پڑھ لے، اس صورت میں کسی ایک شخص کا تسمیہ اس کھانے پر اس وقت موجود سب لوگوں کیلئے کافی ہوگا، لیکن جو شخص اس تسمیہ کے وقت ان کے ہمراہ موجود نہیں تھا اس کی طرف سے یہ تسمیہ کافی نہ ہوگا۔ چونکہ تسمیہ کا مقصود یہ ہے کہ کھانے پر موجود کسی شخص کے ساتھ شیطان شریک نہ ہو جائے، چنانچہ جب کوئی شخص کسی جماعت میں تسمیہ کے وقت موجود ہی نہ تھا تو اس صورت میں یہ تسمیہ اس شخص کے ساتھ شیطان کی شرکت سے مانع ہونے میں مؤثر نہ ہوگا۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے شمائل میں ذکر کیا ہے۔

بھولنے والا بسم اللہ اولہٗ وآخرہٗ کہہ لے

۴۲۰۲: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَنَسِيَ اَنْ يَّذْكُرَاللّٰهَ عَلٰى طَعَامِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ۔ (رواه الترمذي وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ١٣٩/٤ الحديث رقم ٣٧٦٧، والترمذي في ٢٥٤/٤ الحديث رقم ١٨٥٨،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدارمی فی ۲/۱۲۹ الحدیث رقم ۲۰۲۰ وأحمد فی المسند ۶/۲۰۸۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے اور وہ بسم اللہ بھول جائے یعنی ابتداء میں بھول جائے پھر درمیان میں یاد آئے تو اسے اس طرح کہنا چاہئے بسم اللہ اولہ و آخرہ۔ یہ ترمذی وابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: فنسی: نون کے فتحہ، اورسین مہملہ مخففہ کے کسرہ کے ساتھ،

اس حدیث سے ''نسیت'' کہنے کا جواز معلوم ہوتا ہے، چنانچہ معلوم ہوا کہ ''نسیت'' کہنے کی ممانعت کی روایت کراہت تنزیہی پر محمول ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ روایت میں آتا ہے کہ کوئی شخص یہ نہ کہے کہ میں بھول گیا بلکہ یوں کہے کہ مجھے یہ بات بھلا دی گئی۔ چونکہ بھلاتا تو اللہ ہی ہے۔ یہ ایک ادب لفظی ہے جس کی مخالفت سے حرمت لازم نہیں آتی، مزید یہ کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ولقد عهدنا إلى آدم من قبل فنسی﴾[طٰہٰ: ۱۱۵] أی ترك نسیانا۔

أن یذکر اللّٰه علی طعامه:

اس سے یہ معلوم ہوا کہ کھانا شروع کرتے وقت محض اللہ کے نام کا ذکر کافی ہے لیکن بسم اللہ کہنا افضل ہے اور پوری بسم اللہ کہنا اس سے بھی افضل ہے جیسا کہ پچھلی حدیث میں گذرا۔

محیط میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص وضو کرتے وقت (بسم اللہ کے بجائے) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اوریا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے تو وہ سنت ادا کرنے والا کہلائے گا اسی طرح کھانے کی صورت میں بھی یہ مسئلہ ہے۔

وضو کے شروع میں تسمیہ کا حکم زیادہ تاکیدی ہے، حتیٰ کہ بعض اس کے وجوب کے قائل ہیں اور بعض نے اس کو شرط قرار دیا ہے۔

بسم اللّٰه أوله و آخره: باء مصاحبت کیلئے ہے، یا برائے استعانت ہے، دونوں احتمال ہیں۔

''**أوله و آخره**'' اس کے منصوب پڑھنے میں تین احتمال ہیں: ❶ منصوب علی الظرفیۃ ہیں۔ أی: **فی أوله و آخره**۔ ❷ منصوب بنزع الخافض ہیں۔ أی: **علی أوله و آخره**۔ ❸ بعض کا کہنا ہے کہ یہ دونوں اسم فعل محذوف کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہیں۔ أی: **أکلت أوله و آکل آخره مستعینا باللّٰه**۔ یہ ترکیب امام طیبیؒ کی بیان کردہ اس ترکیب سے اولیٰ ہے: أی: **آکل أوله و آخره مستعینا باسم اللّٰه**۔ چنانچہ جار مجرور فعل مقدر کے فاعل سے حال ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ کا مطلب:

❶ میں کھانے کے تمام اجزاء اللہ کے نام سے کھاتا ہوں جیسا کہ اس مفہوم کی تائید تسمیہ سے مقصود معنی سے بھی ہو رہی ہے۔ لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ اس (**اوله و آخره** کی قید) سے کھانے کا درمیان (یعنی وسط) خارج ہوگیا۔ یہ حدیث مبارکہ ان آیات کی طرح ہے: ﴿ولهم رزقهم فیها بکرة وعشیا﴾[مریم۔ ۶۲] ﴿أکلها دائم﴾[الرعد۔ ۳۵]

❷ ممکن ہے کہ اس کا مطلب یہ ہو کہ أوله سے مراد کھانے کا نصف اول، اور آخرہ سے مراد کھانے کا نصف آخر ہو۔

... مقتصا و استیعاب حاصل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں ایک اعتراض ہوتا ہے وہ یہ کہ کھانے کی ابتداء کا زمانہ مقدم ہے اور ”بسم اللّٰہ أوله و آخره“ کے ذریعہ استعانت کا زمانہ مؤخر ہے۔

جواب یہ ہے کہ اگر چہ یہ تسمیہ وسط طعام میں ہے، لیکن حکماً ابتدائے طعام میں ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ مؤمن ہر لمحہ، ہر گھڑی، ہر پل، ہر لحظہ، ہر آن، ہر ساعت اپنے تمام احوال وافعال میں اللہ کی مدد کا طلب گار ہوتا ہے۔ اگر چہ نسیان کی وجہ سے اس کی زبان پر نام باری تعالیٰ جاری نہ ہو، وہ معفو عنہ ہے۔ اور اس پر یہ مسئلہ دلالت کرتا ہے کہ ذبح کے وقت نسیان تسمیہ معفو عنہ ہے۔ باوجودیکہ ذبح کے وقت تسمیہ شرط ہے، جیسا کہ کھانے کے وقت تسمیہ بالاجماع مستحب ہے۔ چنانچہ اس تقریر سے شارح کے کلام کا فساد بھی بالکل واضح ہو جاتا ہے وہ لکھتے ہیں: **فنسي أو ترك على أي وجه كان، فإن الناسي معذور، فأمكن أن يتدارك ما فاته بخلاف المعتمد، وقال ابن حجر في شرح الشمائل: وألحق به أئمتنا ما إذا تعمد أوجهل أو أكره اھ۔**

عمد کی حقیقت تو معلوم ہو چکی اور جہاں تک تعلق ہے جہل کا، تو یہ کیسے متصور ہو سکتا ہے کہ یوں کہا جائے: **إذا ترك ذكر الله أول أكله جهلا تكون التسمية سنة، فليقل في أثنائه، بسم الله۔** الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ مراد یہ ہے کہ جب کھانے کے دوران مسئلہ کا علم ہو۔ اور اس مسئلہ کا نادر الوقوع ہونا کسی پر مخفی نہیں۔ باوجودیکہ ہم کہتے ہیں کہ جہل عذر ہے' جس طرح نسیان عذر ہے، بخلاف تعمد کے، لہٰذا دونوں برابر نہیں۔ اور اکراہ تو ان دونوں سے بڑھ کر عذر ہے باوجودیکہ یہ تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ بسم اللہ پڑھنے سے روک دیا جائے، چنانچہ ایسی صورت میں ”**ذكر الله جنانًا**“ پر اکتفاء کیا جائے گا، اس کی تعمد سے کیا نسبت۔

ابن ہمامؒ فرماتے ہیں: اگر تسمیہ شروع میں بھول جائے اور پھر درمیان وضو یاد آئے اور پڑھ لے تو سنت حاصل نہ ہوگی، بخلاف اس جیسے دوسرے اعمال مثلاً کھانا وغیرہ کے، اور علت یہ ہے کہ وضو عملِ واحد ہے، بخلاف کھانے کے، چنانچہ کھانے کے درمیان بسم اللہ کا تعلق بقیہ کھانے سے ہوگا، کھائے جا چکے کھانے کا استدراک نہ ہوگا اور یہ اس صورت میں واضح ہے کہ اگر کھانے سے فارغ ہونے کے بعد بسم اللہ پڑھی تو سنت کی ادائیگی کرنے والا نہیں سمجھا جائے گا' لیکن فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

ابن حجرؒ لکھتے ہیں: حدیث کا اطلاق اس کو بھی شامل ہے۔ چنانچہ بعض متاخرین کا یہ کہنا مردود ہے کہ ”کھانے کے بعد یہ دعا نہ پڑھے' چونکہ اس کی مشروعیت ہی اس لئے ہے کہ یہ شیطان کے لئے مانع بنے' اور کھانا کھا چکنے کے بعد دعا پڑھنا اس کے لئے مانع نہیں ہوگا۔“ اور تردید کی وجہ یہ ہے کہ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ اس کی مشروعیت فقط اسی لئے ہے' اس میں کیا مانع ہے کہ اس کی مشروعیت کھانے کے بعد کے لئے بھی ہو تا کہ شیطان کھایا ہوا کھانا قے کر دے' اور مقصود اس کا ضرر ہے' اور وہ دونوں حال میں حاصل ہے۔ یہ محل نظر ہے' چونکہ اگر اس کی یہ وجہ بھی ہوتی تو حکم یہ ہوتا کہ جو شخص کھانا کھانے کے لئے بیٹھے اور ابتداء میں بسم اللہ نہ پڑھ سکے تو وہ بعد میں پڑھ لے۔ اور اس قید کا ذکر عنقریب اگلی حدیث میں آ رہا ہے کہ اگر آخری لقمہ کھانے سے پہلے بھی تسمیہ ادا ہو جائے تو شیطان کو قے آ جاتی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے جامع کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إذا أكل أحدكم طعامًا فليذكر اسم الله، فإن نسي أن يذكر اسم الله في أوله فليقل: باسم الله على أوله و آخره۔

اللہ تعالیٰ کے نام کی وجہ سے شیطان کا قے کردینا

۴۲۰۳: وَعَنْ اُمَیَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ قَالَ کَانَ رَجُلٌ یَأْکُلُ فَلَمْ یُسَمِّ حَتّٰی لَمْ یَبْقَ مِنْ طَعَامِهٖ اِلَّا لُقْمَةٌ فَلَمَّا رَفَعَهَا اِلٰی فِیْهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ فَضَحِكَ النَّبِیُّ ﷺ ثُمَّ قَالَ مَازَالَ الشَّیْطَانُ یَأْکُلُ مَعَهٗ فَلَمَّا ذَکَرَاسْمَ اللّٰهِ اسْتَقَآءَ مَا فِیْ بَطْنِهٖ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ١٤٠ الحديث رقم ٣٧٦٨، وأحمد في المسند ٤/ ٣٣٦۔

ترجمہ: حضرت امیہ بن مخشیؓ سے روایت ہے ایک شخص نے کھانا شروع کیا مگر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جب ایک لقمہ باقی رہ گیا تو اسے منہ کی طرف اٹھاتے ہوئے کہنے لگا بسم اللہ اولہ وآخرہ تو آپ ﷺ کو اس کی اس بات پر ہنسی آ گئی پھر آپ نے فرمایا۔ شیطان اس کے ساتھ کھاتا رہا جب اس نے اللہ تعالیٰ کا نام لیا تو شیطان نے جو کچھ اس کے پیٹ میں تھا وہ قے کر دی۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

امیۃ بن مخشی: یہ امیہ بن مخشی خزاعی ازدی ہیں۔ ان کا شمار اہل بصرہ میں ہوتا ہے "طعام" کے بارے میں ان سے حدیث مروی ہے۔ ان کے بھتیجے مثنی بن عبدالرحمٰن ان سے روایت کرتے ہیں۔ "مخشی" میں میم مفتوح خاء ساکن شین مکسور اور یاء مشدد ہے۔ مرتب عرض کرتا ہے کہ مرقات میں "ازدی" کے بجائے "اسدی" مذکور ہے۔ "امیہ" تصغیر کے ساتھ ہے

لم يبق من طعامه الا لقمة: "لقمة" فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔

استقاء: "قیئ" سے ماخوذ ہے، باب استفعال سے ماضی معروف واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ مطلب ہے قے کرنا۔ شیطان کا اپنے پیٹ کا سارا کھانا اُگل دینا' حقیقت پر محمول ہے۔ یا یہ مراد ہے کہ کھاتے وقت بسم اللہ نہ کہنے کی وجہ سے جو برکت جاتی رہی تھی اس نے اس کو واپس کر دیا۔ گویا وہ برکت اس شیطان کے پیٹ میں امانت تھی جب اس شخص نے بسم اللہ کہی تو وہ برکت بھی کھانے میں واپس آ گئی۔

تورپشتی فرماتے ہیں: یعنی جو کھانا شیطان کا ہو چکا تھا تسمیہ کے سبب سے وہ اس کیلئے وبال بن گیا اور زبردستی چھن لیا گیا۔ یہ تاویل بطور احتمال ہے، یقینی بات نہیں، چونکہ نبی اللہ ﷺ مخلوقات کے ایسے احوال پر مطلع ہوتے ہیں جن کی معرفت اللہ کی توفیق کے بغیر کسی کو بھی حاصل نہیں ہوسکتی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: وهذا التأويل على ما سبق في حديث حذيفة من الفصل الاول محمول على ما لاحظ من تطيير البركة من الطعام على تفسيره وعلى تفسير النووي رحمه الله فهو ظاهر والله أعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں کہتا ہوں ظاہر حدیث اس پر دلالت کر رہا ہے کہ وہ صاحب نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ کھانا تناول کر رہے تھے، پس اس بات کی تردید ہو جاتی ہے کہ تسمیہ سنتِ کفایہ ہے۔ اور حدیث کا محمل یہ بیان کرنا انتہائی بعید ہے کہ وہ صاحب ان حضرات کی موجودگی میں تن تنہا کھا رہے تھے، یا یہ کہ حضرات صحابہ کرامؓ پہلے سے کھانا کھا رہے تھے اور یہ صاحب بعد میں شریک ہوئے تھے۔ واللہ اعلم۔

کھانے کے اختتام کی دعا

۴۲۰۴: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ۔ (رواه الترمذی وابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١٨٧ الحديث رقم ٣٨٥٠، والترمذی فی ٥/٤٧٤ الحديث رقم ٣٤٥٧، وابن ماجه فی ٢/١٠٩٢ الحديث رقم ٣٢٨٣، وأحمد فی المسند ٣/٣٢۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب کھانے سے فارغ ہوتے تو اس طرح دعا فرماتے الحمدللہ...... تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔ یہ ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: واضح رہے کہ اس دعا میں (اطعمنا وسقانا وجعلنا) جمع متکلم کے صیغے استعمال ہوئے ہیں۔ چنانچہ یہاں دونوں احتمال ہیں کہ نبی کریم ﷺ یہ دعا اس کھانے سے فارغ ہو کر مانگا کرتے تھے جب آپ ﷺ اپنے گھر میں اپنے اہل بیت یا مہمانوں کے ہمراہ تناول فرماتے، یا اپنے صحابہ کے گھر میں تناول فرماتے تھے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ آپ ﷺ تن تنہا کھانا کھاتے تو تب بھی یہی دعا مانگا کرتے تھے، اپنے ساتھ اپنی امت کو بھی دعا میں شریک فرماتے تھے۔

''مسلمین'' کا مطلب ہے: موحدين منقادين لجيمع أمور الدين۔

کھانے کے بعد کی دعا کا فائدہ:

کھانے کھانے کے بعد یہ دعا پڑھنے میں ایک فائدہ تو یہ ہے کہ ''منعم'' کا شکر ادا ہوتا ہے، دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس میں مزید نعمت کی طلب ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لئن شکرتم لأزیدنکم﴾ [ابراھیم: ۷] یعنی شکر کی وجہ سے میں نعمت بڑھاتا جاتا ہوں۔

اس سے معلوم ہوا کہ ہر ہر نعمت کے حصول پر تجدید حمد وثنا مستحب ہے، کسی ایسی شی کا حصول کہ جس کے حصول کی توقع تھی یہ بھی ایک نعمت ہے، کسی ایسی چیز سے حفاظت اور بچاؤ کا حاصل ہو جانا کہ جس کے وقوع کا خوف تھا یہ بھی ایک نعمت ہے۔

''اطعام'' کی وجہ تقدیم:

اس دعا کے پڑھنے کا ''باعث'' چونکہ ''طعام'' تھا، اس لئے زیادتِ اہتمام کے پیش نظر اس کو مقدم ذکر فرمایا، اور پھر ''سقی''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ذکر فرمایا، کہ یہ طعام کا تتمہ ہے، چونکہ کھانا کھاتے ہوئے عام طور پر پانی ساتھ پیا جاتا ہے، پھر ظاہری نعمتوں کے ذکر کے ساتھ باطنی نعمتوں کا ذکر فرمایا۔ باطنی نعمتوں میں سے بھی اشرف ترین نعمت کا ذکر فرمایا، اور اسی پر دعا ختم فرمادی۔ چونکہ مدار حسن خاتمہ پر ہے۔ مزید یہ کہ اس دعا میں اکل وشرب وغیرہ میں کمال انقیاد کی طرف اشارہ ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ و نسائیؒ نے، اور ابن السنی نے ''في اليوم و الليلة'' میں ذکر کیا ہے۔

شکر گزار کا مرتبہ صابر کے برابر

۴۲۰۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ ۔

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٥٦٣ الحديث رقم ٢٨٣٢، وأحمد في المسند ٢/٢٨٣۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کھانا کھا کر شکر گزاری کرنے والا صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔

تشریح: **الطاعم:** یہاں ''طاعم'' سے مراد آکل وشارب ہے۔

ادائیگی شکر کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ کہے اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور ''صابر روزہ دار'' ہونے کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو مفسدات صوم سے باز رکھے۔

مظہر فرماتے ہیں ''صابر روزہ دار کی طرح ہے'' یہ تشبیہ اصل ثواب کے استحقاق میں ہے کہ دونوں اصل ثواب میں شریک ہیں نہ کہ مقدار میں مثلاً جیسا کہا جاتا ہے زَيْدٌ كَعَمْرٍو ''زید عمرو کی طرح ہے'' اس کے معنی یہی ہوتے ہیں کہ زید بعض خصائل میں عمرو کے مشابہ ہے نہ کہ وہ تمام وعادات میں عمرو کے ہم مثل ہے چنانچہ اسی طرح حدیث باب میں بھی اجر میں مماثلت لازم نہیں۔

اس کا خلاصہ یہ ہے ایمان ''نصفان'' پر مشتمل ہے: نصف صبر ہے، اور نصف شکر ہے۔ اور یہ اس آیت مبارکہ کے عین مطابق ہے۔: ﴿فإن في ذلك لآيات لكل صبار شكور﴾ [ابراھیم:۵] فقیر شاکر مالدار سے افضل ہے کیونکہ مشبہ بہٗ مشبہ سے اقوی ہوتا ہے۔

۴۲۰۶: رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنِ سَنَانِ بْنِ سُنَّةَ عَنِ اَبِيْهِ ۔

أخرجه ابن ماجه في السنن ١/٥٦١ الحديث رقم ١٧٦٥، والدارمي في ٢/١٣٠ الحديث رقم ٢٠٢٤۔

ترجمہ: یہ ترمذی کی روایت ہے اور اس کو ابن ماجہ اور دارمی نے سنان بن سنہ سے روایت کیا ہے اور انہوں نے اپنے والد سے۔

تخریج: جامع صغیر کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: **الطاعم الشاكر بمنزلة الصائم الصابر**۔ اس حدیث کو امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور امام حاکم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ امام احمدؒ اور امام ابن ماجہؒ نے اس حدیث کو حضرت سنان بن سنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: **الطاعم الشاكر له مثل أجر الصائم الصابر**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پانی پینے کی دُعا

۴۲۰۷: وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَکَلَ اَوْشَرِبَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَ وَسَقٰی وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/١٨٧ الحدیث رقم ٣٨٥١۔

ترجمہ: حضرت ابو ایوبؓ کہتے ہیں جب آپ ﷺ کھانا کھاتے یا پانی پیتے تو یہ دعا پڑھتے۔ الحمدللہ...... تمام تعریفوں کا حقدار وہی ہے جس نے کھلایا اور پلایا اور حلق سے سہولت کے ساتھ اتارا اور اس کے نکلنے کا راستہ بنایا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: أکل أو شرب بظاہر یہ ''أو'' واؤ کے معنی میں ہے جیسا کہ ایک نسخہ میں ہے۔

اطعم وسقی: حذف مفعول شاید کہ افادۂ عموم کی غرض سے ہے۔

مخرج: سے مراد ''سبیلین'' ہیں۔ اللہ جل شانہ نے کھانے کیلئے معدہ میں ایک مقام پیدا فرمایا، جہاں کھانا ایک مخصوص وقت تک رہتا ہے، کھانے کے مفید و مضر ذرات تقسیم ہو جاتے ہیں، گوشت اور چربی اور خون کیلئے مفید اجزاء باقی رہ جاتے ہیں، اور باقی اجزاء کا اخراج ہو جاتا ہے، یہ سارا نظام عجائبِ قدرت میں سے ہے، اس کا کمال ہے، اپنی مخلوقات پر بے پایاں لطف و کرم ہے۔ ﴿فتبارك الله أحسن الخالقین﴾ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے یہاں چار نعمتوں کا ذکر فرمایا ہے:

❶ اطعام۔ ❷ سقی۔ ❸ تسویغ۔ ❹ مخارج۔

اللہ تعالیٰ نے چبانے کیلئے دانت اور نگلنے کیلئے ''ریق'' (لعاب) کو پیدا فرمایا، معدہ کو جائے تقسیم مقرر فرمایا' اور فضلہ کے اخراج کیلئے ''مخارج'' پیدا فرمائے، طعام کے اجزاء آنتوں کے ذریعے جگر وغیرہ کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ یہ سب اللہ کریم کا فضل و کرم ہے، اس کی نعمتیں ہیں جن کیلئے شکر بالجنان اور عمل بالارکان کا قیام ضروری ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام نسائیؒ اور ابن حبانؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

وضو سے کھانے میں برکت

۴۲۰۸: وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَأْتُ فِی التَّوْرَاةِ اِنَّ بَرَکَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَرَکَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهٗ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ۔ (رواہ الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/١٣٦ الحدیث رقم ٣٨٥١ والترمذی فی ٤/٢٤٨ الحدیث رقم ١٨٤٦، وأحمد فی المسند ٥/٤٤١

ترجمہ: حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ میں نے تورات میں پڑھا کہ وضو کرنا کھانے میں برکت کا باعث ہے پھر میں نے یہی مضمون آپ ﷺ کی خدمت میں ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کھانے کی برکت وضو میں ہے جو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے قبل اور بعد کیا جائے یہ ترمذی وابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ان بركة الطعام الوضوء: ہمزہ کو مکسور و مفتوح دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے۔

یہاں وضوء سے ہاتھ دھونا اور کلی کرنا مراد ہے۔ لفظ وضو بول کر یہ معنی مراد لینا ''اطلاق للكل على الجزء مجازا'' کے قبیل سے ہے۔ یا یہ کہا جائے کہ معنی لغوی وعرفی مراد ہیں۔

فذکرت: ایک نسخہ میں ''ذلك'' کا اضافہ بھی ہے۔ وہ ترمذیؒ کی روایت ہے۔ (اس صورت میں مشارالیہ محذوف ہوگا)۔ أی: المقروء المذكور۔ ترمذی کی روایت میں یہ اضافہ بھی ہے: وأخبرته بما قرأت فی التوراة۔ یہ جملہ عطف تفسیری ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ فذکرت سے مراد یہ ہو کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا: هل بركة الطعام الوضوء بعده؟ والحال أنی الخ درانحالیکہ میں نے انہیں تورات میں اپنی پڑھی ہوئی بات بھی بتائی کہ اس میں صرف کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کا ذکر ہے۔

والوضوء بعده: اس میں متعدد احتمالات ہیں:

1. یہ جملہ ارشاد فرما کر نبی کریم ﷺ نے تورات میں ہونے والی تحریف کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔
2. یہ بتلانا مقصود ہے کہ شریعت محمدی نے کھانے کے شروع میں بھی ہاتھ دھونے کے عمل کا اضافہ کیا ہے، چونکہ کھانا ایک نعمت ہے، لہٰذا اس کا استقبال مشعرِ تعظیم فعل یعنی طہارت سے کیا جائے۔ حدیث میں آتا ہے: بعثت لأتمم مكارم الاخلاق۔
3. امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمانا ''من اسلوب الحكيم'' ہے۔

ملا علی قاریؒ نے امام طیبیؒ کے ذکر کردہ احتمال کو مسترد کیا ہے۔

کھانے کے وقت ہاتھ دھونے کی حکمت یہ عنوان پیراگراف کے بعد لائیں۔

''وضو'' سے مراد کھانے سے پہلے ہاتھوں کو اور کھانے کے بعد دونوں ہاتھوں اور منہ کو دھونا ہے۔ کھانے سے پہلے وضو (یعنی ہاتھ دھونا) کی وجہ سے کھانے کے فوائد وآثار میں اضافہ ہوتا ہے بایں طور کہ طبیعت کو سکون وقرار حاصل ہوتا ہے اور یہ (یعنی کھانے کے بعد ہاتھ منہ کا دھونا یا ہاتھ منہ دھونے سے طبیعت کو سکون حاصل ہونا) طاعات کا سبب ہوتا ہے اور عبادات' اخلاقِ حسنہ اور اعمال صالحہ میں تقویت کا سبب ہوتا ہے۔ بركة الطعام کا مطلب: کہا گیا ہے کہ نفس وضو کو برکت قرار دینا مبالغۃً ہے۔ وگرنہ تو مراد یہ ہے اس عمل سے کھانے میں برکت ہوتی ہے۔

کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کی حکمت یہ ہے کہ ہاتھ دھونے کے بعد کھایا گیا کھانا اور لذیذ ہوجاتا ہے۔

دو تیسری حکمت: ہاتھ عام طور پر کام کاج لینے دینے' اٹھانے رکھنے وغیرہ کے کاموں میں مصروف رہتے ہیں' چنانچہ نظافت ونزاہت کا تقاضا یہی ہے کہ ان کو دھو کر کھانا کھایا جائے۔ حکمت یہ ہے کہ ''طعام'' کے ذریعہ عبادت میں استعانت حاصل ہوتی ہے، چنانچہ یہ عمل ایسا ہے جیسا کہ نماز کیلئے وضو۔ لہٰذا ہاتھ دھونے سے ابتدا کی جائے۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: من بات وفی يده غمر ولم يغسله فأصابه شئ فلا يلومن الا نفسه۔ اس روایت کو مؤلف نے جامع میں، ابن ماجہ نے اپنی سنن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں، نیز ابوداوٗد نے ''سند صحیح علی شرط مسلم'' کے ساتھ روایت کیا ہے۔علاوہ ازیں سند ضعیف کے ساتھ ان الفاظ میں آئی ہے:من أكل من هذه اللحوم شيئا فليغسل يده من ريح وغيره ولا يؤذى من حذاه۔

بعض حضرات شوافع نے انوکھی بات کہی ہے کہ یہاں حدیث میں وضوشرعی مراد ہے۔لیکن یہ بات اصحاب مذاہب کی تصریحات کے خلاف ہے کہ وہ کھانے کے وقت وضوشرعی کو مسنون قرار نہیں دیتے۔ ہمارے علماء میں سے بعض شراح کا فرمانا ہے کہ ایسے کھانے کے آغاز وفراغ پر ہاتھ دھونا مستحب ہے جس سے ہاتھ آلودہ ہوں، میل کچیل اور چکناہٹ پیدا ہو۔ابن مدینی کہتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید نے فرمایا کہ امام سفیان ثوریؒ کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کو مکروہ قرار دیتے تھے، اور اس بات کو بھی مکروہ سمجھتے تھے کہ روٹی کو سالن کے برتن تلے رکھا جائے۔اھ

تخریج وتوضیح: امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو جامع اور شمائل دونوں میں ذکر کیا ہے، اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:وفي الباب عن أنس وأبي هريرة وعائشة۔مزید فرماتے ہیں: لا نعرف هذا الحديث یعنی حديث سلمان إلا من حديث قيس بن الربيع وهو يضعف في الحديث اھ۔

امام ذہبیؒ ''الکاشف'' میں قیس بن ربیع کے حالات میں لکھتے ہیں: كان شعبة يشني عليه، وقال ابن معين: ليس بشيء، وقال أبو حاتم: ليس بقوى محله الصدق، وقال ابن عدى: عامة رواياته مستقيمة۔اھ۔

عسقلانیؒ ''تقریب'' میں لکھتے ہیں: صدوق تغير بالآخرة لما كبر، وأدخل عليه ابنه ما ليس من حديثه۔اھ۔

میں کہتا ہوں یہ روایت، ان کے بیٹے سے مروی نہیں بلکہ عبداللہ بن نمیر نے ان سے روایت کی ہے۔اور ایک طریق میں عبدالکریم الجرجانی نے ان سے روایت کی ہے، مزید یہ کہ اس حدیث کو امام احمد، ابوداوٗد اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔اور طرق باہم ایک دوسرے کو تقویت بخشتے ہیں۔

وجوب وضو حدث کے بعد

۴۲۰۹: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُدِّمَ اِلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالُوا اَلَا نَاْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ قَالَ اِنَّمَا اُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ اِذَا قُمْتُ اِلَى الصَّلٰوةِ۔ (رواه الترمذى وابوداود والنسائى)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/ ١٣٦ الحديث رقم ٣٧٦٠ والترمذي في ٤/ ٢٤٨ الحديث رقم ١٨٤٧ ' والنسائي في ١/ ٨٥ الحديث رقم ١٣٢ ' وأحمد في المسند ١/ ٢٨٢۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ بیت الخلاء سے باہر تشریف لائے تو آپ کے لئے کھانا لایا گیا بعض صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا کیا آپ کے لئے وضو کا پانی نہ لائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا مجھے وجوب کے ساتھ وضو کا حکم حدث کے بعد ہے یہ ترمذی کی روایت ہے۔اور ابوداوٗد نسائی نے ابن عباسؓ سے۔

تشریح: الخلاء: خاء کے فتحہ اور مد کے ساتھ، خالی جگہ کو کہتے ہیں۔''موضع قضاء حاجت'' سے کنایہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ألا نأتيك بوضوء: یہ کلام "عرض" کے قبیل سے ہے۔ جیسا کہ "ألا تنزل عندنا" ہے

یہ آپ ﷺ نے اغلب و اکثر کے اعتبار سے فرمایا کہ بطریق وجوب وضو کرنے کا حکم صرف نماز کے لئے ہے ورنہ سجدۂ تلاوت کرنے' قرآن مجید کو چھونے اور طواف کرنے کے لئے بھی وضو کرنا واجب ہے۔ آنحضرت ﷺ نے گویا یہ سمجھا کہ سائل یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ کھانے سے پہلے وضو شروع کرنا واجب ہے اس کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے ان کے اس اعتقاد کی نفی کو اچھی طرح واضح کرنے کے لئے اپنے ارشاد میں حصر کا اسلوب اختیار فرمایا کہ ادات حصر کو ذکر فرمایا' اور امر کی اسناد اللہ جل شانہ کی طرف فرمائی اور یہ اس بات کے منفی نہیں ہے کہ کھانے سے پہلے وضو کرنا جائز بلکہ مستحب ہے۔ لٰہذا یہاں "وضو" سے مراد وہی وضو ہے جو نماز کیلئے کیا جاتا ہے نہ کہ کھانے کا وضو (یعنی ہاتھ اور منہ دھونا)

۴۲۱۰: وَرَوَاهُ ابْنِ مَاجَةِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةِ۔

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۰۸۵ الحديث رقم ۳۲۶۱۔

ترجمہ: اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہؓ سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

درمیان میں برکت اُترتی ہے

۴۲۱۱: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهٗ اُتِیَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَلَاتَاْكُلُوْا مِنْ وَسْطِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ فِیْ وَسْطِهَا (رواه الترمذی وابن ماجة والدارمی وقال الترمذی هذا حديث حسن صحيح وفی رواية ابی داود) قَالَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلَا يَاْكُلْ مِنْ اَعْلَى الصَّحْفَةِ وَلٰكِنْ يَاْكُلُ مِنْ اَسْفَلِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ مِنْ اَعْلَاهَا۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ١٤٢ الحديث رقم ٣٧٧٢' والترمذی فی ٤/ ٢٢٩ الحديث رقم ١٨٠٥' وابن ماجه فی ٢/ ١٠٩٠ الحديث رقم ٣٢٧٧ والدارمی فی ٢/ ١٣٧ الحديث رقم ٢٠٤٦' وأحمد فی المسند ١/ ٣٤٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کی خدمت میں ثرید کا بڑا پیالہ لایا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا اس کے کناروں سے کھاؤ اور درمیان سے مت کھاؤ کیونکہ درمیان میں برکت اترتی ہے۔ یہ ترمذی' ابن ماجہ اور دارمی کی روایت ہے۔ ترمذی نے روایت کو حسن کہا۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ پیالے کے اوپر سے مت کھائے بلکہ نیچے سے کھائے اس لئے کہ اوپر (درمیان) والے حصہ میں برکت اترتی ہے۔

تشریح: قوله: وعن ابن عباس رضی الله عنهما:

"عنه" کے بجائے اسم ذکر کیا، تاکہ وہم نہ ہو جائے، چونکہ اقربِ مذکور حضرت ابو ہریرہ تھے، اگرچہ آغاز حدیث میں ابن عباس مذکور ہے۔

قصعة: أی: قدح كبير

www.KitaboSunnat.com

ثرید: ثائے مثلثہ کے ساتھ۔روٹی چور کے کر گوشت کے شوربے میں بھگونا خواہ اس شوربہ میں گوشت ہو یا نہ ہو۔
طبرانی اور بیہقی نے حضرت انسؓ سے ایک روایت ذکر کی ہے: أثردوا ولو بالماء۔ یعنی ثرید بنایا کرو چاہے پانی میں بھگو کر۔

كلوا من جوانبها: اس میں جمع کا مقابلہ جمع کے ساتھ ہے: أی ليأكل كل واحد من جانبه۔ ہر شخص اپنے سامنے کے کنارے سے کھائے

وسط: بروزن شمس وقمر دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے۔ (البتہ دونوں میں کچھ فرق ہے۔)
درمیان کے حصے میں برکت کا نازل ہونا اس سبب سے ہے کہ کسی بھی چیز کا درمیانی حصہ اس کے اور حصوں کی بہ نسبت افضل ہوتا ہے لہٰذا کھانے کے برتن کا درمیانی حصہ ہی اس کا مستحق ہے کہ خیر و برکت کا نزول اس پر ہو
امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کھانے میں بڑھنے والے طعام کو شیٔ مائع نازل وغیرہ سے تشبیہ دی، کہ وہ شئی کے درمیان میں گرتی ہے اور پھر اطراف میں پھیل جاتی ہے۔ چنانچہ جب اطراف سے کھانا شروع کریں گے تو اس کی جگہ کھانے اوپر سے ڈھلک کر نیچے آتا جائے گا، اور جب اوپر سے کھانا کھائے گا تو وہ سلسلہ منقطع ہو جائے گا۔
میں کہتا ہوں شاید کہ اس میں راز یہ ہے کہ طعام کا "اعلیٰ" حصہ تمام شرکاء طعام میں مشترک ہے، چنانچہ جب آدمی کی حرص اس کو اس "اعلیٰ" حصہ سے کھانے پر ابھارے گی تو اس کی نحوست کی وجہ سے خیر و برکت ختم ہو جائے گی، چونکہ: الحرص شؤم والحريص محروم۔
تخریج وتوضیح: ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: قال: إذا أكل أحدكم طعاما فلا يأكل من أعلى الصفحة، ولكن يأكل من أسفلها۔ [ای من جانبها الذی يليه] فإن البركة تنزل من أعلاها۔
ابوداؤد اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں عن عبداللہ بن بسر یہ الفاظ آئے ہیں: كلوا من حواليها وذروا ذروتها يبارك فيه، ابن ماجہ کی ایک حدیث میں واثلہ سے یہ الفاظ مروی ہیں: كلوا باسم الله من حواليها، وعفوا رأسها، فإن البركة تأتيها من فوقها۔

عرضِ مرتب:

صاحب مظاہر لکھتے ہیں "پیالہ کے اوپر" سے مراد اس کا درمیانی حصہ ہے اور "اس کے نیچے" سے مراد اس کے کنارے ہیں اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ اپنے سامنے سے کھانا چاہئے۔

تکیہ لگا کر مت کھاؤ

۴۲۱۲: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَارُوِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا قَطُّ وَلَا يَطَأُ عَقِبَهُ رَجُلَانِ.

(رواه .

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/١٤١ الحديث رقم ٣٧٧٠' وابن ماجه فی ١/٨٩ الحديث رقم ٢٤٤ و . سد في

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المسند ۲/۱٦۵۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو کبھی تکیہ لگا کر کھاتے نہیں دیکھا گیا اور نہ یہ دیکھا گیا کہ آپ کے پیچھے دو آدمی چلے ہوں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ٹیک لگا کر کھانا کھانے کے سلسلے میں تفصیلی بات پچھلے صفحات میں گزر چکی ہے۔

پیچھے چلنے کا مطلب یہ ہے کہ جب آنحضرت ﷺ کہیں جاتے آتے تو آپ ﷺ لوگوں کے آگے نہیں چلتے تھے' بلکہ آپ ﷺ انتہائی تواضع کے ساتھ اپنے صحابہ کے درمیان میں رہتے یا سب سے پیچھے رہتے (کذا ذکرہ المظہر وغیرہ)۔ جیسا کہ ایک اور حدیث میں الفاظ منقول ہیں کہ ویسوق اصحابہ (آپ ﷺ اپنے صحابہؓ سے پیچھے چلتے تھے)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "رجلان" تثنیہ کے صیغہ سے اس تاویل کی تائید نہیں ہوتی، ممکن ہے کہ تواضع سے کنایہ ہو۔ آپ ﷺ اپنے ہمراہیوں اور صحابہؓ کے آگے ہو کر نہیں چلے تھے۔ جیسے امراء وسلاطین متکبر و جاہ پرست لوگوں کا طریقہ ہے کہ وہ آگے چلنے ہی میں اپنی بڑائی سمجھتے ہیں اس کی تائید ان روایات کو ساتھ ملانے سے ہو جاتی ہے: ما رئی رسول اللہ ﷺ یأکل متکئاً، فإنه کان من دأب المترفین۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو ان الفاظ کے ساتھ بددعا دی: اللھم ان کان کذب فاجعله موطئ العقب۔ أی کثیر الأتباع، بددعا کا حاصل یہ ہے کہ اللہ اس کو سلطان یا "مقدم" یا مال والا بنائے، تاکہ لوگ اس کی اتباع کریں اور اس کے پیچھے پیچھے چلیں اھ۔ "دو" کی قید سے معلوم ہوا کہ کبھی کبھار ایک آدھ خادم جیسے حضرت انس رضی اللہ عنہ وغیرہ آنحضرت ﷺ کے پیچھے رہا اور بات مخفی نہیں کہ جو بات امام طیبیؒ نے ذکر کی ہے وہ دوسروں کی منافی نہیں۔ اور کرتے تھے اور یہ بھی ضرورت کے تحت تھا اور یہ تواضع وانکسار کے منافی بھی نہیں۔

آگ سے پکی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

۴۲۱۳: وَعَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ وَھُوَ فِی الْمَسْجِدِ فَاَکَلَ وَاَکَلْنَا مَعَہٗ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی وَصَلَّیْنَا مَعَہٗ وَلَمْ نَزِدْ عَلٰی اَنْ مَسَحْنَا اَیْدِیَنَا بِالْحَصْبَاءِ۔

(رواہ ابن ماجۃ)

أخرجه ابن ماجه فی ۲/۱۰۹۷ الحدیث رقم ۳۳۰۰۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء سے روایت ہے آپ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے آپ کے لئے روٹی اور گوشت لایا گیا آپ نے کھایا اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ کھایا پھر آپ نماز کے لئے کھڑے ہو گئے اور نماز ادا فرمائی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ نماز ادا کی ہم نے کھانے کے بعد صرف کنکریوں سے ہاتھ صاف کئے (چکناہٹ اتاری) یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: آنحضرت ﷺ کا مسجد میں تشریف فرما ہونا ممکن ہے کہ آپؐ کے معتکف ہونے کی وجہ سے ہو' اور یہ ممکن ہے آپؐ کے پاس مہمان تشریف لائے ہوئے ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد ہم نے اپنے ہاتھوں کو پانی سے دھویا نہیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ نماز کے لئے ہمیں جلدی تھی یا بیان جواز کے لئے ایسا کیا' یا اس کا سبب یہ تھا کہ ہم تنظیف میں مبالغہ نہیں کرتے تھے۔

احیاء العلوم میں سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ انہوں کہا'' کھانے کے بعد ہمارے پاشنی (ایڑی) ہمارے لئے رومال کا کام دیا کرتی تھی یعنی ہم کھانا کھا کر اپنے ہاتھوں کو ایڑیوں سے پونچھ لیا کرتے تھے جیسا کہ رومال سے پونچھا جاتا

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں کھانا پینا جائز ہے

امام ترمذیؒ نے حدیث کا ابتدائی حصہ ان الفاظ میں نقل کیا ہے: **أکلنا مع رسول اللهﷺ شواء فی المسجد۔**

دستی کی پسندیدگی

۴۲۱۴: **وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَیْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهٗ فَنَهَسَ مِنْهَا .** (رواه الترمذی وابن ماجة)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۸/۳۹۵ الحدیث رقم ۴۷۱۲ من حدیث طویل' وکذلك مسلم فی ۱/۱۸۴ الحدیث رقم (۳۲۷۰-۱۹٤)' وأخرجه الترمذی فی السنن ٤/۲٤٤ الحدیث رقم ۱۸۳۷' وابن ماجه فی ۲/۱۰۹۹ الحدیث رقم ۳۳۰۷۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گوشت لایا گیا آپکو دستی اٹھا کر دی گئی آپ کو دستی کا گوشت پسند تھا۔ آپ نے دانتوں سے توڑ کر گوشت کو کھایا یہ ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: فنهس :اس میں اختلاف ہے۔ ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں: سین مہملہ کے ساتھ ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ شین معجمہ کے ساتھ ہے اور صاحب النہایہ لکھتے ہیں: **النهس بالمهملة الأخذ بأطراف الأسنان، وبالمعجمة الأخذ بجمیعها۔**

ابن الملکؒ شرح السنہ میں موجود روایت کی اتباع میں فرماتے ہیں: تواضع اور عدم تکبر کے سبب دستی کی ہڈیوں سے گوشت کو دانتوں کے ذریعہ نوچ نوچ کر کھانا مستحب ہے۔

طیبیؒ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا دست ۔ کے گوشت کو پسند کرنا اس وجہ سے تھا کہ وہ اچھی طرح گل جاتا ہے جلد ہضم ہوتا ہے اور زیادہ لذیذ ہوتا ہے یا اس پسندیدگی کی وجہ یہ تھی کہ دست کا گوشت نجاست کی جگہوں (جیسے آنت وغیرہ) سے دور ہوتا ہے۔ شمائل ترمذی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت منقول ہے کہ دست کا گوشت آنحضرت ﷺ کو زیادہ پسند نہیں تھا لیکن چونکہ آپ کو گوشت مدت کے بعد (کبھی کبھی) میسر آتا تھا اور دست کا گوشت جلدی گل جاتا ہے اس لئے آپ دست کے گوشت کو پسند فرماتے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گوشت چھری سے کاٹ کر کھانا عجمی تہذیب

۴۲۱۵: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَقْطَعُوا اللَّحْمَ بِالسِّكِّيْنِ فَإِنَّهُ مِنْ صُنْعِ الْأَعَاجِمِ وَانْهَسُوْهُ فَإِنَّهُ أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ۔ (رواه ابوداود والبيهقى فى شعب الايمان وقالا ليس هو بالقوى)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ١٤٥/٤ الحديث رقم ٣٧٧٨' وابيهقى فى شعب الايمان ٩١/٥ الحديث رقم ٥٨٩٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گوشت کو چھری سے مت کاٹو یعنی چھری سے کاٹ کر نہ کھاؤ۔ کیونکہ یہ اعاجم کا فعل ہے۔ دانتوں سے توڑ کر کھایا کرو۔ کیونکہ دانتوں سے کھانا لذیذ تر اور زود ہضم ہوتا ہے یہ ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے اور یہ کہا کہ سند کے لحاظ سے یہ حدیث قوی نہیں بلکہ ضعیف ہے۔

تشریح: أهنا: هنيء سے ماخوذ ہے وہ لذیذ کھانا جو غرض کے موافق ہو۔ أمرء: ''استمراء'' سے ماخوذ ہے۔ ''استمراء کا معنی ہے دھاب کظۃ الطعام وثقلہ کہا جاتا ہے: هنأ الطعام و مرأ۔ إذا كان سائغا وجاريا فى الحلق من غير تعب۔

فإنه من نيع العجم:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: صاحب کشاف نے اس آیت: ﴿لبئس ما كانوا يصنون﴾ [المائدہ: ٦٣] کے تحت لکھا ہے: كل عامل لا يسمى صانعا حتى يتمكن فيه ويتدرب ۔ چنانچہ حدیث مبارکہ کے اس جملہ کا مطلب یہ ہوگا: لا تجعلوا القطع بالسكين دأبكم وعادتكم كالأعاجم، بل إذا كان نضيجا فانهسوه، وإذ لم يكن نضيجا فحزوه بالسكين۔ اور اس کی تائید امام بیہقیؒ کے اس قول سے بھی ہوتی ہے: النهى عن قطع اللحم بالسكين فى لحم قد تكامل نضجه۔

(عرب کے لوگ اپنے علاوہ دنیا کے اور سارے ہی لوگوں کو عجمی (گونگا) کہا کرتے تھے لیکن یہاں اہل فارس (ایرانی) مراد ہیں) ایرانی عیش پرست متکبرین لوگ ازراہ تکبر وغرور پکے ہوئے گوشت کو چھریوں سے کاٹ کر کھاتے تھے' آپؐ نے اس سے منع لئے فرمایا کہ اس میں تکبر ہے' (اور اگر تکبر نہ بھی ہوتو) یہ فعل عبث ہے شیخین کی حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے چھری سے کاٹ کر کھایا ہے

لہٰذا ان دونوں روایتوں میں یوں مطابقت پیدا کی جائے گی کہ اگر گوشت نرم اور گلا ہوا ہوتو اس کو چھری کے بجائے دانتوں سے کاٹ کر کھانا چاہئے اور اگر سخت ہوتو پھر چھری سے کاٹ کر کھانے میں کوئی حرج نہیں

دوسرا جواب یہ ہے: مذکورہ بالا ممانعت نہی تنزیہی کے طور پر ہے۔ اور نبی کریم ﷺ کا یہ فعل بیان جواز کیلئے تھا۔

وقال ليس هو بالقوى: ایک نسخہ میں'' وقال'' بصیغۂ مفرد ہے۔ أى: قال البيهقى۔ امام میرکؒ فرماتے ہیں: یہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظاہر ہے اس ساری عبارت کا حاصل یہ ہے کہ یہ حدیث باب قوی نہیں ہے، بلکہ ضعیف ہے، یا صحیح وضعیف کے درمیانی درجہ کی ہے۔

اس حدیث کا قوی نہ ہونا: باعتبار سند کے ہے، یا باعتبار مفہوم کے ہے کہ حدیث صحیح کے معارض ہے۔ لہٰذا یہ حدیث صحیحین کی روایت کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ لیکن واضح رہے کہ ان روایات میں تطبیق ممکن ہے۔ جیسا کہ ماقبل میں گزرا۔

چقندر کا حریرہ

۴۲۱۶: وَعَنْ اُمِّ الْمُنْذِرِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَمَعَهُ عَلِيٌّ وَلَنَادَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَأْكُلُ وَعَلِيٌّ مَعَهُ يَأْكُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِعَلِيٍّ مَهْ يَا عَلِيُّ فَاِنَّكَ نَاقِةٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَا عَلِيُّ مِنْ هٰذَا فَأَصِبْ فَاِنَّهُ اَوْفَقُ۔

(رواه احمدو الترمذى و ابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/١٩٣ الحديث رقم ٣٨٥٦‘ والترمذى فى ٤/٣٣٥ الحديث رقم ٢٠٣٧‘ وابن ماجه فى ٢/١١٣٩ الحديث رقم ٣٤٤٢‘ وأحمد فى المسند ٦/٣٦٤۔

ترجمہ: حضرت ام المنذر انصاریہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ میرے ہاں تشریف لائے اس وقت علیؓ بھی ساتھ تھے ہمارے گھر میں کھجور کے خوشے لٹکے تھے تو جناب رسول اللہ ﷺ نے اس میں سے کھانا شروع کیا اور حضرت علیؓ بھی آپ کے ساتھ کھانے لگے پھر آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کو فرمایا اے علی ان کو مت کھاؤ کیونکہ تم کمزور ہو یعنی ابھی بیماری سے اٹھے ہو اور کمزور کو ضرور پرہیز کرنا چاہئے۔ ام منذر کہتی ہیں کہ میں نے آپ ﷺ اور آپ کے احباب کے لئے چقندر اور جو تیار کیے تو آپ ﷺ نے فرمایا اے علی! اس میں سے کھاؤ کیونکہ یہ تمہارے بہت موافق ہے۔ یہ احمد‘ ترمذی‘ ابن ماجہ نے نقل کی ہے۔

تشریح: دوال: بروزن ”لیال“ دال مہملہ کے فتحہ، اور لام مکسور کی تنوین کے ساتھ۔ دالية کی جمع ہے۔ وهى العذق من البسر يعلق، فإذا أرطب أكل۔ اور واؤ ”الف“ سے بدلی ہوئی ہے۔ (کذافی النہایۃ)

مجمع بحارالانوار میں لکھتے ہیں: بستر معلق فإذا أرب أكل۔

”معلقة“ صفت مؤکدہ ہے ”دوال“ کیلئے۔ امام میرکؒ فرماتے ہیں: زیادہ واضح یہ ہے کہ ”دوال“ کیلئے صفت مخصصہ ہے اھ۔ لیکن یہ خلاف ظاہر ہے۔ الا یہ کہ تجرید مان لی جائے، اور اس کی کوئی ضرورت نہیں۔

فجعل رسول الله ﷺ يأكل: عصامؒ لکھتے ہیں: أى قائما، وهو الملائم للمقام اھ یعنی رسول اللہ ﷺ نے ان خوشوں میں سے کھڑے ہو کر کھانا شروع کر دیا۔ چونکہ موقع کا تقاضا یہی تھا۔ لیکن اس پر جزم اختیار کرنا درست نہیں اور حضرت علیؓ بھی آپؐ کے ساتھ کھڑے ہو کر کھا رہے تھے۔ اس کی تائید ایک دوسری روایت سے ہوتی ہے کہ حضرت علیؓ بعد میں بیٹھ گئے تھے

مه: میم کے فتحہ اور هاء کے سکون کے ساتھ۔ أى: امتنع من أكله۔ جوہریؒ فرماتے ہیں: یہ کلمہ مبنی علی السکون ہے۔۔۔ اور اسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفعل بمعنی الأمر "اکففٌ" ہے۔

ناقه: قاف مکسورہ کے بعد "ھاء" ہے۔اسم فاعل کا صیغہ ہے۔نقه الشخص نقهةً" از باب فتح وسمع، خلاصہ کلام یہ کہ حضرت علی ابھی بیماری سے اٹھے تھے ان کی وہ کمال صحت وقوت بحال نہیں ہوئی تھی جو مرض سے پہلے ان میں موجود تھی یہ حدیث حکماء کے اس قول کی مؤید ہے کہ احوال تین ہوتے ہیں: ❶ صحت۔ ❷ مرض۔ ❸ نقاہت، صحت ومرض کی درمیانی حالت "نقاہت" کہلاتی ہے۔(كذا أفاده السيد أصيل الدين)۔

ترمذی کی روایت میں یوں ہے: قالت: فجلس علي۔یعنی حضرت علیؓ کھجور کھانا چھوڑ کر بیٹھ گئے۔اور نبی کریم ﷺ تناول فرماتے رہے۔اور تورپشتیؒ فرماتے ہیں: أي وحده أومع رفقائه غير علي۔یعنی نبی کریم تن تنہا کھجور تناول فرماتے رہے'یا حضرت علیؓ کے علاوہ دیگر صحابہؓ کے ہمراہ کھجوریں تناول فرماتے رہے۔

قالت: فجعلت لهم: ضمیر جمع کے ساتھ ہے۔اور مصابیح کے بعض نسخوں میں: فجعلت له، ضمیر مفرد کے ساتھ ہے۔ بعض شراح نے اس ضمیر مفرد کا مرجع "علي" بتایا ہے۔اسی ملاحظہ کی تقدیر پر فرمایا: "فجعلت" کی فاء شرط محذوف کے جواب پر داخل ہے۔یعنی إذا ترك علي كرم الله وجهه أكل الرطب جعلت له الخ۔اور بعض محققین فرماتے ہیں کہ اس کتاب کی روایت صحیح ہے۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔(ذكره ميرك)

لیکن شمائل کے بعض نسخوں میں "له" بصیغۂ مفرد بھی ہے۔چنانچہ زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ ضمیر مفرد نبی کریم ﷺ کی طرف راجع ہے، چونکہ اصل (اصل مہمان) اور "متبوع" آپ ﷺ تھے، جیسا کہ صیغۂ جمع دلالت کر رہا ہے۔لہٰذا "له" اصالةً آپؐ کو اور تبعاً دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو شامل ہے۔مزید یہ کہ اقل جمع کبھی ایک سے زاید بھی ہوتا ہے، اس صورت میں "له" کا مصداق آپ ﷺ، اصلاً اور علی تبعاً مراد ہوں گے۔بعض نے بہت دور کی کہی کہ "له" کی ضمیر ان کے بیٹے کی طرف راجع ہے۔أي: لابنها۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: هكذا بصيغة الجمع في الأصول الثلاثة لأحمد والترمذی وابن ماجه، وكذا في شرح السنة واكثر نسخ المصابيح مغير جعلوا الضمير في لهم مفردا ليرجع إلى عليؓ وهو وهم منهم، لأن الضمير يرجع إلى أهلها والضيفان اھ۔چنانچہ فاء برائے تعقیب ہے۔أي: بعد عرض أكل الرطب أو بعد فراغهم منه جعلت لهم۔

سلقا: سین کے کسرہ اور لام کے سکون کے ساتھ'ایک سبزی ہے جو پکا کر کھائی جاتی ہے'اور فارسی زبان میں اس کو "چغندرق" کہتے ہیں

شعیر میں یہاں تین احتمال ہیں: ❶ "جو" مراد ہیں۔ ❷ "جو" کا پانی مراد ہے۔ ❸ "جو" کا آٹا مراد ہے۔

فجعلت لهم: امام طیبیؒ نے یہاں تکلف کیا ہے، وہ لکھتے ہیں: جعلت کا عطف "فقال" پر ہے۔اور فاء شرط محذوف کا جواب ہے۔أي: إذا منعت عليا من أكل الرطب لكونه ناقها فأعلمكم أني جعلت لعلي سلقا وشعيرا

فأصب: امر کا صیغہ ہے، "إصابة" سے مشتق ہے۔أي: أدرك من هذا یعنی فكل من هذا المركب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: فاء شرط محذوف کی جزا ہے۔ أی إذا حصل هذا فخصه بالإصابة متجاوزا عن أكل البسر۔ تقدیم الجٰ علی عاملہ اس حصر پر دلالت کررہی ہے۔ اس کی نظیر یہ آیت مبارکہ ہے: ﴿وربك فكبر﴾ [المدثر۔۳]

فإنه أوفق: اور ایک روایت میں "فإن هذا" کے الفاظ ہیں۔ اور صیغۂ افعل مجرد زیادتی کیلئے ہے۔ یہی ظاہر ہے ور امام طیبیؒ نے اس کی صراحت کی ہے۔ اور میرکؒ فرماتے ہیں: بظاہر یہ صیغۂ افعل مجرد موافقت کیلئے ہے' الّا یہ کہ بطریق امکان ہو۔ اس صورت میں زیادت متحقق ہوسکتی ہے یا بطریق حکمت مان لیا جائے۔

ابن حجرؒ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو "رطب" کھانے سے منع فرمایا، چونکہ "فاکھه" اپنی سرعت استحالہ کی وجہ سے ناقہ کو پچھاڑ دیتے ہیں، اور قوت میں کمی کی وجہ سے طبیعت اس کا دفاع کرنے سے قاصر ہوتی ہے، پس أوفق بمعنی "موافق" ہے، چونکہ رطب میں "ناقہ" کیلئے کوئی "او فقیت" نہیں۔ اور اس کو حقیقت پر محمول کرنا بھی صحیح ہے، کہ یہ دعویٰ کیا جائے کہ رطب من وجہ ان کے موافق تھی، اور من وجہ "مضر" تھی۔ چقندر اور جو سے اس لئے منع نہیں فرمایا کہ ناقہ کیلئے یہ بہت زیادہ نافع ہے۔ چونکہ "جو" کے پانی میں غذائیت، لطافت، نرمی اور تقویت طبع ہوتی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیمار اور بیماری سے اٹھے ہوئے شخص کے لئے پرہیز بہت ضروری ہے بلکہ بعض اطباء نے کہا ہے کہ جو شخص بیماری سے اٹھا ہو اور اس پر ضعف وکمزوری کا غلبہ ہو اس کے لئے پرہیز بہت ہی فائدہ مند ہوتا ہے' جیسا کہ ناقہ اور مریض کے لئے بد پرہیزی مضر ہوتی ہے۔

چونکہ بد پرہیزی سے بعض مرتبہ معاملہ برعکس ہو جاتا ہے، جو ابتدائے مرض کے مقابلہ میں زیادہ صعب ہوتا ہے۔ جب کہ تندرست کے لئے پرہیز کرنا مضر ہوتا ہے اور کبھی اشتہاء ومیلان کسی نقصان دہ چیز کی طرف ہوتا ہے۔ چنانچہ تھوڑی سے استعمال کر لینے سے طبیعت کو وہ چیز ہضم کرنے میں تقویت ملتی ہے، چنانچہ وہ چیز نقصان نہیں دیتی بلکہ بعض مرتبہ نفع دیتی ہے۔ بلکہ بعض مرتبہ اس دوا سے زیادہ نافع ثابت ہوتی ہے جو مریض کو زبردستی دی جارہی ہوتی ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے حضرت صہیبؓ کو تھوڑی سی کھجوریں کھانے کے معاملہ کو برقرار رکھا حالانکہ ان کو آنکھ کی تکلیف تھی، ابن ماجہ کی روایت میں ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ صَيْفِيٍّ مِنْ وَلَدِ صُهَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ صُهَيْبٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ خُبْزٌ وَتَمْرٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْنُ فَكُلْ فَأَخَذْتُ آكُلُ مِنَ التَّمْرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَأْكُلُ تَمْرًا وَبِكَ رَمَدٌ قَالَ فَقُلْتُ إِنِّي أَمْضُغُ مِنْ نَاحِيَةٍ أُخْرَى فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

"حضرت صہیب فرماتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے روٹی اور چھوارے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قریب ہو جاؤ اور کھاؤ۔ میں چھوارے کھانے لگا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم چھوارے کھا رہے ہو حالانکہ تمہاری آنکھ دکھ رہی ہے۔ میں نے عرض کیا میں دوسری طرف سے چبا رہا ہوں (جو آنکھ دکھ رہی ہے اس طرف سے نہیں چبا رہا) اس (لطیف جواب) پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرا دیے۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھرچن آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو پسند

۴۲۱۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُعْجِبُهُ الثُّفلُ۔ (رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه أحمد فی المسند ۳/ ۲۲۰، والبيهقى فى الشعب۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو نیچے کا کھانا پسند تھا یعنی دیگ کی تہہ میں لگنے والا۔ یہ ترمذی وشعب الایمان بیہقی کی روایت ہے۔

تشریح: ''الثفل'' بضم المثلثة ويكسر وسكون الفاء۔ (یعنی بروزن ظلم وحلم)

وهو فى الأصل ما يرسب من كل شئ، ۲۔ما يبقى بعد العصر۔ حدیث میں وارد اس لفظ کی کئی تفسیریں کی گئی ہیں ثرید خوراک ہانڈی میں چپکا ہوا کھانا' وہ کھانا جس میں اناج اور آٹا وغیرہ ہو جو برتن میں آخر میں رہ جائے چنانچہ صاحب ''النہایۃ'' لکھتے ہیں: فى الحديث من كان معه ثفل فليصطنع، أراد بالثفل الدقيق والسويق ونحوهما وقيل الثفل هنا الثريد، وأنشد:

يحلف بالله وإن لم يسأل ما ذاق ثفلا منذ عام أول۔ (انتهى)

۴ قيل: سقوط الفاكهة۔ ۵ فسره شيخ الترمذى وهو الدارمى بما بقى من الطعام۔ ۶ قال المظهر: أى بما بقى فى القدر۔ وهو المشهور عند أهل الحديث، والمسموع من أفواه المشايخ۔ ۷ ما يلصق من المطبوخ بأسفل القدر۔

خلاصۃ الآراء:

ذکر کردہ تمام مفاہیم دو معنی کے گرد گھومتے ہیں:۔ ❶ دانہ یعنی غلہ جیسے جو، گیہوں، چاول، باجرا، وغیرہ۔ ❷۔ تیچھٹ، فائق میں ہے کہ ''ثفل'' اصل میں ''تلچھٹ'' کو کہتے ہیں، یہ ''تلچھٹ'' تیل کا ہو یا شیرے کا، یا شوربہ، یا شربت کا، یا شراب کا، یا کسی پتلی چیز کا، پھر جو چیز پی نہیں جاتی، اس کو بھی ثفل کہتے ہیں۔ جیسے روٹی اور تہ دیگی وغیرہ۔

کھرچن کی پسندیدگی کی وجہ: ممکن ہے کہ اس کا سبب یہ ہو کہ یہ خوب پکا ہوا ہوتا ہے اور زود ہضم ہوتا ہے۔ نیز چکناہٹ کے کم ہونے کی وجہ سے خوشگوار ولذیذ بھی ہوتا ہے۔ اس میں آپؐ کی تواضع اور قناعت کی طرف اشارہ ہے' اور اپنے ایک ارشاد گرامی کی طرف اشارہ ہے جس کو امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے: ساقى القوم آخر هم شربا اور زین العربؒ فرماتے ہیں کہ ''ثفل'' سے مراد ''مابقی'' فى الفصعة ہے' اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو قصعہ کے چاٹنے کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ مظہرؒ کا قول زیادہ واضح ہے' چونکہ وہ اس کے تمام معانی سابقہ کو جامع ہے۔ اور آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی عادت شریفہ کے مطابق بھی ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دوسروں کی ضروریات کو اپنی ضرورت پر مقدم رکھتے تھے چنانچہ آپؐ اوپر کا کھانا اپنے اہل وعیال' مہمانوں اور محتاج وفقراء کو بانٹ دیتے تھے ان کو ~~اپنے آپ~~ پر مقدم فرماتے تھے اور نیچے کا جو کھانا بچتا اس کو اپنے لئے رکھتے' یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبۂ ایثار وسخاوت کا عکاس بھی تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصف تواضع وانکسار اور صبر وقناعت کا غماز بھی تھا! نیز یہ بات ان بہت سے بیوقوف مالداروں ہے جو عام طور پر ازراہ تکبر ونخوت نیچے کے کھانے کو شرم وعار سمجھتے ہیں اور اس کو ضائع کر دیتے ہیں۔

اللہ جل شانہ نے اپنی حکمت جمیلہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جمیع اقوال وافعال میں قسم ہا قسم کے لطائف اور ہزاروں طرائف ومعارف رکھے ہیں، خوشخبری ہے اس شخص کیلئے کہ جس نے ان کی قدر وقیمت کو پہچانا اور پھر ان کی اتباع کی۔

پیالے کا استغفار کرنا

۴۲۱۸: وَعَنْ نُبَيْشَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ اَكَلَ فِيْ قَصْعَةٍ فَلَحِسَهَا اسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ۔

(رواه احمد والترمذی وابن ماجة والداريم وقال الترمذی هذاحديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٢٨ الحديث رقم ١٨٠٤، وابن ماجه فی ٢/١٠٨٩ الحديث رقم ٣٢٧١، والدارمی ٢/١٣١ الحديث رقم ٢٠٢٧۔

ترجمہ: حضرت نبیشہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص پیالہ میں کھائے پھر اسے چاٹ لے تو پیالہ اس کے لئے استغفار کرتا ہے یہ احمد، ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی کی روایت ہے۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: **من أكل فی قصعة**: اگرچہ یہاں "قصعہ" مذکور ہے مگر مراد عام ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں "من" کے بجائے "فی" استعمال فرمایا یہ بتلانا مقصود ہے کہ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس قصعہ سے تمکن کے ساتھ کھانا تناول فرماتے تھے، **مريدا للتمكن من الأكل واقعا فی القصعة**۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿ولأصلبنكم فی جذوع النخل﴾ [طٰہٰ:۷۱] اسی وجہ سے اس کے بعد "**فلحسها**" ذکر فرمایا۔

فلحسها: صاحب قاموس ونہایہ نے صراحت کی ہے کہ از باب "علم" ہے۔ اور سید کے نسخہ میں حاء مہملہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ واللہ اعلم۔

استغفرت له القصعة: اسم ضمیر کی جگہ اسم ظاہر ذکر فرمایا تا کہ یہ وہم نہ ہو کہ "**استغفرت**" صیغۂ متکلم کے ساتھ ہے۔ مغفرت قصعہ کو چاٹنے کے سبب وتوسط سے تھی اس لئے قصعہ کو یوں قرار دیا گویا کہ قصعہ اس کے لئے مغفرت طلب کر رہا ہے اور اس کو حقیقت پر محمول کرنے میں کوئی مانع نہیں۔

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص کھانا کھا کر برتن کو چاٹتا ہے تواضع اختیار کرتے ہوئے، اللہ کے اس انعام پر اس کی تعظیم کرتے ہوئے، اور اللہ کے عطا کردہ اس رزق کو تلف سے بچاتے ہوئے، تو وہ پیالہ اس کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے۔

ظاہر بات یہ ہے کہ پیالہ حقیقت میں استغفار کرتا ہے، تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس استغفار قصعہ اس بات سے عبارت ہے کہ تشتری پیالے کو چاٹنا تواضع کی علامت ہے اور تکبر سے براءت ہے اور یہ چیز موجب مغفرت ہے اور پیالہ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف استغفار کی نسبت اس اعتبار سے ہے کہ اس مغفرت کا سبب پیالہ ہی ہے۔

کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کی تاکید

۴۲۱۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ بَاتَ وَفِیْ یَدِهٖ غَمَرٌ لَمْ یَغْسِلْهُ فَاَصَابَهٗ شَیْءٌ فَلَا یَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ ۔ (رواه الترمذي وابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/١٨٨ الحديث رقم ٣٨٥٢، والترمذي في السنن ٤/٢٥٥ الحديث رقم ١٨٦٠، وابن ماجه في ٢/١٠٦٦ الحديث رقم ٣٢٩٧ والدارمي في ٢/١٤٢ الحديث رقم ٢٠٦٣، وأحمد في المسند ٢/٢٦٣۔

ترجمه: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو اپنے ہاتھوں سے چکنائی دھوئے بغیر سوئے اور پھر اسے کوئی ایذاء والا جانور کاٹ لے تو وہ اپنے آپ کو ملامت کرے کیونکہ کھانے اور چکنائی کی بو پر کیڑے مکوڑے آتے ہیں یعنی ہاتھ نہ دھونے کی وجہ سے اپنے آپ کو ایذاء کا ذریعہ بنا۔ یہ ترمذی، ابو داؤد اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: **من بات: أي نام ليلا**، لیکن بظاہر اعم معنی مراد ہیں، چنانچہ اس صورت میں ''تجرید'' ہوگی۔

غمر: بروزن قمر بمعنی **دسم و وسخ**، چکناہٹ، میل کچیل۔

لم يغسله: ضمیر منصوب متصل کا مرجع ''غمر'' ہے۔

لم يغسله عن يده۔ یہ جملہ ''غمر'' کی صفت ہے۔ اور پہلا جملہ حالیہ ہے۔

فأصابه شيء: اس جملہ کا عطف ''بات'' پر ہو رہا ہے۔ اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کئے ہیں:

❶ ''هوام'' میں سے کوئی چیز اس کو تکلیف پہنچائے۔ ❷ جنات وغیرہ اس کو نقصان پہنچائیں۔ ❸ برص وغیرہ امراض کا لاحق ہو جانا مراد ہے۔

واضح رہے کہ زہریلی چیزیں بعض مرتبہ چکنائی وغیرہ کی خوشبو سونگھ کر آدمی کو حالت نیند میں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اور اسی طرح برص وغیرہ بھی ہو سکتا ہے، بایں طور کہ چکنے ہاتھ جسم کے کسی خاص حصہ پر لگیں اور نتیجۃً یہ بیماری ہو جائے۔

عرض مرتب: اس تیسرے احتمال کی تائید طبرانی کی روایت سے بھی ہوتی ہے جو تخریج کے ذیل میں آگے آرہی ہے۔ اھ۔

تخریج و توضیح: اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں روایت کیا ہے۔ امام بخاری نے ''التاریخ'' میں، اور امام حاکم نے اپنی مستدرک میں نقل کیا ہے۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے الاوسط میں ابوسعید سے (کچھ اختلاف الفاظ کے ساتھ) نقل کیا ہے:

من بات وفي يده ريح غمر فأصابه وضح فلا يلو من إلا نفسه۔ والوضح: بفتحتين البرص۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثرید وحیس کی پسندیدگی

۴۲۲۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَحَبُّ الطَّعَامِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَلثَّرِيْدُ مِنَ الْخُبْزِ وَالثَّرِيْدُمِنَ الْحَيْسِ ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ١٤٧ الحديث رقم ٣٧٨٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آپ کو روٹی کا ثرید اور حیس کا ثرید (حلوے کی قسم) پسند تھا۔ یہ ابو داؤد کی روایت ہے۔

تشریح: كان أحب: اس کو مرفوع پڑھنا جائز ہے، اور منصوب پڑھنا اولیٰ ہے، چونکہ وصف ہے، اور وصف کیلئے مناسب یہ ہے کہ وہ خبر یعنی محکوم بہ ہو۔ واضح رہے کہ یہاں یہ **افعل** بمعنی **مفعول** ہے، یعنی ''احب'' بمعنی ''محبوب'' ہے۔ اور ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' اس کے متعلق ہے۔

الثريد: اس میں بھی دونوں احتمال ہیں۔ اس کو مرفوع پڑھنا بھی درست ہے اور منصوب پڑھنا بھی درست ہے ماقبل کے برعکس، چونکہ یہ مبتدا ہے معناً محکوم علیہ ہے۔

الحيس: حاء مہملہ کے فتحہ سکون تحتیہ اور سین مہملہ کے ساتھ، (بروزن ''ریب'') کھجوروں کا وہ خلط ایک قسم کا کھانا جو کھجور کو پنیر اور گھی کے ساتھ ملا کر تیار کیا جاتا ہے اس کے اصل معنی ''خلط'' (ملانا) ہیں۔ چنانچہ راجز کا یہ قول اسی معنی میں ہے:

التمر والسمن جميعا والأقط الحيس إلا أنه لم يختلط

''حیس کا ثرید اس کھانے کو کہتے ہیں جو کھجور گھی اور پنیر کو ملا کر بنایا جائے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

روغن زیتون ایک مبارک روغن

۴۲۲۱: وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ كُلُوا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْابِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ ۔ (رواه الترمذی وابن ماجة والدارمی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٢٥١ الحديث رقم ١٨٥٢، والدارمی فی ٢/ ١٣٩ الحديث رقم ٢٠٥٢، وأحمد فی المسند ٣/ ٤٩٧۔

ترجمہ: حضرت ابو اسید انصاریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زیتون کا روغن کھاؤ اور اس کی مالش کرو کیونکہ یہ روغن مبارک درخت سے ہے یہ ترمذی، ابن ماجہ دارمی کی روایت ہے۔

تشریح: كلوا الزيت: یہاں اشکال ہوتا ہے کہ زیتون کا تیل تو ایک مائع چیز ہے، لہٰذا اس کو کھانا کیا معنی رکھتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ اصل مراد یہ ہے: كلوا الزيت مع الخبز واجعلوه إداما۔ یعنی روغن زیتون روٹی کے ساتھ کھاؤ اور اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سالن بناؤ۔

ادّهنوا به: امر کا صیغہ ہے، دال مشدد ہے۔ ادّھان سے مشتق ہے، ادّھان کا مطلب ''استعمال الدھن'' بمنزلہ فعل لازم کے ہے۔ ایک شارح لکھتے ہیں: کہا جاتا ہے: ادهن رأسه، بروزن افتعل، أى طلاه بالدهن وتولى ذلك بنفسه وترك مفعوله فى الحديث اھ۔ لیکن شارح کا اس کو مخصوص بالرأس، اور ''تولی بالنفس'' کے ساتھ مقید کرنا صحیح نہیں ہے۔ حنفی نے شرح شمائل میں دوراز کار کلام کیا ہے کہ یہ امر برائے اباحت ہے۔ یہ درست یہ ہے کہ استحباب کے لئے ہے۔ اس کی تائید اس اگلے جملہ سے ہو رہی ہے: فإنه من شجرة مباركة۔

''زیتون'' بابرکت درخت اس اعتبار سے ہے کہ اس میں بہت زیادہ خیر و برکت اور منافع ہیں زیادہ واضح یہ ہے کہ اس کا مبارک ہونا اس وجہ سے ہے کہ یہ اس سرزمین میں پیدا ہوتا ہے جس میں اللہ جل شانہ نے جہانوں کے لئے برکت رکھی ہے۔ کہا گیا ہے کہ اس سرزمین کو ستر ہزار انبیاء کے ذریعہ بابرکت بنایا گیا۔ اور اس درخت کے مبارک ہونے سے اس درخت کے پھل کا بابرکت ہونا لازم ہے یعنی زیتون کا۔ اور اس کے روغن کا بابرکت ہونا بھی لازم ہے اور کیوں نہ ہو کہ یہ سالن کے کام بھی آتا ہے اور مالش کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور یہ دونوں عظیم نعمتیں ہیں۔ اور مساجد ثلثہ میں اسی کے تیل سے قندیلیں روشن کی جاتی ہیں۔ پس یہ زمانہ اور مکان کے اعتبار سے کتنا بابرکت ہے۔ چنانچہ قران کریم کی اس آیت: ﴿زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ......﴾ [النور: ۳۵] ''زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف (ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) اس کا تیل خواہ آگ اسے نہ بھی چھوئے جلنے کو تیار ہے (بڑی) روشنی پر روشنی (ہو رہی ہے) خدا اپنے نور سے جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے اور خدا (جو مثالیں) بیان فرماتا ہے (تو) لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اور خدا ہر چیز سے واقف ہے'' میں جس درخت کو ''شجرۂ مبارک'' کہا گیا ہے اس سے زیتون ہی کا درخت مراد ہے۔

تخريج وتوضيح: امام طبرانیؒ اور ابونعیمؒ عقبہ بن عامر سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: عليكم بهذه الشجرة السباركة زيت الزيتون فتداووا به، فإنه مصحة من الباسور۔ ''باسور'' مشہور بیماری ہے، اس کی جمع بواسیر آتی ہے۔

(کذا فی القاموس)

عرض مترجم: اردو میں اس بیماری کو ''بواسیر'' کہا جاتا ہے۔ اھ۔

اس حدیث کو امام احمدؒ، اور حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ امام ترمذیؒ نے حضرت عمر بن خطاب سے، امام ابن ماجہ اور حاکم نے ابوہریرہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: كلوا الزيت وادهنوا به، فإنه طيب مبارك۔ اور ابونعیم نے ''الطب'' میں حضرت ابوہریرہ سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے: كلوا الزيت، وادهنوا به، فإن فيه شفاء من سبعين داء، منها الجذام۔

خشک روٹی اور سرکے کا استعمال

۴۲۲۲: وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ اَعِنْدَكِ شَيْءٌ قُلْتُ لَا اِلَّآ خُبْزٌ يَابِسٌ وَخَلٌّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَقَالَ هَاتِي مَا اَفْقَرَ بَيْتٌ مِنْ اُدُمٍ فِيهِ خَلٌّ ۔ (رواه الترمذی وقال هذ حديث غريب)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/ ٢٤٦ الحديث رقم ١٨٤١ ـ

ترجمه: حضرت ام ہانیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا کیا تمہارے پاس کچھ (یعنی کھانا) موجود ہے میں نے کہا میرے پاس کھانے کو کچھ نہیں سوائے خشک روٹی اور سرکہ کے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ لے آؤ۔ پھر فرمایا جس گھر میں سرکہ ہے وہ سالن سے خالی نہیں۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے اسے حسن غریب قرار دیا۔

تشریح: إلا خبز يابس وخل: ''یابس'' صفت ہے ''خبز'' معطوف علیہ کی، اور ''خل'' معطوف ہے۔ کہا گیا ہے کہ مستثنیٰ منہ محذوف ہے، اور مستثنیٰ اس سے ''بدل'' ہے۔ اس کی نظیر صحاح میں مروی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ جملہ ہے: إلا شئ بعثت به أم عطية۔

مالکیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں مسئلہ نحو یہ کا شاہد ہے کہ ''الا'' کے مابعد کو محذوف سے بدل بنانا چاہیے چونکہ اصل یوں ہے: لا شئ عندنا إلا شئ بعثت به أم عطية اھ۔ ابن حجر نے شرح شمائل میں انوکھی بات لکھی ہے: أی ليس شئ عندنا، فليست لا التی لنفی الجنس لما بعد إلا مستثنیٰ استثناء مفرغا مما قبلها الدال عليه التقرير المذكور، وبهذا يندفع ما نقل عن ابن مالك اھ۔ اس عبارت کا بعید از مرام ہونا مخفی نہیں۔

یہاں ایک سوال اٹھتا ہے وہ یہ کہ ام ہانی کو جواب میں ''بلی عندی خبز'' کہنا چاہیے تھا، انہوں نے اس اسلوب کلام سے انحراف کیوں کیا؟ جواب یہ ہے کہ انہوں نے خشک روٹی اور سرکہ کو نبی کریم ﷺ جیسے معزز ومکرم مہمان کے شایان شان نہیں سمجھا اور ہیچ شمار کیا، چنانچہ اسی لئے انہوں نے اول وہلہ میں صاف انکار کر دیا کہ ''لا''۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ان کی طیب خاطر ودلداری فرمائی۔

هاتی: حنفیؒ فرماتے ہیں: ''هاتی'' اسم فعل بمعنی امر ''أعطی'' کے ہے۔ اور زیادہ واضح بات یہ ہے بمعنی ''أحضری'' ہے، أی احضری ما عندك۔

من أدم: ہمزہ اور دال مہملہ دونوں پر ضمہ ہے' دال کو ساکن بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

ما أقفر بيت من أدم فيه خل: ''أقفر'' کے ضبط میں اختلاف ہے۔ ایک ضبط کے مطابق پہلے قاف اور پھر فاء ہے۔ دوسرا ضبط اس کے برعکس ہے کہ پہلے فاء اور پھر قاف ہے۔ ملاحظہ ہوں علمائے حدیث کی آراء۔

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: أی ما خلا من الادام ولا عدم أهله الأدم، والقفار الطعام بلا أدام، وأقفر الرجل إذا أكل الخبز وحده من القفر، والقفار وهی الأرض الخالية التی لا ماء بها۔

سید جمال الدین ''روضۃ الاحباب'' میں لکھتے ہیں: وقد صحف بعض المتأخرين من أهل فن السير وقدم الفاء على القاف وهذا غير مستحسن رواية ودراية، وتبعه الحنفی وقال: توهم بعض الناس أنه بالفاء والقاف وليس برواية ودراية۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: درایة کی نفی کرنا محل نظر ہے۔صحت روایت کی تقدیر پر اس کا مطلب ''ما احتاج'' ہے: أي لا افتقر أهل بيت من أجل الأدام ويكون في بيتهم خل۔ اور روایت کی نفی بھی محل نظر ہے، چونکہ ہم نے سید نور الدین ایجی قدس اللہ سرہ الصفی کے خط میں لکھا ہوا پایا ہے کہ ایک نسخہ میں ''أفقر'' ہے۔

''ما أقفر بيت من ادم فيه خل'' کی ترکیب:

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں کہ جار مجرور ''أقفر'' کے متعلق ہے۔

''بیت'' موصوف، ''فيه خل'' اس کی صفت ہے۔صفت اور اس کے موصوف کے درمیان اجنبی کا فاصلہ ہے، جو جائز نہیں ہے۔ممکن ہے یہ کہا جائے کہ یہ حال ہے، موصوف کی تقدیر پر۔ أي بيت من البيوت (كذا قاله الفاضل الطيبیؒ) سید کی شرح المفتاح میں فصاحت کی بحث میں لکھتے ہیں: صفت موصوف کے درمیان فصل جائز ہے اور نکرہ عامہ منفیہ سے حال کا آنا بھی جائز ہے صفت کی تقدیر ماننے کی ضرورت نہیں۔

ابن حجرؒ فرماتے ہیں: یہ صفت ہے، اور درمیان میں فاصلہ ہے، لیکن فاصلہ ایسا ہے جو من كل وجوه اجنبی نہیں ہے، چونکہ أفقر، ''بیت'' اور اس کی صفت اور ان کے ''فاصل'' میں عامل ہے۔

اس حدیث میں ترغیب ہے کہ روٹی اور سرکہ کو حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھا جائے۔

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ کسی ایسے شخص سے کھانا وغیرہ طلب کرنے میں کوئی حرج کی بات نہیں کہ جس سے صدقِ محبت کا تعلق ہو، اور معلوم ہو کہ مسؤل کو اس سے خوشی ہوگی۔

تخريج وتوضيح: واضح رہے کہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو جامع اور شمائل دونوں میں ذکر کیا ہے۔امام طبرانی نے ''الکبیر'' میں، ابونعیم نے ''الحلیة'' میں ''ام ہانی'' سے روایت کیا ہے۔حکیم ترمذیؒ نے اس حدیث کو بروایت عائشہ ان الفاظ میں نقل کیا ہے: ما أقفر من أدم بيت فيه خل۔ اس روایت میں (صفت موصوف کے درمیان اجنبی کا) فاصلہ نہیں ہے۔اس سے وہ اشکال زائل ہو جاتا ہے، مزید یہ کہ یہ تغیر کسی راوی کی طرف سے ہے۔واللہ اعلم بالحال۔

جَو کی روٹی کھجور سے تناول فرمائی

۴۲۲۳: وَعَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ اَخَذَ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ فَوَضَعَ عَلَيْهَا تَمْرَةً فَقَالَ هٰذِهٖ اِدَامُ هٰذِهٖ وَاَكَلَ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ۴/۱۷۳ الحديث رقم ۳۸۳۰۔

ترجمہ: حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلامؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے جو کی روٹی کا ٹکڑا لیا اور اس پر کھجور رکھ کر فرمایا۔ یہ کھجور روٹی کے اس ٹکڑے کا سالن ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راوی حدیث:

یوسف بن عبداللہ۔ یہ ''یوسف'' ہیں۔ ''عبداللہ بن سلام'' کے بیٹے ہیں۔ کنیت ''ابو یعقوب'' تھی۔ حضرت یوسف بن یعقوب علیہ السلام کی اولاد بنی اسرائیل میں سے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ہی پیدا ہو چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنی گود میں لیا اور ان کا نام یوسف تجویز فرمایا۔ ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور ان کے لیے دعائے حفاظت فرمائی۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ان کی کچھ روایات بھی ہیں۔ حالانکہ ان کی کوئی روایت نہیں۔ ان کا شمار اہل مدینہ میں ہوتا ہے۔

تشریح: قال: کا فاعل حضرت عبداللہ بھی ہو سکتے ہیں، اور ان کے بیٹے بھی یہی واضح ہے۔

أخذ كسرة: یہ جملہ حالیہ ہے۔ ''كسرة'': کاف کے کسرہ اور سین کے سکون کے ساتھ بمعنی قطعہ۔

من خبز الشعير: ایک روایت میں (الشعير) تنکیر کے ساتھ ہے۔

وأكل: اور ایک روایت میں ''فأكل'' ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: چونکہ کھجور ایک مستقل طعام تھا، اور بطور سالن متعارف نہیں تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس ارشاد گرامی میں اس کی حیثیت کو واضح فرما دیا۔

شرح السنہ میں لکھا ہے کہ جس شخص نے روٹی کو سالن کے ساتھ نہ کھانے کی قسم کھائی اور پھر روٹی کھجور کے ساتھ کھالی تو وہ شخص حانث ہو جائے گا، اسی طرح اگر نمک، لہسن یا پیاز کے ساتھ کھالی (تو پھر بھی حانث ہو جائے گا)۔

میرکؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث امام شافعیؒ اور ان کے موافقت کرنے والے ان علماء کے اس قول کی مؤید ہے کہ کھجور سالن ہے، نیز یہ ان علماء کے قول کی تردید کر رہی ہے جو سالن کیلئے ''اصطباغ'' کی شرط لگاتے ہیں۔ یا اصطباغ کی شرط تو نہیں لگاتے البتہ یہ تخصیص کرتے ہیں کہ سالن وہ چیز ہے جو غالب احوال میں علیحدہ سے کھائی جاتی ہو، مثلاً کھجور کہ اس کو انہوں نے سالن میں شمار نہیں کیا۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ ''تمر'' پر ''ادام'' کا اطلاق مجازاً کیا ہو۔ یا ''ادام'' سے تشبیہ دی ہو کہ اس کو روٹی کے ساتھ تناول فرمایا۔ میں کہتا ہوں یہ احتمال متعین ہے، وگرنہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان گرامی تحصیل حاصل ہوگا۔ ایمان اور حنث کا مدار عرف پر ہوتا ہے وجو زمانہ اور مکان کے اعتبار سے مختلف ہو سکتا ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غذا کے معاملہ میں تدبیر سے کام لینا چاہیے، چونکہ ''جو'' خشک و بارد ہوتے ہیں، اور کھجور گرم ورطب ہوتے ہیں۔ اصح یہی ہے۔ اور قناعت و رضا کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا چاہئے۔

اسنادي حيثيت: امام ابوداؤد نے اس حدیث کو اسناد صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو اسی طرح امام ترمذیؒ نے ''شمائل'' میں ذکر کیا ہے۔

دِل کی بیماری کا آسان علاج

۴۲۲۴: وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ مَرِضْتُ مَرَضًا اَتَانِي النَّبِيُّ ﷺ يَعُوْدُنِي فَوَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا عَلٰى فُؤَادِي وَقَالَ اِنَّكَ رَجُلٌ مَفْئُوْدٌ ائْتِ الْحَارِثَ بْنَ كَلَدَةَ اَخَا ثَقِيْفٍ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ يَتَطَبَّبُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلْيَأْخُذْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِنْ عَجْوَةِ الْمَدِيْنَةِ فَلْيَجَأْهُنَّ بِنَوَاهُنَّ ثُمَّ لَيَلُدُّكَ بِهِنَّ ۔ (رواه ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤ /٢٠٧ الحديث رقم ٣٨٧٥۔

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ میں شدید مرض میں مبتلا ہو گیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے آپ نے اپنا دست اقدس میرے سینہ پر رکھا یہاں تک کہ آپ کے دست اقدس کی ٹھنڈک مجھے دل میں محسوس ہوئی اور فرمایا۔ تو ایسا شخص ہے جو درد دل رکھتا ہے۔ تم حارث بن کلدہ کے پاس جاؤ جو کلدہ قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے کیونکہ وہ طب جانتا ہے اور اسے چاہئے کہ مدینہ منورہ کی سات کھجور لے جو مدینہ کی افضل ترین قسم ہے پھر ان کو گٹھلیوں سمیت کوٹے پھر اسے تیرے منہ میں رکھنا چاہئے یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: **يعودني**: اس میں دو احتمال ہیں: ❶ یہ جملہ حالیہ ہے۔ ❷ یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے۔

فوضع يده بين ثديي: بظاہر وہ حصہ کھلا ہوا تھا جہاں آپؐ نے اپنا دست مبارک رکھا تھا۔

ائت: اتى يأتى سے امر کا صیغہ ہے' اور'' حارث بن کلدۃ: اس کا مفعول ہے۔ کلدۃ کاف کے فتحہ' لام اور دال مہملہ کے ساتھ ہے۔

أخا : بدل ہونے کی وجہ سے منصوب ہے' یا عطف بیان ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

فانه رجل يتطبب : ممکن ہے کہ وہ علم طب کا عمومی مطلق علم رکھتا ہو' اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ بیماری کے علاج میں خصوصی مہارت رکھتا ہو (یعنی اس مرض کا سپیشلسٹ ہو)

مفؤود: ''فؤاد'' سے ماخوذ ہے، اسم مفعول کا صیغہ ہے، دل کے مریض کو کہتے ہیں۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اہل لغت کا کہنا ہے کہ ''فؤاد'' دل کو کہتے ہیں' اور بعض کا کہنا ہے کہ دل کے پردہ کو کہتے ہیں' یا وہ ''مصدور'' تھے (یعنی اس کے سینہ میں تکلیف تھی) ''فؤاد'' سے کنایۃً صدر مراد ہے۔ چونکہ ''صدر'' ''فؤاد'' کا محل ہے۔

عجوة المدينة: قاضیؒ فرماتے ہیں: عجوہ مدینہ کی کھجوروں میں سب سے اعلیٰ ہے، اور اس کے نخل کو 'لینہ'' کہتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ما قطعتم من لينة﴾ [الحشر-۵]۔ مدینہ کی تخصیص فرمائی اس وجہ سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کی برکت ہے۔ یا اس وجہ سے کہ یہاں کی کھجور ان کے مزاج کے زیادہ موافق تھی چونکہ وہ اس کے عادی تھے۔

فليجأ: جیم کے فتحہ اور ہمزہ کے سکون کے ساتھ ہے۔

ليلدك: لام کو ساکن و مکسور دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے، یاء مفتوح ہے، لام پر ضمہ ہے۔ اور دال مشدد و مفتوح ہے۔ **لدّه دواء إذا صباه فى فمه** سے مأخوذ ہے۔ ''لد'' لام کے فتحہ کے ساتھ، وہ دوا جو منہ میں ایک جانب ڈالی جاتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کیلئے یہ طریقہ علاج تجویز فرمایا چونکہ اس وقت ان کے مرض کی کیفیت ایسی تھی کہ اس حالت کے علاوہ دوا دینا آسان نہ تھا۔ یا آپؐ کو یہ معلوم تھا کہ اس ہیئت پر دوا کا استعمال زیادہ نفع بخش' زیادہ نافع' زیادہ آسان اور زیادہ مناسب ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد کو پہلے تو ایک معالج کے پاس جانے کا حکم دیا اور پھر خود ہی علاج بھی تجویز کیا چونکہ آپؐ نے اس علاج کو بہت آسان اور انتہائی نافع سمجھا' یا اس لئے یوں کیا کہ طبیب کی رائے بھی حضرت سعد کے سامنے آ جائے اور وہ رائے آپؐ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رائے کے مطابق ہو تو حضرت سعدؓ طبیب کے قول کا اعتبار کرلیں۔عرض مرتب: یہاں صاحب مظاہر نے بھی کچھ کلام کیا ہے جو کافی مفید ہے۔افادہ کے لئے پیش کیا جارہا ہے: پہلے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد کو معالج کے پاس جانے کا مشورہ دیا تا کہ وہ ان کو دیکھ کر ان کا علاج کرے' پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے مرض کا ایک آسان علاج یاد آ گیا جو جلد فائدہ کرنے والا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازراہ شفقت و تعلق اس کو تجویز کیا۔گویا ان کو معالج کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا کہ وہ مبادا ان کو دور دراز کے علاج میں ڈال دے اور چونکہ اس کا دوا بنانا اور اس کو استعمال کرانا معالج کے لئے زیادہ آسان تھا اس لئے اس کام کو اس کے سپرد فرمایا۔

شراح فرماتے ہیں کہ یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ غیر مسلم معالج سے مشورہ کرنا جائز ہے کیونکہ حارث بن کلدہ اسلام کے ابتدائی زمانہ میں مرا ہے اس کا اسلام قبول کرنا ثابت نہیں ہے۔

تربوز و کھجور کا استعمال

۴۲۲۵: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَانَ یَأْکُلُ الْبِطِّیْخَ بِالرُّطَبِ۔ (رواہ الترمذی وزاد ابوداود ویقول یُکْسَرُ حَرُّ هٰذَا بِبَرْدِ هٰذَا وَبَرْدُ هٰذَا بِحَرِّ هٰذَا ۔ (وقال الترمذی هذا حدیث حسن غریب)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ١٧٦ الحدیث رقم ٣٨٣٦' والترمذی فی ٤/ ٢٤٦ الحدیث رقم ١٨٤٣۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تربوز کو تازہ کھجور کے ساتھ کھاتے تھے یہ ترمذی کی روایت ہے ابوداؤد نے اس میں اضافہ کیا کہ کھجور کی گرمی کو تربوز کی سردی سے توڑا جاتا ہے تربوز کی سردی کا ازالہ کھجور سے کیا جاتا ہے۔ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

تشریح: کان یاکل البطیخ: ترمذی اور بیہقی کی روایت میں ''الطبیخ'' ہے۔یہ درحقیقت ''بطیخ'' کا مقلوب ہے،اس میں ایک لغت یہ بھی ہے۔

زاد ابو داؤد: واضح رہے کہ یہ اضافہ بیہقی کی روایت میں بھی ہے۔

یکسر حر هذا ببرد هنا وبرد هذا بحر هذا: ایک روایت میں یوں ہے: یدفع حر هذا برد هذا وبرد هذا حر هذا۔(اطباء) کہتے ہیں: کھجور گرم و تر ہے،اور بطیخ سرد و تر ہے۔مذکورہ بالا دونوں چیزوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر کھانے میں بڑی حکمت یہ ہے کہ ایک سرد دوسری گرم ہے۔دونوں ملا کر معتدل غذا ہو جاتی ہے!

امام طیبیؒ فرماتے ہیں شاید کہ بطیخ کچا تھا پکا نہیں تھا' چونکہ وہ ٹھنڈا ہوتا ہے اور شاید کہ امام طیبیؒ نے بطیخ کو ''خربوزہ'' پر محمول کیا ہے جو پیلا ہوتا ہے،اور جمہور کے نزدیک بطیخ سے مراد سبز ہے تحقیقی کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔

کیڑے سے کھجور نجس نہیں ہوتی

۴۲۲۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ ﷺ بِتَمَرٍ عَتِیْقٍ فَجَعَلَ یُفَتِّشُهٗ وَیُخْرِجُ السُّوْسَ مِنْهُ ۔

(رواہ ابوداود)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/ ١٧٤ الحديث رقم ٣٨٣٢' وابن ماجه فى ٢/ ١١٠٦ الحديث رقم ٣٣٣٣۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پرانی کھجور لائی گئی اس میں کیڑے پڑے ہوئے تھے آپ ﷺ نے اس کو چیر کر کیڑے نکالنے شروع کئے یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ''سوس'' کے وجود کی حکمت کے بارے میں کہا گیا ہے: **لو لا السوس ما خرج المدسوس**:

طبرانیؒ نے بسند حسن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بطریق مرفوع یہ نقل کیا ہے **نهى عن أن يفتش التمر عما فيه**۔ آنحضرت ﷺ نے کھجور کو چیرنے سے منع فرمایا ہے! (اس صورت میں چونکہ آنحضرت ﷺ کے فعل اور قول میں بظاہر تضاد نظر آتا ہے) چنانچہ اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے جو ممانعت منقول ہے اس کا تعلق نئی کھجوروں سے ہے اور اس کا مقصد وسوسہ سے بچانا ہے۔

❷ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے جو فعل منقول ہے وہ بیان جواز پر محمول ہے اور مذکورہ بالا ممانعت نہی تنزیہی کے طور پر ہے۔

کہا گیا ہے کہ یہ حدیث اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ اگر کھانے میں کیڑا پڑ جائے تو وہ کھانا نہ نجس ہوتا ہے اور نہ حرام ہوتا ہے

چھری سے پنیر کاٹنا درست ہے

۴۲۲۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ ﷺ بِجُبُنَةٍ فِی تَبُوْكٍ فَدَعَا بِالسِّكِّيْنِ فَسَمّٰى وَقَطَعَ۔

(رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/ ١٦٩ الحديث رقم ٣٨١٩۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پنیر کا ایک ٹکڑا لایا گیا یہ غزوہ تبوک کا موقعہ تھا آپ ﷺ نے چھری منگوا کر بسم اللہ پڑھ کر کاٹا یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: جبنة: جیم کے ضمہ، بائے موحدہ اور نونِ مشدّد کے ساتھ۔ **أى القرص من الجبن**۔ (کذا قیل) بظاہر پنیر کا ٹکڑا مراد ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: **الجبن بالضم وبالضمتين وكعتل معروف**: یعنی اس کو تین طرح پڑھا جاتا ہے۔

''**تبوك**'': اس کو کبھی منصرف اور کچھ غیر منصرف پڑھا جاتا ہے۔

''**قطع**'': اس کو تخفیف وتشدید دونوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

عرض مرتب:

صاحب مظاہر لکھتے ہیں:

یہ بسم اللہ کہنا کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھنے کی جگہ تھا نہ کہ وہ بسم اللہ جو ذبح کرتے وقت پڑھی جاتی ہے جیسا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض جاہل لوگ کدو کو کاٹتے وقت ذبح کی نیت سے بسم اللہ کہتے ہیں۔

مظہرؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ "انفحہ" پاک ہوتا ہے کیونکہ اگر وہ ناپاک ہوتا تو پنیر کو بھی ناپاک ہونا چاہئے تھا اس لئے کہ پنیر اس کے بغیر نہیں بنتا تھا۔

تین اشیاء کا حکم

۴۲۲۸: وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ السَّمْنِ وَالْجُبْنِ وَالْفِرَآءِ فَقَالَ الْحَلَالُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ وَمَاسَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَاعَنْهُ۔

(رواه ابن ماجة والترمذی وقال هذا حديث غريب وموقوف على الاصح)

أخرجه الترمذی فی السنن ١٩٢/٤ الحديث رقم ١٧٢٦، وابن ماجه فی السنن ١١١٧/٢ الحديث رقم ٣٣٩٧۔

ترجمہ: حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے پنیر، گھی، پوستین یا گورخر کے متعلق دریافت کیا گیا آپ نے فرمایا حلال وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حلال کی۔ یعنی اس کی حلت قرآن مجید میں بیان کی۔ اور حرام وہ ہے جس کی حرمت قرآن مجید میں بیان کردی اور جس چیز سے خاموشی اختیار کی گئی یعنی نہ حلال کہا نہ حرام۔ پس وہ ایسی قسم ہے جس کی معافی دی گئی یعنی اس کا کھانا مباح کیا یہ ترمذی وابن ماجہ کی روایت ہے انہوں نے اس کو غریب قرار دیا صحیح تر قول یہ ہے کہ یہ روایت موقوف ہے۔

تشریح: الجبن: جیم اور باء دونوں کے ضمہ اور نون کے تشدید کے ساتھ۔

الفراء: فاء کے کسرہ اور مدّ کے ساتھ، بروزن کساء، فراء" ہے۔ یہ فکاء کے فتحہ اور مدوقصر کے ساتھ کی جمع ہے۔ حمار وحشی کو کہتے ہیں۔ اور اسی سے حدیث میں آیا ہے: **کل اکصدفی جوف الفراء**۔

گھی کے بارے میں تو اس لئے پوچھا گیا کہ بظاہر ابتداء اسلام میں بعض لوگوں کو اس کے حلال ہونے میں شبہ ہوا ہوگا۔ پنیر کا معاملہ بذاتِ خود محل اشتباہ وسوال تھا۔ کیونکہ اس زمانہ میں وہ چستہ (یعنی اونٹ یا بکری کے اوجھ) کے ذریعہ بنتا تھا تیسری چیز جس کے بارے میں سوال کیا گیا فراء تھی۔ قاضیؒ نے کہا ہے کہ یہ اس کو فرو کی جمع ہے جس کے معنی پوستین (جانور کی کھال کے کوٹ) کے ہیں۔ اسی لئے ترمذی نے اس روایت کو "**باب لبس الفرو**" میں نقل کیا ہے اور ابن ماجہ نے "باب السمن والجبن" میں ذکر کیا ہے ہمارے علماء میں سے بعض شراح نے کہا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ غلط ہے بلکہ اس "فرو" کی جمع ہے جو پہنی جاتی ہے اس صورت میں کہا جائے گا کہ فراء کے بارے میں سوال کفار کے عمل سے اجتناب کرنے کے جذبہ سے کیا گیا تھا، کیونکہ وہ (کفار) مردار کی کھال کو دباغت دیئے بغیر اس کی پوستین بنایا کرتے تھے۔ اور اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ علمائے حدیث نے اس حدیث کو "کتاب اللباس" میں ذکر کیا ہے اھ۔ مصنف کا اس حدیث کو "باب الاطعمۃ" میں ذکر کیا ہے اس کے غالب مضمون کو دیکھتے ہوئے اور جواب سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

"اپنی کتاب میں حرام قرار دیا ہے" کا مطلب یہ ہے کہ یا تو وہ چیزیں حرام ہیں جن کے حرام ہونے کو اللہ تعالیٰ نے قرآن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے یا اس آیت کریمہ [وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا] کے ذریعہ بطریق اجمال بیان کیا ہے [یہ وضاحت اس لئے ضروری ہے تا کہ ان اکثر چیزوں کے بارے میں اشکال پیدا نہ ہو جو حرام ہیں مگر ان کی حرمت کتاب اللہ میں صراحت کے ساتھ بیان نہیں ہوئی ہے بلکہ ان کا حرام ہونا احادیث نبوی کے ذریعہ ثابت ہے۔)

قوله: وما سكت عنه فهو مما عفا عنه:

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔ اس کی تائید اس آیت مبارکہ سے بھی ہوتی ہے: ﴿وما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون﴾ [الذاریات۔۵۶]۔ دوسری جگہ فرمایا: ﴿هو الذى خلق لكم ما فى الأرض جميعا﴾ [البقرۃ۔۲۹]۔ اور کہا گیا ہے: كل شئ خلق لعباده، وخلقوا لعبادته۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔

گھی کی چوری کی خواہش

۴۲۲۹: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِىْ خُبْزَةً بَيْضَاءَ مِنْ بُرَّةٍ سَمْرَآءَ مُلَبَّقَةً بِسَمْنٍ وَّلَبَنٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَاتَّخَذَهٗ فَجَاءَ بِهٖ فَقَالَ فِىْ اَىِّ شَىْءٍ كَانَ هٰذَا قَالَ فِىْ عُكَّةِ ضَبٍّ قَالَ ارْفَعْهُ۔ (رواه ابوداود وابن ماجة وقال ابوداود وهذا حديث منكر)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ۱۶۸/۴ الحديث رقم ۳۸۱۸ ابن ماجه فى السنن ۱۱۰۹/۲ الحديث رقم ۳۳۴۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں پسند کرتا ہوں کہ میرے پاس سفید گندمی گیہوں کے گھی اور دودھ سے نرم کی ہوئی روٹی ہو۔ صحابہ کرام میں سے ایک شخص اٹھ کر گیا اور ایسی روٹی تیار کر کے لایا آپ نے دریافت فرمایا گھی کس برتن میں تھا اس نے عرض کیا گوہ کے چمڑے سے بنی ہوئی کپی میں تھا آپ نے فرمایا اس کو میرے سامنے سے اٹھا لو۔ یہ ابوداؤد و ابن ماجہ کی روایت ہے۔ ابوداؤد نے کہا یہ روایت منکر ہے۔

تشریح: **وددت**: دال کے کسرہ کے ساتھ۔ اور ایک نسخہ میں دال کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

قاموس میں لکھتے ہیں: **الود والوداد الحب، ويثلثان، وددته أوده فيهما** اھ۔ یہ بات مخفی نہ رہے کہ فتح العین پڑھنا، شاذ ہے، چونکہ شرط معدوم ہے، ممکن ہے کہ ''مدغم'' میں تسامح ہوتا ہو۔

برة سمراء: یہ ''برة'' کی صفت ہے، اور شاید کہ اس سے ''**مقمره**'' مراد ہو چونکہ وہ زیادہ لذیذ ہوتی ہے، اور اس لئے تاکہ بیضاء و سمراء میں تناقض نہ ہو۔ واللہ اعلم۔

بعض شراح نے ''**سمراء**'' کی توضیح میں لفظ ''حطہ'' کو اختیار کیا ہے۔ چنانچہ یہ ''برّة'' سے بدل ہوگا۔

قاضیؒ فرماتے ہیں ''**سمراء**'' حطہ کی ان صفاتِ غالبہ میں سے ہے جو حطہ پر غالب ہے۔ چنانچہ اس کو بطور اصل کے استعمال فرمایا ہے، کہا گیا ہے کہ **سمراء** حطہ کی ایک قسم ہے، جس میں معمولی سی سیاہی ہوتی ہے۔ ہوسکتا ہے ان کے ہاں یہ اس کی ایک قسم ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاموس میں لکھتے ہیں: السمرة بالضم منزلة بين البياض والسواد فيما يقبل ذلك، (سیاہ وسفید کے درمیان کا رنگ) (گندمی، سانولا رنگ) والأسمر لبن الظبية (ہرنی کا دودھ)، والأسمران الماء والبر (پانی اور گیہوں، پانی اور گندم)، والسمراء الحنطة والخشكار (گیہوں، آٹا ملا ہوا بھوسہ)۔

ملبقة: بائے موحدہ مشددہ کے فتحہ کے ساتھ۔ أي مبلولة مخلوطة خلطا شديدا بسمن وعسل۔ منصوب ہے، ''خبزہ'' کی صفت ہے۔ یہی ظاہر ہے، اور ایک نسخہ میں ''مجرور'' ہے۔ اس صورت میں یہ ''برّة'' کی صفت ہوگی، یہ گویا کہ ایک قسم کا جر جوار ہے۔

فقال: في أي شيء كان هذا؟ یہ سوال ممکن ہے اس وجہ سے کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کو اس میں بدبو محسوس ہوئی ہو۔

العكة: بالضم (گھی کا برتن) أنية السمن: قيل: وعاء مستدير للسمن والعسل۔ وقيل: العكة القربة الصغيرة (چھوٹی مشک)۔ خلاصہ کلام یہ کہ وہ گھی گوہ کی کھال سے بنائے گئے کسی برتن میں تھا۔

قال: ارفعه۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ نے اس روٹی کو اپنے سامنے سے اٹھانے کا حکم اس بنا پر دیا کہ آپ ﷺ گوہ سے طبعی نفرت رکھتے تھے کیونکہ وہ آپ ﷺ کی قوم کے علاقے میں نہیں پائی جاتی تھی جیسا کہ پچھلے صفحات میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے' نہ کہ اس کے اٹھانے کا حکم اس سبب سے تھا کہ گوہ کی کھال نجس ہوتی ہے کیونکہ اگر گوہ کی کھال نجس ہوتی تو اس کھال کے کپے میں رکھے ہوئے گھی سے تر کی ہوئی روٹی کو آپ ﷺ پھینک دینے کا حکم دیتے اور دوسروں کو بھی اس کے کھانے سے منع فرما دیتے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث آنحضرت ﷺ کی عادت مبارکہ کے مخالف ہے کہ آنحضرت ﷺ کا مذکورہ روٹی کی تمنا کا اظہار کرنا آپ ﷺ کی عادت مبارکہ کے بالکل خلاف معلوم ہوتا ہے۔ اسی لئے ابوداؤد نے اس روایت کے منکر ہونے کی صراحت کی ہے اور اگر اس روایت کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو اس صورت میں یہی توجیہ ہوسکتی ہے کہ آپ ﷺ نے اس طرح کی خواہش کا اظہار محض بیان جواز کی خاطر کیا۔

حدیث منکر کی تعریف: ارباب اصول محدثین نے یہ کی ہے: حديث من فحش غلطه أو كثرت غفلته أو ظهر فسقه۔ (على مافي شرح النخبة)۔

اس حدیث مبارکہ میں اللہ جل شانہ کی کاریگری کی طرف بھی لطیف اشارہ ہے کہ اپنے اولیاء وانبیاء کیلئے حصول شہوات اور تمناؤں کی تکمیل کس قدر مشکل ہے۔

مروی ہے کہ دو فرشتوں کی باہم ملاقات ہوئی، ایک زمین پر اتر رہا تھا، اور دوسرا آسمان پر چڑھ رہا تھا، ایک دوسرے کا حال پوچھا، ان میں سے ایک کہنے لگا کہ ایک یہودی نے تازہ مچھلی کی خواہش کی ہے، چنانچہ مجھے حکم ہوا کہ اس کی یہ فرمائش پوری کروں، اور مچھلی مہیا کروں، دوسرے فرشتہ نے کہا کہ ایک نیک صالح مسلمان نے دودھ یا شہد کی تمنا کی ہے، حالانکہ وہ خرید بھی چکا ہے، مجھے حکم ہوا کہ میں وہ انڈیل دوں، اور اسے محروم کر دوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کچے لہسن کی ممانعت

۴۲۳۰: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اَكْلِ الثَّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا۔ (رواہ الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/١٧٣ الحديث رقم ٣٨٢٨، والترمذى فى ٤/٢٣٠ الحديث رقم ١٨٠٨۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے پکے ہوئے لہسن کے علاوہ لہسن (کچے) سے منع فرمایا۔ یہ ترمذی ابوداؤد کی روایت ہے۔

تعارض:

① عن عقبة بن عامر مرفوعا: لا تأكلوا البصل النيئ۔(رواہ ابن ماجه)

② عن أنس: إياكم وهاتين البقلتين أن تأكلوهما وتدخلوا مسجدنا، فإن كنتم لابد آكليهما فاقتلوها بالنار قتلا (رواہ الطبرانى فى الأوسط)

③ عن ابن عمر رضى الله عنها: نهى عن أكل الثوم (رواہ البخارى)

④ عن أبى الدرداء: نهى عن أكل البصل (رواہ الطبرانى)

⑤ عن أبى سعيد: نهى عن أكل البصل والكراث والثوم۔(رواہ الطيالسى)

⑥ عن جابر: من أكل ثوما أو بصلا فليعت لنا(متفق عليه)۔

⑦ عن أبى زياد قال سئلت عائشة عن البصل فقالت ان اخر طعام اكله رسول اللهِ ﷺ طعام فيه بصل۔

تشریح تعارض:

مذکورہ بالا احادیث میں سے پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کچی پیاز کھانا (اور اسی طرح کی دوسری بدبو دار سبزیاں) ممنوع ہے تیسری، چوتھی، پانچویں روایت سے مجموعی طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ لہسن، پیاز گندنا اور اس طرح کی دوسری بدبو دار سبزیوں کو استعمال کرنا مطلقاً ممنوع ہے۔ دوسری روایت سے ان کو پکا کر کھانے کا جواز معلوم ہوتا ہے، اور ساتویں روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے پکی ہوئی پیاز مشتمل کھانا تناول فرمایا ہے۔

پکے ہوئے لہسن کو کھانے سے اس لئے منع نہیں فرمایا گیا ہے کہ پکنے سے اس کی بو جاتی رہتی ہے۔ یہی حکم پیاز اور اس طرح کی دوسری چیزوں کا بھی ہے ممانعت کی روایات کا جواب یہ کہ مذکورہ ممانعت نہی تنزیہی کے طور پر ہے۔

پکی ہوئی پیاز کا حکم

۴۲۳۱: وَعَنْ اَبِىْ زِيَادٍ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَةُ عَنِ الْبَصَلِ فَقَالَتْ اِنَّ اٰخِرَ طَعَامٍ اَكَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طَعَامٌ فِيْهِ بَصَلٌ ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/١٧٣ الحديث رقم ٣٨٢٩‘ واحمد فی المسند ٦/٥٩ وابن ماجه فی ٢/١١٠٦ الحديث رقم ٣٣٣٤۔

ترجمہ: ابوالزیاد کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ سے سوال کیا گیا کہ پیاز کھانے کا کیا حکم ہے یعنی پکی ہوئی پیاز کا حکم دریافت کیا گیا کہ آیا حلال ہے یا حرام تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا سب سے آخری کھانا جو آپ نے تناول فرمایا اس میں پیاز تھی۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: سائل کا سوال مطلقاً تھا یا کچی پیاز کے بارے میں تھا‘ یا پکی پیاز کے بارے میں تھا‘ آخری احتمال زیادہ واضح ہے۔

ابن حجرؒ شرح شمائل میں فرماتے ہیں کہ لہسن‘ گندنا اور مولی کھانے کی جو ممانعت منقول ہے اس کا تعلق کچی سے ہے نہ کہ اس سے جو کھانے میں پکا ہوا ہو۔ بلکہ زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ (کچے کے بارے میں) ممانعت بھی محض نہی تنزیہی کے طور پر ہے‘ بطور تحریمی نہیں ہے‘ (چنانچہ یہ چیزیں نہ تو آنحضرت ﷺ پر حرام تھیں اور نہ اُمت پر حرام ہیں) امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی حدیث میں یہ بات وضاحت کے ساتھ بیان ہوئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ پیاز کو اس کی بدبو کی وجہ سے ناپسند فرماتے تھے‘ اور جو پکی ہوئی ہوتی ہے خصوصاً پیاز تو اس میں بو نہیں ہوتی۔ طحاویؒ شرح آثار میں احادیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ آثار اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ پیاز گندنا و لہسن اور وغیرہ کھانا مباح ہے خواہ وہ کچے ہوں یا کھانے کے ساتھ پکے ہوئے ہوں‘ لیکن یہ اباحت اس شخص کے لئے ہے جو ان کو کھانے کے بعد گھر میں بیٹھا رہے اور ان کی بو آنے تک مسجد میں نہ جائے کیونکہ ان چیزوں کو کھا کر مسجد میں جانا مکروہ ہے۔ تاکہ مسجد میں ملائکہ اور بنی آدم کو تکلیف نہ ہو۔ فرمایا ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں امام اعظم ابوحنیفہؒ‘ امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کا قول بھی یہی ہے۔

ابن ملکؒ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا اپنی زندگی کے آخر میں ایسے کھانے کو کھانا جس میں پیاز تھی بیان جواز کی خاطر تھا اور یہ واضح کرنے کے لئے کہ ان چیزوں کے کھانے کی ممانعت تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی۔ مظہرؒ کا قول بھی یہی ہے۔

کھجور و مکھن کا استعمال

۴۲۳۲: **وَعَنِ وَعَنْ ابْنَىْ بُسْرِ السُّلَمِيِّيْنِ قَالَا دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَدَّمْنَا زُبْدًا وَّ تَمْرًا وَكَانَ يُحِبُّ الزُّبْدَ وَالتَّمْرَ** ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/١٧٦ الحديث رقم ١٨٤٧ وابن ماجه فی ٢/١١٠٦ الحديث رقم ٣٣٣١

ترجمہ: بسر سلمیہ کے دو بیٹوں سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے تو ہم نے مکھن اور کھجور آپ کی خدمت میں پیش کی یعنی آپ ﷺ نے انہیں استعمال فرمایا آپ ﷺ مکھن اور کھجور پسند فرماتے تھے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: زبد: زاء کے ضمہ اور بائے موحدہ کے سکون کے ساتھ، قاموس میں لکھتے ہیں: زبد اللبن بالضم، زبدۃ بفتحتین۔

فقد منا الیل زید اوتمرا' وکان یحب الزبد والتمر: اس جملہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

❶ چونکہ آنحضرت ﷺ مسکہ اور کھجور کو پسند فرماتے تھے اسی لئے ہم نے یہ چیزیں خصوصی طور پر پیش کیں۔

❷ آنحضرت ﷺ مسکہ اور کھجور کو پسند فرماتے تھے۔ اس لئے آپ ﷺ نے یہ دونوں چیزیں خوب تناول فرمائیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

مختلف رنگ کھانے ہر جانب سے کھا سکتے ہیں

۴۲۳۳: وَعَنْ عِكْرَاشِ بْنِ ذُوَيْبٍ قَالَ اُتِيْنَا بِجَفْنَةٍ كَثِيْرَةِ الثَّرِيْدِ وَالْوَذْرِ فَخَبَطْتُ بِيَدِىْ فِىْ نَوَاحِيْهَا وَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ فَقَبَضَ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى عَلٰى يَدِيَ الْيُمْنٰى ثُمَّ قَالَ يَاعِكْرَاشُ كُلْ مِنْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ فَاِنَّهٗ طَعَامٌ وَاحِدٌ ثُمَّ اُتِيْنَا بِطَبَقٍ فِيْهِ اَلْوَانُ التَّمْرِ فَجَعَلْتُ اٰكُلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَجَالَتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِى الطَّبَقِ فَقَالَ يَا عِكْرَاشُ كُلْ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ فَاِنَّهٗ غَيْرُ لَوْنٍ وَاحِدٍ ثُمَّ اُتِيْنَا بِمَآءٍ فَغَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَدَيْهِ وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ وَجْهَهٗ وَذِرَاعَيْهِ وَرَاْسَهٗ وَقَالَ يَا عِكْرَاشُ هٰذَا الْوُضُوْءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٤٩ الحدیث رقم ١٨٤٨ وابن ماجه فی ٢/١٠٨٩۔الحدیث رقم ٣٢٧٤

ترجمہ: حضرت عکراش بن زویبؓ سے روایت ہے کہ ہمارے لئے ثرید کا ایک بڑا پیالہ لایا گیا جس میں خوب بوٹیاں تھیں تو میں نے اپنا ہاتھ پیالے میں گھمایا۔ میں نے پیغمبر ﷺ کے سامنے سے کھایا تو آپ ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا ہاتھ پکڑ لیا پھر ارشاد فرمایا اے عکراش! ایک جگہ سے کھا یعنی اپنے آگے سے کھاؤ اس لئے کہ یقیناً یہ ایک طرح کا کھانا ہے پھر ہمارے سامنے ایک طباق کھجوروں کا لایا گیا جس میں قسما قسم کی کھوریں تھیں میں نے اس میں سے اپنے آگے سے کھانا شروع کیا تو جناب رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پورے طباق میں گھومنے لگا یعنی ہر جانب سے آپ کھاتے تھے جدھر طبیعت کا میلان ہوتا اور اس سے لوگوں پر اس بات کو بھی ظاہر کرنا مقصود تھا کہ وہ کھجوریں ہر طرف سے کھا سکتے ہیں تو قول سے جس طرح تعلیم دی فعل سے بھی اسی طرح تعلیم دی پھر آپ نے فرمایا اے عکراش! اس میں سے جہاں سے چاہو کھاؤ۔ اس لئے کہ یہ ایک رنگ کی نہیں پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا تو جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست اقدس دھوئے اور اپنے تر ہاتھوں کو اپنے چہرہ مبارک سر اور کہنیوں پر پھیر لیا اور فرمایا اے عکراش! یہ کھانے کا وضو ہے جس کو آگ نے متغیر کیا یعنی یہ عرفی وضو اس وجہ سے ہے کہ کھانے کو آگ سے پکایا گیا ہے یہ ترمذی کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راویٔ حدیث:

عکراش بن ذؤیب۔ یہ عکراش بن ذویب تمیمی کا شمار بصریوں میں ہوتا ہے۔ ان کو رسول ﷺ کی صحابیت کا شرف حاصل ہے۔ ان سے ان کے بیٹے عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔ آنحضور ﷺ کی خدمت میں اپنی قوم کے صدقات لے کر حاضر ہوئے تھے۔

''عکراش'' میں عین کا زیر، کاف ساکن، رائے مہملہ اور شین معجمہ ہے۔

تشریح: ''جفنة'': جیم کے فتحہ، فاء کے سکون کے ساتھ۔ بمعنی ''قصعہ''۔

''الوذر'': واؤ کے فتحہ، ذال معجمہ کے سکون کے ساتھ ''وذرة'' کی جمع ہے بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ (علی مافی الفائق وغیرہ) صاحب قاموس لکھتے ہیں: الوذرة من اللحم القطعة الصغيرة، لا عظم فيها، ويحرك۔

''خبطت'': خبط البعير، إذا ضربه بها سے ماخوذ ہے۔ امام طیبیؒ لکھتے ہیں: أى: ضربت فيها من غير استواء، من قولهم: خبط خبط عشواء حضرات عکراش نے ادب کا لحاظ رکھتے ہوئے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس فعل کے لئے ''وجالت ید رسول اللہ ﷺ'' کی تعبیر اختیار کی 'جالت: جولان سے ماخوذ ہے، أى دارت۔

على يدى اليمنى: ''یدی'' کی یاء پر اضافت کی وجہ سے فتحہ بھی پڑھا جا سکتا ہے، اور سکون بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

قوله: فانه طعام واحد:

مطلب یہ ہے کہ جب پورے پیالے میں یکساں قسم کا کھانا ہے اور اس کی ہر طرف ایک ہی طرح کی چیز ہے تو پھر پیالے کی ساری اطراف میں ہاتھ بڑھانا طمع زائد اور حرص کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے اس میں بظاہر درمیان کی جگہ مستثنیٰ ہے کیونکہ برکت نازل ہونے کی وہی جگہ ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ درمیان کی جگہ سے نہ کھایا جانا اس کھانے کے ساتھ مخصوص ہو جو ایک رنگ کا ہو یا اس قدر مخلوط ہو کہ گویا شئی واحد ہے! ابن ملکؒ کہتے ہیں کہ حدیث میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ اگر کھانے کی چیز از قسم میوہ و پھل ہو اور وہ ایک ہی (طرح یعنی ایک ہی قسم اور ایک ہی رنگ) کی ہو تو اس صورت میں برتن کے ہر طرف ہاتھ نہ لپکانا چاہئے۔ جیسا کہ طعام کا حکم ہے۔ نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر ایک برتن میں کھانا مختلف رنگوں کا ہو تو جس طرف سے جی چاہے کھایا جا سکتا ہے۔ اور جس رنگ کا چاہے لے سکتا ہے۔

مما غيرت: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''من'' ابتدائیہ ہے، ما غيرت، مبتدا کی خبر ہے۔ أى: هذا الوضوء لأجل طعام طبخ بالنار۔

حساء غمزدہ دل کا علاج

۴۲۳۴: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَخَذَاَهْلَهُ الْوَعْكُ اَمَرَبِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَحَسَوْامِنْهُ وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّهُ لَيَرْتُوْفُؤَادَ الْحَزِيْنِ وَيَسْرُوْعَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ كَمَا تَسْرُوْاِحْدَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كُنَّ الْوَسْخَ بِالْمَآءِ عَنْ وَجْهِهَا۔ (رواه الترمذى وقال هذا حديث حسن صحيح)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٣٣٦ الحديث رقم ٢٠٣٩، وابن ماجه فى ٢/١١٤٠ الحديث رقم ٣٤٤٥، وأحمد فى المسند ٦/٣٢۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جب آپ کے گھر والوں کو بخار ہوتا تو آپ حساء پکانے کا حکم فرماتے وہ تیار کیا جاتا پھر گھر والوں کو پینے کا حکم فرماتے اور خود بھی نوش فرماتے اور ارشاد فرماتے حساء کھانا غمگین دل کو تقویت دیتا ہے اور بیمار دل سے رنج و بیماری کا ازالہ کرتا ہے جیسا کہ تمہاری یعنی عورتوں کی جماعت منہ سے میل کو پانی کے ذریعہ صاف کرتی ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

تشریح: **الوعك**: بروزن شمس، بخار یا بخار کی شدت۔ **الساء**: حاء کے فتحہ اور مدّ کے ساتھ۔

حساء کھانے کی قسم سے ایک رقیق چیز ہوتی ہے جو آٹا' پانی اور گھی کو ملا کر پکائی جاتی ہے اور بعض حضرات نے گھی کے بجائے تیل کا ذکر کیا ہے' اہل مکہ اس کو حریرہ کہتے تھے

صنع: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

ثم أمرهم فحسوا: "فحسوا": سین کے فتحہ کے ساتھ۔ صیغۂ جمع لانے میں دو باتیں ہو سکتی ہیں: ❶ سب کو بخار آتا تھا اس لئے سب پیتے تھے۔ ❷ سب کو بخار نہیں آتا تھا، لیکن کھانے میں شرکت مقصود تھی۔

لیرتو: یاء کے فتحہ، راء کے سکون، اور تاء کے ضمہ کے ساتھ۔ أى يشدو يقوى

یسرو: بروزن "یدعو" اس کو صیغۂ تانیث و تذکیر ہر دو کے ساتھ پڑھا جا سکتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہؒ اور حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

کھجور کی افضل ترین قسم عجوہ

۴۲۳۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ وَالْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاءُ هَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ۔ (رواه الترمذى)

أخرجه الترمذى السنن ٤/٣٥٠ الحديث رقم ٢٠٦٦، وابن ماجه فى ٢/١١٤٣ الحديث رقم ٣٤٥٥، والدارمى فى ٢/٤٣٦ الحديث رقم ٢٨٤٠، وأحمد فى المسند ٢/٣٠١۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عجوہ کھجور کی افضل قسم ہے یہ جنت کی کھجور ہے اور اس میں زہر کی شفاء ہے اور کھنبی یہ من کی قسم سے ہے۔ اس کا پانی آنکھ کے لئے شفاء ہے یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: **العجوة من الجنة**: اس کا مطلب یہ ہے کہ عجوہ کی اصل جنت سے آئی ہے یا یہ کہ جنت میں جو کھجور ہوگی وہ عجوہ ہے ما اور یہ کہ عجوہ کھجور میں ایسی لطافت ہے گویا وہ جنت کا میوہ ہے' زیادہ صحیح مطلب پہلا ہی ہے حدیث کے باقی حصے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت پہلی فصل میں گزر چکی ہے۔

ایک روایت میں ہے: العجوة من فاكهة الجنة۔ ایک شارحؒ لکھتے ہیں: اس سے اس کھجور کی منفعت اور برکت کے اختصاص میں مبالغہ مراد ہے۔ گویا یہ جنت سے آئی ہے، چونکہ جنت کا کھانا تکلیف اور تھکاوٹ کو زائل کر دے گا۔ اھ۔

اس میں اشکال یہ ہے کہ جنت تو ایسی جگہ ہے جہاں اذی ہے نہ تعب، نصب ہے نہ وصب، چہ جائیکہ جنت کے کھانے تکلیفات کو زائل کریں گے، جنت کے کھانے، میوہ جات ومشروبات کا استعمال لذت حاصل کرنے کیلئے ہوگا۔ چنانچہ اللہ جل شانہ فرماتے ہیں: ﴿فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى﴾ [طٰہٰ: ۱۱۷۔۱۱۹] ”ہم نے فرمایا کہ آدم یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو یہ کہیں تم دونوں کو بہشت سے نکلوا نہ دے پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ۔ یہاں تم کو یہ (آسائش) ہوگی کہ نہ بھوکے رہو نہ ننگا اور یہ کہ نہ پیاسے رہو اور نہ دھوپ کھاؤ“۔

فيها شفاء من السم: یہ خصوصیت ممکن ہے کہ عجوہ کی ہر قسم میں ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ تاثیر مدینہ کی عجوہ کے ساتھ مخصوص ہو۔

السم: سین پر تینوں حرکات درست ہیں فتحہ افصح، اور ضمہ اشہر ہے۔

قوله: والكماة من المن وما ؤها شفاء العين: اس کی تفصیل ماقبل میں گزر چکی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ اور ابن ماجہ نے اسی راوی سے نقل کیا ہے۔ احمد، نسائی، اور ابن ماجہ نے اس حدیث کو حضرت ابوسعید اور جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ بخاری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے سند ضعیف کے ساتھ اتنا اضافہ بھی نقل کیا ہے:

والكبش العربی [الاسود] شفاء من عرق النساء يؤكل من لحمه ويحسى من مرقه۔

الفصل الثالث:

بھنا گوشت استعمال فرمانا

۴۲۳۶: عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ضِفْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَاَمَرَ بِجَنْبٍ فَشُوِيَ ثُمَّ اَخَذَ الشَّفْرَةَ فَجَعَلَ يَحُزُّ لِي بِهَا مِنْهُ فَجَآءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ فَاَلْقَى الشَّفْرَةَ فَقَالَ مَالَهٗ تَرِبَتْ يَدَاهُ قَالَ وَكَانَ شَارِبُهٗ وَفَاءً فَقَالَ لِي اُقُصُّهٗ عَلٰى سِوَاكٍ اَوْ قُصَّهٗ عَلٰى سِوَاكٍ ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۱/۱۳۱ الحديث رقم ۱۸۸ والترمذی فی الشمائل الحديث رقم ۱۶۷، وأحمد فی المسند ۴/۲۵۲۔

ترجمہ: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک رات مہمان بنا یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور میں کسی کے ہاں مہمان تھے اس نے ایک بکری ذبح کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ایک پہلو بھوننے کا حکم فرمایا وہ بھونا گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھری لی اور میرے لئے اس پہلو سے گوشت کاٹنے لگے۔ حضرت بلال آئے اور آپ کو نماز کی اطلاع دی پھر آپ نے چھری ڈال دی اور فرمایا یعنی بطور تعجب فرمایا بلال کو کیا ہوا اس کے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں۔ مغیرہ کہتے ہیں میری لبیں بڑھی ہوئیں تھیں تو آپ نے فرمایا میں تیری لبیں مسواک پر کتر دوں یا تم لبیں مسواک پر کاٹ لو۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

عرض مرتب:

لفظ ''ضیافت'' سے متعلقہ تفصیلی لغوی تحقیق ''باب الضيافه'' کے ابتدائیہ میں ملاحظہ فرمائیے۔ ہم نے یہاں بقدر ضرورت پر اکتفاء کیا ہے۔ اھ۔

تشریح: ضفت مع رسول الله ﷺ ذات ليلة: اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

1. امام طیبی لکھتے ہیں: أي نزلت أنا ورسول الله ﷺ ضيفين له۔
2. مصابیح کے شارح زین العرب لکھتے ہیں۔: أي كنت ليلة ضيفه۔

میرک فرماتے ہیں: اسی اسناد کے ساتھ، وکیع کے طریق سے ابو داؤد کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: ضفت النبي ﷺ، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مغیرہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مہمان تھے۔ بظاہر ترمذی کی روایت میں لفظ ''مع'' زائد ہے، ادنیٰ تأمل سے یہ بات بالکل واضح ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ زین العرب ہی کی بات برحق ہے۔ اس ضیافت کا اہتمام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چچازاد بہن ضباعۃ بنت زبیر بن عبد المطلب کے گھر میں کیا گیا تھا۔ (كذا أفاده القاضي اسماعيل)۔

عسقلانی فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ یہ ضیافت ام المؤمنین حضرت میمونہ کے گھر میں ہوئی ہو۔ بعض حضرات کا اس کی یہ مراد بیان کرنا "جعلته ضيفالي حال كوني معه" صحیح نہیں ہے، چونکہ ہم ماقبل میں ''ضفت '' کے لغوی معنی بتا چکے ہیں۔ میں کہتا ہوں ان روایات واقوال میں جمع کی ایک صورت یہ ممکن ہے کہ حضرت مغیرہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مہمان تھے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کسی اور صحابی نے کر رکھی تھی، چنانچہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بھی آنحضرت ﷺ کی معیت میں تابع ہو کر ان صحابی کے ہاں تشریف لے گئے۔

فأمر بجنب فشوي: شمائل کی روایت میں یوں ہے: فأتي بجنب مشوي۔

الشفرة: شین معجمہ کے فتحہ اور فاء کے سکون کے ساتھ۔ السكين العريض الذي امتهن بالعمل۔

يحز: حائے مہملہ کے ضمہ اور زائے مشددہ کے ساتھ۔ أي يقطع۔

لي بها: لام تعلیلیہ ہے۔ أي لأجل بالشفرة اور باء برائے استعانت ہے۔ جیسا کہ كتبت بالقلم میں ہے۔ مجرور ''يحز'' کے متعلق ہوگا۔

بظاہر یہ روایت دوسری روایت کے معارض ہے کہ جس میں چھری سے کاٹ کر کھانے کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔ دونوں روایات میں جمع کی صورت ماقبل میں گزر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت مغیرہ کیلئے بوٹیاں کاٹ کاٹ کر رکھیں' آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا یہ فعل تواضعاً تھا، اور حضرت مغیرہ چونکہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے مہمان تھے اس لئے اکرام ضیف بھی مقصود تھا، اور چونکہ حضرت مغیرہ نومسلم بھی تھے اس لئے ان کی تالیف قلب بھی مقصود تھی، اور دوسروں کو تواضع کی تعلیم دینا بھی مقصود تھا کہ آدمی اپنے بڑوں اور ہم عمروں کے ساتھ ہی نہیں بلکہ چھوٹوں کے ساتھ بھی اس طرح پیش آئے۔

یؤذنه: ہمزہ کے سکون کے ساتھ ہے، اور ابدال کے ساتھ بھی پڑھا جا سکتا ہے، **أی یعلمه**۔ ایک نسخہ میں ذال مشددہ کے ساتھ ہے۔ یہ بھی ماقبل کے ہم معنی ہے، لیکن صاحب النہایہ لکھتے ہیں: از باب تفعیل اس کا استعمال ''اعلام وقت صلوۃ'' کے ساتھ مختص ہے۔ چنانچہ اس تقدیر پر اس میں تجرید ماننی پڑے گی۔ البتہ پہلی روایت کیلئے مؤید ہوگی۔

تربت: راء کے کسرہ کے ساتھ:

''اس کے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں''۔ یہ اصل میں ذلت وخواری اور فقر وافلاس سے کنایہ ہے اور ایک طرح بددعا کے مترادف ہے

اس جملہ کا استعمال عام طور پر اہل عرب کے ہاں اس شخص کے لئے کیا جاتا ہے جس کو ملامت کرنا مقصود ہوتا ہے اور حقیقت میں اس بددعا کے واقع ہو جانے کی طلب وخواہش نہیں ہوتی بلکہ روزمرہ کے محاورے کے طور پر اس جملہ کو بولتے ہیں اس سے مراد محض سرزنش و ملامت ہوتی ہے۔ اس موقعہ پر یہ جملہ استعمال فرمانے میں کئی احتمال ہیں۔ پہلا احتمال یہ ہے گویا آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو یہ ناگوار گزرا کہ جب نماز کا ابھی کافی وقت باقی ہے خصوصاً اگر وہ نماز عشاء تھی' چونکہ نماز عشاء میں تاخیر افضل ہے تو بلال رضی اللہ عنہ نے کھانے کی مشغولیت کے دوران نماز کے لئے کیوں اٹھانا چاہا دوسرا احتمال یہ ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس جملہ کا استعمال میزبان کی رعایت کے پیش نظر فرمایا ہو (کہ اس وقت یقیناً میزبان کو بڑی ذہنی اذیت وکوفت ہوئی ہوگی اس لئے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کی طرف سے یا ان کی دلجوئی کے لئے حضرت بلال رضی اللہ عنہ پر اس جملہ کے ذریعہ اظہارِ ناگوار فرمایا۔) اور بعض کا کہنا ہے کہ ان کا قیام طاعت میں عبارت اور اجابت میں مارعت کے لئے تھا۔ اور یہاں ''مالہ تربت یداہ'' کا معنی ہے تربت یداہ للہ درء ما احلاہ۔

قوله: قال و کان شاربه وفاء: ایک نسخہ میں ''**فقال: و کان شاربه**'' ہے۔ ایک روایت میں **و کان شاربه قد وفی** ہے۔ شارحین نے اس جملہ کی وضاحت کئی طرح کی ہے

اول: ''**شاربه**'' کی ضمیر حدیث کے راوی حضرت مغیرہ کی طرف راجع ہے۔ اس صورت میں اگرچہ ظاہری اسلوب کا تقاضا یہ تھا کہ یوں کہا جاتا **و کان شاربی** (اور میری لبیں بڑھی ہوئی تھیں) یعنی ضمیر متکلم کا استعمال ہوتا لیکن اس کے بجائے **وشاربه** کہہ کر غائب کی ضمیر استعمال کی اس کی وجہ محض تفنن کلام ہے جس کو اہل معانی کی اصطلاح میں تجرید والتفات کہا جاتا ہے اس کی تائید اگلے الفاظ ''**فقال لی**'' سے ہوتی ہے' لہٰذا اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ میری لبیں بڑھی ہوئی تھیں ثانی: امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''شاربہ'' کی ضمیر کا حضرت بلال کی طرف لوٹنا بھی ممکن ہے۔ اور تقدیری عبارت یوں ہوں: **قال بلال: فقال لی** رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میں کہتا ہوں اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس میں یوں ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقال له قصه لك اى لنفعك أو لأجل قربك منى. ”

نیز مسواک پر کترنے“ کا مطلب یہ ہے کہ لبوں کے نیچے مسواک رکھ کر لبوں کو چھری سے کاٹ ڈالو۔

”اور یا یہ فرمایا“۔ یہ اصل میں راوی کا اپنے شک کو ظاہر کرنا ہے کہ یا تو آپ ﷺ نے پہلا جملہ ارشاد فرمایا کہ لبیں مسواک پر رکھ کر کاٹ ڈالو یعنی آپ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں تمہاری لبیں کاٹوں بلکہ انہیں (حضرت مغیرہ) کو حکم فرمایا کہ خود اپنی لبیں کاٹ ڈالیں۔ ثالث: ”شاربہ“ کی ضمیر آنحضرت ﷺ کی طرف راجع کی جائے اور تقدیری عبارت یوں ہو: أقصه لك اى لأجلك تتبرك به۔ یعنی حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی لبیں بڑھی ہوئی تھیں چنانچہ آنحضرت ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ میں اپنی لبوں کو تمہارے لئے کتروں گا کہ وہ بال مجھ سے جدا ہو کر تمہارے پاس رہیں اور تم ان سے برکت حاصل کرو فرماتے ہیں یہ سارے تکلفات ہیں جن سے غلیل کی تشفی نہیں ہوتی اور اسی وجہ سے امام محی الدین کو تردد ہوا' چنانچہ وہ فرماتے ہیں: علی سواک اُو قصہ علی سواک

شرح السنہ میں ہے: قلت: قد رأيت ان النبى ﷺ رأى رجلا طويل الشارب، فدعا بسواك وشفرة، فوضع السواك تحت شاربه ثم جزه (انتهى)۔ یہاں دونوں احتمال ہیں۔ ممکن ہے کہ لبیں چھری سے کاٹی ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ قینچی سے کاٹی ہوں۔ بظاہر یہ شک حضرت مغیرہ کو ہے، یا نیچے کے کسی راوی کو ہے۔

”قصہ“: بضم القاف وفتح الصاد، اور ضمہ بھی درست ہے۔ جیسا کہ اصول مصححہ میں منقول ہے بصیغۂ امر۔ أى قصه أنت۔ اور ایک نسخہ میں قاف کے فتحہ کے ساتھ ہے، یعنی بصیغۂ ماضی ہے۔ اس تقدیر پر یہ کہا گیا ہے کہ اس کا عطف ”قال“ پر ہے۔ أى قال: وكان شاربه وفاء فقصه ﷺ:

زیادہ واضح یہ ہے کہ ضمنی طور پر ”قال“ پر عطف ہے، فقال أى فقال: أقصه أو فقصه۔ اس کی تائید ابوداؤد کی روایت سے بھی ہوتی ہے: وكان شاربى وفى فقصه لى على سواكه۔ وكان شاربه کا واؤ مطلق جمع کیلئے ہے۔ چنانچہ یہاں اشکال وارد نہیں ہوسکتا کہ یہ فعل نماز کی اطلاع دینے اور چھری پھینک دینے وغیرہ کے بعد مناسب نہیں۔ یہ تحقیق بھی شراح کے اس قول کو کمزور کر رہی ہے کہ ”شاربہ“ کی ضمیر حضرت بلالؓ کی طرف راجع ہے: الا یہ کہ اس مجلس میں حضرت بلالؓ کی موجودگی اس ایذان سے پہلے ثابت ہو۔

یہ حدیث امام نوویؒ کے قول کی مؤید ہے کہ مونچھیں کاٹنے میں مسنون طریقہ یہ ہے کہ ”احفاء“ میں مبالغہ نہ کیا جائے۔ بلکہ حرف اس قدر تراشے کہ ہونٹوں کے اطراف اور سرخی ظاہر ہو جائے۔ احادیث میں جو ”احفاء الشوارب“ کا حکم آیا ہے، اس کا مطلب یہی ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ مونچھوں کا حلق افضل ہے۔

اکثر حضرات ”قص“ کے قائل ہیں، امام مالکؒ مونچھیں منڈوانے والے کی تادیب کے قائل ہیں۔ امام طحاویؒ نے مزنی اور ربیع سے نقل کیا ہے کہ وہ دونوں ”احفاء“ کرتے تھے۔ چنانچہ یہ قول امام نوویؒ کے قول کے برعکس ہے۔ اور حنفی ائمہ ثلاثہ کے موافق ہے۔ کہ احفاء، تقصیر سے افضل ہے۔ امام احمدؒ سے مروی ہے کہ وہ ”احفاء شدید“ کیا کرتے تھے۔ امام غزالیؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ حضرت عمرؓ وغیرہ کی اتباع میں مونچھوں کے اس حصہ کو مس نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اس لئے بھی کہ لبیں منہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو چھپاتی نہیں ہیں اور کھانے کی چکنائی ان میں باقی رہتی ہے چونکہ کھانا اس حصہ کو چھوتا ہی نہیں ہے۔ زرکشیؒ نے اس کے باقی رکھنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔ ان کی دلیل صحیح ابن حبان کی یہ روایت ہے: ذكر لرسول اللهﷺ المجوس، فقال: إنهم قوم يوفرون سبالهم، ويحلقون لحاهم فخالفوهم اھ۔ بظاہر ''سبال'' سے شوارب مراد ہیں، ''شوارب'' پر ''سبال'' کا اطلاق مجازاً ہے۔ اور صاحب قاموس کے بیان کی تقدیر پر یہ اطلاق حقیقۃً ہے۔ واللہ اعلم۔

عرض مرتب: صاحب قاموس لکھتے ہیں: السبلة: محركة الدائرة في وسط الشفة العليا، أو ما على الشارب من الشعر، أو طرفه، أو مجتمع الشاربين، أو ما على الذقن إلى طرف اللحية كلها، أو مقدمها خاصة، ج: سبال، وما سال من وبر البعير في منحره وجر۔ اھ۔

تخریج وتوضیح:

امام ابوداؤد نے بھی اس حدیث کو اسی طرح ذکر کیا ہے۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: یہ حدیث مصابیح کے بعض نسخوں میں مذکور ہی نہیں ہے۔ اور بعض میں صحاح کے حصہ میں مذکور ہے۔ اور شرح السنہ میں ترمذی کی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے، چنانچہ یہ حدیث بے موقع مذکور ہے۔ (انتھی) لیکن یہ امام طیبیؒ کا وہم ہے۔ چونکہ ساری فصل ثالث مؤلف ہی کی طرف سے ہے، ہاں یہ بات درست ہے کہ اس کو قسم الصحاح میں ذکر کرنا صحیح نہیں تھا، جیسا کہ مخفی نہیں۔

شیطان کی چال

۴۲۳۷: وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا حَضَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ طَعَامًا لَمْ نَضَعْ اَيْدِيَنَا حَتّٰى يَبْدَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَيَضَعُ يَدَهُ وَاِنَّا حَضَرْنَا مَعَهُ مَرَّةً طَعَامًا فَجَائَتْ جَارِيَةٌ كَاَنَّهَا تُدْفَعُ فَذَهَبَتْ لِتَضَعَ يَدَ هَا فِي الطَّعَامِ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِيَدِهَا ثُمَّ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ كَاَنَّمَا يُدْفَعُ فَاَخَذَ بِيَدِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّايُذْكَرَاسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ جَآءَ بِهٰذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا فَاَخَذْتُ بِيَدِ هَا فَجَآءَ بِهٰذَا الْاَعْرَابِيِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهٖ فَاَخَذْتُ بِيَدِهٖ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنَّ يَدَهٗ فِيْ يَدِيَّ مَعَ يَدِهَا زَادَفِيْ رِوَايَةٍ ثُمَّ ذَكَرَاسْمَ اللّٰهِ وَاَكَلَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۱۵۹۷/۳ الحديث رقم (۱۰۲-۲۰۱۷) وأبو داؤد في السنن ۱۳۹/٤ الحديث رقم ۳۷٦٦ وأحمد في المسند ۳۸۳/۵۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ جب ہم آپ ﷺ کے ساتھ کسی کھانے میں حاضر ہوتے تو ہم اس وقت تک کھانے میں ہاتھ نہ رکھتے جب تک آپ شروع نہ فرماتے یعنی آپ کے کھانا شروع کرنے کے بعد شروع کرتے۔ اور ہم جلد بازی نہ کرتے ایک مرتبہ ہم آپ ﷺ کے ساتھ ایک کھانے میں حاضر ہوئے۔ پس ایک لڑکی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آئی جو اس طرح محسوس ہوتی تھی کہ پیچھے سے دھکیلی جا رہی ہے یعنی گویا کوئی اس کو کھانے پر گرا رہا ہے یعنی بھوک سے بے اختیار کھانے پر پل پڑی وہ اپنا ہاتھ کھانے میں ڈالنا چاہتی تھی یعنی اللہ تعالیٰ کا نام لئے بغیر تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر ایک دیہاتی آیا وہ بھی (اس زور سے آیا) گویا دھکیلا جا رہا ہے یعنی اس نے بھی اپنا ہاتھ کھانے میں ڈالنا چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا پھر آپ نے ارشاد فرمایا شیطان اپنے لئے کھانے کو حلال کرتا اور اللہ تعالیٰ کا نام نہ لینے کے سبب اس کھانے پر قدرت پاتا ہے شیطان پہلے اس لڑکی کو لایا اور اس کے ذریعہ اس نے اپنے لئے کھانا حلال کرنا چاہا اس طرح کہ لڑکی اللہ تعالیٰ کا نام لئے بغیر اس کھانے میں سے کھالے۔ تو میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر شیطان اس بدو کو لایا تاکہ اپنے لئے اس کے سبب کھانے کو حلال کرے پس میں نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا مجھے اس ذات کی قسم ہے کہ جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ شیطان کا ہاتھ بھی میرے ہاتھ میں اس لڑکی کے ہاتھوں کے ساتھ پکڑا ہوا۔ ایک روایت میں حذیفہؓ یا مسلم نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا نام لیا اور کھانا کھایا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **مع رسول اللہ ﷺ:** ایک نسخہ میں "**مع النبی ﷺ**" ہے۔ **كأنها تدفع:** امام نوویؒ فرماتے ہیں: ایک روایت میں "**تطرد**" آیا ہے۔ یعنی **لشدة سرعتها كأنها مطرودة أو مدفوعة۔ وأنه جاء بهذا:** اور ایک نسخہ میں "**فأنه حاء بهذا**" ہے۔

كنا إذا حضرنا مع رسول الله ﷺ طعاما لم نضع ريد ينا حتى يبدأ رسول ﷺ فيضع يده: صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا کھانے کی طرف ہاتھ نہ بڑھانا ایک تو ادب کی وجہ سے تھا، دوسرے یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے برکت حاصل کرنا چاہتے تھے۔ ابن عساکر نے ابوادریس خولانی سے ایک مرسل روایت نقل کی ہے: **إذا وضع الطعام فليبدأ أمير القوم أو صاحب الطعام أو خير القوم۔**

فأخذ رسول الله ﷺ بيدها: باء تعدیہ کی تاکید کیلئے ہے۔

كأنما يدفع: "ما" کافہ ہے۔

فأخذ بيده: اس باء کے بارے میں دو احتمال ہیں: ایک احتمال تو یہ ہے کہ باء تعدیہ کی تاکید کیلئے ہو۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ باء برائے استعانت ہے۔ **أی فأخذ يد الأعرابی بيده الأخری۔**

قوله: إن الشيطان يستحل الطعام أن لا يذكر اسم اللّٰه عليه:

ای وقت عدم ذكره أو لأجله وسببه 'اور مطلب یہ ہے کہ شیطان اس کھانے پر قدرت حاصل کر لیتا ہے' اور ترک تسمیہ گویا کہ شیطان کے لئے کھانا کھانے کی اجازت ہے' جس طرح کہ تسمیہ پڑھنا شیطان کے لئے مانع بنتا ہے۔ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس کھانے سے حاصل شدہ قوت وہ اللہ کے ناپسندیدہ کاموں میں خرچ کرتا ہے۔ اس حصہ سے متعلقہ کچھ تشریح حدیث ۴۱۶۰ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: إن يده فی يدی مع يدها: أی وكذلك يده فی يدی مع يده۔ کلام میں یہ حذف "باب الاكتفا" سے ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بظاہر "**يدهما**" مراد ہے۔ جیسا کہ ایک دوسری روایت میں آیا ہے۔ **أی يد الشيطان مع يد**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرجل والجارية في يدى۔

امام نوویؒ لکھتے ہیں: "یدھا" کے الفاظ پر مشتمل روایت میں یہ ضمیر مؤنث "جاریہ" کی طرف راجع ہے اور یہ بھی درست ہے چونکہ "یدالجاریة" کا اثبات "ید الأعربی" کے اثبات کے منافی نہیں اور جب افراد والی روایت صحیح ہے تو اس کو قبول کرنا اور اس میں تاویل کرنا واجب ہے۔

تخریج: اس روایت کو امام ابوداؤد اور نسائیؒ نے بھی نقل کیا ہے۔

زیادہ کھانا بے برکتی کا باعث ہے

۴۲۳۸: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَرَادَاَنْ يَّشْتَرِیَ غُلَاماً فَاَلْقٰی بَيْنَ يَدَيْهِ تَمرًا فَاَكَلَ الْغُلَامُ فَاَكْثَرَفَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ كَثْرَةَ الْاَكْلِ شُؤْمٌ وَاَمَرَبِرَدِّهٖ ۔ (رواه البيهقى فى شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٣١ الحديث رقم ٥٦٦١

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ایک غلام خریدنے کا ارادہ کیا پس اس کے سامنے کھجوریں ڈالی گئیں غلام نے بہت کھجوریں کھائیں تو جناب پیغمبر ﷺ نے فرمایا۔ زیادہ کھانا بے برکتی کا سبب ہے۔ چنانچہ اس کے واپس کردینے کا حکم فرمایا۔ یہ بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: إن كثرة الأكل شؤم:

شؤم: ہمزہ کے ساتھ ہے، اور ابدال کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے، "یمین" کی ضد ہے یعنی زیادہ کھانے والا شؤم ہے۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے: إن المؤمن يأكل في معى واحد، والكافر يأكل في سبعة أمعاء۔

نمک بہترین سالن

۴۲۳۹: وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُ اِدَامِكُمُ الْمِلْحُ ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه في السنن ٢/١١٠٢ الحديث رقم ٣٣١٥۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تمہارا بہترین سالن نمک ہے یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: نمک کو "بہترین سالن" اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ وہ کم سے کم محنت اور بڑی آسانی کے ساتھ دستیاب ہو جاتا ہے اور قناعت کا سب سے قریبی ذریعہ ہے۔ اسی وجہ سے اکثر عارفین نمک ہی پر قناعت کرتے تھے۔ لہٰذا یہ ارشاد آنحضرت ﷺ کے اس قول کے منافی نہیں ہے:

سيد الأدام في الدنيا والآخرة اللحم، وسيد الشراب في الدنيا والآخرة الماء، وسيد الرياحين في الدنيا والآخرة الفاغية، (یعنی دنیا و آخرت میں سالنوں کا سردار گوشت ہے)۔ على مارواه الطبراني في الأوسط،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأبو نعيم في الطب، والبيهقي عن بريدة۔

ممکن ہے کہ اس کو اسید الادام کہنا اس اعتبار سے ہو کہ اس کے بغیر، روٹی، یا کسی بھی پکے ہوئے کھانے میں لذت نہیں۔ (اسی حدیث سے معلوم ہوا کہ) دوسرے سالن امر زائد وغیر ضروری ہیں۔ لہٰذا اس میں تنبیہ ہے کہ یہ اللہ کی ایک عظیم نعمت ہے، لوگ اس کی قدر و قیمت سے غافل ہیں، چہ جائیکہ اس نعمت پر اللہ کے شکر گزار ہوں۔

ارباب لطائف میں سے ایک صاحب کا یہ کلام اس کے مناسب حال ہے:

عجبت من الناس، كيف يبيعون الزعفران بالمثقال والملح بالامال۔

تخریج: اس طرح اس حدیث کو حکیم ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

جوتے نکال کر کھانا کھاؤ

۴۲۴۰: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَاخْلَعُوْا نِعَالَكُمْ فَاِنَّهٗ اَرْوَحُ لِاَقْدَامِكُمْ۔

أخرجه الدارمي في السنن ۲/۱٤۸ الحديث رقم ۲۰۸۰۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تمہارے سامنے کھانا رکھا جائے تو جوتے نکال ڈالو کیونکہ جوتوں کا نکالنا راحت ہے قدموں کے لئے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

حرارت کا جوش کم ہونے پر کھانا کھاؤ

۴۲۴۱: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ اَنَّهَا كَانَتْ اِذَا اُتِيَتْ بِثَرِيْدٍ اَمَرَتْ بِهٖ فَغُطِّىَ حَتّٰى تَذْهَبَ فَوْرَةُ دُخَانِهٖ وَتَقُوْلُ اِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ هُوَ اَعْظَمُ لِلْبَرَكَةِ ۔ (رواهما الدارمي)

أخرجه الدارمي في السنن ۲/۱۳۷ الحديث رقم ۲۰٤۷۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے کہ جب ان کے پاس ثرید لایا جاتا تو اس کو ڈھانپ دینے کا حکم دیتیں اور اس وقت تک ڈھانپے رکھتیں یہاں تک کہ جوش اور حرارت ختم ہو جاتی اور پھر فرماتیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ کھانے میں سے گرمی کے جوش کا دور ہو جانا کثرت برکت کا سبب ہے۔ ان دونوں روایتوں کو دارمی نے نقل کیا ہے۔

تشریح: حتی تذهب: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''حتی'' بمعنی ''کی'' نہیں، بلکہ مطلق غایت کیلئے ہے۔

قوله: هو أعظم للبركة: ایک نسخہ میں اضافت کے ساتھ ہے۔ أي أعظم البركة۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: أي عظيم البركة۔ زیادہ واضح یہ ہے کہ اضافت ''لامیہ'' ہے، اس سے دونوں روایات میں موافقت ہو جاتی ہے۔

''ثرید'' کا ذکر محض اتفاقی ہے کہ اس وقت کا عام کھانا ثرید ہی ہوتا تھا اس لئے اس کا ذکر کیا ورنہ دوسرے عام کھانوں کا بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہی حکم ہے تخریج: اس کے ہم معنی ایک روایت یہ بھی ہے۔

چنانچہ جو جامع الصغیر میں یہ نقل کی گئی ہے: ابردوا بالطعام فان الحار لا بركة فيه ''کھانے کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ گرم کھانے میں برکت نہیں ہوتی''

اس حدیث کو امام دیلمی نے مسند فردوس میں عن ابن عمر، امام حاکم نے ''مستدرک'' میں عن جابر وعن أسماء، ومسدد عن أبی یحیٰ، امام طبرانیؒ نے اوسط میں ابی ہریرہ سے، اور ابونعیم نے ''الحلیہ'' میں انس سے ذکر کیا ہے۔ بیہقی نے بطریق ارسال یہ روایت نقل کی ہے: نهى عن الطعام الحار حتى يبرد ''آنحضرت ﷺ نے گرم کھانا کھانے سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہو جائے''۔

پیالہ دُعا گو

۴۲۴۲: وَعَنْ نُبَيْشَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ اَكَلَ فِيْ قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا تَقُوْلُ لَهُ الْقَصْعَةُ اَعْتَقَكَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ كَمَا اَعْتَقْتَنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ .

أخرجه رزين۔

ترجمہ: حضرت نبیشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص پیالے میں کھا کر پھر اس کو چاٹ لے تو پیالہ اس کے لئے اس طرح دعا کرتا: اَعْتَقَكَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ...... یعنی اللہ تم کو آگ سے اسی طرح آزاد کرے جس طرح تم نے مجھے شیطان سے آزاد کیا یعنی یہ پیالہ زبان حال سے کہتا ہے مگر ظاہر یہ ہے کہ زبان قال سے کہتا ہے اسی روایت کو رزین نے نقل کیا ہے۔

تشریح: ثم لحسها: ''ثم'' تراخی مرتبہ کیلئے ہے۔ یعنی قصعہ کو چاٹنا کھانے کے مقابلہ میں زیادہ کامل درجہ رکھتا ہے۔ اسی لئے اگلا جملہ یہ ارشاد فرمایا: تقول له القصعة اعتقك الله من النار......۔

ماقبل میں ترمذی، احمد، ابن ماجہ اور دارمی کی روایت میں یہ الفاظ گذرے ہیں کہ استغفرت له القصعة (وہ پیالہ اس شخص کے لئے مغفرت طلب کرتا ہے اور طبرانی نے حضرت عرباض سے نقل کیا ہے من لعق الصحفة ولعق أصابعه اشبعه الله فی الدنيا والاخرة ''جس شخص نے رکابی اور اپنی انگلیوں کو چاٹا اللہ تعالیٰ اس کو دنیا و آخرت میں سیر کرے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الضِّيَافَةِ

ضیافت کا بیان

ضيافة: بکسر الاوّل ہے۔ قاموس میں لکھتے ہیں: ضفته أضيفه ضيفا وضيافة بالكسر، نزلت عليه ضيفا كتضفية۔

صاحب المغرب لکھتے ہیں: ضاف القوم ويضيفهم: نزل عليهم ضيفا، وأضافوه وضيفوه: أنزلوه

صاحب النہایۃ لکھتے ہیں: صفت الرجل إذا نزلت به في ضيافته، وأضفته إذا أنزلته، وتضيفته إذا نزلت به، وتضيفني إذا أنزلني۔

''الصحاح'' میں لکھتے ہیں: أضفت الرجل وضيفته إذا أنزلته لك ضيفا وقربته، وضفت الرجل ضيافة إذا نزلت عليه ضيفا، وكذا تضيفته۔

امام راغبؒ لکھتے ہیں: أصل الضيف الميل، يقال: ضفت الى كذا، وأضفت كذا إلى كذا، والضيف من مال إليك نازلا بك، وصارت الضيافة متعارفة في القرى، وأصل الضيف مصدر، ولذلك استوى فيه الواحد والجمع في عامة كلامهم۔ اور حدیث: ۴۲۴۳ کے تحت لکھتے ہیں: ''ضیف'' میں واحد و جمع دونوں برابر ہیں' اور اس کا مصدر ہونا بھی جائز ہے۔

عرض مرتب:

مصنفؒ نے لفظ ضیافت پر یہاں مختصراً کلام کیا تھا، اور حدیث ۴۲۳۰ کے ذیل میں بہت طویل کلام کیا تھا۔ حدیث کے تحت ذکر کردہ کلام کا کچھ حصہ قارئین کی سہولت کے پیش نظر یہاں ذکر کر دیا ہے۔ اھ۔

احکام باب:

ضیافت کا حکم: اکثر علماء کے نزدیک ضیافت (مہمان داری) کے حقوق و آداب کی رعایت' اچھے اخلاق اور تہذیب و شائستگی کی علامت بھی ہے اور مستحب بھی' بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ ایک دن کی مہمان داری کرنا تو واجب ہے اور ایک دن کے بعد مستحب ہے۔

اکرام ضیف شرعی طور پر یہ ہے کہ جب کوئی مہمان آئے تو اس کے ساتھ کشادہ پیشانی' خوش خلقی اور ہنس مکھ چہرے کے ساتھ پیش آئے' اس کے ساتھ خوش گفتاری' نرم گوئی اور ملاطفت کے ساتھ بات چیت کرے اور اس کو تین دن تک اس طرح کھلائے پلائے کہ پہلے دن تو اپنی حیثیت و استطاعت کے مطابق کچھ پُر تکلف میزبانی کرے' بشرطیکہ اس کی وجہ سے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعلقین ولواحقین کی حق تلفی نہ ہو اور پھر تین دن کے بعد (بھی اگر مہمان ٹھہرا رہے تو) اس کو کھلانا پلانا ''صدقہ'' کے حکم میں ہوگا کہ میزبان چاہے تو کھلائے پلائے اور چاہے کھلانے پلانے سے انکار کردے۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: اللہ جل شانہ نے فرمایا: ﴿هل أتاك حديث ضيف إبراهيم المكرمين﴾ [الذاریات:۲۴] کہا گیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اکرام یوں کیا کہ بلاتاخیر ان کی مہمان نوازی کی، اور خود بنفس نفیس ان کی خدمت کی، اور ان کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ حضرت سلمان کے پاس جب کوئی شخص آتا تو ماحضر روٹی اور نمک منگواتے (اور مہمان کی خدمت میں حاضر کردیتے) اور فرماتے: لو لا أن نهينا أن يكلف بعضنا بعضا لتكلفت لك اھ۔

امام لیثؒ کا استدلال عقبہ کی اس حدیث سے ہے: إن نزلتم بقوم فأمروا لكم بحق الضيف فاقبلوا، وإن لم يفعلوا فخذوا منهم حق الضيف الذى ينبغي لهم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الضِّيَافَةِ

مہمانی کا بیان

الفصل الاول:

اکرام مہمان علامت ایمان

۴۲۴۳: عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْلِيَصْمُتْ (وفی روایة) بَدَلَ الْجَارِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الاٰخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ. (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/٤٤٥ الحديث رقم ٦٠٨٩، ومسلم فی ١/٦٨الحديث رقم (٧٥-٤٧)، والترمذی فی السنن ٤/٥٦٩ الحديث رقم ٢٥٠٠، وأحمد فی المسند ٢/٢٦٧۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمان کا اکرام کرنا چاہئے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے ہمسائے کو ایذاء نہ دے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو بھلی بات کہنی چاہئے یا وہ خاموش رہے اور ایک روایت میں جار کے بدلے فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ کے الفاظ وارد ہیں یعنی وہ صلہ رحمی کرے یہ بخاری و مسلم نے نقل کی ہے۔

تشریح: قوله: من كان يؤمن بالله واليوم الآخر:

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ایمان کا پایا جانا مذکورہ افعال پر موقوف ہے (اور یہ کہ مثلاً اگر کوئی شخص اپنے مہمان کی خاطر نہیں کرتا یا اپنے پڑوسی کو تکلیف پہنچاتا ہے تو وہ مومن نہیں سمجھا جائے گا) بلکہ اصل مقصد ان افعال پر عمل کرنے کی زیادہ سے زیادہ تاکید کرنا ہے' یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی باپ اپنے بیٹے کو اطاعت و فرماں برداری پر ابھارنے کے لئے یوں کہے کہ "اگر تو میرا بیٹا ہے تو میری اطاعت و فرمانبرداری کر" (ظاہر ہے کہ اگر وہ اطاعت و فرماں برداری نہ کرے تو اس سے یہ ثابت نہیں ہوگا کہ وہ اس کا بیٹا نہیں ہے۔)

یا یہ مراد ہے کہ جو مسلمان کامل الایمان ہوگا) وہ ان باتوں پر عمل کرے گا (گویا ان چیزوں کو اختیار کرنا کمال ایمان کی علامت ہے۔)

اس جملہ کو اس شدت اہتمام و اعتناء کے پیش نظر تینوں جگہ بار بار ذکر فرمایا کہ یہ تینوں مستقل خصلتیں ہیں۔

قوله: فليكرم ضيفه "اکرام ضیف" یہ ہے کہ جب کوئی مہمان آئے تو اس کے ساتھ کشادہ پیشانی' اور ہنس مکھ چہرے کے ساتھ پیش آئے' اس کے ساتھ خوش گفتاری' اور ملاطفت کے ساتھ بات چیت کرے اور اس کو تین دن تک اس طرح کھلائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پلائے کہ پہلے دن تو اپنی حیثیت واستطاعت کے مطابق کچھ پُر تکلف میزبانی کرے' اور باقی دو دن اس انداز سے میزبانی کرے کہ اس کی وجہ سے اس کے متعلقین ولواحقین کی حق تلفی نہ ہو اور پھر تین دن کے بعد (بھی اگر مہمان ٹھہرا رہے تو) اس کو کھلانا پلانا' ''صدقہ'' کے حکم میں ہوگا کہ میزبان چاہے تو کھلائے پلائے اور چاہے کھلانے پلانے سے انکار کردے۔ علماء فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تین دن تک ضیافت صدقہ نہیں ہیں، چنانچہ احتمال ہے کہ واجب ہو، لیکن وجوب زکوٰۃ کی وجہ سے منسوخ ہے، یا بمنزلہ واجب کے ہے۔ اور مراد یہ ہے کہ تین دن کے بعد ضیافت تبرع اور مباح ہے۔

قولہ: فلا يؤذ جاره: پڑوسی کا سب سے کم درجہ ہے کہ اس کو کوئی تکلیف نہ پہنچائی جائے ورنہ تو جہاں تک حقوق ہمسائیگی کا تعلق ہے وہ بہت ہمہ گیری نوعیت کے ہیں۔ چنانچہ بخاری ومسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: **فليكرم جاره** (تو اس کو چاہئے کہ اپنے پڑوسی کے ساتھ تکریم کا معاملہ کرے) اور بخاری ومسلم ہی کی ایک روایت میں یوں منقول ہے کہ **فليحسن الى جاره** یعنی اس کو چاہئے کہ اپنے پڑوسی کی اس چیز میں مدد کرے جس کا وہ اس سے حاجت مند ہے اور اس کی مصیبت کو دور کرے۔

امام غزالی نے اربعین میں یہ روایت نقل کی ہے قال ﷺ: **أتدرون ماحق الجار؟ إن استعانك أعنته، وإن استقرضك أقرضته، وإن افتقر جدت عليه، وإن مرض عدته، وإن مات اتبعت جنازته، وإن أصابه خيرهنأته، وإن أصابته مصيبة عزيته، ولا تستطيل عليه بالبناء فتحجز عنه الريح إلا بإذنه، وإن اشتربت فاكهة فاهد له، وإن لم تفعل فادخله بسرا، ولا يخرج بها ولدك ليغيظ بها ولده، ولا تؤذ بغبار قدرك إلا أن تغرف له منها۔ أتدرون ما حق الجار؟ والذى نفسى بيده لا يبلغ حق الجار إلا من رحم الله** تعالیٰ رسول اللہ ﷺ نے (صحابہؓ کو مخاطب کرتے ہوئے) فرمایا کہ ''تم جانتے ہو پڑوسی کا کیا حق ہے؟ اگر وہ (پڑوسی) تم سے مدد چاہے تو تم اس کی مدد کرو' اگر وہ تم سے قرض مانگے تو اس کو قرض دو' اگر وہ محتاج ومفلس ہو تو اس کو کچھ دو' اگر وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرو اور اگر وہ مرجائے تو تم اس کے جنازہ میں جاؤ' اگر اس کو کوئی خوشی حاصل ہو تو اس کو مبارک باد دو' اگر اس کو کوئی مصیبت پہنچے تو اس کو تسلی دو (' مثلاً اس کے ہاں کوئی موت ہوجائے تو اس کے گھر جا کر تعزیت کر)' اس کے مکان سے اونچا مکان نہ بناؤ کہ اس کی ہوا رک جائے الّا یہ کہ اس کی اجازت دے' اگر تم پھل وغیرہ خرید و تو تحفہ کے طور پر اس کے یہاں بھی بھیجو اور یہ ممکن نہ ہو سکے تو پھر تم اس (پھل وغیرہ کو گھر میں) پوشیدہ طور پر لے آؤ (اور اپنے بچوں کو بھی تاکید کردو کہ) وہ اس پھل وغیرہ) کو لے کر گھر سے باہر نہ نکلیں تاکہ تمہارے پڑوسی کے بچے (تمہارے بچوں کو پھل وغیرہ کھاتا دیکھ کر اپنی محرومی کی بنا پر) رنج وافسوس نہ کریں اور تم اپنی ہانڈی (چولہے) کے دھوئیں سے اس کو تکلیف نہ پہنچاؤ الّا یہ کہ اس ہانڈی میں سے کچھ اس کے یہاں بھی بھجواؤ' کیا تم جانتے ہو کہ پڑوسی کا حق کیا ہے؟ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اپنے پڑوسی کا حق وہی شخص ادا کرسکتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے''۔

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا أوليصمت:

اس کا مطلب یہ ہے کہ جب زبان سے کوئی بات نکالنے کا ارادہ کرے اور یہ معلوم ہو کہ وہ بات خیر وبھلائی کی ہے کہ جس پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثواب ملتا ہے خواہ وہ واجب ہو یا مستحب' تب اس کو زبان سے نکالے اور اگر اس بات کی بھلائی اس پر عیاں نہ ہو اور یا اس کو یہ معلوم ہو کہ یہ بات حرام ہے یا مکروہ ہے یا مباح ہے تو اس کو زبان سے نہ نکالے' حاصل یہ کہ بھلائی اس میں ہے کہ زبان کو حتی الامکان خاموش رکھا جائے' مباح باتوں سے بھی زبان کو بچانا چاہیئے کہ مبادا مباح باتیں ہی زبان کو حرام باتوں تک کھینچ کر لے جائیں۔

قوله: فليصل رحمه:

اس طرف اشارہ ہے کہ صلہ رحمی ایمان کی علامت ہے کہ جس شخص نے ناتوں کو توڑ ڈالا' وہ گویا اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والا نہیں ہے کیونکہ ناتا توڑنے پر جس سخت عذاب سے ڈرایا گیا ہے اس شخص نے اس عذاب کی پرواہ نہیں کی۔

تخریج: اس حدیث کو امام نوویؒ نے اربعین میں نقل کیا ہے، البتہ "جار" اور "ضیف" کو آخر میں ذکر کیا ہے۔ اور ممکن ہے کہ کئی روایات ہوں۔ مصنفؒ نے باب کی مناسبت سے تقدیم ضیف (والی روایت) کو اختیار کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

الجامع الصغیر میں مروی ہے:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليحسن الى جاره' ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه' ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا أوليسكت۔

اس حدیث کو امام احمد' شیخین' ترمذی اور نسائی نے ابو شریح اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

امام ترمذی اور امام حاکم نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل الحمام بغير ازار' ومن كان يؤمن بالله و اليوم الآخر فلا يدخل حليلته الحمام' ومن كان يؤمن بالله واليوم الآ خرفلا يجلس على مائدة يدار عليه الخمر۔

امام ترمذیؒ نے رویفع سے نقل کیا ہے:

من كان يؤمن بالله و اليوم الآخر فلا يسقى ماء ولد غيره۔

امام طبرانیؒ نے سلیمان بن صرد سے روایت کیا ہے:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يردعن مسلما۔

امام طبرانی نے ابوامامہ سے روایت کیا ہے:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يلبس خفيه جتى ينفضهما۔

امام احمد و حاکم نے روایت کیا ہے:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يلبس حريرا ولاذهبا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مہمان بلا استدعا تین دن سے زیادہ نہ ٹھہرے

۴۲۴۴: وَعَنْ اَبِیْ شُرَیْحِ الْکَعْبِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَهٗ جَائِزَتُهٗ یَوْمٌ وَلَیْلَةٌ وَالضِّیَافَةُ ثَلَاثَةُ اَیَّامٍ فَمَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَلَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یَثْوِیَ عِنْدَهٗ حَتّٰی یُحَرِّجَهٗ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاري في صحيح ١٠/٤٤٥ الحديث رقم ٦٠١٩، ومسلم في ٣/١٣٥٣ الحديث رقم (١٥/٤٨)، وأبو داوٗد في السنن ٤/١٢٧ الحديث رقم ٣٧٤٨ والترمذي في ٤/٣٠٤ الحديث رقم ١٩٦٧، وابن ماجه في ٢/١٢١٢ الحديث رقم ٣٦٧٥٠، والدارمي في ٢/١٣٤ الحديث رقم ٢٠٣٥، مالك في الموطأ ٢_٩٢٩ الحديث رقم ٢٢، ومن كتاب الأدب، وأحمد في المسند ٦/٣٨٥۔

ترجمہ: حضرت ابو شریح کعبیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمانوں کی تعظیم کرنی چاہئے اور مہمان پر احسان کا زمانہ ایک دن اور مہمانداری کا زمانہ تین دن رات ہے اس کے بعد جو دیا جائے وہ خیرات ہے مہمان کو مناسب نہیں کہ وہ میزبان کے ہاں تین دن سے زیادہ ٹھہرے البتہ اس کی استدعاء پر ٹھہر سکتا ہے تا کہ کہیں وہ تنگی میں مبتلا نہ ہو۔ یہ بخاری مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''جائزته'': مرفوع ہے۔ الفائق میں لکھتے ہیں: الجائزة من أجازه بكذا إذا اتحفه وألطفه، كالفاضلة واحدة الفواضل من أفضل عليه۔ شرح السنہ میں لکھا ہے کہ اس بارے میں امام مالکؒ سے پوچھا گیا تو آپؒ نے فرمایا: يكرمه ويتحفه يوما وليلة۔

نہایہ میں لکھا ہے کہ مہمان کی تین دن اس طرح مہمان داری کی جائے کہ پہلے دن اس کے کھانے پینے کی چیزوں میں جو تکلف واہتمام ہو سکے وہ کیا جائے اور پھر دوسرے وتیسرے دن بلا تکلف واہتمام جو کچھ حاضر ہو اس کو مہمان کے سامنے پیش کر دے۔ اور عادت سے زیادہ نہ دے اس کے بعد اس کو کھانے پینے کی اتنی چیزیں دے دے جن کے سہارے وہ ایک دن اور ایک رات کا سفر طے کر سکے۔ اس کو ''جیزہ'' کہتے ہیں۔ یعنی قدر ما يجوز به المسافر من منهل إلى منهل۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: یہ صحیح طور پر ثابت ہے: عن عبدالحميد عن أبي شريع رضي الله عنه قال: قال رسول اللهﷺ: الضيافة ثلاثة أيام، وجائزته يوم وليلة۔ فرمایا: یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ ''جائزہ'' ضیافت کے بعد ہے۔ چنانچہ مطلب یہ ہوا کہ تین دن مہمان نوازی کرے، اور اس قدر دے دے کہ ایک دن رات کی مسافت طے کر سکے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: جائزته الخ، یہ جملہ مستانفہ ہے، پہلے (جملہ) کا بیان ہے۔ گویا کہ یوں کہا گیا: كيف يكرمه؟ تو جواب دیا: جائزته الخ البتہ مضاف مقدر مانا جائے گا۔ أي زمان جائزته يوم وليلة۔ أي بره والطافه يوم وليلة۔ اس حدیث میں ''جائزہ'' پہلے دن کی مہمان نوازی پر محمول ہے، اور دوسری حدیث میں آخری دن کی مہمان نوازی کو جائزہ قرار دیا ہے۔ ای قدر ما يجوز به المسافر يكفيه يوما وليلة۔ لہٰذا مناسب یہی ہے کہ اسی پر محمول کیا جائے تا کہ دونوں حدیثوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر عمل ہو جائے۔

اس توجیہہ سے دونوں حدیثوں میں تطبیق ہو جائے گی۔

یثوی: بفتح الیاء، وسکون المثلثۃ وکسر الواو، من "الثواء" وھو الإقامۃ۔

حتی یحرجه: رائے مشدد کے ساتھ ہے دوسرے کے سینہ کو تنگ کرنا اور حرج میں مبتلا کرنا۔ اور طیبی سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ رائے مخففہ کے ساتھ ہے چنانچہ فرماتے ہیں "احراج" کا مطلب میزبان کو تنگی میں ڈالنا بایں طور کے اس کے ہاں طویل اقامت کی جائے حتی کہ اس کو تنگی میں ڈال دے۔

معلوم ہوا کہ جو شخص کسی کے ہاں مہمان جائے اس کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنے میزبان کے ہاں تین دن سے زائد ٹھہرے ہاں اگر خود میزبان کی خواہش ہو اور وہ درخواست کرے تو اس کی استدعا پر تین دن سے زائد ٹھہرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا

مہمان کا حق میزبانی پر

۴۲۴۵: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ اِنَّكَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ لَا يَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰى فَقَالَ لَنَا اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْالَكُمْ بِمَا يَنْبَغِيْ لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوْا فَاِنْ لَّمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْمِنْهُ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِيْ يَنْبَغِيْ لَهُمْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵/۱۰۷ الحدیث رقم ۲۴۶۱' ومسلم فی ۳/۱۳۵۳ الحدیث رقم (۱۷-۱۷۲۷) وأبو داوٗد فی السنن ۴/۱۳۰ الحدیث رقم ۳۷۵۲' والترمذی فی ۴/۲۵ الحدیث رقم ۱۵۸۹' وابن ماجه فی ۲/۱۲۱۲ الحدیث رقم ۳۶۷۶ وأحمد فی المسند ۴/۱۴۹۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپ ہمیں جہاد اور دیگر کاموں کے لیے بھیجتے ہیں ہم بعض لوگوں کے ہاں ٹھہرتے ہیں تو وہ ہماری مہمانی نہیں کرتے۔ اس کے متعلق کیا حکم ہے کہ زور وقوت کے ساتھ مہمانی لی جاسکتی ہے یا نہیں تو آپ نے فرمایا اگر تم ایسی قوم پر اترو جو تمہیں ایسی چیزیں دیں جو مہمان کے لئے مناسب ہے تو ان کو قبول کرو۔ اگر وہ یہ نہ کریں یعنی مہمانی نہ کریں تو ان سے مہمان کا حق لو یعنی زبردستی۔ یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: لا یقروننا: ایک روایت میں "یقرونا" ہے۔ یعنی تخفیف کی وجہ سے نون اعرابی محذوف ہے اور نون ضمیر موجود ہے۔ ایسا حذف کلام فصیح سے ثابت ہے۔ چنانچہ اس آیت ﴿اتحاجونی﴾ میں نون کو مشدد ومخفف دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

فما تری: یہ الرائی سے ماخوذ ہے۔ ای ما تقول فی امرنا۔

حق الضیف الذی ینبغی لھم:؟ ضیف" کا اطلاق قلیل وکثیر سب پر ہوتا ہے اسم موصول "حق" کی صفت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: صحیح مسلم، حمیدی اور شرح السنہ میں الفاظ یہ ہیں جو مذکور ہوئے، مصابیح کی روایت میں ''لھم'' کو ''لہ'' سے بدل دیا ہے اور انہیں یہ تنبیہ نہیں ہوتی کہ ''ضیف'' مصدر ہے جس میں واحد وجمع برابر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿هل أتاك حديث ضيف إبراهيم المكرمين﴾[الذاريات: ٢٤] ابن الملکؒ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ اگر وہ مہمانداری نہ کریں تو یہ ان سے حق مہمان داری وصول کرسکتا ہے۔ اس کا تعلق اس صورت سے ہے کہ جب وہ اہل ذمہ میں سے ہوں اور ان سے یہ شرط لگائی ہو کہ وہ یہاں سے گزرنے والے مسلمانوں کی ضیافت کریں گے' یا اس کا تعلق ان اہل مخمصہ سے ہے جو حالت اضطراری کو پہنچ چکے ہوں' وگرنہ تو غیر کا مال لینا ممنوع ہے' الا یہ کہ اس کی طیب نفس سے ہو۔ چنانچہ بعض حضرات نے ضمان قیمت کو لازم قرار دیا ہے جیسا کہ امام شافعیؒ کا مذہب ہے اور محدثین کی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی ضمان نہیں ہے اور یہی ظاہر ہے۔

اس حدیث کا ظاہری مفہوم اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اگر میزبان مہمان داری کے حقوق ادا نہ کرے تو مہمان اس سے اپنا حق زبردستی لے سکتا ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں امام احمد اور لیث نے اس حدیث کو ظاہر پر محمول کیا ہے۔ یعنی ایک واجب حق قرار ہے جمہور علماء نے اس حدیث کی کئی تاویلیں کی ہیں' ایک تو یہ کہ یہ حدیث مضطر پر محمول ہے' ایسی صورت میں جب کہ مہمان مضطر ہو اس کی ضیافت کرنا بلاشبہ میزبان پر واجب ہوگا (کہ اگر وہ (میزبان) اس حق کو ادا نہ کرے تو یہ حق اس سے زبردستی لیا جاسکتا ہے۔) دوسرے یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا اس وقت محتاج اور فقراء کی خبر گیری کرنی واجب تھی مگر جب اسلام پھیل گیا تو یہ حکم منسوخ قرار دیا گیا یہ تاویل باطل ہے' چونکہ مؤول نے جس بات کا دعویٰ کیا ہے اس کا قائل ہی معلوم نہیں۔ ایک تاویل یہ بیان کی ہے: ان معناه ان لكم أن تاخذوا عن أعراضهم بألسنتكم وتذكروا للناس لومهم۔ میں کہتا ہوں یہ تاویل جادۂ حق سے کس قدر بعید ہے۔ اور تیسرے یہ کہ اس ارشادِ گرامی کا تعلق اہل ذمہ کے یہاں قیام کرنے سے تھا جب کہ ان کے ساتھ معاہدہ کی ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر مسلمان ان کے یہاں قیام کریں تو ان (مسلمانوں) کی ضیافت کرنا ان (اہل ذمہ) کے لئے ضروری ہوگا' چنانچہ اس شرط کی بناء پر مسلمانوں کی مہمان داری کرنا ان پر واجب تھا اور جو حق واجب ہو اس کو زبردستی بھی لیا جاسکتا ہے لیکن یہ بھی ضعیف ہے' چونکہ ایسا حضرت عمر بن خطابؓ کے زمانہ میں ہوا تھا۔

حضرت ﷺ ابوالہیثم کے باغ میں

۴۲۴۶: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ اَوْ لَيْلَةٍ فَاِذَا هُوَ بِاَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ مَا اَخْرَجَكُمَا مِنْ بُيُوْتِكُمَا هٰذِهِ السَّاعَةَ قَالَا الْجُوْعُ قَالَ وَاَنَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَاَخْرَجَنِیَ الَّذِیْ اَخْرَجَكُمَا قُوْمُوْا فَقَامُوْا مَعَهٗ فَاَتٰى رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا هُوَ لَيْسَ فِیْ بَيْتِهٖ فَلَمَّا رَاَتْهُ الْمَرْاَةُ قَالَتْ مَرْحَبًا وَاَهْلًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَيْنَ فُلَانٌ قَالَتْ ذَهَبَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَآءِ اِذْ جَآءَ الْاَنْصَارِیُّ فَنَظَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَصَاحِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ مَا اَحَدٌ الْيَوْمَ اَكْرَمَ اَضْيَافًا مِنِّیْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالَ فَانْطَلَقَ فَجَآءَ هُمْ بِعِذْقٍ فِيهِ بُسْرٌ وَتَمْرٌ وَرُطَبٌ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ هٰذِهٖ وَاَخَذَ الْمُدْيَةَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِيَّاكَ وَالْحَلُوْبَ فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ وَمِنْ ذٰلِكَ الْعِذْقِ وَشَرِبُوْا فَلَمَّا اَنْ شَبِعُوْا وَرَوُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِاَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَتُسْأَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَخْرَجَكُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمُ الْجُوْعُ ثُمَّ لَمْ تَرْجِعُوْا حَتّٰى اَصَابَكُمْ هٰذَا النَّعِيْمُ ـ

(رواه مسلم وذكر حديث ابى مسعود كان رجل من الانصار فى باب الوليمة)

أخرجه مسلم فى صحيحه ١٦٠٩/٣ الحديث رقم (١٤٠ـ٢٠٣٨) وابن ماجه فى السنن ١٠٦٢/٢ الحديث رقم ٣١٨١ـ

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ایک دن یا ایک رات اپنے گھر سے نکلے پس اچانک ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو ملے پھر فرمایا تمہیں کس چیز نے نکالا ہے یعنی تمہارے گھروں سے نکلنے کا باعث کون سی چیز بنی حالانکہ اس وقت گھر سے نکلنے کی عادت نہ تھی۔ تو وہ کہنے لگے بھوک کی وجہ سے نکلے ہیں یعنی شدت بھوک نے نکالا ہے آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں میری جان ہے مجھے بھی اس چیز نے نکالا ہے جس چیز نے تمہیں نکالا یعنی بھوک۔ اٹھو! پس وہ آپ کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ پس آپ ﷺ ایک انصاری کے ہاں آئے۔ جن کا نام ابوالہیثم تھا۔ اچانک ان کو گھر میں نہ پایا جب آپ ﷺ کو ان کی بیوی نے دیکھا تو اس نے آپ کو مرحبا اور اہلاً وسہلاً کہا۔ آپ ﷺ نے اسے فرمایا۔ تمہارا خاوند کہاں ہے۔ اس نے بتلایا کہ وہ ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ اچانک وہ انصاری آ پہنچا۔ اس نے جناب رسول اللہ ﷺ اور آپ کے دونوں صحابہ ابوبکر وعمر کو دیکھا پھر کہنے لگا الحمد للہ۔ آج سب سے زیادہ معزز مہمانوں والا میں ہوں یعنی میرے مہمان بڑی شان والے ہیں تمام دوسروں کے مہمانوں سے۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ شخص باغ میں گیا یعنی ان کو اپنے باغ میں لے گیا اور ان کے لئے بچھونا بچھا دیا۔ پھر اپنی کھجور کے درختوں کے پاس گیا۔ اور ان کے پاس کھجوروں کا خوشہ لے کر آیا۔ اس میں خشک اور نیم پختہ کھجوریں تھیں اور تر کھجوریں بھی۔ پھر وہ کہنے لگا اس میں سے کھاؤ۔ پھر وہ چھری لے کر چلا آیا یعنی بکری ذبح کرنے کے لئے آپ ﷺ نے فرمایا دودھ والی بکری ذبح نہ کرنا۔ پس اس نے آپ کے لئے اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے لئے بکری ذبح کر دی۔ بکری پکائی اور اس (کے گوشت) میں سے کھایا اور خوشہ سے تناول فرمایا اور پانی پیا جب پانی اور کھانے سے پیٹ بھر گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوبکر وعمر! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم ضرور اس قسم کی نعمتوں کے متعلق قیامت کے دن سوال کئے جاؤ گے۔ تمہیں بھوک نے گھروں سے نکالا پھر اللہ تعالیٰ نے خالی واپس نہیں کیا بلکہ یہ نعمت عنایت فرما دی۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: خرج رسول الله ﷺ ذات يوم أوليلة:

راوی کو شک ہوا ہے۔ (کہ یہ واقعہ دن کے وقت پیش آیا کہ رات کو)

فإذا هو: "إذا" مفاجاتیہ ہے۔

بأبي بكر وعمر: ("هو" مبتدا کی خبر "لا حق" محذوف ہے، جار مجرور اسی کے متعلق ہیں)۔ اى لاحق بهما۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیوتکما: بائے موحدہ پر ضمہ وکسرہ دونوں پڑھے جاسکتے ہیں۔

عرض مرتب:

بظاہر یہ کلام ﴿فقد صغت قلوبكما﴾ کی طرح ہے۔

"قالا: الجوع": مرفوع ہے: ❶ مبتدا ہونے کی وجہ سے۔ ❷ فاعل ہونے کی وجہ سے' أی أخرجنا الجوع أو الجوع أخرجنا۔

حضرت ابو ہریرہ سے مروی شمائل کی روایت میں یوں ہے: قال: خرج النبیﷺ فی ساعة لا یخرج فیها، ولا یلقاه فیها أحد، فأتاه أبو بكر، فقال: ماجاء بك یا أبا بكر؟ فقال: خرجت ألقی رسول اللهﷺ وأنظر فی وجهه وأسلم علیه، فلم یلبث أن جاء عمر، فقال ماجاء بك یا عمر؟ قال: الجوع یا رسول الله!۔ چنانچہ ان دونوں روایتوں میں تأمل کریں، تاکہ تطبیق ہو جائے۔ واللہ ولی التوفیق۔

وأنا والذی نفسی بیده لأخرجنی الذی أخرجكما: مصابیح کے بعض نسخوں میں "فأنا" ہے۔ شمائل کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: وأنا وجدت بعض ذلك۔ أی الجوع۔

قوله: فقال ما اخرجكما من بیوتكما؟ قال: الجوع:

اس سے معلوم ہوا کہ جس میزبان پر اعتماد ہو اس کے ہاں دوسرے آدمیوں کو اپنے ہمراہ لے جانا درست ہے

اپنے احباب سے رنج والم اور تکلیف و پریشانی کا اظہار کرنا جائز ہے' بشرطیکہ یہ اظہار شکوہ وشکایت' عدم رضا اور بے صبری و جزع فزع کے طور پر نہ ہو'

قوله: قوموا فقاموا معه: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اصول میں اسی طرح ضمیر جمع کے ساتھ منقول ہے، یہ جائز ہے۔ چنانچہ جو یہ کہتے ہیں کہ اقل جمع دو ہیں، تو ان کا کہنا واضح ہے۔ اور جو یہ کہتے ہیں کہ اقل جمع تین ہیں، تو ان کا یہ کہنا "مجازا" ہے۔ بایں طور کہ للأكثر حكم الكل۔

اشرفؒ فرماتے ہیں: پہلے "قوموا فقاموا" فرمایا، اور پھر "أتی" بصیغۂ مفرد ذکر کیا، جس کا فاعل سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں، اس اسلوب سے یوں لگتا ہے کہ گویا نبی کریم ﷺ "مطاع" تھے، اور حضرات شیخین ایسے مطیع ومنقاد تھے گویا ان کو کوئی اختیار حاصل نہیں تھا ھ۔

شمائل کی روایت میں یوں ہے: فانطلقوا إلی منزل أبی الهیثم بن التیهان الأنصاری وكان رجلا كثیر النخل والشاء ولم یكن له خدم، فلم یجدوه۔ چنانچہ اگلے جملہ: فاذا هو لیس فی بیته میں یہی بیان ہوا ہے:

امام طیبیؒ لکھتے ہیں' تقدیری عبارت یوں ہے: أی أتی بیت رجل أو قصده فلما بلغ بیته فإذا هو لیس فی بیته أی فاجأه وقت خلوه من بیته یہ کلام اس ارشاد باری کی طرح ہے: ﴿إذاهم یستبشرون﴾ [الروم: ۴۸] أی فاجؤ وقت الاستبشار۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: قالت: مرحبا و أهلا: (دونوں اسماء سے پہلے فعل محذوف ہے)۔أی أتيت مكانا واسعا وجئت أهلاً ای صادفت رحبا وسعة وأهلا تشأنس بهم۔

"اين فلان؟": شمائل کی روایت میں یوں ہے: أين صاحبك؟ اس سے معلوم ہوا کہ مہمان کے اکرام وتکریم کی خاطر مرحبا کہنا مستحب ہے۔

إذ جاء الأنصاری: (معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے) ای هم فی ذلك اذجاء الانصاری شمائل کی روایت میں ہے: فلم يلبثوا أن جاء أبو الهيثم بقربة يزعيها، فوضعها ثم جاء يلتزم النبیﷺ ويفديه بأبيه وأمه۔

قوله: فاتی رجلا من الأنصار۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ صاحب ابوالہیثم مالک بن تیھان تھے۔ "تیھان" تاء کے فتحہ، یائے تحتیہ مشددہ مکسورہ کے ساتھ ہے۔ (انتہی) کہا گیا ہے کہ یہ خزاعی تھے' یہ انصار کے حلیف تھے' اسی لئے ان کی طرف نسبت کی گئی۔ اس واقعہ سے ان کی منقبت واضح ہے' اور شرف کے لئے اتنی بات بھی کافی ہے۔ یہ ضرین عقبہ میں سے تھے۔ یہ بارہ نقیبوں میں سے تھے' بدر، احد اور دیگر تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ ان سے ابوہریرہ روایت کرتے ہیں۔

منقول ہے کہ جب نادار صحابہؓ کو کھانا پینا میسر نہ آتا اور ان کو بھوک کی شدت پریشان کرتی' تو وہ آنحضرت صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور جب روئے انور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی زیارت کرتے اور جمال باکمال پر نظر پڑتی تو ان کی بھوک وغیرہ کی ساری کلفت جاتی رہتی اور جلوۂ حق کی نورانیت انہیں کھانے پینے سے بے نیاز کر دیتی۔

قوله: فقال لها رسول اللهﷺ ابن فلان؟

اس سے معلوم ہوا کہ ضرورت کی بنا پر اجنبی عورت سے بات کرنا۔ اور اس کی بات کو سننا جائز ہے۔ اور اسی طرح اس کے برعکس بھی جائز ہے عورت کے لئے یہ جائز ہے کہ اگر اس کا شوہر گھر میں موجود نہ ہو تو وہ اپنے ہاں آنے والے مہمان کو گھر میں آنے کی اجازت دے سکتی ہے۔ بشرطیکہ (اول تو اس مہمان کے گھر میں آنے سے کسی بات کا کوئی خطرہ وخدشہ نہ ہو اور دوسرے یہ کہ) اپنے شوہر کی رضامندی کا یقین ہو' کہ شوہر اپنی عدم موجودگی میں اس مہمان کے گھر میں آنے سے ناراض نہیں ہوگا۔

قوله: الحمد الله ماأحد اليوم اكرم أضيا فا منی:

اس سے معلوم ہوا کہ کسی نعمت کے ظاہر ہونے پر مصیبت کے دور ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا مستحب ہے' نیز یہ بھی مستحب ہے کہ جب مہمان آئے تو اس کے سامنے خوشی کا اظہار کیا جائے۔

چھٹے یہ کہ جب کوئی مہمان اپنے ہاں آئے تو کھانے سے پہلے اس کے سامنے میوہ وپھل لانا یا گھر میں جو بھی چیز آسانی سے دستیاب ہو اس کے سامنے جلد پیش کر دینا مستحب ہے۔ اور کھانے کے ذریعہ اس کا اکرام اس کے بعد کیا جائے۔ (نووی)

قوله: ما أحد اليوم أكرم: اکرم منصوب ہے' اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قال: فانطلق فجا هم بعذق'': قال کا فاعل حضرت ابو ہریرہ ہیں۔اس میں دونوں احتمال ہیں کہ وہ بھی ان کے ساتھ موجود تھے،اور یہ بھی کہ انہوں نے یہ قصہ ان سے سنا ہو۔

قوله: فجاء هم بعذق فيه بسر وتمر ورطب فقال . كلوا من هذه: ''هذه'' سے اشارہ ان آثار اور ان کی انواع کی طرف تھا: ترمذی کی روایت میں اتنا اضافہ ہے:

فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَفَلا تَنَقَّيْتَ لَنَا مِنْ رُطَبِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَرَدْتُ أَنْ تَخْتَارُوا أَوْ تَخَيَّرُوا مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا مِنْ ذَلِكَ الْمَاءِ فَقَالَ صلى الله عليه وسلم هَذَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْأَلُونَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ظِلٌّ بَارِدٌ وَرُطَبٌ طَيِّبٌ وَمَاءٌ بَارِدٌ فَانْطَلَقَ أَبُو الْهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ طَعَامًا.

عرضِ مرتب:

(مکمل عربی متن بمعہ ترجمہ اس حدیث مبارکہ کے آخر میں درج کر دی گئی ہے' وہاں یہ ملا علی قاری اسے مکرر لائے ہیں' ہم نے یہاں فقط نشاندہی پر اکتفا کیا)۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: العذق هنا بكسر العين الكباسة وهى الغصن من النخل

سلف کی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ مہمان کیلئے تکلف کرنا مکروہ ہے، لیکن اس کا محمل وہ صورت ہے کہ جب صاحب خانہ کیلئے اس میں واضح مشقت ہو، چونکہ یہ چیز اس کے اخلاص میں اور آمد ضیف کے کمال سرور سے مانع ہوگی۔ان انصاری صحابیؓ کا یہ فعل اور بکری ذبح کر کے لے آنا، یہ مشقت نہیں تھا، بلکہ اگر وہ ایک کے بجائے کئی بکریاں بھی ذبح کرتے تو یہ ان کے لئے باعث سرور وغبطہ ہوتا (انتہی) چونکہ وہ صحابی رسول اللہ ﷺ اور شیخین کے لئے ''صدیق'' ہو گئے تھے' ان حضرات کو معلوم تھا کہ ہماری آمد ان کے لئے باعث فرحت ہوگی۔

قوله: و أخذ المدية:

المدية: میم کے ضمہ ودال کے سکون کے ساتھ' کبھی میم کو کسرہ بھی دیا جاتا ہے' اس کی جمع ''مدی'' قصاب کی چھری کو کہتے ہیں۔قاموس میں لکھتے ہیں: المدية مثلثة: الشفرة۔

قوله: فقال له رسول الله ﷺ اياك والحلوب: الحلوب: حائے مہملہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔اس کا معنی ہے دودھ والی، یہ فعول بمعنی مفعول ہے، جیسا کہ رکوب (بمعنی مرکوب) اور ترمذی کی ایک روایت میں یہ ہے: لا تذبح لنا ذات در ہے۔''وروا'': واؤ کے ضمہ کے ساتھ' یہ اصل میں ''رویا'' تھا' یاء کا ضمہ ماقبل کی طرف منتقل کر دیا گیا۔اس کی حرکت سلب کرنے کے بعد' اور پھر ''یا'' التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف کر دی گئی۔

قوله: والذى نفسي بيده۔۔۔ هذا النعيم:

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: قوله: اخرجكم الخ، جملة مستأنفة بيان لموجب السؤال عن النعيم يعنى حيث كنتم محتاجين الى الطعام مضطرين إليه فنلتم غاية مطلوبكم من الشبع والرى يجب أن تسألوا ويقال لكم: هل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أديتم شكرها أم لا؟

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ پیٹ بھر کر کھانا جائز ہے۔ جہاں تک تعلق ہے پیٹ بھر کر کھانے کی کراہت کا تو وہ مداومت پر محمول ہے کہ و مداومت کے ساتھ پیٹ بھر کر کھانا گویا محتاج اور غرباء کے حال سے فراموشی ہے اور سنگدلی کا مظہر ہے۔

قوله: لتسئلن عن هذا النعم يوم القيامة:

قاضی عیاض فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے اللہ تعالیٰ اپنی ہر نعمت سے سوال و پرسش کرے گا (کہ ہم نے تمہیں دنیا میں یہ جو فلاں فلاں نعمت عطا کی تھی تم نے اس پر ادائیگی شکر کا حق ادا کیا یا نہیں؟) کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اس دنیا میں جو نعمتیں عطا فرماتا ہے ان کے بارے میں وہ قیامت کے دن سوال کرے گا۔ اور یہ سوال بعض کے حق میں تو توبیخ و سرزنش کے طور پر ہوگا اور بعضوں سے احسان جتانے اور اظہار نعمت و کرامت کے طور پر ہوگا۔

شمائل کی روایت میں (اس کے بعد یوں) ہے: (مکمل روایت درج ہے، مرتب)

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي سَاعَةٍ لا يَخْرُجُ فِيهَا وَلا يَلْقَاهُ فِيهَا أَحَدٌ فَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ يَا أَبَا بَكْرٍ قَالَ خَرَجْتُ أَلْقَى رَسُولَ اللهِ ﷺ وَأَنْظُرُ فِي وَجْهِهِ وَالتَّسْلِيمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جَاءَ عُمَرُ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ يَا عُمَرُ قَالَ الْجُوعُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ ﷺ وَأَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذَلِكَ فَانْطَلَقُوا إِلَى مَنْزِلِ أَبِي الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيِّهَانِ الْأَنْصَارِيِّ وَكَانَ رَجُلا كَثِيرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ خَدَمٌ فَلَمْ يَجِدُوهُ فَقَالُوا لامْرَأَتِهِ أَيْنَ صَاحِبُكِ فَقَالَتِ انْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ فَلَمْ يَلْبَثُوا أَنْ جَاءَ أَبُو الْهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النَّبِيَّ ﷺ وَيُفَدِّيهِ بِأَبِيهِ وَأُمِّهِ ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِمْ إِلَى حَدِيقَتِهِ فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى نَخْلَةٍ فَجَاءَ بِقِنْوٍ فَوَضَعَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَفَلا تَنَقَّيْتَ لَنَا مِنْ رُطَبِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَرَدْتُ أَنْ تَخْتَارُوا أَوْ تَخَيَّرُوا مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا مِنْ ذَلِكَ الْمَاءِ فَقَالَ ﷺ هَذَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْأَلُونَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ظِلٌّ بَارِدٌ وَرُطَبٌ طَيِّبٌ وَمَاءٌ بَارِدٌ فَانْطَلَقَ أَبُو الْهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ طَعَامًا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ فَذَبَحَ لَهُمْ عَنَاقًا أَوْ جَدْيًا فَأَتَاهُمْ بِهَا فَأَكَلُوا فَقَالَ صلى الله عليه وسلم هَلْ لَكَ خَادِمٌ قَالَ لا قَالَ فَإِذَا أَتَانَا سَبْيٌ فَأْتِنَا فَأُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِرَأْسَيْنِ لَيْسَ مَعَهُمَا ثَالِثٌ فَأَتَاهُ أَبُو الْهَيْثَمِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اخْتَرْ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ اخْتَرْ لِي فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ إِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ هَذَا فَإِنِّي رَأَيْتُهُ يُصَلِّي وَاسْتَوْصِ بِهِ مَعْرُوفًا فَانْطَلَقَ أَبُو الْهَيْثَمِ إِلَى امْرَأَتِهِ فَأَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ مَا أَنْتَ بِبَالِغٍ حَقَّ مَا قَالَ فِيهِ النَّبِيُّ ﷺ إِلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِأَنْ تَعْتِقَهُ قَالَ فَهُوَ عَتِيقٌ فَقَالَ صلی اللہ علیہ وسلم إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا وَلَا خَلِيفَةً إِلَّا وَلَهُ بِطَانَتَانِ بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ وَبِطَانَةٌ لَا تَأْلُوهُ خَبَالًا وَمَنْ يُوقَ بِطَانَةَ السُّوءِ فَقَدْ وُقِيَ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایسے وقت دولت خانہ سے باہر تشریف لائے کہ اس وقت نہ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ باہر تشریف لانے کی تھی نہ کوئی شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت دولت خانہ پر حاضر ہوتا تھا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی باہر تشریف آوری پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود تھے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے خلاف معمول بے وقت آنے کا سبب دریافت فرمایا۔ انہوں نے عرض کیا کہ جمال جہاں آرا کی زیارت اور سلام کے لئے حاضر ہوا ہوں (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کمال تناسب کی وجہ سے تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر خلاف عادت باہر تشریف آوری کی نوبت آئی تو اس یک جان دو قالب پر بھی اس کا اثر ہوا) بندہ کے نزدیک یہی وجہ اولیٰ ہے اور یہی کمال تناسب بڑی وجہ ہے نبوی دور کے ساتھ خلافت صدیقیہ کے اتصال کی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد اگر مناسب تامہ نہ ہونے کی وجہ وقتی احکام میں کچھ تغیر ضرور ہوتا اور صحابہ کرام کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق کے ساتھ یہ دوسرا مرحلہ مل کر رنج و ملال کو نا قابل برداشت بنانے والا ہوتا بخلاف صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس درجہ اتصال اور قلبی یک جہتی تھی کہ جن مواقع پر جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طرز عمل تھا وہی اکثر حضرت ابوبکر صدیق کا بھی تھا۔ چنانچہ حدیبیہ کا قصہ مشہور ہے جس کا ذکر حکایات صحابہ میں گزر چکا ہے مسلمانوں نے نہایت دب کر ایسی شرائط پر کفار سے صلح کی تھی کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم اس کا تحمل بھی نہ کر سکے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نہایت جوش میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ صلی اللہ علیہ اللہ تعالیٰ کے برحق نبی نہیں ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک۔ حضرت عمر نے کہا کیا ہم حق پر اور دشمن باطل پر نہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک۔ حضرت عمر نے کہا پھر ہم کو دین کے بارے میں یہ ذلت کیوں دی جا رہی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہیں کر سکتا وہی مددگار ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ نہیں کہا تھا کہ ہم مکہ جائیں گے اور طواف کریں گے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہا بے شک لیکن کیا میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اسی سال مکہ میں جائیں گے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہیں یہ تو نہیں کہا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، بس تو مکہ میں ضرور جائے گا اور طواف کرے گا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسی جوش میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے ابوبکر! کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برحق نبی نہیں ہیں؟ حضرت ابوبکر نے فرمایا بے شک۔ حضرت عمر! کیا ہم حق پر اور دشمن باطل پر نہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ! بے شک۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ! پھر ہم کو دین کے بارے میں یہ ذلت کیوں دی جا رہی ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ! اے آدمی! یہ بلاتردد سچے رسول ہیں اور اللہ کی ذرا نافرمانی کرنے والے نہیں ہیں وہی ان کا مددگار ہے تو ان کی رکاب کو مضبوط پکڑے رہ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ نہیں کہا تھا کہ ہم مکہ جائیں گے اور طواف کریں گے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ! کیا تجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اسی سال مکہ جائیں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں یہ تو نہیں فرمایا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ! بس تو مکہ میں ضرور جائے گا اور طواف کرے گا۔ بخاری شریف میں یہ قصہ مفصل مذکورہ ہے اور بھی اس قسم کے متعدد واقعات حیرت انگیز ہیں۔ حتیٰ کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجتہادی خطا ہوئی تو اس میں حضرت ابوبکر شریک ہیں جیسا کہ بدر کے قیدیوں کے معاملہ میں جس کا قصہ سورت انفال کے اخیر میں ہے۔ اس صورت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اس وقت خلاف معمول باہر آنا دل رابدل رہ یست، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اطہر کا اثر تھا گو بھوک بھی لگی ہوئی ہو۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا آنا بھی بھوک کے تقاضے کی وجہ سے تھا لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور کو دیکھ کر اس کا خیال بھی جاتا رہا اسی لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے استفسار پر اس کا ذکر نہیں کیا (یاد سب کچھ ہیں مجھے ہجر کے صدمے ظالم بھول جاتا ہوں مگر دیکھ کے صورت تیری)۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تشریف آوری بھوک ہی کی وجہ سے تھی مگر اس کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گرانی نہ ہو کہ دوست کی تکلیف اپنی تکلیف پر غالب ہوجایا کرتی ہے) تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حاضر خدمت ہوئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے بے وقت حاضری کا سبب پوچھا انہوں نے عرض کیا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھوک کی وجہ سے حاضر ہوا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بھوک تو کچھ میں بھی محسوس کر رہا ہوں۔ اس کے بعد تینوں حضرات ابوالہیثم انصاری کے مکان پر تشریف لے گئے وہ اہل ثروت لوگوں میں سے تھے کھجوروں کا بڑا باغ تھا۔ بکریاں بھی بہت سی تھی۔ البتہ خادم ان کے پاس کوئی نہیں تھا اس لئے گھر کا کام سب خود ہی کرنا پڑتا تھا۔ یہ حضرات جب ان کے مکان پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ وہ گھر والوں کے لئے میٹھا پانی لینے گئے ہیں جو خادم نہ ہونے کی وجہ سے خود ہی لانا پڑتا تھا۔ لیکن ان حضرات کے پہنچنے پر تھوڑی دیر گزری تھی کہ وہ بھی مشکیزہ کو جو مشکل سے اٹھتا تھا۔ بدقت اٹھاتے ہوئے واپس آ گئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوکر (اپنی خوش قسمتی پر ناز کرتے اور زبان حال ہم نشین جب میرے ایام بھلے آئیں گے بن بلائے میرے گھر آپ چلے آئیں گے پڑھتے ہوئے) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لپٹ گئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنے ماں باپ کو نثار کرنے لگے۔ یعنی عرض کرتے تھے کہ میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں۔ اس کے بعد باغ میں چلنے کی درخواست کی وہاں پہنچ کر فرش بچھایا اور دین و دنیا کے سردار مایہ فخر مہمان کو بٹھا کر ایک خوشہ (جس میں طرح طرح کی کچی پکی آدھ کچری کھجوریں تھیں) سامنے حاضر کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سارا خوشہ توڑنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس میں ابھی کچھ کچی بھی ہیں جو ضائع ہوں گی۔ پکی پکی چھانٹ کر کیوں نہ توڑیں؟ میزبان نے عرض کیا تاکہ اپنی پسند سے پکی اور گرری ہر نوع کی حسب رغبت نوش فرمائیں۔ تینوں حضرات نے کھجوریں تناول فرمائیں اور پانی نوش فرمایا اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (جن کا ہر ہر لحظہ تعلیم امت تھا) ارشاد فرمایا کہ اس ذات پاک کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہ بھی اس نعیم میں شامل ہے جس کا سوال قیامت میں ہوگا اور سورت الہٰکم التکاثر کے ختم پر حق تعالیٰ شانہ نے اس کا ذکر فرمایا ان کے شکر کے متعلق سوال ہوگا کہ ہماری نعمتوں کا کس درجہ شکر ادا کیا: **اللهم لا احصى ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك** پھر اس وقت کی نعمتوں کا اظہار کے طور پر فرمایا کہ) ٹھنڈا سایہ، ٹھنڈا پانی اور تر و تازہ کھجوریں۔ اس کے بعد میزبان کھانے کی تیاری کے لئے جانے لگے۔ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فرط محبت میں کیفما اتفق مت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذبح کر دینا۔ بلکہ ایسا جانور ذبح کرنا جو دودھ کا نہ ہو میزبان نے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا اور بعجلت تمام کھانا تیار کر کے حاضر خدمت کیا اور مہمانوں نے تناول فرمایا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس وقت یہ ملاحظہ فرما کر کہ مشتاق میزبان سب کام خود ہی کر رہا ہے اور شروع میں میٹھا پانی بھی خود ہی لاتے دیکھا تھا) دریافت فرمایا کہ تمہارے پاس کوئی خادم نہیں۔ نفی میں جواب ملنے پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کہیں سے غلام آ جائیں تو تم یاد دلانا اس وقت تمہاری ضرورت کا خیال رکھا جائے گا۔ اتفاقاً ایک جگہ سے دو غلام آئے تو ابوالہیثم نے حاضر ہو کر وعدہ عالی جاہ کی یاد دہانی کرائی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان دونوں غلاموں میں سے جو دل چاہے پسند کر لو۔ جو تمہاری ضرورت کے مناسب ہو (یہ جان نثار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اپنی کیا رائے رکھتے اس لئے) درخواست کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی میرے لئے پسند فرمائیں (وہاں بجز دینداری کے اور کوئی وجہ ترجیح اور پسندیدگی کی ہو ہی نہیں سکتی تھی اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مشورہ دینے والا امین ہوتا ہے اس لئے میں امین ہونے کی حیثیت سے فلاں غلام کو پسند کرتا ہوں اس لئے کہ میں نے اس کو نماز پڑھتے دیکھا ہے لیکن میری ایک وصیت اس کے بارے میں یاد رکھو کہ اس کے ساتھ بھلائی کا معاملہ کرنا (اول حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشورہ کے ضابطہ کو ذکر فرما کر گویا اس پر تنبیہ فرمائی کہ میری جو پسندیدگی ہے وہ ذمہ دارانہ اور امانتداری کی ہے پھر ایک کو پسند فرما کر وجہ ترجیح بھی ظاہر فرمائی کہ وہ نمازی ہے۔ یہ وجہ ہے اس کو راجح قرار دینے کی۔ ہمارے زمانہ میں ملازم کا نمازی ہونا گویا عیب ہے کہ آقا کے کام کا حرج ہوتا ہے) ابوالہیثم خوش خوش اپنی ضرورتوں کے لئے ایک مددگار ساتھ لے کر گھر گئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالی شان بھی بیوی کو سنا دیا۔ بیوی نے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ کے ارشاد کی کما حقہ تعمیل نہ ہو سکے گی اور اس درجہ بھلائی کا معاملہ کہ ارشاد عالی جاہ کا امتثال ہو جائے ہم سے نہ ہو سکے گا اس لئے اس کو آزاد ہی کر دو کہ اسی سے امتثال ارشاد ممکن ہے سراپا شجاع اور مجسم اخلاص خاوند نے فوراً آزاد کر دیا اور اپنی دقتوں اور تکالیف کی ذرا بھی پرواہ نہ کی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جب واقعہ اور جانثار صحابی کے ایثار کا حال معلوم ہوا تو اظہار مسرت اور بیوی کی مدح کے طور پر ارشاد فرمایا کہ ہر نبی اور اس کے جانشینوں کے لئے حق تعالیٰ شانہ دو باطنی مشیر اور اصلاح کار پیدا فرماتے ہیں جن میں سے ایک مشیر تو بھلائی کی ترغیب دیتا اور برائی سے روکتا ہے دوسرا مشیر تباہ و برباد کرنے میں ذرا بھی کمی نہیں کرتا۔ جو شخص اس کی برائی سے بچا دیا جائے وہ ہر قسم کی برائی سے روک دیا گیا۔"

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: میں نے اس حدیث کی شرح بہت بسط و کمال کے ساتھ شرح الشمائل میں ذکر کی ہے۔ (بندہ نے اس شرح کو بھی (استیعاباً) استفادہ کی خاطر بذیل ترجمہ درج کر دیا ہے۔ ط)۔

الفصل الثانی:

مہمان کی مہمانی میزبان پر حق

۴۲۴۷: عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ اَيُّمَا مُسْلِمٍ ضَافَ قَوْمًا فَاَصْبَحَ الضَّيْفُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَحْرُوْمًا كَانَ حَقًّا عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ نَصْرُهُ حَتّٰى يَأْخُذَلَهُ بِقِرَاهُ مِنْ مَالِهٖ وَزَرْعِهٖ (رواه الدارمی وابوداود وفی رواية له) وَاَيُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْماً فَلَمْ يَقْرُوْهُ كَانَ لَهُ اَنْ يُّعَقِّبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۱۲۹/٤ الحديث رقم ۳۷۵۱‘ والدارمی فی ٦۳٤/۲ الحديث رقم ۲۰۳۷‘ وأحمد فی المسند ۱۳۱/٤۔

ترجمہ: حضرت مقدام بن معدیکربؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو میں نے فرماتے سنا کہ جو شخص کسی کے ہاں مہمان ہو اور وہ محرومی کی حالت میں صبح کرے یعنی رات کو اس کی مہمانی نہیں کی گئی تو ہر مسلمان پر یہ لازم ہے کہ اس کی اس حد تک معاونت کرے کہ وہ اس کے مال اور کھیتی باڑی میں سے مہمانی کی مقدار حاصل کرے اور اس کو یہ حق پہنچتا ہے کہ ان کا پیچھا کر کے اپنی مہمانداری کی مقدار وصول کرے اس روایت کو دارمی اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے اور ابوداؤد کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ جو شخص کسی کے ہاں مہمان ہو اور انہوں نے اس کی مہمانی نہ کی تو اس کو حق پہنچتا ہے کہ وہ ان کا پیچھا کرے اور ان کے اموال میں سے مہمانی کی مقدار پوری کرے۔

تشریح: قوله: ”كان حقا على كل مسلم نصره“:

احمد اور حاکم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: فإن نصره حق على كل مسلم۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ”فأصبح الضيف“ میں ضمیر کی جگہ اسم ظاہر کو ذکر فرمایا یہ بتانے کیلئے کہ وہ مسلمان جو کسی قوم میں مہمان بن کر جائے اس کا یہ ذاتی حق ہے کہ اس کی مہمان نوازی کی جائے، پس جو شخص اس کو (حق کی وصولی سے) روکے، تحقیق اس نے مہمان پر ظلم کیا، لہٰذا دوسرے مسلمانوں کو چاہیے کہ اس کی مدد کریں۔ مزید فرماتے ہیں کہ اس حکم کا تعلق ان اہل ذمہ سے ہے جو بادیہ میں رہتے ہیں‘ کہ جب ان کے پاس کوئی مسلمان پڑاؤ ڈالے اھ صحیح بات یہ ہے کہ اس سے مراد مضطر ہے وہ خواہ کسی کے پاس پڑاؤ ڈالے‘ میزبان پر یہ لازم ہے کہ وہ اس کی اس قدر ضیافت کرے کہ اس کی جان بچ جائے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ اتنی مقدار میں دے کہ جس سے یہ سیر ہو جائے چونکہ یہ مسافر ہے‘ اگر اس کو اس سے روکا جائے تو اس کے لئے خفیہ یا اعلانیہ طور پر اس قدر لینا جائز ہے‘ اگر وہ لے سکتا ہو۔

حتى يأخذ له بقراه: قاف کے کسرہ کے ساتھ، بمعنی ضیافت، ایک دوسری روایت میں ہے: ”بمثل قراه“ اور ایک روایت میں ہے: يقرى ليلته۔

”من ماله وزرعه“ ضمیر مفرد ذکر فرمائی، حالانکہ ما قبل میں ”قوماً“ کا ذکر تھا، چونکہ جس کا یہ مہمان ہوا ہے وہ میزبان تو ایک ہی ہے۔

”وفي رواية له: وايما رجل“: بظاہر اس دوسری روایت میں صرف حرف عطف محذوف ہے، (کوئی اور فرق نہیں ہے) روایت باب میں اضافہ نہیں ہے۔ دونوں کا حاصل ایک ہی ہے۔

فلم يقرو: قاف کے سکون اور راؤ کے ضمہ کے ساتھ۔

www.KitaboSunnat.com

”أن يعقبهم“: یاء کے ضمہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ‘

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرض مرتب:

اس حدیث کے ظاہری مفہوم سے بھی مطلق ضیافت (مہمان داری) کرنے کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ اس حدیث کی بھی وہی تاویل وتوجیہ کی جائے گی' جو پیچھے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی روایت میں کی گئی ہے۔(انتھی)

امام حاکم نے اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ کے واسطہ سے یوں نقل کیا ہے:''أيما ضيف نزل بقوم فأصبح الضيف محروما فله أن يأخذ بقدر قراه ولا حرج عليه۔''

مہمانی نہ کرنے والے کا حکم

۴۲۴۸:وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ الْجُشَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَ یْتَ اِنْ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمْ یَقْرِنِیْ وَلَمْ یُضِفْنِیْ ثُمَّ مَرَّبِیْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَقْرِیْهِ اَمْ اَجْزِیْهِ قَالَ بَلِ اقْرِهٖ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۴/ ۳۲۰ الحدیث رقم ۲۰۰۶' وأحمد فی المسند ۳/ ۴۷۳۔

ترجمہ:حضرت ابوالاحوص جشمی اپنے والد مالکؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے ایک دن عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اگر میرا گزر کسی شخص کے پاس سے ہو اور وہ میری مہمانی نہ کرے اور نہ میری مہمانی کا حق ادا کرے پھر بعد میں اسی شخص کا میرے پاس سے گزر ہو تو کیا میں اس کی مہمان داری کروں یا اس سے بدلہ چکاؤں یعنی اسی طرح کا معاملہ کروں جس طرح اس نے میرے ساتھ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا تم مہمانی کرو۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح:أرأيت:بمعنی''أخبرنی'' ہے۔

فلم يقرنی:راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

ولم يضفنی:یاء کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

أجزيه:ہمزہ مفتوح ہے،اور یاء ساکن ہے۔

اس حدیث میں دو باتوں پر ابھارا گیا ہے:اول:مہمان نوازی پر کہ یہ مکارم اخلاق میں سے ہے۔دوم:کہ برائی کا بدلہ یہ نہیں ہے کہ تم بھی برائی کرو' بلکہ جس شخص نے تمہارے ساتھ برا سلوک کیا ہے اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہی سب سے اچھا بدلہ ہے چونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿ادفع بالتی هی أحسن السيئة﴾[المؤمن: ۹۶]

سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا والہانہ عمل

۴۲۴۹:وَعَنْ اَنَسٍ اَوْغَیْرِهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِسْتَاْذَنَ عَلٰی سَعْدِبْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُاللّٰهِ فَقَالَ سَعْدٌ وَعَلَیْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَلَمْ یُسْمِعِ النَّبِیَّ ﷺ حَتّٰی سَلَّمَ ثَلَاثًا وَرَدَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ سَعْدٌ ثَلَاثًا وَلَمْ يُسْمِعْهُ فَرَجَعَ النَّبِيُّ ﷺ فَاتَّبَعَهُ سَعْدٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ مَا سَلَّمْتَ تَسْلِيْمَةً اِلَّا وَهِيَ بِاُذُنِيْ وَلَقَدْ رَدَدْتُ عَلَيْكَ وَلَمْ اُسْمِعْكَ اَحْبَبْتُ اَنْ اَسْتَكْثِرَمِنْ سَلَامِكَ وَمِنَ الْبَرَكَةِ ثُمَّ دَخَلُوا الْبَيْتَ فَقَرَّبَ لَهٗ زَبِيْبًا فَاَكَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ ﷺ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَاَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ ۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه أحمد فی المسند ۳/۱۳۸

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا ان کے علاوہ اور کسی صحابی سے یہ روایت ہے کہ ایک دن جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہؓ کے ہاں اذن چاہا یعنی گھر میں داخلے کی اجازت طلب کی چنانچہ آپ ﷺ نے دروازے پر کھڑے ہو کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا یعنی کیا میں گھر میں داخل ہو سکتا ہوں۔ سعدؓ نے وعلیکم اسلام ورحمۃ اللہ کہا لیکن زور سے نہ کہا جو آپ کو سنائی دیتا تو آپ نے تین بار سلام کیا اور سعدؓ نے تینوں بار ان کا جواب دیا مگر آپ ﷺ کو سنا کر نہ کیا یعنی اتنے زور سے نہ کیا کہ آپ کو جواب سن سکے۔ پس جناب رسول اللہ ﷺ اپنے گھر کی طرف واپس مڑے تو حضرت سعدؓ بھی آپ کے پیچھے پیچھے آئے اور کہنے لگے یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں آپ ﷺ کا سلام سنتا رہا اور میں نے جواب بھی دیا مگر میں نے وہ جواب آپ کو نہ سنایا میں نے یہ چاہا کہ آپ کا سلام اور برکتیں زیادہ سے زیادہ حاصل کروں یعنی آپ کے سلام اور رحمت کی دعا سے پھر آپ ﷺ اور سعدؓ واپس لوٹے حضرت سعدؓ نے آپ کی خدمت میں خشک انگور پیش کئے جناب رسول اللہ ﷺ نے ان کو کھایا جب فارغ ہوئے تو ان کے لئے یہ دعا فرمائی: ''اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَاَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ'' کہ تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لئے دعا کریں اور روزہ دار تمہارے ہاں اپنے روزے افطار کریں یہ شرح السنۃ نے نقل کی ہے۔

تشریح: **قوله: فقال سعد وعليكم السلام ورحمة الله:**

ظاہر یہ ہے کہ انہوں نے جواب میں ''وبرکاتہ'' بھی کہا ہوگا' راوی نے بھولے سے اختصار کر دیا۔

قوله: ولم يسمع ''اسماع'' سے ماخوذ ہے۔ اسی لم یقصد سعد سماع ہے ﷺ۔ اور یہ بھی کوئی بعید نہیں کہ سماع سے ماخوذ ہو۔ اس صورت میں لازم ہوگا۔

قوله: ورد عليه سعد ثلاثا۔

ثلاثا ظرف ہے۔ **فاتبعه**: تاء کی تشدید کے ساتھ ہے۔

قوله: بابي أنت وامي۔

تقدیری عبارت دو طرح ہو سکتی ہے:

ای بابی انت مفدی سے أو افديك بابی وبامی ۔

اور مطلب یہ ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أجعلك مفديا بهما و أصير هما مداء لك۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے تھا۔

کسی اور کے لئے نہیں کہا جس سکتا۔ (کذا فی حاشیہ البخاری للسیوطیؒ) لیکن مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے سعد بن ابی وقاص نے فرمایا تھا:

فداك ابی و امی ۔

اور اسی طرح حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا۔ ان دو حضرات کے علاوہ کسی سے آپ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا۔ ممکن ہے کہ یہ بھی آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے ہو۔

قوله :ما سلمت تسليمة الا هي بأذني۔

اور ایک نسخہ میں "الا وهي" ہے۔ ضمیر کا مرجع "التسليمة" ہے اور "أذني" بصیغہ تثنیہ ہے۔ برائے مبالغہ (اور مفعول کے معنی میں ہے) ای فی مسموعی ۔

قوله :ان استكثر من سلامك ومن البركة:

بعض کا کہنا ہے کہ یہ دلیل ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے سلام کے ساتھ "وبرکاتہ" کا اضافہ بھی فرما رہے تھے۔

یہ محل بحث ہے۔ امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہ حدیث دلیل ہے کہ سلام کا جواب سنانا مستحب نہیں ہے جبکہ اس قسم کی غرض ہو۔ یعنی نبی کریم ﷺ کی اس پر تقریر ہوسکتا ہے لیکن اس پر اشکال ہوتا ہے وہ یہ کہ سلام کا جواب اگر سنایا نہ جائے تو وہ فرض کے قائم مقام نہیں ہوسکتا اور ممکن ہے کہ انہوں نے سلام کا جواب آنحضرت ﷺ کے پیچھے پیچھے جاتے ہوئے بآوازِ بلند سنایا ہو۔

"قال :أكل طعامكم": الابرار ۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: اس میں دو احتمال ہیں: ❶ ممکن ہے کہ نبی کریم ﷺ نے یہ کلمات بطور دعا کے ارشاد فرمائے ہوں۔ ❷ ممکن ہے کہ بطور اخبار ارشاد فرمائے ہوں۔ اس دعا کا پہلا جزء تو نبی کریم ﷺ پر صادق آتا ہے کہ وہ "ابو الأبرار" ہیں۔ دوسرے لوگوں کا ان کلمات کو ادا کرنا بطور دعا ہی ہوگا۔ چونکہ کسی شخص کا اپنی بابت لوگوں کو یہ خبر دینا کہ میں "ابرار" میں سے ہوں جائز نہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ "ابرار" کا اطلاق خود اپنی ذات پر فرمایا ہو، برائے تعظیم کے، جیسا کہ اللہ جل شانہ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بابت فرمانا: ﴿إن ابراهيم كان أمة﴾ [النحل: ۱۲۰] ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: **وصلت عليكم الملائكه** میں بھی اخبار و دعا دونوں کا احتمال ہے۔ اور "**أفطر عندكم الصائمون**" محض دعا ہے، چونکہ اس کی خبر مجرد میں فائدہ تامہ نہیں ہے، اگرچہ بظاہر وہ افطار کا وقت نہیں تھا، یہ اس روایت کے منافی نہیں کہ جس میں یہ آیا ہے: "**إذا أفطر عند قوم دعالهم**" بلکہ اس میں اس کی تائید ہے۔ فتأمل: یہ قید واقعی ہے نہ کہ احترازی۔

میرکؒ شاہ فرماتے ہیں: انس بن مالکؓ کی روایت میں آتا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان النبی ﷺ جاء إلی سعد بن عبادة فجاء بخبز وزبیب، فأکل ثم قال: أفطر عندکم الصائمون، وأکل طعامکم الأبرار، وصلت علیکم الملائکة۔ هکذا رواه أبوداود باسناد صحیح۔

اس حدیث کو ابن السنی حضرت انسؓ سے نقل کرتے ہیں:

قال: کان النبی ﷺ إذا أفطر عند قوم دعا لهم، فقال: أفطر عندکم الخ۔

ابن ماجہ حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ سے نقل کرتے ہیں:

قال: أفطر رسول اللّٰه ﷺ عند سعد ابن معاذ فقال: أفطر عندکم الخ

اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے انہوں سعد بن معاذ کے بجائے سعد بن عبادۃ کا ذکر کیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اس کا جواب یہ ہے ممکن ہے کہ متعدد واقعات پیش آئے ہوں۔

مؤمن کی عجیب مثال

۴۲۵۰: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاِیْمَانِ کَمَثَلِ الْفَرَسِ فِیْ اٰخِیَّتِهٖ یَجُوْلُ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلٰی اٰخِیَّتِهٖ وَاِنَّ الْمُؤْمِنَ یَسْهُوْ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلَی الْاِیْمَانِ فَاَطْعِمُوْا طَعَامَکُمُ الْاَتْقِیَاءَ وَاَوْلُوْا مَعْرُوْفَکُمُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ (رواه البیهقی فی شعب الایمان وابو نعیم فی الحلیة)

أخرجه احمد فی المسند ۵۵/۳ والبیهقی فی الشعب ۴۰۲/۷ الحدیث رقم ۱۰۹۶۴ وابو نعیم فی الحلیة ۱۷۹/۸۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مؤمن اور مؤمن کے ایمان کی مثال اس گھوڑے جیسی ہے جو اپنی رسی کے ساتھ بندھا ہوا ہو اور چکر لگا کر اپنی رسی کی طرف لوٹ جاتا ہے یعنی واقعہ یہ ہے کہ مؤمن غفلت کرتا ہے اور پھر ایمان کی طرف لوٹ جاتا ہے پس تم اپنا کھانا متقی لوگوں کو کھلاؤ اور اپنا عطیہ ایمان والوں کو دو۔ اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان اور ابونعیم نے حلیہ میں نقل کیا ہے۔

تشریح: ''مثل'': بروزن قمر، آخیته: ہمزہ ممدودہ، خائے معجمہ مکسورہ، اور پھر بائے مشددہ۔

اخیة اصل میں اس لکڑی کو کہتے ہیں جس کے دونوں سروں کو زمین میں مضبوطی سے گاڑ دیتے ہیں' لہٰذا فرمایا گیا کہ جس طرح کوئی گھوڑا اپنے کنڈے سے بندھا ہوا اِدھر اُدھر چکر لگاتا ہے یہ تو ہوتا ہے کہ وہ اپنے کنڈے سے کبھی نزدیک ہو جاتا ہے کبھی دور' مگر اس سے بالکل جدا نہیں ہو سکتا ٹھیک یہی حال ایمان اور مؤمن کے درمیان تعلق کا ہوتا ہے کہ مؤمن ایمان کے ساتھ بندھا ہوا ہوتا ہے' اس سے جدا نہیں ہو سکتا کبھی تو اعمال صالحہ کے ذریعہ اس کو قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اور کبھی گناہوں کی وجہ سے بعد ہو جاتا ہے مگر اصل ایمان سے جدا نہیں ہوتا) چنانچہ اگر وہ گناہ میں مبتلا ہوتا ہے تو آخرکار اس گناہ پر نادم و تائب ہو کر اپنی فوت شدہ عبادت کا تدارک کر لیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: فأطعموا طعامكم الاتقياء:

یہ جملہ اصل میں جزا ہے شرط محذوف کی إی إذا كان حكم الإيمان حكم الآخية فقووا الوسائل بينكم وبينه واطعموا...... ۔اس اعتبار سے پورا مفہوم یوں ہوگا کہ اس مثال کے مطابق جب "ایمان" کی وہی حیثیت ہو جو اخیہ یعنی کنڈے کی ہے تو ان چیزوں کو مضبوط وقوی کرنے کے طریقے اختیار کرو جو تمہارے اور ایمان کے درمیان وسائل کا درجہ رکھتے ہیں اور اس کا ایک بہترین وسہل طریقہ ضیافت کرنا (کھانا کھلانا) ہے۔

رہی یہ بات کہ کھانا کھلانے کے سلسلے میں "پرہیزگاری" کی تخصیص کیوں ہے' تو اس کا سبب یہ ظاہر کرنا ہے کہ کھانا جز وبدن بنتا ہے' جس سے طاعت پر تقویت ملتی ہے تو اگر تم اپنا کھانا متقی کو کھلاؤ گے (تو نہ صرف یہ کہ تمہیں اس نیک عمل پر ثواب ملے گا بلکہ وہ تمہارا کھانا کھا کر جو عبادت کریں گے اس کا ثواب بھی تمہیں ملے گا اور) وہ تمہارے حق میں جو دعا کریں گے وہ بھی قبول ہوگی ایک روایت میں ہے: "لاتاكل الاطعام تقی' ولا ياكل طعامك الاتقی" پرہیزگاروں کی تخصیص صرف اس معاملہ میں ہے ورنہ مطلق احسان واعانت تو سب مسلمانوں کے ساتھ کرنی چاہئے' جیسا اگلے جملہ میں بصیغہ عموم ارشاد کہ فرمایا گیا "اور اپنے احسانات سے سب مسلمانوں کو نوازو' منافقین اور کافروں کو مت نوازو۔

غراء پیالے کا تذکرہ

۴۲۵۱: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ لِنَبِيِّ ﷺ قَصْعَةٌ يَحْمِلُهَا اَرْبَعَةُ رِجَالٍ يُقَالُ لَهَا الْغَرَّاءُ فَلَمَّا اَضْحُوْا وَسَجَدُوا الضُّحٰى اُتِيَ بِتِلْكَ الْقَصْعَةِ وَقَدْ ثُرِدَ فِيْهَا فَالْتَفُّوْا عَلَيْهَا فَلَمَّا كَثُرُوْا جَثٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ مَا هٰذِهِ الْجِلْسَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِيْ عَبْدًا كَرِيْمًا وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا عَنِيْدًا ثُمَّ قَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَدَعُوْا ذِرْوَتَهَا يُبَارَكْ فِيْهَا ۔ (رواه ابوداود)

اخرجه ابی داود فی المسنن ۱۴۳/۴ الحديث رقم ۳۷۷۳ وابن ماجه فی ۱۰۸۶/۲ الحديث رقم ۳۲۶۳.

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن بسرؓ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کا ایک بڑا پیالہ تھا جس کو چار آدمی اٹھاتے تھے یعنی جب اس میں کھانا ڈال لیا جاتا تو اس قدر بھاری ہو جاتا کہ چار آدمیوں کے بغیر نہ اٹھایا جا سکتا پھر بڑا ہونے کی وجہ سے خالی ہی وہ اتنا بھاری تھا کہ جس کو چار آدمی اٹھا سکتے تھے اس کا نام غراء تھا۔ جب چاشت کا وقت ہوتا اور چاشت کی نماز پڑھ چکتے تو اس پیالے کو لایا جاتا اور اس میں ثرید تیار کیا جاتا پھر اس کے گرد جمع ہو کر لوگ بیٹھ جاتے جب لوگوں کی تعداد زیادہ ہو جاتی تو آپ ﷺ گھٹنوں کے بل بیٹھ جاتے یعنی جگہ کی تنگی کی وجہ سے تو ایک بدو کہنے لگا کیا اس طرح بیٹھتے ہیں (آپ کے رتبہ کے لائق نہیں کہ آپ اس طرح بیٹھیں) تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تواضع والا بندا بنایا ہے یعنی اس طرح بیٹھنا تواضع کے قریب تر ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے سرکش وضدی نہیں بنایا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کے کنارے سے کھاؤ اور اس کی درمیانی بلندی کو چھوڑ دو (یعنی درمیان والا کھانا) اس میں برکت دی جائے گی یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: الغراء: ''أغرّ'' کی تانیث ہے بمعنی انتہائی سفید چمکدار

أضحوا: ضادِ معجمہ کے سکون، اور حائے مہملہ کے فتحہ کے ساتھ، بمعنی، دخلوا فی الضحیٰ۔

قد ثرد: ثائے مثلثہ کے ضمہ اور رائے مشددہ کے کسرہ کے ساتھ یہ جملہ حالیہ ہے۔

فالتفوا: فائے مشددہ کے ضمہ کے ساتھ،

کثروا: ثائے مثلثہ کے ضمہ کے ساتھ۔

جثا: صاحب قاموس لکھتے ہیں: جثا کدعا ورمی، جثوا وجثیا بضمهما، جلس علی رکبتیه۔

ما هذه الجلسة: بکسر الجیم ۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اعرابی کا یہ کلام ایسا ہے: ﴿ما هذه الحیوة الدنیا﴾ [العنکبوت: ٦٤] گویا کہ اعرابی نے نبی کریم ﷺ کی اس ہیئت کو حقیر جانا، اور اپنے آپ کو رفیع الشان سمجھا۔

فقال رسول اللہ ﷺ: ایک نسخہ میں ''نبی اللہ'' ہے۔

عبدا کریما: یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے متواضع اور سخی بنایا ہے، اور میری یہ نشست تواضع کے زیادہ قریب ہے، اور میں ''عبد'' ہوں، اور تواضع عبد کے زیادہ لائق ہے۔ امام طیبی (آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا مطلب بیان کرتے ہوئے) فرماتے ہیں: یہ نشست تواضع پر مبنی ہے، یہ نشست ایسی نہیں کہ جس کو حقارت سمجھا جائے۔ چنانچہ اسی وجہ سے آپؐ نے ''عبد'' کو کریم'' کے ساتھ موصوف فرمایا۔ اھ۔ اس کا مفہوم (یعنی مفہوم مخالف) یہ نکلتا ہے کہ اس جیسی نشست کو اہل جہالت وتکبر پسند نہیں کرتے، اسی لئے فرمایا: ولم یجعلنی جبارا عنیدا۔ یعنی متکبر ومتمرد، معاند وجائز نہیں بنایا کہ علم ہونے کے باوجود ادائے حق نہ کروں۔

کلوا من جوانبها ودعوا ذروتها: یہاں ''مقابلہ'' الجمع بالجمع'' ہے: أی لیأ کل کل واحد ممایلیه من أطراف القصعة۔

ذروتها: ذال معجمه پر تینوں حرکات درست ہیں، البتہ کسرہ اصح ہے۔ ای وسطها وأعلاها یبارك: جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔ أی هو سبب ان تکثر البرکة اس کی تشریح ماقبل میں بسط کے ساتھ گزر چکی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر تم اس طرح کھاؤ گے تو یہ اس کھانے میں برکت کا باعث ہوگا اس کے برخلاف جب درمیان کے حصہ سے کھایا جاتا ہے تو نیچے کے حصے سے برکت منقطع ہوجاتی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔

مل کر کھانے کی برکت

۴۲۵۲: وَعَنْ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّا نَاكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَفْتَرِقُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارِكْ لَكُمْ فِيْهِ ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه ابی داوٗد فی السنن ١٣٨/٤ الحدیث رقم ٣٧٦٤' وابن ماجه فی ١٠٩٣/٢ الحدیث رقم ٣٢٨٦'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأحمد في المسند ۳/ ۵۰۱۔

ترجمہ: وحشی بن حرب نے اپنے والد اور انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے اصحاب نے ایک دن عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کہ ہم کھاتے ہیں مگر پیٹ نہیں بھرتا یعنی ہم ارادہ کرتے ہیں قناعت کا اور طاعت پر قوت کا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ شاید تم الگ الگ کھاتے ہو گے انہوں نے عرض کیا جی ہاں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنا کھانا مل کر کھایا کرو اور اس پر اللہ کا نام لو تمہیں برکت دی جائے گی اس روایت کو ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔

راویٔ حدیث:

وحشی بن حرب ۔ یہ وحشی ہیں جو حرب کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے اپنے باپ کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔ اور ان سے صدقہ بن خالد وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ اہل شام میں شمار ہوتے ہیں۔

تشریح: فلعكم تفترقون: ایک روایت میں یوں ہے: فلعلكم تأكلون متفرقين۔

قوله: وعن وحشى ......:

حق یہ تھا کہ (بغیر واؤ کے) عن وحشی الخ کہتے۔ جیسا کہ مؤلف نے فصل تابعین'' میں ذکر کیا ہے۔ اور فرمایا کہ ان سے صدقۃ بن خالد وغیرہ روایت کرتے ہیں اور ان کا شمار شامیوں میں ہوتا ہے۔ اور ''فصل صحابہ'' میں لکھتے ہیں: وحشی بن حرب حبشی...... ان کے دادا وہی وحشی ہیں جنہوں نے غزوہ احد کے دن آنحضرت ﷺ کے چچا سید الشہداء حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا اس وقت وحشی کافر تھے اور کفار مکہ کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف نبرد آزما تھے لیکن بعد میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ہدایت بخشی اور وہ مشرف باسلام ہو گئے' اسلام لانے کے بعد ان کا ایک بڑا کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے مشہور مدعیٔ نبوت مسیلمہ کذاب کو قتل کر کے جہنم رسید کیا تھا!

❶ الگ الگ کھانا' کھانا بے برکتی کا باعث ہے جب کہ اکٹھے ہو کر کھانے پر بیٹھنا اس کھانے میں برکت کا ذریعہ ہے۔

❷ کھانے پر اکٹھے ہو کر بیٹھنا اور کھاتے وقت بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرنا ان دونوں میں سے ہر ایک برکت کا باعث ہے اور اگر دونوں جمع ہوں کہ کھانے پر اکٹھے بیٹھا بھی جائے اور کھاتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام بھی لیا جائے تو یہ برکت میں زیادتی کا باعث بھی ہوگا اور ذکر اللہ کی کثرت کا ذریعہ بھی۔

رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جو یہ فرمایا ہے: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا﴾ [النور: ٦١] ''یعنی اس بارے میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم الگ الگ کھاؤ یا اکٹھے ہو کر۔'' تو اصل میں یہ آیت رخصت پر محمول ہے یا اس کا تعلق ان لوگوں کو تنگی سے بچانے سے ہے جو اکیلے ہی رہتے ہیں۔

ابو یعلی اپنی مسند میں، ابن حبان، بیہقی اور ضیاء حضرت جابر سے مرفوع روایت کرتے ہیں:

''أحب الطعام إلى الله ما كثرت عليه الأيدي۔''

امام طبرانی نے ابن عمر سے موقوفاً نقل کیا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طعام الاثنين يكفي الأربعة، وطعام الأربعة يكفي الثمانية، فاجتمعوا عليه ولا تفرقوا۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہؒ اور نسائیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

الفصل الثالث:

اس قسم کی نعمتوں کا سوال ہوگا

۴۲۵۳: عَنْ اَبِیْ عَسِیْبٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ لَیْلاً فَمَرَّ بِیْ فَدَعَانِیْ فَخَرَجْتُ اِلَیْہِ ثُمَّ مَرَّبِاَبِیْ بَکْرٍ فَدَعَاہُ فَخَرَجَ اِلَیْہِ ثُمَّ مَرَّبِعُمَرَ فَدَعَاہُ فَخَرَجَ اِلَیْہِ فَانْطَلَقَ حَتّٰی دَخَلَ حَائِطاً لِبَعْضِ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لِصَاحِبِ الْحَائِطِ اَطْعِمْنَا بُسْرًا فَجَاءَ بِعِذْقٍ فَوَضَعَہٗ فَاَکَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَاَصْحَابُہٗ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ بَارِدٍ فَشَرِبَ فَقَالَ لَتُسْاَلُنَّ عَنْ ھٰذَا النَّعِیْمِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالَ فَاَخَذَ عُمَرُ الْعِذْقَ فَضَرَبَ بِہِ الْاَرْضَ حَتّٰی تَنَاثَرَ الْبُسْرُ قِبَلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ ثُمَّ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا لَمَسْئُوْلُوْنَ عَنْ ھٰذَا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ قَالَ نَعَمْ اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ خِرْقَۃٍ لَفَّ بِھَا الرَّجُلُ عَوْرَتَہٗ اَوْکِسْرَۃٍ سَدَّبِھَا جُوْعَتَہٗ اَوْ حُجْرٍ یَتَدَخَّلُ فِیْہِ مِنَ الْحَرِّ وَالْقُرِّ۔ (رواہ احمد والبیھقی فی شعب الایمان)

أخرجه أحمد في المسند ٥/٨١ والبيهقي في شعب الايمان ٤/١٤٣ الحديث رقم ٤٦٠١۔

ترجمہ: حضرت ابوعسیب سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ایک رات اپنے گھر سے باہر تشریف لائے اور آپ کا میرے پاس سے گزر ہوا آپ ﷺ نے مجھے بلایا میں نکل کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا پھر ہمارا گزر ابو بکر صدیقؓ کے پاس سے ہوا تو ان کو بھی آپ ﷺ نے بلایا اور وہ نکل کر آپ ﷺ کی خدمت میں آ گئے پھر آپ کا گزر عمرؓ کے پاس سے ہوا تو آپؐ نے ان کو بھی بلایا وہ گھر سے نکل کر آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچ گئے آپ ﷺ چلتے ہوئے ایک انصاری کے باغ میں پہنچے اور اس کو فرمایا کہ ہم کو کھجوریں کھلاؤ وہ کھجوروں کا خوشہ لایا اور آپ ﷺ کی خدمت میں رکھ دیا اس میں سے آپ ﷺ نے اور آپ کے صحابہؓ نے کھجوریں کھائیں پھر ٹھنڈا پانی منگوایا پس آپ ﷺ نے اور صحابہؓ نے پیا پھر ارشاد فرمایا قیامت کے دن تم سے اس نعمت کے متعلق سوال ہوگا راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت عمرؓ نے کھجور کا خوشہ لے کر اس کو زمین پر مارا یہاں تک کہ اس کی کچی کھجوریں بکھر کر آپ کی طرف گئیں پھر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا واقعی اس قسم کی نعمتوں کے بارے میں قیامت کے دن سوال کیا جائے گا آپ ﷺ نے فرمایا جی ہاں۔ یعنی ہر قلیل و کثیر نعمت کے بارے میں سوال ہوگا البتہ تین چیزوں کا سوال نہ ہوگا ایک وہ کپڑا جس سے اپنے ستر کو ڈھانپے اور دوسرا وہ روٹی کا ٹکڑا جو اس کی بھوک کا ازالہ کرے اور تیسرا وہ سوراخ جس سے سردی اور گرمی سے بچا جائے اس روایت کو احمد اور بیہقی نے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راوئ حدیث:

ابوعسیب ۔مؤلف رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں یہ ابوعسیب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ ہیں۔ان کا نام ''احمر'' ہے۔ان سے مسلم بن عبید روایت کرتے ہیں۔ ''عسیب'' عین کے زبر اور سین مہملہ کے زیر کے ساتھ ہے۔''مرقات'' میں ان کا نام ''احمد'' مذکور ہے۔

تشریح: قولہ: حتی دخل حائطا لبعض الانصار: ممکن ہے کہ یہ انصاری صحابی ابوہیثم ہوں' اور یہ ایک مستقل واقعہ ہو' اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ انصاری صحابی ابوالہیثم کے علاوہ کوئی اور ہوں۔

قولہ: فأخذ عمر لعذق فضرب به الرض:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے یہ فعل کمال خوف اور ہیبت الٰہیہ کی وجہ سے صادر ہوا کہ جب انہیں یہ بتلایا گیا کہ کلی و جزئی تمام امور کے بارے میں سوال ہوگا۔ان پر جذب طاری ہوگیا' چنانچہ جب اس حالت سے افاقہ ہوا تو انہوں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا: یا رسول الله انا لمسٔونون عن هذا یوم القیامة۔

لتسألن: صیغۂ مخاطب ہے، یہ صیغہ تغلیباً استعمال فرمایا' آیت کے الفاظ کی رعایت کی مناسبت سے فرمایا، یا یہ بتلانا مقصود ہے کہ نعمتوں کے بارے میں یہ سوال انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے نہیں ہوگا۔

قبل: قاف کے کسرہ اور بائے موحدہ کے فتحہ کے ساتھ بمعنیٰ ''جانب''۔

قولہ: إنا لمسؤولون عن هذا یوم القیامة:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مشارالیہ ماقبل میں مذکور ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''العذق'' ہو، تحقیر شان مراد ہو۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: پہلا احتمال واضح ہے، چونکہ محل سوال ''نعیم ماکول'' ہے، جیسا کہ جواب بھی دلالت کررہا ہے۔

قال: نعم: اصل کلام یوں ہے۔أی أنتم مسؤلون عن کل نعیم تتنعمون وتنتفعون به۔

الامن ثلاث: یہاں ''نِعَمٌ'' محذوف ہے: أی من نعم ثلاث،

خرقة: مجرور ہے ''بدل'' ہونے کی وجہ سے، ''لف'': لام کے فتحہ، اور فاء کی تشدید کے ساتھ۔بمعنیٰ ''ستر'' ایک نسخہ میں لام کے بجائے کاف ہے۔ای کفّ أی منعها عن الکشف۔

جوعته: جیم کے فتحہ کے ساتھ، مصدر مرۃ ہے، چنانچہ قاموس میں لکھا ہے: الجوع ضد الشبع، وبالفتح المصدر۔

''حجر'': اس لفظ کو کئی طرح ضبط کیا گیا ہے: (۱) حائے مہملہ مضمومہ جیم کے ساکن اور پھر راء ہے۔أی مکان محجر۔

'حجرة'' بھی اسی سے ماخوذ ہے، الحجر مثلثة المنع اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ غیر کو وہاں بلا اجازت داخل ہونے سے روکتا ہے' یا دھوپ اور مخالف ہوا کو وہاں تک پہنچنے سے روکتا ہے چنانچہ اس کی طرف اگلے جملہ ''یتدخل فیه'' میں اشارہ ہے کہ اس کی تنگی ہو' جس کی وجہ سے بمشکل ہی اس میں داخل ہوتا ہے۔

من الحر والقر: (یہ من اجلیہ ہے) ای من أجلها۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبی فرماتے ہیں کہ یہاں جیم کے ضمہ اور حاء کے سکون کے ساتھ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس صورت میں موافقت ہو جائے گی۔ ''حقارت'' میں ''یربوع'' کے بل سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اس وجہ سے اس کے بعد ''یتدخل'' کو ذکر فرمایا کہ یہ بقدر حاجت پر دلالت کرتا ہے' بلکہ اقل پر دلالت کرتا ہے اور اس کا اقل درجہ یہ ہے کہ اس کو گرمی اور سردی سے بچاتا ہے۔
عرض مرتب: صاحب ''مصباح اللغات'' یربوع کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دُم لمبی ہوتی ہے۔ (انتہیٰ)
''القر'': بالضم۔ موسم شتاء کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسا کہ قاموس میں ہے۔ ام زرع کی حدیث میں جو''لاحر ولاقر'' کے الفاظ آئے ہیں وہ بھی اسی معنی میں ہیں۔ اور''القر'' بفتح القاف بمعنٰی''بارد'' ہے۔ بعض نسخوں میں فتحہ کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے، وہ غفلت پر مبنی ہے، یا مشاکلت کے طور پر آیا ہے۔ اور''حر'' سے مراد''حار'' ہے۔ ایک صحیح نسخہ میں''جحر جیم کے ضمہ اور حاء کے سکون کے ساتھ آیا ہے۔

قوله: رواه أحمد و البیهقی فی شعب الایمان:
بعض نسخوں میں''مرسلا'' کا اضافہ بھی ہے لیکن یہ مقام کے مناسب نہیں، اور ممکن ہے کہ یہ قید بیہقی کی روایت سے متعلق ہو۔ اور زیادہ واضح یہ ہے کہ لفظ مرسلاً کا اضافہ درحقیقت اگلی حدیث میں ہے، وہاں سے یہاں منتقل ہو گیا ہے۔ چونکہ اگلی روایت مرسل ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ امام حاکمؒ نے مستدرک میں اتنا اضافہ بھی نقل کیا ہے: **فلما کبر علی أصحابه قال: إن أصبتم مثل هذا وضربتم بأیدیکم فقولوا: بسم الله علی برکة الله، فإذا شبعتم فقولوا: الحمد لله الذی هو أشبعنا وأروانا وأنعم علینا وأفضل، فإن هذا کفاف هذا۔**

دستر خوان کا ادب

۴۲۵۴: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا وُضِعَتِ الْمَائِدَةُ فَلَا يَقُوْمُ رَجُلٌ حَتّٰى تُرْفَعَ الْمَائِدَةُ وَلَا يَرْفَعُ يَدَهٗ وَاِنْ شَبِعَ حَتّٰى يَفْرُغَ الْقَوْمُ وَلْيُعْذِرْ فَاِنَّ ذٰلِكَ يُخْجِلُ جَلِيْسَهٗ فَيَقْبِضُ يَدَهٗ وَعَسٰى اَنْ يَكُوْنَ لَهٗ فِى الطَّعَامِ حَاجَةٌ۔ (رواه ابن ماجة والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۰۹۶ الحدیث رقم ۳۲۹۵ والبیهقی فی الشعب ۵/ ۸۳ الحدیث رقم ۵۸۶۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب دستر خوان بچھا دیا جائے تو اس وقت تک کوئی شخص نہ اٹھے جب تک دستر خوان نہ اٹھایا جائے اور کھانے سے ہاتھ نہ اٹھائے خواہ اس کا پیٹ بھر چکا جب تک کہ لوگ فارغ نہ ہو جائیں اور چاہئے کہ عذر کرے یعنی اگر ہاتھ پہلے کھینچ لے یا پہلے اٹھ کھڑا ہو تو اپنا عذر ظاہر کرے کیونکہ اس کے اٹھ جانے سے اس کا ہمنشیں بھی شرمندہ ہو کر ہاتھ سمیٹ لے گا اور شاید اس کو کھانے کی ابھی حاجت ہو یہ ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کی ہے۔

تشریح: **المائدة:** سے یہاں ''سفرہ'' اور اس جیسی چیز مراد ہے، ''خوان'' مراد نہیں ہے، چونکہ وہ (یعنی اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استعمال) بدعت ہے۔

وليعذر: یاء کے ضمہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: **عذر و أعذر أبدى عذرا**۔

فإن ذلك: مشار الیہ میں متعدد احتمال ہیں: ❶ قیام۔ ❷ رفع۔ ❸ دونوں مراد ہوسکتے ہیں۔

يخجل: یاء کے ضمہ، جیم کی تخفیف وتشدید کے ساتھ قاموس میں لکھتے ہیں: **خجل كفرح اتحيي ودهش وأخجله خجله**، **جليس**: بمعنی "مجالس" ہے۔

اس حدیث سے ابو حاور مسئلہ اخذ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر دسترخوان پر ایک سے زائد آدمی ہوں تو ان میں سے کسی شخص کو اپنے بھائیوں سے پہلے اپنا ہاتھ کھانے سے نہ کھینچنا چاہئے' اگر اس کے ہاتھ کھینچنے کے بعد وہ (ساتھی) بھی شرما شرمی میں کھانا چھوڑ دیتے ہوں اور اگر کوئی شخص کم خوراک ہو (کہ کم خور ہونے کی وجہ سے دسترخوان کے دوسرے ساتھیوں کا آخر تک ساتھ دینا اس کے لئے مشکل ہو) تو اس صورت میں اسے چاہئے کہ وہ ابتداء میں توقف کرے آہستہ اور تھوڑا تھوڑا کھائے (تاکہ آخر تک دوسرے لوگوں کا ساتھ دے سکے۔)

اور اگر کسی سبب سے رک ہی جائے تو اسے چاہیے کہ وہ دوسروں لوگوں سے معذرت کرلے تاکہ دوسروں کو شرمندگی نہ ہو۔

قوله: **رواه ابن ماجه و البيهقي في شعب الايمان**:

بعض نسخوں میں مرسلاً کا اضافہ ہے' یہ خطا پر مبنی ہے۔

لوگوں کے ساتھ کھانے میں شرکت

۴۲۵۵: وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَكَلَ مَعَ قَوْمٍ كَانَ اٰخِرَهُمْ اَكْلًا۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان مرسلا)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ۵/ ۱۲۲ الحديث رقم ۶۰۳۷۔

ترجمہ: امام جعفر بن محمدؒ نے اپنے والد محمد باقرؒ سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کے ساتھ کھانا کھاتے تو آپ ﷺ سب سے آخر تک کھانے والے ہوتے یہ بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کی ہے صحیح روایات میں یہ اور قابل اعتماد نسخوں میں مرسل کا لفظ بھی مذکور ہے کیونکہ محمد باقر تابعی ہیں اور ان کا سماع زین العابدین اور جابر بن عبداللہ سے ہے خود صحابی نہیں اس لئے یہ روایت مرسل ہے۔ اٰخِرَهُمْ اَكْلًا یعنی آپ کھانے سے لوگوں سے پہلے ہاتھ نہ کھینچتے تھے یا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ شروع میں نہ کھاتے بلکہ آخر میں کھاتے یا یہ ہے کہ آپ ﷺ کم کھاتے اور آخر میں شروع فرماتے تاکہ لوگ شرمندہ نہ ہوں اور کھانے سے ہاتھ نہ کھینچ لیں۔ (ح۔ع)"

تشریح: حضرت امام محمد باقر اصل میں تابعی ہیں اور ان کو اپنے والد بزرگوار زین العابدین اور حضرت جابر بن عبداللہ سے سماعت حدیث کا شرف حاصل ہے اس اعتبار سے یہ حدیث مرسل ہے۔

عرضِ مرتب: صاحب مظاہر اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دستر خوان پر موجود دوسرے لوگوں سے پہلے اپنا ہاتھ کھانے سے نہیں کھینچتے تھے بلکہ آخر تک کھاتے رہتے تھے اور یا تو یہ کہ آپ ابتداء میں نہیں کھاتے تھے یا بہت آہستہ آہستہ اور کم کم کھاتے تھے اور اس طرح کھانے کے آخر تک سب کا ساتھ دیتے تھے تا کہ دوسرے لوگ بھی شرم ولحاظ میں کھانا نہ چھوڑ دیں۔

توضیح: اصول معتمدہ اور تصحیح شدہ نسخوں میں مرسلاً کا اضافہ موجود ہے۔ اور اس لئے بھی کہ اس پر ''مرسل'' کی تعریف صادق آتی ہے۔ تابعی جب حدیث کو صحابی کا ذکر کئے بغیر رفع کے ساتھ روایت کرتا ہے تو ایسی حدیث کے مرسل ہونے پر اجماع ہے اختلاف تو اس کے حجت ہونے میں ہے کہ جمہور کے نزدیک حجت ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک حجت نہیں ہے بعض نسخوں میں ''مرسلاً'' کے نہ ہونے سے یہ وہم ہوتا ہے کہ یہ حدیث متصل ہے۔ یہ عدم ذکر مقصود میں مخل ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس وجہ سے ذکر نہ کیا ہو کہ محدثین کے نزدیک یہ واضح بات ہے۔

جھوٹ وبھوک جمع نہ کرو

۴۲۵۶ :وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ اُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِطَعَامٍ فَعُرِضَ عَلَيْنَا فَقُلْنَا لَا نَشْتَهِيْهِ قَالَ لَاتَجْتَمِعْنَ جُوْعًا وَكِذْبًا ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه في السنن ۲/۱۰۹۷ الحديث رقم ۳۲۹۸۔

ترجمه: اسماء بنت یزید کہتی ہیں کہ ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانا لایا گیا اور پھر وہ کھانا ہمارے سامنے رکھا گیا تو ہم نے کہا کہ ہم کھانا نہیں چاہتے یعنی بھوک تو تھی لیکن عادت کے طور پر ہم نے اس طرح کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بھوک اور جھوٹ جمع نہ کرو یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: **فعرض**: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے، ایک صحیح نسخہ میں صیغۂ معروف کے ساتھ ہے۔

لا تجتمعن: باب افتعال سے ہے، اور ایک نسخہ میں (مجرد سے) ''**لا تجمعن**'' ہے۔

كذبا: کو دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں یعنی کاف کے فتحہ اور ذال معجمہ کے کسرہ کے ساتھ، اور کاف کے کسرہ اور ذال کے سکون کے ساتھ۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: یعنی تم عورتوں کا کھانا کھانے سے انکار کرنا ''لا نشتيه'' حالانکہ تم لوگ بھوکی ہو، یہ جھوٹ اور بھوک کو جمع کرنا ہے، اسی کے قریب قریب یہ حدیث ہے: **المتشبع بما لم يعط كلابس ثوبي زور** اھ۔ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ اس حدیث میں جھوٹ بولنے سے ڈرایا گیا ہے۔

کہ اگر کوئی شخص بھوک اور کھانے کی خواہش کے باوجود بطور تکلف کھانے سے انکار کرے اور یہ کہے کہ مجھے کھانے کی خواہش نہیں ہے جو حقیقت میں جھوٹ بولنا ہے اس میں دوہرا نقصان ہے ایک تو دنیا کا نقصان کہ بھوک کی کلفت اٹھائی اور دوسرا دین کا نقصان کہ جھوٹ بولا یہاں یقین کے ساتھ یہ بات کہنا درست نہیں کہ ان خواتین نے واقعی ان دونوں باتوں کو جمع کیا تھا۔ غور فرمایئے یہاں لوگ لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۲۵۷: وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ كُلُوْا جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲ ۱۰۹۳ الحديث رقم ۳۲۸۷۔

ترجمہ: حضرت عمر بن الخطاب ؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اکٹھے ہو کر کھاؤ اور جدا جدا مت کھاؤ اس لئے کہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔ یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: "كلوا جميعا": "جميعا" حال ہے۔ أی حال کونکم مجتمعين۔

ولا تفرقوا: ایک تاء تخفیفاً محذوف ہے، البتہ تاء کو مشدد بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ابن ماجہ نے اس حدیث کو سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

مہمان کے ساتھ مشایعت

۴۲۵۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ يَّخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهٖ اِلٰى بَابِ الدَّارِ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۱۱٤ الحديث رقم ۳۳۵۸۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ آدمی اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک نکلے یعنی مہمان کے اکرام کے لئے یہ ابن ماجہ کی روایت ہے اور بیہقی نے اس کو حضرت ابو ہریرہ ؓ اور حضرت ابن عباس ؓ سے نقل کیا ہے اور اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

تشریح: ظاہر یہ ہے کہ یہ بھی مہمان کا مزید اکرام ہے کہ جب وہ جانے لگے تو دروازے تک نکل کر اس کو رخصت کیا جائے کہا گیا ہے کہ اس میں حکمت یہ ہے کہ اس کی وجہ سے دوسرے لوگ گھر میں ایک اجنبی کے آنے سے کسی وہم کا شکار نہیں ہوں گے۔

''یہ سنت ہے'' کا مطلب یہ ہے کہ یہ عمل (یعنی مہمان کے استقبال و وداع کے لئے گھر کے دروازے تک جانا) ایک قدیم عادت ہے یا مطلب ہے کہ یہ عمل فطرتِ سلیمہ کے عین مطابق ہے۔ یا یہ فطرتِ سلیمہ یا یہ مطلب ہے کہ یہ عمل میری سنت اور میرے طریقے کے مطابق ہے۔

۴۲۵۹: وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَ فِیْ إِسْنَادِهٖ ضَعْفٌ.

ألبيهقی فی شعب الايمان / الحديث رقم

ترجمہ: اور بیہقی نے کہا ہے کہ اس کے سلسلہ سند میں ضعف ہے''۔

تشریح: ممکن ہے کہ ان دونوں صحابہ سے مروی حدیث کی سند ایک ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں کی سند جدا جدا ہو۔ اس سلسلۂ سند میں ضعف ہونے سے نفس حدیث کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیونکہ یہ روایت متعدد اسانید سے منقول ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اگر کوئی روایت متعدد اسناد سے منقول ہو تو اس کو کثرت اسناد کی وجہ سے تقویت حاصل ہو جاتی ہے ویسے بھی فضائل میں ضعیف روایت بھی قابل قبول ہوتی ہے۔ واللہ اعلم

میزبان کے گھر میں برکت کا جلد نزول

۴۲۶۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْخَيْرُ اَسْرَعُ اِلَى الْبَيْتِ الَّذِىْ يُؤْكَلُ فِيْهِ مِنَ الشَّفْرَةِ اِلٰى سَنَامِ الْبَعِيْرِ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فى السنن ۲/ ۱۱۱۴ الحديث رقم ۳۳۵۷۔

ترجمه: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس گھر میں خیر و برکت اور بھلائی اس تیزی سے آتی ہے جتنی تیزی سے چھری کو ہان میں گھستی ہے جہاں مہمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہو۔ (ح)

تشریح: الذى يؤكل فيه: الجامع الصغیر کی روایت میں یوں ہے: الذى يغشى: أى يغشيه الضيفان۔

سنام: قاموس میں لکھتے ہیں: السنام كسحاب معروف۔ امام طیبیؒ وجہ تشبیہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: مہمانوں والے گھر میں تیزی سے خیر کے پہنچنے کو اونٹ کے کوہان کی طرف تیزی سے چھری پہنچنے کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

تشبیہ کی وضاحت:

جب اونٹ کا گوشت کاٹا جاتا ہے تو اس کے سب اعضاء سے پہلے اس کے کوہان کو کاٹتے ہیں اور چونکہ کوہان کا گوشت زیادہ لذیذ ہوتا ہے اس لئے وہ شوق کے ساتھ کھایا بھی جاتا ہے' پس فرمایا کہ جس طرح کوہان پر چھری جلدی پہنچتی ہے اس سے بھی زیادہ جلد اس گھر میں خیر و بھلائی پہنچتی ہے جس میں مہمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابٌ (فی اکل المضطر)

یہ باب پہلے باب سے متعلق ہے اور بعض نسخوں میں باب اکل فی المضطر بھی لکھا ہے اس باب میں فصل اول نہیں ہے

الفصل الثانی:

مردار کھانا کب درست ہوتا ہے

۴۲۶۱: عَنِ الْفُجَیْعِ الْعَامِرِیِّ اَنَّہٗ اَتَی النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ مَا یَحِلُّ لَنَا مِنَ الْمَیْتَۃِ قَالَ مَا طَعَامُکُمْ قُلْنَا نَغْتَبِقُ وَنَصْطَبِحُ قَالَ اَبُوْنُعَیْمٍ فَسَّرَہٗ لِیْ عُقْبَۃُ قَدَحٌ غُدْوَۃً وَقَدَحٌ عَشِیَّۃً قَالَ ذَاكَ وَاَبِی الْجُوْعُ فَاَحَلَّ لَھُمُ الْمَیْتَۃَ عَلٰی ھٰذِہِ الْحَالِ ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/ ١٦٧ الحدیث رقم ٣٨١٧۔

ترجمہ: فجیع العامریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا کہ ہمارے لئے مردار میں سے کیا چیز حلال ہے آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری کھانے کی مقدار کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم ایک شام کو دودھ کا پیالہ پیتے ہیں اور ایک صبح کو دودھ کا پیالہ پیتے ہیں۔ ابونعیم کہتے ہیں کہ مجھے عقبہ راوی نے اس طرح تشریح کی کہ ایک پیالہ صبح کے وقت اور ایک پیالہ شام کو تو پیغمبر خدا ﷺ نے فرمایا اس قدر کھانا جس کا ذکر کیا گیا مجھے اپنے باپ کی قسم ہے یہ بھوک کا موجب ہے۔ پس آپ ﷺ نے ان کے لئے اس حالت میں مردار کے استعمال کو جائز قرار دیا ہے۔ یہ روایت ابوداؤد نے نقل کی ہے۔

تشریح: مؤلفؒ فرماتے ہیں:

وَھٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ:

(اور اس باب میں پہلی فصل نہیں ہے) یعنی مصابیح میں یہ باب روایات صحاح سے خالی ہے۔ پس یہ ان کی طرف سے اعتذار ہے کہ اصل میں سے انہوں نے کوئی بھی چیز اصلاً نہیں چھوڑی۔ یہ باب فصل ثالث سے بھی خالی ہے' لیکن اس کی عذر خواہی کی ضرورت نہیں' اور اسی وجہ سے تصحیح شدہ نسخوں میں اس سے کوئی تعارض نہیں کیا گیا ہے اور ایک نسخہ میں ''عن الثالث'' کا اضافہ بھی ہے: ای ھذا الباب خال عن الفصل الاول وعن الفصل الثالث.

راویٔ حدیث:

الفجیع بن عبداللہ۔ نام ''فجیع'' ہے عبداللہ کے بیٹے ہیں۔ ''بنو عامر'' میں سے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں اپنی قوم کے ساتھ حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کی حدیثیں سنیں۔ وہب ابن عقبہ نے ان سے روایت کی۔ فُجیع فاء پر ضمہ' جیم پر فتحہ اور یاء ساکن۔ اس کے نیچے دو نقطے اور آخر میں عین مہملہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یحل: یاء کے اور حاء کے کسرہ کے ساتھ۔ بروزن **یضرب**۔

غذا انسان کی زندگی کو باقی رکھنے کے لئے ایک ضروری چیز ہے۔ انسان کو غذا کا نہ ملنا یا اتنی کم مقدار میں ملنا جس سے نہ صرف یہ کہ بھوک کو ختم نہ کیا جاسکتا ہو بلکہ زندگی کا وجود بھی خطرہ میں پڑ جائے ایک ایسی صورت حال پیدا کر دیتا ہے جس کو شریعت کی اصطلاح میں ''حالت اضطرار'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حالت اضطرار میں شریعت یہ اجازت دیتی ہے کہ انسان اگر کسی حرام چیز کو کھا کر اپنی زندگی بچا سکتا ہے تو وہ کھالینی چاہئے۔ چنانچہ سائل نے یہ سوال کر کے ہمارے لئے مردار میں سے کیا حلال ہے؟'' اصل میں یہی معلوم کرنا چاہا تھا کہ وہ کون سی صورت حال ہے جس پر ''حالت اضطرار'' کا اطلاق کیا جائے کہ اس صورت میں مردار یا کسی بھی حرام چیز کو کھایا جاسکتا ہے' یعنی اضطرار کی حد کیا ہے اور بھوک کی نوعیت کس درجہ کی ہو کہ جس کی وجہ سے حرام چیز کا کھانا مباح ہوسکتا ہے؟ اگرچہ سائل نے سوال کے لئے جو اسلوب و الفاظ اختیار کئے ہیں ان کے ظاہری مفہوم سے یہ واضح ہوتا ہے کہ انہوں نے گویا مردار کے کھانے کے بارے میں دریافت کیا ہے۔ مَایُحِلُّ لَنَا الْمَیْتَۃَ۔

قوله: ما يحل لنا من الميتة:

''**یحل**'' یاء کے فتحہ اور حاء کے کسرہ کے ساتھ یہاں ''**ونحن القوم المضطرون**'' کی قید بھی ہے۔ **ای مایجوزلنا أن ناكل من الميتة ونحن القوم المضطرون**. تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں مَایُحِلُّ لَنَا الْمَیْتَۃَ کہ جس سے مردار کے بارے میں سوال کرنا معلوم ہوتا ہے یہ روایت ابوداؤد کی ہے طبرانی وغیرہ کی کتاب میں مجھے یہ الفاظ ملے ہیں: ''مَا یَحِلُّ لنا المیتۃ'' یعنی یاء کے ضمہ کے ساتھ یہ نسق کلام کے زیادہ مشابہ ہے یعنی وہ کون سی حالت ہے جو ہمارے لئے مردار کے لئے کھانے کو حلال قرار دیتی ہے! یہ عبارت سائل کے اصل مقصود کو زیادہ صاف اسلوب میں واضح کرتی ہے۔ چونکہ سوال اس مقدار کے بارے میں نہیں تھا جو ان کے لئے مباح تھی' ان کا سوال اس حالت کے بارے میں تھا جو ''**مفضی**'' **الى الاباحة**'' ہو۔

اھ۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: شیخ تورپشتیؒ کا یہ کلام محل نظر ہے کہ سوال مقدار کے بارے میں نہیں تھا چونکہ اس کے بغیر مطلب درست بنتا ہی نہیں ہے۔ عقبہ کی بیان کردہ تفسیر **قدح غدوۃ وقدح عشية**، صرف اسی صورت میں درست ہوسکتی ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ یہ سائلین بھوک کی شکایت کر رہے تھے اور یہ کہ ان کے پاس (کھانے پینے کی اشیاء کی) اس قدر مقدار نہیں کہ جو ان کی بھوک کو دور کر سکے' جیسا کہ اگلی حدیث میں آ رہا ہے: **انما تكون بأرض فتصيبنا بها المخمصة**۔ تو گویا کہ انہوں نے یوں کہا: **ما عندنا ما نسد به جوعتنا فما مقدار ما يحل لنا من الميتة** ۔ اسی وجہ سے آپؐ نے ان سے ان کے کھانے کی مقدار کے بارے میں سوال فرمایا تو انہوں نے جواب دیا کہ دودھ کا ایک پیالہ صبح اور دودھ کا ایک پیالہ شام۔ پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنا تو ان کی ''جوع'' پر تقریر'' فرمائی' اور اس بات پر قسم کھاتے ہوئے فرمایا: **ذاك وأبى الجوع**۔ چنانچہ آپؐ نے اتنی مقدار کو مباح قرار دے دیا ہے یا جس سے ان کی بھوک کی ضرورت پوری ہوجائے اور اس بات کی دلیل کہ یہ سوال مقدار کے بارے میں تھا' ابونعیم کی تفسیر ہے: **قدح غدوة وقدح عشية** ۔ کہ یہ تفسیر تھا **نغتبق و نصطبح** کے لئے۔ یعنی اس کی تفسیر میں کہا کہ: **هو قدح غدوة**۔ اور دودھ کو طعام قرار دیا چونکہ طعام سے کفایت کرتا ہے جیسا کہ باب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الاشربۃ کی فصل اول کی نویں حدیث اس پر دلالت کر رہی ہے اھ امام طیبیؒ نے عجیب بات کہی ہے چونکہ انہوں نے شیخ کا مقصد نہیں سمجھا' کہ شیخ کا مقصود لفظ "یحل" سے متعلق تھا کہ اس کا انہوں نے (یعنی طیبیؒ) نے انکار کر دیا اور اس معنی کے پیچھے چل پڑے جو شیخ کے کلام کی مراد تھی چونکہ سب کے نزدیک مطلب یہ ہے کہ احلال کی مقدار دو پیالے ہیں یہ صرف طبرانی کی روایت پر درست بیٹھتا ہے کہ "ما یحل لنا المیتة" جیسا کہ واضح ہے تا کہ کتاب کی روایت: ما یحل لنا المیتة پر چونکہ اس سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ ای مقدار من المیتة یحل لنا۔ اور بالا اتفاق اس میں کوئی کلام نہیں ہے۔ ہاں کتاب کی روایت کے جواب میں تکلف کرنا ممکن ہے کہ "ما" استفامیہ سے مراد "حالت" ہے اور مطلب یہ ہوگا: ای حالة یحل لنا فیها بعض المیتة' اور دوسرا مطلب یہ سکتا ہے: ای حالة یحل لنا فیها المیتة' یہ مطلب ان کے مذہب پر ہوگا کہ جو "من" زائدہ کو جائز قرار دیتے ہیں' اور اس کی تائید اگلی روایت سے بھی ہوتی ہے: فمتی تحل لنا المیتة ای أکلها۔ پس جب سوال کا اس طرح ہونا متحقق ہوگیا تو تحقیق حال فرماتے ہوئے پوچھا: ما طعامکم؟ ای ما مقدار مذوقکم الذی تجدونه؟ چونکہ وہ مضطر کہ جس کو کچھ بھی نہ ملے اس کا حکم تو معلوم ہی ہے' اس کے بارے میں سوال کرنے کی احتیاج نہیں۔

"تم لوگوں کو کھانا کس مقدار میں ملتا ہے" اس سوال کا مقصد یہ تھا کہ دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک تو یہ کہ تمہیں غذا کے نام پر کوئی چیز بھی کسی بھی مقدار میں میسر نہ ہو' اس صورت میں کوئی الجھاؤ ہی نہیں ہے' جب پیٹ میں ڈالنے کے لئے کوئی بھی چیز کسی بھی مقدار میں میسر نہ ہو تو "حالت اضطرار" بالکل واضح طور پر متحقق ہو جاتی ہے' دوسری صورت یہ ہے کہ غذا کے نام پر کوئی نہ کوئی چیز اور کسی نہ کسی مقدار میں تمہیں میسر ہو اس صورت میں دیکھنا ہوگا کہ اس مقدار کی نوعیت کیا ہے کہ اس کے مطابق حالت اضطرار کے بارے میں فیصلہ ہوگا لہٰذا تم بتاؤ کہ اگر تمہیں کھانے کی قسم سے کوئی چیز دستیاب ہوتی ہے اس کی مقدار کیا ہے تا کہ اس مقدار کو معلوم کر کے یہ اندازہ کیا جا سکے کہ اس کے ذریعہ تمہارے پیٹ کو کتنا سہارا مل سکتا ہے اور تمہاری بھوک' اضطرار کی حد کو پہنچتی ہے یا نہیں؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سوال کرتے وقت "مخاطب کے لئے جمع" کا صیغہ استعمال کر کے گویا جماعت کو مخاطب کیا جب کہ سوال کرنے والے وہی ایک شخص (یعنی فجیع عامریؓ) تھے اس کی وجہ یہ تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو حکم بیان کرنا چاہتے تھے وہ اگرچہ ایک شخص کے سوال کے پیش نظر تھا مگر حقیقت میں اس کا تعلق سب ہی لوگوں سے تھا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح اس حکم کی عمومی حیثیت کو واضح فرمایا یہی وجہ ہے کہ فجیعؓ بھی اپنے جواب میں جمع کا صیغہ لائے یعنی یوں کہا کہ "ہم نے عرض کیا......الخ"

قولہ: قال: ما طعامکم: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سوال تحقیق حال کیلئے فرمایا، چونکہ تہی دست مضطر کا حکم تو معلوم ومعروف ہے، چنانچہ اس کے بارے میں سوال کرنے کی تو حاجت نہیں۔

نغتبق: غین معجمہ کے سکون کے ساتھ ہے۔

نصطبح: اصل میں "نصتبح" تھا، "تاء" کو "طاء" سے بدلا گیا ہے،

رات کے کھانے پینے کو مقدم ذکر کیا، چونکہ وہ زیادہ اہم بھی ہے اور مہتم بالشان بھی ہے۔ صاحب النہایۃ لکھتے ہیں:

الصبوح: الغداء، والغبوق: العشاء: یہ دونوں لفظ اپنے اصل معنی کے اعتبار سے پینے کے معنی میں مستعمل تھے، پھر ان کا استعمال "کھانے" کے معنی میں ہو۔ (ذکرہ الطیبی) لیکن یہاں یہ دونوں لفظ اپنے اصل معنی میں استعمال ہوئے ہیں' حق تو یہ تھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یوں کہتے ''اور کھانے کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں'' ابونعیم کی تفسیر کے مطابق حدیث کا مطلب یوں ہوگا: نشرب وقت الصباح قدحا ووقت العشاء قدحا۔

''نصطبح'' یہ اصل میں ''نصتبح'' تھا' تاء کو طاء سے بدلا گیا ہے۔اس کا مادہ اشتقاق ''صبوح'' ہے صبح کے معنی صبح کے کھانے پینے کے ہیں ''نغتبق'' غین معجمہ کے سکون کے ساتھ ہے۔اس کا مادۂ اشتقاق ''غبوق'' ہے جس کے معنی شام کے کھانے پینے'' کے ہیں یہاں ان دونوں الفاظ سے مراد صبح وشام ایک ایک پیالہ دودھ پینا ہے۔

قوله: قال: ذاك وأبي الجوع:

اس قسم کی دو تاویلیں کی گئی ہیں: اوّل آپ ﷺ کا یہ قسم کھانا اصل میں اس وقت کا واقعہ ہے جب کہ غیر اللہ کی قسم کھانے کی ممانعت نازل نہیں ہوئی تھی'

دوم: (پہلے اہل عرب عام طور پر چونکہ اسی قسم کی قسمیں کھایا کرتے تھے اور ایسی قسموں کے الفاظ ان کی زبان پر چڑھے ہوئے تھے اس لئے اس عادت کے مطابق) آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ بطور عادت یوں صادر ہوئے کہ قسم کھانے کا ارادہ نہ تھا۔

اور نہ اپنے والد کی تعظیم مقصود تھی، جیسا کہ لا واللہ، وبلی واللہ ہے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: اہل عرب اس کلمہ کو بکثرت استعمال کرتے ہیں، اور ان کی مراد اس کلمہ سے تاکید ہوتی ہے، اھ۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی نسبت سے یہ بات انتہائی مستبعد ہے۔پہلی بات ہی قابل اعتماد ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''وأبي'' یہ جملہ قسمیہ ہے، مبتدا خبر کے درمیان بطور جملہ معترضہ واقع ہوا ہے۔مبتدا اور خبر اجمالی طور پر جواب قسم پر دلالت کر رہے ہیں۔گویا کہ اصل کلام یوں ہے: ذلك الشرب الذى تقولون قليل تجوعون فيه وتحتاجون إلى الزيادة عليه۔ پھر آگے اس کو صراحۃً بیان کر دیا: فأحل لهم الميتة على هذه الحال۔

''آپ ﷺ نے اس صورت میں ان کے لئے مردار کو حلال قرار دیا''۔''اس صورت'' سے مراد صبح وشام ایک ایک پیالہ دودھ پینے کی صورت ہے یعنی گویا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ غذا کی اتنی تھوڑی سی مقدار تم لوگوں کو یقیناً کافی نہیں ہوگی اور تم سب بھوکے رہے ہوگے اس لئے یہ صورت حالت اضطرار کی ہے جس میں مردار کھانا حلال ہے لٰہذا تم مجبوراً مردار بھی کھا کر اپنی جان بچا سکتے ہو۔

عرض مرتب: یہ حدیث اگلی روایت سے معارض ہے، چنانچہ تفصیلی کلام اگلی روایت میں آ رہا ہے۔اھ۔

تخریج: امام طبرانیؒ وغیرہ نے بھی اس حدیث کو اسی طرح روایت کیا ہے۔

اضطرار کی حالت

۴۲۶۲: وَعَنْ اَبِیْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّا نَكُوْنُ بِاَرْضٍ فَتُصِيْبُنَا بِهَا الْمَخْمَصَةُ فَمَتٰى يَحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةُ قَالَ مَالَمْ تَصْطَبِحُوْا اَوْ تَغْتَبِقُوْا اَوْتَحْتَفِؤُوْا بِهَا بَقْلاً فَشَانُكُمْ بِهَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَعْنَاهُ إِذَا لَمْ تَجِدُوْا صَبُوْحًا اَوْ غَبُوْقًا وَلَمْ تَجِدُوْا بَقْلَةً تَاْكُلُوْنَهَا حَلَّتْ لَكُمُ الْمَيْتَةُ۔ (رواه الدارمی)

أخرجه الدارمی فی السنن ۲/ ۱۲۰ الحديث رقم ۱۹۹۶' وأحمد فی السمند ۵/ ۲۱۱۔

ترجمہ: حضرت ابو واقد لیثیؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا' یارسول اللہ ﷺ ہم بعض اوقات ایسی زمین میں پہنچتے ہیں کہ جہاں کچھ کھانے کی قسم میں سے نہیں ملتا۔ تو اس حالت میں ہمیں شدید بھوک پیش آجاتی ہے تو کس حالت میں ہمارے لئے مردار جائز ہوگا تو آپ نے فرمایا جبکہ تم صبح تک یا شام تک کھانے کی کوئی چیز نہ پاؤ یعنی کھانے پینے کی کوئی چیز نہ ملے یا اس زمین میں جہاں تم ہو تو ترکاری کی قسم میں سے کوئی چیز میسر نہ ہو تو یہ تمہاری حالت اضطراری ہے کہ جس میں مردار کھانے کی اجازت ہے اس کے بعد راوی نے حدیث کے مفہوم کو اس طرح بیان کیا ہے کہ جب تم دن بھر اور رات بھر کھانے پینے کی کوئی چیز نہ پاؤ اور نہ ترکاری کی اور اسی کی مانند جو گھاس اور درختوں کے پتے ہیں وہ بھی میسر نہ ہو تو مردار کی اتنی مقدار جس سے جان بچ جائے اس کا استعمال درست ہوگا یہ دارمی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: مالم تصطبحوا أو تغتبقوا: اس ''أو'' میں دو احتمال ہیں: ❶ یہ ''أو'' برائے شک ہے۔ ❷ تنویع کے معنی کیلئے ہے۔ اور یہی ظاہر ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: مالم تجدوا أحدهما علی قدر الكفاية۔ ابن الملکؒ نے ''أو'' بمعنی واؤ کو مختار قرار دیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: أی لم تجدوا صبوحا ولا غبوقا۔

او تحتفؤوا بها: ہمزہ مضموم کے ساتھ ہے۔ أی أولم تعتلفوا ای من الارض۔

'' فشأنكم بها: '' (فعل مقدر کی وجہ سے) منصوب ہے۔ أی الزموا شأنكم بالميتة۔

النہایہ میں لکھتے ہیں: قال أبو سعيد الضرير: صوابه ''ما لم تحتفوا بها'' بغير همز، من احفاء الشعر، ومن قال: تحتفؤا مهموزا هو من الحفأ، وهو البردی فباطل، فأن البردی ليس من البقول، وقال أبو عبيد: هو من الحفأ، مهموز مقصور، وهو أصل البردی الأبيض الرطب منه، وقد يؤكل بقوله'' مالم تعتلفوا هذا'' بعينه فيأكلونه، ويروی ما لم تحتفوا بتشديد الفاء، من احتففت الشئ إذا أخذته كله، كما تحف المرأة وجهها من الشعر، ويروی مالم يحتفوا بقلا بالجيم وقد تقدم۔ وهو هذا: أی تقتلعوه وترموه به، من جفأت القدر، إذا رميت بما يجتمع علی رأسها من الوسخ والزبد، ويروی بالخاء المعجمة وسيد كرفی بابه۔ وهو هذا: تختفوا بقلا أی تظهرونه۔ يقال: اختفيت الشئ إذا أظهرته، وأخفيته إذا سترته۔

عرض مرتب: النہایہ کے محشی لکھتے ہیں: فی الدر النشير: ''عبارة ابن الجوزی فی قولك اختفيت الشئ أی استخرجته''۔ ومثله فی اللسان۔ اھ۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: دونوں جملوں میں موجود ''او'' کے بارے میں احتمال ہے کہ بمعنی ''واؤ'' ہو، جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿عذرا أو نذرا﴾ [المرسلات: ٦] اور قتیبیؒ فرماتے ہیں: یہ بمعنی واؤ ہے، چنانچہ ان تینوں شرائط کا پایا جانا ضروری ہے تاکہ ''اکل میتہ'' حلال ٹھہر سکے۔ اور شیخ تورپشتیؒ کے کلام کے ظاہر سے بھی یہی لگتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ بھی احتمال ہے کہ دو شرائط کا پایا جانا ضروری ہو۔ جیسا کہ شرح السنہ میں موجود امامؒ کے کلام سے لگتا ہے وہ لکھتے ہیں: إذا اصطبح الرجل أو تغدى بطعام لم يحل له نهاره ذلك اكل الميتة، وكذلك إذا تعشى، أو شرب غبوقا لم تحل له ليلته تلك لانه يتبلغ بتلك الشربة۔اھ۔ اختلاف لاحق مبنی ہے اختلاف سابق پر' اصطباح واغتباق کے اطلاق کا ظاہر یہ ہے کہ یہ جب ''علی وجہ الشبع'' ہو تو یہ منافی نہیں پچھلی حدیث کے اس اصطباح واغباق کے' کہ جس کی تاویل ''قدحین'' سے کی گئی ہے' چونکہ اس کا ظاہر یہ ہے کہ یہ دونوں ان میں سے ہیں کہ دفع جوع کے سلسلہ میں ان پر کفایت نہیں ہوسکتی جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔ اور اس سے دونوں حدیثوں میں تطبیق بھی ہو جاتی ہے۔ فتدبر۔ اور یہ مفہوم اس حدیث سے بطریق مفہوم (یعنی مفہوم مخالف کے) بھی معلوم ہو رہا ہے جو کہ بعض علماء کے ہاں معتبر بھی ہے ''اذا'' بمعنی واؤ ہو۔ چونکہ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: فاذا اجمعت الخلال الثلاث لم تحل الميتة والا حلت۔ چنانچہ ظاہر حدیث سابق اس کی حلت میں موافق ہو جائے گا صبوح وغدوق کے اجتماع کے ساتھ۔ اور اسی طرح جب یہ کہا جائے گا کہ ''او'' احدالامرین کے لئے ہے۔ ای مادام لم یکن أحد من الثلاثة ای لایکون شئی منها علی حد: [ولا تطع منهم آثما او کفورا] اور یہ کہنے کی حاجت نہیں کہ ''او'' بمعنی واؤ ہے' اس لئے کہ یہ تکلف ہے' اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور معنی یہ ہوگا: فاذا وجد أحد الثلاثة ای بطریق الشبع لم تحل له المیتة۔ پھر میں نے اپنے علماء میں سے ایک شارح کو دیکھا کہ انہوں نے دونوں حدیثوں میں جمع کی وہی صورت اختیار کی ہے جو میں نے تحریر کی ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں: کہا گیا ہے کہ دونوں روایتوں میں موافقت کی صورت یہ ہے کہ تغتبق و تصطبح سے مراد یہ ہے: ان غایة مانتعشی به وتغدی فی غالب الاحول قدح العشاء وقدح فی الغداء۔ اور اس کی طرف اشارہ آپؐ کے اس فرمان سے ہو رہا ہے: ماطعامکم؟ چونکہ یہ عرفاً دلالت کر رہا ہے کہ سوال امر غالب کے بارے میں ہے' اور اغلب اوقات میں اس قدر مقدار پر اقتصار مکابدۂ جوع' تحلل بدن اور تعطل جوارح تک لے جاتا ہے' اور اسی وجہ سے آپؐ نے فرمایا: ذاك وابی الجوع۔ اور ان کو مضطرین کے ساتھ لاحق فرمایا' اور ان کو تناول میتہ کی رخصت مرحمت فرمائی اور ابو واقد لیثی کی حدیث میں نبی کریمؐ کے اس فرمان: ''مالم یصطبجوا......'' سے مراد یہ ہے جو ان کو سیر کر دے' چونکہ یہ ان کی کفایت کرے گی اور ان کے قویٰ کی حفاظت ونگہداشت کرے گی

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس حدیث سے تمسک کیا ہے ان قائلین نے جو ادنیٰ شبع کے ساتھ تناول میتہ کو' اور تناول قیہ کو عندالاضطرار' حتی شبع تک جائز قرار دیتے ہیں اور ان قائلین نے اس مسئلہ میں اگلی حدیث کی مخالفت کی ہے' اور اس امر کی جو میتہ کو مباح قرار دیتا ہے یعنی اضطرار کی۔ اور یہ متحقق نہیں ہوسکتا اس غوق وصوح کے ساتھ جو کہ سدرمق کو رکھتے' لہٰذا یہ کہا جائے کہ دودھ کا ایک پیالہ صبح اور دودھ کا ایک پیالہ شام کو یہ علی سبیل الاشتراک تھا سائل اور ان کی قوم کے درمیان اس کی ایک دلیل سائل کا یہ قول ہے: ''مایحل لنا'' گویا کہ وہ اپنی قوم کا وفد تھا۔ پس اس نے صرف اپنے لئے خصوصی طور پر نہیں پوچھا تھا اور اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان: ماطعامکم۔ پس جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ واضح ہو گیا کہ قوم اکل میتہ میں مضطر ہے چونکہ ذکر طعام سدرمق سے غنی نہیں کرتا' تو ان کے لئے میں تناول میتہ کو مباح قرار دے دیا۔ دونوں حدیثوں میں توفیق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی صورت یہ ہے۔

"ما لم یصطبحوا"، "ما" برائے مدت ہے، اور عامل محذوف ہے۔ گویا اصل کلام یوں ہے: یحل لکم مدة عدم اصطباحکم ......' اور "فشأنکم" کی فاء جزائیہ ہے۔ معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے: مهما فقدتم هذه الأشياء فالتزموا تناول الميتة، جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا...... ﴾ [المائدة:٤] "اور وہ (شکار) بھی حلال ہے جو تمہارے لئے ان شکاری جانوروں نے پکڑا ہو جن کو تم نے سدھار کھا ہو اور جس (طریق) سے خدا نے تمہیں (شکار کرنا) سکھایا ہے۔ (اس طریق سے) تم نے انکو سکھایا ہو تو جو شکار وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں اس کو کھا لیا کرو اور (شکاری جانوروں کے چھوڑنے وقت) خدا کا نام لیا کرو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا جلد حساب لینے والا ہے۔"

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: مسروق نے فرمایا: جو شخص مردار، خون اور خنزیر کے گوشت کی طرف مضطر ہوا، اور پھر نہ کھایا اور نہ پیا حتی کہ مر گیا، تو وہ شخص جہنم میں جائے گا۔ معمرؒ فرماتے ہیں: شراب کے بارے میں رخصت مسموع نہیں ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ہمارے علماء نے اس کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ ماقبل میں گزر چکا ہے۔ نیز جب اس آیت: ﴿فإنه رجس﴾ [الانعام:١٤٥] کے ہوتے ہوئے شرب دم اور اکل خنزیر کا جواز ثابت ہے تو شرب خمر میں توقف کا کوئی مطلب نہیں بنتا۔ باوجودیکہ آغاز اسلام میں شراب حلال بھی تھی۔ علماء نے صراحت کی ہے کہ لقمہ اگر گلے میں پھنس جائے، اور شراب کے علاوہ کوئی مشروب موجود نہ ہو تو لقمہ نگلنے کیلئے (بقدر ضرورت) شرب خمر کی اجازت ہے۔

دونوں حدیثوں میں بظاہر تعارض محسوس ہوتا ہے کیونکہ پہلی حدیث میں تو صبح و شام کو دودھ ملنے کی صورت کو بھی بھوک اور اضطرار کی حالت پر محمول کیا اور مردار کھانے کو مباح قرار دیا جبکہ اس دوسری حدیث میں حالت اضطرار کے پائے جانے کو اس امر کے ساتھ مشروط کیا کہ صبح یا شام تک کھانے پینے کی کوئی بھی چیز میسر نہ ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ اس دائرے کو اتنا تنگ کیا کہ اگر ترکاری و سبزی اور اس کی مانند چیزیں جیسے گھاس اور درخت کے پتے وغیرہ ہی مہیا ہو جائیں اور ان کو پیٹ میں ڈالا جا سکے تو اس صورت میں حالت اضطرار متحقق نہیں ہوگی اور مردار کھانا مباح نہیں ہوگا۔

ان احادیث کے باہمی تعارض و اختلاف ہی کی بنا پر علماء کے مسلک و اقوال میں بھی اختلاف پیدا ہوا ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ کا مسلک تو یہ ہے کہ سدرمق (یعنی جان بچانے) کی خاطر از قسم مردار کوئی چیز کھانا اس صورت میں حلال ہوگا جب کہ بھوک کی وجہ سے جان کی ہلاکت کا خوف پیدا ہو جائے اور اسی قدر کھانا حلال ہوگا جس سے بس جان بچ جائے۔ امام شافعیؒ کا دوسرا قول بھی یہی ہے۔ (یہ مسلک و قول بظاہر "سختی و تنگی" پر محمول ہے، لیکن حقیقت میں احتیاط و تقویٰ اسی میں ہے۔)

امام مالکؒ، امام احمدؒ اور ایک قول کے مطابق امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اتنی مقدار میں کھانا نہ پائے جس سے وہ سیر ہو جائے اور اس کی طبعی خواہش حاجت مند و متقاضی ہو تو اس کے لئے مردار کھانا حلال ہوگا، تا آنکہ وہ اپنی حاجت طبعی پوری کرے، یعنی وہ سیر ہو جائے اور اس مسلک میں زیادہ نرمی و آسانی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل یہ کہ حالت اضطرار میں از قسم مردار کوئی چیز کھانے کے سلسلے میں امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک تو سدرمق کا اعتبار ہے کہ مضطر بس اتنا مردار کھا سکتا ہے جس سے جان بچی رہے' جب کہ دوسرے آئمہ کے نزدیک حصول قوت یعنی شکم سیر ہو کر کھانے کا اعتبار ہے

خطابیؒ فرماتے ہیں سائل کو ایک پیالہ دودھ دن میں اور ایک پیالہ دودھ رات میں میسر ہوتا تھا اور دن و رات میں ملنے والا ایک ایک پیالہ دودھ بلاشک وشبہ سدرمق یعنی جان بچانے کی حد تک کافی ہو سکتا ہے' اور نفس کو سیدھا رکھتا ہے اگر چہ اس کے ذریعہ شکم سیری نہ ہو سکتی ہو حالانکہ اس حالت کے ہوتے ہوئے تناول میتہ کو مباح قرار دیا ہے لہٰذا اس سے معلوم ہوا کہ اضطرار کی حد کی وجہ سے مردار کھانا مباح ہے' یہاں تک شکم سیری حاصل ہو جائے۔ یہی مذہب ہے امام مالک اور امام احمد کا امام شافعیؒ کا بھی ایک قول یہی ہے۔ (انتھی) یہ بات بڑی عجیب کہی کہ ''اگر چہ اس کے ذریعہ شکم سیری نہ ہو سکتی ہو'' کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تناول میتہ حلال ہے شکم سیری کے ہوتے ہوئے بھی جب کہ تمام نہ ہوا اور میرا گمان نہیں کہ کسی ایک نے بھی یہ بات کہی ہو۔ اور ان کا یہ فرمانا: حالانکہ حالت اضطرار کے ہوتے ہوئے تناول میتہ کو مباح قرار دیا ہے'' تو اگر اس سے مراد یہ ہے کہ یہ مذکورہ بالا حالت کے ہوتے ہوئے بھی ہے تو یہ ممنوع ہے' چونکہ آیت میں اس پر کوئی دلالت موجود نہیں ہے' اور اگر مراد اس سے' حدیث مذکور کے ہوتے ہوئے ہے تو یہ بات آپ بھی جان چکے ہیں کہ اگلی حدیث کے معارض ہے' اور تاویل کا احتمال رکھتی ہے' جیسا کہ ماقبل میں گذر چکا ہے' اور احتمال کے ہوتے ہوئے استدلال قائم نہیں ہو سکتا' خصوصاً جب کے معارض بھی ہو۔ مزید یہ کہ قاعدہ ہے :ترجیح المعرم البیع احتیاط۔ میرے دل میں ایک بات آ رہی ہے واللہ اعلم بالحال کہ پہلی حدیث کا تعلق ان مضطر مسافروں سے ہو جو قطع مسافت کے محتاج ہوں اور بلاشبہ ایسی حالت میں دو پیالے پینا خصوصاً جب کہ وہ ان کی نسبت سے چھوٹے بھی ہوں' بہت قلیل ہوں وہ تو کسی بھی شئی کے قائم مقام نہیں ہو سکتے' کہ وہ چلنے کی حرکت کی حرارت سے ہی جل جائے گا۔ اور حدیث ثانی کا تعلق ''قاطینین فی اما کنھم'' سے ہے چونکہ وہ سدرق کے قائم مقام نہیں ہو جاتے ہیں' جیسا کہ ظاہر ہے اور بلاشبہ لوگ اس سلسلہ میں مختلف ہوتے ہیں' چنانچہ بعض لوگ یوم وصال تین دن اور چالیس دن سے زیادہ تک رکھتے ہیں وہ صرف اور صرف پانی پیتے ہیں یا ایک بادام کھاتے ہیں اور بعض میں قوت شھیہ ہوتی ہے کہ وہ پوری پوری بکری یا گائے کھاتے ہیں اور اس تفصیل کی دلیل حدیث اول میں یہ ہے کہ سائل وفد تھا اور دوسری حدیث میں ان کے سائل نے یوں کہا تھا۔ انما نکون بأرض فتصیبنا بھا المخمصہ واللہ تعالیٰ اعلم۔

امام اعظم ابوحنیفہؒ اپنے مسلک کو دوسری حدیث سے ثابت کرتے ہیں جس کی وضاحت اوپر بیان کی گئی ہے۔ ان (امام اعظم ابوحنیفہؒ) کے نزدیک جہاں تک پہلی حدیث کا تعلق ہے کہ جس سے دوسرے ائمہ استدلال کرتے ہیں اس کے بارے میں ان کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ اس حدیث میں صبح و شام ایک ایک پیالہ دودھ پوری قوم کو ملتا تھا (نہ کہ ایک ایک شخص ایک ایک پیالہ دودھ پاتا تھا') چنانچہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ''ما طَعَامُکُمْ'' میں جمع کا صیغہ لانا اس بات کی واضح دلیل ہے۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت فجیع عامریؓ کا سوال کرنا محض اپنی ذات کی طرف سے نہیں تھا' بلکہ درحقیقت انہوں نے اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پوری قوم کی طرف سے گویا بطور وافد سوال کیا تھا اسی لئے انہوں نے یہ الفاظ کہے: مایحل لنا ''ہمارے لئے مردار میں سے کیا حلال ہے'' انہوں نے یہ نہیں پوچھا کہ میرے لئے مردار میں سے کیا حلال ہے؟ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ایک کثیر جماعت کے لئے محض ایک پیالہ دودھ جان بچانے کے لئے بھی ہرگز کافی نہیں ہو سکتا (اور نہ وہ کسی ایک کی بھی بھوک کو ختم کرنے میں مددگار بن سکتا ہے' ہاں اگر ہر ایک کو ایک ایک پیالہ دودھ ملے تو وہ بے شک جان بچانے کے بقدر غذا بن سکتا ہے۔) اس صورت حال کے پیش نظر آپ نے ایسی صورتحال میں اکل میتہ کی اجازت مرحمت فرمادی۔ اس تشریح سے دونوں حدیثوں میں تطبیق ہو جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْاَشْرِبَةِ

مشروبات کا بیان

"أشربة" شراب کی جمع ہے۔ "شراب" کا اطلاق پانی اور دیگر مائع مشروبات پر ہوتا ہے۔

الفصل الاول:

تین سانس سے پانی پیا جائے

۴۲۶۳: عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَتَنَفَّسُ فِی الشَّرَابِ ثَلَاثًا (متفق علیه وزاد مسلم فی روایة) وَیَقُوْلُ ﷺ اِنَّهٗ اَرْوٰی وَاَبْرَأُ وَاَمْرَأُ۔

أخرجه فی البخاری فی صحیحه ۹۲/۱۰ الحدیث رقم ۵۶۲۱ ومسلم فی ۱۶۰۱/۳ الحدیث رقم (۱۲۳-۲۰۲۸) وأبو داوٗد فی السنن ۱۱۴/۴ الحدیث رقم ۳۸۲۷، والترمذی فی ۲۶۷/۴ الحدیث رقم ۱۸۸۴، وأحمد فی المسند ۲۱۱/۳۔

ترجمه: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ پانی کے دوران تین سانس لیتے تھے یہ بخاری، مسلم کی روایت ایک روایت میں مسلم نے یہ اضافہ کیا ہے کہ آپ ﷺ فرماتے اس طرح پینا یعنی سانس لے کر پینا خوب سیراب کرتا اور پیاس کو دور کرتا ہے اور بدن کو خوب صحت بخشتا اور زود ہضم ہوتا ہے اور بہت جلد معدے میں پہنچتا ہے۔

تشریح: اس سلسلہ کی مروی روایات میں بظاہر تعارض ہے۔ چنانچہ وہ روایات ملاحظہ فرمائیے:

① عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما: أنه ﷺ کان إذا شرب یتنفس مرتین۔ رواه الترمذی فی الشمائل۔

② عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما مرفوعا: لا تشربوا واحدا کشرب البعیر ولکن اشربوا مثنی وثلاث۔

③ کان یشرب فی ثلاثة أنفاس إذا أدنی الإناء الٰی فیه سمی اللّٰه، وإذا أخره حمد اللّٰه، یفعل ذلك ثلاثا۔

تشریح تعارض:

ان روایات میں تعارض ہے:

آخری روایت سے عدم جواز معلوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی کریم ﷺ پانی کتنے سانس میں پیتے تھے؟ پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ پانی دو سانس میں پیتے تھے، تیسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ پانی تین سانس میں پیتے تھے۔

جواب نبی کریم ﷺ کبھی دو سانس میں پیتے تھے، اور اکثر تین سانس میں پیتے تھے، لہٰذا کوئی تعارض نہیں۔ اس کی تائید دوسری روایت سے ہوتی ہے۔

میرکؒ فرماتے ہیں کہ بخاری کی روایت میں ''مرتین أو ثلاثا'' ہے ''او'' تنویع کے لئے ہے' چونکہ آگر آپؐ دو سانسوں سے سیراب ہو جاتے تھے تو دوہرا پر اکتفاء کرتے تھے' اور اگر دو سانسوں میں سیراب نہ ہوتے تھے تو تین سانس میں پیتے تھے' یہ دوہرا اکتفاء پر نص نہیں ہیں بلکہ احتمال ہے کہ اس سے مراد اس دوران سانس لینا مراد ہو' اور آخری مرتبہ سانس لینے کے ذکر پر سکوت اختیار کیا ہو' چونکہ امر واقع یہی ہے (کہ آخر میں برتن منہ سے ہٹتا ہے تو آدمی سانس لیتا ہے۔) چنانچہ اس کے واضح ہونے کی وجہ سے اس کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں۔

برتن میں سانس لینا ٹھیک نہیں، لہٰذا روایات منہیہ تو اپنی اصل پر ہیں، اور جن روایات میں برتن کے اندر سانس لینے کا ذکر ہے وہاں اصل میں تھوڑی سے وضاحت ضروری ہے وہ یہ کہ آنحضرت ﷺ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ ہر مرتبہ برتن کو منہ سے جدا فرما لیتے تھے، لیکن رُوات نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ چنانچہ امام بغویؒ شرح السنہ میں فرماتے ہیں: **المراد من هذا الحديث أن يشرب ثلاثا كل ذلك يبين الإناء عن فمه فيتنفس ثم يعودوا الخبر المروى أنه نهى عن التنفس فى الإناء هو أن يتنفس فى الإناء من غير أن يبينه عن فيه**

قاضیؒ فرماتے ہیں: تین دفعہ میں پینا پیاس کو تسکین بخشا ہے، ہضم کرتا ہے، معدہ کی ٹھنڈک اور ضعف اعصاب پر بہت کم اثر انداز ہوتا ہے۔

انه: ضمیر کے مرجع میں دو احتمال ہیں۔ پہلا احتمال یہ ہے کہ ''تعدد تنفس'' کی طرف راجع ہے۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ ''تین مرتبہ سانس لینے'' کی طرف لوٹ رہی ہے۔

أروى: یعنی خوب سیراب کرنے والا اور پیاس کو دور کرنے والا ہے۔ اور اشرفؒ فرماتے ہیں یعنی بہت زیادہ سیراب کرنے والا ہے۔ پس اس کا صلہ محذوف ہے، جیسا کہ یہاں: **اذهب للب الرجل الحازم۔**

أبرأ: ''برء'' سے مأخوذ ہے۔ اى كثر برءا۔ (قالہ الظهر وغیرہ)

أمرأ: **مرأ الطعام اذا وافق المعدة** سے ماخوذ ہے، **أى أكثر انسياغا وأقوى هضما۔**

ابن حجرؒ شرح شمائل میں لکھتے ہیں کہ سند حسن کے ساتھ مروی ہے:

انه ﷺ كان يشرب فى ثلاثة انفاس، إذا أدنى الإناء إلى فيه سمى الله، واذا أخره حمد الله، يفعل ذلك ثلاثا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشک سے مُنہ لگا کر مت پیو

۴۲۶۴: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِيِّ السِّقَاءِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۹۰ الحدیث رقم ۵۶۲۹، وأبو داوٗد فی السنن ۴/۱۰۹ الحدیث رقم ۳۷۱۹، والنسائی فی ۷/۲٦۰ الحدیث رقم ۴۴۴۸، وابن ماجه فی ۲/۱۱۳۲ الحدیث رقم ۳۴۲۱، والدارمی فی ۲/۱٦۰ الحدیث رقم ۲۱۱۷، وأحمد فی المسند ۱/۲۲٦۔

ترجمہ: جناب رسول اللہ ﷺ نے مشک سے منہ لگا کر پانی پینے سے منع فرمایا۔ یہ بخاری مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: عن الشرب: بتثلیث أوله مصدر، والضم أشهر، ثم الفتح۔ چنانچہ آیت اس مبارکہ میں تینوں طرح پڑھا گیا ہے: ﴿فشاربون شرب الهيم﴾ [الواقعہ۔۵۵] لیکن کسرہ والی روایت شاذ ہے۔ اکثر و بیشتر اس سے مراد پانی کا حصہ مراد لیا جاتا ہے۔ یہ آیت اسی معنی میں ہے: ﴿لها شرب ولكم شرب يوم معلوم﴾ [الشعراء۔۱۵۵]۔

السقاء: بروزن رداء۔ أی من فم القربة۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: وذلك أن جريان الماء دفعة وانصبابه فی المعدة مضرّبها، وقد أمر النبی ﷺ بالدفعات كما سبق اھ۔

عرض مرتب صاحب مظاہر نے یہاں اس کی ممانعت کے چار وجوہ ذکر کی ہیں: مشک یا اس جیسی دوسری چیز (جیسے ہینڈ پمپ یا گھڑے وغیرہ) کے دہانہ (منہ) سے پانی پینے کی ممانعت کی کئی وجوہ ہیں:

اول پانی ضرورت سے زائد صرف ہوتا ہے ثانی: پانی کپڑوں وغیرہ پر گر کران کو خراب کرتا ہے

ثالث: اس طرح پانی پینا کہ زیادہ مقدار میں دفعتاً پیٹ میں جائے معدہ کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے

رابع: کہ پانی پینے کا جو مسنون طریقہ ہے اس کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

ایک سانس میں پینے کی ممانعت:

اس سلسلہ کی چند روایات مندرجہ ذیل ہیں:

① امام بیہقی حضرت انس سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

مصوا الماء مصا ولا تعبوه عبا۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: العب: الشرب بلا تنفس۔

② اس کی تائید ابن شہاب سے مروی اس مرسل روایت کے ذریعہ بھی ہوتی ہے جس کو امام بیہقیؒ نے روایت کیا ہے:

انه ﷺ نهى عن العب نفسا واحدة، وقال: ذلك شرب الشيطان۔

③ دیلمیؒ سند فردوس میں حضرت علیؓ سے ناقل ہیں:

إذا شربتم فاشربوه مصا، ولا تشربوه عبا، فإن العب يورث الكباد۔

اس سلسلہ کی کچھ روایات ان محدثین نے بھی نقل کی ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① سعد ابن منصور نے اپنی سنن میں۔ ② ابن السنی نے۔ ③ ابونعیمؒ نے "الطب" میں۔ ④ امام بیہقیؒ نے ابن حسین سے مرسلاً۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام بخاریؒ، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔

مشک کے مُنہ سے پینے کی ممانعت

۴۲۶۵: وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اِخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ وَزَادَفِىْ رِوَايَةٍ وَاخْتِنَاثُهَا اَنْ يُّقْلَبَ رَأْسُهَا ثُمَّ يُشْرَبَ مِنْهُ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۸۹/۱۰ الحديث رقم ۵۶۲۵، ومسلم فى ۱۶۰۰/۳ الحديث رقم (۲۰۲۳/۱۱۱) وأبو فى السنن ۱۱۰/۴ الحديث رقم ۳۷۲۰، والترمذى فى ۲۶۹/۴ الحديث رقم ۱۸۹۰، وابن ماجه فى ۱۱۳۱/۲ الحديث رقم ۴۳۱۸، والدارمى فى ۱۶۰/۲ الحديث رقم ۵۱۹ وأحمد فى المسند ۶۷/۳۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مشک کا منہ موڑ کر پانی پینے سے منع فرمایا ایک روایت میں یہ ہے کہ مشک کا منہ موڑنا یہ ہے کہ اس کا سرا لٹے اور پھر اس سے پانی پیے یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: "الأسقية": سقاء کی جمع ہے۔

رأسها ثم يشرب منها: تقلب": بصیغۂ مجہول ہے۔ ان دونوں کو معروف بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

الاختناث: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: الاختناث أن يكسر شفة القربة ويشرب منها۔

اس ممانعت کی چند وجوہ کا ذکر پچھلی حدیث کے ذیل میں گزر چکا ہے۔

مشک کا منہ موڑ کر پانی پینے کی صورت میں ایک خدشہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس مشک میں کوئی نقصان دہ چیز ہو۔ (مثلاً کیڑا پتنگا ہو یا کوئی زہریلا جانور ہو) اور وہ یکبارگی منہ کے اندر چلا جائے اور کوئی ضرر پہنچائے۔

حضرت کبشہ کی روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مشک کے منہ سے پانی پیا ہے' یہ روایت دوسری فصل میں آئے گی اس سے مشک کے منہ سے پانی پینے کا جواز ثابت ہوتا ہے' قصہ مختصر یہ ہے کہ اس سلسلہ میں روایات باہم متعارض ہیں اس تعارض کے کئی جواب دیئے گئے ہیں

اول: جن روایتوں سے ممانعت ثابت ہوتی ہے ان کا تعلق بڑی مشک سے ہے جن کا منہ زیادہ فراخ ہوتا ہے اور جہاں تک آنحضرت ﷺ کے عمل کا تعلق ہے تو وہ چھوٹی مشک پر محمول ہے کہ آپ ﷺ نے کسی ایسی مشک کے منہ سے پانی پیا ہو گا جو چھوٹی ہو گی اور اس کا دہانہ تنگ ہو گا۔

دوم: ممانعت کا تعلق دوام اور عادت سے ہے (یعنی مشک کے منہ سے پانی پینے کی عادت نہ ڈالنی چاہئے کیونکہ اس کی وجہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے مشک کے منہ میں رفتہ رفتہ بد بو پیدا ہونے لگے گی اور اگر گاہ بگاہ مشک کے منہ سے پانی پی لیا جائے تو یہ ممنوع نہیں ہوگا۔ سوم: اباحت کا تعلق ضرورت واحتیاج سے ہے (کہ اگر فرض کیجئے' پانی پینے کی ضرورت ہو اور اس وقت کوئی ایسا برتن موجود نہ ہو جس میں پانی انڈیل کر پیا جا سکتا ہو تو پھر اس صورت میں اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا کہ مشک یا گھڑے کے منہ سے پانی پی لیا جائے' ہاں بغیر ضرورت واحتیاج کے اس طرح پانی پینا ممنوع ہوگا) چنانچہ ایوب سے مروی ہے نبئت أن رجلا شرب من فی السقاء فخرجت منه حية۔ کہ ''ایک شخص نے (مشک کے) دہانہ سے پانی پیا' تو اس سے ایک سانپ نکل آیا'' چہارم: اس طرح پانی پینا پہلے مباح تھا مگر بعد میں اس ممانعت کے ذریعہ اس اباحت کو منسوخ کر دیا گیا۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ، ابوداوٗد، ترمذیؒ اور ابن ماجہؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

کھڑے ہو کر نہ پیو

۴۲۶۶: وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّـهُ نَهٰی اَنْ یَّشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۰۰ الحدیث رقم (۱۱۳۔۲۰۲۴) وأبو داوٗد فی السنن ۴/۱۰۸ الحدیث رقم ۳۷۱۷' والترمذی فی ۴/۲۱۵ الحدیث رقم ۱۸۷۹' وابن ماجه فی ۲/۱۱۳۲ الحدیث رقم ۳۴۲۴' والدارمی فی ۲/۱۶۲ الحدیث رقم ۲۱۲۷' وأحمد فی المسند ۳/۱۹۹۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پینے کی ممانعت فرمائی یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: واضح رہے کہ اس سلسلہ کی روایات میں تعارض پایا جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

① وعن انس عن النبی ﷺ انه نهی ان یشرب الرجل قائمًا۔

② قال النووی: وفی روایة: حذر عن الشرب قائما۔

③ وعن ابی هریرة قال: قال رسول الله ﷺ: لا یشربن احدکم قائما فمن نسی فلیستقیء۔

④ وعن ابن عباس قال اتیت النبی ﷺ بدلو من ماءِ زمزم فشرب وهو قائمٌ۔ وفی أخری: انه ﷺ شرب من زمزم وهو قائم۔

⑤ وعن علی انه صلّٰی الظهر ثم قعدفی جوائج الناس فی رحبة الکوفة حتّٰی حضرت صلٰوة العصرثم اتی بماءٍ فشرب وغسل وجهه ویدیه وذکررأسه ورجلیه ثم قام فشربْ فضله وهو قائم ثم قال ان اناسا یکرهون الشرب قائما وان النبی ﷺ صنع مثل ما صنعت۔ وفی روایة:۔۔۔ وقال: رأیت رسول الله ﷺ فعل کمارأیتمونی فعلت۔

⑥ عَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَشْرَبُ قَائِمًا اَوْقَاعِدًا۔

⑦ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ قَالَ: کُنَّانَاکُلُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ نَمْشِیْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِیَامٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑧ وَعَنْ كَبْشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِماً فَقُمْتُ اِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُه۔

تشریح تعارض:

آخری پانچ روایات سے کھڑے ہوکر پانی پینے کا جواز معلوم ہوتا ہے، اور پہلی تین روایات سے ممانعت معلوم ہورہی ہے۔

① ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں قے کرڈالنے کا جو امر (حکم) بیان کیا گیا ہے وہ وجوب کے طور پر نہیں ہے بلکہ بطریق استحباب ہے' چنانچہ اس حدیث کی صراحت کے مطابق اگر کسی شخص نے بھول سے کھڑے ہوکر پانی پیا ہے تو اس کے لئے یہ مستحب ہے' وہ قے کرڈالے۔ چونکہ ''امر'' کو جب وجوب پر محمول کرنا متعذر ہو تو استحباب پر محمول کیا جائے گا۔ (نووی)

② قاضی نے کہا ہے کہ کھڑے ہوکر پانی پینے کی یہ ممانعت اولی و بہتر طریقہ (یعنی بیٹھ کر پانی پینے) کی تلقین اور اس کے خلاف پر تادیب و تنبیہ کے طور پر ہے نہ کہ یہ نہی تحریمی کے طور پر ہے' چنانچہ یہ حدیث اس روایت کے منافی نہیں ہوگی جس میں یہ نقل کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک یا دو مرتبہ اس کے برخلاف عمل کیا ہے۔

③ بعض حضرات کا زعم ہے کہ شرب قائما کی روایات منسوخ ہیں۔

④ شرب قائما کی روایات ضعیف ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: تیسرا جواب درست نہیں، چونکہ نسخ کیلئے تاریخ کا علم ضروری ہے، یہاں اس سلسلہ میں تاریخ کا تعین موجود نہیں ہے۔ جب کہ دونوں روایات کو جمع کرنا بھی ممکن ہے۔

چوتھا جواب بھی درست نہیں چونکہ یہ روایات ضعیف نہیں بلکہ سب صحیح ہیں۔

عرض مرتب: ان روایات میں جمع کی صورت کا بیان حدیث ابن عباسؓ کے تحت آرہا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابوداؤد اور امام ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ اس حدیث کو ضیاءؒ نے بھی نقل کیا ہے، البتہ اس میں اتنا اضافہ ہے: والأکل قائما۔

کھڑا ہوکر پینے والے پر زجر

۴۲۶۷: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَشْرَبَنَّ اَحَدٌمِنكُمْ قَائِمًا فَمَنْ نَسِيَ مِنْكُمْ فَلْيَسْتَقِئْ ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۰۱ الحدیث رقم (۱۱۶۔۲۰۲۶)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی کھڑا ہوکر نہ پیئے جو پی لے وہ قے کرے یہ مسلم کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: فليستقئ یعنی بتکلف قے کرے۔ لفظ قے باب استفعال اور تفعل سے استعمال ہوتو اس کا معنی ہوتا ہے ''بتکلف قے کرنا'' یہاں یہ امر ندب کے لئے ہے۔ عرض مرتب: اس روایت سے متعلقہ کچھ کلام پچھلی حدیث کے ذیل میں بھی گذرا ہے۔اھ۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''فمن نسي'' کے مفہوم (یعنی مفہوم مخالف) کا اعتبار نہیں ہے، بلکہ یہی حکم ''عامد'' کا بھی ہے۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: کبھی نسیان کا اطلاق کر دیتے ہیں اور اس سے مراد ترک مطلقا ہوتا ہے۔اھ۔ بظاہر یہاں یہ مراد نہیں ہے، بلکہ حدیث میں تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ اولاً تو کوئی مسلمان یہ فعل عمداً کرے گا ہی نہیں، ثانیاً اگر عمداً ایسا کرے گا تو اس سے یہ بہت بعید ہے کہ وہ جلد توبہ نہیں کرے گا۔

زمزم کھڑے ہو کر پیا

۴۲۶۸: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ بِدَلْوٍ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٨١ الحديث رقم ٥٦١٧، ومسلم في ٣/١٦٠٢ الحديث رقم (١٢٠-٢٠٢٧) والترمذي في السنن ٤/٢٦٦ الحديث رقم ١٨٨٢، وابن ماجه في ٢/١١٣٢ الحديث رقم ٣٤٢١-

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں زمزم کا ایک ڈول لایا آپ نے کھڑے ہونے کی حالت میں نوش فرمایا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

آنحضرت ﷺ کے اس فعل کی متعدد توجیہات کی گئی ہیں:

تشریح: اول: آپ ﷺ کا زمزم کے پانی کو کھڑے ہو کر پینا تبرک کی بنا پر تھا'

دوم: لوگوں کے ازدحام کی وجہ سے آپ ﷺ کے لئے وہاں بیٹھنا ممکن نہیں تھا

سوم جہاں (زم زم کے کنویں کے پاس) آپ ﷺ کھڑے تھے وہاں آس پاس پانی گرنے کی وجہ سے کیچڑ ہو گیا تھا اور اس کیچڑ میں کس طرح بیٹھ سکتے تھے؟

چہارم: امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: آپؐ کے کھڑے ہو کر پانی پینے کا مقصد محض بیان جواز تھا۔

پنجم: نسخ کا بھی احتمال ہے کہ جیسا کہ حضرت جابرؓ کے بارے میں مروی ہے کہ جب انہوں نے ''شرب قائما'' کی روایت سنی تو فرمایا: قد رأيته صنع ذلك ثم سمعته بعد ذلك ينهى عنه۔ (ذكره ابن الملك) ہمارے علماء میں سے بعض شراح کا کہنا ہے کہ اس توضیح کی روشنی میں روایات (متعارضہ) میں تطبیق ممکن ہے۔ اس کی مزید تحقیق عنقریب آ گے آئے گی۔

وضو کا بچا پانی کھڑے ہو کر پینا

۴۲۶۹: وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ فِيْ حَوَائِجِ النَّاسِ فِيْ رَحْبَةِ الْكُوْفَةِ حَتّٰى حَضَرَتْ صَلٰوةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْعَصْرُ ثُمَّ اُتِیَ بِمَآءٍ فَشَرِبَ وَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَذَكَرَ رَأْسَهٗ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَهٗ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اُنَاسًا يَكْرَهُوْنَ الشُّرْبَ قَائِمًا وَاِنَّ النَّبِیَّ ﷺ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۸۱ الحدیث رقم ۵۶۱۶۔

ترجمہ: حضرت علیؓ کے متعلق منقول ہے کہ انہوں نے نماز ظہر اداء کی اور پھر آپ لوگوں کے خصومات کا فیصلہ کرنے کے لئے کوفہ کے چبوترہ پر بیٹھے یہاں تک کہ نماز عصر کا وقت آ گیا پھر آپ کے پاس پانی لایا گیا آپ نے اس پانی میں سے پیا یعنی ازالۂ پیاس کیا اور پھر منہ ہاتھ دھوئے اور راوی کہتے ہیں کہ آپ نے اپنے سر اور پاؤں دھوئے پھر آپ کھڑے ہوئے اور وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے کھڑے پیا اور فرمایا کہ بعض لوگ کھڑے ہو کر پینے کو مکروہ خیال کرتے ہیں یعنی ہر کھڑے ہو کر پینے کو مکروہ خیال کرتے ہیں۔ بے شک پیغمبر ﷺ نے اسی طرح کیا جیسا کہ میں نے کیا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: رحبة: بفتح الراء والحاء ویسکن۔ أی فی موضع ذی فضاء وفسحة بالکوفة۔ قاموس میں لکھتے ہیں: رحبة المکان محرکة ویسکن ساحته ومتسعه۔ المغرب میں لکھتے ہیں: رحبة الدار ساحتها بالتحریک والتسکین، والتحریک أحسن۔ اور صحاح میں لکھا ہے: رحبة المسجد بالتحریک ساحته۔

خلاصۃ الآراء:

❶ لفظ "رحبة" کو دو طرح پڑھا جا سکتا ہے: (الف) بروزن بررة۔ (ب) بروزن حمزة۔ ❷ پہلا ضبط مستحسن ہے۔
❸ اس لفظ کے عام معنی ہیں: کشادہ زمین، کھلی جگہ جو مکانوں کے درمیان ہو۔ "رحبة المکان": گھر کا صحن "رحبة المسجد"۔ مسجد کا صحن۔

قوله: أتی بماء فشرب: اس موقع پر پانی پینے میں کئی احتمال ہیں:

① ممکن ہے کہ حضرت علی کو پیاس لگی ہوئی ہو اس لئے انہوں نے پانی پیا ہو۔ چنانچہ یہ صورت استحباب کے تحت نہیں آتی۔
② ممکن ہے کہ حضرت علی مضمضہ کرنے کے بعد وہ پانی "نگل" گئے ہوں، اور راوی نے اس کو "شرب" سے تعبیر کر دیا ہو۔

اور زیادہ واضح یہ بات ہے کہ انہوں نے پیاس کی وجہ سے نہیں پیا تھا، بلکہ استحباب کے ارادہ سے تناول فرمایا تھا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قوله: وذکر رأسه ورجلیه:

اس سے مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ اوپر کے (یعنی پہلے) راوی نے جہاں ہاتھ منہ دھونے کا ذکر کیا تھا وہیں سر اور پیروں کے بارے میں بھی ذکر کیا تھا، لیکن جب نیچے کے (یعنی بعد کے) راوی نے حدیث نقل کی تو وہ پہلے راوی کے قول کی تفصیل بھول گیا اور اسے یہ یاد نہیں رہا کہ پہلے راوی نے یہ کہا تھا "مسح رأسه وغسل رجلیه" (کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے سر کا مسح کیا اور اپنے پیروں کو دھویا) جیسا کہ بظاہر یہی واضح ہوتا ہے، یا یہ کہ پہلے راوی نے یہ بیان کیا تھا (کہ انہوں نے اپنے سر کا بھی مسح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا اور پیروں کا بھی مسح کیا' جیسا کہ اسی واقعہ کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ایک اور روایت میں یہی ذکر کیا گیا ہے "مسح رأسہ ورجلیہ"

پیروں کے مسح کا مطلب:

اس کے کئی مطلب بیان کئے گئے ہیں:

اول: پیروں کے مسح سے مراد پیروں کو ہلکے طور پر دھونا ہے

دوم: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس وقت موزے پہن رکھے ہوں گے' اس لئے انہوں نے پیروں پر مسح کیا۔

سوم: راوی نے تغلیباً مسح سے تعبیر کردیا۔

چہارم: اس قول کے قبیل سے ہے:

علفتها تبنا وماء باردا۔

پنجم: تجدید وضوء کا ارادہ تھا، اور اعضاء کا مسح اس لئے کیا تا کہ "نور علی نور" ہو جائے۔

ششم: تبرید وتنظیف کا ارادہ تھا۔ اور دلیل یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے اس موقع پر مضمضہ، استنشاق اور دیگر سنن کو چھوڑ دیا۔ اس سلسلہ میں صریح روایت عنقریب آئے گی۔

ہفتم: راوی نے ورأسه ورجليه کا عطف اعضائے مغسولہ پر کیا، فہم سامع پر اعتماد کرتے ہوئے، کہ سر پر مسح کیا جاتا ہے، دھویا نہیں جاتا اور راوی نے احتمال اخیر کو اختیار کیا، تا کہ ذمہ داری سے بالیقین بری الذمہ ہو جائے۔

وهو قائم: أى وهو مستمر على قيامه۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "فشرب" کا عطف "قام" پر ہے، اور "وهو قائم، یہ جملہ دراصل تاکید کے طور پر ہے تا کہ یہ گمان نہ ہو کہ کھڑے ہونے کے بعد پھر بیٹھ کر انہوں نے پانی پیا ہوگا' چنانچہ اس بات کو مکرر واضح کیا گیا کہ انہوں نے اسی طرح کھڑے کھڑے وضو کا بچا ہوا پانی پیا۔

إن ناسا: ایک نسخہ صحیحہ میں "إن أناسا" ہے، "أناسا" ناس میں ایک لغت ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: تنکیر برائے تحقیر ہے، لوگوں کے اس گمان کی مذمت کرنا مقصود ہے جو شرب فی حال القیام کو مکروہ سمجھتے ہیں۔ اس اسم میں تنکیر کے معنی کی نظیر عرب کا یہ مقولہ ہے: شر أهر ذا ناب۔ اس کلام میں ایک قسم کا انکار ہے۔

إن رسول الله: ایک نسخہ میں "أن النبی ﷺ" ہے۔

"صنع مثل ما صنعت": یہ جملہ جہت اشکال کیلئے "حال مقررہ" ہے۔ جیسا کہ یہ آیت مبارکہ: ﴿أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ﴾ [البقرة: ۳۰]

یہ حدیث ان حضرات کے اس زعم کی تردید کرتی ہے جو "شرب قائما" کے جواز کے نسخ کے قائل ہیں۔ چونکہ حضرت علیؓ نے یہ عمل کوفہ میں کیا تھا۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں: اگر یہ کہا جائے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فعل دلیل ہے کہ شرب قائما منسوخ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہے۔

تو جواب یہ ہے کہ ممکن ہے حضرت علیؓ سے نہی مخفی ہو، اور یہ کہنا اولیٰ ہے کہ ممانعت کا تعلق اس صورت سے ہے جب کہ لوگ کھڑے ہو کر پانی پینے کو ایک عادت و معمول بنالیں۔

جمع کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ حضرت علیؓ کے نزدیک نہی ثابت نہیں ہے۔ یا یہ کہ ان کے نزدیک نہی اپنے اطلاق پر نہیں ہے، چونکہ اس سے ماءِ زمزم اور وضو کے بچے ہوئے پانی کی تخصیص ہو چکی ہے۔ جیسا کہ ہمارے بعض علماء نے ذکر کیا ہے۔ اور ان دونوں صورتوں میں قیام کو مستحب قرار دیا ہے، اور بقیہ تمام صورتوں میں قیام کو مکروہ قرار دیا ہے الّا یہ کہ کوئی ضرورت ہو۔

ان دونوں پانیوں کی تخصیص کی وجہ شاید یہ ہے کہ ماءِ زمزم سے تضلّع اور جمیع اعضاء تک اس بابرکت پانی کی برکات کا پہنچانا مطلوب ہے۔ اور اسی طرح وضو کا بچا ہوا پانی ہے۔ مزید یہ کہ اس میں طہارت ظاہر کے ساتھ طہارت باطن بھی ہے۔ ان دونوں پانیوں کا نفع حالت قیام میں ''اتم'' و ''اعم'' ہے۔ شرح ہدایہ میں ابن ہمامؒ لکھتے ہیں: وضوء کے بچے ہوئے پانی کو کھڑے ہو کر قبلہ رخ ہو کر پینا آداب میں سے ہے، اور اگر چاہے تو بیٹھ کر پی لے۔ اھ۔

حضرت علیؓ کے ظاہر سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر قیام مستحب ہے، چونکہ یہ رخصت ہے۔ شرح السنہ میں لکھتے ہیں کہ حضرت علی، سعد بن ابی وقاص ابن عمر اور عائشہ نے ''شرب قائما'' کی رخصت دی ہے۔ اور نہی نبی ادب وارفاق پر محمول ہے تا کہ لوگ پانی سکون اور اطمیان سے پئیں، اور کوئی خرابی پیش نہ آئے۔

''صنع مثل ما صنعت'' سے بظاہر تجدید وضوء اور ''شربه من فضله قائمه'' کا مجموعہ فعل مراد ہے، اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے مراد حدیث کا آخری جزو ہو، چونکہ محل شاہد یہی ہے۔

شمائل میں نزال بن سبرۃ سے مروی ہے:

قال: أتي علي رضي الله عنه بكوز من ماء وهو في الرحبة، فأخذ منه كفًا فغسل يديه ومضمض واستنشق ومسح وجهه وذراعيه ورأسه۔ وفي رواية: ورجليه ثم شرب وهو قائم ثم قال: هذا وضوء من لم يحدث، هكذا رأيت رسول الله ﷺ اھ۔

یہ حدیث دلالت کر رہی ہے کہ حضرت علیؓ نے چہرہ دھویا نہ کہنیاں دھوئیں، اور ماقبل میں گزرا کہ یہ دونوں اعضاء دھوئے تھے۔ چنانچہ ان اعضاء کے مسح سے مراد ان کا غسل خفیف، یا عدم غسل ہے، اور ان کے کلام میں وضوء سے مراد وضوء لغوی ہے، یعنی مطلق تنظیف مراد ہے۔ اور یہ بھی کوئی بعید نہیں اس طرح کا واقعہ متعدد بار پیش آیا ہو۔

ابوالہیثم کے ہاں مہمانی

۴۲۷۰: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَمَعَهٗ صَاحِبٌ لَّهٗ فَسَلَّمَ فَرَدَّ الرَّجُلُ وَهُوَ يُحَوِّلُ الْمَآءَ فِيْ حَائِطٍ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ مَآءٌ بَاتَ فِيْ شَنَّةٍ وَاِلَّا كَرَعْنَا فَقَالَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِنْدِیْ مَآءٌ بَاتَ فِیْ شَنٍّ فَانْطَلَقَ اِلَی الْعَرِیْشِ فَسَکَبَ فِیْ قَدَحٍ مَآءً ثُمَّ حَلَبَ عَلَیْهِ مِنْ دَاجِنٍ فَشَرِبَ النَّبِیُّ ﷺ ثُمَّ اَعَادَ فَشَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِیْ جَآءَ مَعَهٗ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۷۵ الحديث رقم ۵۶۱۳' وأبو داوٗد فی السنن ۴/۱۱۲ الحديث رقم ۳۷۲۴' والدارمی فی ۲/۱۶۱ الحديث رقم ۲۱۲۳' وأحمد فی المسند ۳/۳۲۵۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ایک انصاری کے ہاں تشریف لے گئے یعنی ابوالہیثم کے پاس اور اس وقت آپ کے ساتھ ابوبکر صدیقؓ بھی تھے آپ نے اس کو سلام کیا اس نے سلام کا جواب دیا وہ اس وقت اپنے باغ کو پانی لگا رہا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تیرے پاس پرانی مشک میں پانی ہو تو لے آتا کہ اسے ہم پئیں اور اگر نہ ہو تو ہم ندی یا نہر سے منہ لگا کر پانی پی لیں گے وہ کہنے لگا کہ میرے پاس مشک میں باسی پانی ہے وہ باغ کے چھپر کی طرف گیا اور پیالے میں پانی ڈالا اور اس میں اپنی بکری کا دودھ دوہا (اور لایا) جناب رسول اللہ ﷺ نے نوش فرمایا پھر وہ ایک اور پیالہ پہلے کی طرح لایا اس شخص نے پیا جو آپ کے ساتھ آیا تھا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: یحوّل الماء: از باب تفعیل، فعل مضارع معروف، اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

① وہ کنویں سے پانی نکال رہا تھا (قالہ تورپشتی)۔

② مظہرؒ فرماتے ہیں: وہ ایک طرف سے دوسری طرف پانی لگا رہا تھا۔

شنّة: شین معجمہ کے فتحہ، نون مشددہ کے ساتھ أی قربة عقیقة۔ صاحب النہایہ کا بیان ہے کہ پرانا مشکیزہ نئے مشکیزہ کے مقابلہ میں پانی کو بہت زیادہ ٹھنڈا کرتا ہے۔ ''شن'' بھی اس کے ہم معنی ہے۔

کرعنا: راء کے فتحہ کے ساتھ، أی شربنا من الکراع یعنی ''ہم کرع میں سے پانی پی لیں گے'' اور کرع اس جگہ کو کہتے ہیں' جہاں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے' اسی طرح چھوٹی سی نہر اور تالاب کو بھی کرع کہتے ہیں اس اعتبار سے کرعنا کا مفہوم یہ ہوا کہ ہم بغیر کسی برتن کے اور بغیر ہاتھ لگائے نہر یا تالاب وغیرہ سے منہ لگا کر پانی پی لیں گے اور بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ کرع اس کو کہتے ہیں کہ بغیر برتن اور ہاتھ کے منہ ڈال کر پانی پیا جائے جس طرح چوپائے تالاب وغیرہ میں اپنے پاؤں ڈال کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور پھر منہ لگا کر پانی پیتے ہیں۔

سیوطیؒ کہتے ہیں کہ ابن ماجہ کی روایت میں منقول کراع کی ممانعت کی روایت کا تعلق نہی تنزیہی سے ہے اور یہاں جو بیان کیا گیا ہے وہ جواز کو ظاہر کرنے کے لئے ہے۔ یا محمول ہے اس صورت پر جب پینے والا پیٹ کے بل لیٹا ہوا ہو۔

العریش: باغ میں ٹہنیوں سے بنی ہوئی چھت' یہ اکثر کھجور کی بیلوں کی ہوتی ہے۔ اس سے سایہ حاصل کیا جاتا ہے۔ (ذکرہ الیطبی وغیرہ) اصل میں عرش بمعنی ''بنی'' سے ماخوذ ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ (افعیل بمعنی مفعول) ''عریش'' بمعنی ''معروش'' ہو۔ أی مرفوع: یہ آیت بھی اسی معنی میں ہے: ﴿معروشات وغیر معروشات﴾ [الأنعام۔۱۴۱]۔

داجن: وہ بکری کہ جس کو گھر میں چارہ کھلایا جاتا ہو، چراگاہ میں نہ لے جایا جاتا ہو۔ کہا گیا ہے کہ داجن اس (بکری) کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں جو گھر سے مانوس ہو۔دجن بالمكان اذا أقام به سے ماخوذ ہے۔

قوله:إن كان عندك مآء بات فى شنة وإلا كرعنا۔شرط کا جواب محذوف ہے۔أى فأعطنا:اور یہ''إلا ''اصل میں''إن لا ''تھا۔''إن ''شرطیہ کے نون کا''لا''نافیہ میں ادغام کر دیا،اور خطاً حذف کر دیا جیسا کہ لفظاً بھی حذف ہے۔مکمل کلام یوں ہے:إذا كان عندك ماء بات فى شنة فأعطنا وإن لا تعطنا كرعنا۔

چاندی کے برتن میں پینے والا آگ پیتا ہے

۴۲۷۱:وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ الَّذِیْ یَشْرَبُ فِیْ اٰنِیَةِ الْفِضَّةِ اِنَّمَا یُجَرْجِرُ فِیْ بَطْنِهٖ نَارَ جَهَنَّمَ (متفق عليه وفى رواية لمسلم) اِنَّ الَّذِیْ یَاْکُلُ وَیَشْرَبُ فِیْ اٰنِیَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ

أخرجه البخارى فى صحيحه ۲۰/۹٦ الحديث رقم ۵٦۳۴' ومسلم فى ۴/۱٦۳۴ الحديث رقم (۱-۲۰٦۵' وابن ماجه فى السنن ۲/۱۱۳۰ الحديث رقم ۳۴۱۳' والدارمى فى ۲/۱٦۳ الحديث رقم الحديث رقم ۲۱۲۹' ومالك فى الموطأ ۲/۹۲۴ الحديث رقم ۱۱ من كتاب صفة النبى ﷺ'وأحمد فى المسند ٦/۳۰٦۔

ترجمہ:حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ داخل کرتا ہے یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے مسلم کی ایک روایت میں یہ ہے کہ جو سونے چاندی کے برتن میں کھائے اور پیئے یعنی اس کا حال بھی یہی ہوتا ہے۔

تشریح:آنية:بروزن''أفعلة''ہے۔''إناء''کی جمع ہے۔

''يجر جر'':دوسرا جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

فى بطنه نار جهنم:نصب کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے۔اکملؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب ہے:

يردد من '' جرجر الفحل '' اذا ر دد صوته فى حنجرته سے ماخوذ ہے'اور نار منصوب ہے'جیسا کہ ثقات سے محفوظ کیا گیا ہے۔(انتہیٰ)اور جس نے''نار''کو رفع کے ساتھ پڑھا ہے اس نے''يجر جر''کی تفسیر''بصوت''کے ساتھ کی ہے۔اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ''ان''کی خبر ہے''ما''موصولہ ہے۔یہ محل نظر ہے چونکہ اس کو''ان''کے ساتھ ملا کر لکھنا اس کا انکار کر رہا کہ یہ موصولہ ہے۔ابن الملک فرماتے ہیں کہ'' مشروب فيه''کو نار''قرار دینا بطور مبالغہ ہے'چونکہ یہ اس کا سبب ہے۔جیسا کہ اس آیت میں ہے:اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا[النساء:۱۰] امام نوویؒ فرماتے ہیں:''نار جہنم''میں اختلاف ہے کہ یہ مرفوع ہے؟یا منصوب ہے؟صحیح اور مشہور یہ ہے کہ منصوب ہے۔زجاج،خطابی اور اکثر (اہل علم) نے اسی کو راجح قرار دیا ہے۔اس کی تائید تیسری روایت سے بھی ہو رہی ہے:نارا من جهنم۔مسند اسفرائینی کی جو روایت حضرت عائشہ سے ہمیں پہنچی ہے اس میں''فى جوفه نارا''ہے،یعنی اس لفظ میں''جہنم''کا ذکر نہیں ہے۔اور الفائق میں ہے کہ اکثر نے نصب کے ساتھ پڑھا ہے،''شارب''فاعل اور''نار''اس کا مفعول ہے۔

کہا جاتا ہے:جر جر فلان الماء إذا جرعه جرعا متواترا له صوت،چنانچہ مطلب یہ ہوگا:كأنما يجرع نار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جهنم۔ اور مرفوع پڑھنا مجازاً ہے، چونکہ درحقیقت جہنم کے پیٹ سے غرغر کی آوازیں نہیں آتی ہیں، جر جرة اصل میں اونٹ کے بلبلانے کی آواز کو کہتے ہیں۔ ان مخصوص منہی عنہ برتنوں میں پانی وغیرہ کا گھونٹ بھرنے اوران برتنوں کے استعمال پر استحقاق عقاب کی وجہ سے اس کو "جر جرة نار جهنم فی بطنه" سے تشبیہ دی بطور طریق مجاز کے، اور فعل کو مذکر بھی پڑھا جاتا ہے کیوں کہ فعل اور (فاعل) نار کے درمیان فاصلہ ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: تمام علماء اور ائمہ کا اس مسئلہ پر اتفاق ہے کہ مرد اور عورت دونوں کے لئے چاندی اور سونے کے برتن میں کھانا پینا حرام ہے۔ اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے، البتہ ہمارے اصحاب عراق نے امام شافعی سے ایک قول قدیم یہ نقل کیا ہے کہ یہ مکروہ ہے، حرام نہیں ہے۔ داؤد ظاہری سے تحریم شرب کی اور اکل ودیگر تمام وجوہ استعمال کا جواز منقول ہے۔ یہ دونوں باطل ہیں، نصوص اور اجماع کی وجہ سے۔ چنانچہ سونا چاندی کے برتنوں کا استعمال کھانے پینے اور طہارت میں حرام ہے۔ سونا، چاندی کے چمچ سے کھانا، یا اس کی انگیٹھی سے دھونی دینا، اس کے برتن میں پیشاب کرنا اور دیگر تمام وجوہ استعمال حرام ہیں، خواہ استعمال کرنے والا صغیر ہو کہ کبیر ہو۔ علماء فرماتے ہیں اگر ابتلاء پیش آجائے کہ کسی چاندی یا سونے کے برتن میں کھانے پینے کی کوئی چیز رکھی ہو تو اس کو پہلے اس میں سے نکال کر کسی دوسرے برتن میں رکھ لیا جائے اور پھر اس کو کھایا جائے، اسی طرح تیل ہو تو پہلے اس تیل کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نکال لیا جائے اور پھر اس کو دائیں ہاتھ سے لگایا جائے (اور اگر یہ صورت اختیار کی گئی کہ اس تیل کو اس چاندی یا سونے کے برتن میں کسی ہاتھ کی ہتھیلی پر نکالا گیا اور پھر اسی ہتھیلی سے لگایا گیا تو یہ جائز نہیں ہوگا۔) بیوت وحوانیت وغیرہ کو سونا چاندی کے برتنوں سے مزین کرنا حرام ہے۔ امام شافعیؒ اور اصحاب کا کہنا ہے کہ اگر سونا یا چاندی کے برتن سے وضوء کیا یا غسل کیا، تو اس فعل کی وجہ سے گناہ گار ہوگا، اس کا وضوء اور غسل درست ہو جائے گا اور اسی طرح اگر ان کے برتنوں میں کھایا یا پیا تو گناہ گار ہوگا، وہ شئی ماکول ومشروب حرام نہیں ہوگی، اگر ان کے برتنوں کے استعمال کرنے کی نوبت اضطراری ہو تو ان کو استعمال کر سکتا ہے، جیسا کہ حالت اضطرار میں میتہ مباح ہے، سونا چاندی کی بیع درست ہے، اس لئے کہ یہ عین طاہر ہے، اس کو توڑنے کے بعد اس سے انتفاع ممکن ہے۔۔

تخریج وتوضیح: طبرانی کی روایت میں اتنی زیادتی ہے: "إلا أن یتوب":

پہلی روایت میں صرف شرب اور فضہ کے ذکر پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ شاید اس لئے تاکہ یہ (یعنی شراب) "أکل" (پر) اور "ذھب" کے حکم پر بطریق اولیٰ دلالت کرے۔

ریشم اور سونے وچاندی کے برتن کی ممانعت

۴۲۷۲: وَعَنْ حُذَیْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِیْرَ وَلَا الدِّیْبَاجَ وَلَا تَشْرِبُوْا فِیْ اٰنِیَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَاكُلُوْا فِیْ صِحَافِهَا فَاِنَّهَا لَهُمْ فِی الدُّنْیَا وَهِیَ لَكُمْ فِی الْاٰخِرَةِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۹۶/۱۰ الحدیث رقم ۵۶۳۳ ومسلم فی ۱۶۳۷/۳ الحدیث رقم (۴-۲۰۶۷) وأبو داؤد فی السنن ۱۱۲/۴ الحدیث رقم ۳۷۲۳، والترمذی ۲۶۴/۴ الحدیث رقم ۱۸۷۸، وابن ماجه فی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲/۱۱۳۰ الحديث رقم ۳٤۱٤' وأحمد في المسند ٥/٤٠٨۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ ریشمی کپڑا اور دیباج مت پہنو یہ ریشمی کپڑے کی قسم ہے اور سونے چاندی کے برتن میں مت پیو۔ اور سونے چاندی کی رکابیوں میں مت کھاؤ۔ کیونکہ یہ چیزیں دنیا میں کافروں کے لئے ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں ہیں۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:لا تلبسوا الحرير ولا الديباج :

لاتلبسوا'': بائے موحدہ کے فتحہ کے ساتھ ہے ''الدیباج'': دال مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے' اس کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ حریر کی ایک قسم ہے۔

اس حکم سے چار انگشت کے بقدر ریشمی کپڑا مستثنیٰ ہے! جو دوسرے کپڑے کے کنارے پر لگایا جائے' جیسا کہ متعارف ہے۔ اسی طرح وہ کپڑا پہننا جائز ہے جس کے تانے میں ریشم ہو اور بانے میں سوت ہو اور اگر سوت تانے میں ہو اور ریشم بانے میں ہو تو اس کا پہننا جائز نہیں ہوگا لیکن لڑائی کے موقع پر اس کا پہننا بھی جائز ہوگا' اسی طرح اگر کسی کو خارش کا مرض لاحق ہو یا جوؤں کی کثرت ہو گئی تو اس صورت میں ریشمی کپڑا پہننا جائز ہوگا۔

قوله:ولا تشربوا في آنية الذهب والفضة ولا تأكلوا في صحافها:

اس حصہ سے متعلقہ فقہی احکام پچھلی حدیث کے ذیل میں گزر چکے ہیں۔

صحاف: بروزن کتاب، صحفة أي القصعة العريضة۔ اگرچہ ذکر ''صحاف'' کا ہے مگر مراد ''اعم'' ہے۔ اى في صحاف كل واحد من الذهب والفضة واضح رہے کہ لفظ ''ذهب'' مؤنث ہے، جیسا کہ ابن حاجبؒ نے اپنے منظوم رسالہ میں بیان کیا ہے۔ صحافها کی ضمیر ''فضہ'' کی طرف لوٹ رہی ہے جس کی کئی وجوہ ہو سکتی ہیں: ❶ قرب کی وجہ سے۔ ❷ کثرت استعمال کی وجہ سے، کہ سونے کے مقابلے میں چاندی زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ ❸ یہ باب اکتفاء سے ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں ہے: ﴿سرابيل تقيكم الحر﴾[النحل۔۸۱]۔ ❹ ذهب کا حکم، فضہ پر قیاس کر کے معلوم ہو سکتا ہے۔ ❺ ضمیر صحاب'' المذكورات '' کی طرف لوٹ رہی ہے اس بنیاد پر کہ اقل جمع کا اطلاق مافوق الواحد پر بھی ہوتا ہے۔ اس کی نظیر یہ آیت ہے: ﴿والذين يكنزون الذهب والفضة ولا ينفقونها﴾[التوبۃ۔۳۴]

فإنها لهم: ضمیر واحد مونث غائب کے مرجع میں دو احتمال ہیں: ❶ صحافها۔ ❷ زیادہ واضح یہ ہے کہ ضمیر ان ''اشیاء ثلاثہ'' کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اور ضمیر جمع ''کفار'' کی طرف لوٹ رہی ہے، اگرچہ ان کا ذکر ماقبل میں موجود نہیں ہے، لیکن سیاق وسباق بہرحال دلالت کر رہا ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث ان حضرات کا مستدل نہیں بن سکتی جو کہتے ہیں کہ کفار فروع کے مخاطب نہیں ہیں۔ چونکہ نبی کریم ﷺ نے کفار کیلئے ان چیزوں کا استعمال مباح ہونے کی صراحت نہیں فرمائی، البتہ ان کی عادت ذکر فرمادی کہ وہ یہ کچھ دنیا میں استعمال کرتے ہیں، اگرچہ وہ ان پر حرام ہے، جیسا کہ مسلمانوں پر حرام ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دودھ میں ٹھنڈا پانی ڈال کر نوش فرمایا

۴۲۷۳: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حُلِبَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ شَاةٌ دَاجِنٌ وَشِيْبَ لَبَنُهَا بِمَآءٍ مِنَ الْبِئْرِ الَّتِىْ فِىْ دَارِ اَنَسٍ فَاُعْطِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْقَدَحَ فَشَرِبَ وَعَلٰى يَسَارِهٖ اَبُوْبَكْرٍ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ اَعْرَابِىٌّ فَقَالَ عُمَرُ اَعْطِ اَبَابَكْرٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَى الْاَعْرَابِىَّ الَّذِىْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ الْاَيْمَنَ فَالْاَيْمَنُ وَفِىْ رِوَايَةٍ اَلْاَيْمَنُوْنَ الْاَيْمَنُوْنَ اَلَا فَيَمِّنُوْا۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٥/ ٣٠ الحديث رقم ٢٣٥٢، ومسلم في ٣/ ١٦٠٣ الحديث رقم (١٢٥-٢٠٢٩) وأبو داؤد في السنن ٤/ ١١٣ الحديث رقم ٣٧٥٦، والترمذي في ٤/ ٢٧١ الحديث رقم ١٨٩٣، وابن ماجه في ٢/ ١١٣٣ الحديث رقم ٣٤٢٥، والدارمي في ٢/ ١٦٠ الحديث رقم ٢١١٦، ومالك في الموطأ ٢/ ٩٢٦ الحديث رقم ١٧ في كتاب صفة النبي ﷺ وأحمد في المسند ٣/ ١١٠۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دودھ دوہا گیا جو کہ پالتو بکری کا تھا۔ اور اس کے ساتھ کنوئیں کا پانی ملایا گیا جو انسؓ کے گھر میں تھا۔ پھر وہ آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ نے اس میں سے کچھ نوش فرمایا (اس وقت) آپ کے بائیں جانب ابوبکرؓ تھے اور دائیں طرف ایک بدو بیٹھا تھا۔ حضرت عمرؓ کہنے لگے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بچا ہوا دودھ ابوبکر کو دیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گنوار کو دیا جو آپ کے دائیں جانب تھا۔ پھر فرمایا دایاں پھر دایاں مقدم ہے اور ایک روایت یہ ہے کہ دائیں طرف والے احق ہیں پس دائیں طرف والوں کو دیا کرو۔ یعنی جب تم جانتے ہو کہ دائیں طرف والے زیادہ حقدار ہیں تو تم بھی ان کی رعایت کیا کرو۔ کہ ابتداء انہیں سے کرو یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: شاة داجن: وہ بکری جو گھروں کے ساتھ الفت وانس رکھتی ہو چراگاہ نہ جاتی ہو۔ یہ "دجن المكان" اذا أقام به سے ماخوذ ہے۔ داجن ہونا مؤنث کے مخصوص اوصاف میں سے ہے، چنانچہ اس کے آخر میں تاء لاحق کرنے کی ضرورت نہیں رہی، باوجودیکہ شاۃ کی صفت ہے، اس کی نظیر طالق و حائض ہے۔

"شیب": شین معجمہ کے کسرہ کے ساتھ بمعنی خلط۔

"فأعطى": صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

على يساره......عن يمينه أعرابى: "على" اور "عن" کیوں استعمال کیا؟

جواب یہ ہے: کہ "عن" اور "علی" کو جمع کرنے میں "تفنن فی العبارت" ہے۔ امام طیبیؒ نے اس کی تحقیق کی ہے۔ فرماتے ہیں اگر تم یہ کہو کہ پہلے کے ساتھ "علی" اور دوسرے کے ساتھ "عن" کیوں استعمال کیا گیا تو میں کہتا ہوں کہ "عن" اور "علی" سے تجاوز واستعلاء کے معنی کی تجرید کر دی گئی ہے اور ان سے مراد یمین وشمال کا حصول ہے۔ اگر آپ ان کے معنی مراد لیں گے تو آپ زیادتی کرنے والے ہوں گے۔ صاحب کشاف نے اس آیت: ﴿ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ﴾ [الاعراف:١٧] ''پھران کے آگے سے اور پیچھے سے اور دائیں اور بائیں سے (غرض ہر طرف سے) آؤں گا۔(اوران کی راہ ماروں گا) توان میں اکثر کو شکر گزار نہیں پائیگا۔'' کے تحت تحقیق کی ہے۔

صاحب کشاف کی تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ حروف صلہ کی طرح سماعی ہے' قیاسی نہیں ہے۔

الذی علی یمینه:ایک نسخہ میں ''عن یمینه'' ہے۔

''الأیمن فالأیمن: یہ دونوں مرفوع ہیں۔ أی یقدم الأیمن فالأیمن۔ اور ایک نسخہ میں دونوں منصوب ہیں۔ أی أناول الأیمن۔فالأیمن۔

قوله:وشیب بماء من الشر التی فی دار انس:

عرض مرتب صاحب مظاہر اس کے تحت لکھتے ہیں:''جوانس رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھا'' ظاہری اسلوب کا تقاضا تو یہ تھا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ یہ کہتے کہ ''جو ہمارے گھر میں تھا'' کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جس واقعہ کا ذکر کیا ہے وہ انہی کے گھر کا ہے' جس بکری کا دودھ دوہا گیا تھا وہ بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھی اور وہ کنواں بھی ان ہی کے گھر میں تھا اور خود حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی اس واقعہ کو بیان کرنے والے ہیں' لیکن انہوں نے ظاہری اسلوب کے تقاضے کے برخلاف یہ کہہ کر کہ ''جوانسؓ کے گھر میں تھا'' گویا تفنن عبارت کے اسلوب کو اختیار کیا جس کو علم عربیت میں ''وضع مظہر' موضع مضمر'' کہتے ہیں۔

دونوں لفظ ایمن نون کے پیش کے ساتھ ہیں جن کا ترجمہ یہی ہے کہ ''دایاں مقدم ہے اور پھر دایاں'' یعنی سب سے پہلے اس شخص کو دیا جائے جو داہنی طرف ہو اور پھر اس شخص کو دیا جائے جو پہلے شخص کے برابر میں اسی طرف ہو' اسی ترتیب سے دیتا چلا جائے' یہاں تک کہ سب سے آخر میں اس شخص کا نمبر آئے جو بائیں طرف ہے۔

ایک روایت میں یہ دونوں لفظ ایمن نون کے زبر کے ساتھ ہیں اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ میں دائیں طرف والے کو دوں گا پھر دائیں طرف والے کو' لیکن نون کے پیش والی روایت کی تائید مذکورہ بالا دوسری روایت الا یمنون...... سے بھی ہوتی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا: اکرام کی تمام انواع میں اپنی داہنی طرف کی رعایت ملحوظ رکھنا مستحب ہے۔ اگرچہ داہنی طرف کا شخص بائیں طرف کے شخص کی بہ نسبت چھوٹا ہو یا کم رتبہ ہو تو تب بھی پہلے اسی کو دیا جائے' کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اس دیہاتی کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اسی لئے مقدم رکھا کہ وہ دائیں طرف تھا۔ افاضل و اکابر کو مقدم کرنے کا حکم اس وقت ہے جب باقی اوصاف میں برابری ہو۔ چنانچہ اسی وجہ سے ''اعلم'' اور ''اقرا'' کو نماز کی امامت کے لئے ''امن'' اور ''نسیب'' پر ترجیح دی جاتی ہے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ شخص کسی موضع مباح کی طرف' یا عالم کی مجلس کی طرف یا کسی بڑے کی طرف سبقت کر جائے تو وہ اپنے بعد آنے والوں سے زیادہ حقدار ہے۔

آنحضرت ﷺ کے کمال عدل و انصاف اور آپ ﷺ کے وصف حق شناسی پر بھی دلالت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے افضل اور مقرب ترین ہونے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سفارش کے باوجود دیہاتی کے حق کو نظر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انداز نہیں کیا

جہاں تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عرض کرنے کا تعلق ہے تو انہوں نے محض یاددہانی کے لئے عرض کیا تھا کہ شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی موجودگی یاد نہ رہی ہو۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ دائیں طرف بیٹھے ہوئے اس اعرابی کے تعین حضرت ابوبکر صدیقؓ کی جلالت شان کا اظہار مقصود ہو۔

فیمنوا: میم مکسور ومشدد ہے۔گویا اصل کلام یوں ہے:إذا كان الأمر كذلك فيمنوا أنتم أيضًا، وراعوا اليمين وابتدؤوا بالأيمن فالأيمن۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: ضبط الأيمن بالنصب والرفع، وهما صحيحان، النصب على تقدير أعطى الأيمن، والرفع على تقدير الأيمن أحق، أو نحو ذلك، وفي الرواية الأخرى:الأيمنون ترجح الرفع۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں:''الأيمن فالأيمن''مالك واحمد والستةعن أنس رضی اللہ عنہ۔

دائیں جانب والے کا حق مقدم

۴۲۷۴:وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ اَصْغَرُ الْقَوْمِ وَالْاَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ فَقَالَ يَا غُلَامُ اَتَاْذَنُ اَنْ اُعْطِيَهُ الْاَشْيَاخَ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُوْثِرَ بِفَضْلٍ مِنْكَ اَحَدًا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔

(متفق علیه وحدیث ابی قتادة سنذكر فی باب المعجزات ان شآء الله تعالیٰ)

أخرجه البخارى فی صحيحه ٥/ ٣٤ الحديث رقم ٢٣٥٨' ومسلم فی ٣/ ١٦٠٤ الحديث رقم (١٢٧ـ٢٠٢٠) ومالك فی الموطأ ٢/ ٩٢٦ الحديث رقم ١٨ من كتاب صفة النبی ﷺ 'وأحمد فی المسند ٥/ ٣٣٨ـ

ترجمہ: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ آپ کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا (خواہ دودھ کا تھا یا پانی کا) اس میں سے آپ نے نوش فرمایا۔آپ کے دائیں طرف ایک چھوٹا لڑکا تھا یعنی ابن عباسؓ اور بوڑھے حضرات آپ کی بائیں طرف تھے۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لڑکے! کیا تو اجازت دیتا ہے کہ میں بوڑھوں کو دے دوں۔وہ لڑکا کہنے لگا میں آپ کے پسماندہ کے لئے اپنے اوپر کسی کو ترجیح نہیں دیتا۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا بچا ہوا اس لڑکے کو عنایت فرمایا۔یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:وعن يمينه غلام اصغر القوم:

یہ خبر ہے۔اور اس کا مبتدا محذوف ہے،اور یہ جملہ''غلام'' کی صفت ہے۔

أتأذن: یہ استفہام تقریری ہے۔

فقال:ما كنت: مضارع سے ماضی کی طرف عدول مبالغہ کیلئے ہے۔

لأوثر: لام کے کسرہ 'ھمزہ کے ضمہ' تائے مثلثہ کے کسرہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر مجلس میں ایک سے زائد لوگ موجود ہوں اوران کو کوئی چیز دینی ہو تو دائیں طرف کا شخص اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ دینے کی ابتداء اسی سے کی جائے ہاں اگر کسی مصلحت کا یہ تقاضا ہو کہ پہلے اس شخص کو دیا جائے جو بائیں طرف ہے تو دائیں طرف والے سے اس کی اجازت لینی چاہئے' اگر وہ اجازت دے دے تب بائیں طرف والے کو دیا جائے۔ رہی یہ بات کہ اس موقعے پر تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اجازت مانگی لیکن پچھلی حدیث میں جو واقعہ ذکر کیا گیا ہے اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیہاتی سے اجازت نہیں مانگی تو اس کی وجہ یہ تھی کہ اس موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف جو بڑی عمر والے لوگ بیٹھے تھے ان کا تعلق قریش سے تھا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار تھے' لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوچا کہ اگر ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اجازت لے کر ان لوگوں کو دے دیا جائے تو ابن عباس رضی اللہ عنہما کو کوئی ناگواری بھی نہ ہوگی اور ان بڑی عمر والے لوگوں کی تالیف قلوب بھی ہو جائے گی' جب کہ اس موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے جن کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پختہ تعلق تھا اور محبت واخلاص راسخ تھی ان کی تالیف قلب کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا' دوسری طرف اس دیہاتی کے بارے میں بھی یہ خیال تھا کہ اس سے اجازت لے کر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیا گیا' تو شاید وہ اس بات کو اپنی حق تلفی سمجھتے ہوئے کسی وحشت و بیگانگی کا شکار ہو جائے کیونکہ وہ نیا نیا حلقہ بگوش اسلام ہوا تھا اس کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ کی معرفت بھی ابھی راسخ نہیں ہوئی تھی۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تالیف قلب اسی میں دیکھی کہ اس سے اجازت نہ لی جائے۔

فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ طاعات قربان دینیہ میں ایثار نہیں ہے' ایثار حظوظ نفسانیہ میں کیا جائے' چنانچہ صف اول میں اپنی جگہ کسی اور کو جگہ دینا مکروہ ہے۔

عرض مرتب: اس مقام پر صاحب مظاہر نے بہت اچھی تفصیل ذکر کی ہے جو حسب ذیل ہے۔ اگر ایثار واجبات میں ہو تو حرام ہے اور اگر فضائل و مستحبات میں ہو تو مکروہ ہے' اس کو اور واضح طور پر یوں سمجھا جا سکتا ہے مثلاً ایک شخص کے پاس صرف اتنا پانی ہے جس سے وہ خود وضو کر سکے لیکن اس نے وہ پانی کسی دوسرے شخص کو دے دیا اور خود تیمّم کر کے نماز پڑھی یا اس کے پاس محض اتنا کپڑا تھا جو اس کی ستر پوشی کے بقدر تھا لیکن اس نے وہ کپڑا کسی دوسرے شخص کو دے دیا اور خود ننگے بدن نماز پڑھی' اس طرح کا ایثار جائز نہیں ہے بلکہ حرام ہے' یہ تو اجبات میں ایثار کی صورت تھی

فضائل و مستحبات میں ایثار کی صورت یہ ہے کہ مثلاً ایک شخص باجماعت نماز پڑھنے کے لئے پہلی صف میں امام کے قریب بیٹھا تھا' لیکن اس نے وہ جگہ کسی دوسرے شخص کو دے دی اور خود پچھلی صف میں آ کر نماز پڑھی اس طرح ایثار اچھا نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے' طاعات کے برعکس دنیاوی امور میں ایثار ایک محمود و مستحسن عمل ہے' جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ بعض صوفیاء کے بارے میں یہ منقول ہے کہ انہوں نے مواقع پر طاعات میں ایثار کی صورتیں اختیار کیں تو غالباً انہوں نے ایسا غلبۂ حال کے سبب کیا ہوگا۔ (انتھی)

ابن حجرؒ امام نوویؒ کے سابقہ کلام کی اتباع میں لکھتے ہیں: الإيثار في القرب مكروه، وفي حظوظ النفس مستحب اھ۔ اس حدیث سے اس مسئلہ پر استدلال "فيه ما فيه" ہے' چونکہ اگر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کیلئے ایثار جائز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ ہوتا تو نبی کریم ﷺ ان سے اجازت طلب نہ کرتے، ہاں البتہ ان کے فعل میں اس کے جواز پر تنبیہ ہے، مزید یہ کہ یہ مقام ادب تھا، اکابر کے ساتھ تواضع کا مقام تھا۔ وہی ایثار کہ جو اس آیت سے مستفاد ہوتا ہے: ﴿ويؤثرون على أنفسهم ولو كان بهم خصاصة﴾ [الحشر۔۹] مزید یہ کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جو فضیلت حاصل کرنا چاہتے تھے، وہ ان سے فوت نہ ہوتی، بلکہ اگر ایثار کرتے تو وہ مزید بڑھ جاتی بایں طور کہ دیگر اکابر، افاضل وابرار کا پس خوردہ بھی بیچ میں شامل ہو جاتا۔ چنانچہ اسی وجہ سے علماء فرماتے ہیں: **كلما كثر الواسطة فى الخرقة النبوية فهو أفضل من أجل حصول بركة البقية بخلاف الإسناد، حيث كلما قلت الوسائط فيه فهو أعلى درجة لأن أبعد من الخطأ فى الرواية۔** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے احتمال فوت کی وجہ سے قرب فضل کو ترجیح دی، چنانچہ وہ فی الجملہ اس جہت سے ''مصیب'' ہیں۔ اگرچہ بہت سے مشائخ یہ فرماتے ہیں کہ: **الا الايثار فى الأمور الأخروية والدينية، فإنه لا خطر ولا عظمة للأمور الدنيوية، لكن بشرط أن لا يفوته أصل الطاعة۔**

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ترمذی کی روایت ہم عنقریب ذکر کریں گے' اگر یہ ایک ہی واقعہ ہے تو تطبیق کا محتاج ہے۔ واللہ ولی التوفیق۔

توضیح: حضرت ابوقتادہ کی یہ طویل حدیث جس کے آخر میں یہ جملہ ہے: ''**إن ساقى القوم آخرهم شربا**''۔ یہ روایت ''**باب المعجزات**'' میں ذکر کئے جانے کے زیادہ مناسب ہے۔

الفصل الثانی:

کھڑے ہو کر ضرورۃً پی سکتے ہیں

۴۲۷۵: عَنْ اِبْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّانَاكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ نَمْشِىْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ۔

(رواه الترمذى وابن ماجة والدارمى وقال الترمذى هذا حديث حسن صحيح غريب)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٢١٥ الحديث رقم ١٨٨٠' ابن ماجه فى السنن ٢/١٠٩٨ الحديث رقم ١-٣٣' والدارمى فى ٢/١٦٢ الحديث رقم ٢١٢٥' وأحمد فى المسند ٢/١٢۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کھاتے اس حال میں کہ چلتے ہوتے اور کھڑے ہوئے پی لیتے تھے۔ یہ ترمذی' ابن ماجہ اور دارمی کی روایت ہے ترمذی نے اسے حسن صحیح غریب قرار دیا ہے۔

تشریح: ''**ونحن نمشى**'': یہ جملہ حالیہ ہے۔

''**ونشرب**'': اس جملہ کا عطف ''**نأكل**'' پر ہے۔ ''**ونحن قيام**'' کی قید کا ذکر آخر (یعنی ''**نشرب**'' کے ساتھ ہے۔ یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ چلتے پھرتے کھانا پینا جائز ہے' اس میں کوئی کراہت نہیں ہے لیکن شرط یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ سے یہ عمل ثابت ہو' اور آپ ﷺ نے اس کی ''تقریر'' فرمائی ہو۔ وگرنہ تو ائمہ کے نزدیک مختار یہ ہے کہ چلتے پھرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'کھڑے ہوکر' سوار ہوکر کھانے سے اجتناب کیا جائے (علی ماصرح بہ ابن الملک) یہی بات کھڑے ہوکر پانی پینے کی بھی ہے' جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

قوله:رواه الترمذی وابن ماجه والدارمی:

امام دارمی کا اسم گرامی مؤخر ذکر کیا چونکہ یہ مشہور نہیں ہے' وگرنہ تو یہ امام ترمذی کے شیخ ہیں بلکہ امام بخاری کے بھی شیخ ہیں۔

کھڑے بیٹھے پینے کی اباحت

۴۲۷۶:عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَشْرِبُ قَائِماً وَّقَاعِداً

(رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٢٦ الحديث رقم ١٨٨٣' وأحمد فی المسند ٢/١٧٤۔

ترجمه:حضرت عمرو بن شعیب نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو کھڑے اور بیٹھے ہونے کی حالت میں پیتے دیکھا یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: مطلب یہ ہے کہ کھڑے ہوکر پیتے ہوئے تو ایک بار یا دو بار دیکھا ہے اور وہ بھی بیانِ جواز کی خاطر تھا یا کسی ضرورت وعذر کی بنا پر تھا' اس ایک یا دو بار کے علاوہ اور تمام مواقع پر بیٹھ کر ہی پیتے دیکھا ہے۔

پانی میں پھونک کی ممانعت

۴۲۷۷:وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ يَّتَنَفَّسَ فِي الْاِنَآءِ اَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ۔

(رواه ابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١١٤ الحديث رقم ٣٧٢٨' والترمذی فی ٤/٢٦٩ الحديث رقم ١٨٨٨' وابن ماجه فی ٢/١١٣٣ الحديث رقم ٣٤٢٨' وأحمد فی المسند ١/٢٢٠۔

ترجمه:حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے پیالے میں سانس لینے اور اس میں پھونک مارنے سے منع فرمایا۔ یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح:ابن الملکؒ شرح السنہ کی اتباع میں فرماتے ہیں:

پیتے وقت برتن میں سانس لینے یا پھونک مارنے سے اس لئے منع فرمایا گیا ہے تاکہ پیے جانے والے پانی وغیرہ میں تھوک نہ گرے (اور دوسرے شخص کو اس سے کراہت محسوس نہ ہو) نیز بسا اوقات منہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے (اور اس صورت میں اگر برتن میں سانس لیا جائے گا یا پھونک ماری جائے گی) تو ہوسکتا ہے کہ اس پی جانے والی چیز میں بھی بدبو پہنچ جائے' چونکہ پانی میں رقت اور لطافت ہوتی ہے (وہ ادنی اثر کو بھی جلد قبول کر لیتا ہے۔) علاوہ ازیں پانی میں سانس لینا اصل میں چوپایوں کا طریقہ ہے۔ کہ جب وہ برتنوں میں پانی پیتے ہیں تو گھونٹ گھونٹ کر پیتے ہیں پھر اسی میں سانس لیتے ہیں' اور پھر دوبارہ اس کو پینا شروع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر دیتے ہیں۔ شرح السنہ کی عبارت یوں ہے: پس احسن یہ ہے کہ برتن کو منہ سے ہٹا کر سانس لیا جائے۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ بات مخفی نہیں کہ اولیٰ اور احسن کی بغیر خلاف اولیٰ ہے۔

بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر اس پی جانے والی چیز کو ٹھنڈا کرنے کے لئے بھی پھونک مارنے کی ضرورت ہو تو (اس صورت میں بھی پھونک نہ ماری جائے بلکہ اس وقت تک پینے میں) صبر کیا جائے (جب تک کہ وہ ٹھنڈی نہ ہو جائے) نیز اگر پانی میں کوئی تنکا وغیرہ پڑ جائے تو اس کو کسی تنکے وغیرہ سے نکالا جائے' انگلی سے یا پھونک مار کر نہ نکالا جائے کیونکہ اس سے طبیعت نفرت و کراہت محسوس کرتی ہے۔ یا پانی بہا دے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔ امام ابن ماجہ سند حسن کے ساتھ ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: إذا شرب أحدكم فلا يتنفس في الإناء، فإذا أراد أن يعود فلينح الإناء ثم ليعد إن كان يريد۔

پانی دو تین سانس میں پیو

۴۲۷۸: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَشْرَبُوْا وَاحِداً كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ وَلٰكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَسَمُّوْا اِذَا اَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوْا اِذَا اَنْتُمْ رَفَعْتُمْ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٦٧ الحديث رقم ١٨٨٥۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ایک سانس میں پانی نہ پیو جس طرح اونٹ پیتا ہے لیکن دو سانس سے پیو یا تین سانس سے پیو اور پیتے وقت بسم اللہ کہو۔ اور برتن کو منہ سے ہٹاتے وقت الحمد للہ کہو۔ یعنی ہر مرتبہ یا آخر میں۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: لا تشربوا واحدًا: (اصل کلام یوں ہے): ای شربًا واحدًا۔ (یعنی موصوف محذوف ہے)

شرب: شین کے ضمہ کے ساتھ ہے' اور کبھی فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔

یعنی تم ایک سانس میں پانی مت پیو جس طرح اونٹ پیتا ہے کہ وہ ایک ہی سانس میں پیتا ہے اور سانس برتن میں لیتا ہے۔

مثنى و ثلاث: یہ دونوں منصوب ہیں، مصدر محذوف کی صفت ہیں۔ اور اسی وجہ سے منصوب ہیں۔ أي مرتين مرتين أو ثلاثة ثلاثة۔

ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ پانی دو سانس میں پیا جائے اور اعلیٰ درجہ یہ ہے تین سانس میں پیا جائے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے اور اکثر اوقات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہی تھا۔

قوله: وسموا اذا انتم شربتم:

اس کھانے کا بھی وہی حکم ہے جو پینے کا ہے۔

احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ پہلے سانس کے بعد الحمد للہ کہے' دوسری سانس کے بعد رب العلمین کا اضافہ کرے اور تیسرے سانس کے بعد الرحمٰن الرحیم۔ نیز پانی پینے کے بعد پڑھی جانے والی یہ دعا بھی منقول ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَهٗ عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهٖ وَلَمْ یَجْعَلْهُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا۔

پانی میں پھونک کی ممانعت

۴۲۷۹:وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلُ الْقَذَاةَ اَرَاهَا فِي الْاِنَاءِ قَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ فَاِنِّیْ لَا اَرْوٰی مِنْ نَفْسٍ وَاحِدٍ قَالَ فَاَبِنِ الْقَدَحَ فِیْكَ ثُمَّ تَنَفَّسَ۔

(رواہ الترمذی والدارمی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٦٨ الحديث رقم ١٨٨٧، والدارمی فی ٢/١٦١ الحديث رقم ٢١٢١، ومالك فی الموطأ ٢/٢١٥ الحديث رقم ١٢ من كتاب صفة النبی ﷺ وأحمد فی المسند ٣/٢٦۔

ترجمہ:حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے پانی میں پھونک مارنے سے منع فرمایا ایک شخص کہنے لگا اگر تنکا وغیرہ پڑا ہو تو پھر پھونک نہ ماروں تو کیا کروں۔ وہ کیسے نکلیں گے۔آپ نے فرمایا تم اس کو پھینک دے۔یعنی تھوڑا سا پانی گرادو تا کہ وہ تمام نکل جائیں۔(اس شخص نے پھونکنے کی ممانعت سے سانس لینے کی بھی ممانعت خیال کر لی۔اس سے لازم آیا کہ پانی ایک سانس میں پی لے)۔اس نے سوال کیا میں تو ایک سانس میں سیر نہیں ہوتا تو آپ نے فرمایا سانس کے وقت اپنے منہ سے پیالے کو ہٹادو۔ پھر سانس لو جو برتن سے باہر ہو پھر (دوبارہ) پیو۔ یہ ترمذی ودارمی کی روایت ہے۔

تشریح:قوله: نهى عن النفخ في الشراب:اگرچہ ذکر صرف "مشروب" کا ہے، مگر طعام کا بھی یہی حکم ہے۔ چنانچہ امام احمد نے ابن عباس سے جو روایت نقل کی ہے اس میں دونوں کا ذکر ہے:نهی عن النفخ فی الطعام والشراب۔

قوله:فقال رجل :القذاة:بفتح القاف،ما يسقط فی الشراب والعين۔یہ "منصوب علی شریطۃ التفسیر" ہے۔

قال:أهرقها:ضمیر مؤنث کا مرجع "ماء" ہے۔أی بعض الماء لتخرج تلك القذاة منها۔لفظ "ماء" کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتا ہے۔جیسا کہ مظہرؒ نے حاشیہ بیضاوی میں اس آیت:﴿فسالت أودية بقدرها﴾[الرعد۔١٧] کے تحت ذکر کیا ہے۔اس طرف صاحب قاموس نے بھی اپنے اس قول میں اشارہ کیا ہے:مويه ومويهة۔

"لا أروی":واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

من نفس:بروزن قلم ہے بمعنی "تنفس" ہے۔

فأبن:"إبانة" سے امر کا صیغہ ہے۔

قوله:ثم تنفس ثم اشرب:

اس سے اشارۃً معلوم ہوا کہ دو سانس پر اقتصار کرنا جائز ہے،البتہ تین سانس میں پینا کئی اعتبار سے بہتر ہے:

اول:تین سانس لینا "أنفس" "امرأ"، "اهنأ"، "وأروی" ہے۔ اس وجہ سے کہ:إن الله وتر يحب الوتر۔

ثالث:نبی کریم ﷺ کی عادت شریفہ یہی تھی۔حدیث میں کہیں یہ ثابت نہیں کہ آپ ﷺ نے ایک سانس پر اقتصار کیا ہو،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر چہ یہ حدیث اس کے جواز پر دلالت کر رہی ہے کہ اگر ایک سانس سے سیراب ہو جائے تو جائز ہے۔
تخریج وتوضیح: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: أبن القدح عن فیك رواہ سمویه فی فوائدہ عن أبی سعیداھ۔
صرف ایک تخرج پر اکتفاء شاید ترمذی ودارمی کی روایت کا علم نہ ہونے کی وجہ سے کیا ہے۔

پیالے کے سوراخ سے پانی پینے اور پھونک کی ممانعت

۴۲۸۰: وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدْحِ وَاَنْ يَّنْفُخَ فِي الشَّرَابِ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١١١' الحدیث رقم ٢٢/٣٧' وأحمد فی المسند ٣/٨٠۔

ترجمہ: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے پیالے کے سوراخ سے پانی پینے اور پھونک مارنے سے منع فرمایا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ثلمة: تائے مثلثہ کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ' پیالہ کی ٹوٹی ہوئی جگہ
خطابیؒ فرماتے ہیں: کہ اگر پینے کا برتن کسی جگہ سے ٹوٹا ہوا ہو تو اس جگہ سے منہ لگا کر پانی پینے سے منع کیا ہے کیونکہ اس جگہ ہونٹوں کی گرفت اچھی طرح نہیں ہوگی' جب وہ اس پر ہونٹ رکھ کر پیئے گا وہاں سے پانی اور اس کے چہرہ اور کپڑوں پر بہہ جائے گا۔ ابن الملکؒ اس پر اضافہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں: دوسرے یہ کہ برتن کی دھلائی کے وقت اس کی ٹوٹی ہوئی جگہ اچھی طرح صاف نہیں ہو پاتی (وہاں مٹی وغیرہ لگی رہ جاتی ہے اس صورت میں پاکیزگی وصفائی کا تقاضا بھی یہی ہے اس جگہ منہ لگایا جائے۔)

اس ممانعت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ٹوٹے ہوئے برتن میں پانی نہ پیا جائے بلکہ یہ مراد ہے کہ برتن کی ٹوٹی ہوئی جگہ پر منہ لگا کر پانی نہ پیا جائے۔

أن ینفخ: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ اور حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

لٹکی مشک سے آپ کا پانی پینا

۴۲۸۱: وَعَنْ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِماً فَقُمْتُ اِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهٗ۔ (رواہ الترمذی وابن ماجة وقال الترمذی هذا حدیث حسن غریب صحیح)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٧٠ الحدیث رقم ١٨٩٢' وابن ماجه فی ٢/١١٣٢ الحدیث رقم ٣٤٢٣' وأحمد فی المسند ٦/٤٣٤۔

ترجمہ: حضرت کبشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ میرے ہاں تشریف لائے آپ نے لٹکی ہوئی مشک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے منہ سے کھڑے کھڑے پانی پیا۔ میں مشک کے منہ کی طرف اٹھی اور اس مشک کے اس مقام کو کاٹ لیا۔ (جہاں آپ ﷺ نے منہ لگا کر پانی پیا تھا) یہ ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت ہے ترمذی نے اسے حسن غریب صحیح کہا ہے۔

تشریح: قوله: فقمت الى فيها:

(جار مجرور محذوف کے متعلق ہو کر حال ہے۔) ای متوجهة الى فيها۔

مطلب یہ ہے کہ مشک کے منہ کے جتنے حصے پر آپ ﷺ کا دہن مبارک لگا تھا میں نے اتنے حصے کا چمڑہ کاٹ کر اپنے گھر میں حفاظت کے ساتھ رکھ لیا اور یہ میں نے تبرک کی غرض سے کیا یا اس احساس ادب کی بنا پر کیا تا کہ اس حصے پر کسی اور کا منہ نہ لگے جیسا کہ اس کی تائید اس کے ایک ہم معنی واقعہ سے ہوتی ہے جو حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے روایت بیان کیا ہے اس میں صراحت کے ساتھ یہ کہا ہے کہ انہوں نے مشک کا منہ اس لئے کاٹ دیا تھا تا کہ آنحضرت ﷺ کے پینے کے بعد کوئی دوسرا شخص اس جگہ منہ لگا کر نہ پیئے۔

ابوالشیخ کی روایت میں اتنا اضافہ ہے: وقالت لا يشرب منها أحد بعد شرب رسول الله ﷺ۔

ممکن ہے کہ ہر ایک نے علیحدہ علیحدہ بات کو ملحوظ خاطر رکھا ہو اور نیت کی ہو اور دونوں کو جمع کرنے میں بھی کوئی مانع نہیں۔

امام نوویؒ امام ترمذیؒ سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وقطعها لفم القربة لوجهين: أحدهما أن تصون موضعا أصابه فم رسول الله ﷺ أن يبتذل ويمسه كل واحد والثانى أن يحفظ للتبرك به والاستشفاء۔ واللہ اعلم۔

یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ مشک کے منہ سے پانی پینے کی ممانعت تحریمی نہیں ہے۔

ٹھنڈی میٹھی چیز کی پسندیدگی

۴۲۸۲: وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الشَّرَابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْحُلْوَالْبَارِدِ۔ (رواه الترمذى وقال والصحيح ماروى عن الزهرى عن النبى ﷺ مرسلا)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٢٧٢ الحديث رقم ١٨٩٥، وأحمد فى المسند ٦/٣٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کو پینے میں ٹھنڈی میٹھی چیز نہایت پسند تھی۔ یہ ترمذی کی روایت ہے مگر اس میں صحیح روایت زہری کی ہے جو مرسل ہے۔

تشریح: قوله: كان أحب الشراب الى رسول الله ﷺ الحلو البارد: "أحب":

احب: مرفوع ومنصوب دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔ اور نصب زیادہ محبوب ہے۔ "الحلو": نصب کے ساتھ، اور رفع ارفع ہے اور "أحب" بمعنی "الذ" ہے چونکہ ماء زمزم افضل ہے اور یہی معاملہ دودھ کا ہے۔

واضح رہے کہ یہ حدیث باب دیگر کئی روایات کے متعارض ہے۔ چنانچہ ملاحظہ فرمائیے۔

❶ عن ابن عباس رضى الله عنهما: كان أحب الشراب إليه اللبن۔ رواه ابن نعيم فى الطب۔

آنحضرت ﷺ کو پینے کی چیزوں میں دودھ سب سے زیادہ پسند تھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ عن عائشة رضی اللّٰہ عنها: كان أحب الشراب إليه العسل۔ أخرجه ابن السنی، وأبو نعيم فی الطب۔ آنحضرت ﷺ کو پینے کی چیزوں میں شہد سب سے زیادہ پسند تھا۔ اس تعارض کا جواب یہ ہے کہ
''میٹھی چیز'' سے عموم مراد ہے کہ آپ ﷺ کو ہر میٹھا مشروب بہت زیادہ پسند تھا' میٹھے پانی کا مفہوم سادہ پانی' دودھ کچی لسی مشروب عسل نقیع تمر' نقیع زبیب سب کو شامل ہے اس وضاحت سے حدیثوں کے درمیان مطابقت و یکسانیت پیدا ہو جاتی ہے
''وہ روایت صحیح ہے الخ'' کا مطلب یہ ہے کہ زہریؒ نے اس روایت کو دو طریق سے نقل کیا ہے ایک طریق میں سند کے ساتھ روایت کیا ہے جس طرح اوپر نقل کی گئی ہے: عن الزهری عن عروة عن عائشه ...... الخ اور دوسرے طریق سے مرسلاً ذکر کیا ہے یعنی اس طرح کہ اس میں انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا کا ذکر نہیں کیا ہے' بلکہ عبارت کے ظاہری مفہوم ''عن الزہری عن النبی ﷺ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عروہ کا ذکر بھی نہیں کیا ہے
امام ترمذیؒ اس کی علت یہ بیان کرتے ہیں: الاكثر رووه مرسلا، وإنما أسنده ابن عينة من بين الناس۔ اھ۔
یہ محل بحث ہے، چونکہ سفیان بن عیینہ تابعین میں سے ہیں' انہوں نے اس کو عن معمر عن الزهری عن عروة عن عائشة رضی اللّٰہ تعالٰی عنها۔ مرفوعاً روایت کیا ہے چنانچہ اس کی صحت سند میں کوئی شک نہیں' اور اس لئے بھی کہ ثقہ کی زیادت متن واسناد میں مقبول ہے' اور حافظ غیر حافظ پر حجت ہوتا ہے اور مذہب منصور میں اکثر کی روایت کا اعتبار نہیں ہے جیسا کہ ابن ہمام نے صراحت کی ہے' باوجودیکہ مرسل جمہور کے نزدیک حجت ہے اور فضائل اعمال میں سب کے ہاں معتبر ہے' مزید یہ کہ اس حدیث کو امام احمدؒ نے اپنی مسند میں، امام حاکم نے اپنی مستدرک میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔

کھانے کی دُعا

۴۲۸۳: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ وَاِذَا سُقِيَ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ فَاِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ يُجْزِئُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ اِلَّا اللَّبَنُ۔ (رواه الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۱۱۶/٤ الحديث رقم ۳۷۳۰ والترمذی فی ٤۷۲/٥ الحديث رقم ۳٤٥٥' وابن ماجه فی ۱۱۰۳/۲ الحديث رقم ۳۳۲۲' وأحمد فی المسند ۲۲٥/۱۔

ترجمه: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اس طرح دعا کرے: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ ...... اے اللہ ہمارے کھانے میں برکت عنایت فرما اور اس سے بہتر کھلا۔ اور تم میں سے کسی کو دودھ پلایا جائے۔ تو وہ اس طرح دعا کرے اللهم بارك لنا فيه ...... اے اللہ ہمارے اس دودھ میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ پہنچا یعنی اس طرح نہ کہے کہ اس سے بہتر پہنچا اس لئے کہ دودھ سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ کھانے پینے کی جگہ دودھ کفایت کرنے والا ہے۔ یہ سیر اور سیراب کرتا ہے یہ ترمذی کی روایت ہے اور ابوداؤد نے بھی نقل کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله اللهم بارك لنافيه وزدنا منه: یہ حدیث واضح طور پر دلالت کر رہی ہے کہ دودھ سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں، اسی وجہ سے نومولود کی پہلی غذاء بھی دودھ کو قرار دیا، خالق کائنات نے اس میں عجیب وغریب فوائد رکھے ہیں۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ﴾ [النحل: ٦٦] ”اور تمہارے لئے چارپایوں میں بھی (مقام) عبرت (وغور) ہے کہ ان کے پیٹوں میں جو گوبر اور لہو ہے اس سے ہم تم کو خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لئے خوشگوار ہے۔“

اور اس کی تعلیل کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ایک اور وجہ بیان فرمائی: فانه ليس شيئى ـيجزى من الطعام والشرب الا اللبن۔ ”يجزى“: یاء کے ضمہ، زاء کے کسرہ اور ہمزہ کے ساتھ

إلا اللبن: اس میں دو وجوہ اعراب ہیں: ❶ یجزئ کی ضمیر سے ”بدل“ ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ ❷ منصوب علی الاستثناء بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

تخريج وتوضيح: شرح طیبی میں ہے: قال الخطابی: قوله: ”فإنه ليس شئ يجزى“ هذا لفظ مسدد وهو الذى روى عنه أبو داؤد هذا الحديث، وظاهر اللفظ يوهم أنه من تتمة الحديث۔ اھ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: تحقیقی بات یہ ہے کہ یہ حصہ بھی مرفوع ومسند ہے، اس کو مسدد کی طرف منسوب کرنا صحیح نہیں ہے، چنانچہ امام ترمذیؒ نے شمائل میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے یوں نقل کیا ہے: قال: دخلت مع رسول اللهﷺ، أنا وخالد بن الوليد على ميمونة، فجاء تنا بإناء من لبن، فشرب رسول اللهﷺ، وأنا على يمينه، وخالد عن شماله، فقال لى: الشربة لك فإن شئت آثرت بها خالدا، فقلت: ما كنت لأوثر على سؤرك أحدا، ثم قال رسول الله ﷺ: من أطعمه الله طعاما فليقل: اللهم بارك لنا فيه، وأطعمنا خيرًا منه، ومن سقاه الله لبنا فليقل: اللهم بارك لنا فيه وزدنا منه۔ قال: قال رسول الله ﷺ: ليس شئ يجزى مكان الطعام والشراب غير اللبن۔ اھ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: میں نے اس حدیث کی مکمل شرح شرح شمائل میں بہت وضاحت کے ساتھ ذکر کی ہے۔

تخریج: اسی طرح اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے جیسا کہ الجامع الصغیر میں ہے۔

سقیاء کا پانی نوش فرمانا

۴۲۸۴: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَآءُ مِنَ السُّقْيَا قِيلَ هِيَ عَيْنٌ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمَدِيْنَةِ يَوْمَانِ ـ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فى السنن ٤/١١٩ الحديث رقم ٣٧٣٥، وأحمد فى المسند ٦/١٠٠

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپ کے لئے سقیاء سے میٹھا پانی لایا جاتا۔ یہ مدینہ منورہ سے دو منزل پر واقع ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: یستعذب: بصیغۂ مجہول ہے۔ (میٹھا پانی لانا)

السقیا: سین مہملہ کے ضمہ، قاف کے سکون، یا مثناۃ اور قصر کے ساتھ۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: **ھی قریة جامعة بین مکة والمدینة**۔ اور قاموس میں لکھتے ہیں: **السقیا بالضم موضع بین المدینة وواد بالصفراء**۔

تخریج وتوضیح: الجامع الصغیر میں لکھا ہے کہ اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد اور حاکم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے: **كان يستعذب له الماء من بيوت السقيا**۔ اور ایک روایت میں یوں ہے: **يستسقى له الماء العذب من بئر السقيا**۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ یہ دو الگ الگ جگہیں ہوں، اور چشمہ، یا کنواں ہونے میں بھی کوئی منافات نہیں، ممکن ہے کہ متعدد جگہیں ہوں۔

الفصل الثالث:

سونے کے برتن میں پینے والا پیٹ میں آگ بھرنے والا

۴۲۸۵: **عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ مَنْ شَرِبَ فِیْ اِنَاءِ ذَهَبٍ اَوْفِضَّةٍ اَوْاِنَاءٍ فِیْهِ شَیْءٌ مِنْ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا يُجَرْجِرُفِیْ بَطْنِهٖ نَارُجَهَنَّمَ**.

أخرجه الدارقطني في السنن ١/ ٤٠ الحديث رقم ١ من كتاب الطهارة۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جو شخص سونے اور چاندی کے برتن میں یا جو برتن کچھ سونا چاندی ہو اس سے پانی پیئے گا وہ اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ پیتا ہے۔ یہ دار قطنی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: **أو اناءٍ فيه شيءٌ من ذٰلك**:

واضح رہے کہ اس جملہ کے علاوہ حدیث کے باقی حصہ کی تشریح ماقبل میں گزر چکی ہے۔

"**ذلك**": کا مشار الیہ شیئ مذکور ہے یا "**كل واحد منها**" ہے۔ اور "اناءٍ" (مجرور ہے۔ اس سے پہلے حرف جر مقدر ہے) ای **في اناء**: امام نوویؒ فرماتے ہیں اس میں کئی صورتیں ہیں۔ صحیح ترین اور مشہور ترین یہ ہے کہ:

اس میں سونے یا چاندی کی چھوٹی چھوٹی کیلیں وغیرہ لگی ہوئی ہوں اور ضرورت کے بقدر ہوں تو وہ حرام و مکروہ کے حکم میں داخل نہیں ہوں گی، لیکن اگر زائد از ضرورت ہوں اور بڑی بڑی ہوں تو پھر وہ حرام کے حکم میں ہوں گی۔ سونے اور چاندی کے برتنوں اور ان برتنوں کے جن میں سونے یا چاندی کی کیلیں لگی ہوئی ہوں کے استعمال کی حرمت میں مرد اور عورت دونوں برابر ہیں۔ اور قاضی خانؒ فرماتے ہیں کہ سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا، پینا اور تیل ڈالنا مکروہ ہے، مجامر، مکاحل اور مداہن کا بھی یہی حکم ہے، سونے چاندی کے سرمہ کی سلائی سے سرمہ لگانے کا بھی یہی حکم ہے۔ اور یہی حکم سونے چاندی کی ملمع چارپائی اور کرسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ہے اور یہی حکم سونا چاندی کے ملمع چراغ کا ہے' اور اسی طرح حکم لگام اور رکاب کا ہے امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں سونے چاندی کے ملمع برتنوں میں کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے' بشرطیکہ جس جگہ منہ لگا کر پیا جائے وہاں لکڑی ہو (یعنی وہاں ملمع نہ کیا ہو۔) کرسی اور چارپائی پر مرد عورت اور خشب والے حصہ پر بیٹھے سونا چاندی والے حصہ پر نہ بیٹھے۔ سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے اور تیل رکھنے اور سونے کی چیزوں پر بیٹھنے کا جو حکم مردوں کے لئے ہے وہی عورتوں کے لئے بھی ہے' البتہ عورتوں کے لئے سونا چاندی کا زیور جائز ہے اور مردوں کے لئے سونا' چاندی یا ان کی ملمع چیزوں میں سے صرف چاندی کی انگوٹھی' تلوار اور اسلحہ کے قبضہ میں رخصت ہے' چونکہ یہ رخصت مروی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ النَّقِيْعِ وَالْاَنْبِذَةِ

نقیع اور نبیذوں کے بیان میں

"أنبذة" بروزن أفعلة جیسے أطعمة۔"نبیذ" کی جمع ہے۔کہا جاتا ہے:نبذت التمر والعنب، إذا ترکت علیه الماء لیصیر نبیذا، پھر اس لفظ کو مفعول سے فعیل کی طرف پھیر دیا گیا

قاموس میں لکھا ہے:"النبذ" کے معنی ہیں"الطرح" یہ باب ضرب سے مستعمل ہے۔اور"نبذ" کے (لغوی) معنی ہیں "الملقی"(پھینکا ہوا) نچوڑے ہوئے شیرہ وغیرہ کو بھی"نبیذ" کہتے ہیں۔یہ دیگر ابواب سے بھی مستعمل ہے' چنانچہ کہا جاتا ہے: وقد نبذه وانبذه وانتبذه ونبذه 'ای طرح الزبیب وکوه فی الماء (ماخوذ فوائد حدیث:۴۲۸۷'۴۶۸۸)۔"النهایة" میں ہے"نقیع" سے مراد ہے یہاں وہ مشروب ہے جو کشمش وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔یہ مشروب آگ پر پکائے بغیر تیار کیا جاتا ہے۔ اور"نبیذ" سے مراد وہ مشروب ہے جو کھجور' کشمش شہد گندم اور جو وغیرہ سے بنایا جائے۔میرکؒ فرماتے ہیں:نبیذ حلال ہے' جب تک کہ اس میں مٹھاس رہے اور نشہ پیدا نہ ہو۔چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:"کل مسکر حرام"

نبی کریم ﷺ جو مشروبات نوش فرمایا کرتے تھے ان میں ایک نقیع اور نبیذ بھی ہے۔

نقیع بنانے کا طریقہ:انگور یا کھجوروں کو پانی میں محض بھگو دیا جاتا ہے اس کو جوش نہیں دیا جاتا' اس طرح انگور یا کھجوروں کی مٹھاس اس پانی میں آ جاتی ہے اور ایک عمدہ قسم کا شربت بن جاتا ہے

چنانچہ خرما کا نقیع معدہ کے نظام کو درست کرتا ہے اور کھانے کو جلد ہضم کرتا ہے جب کہ انگور کا نقیع جسم کی زائد حرارت کو دفع کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

نبیذ بنانے کا طریقہ:انگور یا کھجوروں کو پانی میں بھگو کر کچھ عرصہ تک کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے تا کہ اس میں کچھ ہلکی سے تیزی اور تغیر پیدا ہو جائے' لیکن اتنی تیزی یا اتنا زیادہ تغیر نہیں جو نشہ آور ہو جانے کی حد تک پہنچ جائے' کیونکہ جس نبیذ میں نشہ پیدا ہو جاتا ہے اس کا پینا قطعاً حرام ہے' اسی لئے رسول کریم ﷺ اس نبیذ کو ہرگز نہیں پیتے تھے جس پر تین دن سے زائد کا عرصہ گزر جاتا تھا' جیسا کہ آگے آئے گا۔

نقیع اور نبیذ دونوں لذیذ و مفید مشروب ہیں۔یہ مقوی بدن ہونے کے ساتھ ساتھ محافظ صحت بھی ہیں۔

مصنف مشکوٰۃ نے اوپر عنوان میں انبذه جمع کا صیغہ اس لئے استعمال کیا ہے تا کہ اس کی متعدد اقسام و انواع کی طرف اشارہ ہو جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

پانی' شہد' نبیذ اور دودھ کا استعمال

۴۲۸۶: وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بِقَدْحِي هٰذَا الشَّرَابَ كُلَّهُ الْعَسَلَ وَالنَّبِيْذَ وَالْمَآءَ وَاللَّبَنَ ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۳/ ۱۵۹۱ الحديث رقم (۸۹۔۲۰۰۰)، وأحمد في المسند ۳/ ۲۴۷۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ بلاشبہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو اپنے اس پیالہ کے ساتھ شہد' نبیذ' پانی اور دودھ پلایا ہے یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: بقد حی هذا: شمائل کی روایت میں "بهذا القدح" ہے۔ یہ لکڑی کا پیالہ تھا' آنحضرت ﷺ جس پیالہ میں پینے کی چیزیں پیا کرتے تھے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ نضر بن انسؓ کی میراث میں سے آٹھ لاکھ درہم کے عوض خریدا گیا تھا۔ امام بخاریؒ سے منقول ہے کہ انہوں نے یہ پیالہ بصرہ میں دیکھا تھا اور اس مبارک پیالے میں پانی بھی پیا۔

"الشراب": "سقيت" کا مفعول ہے۔ "ال" جنس کا ہے' انواع اشربہ کی جنس مراد ہے۔

"كله": تاکید ہے۔

العسل: اس میں دو ترکیبی احتمال ہیں: ❶ "كل" سے "بدل البعض" ہے۔ ❷ کہا گیا ہے کہ "عطف بیان" ہے۔ عسل سے مراد شہد کا شربت ہے' چونکہ شہد پیا نہیں جاتا بلکہ چاٹا جاتا ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ (اس سیاق میں "عسل" کا ذکر) تغلیباً ہو مشروبات میں سے "عسل" کا ذکر خصوصی طور پر فرمایا اس کے اہتمام کی وجہ سے' اور اس وجہ سے کہ یہ پینے کی انواع میں سے سب سے مشہور ہے۔

قوله: والنبيذ والماء واللبن: اس میں واؤ مطلق جمع کیلئے ہے۔ شمائل کی روایت میں یہ ترتیب کچھ مختلف ہے۔ وہاں یوں ہے: الماء والنبيذ والعسل واللبن۔

تخریج: حضرت انسؓ سے مروی ایک اور حدیث میں یوں آیا ہے:

قال: لقد سقيت رسول الله ﷺ من هذا القدح أكثر من كذا وكذا

مشک میں نبیذ بنانا

۴۲۸۷: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ سِقَاءٍ يُوْكَأُ أَعْلَاهُ وَلَهُ عَزْلَاءُ نَنْبِذُهُ غُدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عِشَاءً وَنَنْبِذُهُ عِشَاءً فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً ۔ (رواه مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مسلم في صحيحه ١٥٩٠/٣ الحديث رقم (٨٥-٢٠٠٥)' وأبو داؤد في السنن ١٠٤/٤' الحديث رقم ٣٧١١' والترمذي في ٢٦١/٤ الحديث رقم ١٨٧١ وابن ماجه في ١١٢٦/٢ الحديث رقم ٣٣٩٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ہم جناب رسول اللہ ﷺ کے لئے ایک مشک میں نبیذ بناتے تھے کہ اس کی اوپر والی جانب بند کر دیتے اس کی نچلی جانب بھی ایک منہ تھا جس سے اس میں کھجوریں ڈالی جاتی تھیں ہم صبح کو کھجوریں ڈالتے تو آپ ﷺ اس کو رات کے وقت استعمال فرماتے اور اگر رات کے وقت ڈالتے تو آپ صبح کے وقت استعمال فرماتے یہ مسلم نے روایت نقل کی ہے۔

تشریح: ننبذ: بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے' بصیغہ معروف ہے۔اس کے مادہ سے متعلقہ مزید تفصیل کیلئے ابتدائیہ ملاحظہ فرمایئے۔

''سقاء'': سین کے کسرہ اور مد کے ساتھ

یو کأ:''وکاء'' سے ماخوذ ہے، اصول معتمدہ میں یہ کلمہ ہمزہ کے ساتھ ہے۔اور بعض نسخوں میں الف مقصورہ کے ساتھ بصورت یاء ہے۔مصباح میں لکھتے ہیں: أوكأت السقاء بالهمزة: شددت فمه بالوكاء۔

اور المغرب میں لکھتے ہیں: أوكأ السقاء الوقاء: شده بالوكاء وهو الرباط، ومنه السقاء الموكأ۔ صاحب قاموس نے اس کلمہ کو مہموز میں ذکر نہیں کیا، بلکہ معتل میں ذکر کیا ہے، چنانچہ لکھتے ہیں: الوكاء ككساء رباطة القربة وغيرها، وقد وكأها وأوكأها، وعليها اھ۔ پس صحیح یہ ہے کہ یہ معتل ہے صاحب ''المصباح'' کی عبارت میں موجود ''بالهمزة'' کی قید میں احتمال ہے کہ اس کا تعلق ''السقاء'' کے ساتھ ہو۔انہوں نے اس کو ہمزہ کے ساتھ لکھ دیا' حالانکہ حق یہ تھا کہ ''أوكيت'' لکھتے۔

اس کی تائید اگلی حدیث میں وارد ''أوكوا'' کے الفاظ سے ہوئی ہے' اصول معتمدہ میں کاف کے ضمہ کے ساتھ۔ واللہ اعلم۔

عز لاء: عین مہملہ مفتوحہ، رائے معجمہ ساکنہ اور الف ممدودہ کے ساتھ،

''عزلاء'' سے یہاں مشک کا دہانہ مراد ہے جو اس کے نیچے کی طرف ہو' ابن الملکؒ فرماتے ہیں اس کے نیچے کے حصے میں ایک دہانہ تھا جس سے پانی پیا جاتا تھا' قاموس میں لکھتے ہیں: العز لاء مصب الماء من الرواية ونحوها اھ۔

غدوة: بالضم نماز فجر سے طلوع آفتاب تک کا وقت۔

عشاء: بکسر الاول زوال کے بعد سے مغرب تک کا وقت۔ (علی مافی النھایۃ)

وله عز لاء: یہ جملہ حالیہ ہے۔

ننبذه: یہ جملہ مستانفہ ہے۔

نبیذ کا استعمال تین دن سے پہلے پہلے

۴۲۸۸: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُنْبَذُ لَهٗ اَوَّلَ اللَّيْلِ فَيَشْرَبُهٗ اِذَا اَصْبَحَ يَوْمَهٗ ذٰلِكَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللَّيْلَةَ الَّتِيْ تَجِيْءُ وَالْغَدَ وَا للَّيْلَةَ الْاُخْرٰى وَالْغَدَ اِلَى الْعَصْرِ فَاِنْ بَقِيَ شَيْءٌ سَقَاهُ الْخَادِمَ اَوْ اَمَرَ بِهٖ فَصُبَّ ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في ۳/۱۵۸۹ الحديث رقم (۷۹۔۲۰۰٤) وأحمد في المسند ۱/ ۲٤۰۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نبیذ بنائی جاتی ۔اگر رات کے شروع میں ڈالتے تو آپ اس دن صبح کونوش فرماتے اور آئندہ رات اور اگلا دن اور اگلی رات اور اس کے بعد اگلے دن عصر تک استعال فرماتے اگر کچھ باقی ہوتی تو خادم کو پلاتے یا اسے پھینک دینے کا حکم فرماتے یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ینبذ له: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

أصبح يومه: منصوب علی الظرفیۃ ہے، یشربہ کیلئے مفعول فیہ ہے۔

ذلك: امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''یومه'' کیلئے صفت ہے۔ أي يوم الليل الذی ینبذ له فیشربه وقت دخوله في وقت الصباح۔

و الليلة: اس کا عطف ''یومه'' پر ہورہا ہے، علی سبیل الانسحاب لا التقدیر ۔اگلہ جملہ بھی اسی طرح ہے۔

سقاه الخادم او امربه میں حرف او (یا) اظہار شک کے لئے نہیں ہے بلکہ تنویع کے لئے ہے' اس کا مطلب یہ ہوگا کہ تیسرے دن عصر کے وقت تک پینے کے بعد جو نبیذ بچ جاتی اس کو پھینک دیتے تھے' اس اندیشہ سے کہ کہیں اس میں تغیر نہ آ گیا ہویا نشہ کی حد تک نہ پہنچ گئی ہو۔مظہرؒ فرماتے ہیں' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس نبیذ کو استعمال نہیں فرماتے تھے چونکہ وہ تلچھٹ ہوتی تھی اور ''اسکار'' کی حد تک نہیں پہنچی ہوتی تھی اور اگر اس میں نشہ کا اثر آ جاتا تو پھر خادم کو بھی پینے کیلئے نہیں دیتے تھے بلکہ پھینکوا دیتے تھے۔

یہ دلالت کرتا ہے کہ نبیذ استعال کرنا درست ہے جب تک وہ ''مسکر'' نہ ہو' اور اس پر بھی دال ہے کہ آقا کے لئے جائز ہے کہ وہ خود اوپر کا کھانا کھائے اور نیچے کا کھانا اپنے مملوک کو کھلائے۔

صبّ: مجہول کا صیغہ ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: حضرت عائشہؓ کی حدیث: ''ینبذہ غدوۃ فیشربه عشاء '' اس حدیث کے منافی نہیں، چونکہ اسی دن پی لینا، زیادت کے منافی نہیں۔ کہا گیا ہے کہ حضرت عائشہؓ کی حدیث میں ذکر کردہ معمول موسم گرما کا تھا، چونکہ گرمی میں خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا تھا۔اور حضرت عبداللہ ابن عباس کی حدیث میں ذکر کردہ معمول ایسے معتدل موسم کا ہے جس میں تین دن سے پہلے اس میں تغیر واقع نہیں ہوتا تھا، اور کہا گیا ہے کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا نبیذ قلیل پر محمول ہے، اور حدیث ابن عباس نبیذ کثیر پر محمول ہے۔

پتھر کے برتن میں نبیذ

۴۲۸۹: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ يُنْبَذُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ سِقَاءٍ فَاِذَا لَمْ يَجِدُوْا سِقَاءً يُنْبَذُ لَهٗ فِيْ تَوْرٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ حِجَارَةٍ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٣/١٥٨٤ الحديث رقم (٦٢-١٩٩٩)، وأبو داوٗد فی السنن ٤/٩٩ الحديث رقم ٣٧٠٢، والنسائی فی ٨/٣٠٩ الحديث رقم ٥٦٤٨، وابن ماجه فی ٢/١١٢٦ الحديث رقم ٣٤٠٠، والدارمی فی ٢/١٥٧ الحديث رقم د٢١٠٧، وأحمد فی المسند ٣/٣٠٤۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مشک میں نبیذ بنائی جاتی اور اگر مشک نہ ہوتی تو پتھر کے برتن میں بنائی جاتی۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''تور'': تائے فوقیہ مفتوحہ اور واؤ ساکنہ کے ساتھ مراد ''ظرف'' یعنی برتن ہے۔ پتھر کا ایک چھوٹا برتن کہ جس سے مشروب پیتے تھے، اور وضو بھی کرتے تھے۔ اور ابن الملکؒ فرماتے ہیں: ہانڈی کے مشابہ پانی پینے کا ایک برتن ہوتا تھا۔ اور النہایہ میں لکھتے ہیں کہ ''إجانة'' کی مانند ایک برتن ہوتا تھا جو پیتل یا پتھر کا ہوتا تھا۔ اور کبھی کبھار اسے وضو بھی کیا جاتا تھا۔ قاموس میں ہے کہ (تور) ایک برتن ہے جس سے مشروب پیا جاتا ہے، اور یہ کلمہ مذکر ہے۔

چار ممنوعہ برتن

۴۲۹۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيْرِ وَاَمَرَ اَنْ يُّنْبَذَ فِيْ اَسْقِيَةِ الْاَدَمِ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٣/١٥٨٠ الحديث رقم (٤٦-١٩٩٧)

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔ کدو/لاکھ کا بنا ہوا برتن، رال سے روغن شدہ برتن، لکڑی کا برتن۔ بلکہ مشک میں نبیذ بنانے کا حکم فرمایا۔

تشریح: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آغازِ اسلام میں ان برتنوں میں نبیذ بنانے کی ممانعت فرمائی تھی اور اس ممانعت کی بنیاد یہ خوف تھا کہ کہیں ان برتنوں میں بنائی جانے والی نبیذ میں جلد نشہ پیدا نہ ہو جائے اور اس کے بارے میں معلوم بھی نہ ہو سکے، لیکن جب نشہ کی حرمت نازل ہوئے اچھی خاصی مدت گزر گئی اور لوگوں میں یہ حرمت اچھی طرح راسخ و مشہور ہو گئی تو پھر ہر برتن میں نبیذ بنانا مباح کر دیا گیا جیسا کہ اگلی حدیث سے معلوم ہوگا۔ اس مسئلہ کی مفصل تحقیق کتاب الایمان میں گزر چکی ہے۔

''آدم'': بروزن قمر، بمعنی الأدیم یعنی چمڑا۔

النقیر: یہ فعیل بمعنی مفعول یعنی ''منقور'' کے معنی میں ہے یہ لکڑی کا ہوتا تھا۔

أن ینبذ: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

الدباء: بمد و قصر دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

المزفت: فاء کی تشدید و فتحہ کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حلت وحرمت کا دار و مدار برتن پر نہیں

۴۲۹۱: وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوْفِ فَاِنَّ ظَرْفًا لَا يُحِلُّ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهُ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الْاَشْرِبَةِ اِلَّا فِيْ ظُرُوْفِ الْاَدَمِ فَاشْرِبُوْا فِيْ كُلِّ وِعَاءٍ غَيْرَ اَنْ لَا تَشْرِبُوْا مُسْكِرًا۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٣/١٥٨٥ الحديث رقم (٦٥-٩٧٧)، والترمذي في السنن ٤/٢٦٠ الحديث رقم ١٨٦٩، وأحمد في المسند ٥/٣٥٩۔

ترجمه: حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے ان ظروف میں نبیذ بنانے کی ممانعت کی تھی تم نے خیال کرلیا کہ حلت وحرمت کا دار و مدار برتنوں پر ہے۔ حالانکہ اس طرح نہیں۔ کوئی برتن اس چیز کو حلال نہیں کرتا جس کو حرام کر دیا گیا۔ اور جو حلال ہے اس کو حرام نہیں کرتا۔ حکم یہ ہے کہ جو چیز نشہ لائے وہ حرام ہے یعنی جس برتن میں بھی اس کو پیا جائے اور جو چیز نشہ نہ لائے وہ جس ظرف میں بھی ہو وہ حلال ہے اور ایک روایت میں اس طرح وارد ہے جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے تم کو پینے کی چیزوں سے منع کیا تھا۔ یعنی مذکورہ ظروف میں، مگر چمڑے کے برتن۔ اب میں نے اس حکم کو منسوخ کیا اور تمام ظروف میں پینا مباح کیا ہے ہر برتن میں پیو مگر نشہ والی چیز نہ پیو۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **نهيتكم عن الظروف**: یہاں کچھ عبارت محذوف ہے۔ ای عن الانتباذ فی ظرف من هذه الظروف۔ ان ظروف کا ذکر پچھلی روایت میں گذرا ہے۔

فإن ظرفا: ایک نسخہ میں واؤ کے ساتھ ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: فاء عاطفہ ہے، اور عطف کلام محذوف پر ہے۔ أی نهيتكم عن الظروف، وظننتم أنها تحل وتحرم، وليس الأمر كذلك فإن ظرفا الخ۔

لا يحل: یائے کے ضمہ کے ساتھ۔ أی لا يبيح۔

قال: نهيتكم: الجامع کی روایت میں یوں ہے: كنت نهيتكم

إلا في ظروف الأدم: استثناء منقطع ہے، چونکہ منہی عنہ ظروف مخصوصہ کے تیار کردہ مشروبات ہیں۔ اور چمڑے کے ظروف اس جنس میں سے نہیں ہیں۔ ذكره الطيبیؒ۔

"**فاشربوا**": اس کا عطف کلام محذوف پر ہے: أی نهيتكم أوّلا عن ذلك فالآن نسخت فاشربوا۔

"**غير أن لا**": منصوب ہے مستثنیٰ منقطع ہونے کی وجہ سے۔ اور "لا" زائدہ برائے تاکید ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: أبيح لكم شرب ما في كل إناء غير شرب المسكر۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ابتدا اسلام میں حنتم، دباء، مزفت اور نقیر میں نبیذ بنانا ممنوع تھا، اس خوف سے کہ کہیں نبیذ میں نشہ نہ پیدا ہو جائے اور اس کی کثافت کی وجہ سے پتہ نہ چلے، پس جب طویل زمانہ گذر گیا، اور مسکرات کی حدیث مشہور ہو چکی اور یہ حکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرمت ان کے دلوں میں راسخ ہو گیا تو یہ حکم منسوخ ہو گیا' اور ہر برتن میں نبیذ بنانے کی اجازت دے دی گئی مگر اس شرط کے ساتھ کہ جو نبیذ مسکر ہو اس کو ہرگز مت پئیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے ان الفاظ میں نقل کیا ہے: كنت نهيتكم عن الأوعية فانبذوا واجتنبوا كل مسكر اھ۔ یہ حدیث ان احادیث بدیعہ میں سے ہے جن میں ناسخ و منسوخ دونوں مذکور ہیں۔

الفصل الثانی:

شراب کو اور نام سے پینے والے

۴۲۹۲: وَعَنْ اَبِیْ مَالِكِ الْاَ شْعَرِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِی الْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا۔ (رواه ابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٩١ الحديث رقم ٣٦٨٨' وابن ماجه فی ٢/١٣٣٣ الحديث رقم ٤٠٢٠' وأحمد فی المسند ٥/٣٤٢۔

ترجمہ: حضرت ابو مالک اشعریؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا میری امت کے کئی لوگ شراب پئیں گے اور اس کا نام اور رکھیں گے۔ یہ ابوداؤد و ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: يشربن: (یہاں قسم محذوف ہے۔) أی واللّٰه ليشربن: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: أی يستترون فی شربها بأسماء الأنبذة۔ اور ابن الملکؒ لکھتے ہیں: أی يتوصلون إلٰی شربها بأسماء الأنبذة المباحة كماء العسل وماء الذرة ونحو ذلك يزعمون أنه غير محرم لأنه ليس من العنب والتمر وهم فيه كاذبون لأن كل مسكر حرام۔اھ

مطلب یہ ہے کہ لوگ نام کو پردہ بنائیں گے' مثلاً نبیذ یا مباح شربت جیسے ماء العسل وغیرہ کو نشہ آور بنا کر پئیں گے اور یہ گمان کریں گے کہ یہ حرام نہیں ہے کیونکہ نہ اس کو انگور کے ذریعہ بنایا گیا ہے اور نہ کھجور کے ذریعہ حالانکہ وہ اپنی اس بات میں جھوٹے ہوں گے کیونکہ اصل حکم یہ ہے کہ ہر نشہ آور حرام ہے پس مدار مسکر کی حرمت پر ہے' چنانچہ ''قہوہ'' پینے میں کوئی نقصان کی بات نہیں' وہ قہوہ جو مشہور درخت کے چھلکے سے بنایا جاتا ہے' چونکہ اس میں نشہ نہیں ہے' اگرچہ اس کو زیادہ مقدار میں استعمال کیا جائے' اگرچہ ''قہوہ'' شراب کے ناموں میں سے ہے' چونکہ اصل اعتبار تو مسمّٰی کا ہے (نہ کہ اسم کا) جیسا کہ نفس حدیث میں اس کی طرف اشارہ ہے۔

واضح رہے کہ تشبہ بالخمر بھی منہی عنہ ہے اگر متحقق ہو' اگرچہ پانی یا دودھ وغیرہ پینے میں ہی کیوں نہ ہو۔

تخریج و توضیح: اسی طرح اس روایت کو امام احمدؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ ابن ماجہ، ابن حبان، طبرانی اور بیہقی نے اتنا اضافہ بھی نقل کیا ہے: ويضرب علی رؤوسهم بالمعازف والقينات يخسف اللّٰه بهم الأرض، ويجعل منهم قردة وخنازير۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

نفرت دلانے کے لئے روغنی گھڑے میں نبیذ کی ممانعت

۴۲۹۳: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ قُلْتُ اَنَشْرَبُ فِی الْاَبْيَضِ قَالَ لَا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۵۸ الحدیث رقم ۵۵۹۶، وأحمد فی المسند ۴/۳۵۳۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے سبز گھڑے کی نبیذ سے منع فرمایا۔ میں نے عرض کیا کیا ہم سفید گھڑے کی پی لیں فرمایا نہیں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: "نبیذ الجر الأخضر": یہ اضافت بمعنٰی "فی" ہے۔ "جرار" اور "جر" جرة بالفتح کی جمع ہیں۔ الجرة هی کل ما یصنع من مدر۔ (ہر وہ چیز جو مٹی سے بنی ہو) (علی ما فی المغرب والنهاية)۔ وهی الإناء المعروف من الفخار۔ اور ان گھڑوں سے مراد بھی تیل والے گھڑے ہیں، چونکہ ان گھڑوں میں تیار شدہ شراب میں شدت اور نشہ جلد پیدا ہوتا تھا۔

خطابیؒ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے سبزہ کا ذکر کیا چونکہ اس زمانہ میں عام طور پر سبز مٹکوں میں نبیذ بنائی جاتی تھی، اس لئے سبز ہی کا ذکر کر دیا ورنہ سبز سفید کا حکم ایک ہی ہے کہ یہ حدیث اس ضابطہ پر دلالت کر رہی ہے: لا اعتبار بالمفهوم فی الدلیل۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِيْ وَغَيْرِهَا

برتنوں وغیرہ کو ڈھانکنے کا بیان

مرتب عرض کرتا ہے ملا علی قاریؒ کے نسخہ میں ''وغیرھا'' کی زیادتی موجود نہیں ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ ایک نسخہ صحیحہ میں ''وغیرھا'' کی زیادت موجود ہے۔ لہٰذا ضمیر ''آنیۃ'' کی طرف راجع ہے الا یہ کہ ''اوانی'' میں تخصیص کی جائے اور پانی کے برتن مراد لئے جائیں جیسا کہ شراح نے ذکر کیا ہے کہ

''اوانی'' جمع کثرت ہے، إناء کی، اور آنیة جمع قلت ہے، قاموس میں لکھتے ہیں: الإناء معروف۔ اور مراد یہ ہے کہ تمام برتنوں کو ڈھک دیا جائے، برتنوں کو کھلا نہ رکھا جائے، خصوصاً رات میں، چونکہ اس وقت ''ھوام'' (زہریلے کیڑے مکوڑے) پھیل چکے ہوتے ہیں اور صاحب ''مظاہر'' لکھتے ہیں:

اس باب میں وہ احادیث مذکور ہوں گی جو رات کو سوتے وقت برتنوں کو ڈھانکنے، دروازوں کو بند کر دینے اور چراغ کو بجھا دینے جیسے امور کے سلسلے میں منقول ہیں۔

الفصل الاول:

رات کے وقت اللہ کا نام لے کر برتنوں کو ڈھانک دو

۴۲۹۴: عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ اَوْاَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ فَاِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوْهُمْ وَاَغْلِقُوْا الْاَبْوَابَ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ لَا يَفْتَحُ بَاباً مُغْلَقاً وَاَوْكُوْا قِرَبَكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ وَخَمِّرُوْا اٰنِيَتَكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ وَلَوْاَنْ تَعْرِضُوْا عَلَيْهِ شَيْئاً وَاَطْفِئُوْا مَصَابِيْحَكُمْ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيح ٦/٣٣٦ الحديث رقم ٣٢٨٠، ومسلم في ٣/١٥٩٥ الحديث رقم (٩٧-٢٠١٢) وأبو داؤد في السنن ٤/١١٧ الحديث رقم وأحمد في المسند ٣/٣٠٦۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جب رات کی ابتداء ہو یا شام ہو تو تم اپنے بچوں کو بند رکھو یعنی ان کو گھروں سے باہر گلی کوچوں میں مت پھرنے دو۔ اس لئے کہ شیطان یعنی اس وقت جنات منتشر ہوتے ہیں پس جب رات کی ایک گھڑی گزر جائے اور مناسب ہو تو لڑکوں کو چھوڑ دو اور گھر کے دروازوں کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند کر دو۔ کیونکہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھولتا یعنی جس کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند کیا جائے۔ یعنی اگرچہ شیاطین دروازوں اور دیواروں میں بیٹھنے کی قدرت رکھتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے ذکر کی وجہ سے بیٹھنے کی مجال نہیں رکھتے۔ اور اپنی مشکوں کے منہ باندھ دو یعنی جن میں پانی ہو تاکہ ان میں کوئی کیڑا مکوڑہ وغیرہ نہ گھسے اور اللہ تعالیٰ کا نام لو یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باندھتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ اور اپنے برتن ڈھانپ دو اور اللہ تعالیٰ کا نام لو یعنی ان پر ڈھکنا رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ اگرچہ عرض میں کوئی چیز رکھو یعنی اگر ڈھانپنے کی کوئی چیز نہ ہو تو لکڑی چوڑائی میں رکھ دینا بھی کفایت کر جائے گا اور اس سے کراہت دور ہو جائے گی اور وہ ضرر ختم ہو جائے گا جو کہ نہ ڈھانکنے کی صورت میں ہوتا ہے مثلاً شیاطین کا تصرف وغیرہ۔ اور اپنے چراغوں کو بجھا دو یعنی سوتے وقت یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔ یعنی یہ الفاظ ان کے مشترک ہیں اور ہر ایک کی روایت میں یہ مضمون مختلف الفاظ کے ساتھ وارد ہوا ہے۔

تشریح: ''جنح'': اس لفظ کے سلسلہ میں اہل لغت واہل علم کی آراء مختلف ہیں' جوحسب ذیل ہیں:

❶ بکسر الجيم على المشهور۔ ❷ وقيل بضمها جنح الليل بفتح النون أقبل حين تغيب الشمس، (رات آنا) كذا في سلاح المؤمن۔ ❸ وفي القاموس: الجنح بالكسر من الليل الطائفة ويضم (رات کا ایک حصہ) ❹ وقال بعض شراح المصابيح وتبعه الطيبيؒ: جنح الليل بالفتح والكسر طائفة منه، وأراده به هنا۔

❶ الطائفة الأولى ❷ وقيل ظلمته وظلامه (رات کی تاریکی) کہا گیا ہے کہ یہاں قول معنی مراد ہیں۔

''أو أمسيتم'': راوی کو شک ہے۔

''فكفّوا'': کاف کے ضمہ اور فاء کی تشدید کے ساتھ یعنی بچوں کو بار بار گھر سے باہر جانے سے روکو اس وقت۔

''فإن الشيطان ينتشر'': ''شیطان'' سے مراد جن ہیں۔ جنس مراد ہے۔ ''شیطان'' سے مراد جن ہیں۔ جن مراد ہے۔ حصن کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: فإن الشياطين تنتشر۔

''فاذا ذهب ساعة'': میرکؒ فرماتے ہیں۔ بخاری کے اکثر رواۃ نے ''ذهبت'' ضبط کیا ہے، اور کشمیہنی نے ''ذهب'' نقل کیا ہے۔ اس صورت میں ''ساعة'' بمعنی ''وقت'' مراد ہوگا، یا یہ کہ ''ساعة'' مؤنث غیر حقیقی ہے۔ ''من الليل'': ایک روایت میں ''من العشاء'' کے الفاظ ہیں۔

''أغلقوا'': إغلاق مصدر سے امر کا صیغہ ہے۔ چنانچہ قاموس میں لکھتے ہیں: غلق الباب يغلقه (یعنی مجرد میں از باب ضرب استعمال کرنا) ہلکا پن ہے' أغلقه ایک ردی لغت ہے۔

''لا يفتح بابا مغلقا'' کو تسمیہ کے ساتھ مقید کرنے کی دلیل فصل ثانی کی یہ پہلی حدیث ہے: فإن الشيطان لا يفتح بابا إذا أجيف وذكر اسم الله عليه۔ (كذا ذكره الطيبيؒ)۔ مطلب یہ ہے کہ شیطان (یعنی جن) اس دروازہ کو کھولنے پر قادر نہیں ہوتا چونکہ اس کو اس قسم کا دروازہ کھولنے کی (من جانب اللہ) اجازت نہیں ہوتی ہے' بخلاف اس صورت کے کہ جب دروازہ کھلا ہوا یا بند ہو لیکن اس کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند نہ کیا گیا ہو۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں۔ بعض فضلاء کا کہنا ہے کہ شیطان سے مراد ''شيطان الإنس'' ہے، چونکہ دروازوں کا بند کرنا ''شیطان الجن'' کو نہیں روک سکتا۔ لیکن یہ کہنا محل نظر ہے، چونکہ بند کرنے سے مراد اللہ کا نام لے کر بند کرنا مراد ہے۔ چنانچہ یہ عین ممکن ہے کہ تسمیہ کی برکت سے ہر جہت سے ان کا داخلہ ممنوع ہو، اور باب کا ذکر اس طور پر ہے کہ دروازہ سے آنا آسان ہوتا ہے۔ چنانچہ جب دروازہ سے آنا ممنوع ہو گیا تو مشکل راستوں سے آنا بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ الجامع الصغیر کی ایک روایت میں ابوامامہ سے مرفوعاً مروی ہے: أجيفوا أبوابكم، واكفوا آنيتكم، وأوكوا أسقيتكم، واطفؤوا سرجكم' فإنهم لم يؤذن لهم بالتسوّر عليكم

''أوكوا'': ہمزہ کے فتحہ اور کاف کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ای شدوا اربطوا۔

''قربكم'': قربة کی جمع ہے۔ ا(یہاں اصل میں مضاف محذوف ہے) ای رؤس قربكم وأفواهها بالوكاء۔ ''وكاء'' رسی کو کہتے ہیں۔ یہ حکم اس لئے دیا تاکہ مشکیزہ میں کوئی حیوان داخل نہ ہو سکے' یا اس میں کوئی شئی نہ گر جائے۔ ابن حجرؒ نے اس کو'' بكسر الكاف وبعدها همزة'': ضبط کیا ہے یہ ضبط اصول معتمدہ اور کتب لغت کے مخالف ہے، قصہ مختصر یہ ضبط روایت ودرایت ہر دو کے منافی ہے۔ خمروا: خائے معجمہ کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ بمعنی غطّوا۔

''تعرضوا'': راء کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ۔ لیکن ضمہ پڑھنا کسرہ پڑھنے کے مقابلہ میں زیادہ فصیح ہے۔ اور ''عليه'' کی ضمیر کا مرجع وہ اناء ہے جو آنیہ سے مفہوم ہو رہا ہے۔ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے :''ولو أن تعرضو اعلى رأس الاناء شيئا بالعرض من خشب ونحوه'' ۔ ''ان'' اپنے مدخول کے ساتھ مل کر بتاویل مصدر محلاً منصوب ہے' اور تقدیری عبارت یوں ہے: ولو کان تخمر کم عرضا۔ اوفقط عرضا رکھنے پر اکتفاء میں راز یہ ہے کہ برتن کو ڈھانپا جائے' چونکہ غرض یہ ہے کہ ڈھانپتے وقت اللہ کا نام لیا جائے' پس عرضاً رکھنا تسمیہ کی علامت ہوگا' اور شیطان اس کے پاس جانے سے باز رہے گا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''لو'' کا مابعد فاعل ہے فعل مقدر کا۔ اصل عبارت یوں ہے: ولو ثبت أن تعرضوا عليه شيئا۔ اور جواب ''لو'' محذوف ہے۔ ای: لكان كافيا۔ مکمل عبارت یوں ہے: ولو خرتموها عرضا بشئ نحو العود وغيره و ذكرتم اسم الله عليه لكان كافيا۔ مقصود یہ ہے کہ ہر فعل کے ساتھ اللہ کا نام لیا جائے تاکہ شیطان وباء حشرات وھوام سے حفاظت حاصل ہو سکے' جیسا کہ آنحضرت ﷺ ارشاد گرامی ہے: باسم الله الذى لايضرمع اسمه شى فى الارض ولا فى السماء۔

وأطفئوا: پہلے ہمزہ مفتوحہ قطعی، پھر طاء مہملہ ساکن، پھر فاء مکسورہ، اور پھر ہمزہ مضمومہ ہے

مصابيحكم: مصباح کی جمع ہے، بمعنی ''سراج'' موم بتی اور چراغ دان کا بھی یہی حکم ہے۔

'' عندالمساء '' کا تعلق ساری مذکورہ چیزوں سے ہو (یعنی جب رات شروع ہو جائے تو برتنوں کو ڈھانک دیا جائے' مشکیزوں کے منہ بھی باندھ دیئے جائیں' دروازے بھی بند کر دیئے جائیں اور بچوں کو باہر نکلنے سے روک دیا جائے' اس صورت میں ''شام'' سے مراد وہ وقت ہوگا جو شام سے عشاء تک رہتا ہے۔ اور اگر یہ مراد لیا جائے کہ '' عندالمساء '' کا تعلق صرف واكفتوا صبيانكم (اپنے بچوں کو اپنے پاس بٹھائے رکھو) سے ہے جیسا کہ حدیث کا سیاق بھی اسی پر دلالت کرتا ہے اس صورت میں یہ مطلب ہوگا کہ رات میں ان سب چیزوں کا اس طرح خیال رکھو کہ رات کے ابتدائی حصے میں یعنی سورج ڈوبنے کے فوراً بعد بچوں کو باہر نکلنے اور اِدھر اُدھر ہونے سے روک دو' کیونکہ یہ وقت جنات کے پھیلنے کا ہے اور جب رات کی ایک گھڑی (یعنی ایک گھنٹہ) گزر جائے تو یہ سب کام کرو' یعنی برتن کو ڈھانک دو اور دروازے بند کر دو نیز اس وقت بچوں کو باہر جانے دینے میں کوئی حرج نہیں اس توجیہ سے اس روایت کی متفق علیہ روایت کے ساتھ بھی مطابقت ہو جائے گی۔

قوله: فان للجن انتشارأ وخطفة:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شیاطین کا بچوں کو اچک لینا ایک حقیقت ہے۔ اچک لینے سے مراد بچوں کے ہوش وحواس کو زائل کر دینا یا ان کو کھیل کود میں لگا دینا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور ائمہ اربعہ نے روایت کیا ہے۔

توضیح: امام جزریؒ نے عجیب کیا ہے کہ **فخلوها** تک صیغۂ جمع ذکر کیا ہے اور پھر مفرد کے صیغے ذکر کئے ہیں: **وأغلق بابك الخ**۔ واللہ اعلم۔

۴۲۹۵ : وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَ خَمِّرُوْا الْاٰنِيَةَ وَاَوْكُوْا الْاَسْقِيَةَ وَاَجِيْفُوْا الْاَبْوَابَ وَاكْفِتُوْا صِبْيَانَكُمْ عِنْدَ الْمَسَاءِ فَاِنَّ لِلْجِنِّ اِنْتِشَارًا وَخَطْفَةً وَاَطْفِؤُا الْمَصَابِيْحَ عِنْدَ الرُّقَادِ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِيْلَةَ فَاَحْرَقَتْ اَهْلَ الْبَيْتِ۔

أخرجه البخاري في صحيحه ٦/٣٥٥ الحديث رقم ٣٣١٦' وأبو داوٗد في السنن ٤/١١٨ الحديث رقم ٣٧٣٣' والترمذي في ٥/١٣١ الحديث رقم ٢٨٥٧' وأحمد في المسند ٣/٣٨٨۔

ترجمہ: جیسا کہ کہا اور بخاری کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے برتنوں کو ڈھانکو اور مشکوں کے منہ بند کر دو اور دروازے بند رکھو اور شام کے وقت اپنے بچوں کو اپنے پاس بٹھا کر رکھو یعنی ادھر ادھر مت جانے دو۔ اس لئے کہ اس وقت جنات پھیلتے ہیں اور اُچکتے ہیں اور سوتے وقت چراغ بجھا دو۔ اس لئے کہ چوہا اکثر یا بعض اوقات بتی کو کھینچ لے جاتا ہے اور گھر کے لوگوں کو جلا دیتا ہے۔

تشریح: ''أجيفوا'': ہمزہ کے فتحہ، جیم کے کسرہ اور فاء کے ضمہ کے ساتھ۔ ای ردّوا

''اكفتوا'': ہمزہ وصلی' فاء کے کسرہ تاء کے ضمہ کے ساتھ۔ أي ضموا۔

''خطفة'': بفتح وسكون أي سلبا سريعا۔

''الرقاد'': راء کے ضمہ کے ساتھ' بمعنی ''النوم'' ای عند ارادته

''فويسقة'': فاسقة کی تصغیر ہے۔ اس سے مراد چوہا ہے' چونکہ وہ اپنے بل سے اس لئے نکلتا ہے تاکہ لوگوں کو نقصان پہنچائے۔

''ربما'': بائے موحدہ کی تشدید وتخفیف کے ساتھ۔ بمعنی كثيرا أو قليلا۔

''اجترت'': رائے مشددہ کے ساتھ ''فاحرقت''، ضمیر ''الفتلة'' کی طرف یا ''الفارة'' کی طرف راجع ہے' چنانچہ یہ نسبت مجازی ہے اس جملہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ یہ اہل خانہ کو جلا ڈالتا ہے چونکہ وہ بے خبر سو رہے ہوتے ہیں۔ ❷ اہل خانہ کے کپڑوں کو جلا دیتے ہیں' جس کے سبب سے اہل خانہ بھی جل جاتے ہیں اور اگلی روایت اس بات کی تائید کر رہی ہے کہ ان کے گھر جلا ڈالتے ہیں۔

۴۲۹۶ : وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ غَطُّوْا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوْا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوْا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِؤُا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحِلُّ سِقَاءً وَلَا يَفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا اَنْ يُّعْرِضَ عَلٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِنَائِهٖ عُوْدًا وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فَلْيَفْعَلْ فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ۔

أخرجه مسلم في صحيحه ١٥٩٤/٣ الحديث رقم (٩٦۔٢٠١٢)، وأحمد في المسند ٣٨٦/٣۔

ترجمه: اور مسلم کی روایت میں اس طرح ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برتنوں کو ڈھانپو اور مشک کو بند رکھو اور دروازوں کو بند کرو اور چراغوں کو گل کر دو کیونکہ شیطان بند مشک اور بند دروازوں کو نہیں کھولتا یعنی اس وجہ سے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا جاتا ہے اگر تم میں سے کسی کو ڈھانکنے کی کوئی چیز میسر نہ ہو تو برتن کی چوڑائی میں لکڑی رکھ دے اور اس برتن پر اللہ تعالیٰ کا نام لے۔ یعنی جس وقت کہ لکڑی رکھے پس اس طرح کرنا چاہئے یعنی اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند کرے۔ (چراغ بجھا دیا کرو) اس لئے کہ چوہا بسا اوقات گھر کو آگ لگا کر گھر کے لوگوں پر آگ بھڑکا دیتا ہے۔

تشریح: فإن الفويسقة: یہ جملہ تعلیلیہ ہے ''أطفؤا والسراج '' کی علت بیان کر رہا ہے' اور درمیانی جملے افعال سابقہ کیلئے علل ہیں۔ اور اگر از روئے روایت واؤ عاطفہ کی موجودگی ثابت ہو جائے تو یہ علل بطریق لف ونشر مرتب ہوں گی۔ پھر میں نے قاموس میں دیکھا کہ فاء واء کے معنی میں بھی آتی ہے ''لا يحل '': حائے مہملہ کے ضمہ کے ساتھ۔

''فليفعل '': یہ امر ''ندب'' کے لئے ہے امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حکم عام ہے' جس میں چراغ کے علاوہ وہ چیزیں بھی شامل ہیں' جہاں تک تعلق ہے لٹکتی ہوئی قندیلوں کا ہو اگر ان کے سبب سے آگ لگ جانے کا خوف ہو تو وہ بھی اس حکم میں داخل ہیں وگرنہ تو کوئی حرج نہیں' چونکہ علت منتفی ہے۔ امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس باب کے تمام اوامر ارشاد الی المصلحت کے باب سے ہیں' اور احتمال اس کا بھی ہے کہ ندب کے لئے ہو' خصوصاً ان کے حق میں جو امتثال امر کی نیت رکھتے ہیں' اور دروازے بند کرنے کا حکم رات کے ساتھ مقید ہے' ان تمام صورتوں میں اصل یہ ہے کہ ان کا مرجع شیطان ہے' چونکہ شیطان ہی چوہے کو ہنکاتا ہے کہ وہ جلا کر آئے۔

تضرم: از باب افعال ہے، اور ایک نسخہ میں از باب تفعیل ہے۔

۴۲۹۷: وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ قَالَ لَا تُرْسِلُوْا فَوَاشِيَكُمْ وَصِبْيَانَكُمْ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يُبْعَثُ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ۔

أخرجه مسلم في صحيحه ١٥٩٥/٣ الحديث رقم (٩٨۔٢٠١٣)، وأحمد في المسند ٣٩٥/٣۔

ترجمه: اور مسلم کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ اپنے مویشی اور لڑکوں کو غروب آفتاب کے وقت مت چھوڑو۔ یہاں تک کہ رات کی اول تاریکی جاتی رہے یعنی رات کی کچھ تاریکی جاتی رہے کیونکہ غروب کے وقت شیاطین منتشر کئے جاتے ہیں یہاں تک کہ رات کا اول وقت جاتا رہے۔

تشریح: ''فواشي '': بروزن غواشي وحواشي۔ مویشی، اونٹ گائے بکری بھیڑ وغیرہ مراد ہیں۔

امام طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: الفواشي كل شئ منتشر من الأموال۔

يبعث: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے بمعنی یرسل، اور ایک نسخہ میں بصیغۂ معروف ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ''رئیس الشیاطین'' اپنے لشکروں کو روانہ کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فحمة العشاء: رات کا ابتدائی تاریک حصہ۔ یہ رات کا تاریک ترین حصہ ہوتا ہے۔

فان الشيطان: "ال" جنس کا ہے، جنس شیطان مراد ہے۔

۴۲۹۸: وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ غَطُّوا الْإِنَاءَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ فَإِنَّ فِي السَّنَةِ لَيْلَةً يَنْزِلُ فِيْهَا وَبَاءٌ لَا يَمُرُّ بِإِنَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غِطَاءٌ اَوْسِقَاءٌ لَيْسَ عَلَيْهِ وِكَاءٌ اِلَّا نَزَلَ فِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ الْوَبَاءِ۔

أخرجه مسلم فى صحيحه ١٥٩٦/٣ الحديث رقم (٩٩/٢٠١٤)۔

ترجمه: مسلم کی ایک روایت اس طرح ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برتنوں کو ڈھانک دو اور مشک کو بند رکھو اس لئے کہ سال میں ایک ایسی رات آتی ہے جس میں وبائیں اترتی ہیں وہ وبا جس کسی ننگے منہ والے برتن اور وہ مشک جس کا منہ بند نہ کیا ہو اس پر سے گزرتی ہے تو اس میں اتر پڑتی ہے۔

تشریح: وباء: واؤ کے فتحہ، اور مد و قصر کے ساتھ۔ طاعون اور عام مرض۔

"لایمر" اس تعبیر سے یوں لگتا ہے گویا کہ وباء کوئی شئی مجسم ہے۔

ليس عليه غطاء: ایک روایت میں "لم يغط" ہے۔ "**ليس عليه وكا**": اور ایک روایت میں "لم یوک" ہے۔

"**الانزل**": ایک روایت میں "وقع" ہے احمد کی ایک روایت میں بھی یہ الفاظ آئے ہیں۔

أو سقاء: مجرور ہے۔ اور "او" برائے تنویع ہے۔

"**من ذلك الوباء**": "نزل" کا فاعل ہے ای بعض ذلک الوباء أو ذلک الوباء اور "من" زائدہ ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث ایسے جملوں پر مشتمل ہے جو خیر وادب کی جامع انواع ہیں۔ ان کا لب لباب یہ ہے کہ آفات دنیویہ اور اُخرویہ سے سلامتی حاصل کرنے کے لئے ہر حرکت اور ہر سکون پر اللہ کا نام لیا جائے۔

ڈھانک کر دودھ لاتے

۴۲۹۹: وَعَنْهُ قَالَ جَآءَ اَبُوْ حُمَيْدٍ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِنَ النَّقِيْعِ بِإِنَآءٍ مِنْ لَبَنٍ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اَلَّا خَمَّرْتَهُ وَلَوْاَنْ تَعْرِضَ عَلَيْهِ عُوْدًا۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ٧٠/١٠ الحديث رقم ٥٦٠٥، ومسلم فى ١٥٩٣/٣ الحديث رقم (٩٥-٢٠١١) وأبو داؤد فى السنن ١١٨/٤ الحديث رقم ٣٧٣٤، والدارمى فى ١٦٣/٢ الحديث رقم ٢١٣١، وأحمد فى المسند ٣١٤/٣۔

ترجمه: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابو حمید انصاری رضی اللہ عنہ مقام نقیع سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھلے برتن میں دودھ لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اسے ڈھانپ کر کیوں نہ لائے۔ اگر اس پر اتنا ڈھانکنا ہوتا کہ تو عرض میں ایک لکڑی رکھ دیتا تو وہ بھی کفایت کرتا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: النقيع: نون کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں بائے موحدہ کے ساتھ (بقیع) ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ''نقیع ''نون کے ساتھ بھی مروی ہے، اور باء کے ساتھ بھی مروی ہے۔ خطابی اور اکثر اہل علم نے نون کے ساتھ ہونے کو صحیح ومشہور بتلایا ہے۔ یہ جگہ وادیٔ عتیق میں واقع ہے، یہ وہ جگہ ہے جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ وغیرہ کے اونٹوں کیلئے ''حما'' قرار دیا تھا۔

ابن الملکؒ وغیرہ فرماتے ہیں: باء کے ساتھ اس نام کا مدینہ میں ایک قبرستان ہے۔ نیز یہ تصحیف ہے۔

الا خمرته: ''الا'' بمعنی ''هلا'' امام طیبیؒ فرماتے ہیں: الا حرف تحضیض ہے، ماضی پر داخل ہوا ہے۔ **ای لم لاستر ته وغطیته**۔ ترک پر ملامت کیلئے لایا گیا ہے۔ ملامت کسی مطلوب کے ترک پر ہوتی ہے۔ یہ آدمی دودھ بغیر ڈھکے لایا تھا، اسی وجہ سے سرزنش فرمائی۔

''**ولو أن تعرض علیه عودا**'': کہا جاتا ہے: **عرضت العود علی الإناء أعرضه**: عامۃ الناس اس کو راء کے کسرہ کے ساتھ پڑھتے ہیں، مگر اصمعی کا کہنا ہے کہ یہاں خاص طور پر ضمہ کے ساتھ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تم نے اس برتن کو ڈھکن کے ذریعے کیوں نہ ڈھانپا اور اگر تم ایسا نہیں کر سکتے تھے تو کم از کم اتنا تو کر ہی لیتے کہ اس پر کوئی چیز عرضاً ہی رکھ لیتے۔

آگ کے متعلق خبردار فرمانا

۴۳۰۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۸۵ الحدیث رقم ۶۲۹۳، ومسلم فی ۳/۱۵۹۶ الحدیث رقم (۱۰۰-۲۰۱۵)، وأبو داؤد فی السنن ۵/۴۰۸ الحدیث رقم ۵۲۴۶، والترمذی فی ۴/۲۳۲ الحدیث رقم ۱۸۱۳، وابن ماجه فی ۲/۱۲۳۹ الحدیث رقم ۳۷۶۹، وأحمد فی المسند ۲/۷۰۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم آگ کو گھروں میں مت جلتا چھوڑو۔ یعنی جب آگ سے جلنے کا خطرہ ہو۔ یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: عرض مرتب: صاحب مظاہر اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں: ''آگ'' سے مراد وہ آگ ہے جس سے کسی چیز کے جل جانے کا خوف ہو، خواہ وہ چراغ ہو یا چولہے وغیرہ کی آگ لہٰذا روشنی کی جو چیزیں قندیل وغیرہ کی صورت میں لٹکی ہوئی ہوں گی، کیونکہ اس ممانعت کی جو اصل علت ہے (یعنی آگ لگنے کا خطرہ) جب وہی نہیں پائی جائے گی تو اس حکم پر عمل بھی ضروری نہیں ہوگا، بلکہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ تو یہ فرماتے ہیں کہ اگر آگ کو بھی گھر میں اس طرح رکھ چھوڑا جائے کہ اس سے کسی چیز کے جلنے کا خوف نہ ہو جیسے جاڑے کے موسم میں شب بیداری کی غرض سے، یا کسی دوسری مصلحت وضرورت کے تحت چولہے وغیرہ میں آگ دبا دیتے ہیں تو کہا جا سکتا ہے کہ مذکورہ بالا وضاحت پر قیاس کرتے ہوئے یہ بھی ممنوع نہیں ہوگا۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آگ تمہاری دشمن ہے

۴۳۰۱: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَ بِشَاْنِهِ النَّبِیُّ ﷺ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِیَ عَدُوٌّ لَّكُمْ فَاِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۸۵ الحدیث رقم ۶۲۹۴، ومسلم فی ۳/۱۵۹۶ الحدیث رقم (۱۰۱-۲۰۱۶)، وابن ماجه فی ۲/۱۲۳۹ الحدیث رقم ۳۷۷۰، وأحمد فی المسند ۴/۳۹۹۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک رات ایک گھر گھر والوں سمیت جل گیا آپ ﷺ سے یہ واقعہ ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ آگ تمہاری دشمن ہے جو تمہارے مال و جان کو نقصان دیتی ہے۔ جب تم سونے لگو تو اس کا ضرر دور کرو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: "بشانه": یہاں مضاف محذوف ہے۔ ای باء حراق بیتھم۔ "قال": ظاہر کا مقتضی یہ تھا "فقال" کہتے تو ممکن ہے کہ یہ کلام مستانفہ ہو، سوال مقدر کا جواب ہو، جو سوال اس حالت کے علم میں آنے کے بعد گفتگو میں آیا ہو۔

"علی أهله": میں دو ترکیبی احتمال ہیں: ❶ حال ہے۔ أی ساقطا علیھم۔ ❷ "احترق" کے متعلق ہے۔ أی ضررہ علیھم۔ "فحدث": صیغۂ مفعول کے ساتھ ہے۔

قوله: إن هذه النار انما هی عدولکم: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "هذه النار" سے مراد وہ مخصوص نار ہے جس کے پھیلنے کا اندیشہ ہو۔ (انتھی) ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: نہی بظاہر نار مخصوصہ کے بارے میں ہے۔ البتہ "انما هی عدولکم" میں جنس "نار" مراد ہے۔ اور اس کے دشمن ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہمارے جان و مال کے منافی ہے اگرچہ اس میں ایسے منافع بھی ہیں جو آگ کے بغیر حاصل نہیں ہوتے۔ چنانچہ آگ کو ہمارا دشمن قرار دیتے ہوئے عبارت قصر کے ساتھ بیان فرمایا مبالغہ فی التحذیر کیلئے، کہ اس میں معاش کے بہت سے فوائد ہیں مگر مخصوص اوقات کے ساتھ ہیں۔

"نمتم": نون کے کسرہ کے ساتھ، نام ینام سے مشتق ہے۔

"عنکم": محذوف کے متعلق ہے۔ أی مجاوزین إضرارھا عنکم۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔ امام حاکمؒ اور طبرانیؒ نے عبیداللہ بن سرجس سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

إذا نمتم فاطفئوا المصباح، فإن الفارة تأخذ الفتيلة فتحرق أهل البيت، وأغلقوا الأبواب، وأوكوا الأسقية، وخمّروا الشراب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

کتوں' گدھوں کی آواز پر اعوذ باللہ پڑھو

۴۳۰۲: عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِيْقَ الْحَمِيْرِ مِنَ اللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ فَاِنَّهُنَّ يَرَيْنَ مَالَا تَرَوْنَ وَاَقِلُّوْا الْخُرُوْجَ اِذَا هَدَاءَتِ الْاَرْجُلُ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَبُثُّ مِنْ خَلْقِهٖ فِيْ لَيْلَتِهٖ مَا يَشَاءُ وَاَجِيْفُوْا الْاَبْوَابَ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا اِذَا اُجِيْفَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَغَطُّوا الْجِرَارَ وَاكْفِئُوْا الْاٰنِيَةَ وَاَوْكُوا الْقِرَبَ۔ (رواه فى شرح السنة)

أخرجه أبو داؤد فى السنن ٥/٣٣٢ الحديث رقم ٥١٠٣' وأحمد فى المسند ٣/٣٠٦ والبغوى فى شرح السنة ١١/٣٩٢ الحديث رقم ٣٠٦٠۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم کتوں اور گدھوں کی آواز رات کو سنو تو اس وقت شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو اس لئے کہ کتے اور گدھے اس چیز کو دیکھتے ہیں جس کو تم نہیں دیکھتے۔ یعنی شیاطین اور اس کے لشکر کو دیکھتے ہیں۔ اور اس وقت گھر سے نکلنا کم کرو جب چلنے پھرنے والے پاؤں رک جائیں۔ یعنی لوگوں کی آمد ورفت بند ہو جائے اور رات گئے کم نکلا کرو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ عزت وجلال والے اپنی مخلوقات کو منتشر کرتا اور پھیلاتا ہے جس کو چاہتا ہے جنات وشیاطین اور موذی جانوروں وغیرہ سے رات کے وقت اور دروازوں کو بند کرو اور اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ کیونکہ شیطان اس بند دروازے کو نہیں کھولتا جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو۔ اور ان برتنوں کو ڈھانپ دو جن میں پانی ہو اور برتن الٹ کر رکھو یعنی جبکہ وہ خالی ہوں اور مشکوں کا منہ باندھ دو یہ روایت محی السنہ نے شرح السنہ میں نقل کی ہے۔

تشریح: سمعت النبی ﷺ: ایک نسخہ صحیحہ میں ''رسول اللہ ﷺ'' ہے۔

نباح: نون کے ضمہ اور بائے موحدہ کے ساتھ۔ اور ایک نسخہ صحیحہ ''الكلب'' بصیغۂ مفرد ہے، اور جنس مراد ہے۔

من الليل: یہ'' من تبعيضيه'' ہے۔ أى فى بعض أجزاء الليل۔ اس قید کا تعلق دونوں کے ساتھ ہے، یا آخری کے ساتھ ہے۔ ممکن ہے کہ آخری ہی کیلئے ہو، چونکہ گدھے کا رات کے وقت ہنہنانا انتہائی قبیح معلوم ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ کتب اصول میں یہ الفاظ موجود نہیں ہیں۔ چنانچہ حصن حصین کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: وإذا سمع نهيق الحمير فليتعوذ بالله من الشيطان الرجيم: اس حدیث کو امام بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور حاکمؒ نے روایت کیا ہے۔ اور فرمایا: و كذلك إذا سمع نباح الكلاب۔ اس کو ابوداؤد، نسائی اور حاکم ان سب نے عبداللہ سے روایت کیا ہے۔ اور ''صحيح على شرط مسلم'' ہے۔ فإنهن: سے مراد دونوں اجناس ہیں، یہ ترکیب: [هذان خصمان اختصموا] کے قبیل سے ہے۔ یا ''كلًّا من الكلاب والحمير'' کی تاویل میں ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی شیخین، ابوداؤد، ترمذی اور نسائی کی روایت میں یوں ہے:

وإذا سمع صباح الديكة فليسأل الله من فضله، فإنها رأت ملكا۔

قاضیؒ اس کا سبب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: سببه رجاء تأمين الملائكة على الدعاء واستغفارهم وشهادتهم بالتضرع والإقبال على الله، والإخلاص۔ وفيه استحباب الدعاء عند حضور الصالحين والتبرك بهم، اھ۔

ظالم، وفاسق اور دنیا کے حریص لوگ نظر آئیں تو ان کو دیکھ کر بھی دعا مانگنا مستحب ہے۔ جیسا کہ شبلی قدس اللہ سرہ کیا کرتے تھے، کہ جب وہ دنیا داروں کو دیکھتے تو یہ دعا مانگتے: اللهم إني أسألك العفو والعافية، الحمد لله الذي عافاني مما ابتلاك به۔

گفتگو کا حاصل یہ ہے کہ صالحین وفاسقین کو دیکھنا بمنزلہ آیاتِ وعدووعید سننے کے ہے۔ لہٰذا مناسب ہے کہ صالحین کو دیکھے تو دعا مانگے، اور فاسقین کو دیکھے تو اللہ کی پناہ مانگے۔

الجامع الصغیر میں بروایت احمد، شیخین، ابوداؤد وترمذیؒ حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعا مروی ہے:

إذا سمعتم أصوات الديكة فاسألوا الله من فضله فإنها رأت ملكا، وإذا سمعتم نهيق الحمير فتعوذوا بالله من الشيطان فإنها رأت شيطانا۔

"هدأت": ھاء کے فتحہ، دال مہملہ اور ہمزہ کے ساتھ ہے۔ بمعنی سکنت یہ الهدأة سے ماخوذ ہے' الهدء کا معنی ہے السكون عن الحركة۔ (سکون ہونا' حرکت وآواز وغیرہ میں)

الأرجل: رجل کی جمع ہے۔

يبث: یاء کے فتحہ، بائے موحدہ کے ضمہ اور تائے مثلثہ مشددہ کے ساتھ بمعنی "ينشر ويفرق"۔

"في ليلته": ایک روایت میں في ليلة ہے۔ ما يشاء: يبثث کا مفعول ہے۔

من خلقه: "ما" کا بیان مقدم ہے۔ اور "خلق" بمعنی "مخلوق" ہے۔

اجيفوا الأبواب عليه: اى على اغلاقها '

اور ایک روایت میں (علیہ کے بجائے) عليها ہے۔

بابا إذا أجيف: ایک روایت میں "بابا أجيف" ہے۔

الجرار: بروزن کتاب، جرة کی جمع ہے۔

أكفؤا: ہمزہ قطعی کے ساتھ ہے۔ کہا گیا ہے کہ وصلی کے ساتھ ہے۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: قال الکسائیؒ: يقال: كفأت الإناء إذا كببته، وأكفأته وكفأته ايضًا إذا أملته ليفرغ ما فيها۔ ایک روایت میں "او كوا" والا جملہ "اكفئوا" پر مقدم مذکور ہے۔ غریبین میں لکھتے ہیں: "إكفاء الآنية" سے مراد یہ ہے کہ برتنوں کو الٹ دیا جائے، تاکہ کوئی رینگنے والی چیز ان کو ناپاک نہ کر جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توضیح: حدیث میں بیان کردہ اکثر معانی ومفاہیم کتب صحاح وحسان میں موجود ہیں۔ الجامع الصغیر میں معمولی اختلافات کے ساتھ یہ روایت میں نے دیکھی ہے۔ جیسا کہ درمیان کلام میں میں نے اشارہ بھی کیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے: اس حدیث کو امام احمد نے، نیز امام بخاری نے ''تاریخ'' میں ذکر کیا ہے، ابوداؤد اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے، اور امام حاکم نے اپنی مستدرک میں بحوالہ جابر روایت کیا ہے۔ اھ۔ بظاہر مصنفؒ ان مراجع پر مطلع نہیں ہو سکے، اسی وجہ سے اس حدیث کو صاحب مصابیح نے ''شرح السنۃ'' کی طرف منصوب کر دیا، باوجودیکہ شرح السنۃ ''اصول مشہورہ'' میں سے نہیں ہے۔

چوہے کی شیطانی

۴۳۰۳: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ تْ فَارَةٌ تَجُرُّ الْفَتِيْلَةَ فَأَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِيْ كَانَ قَاعِداً عَلَيْهَا فَاَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ فَقَالَ اِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِؤُا سُرُجَكُمْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هٰذِهِ عَلٰى هٰذِهِ فَيُحْرِقُكُمْ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/ ٤٠٨ الحديث رقم ٣٠٦٠۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ چوہا ایک بتی کو کھینچ لایا اور آپ کے سامنے اس بوریئے پر ڈال دی جس پر آپ تشریف فرما تھے اس کی وجہ سے اس بوریئے سے درہم کی مقدار جل گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جب تم سونے لگو تو چراغ کو گل کر دو اس لئے کہ شیطان اس چوہے جیسے موذی کو فعل کی راہ دکھلاتا ہے اور جلا دیتا ہے اور اسی حیلہ سے وہ تمہارے جلنے کا باعث بن جاتا ہے ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: فأرة: ہمزہ کے ساتھ ہے، اور ابدال بھی ہوتا ہے، بلکہ اکثر و بیشتر استعمال بھی اسی طرح ہے۔

تجر الفتيلة: اس جملہ کے محل اعراب میں دو احتمال ہیں:

❶ محل نصب میں حال واقع ہے۔ ❷ جملہ مستانفہ ہے۔ فألقتها: اس جملہ کا عطف ''جاء ت'' پر ہے۔

الخمرہ: خائے معجمہ کے ضمہ، میم کے سکون اور راء کے ساتھ، بمعنی ''سجادہ'' وہ چٹائی جس پر نماز ادا کی جاتی ہے۔ اور اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ زمین کو چھپا دیتی ہے اور چہرہ کو مٹی سے بچاتی ہے۔ الفائق میں لکھا ہے: هی السجادة الصغيرة من الحصير لأنها مرملة مخمر خيوطها بسعفها۔ ''فاحرقت'': ای الفتيلة ای نار ها۔ ''اذا نمتم'' اس حکم کو ''نوم'' کے ساتھ مقید کیا چونکہ عام طور پر غفلت نیند کے وقت ہوئی ہے اور اس سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ جب بھی غفلت پائی جائے گی یہ نہی متوجہ ہوگی۔ ''علی هذا'' کا مشار الیہ ''فعل'' ہے یعنی ''جر الفتيلة''۔ اس حدیث کا حاصل یہ ہے جو اس آیت میں بیان ہوا: ﴿اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا﴾ [فاطر: ٦] ''شیطان تمہارا دشمن ہے تم بھی اسے دشمن ہی سمجھو وہ اپنے (پیروؤں کے) گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ دوزخ والوں میں سے ہوں''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کِتَابُ اللِّبَاس

لباس کا بیان

صاحب قاموس لکھتے ہیں: ''لبس '' جب باب سمع سے ہوتو اس کا مصدر بالضم ''لبس'' آتا ہے۔لبس الثوب: کپڑا پہننا اور''لباس ''لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔(اس کا معنی ہے''جو کپڑا پہنا جائے'')اور جب''لبس'' باب ضرب سے ہوتو اس کا مصدر''لبس''لام کے ساتھ ہوتا ہے'اور اس کے معنی''خلط ملط کرنا'' ہوتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ ......﴾[البقرۃ:۴۲] ''اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور سچی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ''ان لغات کی تحقیق ہم نے اس غرض سے کی ہے کہ اکثر لوگوں کو اس میں التباس ہوتا ہے۔

الفصل الاول:

حبرہ کی پسندیدگی

۴۳۰۲:عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ اَحَبُّ الثِّیَابِ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ اَنْ یَّلْبَسَهَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْحِبَرَةَ۔

(متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۲۷۶ الحدیث رقم ۵۸۱۳' ومسلم فی صحیحه ۳/۱۶۴۸ الحدیث رقم (۳۲ - ۲۰۷۹) وأبو داوٗد فی السنن ٤/۳۳۱ الحدیث رقم ٤۰٦۰ والترمذی فی ٤/۲۱۹ الحدیث رقم ۱۷۸۷' والنسائی فی ۸/۲۰۳ الحدیث رقم ۵۱۵۳' وأحمد فی المسند ۳/۱۳٤۔

ترجمه: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام کپڑوں میں پہننے کے لئے حبرہ بہت پسند تھی۔یعنی یہ چادر صرف آپ پہنتے تھے۔یہ بچھانے اور کسی کو دینے کے لئے استعمال نہ ہوتی تھی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: کان أحب الثیاب الی النبی ﷺ أن یلبسها الحبرة:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''أحب'' کو رفع ونصب ہر دو کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

أن یلبسها الحبرۃ: بعض کا کہنا ہے کہ ''الثیاب'' سے بدل ہے۔ البتہ ترمذی کی روایت میں ''ان'' کے بغیر ہے۔ چنانچہ اس روایت کی بناء پر کہا گیا ہے کہ یہ جملہ ''أحب'' کیلئے صفت ہے۔ یا ''ثیاب'' کی صفت ہے، اس قید سے وہ کپڑا خارج ہو جائے گا جو بطور فراش وغیرہ کے استعمال ہوتا ہے اور ضمیر منصوب کا مرجع ''ثیاب'' ہے، یا ''أحب'' ہے اور تانیث خبر اس کے مضاف الیہ کے اعتبار سے ہے۔ اس کی تائید ترمذی کی روایت سے ہوتی ہے، جس میں ''یلبسه'' آیا ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''أن یلبسها'' ''أحب'' کے متعلق ہے۔ ای کان أحب الثیاب لأجل اللبس۔

الحبرۃ: حاء کے کسرہ اور باء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ النہایہ میں لکھا ہے کہ ''الحبرۃ'' چادر کی ایک قسم ہے جو منقش دھاری دار ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے: بردحبرۃ۔ بروزن ''عنبة''۔ یہ اضافت وصفت ہر دو طرح مستعمل ہے۔ یہ یمنی چادر کو کہتے ہیں امام میرکؒ فرماتے ہیں: اور وہ روایت کہ جس کو امام جزریؒ نے ''تصحیح المصابیح'' میں ذکر کیا ہے اس میں ''حبرۃ رفع'' کے ساتھ ہے، چنانچہ اس تقدیر پر یہ ''کان'' کا اسم ہے۔ اور احب اس کی خبر ہے، اور اس کے برعکس بھی درست ہے۔ شمائل کے اکثر نسخوں میں اسی کو صحیح قرار دیا ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں ظاہر و متبادر بھی یہی ہے ورنہ روایت کے الفاظ یوں ہوتے: کان الحبرۃ أحب۔ ترجیح پہلے قول کو دی گئی ہے، کہ ''احب'' وصف ہے۔ وجہ اولویت یہ ہے کہ یہ حکم ہے۔ اس کی تفصیل وتحقیق فصل ثانی کی پہلی حدیث کے تحت آئے گی۔ واللہ التوفیق۔

''حبرۃ'' دراصل یمنی چادروں کی ایک قسم ہے، اس میں سرخ دھاریاں ہوتی ہیں اور بسا اوقات یہ دھاریاں سبز اور نیلی بھی ہوتی ہیں۔ کہا گیا ہے کہ یہ چادر ان کے نزدیک ''اشرف الثیاب'' شمار ہوتی تھی' یہ قطن سے بنی ہوتی تھیں، پس اسی وجہ سے نبی کریم ﷺ کو یہ کپڑا بہت محبوب تھا، بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کے سبز ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ اس کو زیادہ پسند کرتے تھے کیونکہ یہ اہل جنت کا لباس ہے، اور یہ حدیث میں بھی آیا ہے کہ آپ ﷺ کو رنگوں میں سبز رنگ زیادہ پسند تھا۔ چنانچہ اس کو امام طبرانیؒ نے ''اوسط'' میں اور ابن سنی وابو نعیم نے ''الطب'' میں ذکر کیا ہے۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں اس کو ''حبرۃ'' اس لئے کہتے ہیں کیونکہ اس کو مزین کیا جاتا ہے، اور تحبیر تحسین کو کہتے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ اسی سے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فهم في روضة یحبرون﴾ [الروم: ۱۵] بعض علماء نے اس کی پسندیدگی کی وجہ یہ لکھی کہ اس میں زیادہ زیب وزینت نہیں ہوتی اور اس لئے بھی کہ یہ کپڑا بہت ہی ''میل خور'' ہوتا ہے۔

امام جزریؒ فرماتے ہیں: (اس حدیث سے کئی مسائل کا استنباط ہوتا ہے:)

❶ حبرہ پہننا مستحب ہے۔ ❷ منقش کپڑا زیب تن کرنا جائز ہے۔ امام میرکؒ فرماتے ہیں: یہ مسئلہ متفق علیہ ہے۔ (انتھی) البتہ علامہ ابن حجرؒ نے ایک عجیب بات نقل کی ہے کہ اس کپڑے میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

تعارض:

روایت باب میں یہ ہے: ''کان أحب الثیاب الی النبی ﷺ ان یلبس الحبرۃ''

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے: ''أن أحب ~~الثیاب~~ عنده کان القمیص'' (دیکھئے حدیث: ۴۳۲۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان میں جمع اور تطبیق کی دو صورتیں ممکن ہیں:

❶ یہ جملہ محبوب ترین چیزوں میں سے ایک ہے۔ جیسا کہ احادیث میں اکثر اشیاء کے بارے میں وارد ہے۔ کہ فلاں عبادت ''افضل العبادات'' ہے، اور فلاں عمل ''افضل الاعمال'' ہے۔

❷ یہ تفصیل دراصل صفۃ کی طرف راجع ہے۔ لہٰذا باعتبار صنعت قمیص احب الانواع تھی۔ جبکہ باعتبار رنگ یا جنس کے حبرۃ أحب الانواع تھا۔ واللہ اعلم

تخریج: اس کو ابوداؤد اور نسائی نے بھی ذکر کیا ہے۔

تنگ آستین والے جبے کا استعمال

۴۳۰۵: وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَبِسَ جُبَّةً رُوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱/۴۷۳ الحدیث رقم ۳۶۳، ومسلم فی ۱/۲۲۹ الحدیث رقم (۷۷-۲۷٤)

والترمذی فی السنن ٤/۲۱۰ الحدیث رقم ۸/۱۷۷، وأحمد فی المسند ٤/۲۵۵۔

ترجمہ: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تنگ آستین والا رومی جبہ پہنا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''جبة'': جیم کے ضمہ اور باء کی تشدید کے ساتھ ہے۔ یہ دو کپڑے ہوتے ہیں جن کے درمیان روئی ہوتی ہے اور اگر یہ اون کے بنے ہوئے ہوں۔ تو پھر یہ ایک بھرائی سے خالی ہوتا ہے۔ اور بعض نے کہا ہے کہ ''جبة البرد'' جیم کے ضمہ کے ساتھ اور فتحہ کے ساتھ (بھی) ہے۔

''رومية: یاء کی تشدید ہی کے ساتھ ہے۔ علامہ میرک رحمہ اللہ فرماتے ہیں اسی طرح جامع ترمذیؒ کی روایت میں ہے اور ابوداؤد کی روایت میں ''جبة من صوف من جباب الروم'' آیا ہے' لیکن صحیحین وغیرھما کی اکثر روایات میں ''جبة شامية'' آیا ہے۔ علامہ ابن حجرؒ العسقلانی نے تشدید یاء اور تخفیف دونوں کے ساتھ ضبط کیا ہے۔

اور اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔ اس لئے کہ شام اس وقت قیصر جو کہ روم کا بادشاہ تھا، کے ملک اور حکم کے تحت داخل تھا۔ گویا کہ دونوں ملک کے اعتبار سے ایک ہی تھے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کے پہننے کی ہیت مقدار کی نسبت ایک جگہ کی طرف کردی ہو اور خیاطت کی نسبت سے' یا اس کو لائے جانے کی نسبت سے دوسرے ملک کی طرف منسوب کردیا ہو۔ لہٰذا اس طرح بھی دونوں میں کوئی منافات نہیں رہا۔

''ضيقة الكمين'': یہ ''رومية'' کیلئے بیان ہے۔ یا یہ صفت ثانیہ ہے۔

یہ واقعہ سفر میں پیش آیا تھا۔ جیسا کہ اس پر زکریا بن ابی زائدۃ عن الشعبی کے طریق سے اسی اسناد کے ساتھ حضرت مغیرۃ بن شعبہؓ سے منقول بخاریؒ کی روایت دلالت کررہی ہے۔ فرماتے ہیں: ''كنت مع النبی ﷺ فی سفر فقال امعك ماء؟ فقلت: نعم فنزل عن راحلته فمشى حتى توارى عنى فی سواد الليل ثم جآء فا فرغت عليه الاداوة فغسل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وجهه ويديه وعليه جبة شامية من صوف فلم يستطع ان يخرج ذراعيه منها حتى اخرجهما من اسفل الجبة''۔

ایک اور طریق سے روایت اس طرح ہے:''فذهب يخرج يديه من كميه فكانا ضيقين فاخرج من تحت بدنه''۔''بدنہ'' بائے موحدہ کے فتحہ' دال مہملہ اور نون کے ساتھ'

''بدنه'' سے مراد جانب ہے۔جیسا کہ دوسری روایت میں آیا ہے۔''البدن'' یاء اور دال دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ تنگ آستین والی چھوٹی قمیص کو کہتے ہیں۔

امام مسلمؒ نے اس پر یہ زیادتی نقل کی ہے:''وألقى الجبة على كتفيه فغسلها ومسح برأسه وخفيه'' کہ آپ ﷺ نے جبہ کو کندھے پر رکھا' اور اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا' اپنے سر پر اور خفین (موزوں) پر مسح فرمایا۔

امام مالکؒ، احمد بن حنبلؒ اور ابوداؤدؒ کی روایت میں آیا ہے کہ یہ واقعہ غزوۂ تبوک میں پیش آیا تھا۔

مؤطا و مسند ابی داؤد میں ہے کہ یہ صبح کی نماز کے وقت پیش آیا تھا اور مسلمؒ نے عباد بن زياد عن عروة بن المغيرة عن ابيه کے طریق سے نقل کیا ہے:فاقبلت معه حتى وجد الناس قدموا عبد الرحمن بن عوف فصلى بهم فأدرك النبی ﷺ الركعة الاخيرة' فلما سلم عبد الرحمن قام رسول الله ﷺ يتم صلاته فافزع ذلك الناس کہ میں ان کے ساتھ آیا۔ یہاں تک کہ لوگوں نے عبدالرحمٰن بن عوف کو آگے بڑھا دیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے جماعت کرائی۔ نبی ﷺ نے آخری رکعت پائی۔ جب عبدالرحمٰن بن عوف نے سلام پھیرا۔ تو آپ ﷺ اپنی نماز پوری کرنے کیلئے کھڑے ہوگئے۔ اس بات نے لوگوں کو خوف و ہراس میں ڈال دیا۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے:قال المغيرة : فأردت تاخير عبد الرحمن فقال النبی ﷺ. حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ میں عبدالرحمٰن بن عوف کو پیچھے کرنے کا ارادہ کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا۔ الخ۔ (ذکرہ میرک)

فوائد حدیث:

❶ کفار کے کپڑوں سے انتفاع جائز ہے۔ جب تک اس کی نجاست متحقق نہ ہو جائے۔ اس لئے کہ آپ ﷺ نے رومی جبہ کو پہنا تھا اور اس کے بارے میں کوئی تفصیل طلب نہیں کی۔

❷ امام قرطبیؒ نے اس حدیث سے اس پر استدلال کیا ہے کہ اون موت کی وجہ سے نجس نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ جبہ شامی تھا اور شام اس وقت دارکفر تھا۔

❸ اون کے پہننے کا جواز ہے۔ البتہ امام مالکؒ نے اس شخص کیلئے اس کو مکروہ کہا ہے جس کے پاس اس کے علاوہ کپڑا موجود ہو۔ کیونکہ اس میں زہد کی شہرت ہے۔ اس لئے کہ اخفاء عمل اولیٰ ہوا کرتا ہے۔

علامہ ابن بطالؒ کہتے ہیں کہ تواضع اسی کپڑے کے پہننے میں منحصر نہیں ہے بلکہ'' قطن ''وغیرہ میں بھی ہے۔ جو ثمن میں اس سے کم ہو۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ امام بیہقی نے حضرت ابوہریرہؓ اور زید بن ثابتؓ سے روایت نقل کی ہے انه ﷺ نهى عن الشهرتين رقة الثياب وغلظها ولينها وخشونتها وطو لها وقصرها۔ کہ آپ ﷺ نے دو شہرت والی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیزوں سے منع کیا ہے۔زیادہ باریک کپڑے پہننا اور بہت ہی موٹے کپڑے پہننا' اور نرم اور سخت کھردرے کپڑے پہننا اور بہت لمبے اور بہت ہی چھوٹے کپڑے پہننا اور ہدایت وراستی ان کے درمیان میں ہے اور وہی میانہ روی ہے۔(یعنی نہ زیادہ باریک ہو اور نہ ہی زیادہ موٹا' نہ بہت نرم ہو' اور نہ ہی کھردرا) اور یہی چیز سادات نقشبندیہ کے ہاں مختار ہے۔البتہ اکثر صوفی نے ''لبس صوف'' کو مختار کہا ہے۔کیونکہ انہوں نے اس کو خواہش نفسی کے لئے نہیں پہنا۔ بلکہ انہوں نے اس کو ستر پوشی اور سردی گرمی سے بچاؤ کے لئے پہنتے ہیں۔لہٰذا اس کیلئے انہوں نے بالوں سے کھردرا پن اور ''صوف'' سے غلاظت کو جدا کر دیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور فضال بن عبید رضی اللہ عنہ نے اصحاب صفہ کی یہ صفت بیان کی ہے کہ ان کا لباس صوف کا تھا۔ یہاں تک کہ ان میں سے بعض کو جب پسینہ آتا تو اس سے بھیڑ کی بد بو آنی شروع ہو جاتی جب اس کو بارش کا پانی لگ جاتا۔

علامہ سیوطیؒ نے ''الدر'' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ: **ان اول من لبس الصوف آدم وحواء لما أهبطا من الجنة الى الأرض**۔کہ سب سے پہلے صوف حضرت آدم و علیہ السلام حوا نے پہنا۔جب ان کو جنت سے زمین پر اتارا گیا اور ''التعرف'' میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؒ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں: ''**مر بالصخرة من الروحاء سبعون نبيًا حفاة عليهم العباء يؤمون البيت العتيق**'' روحاء نامی جگہ پر ایک پتھر (حجر اسود) پر سے ستر نبی ننگے پاؤں (احرام کی حالت میں) ہو کر گزرے۔اور ان پر ''عباء'' تھیں۔ بیت اللہ کا قصد کئے ہوئے تھے۔

''القاموس'' کے مطابق ''روحاء'' حرمین کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تیس یا چالیس میل کے فاصلے پر ہے۔

حضرت حسن (بصریؒ) فرماتے ہیں کہ **كان عيسى عليه السلام يلبس الشعر ويأ كل الشجر ويبيت حيث أمسى**۔ عیسیٰ علیہ السلام اون پہنتے تھے اور کھاتے تھے' اور جہاں شام ہو جاتی وہیں پر رات گذارتے تھے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؒ فرماتے ہیں: **كان عليه السلام يلبس الصوعف** کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اون پہنتے تھے اور حضرت حسن بصریؒ کہتے ہیں: **لقد أدركت سبعين بدر يا ماكان لباسهم الا الصوف** کہ میں نے ستر بدری صحابہ کو دیکھا کہ ان کا لباس صرف اون ہی ہوتا ہے۔

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''منہاج العابدین'' میں ذکر کیا ہے کہ فرقد سنجی حسن (بصری) کے پاس آئے، ان کے جسم پر ایک عام سی چادر تھی جبکہ حضرت حسن کے جسم پر اون کی بنی ہوئی چادر تھی۔فرقد (ان کی) چادر کو چھونے لگے حسن نے فرمایا: تم میرے کپڑیوں کی طرف غور سے کیا دیکھ رہے ہو' میرے کپڑے اہل جنت کے ہیں اور تیرے کپڑے اہل جہنم کے ہیں اور فرمایا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے: ''**اكثر اهل النار اصحاب الاكسية**''۔ پھر حسن نے فرمایا کہ انہوں نے زہد کو اپنے کپڑوں میں ظاہر کیا ہے۔جبکہ کبر ان کے دلوں میں ہے اور اس ذات کی قسم جس کی قسم اٹھائی جاتی ہے کہ تم میں سے چادر والا زیادہ تکبر والا ہوتا ہے اس شخص سے کہ جو اون اور نرم کپڑے پہنتا ہے اور اسی معنی ومطلب کی طرف ذوالنون المصری نے اشارہ کیا ہے:

تصوف فا زدهى بالصوف جهلاً ۔:۔ **وبعض الناس يلبسه مجانه**

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اس حدیث سے اس بات کا استحباب نکلتا ہے کہ سفر میں آستین تنگ ہونی چاہیئے نہ کہ حضر میں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی آستین کشادہ ہوتی تھیں۔

علامہ ابن حجر العسقلانیؒ فرماتے ہیں: یہ دعویٰ تب تام ہوگا جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ انہوں نے اس کو سفر کیلئے خصوصی تیار کر رکھا تھا۔ ورنہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ انہوں نے سردی سے بچاؤ کیلئے اس کو پہنا ہو۔ یا اس کے علاوہ کسی اور مقصد کیلئے زیب تن فرمایا ہو اور جو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے منقول ہے کہ وہ کھلے آستین رکھتے تھے۔ تو یہ اس توہم پر مبنی ہے کہ ''اكمام''۔ ''كم'' کی جمع ہے۔ حالانکہ ایسی بات نہیں ہے بلکہ یہ ''كمة'' (گول ٹوپی) کی جمع ہے اور یہ 'قلنسوہ'' (ٹوپی) کی طرح ''سر'' پر رکھی جاتی ہے۔ گویا کہ قائل نے ائمہ کرام کے اس قول کو نہیں سنا: ان من البدع المذمومة ''اتساع الكمين آستین کا کشادہ ہونا'' بدعت مذمومہ میں سے ہے۔ (انتھی) اور اس کو اتساع مفرطة پر محمول کرنا بھی ممکن ہے اور جو صحابہ کرام سے منقول ہے وہ اس کے برخلاف ہے' اور یہی ظاہر ہے بلکہ یہی بات متعین ہے اور اسی وجہ سے ہمارے ائمہ کی کتب میں ''النتف'' ہے کہ یستحب اتساع الكم قدر شبر۔ آستین کا ایک بالشت کے برابر کشادہ ہونا مستحب ہے۔

تخریج: امام مالک، احمد بن حنبلؒ، ابوداؤد اور ترمذی نے اس کو نقل کیا ہے۔

وفات کے وقت پیوند والی چادر

۴۳۰۶: وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَةُ كِسَاءً مُلَبَّدًا وَاِزَارًا غَلِیْظًا فَقَالَتْ قُبِضَ رُوْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِیْ هٰذَیْنِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی ٦/٢١٢' الحديث رقم ٣١٠٨ ومسلم فی ٣/١٦٤٨ الحديث رقم (٣٤-٢٠٨٠)' والترمذی فی السنن ٤/١٩٦ الحديث رقم ١٧٣٣' وأحمد فی المسند ٦/٣٢۔

ترجمہ: حضرت ابو بردہؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک پیوند والی چادر اور ایک موٹا تہبند نکال کر ہمیں دکھائی اور فرمانے لگیں جناب رسول اللہ ﷺ کی روح مبارک ان دو کپڑوں میں قبض کی گئی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَةُ كِسَاءً مُلَبَّدًا وَاِزَارًا غَلِیْظًا فَقَالَتْ قُبِضَ رُوْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِیْ هٰذَیْنِ:

''كساء'': حرف اول مکسور اور آخر میں ہمزہ ہے۔

''ملبدًا'': بائے مشددہ مفتوحہ کے ساتھ ہے' اور ''النہایۃ'' میں اس کا معنی 'مرقعًا' لکھا ہے۔ کہا جاتا ہے: ''لبدت القميص والبدة''۔

''وإزارًا غليظًا:'' اور ایک نسخہ میں ''رداءً غليظًا'' ہے' لیکن یہ غیر صحیح ہے' کیونکہ ''كساء'' اس چادر کو کہتے ہیں جو بدن کے اوپر والے حصے کو ڈھانپ لے۔ جبکہ 'إزار'' اس کے برعکس کپڑے کو کہتے ہیں۔

اور ان دو کپڑوں میں موت کا آنا گویا آپ ﷺ کی اس دعاء کی قبولیت کے باعث تھا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اللھم احینی مسکیناً و امتنی مسکیناً''

امام نوویؒ فرماتے ہیں اس جیسی احادیث میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی دنیا سے بے رغبتی اور اس کے سامان اور لذتوں سے اعراض کا بیان ہے۔لہٰذا آپؐ کی امت پر بھی واجب ہے کہ وہ ان کی اقتداء کرے' اور تمام آثار و افعال میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیروی کرے۔

تخریج: ترمذیؒ نے ''شمائل'' میں اس کو روایت کیا ہے اور شیخین کی ایک روایت میں ہے: ''کان له ﷺ کساء ملبد یلبسه ویقول: انما انا عبد البس کما یلبس العبد''

جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا چمڑے والا بچھونا

۴۳۰۷: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَ كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الَّذِیْ يَنَامُ عَلَيْهِ اَدَمًا حَشْوُهٗ لِيْفٌ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۲۸۲ الحدیث رقم ۶۴۵۶' ومسلم فی ۳/۱۶۵۰ الحدیث رقم (۳۸۔۲۰۸۲)' وأبو داؤد فی السنن ۴/۳۸۱ الحدیث رقم ۴۱۴۷' وابن ماجه فی ۲/۱۳۹۰ الحدیث رقم ۴۱۵۱' وأحمد فی المسند ۶/۲۰۷۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بچھونا جس پر آپ آرام فرماتے وہ چمڑے کا تھا اور روئی کی جگہ اس میں کھجور کا چھلکا بھرا تھا۔ یہ مسلم و بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: ''فراش'': فاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

ادم: دونوں حرفوں پر فتحہ ہے۔ یہ ''أدیم'' کی جمع ہے۔ دباغت دیئے گئے چمڑے کو کہتے ہیں جیسا کہ ''المغرب'' میں ہے۔

''لیف'': القاموس میں ہے کہ ''لیف'' لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ کھجور کے پتوں کو کہتے ہیں۔

''شمائل ترمذی'' کی روایت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے: ''کان فراشه مسبحا''۔ یہ میم کے کسرہ ہے۔ صاحب قاموس نے اس کی وضاحت ''بصاس'' (ٹاٹ) کے ساتھ کی ہے۔

ابوداؤد نے سند حسن کے ساتھ آل امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے کسی فرد سے روایت نقل کی ہے: کان فراشه نحوامما یوضع الانسان فی قبره و کان المسجد عندرأسه۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بستر ان کپڑوں جیسا تھا جو انسان کیلئے اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور مسجد ان کے سر کے پاس تھی۔

چمڑے کا تکیہ

۴۳۰۸: وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ وِسَادُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الَّذِیْ يَتَّكِئُ عَلَيْهِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهٗ لِيْفٌ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیح ۳/۱۶۵۰ الحدیث رقم (۳۷۔۲۰۸۲) وأبو داؤد فی السنن ۴/۳۸۱ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٤١٤٦' والترمذی فی ٤/٥٥٥ الحديث رقم ٢٤٦٩۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تکیہ جس پر آپ ٹیک لگاتے وہ چمڑے کا تھا جس میں کھجور کا چھلکا بھرا تھا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''القاموس'' میں ہے: الوساد المتكا والمخدة كالو سادة ويثلث

ابوداؤد، احمد ترمذی اور ابن ماجہ نے یوں روایت کیا ہے: ''كان وسادته الذی ينام عليها من أدم حشوها ليف''

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے تکیہ اور بچھونا بنانے' اس پر سونے اور اس پر ٹیک لگانے کا جواز نکلتا ہے۔

میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ اظہر یہ ہے کہ اس کو مستحب کہا جائے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر مداومت کی ہے، اور اس لئے بھی کہ یہ استراحت کیلئے ایک کامل چیز ہے اور نیند سے استراحت ہی مقصود ہوتی ہے۔ تاکہ عبادت میں نشاط اور چستی رہے۔

دوپہر کو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں آمد

۴۳۰۹: وَعَنْهَا قَالَتْ بَيْنَ نَحْنُ جُلُوْسٌ فِيْ حَرِّ الظَّهِيْرَةِ قَالَ قَائِلٌ لِاَبِيْ بَكْرٍ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُقْبِلاً مُتَقَنِّعًا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/٢٧٣ الحديث رقم ٥٨٠٧' وأبو داوٗد فی السنن ٤/٣٤٣ الحديث رقم ٤٠٨٣' وأحمد فی المسند ٦/١٩٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم اپنے گھر میں بیٹھے تھے اور دوپہر کا وقت تھا کہ کسی کہنے والے نے کہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو کہ یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو چادر کے ایک کنارے سے سر کو ڈھانکے ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: ''جلوس'' جالسون کے معنی ہے۔ ''الظهيرة: نصف النہار کو کہتے ہیں۔

''مقفنعًا'' یہ لفظ نون مشدد کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

''مقبلاً متقنعًا'' یہ دونوں احوال مترادفہ ہیں' یا احوال متداخل ہیں اور عامل اس میں اسم اشارہ کا معنی ہے۔

یہ حدیث حدیث ہجرت کا ایک حصہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کے ساتھ اپنے سر کو ڈھانپ رکھا تھا۔ جیسا کہ گرمی سے بچاؤ کیلئے عام عرب کی عادت تھی اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر مبارک کو چادر سے اس لئے ڈھانپ رکھا ہوتا کہ تستر رہے' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی پہچان نہ سکے۔

تین بستر کفایت کرنے والے ہیں

۴۳۱۰: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَهٗ فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِاِمْرَاَتِهٖ الثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ۔ (رواه مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مسلم في صحيحه ٣/١٦٥١ الحديث رقم (٤١-٢٠٨٤)، وأبو داوٗد في السنن ٤/٢٧٩، الحديث رقم ٤١٤٢، والنسائي في ٦/١٣٥ الحديث رقم ٣٣٨٥، وأحمد في ٣/٢٩٣۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک بچھونا مرد اور دوسرا عورت کے لئے اور تیسرا مہمان کے لئے اور چوتھا شیطان کے لئے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قولہُ: قال له: فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِامْرَأَتِهٖ و الثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ:

حضرت جابر مقول لہ، اور ''فراش'' مقول ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ ''فراش'' مبتدا مخصصہ ہے اور مخصص اس کا محذوف ہے۔ جس پر دال ''الثالث للضیف'' ہے۔ أي فراش واحد كافٍ۔

قوله: ''والرابع للشيطان'' کیونکہ وہ اس سے خوش ہوتا ہے اور اس کا حکم دیتا ہے۔ تو گویا کہ یہ اس کیلئے ہوا۔ یا اس لئے کہ جب صاحب خانہ کو اس کی حاجت وضرورت نہیں ہے تو یہ شیطان کیلئے سونے اور رات گزارنے کی جگہ بنے گی اور یہی اولیٰ ہے۔ اس لئے کہ امکان حقیقت کے اثبات کے ہوتے ہوئے مجاز کی طرف عدول کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی

امام نوویؒ اس معنی سے غافل رہے اور وہاں معنی اول کو اختیار کیا اور فرمایا کہ جو زائد از حاجت ہو اور اس کو صرف فخر ومباہات، تکبر اور زینت دنیا کی وجہ سے بنایا ہو اور جو چیز مذکورہ صفت رکھتی ہو وہ مذموم ہے۔ اور ہر مذموم چیز کی اضافت شیطان کی طرف کی جاتی ہے۔ کیونکہ وہی اس پر خوش اور راضی ہوتا ہے۔ البتہ جو زوج کیلئے تیار کئے گئے بسترہ ہوں' ان میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ مرض وغیرہ کے وقت ہر ایک فراش کا محتاج ہوتا ہے۔

اس حدیث سے بعض علماء کرام نے استدلال کیا ہے کہ شوہر پر بیوی کے ساتھ اکٹھے سونا لازم نہیں ہے۔ اور اس سے علیحدہ بستر پر سونے کا حق حاصل ہے۔ لیکن یہ ضعیف ہے۔ کیونکہ اپنی بیوی کے ساتھ اکٹھے سونا اگرچہ واجب نہیں ہے۔ لیکن ایک اور دلیل سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر عذر کے بیوی کے ساتھ سونا افضل ہے اور یہی آپ ﷺ کے فعل سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ رات کے وقت بیوی کے بستر سے تہجد کیلئے اٹھنا سب سے مشکل اور صعب فعل ہے۔ جب کہ اس کی طرف میلان بھی ہو اور اسی لئے ایک حدیث میں وارد ہوا ہے: ''عجب ربنا من رجلين ثار عن وطائه ولحافه من بين حبه واهله إلى صلاته فيقول الله لملائكته: انظروا إلى عبدي ثار عن فراشه ووطأه من بين حبه واهله إلى صلاته رغبةً فيما عندي وشفقًا مما عندي......''۔

''ہمارا رب دو آدمیوں سے خوشی ہوتا ہے۔ ایک وہ آدمی جو اپنے بستر اور لحاف سے اٹھتا ہے اپنے محبوب اور اپنے کنبہ کے درمیان سے اور نماز کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے ملائکہ سے فرماتا ہے کہ میرے بندے کو دیکھو اپنے بستر اور لحاف سے اپنے محبوب اور کنبہ کے درمیان سے نماز کے لئے اٹھا ہے۔ اس میں رغبت کی وجہ سے جو میرے ہاں ہے اور اس سے ڈرتے ہوئے جو میرے ہاں ہے۔''

میں کہتا ہوں کہ اس میں کوئی کلام نہیں ہے۔ بلکہ کلام تو اس حدیث سے بیان جواز اور عدم وجوب میں ہے اور وہ اس افضلیت کے منافی نہیں ہے جو آپ ﷺ کے تمام اقوال اور افعال سے ثابت ہے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ ''یہ ضعیف ہے'' یہ بات غیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیح ہے۔

تخریج: اس کو مسلمؒ، احمد بن حنبل اور ابوداؤدؒ نے روایت کیا ہے۔

لمبی ازار والا نظرِ رحمت سے محروم

۴۳۱۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔

(متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۲۵۷ الحديث رقم ۵۷۸۸، ومسلم ۳/۱۶۵۳ الحديث رقم (۴۸، ۲۰۱۸)
وابن ماجه فی ۲/۱۱۸۲ الحديث رقم ۳۵۷۱ و مالك فی الموطا ۴/۹۱۴ الحديث رقم ۱۰ من كتاب اللباس
وأحمد فی المسند ۲/۴۷۹۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کی طرف نہیں دیکھے گا یعنی نظر رحمت نہ فرمائے گا جو شخص اپنی ازار دراز کرے۔ یعنی ٹخنے سے ازار نیچی رکھے اور اس کا مقصد تکبر اور اترانا ہو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: لا ينظر اللّٰه يوم القيامة إلٰى من جر ازاره بطرًا:

''بطرًا'': پہلے دونوں حرفوں کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اس سے مراد تکبر ہے، یا غنی کی وجہ سے آنے والا طغیان اور فرح مراد ہے۔

اس نظر سے مراد نظر رحمت ہے۔ یہ حدیث مستحل پر محمول ہے۔ یا زجر و توبیخ پر محمول ہے۔ یا یہ ابتداء امر کے ساتھ مقید ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ اس کو لطف اور عنایت و رحمت کی نظر سے نہیں دیکھے گا۔

ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ ''بطرا'' کی قید سے یہ مفہوم نکلتا ہے کہ جس نے جر ازار اس مقصد کے علاوہ کیا تو وہ حرام نہیں ہوگا۔ لیکن مکروہ تنزیہی ہوگا۔

امام مسلمؒ کی روایت میں ابو ہریرہ سے یوں مروی ہے: ''إن اللّٰه لقانی لا ينظر إلي من يجر ازاره بطرًا'' جبکہ امام احمد اور نسائی نے حضرت ابن عباس ؓ سے روایت ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: ''ان اللّٰه لا ينظر إلٰى مسبل إزاره''۔

تکبر سے چادر گھسیٹنے والا رحمت سے محروم

۴۳۱۲: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۲۵۴ الحديث رقم ۵۷۸۴، ومسلم فی ۳/۱۶۵۲ الحديث رقم (۴۴۔۲۰۸۵)، وأبو داوٗد فی السنن ۴/۳۴۵ الحديث رقم ۴۰۸۵، والنسائی فی ۸/۲۰۶ الحديث رقم ۵۳۲۸، وابن ماجه فی ۲/۱۱۸۱ الحديث رقم ۳۵۶۹، ومالك فی الموطأ ۲/۹۱۴ الحديث رقم ۱۱ من كتاب اللباس، وأحمد فی المسند ۲/۱۰۰۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تکبر کی بنا پر اپنی چادر گھسیٹے گا اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر نہ فرمائیں گے یعنی نظر رحمت نہ فرمائیں گے یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: وعن ابن عمر ان النبی ﷺ'':

ایک نسخہ صحیح میں یوں ہے: عن النبی ﷺ''

''قال: من جر ثوبه''

یہاں پر ''ثوب'' کا لفظ عام ہے۔ یہ ازار اور رداء وغیرہ سب کو شامل ہے۔

''خیلاء'': خاء معجمہ کے ضمہ اور یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ خیلاء ، المخیلة، البطر، الکبر، الزهو اور التبختر سارے الفاظ متقارب فی المعنی ہیں۔

قوله: لم ینظر اللّٰه إلیه یوم القیامة:

یعنی اللہ تعالیٰ نہ اس پر رحم فرمائے گا اور نہ ہی اس کی طرف متوجہ ہوگا۔

تخریج: اسی طرح ائمہ اربعہ اور امام احمد بن حنبل نے بھی نقل کیا ہے۔

متکبر کی فوری پکڑ

۴۳۱۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِی الْاَرْضِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٦/٥١٥ الحدیث رقم ٣٤٨٥' والنسائی فی ٨/٢٠٦ الحدیث رقم ٥٣٢٦' وأحمد فی المسند ٢/٦٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص تکبر کی وجہ سے اپنے ازار کو گھسیٹتا جا رہا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کو زمین میں دھنسا دیا وہ قیامت تک دھنستا جائے گا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: بَیْنَمَا رَجُلٌ یَجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِی الْاَرْضِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ:

خسف به'' یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے اور باء تعدیہ کیلئے ہے اور ضمیر ''رجل'' کی طرف راجع ہے اور معنی اس کا یہ ہے کہ اس کو زمین میں داخل کر دیا گیا۔

''فهو یتجلجل'' یہ لفظ دوہرے جیم کے ساتھ ہے۔ یعنی اضطراب کی کیفیت کے ساتھ وہ حرکت کرتا رہے گا اور بار بار پہلو بدلتا رہے گا اور ''الجلجلة'' حرکت مع الصوت کو کہتے ہیں اور ''جلاجل'' بھی اسی سے ماخوذ ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اس زمین میں دھنستا رہے گا۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ اس میں یہ احتمال ہے کہ یہ شخص اس امت میں سے ہوگا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ عنقریب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسا واقعہ واقع ہوگا اور اس کا وقوع متحقق ہونے کی وجہ سے صیغہ ماضی کے ساتھ تعبیر کیا۔

دوسرا احتمال یہ بھی ہے کہ یہ پچھلی امتوں میں سے کسی امت کے کسی شخص کے بارے میں خبر دی ہو۔ یہی صحیح ہے اور اسی وجہ سے امام بخاری نے اس (حدیث) کو "باب ذکر بنی اسرائیل" میں داخل کیا ہے۔

سیاق حدیث اور ابہام رجل سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ شخص قارون کے علاوہ کوئی اور تھا۔

آگ میں جلنے والے ٹخنے

۴۳۱۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِی النَّارِ۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۲۵٦ الحدیث رقم ۵۷۸۷، والنسائی فی ۸/۲۰۷ الحدیث رقم ۵۳۳۰، وابن ماجه فی ۲/۱۱۸۳ الحدیث رقم ۳۵۷۳، وأحمد فی المسند ۲/٤٦۱۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو چیز ٹخنوں سے ازار کی قسم سے نیچی ہوگی وہ آگ میں جائے گی۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: أسفل لام کے فتحہ کے ساتھ ہے۔"ما نزل"

"فی النار" (یہاں جار مجرور کے درمیان میں مضاف محذوف ہے۔) ای صاحب الإزار۔ حاصل یہ ہے کہ اس قسم کی ازار پہننے والا شخص جہنم کی آگ میں ہوگا اس اسبال کی وجہ سے جو تکبر اور اختیال سے پیدا ہوا ہے۔

"من الإزار": یہ "ما" کیلئے بیان ہے۔ ای من إزار الرجل۔ اشرفؒ کہتے ہیں کہ "ما" موصول ہے اور اس کا صلہ محذوف ہے اور وہ "کان" ہے اور "اسفل" منصوب ہے کیونکہ "کان" کی خبر ہے۔ اسفل کا مرفوع ہونا بھی جائز ہے۔ ای "الذی هو اسفل" اور دونوں تقدیروں کی بناء پر یہ "افعل" (اسم تفصیل) ہوگا اور یہ بھی جائز ہے کہ اس کو فعل بنایا جائے اور یہ اپنے فاعل کے ساتھ مل کر صلہ ہوگا۔ ای "الذی سفل من الإزار من الكعبین"۔

امام سیوطیؒ کہتے ہیں کہ "ما" کا شرطیہ ہونا اور "اسفل" کا فعل ماضی ہونا درست ہے۔ اھ۔

اور یہی بات زیادہ واضح ہے۔ اور اس کے علاوہ ترکیب میں تکلف ہے جس کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور اس کی تائید "جامع الصغیر" کی روایت سے بھی ہوتی ہے کہ اس میں "ففی النار" کے الفاظ ہیں۔

امام خطابیؒ کہتے ہیں کہ اس میں دو جیہات ہیں: ایک توجیہہ یہ کہ "ما دون الكعبین من قدم صاحبه فی النار" پاؤں کا ٹخنے سے نیچے والا حصہ آگ میں ہوگا۔ اس کے فعل پر سزا اور عقوبت کی وجہ سے۔

دوسری توجیہہ یہ کہ اس کا یہ فعل آگ میں ہوگا۔ ای "هو معدود ومحسوب من افعال اهل النار"۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: کہ "إسبال" ازار قمیص اور عمامہ سب میں ہوتا ہے اور اگر اسبال کی وجہ سے ہو اور تحت الكعبین ہو تو ناجائز ہے۔ امام شافعیؒ نے صراحت کی کی ہے کہ یہ تحریم "خیلاء" کے ساتھ مخصوص ہے۔ کیونکہ احادیث کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظاہر اس پر دلالت کر رہا ہے۔ اگر اِسبال "خیلاء" کے طور پر ہو تو ممنوع ہے' ممنوع تحریمی ہے ورنہ تو ممنوع تنزیہی ہوگا۔
عورتوں کیلئے اسبال کے جواز پر اجماع ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح طور پر ثابت ہے: **"أذنلهن في ادخاء ذيولهن"**۔
البتہ قمیص اور ازار کے اطراف میں قدر مستحب یہ ہے کہ یہ نصف ساقین تک ہو اور کعبین تک جائز بلا کراہت ہے اور خلاصہ کلام یہ ہے کہ جو زائد از حاجت ہو اور لمبائی و چوڑائی میں زائد ہو' معتاد طریقے سے وہ پہننا مکروہ ہے۔ انتھی۔ ظاہر یہ ہے کہ "معتاد" میں اعتبار معتاد شرعی کا ہے نہ کہ معتاد عرفی کا۔

چنانچہ ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے: **انه ﷺ کا ن یلبس قمیصا قصیر الکمین و الطول** کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسی قمیص زیب تن فرماتے تھے جس کی لمبائی کم تھی اور آستین تنگ تھیں۔
ابن عساکر کی ایک روایت میں انہی (ابن عباس) سے مروی ہے: **کان یلبس قمیصافوق الکعبین مستوی الکمین بأطراف أصابعه** کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کعبین کے اوپر قمیص پہنتے تھے اور آستین انگلیوں کی اطراف تک تھیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ فصل ثانی میں اس معنی کی کئی احادیث آئیں گی۔

بائیں ہاتھ سے بلا مجبوری کھانے کی ممانعت

۴۳۱۵: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ یَّاْکُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ یَمْشِیَ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ وَاَنْ یَّشْتَمِلَ الصَّمَّآءَ اَوْ یَحْتَبِیَ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ کَاشِفًا عَنْ فَرْجِهٖ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۳/۱۶۶۱ الحديث رقم (۷۰-۲۰۹۹) ومالك في الموطأ ۲/۹۲۲ الحديث رقم ۵ من كتاب صفة النبي ﷺ وأحمد في المسند ۳/۲۹۳۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کو بائیں ہاتھ سے نہ کھانا چاہئے اسی طرح ایک جوتے میں چلنے سے منع فرمایا اور جسم پر کپڑے کو اس طرح لپیٹنے سے منع فرمایا کہ ہاتھ بھی اندر لپٹ جائیں یا ایک کپڑے میں گوٹھ مار کر بیٹھنے سے منع فرمایا جبکہ ستر کھلا ہو۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ یَّاْکُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ یَمْشِیَ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ:
اس نہی سے مراد نہی تنزیہی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ نہی تحریمی ہے۔
قوله: "او یمشی فی نعل واحدۃٍ": "یاکل" پر عطف ہے یا "او" تنویع کیلئے ہے۔
امام نوویؒ کہتے ہیں کیونکہ یہ وقار کے مخالف ہے اور اس لئے بھی کہ جس پاؤں میں جوتا پہنا ہوا ہو وہ پاؤں دوسرے پاؤں سے بلند ہوتا ہے اس طرح چلنا دشوار ہوتا ہے اور بسا اوقات آدمی اس کی وجہ سے گر جاتا ہے۔

قوله: وَاَنْ یَّشْتَمِلَ الصَّمَّآءَ اَوْ یَحْتَبِیَ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ کَاشِفًا عَنْ فَرْجِهٖ:
"الصماء": صاد مہملہ کے فتحہ' میم کی تشدید اور مدّ کے ساتھ ہے۔ ای نہی عن اللبسۃ الصماء اہل عرب کے ہاں 'صماء' سے مراد جسم کو ایک کپڑے کے ساتھ اس طرح باندھنا کہ کوئی جانب بھی مرفوع نہ ہو اور ہاتھ اس سے باہر نکلے ہوتے ہیں اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے منع اس لئے فرمایا گیا کہ یہ ''لابس'' کو مغلول (بندھا ہوا) کی طرح بنا دیتا ہے اور اس کو ''صماء'' اس لئے کہتے ہیں کہ یہ بھی تمام منافذ اور جگہوں کو بند کر دیتا ہے۔ جیسا کہ ''الصخرۃ الصماء'' ہوتا ہے۔ وہ چٹان کہ جس میں کوئی سوراخ نہیں ہوتا۔

علامہ ابن الہمامؒ فرماتے ہیں کہ نماز میں اشتمال صماء مکروہ ہے۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک کپڑے کے ساتھ اپنے سر کو اور پورے جسم کو ڈھانپ لیا جائے اور اپنے ہاتھوں کیلئے کوئی راستہ باہر کا نہ رکھا جائے اور کیا یہ عدم ازار کے ساتھ مشروط ہے؟۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ عدم ازار کے ساتھ مشروط ہے۔ جبکہ ان کے علاوہ علمائے کرامؒ فرماتے ہیں کہ عدم ازار کے ساتھ مشروط نہیں ہے۔

امام نوویؒ نے ''شرح مسلم'' میں لکھا ہے کہ فقہاء کرامؒ نے اس کی تعریف یہ کی ہے کہ **اشتمال علی ثوب واحد** یہ ہے کہ جسم پر اس کے علاوہ کوئی اور کپڑا نہ ہو۔ پھر اس کو ایک جانب سے اٹھا دے اور اس کو اپنے ایک کندھے پر رکھ لے اور اس کی حرمت کی وجہ یہ ہے کہ یہ اس سے ستر کا کچھ حصہ کھل جاتا ہے۔ حاصل کلام یہ ہوا کہ اگر کشف عورہ متحقق ہو تو حرام ہے، اور اگر کشف عورہ متحقق نہ ہو تو یہ مکروہ ہے۔ فرج سے مراد عورہ ہے۔

امام نوویؒ اور دوسرے علماء کرامؒ فرماتے ہیں کہ ''الاحتباء'' (بالمد) کی صورت یہ ہوتی ہے کہ آدمی اپنی رانوں کے بل بیٹھ جائے اور اپنی پنڈلیوں کو کھڑا کر لے اور پھر اس کو کسی کپڑے سے یا ہاتھ وغیرہ باندھ لے۔ مجالس میں بیٹھنے کی عرب کی عادت تھی۔ (انتھی) یہ نہی کشف عورہ کے ساتھ مقید ہے بصورت دیگر یہ جائز ہے۔ بلکہ غیر حالت صلوٰۃ میں یہ مستحب ہے۔

تخریج: ابوداؤد نے اس روایت کو اس طرح نقل کیا ہے: ''**نهى عن الصمآء والا حتباء في ثوبٍ واحدٍ**''

نسائی نے یوں روایت کیا ہے۔ ''**نهى أن يمس الرجل ذكره بيمينه وان يمشي في نعل واحدةٍ وان يشتمل الصمآء وان يحتبي في ثوب ليس علٰى فرجه منه شئٌ**''

''آپ ﷺ نے منع کیا ہے اس بات سے کہ آدمی اپنے ذکر کو داہنے ہاتھ سے چھوئے اور اس سے کہ وہ ایک جوتی میں چلے اور یہ کہ وہ اشتمال صماء کرے اور یہ کہ وہ اس کپڑے میں احتباء کرے کہ اس کی فرج پر کوئی کپڑا نہ ہو۔

ریشم پہننے والا آخرت کے ریشم سے محروم

۴۳۱۶۔۴۳۱۷۔۴۳۱۸۔۴۳۱۹: وَعَنْ عُمَرَ وَاَنَسٍ وَابْنِ الزُّبَیْرِ وَاَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِیْرَ فِی الدُّنْیَا لَمْ یَلْبَسْهُ فِی الْاٰخِرَةِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/ ٢٨٤ الحديث رقم ٥٨٣٢ عن انس و ٥٨٣٣ عن ابن ازبير و ٥٨٣٤ عن عمر ومسلم في ٣/ ١٦٤٥ الحديث رقم (٢١-٢٠٧٣) عن انس و في ٣/ ١٦٤١ الحديث رقم (١١-٢٠٦٩) عن عمر، وفي ٣/ ١٦٤٦ الحديث رقم (٢٢-٢٠٧٤)عن أبي أمامة-وابن ماجه عن انس في السنن ٢/ ١١٧٨ الحديث رقم ٣٥٨٨، وأحمد في المسند ٤/ ٥ عن ابن ازبير-

ترجمہ: حضرت عمرؓ، انسؓ، ابن زبیرؓ، ابوامامہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دُنیا میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ریشم پہنا وہ آخرت میں نہ پہنے گا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''وعن عمر و انس و ابن الزبیر و ابی امامة :''اس روایت میں دو احتمالات ہیں:

❶ یہ ایک ہی روایت ہے۔ ❷ اسناداً تو روایات متعددہ ہوں اُلبتہ متناً متحد ہوں۔

''من لبس الحریر فی الدنیا لم یلبسه فی الآخرة''

❶ محمول ہے اس شخص پر جو اس کو حلال سمجھ کر پہنے۔

❷ یہ زجر اور تہدید پر محمول ہے یا یہ دخول جنت کی ماقبل مدت پر محمول ہے۔ کیونکہ جنت میں اہل جنت کا لباس تو حریر ہی ہوگا۔

❸ حافظ سیوطیؒ نے فرمایا ہے کہ اکثر علماء نے اس کی تاویل یہ کی ہے کہ یہ شخص سابقین کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوگا اور اس تاویل کی تائید امام احمد کی روایت سے بھی ہوتی ہے جو حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے:''من لبس الحریر فی الدنیا البسه اللّٰه یوم القیامة ثوبا من نارٍ''۔

اور جامع صغیر میں ہے کہ اس کو امام احمد، شیخین، نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت انس سے روایت کیا ہے۔

دُنیا میں ریشم والا آخرت کے ریشم سے محروم

۴۳۲۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِى الدُّنْيَا مَنْ لَّا خَلَاقَ لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۲۸۵ الحدیث رقم ۵۸۳۵، ومسلم فی ۳/۱۶۳۹ الحدیث رقم (۷۔۲۰۶۸)

أبو داؤد فی السنن ۱/۱۴۹ الحدیث رقم ۱۰۷۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دنیا میں ریشم پہنا اس کا آخرت میں حصہ نہیں۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''لا خلاق له فی الآخرة : یعنی اس کیلئے مکمل حصہ اور نصیب نہیں ہوگا۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس کی دو توجیہات ہیں:

❶ آخرت میں اس کا کوئی حصہ ہوگا اور نہ وہاں کی نعمتوں میں کوئی حصہ ہوگا۔

❷ آخرۃ کے بارے میں اعتقاد میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

امام نوویؒ نے بھی اس سلسلہ میں دو قول ذکر کئے ہیں: ❶ آخرت میں اس کا کوئی حصہ اور نصیب نہیں ہوگا۔ ❷ جس کا کوئی دین نہ ہو۔ پہلے مطلب کی بناء پر یہ کفار پر محمول ہوگا اور دوسرے مطلب کی بناء پر یہ مسلم و کافر دونوں کو شامل ہوگا۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ جس نے دنیا میں ریشم پہنا' آخرت میں اس کا ریشم میں کوئی حصہ نہیں ہوگا' اس صورت میں یہ عدم دخول جنت سے کنایہ ہوگا۔ اس آیت کریمہ کی وجہ سے:﴿ولباسھم فیھا حریر﴾[الحج :۲۳] کافر کے حق میں تو یہ ٹھیک ہے' کیونکہ وہ جنت میں داخل ہوگا ہی نہیں اور مؤمن کے بارے میں یہ تغلیظ پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محمول ہوگا۔(انتھی) یا یہ کہ وہ ابتداءً جنت میں داخل نہیں ہوگا' تاوقتیکہ وہ آگ کا لباس نہ پہن لے اگر اللہ کی مشیئت یہی ہو۔
اور جامع صغیر میں ہے کہ امام احمد، شیخین، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے اس حدیث کو حضرت عمر سے نقل کیا ہے۔(انتھی)
اِس میں غور کرنا پڑے گا کہ یہ حدیث کس صحابی سے منقول ہے؟ حضرت عمرؓ سے یا ابن عمر سے۔ یا ابن عمر نے عمرؓ سے نقل کی ہے۔ (واللہ اعلم)۔

ریشم وسونے چاندی کے برتنوں کی ممانعت

۴۳۲۱: وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ نَشْرَبَ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ وَاَنْ نَّأْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ نَّجْلِسَ عَلَيْهِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/٢٩١ الحدیث رقم ٥٨٣٧' ومسلم فی ٣/١٦٣٧ الحدیث رقم (٤/٢٠٦٧)' وأبو داوٗد فی السنن ٤/١١٢ الحدیث رقم ٣٧٢٧' والترمذی فی ٤/٢٦٤ الحدیث رقم ١٨٧٨' وابن ماجه فی ٢/١١٣٠ الحدیث رقم ٣٤١٤' وأحمد فی المسند ٥/٣٩٧۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ان باتوں سے منع فرمایا: ① چاندی و سونے کے برتنوں میں پینے اور کھانے سے۔ ② ریشم پہننے سے خواہ وہ موٹا ہو یا باریک۔ ③ ریشم (کے گدے) پر بیٹھنے سے منع فرمایا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''دیباج'': دال کے کسرہ کے ساتھ ہے' اور فتحہ کے ساتھ بھی منقول ہے۔ دیباج ''ریشم'' کی ایک خاص قسم ہے۔ اس کی وجہ تخصیص یہ ہے کہ اس کا عدم دخول متوہم نہ ہو کیونکہ اعتبار مسمّٰی کا ہوتا ہے نہ کہ اسم کا۔ جیسا کہ ''الخمر'' کے بیان میں گزرا ہے۔ چونکہ سب کا حاصل ایک ہی ہے اس لئے ''ان نجلس علیه'' میں ضمیر راجع کو مفرد لایا گیا جو ''حریر'' کی طرف راجع ہے۔

قوله: ''وأن نجلس علیه'' یعنی ہم لوگ اور دیگر لوگ تمام احکام میں ہمارے تابع ہیں اور فتاویٰ قاضی خان میں ہے کہ ''حریر مصمت'' کا پہننا حرب وغیر حرب دونوں حالتوں میں حرام ہے اور جیسا کہ بالغ مرد کے حق میں مکروہ ہے اسی طرح یہ بچوں کیلئے بھی مکروہ ہے اور اس کا گناہ اس شخص پر ہوگا جس نے بچہ کو پہنایا ہو۔
امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ حرب (جنگ) میں لبس حریر میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر کسی کپڑے کا تانا غیر حریر کا ہو اور بانا حریر کا ہو تو غیر حرب میں تینوں کے نزدیک مکروہ ہے۔ حرب میں اس کا پہننا جائز ہے اور اگر اس کا بانا حریر کا ہو اور تانا غیر حریر ہو تو ہر حال میں اس کا لبس حرام ہے تینوں کے نزدیک۔ امام ابوحنیفہؒ کہتے ہیں کہ افتراش حریر و دیباج اور ان پر سونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اسی طرح وسائد مرافق بسط اور سور اگر حریر یا دیباج کے ہوں بشرطیکہ اس میں تصویریں نہ ہوں جبکہ امام ابویوسف و امام محمد کے ہاں یہ سب مکروہ ہیں۔(انتھی)
- حاصل کلام یہ ہوا کہ حدیث میں نہی صاحبینؒ کے ہاں تحریم پر محمول ہے' جبکہ امام ابوحنیفہؒ کے ہاں کراہت تنزیہ پر محمول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔جیسا کہ اس قول میں اشارہ کیا ہے: ''لا بأس' فإن الورع من يدع مالا بأس به مخافة ان يكون به بأس'' دراصل یہ اس حدیث مشہور کی طرف اشارہ ہے: ''دع ما يريبك الى مالا يريبك'' اور امام ابوحنیفہؒ کو اس نہی کے نہی تحریم ہونے پر کوئی دلیل قطعی نہیں ملی' اور لبس حریر کے بارے میں جو نصوص ہیں' وہ اس کی قطعیت پر مشتمل نہیں ہیں۔کیونکہ کسی چیز کے اوپر ''بیٹھنے'' پر لبس کا اطلاق نہیں کیا جاتا' پس اس لئے انہوں نے تنزیہ کا حکم لگایا اور یہ امام صاحب کے ورع فتوی کا ایک مظہر ہے اور ان کا تقوٰی پر عمل تو بہت ہی مشہور ہے اور ان کے مناقب میں مذکور ہے۔جس کا احصاء نہیں کیا جا سکتا۔

ریشمی کپڑا عورتوں کے لئے درست ہے

۴۳۲۲: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ حُلَّةٌ سِيَرَاءُ فَبَعَثَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَعَرَفْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتُشَقِّقَهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَآءِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۲۲۹/۵ الحديث رقم ۲۶۱۴' ومسلم فى ۱۶۴۴/۳ الحديث رقم (۱۰۷۔۲۰۷۱)' والنسائى فى ۱۹۷/۸ الحديث رقم ۵۲۹۸' وابن ماجه فى ۱۱۸۹ الحديث رقم ۳۵۹۶۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے لئے ایک جوڑا بھیجا گیا جس میں تہہ بند اور خطوط والی ریشمی چادر تو آپ ﷺ نے اسے میری طرف بھیج دیا تو میں نے اسے پہن لیا تو میں نے آپ ﷺ کے چہرہ پر غصہ کے آثار پائے۔آپ ﷺ نے فرمایا میں نے یہ اس لئے تیری طرف نہ بھیجا تھا کہ تو اسے پہن لے میں نے اس لئے بھیجا تھا کہ عورتوں کے درمیان اس کو پھاڑ کر اوڑھنی کے لئے تقسیم کر دو۔

تشریح: ''اهديت لرسول اللهﷺ'' یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

''حلة'' تنوین کے ساتھ ہے۔عام طور پر یہ ازار اور رداء پر مشتمل ہوتا ہے اور بعض دفعہ جیوں کہ اس کو منون پڑھا جاتا ہے۔اسی لئے اس کی صفت لائی گئی ہے۔

''سیراء: اس کو مفرد لایا گیا کیونکہ اس کے موصوف کے لفظ کا اعتبار کیا ہے اور بعض نسخ میں اضافت کے ساتھ بھی منقول ہے۔''سیراء'' سین مہملہ کے کسرہ: یائے تحتیہ کے فتحہ' راء اور الف ممدودہ کے ساتھ۔اس چادر میں حریر ملا ہوا ہوتا ہے۔بعض نے کہا ہے کہ یہ خالص حریر کی ہوتی ہے اور یہ قول زیادہ اشبہ ہے کہ جو بعض روایات مسلم میں آیا ''ملة من ديباج'' ہے۔اور ایک دوسری میں ''من سندسٍ'' ہے اور اس لئے بھی کہ یہی تو حرام ہے اور ریشم وغیرہ سے مخلوط کپڑے کے بارے میں تو کلام گزر چکا ہے۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں۔کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کپڑے کو میری طرف بھیجا۔تو میں اس کو پہن کر آپ ﷺ کے پاس آیا۔میں نے آپ ﷺ کے چہرے مبارک پر غصہ کے اثرات دیکھے اور وجہ اس کی یہ تھی وہ کپڑا سارے کا سارا ریشم سے بنا ہوا تھا۔یا اس میں زیادہ تر ریشم تھا۔اس لئے کہ حضرت علیؓ نے یہ غور نہیں کیا کہ یہ متقین کا لباس نہیں۔حالانکہ ان کو اس میں غور و فکر کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نا چاہیے تھا اور تقسیم کر دینا چاہیے تھا۔

پس حضرت علیؓ نے اس طرف توجہ نہ فرمائی اور اس کو اس بناء پر پہن لیا کہ اگر ان کیلئے اس کا پہننا جائز نہ ہوتا' تو آپ ﷺ ان کے پاس یہ کپڑا کیوں بھیجتے۔ اس پر آپؐ کو غصہ آیا۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے اس کو تیرے پاس اس لئے نہیں بھیجا تھا کہ تم اس کو پہن لو بلکہ اس لئے بھیجا تھا تا کہ تم اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔

''خمرًا'': خاء اور میم دونوں کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ''خمار'' (بکسر الخاء) کی جمع ہے۔ خمار ''اوڑھنی'' کو کہتے ہیں اور اس کو منصوب ''حالیت'' کی بناء پر پڑھا ہے۔ جیسا کہ یہ قول ہے۔ ''خطته قميصًا''۔

''بين النسآء'': اس میں احتمال ہے کہ یہ ضمیر منصوب سے حال ہو۔ یا ''خمرًا'' کیلئے صفت ہو۔ علی ماذکرہ (طیبیؒ) معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہوگی: لتقطعها قطعة قطعة كل قطعة قدر خمار وتقسمها بين النساء: تا کہ تم اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔ ہر ٹکڑا اوڑھنی کے برابر ہو' اور تم اس کو عورتوں کے درمیان تقسیم کر دو۔

ایک روایت میں ہے: ''بين الفواطم''۔ اس سے مراد فاطمہ الزہراء بتول بنت رسول اللہ ﷺ ہے۔ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم جو کہ حضرت علیؓ' جعفرؓ اور عقیل وطالب کی والدہ ہیں یہ پہلی ہاشمیہ تھی جنہوں نے کسی ہاشمی کو جنا تھا اور تیسری عورت فاطمہؓ اسماء بنت حمزہ کی والدہ تھی۔

مرد کے لئے ریشمی پٹی کی اجازت

۴۳۲۳: وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ نَهٰى عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا هٰكَذَا وَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةَ وَضَمَّهُمَا۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٢٨٤ الحديث رقم ٥٨٢٩، ومسلم في ٣/١٦٤٢ الحديث رقم (١٢-٢٠٦٩)

ترجمہ: حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ریشم پہننے سے منع فرمایا مگر اتنی مقدار جو دو انگشت کی مقدار ہو۔ آپ نے (اس کی وضاحت کے لئے) دو انگلیاں وسطیٰ وسبابہ اٹھائیں اور ان دونوں کو ملایا کہ اتنی مقدار لباس میں ہو تو مباح ہے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''أصبعيه: الوسطى والسبابة: ''وسطیٰ'' بدل ہے۔ یا ''اصبعیه'' کیلئے بیان ہے۔

ایک نسخہ صحیحہ میں ''وسطی'' کا ذکر ''سبابة'' پر مقدم ہے۔ ''ضمهما'' کا عطف ''رفع'' پر ہے اور وہ بتقدیر ''قد'' حال ہے اور معنی میں یہ ''هٰكذا'' کیلئے عطف بیان ہے۔

۴۳۲۴: وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اَنَّهٗ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا مَوْضِعَ اِصْبَعَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ اَوْ اَرْبَعٍ۔

أخرجه في صحيحه ٣/١٦٤٣ الحديث رقم (١٥-٢٠٦٩)، وأبو داوٗد في السنن ٤/٣٠٢١ الحديث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۰۴۲، والترمذی فی ۴/ ۱۹۰ الحدیث رقم ۱۷۲۱۔

ترجمہ: مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے جابیہ (شام کا شہر) میں خطبہ دیا اور فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم پہننے سے منع فرمایا مگر دو انگلیوں یا تین یا چار انگشت کی مقدار۔

تشریح: ''جابیة'': جیم اور بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

فقال: نهى رسول اللّٰه ﷺ عن لبس الحرير الا موضع اصبعين:

اس روایت سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ کپڑے میں ریشم کی مقدار کی نشانی لگانا جب تین یا چار انگلیوں کی مقدار سے زائد نہ ہو۔ تو جائز ہے اور یہی جمہور علماء کا مسلک مختار ہے۔

قاضی خان نے بشر عن ابی یوسف عن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہما۔ روایت نقل کی ہے کہ کپڑے میں ریشم کے کپڑے کی نشانی لگوانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جب چار انگلیوں سے زائد نہ ہو' اور اس میں کوئی اختلاف منقول نہیں ہے اور شمس الائمہ سرخسیؒ نے ''السیر'' میں ذکر کیا ہے کہ نشانی کے کپڑے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ وہ تابع ہے۔ لہٰذا اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔) انتہی اور شاید عدم تقدیر کا سبب ارباب شرع کے ہاں اس کی مقدار کے مشہور معروف ہونے کی وجہ سے ہو۔

طیلسانی وکروانی جبہ کا استعمال

۴۳۲۵: وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّهَا اَخْرَجَتْ جُبَّةً طَيَالِسَةً كِسْرَوَانِيَّةً لَهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ وَفُرْجَيْهَا مَكْفُوْفَيْنِ بِالدِّيْبَاجِ وَقَالَتْ هٰذِهٖ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا كَانَ النَّبِیُّ ﷺ يَلْبَسُهَا وَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى نَسْتَشْفِیْ بِهَا۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/ ۱۶۳۱ الحدیث رقم (۱۰ـ ۲۰۶۹) وأبو داؤد فی ۳/ ۳۲۸ الحدیث رقم ۴۰۵۴۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک طلسانی کروانی جبہ نکالا اس میں ریشمی ٹکڑا گریبان پر سلا ہوا تھا یعنی بطور سنجاف سلا ہوا تھا اور میں نے دونوں کشادگیوں کو دیکھا کہ ان کے ساتھ بھی ریشمی کپڑا سلا ہوا تھا۔ حضرت اسماء کہنے لگیں یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ جبہ ہے جو عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھا ان کی وفات پر میں نے ان سے لیا یعنی یہ مجھے میراث میں ملا ہے۔ کیونکہ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بہن تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کبھی کبھی پہنتے تھے۔ ہم اس کو پانی میں دھو کر بیماروں کو امراض (سے شفا کی خاطر) اس کا پانی پلاتے ہیں۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''جبة''۔ ''طيالسة'': اضافت کے ساتھ ہے۔ جبکہ دوسرے نسخہ میں موصوف صفت ہے۔ ا''طیالسہ'' ''لام'' کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ یہ ''طیلسان'' بفتح اللام کی جمع ہے۔ ''المغرب'' کے مطابق یہ ''تالسان'' سے معرب ہے۔ یہ دراصل عجم کا لباس ہے۔ جو کالے رنگ کا اور گول ہوتا ہے اور ''جمع التفاریق'' میں ہے کہ ''طیالسہ'' اس کپڑے کو کہتے ہیں کہ جس کا تانا اور بانا دونوں صوف کے ہوں اور ''جبة'' میں تاء وحدت کیلئے ہے۔ گویا کہ یوں کہا گیا ہے: ''جبة صوف سوداء''۔ یہ امام نوویؒ کے کلام کا خلاصہ ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس توجیہہ کے مطابق اضافة بیانیہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''کسروانیۃ'' یہ بکسرا لکاف ہے اور فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ ''کسریٰ'' کی طرف منسوب ہے جو کہ ''فارس'' کا بادشاہ تھا۔ ''کسروان'' میں الف نون زائدتین ہیں۔ یہ منصوب ہے ''جبۃ'' کی صفت ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ ''کسروانیۃ مجرور ہے۔'' ''طیالسۃ'' کی صفت ہے یہ تقریر اضافت کی تقدیر پر ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس میں کوئی ''حشو'' نہیں ہوتا کیونکہ اس کا ظاہر صوف سے بنا ہوتا ہے اور ایک روایت مشہورہ کے مطابق اس کی اضافت ''طیالسۃ'' کی طرف ہے اور اس کی تفسیر ''الخلق'' کے ساتھ بیان کی گئی ہے۔ گویا کہ اضافۃ الی الطیالسۃ ''خلق'' سے کنایہ ہے۔ کیونکہ ''صاحب خلق'' طیالسہ نہیں پہنے گا مگر طبلسان کے ساتھ ہے۔ تا کہ پھٹے ہوئے حصہ کو چھپا سکے۔

''لھالبنۃ دیباج'' ''ھاء'' ضمیر ''جبۃ'' کی طرف راجع ہے۔ ''لبنۃ'' یہ اس کپڑے کو کہتے ہیں جو کہ قمیص کے جیب میں رکھا جاتا ہے۔ اور بعض کے ہاں اس کپڑے کو کہتے ہیں۔ جو بغل کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

''فرجیھا'': ''فاء'' کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ جبکہ اکثر نسخوں میں ''بفتح الفاء'' ہے اور مراد یہ ہے کہ اس کپڑے میں دو شقیں تھیں۔ ایک شق پیچھے کی جانب سے اور ایک اگلی جانب سے۔

''مکفوفین بالدیباج'' جس کو ریشم کے ساتھ سیا گیا تھا اور معنی یہ ہوگا کہ اس کی ہر شق کی ایک طرف اوپر سے نیچے تک ایک قطعہ سیا جاتا ہے اور ''مصابیح'' کے شارح کہتے ہیں کہ جس کے ہر دو جانب ریشم کے ساتھ سیئے گئے تھے۔

''الکف'' کا معنی ہے ''عطف اطراف الثوب'' کہا جاتا ہے: ''ثوب مکففٌ'' ای مرقع جیبہ وأطراف کمیہ بشئی من الدیباج،

''فرجیھا'' فعل محذوف ''وجدت'' کی بناء پر منصوب ہے۔ مشہور روایت اس کے رفع کے ساتھ منقول ہے۔

مذکورہ روایت اور عمران بن حصینؓ سے منقول روایت: ''ولا ألبس القمیص المکفف بالحریر'' میں تطبیق کی صورت یہ ہے کہ انہوں نے کراہت کی بناء پر یہ کہہ دیا کہ ''لا ألبس القمیص المکفف'' کیونکہ اس کی وجہ سے اس کپڑے میں ترفہ اور تجمل بڑھ جاتا ہے۔ جبکہ ''جبۃ مکفوفہ'' میں ایسی کوئی علت نہیں ہے۔ اھ۔

اور شاید مذہب میں قول ضعیف کا ماخذ ہے۔ کہ لبس حریر تو اس وقت حرام ہے جب اس کا اتصال بدن کے ساتھ ہو دونوں کے درمیان کوئی فصل نہ ہو۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ ''وفرجیھا مکفوفین'' اسی طرح تمام ''اصول'' میں وارد ہے اور یہ دونوں افعال محذوفہ کی وجہ سے منصوب ہیں۔ ای ''رأیت'' اور ان کی موافقت علامہ قاضی عیاضؒ نے بھی کی ہے اور پھر فرمایا کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ''جبۃ مکفوفہ'' کو نکالنا' اس سے مقصود اس بات کا بیان تھا' کہ یہ اس وقت جائز ہے' جب یہ ''اضابع أربع'' سے زائد نہ ہو۔ اھ۔ اس پر اشکال کی بات یہ ہے کہ ''جبۃ'' میں حریر کی مذکورہ مقدار غیر مبین اور غیر واضح ہیں۔ تو ''معلوم من الخارج'' پر محمول کیا جائے گا۔ ورنہ اگر اس مقدار سے معمولی سا زائد بھی ہو جائے تو پھر ہم اس کے جواز کا کہیں گے۔ اگر چہ قصد مذکور اس میں بھی محتمل ہے۔

''وقالت'': اس کا عطف ''أخرجت'' پر ہے اور ایک نسخہ صحیح میں ''فقالت'' آیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ:ھذہ جبة رسول اللّٰهﷺ كانت عند عائشةؓ :اور شاید یہ آپ ﷺ کو حضرت عائشہؓ کی جانب سے ہدیہ میں ملا ہو۔ کیونکہ انبیاء کرام کے مال میں وراثت نہیں چلتی۔ جب حضرت عائشہؓ وفات پاگئیں تو حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق نے بطور میراث کے لے لیا' چونکہ یہ آپؓ کی ہمشیرہ تھیں اور آپ ﷺ بھی اس کو کبھی کبھار پہنتے تھے۔

قولہ:''فنحن نغسلها للمرضٰی'':ہم مریضوں کو اس کپڑے کا دھویا ہوا پانی پلاتے تھے۔کیونکہ ہم اس پانی سے شفاء حاصل کرتے تھے۔یا جبۃ سے شفاء حاصل کرتے تھے۔اس طور پر کہ اس مریض کے سر اور آنکھوں پر رکھ دیتے تھے۔وہ اس کو ہاتھوں سے چھوکر اور لبوں سے چوم کر اس سے تبرک حاصل کرتے تھے۔ واللہ اعلم

مریض کے لئے ریشم کی اجازت

۴۳۲۶:وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِلزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فِيْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِحِكَّةٍ بِهِمَا (متفق عليه وفي رواية لمسلم) قَالَ اِنَّهُمَا شَكَوَا الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا فِيْ قُمُصِ الْحَرِيْرِ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۹۵/۱۰ الحدیث رقم ۵۸۳۹' ومسلم فی۱٦٤٦/۳ الحدیث رقم (۲۵۔۲۰۷٦)' وأبو داؤد فی السنن ۳۲۹/٤ الحدیث رقم ٤۰۵٦' والترمذی فی ۱۹۰/٤ الحدیث رقم ۱۷۲۲' والنسائی فی ۲۰۲/۸ الحدیث رقم ۵۳۱۰' وابن ماجه فی ۱۱۸۸/۲ الحدیث رقم ۳۵۹۲' وأحمد فی المسند ۱۲۲/۳۔

ترجمہ:حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت زبیر اور عبدالرحمان بن عوفؓ کو ریشم پہننے کی اجازت دی کیونکہ ان کو خارش تھی جو جوؤں کی وجہ سے تھی جیسا کہ اگلی روایت میں ہے۔اس کو بخاری ومسلم نے نقل کیا ہے۔مسلم کی ایک روایت اس طرح ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ان دونوں حضرات نے جوؤں کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ان کو ریشم کی قمیص پہننے کی اجازت دی۔

تشریح: ''حکة'':''حاء'' کے کسرہ اور کاف کی تشدید کے ساتھ ہے۔خارش کی بیماری کو کہتے ہیں۔اس میں احتمال ہے کہ یہ اجازت جوؤں کی وجہ سے دی ہو۔لہٰذا اس مذکورہ روایت اور اگلی روایت میں کوئی منافات نہیں۔اگرچہ ان دونوں روایتوں میں اجتماعاً وافتراقاً جمع ممکن ہے۔

ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث سے خارش کی وجہ سے ریشم پہننے کا جواز مل رہا ہے۔جبکہ ان کے علاوہ کچھ دوسرے علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ''لبس الحرير لعذرٍ'' کے جواز پر دال ہے۔البتہ ضرورت کی وجہ سے اس کا لبس' جیسا کہ خارش میں یا دفع قمل کیلئے تو اس میں کوئی نزاع نہیں ہے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ موضع ضرورت میں لبس حریر جائز ہے۔جیسا کہ اس وقت جائز ہے کہ جب اچانک لڑائی چھڑ جائے یا گرمی وسردی کی بناء پر انسان کو اس کی ضرورت پڑ جائے۔تو حاجت کی بناء پر یہ جائز ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبکہ بعض لوگوں کے ہاں اس وقت جائز نہیں ہے، لیکن یہ قول منکر ہے اور سفر میں دفع قمل کیلئے لبس حریر جائز ہے اور اسی طرح ان ضروریات کیلئے حضر میں بھی اس کا جواز منقول ہے۔

''انهما شکوا'': ''شکوا'' ''شکیا'' سے افصح ہے اور القاموس میں ہے کہ ''شکوت'' میں ایک لغت ''شکیت'' ہے۔

''فرخص لهما فی قمص الحریر'': قمص: قاف اور میم کے ضمہ کے ساتھ ''قمیص'' کی جمع ہے اور اضافت بیانیہ ہے اور اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ مقصود ہے کہ فوق القمیص لبس حریر جائز نہیں ہے اور یہی جمہور کا مسلک ہے۔

کسم سے رنگے کپڑے مردوں کو جائز نہیں

۴۳۲۷: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ مِنْ ثِيَابِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهُمَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قُلْتُ اَغْسِلُهُمَا قَالَ بَلْ اَحْرِقْهُمَا (رواه مسلم وسنذكر حديث عائشة خرج النبی ﷺ ذات غداة فی باب مناقب اهل بيت النبی ﷺ)۔

أخرجه مسلم فی صحيحه ۱۶۴۷/۳ الحديث رقم (۲۷-۲۰۷۷)، والنسائی فی السنن ۲۰۳/۸ الحديث رقم ۵۳۱۶، وأحمد فی المسند ۱۶۲/۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے کسم سے رنگے ہوئے کپڑوں میں ملبوس دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا یہ کفار کے کپڑوں میں سے ہے جو حلال وحرام میں تمیز نہیں کرتے اور نہ ہی مردوں عورتوں کے لباس میں تمیز کرتے ہیں ان کو مت پہنو میں نے کہا کیا میں ان کو دھو ڈالوں آپ نے فرمایا ان کو جلا دو یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''معصفرین'' کا مطلب یہ ہے کہ وہ کپڑے پیلے رنگ سے رنگے گئے تھے۔

ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ ''منهی عنه'' اصل میں وہ کپڑا ہے جس کو بُننے کے بعد رنگا گیا ہو۔ ہاں اگر کاتا ہوا دھاگہ رنگ کر بُن لیا جائے تو وہ ''منهی عنه'' نہیں ہے اور اس کی کوئی بو بھی نہ ہو۔ تو یہ پھر بعض کے نزدیک اس میں رخصت ہے۔ (انتھی) اس کی تفصیل وتتمہ آئے گا۔

''فقال ان هذه'' یہ اشارہ ثوب معصفر کی جنس کی طرف ہے۔

''من ثیاب الکفار'' یعنی وہ لوگ نہ حلال حرام میں تمیز کرتے ہیں۔ اور نہ مرد وزن کے لباس میں فرق کرتے ہیں۔

''فلا تلبسها'': ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مردوں کو یہ کپڑا پہننے سے منع کر دیا کیونکہ اس میں ''تشبه بالنّسآء'' ہے۔

''قلت اغسلها'': یعنی تاکہ اس کی بو جاتی رہے اور اس کی خوشنمائی جاتی رہے اور اس کے شروع میں ہمزہ استفہام مقدر ہے۔

''قال: بل احرقهما'' یہ امر تغلیظ کیلئے ہے۔ ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ''غسل'' کی اجازت نہیں دی کیونکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ کپڑا اگر چہ مردوں کیلئے مکروہ ہے لیکن عورتوں کیلئے مکروہ نہیں ہے۔لہٰذا اس کے غسل میں ضیاع ہے (وقت کا بھی اور مال کا بھی) اھ۔یہ بعض لوگوں کے اس قول پر محمول ہے کہ کراہت میں اعتبار رنگ کا نہیں ہے بلکہ رائحۃ کا ہے۔لیکن صحیح بات یہ ہے کہ کراہت اون کی وجہ سے ہے اور وہ دھونے سے ختم نہیں ہوسکتی۔

اور اس میں ضیاع نہیں ہے۔''فتاویٰ قاضی خاں'' میں ہے کہ مرد کیلئے یہ مکروہ ہے کہ وہ عصفر زعفران اور اس کے ساتھ رنگے ہوئے کپڑے پہنے۔

قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ''إحراق'' سے مراد آپ ﷺ کی یہ تھی کہ ان دونوں کپڑوں کو فناء کردو' چاہے بیع کے ذریعہ ہو یا ھبہ کے ذریعہ ہو اور شاید مبالغہ کیلئے اور''نکیر'' میں تشدید کیلئے اس کو مستعار لیا ہو اور دھوڈالنے کی اجازت آپ ﷺ نے نہیں دی' کیونکہ اگر چہ یہ مردوں کیلئے مکروہ ہے' لیکن عورتوں کیلئے تو مکروہ نہیں ہے۔لہٰذا دھوڈالنے میں اس کا ضیاع اور مال کا اتلاف ہوگا اور اس تاویل پر یہ روایت بھی دال ہے:''**انه اتی اهله وهم یسجرون التنور فقذفها فیه**'' پھر جب اگلا دن ہوا تو وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان سے کہا، کہ اے عبداللہ! آپ نے کیا کیا؟ تو انہوں نے بتلایا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا:''**افلا کسوتهما بعض اهلك فإنه لا باس بهما للنسآء**'' آپ نے وہ کپڑا اپنے اہل خانہ میں سے کسی عورت کو کیوں نہیں پہنا دیا۔کیونکہ عورتوں کیلئے اس میں کوئی حرج نہیں ہے''۔

میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ یہ بات محل نظر ہے کہ یہ حدیث اس تاویل پر دال ہے۔

پھر فرماتے ہیں: جو کچھ عبداللہ نے کیا یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے آپ ﷺ کی اس کراہت شدیدہ کو دیکھا۔یا فہم ظاہر کی وجہ سے' یا ان کو اس کی عمومی کراہت کا وہم ہوا۔اس لئے اس کو جلا ڈالا۔اھ۔

اور آخری احتمال پر اس کو محمول کرنا اولیٰ ہے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ عصفر کے ساتھ رنگ کے کپڑوں میں علماء کا اختلاف ہے۔جمہور علماء صحابہ وتابعین اس کی اباحت کے قائل ہیں اور یہی امام شافعی ابوحنیفہ اور امام مالک فرماتے ہیں۔لیکن یہ بھی کہا ہے کہ اس کے علاوہ کپڑا اس سے افضل ہے۔

علماء کی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ یہ مکروہ تنزیہی ہے' اور نہی کو اس تنزیہ پر محمول کیا ہے۔کیونکہ یہ بات ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے سرخ حلہ زیب تن فرمایا ہے لیکن میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کے ہاں یہ مؤول ہے، کہ اس میں دراصل سرخ رنگ کے دھاگے کی لکیریں تھیں۔جیسا کہ یمانی چادروں میں ہوتا ہے اور عنقریب وہ احادیث بھی آئیں گی۔جو سرخ رنگ کی تحریم پر دلالت کر رہی ہیں۔(امام نووی) نے فرمایا: اور''صحیحین'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:**قال رأیت رسول الله ﷺ یصبغ بالعصفر** فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ''عصفر'' کے ساتھ کپڑے رنگ رہے تھے''۔میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ اس روایت سے مردوں کیلئے ثوب معصفر کی حلت کا کوئی جواز نہیں نکلتا ہے۔

پھر فرماتے ہیں کہ امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ یہ نہی''**ما صبغ بعد النسج**'' کی طرف منصرف ہے۔ادورا گر دھاگے کو رنگ کر اس کی بنائی کی جائے تو وہ کپڑا اس نہی میں داخل نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ اس کیلئے خارجی دلیل کی ضرورت ہے۔
کہتے ہیں کہ بعض لوگوں نے اس کو حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والے پر محمول کیا ہے۔ تا کہ یہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث کے موافق ہو جائے: ''نهى المحرم ان يلبس ثوبا مسه زعفران او ورس''۔
''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم کو وہ کپڑا پہننے سے منع فرمایا' جس کو زعفران یا ورس نے چھوا ہو'۔
میں (ملا قاری) کہتا ہوں کہ اس کی حرمت بھی غسل کے ساتھ مرتفع ہو جاتی ہے' یعنی اس حد تک دھویا جائے کہ اس کی بو ختم ہو جائے اور اس کے باقی ہوتے ہوئے اس میں مرد وعورتیں برابر ہیں۔
فرماتے ہیں: امام بیہقیؒ نے اس مسئلہ کو اپنی کتاب ''معرفۃ السنن'' میں بیان کیا ہے کہ امام شافعیؒ نے آدمی کو زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے سے منع فرمایا اور معصفر کپڑے کی اجازت دی ہے۔ پھر (امام شافعیؒ) نے فرمایا کہ ''معصفر'' کی میں نے اجازت اس لئے دی کیونکہ میں نے کسی کو بھی نہیں پایا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کچھ حکایت کرتا ہو۔ سوائے اس حدیث کے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے: ''نهانى ولا اقول نهاكم'' یعنی مجھے منع کر دیا اور میں یہ نہیں کہتا کہ تم کو بھی منع فرمایا ہے''۔
امام بیہقی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کئی ایسی احادیث ہیں جو ''نهى على العموم'' پر دال ہیں۔ پھر انہوں نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو بھی ذکر کیا ہے۔ پھر اس کے علاوہ دوسری کچھ احادیث ذکر کی ہیں۔ پھر فرمایا کہ اگر یہ احادیث امام شافعیؒ کو پہنچ جاتیں تو وہ اس سے منع کر دیتے۔ پھر اپنی سند کے ساتھ امام شافعیؒ کے اس قول صحیح کو بھی ذکر کر دیا کہ انہوں نے فرمایا۔ ''اذا صح حديث النبى ﷺ خلاف قولى فاعملوا بالحديث ودعوا قولى فهو مذهبى'' جب میرے قول کے خلاف کوئی حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحت کے ساتھ ثابت ہو جائے تو تم حدیث پر عمل کرو اور میرے قول کو چھوڑ دو۔ یہی میرا مذہب ہے۔
میں کہتا ہوں: ہر مسلم (مسلمان) کا مسلک یہی ہونا چاہیے۔
فرمایا جہاں تک ''إحرقهما'' کی بات ہے تو بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ عقوبت وتغلیظ ہے۔ تا کہ ان کو اور دوسروں کو اس قسم کے فعل سے زجر ہو اور اس کی نظیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ہے جو آپؐ نے اس عورت کو کہ جس نے اونٹنی پر لعنت کی تھی: فأرسلها کہ اس کو کھلا چھوڑ دو' یعنی اس کو قافلہ سے نکال دو۔
''جامع الصغیر'' میں خطیب کی جو روایت ہے' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے: كان له ﷺ ملحفة مصوغة بالورس والزعفراب يدور بها على نسائه 'فاذا كانت ليلة هذه رشتها بالماء واذا كانت ليلة هذه رشتها۔ کہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک چادر تھی جو ورس اور زعفران سے رنگی ہوئی تھی۔ اس کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورتوں کے پاس باری باری جاتے رہتے تھے۔ جب اس زوجہ کی باری آتی تو پانی سے دھوا ڈالتے اور جب اس بیوی کی باری آتی تو پانی سے دھوڈالتے۔
اگر یہ روایت صحیح ہو تو پھر یہ اس پر محمول ہے کہ وہ زوجہ اس میں لپٹ جاتی تھیں۔ یا وہ بیوی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بچھا دیتی تھیں یا دونوں کیلئے بچھائی جاتی تھی۔ یا یہ حالت وہیئت مستثنیٰ ہے۔ یا یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے۔ (واللہ اعلم)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

قمیص کی پسندیدگی

۴۳۲۸: عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْقَمِيْصَ ـ

(رواه الترمذی وابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٣١٢ الحديث رقم ٤٠٢٥، والترمذی فی ٤/ ٢٠٨ الحديث رقم ١٧٦٢ـ

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑوں میں سے قمیص بہت محبوب تھا۔ یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:قالت :کان احب الثیاب إلی رسول اللّٰہ ﷺ القمیص :

''الثیاب'': میں رفع ونصب دونوں قول ہیں۔ البتہ رفع کا قول اظہر واشہر ہے اور اسی وجہ سے اس کو مؤخر نہیں کیا ''ثوب'' اصل میں وہ چیز ہے جس کے ساتھ انسان اپنے آپ کو چھپاتا ہے چاہے وہ سلا ہوا ہو یا ان سلا ہو۔ اس کی جمع ''ثیاب'' آتی ہے۔ (''ثیاب'' اصل میں ثواب تھا) ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے واؤ کو یاء سے بدل دیا۔

احب ''آفعل'': کے وزن پر مفعول کے معنی میں ہے۔ زیادہ فضیلت وشرف والے کپڑے۔

''القمیص'': اس میں رفع ونصب دونوں جائز ہیں۔ پہلی صورت میں یہ ''کان'' کا اسم ہوگا۔ جبکہ دوسری صورت میں ''کان'' کی خبر ہوگی۔ یا اس کے برعکس ہوگا اور ''قمیص'' وہ سلا ہوا کپڑا جس کو انسان پہنتا ہے جس کا ایک گریبان اور دو آستینیں ہوتی ہے۔ میرکؒ نے ''شرح الشمائل'' میں کہا ہے کہ قمیص منصوب ہے اور یہی روایت میں مشہور ہے اور اسم ہونے کی بناء پر اس کا رفع بھی جائز ہے اور ''احب'' خبریت کی بناء پر منصوب ہوگا۔

ان کے علاوہ دوسرے شراح کہتے ہیں کہ یہ دو (علیحدہ علیحدہ) روایتیں ہیں۔ حنفیؒ کہتے ہیں کہ اس میں راز یہ ہے کہ اگر مقصود ''احب'' کی تعیین ہو تو ''قمیص'' اس کی خبر ہوگی اور اگر مقصود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کی حالت کا بیان ہو تو پھر یہ اس کا اسم ہوگا۔

اور عصامؒ نے اس کو ترجیح دی ہے' کہ جب وصف ہے تو یہ حکم بننے کے زیادہ لائق ہے۔ البتہ اس کی ترجیح کہ یہ اس باب اور مقام کے زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ یہ اس لئے منعقد ہے تاکہ احوال لباس کا اثبات ہو جائے تو اس وقت ''قمیص'' کو موضوع بنایا جائے گا اور اثبات حال اس کے عکس سے زیادہ انسب ہے۔ تو ایسا نہیں ہے' کیونکہ حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا اس مذکورہ باب میں اس حدیث کو ذکر نہیں کیا ہے۔

''المغرب'' میں مذکور ہے کہ ''ثوب'' اس کو کہتے ہیں جس کو لوگ پہنتے ہیں' جو سوتی، اونی، خز اور فرو کا ہوتا ہے اور ''ستور'' ثیاب میں سے نہیں ہیں۔ علامہ جزریؒ کے بقول قمیص اس سلے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں جس کی دو آستین ہوتی ہیں' زیادہ کشادہ بھی نہیں ہوتا' اور اس کو تحت الثیاب پہنتے ہیں۔

اور ''القاموس'' میں ہے کہ قمیص تو ایک معلوم چیز ہے۔ لفظ ''قمیص'' کو بسا اوقات مؤنث لایا جاتا ہے اور یہ صرف ''قطن''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی کی ہوتی ہے' اون کی نہیں ہوتی۔

شاید یہاں پر ''قمیص'' کو قطن میں محصور کرنا غالب استعمال کی وجہ سے ہے۔ لیکن بظاہر یہاں پر اس کا قطن سے ہونا مراد ہے۔ کیونکہ ''صوف'' بدن کو اذیت دیتا ہے اور پسینہ لاتا ہے اور اس کی بو سے تکلیف ہوتی ہے۔ علامہ دمیاطیؒ نے ایک حدیث کی تخریج کی ہے: کان قمیص رسول اللہ ﷺ قطنا قصیر الطول و الکمین۔ کہ ''رسول اللہ ﷺ کی قمیص قطن کی تھی۔ اس کی لمبائی کم اور اس کی آستین چھوٹی ہوتی تھیں۔

پھر ایک وجہ قمیص کی ''احب'' کی یہ بیان کی ہے کہ یہ ''ازار'' اور ''رداء'' کے مقابلے میں اعضاء کیلئے زیادہ ستر پوش ہے اور اس لئے بھی کہ یہ بدن پر ہلکی پھلکی رہتی ہے' اس پر خرچ کم آتا ہے اور اس کا پہننے والا دوسروں سے زیادہ متواضع ہوتا ہے۔

ترمذیؒ نے اس کو طرق متعددہ کے ساتھ روایت کیا ہے۔ جبکہ حاکمؒ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

آستین گٹے تک

۴۳۲۹: وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ كَانَ كُمُّ قَمِيْصِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِلَى الرُّصْغِ ۔

(رواہ الترمذی و ابو داود و قال الترمذی ھذا حدیث حسن غریب)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣١٣ الحديث رقم ٤٠٢٥' والترمذی فی ٤/٢٠٩ الحديث رقم ١٧٦٥۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی قمیص مبارک کی آستین ہاتھ کے گٹے تک تھی یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

تشریح: اسماء بنت یزید '': یزید سے مراد یزید ابن السکن ہیں۔ مؤلف علیہ الرحمۃ نے ''اسماء الرجال'' میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔

قولہ: کان کم قمیص رسول اللہ ﷺ الی الرصغ:

''رصغ'' راء کے ضمہ اور صاد کے سکون کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں سین مہملہ کے ساتھ آیا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ ترمذی اور ابوداؤد کے نسخوں میں صاد مہملہ کے ساتھ ہے' جبکہ ''الجامع'' میں سین مہملہ کے ساتھ ہے۔

میں کہتا ہوں کہ یہاں ''ترمذی'' سے مراد ''جامع الترمذی'' ہے۔ ورنہ تو شمائل کے تمام نسخوں میں بغیر کسی اختلاف کے سین کے ساتھ ہے اور ''الجامع'' سے مراد ''جامع الاصول'' ہے اور اسی طرح ''المصابیح'' میں بھی سین کے ساتھ ہے۔ علامہ تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ یہ سین مہملہ کے ساتھ ہے۔ جبکہ ''صاد'' بھی اس میں ایک لغت ہے اور اسی طرح النہایۃ میں ہے۔ اس سے مراد ہاتھ کا وہ جوڑ ہے جو ہتھیلی و ساعد کے درمیان ہوتا ہے اور اس کو ''الکوع'' بھی کہتے ہیں۔

اور ''القاموس'' میں ہے کہ ''رسغ'' ضمہ اور ضمتین کے ساتھ ہے' اور ''رصغ'' ضمہ کے ساتھ (ہی) ہے۔

علامہ جزریؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث دلیل ہے کہ سنت یہ ہے کہ قمیص کی آستین ''رسغ'' سے متجاوز نہ ہو اور غیر قمیص کے بارے میں علماء نے فرمایا ہے کہ اس میں بھی سنت یہ ہے کہ وہ انگلیوں سے متجاوز نہ ہو جائے۔ جیسا کہ جبہ وغیرہ ہے۔ (انتھی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''شرح السنة'' میں منقول ہے کہ ''ابو الشیخ ابن حبان'' نے اسی اسناد کے ساتھ تخریج یوں کی ہے: ''كان يد قميص رسول اسفل من الرسغ'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کی آستین رسغ سے نیچے ہوتی تھی اور اسی طرح ابن حبانؒ نے مسلم بن یسار عن مجاہد عن ابن عباس کے طریق سے روایت کیا ہے قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس قمیصا فوق الكعبين مستوى الكمين بأطراف أصابعه۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ٹخنوں سے اوپر قمیص پہنتے تھے' اور اس قمیص کی آستیں ''اطراف اصابع'' کے برابر ہوتی تھیں۔ علامہ ابن الجوزیؒ نے ''کتاب الوفاء'' میں ابن حبان سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

جامع صغیر میں ابن ماجہ کی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: ''كان يلبس قيميصًا فوق اللكعبين'' اور حاکم نے اپنی مستدرک میں بھی نقل کیا ہے لیکن اس کے الفاظ یہ ہیں: ''كان قميصه فوق الكعبين و كان كمه مع الاصابع''۔ تو اس میں اس کا ثبوت ہے کہ ''کم قمیص'' میں رؤس اصابع تک تجاوز کیا جا سکتا ہے۔

ان دونوں روایتوں میں تطبیق اس طرح ممکن ہے کہ اس کو تعدد قمیص پر محمول کیا جائے۔ یا روایت کتاب کو روایت تخمین پر حمل کیا جائے' یا الرسغ کو بیان افضل پر محمول کیا جائے گا' اور ''رؤوس'' کو ''نہایۃ الجواز'' پر حمل کیا جائے۔

علامہ عصام نے یہاں عجیب وغریب بات فرمائی ہے۔ کہ دراصل یہ اختلاف ''احوال کم'' کے اختلاف کی وجہ سے ہوا ہو۔ کہ ''کم'' تو اس وقت وہ طویل ہو اور غسل اگر علامہ عصامؒ یہ فرماتے کہ قبل الغسل تو کپڑا طویل ہوتا تھا اور غسل کے ساتھ وہ قصر ہو جاتا تھا تو فی الجملہ اس کی کوئی توجیہ ہو سکتی تھی۔ لیکن ان دونوں میں اس قدر تفاوت نہیں ہوتا۔

دائیں طرف سے پہننے کی ابتدا

۴۳۳۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا لَبِسَ قَمِیْصًا بَدَاَ بِمَيَامِنِهٖ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٧٩ الحديث رقم ٤١٤١' والترمذی فی ٤/٢٠٩ الحديث رقم ١٧٦٦' وابن ماجه فی ١/١٤١ الحديث رقم ٤٠٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قمیص پہننا شروع فرماتے تو دائیں جانب سے ابتداء فرماتے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: كان رسول اللهﷺ اذا ليس قميصًا بدأ بميامنه'' یعنی جب قمیص کو پہننے لگتے تو قمیص کے دائیں جانب سے ابتداء فرماتے۔ اسی وجہ سے اس کو جمع لایا گیا ہے۔ (ذکرالطیبی) گویا کہ ان کی مراد یہ ہے کہ قمیص کے داہنی جانب کے ہر ٹکڑے پر یمین کا اطلاق ہوتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ جمع ارادہ تعظیم کی وجہ سے ہو۔ خاص کر جب اس سے مراد ید یمنیٰ ہو اور یہی اظہر ہے اور معنی یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی آستین سے ید یمنی کو یسری سے پہلے نکالتے تھے۔

نصف پنڈلی تک تہبند

۴۳۳۱: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى اَنْصَافِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَا اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَفِي النَّارِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔ (رواه ابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/٣٥٣ الحديث رقم ٤٠٩٣، وابن ماجه في ٣/١١٨٣ الحديث رقم ٣٥٧٣، ومالك في الموطأ ٢/٩١٤ الحديث رقم ١٢ من كتاب اللباس، أحمد في المسند ٣/٩٧۔

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ مومن کی پسندیدہ حالت تہہ بند کے سلسلے میں یہ ہے کہ وہ آدھی پنڈلیوں تک باندھے۔ یعنی اولیٰ تو یہ ہے۔ البتہ مومن کامل کو اس میں بھی کچھ گناہ نہیں کہ وہ اپنے تہہ بند کو نصف پنڈلی اور ٹخنے کے درمیان باندھے اور جو اس سے نیچے ہوگی پس وہ آگ میں ہے اور یہ تین بار آپ نے فرمایا اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کی طرف نہ دیکھیں گے جو اپنے تہہ بند کو تکبر کی وجہ سے زمین پر کھینچے۔ یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: إزرة المؤمن:

''إزرة'' ہمزہ کے کسرہ اور زاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ مراد اس سے حالت اور ہیئت احتراز ہے۔ رکبة اور جلسة کی طرح ہے۔ (کذا فی النہایۃ)

''إلٰی انصاف ساقبه'': ازار کی انتہا نصف ساقین تک تھی۔ مطلب یہ کہ وہ حالت اور ہیئت کہ جس پر مؤمن اتزار میں اچھا لگتا ہے وہ یہ ہے کہ اس صفت پر ہو اور ''انصاف'' کو جمع لایا تا کہ توسع کی طرف اشارہ ہو نہ کہ تضییق کی طرف۔ بعض کا کہنا ہے کہ یہ اسلوب کلام 'قطعت رؤوس الکبشین' اور اللہ جل شانہ کے اس فرمان کے قبیل سے ہے: [صغت قلوبکما] [التحریم: ٤]

''لا جناح علیه'' یعنی اس مؤمن کامل پر کوئی گناہ اور کوئی حرج نہیں ہے۔

''فیما بینه وبین الکعبین'': ضمیر نصف ساق کی طرف راجع ہے.

علامہ طیبیؒ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''فیما بینه'' کی ضمیر اس ''حد'' کی طرف راجع ہے کہ جس پر ''إزرة'' کا وقوع ہوتا ہے۔

''وما أسفل من ذالك ففی النار'': اس کا بیان گذر چکا ہے۔

''قال ذالك'': اشارہ ''ما أسفل ......'' کی طرف ہے۔ یہ الفاظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائے، تاکید کیلئے اور یہ جملہ معترضہ ہے۔

ولا ینظر اللّٰه یوم القیلة الی من جر ازاره بطرا: یہاں ''بطر'' سے مراد تکبر ہے۔ اس کی تفصیل ماقبل میں گذر چکی ہے.

اس حدیث کو امام النسائی نے ابی ہریرہ، ابی سعید اور ابن عمر سے روایت کیا ہے، جب کہ ضیاء نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے حدیث کا ابتدائی حصہ، اور ابتدائی حصہ یہ ہے: ''إزرة المؤمن الٰی انصاف ساقیه'' جبکہ امام احمد نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: ''الإزار الٰی نصف الساق أو إلی الکعبین لا خیر فی آسفل من ذالك''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہر کپڑے میں درازی منع ہے

۴۳۳۲: وَعَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَلْاِسْبَالُ فِي الْاِزَارِ وَالْقَمِيْصِ وَالْعِمَامَةِ مَنْ جَرَّمِنْهَا شَيْئاً خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رواہ ابوداود والنسائی وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٢٥ الحدیث رقم ٤٠٨٥، والنسائی فی ٨/٢٠٨ الحدیث رقم ٥٣٣٤، وابن ماجه فی ٢/١١٨٤ الحدیث رقم ٣٥٧٦۔

ترجمه: حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تہہ بند' قمیص اور پگڑی میں درازی ہے مگر جو شخص ان میں سے کسی چیز کو بھی تکبر کی بنا پر لٹکا کر کھینچے گا اللہ تعالیٰ اس کی طرف قیامت کے دن نظر نہیں فرمائے گا۔ یہ ابو داوٗد' نسائی اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: الإسبال '': کہا جاتا ہے: ''اسبل إزاره '' اذا أخاه'

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ مبتدا ہے اور ''فی الإزار '' اس کی خبر ہے۔

یعنی وہ اسبال جس کے جواز اور عدم جواز کے بارے میں کلام کیا جاتا ہے وہ ان تین چیزوں میں ہوا کرتا ہے۔

'' العمامه '' بکسر العین ہے اور عصامؒ کا یہ کہنا کہ یہ فتح کے ساتھ ہے۔ بروزن ''غمامة' تو یہ دراصل علامہ کے قلم سے سہو ہوا ہے اور مراد۔

'' من جرّ منها شيئاً ''یعنی جس نے ان تینوں میں مقدار شرعی سے تجاوز کیا۔

'' خيلاء '': جبکہ ایک نسخہ میں ''تخيلاً '' ہے اور مراد اس سے تکبر اور متکبرانہ حال ہے۔ یعنی وہ خیال کرے کہ وہ دوسروں سے بہتر ہے۔

'' لم ينظر الله '': اس نظر سے مراد نظر رحمت اور عین عنایت ہے۔

سر سے ملی ہوئی ٹوپی کا استعمال

۴۳۳۳: وَعَنْ اَبِىْ كَبْشَةَ قَالَ كَانَ كِمَامُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بُطْحًا۔

(رواہ الترمذی وقال هذا حديث منكر)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢١٦ الحدیث رقم ١٧٨٢۔

ترجمه: حضرت ابو کبشہؓ سے روایت ہے کہ اصحاب رسول اللہ ﷺ کی ٹوپیاں سر سے لگی ہوئی تھیں بلند نہ تھیں یہ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

تشریح: ''ابی کشة'' یہ بفتح الکاف ہے۔

''کمام'' بکسر الکاف' یہ ''کمة'' بالضم کی جمع ہے۔ جس طرح کے ''قبات'' اور ''قبة'' ہے اور مراد ''قلنسوة مدورة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''معنی وہ گول ٹوپی ہے۔ اس کو ''مدورة'' اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ پورے سر کو ڈھانپ لیتی ہے۔

''**بطحا**'' بائے موحدہ کے ضمہ اور طائے مہملہ کے سکون کے ساتھ' یہ ''**بطحاء**'' کی جمع ہے۔ یہ ٹوپی ان کے سروں پر پھیلی ہوتی تھی' چپکی ہوئی ہوتی تھی سر سے اٹھی ہوئی نہیں ہوتی تھی۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ ''کم'' بضم الکاف کی جمع ہے' جیسا کہ قفاف اور قفة ہے' چونکہ وہ حضرات قلنسوة کم ہی پہنا کرتے تھے۔ ''بطحا'' سے مراد یہ ہے کہ وہ وسیع وعریض اور کشادہ ہوتی تھی۔ پس یہ ''**ابطح**'' کی جمع ہے۔ عرب کے اس قول سے ماخوذ ہے کہ عرب کشادہ زمین کو ''**بطحاء**'' کہتے تھے اور مراد اس سے یہ ہے کہ وہ رومی یا ہندی ٹوپیوں کی طرح تنگ نہیں ہوتی تھیں۔ بلکہ وہ ایک بالش کی مقدار وسیع ہوتی تھی۔

میں کہتا ہوں کہ یہ آج کل یمن کے مشائخ کا شعار بن گیا ہے۔

اصولِ معتمدہ اور تصحیح شدہ نسخوں میں ''بطح'' نصب کے ساتھ آیا ہے اور بعض میں ''بطحا'' رفع کے ساتھ ہے۔ کہا گیا ہے کہ ترمذی میں رفع کے ساتھ ہے' لیکن جامع الاصول میں نصب کے ساتھ ہے اور یہی ظاہر ہے۔ تورپشتی فرماتے ہیں کہ اصحاب حدیث نے اس کو تغیر الف کے روایت کیا ہے' اور مصابیح میں بھی اسی طرح بغیر الف تنوین کے ہے۔ یہ خطا ہے۔ ممکن ہے کہ بعض نے اس لفظ کو ان کی کتاب سے اسی طرح روایت کیا ہو' اور رواۃ نے رسم الخط کی اتباع کی ہو' اور ان کی عادت بھی یہی ہوتی ہے کہ وہ لکیر کے فقیر ہوتے ہیں' اگر چہ لفظ غلط ہی لکھا ہوا ہو۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ جب روایت کی صحت معلوم ہو جائے تو پھر طعن کیلئے کوئی مجال نہیں ہے۔ لہٰذا مرد کو چاہیے کہ وہ کلام کی توجیہہ کرے۔ لہٰذا اس میں احتمال ہے کہ یہ ''کان'' میں ضمیر شان ہوا ور جملہ اس کی خبر ہے جو کہ اس کے اسم کو بیان کر رہا ہے۔ یہ احتمال بھی ہے کہ ''بطح'' مبتدا محذوف کی خبر ہو۔ یعنی ''**هي بطح**'' اور جملہ ''**كان**'' کی خبر ہو۔ ہاں البتہ بطحا میں روایت بالنصب اظہر ہے۔ ''طبرانیؒ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا ہے:

''**كان يلبس قلسنوة بيضاء**'' اور رویانیؒ اور ابن عساکرؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک سند ضعیف کے ساتھ روایت کیا ہے انه ﷺ **كان يلبس القلانس تحت العما ئم وبغير العمائم' ويلبس العمائم بغير قلانس' وكان يلبس القلانس اليمانية وهن البيض المضربة' ويلبس ذوات سترة بين يديه وهو يصلى' وكان من خلقه أن يسمى سلاحه ودوابه ومتاعة۔** کہ آپ ﷺ پگڑی کے نیچے ٹوپی پہنتے تھے اور بعض دفعہ بغیر عمامہ کے بھی پہنتے تھے اور آپ ﷺ پگڑی بغیر ٹوپی کے بھی پہنتے تھے۔ آپ ﷺ یمنی سفید رنگ کی ٹوپی پہنتے تھے۔ میدان جنگ میں کانوں والی ٹوپی پہنتے تھے اور بعض دفعہ آپ ﷺ ٹوپی اتار دیتے تھے اور اپنے سامنے بطور ''سترہ'' کے رکھتے نماز پڑھتے ہوئے اور آپ ﷺ کی عادت تھی کہ آپ اپنے سلاح سواری اور متاع کا نام رکھتے تھے۔ (کذا فی الجامع الصغیر للسیوطیؒ)

عورت کو ازار کی درازی میں مبالغہ نہ کرنا چاہیے

۴۳۳۴: وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ حِيْنَ ذَكَرَ الْإِزَارَ فَالْمَرْاَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُرْخِي شِبْرًا فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَا تَزِيْدُ عَلَيْهِ۔ (رواه مالك وابوداود والنسائى وابن ماجة)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٦٤ الحديث رقم ٤١٧، والترمذی فی ٤/١٩٥ الحديث رقم ١٧٣١، والنسائی فی ٨/٢٠٩ الحديث رقم ٥٣٣٦، وابن ماجه فی ٢/١١٨٥ الحديث رقم ٣٥٨٠، ومالك فی الموطأ ٢/٩١٥ الحديث رقم ١٣ من كتاب اللباس، وأحمد فی المسند ٦/٣٠٩۔

ترجمہ: حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب آپ ﷺ نے یہ حکم فرمایا کہ ازار میں درازی نہ کرنی چاہئے تو میں نے استفسار کیا کہ عورت کو پھر کیا کرنا چاہئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ عورت اپنی ازار کو ایک بالشت دراز کرے یعنی آدھی پنڈلیوں سے اور لٹکائے اور بعض نے کہا کہ ٹخنوں سے نیچے ایک بالشت۔ تو اس وقت میں نے کہا کہ اگر ایسا بھی کرے تب بھی کھلا رہے گا یعنی بالشت بھر میں بھی ستر کے کھلنے کا احتمال ہے۔ پس اگر پنڈلی کی درازی کی وجہ سے مثلاً فرمایا ستر کھلا رہے تو ایک گز دراز کرے یعنی شرعی گز اور دراز کا معنی یہ ہے کہ پہنچے ایک بالشت یا ایک شرعی گز (ہاتھ) دراز کرے تاکہ یہ مقدار زمین تک پہنچے اور قدم ڈھکے رہیں پھر ممانعت میں مبالغہ کرتے ہوئے فرمایا کہ عورت ایک گز سے زیادہ نہ کرے۔ یہ مالک ابوداؤد نسائی، ابن ماجہ نے نقل کی ہے۔

تشریح: "فالمرأة" یہ کلام مقدر پر عطف ہے اور کلام مقدر یہ عبارت ہے: "رواۃ المؤمن الی انصاف ساقیه: فقال: اذا تنكشف: اذا: تنوین کے ساتھ ہے۔ تنکشف: رفع کے ساتھ اکثر نسخوں میں اور رسیدؒ کے نسخہ میں نصب کے ساتھ ہے۔

قال: فذراعا: ای فترخی ذرا۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہاں ذراع سے مراد ذراع شرعی ہے، کیونکہ وہ ذراع عرفی سے قصیر ہوتا ہے۔

۴۳۳۵: وَفِیْ رِوَایَةِ التِّرمَذِیُّ وَالنِّسَائِیُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَتْ اِذَا تَنْكَشِفُ اَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَیُرْخِیْنَ ذِرَاعًا لَا یَزِدْنَ عَلَیْهِ.

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٦٥ الحديث رقم ٤١١٩ والترمذی فی ٤/١٩٥ الحديث رقم ١٧٣١، والنسائی فی ٨/٢٠٩ الحديث رقم ٥٣٣٦۔

ترجمہ: اور ترمذی اور نسائی کی ایک روایت میں جو ابن عمر رضی اللہ عنہما سے وارد ہے۔ امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں پھر ان کے قدم کھلے رہیں گے تو آپ نے فرمایا ایک ہاتھ کی مقدار لٹکا لیں اور اس سے زائد نہ کریں۔

گھنڈی دار قمیص کا استعمال

۴۳۳۶: وَعَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَتْ اَتَیْتُ النَّبِیَّ ﷺ فِیْ رَهْطٍ مِنْ مُزَیْنَةَ فَبَایَعُوْهُ وَاِنَّهٗ لَمُطْلَقُ الْاِزَارِ فَاَدْخَلْتُ یَدِیْ فِیْ جَیْبِ قَمِیْصِهٖ فَمَسِسْتُ الْخَاتَمَ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٤٢ الحديث رقم ٤٠٨٢، وابن ماجه فی ٢/١١٨٤ الحديث رقم ٣٥٧٨ وأحمد فی المسند ٤/١٩۔

ترجمہ: حضرت معاویہؓ سے روایت ہے کہ مزینہ کی ایک جماعت اسلام لانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہوں نے اس حالت میں بیعت کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قمیص مبارک کی گھنڈیاں کھلی تھیں تو میں نے اپنا ہاتھ آپ کے قمیص مبارک میں داخل کیا اور میں نے مہر نبوت پر ہاتھ پھیرا یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:قال اتيت النبي في رهط من مزينة:

''رهط'' ھاء کے سکون اور حرکت کے ساتھ' اس سے مراد طائفہ اور جماعت ہے۔''مزينه'' تصغیر کے ساتھ ہے۔ یہ مشہور و معروف قبیلہ ہے۔

یہ حرف جر''رهط'' کیلئے صفت ہے۔

اس کی تعداد تین سے دس تک ہوتی ہے۔(کذا فی الناس) اور بعض کا کہنا ہے کہ''رهط'' کا اطلاق چالیس افراد تک مشتمل جماعت پر ہوتا ہے۔جیسا کہ''النہایۃ'' میں مذکور ہے۔

یہ اس روایت کے منافی نہیں ہے کہ جس میں آیا ہے: جاء جماعة من مزينة وهم أربعمائة راكب وأسلموا کہ ''مزينه'' سے ایک جماعت آئی' اس میں چار سو سوار تھے اور وہ مسلمان ہو گئے۔ اس لئے کہ اس میں یہ احتمال ہے کہ وہ چار سو افراد گروہ در گروہ آئے ہوں۔

یا اس لئے کہ اس کا اطلاق مطلق قوم پر بھی کیا جاتا ہے (کما قدمہ فی القاموس) اور''فی'' بمعنی''مع'' ہے' جیسا کہ اس آیت مبارکہ میں ہے: دخلوا في أمم [الاعراف:۳۸] وانه: واؤ حالیہ ہے' اور''انّ'' ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اى والحال انه لمطلق الا زار: اى محلولها او متروكها مركبة۔

''إزار'' اصل میں''زر'' کی جمع ہے۔ میرک کہتے ہیں: ای غیر مشدود الازار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بٹن بندھے ہوئے نہیں تھے اور علامہ عسقلانیؒ کہتے ہیں ای''غير مزرور''۔ اور شاید یہ اختلاف شمائل میں مروی حضرت قرۃ کی روایت کی وجہ سے ہے قال: أيت رسول الله ﷺ في رهط من مزينة لنبايعه' وان قميصه لمطلق او غير مركبة بزار 'وقال: زر قميصه مطلق اى غير مربوط۔ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مزینہ کی ایک جماعت میں آیا تاکہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کریں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کے بٹن کھلے ہوئے تھے۔ اور کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قمیص کے بٹن بندھے ہوئے نہیں تھے' اور یہ شک ترمذی کے شیخ کی جانب سے ہے۔ ابن ماجہ اور ابن سعد نے اس میں اضافہ نقل کیا ہے: قال عروة: فما رأيت معاوية و لأباه الامطلق الأزار في شتاء و لاخريف 'ولايزران ازراهما۔ حضرت عروہ کہتے ہیں کہ میں نے اس کے بعد معاویہ اور ان کے والد کو کبھی بھی نہیں دیکھا مگر یہ کہ ان کے بٹن بندھے ہوئے نہیں دیکھا۔ نہ ہی سردی میں اور نہ ہی گرمی میں اور نہ ہی ان دونوں کے قمیص میں بٹن ہوتے تھے۔

مشکاۃ کے نسخوں میں دونوں الفاظ راؤں کے ساتھ ہیں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں ہے وانہ لمطلق الازار کہ یہ مطلق ازار تھے۔ شیخ الجزریؒ کہتے ہیں کہ ہمارے''اصول'' اور روایات میں''الآزر'' زاء کے بعد بغیر راء کے ہے۔ یہ''إزار'' کی جمع ہے اور جس سے مراد مطلق کپڑا ہے اور المصابیح کے بعض نسخوں میں یا اکثر نسخوں میں''إزرار'' یعنی''زر'' بکسر الزاء کی جمع ہے۔ ''زر'' ...بینہ الجیب کو کہتے ہیں اور''جیب قمیص'' سے مراد وہ طوق ہے جس سے انسان سر باہر نکالتا ہے اور عرب کی عادت یہ تھی کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ اس کو کشادہ رکھتے تھے اور اس میں بٹن نہیں لگاتے تھے۔ پس متعین ہو گیا کہ یہ صرف ''إزرار'' ہی ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ جیسا کہ روایت مشہورہ میں ہے۔ اھ۔

میرک رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امام بیہقی رحمہ اللہ نے شعب میں اس حدیث کی ''ابوداؤد'' کے طریق سے ان الفاظ کے ساتھ تخریج کی ہے: ''وإن قميصه لمطلق'' اور ایک دوسرے طریق میں یوں ہے: فرايته مطلق القميص '' اور یہ اس کی تائید کرتا ہے کہ یہ روایت: ''الازرار'' دو راؤں کے ساتھ ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا ''زر'' اور ''عروة'' بھی ہو۔ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کا گریبان ہر وقت کھلا رہتا تھا۔ اس طور پر کہ اس میں بغیر تکلیف کے ہاتھ داخل کیا جا سکتا تھا اور یہ علامہ ابن الجوزیؒ کی اس روایت کی تائید کر رہا ہے کہ جس کو انہوں نے ''الوفاء'' میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے: انه قال :ما اتخذ رسول الله ﷺ فميصاله زر کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی قمیص نہیں بنائی کہ جس کے بٹن ہوں۔ علامہ ابن حجرؒ عصام کی اتباع میں کہتے ہیں فيه حل لبس القميص 'وحل الزر فيه 'وحل اطلاقه 'وأن طوقه كان مفتوحا بالطول لانه الذى يتخذ له الازرار عادة۔ اھ۔ آخری بات محل نظر ہے۔ کیونکہ عادات اشخاص زماناً ومکاناً مختلف ہوا کرتی ہیں اور ''اول'' میں بحث ہے۔ کیونکہ اس کے ''احب'' ہونے کا تقاضا تو یہ ہے کہ وہ چیز مستحب ہو۔

قوله: فادخلت يدى فى جيب قميصه: ''يدى'' صیغۂ مفرد ہے۔ علامہ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ حدیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کا گریبان سینے پر تھا۔ جیسا کہ آج کل عام عادت ہے۔ بے علم شخص نے یہ خیال کر لیا کہ ''یہ بدعت ہے''۔ حالانکہ ایسی بات نہیں ہے۔

''گریبان'' کی تحقیق:

یہ بات جان لینی چاہیے کہ ''جیب'' جیم کے فتحہ اور یاء کے سکون اور بائے موحدہ کے ساتھ ہے۔ آگے لکھتے ہیں: مايقطع من الثوب ليخرج الرأس أواليد أ وغير ذلك کہتے ہیں: ''جاب القميص يجوبه ويجيبه اى قدر جيبه وجيبه أى جعل له جيبا'' اصل میں جیب کا معنی ہے: القطع والخرق۔ اس کا اطلاق اس چیز پر کیا جاتا ہے کہ جس کو ''صدر الثوب'' میں بنایا جاتا ہے تاکہ اس میں کوئی چیز رکھی جائے۔ ''ابوعبید'' نے اس کی تفسیر یہی بیان کی ہے۔ لیکن اس حدیث میں ''جیب'' سے مراد وہ طوق ہے جس نے گردن کا احاطہ کیا ہوا ہوتا ہے۔

اسمعیلیؒ کہتے ہیں: جيب الثوب اى جعل فيه ثقب يخرى منه الرأس'' علامہ عسقلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ''فأدخلت يدى'' کا تقاضا یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کا گریبان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ پر تھا چونکہ صدر حدیث میں یہ بات مروی ہے۔

''فمسِت الخاتم'': پہلی سین پر کسرہ ہے۔ اور فتحہ بھی دیا جاتا ہے سین پر کسرہ پڑھنا فصیح لغت ہے اور اسی سے یہ آیت مبارکہ ہے: لايمه الا المطهرون [الواقعة: ۷۹] ''الخاتم'': تاء کے فتحہ کے ساتھ ہے اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل آگے آئے گی۔ (اس کو ترمذی نے شمائل میں روایت کیا ہے اور ابن ماجہ، ابن ابی شیبہ اور ابن سعد رحمہ اللہ نے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفید کپڑے کی محبوبیت

۴۳۳۷: وَعَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ اَلْبِسُوا الثِّيَابَ الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ۔ (رواه احمد والترمذی والنسائی وابن ماجة)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۱۰۹ الحدیث رقم ۲۸۱۰، والنسائی فی ۴/۳۴ الحدیث رقم ۱۸۹۶، وابن ماجه فی ۲/۱۱۸۱ الحدیث رقم ۳۵۶۷، وأحمد فی المسند ۵/۱۳۔

ترجمہ: حضرت سمرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سفید کپڑے پہنو کہ وہ بہت پاکیزہ اور خوشتہ ہوتے ہیں اور اپنے اموات کو سفید کپڑوں کا کفن دو۔ یہ احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: قال: ''أبسو الثیاب البیض:''

یہ ''بیض'' اصل میں ''أبیض'' کی جمع ہے ''بیض'' اصل میں ''بوص'' تھا، بروزن فعل، جیسا کہ حمر، صفر، سود۔ قیاس تو یہ تھا کہ ''بوض'' ہوتا ہے، لیکن حرف اول کو کسرہ دے دیا، تا کہ یاء حرف اصلی باقی رہے۔

فا انها اطھر: ای لادنس ولا وسخ فیھا۔ کیونکہ اس میں کوئی داغ اور میل کچیل باقی نہیں رہتا۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ چونکہ سفید رنگ باقی رنگدار کپڑوں سے زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ (یعنی سفید کپڑے میلے جلدی ہو جاتے ہیں)۔ لہٰذا اس کو زیادہ دھویا جاتا ہے۔ اس لئے وہ اطہر ہے۔ اھ۔ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہ اس لئے اطہر ہے کیونکہ یہ ظہور نجاست کو جلدی بتلا دیتا ہے برخلاف دوسرے رنگ کے، کہ اس میں ظہور نجاست جلدی نہیں ہوتا اور اس میں ایک احتمال ہے کہ شاید رنگائی میں نجاست ہوتی ہو اور سفید اس نجاست سے بری ہوتا ہے۔

''وأطیب'' یعنی طبعاً یا شرعاً احسن ہے۔ اس میں یہ بھی ممکن ہے کہ یہ ماقبل کیلئے تاکید ہو۔ لیکن تاسیس قول سدید میں تاکید سے اولیٰ ہے۔

بعض کا قول ہے کہ یہ ''اطیب'' اس لئے ہے کہ یہ عام طور پر تواضع پر اور کبر، خیلاء اور عجب کے عدم پر دلالت کرتا ہے۔

''وکفنوا'' اس کا عطف ''أبسوا'' پر ہے۔ ای البسوا فی حیاتکم وکفنوا فیھا موتاکم۔

قولہ: کفنوا فیھا موتاکم یہ جو نص میں آیا ہے کہ تغییر مستحب ہے۔ جیسا کہ عورت کیلئے مستحب ہے کہ اس کے ہاتھوں کو مہندی لگائی جائے، اور جہاں کہیں کوئی غرض مباح نہ ہو یا کوئی اور صورت ہو تو پھر ٹھیک ہے۔ جیسا کہ بعض صوفیائے کرامؒ نے پیلے رنگ کو دھونے کی کم احتیاجی کی وجہ سے اختیار کیا ہے اور اس کی حالت کی رعایت ہو۔ تو یہ ہمارے اس موضوع سے خارج ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ یہ ''أطہر'' اس لئے ہے کہ اس کو رنگ اترنے کے خوف کے بغیر دھویا جاتا ہے اور ''أطیب'' بمعنی ''آلذ'' ہے۔ کیونکہ مومن بندے کی لذت اس کے ثوب کی طہارت میں ہے۔

اور یہ جو علامہ ابن حجر العسقلانیؒ نے اس پر گرفت کی ہے: ''وفیہ من الرکاکة مالا یخفی'' تو اس میں ظہور خفاء کے ساتھ ساتھ جو خفاء ہے وہ بھی ما لا یخفیٰ ہے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ ''اطیب'' بمعنی ''احل'' ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ ''النهاية'' میں ہے کہ اکثر ''طیب'' بمعنی ''حلال'' مستعمل ہوتا ہے۔ جیسا کہ ''خبیث'' بمعنی ''حرام'' مستعمل ہے اسکی تائید باری تعالیٰ کے اس قول سے بھی ہوتی ہے: ﴿قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ......﴾ [المائدة: ۱۰۰] ''کہہ دو کہ ناپاک چیزیں اور پاک چیزیں برابر نہیں ہوتیں گو ناپاک چیزوں کی کثرت تمہیں خوش ہی لگے۔ تو عقل والو خدا سے ڈرتے رہو تاکہ رستگاری حاصل کرو'' اور ابن ماجہ نے ابی درداء سے مرفوعاً روایت کیا ہے: ''إن احسن ما زرتم الله في قبوركم ومساجدكم البياض''۔

علامہ میرکؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث کی اسناد میں مروان بن سالم الغفاری ہے جو متروک الحدیث ہے اور اس کے باقی رجال ثقات ہیں۔ (انتھی) بعض نے کہا ہے کہ ''اطیب'' بمعنی ''احسن'' ہے۔ اس لئے کہ یہ اپنے اس رنگ پر باقی رہتا ہے کہ جس پر اس کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں اشارہ کیا ہے: ﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ......﴾ [الروم: ۳۰] ''(اور) خدا کی فطرت کو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کئے رہو) خدا کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر وتبدل نہیں ہوسکتا یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے'' اور یہ معنی اس کے بہت ہی مناسب ہے۔ کیونکہ یہ اس قول کے ساتھ مقترن ہے: ''وكفنوا فيها موتاكم'' پس اس میں اشارہ ہے کہ ان کو چاہیے کہ وہ سارے اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹیں۔ زندہ ہوں یا مردہ اس فطرت اصلیہ پر۔ جو بیاض کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اور وہ فطری توحید ہے۔ اس طور پر کہ اگر اس کو تن تنہا چھوڑ دیا جائے تو بالطبع اس توحید کو اختیار کرے گا کسی عقلی یا نقلی دلیل کو مدنظر رکھے بغیر اور اس فطرت جبلی کو عوارض مصنوعہ تبدیل کرتے ہیں جو کہ رنگ دار کپڑوں کے مشابہ ہیں اور اس کی طرف اس قول میں اشارہ کیا ہے:

''فابواه يهودانه وينصرانه ويمجسانه'' یہ سب کچھ تقلید محض کی وجہ سے ہوتا ہے جو کہ عام امت پر غالب ہے۔ جیسا کہ انہوں نے کہا: وجدنا اباء نا على امة۔ حالانکہ اللہ نے فرمایا: ﴿صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۡ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ﴾ [البقرة: ۱۳۸] ''(کہہ دو کہ ہم نے) خدا کا رنگ (اختیار کرلیا ہے) اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہوسکتا ہے؟ اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں''۔

اور بیاض میں طہارت باطن کی طرف اشارہ ہے کہ غل، ملاوٹ، دشمنی اور تمام اخلاق رذیل جیسی چیزوں سے پاک ہے یہ چیزیں حکمی نجاسات کے مشابہ ہیں بلکہ حقیقی نجاسات ہیں اور اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ﴾ [الشعراء: ۸۸-۸۹] ''جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے۔ ہاں جو شخص خدا کے پاس پاک دل لے کر آیا (وہ بچ جائے گا)''۔

حاصل یہ کہ ظاہر اصل میں باطن کا عنوان ہے اور یہ کہ ظاہری بدن اور کپڑوں وغیرہ کے پاک وصاف ہونے اور ان کی تزئین وآرائش کو ''باطن'' میں تاثیر بلیغ حاصل ہے اور اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وربك فكبر و ثيابك فطهر۔ یہاں پر امرین کو جمع کیا ہے اور حدیث شریف میں ایک مخفی اشارہ ہے۔ کہ دنیا میں لبس بیاض اطیب ہے کیونکہ اس سے اہل عقبیٰ کا لباس یاد آتا ہے اور اشارہ ہے کہ اس کا مآل اور انجام ایک آزمائش ہے۔ تو کسی عاقل کے لئے مناسب نہیں۔ کہ وہ اس کی تحصیل میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلاء کا متحمل ہو۔

پھر یہ بات بھی جاننی چاہیے کہ کفن میں سفید رنگ اس لئے افضل ہے۔ کہ میت کو مسلسل ملائکہ سے واسطہ پڑتا ہے۔ جیسا کہ اس شخص کا لباس افضل ہونا چاہیے جو محافل میں آتا جاتا ہو۔ جیسا کہ مسجد میں جماعت کیلئے داخل ہونا اور علماء اور کبراء کے ساتھ ملاقات کرنا۔

اور عید کے بارے میں بعض علماء نے فرمایا کہ اس میں افضل لباس وہ ہے جو قیمت کے لحاظ سے ارفع ہو۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی فراوانی کا اظہار ہو اُس کی زینت کا اظہار ہو اور اس کے خصوصی احسانات کا اظہار ہو۔

اس قول کی تائید ''جامع الصغیر'' میں مروی بیہقی کی روایت سے بھی ہوتی ہے

عن جابر انه ﷺ کان یلبس برده الأ حمر فی العید والجمعة حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ عیدین اور جمعہ کے موقع پر اپنی سرخ (دھاری) دار چادر پہنتے تھے' اور یہاں بیان سے مراد یہ ہے کہ اس میں سرخ رنگ کی دھاریں تھیں۔ کیونکہ عام طور پر چادریں پیلی اور سرخ یا ان جیسے رنگوں کی دھاریوں سے خالی نہیں ہوتی ہیں۔ جیسا کہ لغۃً وعرفاً معلوم ہی ہے۔ (واللہ اعلم)۔

شمائل ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا ہے:

''علیکم بالبیاض من الثیاب لیلبسها أحیاؤکم' وکفنوا فیها موتاکم' فإنها من خیا رثیابکم''

اور جامع صغیر میں ان الفاظ کو ''سمرہ'' کی طرف بھی منسوب کیا ہے اور کہا ہے: رواہ احمد والنسائی والحاکم عنه

پگڑی کا شملہ مونڈھوں کے مابین

۴۳۳۸: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ۔

(رواہ الترمذی وقال هذ حدیث حسن غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ۴/۱۹۷ الحدیث رقم ۱۷۳۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب شملہ باندھتے تو پگڑی کا شملہ دونوں مونڈھوں کے درمیان چھوڑتے یہ ترمذی کی روایت ہے یہ روایت حسن غریب ہے۔

تشریح: قوله: قال: کان رسول اللّٰہ إذا اعتم: اعتم: میم مشدد ہے۔ عمامته: (یہاں مضاف محذوف ہے۔) ای طرفه۔ اس کو ''علامة'' اور ''عذبة'' بھی کہتے ہیں۔ بین کتفیه: بصیغۂ تثنیہ ہے

اور ایک روایت میں ہے: ''ارسلها بین یدیه ومن خلفه'' البتہ افضل پہلی صورت ہے۔ علامہ ابن الجوزیؒ نے ''الوفاء'' میں ابو معشر عن خالد الذاء کے طریق سے روایت کیا ہے قال: أخبرنی ابن عبد السلام قال: قلت لابن عمر: کیف کان رسول اللّٰه یعتم؟ قال یدیر کور العمامة علی رأسها ویفر شها من ورائه ویرخی لها ذوابته بین کتفیه۔ کہ مجھے ابن عبدالسلام نے خبر دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ کہ رسول اللہ ﷺ کیسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عمامہ باندھتے تھے؟ تو فرمایا کہ آپ ﷺ کور عمامہ کو سر پر مدور باندھ لیتے اور پیچھے اس کو بچھا دیتے اور اس کو شانوں کے درمیان ذوائب لٹکا دیتے۔

''ترمذی'' میں ہے: قال نافع: وکان ابن عمر یفعل ذلك. قال عبید الله ورأیت القاسم بن محمد وسالما یفعلان ذلك ای ماذکر من اسدال طرف العمامة بین الکتفین۔ کہ نافع کا بیان ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ ایسا کرتے تھے۔ عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے قاسم بن محمد اور سالم کو بھی ایسا کرتے دیکھا ہے۔ ای ''إسدال طرف العمامة بین الکتفین''۔

دو شملوں والی پگڑی

۴۳۳۹: وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَمَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَسَدَلَهَا بَیْنَ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٣٤١ الحدیث رقم ٤٠٧٩۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے پگڑی بندھوائی اور اس کا ایک شملہ ایک اگلی جانب اور ایک پچھلی جانب چھوڑ دیا یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: عَمَّمَنِیْ: دوہرے میم کے ساتھ ہے۔

قولہ: رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَسَدَلَهَا بَیْنَ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ۔

علامہ ابن الملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں یعنی کہ میرے عمامہ کے دو اطراف کو لٹکایا۔ ایک کو میرے سینے پر اور دوسرے کو میری پشت پر۔

علامہ میرک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابوداؤد اور مصنف رحمہ اللہ نے جامع میں اپنی سندوں کے ساتھ اہل مدینہ کے ایک شیخ سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے عبدالرحمٰن بن عوف کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے سر پر عمامہ باندھا' اور اس کے دو اطراف کو میرے آگے اور پیچھے لٹکایا اور ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ان کو عمامہ باندھا اور ان کے کندھوں پر اس کے طرفین کو لٹکایا۔

''شرح السنہ'' میں ہے کہ محمد بن قیس کا کہنا ہے کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو عمامہ باندھے ہوئے دیکھا کہ انہوں نے اس کے طرفین کو اپنے آگے اور پیچھے لٹکایا تھا۔

کتب سیر میں یہ بات کہ روایات صحیح کے ساتھ ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس کے علامت اور ذائبۃ کو بعض دفعہ شانوں کے درمیان لٹکاتے تھے اور بعض دفعہ بغیر علامت کے پگڑی پہنتے۔ لہٰذا یہ بات معلوم ہوگئی کہ ان دونوں امور میں سے کسی ایک کو بھی بجالانا سنت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پگڑی کے نیچے ٹوپی

۴۳۴۰: وَعَنْ رُكَانَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ.

(رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب واسناده ليس بالقائم)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٣٤٠ الحديث رقم ٤٠٧٨، والترمذی فی ٤/ ٢١٧ الحديث رقم ١٧٨٤۔

ترجمہ: حضرت رکانہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق یہ ہے کہ ہم ٹوپی پر پگڑی باندھتے ہیں یہ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند درست نہیں۔

تشریح: القلانس: ''قاف کے فتحہ اور نون کے کسرہ کے ساتھ یہ ''قلنسوة'' کی جمع ہے اور یہ ٹوپی وغیرہ کو کہتے ہیں کہ جس پر عمامہ باندھا جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ ہم ٹوپیوں پر عمامہ باندھتے ہیں جبکہ وہ عمامہ کو اسی طرح باندھ لیتے ہیں۔

(ذکره الطيبیؒ وغيره من الشراح وتبعهما ابن الملکؒ)

رواه الترمذی وقال هذا حديثٌ غريب وإسناده ليس بالقائم۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ اس کو ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے اور اس پر سکوت اختیار کیا ہے۔ شاید کہ اس کی سند قائم ہوئی یا اس کے ساتھ قیام حاصل کیا جا سکتا ہو۔

علامہ جزریؒ سے منقول ہے کہ بعض علماء کہتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ ٹوپی اور عمامہ دونوں پہنے جائیں۔ البتہ صرف ٹوپی پہننا مشرکین کا لباس ہے۔ جیسا کہ ابوداؤد اور ترمذیؒ کی حدیث رکان میں ہے۔ (انتھی) یہ محل نظر ہے چونکہ یہ شراح کے سابقہ کلام کے منافی ہے۔ لیکن علامہ میرک نے کہا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: **انه رسول الله ﷺ كان يلبس القلانس تحت العمائم ويلبس العمائم بغير القلانس**۔ اھ۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پگڑی کے نیچے ٹوپی پہنا کرتے تھے اور پگڑی کو بغیر ٹوپی کے بھی باندھتے تھے اور صحابہ سے یہ بات مروی نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر عمامہ کے ٹوپی پہنی ہے۔ لہٰذا متعین ہو گیا کہ یہ مشرکین کا لباس ہے۔

قضاعی اور دیلمی نے ''مسند الفردوس'' میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: **العمائم تيجان العرب، والاحتباء حيطانها، وجلوس المؤمن في المسجد رباطها**۔ کہ ''عمامے عرب کے تاج ہیں اور احتباء ان کے حیطان ہیں اور مؤمن کا مسجد میں بیٹھنا اس کیلئے رباط ہے۔''

اور دیلمیؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یوں روایت کیا ہے: ''**العمائم تيجان العرب، فاذا وضعوا العمائم وضعوا عزهم**'' جب وہ پگڑیوں کو اتار دیں گے تو گویا کہ انہوں نے اپنی عزت کو اتار دیا۔ البارودی نے رکانۃ سے یوں روایت کیا ہے: ''**العمامة على القلنسوة فصل ما بيننا وبين المشركين، يعطى يوم القيامة لكل كورة يدورها على راسه نورا** ''۔

ابن عساکرؒ نے حضرت ابن عمرؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صلاة تطوع أو فريضة بعمامة تعدل خمسا و عشرين صلاة بلا عمامة ' و جماعة بعمامة تعدل سبعين جمعة بلا عمامة۔

کہ ''نفلی یا فرض نماز پگڑی کے ساتھ پڑھنے کا ثواب بغیر پگڑی کی پچیس نمازوں کے برابر ہے اور عمامہ کے ساتھ جمعہ المبارک کی نماز پڑھنے کا ثواب ستر جمعوں کے برابر ہے۔ پس یہ تمام روایات عمامہ کی مطلق فضیلت پر دلالت کر رہی ہیں۔ ہاں ان احادیث میں جمع یوں ممکن ہے کہ عمامہ ٹوپی کے ساتھ افضل ہے۔ یا تو اس لئے کہ اس کے ساتھ خوبصورتی مزید بڑھ جاتی ہے یا اس لئے کہ ٹوپی پگڑی کو پسینہ سے بچاتی ہے' اور اسی لئے اس کو ''عرقیة'' بھی کہتے ہیں۔ تو جس نے اس کو اکیلے پہنا تو وہ مخالف سنت ہے اور کیوں نہ ہو جب کہ وہ مشرکین کا لباس ہے اور اسی طرح بعض ممالک میں یہ بدعتیوں کی عادت ہے۔ لیکن اب یہ یمن کے بعض مشائخ کرام کا شعار بن گیا ہے۔ (**واللّٰہ اعلم بمقاصدھم ونیاتھم**)۔

علامہ امام جزریؒ نے ''تصحیح المصابیح'' میں لکھا ہے کہ ''کتب'' کا تتبع کیا اور تاریخ وسیر میں بہت تلاش کیا کہ میں نبی ﷺ کے عمامہ کی مقدار معلوم کر سکوں' لیکن میں اس سلسلہ میں کسی شئی پر مطلع نہیں ہو سکا۔ یہاں تک مجھے ایک نے خبر دی جو میرے تئیں ثقہ ہے' کہ وہ امام نووی کے کلام پر مطلع ہوا ہے۔ اس میں مذکور ہے کہ آپ ﷺ کی ایک چھوٹی پگڑی تھی اور' ایک پگڑی بڑی تھی۔ چھوٹی پگڑی سات ذراع کی تھی اور بڑی پگڑی بارہ ذراع کی تھی۔ اھ۔ البتہ مدخل کے کلام سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اور ان کا عمامہ مطلق سات ذراع کا تھا' قصر وطویل کی کوئی قید نہیں ہے اور لباس کے معاملہ میں آپ ﷺ کی سیرت باقی معاملات میں سیرت کی طرح اتم ہے اور لوگوں کو اس کا نفع اعم ہے۔ اس لئے کہ عمامہ بڑا ہو گا تو وہ سر کو آفات حسیہ اور معنویہ سے محفوظ رکھے گا۔ جیسا کہ فقہاء مکیہ وقضاۃ رومیہ کے مشاہدہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ جبکہ چھوٹا عمامہ گرمی اور سردی سے محفوظ نہیں رکھتا۔ تو یہ اس کو وسط بنائے گا تا کہ اس بات پر تنبیہ ہو جائے کہ آپ اپنے تمام افعال میں اعتدال سے کام لیں۔

صاحب مدخل فرماتے ہیں: **وعليك ان تسترول قاعداوتتعم قائما** کہ تم پر یہ لازم ہے کہ سراویل بیٹھ کر پہنو' اور عمامہ کھڑے ہو کر باندھو اور ابن حجرؒ کی ''شرح الشمائل'' میں ہے کہ علامہ ابن قیمؒ نے اپنے شیخ ابن تیمیہؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے ایک انوکھی چیز کو ذکر کیا ہے اور وہ یہ کہ آپ ﷺ نے جب اپنے رب کریم کو دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھ کتفین کے درمیان رکھے ہوئے ہے تو اس موضع کو ''عذبة'' کے ساتھ عزت واکرام بخشا۔ عراقی فرماتے ہیں کہ ہمیں اس کی کوئی اصل نہیں ملی۔ یعنی سنت میں۔ (یعنی حدیث میں)۔

عرض مرتب:

علامہ ابن حجرؒ نے یہاں کچھ سخت کلام فرمایا ہے جو من وعن نقل کرنا ہی بہتر لگتا ہے: **بل هذا من قبل رأيهما وضلالهما اذهو مبنى على ماذهبا اليه وأطالا فى الاستدلال له والحط على أهل السنة والجماعة فى نفيهم له' وهو اثبات الجهة والجسمية لله تعالىٰ ولهما فى هذا المقام من القبائح وسوالا عتقاد ما تصم عنه الاذان' ويقضى عليه بالزوروالبهتان قبحهما الله وقبح من قال بقولهما**۔ امام احمد اور ان کے مذہب کے جلیل القدر لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس قبیح عقیدے سے بری ہیں۔ اور کیوں نہ ہوں یہ اکثر کے ہاں کفر ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کو اس نسبت سے بچائے اور جس نے ندیم الباری شیخ عبداللہ انصاری حنبلیؒ کی شرح "منازل السائرین" کا مطالعہ کیا ہے۔

حالانکہ وہ بالاتفاق صوفیہ کرام کے ہاں شیخ الاسلام تھے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دونوں اہل سنت والجماعت میں سے تھے۔ بلکہ اس امت کے اولیاء کرام میں سے ہیں۔ شیخ الاسلام کا یہ کلام ان کے مرتبہ سنۃ اور مقدار علم کو واضح کرتا ہے اور یہ کہ وہ "تشبیہ" و "تمثیل" سے بری ہے جو ان کے "جہی" دشمنوں نے منسوب کی ہیں۔ جیسا کہ رافض کہتے ہیں کہ وہ نواصب ہیں اور ناصبہ کہتے ہیں کہ وہ روافض ہیں۔ اور معتزلہ کہتے ہیں کہ وہ نوائب ہیں۔

یہ (الزامات) لگانا رسول اللہ ﷺ کے دشمنوں کی میراث ہے کہ انہوں نے ان پر اور ان کے صحابہ کرامؓ پر الزام عائد کیا کہ وہ "صباۃ" ہیں اور یہ کہ انہوں نے ایک نیا دین دیجاد کیا ہے اور یہ محدثین اور اہل السنۃ کی میراث ہے نبی ﷺ سے ملی ہے کہ وہ اہل باطل کو القاب مذمومہ کے ساتھ الثا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ امام شافعیؒ کی روح کو پاک کرے۔ جیسا کہ جب ان کی طرف رافضیت کی نسبت کی گئی تو فرمایا: انہوں نے ؎

إن كان رفضا حب آل محمد ❀ فليشهد الثقلان انی رافضی

اگر آل محمد ﷺ کی محبت رفض ہے۔ تو ثقلین کو گواہی دینی چاہئے کہ میں رافضی ہوں۔

اور اللہ راضی ہو جائے ہمارے شیخ ابو عبداللہ بن تیمیہ سے کہتے ہیں:

إن كان نصباحب صحب محمد ❀ فليشهد الثقلان انی ناصبی

اگر اصحاب محمد کی محبت ناصبیت ہے تو ثقلین گواہی دینی چاہئے کہ میں ناصبی ہوں۔

اور اللہ عفو و درگزر فرمائے ایک تیرا کہنے والا کہتا ہے:

فان كان تجسيما ثبوت صفاته ❀ وتنزيهما عن كل تأويل مفتر

فإني بحمد الله ربی مجسم ❀ هلموا شهودًا واملئوا كل محضرٍ

اگر اس (یعنی اللہ تعالیٰ کی صفات کا ثبوت اور اس کی صفات کو ہر تراشیدہ تاویل سے پاک قرار دینا "تجسیم" ہے تو میں بحمد اللہ اقرار کرتا ہوں کہ میرا رب صاحب جسم ہے آؤ گواہ بن جاؤ اور حاضر ہونے کی ہر جگہ (اور ہر دستاویز) کو بھر دو۔

پھر شرح مذکور میں وہ چیزیں بیان کی ہیں جو مذکورہ تشنیع سے سراءت پر دلالت کرتی ہے۔ امام مالکؒ نے فرمایا کہ جب ان سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں پوچھا گیا: الرحمٰن علی العرش استوٰی [طه: ٥] کہ استوی کی کیا کیفیت ہے؟ تو اس پر امام مالکؒ نے اپنا سر جھکا لیا' یہاں تک کہ پسینہ سے سخت شرابور ہو کر سر اٹھایا اور پھر فرمایا کہ "استواء معلوم ہے' کیفیت غیر معقول ہے' اس پر ایمان لانا واجب ہے' اور اس بارے میں سوال کرنا بدعت ہے۔ اس لفظ کے معنی معلوم اور اس کیفیت کے درمیان جس کو بشر نہیں سمجھتا' کے درمیان فرق ہے۔

امام مالکؒ کا یہ جواب سمع و بصر، علم و حیاۃ، قدرت و ارادہ، نزول و غضب' و رحمت و ضحک وغیرہ کے تمام مسائل صفات کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے شافی ومحیط ہے۔ان تمام صفات کے معانی معلوم ہیں' البتہ اس کی کیفیت غیر معقول ہے۔ کیونکہ کیفیت کو سمجھنا کیفیت ذات اوراس کی کنہ کے علم کی فرع ہے۔ پس جب یہ غیر معلوم ہے تو وہ کیفیت صفات کو کیسے سمجھ سکتے ہیں۔اس باب میں نفع بخش بچاؤ کی بات یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس وصف کے ساتھ موصوف کیا جائے جس وصف کے ساتھ اس نے اپنے آپ کو موصوف کیا ہے اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے موصوف کیا ہے۔بغیر کسی تحریف اور تعطیل کے' اور بغیر کیفیت وتمثیل کے۔ بلکہ اس کیلئے اسماؤ صفات کو ثابت مانا جائے اوراس سے مشابہت مخلوقات کی نفی کی جائے تو آپ کا اثبات تشبیہ سے منزہ ہوگا اور آپ کی نفی تعطیل سے منزہ ہوگی۔لہٰذا جس نے حقیقت استواء کی نفی کی تو وہ ''معطل'' ہے اور جس نے استواء رحمٰن کو استواء مخلوقات کے ساتھ تشبیہ دی تو وہ ''مشبہ'' ہے اور جس نے کہا کہ یہ استواء ایسا ہے کہ اس کی طرح کی کوئی چیز نہیں ہے تو یہی شخص موحد منزہ ہے۔ان کا کلام ختم ہو گیا،اوراس کا مقصد واضح ہو گیا' اور ظاہر ہو گیا کہ ان کا عقیدہ سلف اہل حق اور جمہور خلف کے مسلک کے موافق ہے۔

لہٰذا یہ طعن شنیع ان کی طرف متوجہ نہیں ہوتی۔ کیونکہ ان کا کلام بعینہٖ امام اعظمؒ اور مجتہد اقدم کے مسلک کے موافق ہے جو انہوں نے ''الفقه الأكبر'' میں بیان کیا ہے۔فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کیلئے ید' وجہ اور نفس ثابت ہے۔سو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جو وجہ ید، اور نفس کا ذکر کیا ہے تو وہ اس کی صفات ہیں' بلا کیف ہیں۔

اور یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس کے ''ید'' سے مراد اس کی قدرت ہے۔یا اس کی نعمت ہے۔ کیونکہ اس میں ابطال صفت لازم آتا ہے۔قدریہ اور معتزلہ کا یہی قول ہے اور غضب ورحمت اس کی صفات میں سے دو صفتیں ہیں' بلا کیف ہیں۔(انتھی) اس طرح سے کہ اس سے اعتقاد تجسیم کی نفی ہو جائے۔تو جو معنی جو حدیث کریمہ میں مذکور ہے اس کی توجیہ بالکل ظاہر ہے۔ چاہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کریم کو خواب میں دیکھا ہو' یا اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صوری فرمائی ہو' اور تجلی ارباب حال ومقام کے ہاں معروف ومشہور ہے اور اللہ تعالیٰ ہی اپنے انبیاء کے احوال سے اور اپنے چنیدہ لوگوں کے احوال سے خوب واقف ہے جن کو اس نے مہذب بنایا۔اوران کے دلوں کو کھول دیا ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے اشواق نصیب کردے۔ہمیں ان کے احوال واخلاق سے نواز دے اور ہمیں ان کے احوال واخلاق سے نواز دے اور ہمیں ان کے طریقہ پر زندہ رکھے اوران کی محبت پر موت عطا کرے اور ہمیں ان کے زمرہ میں اٹھائے۔

مردوں کے لئے ریشم وسونے کی حرمت

۴۳۴۱:وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ اُحِلَّ الذَّهَبُ وَالْحَرِيْرُ لِلْاُنَاثِ مِنْ اُمَّتِیْ وَحُرِّمَ عَلٰی ذُكُوْرِهَا ۔

أخرجه الترمذی فی السنن ۱۸۹/۴ الحدیث رقم ۱۷۲۰ الحدیث رقم ۱۶۱/۸ الحدیث رقم ۵۱۴۸' وأحمد فی المسند ۳۹۲/۴۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میری امت کے مردوں پر ریشم اور سونا حرام کیا اور میری امت کی عورت کے لئے ان کو حلال کیا۔ یہ ترمذی اورنسائی کی روایت ہے۔ترمذی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اس کو حسن صحیح کہا۔

تشریح: احل الذهب والحرير للاناث من امتي: اُحل: بصیغہ ماضی ہے۔ اناث: ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے حرم: کی ضمیر کا مرجع "ماذکر" یا "کل واحد منهما" ہے یہاں "ذکور" اپنے عموم کے ساتھ صبی کو بھی شامل ہے۔ لیکن چونکہ صبی مکلّف نہیں ہیں اس لئے صبی کو پہنانا حرام ہے اور "ذهب" سے مراد سونے کے زیورات ہیں، ورنہ تو سونے اور چاندی کے برتن تو مرد و عورت سب پر حرام ہیں اور اسی طرح چاندی کے زیورات بھی عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔ مگر مردوں کے لئے انگوٹھی وغیرہ کے لئے جائز ہے۔ جیسا کہ ماقبل میں گذر چکا ہے۔

تخریج: اور اسی طرح اس کو امام احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

کپڑا پہننے کی دعا

۴۳۴۲: وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْرِدَآءً ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ اَسْاَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّمَا صُنِعَ لَهٗ۔ (رواه الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٠٩ الحديث رقم ٤٠٢٠، والترمذی فی ٤/٢٠٠ الحديث رقم ١٧٦٧، وأحمد فی المسند ٣/٣٠۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہ ﷺ جب کوئی کپڑا پہنتے تو اس کپڑے کا نام لے کر مثلاً عمامہ، قمیص پھر یہ دعا فرماتے اللهم لك الحمد كما...... اے میرے اللہ تمام تعریفیں تیرے لئے ہیں کہ آپ نے مجھے یہ قمیص پہنائی۔ میں آپ سے اس کپڑے کی بھلائی اور بدن کی عافیت مانگتا ہوں کہ کوئی عافیت اس کو نہ پہنے اور اس کی بھلائی مانگتا ہوں کہ جس کے لئے بنایا گیا ہے یعنی پہن کر طاعت کی توفیق دے اور اس کی برائی سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس کی برائی سے جس کے لئے بنایا گیا یعنی اس کو پہن کر گناہ نہ کروں۔ یہ ترمذی و ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان رسول الله ﷺ اذا استجد ثوبا:

"استجد": نیا لباس پہننا اور القاموس کے مطابق اس کا اصل یہ ہے: "صير ثوبه جديدًا" اور بڑی عجیب وغریب بات ہے کہ جس نے "استجد" معنیٰ کیا ہے: "اى طلب ثوبًا جديدًا"۔

اور ابن حبان نے حضرت انسؓ کی حدیث نقل کی ہے: قال: كان رسول الله ﷺ اذا استجدثوبالبس يوم الجمعة۔ رسول اللہ جب نیا کپڑا پہننے کا ارادہ کرتے تو جمعہ کے روز پہنتے اور اسی طرح خطیب نے اور بغویؒ نے شرح السنہ میں روایت کیا ہے۔ پس معنیٰ اس کا یہ ہوگا کہ جب نیا کپڑا پہننے کا ارادہ کرتے تو اس کے پہننے کی ابتداء جمعہ کے روز کرتے اور یہ تشریح اس قول کے منافی نہیں ہے: "سماه با سمه"۔

قوله: سماه باسمه: ضمیر منصوب ثوب کی طرف راجع ہے اور اس سے جنسِ ثوب مراد ہے۔ یعنی اس کا جو نام معروف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعین شخص سے فرماتے۔موضوع لہ ہوتا تھا۔چاہے وہ کپڑا عمامہ ہوتا یا قمیص یا چادر ہوتی۔یا اس کے علاوہ کوئی اور کپڑا ہوتا۔مثلاً ازار،سراویل اور موزے وغیرہ ہیں۔مقصود اس سے تعمیم ہے اور تخصیص تمثیل کیلئے ہے۔

یعنی یوں کہتے: رزقنی الله أو أعطا نی أو کسانی هذه العمامة أو القمیص أو الرداى۔کہ اللہ نے مجھے دیا ہے۔یا مجھے یہ پگڑی،قمیص پہنائی ہے۔

"او" تنویع کیلئے ہے لیکن پہلی بات زیادہ واضح اور فائدہ کے لحاظ سے اتم واکثر ہے اور یہی مظہرؒ کا قول ہے،اور دوسرا قول علامہ طیبیؒ کا مختار ہے۔

قولہ:"ثم يقول للهم لك الحمد كما كسوتنيه":

یہاں پر کاف تعلیلیہ ہے۔یا بمعنیٰ "علٰی" ہے اور ضمیر "مسمّٰی" کی طرف راجع ہے۔مظہرؒ کہتے ہیں اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ تسمیہ "اللهم لك الحمد كما كسوتنی هٰذا القمیص او العمامة" کہتے وقت پڑھتے ہوں،لیکن پہلی بات زیادہ اوجہ ہے۔کیونکہ "ثم" کے ذریعہ عطف کرنا اس پر دلالت کر رہا ہے۔اھ۔اس کی توضیح یہ ہے کہ "تسمية" سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے کلام کے ضمن میں،یعنی کسوتنیه کی ضمیر سے بدلہ۔علاوہ ازیں یہ اس کے ساتھ مناسبت بھی نہیں رکھتا ہے۔نیز یہ دعاء کے ظاہری الفاظ کے مخالف بھی ہے اور انہوں نے فرمایا:"كما كسوتنيه" محلاً مرفوع ہے۔اس طور پر کہ یہ مبتدا مؤخر ہے۔

قولہ:اسألك خيره وخير ما صنع له: یہ کلام......مشبہ ہے۔ای مثل ما کسوتنیه من غير حول منی ولاقوة أسألك خيره ......: یعنی جیسا کہ اے رب تو نے میری طاقت اور قوت کے بغیر مجھے یہ کپڑا پہنا دیا اسی طرح میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کی بہتری کا اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے یعنی پیدا کیا گیا ہے یعنی جوارح اور قلب سے شکر کے لئے اور یہ کہ مولیٰ کی تعریف زبان کے ساتھ ہو جائے۔اھ اور ہم نے جو بات پہلے کی ہے،وہ اولیٰ ہے۔لہٰذا "اسألك" تقدیم ثناء کے بعد استئناف ہے۔

"واعوذبك": کا پر عطف اسألك ہے۔یعنی میں تیری پناہ میں آتا ہوں۔اس کے شر سے اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے یعنی کفران نعمت سے اور "کما" میں احتمال ہے،کہ اس کا تعلق "اسألك" کے ساتھ ہو۔اور معنیٰ یہ ہوگا کہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس چیز کا جو اس کے خلق پر مترتب ہے۔یعنی خیر و بھلائی اور وہ ہے اس کے ساتھ عبادت کرنا،اس کو اللہ تعالیٰ کی رضا میں صرف کرنا ہے اور اس چیز کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ جس پر تیری ناراضگی مترتب ہوتی ہے مثلاً کبر اور تکبر کرنا اور اس کی حرمت کی وجہ سے مجھے سزا مل جائے۔میرک رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ کپڑے کی خیر اس کی بقاء ونقد (ستھرائی) ہے اور یہ کہ اس کو ضرورت وحاجت کے لئے پہننا ہے۔

"خير ما صنع له" سے مراد وہ ضروریات ہیں،جن کی وجہ سے لباس بنایا جاتا ہے۔یعنی گرمی وسردی سے بچنا،اور ستر پوشی۔

ان امور میں سوال خیر کا مطلب یہ ہے کہ وہ کپڑا اس مطلوب تک پہنچائے۔جس کے لئے وہ کپڑا بنایا گیا ہے۔یعنی عبادت میں اور اپنے مولیٰ کی اطاعت میں معاونت حاصل ہو اور شر میں مذکورہ امور کا برعکس ہے اور وہ ہے اس کا حرام ونجس ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اورطویل مدت تک پاک صاف نہ کیا جائے یا یہ کہ وہ معاصی، شرور افتخار۔ عجب (خود پسندی) اور غرور کا سبب بن جائے، اور اس پر عدم قناعت ہو۔ وغیرہ وغیرہ۔

وكذا احمد والنسائی وابن حبان والحاكم۔

شرح السنہ میں حضرت عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے حضرت عمرؓ پر ایک سفید قمیص دیکھی۔ تو آپ نے فرمایا: کہ آپ کی یہ قمیص نئی ہے۔ یا دھلی ہوئی ہے؟ تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا بلکہ دھلی ہوئی ہے۔ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: "البس جديدًا، وعش حميدًا، ومت شهيدًا"۔

کھانا کھانے کی دعا

۴۳۴۳: وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ اَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَنِىْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّىْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ (رواه الترمذى وزاد ابوداود) وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَسَانِىْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّىْ وَلَاقُوَّةٍ غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/٣١٠ الحديث رقم ٤٠٢٣، والترمذى فى ٥/٤٧٤ الحديث رقم ٣٤٥٨، وابن ماجه فى ٢/١٠٩٣ الحديث رقم ٣٢٨٥، وأحمد فى المسند ٣/٤٣٩۔

ترجمہ: حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کھانا کھائے وہ اس طرح دعا کرے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ ...... تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کی جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور یہ کھانا بغیر حیلہ اور وقت کے پہنچایا۔ (جب یہ دعا پڑھتا ہے) تو اس کے پہلے گناہ یعنی صغیرہ بخشے جاتے ہیں یہ ترمذی کی روایت ہے۔ ابوداؤد میں یہ الفاظ زائد ہیں۔ کہ جو کپڑا پہنے وہ اس طرح کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَسَانِىْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّىْ وَلَاقُوَّةٍ۔ تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میرے حیلہ اور قوت کے بغیر عنایت فرمایا۔ (یہ کہنے سے) اس کے اگلے پچھلے گناہ بخشے جاتے ہیں۔

تشریح: علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ یہاں لفظ "وما تأخر" نہیں ہے ترمذی وابوداؤد میں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں اگلے جملہ کے قرینہ کی وجہ سے تو ھا بڑھا دیا گیا ہے۔

قوله: غفر له ما تقدم من ذنبه وما تأخر:

علامہ میرکؒ کہتے ہیں کہ امام احمد اور مؤلف نے اپنی کتاب میں اس حدیث کی تخریج کی ہے اور اس کو حسن قرار دیا ابوداؤد اور حاکمؒ نے بھی اس کو روایت کیا ہے، حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا اور ابن ماجہ نے معاذ بن انسؓ کے طریق سے مرفوعاً روایت کیا ہے: "من لبس ثوبا فقال: الحمد لله الذى كسانى هذا و رزقنيه من غير حول منى ولا حوة غفر له ماتقدم من ذنبه اور ابوداؤد نے اپنی روایت میں "وماتاخر" کا اضافہ نقل کیا ہے۔ اھ اور قرینہ اولیٰ کے بارے میں ذکر کیا ہے کہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، ابن ماجہؒ، حاکمؒ اور ابن سنیؒ نے معاذ بن انسؓ سے روایت کیا ہے اور اسی طرح ''الحصن'' میں بھی ہے۔ تو مؤلف کا یہ قول ''وزاد أبو داؤد'' وہم پیدا کرتا ہے اس بات کا کہ ''پہلے جملہ کو ترمذیؒ نے روایت نہیں کیا ہے'' حالانکہ ایسی بات نہیں ہے۔ امام حاکمؒ نے ''المستدرك'' میں عائشہؓ سے روایت کیا ہے: قالت: قال رسول اللہ ﷺ ''ما اشتری عبد ثوبا بدینار او نصف دینار فحمد اللّٰه علیه الا لم یبلغ رکبتیه حتی یغفر اللّٰه له''۔

امام حاکمؒ کہتے ہیں کہ میں اس کی سند کے بارے میں کسی بھی ایسے شخص کو نہیں جانتا جس نے اس پر جرح کی ہو۔

اور جامع صغیر میں یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ آئی ہے: ''ان من امتی من یأتی السوق فیبتا ع القمیص بنصف او ثلث دینار فیحمد اللّٰه تعالیٰ اذالبسه فلا یبلغ رکبیته حتی یغفر له''۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے ابوامامہ سے روایت کیا ہے۔

مسافر کے توشہ پر دُنیا میں اکتفاء

۴۳۴۴: وَعَنْ عَائِشَةَ ؓ قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَا عَائِشَةُ اِنْ اَرَدْتِّ اللُّحُوْقَ بِيْ فَلْيَكْفِكِ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ وَاِيَّاكِ وَمُجَالِسَةَ الْاَغْنِيَاءِ وَلَا تَسْتَخْلِقِيْ ثَوْبًا حَتّٰى تُرَقِّعِيْهِ (رواه الترمذی وقال هذ حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث صالح بن حسان وقال محمدبن اسماعیل صالح بن حسان منکرالحدیث)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢١٥ الحدیث رقم ١٧٨٠۔

ترجمہ: حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ مجھے جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ ؓ! اگر تو میرے ساتھ ملنا چاہتی ہے یعنی دنیا و آخرت میں اتصال و پیوستگی چاہتی ہے تو تجھے دنیا سے اسی پر اکتفاء کرنا ہوگا جو توشہ کہ مسافر سوار لیتا ہے اور دولت مندوں کی ہم نشینی سے بچتی رہ اور کپڑے کو پرانے ہونے پر پرانا شمار نہ کر اور نہ اس کو پھینک یہاں تک کہ اس پر پیوند لگائے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور اس نے کہا یہ حدیث غریب ہے یہ صرف صالح بن حسان کی سند سے معروف ہے۔ امام بخاری نے صالح کو منکر الحدیث قرار دیا ہے یعنی اس کی روایت منکر ہے۔

تشریح: قوله: فلیکفك من الدنیا کزادالراکب: ''کاف'' جر ''مثل'' کے معنی میں ہے۔ ای مثلہ یہ ''یکفی'' کا فاعل ہے۔

تو تمہارے لئے دنیا میں سے اتنا کافی ہونا چاہیے، جتنا کہ ایک سوار کا ''توشہ'' ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تم کو دنیا کی تھوڑی چیز پر قناعت کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ تم راہ ''عقبیٰ'' کے راہرو ہو۔

مالدار لوگوں کی مجالس سے پرہیز کرنا چاہیے۔ چہ جائیکہ وہ ارباب دنیا کے مجالس ہوں۔ کیونکہ ان کے مجالس شہوات ولہوات کی محبت کی طرف جاتی ہیں۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ تم ارباب دنیا کی طرف مت دیکھو۔ کیونکہ اغنیاء فقراء کو ختم کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ولا تمدن عینیك......﴾ [الاعراف: ١٥٥] اور حدیث میں آتا ہے: اتقوامجالسة الموتی'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قیل :ومن هم یا رسول الله ؟قال :الاغنیاء۔ مردوں کی ہم نشینی سے بچو۔ تو کسی نے پوچھا، کہ یا رسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟۔ تو آپ نے فرمایا، مالدار لوگ۔

دیلمیؒ نے ''مسند الفردوس'' میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً ذکر کیا ہے اتر کو الدنیا لأهلها فانه من أخذمنها فوق مایکفیه أخذ من حتفه وهو لایشعر۔ کہ تم دنیا کو دنیا والوں کے لئے چھوڑ دو۔ چونکہ جس نے کفایت سے بڑھ کر اس کی دنیا سے لیا اس نے بن سوچے سمجھے اپنی موت کو لیا۔

قوله: ولا تستخلقی ثوبا خائے معجمہ اور قاف کے ساتھ یعنی اس کو پرانا شمار کرو۔ استخلق ضد ہے استجد کی۔ یہی اکثر شراح کا قول ہے اور اشرفؒ کہتے ہیں کہ فاء کے ساتھ مروی ہے استخلف لہ سے ہے۔ جب کوئی اس کے لئے عوضاً طلب کرے۔ اصل میں اس کا استعمال ''مِن'' کے ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن توسعاً حذف کر دیا گیا۔ جیسا کہ اس آیت قرآنی میں ہے: ﴿واختار موسٰی قومه﴾ [الاعراف:۱۵۵]

حتی ترقعیه: قاف کی تشدید کے ساتھ یعنی جب تک تم اس پر پیوند لگا کر اس کو ایک مرتبہ پہن نہ لو۔ اس حدیث میں ابھارا گیا ہے اور اس بات پر کہ حقیر و معمولی کپڑے پر اکتفاء کرنا چاہئے اور یہ کہ مساکین و فقراء کے ساتھ تشبہ اختیار کرنا چاہئے۔

شرح السنہ میں ہے: قا ل أنس: رأیت عمر بن الخطاب رضی الله عنه وهو یومئذ أمیر المؤمنین وقدرقع ثوبه برقاع ثلث لبد بعضها فوق بعض حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عمرؓ بن الخطاب کو دیکھا، حالانکہ وہ امیر المؤمنین تھے۔ ان کے کپڑوں پر اوپر نیچے تین پیوند لگے ہوئے تھے۔ یہ بھی مروی ہے کہ: خطب عمرؓ وهو خلیفة وعلیه او وفیه اثنا عشر رقعة۔ اھ۔ حضرت عمرؓ نے ایک دن خطبہ دیا، جب کہ وہ خلیفہ تھے ان کے جسم پر ایک چادر تھی جس میں بارہ پیوند لگے تھے۔ ''حسان'': سین مشددہ کے ساتھ ان کو منصرف و غیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے ابن عساکرؒ نے حضرت ابوایوب سے نقل کیا ہے: انه ﷺ کان یرکب الحمار ویحصف النعل یرقع القمیص ویلبس الصوف ویقول: من رغب عن سنتی فلیس منی، کہ آپ علیہ السلام گدھے پر سواری فرماتے تھے جوتے سیتے تھے قمیص میں پیوند لگاتے تھے اون پہنتے تھے اور فرماتے تھے، کہ جس نے میرے طریقے سے اعراض کیا، وہ مجھ سے نہیں ہے۔

کپڑے کی بوسیدگی اور ترکِ دُنیا علامتِ ایمان

۴۳۴۵ :وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اِیَاسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مَنَ الْاِیْمَانِ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۴/۳۹۳ الحدیث رقم ۴۱۶۱ وابن ماجه فی ۲/۱۳۷۹ الحدیث رقم ۴۱۱۸۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے ان کا نام ایاس بن ثعلبہؓ ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم نہیں سنتے! یعنی غور سے سنو! کہ کپڑے کی کہنگی اور ترک دنیا اور اس کی زینت کو چھوڑنا ایمان کے اخلاق میں سے ہے تحقیق کپڑوں کی کہنگی اور ترک زینت ایمان کے اخلاق سے ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح:ای من كمال اهله الا تسمعون الا تسمعون:"أَلا" لام مخففہ کے ساتھ ہے۔ یہ تکرار تاکید کے لئے ہے۔

قوله:ان البذاذة من الايمان:بذاذة : بائے موحدہ کے فتحہ اور دو ذال معجمہ کے ساتھ(جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے)۔علامہ تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہا جاتا ہے:رجل بذالهيئة. وباذ الهيئة ای رث اللبسة اور حدیث میں اس سے مراد یہ ہے کہ لباس میں تواضع اور زیب و زینت سے بچنا اہل ایمان کے اخلاق میں سے ہے اور ایمان اس کا باعث ہے۔

ان البذاذة من الايمان: اس کو تاکید کے لئے مکرر لایا گیا ہے اور اس میں یہ سبق ہے کہ فقر اور کسر شان کو اختیار کرنا چاہیئے۔ پھٹے پرانے کپڑے پہننا کتاب اللہ پر ایمان لانے والوں کے اخلاق میں سے ہے۔ جامع صغیر میں ہے:"البذاذة من الايمان" اس کو امام احمد، ابن ماجہ اور حاکم نے ابوامامہ حارثیؓ سے روایت کیا ہے۔

شہرت کے کپڑے کی مذمت

۴۳۴۶:وَعَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِي الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مُذِلَّةٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رواه احمد وابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/٣١٤ الحديث رقم ٤٠٢٩، وابن ماجه فى ٢/١١٩٢ الحديث رقم ٣٦٠٦، وأحمد فى المسند ٢/١٣٩۔

ترجمہ:حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص شہرت کا کپڑا دنیا میں پہنے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ذلت کا کپڑا پہنائے گا۔ یہ احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ اور ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: ثوب شهرة:شہرت سے مراد تکبر و تفاخر اور تجبر کا لباس ہے۔ یا اس سے مراد وہ کپڑے ہیں جو ایک "متزہد" (بناوٹی زاہد) اپنے آپ کو زہد میں مشہور کرانے کے لئے پہنتا ہے۔ یا وہ علامت سیادت مراد ہے جس سے کوئی "متسید" (بتکلف سید ہونے والا اپنا سید) ہونا بتلائے۔ مثلاً سبز کپڑے پہننا۔ یا "متفیقہ" ایسا لباس پہنے، جو کہ عام طور پر فقہاء کرام پہنتے ہیں حالانکہ یہ شخص خود سفہاء میں سے ہے۔

" مذلة":یہ " معزة" کی ضد ہے۔ کیونکہ معالجہ اضداد کے ساتھ ہوا کرتا ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے اس دنیا میں ذلت کا لباس پہنا اور دنیا میں اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کی تو آخرت میں اللہ تعالیٰ اس کو عزت والا لباس پہنائے گا۔

قاضی عیاضؒ کہتے ہیں، کہ "شهرة" کا معنی ہے ظهور الشیء فی شیئه بحیث یشهر به صاحبه۔ اس طور پر کہ وہ صاحب شیء اس کے ساتھ مشہور ہو جائے اور "ثوب شهرة" سے مراد وہ کپڑا ہے جس کا پہننا حلال نہیں ہے۔ ورنہ تو اس پر وعید کا ترتب نہ ہوتا۔

یا یہ کہ وہ حلال ہو لیکن اس کے پہننے سے مقصود تفاخر ہو، اور فقراء پر تکبر ہو اُن کو ذلیل اور کمتر سمجھنا ہو اور ان کے دلوں کو توڑنا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا اس سے مراد وہ لباس ہے، جو عام طور پر مسخرے پہنتے ہیں تا کہ اس کے ذریعے وہ لوگوں کے درمیان اپنے آپ کو ایک مسخرہ ظاہر کردے۔ یا اس سے مراد اپنے اعمال کا دکھلاوہ ہو تو ثوب "عمل" سے کنایہ ہوگا اور اس صورت میں یہ عام ہوگا صرف کپڑے پر منحصر نہیں ہوگا۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ دوسرا مطلب اگلے کلام "البسه الله ثوب مذلة" کے پیش نظر زیادہ واضح ہے۔

اور النہایہ میں ہے: "ای اشمله بالذل كما يشمل الثوب البدن" یعنی وہ ذلت کے ساتھ ایسا مشتمل ہوگا جیسا کہ کپڑا پورے بدن کو شامل ہوتا ہے۔

ابن ماجہ اور ضیاء نے زید بن ارقم سے اس حدیث کو اس طرح روایت کیا ہے:

"من لبس شهرة اعرض الله عنه حتى يضعه الله"

ابوداؤد و ابن ماجہ نے حضرت ابن عمرؓ سے بھی اسی قسم کی روایت کیا ہے:

"من لبس ثوب شهرة البسه الله يوم القيامة ثوباً مثله ثم يلهب فيه النار"

ابوعبدالرحمٰن السلمیؒ نے "سنن الصوفیۃ" میں اور دیلمیؒ نے "مسند الفردوس" میں حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔

کیونکہ یہ متابعات وشواہد اضافی الفاظ پر مشتمل ہیں۔ احذروا الشهرتين الصوف والخز۔ کہ دوشہرت والے کپڑوں سے احتراز کرو: اون اور ریشم۔

اور جامع صغیر میں ہے: ليس البر فی حسن اللباس والزی، ولكن البر السكينة والوقار"۔ اس سلسلہ میں تحقیقی کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔

غیروں سے مشابہت کی ممانعت

۴۳۴۷: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/ ٣١٤ الحديث رقم ٤٠٣١، وأحمد فی المسند ٢/ ٥٠۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کسی قوم سے مشابہت کرے وہ ان میں سے ہے۔ یہ احمد، ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: یعنی جس کسی نے مثلاً لباس وغیرہ میں کفار کے ساتھ یا فساق و فجار کے ساتھ یا اہل تصوف و صلحاء امراء کے ساتھ مشابہت اختیار کی تو وہ شخص گناہ اور نیکی میں ان ہی کے ساتھ ہوگا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ خَلق وخُلق اور شعار کو شامل ہے اور چونکہ "شعار" شبہ میں زیادہ واضح ہے اس وجہ سے اس کو اس باب میں ذکر کیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ تشبہ سے مراد شعار ہی ہے نہ کہ کچھ اور، اس لئے کہ صوری خلق میں تشبہ کا تصور ہی نہیں ہوتا۔ جب کہ خلق معنوی کو تشبہ نہیں کہتے، بلکہ تخلق کہتے ہیں۔

ایک عجیب حکایت نقل کی گئی ہے جو ایک عجیب لطیفہ بھی ہے۔ کہ جب اللہ تعالیٰ نے فرعون کو دریائے نیل میں غرق کیا تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس مسخرہ کو غرق نہیں کیا جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے لباس اور کلام و گفتگو کی نقل اتارتا تھا اور فرعون اور اس کی قوم کو اپنی حرکات وسکنات سے ہنسایا کرتا تھا۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب کریم سے آہ وزاری کرتے ہوئے عرض کیا کہ اے میرے ربّ! وہ تو مجھے بقیہ آل فرعون سے زیادہ اذیت و تکلیف دیتا تھا۔ تو رب تعالیٰ نے فرمایا، کہ ہم نے اس کو اس لئے غرق نہیں کیا کہ وہ تیرے لباس کی طرح لباس پہنتا تھا اور دوست کو عذاب نہیں دیا جاتا، جو حبیب کی صورت پر ہو۔

پس دیکھ لیجئے کہ جس شخص نے بقصد باطل اہل حق کے ساتھ مشابہت کی تو اس کو صوری نجات حاصل ہوگئی اور بسا اوقات یہ معنوی نجات تک لے جاتا ہے۔ تو وہ شخص جو انبیاء اور اولیاء کے ساتھ علی قصد التشریف والتعظیم مشابہت کرے گا، تو اس کو کیسے نجات نہیں ملے گی۔ تشبہ بالمعارف کی انواع ''عوارف المعارف'' کے ترجمہ میں بسط کے ساتھ بیان ہوئی ہیں۔

دراصل انواع تشبہ کو ''المعارف فی ترجمۃ عوارف المعارف'' میں شرح وبط کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ (رواہ احمد وابوداؤد)

تواضع کے تقاضے

۴۳۴۸: وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَّجُلٍ مِنْ اَبْنَاءِ اَصْحٰبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِىْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ۔ (رواه ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ١٣٨/٥ الحديث رقم ٤٧٧٨۔

ترجمہ: حضرت سوید بن وہبؓ سے روایت ہے انہوں نے صحابہ کرام کی اولاد میں سے ایک صاحب سے نقل کیا ہے کہ اس نے اپنے والد سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو آدمی قدرت کے باوجود زینت والا کپڑا چھوڑ دے اور ایک روایت میں تو اضعاً کا لفظ زائد ہے یعنی کہ تواضع سے چھوڑ ئیے۔ تو اس کو اللہ تعالیٰ بزرگی کا جوڑا یعنی جنت کا جوڑا پہنائے گا۔ جو باعث رفعت و بزرگی ہوگا یا اس کو بزرگی عنایت فرمائیں گے دنیا اور آخرت میں جیسا کہ روایت ہے: من تواضع لله رفعه الله...... اور جو اللہ تعالیٰ کی خاطر نکاح کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بادشاہت کا تاج پہنائے گا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

سوید بن وہب۔ یہ سوید بن وہب ''ابن عجلان'' کے شیخ ہیں۔

تشریح: وعن سويد بن وهب عن رجل من أبناء أصحاب النبی : ایک نسخہ میں (النبی کی بجائے) ''رسول اللہ'' ہے: بظاہر صحابی کا بیٹا بھی اپنے باپ کی طرح ''عدل'' ہے۔ اس احتمال ساتھ کہ شاید وہ بھی صحابیؓ ہو۔ پس یہ جہالت مضر نہیں اور یہ ترک اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے ہو یا اللہ تعالیٰ کے ہاں اعلیٰ مقام ملنے کی امید پر ہو۔ یا زینت دنیا کو حقیر و کمتر خیال کرتے ہوئے ''تواضعًا'': ''ترک'' کے لئے مفعول لہ ہے۔ قوله: كساه الله حلة الكرامة: یعنی اللہ تعالیٰ اس کا اکرام فرمائے گا اور جنت کا لباس پہنائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من تزوج لله: یعنی اس طور پر کہ اس نے اپنے درجہ سے کمتر خاندان والی کے ساتھ نکاح کرلیا۔ مثلاً یتیم و حقیر لڑکی سے۔ یا مسکینہ فقیرہ سے یا معتوقہ صالحہ سے لیکن یہ صرف اللہ کی رضاء کی خاطر کیا ہو۔ یا اس نے یہ شادی اپنے دین اور اپنی نسل کی حفاظت کی خاطر کی ہو۔

توجه الله تاج الملك: یہ اس کی عزت و توقیر سے کنایہ ہے۔ یا مطلب یہ ہے کہ اس کو تاج دیگا، اور جنت میں ایک مملکت دے گا۔ آپ علیہ السلام کا یہ ارشاد گرامی بھی اسی طرح کا ہے: من قرأ القرآن وعمل بما فيه ألبس والداه تاجا يوم القيامة 'ضوء ه أحسن من ضوء الشمس في بيوت الدنيا . فما ظنكم بالذى عمل به۔ جس نے قرآن پڑھا، اور اس کے احکامات پر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے والدین کو ایک ایسا تاج پہنائے گا۔ جس کی روشنی دنیا کے گھروں میں سورج کی روشنی سے زیادہ اچھی ہوگی۔ تو اس شخص کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے جس نے خود اس پر عمل کیا ہو۔ اس حدیث کو ابوداؤدؒ نے سہل بن معاذؓ سے روایت کیا ہے اور ابو ہریرہ کی ایک روایت میں ہے: "البس والداه حلة لا تقوم له الدنيا وما فيها"۔ علامہ طیبیؒ نے عجیب بات کہی ہے کہ احتمال ہے کہ "من تزوج لله" کا مطلب یہ ہو کہ جس نے دو قسم کا مال صدقہ کیا۔ یہ قول آپ علیہ السلام کے اس ارشاد گرامی سے ماخوذ ہے "من انفق زوجين في سبيل الله ابتدرته حجبة الجنة قبل: وما زوجان......؟ یہ راوی کا ادراج ہے۔ جو اس نے بطور تفسیر ذکر کیا ہے تزوج کی یہ تشریح اس احتمال پر انتہائی بعید ہے بلکہ محال کے قریب ہے۔ ہاں البتہ بعض شراح مصابیح نے ذکر کیا ہے، کہ لفظ حدیث "من زوج" بغیر تاء کے ہے۔ تو فرمایا: أى اعطى لله اثنين من الاشياء" اور بعض نے اس کی تشریح یہ کی ہے: من زوج کریمۃ للہ تعالیٰ جس نے اپنی "عزیز اور پیاری" کا نکاح اللہ کی خاطر کیا۔

البتہ جامع الصغیر میں ہے، کہ امام ترمذیؒ اور حاکمؒ نے معاذ بن انسؓ سے اس لفظ کے ساتھ روایت کیا ہے "من ترك اللباس تواضعًا...... وهو يقدر عليه دعاه الله يوم القيامة على رؤس الخلائق حتى يخيره من اى حلل الايمان شاء يلبسها"۔ (ترجمہ ابھی گزرا)

۴۳۴۹: وَرَوَى التِّرْمَذِيُّ مِنْهُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ حَدِيْثَ اللِّبَاسِ۔

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/ ٥٦١ الحديث رقم ٢٤٨١۔

اور ترمذی نے مکمل طور پر معاذ بن انس ﷺ کی روایت سے نقل کی ہے جو باب اللباس میں ہے۔

یعنی امام ترمذیؒ نے یہ حدیث سوید بن وہب سے نہیں بلکہ حضرت معاذ بن انس سے روایت کی ہے اور احتمال ہے کہ کسی مبہم صحابی سے روایت کی ہو۔ یعنی اس میں تزوج کا ذکر نہیں ہے۔ لیکن الجامع الصغیر میں کہ امام ترمذی اور حاکم نے حضرت معاذ بن انس سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: من ترك اللباس تواضعا ......۔

نعمتوں کا اثر لباس میں نظر آنا چاہیے

۴۳۵۰: وَعَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَثَرَ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ١١٤/٥ الحديث رقم ٢٨١٩، وأحمد فی المسند ١٨٢/٢۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب نے اپنے باپ، انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ یہ پسند فرماتے ہیں کہ اس کی نعمت کا اثر اس کے بندے پر نظر آئے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: **ان الله يحب ان يرى أثر نعمته على عبده** : یعنی اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتے ہیں، کہ وہ اپنے بندے پر اپنے احسان وکرم کے اثر کو دیکھیں۔ نعمتوں کا اظہار شکر کا حصہ ہے اور نعمتوں کو چھپانا ان نعمتوں کی ناشکری وکفران ہے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی بندے کو دنیاوی نعمتوں میں سے کوئی نعمت دے تو اس کو اپنے آپ پر ظاہر کرے۔ مثلاً یہ کہ وہ اس طرح کا لباس پہنے، جو اس کے حال کے لائق ہو، تا کہ اس پر اللہ کی نعمت کا اظہار ہو جائے اور تا کہ محتاج لوگ طلب زکوۃ وصدقات کے لئے اس کے پاس جائیں اور اسی طرح علماء کرام کو اپنے علم کا اظہار کرنا چاہئے تا کہ لوگ ان سے استفادہ کر سکیں۔ اھ۔

اگر آپ یہ اعتراض کریں کہ کیا آپ علیہ السلام نے سادگی پر نہیں ابھارا ہے؟۔ میں جواباً کہتا ہوں کہ آپ علیہ السلام نے اس پر ابھارا ہے تا کہ حاجت کیوقت اس سے عدول نہ کیا جائے اور ہر عمدہ لباس کا تکلف نہ کرے۔ جیسا کہ عام لوگوں کی عادت کا مشاہدہ یہی بتایا ہے۔ یہاں تک کہ علماء ومتصوفہ (صوفیوں کی سی عادت بنانے والے) میں بھی یہ عادت ہے۔ ہاں البتہ جو شخص اس کو عادت بنائے گا باوجود یکہ اس کو ثوب جدید اور نظافت پر قدرت بھی ہو، تو پھر یہ حکم نہیں ہے۔ کیونکہ یہ خساست اور دناءت ہے اور ہمارے مذکورہ کلام کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کو بیہقیؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے: **ان الله تعالى يحب المؤمن المتبذل الذى لايبالى مالبس** کہ یقیناً اللہ تعالیٰ اس سادہ مؤمن کو محبوب رکھتا ہے، اس بات کو پرواہ نہ کرے جو اس نے پہن رکھا ہے **و كذا الحاكم عن ابن عمرؓ**۔

میلے کپڑے اور پراگندہ حالت کی ناپسندیدگی

۴۳۵۱: وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَاٰى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ مَاكَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ رَاْسَهٗ وَرَاٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ مَاكَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ۔ (رواه احمد والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٣٣٢/٤ الحديث رقم ٤٠٦٢، والنسائی فی ١٨٣/٨ الحديث رقم ٥٢٣٦، وأحمد فی المسند ٣٥٧/٣۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں ملاقات کے لئے تشریف لائے آپ نے ایک آدمی کو پراگندہ حالت میں دیکھا اس کے بال بکھرے تھے آپ نے فرمایا کیا اس آدمی کو ایسی چیز میسر نہیں جس سے یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے سر کے بال سمیٹے۔اسی طرح آپ نے ایک اور شخص کو دیکھا جس کے بدن پر میلے کپڑے تھے آپ نے فرمایا کیا اس کو وہ چیز میسر نہیں جس سے یہ اپنے کپڑے صاف کرے۔ یہ احمد ونسائی کی روایت ہے۔

تشریح: شعثا:سین معجمہ کے فتحہ اور عین مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے ۔ قد تفرق شعرہ: یہ جملہ ''سعثا'' کی تفسیر ہے۔شعر:عین کے فتحہ کے ساتھ ہے اور ساکن بھی پڑھا جاتا ہے۔''ما'' نافیہ ہے اور ہمزہ انکاری مقدر ہے۔ای ألم یکن۔ وسخة: واؤ کے فتحہ اور سین مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہاں پر آپ علیہ السلام نے اس کی اس ''بذاذت'' پر نکیر فرمائی جو اس کو ذلت کی طرف لے جارہی تھی اور آپؐ کے اس ارشاد گرامی ''البذاذة من الایمان'' میں مؤمن کے لئے اثبات تواضع تھا۔جیسا کہ مروی ہے:''المؤمن متواضع ولبس بذلیل' وله العزة دون التکبر''۔

اور اسی سے یہ حدیث ہے کہ آپؐ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: انك لست ممن یفعله خیلاء''۔ میں کہتا ہوں صحیح بات یہ ہے کہ ''بذاذة'' یہ ہے کہ گھٹیا (یعنی غیر بڑھیا) کپڑے پر قناعت کرنا اس نظافت کے منافی نہیں ہے جس کے بارے میں آیا ہے۔کہ وہ دین کا حصہ ہے اور نہ ہی اس سے ارباب یقین کے ہاں ذلت کو مستلزم ہے۔جیسا کہ ہم پہلے اشارہ کر چکے ہیں۔

مال ونعمت کا اثر جسم پر نظر آنا چاہئے

۴۳۵۲:وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَی ثَوْبٌ دُوْنٍ فَقَالَ لِیْ اَلَكَ مَالٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مِنْ اَیِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ قَالَ فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مَالاً فَلْیُرَ اَثَرُ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَكَرَامَتِهٖ۔

(رواہ احمد والنسائی وفی شرح السنة بلفظ المصابیح)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٣٣٣ الحدیث رقم ٤٠٦٣' والترمذی ٤/٣٢٠ الحدیث رقم ٢٠٠٦' والنسائی فی ٨/١٩٦ الحدیث رقم ٥٢٩٤۔

ترجمہ:حضرت ابوالاحوصؓ نے اپنے والد سے نقل کیا کہ میں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور میرے بدن پر ناکارہ کپڑے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہارے پاس مال ہے میں نے عرض کیا جی ہاں! فرمایا کس قسم کا مال ہے۔میں نے کہا ہر قسم کا مال اللہ تعالیٰ نے مجھے عنایت کیا ہے۔اونٹ' گائے' بکری' گھوڑا' غلام۔آپ نے فرمایا جب تمہیں مال دیا گیا ہے تو تم پر اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اثر نظر آنا چاہئے اور اس کا اثر بھی معلوم ہو کہ اس نے یہ نعمت عنایت کی ہے۔یہ نسائی کی روایت ہے۔شرح السنة میں دیگر الفاظ سے نقل کی گئی ہے جو مصابیح سے مختلف ہیں۔یعنی عبارت الگ الگ اور مضمون ایک ہے۔

تشریح:وعلی ثوب دون:''دون''ای''دنیء''۔یعنی میرے جسم پر ایسا کپڑا تھا جو میری حالت غنا کے لائق نہیں تھا۔القاموس میں ہے کہ دون''الشریف''اور''خسیس پر دو معنی میں آتا ہے' اضداد میں سے ہے۔من ای المال:ای من

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أی صنف من جنس الاموال۔من کل المال: ای من کل هذا الجنس۔ یہ "من" تبعیض کے لئے ہے۔ یعنی ہر جنس کا کچھ مال میرے پاس موجود ہے۔قد أعطانی الله: (یہاں مفعول محذوف ہے۔) ای أعطا نیه الله من الابل: یہ "من" کے لئے بیان ہے اور مراد اس سے بعض اونٹ ہیں۔ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ "قد اعطانی" استئناف ہے ماقبل کے لئے مُبیّن ہے اور اس کی تائید ان بعض نسخوں سے ہو رہی ہے جو فاء کے ساتھ ہیں، یعنی "فقد" آیا ہے اور علامہ طیبیؒ کے قول "ای من کل ماتعورف بالمال بین أبنا ء الجنس" سے اس کو مزید تقویت ملتی ہے اور "فأعطانی الله من الابل" اس کا بیان اور اس کی تفصیل ہے۔اھ۔ یہ تو آپ جان ہی چکے ہیں کہ مشکاۃ کے الفاظ "فأعطانی" نہیں ہیں بلکہ "قد اعطانی الله من الابل" ہیں۔

"رقیق": ای من المما لیك من نوع الانسان سے مراد غلام ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ تم اچھا کپڑا پہنو تا کہ لوگ جان لیں کہ تم غنی ہو اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ پر طرح طرح کی نعمتیں کی ہیں اور شرح السنہ میں ہے جیسا کہ عجمیوں کی عادت ہے۔

میں کہتا ہوں کہ آج کل تو عرب عجم سے اس معاملے میں بڑھ گئے ہیں۔ کہا گیا ہے: من رق ثوبه رق دنیه جس کا کپڑا نرم ہوگا اس کا دین بھی رقیق ہوگا۔ امام بغویؒ فرماتے ہیں: نبی علیہ السلام سے مروی ہے: انه کان ینهی عن کثیر من الارفاه۔ آپؐ زیادہ ترفہ یعنی رفاہیت بالغہ سے منع کیا کرتے تھے۔

امام بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ اور زید بن ثابتؓ سے نقل کیا ہے: انه ﷺ نهی عن الشهرتین: رقة الثیاب وغلظها' ولینها وخشو نتها' وطولها وقصر ها 'ولکن سداد فیما بین ذلك واقتصاد۔

قوله: رواه النسائی:

اور ایک نسخہ میں "رواه احمد والنسائی" ہے۔

سرخ کپڑے کی ناپسندیدگی

۴۳۵۳: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ۔ (رواه الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٣٦ الحدیث رقم ٤٠٦٩' والترمذی فی ٥/١٠٧ الحدیث رقم ٢٨٠٧۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص گزرا جس نے دو کپڑے سرخ رنگ کے اوڑھ رکھے تھے اس نے آپ ﷺ سے علیک سلیک کی۔ آپ ﷺ نے اس کے "سلام" کا جواب نہ دیا یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: یہ حدیث صریح دلیل ہے کہ مردوں کے لئے سرخ کپڑا پہننا حرام ہے اور اس بات پر کہ جو شخص سلام کے وقت کسی ممنوعہ چیز کا مرتکب ہو، وہ سلام کے جواب کا مستحق نہیں ہے۔

طبرانی نے عمران بن حصین سے مرفوعاً روایت کیا ہے: تم سرخ رنگ سے بچو کیونکہ یہ شیطان کے نزدیک محبوب ترین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زینت ہے۔ البتہ جو شمائل میں مروی ہے، کہ آپ نے سرخ رنگ کی چادر پہنی تھی۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں، کہ حدیث صحیح ہے اور اس سے ہمارے امام شافعیؒ نے استدلال کیا ہے کہ سرخ رنگ کا کپڑا پہننا حلال ہے۔ اگرچہ بہت گہرا سرخ ہی کیوں نہ ہو۔

میں اس کے جواب میں عرض کرتا چلوں، کہ ابن حجر عسقلانیؒ کا کہنا ہے اس سے مراد دھاری دار کپڑے ہیں نہ کہ خالص سرخ رنگ کے کپڑے مراد ہیں۔ یمنی چادروں میں متعارف یہی ہے۔ اور اس پر اہل لغت نے اتفاق کیا ہے اور اسی وجہ سے میرک شاہ رحمہ اللہ نے فرمایا پس یہ حدیث اس شخص کے لئے حجت نہیں ہے جو لبس احمر کے جواز کا قائل ہے۔ میں کہتا ہوں اور مسلم کی حدیث میں پہلے گزر چکا ہے: قال: رأى رسول الله ﷺ على ثوبين معصفوين فقال: ان هذه من ثياب الكفار' فلا تلبسها۔ (حدیث: ۴۳۲۷)

سرخ زین اور کسم کے رنگے کپڑے کی مذمت

۴۳۵۴: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اَرْكَبُ الْاُرْجُوَانَ وَلَا اَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَوَلَا اَلْبَسُ الْقَمِيْصَ الْمُكَفَّفَ بِالْحَرِيْرِ وَقَالَ اَلَا وَطِيْبُ الرِّجَالِ رِيْحٌ لَا لَوْنَ لَهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ لَوْنٌ لَا رِيْحَ لَهٗ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/ ٣٢٤ الحديث رقم ٤٠٤٨' وأحمد في المسند ٤/ ٤٤٢۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں سرخ رنگ کے زین پوش پر سوار نہیں ہوتا اور نہ کسم کا رنگا کپڑا پہنتا ہوں اور وہ قمیص بھی نہیں پہنتا جس کا سنجاف ریشمی ہو اور فرمایا خبردار رہو! مردوں کو وہ خوشبو لگانی چاہئے جو بو رکھتی ہو مگر اس کا رنگ نہ ہو یعنی گلاب وعطر وغیرہ تا کہ زینت لازم نہ ہو اور عورتوں کو خوشبو رنگدار ہو مگر مہک نہ رکھتی ہو مثلاً زعفران اور مہندی وغیرہ تا کہ اس کی خوشبو باہر نہ پھیلے اور مردوں کے فتنہ کا باعث نہ ہو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: لا اركب الارجوان:

"أرجوان" ہمزہ اور جیم دونوں کے ضمہ کے ساتھ ہے اور دونوں کے درمیان راء ساکنہ ہے۔ ریشم سے تیار کردہ سرخ رنگ کا چھوٹا سا تکیہ جو زین پر رکھا جاتا ہے اور معنیٰ اس کا یہ ہے: لا اركب دابة: على سرجها الا رجوان کہ میں اس جانور پر سواری نہیں کرتا جس کی زین پر ارجوان رکھا ہوا ہو۔ (كذا قاله بعض الشراح من علمائنا) ہمارے بعض شراح علماء نے فرمایا ہے اور النہایہ میں ہے کہ "ارغوان" سے معرب ہے۔ یہ ایک دخت ہے جس کی سرخ روشنی ہوتی ہے۔ اس کے مشابہ ہر رنگ کو "ارجوان" کہتے ہیں اور بعض کا کہنا ہے کہ سرخ رنگ کو کہتے ہیں۔ اھ اور القاموس میں ہے کہ "الارجوان" بالضم "احمر" یعنی سرخ رنگ کو کہتے ہیں۔

علامہ خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ میرے خیال میں اس سے مراد "میاثر حمر" ہے۔ جو کبھی دیباج اور کبھی حریر سے بنایا جاتا ہے۔ ان دونوں سے نہی وارد ہے۔ کیونکہ اس میں اسراف ہے اور اس لئے بھی کہ یہ مردوں کا لباس نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں حدیث شریف میں "ارجوان" سے مراد مطلق سرخ رنگ کا کپڑا ہے۔ خواہ ریشمی ہو یا غیر ریشم ہو۔اس (حدیث) میں سرخ رنگ کا کپڑا پہننے سے اجتناب میں زیادہ مبالغہ مقصود ہے۔ اس لئے کہ جب اس پر رکوب ممنوع ہے' حالانکہ اس پر "لبس" کا اطلاق بھی نہیں ہوتا اور جب اس کی نفی فرما دی اور حریر و ریشم پر بیٹھنا مختلف فیہ ہے' تو لبس احمر میں تو شدید مبالغہ ہوگا۔

قوله و لا ألبس لمعصفر:

جس کو "عصفر" کے ساتھ رنگا گیا ہو۔ یہ علی الاطلاق ان سب رنگے ہوئے کپڑوں کو شامل ہے۔ چاہے ان کو بُننے کے بعد رنگا گیا ہو یا اس سے پہلے۔ لہٰذا امام خطابی کا یہ کہنا "ماصبغ غزله ثم نسج فليس بداخل" خارجی دلیل کا محتاج ہے۔

قوله: و لا البس القميص المكفف: پہلی فاء مشدد ہے اور اس سے مراد "المكفوف بالحرير" "النہایہ" میں ہے کہ "مكفف" اس کو کہتے ہیں، کہ جس کے ذیل، اکمام اور جیب پر بریشم کی کشیدہ کاری کی گئی ہو اور "كفة" ہر چیز کے طرف اور حاشیہ کو کہتے ہیں اور گولائی والی چیز کو بھی "مكفف" کہتے ہیں اور ہر مستطیل نما کو بھی کہتے ہیں۔ قاضی فرماتے ہیں یہ حدیث حضرت اسماء کی حدیث کے معارض نہیں ہے: "لها لبنة ديباج و فرجيها مكفو فين بالديباج" وقالت: هذه جبة رسول الله ﷺ۔ اس لئے کہ بسا اوقات آپؐ نے قمیص مكفف بالحرير کو نہیں پہنا ہے اس لئے کہ اس میں تجمل اور ترفہ تو اور بھی زیادہ ہے۔ جب کہ "جبة مكففة" پہنا ہے۔ اھ۔ اس پر پہلے کلام گزر چکا ہے۔

اس حدیث اور حدیث اسماء میں زیادہ واضح توفیق و تطبیق یہ ہے کہ یہاں پر "ماكف بالحرير" کی مقدار وہاں کی مقدار مرخص سے زیادہ تھی اور وہ مقدار چار انگلیوں کی بقدر ہے۔ یا اس کو ورع اور تقویٰ پر محمول کیا جائے اور اس کو رخصت پر اور بیان جواز و فتویٰ پر محمول کیا جائے۔

بعض نے کہا ہے کہ یہ لبس جبۃ سے متقدم ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

قوله: وقال الا وطيب الرجال ريح لالون فيه: کہ مردوں کیلئے جس خوشبو کی اجازت ہے وہ، وہ خوشبو ہے جس میں مہک تو ہو مگر رنگ نہ ہو۔ جیسا کہ مشک، کافور اور عود ہے۔ جب کہ عورتوں کی خوشبو رنگ دار ہے جس میں خوشبو نہ ہو۔ جیسا کہ زعفران اور خلوق ہے۔ اور ان کیلئے مہک بکھیرنے والی خوشبو لگا کر گھر سے باہر نکلنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر وہ باہر نہ نکلیں تو پھر جائز ہے اور حدیث میں یہ خبر "امر" کے معنی میں ہے اور معنیٰ اس طرح ہوگا: ليكن طيب الرجال ريحا دون لون' وطيب النسا' لونا دون ريح۔ مردوں کی خوشبو میں مہک ہونی چاہئے' رنگ دار نہ ہونی چاہیئے' جب کہ عورتوں کی خوشبو رنگ دار ہونی چاہیئے۔

الفائق میں ابراہیم نخعیؒ سے منقول ہے:۔ كانوا يكرهون المؤنث فى الطيب ولا يرون بذكورته بأسا والمؤنث مايتطيب به النساء من الزعفران والخلوق وماله ردع 'والذكورة طيب الرجال الذى ليس له ردع كالكافور والمسك والعود وغيرها' والتاء فى الذكورة لتانيث الجمع مثلها فى الحزونة والسهولة۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دس ممنوعات

۴۳۵۵: وَعَنْ اَبِیْ رَیْحَانَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ مُکَامَعَةِ الرَّجُلِ بِغَیْرِ شِعَارٍ وَمُکَامَعَةِ الْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ بِغَیْرِ شِعَارٍ وَاَنْ یَّجْعَلَ الرَّجُلُ اَسْفَلَ ثِیَابِهٖ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ یَجْعَلَ عَلٰی مَنْکِبَیْهِ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبٰی وَعَنْ رُکُوْبِ النُّمُوْرِ وَلُبُوْسِ الْخَاتَمِ اِلَّا لِذِیْ سُلْطَانٍ۔ (رواه ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٢٥ الحديث رقم ٤٠٤٩، والنسائی فی ٨/١٤٣ الحديث رقم ٥٠٩١، وأحمد فی المسند ٤/١٣٤۔

ترجمہ: حضرت ابوریحانہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے دس چیزوں سے منع فرمایا۔ نمبر۱ دانتوں کو تیز کرنے۔ نمبر۲ گودنے۔ نمبر۳ بال اکھاڑنے۔ نمبر۴ مرد کو مرد کے ساتھ سونے سے بغیر کسی کپڑے کے درمیان میں حائل ہونے کے۔ نمبر۵ عورت کو عورت کے ساتھ کپڑے کے حائل ہونے کے بغیر سونے سے منع فرمایا۔ نمبر۶ مرد کو عجمیوں کی طرح ریشم کا استر لگانے سے منع فرمایا۔ نمبر۷ عجمیوں کی طرح مونڈھوں پر ریشمی کپڑا لگانے کی ممانعت فرمائی۔ نمبر۸ چیتے کے چمڑے کی زین پر لیٹنے اور سوار ہونے۔ نمبر۹ اور الٹ پلٹ ہونے سے منع فرمایا۔ نمبر۱۰ انگوٹھی پہننے کی ممانعت فرمائی البتہ حاکم مہر کے لئے پہن سکتا ہے۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: عن عشر: (اس کی تمیز محذوف ہے۔ ای عشر خصال)

قوله: عن الوشر: واؤ مفتوحہ، شین معجمہ اور راء کے ساتھ ہے۔ النہایہ کے مطابق اس کا معنی دانتوں کو کشادہ کرنا، اور ان کے کناروں کو باریک کرنا ہے۔ بڑی عمر کی عورتیں ایسا کرتی تھی تاکہ جوان عورتوں کے ساتھ مشابہت ہو جائے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ اس سے اس لئے منع فرمایا کہ اس میں فریب دہی ہے اور تغیر خلق اللہ تعالیٰ ہے۔

قوله: والوشم: وشم سے مراد یہ ہے کہ ''جلد'' کو سوئی کے ساتھ کھرچیں کہ اس میں سرمہ یا نیل بھر دیا جائے۔ جس اس کا رنگ نیلا یا سبز نظر آنے لگتا ہے۔

قوله: والنتف: اس میں یہ تمام صورتیں داخل ہیں: ❶ عورتوں کا اپنے چہروں سے بال نوچنا ❷ داڑھی کے بال نوچنا۔ ❸ ابرو کے بال نوچنا، یعنی سفید بالوں کو نوچنا ❹ مصیبت کے وقت بالوں کو نوچنا

''وشر'' اور ''وشم'' سے اس لئے منع فرمایا کہ ان دونوں میں تغیر خلق اللہ ہے۔

وعن مکامعة الرجل الرجل بغیر شعار: ''شعار وہ کپڑا ہے جو بدن کے بالوں کے ساتھ متصل ہو۔ النہایہ میں ہے آدمی کا اپنے ساتھی کو ایک کپڑے میں اس طرح ہونا کہ ان دونوں کے درمیان کوئی حاجز نہ ہو۔ یعنی کہ دونوں ننگے ہوں۔ بظاہر حدیث مطلق ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ یہ نہی مقید ہو اس صورت کے ساتھ کہ جب دونوں کا ستر ڈھکا ہوا نہ ہو۔

قوله: ''وان یجعل الرجل فی اسفل ثیابه حریرا مثل الأعاجم:''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثل الاعاجم: (یہاں مضاف محذوف ہے۔) ای مثل ثیابھم یعنی اعاجم کے کپڑوں کی طرح کیونکہ وہ اس میں سجاف بہت زیادہ لگاتے ہیں اور شاید وہ اس لئے ایسا کرتے تھے تاکہ وہ اپنے کپڑوں کو تکبراً ظاہر کریں یا فخر کی وجہ سے۔ مظہرؒ کہتے ہیں کہ ریشم پہننا مردوں پر حرام ہے۔ چاہے کپڑوں کے نیچے ہو یا کپڑوں سے اوپر ہو۔ جاہل عجمیوں کی عادت ہے کہ وہ کپڑوں کے نیچے چھوٹا سا ریشمی کپڑا پہنتے ہیں تاکہ ان کے اعضاء و جوارح نرم رہیں۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ شاید یہ دونوں لفظ "یجعل" اور "اسفل" اس کو ظاہر کر رہے ہیں اور اگر مراد ہوتا تو یوں کہا جاتا: "وان یلبس تحت الثیاب"۔

قولہ: وعن النھبی: پہلے ضمہ اور پھر سکون ہے۔ یہ مصدر ہے۔ بمعنیٰ لوٹ، غارت اور بسا اوقات لوٹی ہوئی چیز کو بھی "نہبٰی" کہتے ہیں اور مراد اس سے "النھی عن اغارۃ المسلمین"۔ (مسلمانوں پر غارت ڈالنے سے منع کرنا) ہے۔

قولہ: وعن رکوب النمور:

"النمور": "نمر" (بمعنی چیتا) کی جمع ہے۔ اس سے مراد ان کی جلدیں ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ چونکہ یہ عجمیوں کی عادت ہے۔ (اس لئے منع فرمایا گیا ہے۔) علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ نہی کا مقتضی اس میں کے زینت اور تکبر کا ہونا ہے یا اس کی نجاست ہے یعنی اس پر جو بال ہیں، کیونکہ وہ دباغت کے ساتھ بھی پاک نہیں ہوتے۔ اھ۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ یہ آخری بات ساقط عن الاعتبار ہے۔ کیونکہ ہر کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔ مگر انسان، خنزیر اور کُتے کی جلد پاک نہیں ہوتی۔ اگرچہ مردار کے بال ہمارے نزدیک اصل کے اعتبار سے پاک ہیں۔

قولہ: ولبوس الخاتم: "لبوس" لام کے ضمہ کے ساتھ مصدر ہے۔ جیسا کہ "الدخول" ہے۔ ای نھی عن لبس الخاتم۔ خاتم: تاء کے کسرہ کے ساتھ ہے اور فتحہ بھی پڑھا جاتا ہے اور اس کی وجہ ممانعت یہ ہے کہ اس میں زینت ہے اور ہر ایک کو اس کے پہننے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔

ہاں! البتہ بادشاہ کو خطوط پر مہر لگانے کیلئے اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کی تفصیل "باب الخاتم" میں آئے گی۔ "سلطان" کے حکم میں ہر وہ شخص ہے جس کو اس کی ضرورت ہو۔ جیسا کہ قاضی اور امیر وغیرہ۔

اس کا حاصل یہ ہوا کہ "تختم" محض زینت کیلئے مکروہ ہے۔ یعنی وہ زینت کہ جس میں مصلحت شامل نہ ہو۔

بعض نے کہا ہے کہ اس نہی سے مراد تنزیہہ ہے اور یہی ظاہر ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ منسوخ ہے۔ دلیل یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ نے آپ علیہ السلام کے زمانہ میں اور آپؐ کے بعد خلفاء کرام نے بھی بغیر کسی نکیر کے انگوٹھی کا استعمال کیا ہے۔ امام خطابیؒ کہتے ہیں، کہ انگوٹھی پہننا ذوسلطان کیلئے مباح ہے۔ کیونکہ وہ خطا پر مہر لگانے کے لئے اس کا محتاج ہوتا ہے اور ان کے علاوہ کیلئے مکروہ ہے کیونکہ وہ زینت محض ہے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اھ۔

امام خطابیؒ کا یہ کلام امام شافعیؒ کے ظاہری مذہب کے مخالف ہے۔ کیونکہ انہوں نے ہر ایک کیلئے اس کو مستحب قرار دیا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ "لذی سلطان" میں لام تاکید کیلئے ہے اور (عبارت کی) تقدیر اس طرح ہوگی: "نھی عن لبوس الخاتم جمیعا الا ذا سلطان" وکذا الامام احمد۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سونے کی انگوٹھی کی ممانعت

۴۳۵۶: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمَيَاثِرِ۔ (رواه الترمذی وابوداود والنسائی وابن ماجة وفی رواية لابی داود قال نَهٰى عَنْ مَيَاثِرِ الْأُرْجُوَانِ)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٢٧ الحديث رقم ٤٠٥١' والترمذی فی ٤/١٩٨ الحديث رقم ١٧٣٧' والنسائی فی ٨/١٦٦ الحديث رقم ٥١٦٦' وابن ماجه فی ٢/١٢٠٥ الحديث رقم ٣٦٥٤' وأحمد فی المسند ١٠/١٢٧۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے سونے کی انگوٹھی سے منع فرمایا۔ قسی کے پہننے اور میاثر کے استعمال سے منع فرمایا یہ ترمذی ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ کی روایت ہے ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے کہا آپ ﷺ نے سرخ رنگ کے میاثر سے منع فرمایا ہے۔

تشریح: "القسی": قاف کے فتحہ اور سین مہملہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔ یہ بلاد مصر میں سے ایک شہر "قس" کی طرف منسوب ہے۔ بعض شراح نے کہا ہے کہ یہ ایک ریشمی کپڑا ہے جس میں دھاریاں ہوتی ہیں۔ (انتہی) چنانچہ یہ نہی تنزیہی ورع کے لئے ہے۔ ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ یہ نہی اس وقت ہے، جب یہ مکمل ریشمی ہو۔ یا اس کا لحمہ حریر کا ہو۔ اس وقت نہی تحریم کے لئے ہوگی۔ النہایہ میں ہے کہ یہ سوتی کپڑا ہوتا ہے جس کے ساتھ ریشم ملا ہوا ہوتا ہے۔ یہ مصر سے لایا جاتا تھا۔ ساحل سمندر پر واقع ایک قریہ کی طرف منسوب ہے۔ جس کو "قس" کہا جاتا ہے قاف کے فتحہ کے ساتھ اور بعض محدثین اس کو بالکسر پڑھتے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ "قسی" کی اصل "قزی" ہے۔ یعنی "زاء" کے ساتھ ہے "قز" کی طرف منسوب ہے۔ یہ ابریشم کی ایک قسم ہے۔ زاء کو سین کے ساتھ بدل دیا گیا اور بعض نے کہا ہے کہ "الخز" خالص حریر کو کہتے ہیں اور بعض نے کہا کہ جس میں اون ملی ہوئی ہو اور دوسرا جائز ہے۔ پس یہاں مراد اوّل ہے۔ میں کہتا ہوں اس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ پس تامل فرما لیجئے' چونکہ یہ مقام لغزش ہے۔

قوله: والمياثر: یہاں کچھ عبارت مقدر ہے۔ **أی وعن استعمالها "المياثر": "ميثرة** ۔ میم کے فتحہ کے ساتھ ہے" کی جمع ہے۔ سرخ رنگ کے چھوٹے تکیہ کو کہتے ہیں' جس کو سوار اپنے نیچے رکھتا ہے اور اس سے متعلقہ نہی اس وقت ہے، جب یہ ریشم کی ہو۔ ہمارے علماء میں سے بعض شراح کا کہنا یوں ہی ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ نہی کا سبب **ترفه** اور **تنعم** ہو اور یہ نہی تنزیہی ہے اور اس لئے بھی کہ یہ عجمیوں کی سواریوں میں سے ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہاں پر "**المياثر**" مطلق ہے' اس کو مقید سمجھا جائے گا۔ جیسا کہ دوسری روایت میں ہے اور بعض کے کلام سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ "**ميثرة**" صرف سرخ رنگ کا ہی ہوتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com

اس صورت میں تقیید تاکید کیلئے ہے، یا تجرید کی بناء پر ہے۔

قوله: وفی رواية لأبی داود قال: اور ایک نسخہ میں واو بھی ہے ای وقال جامع صغیر میں ہے: "**نهى عن المياثر الحمر والقسی**" اس حدیث کو بخاری اور ترمذی نے حضرت براء سے روایت کیا ہے' اور امام ترمذیؒ نے عمران بن حصین سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(بصیغۂ مفرد) عن المیثرة الأرجوان روایت کیا ہے" و روی الترمذی عن المیثر۔

ریشمی زین پوش اور چیتے کے چمڑے پر سواری کی ممانعت

۴۳۵۷: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَرْكَبُوا الْخَزَّوَلَا النِّمَارَ .

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٧٢ الحديث رقم ٤١٢٩، وابن ماجه فی ٢/١٢٠٥ الحديث رقم ٣٦٥٦، وأحمد فی المسند ٤/٩٣۔

ترجمہ: حضرت معاویہؓ سے روایت ہے کہ تم ریشمی زین پوش پر سوار مت ہو اور چیتے کے چمڑے سے بنے ہوئے زین پوش پر سواری مت کرو۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: و لا ترکبوا الخز: ہمارے علماء میں سے بعض شراح کا کہنا ہے کہ اس سے مراد وہ کپڑا ہے جس کا اکثر حصہ ریشم کا ہو یا سارا ریشم کا ہو۔ یہ کپڑا اوبر سے بنایا جاتا ہے۔ ابریشم اور صوف سے بنے ہوئے کپڑے میں استعمال کیا جاتا ہے اور اس کپڑے میں بھی جو ابریشم، قطن اور کتان کا ہو۔ اس کی سابقہ تفصیلات آپ پر مخفی نہیں۔

النمار: یہ "نمر" کی جمع ہے۔ اس کی جمع میں مشہور وزن "النمور" ہے۔ جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔

ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ یہ "نمرة" کی جمع ہے۔ جو نقش و نگار والی چادر کو کہتے ہیں۔ اس صورت میں کراہت تنزیہی ہو گی۔ اسکی وجہ ظاہر نہیں ہے' مگر اس صورت میں کہ جب یہ دھاریاں سرخ ہوں تو اسکی مشابہت "میثرة" کے ساتھ ہو جائے گی۔

علامہ تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں، "النمار" سے مراد "جلود النمور" ہے اور صحیح اس میں "النمور" ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں بعض نے کہا ہے کہ یہ "نمرة" کی جمع ہے۔ اور "نمرہ" دھاری دار چادر کو کہتے ہیں۔ اگر یہ صحیح ہے کہ اس سے یہی مراد ہے، تو شاید اس کی زینت کی وجہ سے مکروہ کہا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ "النمار" نمر کی جمع کے طور پر آیا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں مذکور ہے اور جو النہایہ میں یہ مروی ہے کہ "نهي عن رکوب النمار" اور ایک روایت میں "النمور" ہے' میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث متنازع فیہ ہے' لہٰذا اس سے استدلال کیسے صحیح ہو سکتا ہے۔ ہاں' القاموس میں تصریح ہے کہ "النمار" کا "النمور" کے معنیٰ میں آنا صحیح ہے۔ جیسا کہ کہا ہے کہ "نمرة" نون کے ضمہ کے ساتھ' کسی بھی رنگ کے نکتہ کو کہتے ہیں' اور "نمر" بروزن کتف نون کے کسرہ کے ساتھ ایک معروف درندہ ہے۔ اس کے جسم پر موجود دھاریوں کی وجہ سے اس کو یہ نام دیتے ہیں۔ اس کی جمع أنمر' أنمار، نمر ونمر' نمار' نمارة' اور نمورة آتی ہے۔

جامع صغیر میں لکھتے ہیں: "نهي عن الرکوب علي جلود النمار" اس حدیث کو ابوداؤد اور نسائی نے ان سے روایت کیا ہے اور امام احمدؒ نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: "نهي عن النوح والشعر والتصاویر وجلود السباع والتبرج والغناء والذهب والخز والحریر"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سرخ زین پوش کی ممانعت

۴۳۵۸: وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْمِیْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ ۔

رواه فی شرح السنة۔

ترجمہ: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ زین پوش سے منع فرمایا اس کو بغوی نے شرح السنۃ میں نقل کیا ہے۔

۴۳۵۹: وَعَنْ اَبِیْ رِمْثَةَ التَّیْمِیِّ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَخْضَرَانِ وَلَهٗ شَعْرٌ قَدْ عَلَاهُ الشَّیْبُ وَشَیْبُهٗ اَحْمَرُ (رواه الترمذی وفی روایة لابی داود) هُوَ ذُوْ وَفْرَةٍ وَبِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ.

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤١٦ الحدیث رقم ٤٢٠٦، والترمذی فی ٥/١١٠ الحدیث رقم ٢٨١٢، والنسائی فی ٨/٢٠٤ الحدیث رقم ٥٣١٩، وأحمد فی المسند ٢/٢٢٦۔

ترجمہ: حضرت ابو رمثہ تیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی مبارک میں چند بال ایسے تھے کہ جن پر بڑھاپا غالب آیا تھا اور سفید بالوں پر سرخی تھی۔ یہ ترمذی و ابوداؤد کی روایت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم صاحب وفرہ تھے اور ان بالوں میں مہندی کا اثر تھا۔

تشریح: (قوله: علیه ثوبان اخضران): یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دو کپڑے پہن رکھے تھے وہ یا تو خالص سبز رنگ کے تھے یا ان میں سبز رنگ کی دھاریاں تھیں اہل جنت کا اکثر لباس سبز رنگ کا ہوگا۔ جیسا کہ روایات میں آیا ہے۔ (ذکرہ میرکؒ) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿عالیهم ثیاب سندس خضر﴾ [الانسان: ۲۱] اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ اس کپڑے میں سبز رنگ کی دھاریاں ہوں۔ جیسا کہ بعض روایات میں "ثوبان" کی جگہ "بردان" آیا ہے اور چادریں عام طور پر دھاری دار ہی ہوتی ہیں عصامؒ کہتے ہیں، کہ "ثوبان" سے مراد ازار اور رداء ہے اور یہ جو کہا گیا ہے، کہ "سبز کپڑا پہننا سنت ہے" تو اس کا ضعف ظاہر ہے۔ کیونکہ غایت مفہوم اس کی اباحت کا نکلتا ہے۔ (انتھی) لیکن اس کا ضعف بھی ظاہر ہے، کیونکہ اشیاء اپنی اصل کے اعتبار سے مباح ہی ہیں اور جب "مختار" (یعنی نبی کریم) نے اس میں سے کوئی چیز لباس کیلئے اختیار کر لی تو اس کے "افادہ استحباب" میں تو کوئی شک ہی نہیں رہا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

قوله: وله شعر قد علا الشیب: "شعر" عین کے فتحہ کے ساتھ ہے اور سکون بھی درست ہے۔ "شعر" کو نکرہ اس لئے لایا، تاکہ قلت پر دلالت ہو جائے۔ ای وله شعر قلیل کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید بال بہت ہی کم تھے، ان کی تعداد بھی بیس سے کم تھی۔ چنانچہ شرح السنۃ میں حضرت انسؓ سے مروی ہے: ما عدت فی راس رسول اللہ ﷺ ولحیته الاأربع عشرة شعرة بیضاء فرماتے ہیں، میں نے آپ علیہ السلام کے سر اور داڑھی مبارک کے سفید بال گنے۔ تو وہ صرف چودہ بال تھے۔ "قد علا" یہ صفت ہے۔ ملا علی قاریؒ کے نسخہ میں "قد علا" (بغیر ضمیر منصوب متصل کے) ہے اور ہمارے نسخہ میں "قد علاہ" (ضمیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منصوب متصل کے ساتھ) ہے چنانچہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ایک نسخہ میں "وقد علاہ" ہے یہ جملہ حالیہ ہے۔

قوله: وشيبه أحمر: یعنی وہ مہندی سے رنگے ہوئے تھے (ذکرہ طیبیؒ اور مطلب یہ ہوگا کہ وہ شعر قلیل (تھوڑے سے بال) مہندی کے ساتھ رنگے ہوئے تھے۔ اس کی تائید ایک اور روایت سے بھی ہوتی ہے: "بها ردع من حناء" اور ابو رمثہ سے مروی امام حاکمؒ کی اس روایت سے اس کو مزید تقویت ملتی ہے: "ان شبه أحمر مصبوع بالحناء"۔ بعض نے اس کا معنیٰ یہ کیا ہے کہ ان بالوں کے اطراف میں سرخی سفیدی سے خلط ملط ہوگئی تھی۔ کیونکہ عادۃً اولاً بالوں کی جڑیں سفید ہوتی ہیں اور جب بال سفید ہونے لگتے ہیں تو وہ سرخ ہو جاتی ہیں اور پھر سفید ہو جاتی ہیں۔

اس میں اختلاف ہے کہ آپ علیہ السلام نے خضاب لگایا تھا کہ نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

"وهو ذو وفرةٍ" "وفره" ان بالوں کو کہتے ہیں جو کانوں کی لو تک پہنچتے ہوں۔

"ردع": راء کے فتحہ دال مہملہ کے سکون اور عین مہملہ کے ساتھ اور بعض کا کہنا ہے کہ غین معجمہ کے ساتھ "ردغ" ہے اس کا معنی ہے: اثر و لطخ اور "مقدمہ" میں ہے کہ دال مہملہ کے سکون اور عین مہملہ کے ساتھ ہے بمعنی صبغ اور غین معجمہ کے ساتھ اس کا معنی ہے "طین کثیراً"۔ القاموس میں ہے: "ردع" زعفران کو کہتے ہیں، زعفران کے ساتھ لتھڑنے کو کہتے ہیں اور جسم میں اس کے خوشبو کے باقی ماندہ اثر کو کہتے ہیں اور "روع" کے بارے میں فرماتے ہیں: الردغة معركة الماء والطين والوحل الشديد۔ (انتھی) لہٰذا از روئے روایت "ردع" عین مہملہ ہی کے ساتھ درست ہے۔

۴۳۶۰: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَاكِيًا فَخَرَجَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى اُسَامَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبُ قِطْرٍ قَدْ تَوَشَّحَ بِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ۔ (رواه في شرح السنة)

أحمد في المسند ۳/ ۲۱۲۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے۔ بیماری کی حالت میں اسامہ کے سہارے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قطری کپڑا اوپر ڈال رکھا تھا اور آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نماز پڑھائی۔ یہ شرح السنہ کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ان النبی کان شاکیا: "شاکیا" اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کا مصدر "شکوی" اور "شکایۃ" آتا ہے بمعنی "مرض"۔ کہا گیا کہ یہ واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض الوفاۃ کا ہے۔

قوله: وعليه ثوب قطر: بعض نسخوں میں یہ اضافت کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں وصف کے ساتھ ہے۔ "قاف" کے کسرہ اور طاء کے سکون کے ساتھ یمنی چادر۔ جو اُون سے بنی ہوئی ہوتی ہے۔ اس میں سرخی ہوتی ہے اور نقش و نگار ہوتے ہیں اور تھوڑا سا کھردرا پن بھی ہوتا ہے۔ بعض کے ہاں اس سے مراد اچھی قسم کا حلہ ہے جو "بحرین" کی طرف سے پایا جاتا تھا۔ ازہریؒ کہتے ہیں، کہ "بحرین" کے مضافات میں ایک گاؤں ہے، جس کو "قطرية" کہتے ہیں۔

قوله: وقد توشح به: اس کے اطراف کو گردن پر ڈالا تھا رومال کی طرح کیونکہ یہ چادر کے مشابہ تھا۔ بعض نے اس کا معنیٰ یہ کیا ہے کہ آپ نے اس کو اپنے داہنے ہاتھ کے نیچے کرتے ہوئے اپنے بائیں کندھے پر ڈال رکھا تھا۔ جیسا کہ "محرم"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حالت احرام میں کرتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ آپ نے اس کے ساتھ اپنے جسم اطہر کو ڈھانپا ہوا تھا۔

تخریج: (و کذا الترمذیؒ فی الشمائل)۔

قطری کپڑے بدن پر بھاری تھے

۴۳۶۱: وَعَنْ عَائِشَةَ ؓ قَالَتْ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قِطْرِيَّانِ غَلِيْظَانِ وَكَانَ اِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلَا عَلَيْهِ فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلَانِ الْيَهُوْدِيِّ فَقُلْتُ لَوْبَعَثْتَ اِلَيْهِ فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ اِلَى الْمَيْسَرَةِ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ مَا تُرِيْدُ اِنَّمَا تُرِيْدُ اَنْ تَذْهَبَ بِمَالِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ قَدْ عَلِمَ اَنِّيْ مِنْ اَتْقَاهُمْ وَآدَاهُمْ لِلْاَمَانَةِ۔ (رواه الترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۳/۵۱۸ الحديث رقم ۱۲۱۳، والنسائی فی ۷/۲۹۴ الحديث رقم ۴۶۲۸، وأحمد فی المسند ۶/۱۴۷۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ ؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک پر دو قطری کپڑے تھے جو کہ موٹے تھے۔ جب آپ ﷺ کو دیر تک بیٹھنے سے پسینہ آتا تو وہ آپ ﷺ کے بدن پر بھاری ہو جاتے جس کی وجہ سے آپ ﷺ کو تکلیف ہوتی۔ بالآخر فلاں یہودی کے پاس شام سے کپڑا آیا تو میں نے عرض کیا کہ اگر فلاں یہودی کی طرف کسی کو بھیجتے اور اس وعدہ پر اس سے دو کپڑے خریدتے کہ جب کہیں سے کچھ آئے گا تو اس وعدہ پر اس سے لے لیں تاکہ ان کپڑوں کی ایذاء سے بچت ہو۔ آپ ﷺ نے کسی کو اس یہودی کی طرف کپڑا خریدنے کے لئے بھیجا تاکہ وہ اس وعدہ پر کپڑا لائے۔ اس نے اس یہودی سے اس وعدہ پر کپڑا مانگا تو یہودی کہنے لگا تم یہ چاہتے ہو کہ اس میں تم میرا مال لے جاؤ اور پھر بعد میں قیمت سے انکار کر دو۔ یہودی نے بظاہر اس کو مخاطب کیا جو خریدنے گیا تھا اور حقیقت میں یہودی کا خطاب آپ ﷺ کو تھا۔ جب وہ شخص واپس لوٹا اور اس یہودی کا جواب بتلایا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس یہودی نے جھوٹ بولا ہے یعنی وہ خود بھی جانتا ہے کہ اس نے جھوٹ کہا ہے کیونکہ وہ تورات کے حوالے سے جانتا ہے کہ میں سب سے زیادہ متقی ہوں اور تمام لوگوں میں امانت کو زیادہ ادا کرنے والا ہوں۔ یہ ترمذی اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان اذا قعد فعرق ثقلا: ''عرق'': راء کے کسرہ کے ساتھ ثقلا: قاف کے ضمہ کے ساتھ، بمعنی وزنا۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ جملہ شرطیہ کنایہ ہے اس تعب ومشقت سے جو قطری کپڑا زیب تن فرمانے کی وجہ سے آپؐ کو لاحق ہوتی تھی۔ بائے موحدہ کے فتحہ اور زائے مشددہ معجمہ کے ساتھ بزازوں کے سامان کپڑا وغیرہ کو کہتے ہیں۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اہل کوفہ کے ہاں یہ کتان اور قطن کے کپڑے ہیں۔ نہ کہ اون اور ریشم کے ''قدوم'' کی نسبت ''بز'' کی طرف مجازی ہے۔

المیسرة: سین کے فتحہ کے ساتھ اور ضمہ بھی دیا جاتا ہے، جب کہ کسرہ بھی مروی ہے۔ سہولت اور غنا۔ مراد ثمن مؤجل ہے۔ جواب ''لو'' محذوف ہے ای لكان حسنا۔ بعض نے کہا ہے کہ ''لو'' تمنی کیلئے ہے۔ ''فقال قد علمت'': علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ ''فقال'' میں فاء کلام محذوف پر عطف کیلئے ہے۔ عبارت اس طرح ہوگی: ''فأرسل رسولاً الى اليهودى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یستسلف بزا الی المیسرۃ' فطلب الرسول منہ فقال الیھودی"۔

قد علمت ما ترید بصیغۂ خطاب کی صورت میں اس کا مخاطب قاصد ہوگا' اور بصیغۂ غائب کی صورت میں اس کا فاعل نبی کریم ہوں گے' علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ "ما" استفہامیہ ہے۔ علم کو عمل سے معلق کیا ہے' اور یہ بھی جائز ہے کہ "ما" موصولہ ہو اور "علم" بمعنی عرفان ہو اور یہ احتمال بھی ہے کہ بصیغۂ خطاب کی یہ تعبیر قاصد کی اپنی تعبیر ہو' کہ اس نے یہودی کی بات کو اپنے الفاظ میں نقل کیا ہو۔ کیونکہ اس کے الفاظ بصیغۂ غائب یہ تھے "**قد علمت ما یرید**" اور یہ بھی ممکن ہے کہ خطاب رسول سے ہو' اور اسناد مجازاً ہو۔

انما ترید ان تذھب بما لی: دونوں صیغے مخاطب کے ہیں' اور بعض نسخ میں دونوں صیغے غائب کے ہیں۔ "**أنی من اتقاھم**": وہ یہ باتیں حسد کی بناء پر کہتا ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں: **أو من زمرۃ من یعتقدون أنھم من المتقین**۔ کہ یا ان لوگوں کے زمرے میں سے ہیں جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ متقین میں سے ہیں اور یہ "علم" اس عرفان کی طرح ہے اس آیت میں ہے: ﴿یَعْرِفُوْنَہٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ﴾ ...... [البقرۃ:۱۴۶] "وہ ان (پیغمبر آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم) کو اس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانا کرتے ہیں مگر ایک فریق ان میں سے سچی بات کو جان بوجھ کر چھپا رہا ہے"۔

اداھم: یہ الف ممدودہ اور دال مہملہ مخففہ کے ساتھ ہے۔ اس کا معنی ہے: **أشدھم أداء للأمانۃ و أقضاھم للدین علی یقتضیط لدین** یعنی امانت کی ادائیگی کے اعتبار سے سب سے زیادہ سخت ہیں اور دین کے اقتضاء کے مطابق زیادہ عمل کرنے والے ہیں۔

۴۳۶۲: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ مَصْبُوْغٌ بِعُصْفُرٍ مُوَرَّدًا فَقَالَ مَا ھٰذَا فَعَرَفْتُ مَاکَرِہَ فَانْطَلَقْتُ فَاَحْرَقْتُہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِکَ قُلْتُ اَحْرَقْتُہٗ قَالَ اَفَلَا کَسَوْتَہٗ بَعْضَ اَھْلِکَ فَاِنَّہٗ لَا بَاْسَ بِہٖ لِلنِّسَاءِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجہ أبو داوٗد فی السنن ۴/۳۳۵ الحدیث رقم ۴۰۶۸' وابن ماجہ فی ۲/۱۱۹۱ الحدیث رقم ۳۶۰۳' وأحمد فی المسند ۲/۱۹۶۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس حالت میں دیکھا کہ کسم کا گلابی رنگ والا کپڑا مجھ پر تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کیا ہے؟ میں نے اس بات سے اندازہ لگایا کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں۔ میں نے جا کر اس کپڑے کو جلا ڈالا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تم نے اپنے کپڑے کا کیا کیا؟ میں نے عرض کیا اسے جلا ڈالا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اپنی کسی عورت کو کیوں نہ پہنا دیا۔ اس لئے کہ عورتوں کو ایسا کپڑا پہننے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: **قولہ: وعلی ثوب مصبوغ بعصفر موردا**

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وصف کو مصدر موصوف کے قائم مقام کیا گیا ہے اور "مورد" اس کپڑے کو کہتے ہیں' جو گلابی رنگ میں رنگا گیا ہو۔ (انتھی) اور یہ احتمال بھی ہے کہ یہ "نصب" اختصاص کی بناء پر ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال أفلا کسوته'': اور ایک نسخہ میں ''فقال'' (فاء کے ساتھ) ہے۔
اس کی مانند صحیح مسلم کی بھی ایک حدیث ماقبل میں گذری ہے۔ یہ حدیث صریح ہے کہ مردوں کیلئے لال رنگ حرام ہے۔

سرخ چادر کا استعمال

۴۳۶۳: وَعَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَتْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يَخْطُبُ عَلٰى بَغْلَةٍ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ اَحْمَرُ وَعَلِيٌّ اَمَامَهٗ يُعَبِّرُ عَنْهُ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٣٣٨ الحدیث رقم ٤٠٧٣، وأحمد فی المسند ٣/ ٤٧٧۔

ترجمہ: ہلال بن عامر رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میرے والد نے بیان کیا کہ میں نے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خچر پر خطبہ دیتے دیکھا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ چادر یعنی دھاری دار پہن رکھی تھی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کھڑے ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام لوگوں کو بیان فرماتے جا رہے تھے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے

راویٔ حدیث:

عامر بن ربیعہ۔ یہ عامر بن ربیعہ ہیں' ان کی کنیت ابوعبداللہ العنزی ہے۔ ہجرتِ حبشہ اور ہجرتِ مدینہ دونوں کے مہاجر ہیں۔ غزوۂ بدر اور دوسرے تمام غزوات میں شریک ہوئے ہیں۔ قدیم الاسلام ہیں۔ ان سے ایک جماعت روایت کرتی ہے۔ ۳۲ھ میں وفات پائی۔ مرتب عرض کرتا ہے کہ مرقاۃ مشکوٰۃ کے فوقانی متن میں ''عبداللہ بن عامر بن ربیعہ'' ہے اور تحتانی متن میں عامر بن ربیعہ ہے اور مؤطا میں عبداللہ بن عامر بن ربیعہ ہے اور یہی درست ہے۔

ہلال بن عامر۔ یہ ہلال ''عامر'' کے بیٹے مزنی ہیں۔ اہل کوفہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے اپنے والد سے روایت کی اور رافع المزانی سے حدیث کی سماعت کی۔ ان سے یعلی وغیرہ نے روایت کی۔ ''عامر'' سے مراد بظاہر عامر بن ربیعہ ہیں۔

تشریح: بمنا: یہ الف کے ساتھ ہے اور منصرف ہے اور یاء کے ساتھ بھی لکھا جاتا ہے اور غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔

قوله: وعليه برد احمر: اس کی تأویل پہلے گزر چکی ہے کہ سارا کپڑا سرخ رنگ کا نہیں تھا بلکہ اس پر سرخ رنگ کی دھاریاں تھیں اور اس کی تائید لغت کی مشہور کتاب ''قاموس'' سے بھی ہوتی ہے کہ ''برد'' باء کے ضمہ کے ساتھ۔ ''ثوب مخطط'' کو کہتے ہیں۔

قوله: علی أمامه يعبر عنه: چونکہ مجمع بہت زیادہ تھا فرد واحد کی آواز اس سارے انبوہ تک نہیں پہنچ رہی تھی' اس لئے حضرت علیؓ آپ کے سامنے کھڑے ہو کر آپؐ کے الفاظ سامعین پہنچا رہے تھے۔

۴۳۶۴: وَعَنْ عَآئِشَةَ ؓ قَالَتْ صُنِعَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَةٌ سَوْدَاءُ فَلَبِسَهَا فَلَمَّا عَرِقَ فِيْهَا وَجَدَ رِيْحَ الصُّوْفِ فَقَذَفَهَا۔ (رواہ ابوداود)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٣٣٩ الحديث رقم ٤٠٧٤‘ وأحمد في المسند ٦/ ٢١٩۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سیاہ چادر تیار کی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہنا۔ پھر جب اس میں پسینہ آیا تو اس میں اون کی بو محسوس فرمائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پھینک دیا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ''صنعت'': بصیغۂ مجہول ہے'' بردۃ: نائب فاعل ہے اور'' سوداء'' اس کی صفت ہے۔

۴۳۶۵: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلٰی قَدَمَیْهِ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٣٣٩ الحديث رقم ٤٠٧٥‘ وأحمد في المسند ٥/ ٦٣۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چادر کے ساتھ گوٹ مار کر بیٹھے تھے اور اس کے ڈورے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر پڑے ہوئے تھے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ''شملة'': اس سے مراد'' شال'' ہے، یا کساء ہے۔ هد بها: هاء کے ضمہ اور دال کے سکون کے ساتھ چادر کے اطراف کے دھاگے۔ مطلب یہ کہ آپ علیہ السلام حالت احتباء میں بیٹھے ہوئے تھے اور اس کا شملہ گھٹنوں کے پیچھے ڈالا تھا اور دونوں ہاتھوں میں اس چادر کے ایک طرف کو پکڑا ہوا تھا۔ تاکہ آپ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے شخص کی طرح ہو جائیں۔ یہ عرب کی عادت تھی کہ جب وہ کسی چیز پر تکیہ نہ لگائے ہوئے ہوتے تو اس طرح بیٹھتے تھے۔

قبطی کپڑا عورتوں کے استعمال کے لئے

۴۳۶۶: وَعَنْ دِحْیَةَ بْنِ خَلِیْفَةَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِقَبَاطِیِّ فَاَعْطَانِیْ مِنْهَا قُبْطِیَّةً فَقَالَ اِصْدَعْهَا صَدْعَیْنِ فَاقْطَعْ اَحَدَهُمَا قَمِیْصًا وَاَعْطِ الْاٰخَرَ امْرَاَتَكَ تَخْتَمِرُ بِهٖ فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ وَاْمُرِ امْرَاَتَكَ اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهٗ ثَوْبًا لَا یَصِفُهَا۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٣٦٣ الحديث رقم ٤١١٦‘ وأحمد في السمند ٥/ ٢٠٥۔

ترجمہ: حضرت دحیہ بن خلیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قبطی کپڑے لائے گئے آپ نے اس میں سے ایک قبطی کپڑا مجھے عنایت فرمایا اور فرمایا اس کو دو ٹکڑے کر و اور ایک کا قمیص بناؤ اور دوسرا اپنی بیوی کو دو تاکہ وہ اوڑھنی بنا لے۔ جب دحیہ پیٹھ پھیر کر چل دیئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی بیوی کو کہو کہ اس کے نیچے ایک کپڑا لگائے تاکہ اس سے اس کے بدن اور بال ظاہر نہ ہوں کیونکہ وہ کپڑا باریک ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

دحیہ کلبی: یہ'' دحیہ'' خلیفہ کلبی کے بیٹے ہیں۔ بلند مرتبہ کبار صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔ غزوۂ احد اور مابعد کے غزوات میں شریک ہوئے۔ ان کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۶ ھ میں قیصر شاہ روم کے پاس مدت صلح کے زمانہ میں بھیجا تھا۔'' قیصر'' نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایمان لانا چاہا مگر اس کے پادری ایمان نہیں لائے تو وہ بھی مسلمان نہیں ہو سکا۔ یہ ملک شام چلے گئے اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے تک وہاں رہے۔ متعدد تابعین رحمہم اللہ نے ان سے روایت کی ہے۔

''دحیہ'' دال کے کسرہ اور حائے مہملہ کے سکون اور دو نقطوں والی یاء کے ساتھ ہے۔ اسی طرح اکثر محدثین اور اہل لغت نے روایت کیا ہے بعض نے کہا ہے کہ دحیہ دال کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

خصوصی فضیلت:

یہ ''دحیہ'' وہی صحابی ہیں کہ حضرت جبرئیل امین ان کی صورت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لاتے تھے۔

تشریح: ''قباطی'' قاف کے فتحہ' بائے موحدہ طائے مہملہ کے کسرہ' بائے تحتیہ مشددہ مفتوحہ کے ساتھ ''قبطیۃ'' کی جمع ہے۔ پتلا اور سفید رنگ کا کپڑا تھا۔ گویا کہ ''قبط'' کی طرف منسوب ہے اور ''قبوط'' اہل مصر تھے۔ بیان نسب کے وقت قاف کے ضمہ استعمال ابنا یہ کے مطابق یہ مصر کا بنا ہوا ہوتا ہے' کپڑوں کی نسبت کے وقت بھی یوں ہی مستعمل ہے' اور لوگوں کی طرف نسبت ہو تو قاف کے کسرہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ ''قبطیۃ'': قاف کے ضمہ کے ساتھ ہے' کسرہ بھی دیا جاتا ہے' فقال اصدعها: اور ایک نسخہ میں بغیر فاء کے ہے'' ''اصدع'' دال مہملہ کے فتحہ کے ساتھ ہے'' ''صدعین'' بفتح الاول مصدر ہے' اور کسرہ کے ساتھ الآخر: خاء کے فتحہ کے ساتھ ہے' اور کسرہ بھی درست ہے۔

تختمر به: یہ مرفوع ہے۔ مبتدا محذوف کی خبر ہونے بناء پر' اور جواب امر ہونے کی بناء پر اس پر جزم بھی جائز ہے۔

فلما ادبر: اس میں التفات ہے یا یہ نقل بالمعنیٰ ہے

قوله: وأمر امرأتك ان تجعل تحته ثوبًا لا يصفها: یہ مرفوع ہے استیناف کی بناء پر موجب کا بیان ہے اور بعض نے ''جزم'' کے ساتھ پڑھا ہے جواب امر ہونے کی بناء پر۔ کیونکہ قبطی کپڑا بہت باریک ہوتا ہے اور شاید اس کی تخصیص کی وجہ ان کے حال کا اہتمام ہو اور اس لئے کہ بسا اوقات باریک کپڑا برتنے میں تسامح سے کام لیا جاتا ہے برخلاف آدمی کے۔ کہ وہ عام طور پر ازار اور شلوار کے ساتھ قمیص بھی پہنتا ہے۔

اوڑھنی کے استعمال کا طریقہ

۴۳۶۷: وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ لَيَّةً لَا لَيَّتَيْنِ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/٣٦٣ الحديث رقم ٤١١٥' وأحمد في المسند ٦/٢٩٦۔

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس اس حالت میں آئے کہ وہ اوڑھنی اوڑھنے والی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو ایک پیچ سر پر دو نہ کہ دو پیچ۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: فقال: ليةً لا ليتين:

''لية'': لام کے فتحہ اور بائے تحتیہ مشددہ کے ساتھ مفعول مطلق ہے. أي لوى لية واحدة''۔ یعنی ایک دوپٹہ ہوتا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسراف سے بچا جائے جا سکے۔ یا مردوں کی مشابہت سے بچا جا سکے۔ کیونکہ عورتوں کو مردوں کی طرح لباس نہیں پہننا چاہئے اور اس کے برعکس بھی نہیں ہونا چاہئے۔ کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً منقول ہے لعن الله المشبهات من النساء بالرجال والمشبهين من الرجال بالنساء کہ اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں پر لعنت کی ہے جو مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتی ہیں اور ان مردوں پر (بھی لعنت کی ہے) جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں۔ اس حدیث کو امام احمدؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ اور ابن ماجہؒ نے روایت کیا ہے۔ قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ آپ نے ان کو حکم دیا کہ سر پر دوپٹہ رکھیں، اور تھوڑی کے نیچے سے پیچ دے دو پیچ نہ دے تاکہ اسراف نہ ہو اور عمامہ باندھنے والوں سے مشابہت بھی لازم نہ آئے۔

تحريج: وكذا أحمد في مسنده والحا كم في مستدركه۔

الفصل الثالث:

حکم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کی شاندار مثال

۴۳۶۸: عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ مَرَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ إِزَارِيْ اِسْتِرْخَاءٌ فَقَالَ يَاعَبْدَاللّٰهِ اِرْفَعْ اِزَارَكَ فَرَفَعْتُهُ ثُمَّ قَالَ زِدْ فَزِدْتُ فَمَازِلْتُ اَتَحَرَّاهَا بَعْدُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اِلٰى اَيْنَ قَالَ اِلٰى اَنْصَافِ السَّاقَيْنِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۳/۱٦۵۳ الحديث رقم (۴۷۔۲۰۸٦)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا۔ اس وقت میرا تہبند لٹک رہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عبداللہ! تو اپنے تہبند کو بلند کر۔ میں نے بلند کیا تو فرمایا اس کو اور بلند کرو۔ پس میں ہمیشہ کوشش وقصد سے یہ کام کرتا ہوں۔ کہ تہبند کا اٹھانا آپ کے حکم سے بعض لوگوں نے کہا آپ کہاں تک اٹھاتے ہیں تو فرمایا۔ آدھی پنڈلیوں تک یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: فما زلت أتحر اها: أي أتحرى الفعلة اور فعل سے مراد ہے "رفع الازار شيئا فشيئاً"۔ (ذکرہ الطیبی) اور بظاہر یہ ضمیر "رفعة اخيرة" کی طرف راجع ہے اور معنیٰ یہ ہوگا کہ ہمیشہ مکمل کوشش کیا کرتا ہوں کہ میری شلوار آپ علیہ السلام کی اس تقریر کے مطابق اوپر ہی رہے۔ "بعد" مبنی علی الضم ہے۔ (مضاف الیہ محذوف ومنوی ہے۔) ای بعد قول النبی ﷺ ارفع ثم زد۔

شمائل میں عبید بن خالد المحاربی سے روایت ہے قال: بينما أنا أمشي بالمدينة اذانسان خلفي يقول: ارفع ازارك فانه أتقى اور ایک روایت میں نون کے ساتھ "انقى" ہے اور ایک میں بائے موحدہ کے ساتھ "ابقى" ہے۔ سلمہ بن الاکوع سے روایت ہے: قال: كان عثمان بن عفان يأتزر الى أنصاف ساقيه. وقال هكذا كانت ازرة صاحبي يعني النبي ﷺ۔ کہ حضرت عثمان بن عفانؓ کا ازار نصف ساقین (پنڈلیوں) تک ہوتا تھا اور فرمایا کہ میرے محبوب یعنی رسول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ ﷺ کا ازار بھی اسی طرح ہوتا تھا۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: قال أخذ رسول الله ﷺ بعضلة ساقی أو ساقه فقال: هذا موضع الإزار فإن أبيت فأسفل فان أبيت فلاحق للازار فی الكعبين۔ جیسا کہ حدیث صحیح میں آیا ہے: "ما اسفل من الكعبين من الازار فی النار"۔

غیر اختیاری طور پر چادر لٹک جانے کا حکم

۴۳۶۹: وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِزَارِیْ يَسْتَرْخِیْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاهَدَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ لَسْتَ مِمَّنْ يَفْعَلُهٗ خُيَلَاءَ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۹/۷ الحديث رقم ۳۶۶۵' وأبو داوٗد فی السنن ۳۴۵/٤ الحديث رقم ٤۰۸۵' والنسائی فی ۲۰۸/۸ الحديث رقم ۵۳۳۵۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنے ازار کو ٹخنوں سے نیچے کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہ فرمائے گا۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ کہنے لگے یا رسول اللہ! میری چادر تو لٹکی رہتی ہے یعنی میرے اختیار کے بغیر لٹک جاتی ہے اور بعض اوقات ٹخنے اور قدم تک بھی پہنچ جاتی ہے۔ البتہ میں ہر وقت اس بات کا خیال رکھتا ہوں یعنی اکثر و بیشتر خیال نہیں بھی رہتا خواہ کوئی سبب پیش آتا ہے یا شرعی رکاوٹ بن جاتی ہے یا عرفی وجہ پیدا ہو جاتی ہے۔ پس اس بارے میں میرے حق میں کیا حکم ہے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے ابوبکر! تو ان میں سے نہیں ہے جو تکبر کی وجہ سے ازار کو لٹکاتے ہیں۔ (ع)

تشریح: قوله: من جر ثوبه خيلاء لم ينظر الله اليه يوم القيامة:

اس سے مراد نظر رحمت ہے یا نظر عنایت ہے اور یہ بات گزر چکی ہے کہ یہ حدیث متفق علیہ ہے اور اس کو امام احمد اور اصحاب صحاح اربعہ نے بھی نقل کیا ہے۔

اتعاهده: النہایہ کے مطابق اس کا معنی ہے حفظ و رعایت۔

قوله: انك لست ممن يفعله فيلاء۔ یعنی تم ان لوگوں کے زمرے میں داخل نہیں ہو جو تکبراً ایسا کرتے ہیں۔ استرخاء بغیر قصد و ارادہ کے کوئی نقصان نہیں کرتا۔ خاص کر جب خیلاء اور تکبر نہ ہو البتہ افضل متابعت ہے اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے "جر ازار" میں سبب حرمت خیلاء اور تکبر ہے۔ جیسا کہ آغاز حدیث میں موجود "من" شرطیہ کی قید سے پتہ چلتا ہے۔

عرضِ مرتب:

ملا علی قاریؒ کی یہ آخری بات محل نظر معلوم ہوتی ہے' چونکہ بعض روایات میں تکبر وغیرہ کی قید کے بغیر مطلق حرمت بھی منقول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور مطلق کو مقید پر محمول کرنا اور اس کا برعکس حنفیہ اور شوافع کے درمیان اختلافی ہے۔

اتباع کا نمونہ

۴۳۷۰: وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَأْتَزِرُ فَيَضَعُ حَاشِيَةَ إِزَارِهِ مِنْ مُقَدَّمِهِ عَلٰى ظَهْرِ قَدَمِهٖ وَيَرْفَعُ مِنْ مُؤَخَّرِهٖ قُلْتُ لِمَ تَأْتَزِرُ هٰذِهِ الْإِزْرَةَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتَزِرُهَا۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٥٤ الحديث رقم ٤٠٩٦۔

ترجمہ: عکرمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ اپنا تہبند باندھتے تو اس کا کنارہ اگلی جانب اپنے قدم کی پشت پر رکھتے اور پچھلی جانب سے بلند رکھتے۔ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا آپ اس طرح تہبند کیوں باندھتے ہیں؟ تو وہ فرمانے لگے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح باندھا کرتے تھے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: تأتزر هذه الازرة: "الازرة": بکسر الاول ہے۔ ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدھ بار اس طرح سے تہبند باندھا ہو اور ابن عباس کی ان پر نظر پڑ گئی ہو۔ اسی وجہ سے حضورؐ کا یہ عمل صرف انہی سے منقول ہے۔

پگڑیاں فرشتوں کا لباس

۴۳۷۱: وَعَنْ عُبَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْعَمَائِمِ فَإِنَّهَا سِيْمَاءُ الْمَلَائِكَةِ وَأَرْخُوْهَا خَلْفَ ظُهُوْرِكُمْ۔ (رواه البيهقی فی شعب الايمان)

أخرجه البيهقی فی شعب الايمان ٥/١٧٦ الحديث رقم ٦٢٦٢۔

ترجمہ: حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پگڑیاں باندھنا لازم پکڑو کیوں کہ پگڑیاں فرشتوں کا لباس ہے۔ (یعنی وہ فرشتے یوم بدر کو دستار باندھے آئے تھے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: ﴿يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ﴾ [آل عمران: ١٢٥] اپنی پشتوں کے پیچھے شملے چھوڑو) اس لئے کہ ملائکہ کی آمد بھی اسی کیفیت سے تھی۔ بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہے۔

تشریح: قوله: "عليكم بالعمائم فانها سيماء الملائكة:

"سیما" اسم مقصور ہے اور بسا اوقات اس پر مد بھی پڑھا جاتا ہے۔

قوله: وارخوها خلف ظهركم: اس کا ہمزہ قطعی ہے "ظهر" أی أرسلوا أطراف العمام۔ سے مراد جنس ہے یا یہ ہر فرد کے اعتبار سے ہے اور ایک نسخہ میں "خلف ظهوركم" آیا ہے۔ یعنی جمع کے مقابلہ میں جمع منقول ہے۔

قوله: رواه البيهقی فی شعب الايمان: طبرانی نے ابن عمر سے روایت کیا ہے اور الفاظ و معانی کی بحث ماقبل میں گزر چکی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باریک کپڑے کی ممانعت

۴۳۷۲: وَعَنْ عَآئِشَةَ عَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَقَالَ يَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيْضَ لَنْ يُّصْلِحَ اَنْ يُّرٰى مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى وَجْهِهٖ وَكَفَّيْهِ ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٧٥ الحديث رقم ٤١٠٤۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں اور انہوں نے باریک کپڑے پہن رکھے تھے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیر لیا اور فرمایا جب عورت ایام حیض کو پہنچ جائے یعنی بالغ ہو تو اس کے جسم کا کوئی عضو بھی سوائے ان کے اور ان کے ظاہر نہ ہونا چاہیے۔ آپ علیہ السلام کا اشارہ چہرے اور ہاتھوں کی طرف تھا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ”وعليها ثياب رقاق:
”رقاق“ رقیق کی جمع ہے۔ ممکن ہے یہ واقعہ حجاب سے پہلے کا واقعہ ہو۔ قوله: اذا بلغت المحيض: محیض کی تخصیص غالب احوال کے اعتبار سے ہے۔ أن يرى: بصیغۂ مجہول ہے۔ ”منها“ أی من بدنها وأعضائها۔ لن يصلح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ”لن“ تاکید نفی کے لئے ہے۔ اور اسم اشارہ کو لانا مزید تقریر کے لئے ہے۔

کپڑا پہننے کی دُعا

۴۳۷۳: وَعَنْ اَبِيْ مَطَرٍ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا اشْتَرٰى ثَوْبًا بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ فَلَمَّا لَبِسَهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَزَقَنِيْ مِنَ الرِّيَاشِ مَا اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِي النَّاسِ وَاُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ۔

أحمد فی المسند ١/١٥٧۔

ترجمہ: ابومطر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ حضرت علی اللہ عنہ نے ایک دن ایک کپڑا تین درہم کا خرید فرمایا۔ جب اس کو پہنا تو کہنے لگے الحمد للہ...... تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں، جس نے زینت والا کپڑا عنایت فرمایا اور وہ کپڑا ہمارے ستر کو چھپانے کا ذریعہ ہے۔ پھر کہنے لگے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا یعنی کپڑے پہننے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔ یہ احمد کی روایت ہے۔

تشریح: ”رزقنی من الرياش: یہ ”ریش کی جمع ہے اور مراد لباس زینت ہے۔ یہ ”ریش الطائر “ سے مستعار لیا گیا ہے۔ کیونکہ ”پر“ پرندوں کا لباس اور زینت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ﴾ [الاعراف:٢٦] ”اے بنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدم! ہم نے تم پوشاک اتاری کی تمہاری ستر ڈھانکے اور تمہارے بدن کو زینت دے اور جو پرہیزگاری کا لباس ہے وہ سب سے اچھا ہے۔ یہ خدا کی نشانیاں ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں''۔

ما اتجمل به في الناس: یہ''ما'' موصولہ ہے یا ''ما'' موصوفہ ہے۔

وا واری عوراتی: أی ما استر به اور ممکن ہے کہ مبالغہ کیلئے ہے (یعنی یہاں ''اُواری'' فعل کو باب مفاعلہ سے لانا مبالغہ کی غرض سے ہے۔)

ایک اور دُعا اور پرانے کپڑے کا حکم

۴۳۷۴: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ لَبِسَ عُمَرُبْنُ الْخَطَّابِ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَّبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ عَمِدَ اِلَى الثَّوْبِ الَّذِیْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ كَانَ فِیْ كَنَفِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِیْ سَتْرِ اللّٰهِ حَیًّا وَّمَیِّتًا .

(رواه احمد والترمذی وابن ماجة وقال الترمذی هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٢١ الحديث رقم ٣٥٦٠، وابن ماجه فی ٢/١١٧٨ الحديث رقم ٣٥٥٧، وأحمد فی المسند ١/٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا پہنا اور پھر یہ دعا پڑھی: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ...... تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کو لائق ہیں جس نے مجھے ستر چھپانے والا کپڑا عنایت فرمایا۔ اور اس کے ساتھ اپنی زندگی میں زینت کرتا ہوں۔'' پھر کہنے لگے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ جو شخص نیا کپڑا پہنے پھر وہ یہ دعا پڑھے۔ پھر پرانا کپڑا خیرات کر دے تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کی پناہ اور عفو و مغفرت کے پردہ میں رہے گا جب تک زندہ رہے یا مرے یعنی دنیا و آخرت میں۔ یہ روایت امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ نے نقل کی ہے اور ترمذی نے اسے غریب کہا۔

تشریح: کان فی کنف الله: عمد: میم کے فتحہ کے سے ساتھ ہے، کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ جملہ شرط کی جزاء ہے۔ ''کنف'' کاف اور نون' دونوں کے ساتھ اس کا معنی ہے: حرز و ستر۔ ''کنف'' اصل میں 'طرف' ''ناحیہ'' اور سایہ کو کہتے ہیں۔ (قاموس)

وفی حفظ الله وفی ستر الله: یہ تاکید اور مبالغہ ہے۔ ''الصحاح'' میں ہے کہ ''الستر'' بالکسر ''الستور'' کا واحد ہے اور بفتح السین مصدر ہے۔ ''میتا'': یاء کو مشدد و مخفف دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے۔

رواه ابن ابی شیبة والحاکم وصححه۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باریک اوڑھنی کا پھاڑ ڈالنا

۴۳۷۵: وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِیْ عَلْقَمَةَ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ دَخَلَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلٰی عَائِشَةَ وَعَلَیْهَا خِمَارٌ رَقِیْقٌ فَشَقَّتْهُ عَائِشَةُ وَكَسَتْهَا خِمَارًا كَثِیْفًا۔ (رواه مالك)

أخرجه مالك فی الموطأ ٢/٩١٣ الحديث رقم ٦ من كتاب اللباس۔

ترجمہ: حضرت علقمہ بن ابی علقمہ سے روایت ہے انہوں نے اپنی والدہ سے نقل کیا کہ جناب حفصہ عبدالرحمان بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما کی بیٹی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آئیں۔ وہ اس وقت باریک اوڑھنی پہنچے ہوئے تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے وہ اوڑھنی پھاڑ ڈالی اور انہیں موٹی اوڑھنی پہنا دی۔ یہ موطا امام مالک کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

حفصہ بنت عبدالرحمٰن۔ یہ "حفصہ" عبدالرحمٰن کی صاحبزادی ہیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ "منذر بن الزبیر بن العوام" کے نکاح میں تھیں۔

تشریح: " خمار" "دوپٹہ" فشقته عائشة: تو حضرت عائشہؓ نے غصہ ہو کر دو ٹکڑے کر دیا اور اس سے دو رومال بنا دیئے۔ لہٰذا اس پر یہ اعتراض وارد نہیں ہوسکتا کہ انہوں نے مال کو ضائع کر دیا اور اس پتلے دوپٹے کے بدلے اس کو اک کھردرا موٹا کپڑا دیا ان کو ادب سکھانے کیلئے اور ان کے آداب کی تربیت کیلئے۔ جو انہوں نے مربی اکمل صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کئے تھے۔ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ شاید اس دوپٹے کے نیچے سے ان کا بدن بھی نظر آ رہا ہو اور اس کے بال بھی نظر آ رہے ہوں۔ تو انہوں نے اس کو تبدیل کر دیا۔ (واللہ اعلم)۔

قطری کرتہ کا استعمال

۴۳۷۶: وَعَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَیْمَنَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَةَ وَعَلَیْهَا دِرْعٌ قِطْرِیٌّ ثَمَنُهٗ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ فَقَالَتْ اِرْفَعْ بَصَرَكَ اِلٰی جَارِیَتِیْ اُنْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّهَا تُزْهٰی اَنْ تَلْبَسَهٗ فِی الْبَیْتِ وَقَدْ كَانَ لِیْ مِنْهَا دِرْعٌ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ تُقَیَّنُ بِالْمَدِیْنَةِ اِلَّا اَرْسَلَتْ اِلَیَّ تَسْتَعِیْرُهٗ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٥/٢٨٦ الحديث رقم ٢٦٢٨۔

ترجمہ: عبدالوحد بن ایمن نے اپنے والد سے نقل کیا کہ ایک دن میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے قطری لباس پہن رکھا تھا۔ یعنی مصری کرتہ جس کی قیمت پانچ درہم سے زائد نہ تھی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرمانے لگیں۔ تم میری لونڈی کو دیکھو یہ گھر میں یہ کپڑا پہننے سے اعراض کرتی ہے۔ (چہ جائیکہ کہ اس کو پہن کر باہر نکلا جائے) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ~~کے زمانہ~~ میں میرا ایک کپڑا اس طرح کا تھا۔ مدینہ منورہ کی جو عورت شادی بیاہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے موقع پر زینت کرنا چاہتی تو وہ پیغام بھیج کر یہ کرتہ منگواتی اور پہنتی تھی۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

عبدالواحد بن ایمن۔ پورا نام عبدالواحد ابن ایمن مخزومی ہے۔ یہ قاسم بن عبدالواحد کے والد ہیں۔ انہوں نے حدیث کا سماع اپنے والد اور دوسرے تابعین سے کیا ان سے ایک بڑی جماعت نے حدیث کی سماعت کی ہے۔

تشریح: "وعلیها درع: القاموس میں ہے: "درع المرأة قمیصها" ہے: المغرب میں ہے: "درع الحدید مؤنث و درع المرأة ما یلبس فوق القمیص یذکر"۔ قطری : قاف کے کسرہ کے ساتھ ہے' مراد "مصری" ہے۔ ثمنة خمسة دراهم: "ثمن" مرفوع ہے۔ ای ذو ثمنها اور ایک نسخہ میں یہ منصوب ہے' اس طور پر کہ یہ "الدرع" سے حال ہے۔ امام طیبیؒ کہتے ہیں کہ اصل کلام "ثمنه خمسة دراهم" تھا اس کو الٹ کر دیا گیا اور "مثمن" کو ثمن بنا دیا گیا۔

تزهی: علامت مضارع کے ضمہ اور فتحہ کے ساتھ' اور ھاء صرف مفتوحہ ہی ہے اور "فتح الباری" میں ہے کہ "تزهی" اول کے ضمہ کے ساتھ ہے اور مراد اس سے تکبر اور ناپسند کرنا ہے۔ یہ لفظ ان حروف میں سے ہے، جو فعل مجہول مستعمل ہوتا، اگرچہ بمعنیٰ الفاعل ہوتا ہے جیسا کہ عرب کہتے ہیں: غی بالأمر' نتجت الناقة۔ فرمایا کہ ابوذر کے نسخہ میں تزهی' صرف اول کے فتحہ کے ساتھ ہے' اور اصمعی کا کہنا ہے کہ فتحہ کے ساتھ نہیں بولا جاتا ہے۔ اھ۔ میں کہتا ہوں کہ محدث کا اثبات' لغوی کی نفی سے اولیٰ ہے تقین: بصیغۂ مجہول ہے' "تقین" سے ماخوذ ہے' اس کا معنی ہے تزئین "مقینہ" ماشطہ کو کہتے ہیں یعنی' کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

(وقد کان لی منها): مقصود اس سے یہ ہے کہ یہ بات تو ابھی قریبی زمانہ کی ہے لیکن لوگ ہی بدلتے جا رہے ہیں۔ زمان تبدیل ہو گئے۔ پس یہ بات صحیح ثابت ہو گئی، کہ سال بہ سال تم مزید رذیل سے رذیل تر ہوتے چلے جاؤ گے۔ بلکہ بخاریؒ، احمدؒ، نسائیؒ نے حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے :لایأتی علیکم عام ولا یوم الاوالذی بعده شرمنه حتی تلقوا ربکم۔ فرمایا کہ تم پر کوئی سال اور دن ایسا نہیں آئے گا، مگر ہر دن کے بعد آنے والا دن اس سے بدتر ہوگا۔ یہاں تک کہ تم اپنے ربّ سے مل لو گے اور اس کا سبب ان کے انوارات سے بُعد' اور ان کے اسرار سے احتجاب ہے جو کہ اپنی جانوں پر ظلم کا مقتضی ہے۔ پس ہم اللہ تعالیٰ سے حسن خاتمہ کا سوال کرتے ہیں۔

ناپسندیدہ کپڑے بیچنے کا حکم

۴۳۷۷: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا قَبَاءَ دِیْبَاجٍ اُهْدِیَ لَهٗ ثُمَّ اَوْشَكَ اَنْ نَزَعَهٗ فَاَرْسَلَ بِهٖ اِلٰی عُمَرَ فَقِیْلَ قَدْ اَوْشَكَ مَا انْتَزَعْتَهٗ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ نَهَانِیْ عَنْهُ جِبْرِیْلُ فَجَآءَ عُمَرُ یَبْكِیْ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَرِهْتَ اَمْرًا وَّاَعْطَیْتَنِیْهِ فَمَالِیْ فَقَالَ اِنِّیْ لَمْ اُعْطِكَهٗ تَلْبَسُهٗ اِنَّمَا اَعْطَیْتُكَهٗ تَبِیْعُهٗ فَبَاعَهٗ بِاَلْفَیْ دِرْهَمٍ ۔ (رواہ مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/ ۱٦٤٤ الحدیث رقم (۱٦ - ۲۰۷۰)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ریشمی قبا زیب تن فرمائی۔ جو کہ آپ کی طرف تحفہ میں بھیجی گئی تھی۔ پھر جلدی سے اسے اتار ڈالا اور اس کو عمر رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا۔ تو صحابہؓ (موجودین) نے کہا۔ کہ آپ نے جلد اسے اتار ڈالا تو فرمایا مجھے اس کے پہننے سے جبرئیل نے منع کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ قصہ سن کر روتے ہوئے آئے اور کہنے لگے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اسے پسند نہ کیا یعنی اس کے زیب تن کرنے کو۔ اور میری طرف بھیجی تا کہ میں اسے پہن لوں۔ تو میرا کیا حال ہوگا۔ آپ نے فرمایا یہ میں نے تجھے پہننے کیلئے نہیں دی بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تو اسے فروخت کر دے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے دو ہزار درہم میں فروخت کر دیا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''دیباج'': دال کے کسرہ کے ساتھ ہے' اور فتحہ بھی درست ہے۔ آپؐ نے اس ہدیہ دینے والے کی خاطر مدارت کی وجہ سے پہنی تھی جیسا کہ متعارف ہے۔ ''قدأوشك مأ: أی قدأسرع انتزاعك اياه''۔

''فجاء عمر يبكی'': اس کا عطف کلام مقدر پر ہے ای **فسمع عمر هذه القضية فجاء عمر با كيا**۔ یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی اور روتے ہوئے آئے۔

''تلبسه'': رفع کے ساتھ ہے' اور ایک نسخہ میں نصب کے ساتھ ہے ''تبیعه'': اس میں دونوں صورتیں درست ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''تلبسه'' اور ''تبيعه'' دونوں مرفوع ہیں مستانفہ ہیں' اعطاء کی غرض کا بیان ہے' میں کہتا ہوں ممکن ہے اس کے منصوب ہونے کی وجہ سے ہو کہ اس کی اصل ''لان تبيعه'' ہے' پس لام کو حذف کر دیا اور اعراب کو اس کی اصل پر برقرار رکھا' جیسا کہ ''تسمع بالمعيدی'' کے بارے میں کہا گیا ہے۔

خالص ریشمی کپڑا ممنوع ہے

۴۳۷۸: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمِتِ مِنَ الْحَرِيْرِ فَاَمَّا الْعَلَمُ وَسَدٰى الثَّوْبِ فَلَا بَأْسَ بِهٖ - (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ۳۲۹ الحدیث رقم ٤۰۵۵' وأحمد فی المسند ۱/ ۲۱۸۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ کہ بے شک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کپڑے کو پہننے سے منع فرمایا' جو خالص ریشم کا ہو۔ البتہ ریشم کی گوٹ یا بیل (جو چار انگشت کی مقدار ہو وہ) جائز ہے۔ یہ حدیث ابوداوٗد نے نقل کی ہے۔

تشریح: ''مصمت'': میم اولیٰ کے ضمہ اور ثانیہ کے کسرہ کے ساتھ وہ کپڑا جس کا تانا اور بانا دونوں ریشم کے ہوں کوئی اور چیز اس میں شامل نہ ہو۔ من الحریر: یہ تاکید کیلئے ہے۔ یا بناء علی التجرید ذکر کیا ہے۔ القاموس میں ہے کہ ''ثوب مصمت'' اس کپڑے کو کہتے ہیں جس میں ایک ہی رنگ ہو اس میں اور کوئی رنگ نہ ہو۔

وسدی الثوب: سین کے فتحہ اور دال دونوں معجم ومفتوح ہیں ''لحمة الثوب'' کی ضد ہے۔ سدی اس کو کہتے ہیں جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضاً بنا جائے اور لحمۃ وہ دھاگا جو طولاً ہو۔ حاصل یہ کہ جب اس کا تانا ریشم کا ہو اور بانا غیر ریشم کا ہو جیسا کہ قطن اور صوف ہے۔ تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ کپڑے کی تکمیل ''بانے'' کے ساتھ ہی ہوتی ہے اور اس کا عکس صرف حرب میں جائز ہے، اور یہی ہمارے ائمہ کا مسلک مختار ہے۔ فائدہ: اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ حرمت اور حلیت میں اعتبار اکثریت اور اغلبیت کا ہے۔ جیسا کہ ہمارے بعض علماء کا قول ہے۔

''خز'' کی شال کا استعمال

۴۳۷۹: وَعَنْ اَبِیْ رَجَاءٍ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ وَعَلَیْهِ مُطَرَّفٌ مِنْ خَزٍّ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ نِعْمَةً فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ اَنْ یُّرٰی اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰی عَبْدِهٖ۔

(رواہ احمد)

أحمد في المسند ٤/٤٣٨۔

ترجمہ: حضرت ابو رجاء رحمہ اللہ سے روایت ہے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ہمارے ہاں تشریف لائے تو انہوں نے خز کی شال پہن رکھی تھی۔ وہ کہنے لگے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو اللہ تعالیٰ کوئی نعمت عنایت کرے تو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ اس کی نعمت کا اثر اس پر دیکھا جائے۔ یہ احمد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

ابو رجاء۔ یہ ابو رجاء ''عمران بن تمیم عطاردی'' ہیں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اسلام لے آئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن الخطاب اور حضرت علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے ایک بڑی جماعت نے روایت کی ہے یہ بڑے عالم باعمل سن رسیدہ اور ماہرین قراءت میں سے تھے۔ ۱۰۷ھ میں ان کی وفات ہوئی۔ مؤلف رحمہ اللہ نے ان کا اسم گرامی تابعین کی فصل میں ذکر فرمایا ہے۔

تشریح: '' **مطرف** '': تثلیث میم، سکون طاء، راء مفتوحہ، آخر میں ''فاء'' ہے اور میم زائدہ ہے۔ وہ کپڑا جس کے دونوں کناروں پر نقش و نگار ہوں۔

امام فراء رحمہ اللہ کہتے ہیں: کہ اصل اس میں ضمہ کے ساتھ ہے۔ کیونکہ یہ فی المعنیٰ ''اطرف'' سے ماخوذ ہے۔ جس کا معنیٰ ہے جعل طرفیہ العلمین لیکن عرب نے ضمہ کو ثقیل سمجھتے ہوئے اس کو کسرہ دیدیا۔ (کذا فی النہایۃ) اور امام فراء کے کلام سے مفہوم یہ ہوتا ہے کہ اس کو فتح دینا جائز نہیں اور یہ کہ کسرہ افصح ہے لیکن صاحب قاموس نے ضمہ پر اقتصار کیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ ''المطرف'': المکرم کی طرح ہے' خز کی وہ چوکور چادر جس پر نقش و نگار ہوں۔ اھ۔۔ پس (حدیث میں) ''خز'' کا لفظ تاکید کیلئے ہے یا تجرید پر مبنی ہے اور ''خز'' خالص ریشم کے کپڑے کو کہتے ہیں اور بعض کا کہنا ہے کہ ابریشم اور اون سے بنے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں۔ یہ مباح ہے۔ پس یہاں پر ثانی مراد ہے۔

ان یرٰی: یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أثر نعمته علی عبده: علامہ طیبی رحمہ اللہ کہتے ہیں یہاں پر اسم ظاہر کو اسم ضمیر کا قائم مقام کیا گیا ہے جو کہ مبتدا کی طرف راجع ہے۔ تا کہ عبودیت کا اظہار ہو کہ اس پر اس کے مالک و رب کے نعمت کا اثر وظاہر ہو۔

''منہاج العابدین'' میں مذکور ہے کہ ایک دفعہ فرقد سنجی حضرت حسن کے پاس آئے۔ اس وقت فرقد کے جسم پر چادر تھی جب کہ حضرت حسن ''حلہ'' زیب تن کئے ہوئے تھے۔ چنانچہ فرقد ان کے حلہ کو چھو کر دیکھنے لگے۔ تو حضرت حسن نے کہا میرے کپڑوں کی طرف کیا دیکھ رہے ہو، میرے کپڑے اہل جنت کے ہیں' جب کہ تمہارے کپڑے اہل جہنم کے ہیں۔ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ اکثر اہل جہنم چادروں والے ہوں گے۔ پھر حضرت حسن نے فرمایا کہ لوگ کپڑوں میں زُہد سمجھتے ہیں جب کہ دلوں میں کبر اور تکبر ان کے سینوں میں بھرا ہوتا ہے اور اس ذات کی قسم جس کی قسم اٹھائی جاتی ہے کہ تم میں سے چادروں والے زیادہ تکبر والے ہوتے ہیں۔ مطرفہ والے سے۔ اھ۔ نقشبندیہ' شاذلیہ اور بکریہ کے ہاں بھی یہی مختار ہے کہ دیگر صوفیہ کی طرح کسی صوف وغیرہ کے کسی لباس کے ساتھ مقید نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی برکات اور ان کی نیتوں کے حسن مقاصد سے سرفراز فرمائے۔

اسراف و تکبر سے بچنے کا حکم

۴۳۸۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كُلْ مَاشِئْتَ وَالْبَسْ مَاشِئْتَ مَا اَخْطَأَتْكَ اثْنَتَانِ سَرَفٌ وَمَخِيْلَةٌ۔

(رواه البخاری)

البخاری تعليقًا ۱۰/ ۲۵۲ باب قول الله تعالىٰ ﴿ قل من زينة... ﴾ كتاب اللباس۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جائز اور مباح چیزوں میں سے جس کو چاہو کھاؤ اور پہنو۔ بشرطیکہ دو چیزوں سے پرہیز رہے اسراف اور تکبر یعنی ان دو وجوہات کی وجہ سے چیزوں میں کراہت پیدا ہوتی ہے۔ یہ روایت امام بخاری نے ترجمۃ الباب میں نقل کی ہے۔

تشریح: ''ما أخطأتك اثنتان'': ما یہاں پر مداومت کیلئے ہے۔ ای مدۃ تجاوز الخصلتین عنک یعنی جب تک تم ان دو خصلتوں سے تجاوز نہ کرو ''سرف و مخیلة'': اسراف اور تکبر کو کہتے ہیں۔ ابن ماجہ نے حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے ان من السرف أن كل كل ماشتهيت کہ ''یہ بھی اسراف ہے کہ تم جو چاہو کھاتے رہو'' اور اسی پر من چاہے کپڑے کو قیاس کرلیا جائے کہ من السرف أن تلبس كل اشتهيت علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اسراف کی مطلقاً نفی تکبر کی نفی کو مستلزم ہے اور ''المخيلة'' کی نفی تاکید کیلئے ہے۔ ان دونوں استیعاب مفعود ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا﴾ [الاسراء: ۲۳] میں کہتا ہوں کہ یہ آیت حدیث کی نظیر ہے۔ کیونکہ ''انتھار'' اف کو شامل ہے اور آیت کا مفہوم نہی، ''نهی عن الانتهار'' کو بطریق اولیٰ شامل ہے۔ حدیث میں ایسا نہیں ہے۔ بلکہ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ''اسراف'' کا تعلق کمیت کے ساتھ ہے اور ''مخيلة'' کا تعلق ''کیفیت'' کے ساتھ ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے: ''لا خير في سرف ولا سرف في خير''۔ (اسراف میں خیر نہیں اور خیر میں اسراف نہیں۔)

قوله: رواه البخاری فی ترجمة الباب: مطلب یہ کہ اس کو امام بخاریؒ نے بغیر اسناد کے تعلیقاً روایت کیا ہے یہ ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''موقوف''۔لیکن حدیث مرفوع کے حکم میں ہے۔

ضرورت کا کھانے اور پہننے کا حکم

۴۳۸۱: وَعَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَتَصَدَّقُوْا اَوْ اِلْبَسُوْا مَالَمْ يُخَالِطْ اِسْرَافٌ وَلَا مَخِيْلَةٌ۔ (رواه احمد والنسائی وابن ماجة)

أخرجه النسائی فی السنن ۷۹/۵ الحديث رقم ۲۵۵۹، وابن ماجه فی ۱۱۹۲/۲ الحديث رقم ۳۱۰۵، وأحمد فی المسند ۱۸۱/۲۔

ترجمہ: عمرو بن شعیب نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کھاؤ پیو بقدر ضرورت اور ضرورت سے زائد کو راہ خدا میں دو اور پہنو بشرطیکہ اس میں اسراف اور تکبر نہ ہو۔ یہ نسائی، احمد اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: **مالم يخالط فيه اسراف ولا مخلية**: اس قید کا تعلق آخری کے ساتھ ہے، نفی مخیلہ اس کا قرینہ ہے، اور اگر کچھ تکلف سے کام لیا جائے تو اس کا تعلق ماقبل میں مذکور تمام اوامر سے بھی ہو سکتا ہے۔

سفید کپڑا بہترین لباس

۴۳۸۲: وَعَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَازُرْتُمُ اللّٰهَ فِىْ قُبُوْرِكُمْ وَمَسَاجِدِكُمُ الْبَيَاضُ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۱۸۱/۲ الحديث رقم ۳۵٦۸۔

ترجمہ: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بہترین کپڑا سفید کپڑا ہے کہ جسے پہن کر تم اپنی قبروں اور مسجد میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرو۔

تشریح: **''ان احسن ما زرتم اللّٰه**: یہ ''ما'' موصوفہ ہے، یا موصولہ ہے اور عائد محذوف ہے۔ ای ''احسن شیء زرتم اللّٰه فيه'' اور جامع صغیر کی روایت میں ہے: ''ان احسن ما زرتم اللّٰه به''۔

فی قبورکم ومساجدکم البیاض: یعنی کفن اور عبادت کیلئے بہترین کپڑا سفید رنگ کا کپڑا ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ ''مساجد'' میں تو ظاہر ہے، کیونکہ مسجدیں اللہ تعالیٰ کے گھر ہیں۔ جب کہ قبور سے مراد میتوں کے کفن ہیں۔ کیونکہ مؤمن موت کے بعد اللہ تعالیٰ سے ملے گا، تو اس کو چاہئے کہ وہ سب سے اعلیٰ حالت میں ہو، موت اور زندگی دونوں میں۔

آغاز باب میں اس پر سیر حاصل بحث گزر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْخَاتَمِ

انگوٹھی پہننے کا بیان

''خاتم'' تاء کے فتحہ کے ساتھ اس کا معنی ہے ''طابع'' خاتم کسرہ کے ساتھ تو اسم فاعل کا صیغہ ہے۔اس کی طرف ''ختم'' کی نسبت مجازی ہے۔آپؐ نے انگوٹھی کیوں بنوائی تھی؟ اس کا بیان آگے آئے گا اور ''الشمائل'' میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت ہے: **لما أراد رسول الله ﷺ أن يكتب الى العجم قيل له :ان لعجم لايقبلون الا كتا با عليه خاتم ' فاصطنع خاتما كانى أنظر الى بيا ضه فى كفه** .''جب رسول اللہ نے ''عجمیوں'' کو خطوط لکھنے کا ارادہ کیا تو کسی نے کہا، کہ عجم تو بغیر مہر کے خط کو قبول نہیں کرتے ہیں۔چنانچہ آپ علیہ السلام نے انگوٹھی بنوائی اور مجھے اب بھی یوں لگ رہا ہے کہ میں آپ علیہ السلام کی ہتھیلی میں اس کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں''۔

الفصل الاول:

سونے کی انگوٹھی کا پھینکنا

۴۳۸۳:وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَجَعَلَهٗ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ اَلْقَاهُ ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ نُقِشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ لَا يَنْقُشَنَّ اَحَدٌ عَلٰى نَقْشِ خَاتَمِيْ هٰذَا وَكَانَ اِذَا لَبِسَهٗ جَعَلَ فَصَّهٗ مِمَّا يَلِيْ بَطْنَ كَفِّهٖ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۳۲۸/۱۰ الحديث رقم ۵۸۷۹' ومسلم في ۱٦٥٥/۳ الحديث رقم (۵۳۔۲۰۹۱) والنسائي في السنن ۱۹۲/۸ الحديث رقم ۵۲۷٦' وابن ماجه في ۱۲۰۱/۲ الحديث رقم ۳٦۳۹۔

ترجمہ:حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سونے کی انگوٹھی بنوائی اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اس کو پہنا دائیں ہاتھ میں پھر اسے پھینک دیا۔پھر چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پر ''محمد رسول اللہ کندہ کروایا اور فرمایا اس طرح کی کوئی انگوٹھی نہ بنوائے۔آپ جب اسے پہنتے تو اس کا نقش اپنی ہتھیلی کی طرف کرتے یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **اتخذ النبى** ﷺ **خاتما**: (اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں): ① آپؐ نے ''انگوٹھی'' بنانے کا حکم دیدیا۔② آپؐ نے تیار انگوٹھی پائی تو پہن لی۔

من ذھب: یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب مردوں پر سونا حرام نہیں ہوا تھا۔امام محمدؒ ''موطأ'' میں فرماتے ہیں، کہ مرد [illegible]نہیں کہ وہ سونے،لوہے،اور پیتل کی انگوٹھی بنائے۔البتہ چاندی کی انگوٹھی بنانے کی اجازت ہے۔البتہ عورتوں کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سونے کی انگوٹھی بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، اس بات پر اجماع ہے کہ عورتوں کیلئے سونے کی انگوٹھی جائز اور مردوں کیلئے حرام ہے۔
شرح السنہ والے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث دو امور پر مشتمل ہے۔ ان دونوں امور میں بعد میں حکم تبدیل ہو گیا۔ ایک یہ کہ مردوں کے حق میں سونے کے انگوٹھی پہننے کی حرمت ہے اور دوسرا یہ کہ انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنی جائے۔ جب کہ آپ کا آخری عمل یہ تھا کہ آپ نے اس کو بائیں ہاتھ میں پہنا تھا۔ امام سیوطیؒ ''حاشیہ البخاری'' میں لکھتے ہیں کہ اس بارے میں کئی احادیث وارد ہیں کہ انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہننی چاہئے اور بائیں ہاتھ میں پہننے کی بابت بھی احادیث وارد ہیں اور عمل اسی پر ہے پہلا حکم منسوخ ہے۔ (قاله البيهقي) ابن عدیؒ وغیرہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کی تخریج کی ہے کہ آپ پہلے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے پھر اس کو بائیں ہاتھ میں منتقل کر دیا۔ پھر آپؐ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس میں ''محمد رسول الله'' نقش تھا۔
نقش فيه: یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے اور ''محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کا جملہ اس کا نائب فاعل ہے اور ایک نسخہ میں ''نقش'' صیغہ معروف کے ساتھ ہے۔ ای أمر با لنقش فيه اس صورت میں یہ جملہ اس کا مفعول ہو گا محل نصب میں یا محل رفع میں ہو گا۔ اور اس کے نقوش کی حکایت ہو گا۔ علامہ طیبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، کہ جائز ہے کہ یہ جار حال ہو فاعل سے۔ کیونکہ یہ نکرہ سیاق نفی میں ہے۔ یا مصدر محذوف کی صفت ہے۔ ''أي ناقشا على نقش ختمي و مما ثلاله'' او'' نقشا على نقش خاتمي هذا'' امام نوویؒ کا قول ہے کہ سبب نہی یہ تھا کہ آپ علیہ السلام نے اپنی خاتم پر اس قول کو نقش کیا تھا تا کہ بادشاہوں کی طرف جانے والے خطوط پر مہر لگائی جا سکے۔ پس اگر دوسرے لوگ بھی یہ نقش اپنی انگوٹھی پر بنواتے تو مفسدہ ہوتا اور خلل واقع ہوتا۔ (انتہی) آپ نے ان کو منع کر دیا کیونکہ آپ کو معلوم تھا کہ صحابہؓ اس میں آپ اتباع کریں گے، جیسا کہ کمال متابعت ان کی عادت تھی' ان کو مجرد نقش کی اجازت دیدی لیکن اس میں اس خاص نقش سے ان کو منع کر دیا تا کہ حکمت اور مصلحت عامہ فوت نہ ہو۔
كان اذا لبسه: اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ اس کو علی الدوام نہیں پہنتے تھے۔ لہٰذا یہ جو شمائل میں آیا ہے: ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتخذ خاتما من فضة و كان يختم به و لا يلبسه کہ آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے مہر لگاتے تھے۔ پہنتے نہیں تھے۔ اس مذکورہ مفہوم کے منافی نہیں ہے۔
علامہ میرک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، کہ اس روایت میں اور ان روایات میں کہ جن میں آتا ہے کہ آپ انگوٹھی پہنا کرتے تھے، کے درمیان جمع ممکن ہے اور وہ یوں کہ: ''و لا يلبسة'' حال ہے یہ اس بات کا فائدہ دے رہا ہے کہ عدم لبس کی حالت میں آپ اس سے مہر لگاتے تھے اور یہ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ آپ اس کو مطلقاً نہیں پہنتے تھے اور شاید اس میں راز ریا ء ترک اور اظہار تواضع تھا۔ کیونکہ پہنی ہوئی انگوٹھی سے مہر لگانا تکبر اور خیلاء سے خالی نہیں ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ ''و لا يلبسه '' کا ''يختم به'' پر عطف کیا جائے اور مراد اس سے یہ ہو کہ آپ اس کو علی سبیل الاستمرار والدوام نہیں پہنتے تھے بلکہ جب ضرورت ہوتی تو اس کو پہن لیتے تھے اور وہ ضرورت مہر ثبت کرنا تھی۔ جیسا کہ بعض روایات میں صراحۃً وارد ہوا ہے اور علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے عجیب وغریب بات کہی ہے کہ ''مہر ثبت کرتے وقت انگوٹھی پہن لیتے تھے'' یہ بات بعید ہے' اسکی نفی کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔
حنفی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں ہو سکتا ہے آپؐ نے کئی انگوٹھیاں بنوائی ہوں، جیسا سلاطین و حکام کے پاس ہوا کرتی ہیں اور اس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض کو آپ پہنتے ہوں اور بعض کو نہ پہنتے ہوں۔لیکن عصام نے اس کا تعاقب کیا ہے کہ یہ بات بھی بہت بعید ہے۔کیونکہ جب آپ نے یہ ایک حاجت کی وجہ سے بنوائی تھی۔تو یہ بات بعید ہے کہ آپ نے متعدد بنوائی ہوں۔

ایک جماعت نے انگوٹھی پہننے کو مطلقاً مکروہ جانا ہے۔یہ مسلک شاذ ہے۔ہاں یہ بات ثابت ہے کہ جب آپ علیہ السلام نے ایک انگوٹھی بنائی اور صحابہؓ نے بھی اسی طرح کی انگوٹھیاں بنوائیں۔تو آپ نے اسکو پھینک دیا' چنانچہ صحابہؓ نے بھی۔اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں یہ "عدم ندب خاتم" پر دال ہے اس شخص کے لئے کہ جس کو اس کی ضرورت نہ ہو۔

البتہ امام بغوی رحمہ اللہ نے اس کا جواب دیا ہے کہ آپ نے تکبر اور خیلاء کے خدشہ کے پیش نظر اس کو پھینک دیا تھا اور بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ یہ امام زہریؒ کا وہم ہے جو آپؐ نے ایک دن پہن کر پھینک دی تھی۔وہ دراصل سونے کی انگوٹھی تھی۔ جیسا کہ یہ حضرت ابن عمرؓ اور انسؓ سے متعدد طرف سے ثابت ہے۔ یا وہ انگوٹھی لوہے کی تھی ابوداؤد نے سند جید کے ساتھ روایت کیا ہے کہ آپ کے پاس چاندی کی ایک انگوٹھی تھی جس پر چاندی کی ملمع سازی کی گئی تھی۔تو ممکن ہے کہ آپؐ نے یہ انگوٹھی پھینکی ہو۔آپؐ اس کے ساتھ لگاتے ہوں اور اس کو پہنتے نہ ہوں۔

ایک جماعت کا مسلک یہ ہے کہ اگر زینت کے ارادہ سے بنوائی گئی ہو تو مکروہ ہے اور دوسرے کچھ علماء کہتے ہیں کہ غیر سلطان کیلئے مکروہ ہے' چونکہ دوسروں کے لئے ممانعت آتی ہے۔اس کو ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

قولہ: البتہ امام احمد سے منقول ہے کہ یہ ضعیف ہے۔

جعل فصه ممايلي بطن كفه: "الفص" نگینہ کو کہتے ہیں۔امام نوویؒ کہتے ہیں۔اس نگینہ کو بطن کف کی جانب کرتے تھے یہ تکبر اور اعجاب سے بعید ہے اور جب آپ نے اس کا حکم نہیں دیا تو ظاہر کف کی طرف کرنا بھی جائز ہے اور سلف نے اس پر دونوں طرح سے عمل کیا ہے میں کہتا ہوں۔کہ شاید ان کی مخالفت کی وجہ یہ ہو کہ انکو یہ روایات نہ پہنچی ہو۔

قاضی خانؒ کہتے ہیں کہ چاندی کی انگوٹھی بنوانا اس شخص کیلئے جائز ہے جیسے کی ضرورت مہر لگانے ہو اور عدم حاجت کی صورت میں اس کا ترک افضل ہے اور جب کوئی انگوٹھی بنائے تو اس کو چاہئے کہ نگینہ کو باطن کف کی جانب رکھے۔امام نوویؒ کہتے ہیں، کہ اگر کسی نے یکے بعد دیگرے پہننے کے لئے کئی انگوٹھیاں بنوائی تو یہ بھی جائز ہے۔بعض علماء کہتے ہیں کہ اس میں جواز اور عدم جواز دونوں اقوال ہیں۔

قرآن رکوع میں نہ پڑھا جائے

۴۳۸۴: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْقِسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ وَعَنْ قِرَائَةِ الْقُرْاٰنِ فِي الرُّكُوْعِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ١٦٤٨/٣ الحديث رقم (٢٩-٢٠٧٨)وأبو داوٗد في السنن ٣٢٢/٤ الحديث رقم ٤٠٤٤ والترمذي في السنن ١٩٨/٤ الحديث رقم ١٧٣٧' والنسائي في ١٩١/٨ الحديث رقم ٥٢٦٧' وأحمد في المسند ١١٤/١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسی اور کسم کے کپڑے پہننے اور سونے کی انگوٹھی استعمال کرنے کی ممانعت فرمائی یعنی مردوں کیلئے ان کا استعمال ممنوع قرار دیا اور رکوع میں قرآن مجید کی تلاوت سے منع فرمایا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: نهى رسول الله ﷺ عن لبس القسي والمعصفر: اس کا بیان گزر چکا ہے۔

قوله: وعن تختم الذهب: مردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ جیسا کہ حضرت علیؓ نے روایت کیا ہے کہ نبی علیہ السلام دائیں ہاتھ میں ریشم پکڑا اور بائیں ہاتھ میں سونا لیا اور فرمایا، یہ دونوں چیزیں میری اُمت کے مردوں پر حرام ہیں۔ حضرت عائشہؓ کے پاس سونے کی کئی انگوٹھیاں تھیں۔ یہاں تک کہ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ عورت کیلئے چاندی کی انگوٹھی مکروہ ہے کیونکہ یہ تو مردوں کی شان ہے۔ اگر عورت صرف چاندی ہی کی انگوٹھی پائے تو پھر اس کو زعفران وغیرہ کے ساتھ رنگ دے۔

قوله: وعن قراءة القرآن في الركوع: چونکہ رکوع تسبیح کا محل ہے اور سجدہ میں تلاوت قرآن کا حکم بھی یہی ہے۔

سونے کی انگوٹھی پہننے والا آگ کی انگشتری پہنتا ہے

۴۳۸۵: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فِيْ يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِّنْ نَارٍ فَيَجْعَلُهَا فِيْ يَدِهٖ فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ خَاتَمَكَ انْتَفِعْ بِهٖ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَقَدْ طَرَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۳/۱۶۵۵ الحديث رقم (۵۲-۲۰۹۰)۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی ایک انگوٹھی دیکھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس انگوٹھی کو نکال کر پھینک دیا اور فرمایا تم آگ کے انگارے کا قصد کر کے اسے اپنے ہاتھ میں پہنتے ہو۔ یعنی سونا پہننے سے وہ ہاتھ دوزخ میں جلایا جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لے جانے کے بعد ان صاحب سے کہا گیا کہ تم اس انگوٹھی سے فائدہ اٹھاؤ یعنی فروخت کر دو یا کسی عورت کو دے دو۔ تو وہ کہنے لگا میں اس چیز کو ہرگز نہ لوں گا جس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھینک دیا ہو۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: فنزعه وطرحه: یہ کلام انکار میں ابلغ ہے اور اسی وجہ سے آپ نے اپنے اس ارشاد میں "من رأى منكم منكرا فليغيره بيده" کے الفاظ کو مقدم ذکر فرمایا۔ امام نوویؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث میں "ازالة المنكر باليد" ہے۔ اس شخص کیلئے جو کہ اس پر قدرت رکھتا ہو۔

فقال يعمد: میم کے کسرہ اور فتحہ کے ساتھ اور ہمزہ انکار استفہامی کا مقدر ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اس میں تاکید ہے کہ آپ نے انکار کو مخرج اخبار میں ذکر فرمایا اور "نزع الخاتم وطرحه" کے بعد اس خطاب کو عام کر دیا۔ یہ غضب عظیم اور تہدید شدید پر دال ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ "الى جمرة" اسی طرح "صحيح مسلم" میں بھی "تاء" کے ساتھ ہے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"فیجعلها" میں ضمیر مؤنث ہے اور نسخ مصابیح میں بغیر "تاء" کے ہے اور ضمیر مذکر کی ہے۔

قوله: لاوالله لاآخذه ابدًا وقد طرحه رسول الله ﷺ: امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس میں امتثال امر رسول میں مبالغہ کا اظہار ہے اور یہ کہ تاویلات ضعیفہ سے رخصت نہیں مل سکتی ہے۔ ان صاحب کے انگوٹھی نہ اٹھانے کی وجہ سے فقراء کیلئے اس انگوٹھی کو اٹھانا اور اس میں تصرف کرنا صحیح ہو گیا۔

مہر کے طور پر انگوٹھی استعمال کرنے کا جواز

۴۳۸۶: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ یَّکْتُبَ اِلٰی کِسْرٰی وَقَیْصَرَ وَالنَّجَاشِیِّ فَقِیْلَ اِنَّهُمْ لَا یَقْبَلُوْنَ کِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ فَصَاغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا حَلْقَةً فِضَّةٍ نُقِشَ فِیْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (رواه مسلم وفی روایة للبخاری) کَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلَاثَةَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَرَسُوْلُ سَطْرٌ وَاللّٰهُ سَطْرٌ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۲٤/۱۰ الحدیث رقم ۵۸۷۵، ومسلم فی ۱٦۵۷/۳ الحدیث رقم (۵۸-۲۰۹۲) وأبو داؤد فی السنن ٤۲۳/٤ الحدیث رقم ٤۲۱٤، والترمذی فی ۲۱۲/٤ الحدیث رقم ۱۷٤۸۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فارس کے بادشاہ کسریٰ اور روم کے بادشاہ قیصر اور حبشہ کے بادشاہ کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا۔ آپ سے عرض کیا گیا کہ بادشاہ خطوط کو مہر کے بغیر قبول نہیں کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی بنوائی جس کا نقش محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ انگوٹھی کا نقش تین سطور میں تھا۔ نیچے کی سطر میں آپ کا اسم گرامی ایک سطر میں رسول اور اوپر کی سطر میں اسم پاک باری تعالیٰ تھا۔ محمد رسول اللہ۔

تشریح: کاف کے کسرہ کے ساتھ ہے اور فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔ چنانچہ "المغرب" میں لکھتے ہیں کہ کسرہ کے ساتھ ہے اور فتحہ افصح ہے لیکن قاموس میں یوں ہے کہ کسریٰ فتحہ کے ساتھ فارس کا بادشاہ تھا۔ "خسرو" سے معرب ہے۔ جس کا معنی ہے "واسع الملک" (وسیع مملکت والا)۔ اور "قیصر" روم کے بادشاہ کا لقب تھا۔

جب کسریٰ کے پاس خط آیا۔ تو اس نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ جس پر آپ نے اس کو مملکت کے ٹکڑے ہونے کی بد دعاء دی اور اس کی مملکت ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی اور جب ہرقل روم کے پاس آیا، تو اس نے اس کو حفاظت سے اپنے پاس رکھا چنانچہ اس کی مملکت محفوظ ہو گئی۔

النجاشی: یہ ملک حبشہ کے بادشاہ کا لقب تھا۔ آپ نے اس کی طرف خط لکھا۔ اس کا نام "أصحمة" تھا۔ آپ اس سے اسلام کا مطالبہ کر رہے تھے۔ اس نے اسلام قبول کر لیا اور ٦ ھ کو یہ اسلام لے آیا اور ۹ ھ کو وفات پا گیا اور آپ نے اس کا جنازہ پڑھایا۔ اور وہ نجاشی جو اس کے بعد آیا ہے۔ آپؐ نے دعوت اسلام کیلئے اس کو خط لکھا تھا۔ اس کے نام اور اس کے اسلام لانے کے بارے میں کوئی پتہ نہیں چلا۔ یہ کتابت صرف اس "اصحمه" کے لئے تھی۔ یہ کوئی اور اصحمہ تھا۔ جیسا کہ صحیح مسلمؒ میں حضرت قتادہ سے منقول ہے اور اصحمہ کو آپ نے دوبارہ خط لکھا کہ "ام حبیبہ" کا نکاح آپ کے ساتھ کرا دے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماقبل میں ہم نبی کریم ﷺ کے بعض مکتوبات کا ذکر چکے ہیں۔ بعض نے کہا کہ یہ قائل عجمی تھا اور بعض نے کہا کہ قریش سے تھا اور اس کی تائید طاؤس کی مرسل روایت سے ہوتی ہے کہ یہ قائل قریش سے تھا۔
مضمون ماقبل میں گزر چکا ہے۔

انهم لا یقبلون کتابا الا بخاتم: أی موضوعًا علیه بخاتم. اور ایک روایت میں ہے کہ "الا علیه خاتم ای وضع علیه خاتم" اور بعض نے کہا ہے کہ اس میں "مضاف" محذوف ہے۔ ای علیه نقش خاتم.
بعض نے کہا ہے کہ عدم اعتماد کا سبب یہ تھا، کہ اس کے بغیر خط کا مضمون قابل بھروسہ نہیں ہوتا تھا۔ یا یہ کہ وہ مہر کو اپنی تعظیم کی علامت سمجھتے تھے اس لئے اس کو قبول نہیں کرتے تھے۔ یا یہ سمجھانے کیلئے کہ اس مکتبوت میں درج امور پر کسی کو اطلاع نہ ہو۔ (ذکرہ ابن حجر) لیکن یہ بات مخفی نہ رہے کہ ان کا شعار "ختم الورق" تھی۔ یہ کوئی ایسا سبب نہیں کہ جس کے باعث آپ نے انگوٹھی بنوائی، الا یہ کہ یوں کہا جائے تاکہ دونوں یکجا ہو جائیں۔

قوله: فصاغ رسول الله ﷺ خاتما: اور ایک روایت میں ہے: **فاصطنع خاتما۔**
حلقة فضة یہ اضافت کے ساتھ ہے۔ "خاتما" سے بدل ہے یا اس کیلئے بیان ہے اور "ترمذی" میں، "**حلقته فضة**" کے الفاظ ہیں اس صورت میں یہ "خاتم" کیلئے صفت ہوگا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا نگینہ چاندی کا نہیں تھا۔
نقش فیه: یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے، اور بعض کا کہنا ہے کہ معروف کے ساتھ ہے۔
امام بغویؒ نے شرح السنہ میں کہا ہے کہ یہ خاتم آپ علیہ السلام کے دست اقدس میں تھی۔ پھر ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی اور پھر حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں رہی، اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس رہی یہاں تک کہ معقیب کے "اریس" نامی کنوئیں میں گر گئی۔
"بئر آریس" اور راء دونوں مدینہ منورہ میں مسجد قباء کے قریب ایک مشہور جگہ تھی۔ "اریس" ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اس کی مزید تحقیق آگے آئے گی۔

قوله: وفی روایة البخاری: اور ترمذیؒ میں بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح منقول ہے "محمد سطر" مبتدا خبر ہیں "رسول" مبتداء ہے۔ بلاتنوین مرفوع علی الحکایۃ ہے۔ اسلئے کہ اصل میں یہ مضاف ہے اور معرب ہونے کی بناء پر تنوین بھی جائز ہے کیونکہ یہ مبتدا ہے اور "سطر" اس کی خبر ہے۔
"اللہ" یہ رفع کے ساتھ ہے یا بالجر علی الحکایۃ ہے اور یہی اولیٰ ہے اور اس کی خبر "سطر" ہے۔
علامہ میرک رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ بظاہر اس سے زیادہ اس میں کوئی زیادت نہیں تھی۔ البتہ ابوالشیخ نے اخلاق النبیؐ میں ایک روایت کی تخریج کی ہے کہ عرعرۃ نے عروۃ بن ثابت عن انس کے طریق سے روایت کیا ہے: **کان فص خاتم رسول الله ﷺ حبشیا مکتوب علیه لا اله الا الله محمد رسول الله ۔ ابن المدینی** نے عرعرۃ کی تضعیف کی ہے لہٰذا یہ زیادتی شاذ ہوئی اور اس طرح ابن سعدؒ نے ابن سیرین کی مرسل میں "بسم اللہ محمد رسول اللہ" زیادتی نقل کی ہے یہ بھی شاذ ہے اور اس کا کوئی متابع بھی نہیں ہے۔ فرمایا مرسل طاؤس، حسن بصریؒ، ابراہیم نخعیؒ اور سالم ابن الجعدؒ وغیرہ میں مروی روایت میں "محمد رسول اللہ"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر کوئی زیادت نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں کہ فرض کیا کہ یہ ثقہ ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ثقہ کی زیادتی مقبول ہوتی ہے تو اس صورت میں اس حدیث کو ''اختصار'' پر محمول کیا جائے اور وجہ امتیاز کے بیان پر محمول کیا جائے کہ نام نامی اسم گرامی کی وجہ سے انگوٹھی کو خصوصیت حاصل تھی یا اس کو تعدد خاتم پر محمول کیا جائے گا جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔ اس سے جمع بین الروایات کا حصول ممکن ہو جائے گا اور کسی راوی پر طعن بھی نہیں ہوگا۔ پھر علامہ میرکؒ کہتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ یہ اس مذکورہ ترکیب پر تھا۔ البتہ اس کی کتابت سیاق عادی پر تھی۔ کیونکہ ضرورت ختم کا تقاضا یہ تھا کہ منقوش حروف الٹے ہوں تا کہ اس سے مہر سیدھا لگے اور یہ جو بعض شیوخ کا قول ہے کہ اس کی کتابت نیچے سے اوپر کی طرف تھی۔ یعنی لفظ جلالۃ میں اور ''محمد'' سب سے نچلی سطر میں اور ''رسول'' درمیان والی سطر میں تھا تو میں نے اس کی تصریح احادیث میں نہیں دیکھی' بلکہ اسماعیلی کی روایت تو اس کے سب سے اوپری سطر ظاہر کے مخالف ہے کیونکہ اس میں یہ ہے کہ اس میں ''محمد'' ایک سطر تھی۔ ''رسول'' سطر ثانی تھا اور ''اللہ'' سطر ثالث تھا۔ اھ۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ آپ علیہ السلام کے علاوہ کے لئے نقش اسم جلالہ مکروہ ہے۔ علامہ ابن حجر فرماتے ہیں یہ ضعیف ہے میں کہتا ہوں اس کی ایک بہترین توجیہ جو کسی پر مخفی نہیں وہ توجیہ یہ ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے اسم گرامی کی تعظیم ہے تا کہ اس کی اہانت نہ ہو۔ اگر چہ کبھی کبھار ہی ہو جیسا کہ علماء نے مسجد وغیرہ کی دیواروں پر لفظ جلالہ کی کتابت کو مکروہ کہا ہے قبروں کے پتھروں وغیرہ پر بھی لفظ جلالہ کا نقش کرنا مکروہ ہے۔ لفظ جلالہ اگر کسی علم کا حصہ ہو مثلاً عبداللہ تو پھر اس میں ضرورت کی بناء پر کوئی حرج نہیں ہے۔

نگینہ وانگوٹھی دونوں چاندی سے تھے

۴۳۸۷: وَعَنْهُ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ خَاتَمُهُ مِنْ فِضَّةٍ وَكَانَ فَصُّهُ مِنْهُ۔

(رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۲۲/۱۰ الحدیث رقم ۵۸۷۰' وأبو داوٗد فی السنن ۴۲۴/۴ الحدیث رقم ۴۲۱۷' والترمذی فی ۱۹۹/۴ الحدیث رقم ۱۷۴۰' والنسائی فی ۱۷۳/۸ الحدیث رقم ۵۱۹۸' وأحمد فی المسند ۲۶۶/۳۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ دونوں چاندی کے تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: وکان فصه منه: ''منه'' میں ضمیر کو مذکر اسلئے لایا گیا ہے۔ کہ یہ ''ورق'' کی تاویل میں ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ ضمیر ''ما صنع منه الخاتم'' کی تعبیر کی تقدیر پر ''فضہ'' کی طرف راجع ہے۔ لیکن یہ بعید ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''منه'' میں ''من'' تبعیض کیلئے ہو اور ضمیر خاتم کی طرف راجع ہو۔ ای فصه بعض من الخاتم برخلاف اس کے کہ یہ پتھر کا ہو کیونکہ وہ اس سے جدا ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح ترمذیؒ نے الشمائل میں روایت کیا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں ہے: "من فضة كله"۔ علامہ میرکؒ کہتے ہیں، کہ اس کو بھی تعدد خاتم پر محمول کیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ ابوداؤد اور نسائی نے ایاس بن الحارث بن معیقیب کی حدیث میں نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں: كان خاتم النبی ﷺ من حديد ملوی عليه فضة فربما كان فی يدی و كان معيقيب على خاتم النبی ﷺ ہے۔ فرماتے ہیں معیقیب اس "خاتم" کے امین تھے۔ ابن سعدؒ نے اس کیلئے بطور شاہد کے ایک مرسل روایت کی تخریج کی ہے۔ مکحولؒ سے روایت ہے: "ان خاتم رسول الله ﷺ كان من حديد ملوی عليه فضة غير ان فصه بارز"۔

دوسرا شاہد: اسی طرح ابراہیم نخعیؒ سے بھی مرسلاً منقول ہے۔ البتہ اس میں آخری الفاظ ("غير ان فصه بارز") کی زیادتی نہیں ہے۔ تیسرا شاہد: سعید بن عمرو بن سعید بن العاص عن خالد ابن سعید ابن العاص کے طریق سے مسنداً منقول ہے کہ آپؐ کے پاس انگوٹھی لائی گئی تو آپؐ نے اس کو پہن لیا اور یہی آپؐ کے ہاتھ میں رہی یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے۔ ایک اور طریق سے سعید بن عمر سے منقول ہے' اس کے مطابق یہ واقعہ عمرو بن سعید یعنی خالد بن سعید کے بھائی کے ساتھ پیش آیا تھا اور اس کے الفاظ یہ ہیں کہ جب عمرو بن سعید بن العاص حبشہ سے واپس آکر حضورؐ کے پاس تشریف لائے۔ تو آپؐ نے ان سے کہا۔ کہ اے عمرو! تمہارے ہاتھ میں یہ انگوٹھی کیا ہے۔ وہ بولے یہ "حلقه" ہے' آپ نے فرمایا اس پر کیا نقش ہے؟ تو وہ بولے "محمد رسول اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وہ انگوٹھی لے لی"۔ یہ انگوٹھی آپؐ کے ہاتھ میں رہی یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے پھر یہ ابوبکر صدیق کے ہاتھ میں موت تک رہی۔ پھر حضرت عمرؓ کے پاس موت تک رہی۔ پھر اس کو حضرت عثمان بن عفان نے پہن لیا۔ ایک دن وہ اہل مدینہ کیلئے کنواں کھودرہے تھے۔ جس کو "بئر آريس" کہتے ہیں۔ اسی اثناء میں کہ وہ اس کے کنارے پر بیٹھے ہوئے اس کی کھدائی کا حکم دے رہے تھے کہ انگوٹھی ہاتھ سے چھوٹ کر کنویں میں گرگئی۔ حضرت عثمان اکثر ہاتھ سے انگوٹھی کو نکالتے تھے اور پھر پہنتے تھے۔ لوگوں نے بہت تلاش کی لیکن اس پر قادر نہ ہو سکے۔ تو شاید یہی خاتم حبشہ سے لائی گئی ہو جس کا نگینہ حبشی تھا اور حدیث اول میں "من ورق" کو محمول کیا جائے چاندی کی ملمع انگوٹھی پر۔

میں کہتا ہوں، کہ انسؓ کا یہ قول اس مناسب نہیں لکھتا: "كان يختم به و لا يلبسه"۔ "کہ انگوٹھی کو پہنتے نہیں تھے فقط مہر لگاتے تھے۔"

علامہ میرکؒ کہتے ہیں، کہ آپ نے حضرت خالد یا عمرو سے اس لئے لے لی تھی۔ تا کہ آپ کی خاص مہر مشتبہ نہ ہو۔ کیونکہ اس کا نقش آپ کی خاتم کے نقش کے موافق تھا۔ اس طرح "ختم" کی مصلحت ختم ہو جاتی۔ جیسا کہ سبب نہی ماقبل میں گزرا ہے۔ البتہ نگینہ والی انگوٹھی یہ وہ انگوٹھی تھی۔ جس پر آپؐ نے چاندی کے کا پانی چڑھانے کا حکم دیا تھا۔

دارقطنیؒ نے افراد میں سلمہ عن عکرمہ عن یعلی بن امیہ کے طریق سے روایت کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں، کہ میں نے رسول اللہ کیلئے ایک ایسی انگوٹھی بنائی تھی۔ جس میں میرے ساتھ کوئی اور شریک نہیں تھا اور اس میں میں نے "محمد رسول اللہ" نقش کیا تھا۔ خاتم کا یہ واقعہ خالد اور عمرو سے انگوٹھی لینے سے پہلے کا ہے۔

یہ جو عبدالرزاق نے معمر عن عبداللہ بن عقیل کے طریق سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے آپ کیلئے انگوٹھی نکالی تھی اور یہ خیال کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ رسول اس کو پہنتے تھے جس میں شیر کی تمثال تھی۔ معمر کا کہنا ہے کہ ہمارے بعض اصحابؒ نے اس کو دھو کر پیا ہے۔ اس میں ارسال کے ساتھ ساتھ ضعف بھی ہے۔ اس لئے کہ ''ابن عقیل'' کا قابل احتجاج ہونا میں مختلف فیہ ہے جب وہ منفرد ہوں اور جب دوسرے راوی کی مخالفت کریں۔ تو اس وقت ان سے کیسے استدلال کیا جا سکتا ہے اور بالفرض اگر یہ ثابت بھی ہو تو ممکن ہے آپ نے نہی سے پہلے ایک دفعہ پہنا ہو۔ (واللہ اعلم)

شمائل میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول اللہ نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی یہ آپ کے ہاتھ میں تھی۔ یعنی پہنی ہوئی تھی۔ یا یہ کہ آپ کے تصرف میں تھی یعنی مہر لگانے کیلئے پھر ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے پاس یکے بعد دیگر آئی۔ انہوں نے اپنے پاس یا تو مہر کیلئے یا تبرک کیلئے رکھی۔ پھر یہ حضرت عثمان کے ہاتھ میں رہی۔ ہاتھ سے مراد انگلی ہے۔ ''کل'' بول کر'' جزء '' مراد لیا ہے اور اس کی تائید بخاریؒ کی روایت سے بھی ہوتی ہے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام کے بعد اس انگوٹھی کو ابو بکر و عمرؓ و عثمانؓ نے پہنا تھا۔ لیکن زیادہ واضح بات یہ ہے کہ وہ اس کو تبرک کیلئے بسا اوقات پہنتے تھے۔ البتہ اکثر اوقات وہ معیقیب کے پاس ہوتی تھی تا کہ جمع بین الرویات ہو جائے۔

اور یہ جو کہا گیا ہے کہ **''کون الخاتم فی ایدیھم''** سے مراد یہ ہے کہ یہ ان کے پاس تھی جیسا کہ عرف میں کہا جاتا ہے: **''ان الشیء الفلانی فی ید فلان وھو ذوالید''** اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اس کے پاس ہے۔ تو ''حتی وقع'' کا ظاہر اس کا انکار کر رہا ہے۔

ظاہر سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت عثمان کے ہاتھ سے گری تھی اور صریح روایت یہ ہے کہ سعید بن ابی العاص کے آزاد کردہ غلام معیقیب کے ہاتھ سے گری تھی اور ''الجامع'' کے مطابق یہ صحابی مدینہ میں اس کے نگران تھے اور اس میں کوئی منافات نہیں ہے، کیونکہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ جب ایک ساتھی اپنے دوسرے ساتھی کو انگوٹھی پکڑا رہا ہوگا کہ اسی اثناء میں وہ کنویں میں گر گئی ہو۔ اسی وجہ سے سقوط کی نسبت دونوں کی طرف کر دی گئی۔

بخاریؒ کی روایت سے اشکال پڑتا ہے جو حضرت انسؓ کے طریق سے مروی ہے: **فلما کان عثمان جلس عنی بئر اریس فأخرج الخاتم فجعل یعبث به فسقط**۔ قال: **فاختلفنا ثلاثه ایام مع عثمان ننزح البئر فلم نجده**۔ کہ جب حضرت عثمان غنی بئر آریس کے کنارے پر بیٹھے تھے وہ انگوٹھی نکال کر اس سے کھیلنے لگے پس اس وقت وہ انگوٹھی کنویں میں گر گئی۔ راوی کہتا ہے کہ ہم تین دن تک کنویں سے پانی نکالتے رہے لیکن ہمیں انگوٹھی نہ مل سکی۔

امام نسائیؒ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے کسی چیز پر مہر لگانے کے لئے معیقیب سے انگوٹھی مانگی وہ مسلسل ان کے ہاتھ میں رہی۔ وہ کسی چیز کے بارے میں متفکر تھے اور اس کے ساتھ کھیل رہے تھے کہ ان کے ہاتھ سے گر گئی۔

یہ بات جان لینی چاہئے کہ روایت نسائی سے وہ اشکال رفع ہو جاتا ہے جو بخاریؒ کی روایت سے واقع ہوتا ہے کہ ان کی طرف عبث کی نسبت کی گئی ہے۔ عبث دراصل وہ تفکر تھا جو کسی معاملے میں حیرانگی کا باعث تھا اور اس فعل میں اضطراب کا سبب تھا۔ جس کی وجہ سے خاتم ان کے ہاتھ سے گر گئی اس میں ان کے تغیر حال ابقاء نصب اور انشاء عزل میں لوگوں کے اضطراب کی اطراف اشارہ ہے اور اس کو صورۃً عبث کہہ دیا۔ ورنہ درحقیقت یہ ایک فکر کی وجہ سے تھی اور اس قسم کی فکر صرف حیرت میں ہی ہوا کرتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اوراس کی وجہ سے شیعوں کا حضرت عثمانؓ پر اعتراض دفع ہو جاتا ہے۔

امام نوویؒ نے اس حدیث سے چند فوائد اخذ کئے ہیں جو حسب ذیل ہیں: ❶ صالحین کے آثار سے تبرک حاصل کرنے کا ثبوت ملتا ہے۔ ❷ ان کی پہنی ہوئی چیزیں پہننے کا جواز معلوم ہوتا ہے ❸ خاتم پہننا جائز ہے۔ ❹ حدیث دلیل ہے کہ نبی علیہ السلام کسی کو وارث بنا کر نہیں گئے تھے اگر کسی کو وارث بناتے تو پھر خاتم کسی وارث کو ہی دیتے۔ بلکہ خاتم، پیالہ اور اسلحہ وغیرہ آثار صوریہ میں سے تھے، یہ مسلمانوں کیلئے صدقہ تھے اور ولی الامر کو حسب مصلحت ان میں تصرف کا حق حاصل ہے۔ پس پیالہ کو حضرت انسؓ کے پاس رہنے دیا، چونکہ انہوں نے آپؐ کی خدمت کی تھی اس کے ذریعہ حضرت انسؓ کا اکرام مقصود تھا اور جس نے اس سے تبرک کے حصول کا ارادہ کیا تو اس کو منع نہیں کیا اور باقی اثاثے کو معروف لوگوں کے پاس رکھ دیا گیا اور خاتم کو اپنے پاس رکھا اس ضرورت کی وجہ سے جس کی وجہ سے آپ نے وہ بنوائی تھی۔ تاکہ وہ آپ کے بعد خلیفہ کیلئے موجود رہے۔ پھر خلیفہ ثانی اور پھر خلیفہ ثالث کیلئے۔

اور اس پر علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتراض کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جائز ہے کہ ''خاتم'' کو بھی مال مصالح میں سے بنایا جائے اور پھر وہ امام وقت کے پاس منتقل ہو جائے۔ تاکہ وہ اس سے منتفع ہوتا رہے جس کے لئے اس کو بنایا گیا۔ لیکن میں کہتا ہوں، کہ اصل بات پہلی ہی ہے، جب کہ یہ دوسری صورت محتمل ہے۔ لہٰذا وہی ''مووّل'' ہے۔ پس اس میں تأمل فرمالیجئے اور یہ باب بہت سے فوائد پر مشتمل ہے۔ جس میں سے بعض کو ہم نے ''شرح الشمائل'' میں ذکر کیا ہے۔

۴۳۸۸:وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ خَاتَمَ فِضَّةٍ فِيْ يَمِيْنِهِ فِيْهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ مِمَّا يَلِيْ كَفَّهُ . (متفق عليه)

أخرجه مسلم فی صحيحه ۳/۱۶۵۸ الحديث رقم (۶۲ـ۲۰۹۴)' وأبو داوٗد فی السنن ٤/٤٢٤ الحديث رقم ٤٢١٦' والترمذی فی السنن ٤/١٩٩ الحديث رقم ١٧٣٩' والنسائی فی ٨/١٧٢ الحديث رقم ٥١٩٦' وابن ماجه فی ٢/١٢٠١ الحديث رقم ٣٦٤١' وأحمد فی المسند ٣/٢٠٩ـ

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنی جس کا نگینہ حبشی تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگوٹھی کو اس طرح پہنتے کہ اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف ہوتا (بخاری و مسلم)

تشریح: **قوله:لبس خاتم فضة فی يمينه:** یہ ابتدائی زمانہ کا ذکر ہے۔

قوله:فيه فص حبشي: اس میں کئی توجیہات کی گئی ہیں: ① بعض نے کہا ہے کہ اس کا صانع حبشی تھا۔ ② بعض نے کہا ہے کہ اس کے نقش کا صانع حبشی تھا۔ ③ اس کو حبش سے لایا گیا تھا جیسا کہ پہلے گزر گیا ہے۔ لہٰذا اس میں کوئی منافات نہیں رہا کہ اس کا نگینہ اس میں سے تھا۔ اس کے باوجود اس میں تعدد متعین ہے کیونکہ احادیث اس پر دال ہیں۔ اس میں سے ایک روایت بخاری کی ہے اور اسی وجہ سے حافظ بن عبدالبر نے اس کو اصح کہا ہے۔ ہمارے علماء میں سے بعض شراح نے کہا ہے، کہ اس کا معنی ہے ''اسود اللون''، یعنی عقیق (انتہی) اور اس کا معنیٰ ہے کہ اس کا رنگ حبشوں کی طرح سیاہ تھا بایں طور کہ اس کی سرخی سیاہی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف مائل تھی۔ ورنہ تو عقیق کا معدن تو یمن ہے اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کو قاضی خان نے نقل کیا ہے انه كان يتختم بالعقيق آپ علیہ السلام عقیق کے ساتھ مہر لگاتے تھے اور ابتدائے اسلام میں چاندی اور عقیق کے ساتھ مہر لگانا سنت تھا۔ لیکن اس کے شارح کہتے ہیں کہ اس بات کو جاننا چاہئے کہ عقیق کے ساتھ مہر لگانا بعض علماء کے ہاں حرام ہے' کیونکہ یہ پتھر ہے: اور یہی قول امام ابوحنیفہؒ کے ہاں مختار ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ عقیق کے ساتھ مہر لگانا جائز ہے۔ کیونکہ آپ علیہ السلام نے فرمایا، کہ عقیق کی انگوٹھی بنواؤ کیونکہ یہ مبارک پتھر ہے۔ (انتھی) ظاہر یہ ہے کہ اختلاف حلقہ میں ہے نگینہ میں نہیں ہے۔ یہاں تک کہ یہ جائز ہے کہ نگینہ پتھر کا ہو اور حلقہ چاندی کا ہو اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے اور ایک حدیث میں صراحتاً آیا ہے جس کو سید جمال الدین نے ''روضۃ الاحباب'' میں ذکر کیا ہے کہ آپ علیہ السلام کی انگوٹھی کا نگینہ عقیق کا تھا۔ النہایہ میں ہے کہ اس میں احتمال ہے کہ اس سے مراد جزع یا عقیق ہو' کیونکہ ان دونوں کا معدن یمن اور حبشہ ہے۔ یا کوئی اور نوع مراد ہو جس کی طرف اس کو منسوب کیا گیا ہو۔ (انتھی) بعض نے کہا ہے کہ یہ ''جزع'' تھا یا عقیق تھا۔ بعض نے کہا ہے کہ حبشی پتھر تھا' کیونکہ یہ دونوں قسم کے پتھر بلاد یمن سے لائے جاتے تھے اور یہ حبشہ کا ایک ضلع تھا۔ بعض نے کہا ہے کہ ''فصه منه'' سے مراد اس کے نگینہ کی جگہ ہے۔ تو پھر اس میں کوئی اختلاف نہیں رہے گا کہ اس کا نگینہ پتھر کا تھا اور بعض شراح نے کہا ہے کہ یہ جو عقیق کی انگوٹھی بنانے کے بارے میں وارد ہے کہ یہ فقر کی نفی کرتا ہے اور یہ کہ یہ مبارک ہے اور یہ کہ جو اس کی انگوٹھی بنائے گا وہ ہمیشہ خیر میں رہے گا۔ یہ تمام روایات غیر ثابت ہیں جیسا کہ حفاظ حدیث نے ذکر کیا ہے اور ایک حدیث ضعیف میں ہے کہ یاقوت کے اصفر کی انگوٹھی بنانا طاعون کو روکتا ہے۔ (واللہ اعلم)

میں کہتا ہوں کہ اس حدیث ''تختموا بالعقيق فانه مبارك'' کو عقیلی نے ضعفا میں ذکر کیا ہے۔ ابن لالؒ نے ''مکارم الاخلاق'' میں' حاکم نے اپنی تاریخ میں' بیہقی، خطیب' ابن عساکر اور' دیلمی نے ''مسند الفردوس'' میں حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے۔ یہ کثرت طرق اس بات پر دال ہے کہ اس حدیث کی اصل موجود ہے اور ابن عدیؒ نے ''الکامل'' میں حضرت انسؓ سے یوں روایت کیا ہے: ''تختموا بالعقيق فانه ينفي الفقر''۔

قوله: كان يجعل فصه مما يلي كفه: یہ استئناف بیان ہے۔

اس روایت: ''كان يجعل فصه مما يلي كفه'' کو ابن ماجہ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے اور ابن عمرؓ سے بھی روایت کیا ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں اسی کے مثل یعنی انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہننے کے بارے میں عبداللہ بن جعفرؓ' ابن عمرؓ' ابن عباس' اور حضرت عائشہؓ سے بھی مروی ہے۔ حضرت ثابت نے حضرت انس سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں: **وكان خاتم النبي ﷺ في هذه واشار الى الخنصر في يده اليسرى**۔ اور نافع نے ابن عمر سے اسی کے مثل روایت کیا ہے۔ اور ان کے درمیان کوئی تعارض نہیں کیونکہ یہ ہو سکتا ہے کہ آپ نے دونوں کام کئے ہوں چنانچہ کبھی آپ دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے' اور کبھی بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کے سلسلہ میں صریح نہیں۔ میں یعنی جیسا اتفاق ہوتا' ان میں سے کوئی بھی روایت کسی ایک ہاتھ میں مداومت کے ساتھ انگوٹھی پہننے کے سلسلہ میں صریح نہیں۔ میں کہتا ہوں بیہقیؒ نے صراحت کی ہے کہ اول منسوخ ہے۔ ابن عدی وغیرہ نے یہ روایت کی ہے: **انه ﷺ تختم في يمينه ثم حوله في يساره**۔ انتھی تو گویا کہ جس نے اس کے برعکس کیا اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نسخ کی خبر نہیں پہنچی اور کم سے کم بات جو کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ انگوٹھی بائیں ہاتھ میں پہننا افضل ہے' جیسا کہ ہمارا مذہب صحیح ہے' چونکہ یہ اعجاب وزھو سے ابعد ہے' جیسا کہ نگینہ کو ہاتھ کی ہتھیلی کی طرف کرنا' امام نوویؒ فرماتے ہیں دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کے جواز پر اجماع ہے' اور بائیں ہاتھ میں پہننے پر بھی اختلاف ان دونوں میں سے افضل کے بارے میں ہے۔ ہمارا مذہب صحیح یہ ہے کہ دایاں ہاتھ افضل ہے' چونکہ یہ زینت ہے' اور دایاں ہاتھ زینت واکرام کے لئے اشرف واحق ہے۔ اھ۔ اس پر اشکال یہ ہے کہ اولیٰ یہ ہے کہ انگوٹھی پہننے کا مقصد زینت نہ ہو' چونکہ بقصد زینت تو یہ مکروہ ہوگا جیسا کہ بعض علماء کا کہنا ہے بلکہ انگوٹھی پہننے کا مقصد یا تو کوئی ضرورت ہو' یا متابعت سنت کی خاطر پہنی جائے۔

انگوٹھی بائیں چھنگلیاں میں

۴۳۸۹: وَعَنْهُ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلَى الْخِنْصَرِ مِنْ يَدِهِ الْيُسْرٰى ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۵۹ الحديث رقم (٦٣-۲۰۹۵)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں تھی۔ یہ کہہ کر انہوں نے چھنگلیا کی طرف اشارہ کیا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان خاتم النبیؐ: یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انگوٹھی پہننے کے بارے میں آخری عمل یہ تھا۔ "خنصر" ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی کو کہتے ہیں۔

درمیانی اُنگلی میں انگوٹھی نہ پہنی جائے

۴۳۹۰: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَخَتَّمَ فِيْ اِصْبَعِيْ هٰذِهٖ اَوْهٰذِهٖ قَالَ فَاَوْمَاَ اِلَى الْوُسْطٰى وَالَّتِيْ تَلِيْهَا۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۵۹ الحديث رقم (٦٥-۲۰۷۸)' والنسائی فی ۸/۱۷۷ الحديث رقم ۵۲۱۰' وابن ماجه فی ۲/۱٤۰۳ الحديث رقم ۳٦٤۸' وأحمد فی المسند ۱/۱۲٤۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس بات سے منع فرمایا کہ اپنی اس انگلی میں یا اس انگلی میں انگوٹھی پہنوں۔ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے یہ کہہ کر اپنی درمیانی انگلی اور اس کے قریب شہادت والی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔

تشریح: فی اصبعی هذه او هذه: یہاں پر "او" تنویع کیلئے ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ "او هذه" یہ تردید راوی کیلئے نہیں ہے بلکہ تقسیم کیلئے ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں ہے: ﴿وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا﴾ [الانسان: ۲٤]

فاوما: اس کے آخر میں ہمزہ ہے اور ایک نسخہ میں "فاومی" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"التی تلیھا" سے مراد مسبحة یعنی شہادت کی انگلی ہے۔ نبی علیہ السلام صحابہؓ اور تابعینؒ میں سے کسی سے بھی انگوٹھے اور بنصر کے بارے میں کوئی روایت نہیں ہے۔ لہٰذا "خنصر" میں مندوب ہے اور اس کی طرف شافعیہ اور حنفیہ کا میلان ہے۔ (ذکرہ میرکؒ) ظاہری قیاس کا بھی تقاضا یہ ہے کہ انگوٹھے اور بنصر میں انگوٹھی پہننا مردوں کے لئے ممنوع ہے نہ کہ عورتوں کے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ مرد کیلئے "وسطی" اور اس کے ساتھ والی انگلی میں انگوٹھی پہننا مکروہ تنزیہی ہے۔ البتہ عورتوں کیلئے تمام انگلیوں میں انگوٹھی پہننا جائز ہے۔

الفصل الثانی:

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی ہے

۴۳۹۱: عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَمِیْنِہٖ۔

(رواہ ابن ماجة)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٢٠٠ الحديث رقم ١٧٤٤، والنسائی فی ٨/ ١٧٥ الحديث رقم ٥٢٠٤، وابن ماجه فی ٢/ ١٢٠٣ الحديث رقم ٣٦٤٧۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنے دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔ اس روایت کو ابن ماجہ اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔

تشریح: اس کو ابوداؤد اور نسائی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا ہے۔

۴۳۹۲: وَرَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنِّسَائِیُّ عَنْ عَلِیٍّ۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٤٣١ الحديث رقم ٤٢٢٦، والنسائی فی ٨/ ١٧٤ الحديث رقم ٥٢٠٣۔

ترجمہ: اور نسائی نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہے۔

دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

۴۳۹۳: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَسَارِہٖ. (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داود فی السنن ٤/ ٤٣١ الحديث رقم ٤٢٢٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنی انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے یہ ابو داؤد کی روایت ہے۔

تشریح: الجامع الصغیر میں ہے: "کان یتختم فی یمینه" اس کو بخاری اور ترمذی نے حضرت ابن عمر سے، مسلم ونسائی نے حضرت انس سے اور احمد، ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے عبداللہ بن جعفر سے روایت کیا ہے۔

"کان یتختم فی یسارہ" اس کو مسلم نے حضرت انس سے اور ابوداؤد نے حضرت ابن عمر سے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''کان یتختم فی عینه ثم حوله فی یساره'' اس کو ابن عدی نے حضرت ابن عمر سے اور ابن عساکر نے حضرت عائشہ سے روایت کیا ہے۔

مردوں پر سونا اور ریشم حرام ہے

۴۳۹۴: وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ حَرِيْرًا فَجَعَلَهٗ فِيْ يَمِيْنِهٖ وَاَخَذَ ذَهَبًا فَجَعَلَهٗ فِيْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذَيْنِ حَرَامٌ عَلٰى ذُكُوْرِ اُمَّتِيْ۔ (رواہ احمد وابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٣٠ الحديث رقم ٤٠٥٧، والنسائی فی ٨/١٦٠ الحديث رقم ٥١٤٤، وابن ماجه فی ٢/١١٨٩ الحديث رقم ٣٥٩٥، وأحمد فی المسند ١/٩٦۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑا لیا اور اسے اپنے دائیں ہاتھ میں تھاما اور سونا لے کر اس کو اپنے بائیں ہاتھ میں تھاما اور فرمایا کہ یہ دونوں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں اس روایت کو احمد اور ابوداوٗد اور نسائی نے نقل کیا۔

تشریح: ''ان هذين'': ''شرح الطيبی'' میں ہے کہ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ یوں کہا جاتا ''حرامان'' مگر یہ کہ یہ مصدر ہے اور مصدر نہ تثنیہ آتا ہے اور نہ اس کی جمع لائی جاتی ہے'' یا تقدیری عبارت یہ ہے: ''کل واحد منها حرام'' اس کو مفرد لایا گیا تا کہ جمع کا وہم پیدا نہ ہو۔ میں کہتا ہوں کہ افراد میں تو جمع زیادہ ہے بنسبت اس کے جو متبادر الی الفہم ہے لہٰذا اولیٰ یہ ہے کہ اس کو مصدر پر محمول کیا جائے۔

اس حدیث کو طبرانی نے زید بن ارقم عن واثلہ یوں روایت کیا ہے: ''الذهب والحرير حل لاناث امتی وحرام علی ذکورها''۔

چیتے کی کھال اور سونے کے استعمال کی ممانعت

۴۳۹۵: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَعَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ اِلَّا مُقَطَّعًا۔ (رواہ ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داود فی السنن ٤/٤٣٧ الحديث رقم ٤٢٣٩، والنسائی فی ٨/١٦١ الحديث رقم ٥١٥٠، وأحمد فی المسند ٤/٩٣۔

ترجمہ: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چیتے کے چمڑے پر سوار ہونے اور سونا پہننے سے منع فرمایا۔ مگر یہ کہ بہت قلیل مقدار ہو۔ یہ ابوداوٗد کی روایت ہے۔

تشریح: وعن معاوية ان رسول الله ﷺ: اور ایک نسخہ میں ''ان النبی'' ہے۔

نهی عن رکوب النمور: اس کا تفصیلی بیان پہلے گزر چکا ہے اور یہ مردوں اور عورتوں دونوں کے حق میں برابر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البتہ اس کا زیادہ تر استعمال مرد کرتے ہیں اور الجامع الصغیر میں یہ الفاظ ہیں "نهى عن الركوب على حلود النمار فقط" اور کہا ہے کہ اس کو ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

پیتل کے علاوہ تمام انگوٹھیوں کی ممانعت

۴۳۹۶: وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ عَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ شَبَهٍ مَالِيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ الْاَصْنَامِ فَطَرَحَهُ ثُمَّ جَآءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ فَقَالَ مَالِيْ اَرٰى عَلَيْكَ حِلْيَةَ اَهْلِ النَّارِ فَطَرَحَهُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ اَتَّخِذُهُ قَالَ مِنْ وَّرِقٍ وَلَا تُتِمُّهُ مِثْقَالًا (رواه الترمذی وابوداود والنسائی وقال محی السنة وقد صح) عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي الصُّدَاقِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ اِلْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٢٨ الحديث رقم ٤٢٢٣، والترمذی فی ٤/٢١٨ الحديث رقم ١٧٨٥، والنسائی فی ٨/١٧٢ الحديث رقم ٥١٩٥۔

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی پیتل کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ مجھے تجھ سے بتوں کی بدبو آ رہی ہے اور یہ اس لیے فرمایا کہ بت عموماً پیتل کے بنائے جاتے تھے اس نے اسے پھینک دیا اور پھر ایسی حالت میں واپس لوٹا کہ وہ لوہے کی انگوٹھی پہننے والا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ میں تجھ پر دوزخیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں تو اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ تو پھر میں کسی چیز کی انگوٹھی بنواؤں تو فرمایا کہ چاندی کی اور اس کا وزن مثقال کے برابر مت کرو۔ یہ ترمذی ابوداؤد اور نسائی نے روایت کی۔ محی السنہ کہتے ہیں کہ یہ بات صحیح حدیث میں وارد ہے جو حضرت سہل ابن سعد سے مروی ہے کہ ایک آدمی نکاح کا ارادہ کرتا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے لئے کوئی مال تلاش کر کے لا جو اس کو مہر کی شکل میں دیا جائے اگرچہ لوہے کی انگوٹھی کیوں نہ ہو۔

تشریح: **قال النبی قال لرجل علیه خاتم من شبه**: یہ چیز "شبہ": شین معجمہ کے فتحہ اور بائے موحدہ کے ساتھ 'ایک شئی پیتل کے مشابہ ہوتی ہے' فارسی میں اس کو "بوبخ" کہتے ہیں اور وجہ تسمیہ اسکی یہ ہے کہ سنہری رنگ کی ہوتی ہے اور القاموس میں لکھتے ہیں: **الشبه معركة النحا س الأصفر ويكسر**.

"**ما لی**": یہ آپ علیہ السلام کا مقولہ ہے اور "ما" استفہام انکاری ہے اور اس کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔ مراد اس سے "مخاطب" ہے ای "**مالك**"

اجد منك ريح الاصنام" یہ بات آپ نے اس لئے ارشاد فرمائی کیونکہ عام طور پر بت پیتل سے بنائے جاتے تھے۔ (خطابیؒ)

ما لی ارٰی علیك حلیة اهل النار "حلیه" حاء کے کسرہ کے ساتھ "حلی" کی جمع ہے۔ مراد اس سے یہ ہے کہ اس دنیا میں بعض کفار کی زینت ہے۔ یا جہنم میں زنجیریں اور طوق کے لباس ان کی زینت ہوں گے۔ یہ ہمارے ہاں عام طور پر لوہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے بنائے جاتے ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ اس کو اس کی بدبو کی وجہ سے ناپسند کیا ہے۔

قال من ورق "ای اتخذه من ورق۔

ولا تتمه مثقالا: تاء کے ضم اور میم مفتوحہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔ **ای لا تکمل وزن الخاتم من الورق**

علامہ ابن الملک رحمہ اللہ علامہ مظہر کی اتباع میں فرماتے ہیں یہ نہی "ارشاد الی الورع" ہے۔ اس لئے کہ اولیٰ یہ ہے کہ خاتم کا وزن مثقال سے کم ہو کیونکہ یہ اسراف سے بعید ہے اور اس طرح یہ تکبر سے بھی بعید ہے۔ شوافع کے کچھ علماء تو کہتے ہیں کہ مثقال سے زائد حرام ہے۔ لیکن بعض دوسرے علماء نے اس کے جواز کو ترجیح دی ہے۔ ان مجوزین میں حافظ عراقیؒ بھی ہیں انہوں نے "شرح الترمذی" میں کہا ہے کہ نہی مذکور تنزیہ پر محمول ہے۔

اسنادی حیثیت: ترمذی اور نسائی نے اس کو سند جید کے ساتھ روایت کیا ہے بلکہ ابن حبان وغیرہ نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

ہمارے علماء میں سے قاضی خانؒ وغیرہ نے پیتل اور لوہے کی انگوٹھی پہننے کو مکروہ کہا ہے اور امام نوویؒ نے شرح مہذب میں صاحب الابانۃ سے ان دونوں کا مکروہ ہونا نقل کیا ہے اور "متولی" سے مروی ہے کہ وہ مکروہ نہیں کہتے ہیں اور اسی کو اختیار کیا ہے اور شرح مسلمؒ میں اس کو صحیح کہا ہے اور اس کی دلیل "صحیحین" وہ قصہ ہے کہ جس میں ایک خاتون نے اپنے آپ کو ہبہ کیا تھا تو آپؐ نے فرمایا: اطلب ولو خاتما من حدید اگر یہ مکروہ ہوتا تو اس کی اجازت نہ دی جاتی۔ میں کہتا ہوں کہ اس کا جواب آئے گا۔

وہ فرماتے ہیں ابوداؤد کی روایت میں ہے: "**وکان خاتمه من حدید ملوی علیه فضة**"۔ میں کہتا ہوں، یہ بات گذر چکی ہے کہ آپؐ اس کے ذریعہ مہر لگاتے تھے اس کو پہنتے نہیں تھے۔ پھر فرماتے ہیں کہ "حدیث نہی" ضعیف ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس کے کئی شواہد ہیں جو اس کو اگر درجہ صحت تک کو نہیں پہنچاتے تو درجہ حسن تک تو پہنچاتے ہی ہیں حالانکہ اس کا جواب یہ ہے کہ ابن حبان نے اس کو صحیح قرار دیا ہے جیسا کہ ماقبل میں گذرا ہے۔ (واللہ اعلم)

قوله: قال محیءِ النسة ......: اور ایک نسخہ میں "وقال" ہے۔ کہ "**الصداق**"۔ الصداق: حذف مضاف کے ساتھ ہے۔ ای باب الصداق "صداق" صاد کے فتحہ کے ساتھ اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ اس کا معنی ہے کہ تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں، کہ یہ مبالغہ کیلئے ہے تاکہ وہ "مقدمہ نکاح" کے طور پر کچھ خرچ کریں اگرچہ وہ کمتر چیز ہو۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے: **اعطنی ولو کفا من تراب**۔ کہ مجھے کچھ دو اگرچہ وہ مشت خاک ہی کیوں نہ ہو اور لوہے کی انگوٹھی سے اگرچہ "تختم" ممنوع ہے اس کے باوجود۔ یہ ان اشیاء میں داخل نہیں ہے، جن کی کوئی قیمت نہ ہو اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ اس میں "**تختم بخاتم الحدید**" سے ممانعت حدیث سہل کے بعد فرمائی ہو کیونکہ حدیث سہل استقرار سنن اور استحکام شرائع سے پہلے کی ہے۔ جب کہ حدیث بریدہ اس کے بعد کی ہے۔

قوله: عن لبس الذهب الا مقطعًا:

"**مقطعا**": طائے مہملہ مشددہ کے فتحہ کے ساتھ۔ **ای مکسرا قطعا صغارا**۔ مردوں کیلئے سونا پہننا حرام ہے۔ الا یہ کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوں۔ جیسا کہ اسلحہ اور کپڑوں کے پھول بوٹوں پر لگے ہوتے ہیں۔

(کذا ذکرہ بعض شراح من علمائنا)

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ ابوسلیمان الخطابیؒ نے اس میں تاویل کی ہے اور اس کو تنزیہ اور کراہت پر محمول کیا ہے اور نفی میں استثناء کے ساتھ ساتھ اس حکم کو عورتوں کے ساتھ مقید کیا ہے اور کہا ہے کہ "المقطع" سے "شیء یسیر" مراد ہے۔ جیسا کہ تلوار اور انگوٹھی ہے اور اس سے زائد چیز کو مکروہ سمجھا ہے۔ جیسا کہ اہل اسراف کی عادت ہے اور متکبرین کی زینت ہے اور "یسیر"۔ اتنی مقدار ہے کہ جس میں زکوٰۃ واجب نہ ہو۔ یہ اچھی تقدیر ہے لیکن معاویہ کی حدیث میں اس طرف کوئی اشارہ نہیں ہے اور مرد و زن سے متعلق نہی کے مابین اس میں کوئی فرق بھی نہیں ہے۔

پھر "نهی عن لبس الذهب" کو "نهی عن رکوب النمور" پر مرتب کیا ہے۔ یہ نہی رجال و نساء دونوں کے حق میں عام ہے اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ حضرت معاویہؓ نے "نهی عن لبس الذهب" کو روایت کیا ہو۔ جیسا کہ دوسرے راویوں نے روایت کیا ہے۔ پھر انہوں نے دیکھا کہ سونے کی بالکل معمولی مقدار چاندی کے ساتھ ملا کر دی جائے، جو چاندی مردوں کے لئے مباح ہے۔ وہ اور اس کے ساتھ اس کی ملمع سازی کی جائے تلوار کے پچھلا حصہ ہی یا اس کے ساتھ انگوٹھی کا نگینہ لگایا جائے تو وہ اس نہی میں داخل نہیں ہے اس کو "حریر یسیر" پر قیاس کرتے ہوئے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے استفسار کے بعد اس کا استدراک کر دیا ہو۔ واللّٰہ اعلم بحقیقة ذلك۔

علامہ طیبیؒ اور خطابی کہتے ہیں، کہ "مالا یجب الزکاة بیه" یسیر کا بیان ہے۔ نہ کہ "حلی مباح" کا کہ جس قدر بھی ہو اس میں اس زکوٰۃ نہیں ہے۔ کیونکہ یہ امام شافعیؒ کے مذہب کے خلاف ہے۔ (واللہ اعلم)

ابن ماجہ نے ابوریحانہ سے صرف "عن رکوب النمور" روایت کیا ہے۔

دس ناپسندیدہ اشیاء

۴۳۹۷: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ عَشْرَ خَلَالٍ الصُّفْرَةَ يَعْنِيْ الْخَلُوْقَ وَ تَغْيِيْرَ الشَّيْبِ وَجَرَّ الْإِزَارِ وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّيْنَةِ لِغَيْرِ مَحِلِّهَا وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ وَالرُّقٰى اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ وَعَقْدَ التَّمَائِمِ وَعَزْلَ الْمَاءِ لِغَيْرِ مَحِلِّهٖ وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحَرِّمٍ۔

(رواہ ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٢٨ الحديث رقم ٤٢٢٢، والنسائی فی ٨/١٤١ الحديث رقم ٥٠٨٨، وأحمد فی المسند ١/٣٨٠۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دس چیزیں ناپسند تھیں۔ ① خلوق کا استعمال یعنی زرد رنگ ② بڑھاپے کو متغیر کرنا یعنی خضاب کرنا۔ ③ تہبند کو لٹکا کر کھینچتے ہوئے چلنا یعنی جب ٹخنوں سے نیچے ہو۔ ④ سونے کی انگوٹھی کو پہننا یعنی مردوں کے لیے ⑤ عورت کا بے محل زینت کو ظاہر کرنا ⑥ نرد کھیلنا یعنی چوسر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑦معوذات کے علاوہ منتر کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ناپسند کرتے تھے ⑧ منکے اور کوڑیاں باندھنا ⑨ عورت سے بے موقعہ عزل کرنا ⑩ بچے کے بگاڑ کے لیے۔ آپ اس کو حرام قرار دینے والے نہ تھے یہ ابوداؤد و نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان النبي ﷺ يكره عشر خلال:

''خلال'': حرف اول کے کسرہ کے ساتھ' یہ ''خلة'' کی جمع ہے اور اس کا معنیٰ خصلت و عادت ہے۔

الصفرة: یہ منصوب ہے' البتہ اس کو مرفوع و مجرور پڑھنا بھی جائز ہے اس کی نہی ''رجال'' کے ساتھ مختص ہے۔ جیسا کہ اس حدیث میں تصریح کی گئی ہے جس کو شیخین، ابوداؤد، ترمذیؒ اور نسائی نے روایت کیا ہے: ''نهى ان يتزعفر الرجل''۔

قوله: يعني الخلوق: یہ حضرت ابن مسعودؓ یا اس کے بعد کے کسی راوی کی تفسیر ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ اس کا استعمال مردوں کیلئے مکروہ ہے۔ یہ ایک مرکب خوشبو ہے جس کو مختلف قسم کی خوشبوؤں زعفران وغیرہ سے بنایا جاتا ہے اور اس پر سرخ رنگ یا پیلا رنگ غالب ہوتا ہے۔ کہیں اس کی اباحت نقل ہے اور کہیں نہی منقول ہے اور نہی اکثر و اثبت ہے۔ وجہ ممانعت یہ ہے کہ کر دیا۔ یہ عورتوں کی خوشبو ہے اور عورتیں مردوں کی نسبت خوشبو زیادہ استعمال کرتی ہیں اور بظاہر احادیث نہی ناسخ ہیں۔

قوله: تغيير الشيب: اس کا عطف بھی ''الصفرة'' پر ہے۔ دس میں سے دوسری خصلت کا بیان ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد سفید بالوں کو اس طور پر خضاب لگانا ہے کہ بال کالے ہو جائیں اور وہ شخص جوانوں کے مشابہ ہو جائے اپنے بڑھاپے کو چھپاتے ہوئے دیکھنے والے کو پتہ نہ چلے۔ اس ممانعت کا محل حناء کا خضاب نہیں ہے' اگرچہ وہ بھی تغییر ہے۔ لیکن اس میں ''حقیقت شیب'' کا التباس پیدا نہیں ہوتا۔

امام محمدؒ نے اپنی ''موطا'' میں فرمایا ہے کہ ہم وشمہ، مہندی اور صفرہ کے ساتھ خضاب میں کوئی حرج نہیں سمجھتے اور اگر سفید بالوں کو سفید ہی رہنے دے تو اس میں بھی کوئی کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ تمام صورتیں حسن ہیں۔ اھ۔ بعض نے کہا ہے کہ تغییر سے مراد اس سفید بالوں کو نوچنا ہے اور علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ ''تغيير الشيب'' سے مراد وہ خضاب ہے، جو باعث التباس ہو' وہ خضاب مراد نہیں جو مہندی وغیرہ کے مشابہ ہو۔ کیونکہ اس کے بارے میں حکم وارد ہے۔ اھ اور الجامع الصغیر میں ہے: غيروا الشيب ولا تشبهوا باليهود کہ بڑھاپے کو تبدیل کرو اور یہود کی مشابہت مت اختیار کرو۔ اس حدیث کو احمد اور نسائی نے حضرت زبیرؓ سے روایت کیا ہے' ترمذی نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے' اور اس کو امام احمد نے حضرت انس سے روایت کیا لیکن اس کے الفاظ یہ ہیں: ''غيروا الشيب ولا تقربوه السواد۔

قوله: وجر الازار: اسبال ازار وغیرہ مراد ہے جو از روئے تکبر ہو۔ اس کی تفصیلی بحث گزر چکی ہے۔

قوله: والتختم بالذهب: لیکن یہ ممانعت مردوں کیلئے ہے۔

والتبرج بالزينة لغير محلها: اس سے مراد عورت کا اپنی زینت اور اپنے محاسن کا اظہار مردوں کے سامنے کرنا ہے۔ یعنی اپنے شوہر اور محارم کے علاوہ کے سامنے اور وہ محل کہ جہاں اس کے لئے اظہار زینت کی اجازت ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے: ﴿......وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ......﴾ [النور: ٣١] ''اور مومن عورتوں سے بھی کہہ دو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی آرائش (یعنی زیور کے مقامات) کو ظاہر نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے دیا کریں مگر جو اس میں سے کھلا رہتا ہو اور اپنے سینوں پر اوڑھنیاں اوڑھے رہا کریں اور اپنے خاوند اور باپ اور خسر اور بیٹوں اور خاوند کے بیٹوں اور بھائیوں اور بھتیجوں اور بھانجوں اور اپنی (ہی قسم کی) عورتوں اور لونڈیوں غلاموں کے سوا نیز ان خدام کے جو عورتوں کی خواہش نہ رکھیں یا ایسے لڑکوں سے جو عورتوں کے پردے کی چیزوں سے واقف نہ ہوں (غرض ان لوگوں کے سوا) کسی پر اپنی زینت (اور سنگھار کے مقامات) کو ظاہر نہ ہونے دیں اور اپنے پاؤں (ایسے طور سے زمین پر) نہ ماریں کہ (جھنکار کی آواز کانوں میں پہنچے) اُن کا پوشیدہ زیور معلوم ہو جائے اور (مومنو!) سب خدا کے آگے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ''۔

قوله: والضرب بالكعاب: یہ لفظ کاف کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''کعب'' کی جمع ہے اور اس سے مراد نرد کے مہرے ہیں۔ یہاں پر اس سے مراد اس کے ساتھ کھیلنا ہے جو کہ حرام ہے۔ اس کو صحابہؓ اور آپ علیہ السلام نے مکروہ سمجھا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ابن مغفل اپنی بیوی کے ساتھ یہ کھیل کھیلا کرتے تھے۔ ابن مسیبؒ نے اس کی رخصت دی ہے۔ بشرطیکہ اس میں جوا نہ ہو اور جامع صغیر میں بروایت احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ اور حاکم مرفوعا وارد ہے: **من لعب بالنرد فقد عصى الله ورسوله** ''جس نے نرد کھیلا، تو اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی''۔ شطرنج کھیلنا بھی اسی حکم میں شامل ہے اور یہ ہمارے نزدیک مکروہ ہے۔ جب کہ امام شافعیؒ کے ہاں مباح ہے لیکن مخصوص شرائط کے ساتھ۔

قوله: والرقى بالمعوذات:

الرقى : راء کے ضمہ اور قاف کے فتحہ کے ساتھ ہے' یہ ''رقية'' کی جمع ہے۔

''**المعوذات**'': واؤ مشدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے' اور فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔ اس سے مراد معوذتان ہیں اور وہ ہے جو اس کے معنیٰ و مفہوم کو شامل ہو۔ جیسا کہ ادعیۃ ماثورہ ہیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اسماء کے ساتھ تعوذ ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد معوذتان، سورۃ الاخلاص اور سورۃ الکافرون ہے۔

قوله: وعقد التمائم: یہ ''**تميمة**'' کی جمع ہے اور مراد اس سے وہ تعویذات ہیں، جو زمانہ جاہلیت کے منتروں پر مشتمل ہوں۔ مثلاً شیاطین کے نام' ایسے الفاظ جن کا معنیٰ معلوم نہ ہو اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد وہ تعویذات ہیں جو اہل عرب جاہلیت میں اس کو اپنی اولاد کے گلے میں لٹکاتے تھے۔ ان کے گمان کے مطابق وہ ان کو نظر وغیرہ سے بچاتے تھے۔ اسلام نے اس کو باطل قرار دیا کیونکہ یہ نہ نفع دیتا ہے اور نہ ہی کسی چیز کو دفع کرتا ہے۔

قوله: وعزل الماء لغير محله: اس کا مطلب ہے کہ منی کو فرج سے نکال کر باہر بہانا ممکن ہے کہ غیر محلّہ سے مراد بغیر الإماء (لونڈیوں کے علاوہ ہو) کیونکہ عزل کا محل لونڈیاں ہیں، آزاد عورتیں نہیں ہیں اور ''**حرة**'' میں یہ عدم اذن پر محمول ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ اس میں تعریض و کنایہ ہے' دبر میں جماع سے۔ مطلب یہ کہ منی کو اس جگہ میں بہانا جو اس کیلئے نہیں ہے' کیونکہ منی کا محل عورت کی فرج ہے۔

علامہ خطابیؒ کہتے ہیں، کہ میں نے اس حدیث کے علاوہ میں (یوں) سنا ہے ''**عزل الماء عن محله**'' یعنی انسان اپنی منی کو عورت کی فرج کے باہر نکالے اور اس کو اس وجہ سے مکروہ کہا ہے، کیونکہ اس میں ''قطع نسل'' لازم آتا ہے اور مکروہ وہ ہے جو حرائر میں ان کی اجازت کے بغیر ہو۔ کیونکہ لونڈیوں کے ساتھ عزل میں کوئی حرج نہیں ہے۔ آگے فرماتے ہیں: ولا اذن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ دونوں روایتوں میں "عن" کا ایک ہی معنیٰ ہے۔ یعنی خواہ لفظ "عن" کے ساتھ ہو یا کسی اور لفظ کے ساتھ ہو کیونکہ "محلّہ" کی ضمیر مجرور لفظ "ماء" کی طرف راجع ہے اور "لغیر محله" والی روایت کے مطابق ضمیر کو عزل کی طرف راجع کیا جائے گا۔

قولہ: فساد الصبی: اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی مرضعہ (دودھ پلانے والی) کے ساتھ وطی کرتا ہے وہ حاملہ ہو جاتی ہے۔ اس سے اس کا دودھ فاسد ہو جاتا ہے اور اس میں بچے کو نقصان ہوتا ہے۔ اس کو علامہ خطابیؒ نے ذکر کیا ہے اور دوسروں نے یہ اضافہ کیا ہے کہ بسا اوقات عوت حاملہ ہو جاتی ہے تو اس سے رضیع اور دودھ کی قوت میں خلل پڑ جاتا ہے۔

غیر محرمه: علامہ قاضی عیاضؒ کہتے ہیں، کہ لفظ "غیر" حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ کیونکہ یہ "یکرہ" کے فاعل سے حال ہے۔ أی یکرھه غیر محرم ایاہ" اور ضمیر مجرور "فساد الصبی" کی طرف راجع ہے کیونکہ وہی اقرب ہے اور جامع للاصول میں کہا ہے، کہ ان تمام خصال کو ناپسند کیا ہے' البتہ یہ ناپسندیدگی حد تحریم کو نہیں پہنچتی اشرفؒ کہتے ہیں، کہ "غیر محرمہ" فساد الصبی کی طرف عائد ہے فقط۔ کیونکہ وہی زیادہ قریب ہے۔ ورنہ تو "تختم بالذهب" ویسے بھی حرام ہے۔ اگر یہ سب کی طرف عائد ہوتا، تو پھر "محرمها" فرماتے، اور ہمارے علماء میں سے بعض شراح نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ یہ بات تو مقرر ہے کہ حال اصل میں فعل کیلئے قید ہوتا ہے۔ پس جب تک اس کے ساتھ تعلق ممکن ہو تو اس کی طرف رجوع واجب ہے۔ مگر یہ کہ کوئی خارجی دلیل اس کو خاص کر دے۔

امام رازیؒ کہتے ہیں، کہ اس جیسے فعل میں عمل کو ترک کیا جاتا ہے دلیل اجماع کی بناء پر اور باقی میں عمل کو ترک نہیں کیا جاتا اور یہ کہنا کہ اگر سب کی طرف عائد ہوتا تو پھر "محرمها" فرماتے"۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ضمیر مفرد اسم اشارہ کی جگہ پر آئی ہے (انتھی) اس کا مآل کار بھی وہ ہے جس کو علامہ ابن الملکؒ نے اختیار کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

امام احمد نے حضرت معاویہ سے روایت کیا ہے:

"نھی عن النوح والشعر والتصاویر وجلود السباع والتبرج والغناء والذھب والخز والحریر"۔

گھنگرو شیطان کی جرس (گھنٹی) ہے

۴۳۹۸: وَعَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَوْلَاةً لَهُمْ ذَهَبَتْ بِابْنَةِ الزُّبَيْرِ اِلٰى عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ وَفِیْ رِجْلِهَا اَجْرَاسٌ فَقَطَعَهَا عُمَرُ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانٌ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٤٣٢ الحديث رقم ٤٢٣٠۔

ترجمہ: حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کی ایک لونڈی حضرت زبیر کی بیٹی کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئی لڑکی کے پاؤں میں گھنگرو تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو کاٹ ڈالا اور فرمایا ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہے یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: عن ابن الزبير: اطلاق کی وجہ سے بظاہر ''عبداللہ ابن الزبیر'' مراد ہے۔

مولاة لهم: زبیر کے یا ابن الزبیر کے اہل خانہ کی آزاد کردہ تھی۔

وفي رجلها اجراس: یہ ''جرس'' کی جمع ہے۔ شیطان اس کو اس کے اہل کے ہاں مزین کر دیتا ہے۔

امام احمدؒ، مسلمؒ، ابوداؤدؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: ''الجرس مزامير الشيطان'' اس حدیث کی مناسبت ترجمۃ الباب کے ساتھ ظاہر ہے۔

اس حدیث سے لے کر اختتام فصل تک آنے والی تمام احادیث کی اس ترجمۃ الباب سے مناسبت کسی پر بھی مخفی نہیں۔

چھوٹے بچوں کے لئے بھی گھنگرو کا استعمال درست نہیں

۴۳۹۹: وَعَنْ بُنَانَةَ مَوْلَاةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَيَّانَ الْاَنْصَارِيِّ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ اِذْدُخِلَتْ عَلَيْهَا بِجَارِيَةٍ وَعَلَيْهَا جَلَاجِلُ يُصَوِّتْنَ فَقَالَتْ لَا تُدْخِلَنَّهَا عَلَيَّ اِلَّا اَنْ تُقَطِّعَنَّ جَلَاجِلَهَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ جَرَسٌ۔ (رواه ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٤٣٣ الحديث رقم ٤٢٣١، وأحمد في االمسند ٦/٢٤٢۔

ترجمہ: حضرت بنانہ جو کہ حضرت عبدالرحمٰن بن حیان کی آزاد کردہ لونڈی تھی وہ حضرت عائشہ کے پاس تھیں۔ ایک چھوٹی لڑکی لائی گئی جس نے گھنگرو پہن رکھے تھے جو آواز کرتے تھے پس حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس لانے والی عورت سے فرمایا اس لڑکی کو میرے گھر مت لانا مگر یہ کہ اس کے گھنگرو تم کاٹ ڈالو۔ کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے میں نے سنا کہ جس گھر میں جرس ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

بنانۃ۔ یہ ''عبدالرحمٰن بن حیان'' کی آزاد کردہ ہیں یہ انصاریہ ہیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں اور ان سے ابن جریج نے روایت کی ہے۔ ان کی حدیث ''جلاجل'' والی ہے۔ بنانہ باء کے پیش اور نون کی تخفیف کے ساتھ حیان میں حاء مہملہ مفتوح ہے اور دو نقطوں والی یا مشدد ہے۔

تشریح: قوله: اذ دخلت عليها بجارية وعليها جلاجل يصوتن:

''دخلت'' صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ اَی 'ادخلت علی عائشةؓ' ہے۔ جار و مجرور ''دخلت'' کیلئے نائب فاعل ہے اور تانیث اس اعتبار سے ہے کہ مجرور مؤنث ہے۔ ''جلاجل'': پہلی جیم کے فتحہ اور دوسری جیم کے کسرہ کے ساتھ' یہ ''جلجل'' کی جمع ہے جو بروزن ''ھدھد'' ہے ''جلجل'' اس گھنٹی کو کہتے ہیں، جو جانور کی گردن میں لٹکائی جاتی ہے یا باز کے پاؤں میں لٹکائی جاتی ہے۔

''يصوتن'' یعنی جب اس کو حرکت دی جاتی ہے تو اس سے آوازیں پیدا ہوتی تھیں۔

لا تدخلنها علي): تاء کے ضمہ' خاء کے کسرہ اور تشدید نون کے ساتھ ہے۔ یہ نہی غائبہ کے لئے ہے۔ ای لاتد خلنها

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علي واحدة منكن یعنی تم میں سے کوئی ایک بھی اس کو میرے پاس نہ لائے اور ایک نسخہ میں سکون لام اور تخفیف نون کے ساتھ ہے۔اس طور پر کہ یہ جمع مؤنث حاضر کا صیغہ ہو۔

الا ان تقطعن جلاجلها: تاء کے ضمہ اور طائے مکسورہ مشددہ کے ساتھ' اور ایک نسخہ میں تاء کے فتحہ' طائے مخففہ کے فتحہ 'اور نون مؤکدہ کے ساتھ۔اور بعض نسخوں میں اس کی تخفیف کے ساتھ ہے' اس وجہ سے کہ یہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے پہلی تقدیر پر فاعل غائبہ ہے' اور تقدیر ثانی پر فاعل مخاطبہ ہے' امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ نون تاکید کو فعل مضارع پر داخل کرنا' اس کی فعل امر کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے ہے۔جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں داخل ہے: [**فلا تصيبن**][الانفال: ۲۵] یہ اس تقدیر پر کہ یہ جواب ہو' '**واتقوا فتنة**'' کا' اس کے فعل نہی کے ساتھ مشابہ ہونے کی وجہ سے۔(قالہ الکشاف)

قوله: لا تدخل الملائكة بيتا فيه جرس:

''**لا تدخل**'': یہ صیغہ تانیث کے ساتھ ہے اور بصیغہ تذکیر بھی جائز ہے اور مراد اس سے رحمت کے فرشتے ہیں۔

الجامع الصغیر میں ہے: کہ اس حدیث کو امام ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔(واللہ اعلم)

سونے کی مصنوعی ناک درست ہے

۴۴۰۰: وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ طَرَفَةَ اَنَّ جَدَّهٗ عَرْفَجَةَ بْنَ اَسْعَدَ قُطِعَ اَنْفُهٗ يَوْمَ الْكُلَابِ فَاتَّخَذَ اَنْفًا مِنْ وَرَقٍ فَاَنْتَنَ عَلَيْهِ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَّخِذَ اَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ۔

(رواه الترمذی وابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤٣٤.٤ الحديث رقم ٤٢٣٢' والترمذی فی ٢١١.٤ الحديث رقم ١٧٧٠' والنسائی فی ١٦٣/٨ الحديث رقم ٥١٦١' وأحمد فی المسند ٢٣/٥۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے دادا عرفجہ بن اسعد کی ناک حرب فجار میں کاٹی گئی انہوں نے چاندی کی ناک بنوائی جس نے چند دن میں تعفن پیدا کیا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی ناک بنانے کی اجازت دی یہ ترمذی ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

راوئ حدیث:

عرفجہ بن اسعد۔عرفجہ بن اسعد ہیں۔ان سے ان کے بیٹے ''طرفہ'' روایت کرتے ہیں۔یہ وہ ہیں جن کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تھا کہ یہ اپنی ناک چاندی کی بنوالیں پھر اس کے بعد سونے کی ناک بنوانے کا حکم دے دیا تھا۔''یوم کلاب'' میں ان کی ناک کٹ گئی تھی۔

تشریح: ''کُلاب'' کاف کے ضمہ کے ساتھ ہے۔عرضِ مرتب: مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ''طرفہ'' کا نام ذکر کیا ہے اور نہ ان کے والد کا نام ذکر کیا ہے۔مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کے اسلوب سے یہ وہم ہوتا ہے کہ ''عبدالرحمٰن'' صحابی ہیں اور وہ اس واقعہ کے وقت موجود تھے۔چاندی کی ناک انہوں نے از خود بنوائی تھی۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا تھا۔البتہ سونے کی ناک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حکم سے بنوائی تھی۔

''یوم الکلاب'': پانی کی ایک جگہ کا نام ہے یہاں ایک جنگ ہوئی تھی بلکہ دو جنگیں ہوئی تھیں۔ جن کو ''کلاب اول'' اور ''کلاب ثانی'' کہتے تھے۔ علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، کہ یہ پانی تھا، جس کے دائیں طرف پہاڑی اور شام کا علاقہ تھا اکتم بن صیفی کے ایام سے ہیں اہل عرب کے دو دن مشہور ہیں۔ حاصل یہ کہ ''یوم الکلاب'' عرب کی ایک مشہور لڑائی کا نام ہے۔

ان یتخذ انفا من ذھب: اس حدیث کی بناء پر علماء فرماتے ہیں کہ سونے کی ناک بنانا' اور اسی طرح دانتوں کو سونے سے بندھوانا جائز ہے۔

آگ کا کنگن

۴۴۰۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّحَلِّقَ حَبِيْبَهٗ حَلْقَةً مِنْ نَّارٍ فَلْيُحَلِّقْهُ حَلْقَةً مِنْ ذَهَبٍ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّطَوِّقَ حَبِيْبَهٗ طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَلْيُطَوِّقْهُ طَوْقًا مِّنْ ذَهَبٍ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّسَوِّرَ حَبِيْبَهٗ سِوَارًا مِنْ نَارٍ فَلْيُسَوِّرْهُ سِوَارًا مِنْ ذَهَبٍ وَلٰكِنَّ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ فَالْعَبُوْا بِهَا۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٣٦ الحديث رقم ٤٢٣٧، وأحمد فی المسند ٢/٣٣٤۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ پسند کرے کہ وہ اپنے دوست کو آگ کا حلقہ پہنائے تو وہ اسے سونے کا حلقہ پہنا دے اور جس کو یہ پسند ہو کہ اپنے دوست کے گلے میں آگ کا طوق ڈالے تو وہ اس کے گلے میں سونے کا طوق ڈال دے۔ اور جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ اپنے دوست کو آگ کا کنگن پہنائے تو وہ اسے سونے کا کنگن پہنا دے۔ لیکن تم چاندی کو استعمال کرو اور اس کے ساتھ تصرف کرو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال من احب ان یطوق حبیبه: ''حبیبہ'': نصب کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں (یطوق) ''بفتح الواؤ'' ہے اور ''حبیبہ'' رفع کے ساتھ ہے اور مراد ''محبوب'' ہے۔ چاہے بیوی ہو، یا اولاد ہو یا ان کے علاوہ کوئی اور ہو۔

حلقة: یہ سکون لام کے ساتھ ہے اور مفعول ثانی ہونے کی بناء پر منصوب ہے. أی حلقة کائنة ۔

قوله: ومن أحب أن یسور حبیه سوارًا من نار فلیسوره سوارًا من ذهب: واؤ مشددہ مکسورہ ہے' اور فتحہ بھی دیا جا سکتا ہے جیسا کہ ماقبل میں علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ حدیث میں ''تحلیق'' عرب کے اس قول ''ابل محلقه'' کی طرف راجع ہے۔ یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب اس کی علامت حلق ہو اور اس نکیر کو تہدید پر حمل نہیں کیا جا سکتا، بلکہ اس کے لئے شفقت پر محمول ہے۔

قوله: ولکن علیکم بالفضة فالعبوا بها: یہ ترغیب کیلئے ہے۔ اس میں اشارہ ہے، کہ یہ تحلیہ مباحہ لہو ولعب اور لایعنی کاموں میں پڑنا میں شمار ہوگا۔ (ذکرہ طیبیؒ) ابن الملکؒ کہتے ہیں، کہ ''اللعب بالشیء'' سے مراد اس میں تصرف کرنا ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ جیسے چاہے تصرف کرے۔ یعنی جس نوع کی چاندی چاہو اس سے بناؤ لیکن عورتوں کیلئے نہ کہ مردوں کیلئے۔ البتہ مردوں کے لئے انگوٹھی بنوانا' اور آلات حرب میں سے تلوار وغیرہ کا زیور بنانا درست ہے۔

آگ کا ہار اور بالی

۴۴۰۲: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ تَقَلَّدَتْ قِلَادَةً مِنْ ذَهَبٍ قُلِّدَتْ فِيْ عُنُقِهَا مِثْلَهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَيُّمَا امْرَاَةٍ جَعَلَتْ فِيْ اُذُنِهَا خُرْصًا مِنْ ذَهَبٍ جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ اُذُنِهَا مِثْلَهٗ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رواه ابو داود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٣٧ الحديث رقم ٦/٤٦٠ والنسائی فی ٨/١٥٧ الحديث رقم ٥١٣٩، وأحمد فی المسند ٦/٤٦٠۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت سونے کا ہار پہنے تو اس کو قیامت کے دن اسی طرح کا آگ کا ہار پہنایا جائے گا اور جو عورت اپنے کان میں سونے کی بالی ڈالے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے کان میں اسی طرح کی آگ کی بالی ڈالیں گے۔ یہ ابوداؤد ونسائی کی روایت ہے۔

تشریح: ''قلادۃ'' قاف کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ خرص حرف اول کے ضمہ کے ساتھ ہے اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔

''النهاية: میں ہے کہ ''حرص'' ضمہ اور کسرہ کے ساتھ' چھوٹا سا حلقہ' یہ عورتوں کے کانوں کا زیور ہوتا ہے۔ (یعنی ''بالیاں'' مراد ہیں۔) علامہ ابن الملک رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ''خرص'' خاء معجمہ کے ضمہ اور راء کے سکون کے ساتھ ہے اور بعض نے بکسر الخاء کہا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پہلا قول اہل مکہ کی زبان پر زیادہ مشہور ہے اور القاموس میں ہے کہ ''الخرص'' ضمہ کے ساتھ ہے اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے اور اس سے مراد سونا یا چاندی کا چھلہ بالی کا حلقہ یا زیورات کا چھوٹا سا حلقہ ہے۔

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں، کہ اس کی دو تاویلات ہیں۔ ایک یہ کہ آپ علیہ السلام نے یہ پہلے زمانہ میں فرمایا تھا' پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور سونے کے زیورات کو عورتوں کیلئے مباح قرار دیا گیا اور دوسری توجیہہ یہ ہے کہ یہ وعید اس شخص کے بارے میں ہے، کہ جو سونے کی زکوٰۃ اداء نہ کرتا ہو۔ زکوٰۃ ادا کرنے والا اس وعید کا مورد نہیں ہے اشرفؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ وعید زکوٰۃ کی ادائیگی نہ کرنے کے ساتھ مخصوص ہوتی آپ علیہ السلام سونے کو مردوں کے ساتھ خاص نہ کرتے اور ''فضة'' میں بھی کوئی رخصت نہیں دی ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا ''ولکن علیکم بالفضة فالعبوا بها'' کیونکہ سونے اور چاندی کے مابین زکوٰۃ کی ادائیگی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ جب کہ دونوں حدیثیں ان دونوں کے مابین فرق پکار پکار کر بتلا رہی ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ اس کا یہ جواب دینا بھی ممکن ہے کہ وہ زیور جو سونے سے بنایا گیا ہو، جب وہی زیور چاندی سے بنوانے کا ارادہ ہو جائے، اور اس کا حجم اس کے حجم جتنا ہو لیکن اس کا وزن اس کے وزن سے کم ہو تقریباً اس کا نصف ہو تو سونا اپنے مبلغ نصاب کو پہنچ جائے گا برخلاف چاندی کے۔ (انتہی) اور یہ جواب سب نے کہا ہے یہ صرف ہمارے مذہب کے اقتضاء کے مطابق ہے۔ کیونکہ ہمارے ہاں ''زیورات'' میں بھی زکوٰۃ واجب ہے اور ان کے مذہب کے مطابق زیورات میں کوئی زکوٰۃ نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ یہ ''کراہت تنزیہی'' پر محمول ہے کیونکہ زینت میں اسراف مکروہ ہے۔ تو یہ قول مردود ہے' کیونکہ کراہت تنزیہی پر اتنی شدید وعید کا ترتب نہیں ہوتا۔

چاندی پر قناعت کرو

۴۴۰۳: وَعَنْ اُخْتٍ لِحُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ اَمَا لَكُنَّ فِي الْفِضَّةِ مَا تُحَلِّيْنَ بِهِ اَمَا اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْكُنَّ امْرَاَةٌ تُحَلِّيْ ذَهَبًا تُظْهِرُهٗ اِلاَّ عُذِّبَتْ بِهٖ۔

(رواه ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٣٦ الحديث رقم ٤٢٣٧، والنسائی فی ٨/١٥٧ الحديث رقم ٥١٣٧، وأحمد فی المسند ٦/٣٥٧۔

ترجمه: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی بہن روایت کرتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عورتوں کی جماعت! کیا تمہارے لئے چاندی میں وہ چیز نہیں کہ تم اس سے اپنا زیور بناؤ (یعنی چاندی کا زیور کفایت کرنے والا ہے) خبردار! جو عورت تم میں سے بے محل سونے کے زیور کو ظاہر کرے تو اسے عذاب میں مبتلا ہونا پڑے گا۔ یہ روایت ابوداؤد ونسائی نے نقل کی ہے۔

تشریح: **عن اخت حذيفة**: بظاہر یہ صحابیہ ہیں' لہٰذا صحابیہ کا نام معلوم نہ ہونا روایت کے لئے باعث نقصان نہیں۔

اما لكن: یہ ہمزہ استفہام انکاری کا ہے اور ''ما'' نافیہ ہے۔ ای الیس لکن کفایة۔

فی الفضة ما تحلين به: یہ ''ما'' موصولہ مبتدا ہے اور ''لکن'' اس کی خبر ہے' اور یہ احتمال بھی ہے کہ ''اَما'' حرف تنبیہ ہو بمعنی الا' میم مخفف ہے۔

''**تحلين**'': تاء کے ضمہ' حاء کے فتحہ' لام مشددہ کے کسرہ وفتحہ' اور سکون یاء کے ساتھ' اور ایک نسخہ میں دونوں کے فتحہ اور لام مشددہ مفتوحہ کے ساتھ ہے' اور ایک نسخہ میں حاء مہملہ کے بجائے جیم ہے۔

قوله: انه ليس منكن امرأة تحلّى ذهبًا تظهره۔

''**انه**'': یہ ضمیر شان ہے۔ اپنے اجانب کے سامنے ظاہر کرے یا تکبراً اور افتخاراً اس کو پہنے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ ''**تظهره**'' سے مراد وہ نہی ہے جو اس آیت کریمہ میں وارد ہے: ﴿......وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى......﴾ [الاحزاب: ٣٣] ''اور جس طرح (پہلے) جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح زینت نہ دکھاؤ'' اور نہی دونوں جزء پر وارد ہے۔ لہٰذا یہ ''**تبرج بالفضة**'' کے جواز پر دلالت نہیں کرتا۔

الا عذبت به: اور یہ تعذیب ''**تحلية**'' اور ''**اظهار**'' دونوں پر بیک وقت مرتب ہے اور ہمارے بعض شراح رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ یہ منسوخ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

آخرت کا زیور چاہتے ہو تو دُنیا میں مت پہنو

۴۴۰۴: عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْنَعُ اَهْلَ الْحِلْيَةِ وَالْحَرِيْرِ وَيَقُوْلُ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ حِلْيَةَ الْجَنَّةِ وَحَرِيْرَهَا فَلَا تَلْبَسُوْهَا فِي الدُّنْيَا۔ (رواه النسائی)

أخرجه النسائي في السنن ۱۵٦/۸ الحديث رقم ۵۱۳٦۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیور و حریر پہننے والوں کو فرماتے کہ اگر آخرت کا زیور و حریر پہننا چاہتے ہو تو یہاں دنیا میں مت پہنو! یہ نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان يمنع اهل الحلية والحرير:

مراد یہ ہے کہ ان کی کثرت سے منع کرتے تھے۔ یا یہ کہ اصلاً اس سے منع فرمایا کرتے تھے تاکہ ان دونوں ان کو بے رغبتی ہو جائے اور فرماتے تھے کہ اگر تم اہل جنت کے زیورات اور ریشم کو کمال حد تک پسند کرتے ہو۔ تو اس کو زیادہ نہ پہنو یا مطلقاً نہ پہنو۔ یہ دراصل باب ''اکتفاء'' سے ہے۔ ورنہ ظاہر کلام یوں ہوتا: ''فلا تلبسوهما''۔

في الدنيا: کیونکہ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے: من أحب آخرته أضر بدنياه 'ومن أحب دنياه أضرباً خرته' فآثروا ما يبقى على ما يفنى۔ کہ جو شخص اپنی آخرت کو پسند کرتا ہے، وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو شخص دنیا کو پسند کرتا ہے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ لہٰذا تم باقی رہنے والی کو ترجیح دو اس پر جو فنا ہونے والی ہے اور جیسا کہ ایک اور حدیث میں آیا ہے: أشبعكم في الدنيا أجوعكم في العقبى 'ورب كاسية في الدنيا عاربة في الآخرة۔ کہ تم میں سے دنیا کا سیر ترین آدمی آخرت میں بہت ہی بھوکا ہوگا اور کتنی ہی کپڑے پہننے والیاں آخرت میں ننگی ہوں گی۔ امام بغوی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ابو موسیٰ اشعری کی حدیث سے منسوخ ہے۔ جس میں آتا ہے: انه ﷺ قال: احل الذهب والحرير للإناث من أمتي۔ کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ سونا اور ریشم کو میری اُمت کی عورتوں کیلئے حلال کر دیا گیا ہے۔

انگوٹھی کا پھینکنا

۴۴۰۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَهٗ قَالَ شَغَلَنِيْ هٰذَا عَنْكُمْ مُنْذُ الْيَوْمِ اِلَيْهِ نَظْرَةٌ وَاِلَيْكُمْ نَظْرَةٌ ثُمَّ اَلْقَاهُ۔ (رواه النسائی)

أخرجه النسائي في السنن ۱۹۴/۸ الحديث رقم ۵۲۸۹۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن آپ نے ایک انگوٹھی پہنی اور پھر اس کو نکال کر پھینک دیا اور فرمایا۔ اس انگوٹھی کی طرف دیکھنے نے مجھے تم سے غافل کر دیا۔ یہ نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: اتخذ خاتما:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منذ الیوم: ''الیوم'' نصب کے ساتھ ہے'ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے اور ایک دوسرے نسخہ میں جر کے ساتھ ہے۔
علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''منذ الیوم'' ظرف ہے ''اشغلنی'' کے لئے اور جملہ کی طرف مضاف ہے جس کا صدر صلہ محذوف ہے۔ای ''منذ کان الیوم''۔امام دار قطنیؒ نے اسی طرح فرمایا ہے اور مشہور قول یہ ہے کہ ''منذ''مبتدا ہے اور اس کا مابعد اس کی خبر ہے۔کیونکہ ''منذ یوم الجمعة اور مذیومان''کا معنیٰ یہ ہے کہ یہ ملاقات کی اول مدت جمعہ ہے اور جمیع مدت دو یوم ہیں۔
امام زجاجؒ فرماتے ہیں، کہ اس کا مابعد مبتدا ہے اور ''منذ'' خبر مقدم ہے۔لیکن بعض نے کہا ہے کہ یہ وہم ہے کیونکہ معنیٰ اس کا انکار کررہا ہے، چونکہ آپ ''جمیع مدت'' کے بارے میں خبر دے رہے ہیں کہ وہ ''دو یوم'' ہے، اور اسی طرح یہ لفظ بھی کیونکہ ''یومان'' نکرہ ہے۔جس کا کوئی مصحح نہیں ہے۔لہٰذا یہ مبتدا نہیں بن سکتا۔کیونکہ ظرف مبتداء کے لئے اس وقت مصحح ہوتا ہے جب وہ اس کے لئے ظرف ہو، اور اگر وہ اس کے لئے ظرف ہوگا تو یہ اس پر زائد ہوگا۔پس مشہور قول کے مطابق یہ جملہ مستانفہ علی طریق السوال ہے اور جواب یہ جملہ ہے:''الیه نظرة والیکم نظرة'' یہ ظرف مصدر کے ساتھ متعلق ہے اور خبر محذوف ہے۔ای ''لی نظرة الیه ولی نظرة الیکم'' اور دونوں جملے ''شغلنی'' کیلئے بیان ہیں
اس بات کو جانئے کہ ابو داؤد نے اپنی سنن میں ابن جریج عن زیاد بن سعد عن الزہری عن انسؓ روایت کیا ہے:
اتخذ خاتمامن ورق ثم ألقاہ جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ یہ ''زہریؒ'' کا وہم ہے کیونکہ امام زہریؒ کے علاوہ محدثین کے ہاں جو معروف (روایت ہے) وہ یہ ہے: ان الخاتم الذی طرحه النبی ﷺ انما ھو خاتم الذھب لاالورق ہے اور اسی طرح عسقلانیؒ نے ''فتح الباری'' میں اکثر ائمہ حدیث سے نقل کیا ہے، چونکہ زہریؒ کو اس میں وہم ہوا ہے اور ان میں سے بعض نے اس کی تاویل کی ہے اور اس وہم سے جوابات دیتے ہیں۔ان میں سے قریب ترین جواب جس کو شیخ نے اختیار کیا ہے وہ یہ احتمال ہے کہ نبی کریمؐ نے سونے کی انگوٹھی زینت کیلئے بنوائی تھی۔جب لوگوں نے اس میں تابع کیا تو اس پر تحریم نازل ہوگئی چنانچہ آپؐ نے وہ انگوٹھی پھینک دی اور اسی وجہ سے آپ نے فرمایا لا ألبسه أبدا کہ میں کبھی بھی اس کو نہیں پہنوں گا اور لوگوں نے بھی آپ کی اتباع کرتے ہوئے اپنی اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں اور پھر سونے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت کی تصریح فرمادی۔پھر جب آپ ﷺ کو مہر کیلئے انگوٹھی کی ضرورت پڑی تو آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس پر اپنا نام مبارک نقش کروایا تو لوگوں نے اس میں بھی آپ کا اتباع کیا۔چنانچہ آپؐ نے اس کو پھینک دیا تو لوگوں نے بھی پھینک دیں۔تاکہ وقوع اشتراک کی وجہ سے ''مصلحت نقش'' فوت نہ ہوجائے۔جب لوگوں کی انگوٹھیاں معدوم ہوگئیں۔تو آپ اس خاتم خاص کی طرف متوجہ ہوئے اور اس کے ساتھ مہر لگانے لگے اور اس کی طرف یہ قول اشارہ کررہا ہے جو بخاری شریف میں عبدالعزیز بن صہیبؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے:''انما اتخذنا خاتما ونقشنا فیه فلا ینقش علیه احد''(انتھی)
زیادہ جواب یہ ہے کہ آپ علیہ السلام نے جب سونے کی انگوٹھی کی حرمت کے بعد بغیر نقش کے چاندی کی انگوٹھی پہنی تو لوگوں نے بھی بطور سنت آپ کا اتباع شروع کردیا۔آپ نے اس میں تکبر محسوس کیا اس کو پھینک دیا، چنانچہ لوگوں نے بھی پھینک دیں۔پھر جب آپ کو مہر کے لئے خاتم کی ضرورت پڑی تو آپ نے اس کو پھر سے پہن لیا اور لوگوں سے فرمایا ''انما اتخذ نا خاتما ونقشنا فیه نقشا للمصلحة فلا ینقش علیه أحد اسمنا' بل ینقش اسمه اذا احتاج الیه۔'' کہ ہم نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خاتم بنوائی ہے، اور مصلحت کے لئے ہم نے اس میں نقش کیا ہے' لہٰذا اس پر کوئی ہمارا نام نقش نہ کرے۔ بلکہ اگر ضرورت ہو تو اپنا نام اس میں نقش کرے۔ اسی قول سے ہمارے ائمہ وغیرہ کے اس قول کو تقویت ملتی ہے کہ غیر حکام کیلئے اس کا پہننا مکروہ ہے۔ امام احمد، ابوداؤد، اور نسائی نے ابوریحانہ سے روایت کیا ہے **انه انهى عن لبس الخاتم الالذى سلطان** کہ آپ علیہ السلام نے خاتم کی اجازت صرف ''ذوسلطان'' کو دی ہے۔

امام نوویؒ نے ''شرح مسلم'' میں لکھا ہے چاندی کی انگوٹھی کے جواز پر کہ مسلمانوں کا اجماع ہے۔ البتہ شام کے بعض علماء متقدمین نے اس کو غیر سلطان کیلئے مکروہ لکھا ہے۔ اس میں انہوں نے ایک اثر روایت کیا ہے' لیکن یہ شاذ اور مردود ہے اور اس پر حضرت انس کی وہ روایت دال ہے، کہ نبی علیہ السلام نے جب اپنی انگوٹھی پھینکی، تو لوگوں نے بھی اپنی اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں۔

اور ظاہر حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ علیہ السلام کے زمانہ میں جس کے پاس سلطنت اور کوئی عہدہ نہ بھی ہوتا، وہ اس کی پہنتا تھا۔ میں کہتا ہوں کہ ایک ظاہر جو کہ عام ہو، اور محتمل بھی ہو ایک منصوص علیہ خاص کے ردّ کا سبب کیسے بن سکتا ہے۔ حالانکہ حدیث انسؓ اوائل امر میں سے بھی ہے اور اس کا حکم منسوخ بھی ہو چکا ہے اور حدیث ابی ریحانہ اس میں سے ہے کہ جس پر امر مستقر ہو چکا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ کہ بطریق العموم اس کے جواز پر اجماع بھی ہے اور بالخصوص بعض لوگ کراہت کے قائل بھی ہیں۔ اسی لئے تو علامہ عسقلانیؒ نے فرمایا، کہ مجھ پر یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ لبس خاتم غیر ذی سلطان کیلئے خلاف اولیٰ ہے۔ کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا تزین ہے اور مردوں کی شان اس کے خلاف ہے۔ مگر یہ کہ اس کی ضرورت ہو، تو اس صورت میں وہ ادلہ جو کہ اس کے جواز پر دال ہیں وہ نہی تحریم کیلئے صارفہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس کی تائید اس روایت کے بعض طرق سے بھی ہوتی ہے۔ جس میں یہ ہے کہ: **انه ﷺ نهى عن الزينة والخاتم** آپ علیہ السلام نے زینت اور خاتم سے منع فرمایا تھا۔ واللہ اعلم۔

سونے کا زیور لڑکے کو مکروہ تحریمی ہے

۴۴۰۶: وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ اَنَا اَكْرَهُ اَنْ يَلْبَسَ الْغِلْمَانُ شَيْئًا مِنَ الذَّهَبِ لِاَنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَاَنَا اَكْرَهُ لِلرِّجَالِ الْكَبِيْرِ مِنْهُمْ وَالصَّغِيْرِ۔

(رواه فی الموطا)

أخرجه مالك فی الموطأ ٢/ ٩١١ الحديث رقم ٤ منك تاب اللباس۔

ترجمہ: امام مالک رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میں لڑکے کے لئے سونے کے زیور پہننے کو مکروہ خیال کرتا ہوں کیونکہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے سونے کی انگوٹھی کی ممانعت فرمائی یعنی جب انگوٹھی ممنوع ہے تو دوسرا کوئی زیور بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوا۔ پس میرے ہاں مردوں کیلئے خواہ چھوٹے ہوں یا بڑے سونا پہننا منع ہے۔ یہ روایت امام مالک نے مؤطا میں نقل کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: **قوله:قال:انا اکره ان یلبس الغلمان شیئا من الذهب:**

"ان یلبس"،"الباس" مصدر سے مجہول کا صیغہ ہے اور اسی طرح چاندی بھی۔مگر یہ کہ انگوٹھی کی بقدر ہو اور اسی طرح ریشم بھی اس کراہت کے معنیٰ میں داخل ہے۔جب سونے کی انگوٹھی ممنوع ہیں تو دوسری چیزیں بطریق اولیٰ ممنوع ہوں گی۔

فأنا اکره للرجال: بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد ذکور (مرد) ہیں ورنہ تو "رجل" بھی "ذکور" میں سے ہے جو حد بلوغ کو پہنچ چکا ہو اور اس پر اس قول کی تعمیم بطریق بدلیت دلالت کر رہی ہے:"الکبیر منهم و الصغیر"اور بعض نے کہا ہے کہ یہ تغلیب پر محمول ہے۔اس عبارت میں "مسامحت" ہے کیونکہ کراہت صغیر کے ساتھ متعلق نہیں ہوتی۔بلکہ اس کبیر سے متعلق ہے جو اس کو پہنے گا۔امام نووی فرماتے ہیں کہ بچوں کو سونا زیور پہنانا جائز ہے یا نہیں؟اس میں تین صورتیں ہیں۔اصح اور منصوص علیہ توجیہ کے مطابق یہ جائز ہے، میں کہتا ہوں کہ ہمارے ہاں اس سلسلہ میں صحیح بات یہ ہے کہ یہ ممنوع ہے۔

قوله:رواه فی المؤطا

"المؤطأ": کے آخر میں ہمزہ ہے اور کبھی الف کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔یہ ان کی کتاب کا نام ہے۔اس میں مسامحت ہے جیسا کہ آغاز کتاب میں گذرا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ النِّعَالِ

پاپوش کا بیان

النعال: نون کے کسرہ کے ساتھ' یہ "نعل" کی جمع ہے۔ جیسا کہ بغال اور بغل ہے اور القاموس کے مطابق اس چیز کو کہتے ہیں، کہ جس کے ذریعے سے قدم کو زمین سے بچایا جائے۔ جیسا کہ "النعلة" ہے۔ یہ مؤنث اسی طرح محکم ہے۔ میں ہے علامہ ابن اثیرؒ فرماتے ہیں آج کل اس کو "الناسومة" کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ "النعل" مصدر بھی آتا ہے اور بسا اوقات اسم بھی مستعمل ہوتا ہے اور یہاں پر یہی مراد ہے اور اگر یوں کہتے "باب النعل" تو اس میں ان دونوں معنی کا احتمال ہوتا۔ اگرچہ معنیٰ ثانی اظہر و اشہر ہے۔

علامہ ابن العربی کہتے ہیں کہ "نعل" انبیاء علیہم السلام کا لباس ہے' اور ان کے علاوہ لوگوں نے بھی اس کو اس لئے اپنایا۔ کیونکہ ان کی زمین میں مٹی تھی۔ اھ اور ممکن اس کو اس آیت سے اخذ کیا گیا ہوگا: ﴿اخلع نعليك﴾ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ثابت ہے کہ آپ علیہ السلام نے نعل پہنے ہیں اور حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ " صاحب النعلين " صاحب الوسادة" صاحب السواك و الطهور تھے۔ جب اٹھتے تو نعلین آپ ﷺ کو پہناتے اور جب بیٹھتے تو ان کو اپنے بازو میں دبا لیتے تھے۔ یہاں تک کہ اٹھ جاتے۔

الفصل الاول:

پاپوش بغیر بالوں کے تھا

۴۴۰۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِيْ لَيْسَ فِيْهَا شَعْرٌ۔

(رواه البخاري)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۰/ ۳۰۸ الحديث رقم ۵۸۵۱' ومسلم في ۲/ ۸۴۴ الحديث رقم (۲۵-۱۱۸۷)' ومالك في الموطأ ۱/ ۳۳۳ الحديث رقم ۳۱ من كتاب الحج وأحمد في المسند ۲/ ۶۶۔

ترجمه: حضرت ابن عمر ؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو ایسا پاپوس پہنتے دیکھا کہ جس میں بال نہ تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال رأیت رسول اللّٰه ﷺ "يلبس النعال التي ليس فيها شعر:

یعنی وہ نعال پہنتے تھے جو چمڑے کے بنے ہوتے تھے اور ترمذی نے اس پر یہ اضافہ کیا ہے کہ اس میں وضوء بھی فرماتے تھے۔ تو میں بھی اس کو متابعت ھدیٰ کی وجہ سے پہننا پسند کرتا ہوں' نا کہ خواہشات کی پیروی کی بناء پر، یہ دراصل اس اعتراض کا جواب ہے، جب ان سے ابن جریج نے کہا تھا: " رأيتك تلبس النعال السبتية" یہ "سبت" کی طرف منسوب ہے۔ ابوعبیدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں کہ اس سے مراد مدبوغہ ہے۔ حنفیؒ نے ''شرح الشمائل'' میں لکھا ہے کہ یہ اعتراض اس لئے کیا، کیونکہ دراصل یہ جوتے اہل نعمت اور مالدار پہنتے ہیں۔ علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں، کہ اسی وجہ سے صحابہ کرام یہ نہیں پہنتے تھے۔ جیسا کہ خبر بخاریؒ سے بھی یہی مستفاد ہوتا ہے کہ سائل نے کہا، کہ میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ چار کام ایسے کرتے ہیں جو ہمارے اصحاب نے نہیں کئے اور اس کام کو ان چار میں سے شمار کیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ بظاہر سائل کی مراد یہ تھی کہ اس کو اختیار کرنے میں اور اس پر مواظبت کرنے کی کیا حکمت ہے۔ باوجودیکہ صحابہ کرامؓ لباس وغیرہ کی کسی خاص نوع کا اہتمام نہیں کرتے تھے۔ مگر اس وقت جب اس میں متابعت رسول کا ثبوت ہو۔

''یتوضا فیھا'' اس سے یہ بتلانا ہے کہ آپ اس سے احتراز نہیں کیا کرتے تھے اس کی اصل طہارت پر اعتماد کرتے ہوئے۔ یا اس وجہ سے کہ دباغت کے ساتھ اس کی طہارت حاصل تھی۔

امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے ان لوگوں نے استدلال کیا ہے جو یہ کہتے ہیں، کہ بال موت کی وجہ سے نجس ہو جاتے ہیں اور یہ کہ اس میں دباغت مؤثر نہیں رہتی۔ حالانکہ اس حدیث میں ان کے لئے کوئی دلیل نہیں ہے۔ (انتھی) حدیث کا اطلاق تو یہ بتا رہا ہے کہ ان کا پہننا ہر حال میں جائز ہے اور امام احمدؒ کہتے ہیں کہ قبرستان میں پہننا مکروہ ہے اور دلیل بشیر ابن خصاصی کی حدیث ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں قبرستان میں چل رہا تھا، میرے پاؤں میں جوتے تھے۔ کہ اچانک ایک آدمی نے پیچھے سے آواز دی۔ اے سبتی جوتوں والے صاحب! جب تم یہاں ہوا کرو تو اپنے جوتے اتار لیا کرو۔ اس حدیث کی تخریج احمدؒ اور ابوداؤدؒ نے کی ہے اور حاکمؒ نے اس کی تصحیح کی ہے اور مذکورہ بالا مسئلہ میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے، اور امام طحاویؒ نے اس پر گرفت کی ہے کہ یہ جائز ہے کہ ان کے ''خلع'' کا حکم ہو۔ کیونکہ ان دونوں جوتوں میں گندگی ہوتی ہیں اور حدیث سے ثابت ہے کہ مردے جوتوں کی آواز سنتے ہیں جب لوگ واپس لوٹتے ہیں۔ یہ حدیث ''مقابر'' میں لبس نعال کے جواز پر دلالت کر رہی ہے اور حدیث انسؓ سے یہ بات ثابت ہے کہ آپ علیہ السلام نے جوتوں میں نماز پڑھی ہے۔ لہٰذا جب مسجد میں جوتوں کے ساتھ داخل ہونا جائز ہے، تو قبرستان میں بطریق اولیٰ جائز ہے۔ عسقلانیؒ کہتے ہیں کہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ نہی سے مراد اکرام میت ہو۔ جیسا کہ ''جلوس علی القبر'' سے نہی وارد ہے اور یہاں پر سبتتین کی کوئی تخصیص نہیں ہے بلکہ یہ اتفاقی بات ہے اور دراصل نہی تو قبروں پر جوتوں کے ساتھ چلنے سے ہے۔ (واللہ اعلم بالحال)

میں کہتا ہوں کہ بظاہر تو یہ لگتا ہے کہ قبروں پر چلنا ممنوع ہے چاہے نعال کے ساتھ ہو یا بغیر نعال ہو۔ ہاں یہ بھی ممکن ہے کہ مشی علی القبور رہو، تو اس کو متنبہ کر دیا۔ اس پر کہ جوتے اتارے جائیں کیونکہ یہ ادب واحترام کی جگہ ہے اور تواضع کی جگہ ہے۔ کیونکہ تکبر کا بھی امکان ہے۔ تو اس کا علاج ضد کے ساتھ فرمایا اور اس کو ایک سخت حکم دیا' یہ لبس نعال کے جواز کے منافی نہیں ہے' مکان ضرورت میں دفع حرج کے لئے۔

پاپوش کے دو تسمے

۴۴۰۸: وَعَنْ اَنَسٍؓ قَالَ اِنَّ نَعْلَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَھَا قِبَالَانِ۔ (رواہ البخاری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۱۲/۱۰ الحدیث رقم ۵۸۵۷' وأبو داوٗد فی السنن ۳۷۵/٤ الحدیث رقم ٤۱۳٤' والترمذی فی ۲۱۲/٤ الحدیث رقم ۱۷۷۱' والنسائی فی ۲۱۷/۸ الحدیث رقم ۵۳٦۷' وابن ماجه فی ۱۱۹٤/۲ الحدیث رقم ۳٦۱۵۔

ترجمه:حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاپوش کے دو تسمے تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:ان نعل النبی کان لها قبالان:

"القبال" (بکسر القاف) جوتے کے تسمے کو کہتے ہیں۔ دو انگلیوں کے درمیان والے سیر کو کہتے ہیں۔ (اس کو النہایہ میں ذکر کیا ہے۔) اور اس کا معنیٰ یہ ہے کہ آپ کے جوتے میں دو تسمے تھے اس کو اپنے پاؤں کی انگلیوں میں رکھتے تھے اور "اصبعین" سے مراد وسطیٰ اور اس کے ساتھ والی انگلی ہے۔ ہمارے بعض شراح کہتے ہیں، کہ ہر جوتے میں دو تسمے ہوتے تھے۔ ابہام اور اس کے ساتھ والی انگلی کو ایک تسمہ میں داخل کرتے تھے اور دوسری انگلیوں کو دوسرے تسمے میں داخل کرتے تھے۔ اس کی تائید شمائل کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا کہ رسول اللہ کی جوتیاں کیسی تھیں؟ تو انہوں نے کہا، کہ اس کے دو تسمے تھے۔ یعنی ہر ایک جوتی کے دو تسمے تھے۔ اس حدیث میں افراد اس کی جنس کے اعتبار سے ہے۔ عسقلانی فرماتے ہیں "قبال" اس "زمام" کو کہتے ہیں جس کے ساتھ اس "شسع" (تسمہ) کو باندھا جاتا ہے جو پاؤں کی دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے۔

علامہ جزری کہتے ہیں کہ رسول اللہ کے نعل کے دو تسمے تھے' ایک کو ابہام اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان رکھ دیتا تھا اور دوسرے کو وسطیٰ اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان رکھتے تھے اور دونوں تسمے آپ کے قدم کے اگلے حصہ پر آ کر ملتے تھے۔ اس کو "اشراک" کہتے ہیں اور عنقریب آئے گا کہ رسول اللہ کے نعل کے دو "قبال" تھے۔ ان کے دو شراک تھے۔

مرد پاپوش کے ساتھ سوار کی طرح ہے

۴۴۰۹:وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا يَقُوْلُ اسْتَكْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ فَإِنَّ الرَّجُلَ لَايَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی ۱٦٦۰/۳ الحدیث رقم (٦٦۔۲۰۹٦)' وأبو داوٗد فی السنن ۳۷۵/٤ الحدیث رقم ٤۱۳۳۔

ترجمه:حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک جہاد کے لئے (روانگی کے موقع پر) فرمایا تم بہت سے پاپوش لے لو۔ کیونکہ مرد پاپوش کے ساتھ سوار کی طرح ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:یقول استکثروا من النعال فان الرجل لایزال راکبا ما انتعل۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں، کہ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ خفت مشقت قلت تعب میں وہ راکب کی طرح ہے۔ اس کے پاؤں کانٹوں اور تکلیف دہ چیزوں اور اس طرح کی دوسری چیزوں سے محفوظ رہتے ہیں اور اس سے اس بات کا استحباب معلوم ہوتا ہے کہ آدمی سفر میں جوتے اور سفری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضروریات اپنے پاس رکھے۔

تخریج: اس حدیث کو اسی طرح احمد نے اور بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں اور امام نسائی نے حضرت جابر سے اس کو ذکر کیا ہے۔ طبرانی نے الکبیر میں عمران بن حصین سے اور اوسط میں ابن عمر سے روایت کیا ہے۔ احمد، ابن ماجہ اور حاکم نے سند صحیح کے ساتھ حضرت میمونہ بنت سعد سے مرفوعاً روایت کیا ہے: **نعلان أجا هد فيها خير من أن أعتق ولد الزنا**۔ ''وہ نعلین جن کو پہن کر میں جہاد کروں اس سے بہتر ہیں کہ میں ولد الزنا کو آزاد کروں''۔

دایاں پاؤں پہننے میں پہلے اور اُتارنے میں آخر میں ہو

۴۴۱۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْتَعَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيُمْنٰى وَاِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ لِتَكُنِ الْيُمْنٰى اَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَاٰخِرَ هُمَا تُنْزَعُ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ١٠/٣١١ الحديث رقم ٥٨٥٦، ومسلم فى ٣/١٦٦٠ الحديث رقم (٦٧-٢٠٩٧)، وأبو داوٗد فى السنن ٤/٣٧٧ الحديث رقم ٤١٣٩، والترمذى فى ٤/٢١٥ الحديث رقم ١٧٧٩، ابن ماجه فى ٢/١١٩٥ الحديث رقم ٣٦١٦، وأحمد فى المسند ٢/٢٣٣۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم پاپوش پہنو تو دائیں پاؤں سے ابتداء کرو۔ یعنی دایاں اور پھر بایاں اور جب اتارو تو بائیں طرف سے شروع کرو۔ پہلے بایاں نکالو پھر دایاں۔ مناسب یہ ہے کہ دائیں پہننے میں اول اور اتارنے میں آخری ہو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: فليبد أباليمنى**: اور شمائل میں (''بالیمنی'' کے بجائے) ''بالیمین'' ہے۔

قوله: واذا نزع: اور ایک روایت میں ''خلع'' ہے۔ **أى اراد خلعها**۔

قوله: فليبدأ بالشمال: ''شمال'' پہلے حرف کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ای بالیسری جیسا کہ ایک روایت میں ہے۔ عسقلانیؒ فرماتے ہیں قاضی عیاضؒ وغیرہ نے اجماع نقل کیا ہے، کہ یہ امر استحباب کے لئے ہے اور خطابیؒ فرماتے ہیں، کہ جوتا آدمی کے لئے کرامت ہے۔ کیونکہ یہ انسان کو تکلیف سے بچاتا ہے اور جب ''یمنیٰ'' یسریٰ سے افضل ہے۔ تو جوتا پہننے میں دائیں طرف سے ابتداء کرنا چاہیئے اور جوتا اتارنے میں دائیں کو مؤخر کرنا چاہیئے تاکہ جب تک جوتا پاؤں میں ہے اس کی کرامت و شرافت کا وافر حصہ ملتا رہے اور اس پر یہ قول دال ہے: ''**فلتكن اليمنى**'' اور ایک روایت میں ''**فلتكن اليمين**'' ہے اور اس کی تائید اس قول سے بھی ہوتی ہے: **وأو لهما تنعل**۔

او لهما: یہ ''**تنعل**'' کے ساتھ متعلق ہے۔ اگرچہ اس کی تانیث و تذکیر میں اختلاف ہے اور پہلا قول اصح ہے ''تذکیر'' تاویل ''عضو'' پر محمول ہوگی۔ یہ ''کان'' کی خبر ہونے کی بناء پر منصوب ہے اور اس میں رفع کا احتمال بھی ہے۔ مبتدا ہونے کی بناء پر اور ''**تنعل**'' اس کی خبر ہے اور جملہ ''کان'' کی خبر ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ)

''**و آخرهما تنزع**'': اس کی ترکیب پچھلے جملہ کی طرح ہے عسقلانی فرماتے ہیں کہ یہ دونوں ''کان'' کی خبر یا حال ہونے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی بنا پر منصوب ہیں اور خبر "تنعل وتنزع" ہے۔ یہ دونوں فعل بصیغہ تذکیر وتانیث دونوں طرح ضبط کئے گئے ہیں میرکؒ فرماتے ہیں: ہماری روایات میں اول (احتمال) یہ ہے کہ دونوں ضمیریں "یمنعی" کی طرف راجع ہیں اور دوسرا (احتمال) یہ ہے جو شیخ نے ضبط کیا ہے اور ان کے کلام سے بطور فائدہ معلوم ہوتا ہے وہ باعتبار نعل وخلع کے ہے جن سے مراد وہ دو مصدر ہیں جو دو فعلوں سے مفہوم ہو رہے ہیں۔ اور یہ خفاء سے خالی نہیں۔ عصامؒ فرماتے ہیں اس خصلت کا حکم دینے کا فائدہ یہ ہے کہ یہ خصلت راسخ اور ثابت ودائم رہنی چاہیئے۔ کیونکہ عام طور پر لوگ اس کو کمتر خیال کرتے ہیں۔ یا یہ کہ یہ عادت یمنیٰ کو مقدم کرنے کی ہے چنانچہ تقدیم یسریٰ کی فوتگی کا خیال تھا۔ (انتھی)

حاصل یہ ہے کہ جملہ ثانیہ تاکید اولیٰ سے خالی ہے۔ میں کہتا ہوں بلکہ اس میں زیادۃ افادہ ہے اور وہ یہ ہے کہ فعلین سابقین سے مقصود دونوں مذکورہ جہتوں پر دراصل صرف یمنیٰ کے اکرام کی رعایت ہے پہننے میں بھی اور اتارنے میں بھی۔ یہاں تک کہ یہ خیال نہ ہو جائے، کہ اس سے یمنیٰ اور یسریٰ میں مساوات ہے۔ اس کے برعکس ہے اس طور پر کہ ان میں سے ہر ایک کو فعل میں ابتداء دے دی ہے اور اس کی نظیر دخول مسجد میں یمنیٰ کی تقدیم اور خروج میں یسریٰ کی تقدیم ہے اور دخول الخلاء میں اس کے برعکس ہے۔ اس کی تائید شمائل میں مروی حضرت عائشہؓ کی روایت سے ہوتی ہے انہ ﷺ کان یحب التیمن ما استطاع فی ترجلة وتنعله وطهوره اس سے ابن حجرؒ کے قول کی تضعیف ہوتی ہے کہ "اس کا فائدہ یہ ہے کہ امر اول میں تقدیم یمنیٰ اس بات کا تقاضا نہیں کرتا کہ نزع میں مؤخر کیا جائے۔ کیونکہ اس میں یہ احتمال ہے کہ دونوں کو ایک ساتھ اتارا جائے۔ پس جس نے یہ خیال کیا کہ یہ تاکید کیلئے ہے، تو اس کو وہم ہوا ہے اور اسی طرح جس نے میرے بیان کردہ معنیٰ کے علاوہ کوئی اور معنیٰ مراد لیا اس نے تکلف کیا اس کو تاکید سے نکالتے ہوئے اور وہ ایسی بات کا قائل ہوا کہ سماع جس کا انکار کرتا ہے لہٰذا اس پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ وہ اس کو تاکید سے نکال دیتا ہے۔

اور آپ یہ جانتے ہیں، کہ دونوں کو ایک ساتھ اتارنا اور ایک ساتھ پہننا عقلاء کے افعال میں متصور نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا وہ اپنی کہی ہوئی بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ "سماع اس کا انکار کرتا ہے لہٰذا اس پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا"۔

علامہ میرک کہتے ہیں کہ بعض نقاد نے یہ گمان کیا ہے، کہ حدیث مرفوع لفظ "بالشمال" پر ختم ہے اور "فلتکن" سے "تنزع" تک بعض رواۃ کی طرف سے مدرج ہے اور یہ ادراج شرح وتاکید کی غرض سے ہے اکثر لوگ اس سے جاہل ہوتے ہیں اور اس پر عمل سے غافل ہوتے ہیں۔

تخریج "ورواہ احمد والترمذی وابن ماجة"۔

ایک جوتے کے ساتھ چلنے کی ممانعت

۴۲۱۱: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْشِيْ اَحَدُكُمْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ لِيُحْفِهِمَا جَمِيْعًا اَوْلِيُنْعِلْهُمَا جَمِيْعًا ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۰۰۹/۱۰ الحدیث رقم ۵۸۵۵، ومسلم فی ۱۶۶۰/۳ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۶۸-۲۰۹۷)، وأبو داؤد فیا لسنن ٤/۳۷٦ الحدیث رقم ٤١٣٦، ولاترمذی فی ٤/٢١٣ الحدیث رقم ١٧٧٤، وابن ماجه فی ٢/١١٩٥ الحدیث رقم ٣٦١٦، ومالك فی الموطأ ٢/٩١٦ الحدیث رقم ١٤ من كتاب اللباس، وأحمد فی المسند ٢/٢٤٥۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک جوتا پہن کر مت چلو دوسرے پاؤں سے بھی اتار لو یا دونوں میں پہنو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **لا یمشی أحدکم:** یہ "نفی" بمعنیٰ "نھی" ہے، جو تنزیہ کیلئے ہے اور شمائل میں "**لا یمشین أحدکم**" کے الفاظ ہیں۔

فی نعل واحدة: اور شمائل کی ایک روایت میں "**واحد**" تذکیر کے ساتھ ہے۔ "نعل"، "ملبوس" کی تاویل میں ہے۔

لیحفهما: یہ باب "افعال" یا باب "علم یعلم" سے ہے۔ احفاء "انعال" کی ضد ہے۔ ننگے پاؤ چلنا (جوتا موزہ وغیرہ اتار کر چلنا، جوتا اتارنا۔

جمیعًا او ینعلهما: یہاں پر "او" تخییر کیلئے ہے اور دونوں ضمیریں۔ "قدمین" کی طرف راجع ہیں، اگرچہ ان کا ذکر پہلے نہیں ہوا ہے لیکن دلالت سیاق کی وجہ سے ہے یہ لغت عرب میں مشہور ہے اور قرآن میں بھی ہے۔ اس کو علامہ ابن عبدالبر نے ذکر کیا ہے۔ انہوں نے یہ آیت مراد لی ہے: **حتی توارت بالحجاب** [ص:۳۲] اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان: ﴿وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ......﴾ [النحل:٦١] "اور اگر خدا لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب پکڑنے لگے تو ایک جاندار کو زمین پر نہ چھوڑے لیکن ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے جاتا ہے۔ جب وہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔" لیکن "**لنعلهما**" کی روایت سے یہ متعین ہو گیا ہے کہ یہ ضمیر "**نعلین**" کی طرف راجع ہے۔ الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ تقدیری عبارت یوں ہے: "**لیلبس نعل القدمین**" اور اس بحث کو ہم نے شرح الشمائل میں دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں، اس نہی کی وجہ یہ ہے کہ اس میں قلت مروت، سستی و کمزوری اور ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا لازم آتا اور یہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام ایک جوتے میں بھی چلے ہیں۔ اگر یہ صحیح ہو، تو یہ نادر چیز ہے اور شاید اتفاقاً کسی سبب کی بناء پر گھر میں ایسا کیا ہو۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اس کو "بعد از نہی پر محمول کر لیا جائے، تو پھر اس کو ضرورت پر محمول کیا جائے گا، یا بیان جواز پر اور یہ کہ یہ نہی تحریم کیلئے نہیں ہے۔

علامہ خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ اس حالت میں چلنا باعث مشقت ہوتا ہے۔ دیکھنے میں بدنما لگتا ہے اور آنکھوں کے سامنے ایک قبیح منظر بھی ہوتا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس لئے کہ اس کے اعضاء و جوارح میں اعتدال نہیں رہتا اور بسا اوقات اس کے فاعل کو اختلال رائے اور ضعف رائے کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے۔

ابن العربی کہتے ہیں کہ اس میں نہی کی علت یہ ہے کہ یہ شیطان کی چال ہے۔ امام بیہقی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ کراہت شہرت کی وجہ سے ہے۔ چونکہ جو اس کو دیکھتا ہے وہ اس کو دیکھتا ہی رہتا ہے۔ حالانکہ لباس میں بھی شہرت سے نہی وارد ہے اور ہر وہ شیئی جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے صاحب شیئ مشہور ہو جائے تو اس کا حق یہ ہے کہ اس سے اجتناب برتا جائے۔(یہ علامہ عسقلانیؒ کی تحقیق ہے۔)
ابن ماجہ کی حدیث ہے: ''لا یمش أحدکم فی نعل واحد ولا فی خف واحد''۔ بعض نے ایک ہاتھ کو آستین سے باہر نکالنے کو اسی مسئلہ کے ساتھ چادر کو ایک کندھے پر ڈالنے ایک پاؤں میں جوتا پہننے اور دوسرے پاؤں میں موزہ پہننے کے مسئلہ کو بھی اسی کے ساتھ ملحق کیا ہے اس کو شرح السنہ میں ذکر کیا ہے۔

ایک موزہ میں نہ چلا جائے

۴۴۱۲: وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهٖ فَلَا يَمْشِيْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ حَتّٰى يُصْلِحَ شِسْعَهٗ وَلَا يَمْشِيْ فِيْ خُفٍّ وَاحِدٍ وَلَا يَاْكُلْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَحْتَبِيْ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا يَلْتَحِفُ الصَّمَّآءَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱٦٦١ الحدیث رقم (۷۱-۲۰۹۹)، وأبو داوٗد فی السنن ٤/۳۷۷ الحدیث رقم ٤۱۳۷، وأحمد فی المسند ۳/۳۲۷۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے۔ اس کو ایک جوتا پہن کر نہ چلنا چاہیے۔ یہاں تک کہ اس کا تسمہ درست کرے۔ اور ایک موزہ پہن کر بھی نہ چلے اور بائیں ہاتھ سے بھی نہ کھائے۔ اور ایک کپڑے میں لپٹے ہونے کی حالت میں گوٹ مار کر نہ بیٹھے جب کہ ستر پر کوئی چیز نہ ہو اور بدن کو اس طرح کپڑے میں نہ لپیٹے کہ ہاتھ بھی اندر لپٹ جائیں اور ہاتھ کے نکالنے سے ستر کھل جائے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: انقطع شسع نعله شین معجمہ کے کسرہ، اور سین مہملہ کے ساتھ۔ اور الجامع الصغیر کی روایت میں: ''شسع نعل أحد کم'' ہے۔

فلا یمشی: صیغہ نفی کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ صحیحہ میں صیغہ نہی کے ساتھ ''فلا یمش'' ہے۔ اور ایک روایت میں ''فی الأخری'' کا اضافہ ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں:

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: ومعنی حتی انه لا یمشی فی نعل واحدۃ اذا قطع شع نعله الاخری فیمشی بالنعلین۔ اس لفظ کی جامع الاصول میں تصحیح کی گئی ہے۔ میرکؒ کہتے ہیں، کہ یہ جو مسلم نے ابورزین عن ابی ہریرہ کے طریق سے روایت کیا ہے: اذا انقطع شع أحد کم أوشراکه فلا یمشی فی احد اهما بنعل والأخری حافیة لیحفهما جمیعا۔ اس کا کوئی مفہوم نہیں بنتا۔ چہ جائیکہ یہ اس کے غیر میں اذن پر دلالت نہ کرے یہ غالب عادت کے طور پر ذکر فرمایا ہے اور ممکن ہے کہ یہ مفہوم موافق ادنیٰ سے اعلیٰ پر تنبیہ ہو۔ اسلئے کہ جب احتیاج کے ساتھ ممنوع ہے تو عدم احتیاج میں بطریق اولیٰ ممتنع ہوگا۔ علامہ عسقلانیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ ترمذیؒ کی روایت کے ضعف پر دلالت کر رہا ہے جو حضرت عائشہؓ سے منقول ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسا اوقات رسول اللہ کے ایک جوتے کا تسمہ ٹوٹ جاتا، تو وہ ایک جوتے میں چلتے رہتے تھے یہاں تک کہ اس کو ٹھیک کر لیتے۔
میرکؒ کہتے ہیں، کہ شیخ نے جامع الترمذیؒ کے حوالہ سے نقل کیا ہے جبکہ اصل ترمذیؒ میں یہ الفاظ مجھے نہیں ملے۔ بلکہ اس میں لیث بن ابی سلیم عن عبدالرحمٰن بن القاسم بن سالم عن ابیہ عن عائشہ کے طریق سے ہے: **قالت: ربما مشی النبی ﷺ فی نعل واحدة** کہ بسا اوقات نبی علیہ السلام ایک جوتی پہن کر چلتے اور اسی طرح صاحب المصابیح، صاحب المشکوٰۃ، اور شیخ جزریؒ نے "تصحیح المصابیح" میں ترمذی سے نقل کیا ہے۔ (واللہ اعلم) متن میں یہ حدیث عنقریب آ رہی ہے۔
شرح السنہ میں مذکور ہے کہ آپؐ سے ایک جوتا پہن کر چلنے کی رخصت کے بارے میں کئی احادیث منقول ہیں اور حضرت علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایات ہیں۔ ابن سیرین اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔
ولا یمشی: یہ نفی ہے۔ لیکن معنی نہی ہے۔ جیسا کہ ایک نسخہ میں اسی طرح مذکور ہے۔
لا یأکل بشماله: یہ جملہ خبر ہے۔ البتہ معنیً ہے۔ جیسا کہ ایک نسخہ میں اسی طرح مذکور ہے۔
بعض نے کہا ہے کہ یہ خبر بمعنیٰ نہی ہے۔ یہ قید و مقید کے مجموعہ پر عطف ہے صرف مقید بقید متقدم پر عطف نہیں۔ چونکہ اگر ایسا ہوتا تو معطوف اور معطوف علیہ کی اس مقید میں شرکت لازم آتی اور وہ یہاں صحیح نہیں ہے۔
بعض نے کہا ہے کہ یہ نفی بمعنیٰ النہی ہے اور اس نہی کا سابقہ دونوں افعال پر عطف جائز نہیں ہے۔
صحیح بات یہ ہے کہ یہ نہی سابق پر عطف ہے۔ اس کی شرح کے ساتھ مأخوذ ہو کر' تاکہ شرط کے ساتھ مقید نہ ہو جائے اور اس صورت میں کوئی اشکال بھی باقی نہیں رہے گا۔ چاہے اس کو نہی بنایا جائے یا نفی بنایا جائے۔
قوله: ولا یحتبی بالثوب الواحد: یہ صرف صیغہ نفی کے ساتھ ہے۔ یہ ممانعت اس صورت میں ہے جب اس کی شرمگاہ پر کوئی ستر نہ ہو۔
قوله: ولا یلتحف الصماء: یہ تشدید میم کے ساتھ ہے۔ اس سے ممانعت اس لئے فرمائی کہ بعض اوقات اس سے کشف عورہ ہو جاتا ہے۔ اس پر کلام گزر چکا ہے۔
قوله: رواه مسلم: شرطیہ اولیٰ کو انفراداً مسلمؒ نے بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں' نسائی نے اپنی سنن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' طبرانیؒ نے شداد بن اوس سے اور بزار اور ابن عدی نے "الکامل" میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔: **اذا انقطع شسع أحد كم فليسترجع فانها من المصائب** کہ جب تم میں سے کسی کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے۔ تو اس پر "**انا لله وانا اليه راجعون**" پڑھے۔ کیونکہ یہ بھی ایک مصیبت ہے۔ نسائی نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے: **كان ينهى أن يمس الرجل ذكره بيمينه وأن يمشي في نعل واحدة وأن يشتمل الصماء وأن يحتبى في ثوب ليس على فرجه منه شيئى**۔ کہ رسول اللہ اس سے منع فرمایا کرتے تھے۔ کہ آدمی داہنے ہاتھ سے اپنا ذَکر چھوئے اور یہ کہ وہ ایک جوتے میں چلے، اور یہ کہ وہ "صماء" کرے اور یہ کہ وہ اس طرح احتباء کرے کہ اس کی شرمگاہ پر کوئی کپڑا نہ رہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

دو تسموں والا پاپوش

۴۴۱۳: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كَانَ لِنَعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا۔

(رواه الترمذی)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۱۹٤ الحدیث رقم ۳٦۱٤۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاپوش دو تسمے والے تھے۔ انگلیوں میں پہنا جانے والا حصہ دوہرا تھا۔ تاکہ وہ پاؤں کو نہ چبھے بلکہ استوار ہو۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: "مثنّٰی": "تثنية" سے اسم مفعول ہے۔ یا "الثنی" سے ہے جیسا کہ نسخہ صحیحہ میں ہے اور "قبالان" کی صفت ہے، اور "شراکھا" نائب فاعل ہے۔

شراك: شین معجمہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ النہایہ کے مطابق جوتے کے دو تسموں میں سے ایک تسمہ کو کہتے ہیں۔ جو کہ اس کے اگلے حصہ پر ہوتا ہے۔

ترمذیؒ نے اس کو الشمائل میں عبداللہ بن الحارث سے روایت کیا ہے اور اسی طرح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یوں روایت کیا ہے: "كان لنعل رسول الله ﷺ قبالان وابی بکر وعمر رضی الله تعالىٰ عنهما وأول من عقد عقد او احدًا۔ای اتخذ قبا لاواحدًا۔عثمان رضی الله عنه" اور سب سے پہلے جس شخص نے ایک تسمہ باندھا وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ یہ دراصل بیان جواز کی طرف اشارہ ہے اور یہ کہ آپ کا اس کو پہننا ایک عادت کے طور تھا، نہ کہ اس قصد سے کہ بندوں کے لئے عبادت قرار پائے۔ جیسا کہ "اصول" میں بیان ہوا ہے کہ آپ کے افعال چار طرح کے ہیں: ❶ مباح، ❷ مستحب، ❸ واجب، ❹ فرض۔ اگر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس کو بیان نہ فرماتے تو اس سے " قبال واحدٍ" پر اقتصار کی کراہت کا توہم ہوتا۔ یا اس کے خلاف اولیٰ ہونے کا وہم ہوتا۔ کیونکہ یہ آپ اور آپؐ کے صاحبین کے فعل کے خلاف تھا اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ "لبس نعلین" کا ترک اور غیر نعلین کا لبس غیر مکروہ ہے۔

کھڑے ہو کر جوتا نہ پہنو

۴۴۱۴: وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔

(رواه ابوداود ورواه الترمذی وابن ماجة عن ابی هريرة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ۳۷٦ الحدیث رقم ٤۱۳٥۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ آدمی کھڑے ہو کر جوتا پہنے۔

(ابوداوٗد)

تشریح: نهی رسول الله ﷺ ان ينتعل الرجل قائما: یہ باب انفعال سے ہے۔ جوتا پہننا۔ مظہرؒ کہتے ہیں یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ممانعت اس صورت میں ہے جب انسان کو کھڑے ہو کر پہننے میں مشقت ہوتی ہو۔ جیسا کہ موزہ یا وہ جوتا ہے کہ جس کے تسمے باندھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

ضیاء اور ترمذیؒ نے اس کو حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں: ''نهٰى ان ينتعل الرجل وهو قائم''۔ ترمذی اور ابن ماجہ نے اس کو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

۴۴۱۵: وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ۔

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢١٣ الحديث رقم ١٧٧٥' وابن ماجه فی ٢/١١٩٥ الحديث رقم ٣٦١٨۔

ترجمہ: اور ترمذی' ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

نادر احوال میں ایک جوتے کا استعمال

۴۴۱۶: وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رُبَّمَا مَشَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِنَّمَا مَشَتْ بِنَعْلٍ وَاحِدَةٍ۔ (رواه الترمذی وقال هذا اصح)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢١٤ الحديث رقم ١٧٧٧۔١٧٧٨۔

ترجمہ: حضرت قاسم بن محمد رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ایک جوتے میں چلتے تھے۔ اور ایک روایت اس طرح ہے کہ بے شک حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک جوتے میں چلیں۔ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے اسے اصح کہا ہے۔ یعنی اس کی سند یا معنی صحیح تر ہے۔

تشریح: ''ربما'': بائے موحدہ کی تشدید اور تخفیف دونوں کے ساتھ ہے' یہاں قلت کے معنی میں ہے۔ ای قليلا۔ اس کو مرفوعاً اور موقوفاً دونوں طرح روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ موقوف روایت معنیً یا اسناد کے لحاظ سے اصح ہے۔

پاپوش نکال کر پہلو کی جانب رکھے

۴۴۱۷: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ اَنْ يَخْلَعَ نَعْلَيْهِ فَيَضَعُهُمَا بِجَنْبِهٖ۔

(رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٧٧ الحديث رقم ٤١٣٨۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب آدمی بیٹھے تو پاپوش کو پاؤں سے نکال کر پہلو کی طرف رکھ دے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: من السنة اذا جلس الرجل ان يخلع نعليه فيضعها بجنبه۔: ''من السنة'' خبر مقدم ہے اور ''اذا جلس'' مبتدا کے لئے ظرف ہے۔ اور مبتدا ''أن يخلع نعليه فيضعهما بجنبه'' ہے

ایمن کی تعظیم کی وجہ سے جوتے اپنی بائیں جانب رکھتے اور قبلہ کی تعظیم کے پیش نظر سامنے نہیں رکھتے تھے اور پیچھے اسلئے نہیں رکھتے تھے کیونکہ چوری کا خدشہ ہوتا ہے۔ علامہ طیبیؒ کے اصل نسخہ میں ''ان من'' ہے اور فرمایا کہ ''ان يخلع'' انّ کا اسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور ”اذا جلس“ اس کیلئے ظرف ہے۔

سیاہ موزے کا استعمال

۴۳۱۸: وَعَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّجَاشِيَّ اَهْدٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُفَّيْنِ اَسْوَدَيْنِ سَاذِجَيْنِ فَلَبِسَهُمَا۔

(رواه ابن ماجة وزاد الترمذی عن ابن بريدة عن ابيه ثم توضأ ومسح عليهما)

أخرجه الترمذی فی السنن ۱۱۴/۵ الحدیث رقم ۲۸۲۰، وابن ماجه فی ۱۵۲/۱ الحدیث رقم ۵۴۹، وأحمد فی المسند ۳۵۲/۵۔

ترجمہ: حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو انہوں نے اپنے والد سے نقل کی کہ نجاشی نے دو سادہ سیاہ موزے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تحفۃً بھیجے۔ جن پر نقش نہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پہنا (یعنی طہارت کی حالت میں) یہ ابن ماجہ کی روایت ہے، ترمذی نے بھی ابن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے۔ کہ پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو ان پر مسح فرمایا۔

تشریح: عن ابن بريدة اور بعض نسخوں میں ”ابی بريدة“ ہے۔ علامہ میرک کہتے ہیں کہ یہ فحش غلطی ہے۔

ان النجاشی اهدٰی الی النبی ﷺ: ”الصحاح“ میں ہے: الهدية واحدة الهدايا يقال: آهديت اليه وله“ دونوں کا ایک ہی معنٰی ہے۔

ساذجین: القاموس کے مطابق یہ ”سادة“ سے معرب ہے۔ مطلب یہ کہ وہ غیر منقوش تھے۔ یا وہ بالوں سے خالی تھے۔ جیسا کہ ایک روایت میں ”نعلین جرداوین“ آیا ہے۔

قوله: وزاد الترمذی عن ابن بريدة: ایک نسخہ میں ”عن أبی بريدة“ ہے۔

علامہ میرک کہتے ہیں، کہ ابن حبان نے ہیثم بن عدیؒ کے طریق سے روایت نقل کی ہے: کہ نجاشی نے آپ کو لکھا، کہ میں نے آپ کی شادی قوم کی ایک عورت ام حبیبہ بنت ابی سفیان کے ساتھ کر دی ہے۔ جو آپ کے دین پر ہے اور میں آپ کو ایک ہدیہ دے رہا ہوں۔ جو قمیص، شلوار، عطاف اور بغیر بالوں کے دو موزے پر مشتمل ہے۔ نبی نے وضوء کیا اور ان پر مسح فرمایا۔

سلیمان بن داؤد کہتے ہیں کہ میں نے ہیثم سے پوچھا، کہ یہ ”عطاف“ کیا چیز ہے تو انہوں نے کہا کہ ”الطیلسان“ کو کہتے ہیں۔ الشمائل میں ہے کہ دحیہ نے آپ کو موزے اور ایک جبہ ہدیہ کیا۔ جن کو آپ پہنتے رہے یہاں تک کہ وہ پھٹ گئے۔ یہ بات معلوم نہیں ہے۔ کہ وہ پاک تھے یا نہیں۔ اس حدیث میں اس بات پر دلالت بھی ہے کہ اشیائے مجہولہ میں اصل ”طہارت“ ہے۔ پھر صحابہؓ نے آپ کی درایت کی نفی کی یا تو اس وجہ سے کہ آپ نے اس کی تصریح کی تھی۔ یا اس وجہ سے کہ آپؐ نے اس کو عدم سوال اور تفحص حال کے قرینہ سے لیا تھا۔ میرکؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ آپ نے موزے پہنے ہیں اور اس پر مسح کیا ہے اہل السنّت والجماعت کے ہاں: ”مسح علی الخفین فی السفر و الحضر“ کی حدیث تواتر کو پہنچی ہوئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ التَّرَجُّلِ

کنگھی کرنے کا بیان

''ترجل'' جیم کے ضمہ اور تشدید کے ساتھ ہے اور ''النہایہ'' میں ہے کہ ''ترجل اور ''ترجیل'' کا معنی ہے بالوں میں کنگھی کرنا، ان کو صاف رکھنا اور خوبصورت بنانا۔ (طیبیؒ) زیادہ واضح بات یہ ہے: ''رجل شعرہ ای ارسلہ بالمشط'' اور ''ترجل'' کا مطلب یہ ہے کہ اس نے یہ کام خود کیا۔ اھ۔ یا کسی اور سے کرایا۔ اور قاموس میں ہے شعر رجل و ککتف وکجبل بین السبوطۃ والجعودۃ۔ وقد رجل کفرح ورجلتہ ترجیلا۔ ''تنویر المصابیح'' میں ہے کہ ''ترجل'' کا معنی ہے تطہر وتزین' اور ''ترجیل'' کا معنی ہے بالوں میں کنگھی کرنا۔

الفصل الاول:

سر کے بالوں میں کنگھی کا استعمال

۴۴۱۹: عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أُرَجِّلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا حَائِضٌ۔

(متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳٦٦۸۱۰ الحدیث رقم ۵۹۲۵، ومسلم فی ۲٤٤/۱ الحدیث رقم (۹۔۲۹۷)، وأبو داوٗد فی السنن ۸۳٤/۲ الحدیث رقم ۲٤٦۹، وابن ماجه فی ۲۰۸/۱ الحدیث رقم ٦۳۳، والدارمی فی ۲٦۲/۱ الحدیث رقم ۱۰۵۸، ومالك فی الموطأ ٦۰/۱ الحدیث رقم ۱۰۲ من کتاب الطهارة، وأحمد فی المسند ۱۰۰/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں حالت حیض میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کو کنگھی کر دیا کرتی تھی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: کنت ارجل رأس رسول اللّٰہ ﷺ وأنا حائض:

''رأس رسول اللّٰہ ﷺ'': یہاں مضاف محذوف ہے۔ ای شعر رأس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس حدیث سے حائضہ عورت کے ساتھ مخالطت کا جواز معلوم ہو رہا ہے۔

تخریج: اور اسی طرح ترمذیؒ نے شمائل میں اس کو ذکر کیا ہے۔ میرک کہتے ہیں کہ اسی طرح تمام رواۃ نے امام مالک سے نقل کیا ہے اور ابو حذیفہؒ نے ہشام سے اس طرح روایت کیا ہے: ''انها کانت تغسل رأس رسول اللّٰہ ﷺ وهو مجاور فی المسجد وهی حائض یخرجه الیها''۔ اس کی تخریج دار قطنیؒ نے بھی کی ہے۔ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے: ❶ حائض عورت کا بدن اور اس کا پسینہ پاک ہے۔ ❷ ''معتکف'' کیلئے جماع اور اس کے مقدمات ممنوع ہیں۔ ❸ حائضہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عورت مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی۔ (کذا قالوا)

علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ یہ حدیث امام شافعیؒ کے خلاف حجت ہے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں، کہ مباشرت مطلق سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے۔ علامہ عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں ان کے خلاف کوئی حجت نہیں ہے کیونکہ اعتکاف میں وضوء شرط نہیں ہے اور حدیث میں اس بات کا کوئی ذکر نہیں ہے کہ اس کے فوراً بعد بغیر کسی فصل کے نماز ادا فرما لیتے تھے اور اگر اس کو فرض کر بھی لیا جائے تو بات یہ ہے کہ بال چھونے سے وضوء نہیں ٹوٹتا۔

پانچ امورِ فطریہ

۴۴۲۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْفِطْرَةُ خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۰/۳۴۹ الحديث رقم ۵۸۹۱، ومسلم فی ۱/۲۲۲ الحديث رقم (۵۰-۲۵۷)، وأبو داؤد فيا لسنن ۴/۴۱۲ الحديث رقم ۴۱۹۸، والترمذی فی ۵/۸۵ الحديث رقم ۲۷۵۶، والنسئی فی ۸/۱۸۱ الحديث رقم ۵۲۲۵، وابن ماجه فی ۱/۱۰۷ الحديث رقم ۲۹۲، ومالك فی الموطأ ۲/۹۲۱ الحديث رقم ۳ من كتاب صفة النبی ﷺ وأحمد فی المسند ۲/۴۱۰۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں فطرت سے ہیں نمبر۱ ختنہ کرنا نمبر۲ زیر ناف کیلئے لوہے کا استعمال (استرہ، بلیڈ) نمبر۳ مونچھیں کاٹنا نمبر۴ ناخن ترشوانا نمبر۵ بغل کے بال اکھاڑنا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قال رسول اللہ ﷺ "الفطرة": مراد اس سے فطرت اسلام ہے۔ قاضیؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ فطرت کی تفسیر اس سنت قدیمہ کے ساتھ کی گئی ہے جس کو انبیاء علیہم السلام نے اختیار کیا تھا اور اس پر شرائع متفق تھیں گویا کہ یہ ایک جبلی امر ہے جس پر ان کو پیدا کیا گیا تھا۔ علامہ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ "فطرت" کی تفسیر میں یہ سب سے بہترین اور جامع بات ہے۔

الختان: "خاء" کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ القاموس میں ہے: **ختنه يختنه فهو ختين ومختون قطع غرلته**" غرلة "ختان" اسم ہے، جیسا کہ "کتاب" ہے۔ "غرلة" "قلفه" کو کہتے ہیں۔

شرح "شرعۃ الاسلام" میں مذکور ہے کہ ختان سنن میں سے ہے اور یہی امام ابو حنیفہؒ کا مسلک ہے۔ اکثر علماء اور امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ یہ واجب ہے۔ کیونکہ یہ شعائر اسلام میں سے ہے۔ حضرت ابن عباس نے اس میں تشدد کیا ہے اور فرمایا کہ غیر مختون شخص کی گواہی، نماز اور ذبیحہ قبول نہ کی جائے۔ ابن شریحؒ کہتے ہیں کہ ستر عورت بالاتفاق واجب ہے۔ اگر ختان واجب نہ ہوتا تو پھر اس کا کشف بھی جائز نہ ہوتا۔ لہٰذا اس کے کشف کا جواز اس کے وجوب کی دلیل ہے۔ ("کذا فی التنویر") اور ممکن ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کی مراد یہ ہو کہ یہ سنت سے ثابت ہے نہ کہ یہ واجب نہیں ہے۔ لیکن اکثر کتب اس بات سے بھری پڑی ہیں کہ "ختان" سنت ہے۔ لیکن اگر وہ مکمل طور پر مختون پیدا نہ ہوا ہو اور ہم نے اس کو اس لئے مقید کیا کیونکہ "الخلاصہ" اور "مجمع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفتاویٰ'' میں ہے کہ اگر کوئی بچہ مختون پیدا ہوا۔اس طور کہ اگر اس کو کسی انسان نے دیکھا اور کہ اس کا ختنہ ہو چکا ہے اور اس پر دوسری مرتبہ ختنہ تکلیف کا باعث بنتا ہو اور حجاموں میں سے اہل بصیرت نے اس کا اعتراف بھی کر لیا تو اس کو اسی طرح چھوڑ دیا جائے گا اور اس سے کوئی تعرض نہیں کیا جائے گا۔

اور''زین العرب'' میں مذکور ہے، کہ چودہ انبیاء مختون پیدا ہوئے ہیں: ❶ حضرت آدم علیہ السلام، ❷ شیث، ❸ نوح، ❹ صالح، ❺ شعیب، ❻ یوسف، ❼ موسیٰ، ❽ زکریا، ❾ سلیمان، ❿ عیسیٰ، ⓫ حنظلہ بن صفوان یہ ''اصحاب الرس'' کے نبی تھے۔ ⓬ حضرت محمد ﷺ۔صاحب الشرعۃ نے لکھا ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام مختون پیدا ہوئے ہیں۔ان کی عزت واکرام کی وجہ سے۔تاکہ کوئی شخص ان کے ستر کی طرف نہ دیکھے۔مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام بغیر ختنہ کے پیدا ہوئے۔انہوں نے بذات خود اپنا ختنہ کیا۔تاکہ بعد والوں کیلئے سنت قرار دیا جائے۔یہ ساری بات مرد کے لئے ہے۔

عورتوں کا ختنہ:

البتہ عورتوں کیلئے یہ باعث عزت واکرام ہے۔چنانچہ خزانۃ الفتاویٰ میں ہے کہ مردوں کیلئے ختنہ کرانا سنت ہے۔البتہ عورت کے ختنہ کے بارے میں اختلاف ہے۔ادب القاضی میں اس کو مکروہ لکھا ہے اور ایک اور جگہ پر اس کو ''سنت'' کہا ہے۔ بعض علماء نے اس کو ''واجب'' کہا ہے اور بعض نے اس کو ''فرض'' کہا ہے۔میں کہتا ہوں کہ یہ سنت ہے۔کیونکہ آپ علیہ السلام کا ارشاد ہے: ''الختان سنة للرجال ومكرمة للنساء'' اس کو امام احمد نے سند حسن کے ساتھ ابوملیح سے روایت کیا ہے اور طبرانیؒ نے شداد بن اوس اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

اور ''فتاویٰ الصوفیۃ'' میں ہے کہ ختنہ کا وقت ساتویں سال سے دسویں سال تک ہے۔(انتہی) گویا اس سے مراد افضل و اعدل وقت ہے۔

قوله: الاستحداد: زیر ناف بالوں کو مونڈنا باب استفعال سے ہے اور ماخذ ''حدید'' ہے۔اس سے مراد لوہے کا استعمال ہے جیسا کہ استرا ہے۔مرد کے ذکر کے اردگرد اور عورت کی فرج کے اردگرد کے بال قاضی ابن شریح نے ''حلقة الدبر'' کو بھی شامل کیا ہے۔گویا کہ انہوں نے ''عانۃ'' سے مراد مطلق ''منبت الشعر'' لیا ہے اور مشہور قول اول ہی ہے۔اگر بالوں کو لوہے کے آلہ کے علاوہ کسی اور چیز سے زائل تو یہ طریقہ نہیں ہوگا۔(کذا فی شرح المشارق) اور اس بات کو جاننا لازمی ہے کہ حالت جنابت میں کہیں کے بھی بال نہ کاٹے جائیں۔

قوله: وقص الشارب: اس سے مراد وہ بال ہیں جو اوپر والے ہونٹ کے کنارے اگتے ہیں۔نسائی کی روایت میں ''حلق الشارب'' بھی ہے اور نسائی کی ایک اور روایت میں ''تقصير الشارب'' کے الفاظ بھی ہیں۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ ''قص الشارب'' کے بارے میں قول مختار یہ ہے کہ مونچھوں کے بال اس طرح کاٹے کہ ہونٹ کا کنارہ ظاہر ہو جائے۔لیکن ''احفاء'' نہ کرے۔البتہ یہ جو روایت ہے: ''احفوا'' تو اس کو معنیٰ یہ ہے: أزيلوا ماطال على الشفتين کہ ہونٹوں سے آگے بڑھے ہوئے بالوں کو کاٹ ڈالو۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں ''قص الشارب'' ~~یہ ہے ہونٹوں~~ سے آگے بڑھے ہوئے بالوں کو تراشا جائے اس طور پر کہ کھانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے کو تکلیف نہ دیں اور نہ ہی اس میں میل کچیل جمع ہو اور فرمایا کہ ''احفاء'' سے مراد بھی یہی ''قص'' مذکور ہے اور امام مالکؒ کے ہاں اس سے مراد ''استئصال'' نہیں ہے اور بعض کوفیوں کا مسلک یہ ہے کہ اس سے مراد استیصال ہے۔ امام طبری اس میں تحییز کے قائل ہیں' چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ اہل لغت نے ذکر کیا ہے کہ ''احفا'' کا معنی ''استصال'' ہے۔ اور ''نھک'' بھی اسی طرح ہے۔ ''نھک'' نون اور کاف کے ساتھ ہے۔ اس میں مبالغہ ہے۔ سنت کی دلالت ان دونوں امور پر ہے اور ان دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ کیونکہ ''قص' بعض بالوں کے قطع پر دلالت کرتا ہے جب کہ ''احفاء'' کل کے قطع پر دلالت کرتا ہے اور دونوں ثابت ہیں اور عسقلانیؒ کہتے ہیں کہ احادیث مرفوعہ میں ان دونوں امور کے ثبوت کو ترجیح حاصل ہے (کذا حققہ سیوطیؒ)

المحیط میں ہے کہ حلق کے بال نہ منڈوائے جائیں امام ابو یوسفؒ کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی ابرو کے بال اور چہرے کے بال کاٹے بشرطیکہ اس کی مشابہت مخنثوں کے ساتھ نہ ہو۔ امام ابو حنیفہؒ سے مروی ہے کہ گدی کے بالوں کا حلق مکروہ ہے۔ البتہ پچھنے لگوانے کے وقت درست ہے۔ البتہ سینے اور کمر کے بال کاٹنا ترک ادب ہے۔ (کذا فی البنۃ)

قولہ: وتقليم الاظفار: اس میں مستحب وہی ہے جو علامہ امام نوویؒ نے ذکر کیا ہے اور امام غزالیؒ نے ''الاحیاء'' میں اس کو اختیار کیا ہے کہ پاؤں سے پہلے ہاتھوں کے ناخن تراشے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے شروع کرے' اس کے بعد درمیانی انگلی پھر بنصر' پھر چھنگلیا۔ پھر انگوٹھا پھر بائیں ہاتھ کے کاٹے۔ کہ خنصر سے شروع کر کے آخر تک کاٹتا چلا جائے۔ پھر دائیں پاؤں کی خنصر سے شروع کرے اور بائیں پاؤں کی نصر پر ختم کرے۔

''القنیة'' میں ہے کہ جب آدمی اپنے ناخن یا بال کاٹے تو تراشے ہوئے بال اور ناخن دفن کر دینا چاہئیں۔ اگر اس کو پھینک دیا، تو پھر بھی کوئی حرج نہیں ہے' اور اگر اس کو بیت الخلا' یا غسل خانہ میں ڈالے تو یہ مکروہ ہے

بیہقیؒ کی ایک حدیث مرسل میں ہے: **كان ﷺ يقلم أظفاره ويقص شاربه يوم الجمعة قبل الخروج الى الصلاة**۔ کہ نبی علیہ السلام جمعہ کے دن نماز کی طرف نکلنے سے پہلے اپنے ناخن تراشتے اور اپنی مونچھوں کے بال کترتے تھے۔

امام نوویؒ نے عبادی کی طرح روایت کیا ہے کہ جو آدمی یہ چاہے کہ غنیٰ حاصل ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے ناخن جمعرات کے روز تراشے۔

ایک حدیث ضعیف میں ہے کہ آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجھہ سے ارشاد فرمایا: **يا علی قص الاظفار وانتف الابط' واحلق العانة يوم الخميس والغسل والطيب واللباس يوم الجمعة** علی! اپنے ناخن تراشو' بغل کے بال نوچو اور زیر ناف بال مونڈھو۔ یہ سب کام جمعرات اور غسل، خوشبو اور کپڑے جمعہ کے روز۔

بعض کا کہنا ہے کہ جمعرات کے روز ناخن کاٹنے کے بارے میں کوئی حدیث ثابت نہیں ہے' بلکہ جب ضرورت پڑ جائے' ناخن وغیرہ کاٹ لے اور ان کی کیفیت ثابت نہیں ہے اور نہ کسی دن کی تعظیم کے بارے میں کوئی چیز ثابت ہے اور اس سلسلہ میں حضرت علیؓ وغیرہ سے کلام منظوم منقول ہے، سو وہ باطل ہے۔ (ابن حجر العسقلانیؒ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناخن کے بارے میں فوائد متفرقہ:

ابن ابی حاتم نے اپنی "تفسیر" میں سند صحیح کے ساتھ نقل کیا ہے: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: **كان لباس آدم الظفر بمنزلة الريش الطير' فلما عصى سقط منه لباسه' وتركت الأ ظفار زينة ومنافع** حضرت آدم کا لباس ناخن تھے جیسا کہ پرندوں کے بال و پر ہوتے ہیں۔ جب ان سے وہ لغزش سرزد ہوئی تو ان سے ان کا لباس گر گیا' اور ناخن زینت اور منافع بن کر رہ گیا۔ **كان آدم طوله ستون ذرا عافكساه الله هذا الجلد واعانه بالظفر يحك به۔** سدیؒ سے منقول ہے حضرت آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ (۶۰) ہاتھ تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ جلد پہنائی اور ناخن کے ساتھ ان کی مدد کی۔

(كذا في "اتمام الدراية لقراء نقاية")

قوله: ونتف الابط: اى نتف شعر الالط یعنی بغل کے بالوں کو نوچنا۔ "ابط" ہمزہ کے کسرہ اور بائے موحدہ کے سکون کے ساتھ' اور کسرہ بھی منقول ہے' مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے۔ (كذا ذكره السيوطی) علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ لفظ "ابط" صحیح مسلم، بخاریؒ جامع الاصول اور بعض نسخ مصابیح میں صیغہ افراد کے ساتھ منقول ہے اور بعض نسخوں میں "آباط" صیغہ جمع کے ساتھ ہے اور القاموس میں ہے کہ "ابط" کندھے کے نچلے حصہ کو کہتے ہیں اور باء کے کسرہ کے ساتھ ہے اور کبھی اس کو مؤنث پڑھا جاتا ہے اور جمع "آباط" آتی ہے۔

شرح المشارق میں فرماتے ہیں، کہ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث سے مفہوم ہوتا ہے کہ بغل کے بالوں کو مونڈنا سنت نہیں ہے بلکہ نوچنا سنت ہے۔ کیونکہ حلق سے اس کے بال گھنے ہو جاتے ہیں اور بہت ہی کریہ بدبو کا باعث بنتے ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں، کہ نوچنا اس شخص کیلئے افضل ہے، جو اس پر قدرت رکھتا ہو، اسلئے کہ حکایت ہے کہ امام شافعیؒ بغلوں کے بال کا حلق کرواتے تھے۔ فرمایا، کہ مجھے معلوم ہے کہ اس میں سنت عمل نوچنا ہے، لیکن میں درد برداشت نہیں کر سکتا۔

"الفردوس" میں عبداللہ بن بشیر سے مرفوعاً منقول ہے: "**لاتنقفوا الشعر الذى يكون فى الانف فانه يورث الأ كله' ولكن قصوه قصا۔**" (شرح السنہ)

جامع صغیر میں اس طرح ہے: "**خمس من الفطرة– الخ**". اس کو احمد اور شیخین نے ذکر کیا ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: "**الفطرة خمسٌ**" کا معنٰی ہے "**خمس من الفطرة**"۔ جیسا ایک اور روایت میں ہے: "**عشر من الفطرة**" البتہ "**فطرة**" دس کے عدد میں منحصر نہیں ہے۔ ان خصال میں سے اکثر سنت ہیں' واجب نہیں ہے اور بعض میں اختلاف ہے۔ جیسا کہ "ختنہ" ہے اور واجب کو غیر واجب کے ساتھ ملانا کوئی ممتنع نہیں ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ﴾ [الانعام: ۱۴۱] "**ايتاء**" واجب ہے اور "**اكل**" واجب نہیں ہے۔

ختنہ کی شرعی حیثیت:

امام شافعیؒ کے ہاں ختنہ مردوں اور عورتوں دونوں پر واجب ہے۔ البتہ مرد پر اس تمام چمڑی کو کاٹنا لازم ہے جس نے "حشفہ" کو ڈھانپ رکھا ہے یہاں تک کہ "حشفہ" ظاہر ہو جائے اور عورت پر فرج کے اوپری حصہ میں سے معمولی سا کاٹنا لازم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاڑھی بڑھاؤ مونچھیں کٹاؤ

۴۴۲۱: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ اَوْفِرُوا اللُّحٰى وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللُّحٰى۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٣٥١/١٠ الحديث رقم ٥٨٩٣، ومسلم في ٢٢٢/١ الحديث رقم (٥٢-٢٥٩)، وأبو داؤد في السنن ٤١٣/٤ الحديث رقم ٤١٩٩، والترمذي في السنن ٨٨/٥ الحديث رقم ٣٧٦٣، والنسائي في ١٨١/٨ الحديث رقم ٥٢٢٦، وأحمد في المسند ٥٢/٢۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین کی مخالفت کرو۔ (وہ مونچھیں بڑھاتے اور ڈاڑھی کترواتے ہیں) تم مونچھیں کترواؤ اور ڈاڑھی بڑھاؤ اور ایک روایت میں ہے کہ لبوں کو خوب پست کرو اور ڈاڑھیوں کو چھوڑ دو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال رسول الله ﷺ "خالفوا المشركين أوفر واللحى وأ حفوا الشوارب: کیونکہ وہ داڑھی کترتے ہیں اور مونچھیں چھوڑ دیتے ہیں یہاں تک کہ لمبی ہو جاتی ہے۔ اگلا جملہ اس کی تفسیر ہے۔

"او فروا": اس کا معنیٰ ہے، "اکثروا" خوب بڑھاؤ۔

اللحى: یہ لام کے کسرہ کے ساتھ ہے اور ضمہ کے ساتھ بھی درست ہے۔ قصر کے ساتھ ہے "لحية" کی جمع ہے۔ "لحية" لام کے کسرہ کے ساتھ۔ اس کا اطلاق اُن بالوں پر ہوتا ہے جو گالوں اور ٹھوڑی پر اُگتے ہیں۔ (ذکرہ سیوطیؒ) معنیٰ اس کا یہ ہے کہ تم بکثرت داڑھی کو اس کے حال پر چھوڑ دیا کرو اس کے ساتھ کوئی تعرض نہ کیا کرو اور اس کو زیادہ ہونے کے لئے چھوڑ دو۔

قوله: "واحفوا الشوارب" ہمزہ قطعی کے ساتھ ہے۔ جامع صغیر میں اس جملہ کو پہلے جملہ پر مقدم کیا ہے۔ "المغرب" میں ہے "احفی شاربه" حائے مہملہ کے ساتھ اس کا معنیٰ ہے، کہ اس کے کاٹنے میں خوب مبالغہ سے کام لینا۔ بعض نے کہا ہے کہ "احفاء" حلق کے قریب ہے۔ (یعنی اتنا کاٹنا کہ وہ حلق معلوم ہو)۔ البتہ مونچھوں کے بارے میں حلق وارد نہیں ہے۔ بلکہ بعض علماء نے اس کو مکروہ لکھا ہے اور اس کو بدعت قرار دیا ہے۔ قاضی عیاضؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ "احفاء" کلام میں استقصاء کو کہتے ہیں، پھر اس کو "اخذ شارب" میں استقصاء کے لئے مستعار لے لیا گیا۔

قوله: "انهكوا الشوارب": ہمزہ کے فتحہ اور ھاء کے کسرہ کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں ہمزہ وصلی مکسور اور ھا، مفتوح ہے۔ کہا جاتا ہے: نهك كفرح وأنهك بالغ في قصه

قوله: واعفوا: یہ ہمزہ قطعی کے ساتھ ہے۔ بمعنیٰ "أوفروا"۔

فائدہ: "الاحیاء" میں ہے کہ دس مکروہ خصال ہیں۔ جن میں سے بعض بعض سے زیادہ شدید ہیں: ❶ کالے رنگ کا خضاب لگانا۔ ❷ داڑھی کو "کبریت" وغیرہ کے ساتھ سفید کرنا۔ ❸ داڑھی کو نوچنا ❹ سفید بالوں کو نوچنا۔ ❺ اس میں کمی کرنا۔ ❻ اس میں اضافہ کرنا ریاء کیلئے ❼ اس میں کنگھی کرنا۔ ❽ اس کو پراگندہ چھوڑنا زُہد کے اظہار کیلئے۔ ❾ اس کے کالے رنگ کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیکھ کر جوانی کا اچھا لگنا اس کی سفیدی کو دیکھنا، تاکہ بڑھاپے اور زیادہ عمری کا اندیشہ ہو۔ ⑩ اس کو سفید یا سرخ رنگ دینا تاکہ صالحین کے ساتھ تشبیہ ہو جائے، نہ کہ اتباع سنت ہو جائے اور امام نوویؒ نے اس کا بھی اضافہ کیا ہے: ① داڑھی کو گرہ لگانا ② اس کو تہہ در تہہ رکھنا ③ داڑھی کو مونڈھوانا۔ البتہ اگر عورت کی داڑھی ہو تو اس کیلئے اس کو حلق کرنا مستحب ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ)

آگے اس بات کی تفصیل آجائے گی کہ داڑھی کو طولاً و عرضاً کاٹنا مستحب ہے۔ لیکن وہ مقید ہے اس قید کے ساتھ کہ وہ مٹھی کی مقدار سے بڑھ جائے۔ یہ ابتداء میں ہے۔ البتہ جب وہ طویل ہو جائے۔ تو پھر اس کے کاٹنے کے بارے میں علماء فرماتے ہیں، کہ اس کو کاٹنا جائز نہیں ہے۔ اندیشہ ہے کہ یہ مثلہ بن جائے گا اور میں کہتا ہوں کہ اس کے کاٹنے میں تدریج سے کام لے۔ تاکہ وہ سنت کے مطابق مشابہ ہو جائے اور اعتدال متعارف ہو جائے۔ نہ کہ وہ اس کو ایک دم کاٹ ڈالے کہ جس سے وہ مثلہ بن جائے۔

چالیس دن کے اندر اندر چار کام انجام دو

۴۴۲۲: وَعَنْ اَنَسٍؓ قَالَ وَقَّتَ لَنَا فِیْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ الْاِبْطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ اَنْ لَا نَتْرُكَ مِنْ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٢٢٢/١ الحديث رقم (٥١-٢٥٨)، والترمذی في السنن ٨٦/٥ الحديث رقم ٢٧٥٩، والنسائي في ١٥/١ الحديث رقم ١٤، ابن ماجه في ١٠٨/١ الحديث رقم ٢٩٥، وأحمد في المسند ٢٠٠٥/٣۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لئے زیادہ سے زیادہ چالیس دن مونچھیں کٹوانے، ناخن ترشوانے، بغل کے بال دور کرنے اور زیر ناف کیلئے مقرر فرمائے۔ یعنی چالیس سے زیادہ دن ان کو نہ چھوڑا جائے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: وقت رسول الله ﷺ لنا في قص الشارب ---من أر بعين ليلة:

یہ "توقیت" سے فعل مجہول کا صیغہ ہے۔ ای بین لأجلنا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ان کو اتنا نہ چھوڑیں کہ وہ مدت چالیس یوم سے تجاوز کر جائے۔ نہ یہ کہ چالیس روز اس کو چھوڑے رکھنے کی مدت ہے۔ کیونکہ حلق، ناخن تراشنے، اور لبیں تراشنے میں مختار اس کی طوالت ہے۔ جب یہ طویل ہو جائیں تو پھر حلق کرے، مونچھے کٹوائے اور ناخن تراشے۔ (ذکرہ نوویؒ)

"شرح السنۃ" میں حضرت ابو عبداللہ الاغر سے روایت ہے: ان رسول الله ﷺ كان يقص شاربه ويأ خذ من أظفاره في كل جمعة: کہ رسول اللہ مونچھیں کاٹتے تھے اور ناخن کو تراشتے تھے ہر جمعہ کے روز۔ (انتہی) اس کا مفہوم یہ ہے کہ "حلق عانة" اور "نتف ابط" کو آپ مؤخر کیا کرتے تھے اور وہ ظاہر ہے اس لئے ہے کہ ایک ہفتہ میں وہ اتنی طویل نہیں بڑھتیں۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں، بعض روایات میں حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے: أن النبي ﷺ كان يأخذ أظفاره ويحفى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاربه فى كل جمعة ‘ويحلق العانة عشرين يوما ‘ونتف الابط فى كل أربعين يومًا۔ کہ رسول اللہ ہر جمعہ کو ناخن کاٹتے تھے۔ موچھیں کترتے تھے‘ زیر ناف بالوں کو بیس روز میں کاٹتے تھے اور بغلوں کے بالوں کو چالیس روز میں نوچتے تھے۔

''القنیہ'' میں ہے کہ افضل یہ ہے کہ آدمی یہ کام ہر ہفتہ کرلیا کرے: ❶ ناخن تراشنا، ❷ مونچھ کترنا، ❸ زیر ناف بال مونڈنا ❹ غسل کرنا۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو پھر ہر پندرہ روز میں کرے‘ اور چالیس روز کے بعد تک چھوڑنے میں کوئی عذر نہیں ہے۔ لہٰذا ایک ہفتہ کی مدت افضل ہے‘ پندرہ یوم کی اوسط ہے اور چالیس روز کی مدت ابعد ہے‘ اور چالیس یوم سے زیادہ مؤخر کرنا کوئی عذر نہیں ہے۔ ہمارے نزدیک وعید کا مستحق ٹھہرے گا۔

مظہرؒ کہتے ہیں کہ ان اشیاء کی توقیت کے بارے میں بعض ایسی احادیث آئی ہیں جو ''المصابیح'' میں نہیں ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ اور ابو عبداللہ الاغرؓ سے روایت ہے، کہ نبی علیہ السلام ہر جمعہ کو نماز جمعہ سے پہلے اپنی موچھیں اور ناخن کاٹتے تھے اور بعض نے کہا ہے کہ آپ علیہ السلام ہر چالیس دن میں زیر ناف کو مونڈتے تھے اور بغلوں کے نیچے والے بالوں کو نوچتے تھے اور بعض نے کہا ہے کہ ہر مہینے میں۔ یہ سارے اقوال میں سے معتدل ترین قول ہے۔

قاضی خان فرماتے ہیں کہ اگر ایک آدمی ناخن تراشنے اور سر کے بال مونڈھوانے کیلئے جمعہ کا دن مقرر کردے، تو اگر وہ اس جمعہ کے علاوہ کے دن میں اس کے جواز کا قائل ہے لیکن وہ کسی اور دن تک بہت زیادہ مؤخر کردیتا ہے تو یہ مکروہ ہے، کیونکہ جس کے ناخن طویل ہوں گے اس کا رزق تنگ ہوگا۔ البتہ اگر آخری مدت سے تجاوز نہ کیا احادیث سے تبرک حاصل کرنے کی خاطر مؤخر کیا تو یہ مستحب ہے۔ جیسا کہ حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً مروی ہے: من قلم أظافيره يوم الجمعة أعاذه الله من البلايا الى الجمعة الأخرى وزيادة ثلاثة ايام۔ کہ جس نے جمعہ کے دن اپنے ناخن تراشے اللہ تعالیٰ اس کو دوسرے جمعہ تک مصائب سے بچائے گا۔ (انتھی) اور اس کے ساتھ تین دن مزید۔

اس بات میں کوئی خفاء نہیں کہ ''حلق رأس'' کے ذکر کا اس مقام میں کوئی دخل نہیں ہے۔ کیونکہ اس کی عدم تعیین میں کوئی کلام نہیں ہے۔

اس سے سنت کی مخالفت آتی ہے۔ نہ کہ یہ علت کہ یہ رزق کو تنگ کردیتا ہے۔ علاوہ ازیں اگر یہ صحیح بھی ہو، تو یہ اس مخالفت پر تفریع ہے نہ کہ یہ تعلیل میں اصل ہے۔ (فتأمل)

سیاہ رنگ کے علاوہ خضاب کرو

۴۴۲۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ اِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی لَا يَصْبِغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ۔

(متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۳۵٤/۱۰ الحديث رقم ۵۸۹۹‘ ومسلم فی ۱٦٦۳/۳ الحديث رقم (۸۰-۲۱۰۳)‘ وأبو داوٗد فی السنن ٤۱۵/٤‘ الحديث رقم ٤۲۰۳‘ والنسائی فی ۱۳۷/۸ الحديث رقم ۵۰۷۲‘ وابن ماجه فی ۱۹٦/۲ الحديث رقم ۳٦۲۱‘ وأحمد فی المسند ۲٤۰/۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہود ونصاریٰ بیشک خضاب نہیں کرتے تم یہود ونصاریٰ کی مخالفت کرو۔ یہ بخاری، مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله:"ان اليهود والنصارٰى لا يصبغون فخالفوهم:**

"**يصبغون**": بائے موحدہ کے ضمہ کے ساتھ ہے، ایک نسخہ میں فتحہ کے ساتھ اور ایک دوسرے نسخہ میں کسرہ کے ساتھ ہے القاموس میں ہے کہ صبغ "منع" ضرب اور نصرب کی طرح ہے اور مفعول محذوف ہے اور معنیٰ یہ ہے کہ وہ اپنی داڑھیوں کو خضاب نہیں لگاتے۔ لہٰذا تم اپنے داڑھیوں کو مہندی لگا کر ان کی مخالفت کرو۔

ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

سیاہ رنگ کے خضاب سے بچو

۴۴۲۴: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِیَ بِاَبِیْ قُحَافَةَ یَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَرَاْسُهٗ وَلِحْيَتُهٗ كَالثُّغَامَةِ بَيَاضًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوْا هٰذَابِشَیْءٍ وَاجْتَنِبُوْا السَّوَادَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ١٦٦٣/٣ الحديث رقم (٧٩-٢١٠٢) وأبو داوٗد في السنن ٤١٥/٤ الحديث رقم ٤٢٠٣، والنسائي في ١٨٥/٨ الحديث رقم ٢٥٤٢، وابن ماجه في ١١٩٧/٢ الحديث رقم ٣٦٢٤۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد ابو قحافہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اسلام کے لئے فتح مکہ کے دن لائے گئے۔ انہوں نے اسی دن اسلام قبول کیا۔ اس وقت ان کی ڈاڑھی اور سر ثغامہ کی طرح سفید تھے۔ تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ ان کی سفیدی کو کسی چیز سے بدل ڈالو۔ البتہ سیاہ رنگ سے بچو یعنی سیاہ رنگ نہ کرنا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: "**الثغامة**": تصحیح شدہ نسخ میں ثاء کے ضمہ اور غین معجمہ کے ساتھ ہے۔ میرک شاہؒ نے بھی اس کو اسی طرح ضبط کیا ہے بعض کا کہنا ہے کہ اس میں تینوں حرکات درست ہیں۔ بعض نسخوں میں اسی طرح ہے۔ لیکن القاموس میں ہے کہ "**الثغام**" بروزن "**السّحاب**" ہے۔ ایک جڑی بوٹی کا نام ہے۔ جس کو فارسی میں "درمنہ" کہتے ہیں۔ اس کا واحد تا کے ساتھ (ثغامة) آتا ہے سفیدی میں سر ثغامہ کی طرح تھا اور النہایہ میں ہے کہ یہ ایک بوٹی ہے جو بالکل سفید ہوتی ہے۔ بوڑھاپے کو اس کے پھل اور پھول کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے۔

بیاضًا: یہ اس تشبیہ سے تمیز نسبتی ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ وغیرہ)

واجتنبوا السواد: علامہ ابن الملکؒ کہتے ہیں، کہ یہ غیر غازیوں کے لئے ہے۔ کیونکہ اگر کوئی مجاہد اپنی داڑی کالی کرے تاکہ دشمن کے دلوں میں رعب پڑے۔ تزین کیلئے نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ مروی ہے کہ رعب کے لئے حضرت عثمان، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ اپنی داڑھیوں کو کالا خضاب لگاتے تھے۔

امام احمدؒ نے حدیث انسؓ کی تخریج یوں کی ہے ابو بکر صدیق اپنے والد ابو قحافہ کو فتح مکہ کے دن آپ کے پاس اٹھا کر لائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آپ کے سامنے رکھ دیا' انہوں نے اسلام قبول کیا۔ان کی داڑھی اور سر کے بال سفیدی میں ثغامہ کی طرح تھے۔الخ

طبریؒ اور ابن ابو عاصم نے حضرت جابرؓ سے ایک اور طریق سے روایت کیا ہے: **فذهبوا به و خمروه** ۔کہ وہ ان کو لے گئے اور ان کی داڑھی کو سرخ کر دیا امام احمد اور نسائی نے حضرت زبیر سے اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے: **غیر والشیب ولا تشبهو ابا لیهود** کہ بالوں کی سفید کو تبدیل کردو اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو''۔احمد و ابن حبانؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے **غیر واالشیب ولا تشبهو ابا لیهود والنصاری** اور احمد کی ایک اور روایت جس کو حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ خضاب کے بارے میں علماء کے کئی اقوال ہیں۔مرد اور عورت کے لئے سفید بالوں کو رنگنا مستحب ہے' جب کہ کالا رنگ حرام ہے اور اس سے پہلے امام محمد کے حوالے سے گزرا ہے کہ انہوں نے اپنی ''موطاً'' میں فرمایا کہ ہم وسمہ، مہندی اور صفرہ کے خضاب میں کوئی حرج نہیں سمجھتے اور اگر اس کو بالکل سفید چھوڑ دیا تو پھر بھی کوئی حرج نہیں ہے۔یہ سب کام حسن ہیں۔

''الشرعۃ'' میں ہے کہ خضاب لگانا سنت ہے۔قول و فعل دونوں سے ثابت ہے۔شارح فرماتے ہیں کہ پہلی بات تو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پچھلی حدیث سے ثابت ہے اور دوسری بات ابن عمرؓ کے اس قول سے ثابت ہے: **ان النبی ﷺ کان یصفر لحیته با لورس والز عفران**۔یہ روایت عنقریب آئے گی۔

''مجمع الفتاوٰی'' میں ہے کہ اس بارے میں روایات مختلف ہیں کہ آپ علیہ السلام نے اپنی عمر میں خضاب لگایا ہے کہ نہیں؟: اصح یہ ہے کہ آپ علیہ السلام نے داڑھی میں خضاب نہیں لگایا کیونکہ ضرورت نہیں پڑھی اور سر کے بالوں کے بارے میں مشہور بات ہے، کہ مہندی لگائی ہے۔بعض نے کہا ہے کہ آپ علیہ السلام نے سر کے بالوں میں کئی دفعہ خضاب لگایا ہے سر درد اور بخار کی وجہ سے میں کہتا ہوں اس کی تائید کئی احادیث سے ہوتی ہے۔ان میں سے ایک حدیث میں ہے: **اختضبوا بالحناء فانه یزید فی شبابکم وجمالکم ونکاحکم** آپؐ نے حکم دیا کہ مہندی کے ساتھ خضاب کرو کیونکہ یہ تمہاری جوانی' تمہارے جمال اور تمہارے نکاح میں اضافہ کرے گا۔بزارؒ اور ابو نعیمؒ نے ''الطب'' میں اس کو حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔اور ایک روایت ہے: **اختضبوا بالجناء فانه طیب الریح یسکن الروع** اس کو ابو یعلی نے اور حاکم نے ''الکنی'' میں حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے اور ایک روایت میں ہے: **اختصبوا وأفرقوا وخالفوا الیهود**۔کہ خضاب لگایا کرو، مانگ نکالا کرو، اور یہود کی مخالفت کرو۔اسی حدیث کو ابن عدی نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔اور اس کی مزید بحث آگے بھی آئے گی۔

وحی سے قبل اہل کتاب کی موافقت کا حکم جس میں امکان تحریف نہیں

۴۴۲۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ اَهْلِ الْكِتَابِ فِيمَا لَمْ يُؤْمَرْفِيهِ وَكَانَ اَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدُلُوْنَ اَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُءُ وْ سَهُمْ فَسَدَلَ النَّبِيُّ ﷺ نَا صِيَتَهٗ ثُمَّ فَرَّقَ بَعْدُ . (متفق علیہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/ ۳۶۱ الحدیث رقم ۵۹۱۷' ومسلم فی ۴/ ۱۸۱۷ الحدیث رقم (۹۰-۲۳۳۶)' وأبو داوٗد فیا لسنن ۴/ ۴۰۷ الحدیث رقم ۴۱۸۸' والنسائی فی ۸/ ۱۸۴ الحدیث رقم ۵۲۳۸' وابن ماجه فی ۲/ ۱۱۹۹ الحدیث رقم ۳۶۳۲' وأحمد فی المسند ۱/ ۲۸۷۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل کتاب کی موافقت کو پسند کرتے ایسی چیزوں میں جس کے متعلق ابھی حکم نہ اترا ہوتا تھا۔ اور اہل کتاب اپنے بالوں کو مانگ کے بغیر چھوڑتے اور مشرک مانگ نکالتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشانی کے بالوں کو چھوڑ دیتے بطور موافقت اہل کتاب کے مگر بعد میں آپ نے مانگ نکالنا شروع کیا۔ یہ بخاری' مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: کان یحب النبی ﷺ موافقة اهل الکتاب فیما لم یؤمر فیه:** یعنی جس چیز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخالفت کا حکم نہ دیا گیا ہوتا۔ ابن الملک رحمہ اللہ کہتے ہیں' یعنی جن احکامات کے بارے میں مخالفت کا حکم نہ اترا ہوتا تھا

قوله: کان أهل الکتاب یسد لون أشعارهم: "یسدلون": دال کے ضمہ کے ساتھ ہے' کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ "المغرب" میں ہے کہ "سدل" باب "طلب" سے ہے' باب افعال سے پڑھنا غلط ہے۔ اور قاموس میں لکھتے ہیں: **سدله یسدله ویسد له وأسدله أخاه وأرسله** یہاں پر "**سدل الشعر**" سے مراد یہ ہے کہ سر کے بالوں کو سر کے اردگرد چھوڑ دیتے تھے۔ ان کو دو حصوں میں تقسیم نہ کرتے۔ کہ نصف بال دائیں طرف ہوں اور نصف بائیں جانب' ایسا نہیں کرتے تھے اور بعض نے کہا ہے' کہ "سدل" کا مطلب یہ ہے کہ بالوں کو اسی طرح چھوڑ دے کہ اس کے جوانب کو آپس میں جوڑ نہ دے۔ امام نووی رحمہ اللہ کی "شرح مسلم" میں ہے' علماء فرماتے ہیں کہ سدل سے مراد یہ ہے کہ بالوں کو ماتھے پر چھوڑ دیا جائے اور اس کو جوڑے کی طرح بنا دیا جائے اور "**الفرق**" سے مراد یہ ہے کہ بعض بالوں کو بعض سے جدا کرنا اور بعض نے کہا ہے کہ "سدل" سے مراد یہ ہے کہ آدمی اپنے بالوں کو پیچھے کی طرف لٹکا دے اس میں مانگ نہ نکالے اور "**فرق**" سے مراد یہ ہے کہ اس کو دو حصوں میں بانٹ دے اور ہر ایک حصہ کے ذوائب بھی ہو۔ یہ قول اس اگلے کلام کے زیادہ مناسب ہے: "**وکان المشرکون یفرقون یفرقون**": راء کو کسرہ اور ضمہ دینا دونوں درست ہیں۔" علامہ عسقلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ "**الفرق**" بالوں کی تقسیم کو کہتے ہیں اور "**مفرق**" سر کے درمیان کو کہتے ہیں۔ یہ اصل میں "**الفرق بین الشئین**" (دو چیزوں کے درمیان جدائی سے) ماخوذ ہے۔

ابن الملک رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ چونکہ آپ کے پاس جبرئیل تشریف لائے تھے اور آپ کو مانگ کا حکم دیا تھا۔ جس کے نتیجے میں مسلمانوں نے مانگ نکالنا شروع کر دیا۔

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ "**موافقة اهل الکتاب مما لم یؤمر فیه شیئی**" کی تاویل میں علماء کرام کا اختلاف ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ شاید آپ علیہ السلام نے ابتدائے اسلام میں ان کی تالیف قلب کیلئے ایسا کیا ہو اور ان کی موافقت "عبدۃ الاصنام" کی مخالفت میں کیا کرتے ہوں۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے مستغنی کر دیا اور اسلام کو تمام ادیان پر غالب کر دیا تو آپ نے کئی امور میں ان کی (یہود ونصاریٰ) مخالفت کی۔ ان میں سے ایک سفید بالوں کو رنگنا تھا۔

بعض دوسرے علماء فرماتے ہیں کہ اس میں احتمال ہے کہ آپ کو ان کی شریعتوں کی اتباع کا حکم دیا گیا ان چیزوں میں کہ جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے بارے میں کوئی وحی نہ اتری ہو۔ لیکن یہ ان امور کے بارے میں تھا کہ جن کے بارے میں معلوم تھا کہ انہوں نے اس حکم میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔

اس حدیث سے بعض اصولیوں نے یہ استدلال کیا ہے کہ ہم سے پہلی شریعتیں ہمارے لئے حجت ہیں جب تک کہ اس کے خلاف ہمارے پاس شریعت کا حکم نہ آ جائے اور دوسرے علماء کہتے ہیں کہ بلکہ یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ ہمارے لئے بطور شرع حجت نہیں ہیں۔ کیونکہ آپ کا فرمان ہے: "**یحب موافقتھم**" لہٰذا اس سے اشارہ ہو گیا، کہ آپ کو اس بارے میں اختیار تھا۔ اگر وہ ہمارے لئے شریعت ہوتی تو پھر اس کی اتباع کا حکم وجوبی ہوتا۔ علماء فرماتے ہیں کہ "**فرق**" سنت ہے۔ کیونکہ آپؐ نے اس کی طرف رجوع کیا تھا۔ اس کی دلیل یہ ہے: **انه کان یحب موافقة اهل الکتب فیما لم یؤمر فیه**"۔

قاضی عیاضؒ کہتے ہیں، کہ سدل منسوخ ہے۔ لہٰذا اب سدل جائز نہیں ہے اور نہ ہی جمہ اس کو ماتھے پر ڈالنا ہی جائز ہے۔

فرمایا: کہ اس سے "**فرق**" (مانگ) کا جواز معلوم ہوتا ہے نہ کہ اس کا وجوب اور یہ احتمال بھی ہے کہ "**فرق**" ان کی مخالفت کے نتیجے میں اجتہادی عمل ہو بذریعہ وحی نہ ہو۔ لہٰذا "فرق" مستحب ہوگا۔ حدیث میں آتا ہے، کہ آپؐ کے بال مبارک "لمّہ" تھے کہ اگر مانگ نکالتے تو نکل آتی ورنہ اسی طرح چھوڑ دیتے تھے۔ حاصل کلام صحیح اور مختار قول یہ ہے کہ "سدل" جائز ہے اور "فرق" افضل ہے۔ (انتھی) علامہ عسقلانیؒ کہتے ہیں کہ حازمی نے جزم کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے کہ سدل "فرق" کے ذریعہ منسوخ کیا گیا ہے اور استدلال معمر عن الزہری عن عبداللہ کی روایت سے کیا ہے: "**ثم امر بالفرق وکان الفرق آخر الامرین**" اس کو عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں ذکر کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

وہ امور جن میں نبی علیہ السلام نے اہل کتاب کی موافقت کی اور پھر ان کی مخالفت کی مندرجہ ذیل ہیں: ❶ وہ "سدل" اور "فرق" ہے۔ ❷ ابتداء میں مہندی کا ترک پھر اس کو شروع کر دیا ❸ صوم عاشوراء تھا۔ پھر عاشوراء سے ایک روز قبل یا بعد کے روزے کے ساتھ ان کی مخالفت کر دی ❹ بیت المقدس کا استقبال پھر کعبہ کا۔ ❺ حائضہ کے ساتھ مخالطت کو ترک کیا، پھر اس سے منع ہونا، ❻ جنازہ کیلئے کھڑا ہونا، پھر اس کو ترک کیا۔ ❼ ہفتہ کے روز روزے سے منع ہونا بھی ہے۔ یہ نسائی وغیرہ میں متعدد طرق سے آیا ہے اور تصریح کی ہے کہ یہ منسوخ ہے اور اس کیلئے ناسخ حضرت "امّ سلمہ" کی حدیث ہے: **انه ﷺ کان یصوم یوم السبت والأحد یتحری ذلك ویقول: انها یو ما عید الکفار وأنا أحب أن أخالفهم** کہ آپ علیہ السلام ہفتہ اور اتوار کا روزہ رکھا کرتے تھے اور اس کیلئے کوشش کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ دونوں دن کفار کی عید کے ہیں اور میں ان کی مخالفت کو پسند کرتا ہوں اور ایک روایت میں آتا ہے **ماما ت رسول الله ﷺ حتی کان أکثر صیامه یوم السبت والأحد**۔ کہ آپ علیہ السلام جب فوت ہوئے، تو اس سے پہلے آپ کے اکثر روزے ہفتہ اور اتوار کے دن کے تھے۔ "یوما" میں اشارہ ہے کہ ہفتہ یہود کی عید کا دن ہے اور اتوار نصاریٰ کی عید کا دن ہے۔

قزع (انگریزی بالوں) کی ممانعت

۴۴۲۶: وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيلَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِنَافِعٍ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ رَأْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ الْبَعْضُ۔

(متفق عليه والحق بعضهم التفسير بالحديث)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۳٦۳ الحدیث رقم ۵۹۲۰، ومسلم فی ۱٦۷۵.۳ الحدیث رقم ۲۱۲۰/۱۱۳، وأبو داوٗد فی السنن ٤/٤۱۰ الحدیث رقم ٤۱۹۳، والنسائی فی ۸/۱۸۲ الحدیث رقم ۵۲۲۹، وابن ماجه فی ۲/۱۲۰۱ الحدیث رقم ۳٦۳۷، وأحمد فی المسند ۲/٤۔

ترجمہ: حضرت نافع رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ آپ قزع سے منع فرماتے تھے نافع سے پوچھا گیا کہ قزع کیا چیز ہے۔انہوں نے کہا کہ سر کا کچھ حصہ مونڈا جائے اور کچھ حصہ چھوڑا جائے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔ بعض رواۃ نے تفسیر کو روایت سے ملایا اور کہا کہ قزع کا یہ معنیٰ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے

تشریح: قوله: سمعت النبی ﷺ ینهی عن القزع: قاف کے فتحہ' زاء اور عین مہملہ کے ساتھ ہے۔شرح السنہ میں ہے کہ ''قزع'' اصل میں بادل کے متفرق ٹکڑوں کو کہتے ہیں۔سر کے بالوں کے جدا جدا ہونے کو اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

قوله: قیل لنافع مالقزع؟ قال تحلق بعض راس الصبی ویترك البعض: تحلق: بصیغۂ مجہول ہے۔
امام نوویؒ کہتے ہیں، کہ ''قزع'' سر کے بعض بالوں کو حلق کرنے کو کہتے ہیں۔یہی اصح قول ہے۔کیونکہ یہ راوی کی تفسیر ہے اور ظاہر کے مخالف بھی نہیں ہے لہٰذا اس پر عمل واجب ہے۔علماء کا اجماع ہے کہ ''قزع'' مکروہ ہے۔اگر یہ مختلف جگہوں پر ہوں۔ہاں اگر دوائی کیلئے ہو تو پھر مکروہ تنزیہی ہے۔
بعض رواۃ محدثین نے اس تفسیر موقوف کو حدیث مرفوع کے ساتھ ملحق کیا ہے۔اس طور پر کہ اس میں سے ''قیل لنافع'' کو حذف کیا ہے اور باقی حدیث کو مسلسل کر دیا ہے۔

تمام سر مونڈ و یا تمام چھوڑ و

۴۴۲۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى صَبِيًّا قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضُهٗ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ احْلِقُوْا كُلَّهٗ اَوِاتْرُكُوْا كُلَّهٗ۔ (رواه مسلم)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤۱۱ الحدیث رقم ٤۱۹۵، والنسائی فی ۸/۱۳۰ الحدیث رقم ۵۰٤۸۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لڑکے کو دیکھا کہ اس کا کچھ سر مونڈا گیا تھا اور بعض حصہ چھوڑ دیا گیا تھا۔آپ نے لڑکے کی پرورش کرنے والوں کو اس سے منع کیا اور فرمایا تمام سر مونڈ و یا تمام چھوڑ دو۔یہ مسلم کی روایت ہے۔

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قد حلق: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"عن ذلك" مشارالیہ امر مذکور ہے۔ای عماذ کر من حلق البعض وترك البعض اس میں اشارہ ہے، کہ حج وعمرہ کے علاوہ میں بھی حلق رأس جائز ہے اور یہ کہ آدمی کو حلق اور ترک حلق کے درمیان اختیار ہے۔لیکن افضل یہ ہے کہ سر کو حلق نہ کیا جائے مگر عمرہ یا حج میں۔جیسا کہ آپ علیہ السلام اور آپؐ کے صحابہ کیا کرتے تھے۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس بارے میں متفرد تھے جیسا کہ آغاز باب میں گذرا۔

جامع صغیر میں ہے:"احلقوه كله او اتركوه كله". رواه ابو داؤد، والنسائی

مخنثوں پر لعنت فرمائی

۴۴۲۸:وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ لَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ اَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۳۳۳ الحديث رقم ۵۸۸۶، والترمذی فی السنن ۵/۹۸ الحديث رقم ۲۷۸۵، والدارمی فی ۲/۳٦٤ الحديث رقم ۲٦٤۹، وأحمد فی المسند ۱/۲۲۵۔

ترجمہ:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں میں سے مخنثوں پر لعنت فرمائی۔اور ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو دوسروں سے مشابہت اختیار کرنے والی ہوں۔اور فرمایا کہ مخنثوں کو اپنے گھروں سے نکال باہر کرو۔یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح:قوله:لعن النبی المخنثين من الرجال والمترجلات من النساء:

"مخنثين": نون کے فتحہ وتشدید اور کسرہ کے ساتھ، پہلا ضبط زیادہ مشہور ہے۔خنث يخنث كعلم يعلم سے ماخوذ ہے: سے مراد وہ لوگ ہیں جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں۔حلیہ لباس، شکل وصورت، خضاب، آواز وتکلم میں اور تمام حرکات وسکنات میں۔یہ فعل منھی عنہ ہے کیونکہ یہ "تغير لخلق الله" ہے۔

"المترجلات" جیم مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔وہ عورتیں جو مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتی ہیں ہیئت بنانے میں چلنے میں اور رفع صورت وغیرہ میں۔رائے اور علم کے لحاظ سے مشابہت مذموم نہیں، کیونکہ اس میں تو ان کے ساتھ مشابہت محمود ہے۔جیسا کہ حضرت عائشہؓ کے بارے میں روایت ہے:كانت رجلة الرأی ان کی رائے مردوں کی رائے کی طرح تھی۔(النہایہ کے)۔

قوله:وقال أخر جوهم من بيوتكم۔شرح السنہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کے پاس ایک مخنث لایا گیا، جس نے اپنے ہاتھ پاؤں پر مہندی رچائی ہوئی تھی آپ نے حکم دیا تو اس کو "نقیع" کی طرف بدر کردیا گیا۔"شرعۃ الاسلام" میں ہے کہ مہندی عورتوں کیلئے سنت ہے اور مردوں کیلئے مکروہ ہے۔ہاں اگر کوئی عذر ہو تو جائز ہے۔(مردوں کے لئے مہندی لگانا مکروہ ہے) کیونکہ اس میں عورتوں کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے۔(انتھی) عنقریب متن میں بھی اس مسئلہ کا بیان آئے گا۔اہل یمن پر بڑا تعجب ہوتا ہے کہ ان کے مرد حناء لگاتے ہیں حالانکہ یہ روافض کا شعار بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كذا آبو داود والترمذی۔

مردوں سے مشابہت کرنے والی عورتوں پر لعنت

۴۴۲۹ :وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ مُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۳۳۲/۱۰ الحديث رقم ۵۸۸۵، والترمذی فی السنن ۹۸/۵ الحديث رقم ۲۷۸٤۔

ترجمہ:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ ان مردوں پر لعنت کرے جو عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے والے ہیں اوران عورتوں پر جو مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی ہوں۔
یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء، ......:

اس میں اخبار ودعاء دونوں کا احتمال ہے۔

مخنث کی اقسام:

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مخنث کی دو قسمیں ہیں:

ایک وہ ہے جو پیدائشی طور پر عورتوں کی طرح ہو۔یعنی اس کے اخلاق حلیہ وہیت، حرکات وسکنات، بول چال بلا تکلف عورتوں کی طرح ہو،تو اس پر کوئی ذم نہیں ہے۔نہ اس میں کوئی گناہ ہے اور نہ کوئی عقوبت۔کیونکہ وہ معذور ہے۔

دوسری قسم وہ ہے کہ جو عورتوں کے اخلاق،حرکات وسکنات،ان کے کلام اوران کے حلیہ کو بتکلف اپنائے۔یہی دوسری قسم مذموم ہے کہ جس کے بارے میں حدیث میں لعنت آئی ہے۔

تخریج:وكذا احمد، ابوداود، والترمذی وابن ماجة.

بال ملانے اور ملوانے والی عورتیں لعنت کی حقدار ہیں

۴۴۳۰ :وَعَنِ ابْنِ عُمَرَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۳۷٤/۱۰ الحديث رقم ۵۹۳۷، ومسلم فی ۱٦۷۷/۳ الحديث رقم ۱۱۹۔۲۱۲٤، وأبو داوٗد فی السنن ۳۹۷/٤ الحديث رقم ٤۱٦۸، والترمذی فی ۲۰۷/٤، الحديث رقم ۱۷۵۹، وابن ماجه فی ٦۳۹/۲ الحديث رقم ۱۹۸۷، وأحمد فی المسند ۲۱/۲۔

ترجمہ:حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ نے اس عورت پر لعنت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمائی جو اپنے بالوں کے ساتھ دوسری عورتوں کے بال ملائے۔(یعنی بالوں کو لمبا ظاہر کرنے کیلئے) اور اس عورت پر لعنت کی جو اپنے بالوں کے ساتھ دوسری عورت کے بال ملوائے اور اس عورت پر لعنت کی جو بالوں کو گودنے والی اور گدوانے والی ہو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: المستوصلة: وہ عورت جو غیروں سے ایسا کرواتی ہو اور حکم کرتی ہو کہ وہ اس کے بالوں کے ساتھ ایسا کریں۔ لفظ "مستوصلة" مردوں اور عورتوں دونوں کو شامل ہے۔ لہٰذا یہاں پر "تاء" باعتبار نفس کے ہے۔ یا باعتبار اکثر کے ہے کہ اکثر عورتیں ایسا کرواتی ہیں یا اس پر خوش ہوتی ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ وصل کے بارے میں احادیث تحریم صریح ہیں اور یہی مسلک ظاہر و مختار ہے۔ ہمارے اصحاب نے اس میں تفصیل بیان کی ہے کہ اگر کسی انسان کے بالوں کو ملایا، تو یہ بلا اختلاف حرام ہے کیونکہ انسان کے بالوں اور اس کے اجزاء سے انتفاع اس کی کرامت کی وجہ سے حرام ہے۔ غیر انسان کے طاہر بال اگر وہ عورت لگوائے جس کا مولیٰ یا شوہر نہ ہو تو یہ بھی حرام ہے، اور اگر (عورت کا زوج یا آقا) ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں۔ ان میں اصح یہ ہے کہ اگر اس نے یہ کام شوہر یا آقا کی اجازت سے کیا ہو تو جائز ہے۔ امام مالکؒ، طبریؒ اور اکثر علماء فرماتے ہیں، کہ وصل خواہ کسی بھی چیز کا ہو ممنوع ہے چاہے بال ہو یا اون ہو یا دھجی وغیرہ کا ہو۔ احادیث سے استدلال کیا ہے' کہتے ہیں کہ یہاں پر نہی بالوں کے ساتھ مختص ہے' لہٰذا صوف وغیرہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ ان تمام چیزوں کے ساتھ وصل جائز ہے۔ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے' لیکن ان کا صحیح قول جمہور علماء کے موافق ہے۔

"وشم" کے احکام:

الواشمة: یہ "وشم" سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جلد کو سوئی وغیرہ سے کریدا جائے کہ اس سے خون بہنے لگے پھر اس جگہ میں سرمہ' نیل، یا نورہ وغیرہ بھر دیا جائے جس سے وہ سبز ہو جائے۔

والمستوشمة۔ امام نوویؒ کہتے ہیں کہ یہ فعل فاعلہ اور مفعولة بہا دونوں کیلئے حرام ہے اور جس جگہ میں وشم کیا جاتا ہے وہ نجس ہو جاتی ہے۔ اگر اس کا ازالہ علاج کے ساتھ ممکن ہو تو ازالہ واجب ہے اور اگر اس کا ازالہ زخم سے ممکن ہو، تو اگر اس سے تلف ہونے، یا عضو کے فوت ہونے یا منفعت کے فوت ہونے یا عضو میں کوئی بڑی بدصورتی آتی ہو، تو پھر اس کا ازالہ واجب نہیں ہے لیکن اگر کر لے گا تو اس پر کوئی گناہ باقی نہیں رہے گا اور اگر ان مذکورہ چیزوں میں سے کسی چیز کا خدشہ نہ ہو تو پھر اس کا ازالہ لازم ہے اور تاخیر کرنے پر وہ گنہگار ہوگا۔

ورواہ احمد والآربعة.

زبانِ نبوت سے چار ملعون عورتیں

۴۴۳۱: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَجَاءَ تْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِیْ اِنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَكَيْتَ فَقَالَ مَالِيْ لَا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِّيْهِ مَا قَرَأْتِ مَآ اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٦٢٩/٨ الحديث رقم ٤٨٨٦، ومسلم فی ١٦٧٨/٣ الحديث رقم (١٢٥٢٠-٢١٢٥)، وأبو داؤد فی السنن ٣٩٧/٤ الحديث رقم ٤١٦٩، وابن ماجه فی ٦٤٠/١ الحديث رقم ١٩٨٩، والدارمی فی ١٦٣/٢ الحديث رقم الحديث رقم ٢٦٤٧، وأحمد فی المسند ٤١٥/١۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے گودنے والیوں اور گودوانے والیوں پر لعنت فرمائی۔ اسی طرح ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو اپنے منہ پر سے بالوں کو اکھڑوا دیں۔ اور ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو حسن کیلئے دانتوں کو تیز کرانے والی ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی فطرت کو بدلنے والی ہیں۔ پس آپ کی خدمت میں ایک عورت آ کر کہنے لگی مجھے یہ معلوم ہوا کہ تم ایسی عورتوں پر لعنت کرتے ہو۔ تو ابن مسعود فرمانے لگے کیا میں ان پر لعنت نہ کروں جن پر جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔ اور اس کو جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ملعون قرار دیا ہو۔ تو وہ عورت کہنے لگی میں نے اس قرآن کو تو پڑھا ہے جو دو جلدوں کے درمیان ہے مگر میں نے اس میں یہ بات نہیں پائی جو تم نے کہی ہے۔ آپ نے فرمایا اگر تو پڑھتی تو اس میں یہ پالیتی یعنی اگر غور و فکر سے پڑھتی تو پالیتی۔ کیا تو نے یہ آیت نہیں پڑھی کہ: مَآ اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ...... یعنی جو تم کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیں اس پر عمل کرو اور جس بات سے منع کریں اس سے باز رہو۔ اس پر وہ عورت کہنے لگی ہاں یہ آیت تو میں نے پڑھی ہے۔ تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمانے لگے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔ یہ بخاری، مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: الواشمات والمستوشمات: "وشم" کے احکام پچھلی حدیث میں تفصیل سے گذر چکے ہیں۔

"المتنمصات": میم مکسورۃ مشددہ کے ساتھ ہے۔ وہ عورت جو موچنے کے ذریعہ چہرہ سے بالوں کے ازالہ کا مطالبہ کرتی ہے اور جو عورت یہ کام کرتی ہے، اس کو "نامصة" کہتے ہیں۔ امام نووی فرماتے ہیں، کہ یہ حرام ہے۔ مگر اس صورت میں کہ جب عورت کی داڑھی یا مونچھ نکل آئے، تو پھر جائز ہے۔

المتفلجات: لام مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ وہ عورت جو یہ فعل طلب کرے۔ یہ "فلج" سے ماخوذ ہے۔ فلج حرکت کے ساتھ ہے۔ ثنایا اور رباعیات کے درمیان والے خلا کو اور دانتوں کے درمیان والے فرق کو کہتے ہیں، (النہایہ) اس سے مراد وہ عورتیں ہیں کہ جو دانتوں میں ایسا کرتی ہیں، تاکہ ان کے حسن میں اضافہ ہو جائے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ عورت مراد ہے جو ثنایا اور رباعیات کے درمیان دوری پیدا کرتی ہے دانتوں کو باریک کروا کر۔ بعض کہتے ہیں یہ وہ عورت ہے کہ جو دانتوں کو باریک بناتی ہے اور ان کو مزین کرتی ہیں۔

"للحسن" میں لام تعلیل کیلئے ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ اس میں افعال مذکورہ کا تنازع ہو، لیکن زیادہ واضح بات یہ ہے کہ اس کا تعلق آخری فعل کے ساتھ کے ساتھ ہے۔ امام نووی فرماتے ہیں، اور اس میں اشارہ ہے کہ اگر یہ فعل حسن کے لئے ہو تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام ہے اور اگر ضرورت کے تحت ہو مثلاً علاج کیلئے یا دانتوں میں کوئی اور عیب ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔
"المغيرات": یہ ان تمام مذکورات کیلئے صفت ہے۔ "خلق اللہ": یہ مفعول ہے "المغیرات" کے لئے اور یہ جملہ وجوب لعن کے لئے بمنزلہ تعلیل کے ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ)

قوله: انه بلغنی أنك لعنت كيت و كيت: "انہ": یہ ضمیر ضمیر شان ہے۔ مطلب یہ کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نے مذکورہ عورتوں پر لعنت بتلائی ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ان پر لعنت کا کوئی ذکر نہیں ہے اور ان پر لعنت جائز نہیں ہے کہ جن پر اللہ نے لعنت نہ کی ہو۔

فقال مالی: یہ "ما" نافیہ ہے۔ یا استفہامیہ ہے۔ بمعنی "کیف" ہے۔ حدیث ابتدأ تو موقوف تھی انتہاءً مرفوع ہوگئی۔

ومن هو فی كتاب الله: اس کا عطف موصول اوّل پر ہے۔ **ای ومن هو ملعون فيه**۔ یعنی جس پر لعنت ضمناً مذکور ہے اور چونکہ کلام مبہم تھا اس لیے وہ عورت منازعت پر اتر آئی۔

ما بين اللوحين: ذکر طرفین کی وجہ سے اول تا آخر سارا قرآن مراد ہے۔ گویا کہ اس نے "لوحین" سے مراد اول مصحف اور آخر مصحف کے دونوں گتے مراد لئے ہیں۔

لئن كنت قراتيه لقد وجدتيه: تاء کے کسرہ میں اشباع کی بناء پر یاء بڑھائی گئی ہے: علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ لام اول قسم کے لئے ہے اور لام ثانی جوابِ قسم کے لئے ہے۔ جو جواب شرط کا قائم مقام ہے۔ عبارت اس طرح ہوگی: "لو قراء تيه بالتدبر والتأمل لعرفت ذالك"۔

أما قراء ت: یہ ہمزہ استفہام انکاری کا ہے "ما" نافیہ ہے اور اس (فعل) کا مفعول "ما اتاكم الرسول" ہے اور جملہ محل نصب میں ہے۔

قوله: مااتاكم الرسول فخذوه: ایک نسخہ میں (واؤ کے ساتھ) "وما اتاكم الرسول فخذوه" ہے مطلب یہ ہے کہ بندے اس بات پر مأمور ہیں کہ جہاں رسول روک دے وہاں رک جایا کرو اور رسول اللہ نے مذکورہ چیزوں سے اس حدیث اور اس کے علاوہ احادیث میں منع کیا ہے۔ لہٰذا گویا کہ رسول اللہ ﷺ کے جمیع منہیات قرآن میں مذکور ہیں۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، اس میں اشارہ ہے کہ رسول اللہ کا "واشمات" الخ پر لعنت کرنا ایسا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی ہو۔ لہٰذا اس حکم پر عمل لازم ہے۔

جامع صغیر میں یہ روایت "خلق اللہ" تک ہے۔ اور فرمایا: رواه أحمد والشيخان والأربعة۔

نظر لگنا برحق ہے

۴۴۳۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَيْنُ حَقٌّ وَنَهٰى عَنِ الْوَشْمِ۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۲۰۳/۱۰ الحديث رقم ۵۷۴۰، ومسلم فی ۱۷۱۹/۴ الحديث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(٤١-٢١٨٧)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نظر کی تاثیر برحق ہے۔ اور آپ نے گودنے سے منع فرمایا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قال رسول اللہ ﷺ: العين حق:

یہاں مضاف محذوف ہے۔ اُی اصابۃ العین یعنی اس کی تاثیر کے وقوع میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔ یہ جان واموال کو لگتی ہے۔ بلاشبہ یہ امر الٰہی ہے۔ (تورپشتی رحمہ اللہ) النہایہ میں ہے کہ: أصابت فلانا عين اس وقت کہا جاتا ہے، کہ جب دشمن یا حاسد اس کی طرف حسد سے دیکھے اور نظر اس میں اثر کر جائے جس کی وجہ سے وہ بیمار ہو جائے۔

قوله: نهى عن الوشم: یہ بھی "قال" پر عطف ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں "نهى وشم" کو "اصابة العين" کے ساتھ ملا کر ذکر کیا ہے۔ یہ دراصل "واشمه" کے اس زعم کی تردید کیلئے ہے کہ وشم نظر کو پھیر دیتا ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تکلم کے زمانہ کے ساتھ اقتران پر مبنی ہے۔ فتأمل۔

قوله: رواه البخاری: یعنی ان دونوں جملوں کو بخاریؒ نے ذکر کیا ہے ورنہ جامع صغیر میں تو صرف یہ ہے: "العين حق" اس کو احمد، شیخین، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے عامر بن ربیعہ سے روایت کیا ہے۔

طبرانی وحاکم نے اس کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں: "العين حق تستنزل الحالق"

ای الجبل: ابن عدی اور ابونعیم نے "الحلیہ" میں حضرت جابرؓ سے یوں روایت کیا ہے: "العين تدخل الرجل القبر وتدخل الجمل القدر"

احمدؒ و مسلمؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: "العين حق، ولو كان شيء سابق القدر سبقته العين واذا استغسلتم فاغسلوا۔ یعنی" جب تم سے اس اصابت عین کی وجہ سے غسل کا مطالبہ کیا جائے۔ تو تم غسل کر لیا کرو۔

کجی نے اپنی سنن میں حضرت ابو ہریرہؓ سے یوں روایت کیا ہے:

"العين حق يحضرها الشيطان وحسد ابن آدم".

سفر میں بالوں کی حفاظت کیلئے تلبید جائز ہے

۴۴۳۳: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُلَبِّدًا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/٣٦٠ الحدیث رقم ٥٩١٤، ومسلم فی ٢/٨٤٢ الحدیث رقم (٢١-١١٨٤، والنسائی فی ٥/١٣٦ الحدیث رقم ٢٦٨٣، وأحمد فی المسند ٢/١٢١۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ تلبید کرنے والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: لقد رأیت رسول اللّٰہ ﷺ ملبدا: بائے موحدہ مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے فتحہ بھی دیا جاتا ہے: الفائق میں ہے کہ "تلبید" اس کو کہتے ہیں، کہ سر پر گوند یا شہد وغیرہ لگا لیا جائے تاکہ تلبید ہو جائے اور سر میں جوئیں وغیرہ پیدا نہ ہوں۔ بعض شراح نے اس کا معنیٰ یہ بیان کیا ہے کہ آدمی سفر کے لئے سر کو "لبید" کی طرح بنالے تاکہ گردوغبار سے پراگندہ نہ ہو۔ اس حدیث سے غیر حالت احرام میں "تلبید" کا جواز معلوم ہوتا ہے۔

مرد کو جسم پر زعفران ملنا جائز نہیں

۴۴۳۴: وَعَنْ اَنَسٍؓ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۰۴/۱۰ الحدیث رقم ۵۸٤٦، ومسلم فی ۱٦٦۳/۳ الحدیث رقم (۲۱۰۱-۷۷)، وأبو داوٗد فی المسند ٤۰٤/٤ الحدیث رقم ٤۱۷۹، والترمذیفی ۱۱۱/۵ الحدیث رقم ۲۰۱۵، والنسائی فی ۱۸۹/۸ الحدیث رقم ۵۲۵٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ مرد اپنے کپڑے یا بدن پر زعفران ملے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: نهی النبی ﷺ ان یتزعفر الرجل: کپڑوں اور بدن پر زعفران کا استعمال کرنا یہ عورتوں کی عادت ہے۔ البتہ قلیل مقدار معاف ہے۔ کیونکہ جب آپ علیہ السلام نے بعض صحابہؓ پر اس کو دیکھا تو آپ نے ان پر کوئی نکیر نہیں کی۔
(ابن الملکؒ)

شرح السنۃ میں ابو عیسیٰؒ کے حوالے سے لکھا ہے کہ کراہت زعفران کا معنیٰ یہاں پر یہ ہے کہ آدمی زعفران کی خوشبو لگائے۔ آدمی کیلئے منھی عنہ مقدار کثیر ہے۔ البتہ قلیل مقدار کے بارے میں شادی کرنے والے کیلئے، رخصت مروی ہے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو دیکھا کہ انہوں نے زعفران لگایا ہوا تھا تو آپ نے ان پر کوئی نکیر نہیں کی۔

میں کہتا ہوں کہ جو قلیل لگا ہوا تھا، شاید کہ یہ ان کی دلہن سے بلا ارادہ کے لگ گیا تھا۔ لہٰذا یہ اس نہی کے تحت داخل ہی نہیں ہے جو قلیل و کثیر سب کو شامل ہے اور جیسا کہ عموم نہی پر آپ علیہ السلام کا یہ مطلق قول بھی دلالت کرتا ہے: "طیب الرجال ما خفی لونه"۔ ابن شہاب کہتے ہیں کہ اصحاب رسول اللہ زعفران لگاتے تھے اور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ میں کہتا ہوں کہ اس کو بعض صحابہؓ پر محمول کرنا چاہے اور ان بعض صحابہ سے مراد وہ صحابہؓ ہیں جن کو یہ نہی نہیں پہنچی تھی۔ یا ان کے نزدیک یہ صحیح نہیں تھی۔

عبدالملکؒ کہتے ہیں، کہ میں نے امام شعبیؒ کو دیکھا، کہ وہ حمام میں داخل ہوئے اور انہوں نے زعفران لگایا پھر اس کو دھویا۔ میں کہتا ہوں شاید یہ دوائی کے طور پر لگایا ہو علاوہ ازیں یہ کہ زعفران لگانا اور پھر اس کو دھونا عرف میں اس کو "خوشبو لگانا" نہیں کہتے ہیں۔ "خلوق" سے ممانعت کے بارے میں آگے کئی احادیث آئیں گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ورواه ابو داود والنسائى والترمذى.

ڈاڑھی اور سر میں خوشبو کی چمک

۴۴۳۵: وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَطْيَبِ مَانَجِدُ حَتّٰى اَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِىْ رَأْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۱۰/۳۶۶ الحديث رقم ۵۹۲۳، ومسلم فى ۲/۸۴۷ الحديث رقم (۳۸۔۱۱۸۹) وأبو داوٗد فى السنن ۲/۳۵۸ الحديث رقم ۱۷۴۵، والترمذى فى ۳/۲۵۹ الحديث رقم ۹۱۷، والنسائى فى ۵/۱۳۸ الحديث رقم ۲۶۹۰، وابن ماجه فى ۲/۹۷۹ الحديث رقم ۲۹۲۶، والدارمى فى ۲/۵۱ الحديث رقم ۱۸۰۲ ومالك فى الموطأ ۲/۳۲۸ الحديث رقم ۱۷ من كتاب الحج، وأحمد فى المسند ۶/۱۸۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہترین خوشبو لگایا کرتی تھی۔ یہاں تک کہ میں آپ کی ڈاڑھی مبارک اور سر میں خوشبو کی چمک پاتی تھی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: طیب: یاء کی تشدید کے ساتھ ہے۔ مانجد: أى نصادف نحن معشر النساء۔ "باطيب" کو اضافت کی وجہ سے جر دیا گیا ہے۔

وبیص: صاد مہملہ کے ساتھ خوشبو کی چمک کو کہتے ہیں۔ (النہایۃ)

مظہرؒ کہتے ہیں، کہ اس حدیث پر یہ اشکال وارد نہیں ہوتا: "طيب الرجال ما خفى لونه" کیونکہ اس سے مراد ایسا رنگ ہے کہ جس سے اس کی زینت و جمال ظاہر ہوتا ہے۔ جیسا کہ سرخ یا پیلا رنگ ہے اور جو ایسا نہ ہو، جیسا کہ مشک اور عنبر۔ تو وہ جائز ہے۔ (انتہی) "کافور" اور زباد بھی اسی حکم میں آتے ہیں۔

جامع صغیر میں ہے: كان يأخذ المسك فيمسح به رأسه ولحيته کہ "نبی علیہ السلام مشک لے کر اس کو سر اور داڑھی میں ملتے تھے"۔ اس کو ابو یعلیٰ نے سلمہ بن کوع سے روایت کیا ہے۔

اَگر اور کافُور کی دھونی

۴۴۳۶: وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَجْمَرَ بِاُلُوَّةٍ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُوْرٍ يَطْرَحُهٗ مَعَ الْاُلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ۴/۱۷۶۶ الحديث رقم (۲۱۔۲۲۵۴)، والنسائى فى ۸/۱۵۶ الحديث رقم ۵۱۳۵۔

ترجمہ: حضرت نافع روایت کرتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ جب خوشبو کی دھونی لیتے تو اگر میں مشک ملانے کے بغیر دھونی لیتے تھے یعنی کبھی صرف اگر کی دھونی لیتے اور کبھی کافور سمیت لیتے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح دھونی لیتے کبھی صرف اگر اور کبھی اس کے ساتھ کافور ملا کر دھونی لیتے تھے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: کان ابن عمر اذا استجمر: ای تبخر وتعطر۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: ای استعمل الجمر وحصل الجمر فیه للبخور۔ (انتہی) اس میں اشارہ ہے کہ یہ "جمرۃ" سے مأخوذ ہے اور اس سے "مجمرۃ" بھی ہے۔ اس برتن کو کہتے ہیں کہ جس میں آگ رکھی جاتی ہے پھر اس میں عود رہے اور اس سے دھواں نکلتا ہے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ "استجمار" سے مراد یہاں "استعمال الطیب والتجر بہ" ہے۔ "مجمرۃ" سے مأخوذ ہے۔ استجمار کو "اُلوۃ" کے ساتھ مقید کر دیا، کیونکہ "استجمار" جب مطلق بولا جاتا ہے تو اس سے مراد استنجاء بالاحجار یا مطلق استنجاء مراد ہوتا ہے۔

استجمر بالوہ ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے اس کو ضمہ بھی دیا جاتا ہے لام پر ضمہ ہے اور واؤ مشدد ہے ازہریؒ نے ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ لام کو کسرہ کے ساتھ مشدد و مخفف دونوں ضبط کیا ہے۔ فارسیؒ کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ یہ فارسی کا لفظ ہے معرب ہے عود کو کہتے ہیں جس سے دھونی لی جاتی ہے غیر مطراۃ: یہ "اُلوۃ" کے لئے صفت ہے۔ مطلب یہ کہ یہ اس کے علاوہ مشک وعنبر وغیرہ کے ساتھ مخلوط نہیں تھی۔

تورپشتی رحمۃ اللہ کہتے ہیں کہ "مطراۃ" اصل میں "مرباۃ" کو کہتے ہیں جو خوشبو کی مہک میں اضافہ کر دیتا ہے۔ "بکا فور یطرحہ" جملہ (محل جر میں) "کافور" کی صفت ہے۔ یعنی کبھی صرف عود استعمال کرتے تھے اور کبھی کبھار اس کے ساتھ کافور وغیرہ بھی ملا لیتے تھے۔

الفصل الثانی:

سب سے پہلے لبیں کترنے والے خلیل اللہ علیہ السلام ہیں

۴۴۳۷: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ صَلٰوٰتُ الرَّحْمٰنِ عَلَيْهِ يَفْعَلُهٗ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجہ الترمذی فی سننہ ۵/۸۶ الحدیث رقم ۲۷۶۰، وأحمد فی المسند ۱/۳۰۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی لبیں کترتے یا لیتے اور ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام یہ عمل کیا کرتے تھے یعنی وہ بھی لبیں کترتے تھے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: کان النبی یقص او یاخذ من شاربہ: یہ راوی کا شک ہے۔

قولہ: وکان ابراهیم خلیل الرحمن صلوات الرحمن علیه یفعله: "یفعله" کی ضمیر منصوب "قص" کی طرف یا دونوں کی طرف راجع ہے حضرت ابراہیمؑ کا ذکر شاید اس لئے کیا کہ سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام نے مونچھیں کاٹی تھیں۔ جیسا کہ باب کے آخر میں اس کی تصریح آئے گی۔ لہٰذا خلیل کے بعد حبیب کی اتباع اجر جمیل اور ثواب جزیل کا سبب بنے گا۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں "وکان ابراهیم" کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ابراہیم علیہ السلام کی اتباع کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ سے ظاہر ہوتا ہے: ﴿وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ط......﴾ [البقرۃ: ۱۲۴] "اور جب پروردگار نے چند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باتوں میں ابراہیم کی آزمائش کی تو وہ ان میں پورے اترے خدا نے کہا میں تم لوگوں کا پیشوا بناؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ (پروردگار!) میری اولاد میں سے بھی (پیشوا بنائیو) خدا نے فرمایا کہ ہمارا اقرار ظالموں کیلئے نہیں ہوا کرتا" بعض نے کہا ہے کہ سر میں مانگ نکالنا۔ مونچھیں کترواۓ اور مسواک وغیرہ۔

لبیں کٹوانا ضروری ہے

۴۴۳۸: وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رواه احمد والترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٨٧ الحديث رقم ٢٧٦١، والنسائی فی ١/١٥ الحديث رقم ١٣، وأحمد فی المسند ٤/٣٦٦۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنی لبیں نہ کٹوائے وہ ہم میں سے نہیں۔ یہ احمد' ترمذی' نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: "من لم يأخذ من شاربه فليس منا": اس کے کئی مطالب ہو سکتے ہیں: ❶ وہ ہمارے موافقین میں سے نہیں ہے اس فعل میں۔ لیکن یہ کوئی صحیح توجیہ نہیں ہے کیونکہ یہ تحصیل حاصل ہے۔ ❷ بعض نے کہا ہے کہ اس سنت کے ثواب کے حصول میں وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ یہ پہلی توجیہ کے قریب تر ہے۔

❸ بظاہر اس کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ ان میں سے نہیں ہے کہ جنہوں نے ہمارے طریقے کی تکمیل کی ❹ اس سنت کے تارک کو ڈرانا مقصود ہے کہ اس کی موت غیر ملت اسلامیہ پر بھی آ سکتی ہے۔

ڈاڑھی کو طول و عرض سے لینا

۴۴۳۹: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا۔ (رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٨٧ الحديث رقم ٢٧٦٢۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا کہ بیشک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ڈاڑھی کے طول و عرض میں سے لیتے تھے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: قوله: كان يأخذ من لحيته من عرضها وطولها: "من عرضها وطولها": اعادہ جار کے ساتھ بدل ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ "اعفوا اللحی" کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ منہی تو داڑھی کتروانا ہے جیسا کہ اعاجم کرتے ہیں یا اس کو کبوتر کے گھونسلے کی طرح بنانا ہے۔ "اعفاء" سے مراد "توفیر" ہے جیسا کہ دوسری روایت میں ہے۔ داڑھی کے اطراف سے قلیل مقدار میں بال کاٹنا "قص کے حکم" میں نہیں آتا (انتهی) مصابیح کے تمام شراح زین العرب وغیرہ کا موقف بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہی ہے۔اس حدیث کو"شرح الشرعة" میں اس قید کے ساتھ مقید کیا ہے:"اذ زاد علی قدر القبضة" اور"التنویر" میں اس کونفس حدیث کا جزء بنایا ہے اور"الشرعة" میں یہ زیادتی بھی ہے: وکان یفعل ذالك فی الخمیس او الجمعه ولا یترکه مدة طویلة اور"النہایہ شرح الہدایہ" میں ہے، داڑھی کی مقدار ہمارے ہاں طولاً بقدر مشت ہے اور جو اس سے زائد ہو اس کا قطع واجب ہے۔رسول اللہ سے مروی ہے: انه ﷺ من اللحیة من طولها وعرضها۔اس کو ابوعیسیٰ نے اپنی جامع میں روایت کیا ہے اور: من سعادة الرجل خفة لحیته۔اھ داڑھی کا ہلکا ہونا آدمی کی سعادت مندی میں سے ہے"

(صاحب النہایہ کے کلام میں)"یجب" یہاں"ینبغی" کے معنیٰ میں ہے۔یا اس سے مراد یہ ہے کہ یہ ایسی سنت مؤکدہ ہے کہ جو وجوب کے قریب ہے۔ورنہ علی الاطلاق اس کا مطلب صحیح نہیں ہے۔

ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ داڑھی کے بالوں کو برابر کرنا ہمارے ہاں سنت ہے۔سیدھا کرنے کی صورت یہ ہے کہ ہر لمبے بال کو کاٹ دے تاکہ سارے بال برابر ہو جائے۔"احیاء" میں لمبی داڑھی کے بارے میں اختلاف ہے۔بعض کہتے ہیں کہ اگر آدمی اپنی داڑھی کو مٹھی میں پکڑے،مٹھی سے نیچے آئے ہوئے بالوں کو کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ابن عمرؓ اور تابعین کی ایک جماعت ایسا ہی کیا کرتے تھے۔امام شعبیؒ، ابن سیرین نے اس کو مستحسن جانا ہے۔حسن بصریؒ اور قتادۃ اور ان کے متبعین نے اس کو مکروہ قرار دیا ہے اور فرمایا کہ اس کے ترک میں عافیت ہے اور میں اس کو آپ کے اس فرمان کی وجہ سے پسند کرتا ہوں:"اعفو اللحی" لیکن اصح قول پہلا ہی ہے۔

نخعیؒ کہتے ہیں عجبت لرجل عاقل طویل اللحیة کیف لایأ خذمن لحیته فیجعلها بین لحیتین ای طویل وقصیر۔کیونکہ ہر چیز میں توسط ومیانہ روی بہترین چیز ہے اور اسی سے ہے: خیر الأمور أوسطها کہ بہترین کام میانہ روی ہے اور اسی وجہ سے بعض لوگ کہتے ہیں: کلماطالت اللحیة نقص اللحیة۔جب داڑھی لمبی ہو جاتی ہے تو عقل کم ہو جاتی ہے۔

رواه الترمذی وقال هذا حدیثٌ غریبٌ۔

خلوق مرد کیلئے درست نہیں ہے

۴۴۴۰: وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ۔ (رواہ الترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ١١٢/٥ الحدیث رقم ٢٨١٦، والنسائی فی ١٥٢/٨ الحدیث رقم ٥١٢١، وأحمد فی المسند ١٧١/٤۔

ترجمہ: حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے یعلیٰ پر خلوق کا اثر دیکھا۔آپ نے ارشاد فرمایا کیا تمہاری بیوی ہے۔اس نے کہا نہیں۔تو جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس خلوق کو دھو ڈال پھر دھو اور پھر دھو ڈال۔آئندہ اسے استعمال نہ کرنا۔یہ ترمذی اور نسائی کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: "خلوق": خائے معجمہ کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ یہ ایک قسم کی رنگ دار خوشبو ہے بعض نے کہا ہے کہ یہ خوشبو پیلے رنگ کی ہوتی ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ ایک مشہور خوشبو ہے جس کو زعفران وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔

فقال ألك امراة: مظہرؒ کہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تمہاری بیوی ہے اور تمہیں اس کے بدن اور کپڑوں سے یہ خوشبو بغیر قصد وارادہ کے لگی ہے تب تو تم معذور ہو۔ ہمارے علماء میں سے بعض شراح کہتے ہیں کہ آپ نے شادی کرنے والے کو مقدار قلیل اجازت دی ہے' کثیر کی نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ قول اصح مظہر کا ہی ہے جیسا کہ ماقبل میں گذرا اور آگے بھی آئے گا

قوله: لا ای لیس لی امرأة۔ قوله قال فاغسله ثم اغسله ثم اغسله:

مظہرؒ کہتے ہیں کہ آپ نے اس کو تین بار دھونے کا حکم بطور مبالغہ کے دیا اور زیادہ واضح بات یہ ہے کہ تین دفعہ سے کم دھونے سے اس کا رنگ چھپتا نہیں۔ "لا تعد": عین کے ضمہ کے ساتھ ہے

خلوق لگانے والے کی نماز قبول نہیں

۴۴۴۱: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةَ رَجُلٍ فِیْ جَسَدِهٖ شَیْءٌ مِنْ خَلُوْقٍ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه البخاری فی السنن ٤/٤٠٣ الحديث رقم ٤١٧٨' وأحمد فی المسند ٤/٤٠٣۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس آدمی کی نماز قبول نہیں کرتا۔ جس کے بدن پر کچھ خلوق لگا ہو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: فی جسده شیئی من خلوق: یہاں پر "شیء" کو نکرہ لایا ہے تا کہ قلیل وکثیر دونوں کو شامل ہو جائے۔ یہ ان لوگوں کی تردید ہے۔ جو "نھی" کو "کثیر" کے ساتھ مختص کرتے ہیں جیسا کہ ماقبل میں یہ مذہب گزر چکا ہے۔ **قوله: لایقبل الله صلاة رجل:** سید جمال الدین فرماتے ہیں کہ یہاں پر صلوٰۃ کاملہ کے ثواب کی نفی مراد ہے۔ کیوں کہ اس شخص کی نماز تشبہ بالنساء کی وجہ سے ناقص ہوگئی ہے۔ ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ اس میں "استعمال خلوق" سے زجر وتہدید ہے۔

حکم شرع کی خلاف ورزی پر سلام کا جواب نہ دیا

۴۴۴۲: وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی اَهْلِیْ مِنْ سَفَرٍ وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَایَ فَخَلَّقُوْنِیْ بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَیَّ وَقَالَ اِذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٠٢ الحديث رقم ٤١٨٦' وأحمد فی المسند ٤/٣٢٠۔

ترجمہ: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں سفر سے گھر لوٹا۔ میرے دونوں ہاتھ پھٹ گئے تھے۔ گھر والوں نے میرے ہاتھوں پر خوشبو کا لیپ کیا جس میں زعفران ملا ہوا تھا۔ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوا اور آپ کو سلام کیا تو آپ نے مجھے جواب مرحمت نہ فرمایا اور فرمایا جاؤ اور اسے اپنے بدن سے دھو ڈالو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: مطلب یہ کہ میرے ہاتھوں کی پھٹی ہوئی جگہوں میں زعفران کو بھر دیا۔ تاکہ علاج ہو جائے۔ اسکو علامہ ابن الملکؒ نے ذکر کیا ہے۔

قوله: فخلقوني بزعفران خلقوني: اس میں لام مشدد ہے:

''بزعفران'' کا ذکر تاکید کیلئے ہے۔ یا کلام میں تجرید ہے۔

قوله: فلم يرد علي: یہ ردّ شدید ہے۔ یہ جملہ ردّ بلیغ ہے ان قائلین پر جو مقدار قلیل کے جواز کے قائل ہیں۔

فاغسل هذا عنك: یہ فرمانا شاید اس بناء پر ہو کہ آپ کو ان کا عذر بیان نہیں کیا گیا تھا' یا ان کا یہ لگا کر نکلنا نبی کریم ﷺ کو اچھا نہیں لگا: یا یہ اس وجہ سے فرمایا کہ اگر انہوں نے خلوق عذر کی وجہ سے لگایا تو چاہئے تھا کہ اس موقع پر ہاتھ دھو کر آتے۔

مرد کی خوشبو

۴۴۴۳: **وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَاظَهَرَ رِيْحُهٗ وَخَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ مَاظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ۔** (رواه الترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٩٩ الحديث رقم ٢٧٨٧' والنسائی فی ٨/١٥١ الحديث رقم ٥١١٧' وأحمد فی المسند ٢/٥٤١۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مرد کی خوشبو یہ ہے کہ خوشبو ظاہر اور رنگ پوشیدہ ہو جیسا کہ مشک' عنبر وغیرہ اور عورت کی خوشبو یہ ہے کہ جس کا رنگ ظاہر اور خوشبو پوشیدہ ہو مثلاً مہندی' زعفران۔ یہ ترمذی و نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: ''**طيب الرجال**'': لفظ ''**الطيب**'' اسم اور مصدر دونوں طرح استعمال ہوتا ہے اور یہاں پر یہی (یعنی خوشبو) مراد ہے۔ (ذکرہ الجوہری)

قوله: وطيب النسآء ماظهر لونه وخفي ريحه: شرح السنہ میں ہے سعد کہتے ہیں، یہاں پر ''**طيب النسآء**'' اس وقت پر محمول ہے کہ جب عورت باہر نکلنے کا ارادہ کرے۔ البتہ جب وہ شوہر کے پاس ہو تو وہ جس قسم کی خوشبو چاہے لگائے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''**كل عين زانية**'' کہ ہر آنکھ زنا کرتی ہے۔ پس جب عورت خوشبو سے مہکتی ہوئی کسی مجلس سے گزرے گی، تو وہ ایسی ایسی ہے۔ یعنی زانیہ ہے۔ (انتہی) اس کی تائید ایک اور حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں آتا ہے: **ايما امرأة أصابت بخورا فلا تشهد معنا العشاء**۔ ''جو عورت خوشبو لگائے وہ ہمارے ساتھ عشاء میں حاضر نہ ہو''۔

علامہ ابن حجر العسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ ''**ما خفي ريحه**'' کالزعفران'' اور کئی علماء کہتے ہیں وکالحناء لیکن یہ عجیب سی بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے، کیونکہ یہ قائلین شوافع ہیں اور ان کے ہاں یہ بات طے شدہ ہے کہ مہندی خوشبو کی اقسام میں سے نہیں ہے۔ برخلاف حنفیہ کے۔

اسنادی حیثیت میرکؒ کہتے ہیں کہ اس کو حسن قرار دیا ہے اگرچہ اس میں ایک راوی مجہول ہے۔ کیونکہ وہ تابعیؒ ہے اور ان سے روایت کرنے والا راوی ثقہ ہے۔ لہٰذا اس جہت سے اس کی جہالت منتفی ہو جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں، کہ اگر اس کی تعدد اسانید کی طرف دیکھا جائے، تو یہ حسن لغیرہ بن جاتی ہے۔ **قوله النسائی)**: میرک کہتے ہیں کہ بعض نسخوں میں "ترمذی والنسائی" کے درمیان "ابوداؤد" کا بھی ذکر ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے، کیونکہ یہ حدیث سنن ابی داؤد میں نہیں ہے۔ (انتہی)

تخریج: ورواہ الطبرانی والضیاء عن انس۔

مرکب خوشبو کا استعمال جائز ہے

۴۴۴۴: وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٩٤ الحديث رقم ٤١٦٢۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے سکہ نامی خوشبو تھی یہ ایک مرکب خوشبو کا نام ہے۔ آپ اس سے خوشبو استعمال فرماتے تھے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: كانت لرسول الله ﷺ سكة يتطيب منها**: "كانت": اور ایک روایت میں "کان" ہے۔ "سكة" سین مہملہ کے ضمہ اور کاف کی تشدید کے ساتھ۔

یہ ایک نادر قسم کی خوشبو ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ مشک سے بنائی جاتی ہے۔ الصحاح میں ہے: **المسك من الطيب عربی**۔ بعض نے کہا کہ یہ خوشبوئی انواع کا معجون ہے صاحب قاموس لکھتے ہیں: علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ یہ ایک مرکب خوشبو ہے۔ بعض کہتے ہیں، کہ بظاہر یہ لگتا ہے کہ اس سے مراد وہ برتن ہے جس میں خوشبو رکھی جاتی تھی۔ اس احتمال کی تائید اگلے جملہ "**يتطيب منها**" سے ہوتی ہے۔

کیونکہ اگر خوشبو مراد ہوتی۔ تو پھر یوں کہتے "**يتطيب بها**"۔ علامہ جزریؒ نے "**تصحيح المصابيح**" میں لکھا ہے کہ یہ کئی قسم کی خوشبوؤں کا مجموعہ ہے اور "**سكة**" اس کا ایک قطعہ ہے اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ اس سے مراد برتن ہو۔ میرک کہتے ہیں کہ اگر اس سے مراد طیب ہوتی۔ تو اس صورت میں "من" تبعیض کے لئے ہوسکتا ہے۔ تاکہ اس سے یہ معلوم ہو کہ آپ اس کو کئی بار استعمال کرتے تھے۔ برخلاف اس کے کہ اگر "بها" فرماتے' کیونکہ اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ وہ ایک ہی دفعہ اس کو استعمال کرتے تھے اور اگر اس سے مراد 'برتن' ہو تو پھر "من" ابتداء کیلئے ہوگا۔

"**وكذا الترمذی فی الشمائل**"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کثرت سے تیل کا استعمال

۴۴۴۵: وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ دُهْنَ رَأْسِهِ وَ تَسْرِيْحَ لِحْيَتِهِ وَيُكْثِرُ الْقِنَاعَ كَانَ ثَوْبُهُ ثَوْبَ زَيَّاتٍ۔ (رواه في شرح السنة)

أخرجه البغوي في شرح السنة ١٢/١٨٢ الحديث رقم ٣١٦٤۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر مبارک پر تیل کا استعمال کثرت سے فرماتے تھے اور ڈاڑھی مبارک کو بہت کنگھی کرتے تھے۔ اور سر پر جو کپڑا کثرت سے رکھتے وہ تیل کی وجہ سے تیلی کے کپڑے کی طرح تھا۔ یہ شرح السنہ میں نقل کی گئی ہے۔

تشریح: **یکثر**: "اکثار" سے ہے۔ "دھن": دال کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ تیل ملنا' لگانا' استعمال کرنا۔ "دھن": دال کے ضمہ کے ساتھ' تیل کو کہتے ہیں۔ "تسریح": منصوب ہے' اور اس کا عطف "دھن" پر ہے' اور جس نے اس کا عطف "رأسہ" پر قرار دیتے ہوئے اس کو مجرور پڑھا ہے اس نے غلطی کی ہے۔ "**تسریح**" سے مراد تمشط ہے اور بالوں کو سیدھا کرنا ہے۔

ابن جوزیؒ نے "**کتاب الوفاء**" میں ذکر کیا ہے کہ حضرت انسؓ کہتے ہیں، کہ رسول اللہ جب رات کو لیٹنے کیلئے آتے تو آپ کیلئے مسواک، وضوء کا پانی اور کنگھار کھا جاتا تھا اور رات کی جس گھڑی میں اللہ عزوجل آپؐ کو بیدار کرتا الخ۔

خطیب بغدادیؒ نے "**الکفایة**" میں حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ پانچ چیزیں نبی علیہ السلام نہ سفر میں چھوڑتے تھے، نہ حضر میں: ❶ آئینہ، ❷ سرمہ دانی، ❸ کنگھی، ❹ مدری ❺ مسواک اور ایک روایت میں "مدری" کی جگہ "**قارورة دهن**" آیا ہے

طبرانیؒ نے الاوسط میں ایک اور سند کے ساتھ حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے' وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ مسواک اور کنگھی کو نہیں چھوڑتے تھے' اور جب داڑھی میں کنگھی کرتے تو آئینہ دیکھتے تھے۔

خطیب نے حسین بن علوان عن ہشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشہؓ روایت کیا ہے وہ فرماتی ہیں کہ سات چیزوں کو رسول اللہ سفر و حضر میں ترک نہیں کیا کرتے تھے: ❶ تیل کی شیشی، ❷ کنگھی، ❸ آئینہ، ❹ سرمہ دانی، ❺ مسواک، ❻ قینچی ❼ مدری۔ میں نے ہشام سے پوچھا، کہ "مدری" رکھنے کی کیا وجہ تھی؟ تو وہ کہتے ہیں، کہ مجھے میرے والد نے حضرت عائشہؓ کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ کے بال کانوں کی لوتک ہوتے تھے۔ آپ "مدری" کے ساتھ بالوں کو حرکت دیتے تھے۔ مدری میم کے کسرہ اور دال مہملہ کے ساتھ لکڑی کا ایک آلہ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں' تاکہ سر کے بال باہم الجھیں نا۔ "مِقص" میم کے کسرہ کے ساتھ' قطع وقص کرنے کے آلہ کو کہتے ہیں، یعنی قینچی۔

حافظ سیوطیؒ نے ابوداؤد کے حاشیہ میں ایک روایت نقل کی ہے، کہ ولی الدین العراقیؒ ابوداؤد کی اس حدیث: کہ رسول اللہ نے منع فرمایا کہ ہم میں سے کوئی روزانہ کنگھی کرے"۔ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ نہی "تنزیہی" ہے۔ تحریم کے لئے نہیں ہے اور وجہ یہ ہے کہ یہ **ترفہ** اور **تنعم** "عیش پرستی" ہے۔ لہٰذا اس سے اجتناب کیا جائے اور اس میں سر اور داڑھی میں کوئی فرق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہے۔

فرمایا اگر کوئی اعتراض کرے کہ ترمذیؒ نے ''الشمائل'' میں حضرت انس کے حوالے سے روایت کیا ہے کہ ''رسول اللہ سر کے بالوں پر کثرت سے تیل لگاتے تھے اور داڑھی میں بکثرت کنگھی کیا کرتے تھے''۔ میں کہتا ہوں کہ ''کثرت'' سے یہ لازم نہیں آتا، کہ روزانہ کیا کرتے تھے بلکہ اکثار کا اطلاق اس چیز پر بھی کیا جاتا ہے جو آدمی حسب حاجت کرتا ہے۔

اگر آپ یہ کہیں کہ یہ بھی منقول ہے کہ '' آپ روزانہ دو مرتبہ داڑھی کو کنگھا کیا کرتے تھے''۔ میں کہتا ہوں، کہ مجھے اس کی سند معلوم نہیں ہے اور نہ کسی کو جانتا ہوں کہ جس نے یہ نقل کی ہو۔ البتہ امام غزالی نے ''الاحیاء'' میں روایت کی ہے' اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ ''الاحیاء'' میں وہ احادیث بھی ہیں کہ جن کی کوئی اصل نہیں ہے۔

قوله: ويكثر القناع: یہاں مضاف محذوف ہے۔ ای لبسہ اور ممکن ہے کہ اعادۃ عامل کی وجہ یہی ہو ''قناع'': قاف کے کسرہ اور نون مخففہ کے ساتھ ہے' اور اس کے آخر میں عین مہملہ ہے۔ قناع اس کپڑے کو کہتے ہیں جو پگڑی کے نیچے سر پر رکھا جاتا ہے' تاکہ پگڑی کو تیل کے اثر اور میلا ہونے سے بچایا جائے۔ یہ عورت کی اوڑھنی کے مشابہ ہوتا ہے اور ''**الصحاح**'' میں ہے کہ یہ ''**مقنعة**'' سے زیادہ وسیع ہوتا ہے۔ یہ وہ کپڑا ہوتا ہے جس کو عورت ''**مقنعة**'' کے اوپر ڈالتی ہے۔ قاضی عیاضؒ کہتے ہیں یعنی آپؐ یہ کپڑا سر پر بکثرت رکھا کرتے تھے یا یہ کہ آپؐ تیل لگانے کے بعد اس کو اکثر استعمال کرتے تھے۔

کان: یہ تشدید نون کے ساتھ ہے، اور الشمائل میں ہے: ''**حتى كان**'' یہ اکثار کے لئے غایت ہے۔

قوله: ثوبه ثوب زيات:

''زیات'': تیل بیچنے والے یا تیل بنانے والے کو کہتے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کپڑے سے مراد وہ کپڑا ہے جو آپؐ کے بدن پر ہوتا تھا کیونکہ آپؐ تیل بکثرت استعمال فرماتے تھے' اور قناع ہمیشہ رکھا کرتے تھے۔ لیکن پہلا قول اصح ہے۔ کیونکہ آپ علیہ السلام لوگوں میں سب سے زیادہ پاکیزہ لباس والے تھے۔ سب سے بہترین ہیئت والے اور سب سے زیادہ جمیل تھے اور یہ بھی ثابت ہے کہ ایک دفعہ آپ نے ایک شخص کو گندے کپڑوں میں دیکھا۔ تو آپ نے پوچھا کہ کیا اس شخص کے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے جس سے یہ کپڑوں کو دھولے؟۔ آپؐ نے فرمایا کہ اپنے کپڑوں کو ٹھیک رکھو۔ یہاں تک کہ تم لوگوں کے درمیان ''**شامة**'' کی طرح ہو جاؤ اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ جو اس حدیث کے بعض طرق میں آتا ہے کہ آپؐ کی چادر کے اوپر ایک اور چادر تیل والی ہوتی تھی۔ اس (روایت) کو علامہ ذہبیؒ نے ''حسن بن دینار'' کے ترجمہ میں ذکر کیا ہے اور اس کو ابن سعد کی حدیث سے بھی تقویت ہوتی ہے جو حضرت انسؓ سے منقول ہے: **کان رسول اللہ ﷺ یکثر التقنع بثوب حتی کان ثوبه ثوب زیات** اور اس معنیٰ کی تعین پر دلالت اس سے بھی ہوتی ہے کہ اگر یہ معنی مردانہ ہوتو پھر ''قناع'' کے ذکر کا کیا فائدہ ہے؟ اور نہ ہی ''**حتى**'' کی غایت کا کوئی فائدہ ہے۔

''**کان ثوبه**'' ''**ثوب زيات**'': یہ ''**کان یکثر القناع**'' کے لئے بطور نتیجہ کے ہے۔ بلکہ اس وقت مناسب یہ تھا کہ یہ کہتے: **کان یکثر دهن رأسه حتی کان ثوبه ثوب زیات** کہ آپ سر پر تیل کثرت سے استعمال کرتے تھے یہاں تک کہ آپ کا یہ تیل بیچنے والے کی طرح ہوتا تھا۔ گویا کہ ''مضمر'' سے ''**مظهر**'' کی طرف عدول کیا گیا اور یہ نہیں کہا ''کانه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثوب زیات" کہ اس صورت میں یہ ضمیر "قناع" کی طرف راجع ہوگی۔ تاکہ آپ علیہ السلام کی طرف اعادہ ضمیر کا توہم پیدا نہ ہو۔ یا اس سے اشارہ ہے کہ اس کپڑے سے مراد آپ کا وہ خاص کپڑا ہے جس کو تیل کیلئے استعمال کرتے تھے نہ کہ مطلق ثوب مراد ہے۔ اس سے خلل مرتفع ہو جائے گا۔ لیکن پھر ایک چیز رہ جائے گی کہ سوق کلام تو "اکثار دھن" میں مبالغہ کیلئے ہے۔ ایک ساتھ اس کپڑے کے ساتھ تشبیہ بھی ہے جس کو پہنا جاتا ہے۔ اس لئے کہ یہ بات جو معلوم ہی ہے کہ "قناع" جس سے "مدھون" کو ڈھانپا جاتا تھا۔ وہ قناع "ثوب زیات" کے مشابہ تھی۔ پس اولیٰ یہ ہے کہ اس کپڑے کو آپ کے خاص کپڑوں پر محمول کیا جائے۔ یعنی وہ خاص کپڑا جس کو آپ تیل استعمال کرنے کے وقت پہنتے تھے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا، کہ آپ اس کو مسلسل استعمال کرتے تھے کیونکہ یہ مخل نظافت ہے۔ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو اتارتے اور اس کی جگہ اور کپڑا لیتے تھے جیسا کہ انکی عام عادت تھی اور اس کی خبر آپ علیہ السلام کے خادم خاص نے دی ہے جو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوشیدہ باتوں سے واقف تھے۔ واللہ اعلم۔

قوله: رواه شرح النسة: اس کو امام بغویؒ نے شرح السنہ میں ذکر کیا ہے۔ حالانکہ المصابیح میں ذکر ہے، اس کے ضعف کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔ اس کو امام ترمذی نے اپنی الجامع اور الشمائل میں ذکر کیا ہے اور اسی طرح جامع الاصول میں بھی ہے اور ابن سعدؒ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔ لہٰذا اس روایت کو امام جزریؒ کی بات سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا جوانہوں نے شمائل کے رواۃ میں سے "ربیع بن صبیح کے بارے میں کہی ہے کہ وہ عابد تھے' لیکن حدیث میں ضعیف تھے اور "کان ثوبہ ثوب زیات" کے الفاظ کو ان کی منکر روایات میں شمار کیا ہے' اس بناء پر کہ یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کے خلاف ہے۔ اس کی تاویل اوپر گذر چکی ہے' لہٰذا اس کا "منکر" ہونا بھی مرتفع ہو گیا' انکار تو اس شخص کا ہے جس نے اس کو اس فاسد معنی پر محمول کیا ہے۔ لیکن کہا کہ حدیث کے معاملے میں وہ ضعیف ہے۔

چار گیسوئے مبارک

۴۴۴۶: وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قَدْمَةً وَلَهٗ اَرْبَعُ غَدَائِرَ۔

(رواه احمد وابوداود والترمذی وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/٤٠٩ الحديث رقم ٤١٩١' والترمذى فى ٤/٢١٦ الحديث رقم ١٧٨١' وابن ماجه فى ٢/١١٩٩ الحديث رقم ٣٦٣١' وأحمد فى المسند ٦/٣٤١۔

ترجمہ: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے تو آپ کے چار گندھے ہوئے گیسو تھے۔ (دو دائیں طرف اور دو بائیں طرف) یہ ترمذی احمد' ابوداؤد اور ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: قدمة: یہ لفظ قاف کے فتحہ اور دال کے سکون کے ساتھ ہے اور قدوم سے اسم مرۃ ہے۔ مفعول مطلق ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ تشریف آوری کتنی بار ہوئی؟

❶ عمرۃ القضاء کے موقع پر۔ ❷ فتح مکہ۔ ❸ عمرۃ الجعرانۃ۔ ❹ حجۃ الوداع کے موقع پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض روایات اس پر دلالت کرتی ہیں، کہ یہ تشریف آوری فتح مکہ کے دن ہوئی تھی۔ کیونکہ اس وقت آپ علیہ السلام نے غسل کیا تھا اور ام ہانی کے گھر میں چاشت کی نماز پڑھی تھی۔

وله اربع عذائر: یہ "عذیرة" کی جمع ہے۔ "ضفیرۃ" کے معنی میں ہے' اس کو "ذوابۃ" بھی کہتے ہیں اور یہ جملہ حال ہے۔

سر کی چوٹی پر مانگ

۴۴۴۷: وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهٗ صَدَعْتُ فَرْقَهٗ عَنْ يَأْفُوْخِهٖ وَاَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٠٨ الحدیث رقم ٤١٨٩' وابن ماجه فی ٢/١١٩٩ الحدیث رقم ٣٦٣٣۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں مانگ نکالتی تو تالو کے اوپر سے مانگ بناتی اور بالوں کو آپ کی پیشانی پر دونوں آنکھوں کے درمیان چھوڑتی۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: اذا فرقت: مطلب یہ کہ میں رسول اللہ کے سر کے بالوں کو دو حصوں میں بانٹ دیتی تھی۔ کچھ بال دائیں طرف اور کچھ بال بائیں جانب کر دیتی تھی۔

"فرق": وہ لکیر جو سر کے بالوں کے درمیان اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب بالوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اسے مانگ کہتے ہیں' یہ خط سر کی سفیدی ہے جو بالوں کے درمیان ہوتی ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ وغیرہ) ناصیۃ سر کے اگلے حصہ کے بال۔

عن یافوخه: امام طیبیؒ فرماتے ہیں یافوخ وسط رأس کو اور (نومولود) بچے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ "یافوخ" سر کے درمیان کے اس حصہ کو کہتے ہیں، جو چھوٹے بچے کے سر میں حرکت کرتا ہوا نظر آتا ہے اور معنیٰ یہ کہ یہ اس خط کی ایک جانب یافوخ کے پاس ہوتی تھی اور دوسری طرف پیشانی کی جانب ہوتی تھی۔

وارسلت ناصیته بین عینیه): یعنی میں ان کی مانگ کو آنکھوں کے درمیان سے شروع کرتی، اس طور پر کہ ماتھے کے آدھے بال اس مانگ کے دائیں جانب تھے اور دوسرے نصف سر کے بال اس مانگ کے بائیں جانب تھے۔ ان دونوں قولوں کے درمیان فرق کا خیال رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ بڑا دقیق فرق ہے۔ اور وہ شخص اس میں تأمل کرنے کے زیادہ لائق ہے جس کو توفیق عطا ہوئی ہے۔

ایک دن چھوڑ کر کنگھی کرنا

۴۴۴۸: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا۔

(رواہ الترمذی وابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٩٢ الحدیث رقم ٤١٥٩' والترمذی فی ٤/٢٠٥ الحدیث رقم ١٨٥٦' والنسائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی ۸/۱۳۲ الحدیث رقم ۵۰۵۵، وأحمد فی المسند ۸۶/٤۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن درمیان میں چھوڑ ے (یعنی ایک دن کا وقفہ کئے بغیر) کنگھی کرنے سے منع فرمایا۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: نهی عن الترجل الا غبا :

ترجل سے مراد تمشط (کنگھی کرنا) ہے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں "غب" اس کو کہتے ہیں، کہ ایک دن کام کرے، اور دوسرے دن اس کو ترک کر دے اور مراد اس سے مواظبت سے منع کرتا ہے اور اس کا اہتمام ہے کیونکہ یہ تزئین میں مبالغہ ہے اور اپنے کو خوبصورت بنانے کے بہت زیادہ خواہش مند ہونے کا اظہار ہے۔ ایک شارح فرماتے ہیں "غب" کا معنی ہے کسی کام کو وقتاً فوقتاً ناغہ کر کے کرنا۔ ایک شارح فرماتے ہیں:

اور معنی اس کا یہ ہے کہ سر کو دوام کے ساتھ تیل لگانا اور کنگھی کرنے پر دوام سے منع فرمایا ہے۔ کیونکہ یہ بھی تزئین میں مبالغہ ہے۔

عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ داڑھی کو روزانہ کنگھی کرنا اس نہی میں داخل نہیں ہے۔ اس کے متعلق احکام پہلے گزر چکے ہیں۔

القاموس میں ہے کہ "غب" (بکسر الغین) کا معنی ہے چیز کا انجام کو ایک دن اور ایک دن اور زیارت میں "غبا" کا مطلب ہے ہر ہفتہ۔ لہٰذا ہر چیز میں "غب" کا مفہوم اس کے مطابق ہوتا ہے۔ یہ افعال واشخاص کے اختلاف سے مختلف ہوتا رہتا ہے۔ جیسا کہ بہت سے طرق میں آیا ہے: "زُر غبا تزدد حبا"۔

النہایہ میں ہے کہ "غب" اونٹ کی باریوں کو کہتے ہیں کہ آپ ایک دن اونٹ کو پانی پلائیں ارر ایک دن پھر اس لفظ کو کئی دنوں کے بعد زیارت کرنے کے معنی کی طرف منتقل کر دیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے "غب الرجل"، جب کوئی شخص کئی دنوں کے بعد زیارت کے لئے آئے۔ حسن کہتے ہیں، ہر ہفتہ میں اور اس سے مدعی ظاہر ہوتا ہے کیونکہ حسن بصریؒ اس حدیث کو "ابن مغفل" سے روایت کر رہے ہیں۔

تخریج: اسی طرح احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ میرکؒ کہتے ہیں کہ نسائیؒ نے حمید بن عبدالرحمٰن سے روایت کیا ہے کہ میں ایک آدمی سے ملا جس کو نبی کریم کی صحبت کا شرف حاصل تھا۔ جیسا کہ ابو ہریرہؓ نے چار سال آپ کی صحبت اختیار کی۔ انہوں نے فرمایا: نهانا رسول الله ﷺ أن يمتشط أحدنا كل يوم۔ ہمیں رسول اللہؐ نے منع کیا ہے اس سے کہ ہم میں سے کوئی روزانہ کنگھی کرے۔

کبھی ننگے پاؤں بھی چلنا چاہیے

۴۴۴۹: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ مَالِيْ اَرَاكَ شَعِثًا قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاِرْفَاهِ قَالَ مَالِيْ لَا اَرٰى عَلَيْكَ حِذَآءً قَالَ كَانَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْمُرُنَا اَنْ نَحْتَفِیَ اَحْیَانًا۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٩٢ الحديث رقم ٤١٦٠، وأحمد فی المسند ٦/٢٢۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے فضالہ بن عبید کو کہا کہ میں تمہیں پراگندہ بالوں کی حالت میں دیکھتا ہوں وہ فرمانے لگے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں زیادہ حسن اور عیش کی باتوں سے منع فرماتے تھے۔ (کنگھی اور تیل کی کثرت اسی میں داخل ہے)۔ وہ کہنے لگا۔ اے فضالہ! کیا وجہ ہے کہ تیرے پاؤں میں جوتا نہیں۔ فضالہ کہنے لگے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں حکم فرماتے کہ ہم کبھی ننگے پاؤں پھرا کریں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

عبداللہ بن بریدۃ۔ یہ عبداللہ بن بریدہ اسلمی ہیں۔ "مرو" کے قاضی تھے۔ مشہور تابعین میں سے ایک قابل اعتماد تابعی ہیں۔ اپنے والد وغیرہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے ابن سہل رضی اللہ عنہ وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ "مرو" ہی میں وفات پائی ان کی بہت سی احادیث ہیں۔

عرضِ مرتب:

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ جلد دہم میں مروی عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے تحت لکھتے ہیں کہ "عن أبيه" سے مراد ابوموسیٰ اشعری ہیں اھ۔ یہ بظاہر تعارض ہے، چونکہ ابوموسیٰ اشعری کا نام "بریدہ" نہیں بلکہ "عبداللہ" ہے۔ ملاحظہ فرمائیے جلد اول کی گیارہویں حدیث۔ ممکن ہے کہ بریدہ سے مراد "بریدہ بن حصیب" ہوں۔ (ان کے حالات جلد دوم میں حدیث: ۳۰۸ کے تحت گذر چکے ہیں) چونکہ وہ بھی اسلمی ہیں، اور انہوں نے بھی "مرو" میں کچھ عرصہ گذارا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تشریح: مالی اراك شعثا: "ما" استفہامیہ تعجبیہ ہے۔ "لی": یاء ساکن ومفتوح دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے۔ "شعثا": شین معجمہ کے فتحہ اور عین مہملہ کے کسرہ کے ساتھ۔

قوله: ان رسول الله ﷺ ينهانا عن كثير من الارفاه:

ارفاہ: کسر ہمزہ کے ساتھ ہے۔ یہ مصدر ہے بمعنیٰ "تنعم"، کیونکہ اس کی عادت نفس کو متکبر اور غافل بنا دیتی ہے جیسا کہ سرکش گھوڑا ہوتا ہے اور اس وقت یہ اپنے سوار پر غالب آجاتا ہے جو بمنزلہ "روح" ہوتا ہے اور اسلئے کہ اس کی عادت کی وجہ سے ایسا شخص کئی امور اور کئی گناہوں کا محتاج ہو جاتا اور اس لئے بھی کہ بسا اوقات اس سے فقر اور سوء عیش پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ ایسے آدمی کا معاملہ سخت ہو جاتا ہے اور اس کو اس کا حال ضرر دیتا ہے اور تمام بندوں کے تمام افعال میں میانہ روی محمود ہے "الغریبین" میں ہے کہ اصل میں جب اونٹ اپنی مرضی سے پانی پینے جائیں تو کہا جاتا ہے، "ارفه القوم" کثرت تدہن اور ادہان کو اس کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

ابوسعید کہتے ہیں، کہ "ارفان" کا معنی ہے تنعم وتفاخر یعنی طعام پر طعام کو ظاہر کرنا اور لباس پر لباس پہننا۔

شرح السنۃ میں ہے کہ اسی سے "رفاھیۃ" مأخوذ ہے۔ نبی علیہ السلام نے تنعم میں افراط کو ناپسند کیا ہے۔ یعنی تیل لگانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کنگھی کرنے میں، جیسا کہ اعاجم کی عادت ہے اور ان تمام امور میں میانہ روی کا حکم فرمایا ہے۔ طہارت اور تنظیف اس حکم میں نہیں ہے کیونکہ نظافت تو دین کا حصہ ہے۔

حذآء: حائے مہملہ کے کسرہ اور الف ممدودہ کے ساتھ، بمعنی "نعل" قوله: كان رسول الله ﷺ يأمرنا أن نحتفي أحيانا: یعنی رسول اللہ نے حکم دیا ہے کہ ہم ننگے پاؤں چلیں تواضع کیلئے اور کسر نفسی کیلئے مجبوری کے وقت جوتا نہیں ہوتا اور اس وجہ سے اس کو "احیانا" کے ساتھ مقید کیا ہے اور لفظ "أحيانا" "غبا" سے زیادہ وسیع مفہوم رکھتا ہے۔

بالوں کا اکرام کرو

۴۴۵۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ.

(رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٣٩٤ الحديث رقم ٤١٦٣۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کے بال ہوں اسے ان کا اکرام کرنا چاہیے یعنی ان کو دھویا اور تیل لگایا کرے اور ان کی کنگھی کیا کرے اور ان کو پراگندہ نہ رکھے کیونکہ ستھرائی اور خوش ہیئتی محبوب و پسندیدہ ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ظاہراً یہ لگتا ہے کہ یہاں بالوں سے مراد سر کے بال ہیں۔ یعنی اس کو دھویا کرے، ان میں تیل لگایا کرے، کنگھا کیا کرے اور اول جلول شخص کی طرح ان کو بکھرا نہ رہنے دے، کیونکہ نفاست وصفائی اور خوش ہیئتی ایک پسندیدہ اور محبوب چیز ہے۔

مہندی و وسمہ بڑھاپے کو متغیر کرنے والا

۴۴۵۱: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُيِّرَبِهِ الشَّيْبُ الْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ۔ (رواه الترمذی وابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٤١٦ الحديث رقم ٤٢٠٥، والترمذی فی ٤/٢٠٤ الحديث رقم ١٧٥٣، والنسائی فی ٨/١٣٩ الحديث رقم ٥٠٧٧، وأحمد فی المسند ٥/١٤٧۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ چیزیں جو بڑھاپے کو بہترین انداز سے متغیر کرنے والی ہیں وہ مہندی و وسمہ ہے۔ یہ ترمذی، ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: غيربه: یہ مجہول کا صیغہ ہے۔ اور "به" میں باء سببیہ ہے، الشيب): نائب فاعل ہے اور جامع صغیر کے الفاظ یہ ہیں "ان احسن ما غيرتم به هذا الشيب"۔

الحناء: دونوں روایتوں میں رفع کے ساتھ ہے "ان" کی خبر ہونے کی بناء پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکتم: النہایہ میں ہے کہ ابو عبید کہتے ہیں، "الکتم" تشدید تاء کے ساتھ ہے اور اس میں مشہور تخفیف ہے۔ یہ ایک بوٹی ہے جس کو "وسمة" کے ساتھ ملایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ بالوں کو کالا کیا جاتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ "کتم" "وسمة" ہی کو کہتے ہیں۔ اسی سے ایک حدیث ہے کہ ابوبکر صدیق مہندی اور کتم کے ساتھ بال رنگتے تھے اور اشبہ یہ ہے کہ "کتم" کو "حناء" سے علیحدہ متفرق طور پر استعمال کرنا مراد ہے۔ کیونکہ "مہندی" کے ساتھ جب "کتم" لگایا جاتا ہے تو کالا رنگ بن جاتا ہے۔ جب کہ کالے خضاب کے بارے میں صریح نہی آئی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ "بالحناء أو الکتم" کی حدیث تخییر پر محمول ہو۔ لیکن روایات حناء کتم کے بارے میں اختلاف ہے۔ (اھ) تو مطلب یہ ہوگا کہ آپؐ بسا اوقات مہندی لگاتے تو آپ کے بال سرخ ہو جاتے تھے اور کبھی "کتم" لگاتے تو آپ کے بال سبز ہو جاتے تھے۔ "واوَ" بعض دفعہ "او" کے معنیٰ میں آتا ہے۔

اس کی تین صورتیں ہیں:

❶ جب یہ تقسیم کے معنیٰ میں ہو۔ مثلاً "الکلمۃ اسم وفعل وحرف" ❷ جب یہ اباحت کے معنیٰ میں ہو۔ مثلاً: جالس الحسن و ابن سیرین۔ ❸ جب یہ "تخییر" کے معنیٰ میں ہو۔ (جیسے اس شعر میں ہے:)

وقالو: نأت فاختر لها الصبر : والبکا
فقلت البکا آشی اذا لغلیلی

"والبکاء" کا معنیٰ "او البکا" ہے۔ کیونکہ بکاء صبر کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی اور اس طرح شاطبیؒ کا قول ہے۔

"وصل واسکتن":

کیونکہ "وصل" اور "سکت" میں اجتماع نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ وقف بلاتنفس کو کہتے ہیں اور اس سے "فصل" حاصل ہو جاتا ہے۔

پھر ظاہراً بالوں کی رنگت کی تبدیلی میں ان دونوں کی فضیلت مراد ہے۔ تغیر کی کیفیت کا بیان مقصود نہیں ہے اور عسقلانیؒ فرماتے ہیں، کہ محض "کتم" کالا پن پیدا کرتا جو سرخی کی طرف مائل ہوتا ہے اور حناء سرخی لاتی ہے۔ لہٰذا ان دونوں کے استعمال سے سرخ اور کالے رنگ کے درمیان ایک رنگ بن جاتا ہے اور اس کی تائید "الصحاح" کی اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ "کتم" ایک بوٹی ہے جس کو خضاب کے لئے وسمة کے ساتھ ملایا جاتا ہے اور "مکتومة" عرب کا تیل ہے جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے اس سے زعفران یا کتم بنایا جاتا ہے اور اس بات کو "المغرب" میں منقول از ہریؒ کے اس قول سے بھی تقویت ملتی ہے کہ کتم ایسی بوٹی ہے۔ کہ جس میں سرخی ہوتی ہے اور اسی سے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: کان یخضب بالحنا ء والکتم وہ مہندی اور کتم کا خضاب لگاتے تھے۔

جزریؒ کہتے ہیں، کہ مہندی اور کتم دونوں کو ایک ساتھ استعمال کرنے کا تجربہ کیا گیا تو اس سے کالا رنگ نہیں ہوا بلکہ وہ مہندی کی پیلاہٹ اور سرخی کو سبز سا بنا دیتا ہے رنگت کالی نہیں ہو پاتی۔ ہمارے مشاہدہ میں یہی بات آئی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ظاہر بات یہ ہے کہ "خلط" مختلف ہوتا ہے اگر اس پر "کتم" غالب ہو یا دونوں برابر سرابر ہوں کالا رنگ بن جاتا ہے اور اگر اس پر مہندی غالب ہو تو سرخ رنگ بن جاتا ہے۔ شمائل میں حضرت قتادہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ عنہ سے پوچھا، کہ کیا رسول اللہ نے خضاب لگایا ہے؟ تو انہوں نے کہا، کہ ان کے بال خضاب کے محتاج نہیں ہوئے تھے اور مسلم کی روایت میں ہے: "لم یبلغ الخضاب کان شیئا" اور ایک روایت میں "شبیبا" آیا ہے اور بخاریؒ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں انما کان شئی فی صدغیہ۔ أی فیما بین عنیه وأذنه۔

میرکؒ کہتے ہیں، کہ یہ حدیث اسی طرح حضرت قتادۃ سے مروی ہے اور مسلمؒ میں ابن سیرین نے اس کی عاصم احول کے طریق سے موافقت کی ہے۔ اس میں صرف ابوبکرؓ کا ذکر ہے۔ اس کے لفاظ یہ ہیں کہ میں نے ان سے پوچھا کیا حضرت ابوبکرؓ خضاب لگاتے تھے؟ تو انہوں نے کہا، کہ "نعم، بالحناء والکتم" اور احمد نے ہشام بن حسان عن محمد بن سیرین کے طریق سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں: "وکان ابو بکر وعمر خضبا بالحناء والکتم"۔ میرے خیال میں یہاں عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر وہم ہے، کیونکہ مسلمؒ میں حماد بن سلمہ عن ثابت عن انس کے طریق سے یہ الفاظ منقول ہیں: "وقد اختضب ابو بکر بالحناء والکتم واختضب عمر بالحناء بحتاً ای صرفا" میں کہتا ہوں کہ اس کو اس پر محمول کیا جائے، کہ عمرؓ نے ایک دفعہ ایسا کیا ہوگا اور دوسری مرتبہ ابوبکرؓ کی موافقت کی ہوگی یہ تاویل افضل ہے' اس سے کہ ہم اس کو 'وہم' پر محمول کریں اور اسی وجہ سے علامہ عسقلانیؒ کہتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ہمیشہ ان دونوں کو جمع کرتے تھے۔ البتہ ان کے کلام سے دوام مفہوم نہیں ہوتا۔

اسی طرح امام احمد، ابن ماجہ، اور ابن حبان نے بھی روایت کیا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ نے اس روایت کی تصحیح کی ہے۔

سیاہ خضاب پر وعید

۴۴۵۲: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ قَوْمٌ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ يَخْضِبُوْنَ بِهٰذَا السَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَايَجِدُوْنَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ۔ (رواه ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤١٨ الحديث رقم ٤٢١٢' والنسائی فی ٨/١٣٨ الحديث رقم ٥٠٧٥' وأحمد فی المسند ١/٢٧٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخری زمانہ میں کچھ لوگ ہوں گے' جو اس سیاہی کے ساتھ خضاب کریں گے جو کبوتر کے پوٹوں کی طرح ہوتا ہے (کہ جس طرح بعض کبوتروں کا پوٹا خالص سیاہ ہوتا ہے) یہ لوگ جنت کی خوشبو نہ پائیں گے۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: یکون قوم فی آخر الزمان یخضبون: "یخضبون": ضاد معجمہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ "هذا السواد": مطلب یہ کہ لوگ سروں اور داڑھیوں کے سفید بالوں کو تبدیل کریں گے اس کالے رنگ کے ساتھ۔ مراد اس سے جنس ہے۔ اس کی معین نوع مراد نہیں ہے۔ لہٰذا کالا رنگ مراد ہے۔ گویا کہ یہ رنگ اس زمانہ میں متعارف تھا اور اسی لئے اس کو "بهذا

www.KitaboSunnat.com

السواد" سے تعبیر کیا۔ یا اس سے مراد خالص سیاہ کالا رنگ ہے تا کہ اس سے سرخی مائل سیاہ رنگ نکل جائے۔ جیسا کہ کتم اور حناء ہے اور اس کی تائید اس قید سے ہوتی ہے۔

کحواصل الحمام: کیونکہ وہ غالباً کالے رنگ کے ہوتے ہیں اور اصل میں "الحوصلة" معدہ کو کہتے ہیں۔ یہاں پر اس سے مراد ان کا کالا سینہ ہے۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ تمام کبوتروں کے سینے کالے نہیں ہوتے بلکہ بعض کے کالے ہوتے ہیں اور علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، یہ فرمانا غالب احوال کے اعتبار سے ہے کیونکہ بعض کے سینے کالے نہیں ہوتے ہیں۔

قوله: لا يجدون رائحة الجنة: یعنی اس کی خوشبو بھی نہیں پائے گا حالانکہ وہ پانچ سو سال کی مسافت سے بھی محسوس کی جاتی ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے۔ اس میں متعدد تاویلات کی گئی ہیں: ❶ یہاں پر مراد دھمکی ہے۔ ❷ یہ مستحل پر محمول ہے۔ ❸ یہ مقید دخول ❹ جنت سے پہلے قبر پر، ❺ موقف پر ❻ نار پر۔ میرکؒ فرماتے ہیں، کہ اکثر علمائے کرام کالے رنگ کے خضاب کی کراہت کے قائل ہیں۔ امام نوویؒ کا میلان کراہت تحریمی کی طرف ہے۔ بعض علماء نے جہاد میں اس کی رخصت دی ہے اور اس کے علاوہ میں رخصت نہیں دی ہے۔ بعض نے اس میں عورت اور مرد کے درمیان فرق کیا ہے' چنانچہ عورت کو اجازت دی ہے۔ اس کو حلیمیؒ نے اختیار کیا ہے۔

ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگانا عورتوں کے لئے مستحب ہے' اور مردوں کیلئے حرام ہے' الا یہ کہ بطور علاج ہو۔

اسنادی حیثیت: میرکؒ کہتے ہیں کہ اس کی سند میں مقال ہے۔

طبرانیؒ اور ابن ابی عاصمؒ نے ابو درداء سے مرفوعاً روایت کیا ہے: **من خضب بالسواد سوّد الله وجهه يوم القيامة**۔ کہ جس نے کالا خضاب لگایا، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے چہرے کو کالا کریں گے۔ اسکی سند کمزور ہے۔

ڈاڑھی پر ورس کی زردی لگانا

۴۴۵۳: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔ (رواه النسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤١٧ الحديث رقم ٤٢١٠' والنسائی فی ٨/١٨٦ الحديث رقم ٥٢٤٣' وحمد فی المسند ٢/١٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دباغت کیے ہوئے بے بال چمڑے کا پاپوش پہنتے اور اپنی ڈاڑھی مبارک کو ورس سے زرد رنگ دیتے۔ ورس ایک گھاس ہے جو یمن میں پائی جاتی ہے۔ اور زعفران سے بھی رنگتے تھے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے یعنی اسی طرح کے جوتے پہنتے اور اسی طرح کا خضاب لگاتے۔ یہ نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: ان النبی کان یلبس النعال السبتية:**

"السبتية": سین مہملہ کے کسرہ' بائے موحدہ کے سکون' تاء اور پھر یائے نسبتی۔ النہایہ میں ہے کہ "سبت"۔ سین مہملہ کے

www.KitaboSunnat.com

کسرہ کے ساتھ' گائے کے مدبوغہ چمڑے کو کہتے ہیں جس کو قرظ کے ساتھ دباغت دی گئی ہو۔اس سے جوتے بنائے جاتے ہیں اور وجہ تسمیہ اس کی یہ ہے کہ (السبتیۃ' سبت الرأس سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے سر مونڈنا) کھال پر سے مونڈ کر زائل کئے ہوتے ہیں۔اور بعض کا کہنا ہے کہ (یہ''انسبت الجلد'' کھال کا نرم ہونا سے ماخوذ ہے چنانچہ) اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ دباغت کے ذریعہ نرم کی گئی ہوتی ہے اور علامہ طیبیؒ کہتے ہیں اس کی وجہ تسمیہ، میں اتساع ہے۔یہ عرب کے اس قول کی طرح ہے:''فلان یلبس الصوف والقطن وابرلیم'' تو اس سے مراد ان چیزوں سے تیار کردہ کپڑے ہوتے ہیں لیکن یہ قول غریب ہے کیونکہ ''یاء'' نسبتی کا وجود اس ''اتساع'' سے مانع ہے۔جیسا کہ کوئی کہے ''لبس القطنیة'' قوله: یصفر لحیته بالورس:''یصفر'': فائے مکسورہ مشددہ کے ساتھ ہے۔ای یجعلها اصفر ''الورس'': واؤ کے فتحہ اور راء کے سکون کے ساتھ۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی علیہ السلام ان دونوں کو ملا کر داڑھی کو خضاب لگاتے تھے۔لیکن حضرت انس رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث جو کئی طرح سے مروی ہے۔ان میں سے ایک مسلم کی یہ حدیث ہے: لم یخضب رسول الله ﷺ وانما كان البياض في عنفقته وهي مابين الذقن والشفة السفلى 'وفي الصد غين وفي الرأس نبذ بضم فقتح أو بفتح فسكون أى شعرات متفرقة کی نفی کرتی ہے۔

عسقلانیؒ نے ان دونوں روایات کو جمع کیا ہے بایں طور کہ حضرت انسؓ کا مطلب یہ تھا کہ آپ کے سفید بال اتنے نہیں تھے، کہ جو خضاب کے محتاج ہوں اور اس بات کو محمد بن سیرین کی روایت میں صراحت سے فرمایا ہے کہ محمد بن سیرین کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خضاب لگایا تھا؟ تو انہوں نے جواباً فرمایا:''لم يبلغ الخضاب''۔

مسلمؒ نے حماد عن ثابت عن آنسؓ روایت کیا ہے کہ اگر میں چاہتا کہ آپؐ کے سر کے سفید بالوں کو گن لوں، تو میں ایسا کر لیتا۔اگلا ابن سعد اور حاکم نے اضافہ کیا ہے: ما شانه بالشيب۔

مسلم میں جابر بن سمرہ کی حدیث میں ہے، کہ آپؐ کے سر کے اگلے حصہ اور داڑھی میں سفیدی تھی۔جب آپؐ تیل لگاتے تو نظر نہ آتی' اور اگر تیل نہ لگائے تو وہ نظر آتی۔(انتھی)

میرکؒ فرماتے ہیں، کہ اس جمع مذکور کی صورت مجھ پر واضح نہیں ہے (فلیتأ مل فيه) اور میرے سامنے اس کی جمع کی صورت یہ ظاہر ہو رہی ہے کہ حدیث انس منقطع ہے۔تو جمع باعتبار مجموع ہے اور اس کے ساتھ ضمناً وہ اشکال بھی رفع ہو جائے گا کہ آپ علیہ السلام سے خضاب لگانا ثابت ہے۔تو اس کے ذریعہ رفع کی اشارہ کر دیا کہ حضرت انسؓ کی مراد یہ ہے کہ آپ کے بالوں میں سفید بال اتنے نہیں تھے کہ جو خضاب کے محتاج ہوتے اور یہ بات ''صحیحین'' میں مروی ابن عمرؓ کی حدیث کے منافی نہیں ہے کہ جس سے خضاب کا ثبوت ملتا ہے۔وہ فرماتے ہیں: رأيت النبي ﷺ يصبغ بالصفرة۔حاصل جمع یہ ہے کہ آپ علیہ السلام نے ان تھوڑے بالوں کو کبھی کبھار تو خضاب لگایا ہے۔البتہ اکثر اوقات ترک کیا ہے۔ہر ایک راوی نے جو کچھ دیکھا اس کے مطابق خبر دیدی اور دونوں سچے ہیں اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ جس نے صبغ کی نفی کی ہے تو اس نے دوام اور عاحالت مراد لی ہے اور جس نے صبغ کو ثابت کیا ہے، تو اس نے بطور نادر الوقوع کے مراد لیا ہے۔

اور ابن حجرؒ نے جو فرمایا کہ انسؓ کی روایت ''لم یخضب'' یہ ان کے علم پر مبنی ہے، تو یہ بہت بعید ہے کیونکہ وہ آپ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خادم تھے ان پر یہ بات کیسے مخفی رہ سکتی ہے اور اس سے زیادہ یہ بات بعید ہے کہ جس نے ابن عمرؓ کی حدیث میں تاویل کی ہے۔ چونکہ انہوں نے اس حدیث میں صراحت کی ہے کہ وہ اپنی داڑھی کو زرد خضاب لگایا کرتے تھے۔

الجامع الصغیر میں ہے: "رواہ الشیخان وابو داود عن ابن عمرؓ الی قولہ: "لحیتہ".

زرد خضاب کی پسندیدگی

۴۴۵۴: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا اَحْسَنُ هٰذَا قَالَ فَمَرَّ اٰخَرُ وَقَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ فَقَالَ هٰذَا اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا ثُمَّ مَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ هٰذَا اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا كُلِّهٖ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤١٧ الحديث رقم ٤٢١١، وابن ماجه فی ٢/١١٩٨ الحديث رقم ٣٦٢٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے ایک آدمی گزرا جس نے مہندی کا خضاب کر رکھا تھا۔ آپ نے فرمایا۔ یہ کیا خوب ہے۔ پھر ایک شخص گزرا جس نے مہندی اور وسمہ کا خضاب کر رکھا تھا۔ یعنی خالص سیاہ نہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ پہلے سے بہت اچھا ہے۔ پھر ایک اور شخص گزرا جس نے زرد خضاب کر رکھا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ان تمام سے زیادہ اچھا ہے۔ یہ ابوداوٗد کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: مر علی النبی رجل قد خضب: "خضب": ضاد معجمہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

ما احسن ھذا: فعل تعجب ہے۔

قد خضب بالحناء و الکتم: یعنی اس طور پر کہ وہ سیاہ نہیں تھا۔ اس سے ہماری سابقہ بات کی تائید ہوتی ہے کہ واؤ اپنے ہی معنی میں ہے یعنی جمع علی التفصیل پر تھا۔ حناء وکتم کے خضاب مرکب اور خالص جن کے خضاب میں یہ فرق ہوتا ہے کہ اول میں سرخی سبزی کی طرف مائل ہوتی ہے اور دوسرے میں سرخی زردی کی طرف مائل ہوتی ہے۔

قد خضب بالصفرۃ: یعنی ورس اور زعفران کو باہم ملا کر تیار کردہ خضاب تھا۔ جیسا کہ آپ کے فعل سے ثابت ہے۔

ھذا احسن من ھذا: یہاں جنس مراد ہے۔

"کلہ": یہ تاکید کے لئے ہے۔

تخریج: و کذا ابن ماجہ

خضاب کے ذریعے یہود کی مخالفت

۴۴۵۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوْا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٠٣ الحديث رقم ١٧٥٢، وأحمد فی المسند ٢/٤٩٩۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بڑھاپے کو خضاب سے تبدیل کرو اور یہود کی مشابہت مت کرو۔ (کیونکہ یہود خضاب نہیں کرتے) یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال رسول الله غيرو الشيب ولا تشبهوا با ليهود: لاتشبهوا: ایک تاء محذوف ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ترک خضاب میں یہود کی مشابہت مت کرو۔ بعض علماء فرماتے ہیں اس میں یہ احتمال ہے کہ یہ نہی اس حالت کے ساتھ مختص ہو، کہ جس میں سفید بال کالے بالوں کے ساتھ ہوں۔ کیونکہ اختلاف لونین میں ایک قسم کا تضاد قبح ہے اور منافقین کے ساتھ مشابہت ہے۔ اگر پورے بال سفید ہو جائیں، اور پورے سر کے بالوں کا ایک ہی رنگ ہو جائے تو اس کو تبدیل نہ کرو۔ اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ یہ حکم اس شخص کے ساتھ مخصوص ہو جو حالت کفر میں پل کر جوان ہوا ہو اور پھر مسلمان ہو گیا ہو تا کہ تغیر کے بعد وہ اسلام میں جوان نظر آئے۔

میں کہتا ہوں کہ اس کی تائید ابی قحافہ کے قضیہ سے بھی ہوتی ہے۔ جیسا کہ پہلے گزرا ہے اور یہ ممکن ہے کہ یہ اہل جہاد کے ساتھ مختص ہو تا کہ دشمن پر رعب و دبدبہ طاری ہو۔ میں کہتا ہوں کہ یہی غالب ہے اور اسی پر اعصار و امصار میں امت کی غالب اکثریت کا عمل ہے۔ فرمایا: میں کہتا ہوں یہ صوفیانہ اشارہ عبارات صوریہ سے اشبہ ہے۔

۴۴۵۶ ـ ۴۴۵۷: وَرَوَاهُ النِّسَائِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَيْرِ ـ

أخرجه النسائي في السنن ١٣٧/٨ الحديث رقم ٥٠٧٣۔ أخرجه النسائي في السنن ١٣٧/٨ الحديث رقم ٥٠٧٤، وأحمد في المسند ١٦٥/١۔

ترجمہ: نسائی نے اس کو ابن عمر اور زبیر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے بعض نسخوں میں زبیر رضی اللہ عنہ ہے۔

تخریج: اسی طرح امام احمد نے زبیرؓ سے اور احمد و ابن حبان نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے، لیکن اس میں لفظ ''نصاریٰ'' کی زیادتی ہے اور امام احمد نے حضرت انسؓ سے یوں روایت کیا ہے۔ ''غيروا الشيب ولا تقربوه السواد'' اور ''الاحیاء'' میں ہے الخضاب بالسواد خضاب الكفار کالا خضاب دراصل کفار کا خضاب ہے۔

فائدہ: کہا جاتا ہے، کہ سب سے پہلا وہ شخص جس نے کالا خضاب لگایا وہ فرعون ملعون تھا۔

بڑھاپا نورانیت کا باعث ہے

۴۴۵۸: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَكَفَّرَعَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤١٤/٤ الحديث رقم ٤٢٠٢، والترمذي في ١١٥/٥ الحديث رقم ٤٢٠٢، والنسائي في ١٣٦/٨ الحديث رقم ٥٠٦٨، وابن ماجه في ١٢٢٦/٢ الحديث رقم ٣٧٢١ وأحمد في المسند ٢١٦/٤۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا سفید بالوں کو مت چنو۔ کیونکہ بڑھاپا مسلمان کیلئے نورانیت کا باعث ہے۔ جس کا ایک بال اسلام میں سفید ہوا اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کی وجہ سے ایک نیکی لکھتا ہے اور اس سے ایک غلطی دور کرتا ہے۔ اور اس کی وجہ سے اس کا درجہ بلند کرتا ہے۔

تشریح: **قوله: قال رسول الله لا تنتفوا الشيب فانه نور المسلم: لاتنتفوا:** تائے ثانیہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ "**الشیب**" سے مراد سفید بال ہیں۔

فانه نور المسلم: یہ اضافت اختصاص کیلئے ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ ایسی علامت ہے جو مسلمان کو غرور سے روکتی ہے۔ یہ شہوتوں اور فتور کو توڑتی ہے اور یہ اعمال صالحہ کا نور پیدا کر دیتی ہے جو قبر میں اس کے لئے نور بنے گا اور میدان حشر کے اندھیروں میں مؤمن کے آگے آگے ہوگا اور اہل حیاء کیلئے تغییر سابق اس کے منافی نہیں ہے تاکہ کفار مجاہدین کے بارے میں یہ خیال نہ کریں کہ وہ ان کو عمر رسیدہ اور ضعیف سمجھیں اور ان کی شجاعت میں قدح اور طعن کریں۔

مالکؒ نے سعید بن مسیبؒ سے روایت کیا ہے کہ بنی آدم میں سے اول جس شخص کے بال سفید ہوئے وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ جب انہوں نے اپنی داڑھی میں سفیدی دیکھی، تو کہا کہ اے میرے ربّ! یہ کیا ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "یہ وقار ہے"۔ تو ابراہیمؑ نے کہا، کہ اے میرے ربّ! میرے وقار میں اضافہ فرما۔

اگر آپ یہ کہیں کہ یہ وقار صوری مصطفوی بالوں میں کیوں کم تھا؟ میں کہتا ہوں کہ چونکہ نبی کریم ﷺ عورتوں سے بہت زیادہ محبت رکھتے تھے اور عورتیں خضاب کئے ہوئے بالوں کو ناپسند کرتی ہیں۔ تو یوں اللہ تعالیٰ نے ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کو کراہت طبعیہ سے محفوظ فرما لیا۔ "**والله اعلم باسرار النبوّة**"۔

حاکم و ابن سعد نے حدیث عائشہؓ کی تخریج کی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرماتی ہیں: **ما شانه الله ببيضاء** اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو سفید بالوں کے ساتھ بدصورت نہیں کیا۔ اس پر اشکال ہوتا ہے ماقبل حدیث کی وجہ سے۔ کہ آپ علیہ السلام کے بعض بال سفید ہو گئے تھے۔ تو اس کو اس پر محمول کیا جائے گا کہ ان سفید بالوں نے آپ کی حسن و خوبصورتی میں کوئی کمی نہیں کی بلکہ جمال و کمال کے اعتبار سے مزید زیادتی کی۔ کیونکہ نور کے ساتھ وقار بھی آ گیا۔ گویا کہ "نور علی نور" اور "سرور علی سرور" ہو گیا۔

میرکؒ کہتے ہیں کہ سفید بالوں کو نوچنا اکثر علماء کے ہاں مکروہ ہے۔ عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے مروی ہے: "**لا تنتفوا الشيب فانه نور المسلم**" اس کو ائمہ اربعہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذیؒ نے "حسن" کہا ہے۔

امام مسلمؒ نے قتادہ عن انسؓ روایت کیا ہے قال: **كان يكره نتف الرجل الشعرة البيضاء من رأسه و لحيته**۔" نبی علیہ السلام سر اور داڑھی سے سفید بالوں کے نوچنے کو مکروہ سمجھتے تھے"۔ بعض علماء فرماتے ہیں، کہ "**نتف الشيب**" مکروہ نہیں ہے۔ البتہ "علی وجہ التزین" ہو تو پھر مکروہ ہے۔ ابن العربیؒ فرماتے ہیں کہ آپ نے "**نتف**" سے منع کیا اور "خضاب" سے منع نہیں کیا، کیونکہ "**نتف**" میں اصل کے اعتبار سے تغیر خلقت ہے برخلاف خضاب کے، کہ وہ ناظر پر اصل خلقت کو تبدیل نہیں کرتا۔ (واللہ الموفق)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلام میں بوڑھا ہونے والے کیلئے بڑھاپا نور

۴۴۵۹:وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ (رواہ الترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/١٤٧ الحديث رقم ١٦٣٤، والنسائی فی ٦/٢٦ الحديث رقم ٣١٤٢، وأحمد فی المسند ٤/٢٣٦۔

ترجمہ: حضرت کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو تو اس کا بڑھاپا قیامت کے دن اس کے لئے نور ہوگا۔ یہ ترمذی اور نسائی کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

کعب بن مرۃ۔ یہ کعب ہیں۔ مرہ کے بیٹے ہیں۔ ''بہزی بنو سلیم'' میں سے ہیں۔ ملک شام میں ''اردن'' میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ اور وہاں ۵۹ھ میں انتقال فرمایا۔ ان سے کچھ لوگوں نے روایت کی ہے۔

تشریح: قوله: من شاب شيبة فی الاسلام كانت له نورا: یعنی قیامت اور موقف کے اندھیروں اور سختیوں سے روشنی اور جائے خلاص ہوگا۔

ترمذیؒ نے عمرو بن عبسہ کی حدیث کی تخریج کی ہے اور کہا ہے کہ یہ صحیح ہے اور طبری نے ابن مسعود کی حدیث نقل کی ہے کہ نبی علیہ السلام تغییر شیب کو مکروہ سمجھتے تھے۔ میرکؒ کہتے ہیں کہ اسی وجہ سے حضرت علیؓ، سلمہ بن اکوع، ابی بن کعب اور کبار صحابہؓ کی ایک جماعت نے خضاب نہیں لگایا۔ حسنؓ و حسینؓ اور کبار صحابہؓ کی ایک جماعت نے خضاب لگایا ہے حدیث ابی امامہ سے استدلال کرتے ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ انصار کے مشائخ کے پاس تشریف لائے جن کی داڑھیاں سفید تھیں۔ آپ نے فرمایا: يا معشر الأ نصار حمر وا أو صفر وا، و خالفوا أ ر الكتاب۔ انصار کے گروہ! ''داڑھی کو سرخ کرو یا زرد کرو اور اہل کتاب کی مخالفت کرو''۔ اس حدیث کی تخریج احمد نے سند حسن کے ساتھ کی ہے۔ ان حضرات کا استدلال دوسری احادیث سے بھی ہے جو کتاب میں اس باب کے تحت گزری ہیں۔ امام طبریؒ نے ان احادیث کو جو اخضاب پر دال ہیں اور ان احادیث کو جو اس کے خلاف پر دال ہیں جمع کیا ہے۔ کہ یہ حکم اس شخص کیلئے ہے کہ جس کے سفید بال بے مزہ ہوں۔ تو اس کیلئے خضاب مستحب ہے اور جو اس کے برخلاف ہو تو اس کے حق میں مستحب نہیں ہے۔ لیکن مطلقاً خضاب اولیٰ ہے۔ کیونکہ اس میں اہل کتاب کی مخالفت کے حکم کا امتثال ہے اور اس کی وجہ سے بال غبار وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں۔ اگر اہل بلد کی عادت اس کے ترک کی ہو تو پھر اس کے حق میں ترک اولیٰ ہے۔ یہ جمع بین الروایات کی بہترین صورت ہے۔ (واللہ اعلم)

حاکم نے ''الكنى'' میں حضرت ام سلمۃ سے یہ زیادتی نقل کی ہے ''مالم يغيرها'' یعنی یہ فضیلت اس صورت میں حاصل ہوگی کہ اگر اس تغیر میں نیت ٹھیک ہو یعنی تکبر تستر اور تجبر وغیرہ کے طور پر نہ ہو۔ لہٰذا یہ اس بات کے منافی نہیں جو ماقبل میں گذری کہ جہاد کے لئے خضاب لگانا مستحب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طبریؒ نے عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مرفوعاً روایت کیا ہے۔"من شاب شیبة فی الاسلام فهی له نور الا ان ینتفها او یخضبها" لیکن عسقلانی فرماتے ہیں کہ اس کی تخریج ترمذی نے کی ہے اور اس کو "حسن" کہا ہے۔ میں نے اس حدیث کے کسی بھی طریق میں استثناء مذکور نہیں دیکھا ہے۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے بال جمہ سے اُوپر تھے

۴۴۶۰:وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٤٠٧ الحديث رقم ٤١٨٧، والترمذي في ٤/٢٠٥ الحديث رقم ١٧٥٥، وابن ماجه في ٢/١٢٠٠ الحديث رقم ٣٦٣٥، وأحمد في المسند ٦/١١٨۔

ترجمہ:حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہ میں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے نہایا کرتے تھے (یعنی وہ برتن میرے اور آپ کے درمیان میں رکھا ہوتا تھا) اور آپ کے بال مبارک جمہ سے اوپر اور وفرہ سے نیچے تھے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: كنت اغتسل انا رسول الله من اناء واحد:

"رسول": رفع کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں نصب کے ساتھ ہے۔ میرک شاہؒ کہتے ہیں کہ "رسول الله" نصب کے ساتھ مفعول معہ ہے اور رفع کے ساتھ جملہ کا عطف جملہ پر ہے اور ضمیر بارز ذکر فرمائی تا کہ عطف صحیح ہو جائے۔"ای اغتسل انا ویغتسل رسول الله ﷺ" یا عطف مستتر پر ہے اور اس میں "تغلیب المتکلم علی الغائب" ہوگئی ہے اور [اسكن انت وزوجك الجنة] [البقرۃ۔۳۵] میں تغلیب المخاطب علی الغائب ہے۔ اگر آپ یہ کہیں کہ "اسکن" میں تغلیب کا فائدہ یہ ہے کہ آدم علیہ السلام جنت کے سکنیٰ میں اصل تھے اور حواء ان کی تابع تھیں یہاں پر تغلیب کا کیا فائدہ ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ یہاں بھی ایسا ہی ہے، کیونکہ عورتیں محل شہوات ہوتی ہیں۔ یا غسل پھر ابھارنے والی ہوتی ہیں' گویا کہ اس باب میں وہ اصل ہیں۔ آغازِ کتاب میں علامہ طیبیؒ کی نسبت سے اس جیسی بات پہلے بھی گزری ہے۔ یا اس لئے کہ اصل یہ ہے کہ انسان اپنے بارے میں خبر دیتا ہے اور شاید یہی توجیہہ زیادہ واضح ہے اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ یہ پانی حضرت عائشہؓ کے غسل کیلئے تیار کیا گیا ہو نبی علیہ السلام ان کے ساتھ شریک ہوگئے ہوں۔ (کذا قیل) اول تو یہ توجیہ بعید ہے ثانی یہ کہ حضرت عائشہ کا "کنت" فرمانا۔ اس توجیہہ کا انکار کر رہا ہے۔ کیونکہ عرفاً اور لغتاً یہ دوام واستمرار پر دلالت کرتا ہے۔

"من اناء واحد" أغتسل کے متعلق ہے۔

اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ دونوں نے غسل یکے بعد دیگرے کیا ہو' اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل پہلے کیا ہوگا' جیسا کہ شان ادب کا تقاضا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں نے غسل بیک وقت فرمایا ہو' اور ستر کا اہتمام فرمایا ہو جیسا کہ ان دونوں کے جمال کمال حیاء سے ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن اگر "تکشف" بھی مان لیا جائے۔ تو اس میں "عدم النظر الی العورة" کا احتمال ہے' بلکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"عدم النظر" حضرت عائشہؓ کی بعض روایات میں صریح ہے۔ وہ فرماتی ہیں ما رأیت فرج رسول اللہ ﷺ میں نے رسول اللہؐ کے شرمگاہ کو نہیں دیکھا۔ آپ حضرت عائشہ سے زیادہ حیاء دار تھے اور حضرت عائشہؓ کی ایک روایت میں آتا ہے: ما رأيت منه ولا رأى منى يعنى الفرج۔ اور بلاشبہ کہ میں نے رسول اللہ کی شرمگاہ کو نہیں دیکھا اور انہوں نے میری شرمگاہ کو نہیں دیکھا اور اس روایت سے وہ اشکال رفع ہو جاتا ہے جو میرکؒ نے بعض فضلاء سے نقل کیا ہے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اس بات کی کہ آدمی عورت کی شرمگاہ کو دیکھ سکتا ہے اور اس کے برعکس بھی جائز ہے اور آپ جانتے ہیں کہ احتمال کے ہوتے ہوئے استدلال صحیح نہیں، اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جیسے ابن حبانؒ نے روایت کیا ہے کہ سلیمان بن موسیٰ نے اس مسئلہ کے بارے میں پوچھا، یعنی اس بارے میں کہ آدمی اپنی بیوی کی شرمگاہ کی طرف دیکھ سکتا ہے۔ تو انہوں نے کہا، کہ میں نے عطاء سے پوچھا تو انہوں نے کہا، کہ میں نے اس بارے میں حضرت عائشہؓ سے پوچھا، تو انہوں نے اس حدیث کو بالمعنیٰ ذکر کر دیا۔ یہ اس مسئلہ کے بارے میں نص صریح ہے۔

اس کا نص ہونا محل نظر ہے۔ کیونکہ اس کی تقدیر پر کلام سابق کے ساتھ اس کا تناقض ہے۔ لیکن بالفرض اگر یہ صحیح بھی ہو تو پھر اس کو فرج کے علاوہ پر محمول کیا جائے گا۔ یعنی رانوں وغیرہ پر۔ کیونکہ بسا اوقات غسل کے وقت فرج منکشف ہو جاتی ہے اس کے ساتھ اشکال زائل ہو جاتا ہے۔ (واللہ اعلم بالحال)

بعض نے کہا ہے کہ یہ حدیث دلیل ہے ماء قلیل سے چلو بھر کر پانی لینے سے وہ پانی مستعمل نہیں ہوتا۔ لیکن ان کی حالت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے برتن سے باہر ہاتھ دھوئے ہوں گے اس کے بعد انہوں نے پانی لیا ہوگا۔

میرکؒ فرماتے ہیں کہ بخاریؒ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: "من اناء واحد من قدح" کہا گیا ہے "من" اولیٰ ابتدائیہ ہے اور "من" ثانیہ بیانیہ ہے۔ اولی یہ ہے کہ یہ کہا جائے، کہ "من قدحٍ" "من اناء" سے بدل ہے اعادۃ جار کے ساتھ اور ایک دوسری روایت میں آتا ہے: "من اناءٍ واحدٍ من جنابةٍ" اس میں "من" ثانیہ تعلیلیہ ہے. اى من اجل الجنابة و سببها۔

ابن التینؒ فرماتے ہیں: كان هذا الانا ء من شبه وهو بفتح المعجة والموحدة نحاس اصغر۔ یعنی کہ یہ برتن پیتل کا تھا۔ ان کا استناد اس حدیث سے ہے جس کو امام حاکمؒ نے حماد بن سلمہ عن ہشام بن عروہ عن ابیہ کے طریق سے روایت کیا ہے: "من تور من شبه"۔ القاموس کے مطابق "تور" پانی پینے کے برتن کو کہتے ہیں۔ اور بخاریؒ کی ایک روایت میں ہے: "من اناءٍ يقال له الفرق" "فرق" فاء اور راء دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے، اور راء کے سکون کے ساتھ بھی مروی ہے۔ اس کی مقدار میں اختلاف ہے۔ جمہور کے ہاں مشہور یہ ہے کہ تین صاع کا ہوتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دو صاع کا ہوتا ہے۔ پہلے قول کی تائید ابن حبان کی روایت سے ہوتی ہے جس میں حضرت عائشہ کے یہ الفاظ ہیں: "قدره ستة اقساطٍ" اور اہل لغت کا اتفاق ہے کہ (یعنی "فرق" بمنزلہ "بالٹی" وغیرہ کے تھا اور "تور" بمنزلہ "ڈلول" وغیرہ کے ہوتا تھا۔ واللہ اعلم بالصواب)

"قسط"۔ قاف کے کسرہ کے ساتھ۔ نصف صاع کو کہتے ہیں۔

"تور" اور "فرق" میں جمع اس طرح ہوگا کہ "فرق" موضوع تھا جب کہ "تور" فرق کا آلہ تھا۔ اس سے عدم استعمال کا استدلال باطل ہو جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض علماء کرامؒ نے "اغتسال الرجل بفضل المرأة وعكسه" کے جواز کو اختیار کیا ہے اور یہی جمہور کا قول ہے اور بعض نے "طهارة المرأة بفضل الرجل دون العكس" کے جواز پر استدلال کیا ہے اور بعض نے ممانعت کو اس حالت کے ساتھ مقید کیا ہے جب دونوں علیحدہ علیحدہ ہوں اور جب دونوں اکٹھے ہوں، تو اس کے جواز پر استدلال کیا ہے اور ہر ایک نے اس حدیث کے ظاہر سے استدلال کیا ہے اور تمام روایات کی صحت کی تقدیر پر اس میں جمع یوں ممکن ہے کہ نہی کو اعضاء سے ٹپکے ہوئے پانی پر محمول کیا جائے اور جواز کو "ما بقی فی الاناء" پر محمول کیا جائے۔ یہی تطبیق امام خطابیؒ اور بعض علماء نے کی ہے کہ جواز اس وقت ہے جب دونوں ایک ساتھ چلّو بھریں۔ اور یکے بعد دیگرے بھریں تو ممنوع ہے۔ میں کہتا ہوں کہ جمع کی اس صورت میں فرق ظاہر نہیں ہوتا اور ظاہر یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ نہی کو اس پانی پر محمول کیا جائے جو اعضاء مستعملہ سے برتن میں ٹپک رہا ہو اور جواز کو اس صورت پر محمول کیا جائے جب "ماء مستعمل" پانی میں گرے۔ بعض نے نہی کو "مکروہ تنزیہی" اور "فعل" کو جواز پر محمول کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

قوله: وكان له شعر فوق الجمة ودون الوفرة:

"جمة" جیم کے ضمہ اور میم کی تشدید کے ساتھ کاندھوں سے نیچے تک کے بال "وفرة" واؤ مفتوح، فاء ساکن اور پھر راء۔ وہ بال جو کان کی لو تک پہنچتے ہوں۔ یہ تعریف جامع ہے (كذا في الاصول والنهايہ وشرح السنہ) اس کا بظاہر اس پر دلالت کر رہا ہے کہ آپ علیہ السلام کے بال "جمة" اور "وفره" کے درمیان تھے۔ یعنی نہ "جمة" اور نہ ہی "وفرة" تھے۔ کیونکہ "فوق الجمة" کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بال محل جمة یعنی کندھوں تک نہیں پہنچے تھے اور "دون الوفرة" کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بال کانوں کی لو سے نیچے تھے۔ لیکن بعض روایات میں آتا ہے: "كان عظيم الجمة الى شحمة اذنيه" اس حدیث کا ظاہر یہ بتا رہا ہے کہ آپ کے بال "جمة" تھے۔ یہ آپ کے احوال کے اختلاف کے اعتبار سے ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب صحیح ہے اور ترمذیؒ نے شمائل میں بھی انہی الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے اور ابو داؤد کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: كان رسول الله ﷺ فوق الوفرة دون الجمة۔ کہ آپ ﷺ کے بال "وفرة" سے اوپر تھے اور "جمة" سے کم تھے۔ (جامع کذا فی الاصول) میرک کہتے ہیں کہ اسی طرح شمائل میں بھی ہے اور ابو داؤد نے اسی سند کے ساتھ اس کو روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ "فوق الوفرة دون الجمة" اور بعض نے کہا ہے کہ یہی صحیح ہے۔ "عراقی جامع الترمذیؒ کی شرح میں ان دونوں کو جمع کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "فوق" اور "دون" کبھی تو محل کی نسبت سے ہوتا ہے اور کبھی مقدار کی نسبت سے۔ لہٰذا "فوق الجمة" کا مطلب یہ ہے کہ محل میں اس سے بلند تھے اور "دون الجمة" کا مطلب یہ ہے کہ مقدار میں اس سے کم تھے اور اس طرح برعکس میں۔ علامہ عسقلانیؒ شرح البخاری میں فرماتے ہیں: وهو جمع جيد لولا أن مخرج الحديث متحد۔

حنفیؒ کہتے ہیں کہ اس میں بحث ہے کیونکہ اس تقدیر پر دونوں روایات کا نتیجہ از روئے معنی متحد ہے اور ان دونوں میں تفاوت بعض عبارت کا ہے۔ لہٰذا اس میں مخرج حدیث کا اتحاد قادح ہے۔ غاية ما في الباب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ یا ان کے نیچے کے راوی نے دونوں عبارتوں سے ایک معنیٰ کی ادائیگی کی ہے اور یہ بے غبار ہے۔ پھر فرمایا کہ یہ کہنا ممکن ہے کہ شاید حضرت عائشہ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ نے ایک برتن سے کئی مرتبہ غسل کیا ہو اور یہ اختلاف اختلاف احوال سے پیدا ہوا ہے۔ (انتھی)

اور اس میں بھی کوئی خفاء نہیں ہے کہ اس کا مبنیٰ یہ بات ہے کہ جملہ "و کان" الخ حال ہے اور اگر یہ "کانت" پر معطوف ہو جیسا کہ ظاہر سے لگتا ہے، تو اس کا اغتسال کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں رہے گا اور دونوں مستقل حدیثیں ہوں گی۔ اگرچہ یہ بذریعہ عطف ہوں۔

اگر اس کو (حال) کو صحیح تسلیم کیا جائے، اس سے لازم آئے گا کہ ہر غسل کے وقت علیحدہ حالت ہوتی تھی تو یہ بات اس سے مناسبت نہیں رکھتی جیسا کہ اہل عقل و دانش پر مخفی نہیں ہے۔! جانئے کہ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے اس حدیث کو "شرح شمائل" میں یونہی ذکر کیا ہے: "وانزل من الوفرة" اور کہا ہے "ای من محلها" وهو شحمة الآذن یہ روایت اصل "ابوداؤد" کی روایت کے ہم معنیٰ ہے۔ اور پھر کہا ہے کہ ہمارے ہاں موجود نسخوں میں روایت "فوق الجمة دون الوفرة" ہے اور یہ ابوداؤد کی روایت کے برعکس ہے۔ (انتھی)۔ "انزل من الوفرة" کے یہ الفاظ اصولِ معتمدہ میں موجود ہیں۔ نہ ہی تصحیح شدہ نسخوں میں موجود ہیں اور نہ ہی شراح میں سے کسی نے اس کو ذکر کیا ہے۔

خریم رضی اللہ عنہ کا جذبۂ اتباع

۴۴۶۱: وَعَنِ ابْنِ حَنْظَلِيَّةَ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْاَسَدِيُّ لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ اِلٰى اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٣٤٨ الحديث رقم ٤٠٨٩، وأحمد في المسند ٤/ ١٨٠۔

ترجمہ: حضرت ابن حنظلیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ یہ صحابی ہیں۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خریم اسدی رضی اللہ عنہ اچھا آدمی ہے۔ اگر اس کے لمبے بال اور تہبند کی درازی نہ ہوتی۔ یہ اطلاع حضرت خریم رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو انہوں نے اُسترا لے کر اپنے بال کانوں تک کاٹ ڈالے اور تہبند کو نصف پنڈلی تک بلند کیا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

ابن الحنظلیہ۔ ان کا نام "سہل" ہے۔ یہ "عبداللہ الحنظلیہ" کے بیٹے ہیں۔ یہ حنظلیہ ان کی پردادی ہیں اور یہ پردادی کے نام سے منسوب ہو کر مشہور ہوئے۔ ان کے والد کا نام "ربیع بن عمرو" تھا۔ "سہل" اصحابِ بیعت شجرہ میں سے ہیں۔ انتہائی عالم و فاضل شخص تھے۔ نماز، ذکر میں بکثرت مشغول رہتے تھے۔ یہ لاولد تھے کوئی اولاد نہ ہوئی شام میں سکونت اختیار فرمائی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں "دمشق" میں وفات پائی۔

تشریح: قوله: عن ابن الخظلية رجل من أصحاب النبی ﷺ:

"رجل": یہ "بدلیت" کی بناء پر مجرور ہے اس کا بدل واقع ہونا اس لئے صحیح ہے کہ یہ موصوف ہے اور "من أصحاب النبی ﷺ" اس کی صفت ہے اس کی نظیر یہ آیت مبارکہ ہے: ﴿كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''دیکھو تو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم (اسکی) پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے۔یعنی اس جھوٹے خطا کار کی پیشانی کے بال'' [العلق:۱۵۔۱۶] اور ''ابن'' مبدل منہ ہے' اور ایک نسخہ میں ''رجل'' رفع کے ساتھ ہے۔اس بناء پر کہ یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے.

ای هو رجل من اصحاب النبی ﷺ.

قوله: نعم الرجل خریم۔

قوله: لو لا طول جمته: اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ طول شعر کوئی مذموم چیز نہیں ہے اور نہ ہی کسی خاص مقدار سے زائد بالوں کے قطع کے بارے میں کوئی حکم آیا ہے۔تو شاید نبی علیہ السلام نے اس شخص کو ''طول جمة'' کی وجہ سے فخر وغرور کر تے ہوئے دیکھا ہو۔جیسا کہ اس پر ''اسبال ازاره'' دال ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ اس میں جواز ہے کہ ایک مسلمان اپنے غائب بھائی کے ان افعال مکروہ کا ذکر کر سکتا ہے جو اس میں موجود ہوں۔جب اس کو یہ معلوم ہو کہ جب وہ سنے گا تو وہ اس فعل کو ترک کر دیگا۔

جب ان کو یہ بات پہنچی تو انہوں نے چھری لی، اور کانوں تک کے بالوں کو کاٹ ڈالا اس بات کو ختم کرنے کیلئے کہ جو غرور وتکبر کا باعث تھی۔

حکایت کی جاتی ہے کہ ایک بوڑھا اپنی داڑھی کی تحسین میں مشغول رہتا تھا، تو اس کو یہ بتلایا گیا، کہ اس میں کوئی عیب نہیں ہے مگر یہ کہ ٹھوڑی کے ساتھ معلق رہتی ہے۔تو وہ اس فعل پر نادم وپشیمان ہو کر بالوں کو نوچنے لگا۔پھر اس سے کہا گیا کہ وہ بھی اس چیز کے ساتھ متعلق ہیں کہ جس کے ساتھ آپ اس سے پہلے متعلق تھے۔

شرح السنہ میں ہے کہ بالوں کو کانوں کی لو تک کاٹنے کا جواز مردوں کے حق میں ہے اور عورتیں بالوں کو بڑھاتی رہیں' ان کے لئے ''جمہ'' جائز نہیں ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کے بالوں کا پیار سے پکڑنا

۴۴۶۲: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ اُمِّيْ لَا اَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُهَا۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٤١١ الحديث رقم ٤١٩٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے گیسو تھے۔میری والدہ نے مجھے کہا کہ میں ان کو نہ کاٹوں گی کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ ان کو (پیار سے) پکڑتے اور کھینچتے تھے۔یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ذؤابة: یہ ذال معجمہ کے ضمہ اور ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ہمزہ کو واؤ سے بدل کر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ القاموس کے مطابق ماتھے کو یا سر میں بالوں کے اُگنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔

لا اجزها: جیم کے ضمہ اور زائے مشددہ کے ساتھ ہے۔مطلب یہ ہے کہ میں اس کو نہیں کاٹوں گی کیونکہ رسول اللہ اس کو پسند تھے آپ ﷺ ان کے ساتھ دل لگی فرماتے تھے اور بعض نے کہا ہے کہ کانوں تک اس کو لمبا کرتے تھے پھر کانوں سے زائد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حصہ کو لے کر کاٹ دیتے تھے۔

"کان" والا جملہ استیناف تعلیل کیلئے ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث، حدیث سابق کے خلاف نہیں ہے۔ کیونکہ زلفیں نہ تراشنے کی علت انہوں نے یہاں بتلائی ہے کہ نبی علیہ السلام انہیں پکڑا کرتے تھے، وہ اس سے تبرک حاصل کرتی تھیں۔ یہ بات پہلے ہم نے بیان کر دی ہے کہ یہ کاٹنا کوئی حتمی امر نہیں ہے اور یہ کہ "حدیث سابق" میں ایک عارض تھا یعنی تکبر اور غرور، لہٰذا یہ قطع مخصوص اس شخص کے ساتھ مخصوص ہوگا جس میں یہ علت پائی جا رہی ہو۔ یا جس کے بارے میں خدشہ ہو کہ وہ اس میں مبتلا ہوگا' نہ کہ علی الاطلاق۔ کیونکہ کانوں سے بڑھے ہوئے بال کاٹنا بالاتفاق جائز ہے۔

سر کے تمام بال مونڈھنا

۴۴۶۳: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْهَلَ اٰلَ جَعْفَرٍ ثَلَاثًا ثُمَّ اَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوْا عَلٰی اَخِیْ بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ اُدْعُوْا لِیْ بَنِیْ اَخِیْ فَجِیْءَ بِنَا كَاَنَّنَا اَفْرَاخٌ فَقَالَ ادْعُوْا اِلَیَّ الْحَلَّاقَ فَاَمَرَهٗ فَحَلَقَ رُؤُسَنَا۔ (رواہ ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٠٩ الحديث رقم ٤١٩٢، والنسائی فی ٨/٩٢ الحديث رقم ٥٢٢٧، وأحمد فی المسند ١/٢٠٤۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولادِ جعفر کو تین دن تک (سوگ کی) اجازت دی۔ (یہ اجازت ان کی شہادت کی اطلاع پہنچنے کے بعد تھی کہ وہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ پر روتے تھے اور ان پر عرض کرتے تھے)۔ ان دنوں میں آپ تشریف لائے یعنی دلاسہ دینے کیلئے اور ارشاد فرمایا تم آج کے دن کے بعد میرے بھائی پر مت رؤو۔ پھر فرمایا میرے پاس میرے بھتیجوں کو بلاؤ یعنی عبداللہ' عون اور محمد کو جو کہ جعفر رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں۔ ہمیں آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا گویا کہ ہم چوزے تھے یعنی چھوٹے چھوٹے تھے۔ پھر فرمایا کہ نائی کو بلاؤ (بلایا گیا) پھر آپ نے اسے ہمارے سر مونڈنے کا حکم دیا۔ تو اس نے سر مونڈ دیے۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: ثلاثا: أی ثلاث لیالٍ. تین راتیں۔ یہ ظاہر اور مناسب ہے ظلمات حزن کے پیش نظر۔ اگرچہ راتیں اور دن آپس میں لازم ملزوم ہیں۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے زکریا علیہ السلام کے قصہ میں تین راتوں کا ذکر کیا ہے اور ایک جگہ تین دن کا ذکر کیا ہے۔ علامہ طیبیؒ کے اس تفسیر سے عدول کرنے کی کوئی وجہ مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے۔ أی ثلاثة ایام۔ شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کی اتباع کی ثلاثہ (یعنی تین راتوں) کا ذکر راتوں کے پرمشقت و پرفکر ہونے کی وجہ سے کیا' اور کلام میں ان کے مدعا کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے بلکہ وہ بھی اسی بات کی طرف اشارہ فرما رہے ہیں جو ہم نے ذکر کی ہے۔ جیسا کہ ادنیٰ توجہ سے بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس حدیث میں دلالت ہے کہ میت کے غم میں رونا اور اس پر سوگ منانا تین دن تک جائز ہے۔

"لا تبکوا علی اخی": ان کو بھائی کہنا دینی بھائی یا نسبی بھائی کے طور پر تھا کیونکہ یہ آپؐ کے چچازاد تھے اور عرب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قریب کو "أخ" کہتے ہیں۔

"بعد الیوم": آج کا دن یا تیسرا دن مراد ہے۔

کأننا افراخ: ہمزہ کے فتحہ' فاء کے سکون اور راء کے ضمہ کے ساتھ "فرخ" کی جمع ہے۔ پرندے کے بچے کو کہتے ہیں۔ آپ نے اس کو بال مونڈنے کا حکم دیا اگرچہ بال باقی رکھنا افضل ہے مگر حج وعمرہ سے فراغت کے بعد حلق افضل ہے۔ جیسا کہ کمال معتاد طریقہ یہی ہے۔ چونکہ ان کی والدہ اسماء بنت عمیس شوہر کے قتل کے غم کی وجہ سے ان کے سر میں کنگھی کرنے طرف متوجہ نہ ہوسکیں چنانچہ نبی کریمؐ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں ان کے سر میں میل کچیل اور جوئیں نہ ہو جائیں۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ یہ اس بات پر بھی دلالت کرتا ہے کہ ولی کو بچہ کا سر منڈانے اور ختنہ کے بارے میں مکمل تصرف کا حق حاصل ہے۔

ختنہ میں مبالغہ نہ کرو

۴۴۶۴: وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تَخْتِنُ بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِي فَاِنَّ ذٰلِكَ اَحْظٰى لِلْمَرْاَةِ وَاَحَبُّ اِلَى الْبَعْلِ۔

(رواہ ابوداود وقال ھذا الحدیث ضعیف وراویہ مجھول)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/٤٢١ الحديث رقم ٥٢٧١۔

ترجمہ: حضرت ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک عورت (عورتوں کا) ختنہ کرتی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم چمڑے کو کاٹنے میں مبالغہ نہ کیا کرو۔ اس لئے کہ اس میں مبالغہ نہ کرنا عورت کیلئے باعث لذت ہے اور خاوند کیلئے لذیذ تر ہے یعنی اگر اس جگہ کو کاٹنے میں مبالغہ کیا جائے تو خاوند و بیوی لذت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔ اور یہ روایت ضعیف اور اس کے راوی مجہول ہیں۔

تشریح: تختنن: تاء مخففہ کے کسرہ کے ساتھ۔ لا تنھکی: تاء کے ضمہ اور ہاء کے کسرہ کے ساتھ' اور ایک نسخہ میں دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ فان ذلك: کاف کے کسرہ کے ساتھ۔ ای عدم المبالغة والا ستقصاء أحظى: حائے مہملہ کے سکون اور ظائے معجمہ کے فتحہ کے ساتھ ای انفع للمرأة۔

یہاں "ألذ" کے معنی میں ہے۔

شرح السنہ میں ہے۔ کہ اس کو "اشمی و لا تنھکی" بھی روایت کیا گیا ہے اور "لا تنھکی" دراصل "اشمی" کیلئے تفسیر ہے۔ أی لا تستقصی۔ کیونکہ عدم مبالغہ اور استقصاء عورت کیلئے زیادہ فائدہ مند ہے اور شوہر کو اس سے زیادہ لذت حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جب اس کے ختنہ میں مبالغہ کیا جائے تو پھر نہ عورت کو لذت حاصل ہوتی ہے اور نہ مرد کو۔ قوله: ھذا الحدیث ضعیف: اور ایک صحیح نسخہ میں "ھذا حدیث" کے الفاظ ہیں۔

وفی رواته مجھول: اس میں احتمال ہے کہ رواۃ سے مراد جنس رواۃ ہو۔ اس کی تائید ایک نسخہ صحیحہ سے ہوتی ہے جس میں وروایۃ کے الفاظ ہیں۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ اس کے رواۃ میں سے ایک راوی مجہول ہے اور اس کی تائید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس نسخہ سے ہوتی ہے جس میں "وفی رواتہ مجھول" کے الفاظ ہیں' کہ اس کے بعض راوی مجہول ہیں۔ البتہ اس کو طبرانی نے سند صحیح کے ساتھ اور حاکمؒ نے "مستدرک" میں ضحاک عن قیس یوں روایت کیا ہے:

"اخنضی ولا تنھکی 'فانہ انضر للوجہ واحظی عند الزوج".

مہندی کی بُو کو ناپسند فرمانا

۴۴۶۵: وَعَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ هَمَّامٍ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ لَا بَاْسَ وَلٰكِنِّي اَكْرَهُهٗ كَانَ حَبِيْبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ رِيْحَهٗ۔ (رواہ ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٩٥ الحديث رقم ٤١٦٤' والسنائی فی ٨/١٤٢ الحديث رقم ٥٠٩٠' وأحمد فی المسند ٦/٢١٠۔

ترجمہ: کریمہ بنت ہمام روایت کرتی ہیں کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ سے مہندی کے خضاب سے متعلق دریافت کیا (سر پر) تو انہوں نے فرمایا اس میں کچھ حرج نہیں مگر میرے ہاں یہ ناپسند ہے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اس کی بُو کو ناپسند فرماتے تھے۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

کریمۃ بنت ہمام۔ یہ کریمہ ہیں جو ہمام کی بیٹی ہیں۔ انہوں نے امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی۔ ان کی حدیث "خضاب" کے متعلق ہے۔ ہمام میں ہاء پر ضمہ اور میم غیر مشدد ہے۔ سید رحمۃ اللہ علیہ کے نسخہ میں ہاء کے فتحہ' میم کی تشدید کے ساتھ ہے۔ "مغنی" میں "ہمام" کا ضبط یوں ہے۔ ہاء مفتوح اور میم مشدد۔ اس نام کے کئی افراد ہیں' اور ہاء کے ضمہ اور میم غیر مشدد کے ساتھ ابراہیم بن محمد بن ابراہیم بن ہمام کا نام آتا ہے۔ (تحریر المشتبہ)

تشریح: قولہ: ان امرأۃ سألت عائشۃ رضی اللہ عنہ عن خضاب الحناء): ظاہر سے لگتا ہے کہ "سر" میں حناء لگانے کے بارے میں پوچھا ہے۔ تو انہوں نے کہا' کہ اس فعل میں کوئی حرج نہیں ہے یعنی اس کے مباح ہونے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے لیکن میں اس کو ایک عارض کی وجہ سے مکروہ سمجھتی ہوں۔ اس عارض کا بیان اگلے جملہ میں آ رہا ہے۔ قولہ: کان حبیبی یکرہ ریحہ: اس قول سے امام شافعیؒ نے استدلال کیا ہے کہ مہندی خوشبو نہیں ہے کیونکہ آپ علیہ السلام خوشبو پسند کرتے تھے۔ لیکن یہ دلیل صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ خوشبو کی یہ قسم آپ علیہ السلام کی طبیعت کے موافق نہ ہو۔ جیسا کہ "زباد" بعض لوگوں کی طبیعت کے موافق نہیں ہوتی اور جیسا کہ آپ علیہ السلام گوشت پسند کرتے تھے لیکن بعض حیوانات کا گوشت آپ نہیں کھاتے تھے کیونکہ اس سے طبیعت مبارکہ کو گھن آتی تھی۔ پھر حدیث کا ظاہر یہ بتا رہا ہے کہ کراہت بالوں کے ساتھ مختص ہے۔ کیونکہ چکنائی اور بدبو کا اثر بالوں میں باقی رہ جاتا ہے۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے داڑھی رنگنے میں مہندی سے تجاوز کر کے ورس اور زعفران لگایا ہے۔ امہات المؤمنین کے ہاتھوں پر لگی ہوئی مہندی کو آپ مکروہ نہیں سمجھتے تھے جیسا کہ آگے حدیث میں آئے گا اور وہ حدیثیں بھی آئیں گی جس میں ہے کہ آپ نے ان عورتوں پر نکیر کے لیے کی ہے کہ جنہوں نے ہاتھوں پر مہندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ لگائی ہو۔ واللہ اعلم۔

عورت کیلئے مہندی کی تاکید

۴۴۶۶: وَعَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِي فَقَالَ لَا اُبَايِعُكِ حَتّٰى تُغَيِّرِي كَفَّيْكِ فَكَاَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ۔ (رواه ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٣٩٥ الحديث رقم ٤١٦٥۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ بیشک ہند بنت عتبہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یا رسول اللہؐ! مجھ سے بیعت لیں۔ آپ نے فرمایا میں تجھ سے بیعت نہیں لیتا (یعنی زبان کے ساتھ) یہاں تک کہ تو اپنے ہاتھوں کو مہندی سے متغیر کرے یعنی مہندی لگائے۔ پس گویا تیرے ہاتھ گویا درندے کے ہیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: یا رسول الله بایعنی: حدیث کا ظاہر یہ بتلا رہا ہے کہ یہ بیعت فتح مکہ کے روز کی بیعت کے علاوہ تھی۔

قوله: وکانهما کفا سبع:

کراہت میں آپ نے ان کے ہاتھوں کو درندے کے ہاتھوں کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ کیونکہ اس وقت یہ مردوں کے مشابہ لگتی ہیں۔ اس کی تائید آنے والی حدیث سے بھی ہوتی ہے اور اس حدیث سے مردوں کے ہاتھوں پر مہندی لگانے کی کراہت بھی معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں عورتوں کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے۔

عورت کے ہاتھ کی علامت مہندی ہے

۴۴۶۷: وَعَنْهَا قَالَتْ اَوْ مَأَتْ اِمْرَاَةٌ مِنْ وَرَاءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فَقَالَ مَا اَدْرِي اَيَدُ رَجُلٍ اَمْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَتْ بَلْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً لَغَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ يَعْنِي بِالْحِنَّاءِ۔ (رواه ابو داود و النسائي)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٣٩٦ الحديث رقم ٤١٦٦، والنسائي في ٨/١٤٢ الحديث رقم ٥٠٨٩، وأحمد في المسند ٦/٢٦٢۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہ ایک عورت نے پردہ کے پیچھے سے اشارہ کیا اس کے ہاتھ میں ایک خط تھا جو کہ کسی نے جناب رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا تھا۔ آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس کھینچ لیا اور وہ خط وصول نہ فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا میں نہیں جانتا کہ یہ ہاتھ آیا مرد کا ہے یا عورت کا۔ وہ عورت کہنے لگی یہ ہاتھ عورت کا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو عورت ہوتی یعنی عورتوں کے شعار کا لحاظ کرنے والی ہوتی تو اپنے ناخنوں کو مہندی سے رنگین کرتی ہے۔ یہ ابوداؤد اور نسائی کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: اومت: صحیح نسخوں اور اصول معتمدہ میں میم کے بعد بلا ہمزہ آیا ہے۔ یہ اصل میں "موم" ہے یعنی معتل اللام ہے۔ لیکن صاحب قاموس نے اس کا مادہ مطلقاً ذکر نہیں کیا ہے۔ بلکہ اس کو "مہموزات" میں ذکر کیا ہے۔ بعض "شراح مصابیح" نے ذکر کیا ہے کہ اس کی اصل "اومأت" ہے۔ یعنی ہمزہ کے ساتھ ہے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر تخفیف کی گئی ہے۔ لہٰذا اس کو التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیا ہے۔ اس کا معنی ہے "اشارت" سین کے کسرہ کے ساتھ ہیں۔

"بیدها كتاب": مبتدا مؤخر اور خبر مقدم کی مل کر یہ جملہ "امرأة" کی صفت ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ جملہ اس سے حال واقع ہو۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، "كتابا" جار و مجرور کے لئے فاعل ہے، نہ کہ مبتدا۔ کیونکہ اس سے یہ لازم آئے گا کہ جملہ اسمیہ بغیر واؤ کے حال واقع ہو گیا اگر چہ یہ قول ضعیف کے مطابق جائز بھی ہے اور یہ بھی مخفی نہیں ہے، کہ "حال" کا صحیح ہونا یہاں اس بات پر مبنی ہے کہ "مرأة" اصل میں "من وراء ستر" سے موصوف ہے اور ظاہراً یہ لگتا ہے کہ یہ "او مت" کے متعلق ہے ابتدائی طور پر

فقبض النبی یده: ظاہر سے یوں لگتا ہے کہ آپؐ عورتوں کے ساتھ ہاتھ کے ذریعے بھی بیعت فرماتے تھے حالانکہ قول مشہور اس کے خلاف ہے۔ لہٰذا یہاں پر اس کو اس پر محمول کیا جائے گا کہ آپ علیہ السلام نے اپنے ہاتھ کو مبالغہ فعلی کے لئے پھیلایا تھا۔ پھر آپ عورتوں کے بارے میں زبانی بیعت پر اکتفاء کرنے لگے یعنی آپؐ اپنا ہاتھ عورت کے ہاتھ سے نہیں ملاتے تھے۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ علیہ السلام اپنے ہاتھ پر کوئی کپڑا وغیرہ لپیٹ لیتے ہوں اور عورتیں تبرک کی غرض سے آپ کی آستین کو آپ کے ہاتھ کا قائم مقام قرار دے کر پکڑ لیتی ہوں۔ جیسا کہ حجر اسود کے بارے میں وارد ہے، کہ زمین میں یہ اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ ہے اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ بندوں کے ساتھ مصافحہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس کو خطیب اور ابن عسا کر نے حضرت جابر سے روایت کیا ہے اور دیلمیؒ نے "مسند الفردوس" میں حضرت انس سے مرفوعاً روایت کیا ہے اور اُزرقی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عکرمہ سے موقوفاً روایت کیا ہے اور دونوں کے الفاظ یہ ہیں: "الحجر يمين الله فمن مسحه فقد بايع الله"۔

قوله: قالت :بل امرأة : "امرأة" رفع کے ساتھ ہے۔ (یعنی یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے) ای صاحبتها۔ (یا یہ خبر ہے اور مبتدا محذوف ہے۔) ای أنا امرأة اور ایک نسخہ میں اضافہ کے ساتھ "بل يد امرأة" ہے،

يعني بالحناء: یہ تفسیر حضرت عائشہؓ کی بیان کردہ ہے یا کسی اور راوی کی بیان کردہ ہے۔

اس وجہ سے کہ یہ افضل ہے۔ یا اس وجہ سے کہ معتاد و متعارف ہے۔ یا حناء کا ذکر بطور مثال کے ہے۔ تو اس صورت میں یہ حناء کے علاوہ کو بھی شامل ہوگا۔

جامع صغیر میں یہ الفاظ ہیں: "لو كنت امرأة لغيرت اظفارك بالحناء"۔ اس کو احمدؒ اور نسائی نے حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تفسیر سابق حضرت عائشہؓ کے علاوہ کسی اور کی فرمودہ ہے۔

تین ملعون عورتیں

۴۴۶۸: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ وَالْمُسْتَوْصِلَةُ وَالنَّا مِصَةُ وَالْمُتَنَمِّصَةُ وَالْوَاشِمَةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْمُسْتَوْشِمَةُ مِنْ غَيْرِ دَاءٍ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٣٩٩ الحديث رقم ٤١٧٠، وأحمد في المسند ١/٢٥١۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان عورتوں پر لعنت کی گئی: ① ملانے والی اور ملوانے والی ② بالوں کو چننے والی اور چنوانے والی اور ③ گودنے والی اور گودوانے والی بلا مرض کے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: لعنت: یہ صیغہ مجہول کا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی ہے۔ یا ان کو رسول اللہ کی زبانی ملعون قرار دیا گیا ہے۔

الواصلة: اس میں ایک قسم کا جھوٹ ہے۔

النامصة: ① جو زیر ناف اور بغل کے بالوں کے علاوہ بالوں کو نوچتی ہو۔ ② بعض نے کہا ہے کہ "نامصہ" "نمص" سے ہے، نمص کے معنی ہیں، چہرہ سیدھا کے یا نوچنے کے ساتھ بال نوچنا۔ ③ اور بعض کہتے ہیں وہ عورت مراد ہے جو عورتوں کو "نمص" کے ذریعہ خوبصورت بناتی ہو۔

والواشمة: وہ عورت جو ہاتھ کی پشت پر یا بازوؤں پر یا جسم کے کسی اور جگہ پر سوئی یا کانٹے سے خون نکال کر اس میں سرمہ یا نیل وغیرہ کوئی چیز ڈالتی ہے تاکہ اس حصہ کا رنگ سبز ہو جائے اور اس میں نقوش باقی رہیں۔ یا اس میں اس کا نام لکھتی ہے۔

والمستوشمة: وہ عورت جو وشم کا مطالبہ کرتی ہو۔ اگر یہ فعل صیغرہ کے ساتھ کیا گیا تو فاعلہ گنہگار ہوگی اور مفعولہ گنہگار نہیں ہوگی۔ کیونکہ وہ مکلّف نہیں ہے۔

من غير داء: یہ "وشم" کے ساتھ متعلق ہے۔ مظہرؒ فرماتے ہیں کہ اگر علاج کے طور پر "وشم" کی ضرورت ہو تو جائز ہے اگرچہ اثر باقی رہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کا تعلق ماقبل کے سب امور کے ساتھ ہے۔ یعنی اگر بیماری کی وجہ سے ان امور میں سے کوئی کام کرتی ہو تو پھر جائز ہے۔

اس کے ہم معنی صحاح ستہ کی ایک روایت بحوالہ ابن مسعود ماقبل میں گذر چکی ہے۔

مردوں کا لباس پہننے والی عورت پر لعنت

۴۴۶۹: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٣٩٩ الحديث رقم ٤١٧٠، وأحمد في المسند ١/٢٥١۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت فرمائی، جو عورت جیسا لباس پہنے اور اس عورت پر لعنت فرمائی جو مردوں جیسا لباس پہنے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: لعن رسول الله ﷺ الرجل يلبس "لبسة المرأة: "لبسة": لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

"يلبس لبسة المرأة": یہ جملہ صفت ہے ("الرجل" کی) یا حال ہے۔ جیسا کہ یہ آیت ہے: ﴿كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَسْفَارًا﴾ [الجمعة:٥]

والمرأة: یہ نصب کے ساتھ ہے اس کا عطف ''رجل'' پر ہے۔ای ولعن المرأة۔

البتہ جامع صغیر کے الفاظ یہ ہیں: ''لعن اللہ الرجل'' الخ. اس کو ابوداؤد اور حاکمؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

مردوں سے مشابہت کرنے والی عورتوں پر لعنت ہے

۴۴۷۰: وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ قَالَ قِیْلَ لِعَائِشَةَ اِنَّ امْرَاَةً تَلْبَسُ النَّعْلَ قَالَتْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَةَ مِنَ النِّسَآءِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٣٥٥ الحديث رقم ٤٠٩٩۔

ترجمہ: حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ ایک عورت مردوں جیسا جوتا پہنتی ہے۔تو آپ نے فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت فرمائی ہے جو مردوں جیسی مشابہت اختیار کرنے والیاں ہیں۔یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ''الرجلة: جیم کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

''من النساء'': یہ ''الرجلة'' کا بیان ہے کیونکہ اس میں تاءارادہ وصفیت کیلئے ہے۔ای المتشبهة یعنی وہ عورت جو کلام اور لباس میں مردوں کے ساتھ مشابہت رکھتی ہو۔کہا جاتا ہے: كانت عائشة رجلة الرأی کہ حضرت عائشہؓ کی رائے (ازروئے مضبوطی و پختگی) مردوں کی رائے کے مشابہہ تھی۔لہٰذا رائے یا علم میں مردوں کے ساتھ مشابہت مذموم نہیں ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ابوداؤدؒ نے اس حدیث کو سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

کپڑے کا زائد پردہ لٹکانے پر ناراضی

۴۴۷۱: وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ كَانَ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِاِنْسَانٍ مِنْ اَهْلِهٖ فَاطِمَةَ وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْهَا فَاطِمَةُ فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ وَقَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا اَوْ سِتْرًا عَلٰى بَابِهَا وَحَلَّتِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ فَقَدِمَ فَلَمْ يَدْخُلْ فَظَنَّتْ اَنَّ مَامَنَعَهٗ اَنْ يَّدْخُلَ مَارَاٰى فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَفَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَقَطَعَتْهُ مِنْهُمَا فَانْطَلَقَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيَانِ فَاَخَذَهٗ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اِذْهَبْ بِهٰذَا اِلٰى اٰلِ فُلَانٍ اَنَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِىْ اَكْرَهُ اَنْ يَّاْكُلُوْا طَيِّبَاتِهِمْ فِىْ حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ۔

(رواہ احمد وابوداود)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٤١٩ الحديث رقم ٤٢١٣، وأحمد فی المسند ٥/٢٧٥۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر فرماتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل وعیال میں سب سے آخر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملتے یعنی آخری کلام وگفتگو ان سے فرماتے اور جو وصیت کرنا ہوتی ان کو فرماتے اور رخصت کرتے۔ اور جب سفر سے واپس لوٹتے تو اپنے اہل میں سب سے پہلے ان کے ہاں تشریف لاتے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جہاد سے واپس تشریف لائے جبکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے اپنے دروازہ پر ایک ٹاٹ اور پردہ لٹکایا تھا (یعنی زینت کیلئے) کیونکہ اگر پردہ کیلئے ہوتا تو وہ آپ کو ناگوار نہ ہوتا۔ اور حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو چاندی کے دو کڑے پہنائے تھے۔ (یعنی ہر صاحبزادے کو ایک ایک کڑا پہنایا تھا یا دو دو کڑے پہنائے تھے) پس آپ سفر سے تشریف لائے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل نہ ہوئے۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے گمان کیا کہ کون سی چیز نے آپ کو ان کے ہاں داخلہ سے منع کیا ہے۔ وہ چیز پردہ کا لٹکانا اور حضرت حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو کڑے پہنانا ہے۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ نے وہ پردہ پھاڑ ڈالا اور دونوں کڑے ہاتھوں سے اتار کر توڑ ڈالے۔ پھر دونوں صاحبزادے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں روتے ہوئے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے زیور کو لیا اور فرمایا۔ اے ثوبان! اس زیور کو آل فلاں کے پاس لے جا! آپ نے اپنے قرابت والوں کا نام لیا جو کہ مستحق تھے۔ اس لئے کہ یہ میرے اہل بیت ہیں میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنے لذائذ دنیا کی زندگی میں کھائیں یعنی اچھے کھانوں سے لذت حاصل کریں اور نفیس لباس پہنیں گویا طیبات کا کھانا یہ لذت حاصل کرنے اور سکون لینے سے کنایہ ہے بلکہ میں ان کے لئے فقر وریاضت کو اختیار کرتا ہوں تا کہ ان کے درجات بلند ہوں اور وہ ان لوگوں کے مشابہ نہ ہوں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اذهبتم طيباتكم في حياتكم الدنيا ...... ۔ آپ نے اس سے ایک گونہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شکستہ دلی خیال فرمائی۔ تو ارشاد فرمایا۔ اے ثوبان تم فاطمہ کیلئے ایک ہار عصب کا خرید لاؤ (عصب یہ سمندری جانور کا دانت ہے جس سے ہار بنتے ہیں) اور دو کڑے ہاتھی دانت کے خریدو' دونوں صاحبزادوں کیلئے۔ یہ احمد وابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كان آخر عهده بانسان من اهله فاطمة رضى الله عنها:

"فاطمة" سے پہلے مضاف محذوف ہے۔ ای عهد فاطمة۔ (یہ حذف مقدر ماننا اس لئے ضروری ہے) تا کہ "مبتدا" کا "خبر" پر حمل درست ہو جائے۔

یہ "کان" کی خبر ہے۔

قوله: اول من يدخل عليها فاطمة

"فاطمة": نصب کے ساتھ ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ رفع کے ساتھ ہے۔

غزاة: اصل میں یہ "غزوة" تھا۔ واؤ کی حرکت زاء کی طرف نقل کر دی گئی' اور اس واؤ کو الف کے ساتھ تبدیل کر دیا کیونکہ اصل میں متحرک تھی اور اب اس کا ماقبل مفتوح ہے اور بعض کہتے ہیں کہ تاء تانیث کا ماقبل تقدیراً متحرک تھا۔ کیونکہ سکون ایک عارض ہے۔

مسحا: میم کے فتحہ کے ساتھ۔

او سترًا: یہ "او" شک کیلئے ہے۔ اور "ستر" سین کے کسرہ کے ساتھ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حلت: لام کی تشدید کے ساتھ ہے۔''تحلیۃ'' سے ماخوذ ہے۔''حلت'' اصل میں ''حلیت'' تھا یاء کو الف سے بدلا گیا چونکہ یاء متحرک تھی اور ماقبل مفتوح تھا پھر اس کو التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیا گیا اور وصل کی صورت میں یہاں پر ''تاء'' کو حرکت دی جاتی ہے چونکہ التقائے ساکنین لازم آتا ہے۔ لہٰذا اس کی حرکت عارضی ہے اصلی نہیں ہے۔

''قلبین'': قاف کے ضمہ کے ساتھ۔ کڑے، کنگن

فقدم: یہ تاکید کے لئے ہے۔ چونکہ حالیہ جملوں کی وجہ سے درمیان میں فصل طویل آ گیا تھا۔

فلم یدخل: آپؐ حضرت ''فاطمہ'' کے گھر میں داخل نہیں ہوئے کیونکہ آپ نے نور نبوت اور ظہور مکاشفہ سے دیکھ لیا تھا کہ دروازہ پر ایسا پردہ پڑا ہوا تھا اور حضرت حسنین کو ایسی چیز پہنائی ہوئی ہے جوان کیلئے مناسب نہیں تھی۔

فظنت ان ما: یہ ''ما'' موصولہ ہے۔ حق تو یہ تھا، کہ اس کو مفصولا لکھا جاتا۔

ما رای: یہ ''ما'' مصدری ہے اور ''منعه'' کا فاعل ہے۔ یا ''ما'' موصول ہے ای ما راه من التستر و التغیر'' واضح رہے کہ یہاں پر ''ان'' بفتح الہمزہ ہے اور 'ما' میں یہ احتمال ہے کہ یہ کافة ہو اور ''منع'' کا فاعل ''ما رای'' ہے۔ عبارت اس طرح ہو گی: ''ما منعه من الدخول الا ما راه من تعلیق امر السترین وتحلیة الحسنین''۔ تو اس صورت میں ''ما'' کو موصولا لکھا جانا چاہئے اور ''منعه'' اس کا صلہ ہوگا اور اس کا فاعل وہ ضمیر ہے جو ''ما'' کی طرف راجع ہے اور ''رای'' ''ان'' کی خبر ہو گی۔ ای الذی منعه من الدخول ما رأه. تو اس صورت میں اس کو ''موصولا لکھا جانا چاہئے'' اور اکثر نسخ مصححہ میں یہی ہے۔ اور ''ما رأی'' میں ''ما'' موصولہ ہے یا مصدریہ ہے۔ واللہ اعلم۔

فکت القلبین وقطعته منهما : ای ما بأیدی الصبین أو کلا من القلبین منها أی من أیدی الصبین 'أو فصلت کلا من الصبین عن القلبین۔

''فکت القبین'': ''فکت'' کاف کی تشدید کے ساتھ ہے۔ یہ جملہ ماقبل کیلئے عطف تفسیری ہے۔ حاصل یہ کہ ''قلبین'' کا ''قلبین'' کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رہا۔ چونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ما جعل اللّٰه لرجل من قلبین﴾ [الاحزب۔٤]

فأخذه منهما: اشرفؒ کہتے ہیں ای أخذ النبی ﷺ شیئاً من الرأفة و الر قة علیهما یعنی نبی علیہ السلام کو ان پر رحم آیا۔ میں کہتا ہوں، کہ یہ معنیٰ مابعد کلام کے موافق نہیں ہے، علاوہ ازیں امر زائد کو مقدر ماننا لازم آتا ہے۔ چنانچہ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ان دونوں کو توڑنے کے بعد حسنینؓ کے ہاتھ رسول اللہ کے پاس بھیجا، تاکہ وہ ان کو صدقہ کر دیں۔ اور معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: فاخذه أی مافی أید یهما أو کلامن القبین منهما ای من الحسنین و أعطا ہ لثوبان۔

اذهب بهٰذا : ای بکل من القلبین (ان میں سے ہر ایک کنگن کو لے جاؤ) اور بعض نے کہا ہے کہ ''قلب'' کی طرف اشارہ ہے یا ان دراہم کی طرف اشارہ ہے جو آپ نے ان کو دیئے تھے۔

الی آل فلان: یعنی وہ گھرانہ، فقر و حاجت میں مشہور و معروف تھا۔ علامہ طیبی اشرفؒ کا کلام نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ اس میں یہ بھی جائز ہے کہ یہاں خبر اسم اشارہ کی جگہ پر آئی ہو۔ ای أخذ النبی ﷺ ذلك ای القلب المفکك اور اس بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی دلیل کہ یہ بمعنی اسم اشارہ ہے یہ کلام ہے: "اذهب بهذا" اور "هذا" تحقیر کے لئے ہے۔

اور یہ بات کہ یہ اشارہ تحقیر کیلئے ہے محل تفتیش ہے۔ ہاں اگر اس سے تحقیر معنوی مراد ہو اس حیثیت سے کہ بعض کی نسبت سے زیادت تنعم صوری ہے تو اس کی توجیہہ ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ آپ نے اگلے جملہ میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے "ان هؤلاءِ أهلي ......"۔

هؤلاء اهلي: " هؤلاء " یہ اس سے بدل ہے یا اس کا بیان ہے اور اس کی خبر "اكره" ہے۔ یا "اهلي" کی خبر ہے اور "اكره" جملہ مستانفہ تعلیلیہ ہے۔ مطلب یہ کہ میں جیسے اپنے لئے ناپسند کرتا ہوں۔ اسی طرح ان کیلئے بھی ناپسند کرتا ہوں

ابن ماجہ اور حاکمؒ نے ایک حدیث نقل کی ہے: "ان اكثر الناس شبعا في الدنيا اطولهم جوعا يوم القيامة" یقیناً اکثر لوگ دنیا میں سیر ہونے والے قیامت کے روز زیادہ بھوکے ہوں گے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "ان هؤلاء" یہ جملہ مستانفہ ہے موجب ممانعت کا بیان ہے اور "اهلي"، "ان" کی خبر ہے۔ لہٰذا اسم اشارہ تعظیم کیلئے ہے۔ تو اس صورت میں یہ معنیٰ ہوگا لايجوز هذا المحقر لهؤ لاء العظام کہ یہ حقیر اور کمتر چیز ان عظیم لوگوں کیلئے جائز نہیں ہے اور "اكره" یہ دوسرا جملہ مستانفہ ہوگا۔

يا ثوبان اشتر لفاطمة قلادة:

"اشتر": راء کے کسرہ کے ساتھ ہے اس کو ساکن پڑھنا بھی جائز قرار دیا گیا ہے۔ "قلادہ" ہار کو کہتے ہیں۔

عصب: عین کے فتحہ اور صاد کے سکون کے ساتھ اسکو فتحہ بھی دیا جاتا ہے عین اور صاد دونوں بغیر نقطے والے ہیں۔ جانور کے دانت کو کہتے ہیں۔ (النہایہ) علامہ خطابیؒ نے "معالم" میں فرمایا ہے کہ اگر یہ یمنی کپڑے نہ ہوں تو پھر میں نہیں جانتا کہ یہ کیا چیز ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ "قلادہ" اس سے بنتا ہو۔ ابو موسیٰ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس میں یہ احتمال ہے کہ اصل میں روایت میں "عصب"۔ بفتح الصاد۔ ہے۔ حیوان کے جوڑ کے پٹھوں کو کہتے ہیں۔ یہ ایک گول سی چیز ہوتی ہے۔ تو ہوسکتا ہے کہ وہ کسی حیوان کے پاک پٹھے لے کر کاٹنے کے بعد "خرز" کے مشابہ کوئی چیز بناتے ہوں اور جب وہ چیز خشک ہو جاتی ہو، تو اس سے "قلادہ" بناتے ہوں اور جب مگر مچھ وغیرہ کی ہڈیوں سے کنگن بنانا جائز ہے تو پھر یہ بھی ممکن ہے اور جائز ہے کہ "عصب" وغیرہ سے قلادے بنائے جاسکتے ہوں۔ فرماتے ہیں، کہ پھر مجھے بعض اہل یمن نے بتلایا کہ "عصب" سمندری جانور کا ہوتا ہے جس کو "فرس فرعون" کہتے ہیں۔ اس سے خرز اور چھریوں کے دستے وغیرہ بنائے جاتے ہیں اور یہ سفید رنگ کا ہوتا ہے۔

قوله: وسوارين من عاج:

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام خطابیؒ نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے، کہ "عاج" اصل میں "ذیل" کو کہتے ہیں اور یہ مگر مچھ کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور یہ بات اصمعیؒ سے منقول ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ لغت مشہورہ سے ایسے معنی کی طرف عدول کیا گیا ہے جو اہل لغت کے ہاں مشہور و معروف نہیں ہے۔ اور مشہور بات یہ ہے کہ "عاج" ہاتھی دانت کی ہڈی کو کہتے ہیں اور اس وجہ سے متقدمین و متاخرین محدثین نے اس کی یہی تفسیر کی ہے۔

میں کہتا ہوں شاید عدول کی وجہ یہ ہو کہ اصل میں ان کے ہاں "میت" (مردہ) کی ہڈی نجس ہوتی ہے بلکہ ہمارے ائمہ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے امام محمدؒ کے ہاں تو ہاتھی بھی نجس العین ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ مأکول اللحم حیوان کی ہڈی کی طہارت صرف ذبح سے حاصل ہوسکتی ہے قول ضعیف کو اختیار کرتے ہوئے کہ میتة کی ہڈی پاک ہے۔اس کو"الروضہ" میں ذکر کیا ہے۔سید جمال الدین نے ذکر کیا ہے، خطابی نے اصمعیؒ سے نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ "ان العاج هو الذبل هو عظم ظهر اسحلفات البحرية" اور اس کا استعمال جائز ہے' کیونکہ یہ ایک بحری حیوان طاہر کی ہڈی ہے۔البتہ "عاج" یعنی ہاتھی دانت امام شافعیؒ کے ہاں نجس العین ہے اور امام ابوحنیفہؒ کے ہاں طاہر ہے اور امام شافعیؒ کا ایک قول اسی طرح ہے۔لہٰذا یہاں پر اس کا حمل بعید نہیں ہے۔صاحب القاموس لکھتے ہیں کہ "عاج" ذیل کو اور "عظم الفیل" کو کہتے ہیں اور "ذیل" بحری یا بری سلحفاۃ (کچھوے) کی جلد کو کہتے ہیں یا سمندری جانور کی ریڑھ کی ہڈی جس سے کنگن اور کنگھیاں بنائی جاتی ہیں۔اھ۔حضرات "حسنین" کو یہ اس خیال سے پہنائے ہوں کہ ان کیلئے یہ پہننا جائز ہے اور جب نبی کریمؐ نے حضرت فاطمہ پر عتاب فرمایا کہ ان کے ہاں تشریف لے جانا چھوڑ دیا' اور ان سے جو فعل بصورت عصیان ظاہر ہوا تھا اس پر عتاب فرمایا اور ان کی طرف سے اور ان کے بچوں کی طرف سے کفارہ کے طور پر صدقہ کر دیا تو ان کی دلجوئی کے طور پر ایک قلادہ اور دو کنگن خریدے' تاکہ وہ یہ پہنیں' تشبہ بالرجال سے احتراز ہو' اور درشت ترین حالات میں بھی قناعت کا اظہار ہو' کہ جو بہترین انجام کا موجب ہے۔واللہ اعلم بالحال۔

اثمد سرمہ آنکھوں کی صحت کا باعث ہے

۴۴۷۲: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوْا بِالْاِثْمِدِ فَاِنَّهٗ يَجْلُوْ الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهٗ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلَاثَةً فِیْ هٰذِهٖ وَثَلَاثَةً فِیْ هٰذِهٖ ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٣٣٢/٤ الحديث رقم ٤٠٦١' والترمذی فی ٢٠٦/٤ الحديث رقم ١٧٥٣' والنسائی فی ١٤٩/٨ الحديث رقم ٥١١٣' وأحمد فی المسند ٢٣١/١۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بیشک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اثمد سرمہ لگایا کرو۔یعنی ہمیشہ لگاؤ۔پس وہ آنکھوں کو روشن کرتا ہے اور بالوں (پلکوں) کو اگاتا ہے۔جو کہ باعث زینت اور آنکھوں کی صحت کی علامت ہیں۔ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سرمہ دانی تھی۔جس سے آپ ہر رات میں تین مرتبہ سرمہ لگاتے تھے۔تین بار پے درپے دائیں اور تین بار بائیں آنکھ میں۔یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: اکتحلوا بالاثمد:

اثمد: ایک پتھر کو کہتے ہیں جس سے سرمہ بنایا جاتا ہے۔بعض نے کہا ہے کہ اثمد معروف سرمہ ہے۔زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہ سرمہ کی ایک خاص قسم ہے۔جیسا کہ ترمذیؒ کی روایت میں ابن عباس سے منقول ہے ان خیر أکحالکم الاثمد کہ تمہارا بہترین سرمہ اثمد ہے۔علامہ تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ ایک معدنی پتھر ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اصفہانی سرمہ ہے جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دفعۃ اوردانوں کوصاف کرتا ہے۔آنکھ کی صحت کی حفاظت کرتا ہے'اس کی پلکوں کوتقویت دیتا ہے۔خصوصاً بوڑھوں اوربچوں کی۔ ''تاج الأسامي میں ہے، کہ اثمد''توتیاء'' کو کہتے ہیں اور ایک روایت میں ہے''بالا ثمد المروح'' ہے'یعنی آنکھوں کو راحت دیتی ہے اور یہ وہی ہے کہ جس کی طرف خالص مشک کومنسوب کیا جاتا ہے۔(قالہ ترمذیؒ)اورسنن ابوداوٗدؒ میں ہے أمر رسول الله ﷺ بالا ثمد المروح عند النوم وقال :ليتقه الصائم۔کہ رسول اللہ نے''اثمد مروح''لگانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ روزہ داراس سے بچے بیہقیؒ میں حدیث ابی رافعؓ سے مروی ہے أن النبی ﷺ كان يكتحل بالا ثمد۔رسول اللہ اثمد سرمہ لگاتے تھے''۔لیکن اس کی سند میں مقال ہے۔

ابوالشیخ نے کتاب''أخلاق النبیؐ''میں سند ضعیف کے ساتھ حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے:قالت :کان لرسول الله ﷺ اثمد يكتحل به عند نومه في كل عين ثلاثا حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ کے پاس اثمد تھا جس سے سوتے وقت آنکھوں میں سرمہ لگاتے تھے۔ہر آنکھ میں تین تین مرتبہ۔

قوله:فانه يجلوا لبصر:سرمہ لگانا نظر کواچھا کرتا ہے' آنکھ کی روشنی کو بڑھاتا ہے اور''باصرة''کوصاف کرتا ہے۔سر سے آنکھ کی طرف اترنے والے ردی مواد کوزائل کرتا ہے۔

قوله:ينبت الشعر:الشعر:پہلے دونوں حرف مفتوح ہیں'اورعین کوساکن پڑھنا بھی درست ہے۔لیکن میرکؒ فرماتے ہیں روایت فتحہ کے ساتھ ہے اورشاید کہ اس کی وجہ لفظ''بصر'' کی رعایت ہے۔یہ محسنات لفظیہ بدیعیہ اورمناسبات سجعیہ میں سے ہے اوراس کی نظیر اس مقولہ کی یہ مشاکلت ہے:لاملجأ ولا منجا اور یہ روایت بھی اس کی نظیر ہے:اذهب الباس رب الناس کہ''الباس'' کے ہمزہ میں ابدال کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔اس کے اوربھی نظائر ہیں۔یہاں پر''شعر'' سے مراد ''هدب''(پلک)ہے۔جس کوفارسی میں''مژہ'' کہتے ہیں۔ان بالوں کوکہتے ہیں جوآنکھوں کے کناروں پراُگتے ہیں۔ابوعاصمؒ اورطبرانی نے حضرت علیؓ سے حدیث نقل کی ہے۔کہ تم اثمد لگایا کروکیونکہ یہ بالوں کواُگاتی ہیں اورگندکودورکرتی ہے اورآنکھوں کوصاف کرتی ہے۔

قوله:وزعم:اس کا فاعل ابن عباس ﷺ ہے جیسا کہ شارح نے اس کی تصریح کی ہے۔ابن ماجہ کی روایت سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے اورشمائلؒ میں امام ترمذی کی روایات سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے اوریہی اقرب ہے اوراستدلال کے زیادہ مناسب ہیں اوربعض نے کہا ہے،کہ''زعم'' کی ضمیر کا مرجع امام ترمذی کے شیخ محمد بن حمید ہیں۔بعض نسخوں میں''فزعم''فاء کے ساتھ ہے۔

بعض دفعہ''زعم''بول کراس سے قول محقق مرادلیا جاتا ہے۔اگرچہ اس کا اکثر استعمال''مشکوک فیہ'' یاظن باطل میں ہوا کرتا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿وزعم الذين كفروا﴾ [التغابن:۷] اورحدیث شریف میں ہے:''بئس مطية الرجل زعموا''۔اس کوامام احمدؒ اورابوداوٗد نے حضرت حذیفہؓ سے روایت کیا ہے۔اگر یہاں پر''زعم'' کی ضمیر کا مرجع ابن عباس ﷺ ہوں جیسا کہ سیاق سے معلوم ہوتا ہے تواس سے مراد قول محقق ہے۔جیسا کہ ام ہانیؓ نے اپنے بھائی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی کریم سے کہا تھا:''زعم ابن امي آنه قاتل فلان وفلان لاثنين من أصهارها أجرتهما فقال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النبی ﷺ اجرنا من أجرت" اگر "زعم" کا مرجع محمد بن حمید ہوں تو بعض حضرات کا زعم ہے کہ "زعم" اپنے معنیٰ حقیقی پر ہے۔ معنیٰ متبادر یہ ہے کہ اس میں ان کی اس حدیث کے ضعف کی طرف اشارہ ہے کہ انہوں نے اپنے اور نبی علیہ السلام کے درمیان کے تمام وسائط کو ساقط کر دیا ہے۔ لیکن عبارت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر قائل ابن عباس ہوں تو پھر یہ کہا جاتا "وان النبی" اور "زعم" کے تذکرہ کا فائدہ باقی نہیں رہتا، مگر یہ کہ یہ کہا جائے کہ اس کو طول فصل کی وجہ سے لایا گیا ہے۔ جیسا کہ بہت سی عبارت میں "قال" لایا جاتا ہے اور اس میں دو جملوں کے درمیان فرق کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اوّل حدیث قولی ہے اور ثانی حدیث فعلی ہے۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ امام سیوطیؒ نے اس کو دو حدیثیں قرار دیا ہے اور فرمایا کہ ترمذی و ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس ؓ سے روایت کیا ہے: کان له مکحلة یکتحل منها کل لیلة ثلاثة في هذه وثلاثة في هذه۔ کہ آپ علیہ السلام کے پاس ایک سرمہ دانی تھی۔ اس میں سے ہر رات تین سلائی اس آنکھ میں اور تین سلائیاں اُس آنکھ میں لگاتے تھے۔

چونکہ عام طور پر "زعم" کا استعمال بمعنیٰ ظن ہوتا ہے تو اس قول "أن النبیؐ" کو ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ضبط کیا اور اس کی خبر "کانت له مکحلة" ہے۔

مکحة: دونوں کے ضمہ کے ساتھ ہے اور بیچ والا حرف ساکن ہے۔ یہ آلۃِ کحل "میل" کا اسم ہے۔ یہ علیٰ خلاف القیاس ہے اور یہاں پر اس سے مراد سرمہ دانی ہے۔

یکتحل بها: مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں باء کے ساتھ ہے اور "شمائل" کی تمام روایات میں "منها" کے ساتھ ہے۔ لہٰذا یہاں "باء" بمعنیٰ "مِن" ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں کہا گیا ہے: ﴿یشرب بها عباد الله﴾ [الانسان۔٦] اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ باء سببیہ ہو۔

کل لیلة: بعض روایت میں "قبل أن ینام" ہے اور بعض میں "عند النوم" ہے۔

سوتے وقت سرمہ لگانے میں حکمت یہ ہے کہ اس وقت لگایا گیا سرمہ آنکھ میں زیادہ دیر باقی رہ جاتا ہے اور ان کے طبقات میں زیادہ سرایت کرتا ہے۔

ثلاثة: ای ثلاثۃ مرات متوالیہ مشار الیہ کی تعیین راوی نے بطریق تمثیل کی ہے۔ آپ علیہ السلام سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا، من اکتحل فلیوتر جو سرمہ ڈالے تو طاق عدد میں ڈالے۔ جیسا کہ ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ "ایتار" کے بارے میں دو اقوال ہیں۔ ایک تو ما قبل گزرا ہے اور اس پر متعدد روایات شاہد ہیں اور اعتبار کے لحاظ سے زیادہ قوی ہے ہر عضو میں ایتار کی تکرار کا تحقق ہو جائے جیسا کہ اعضاء وضوء میں تثلیث کا اعتبار کیا گیا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ آنکھ میں پانچ مرتبہ سرمہ لگایا جائے۔ تین مرتبہ دائیں آنکھ میں اور دو مرتبہ بائیں آنکھ میں، جیسا کہ شرح السنہ میں مروی ہے۔ اس کے مطابق "ابتداء" بھی بالیمین ہونی چاہیئے اور انتہاء بھی۔ تاکہ یمین کو یسار پر فضیلت حاصل رہے۔ جیسا کہ شیخ مجد الدین فیروز آبادی نے لکھا ہے اور ہر آنکھ میں دو دو اور ایک دونوں کے درمیان تقسیم کر کے دائیں آنکھ میں تین مرتبہ پے در پے اور بائیں میں دو مرتبہ۔ تو اس صورت میں "وتر" دونوں کی نسبت سے ہوگا، لیکن پہلا قول زیادہ راجح ہے کیونکہ اس سے وتر "شفعا" حاصل ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی متصور ہوسکتا ہے کہ ہر آنکھ میں ایک مرتبہ ہو اور ''وترین'' کی تاویل ''عضوین'' کی نسبت سے ہو۔لیکن اگر اس کو طہارت اعضاء کے باب پر قیاس کریں جبکہ دونوں میں امر جامع تنظیف وتزئین ہے۔تو وہ پہلا ہی قول ہے۔

قولہ: الترمذی: اور اسی طرح ''شمائل'' میں بھی اسانید مختلفہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔

تخریج: امام احمدؒ نے ابوالنعمان الانصاریؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے **التحلوا بالاثمد المروح فانه یجلو البصر و ینبت الشعر** کہ تم اثمد سرمہ لگایا کرو۔ جو راحت دینے والی ہے اور وہ آنکھوں کو جلاء بخشتا ہے اور پلکوں کو اُگاتا ہے۔

ابن ماجہ نے حضرت جابر اور ابن عمرؓ سے اور حاکم نے بھی ان سے روایت کیا ہے: ''**علیکم بالاثمد عند النوم**'' الخ۔

طبرانیؒ نے اور ابونعیمؒ نے ''**الحلیة**'' میں حضرت علی سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے: ''**علیکم الاثمد فانه منبة للشعر مذهبة للقذی مصفاة للبصر**''۔

امام بغویؒ نے مسند عثمانؓ میں روایت کیا ہے: ''**علیکم بالکحل فانه ینبت الشعر و یشد العین**''

احمدؒ نے عقبہ بن عامرؓ سے روایت کیا ہے: **انه ﷺ کان اذا اکتحل اکتحل وترا' واذا ستجمر استجمر وترا**۔ جب آپ سرمہ لگاتے تو طاق عدد میں لگاتے' اور جب استنجاء کرتے تو طاق عدد میں ڈھیلے استعمال کرتے۔

دوائی میں چار چیزیں بہترین

۴۴۷۳: وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ اَنْ يَنَامَ بِالْاِثْمِدِ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ قَالَ وَقَالَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُوْدُ وَالسَّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْاِثْمِدُ فَاِنَّهٗ يَجْلُوا الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَاِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُوْنَ فِيْهِ يَوْمُ سَبْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ تِسْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهٖ مَامَرَّ عَلٰى مَلَاٍ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رواه الترمذی وقال هذا حدیث حسن غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٤٠ الحدیث رقم ٢٠٤٨۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سونے سے قبل تین تین مرتبہ ہر آنکھ میں سرمہ اصفہانی لگاتے تھے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ دوائی میں چار چیزیں بہترین ہیں: ① الدود ② سعوط ③ حجامت ④ مشی اور جس چیز سے سرمہ لگاؤ ان میں بہترین اصفہانی سرمہ ہے۔ یقیناً وہ بینائی کو روشن کرتا ہے۔ اور بالوں کو اُگاتا ہے اور سینگی بھر کر کھینچوانے کے بہترین دن سترہ' انیس اور اکیس کے ہیں اور آپ ﷺ کو جب معراج ہوئی۔ تو آپ کا گزر فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے ہوا انہوں نے یہی کہا تمہیں بھری ہوئی سینگی کھینچوانا لازم ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔ اور انہوں نے اس روایت کو حسن غریب کہا ہے۔

تشریح: **اللدود**: لام کے فتحہ اور دال کے ضمہ کے ساتھ۔ وہ دوائی جو مریض کو پچھلی یا اگلی شرمگاہ سے پلائی جاتی ہے۔

السعوط: بروزن ''لدود'' ہے۔ جو ناک کی طرف ڈالی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحجامة: حائے مہملہ کے کسرہ کے ساتھ پچھنے لگوانا۔

المشی: یہ "مشی" سے فعیل کے وزن پر ہے اور ایک نسخہ میں میم کے ضمہ اور شین کے کسرہ کے ساتھ ہے اور المغرب میں اس کو درست قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ دوا جو اطلاقِ بطن کیلئے پی یا کھائی جائے۔ تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ "دواء مسہل" کو "مشی" اس لئے کہا گیا کہ یہ دوا پینے والا بیت الخلاء آنے جانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

"خیر": اس کا نصب اور رفع دونوں جائز ہیں۔

عشرہ: شین کے سکون اور کسرہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے۔

"یوم": یہ مرفوع ہے مضاف ہے "ان" کی خبر ہے۔

یوم احدٰی وعشرین: لیکن یہ بظاہر "یوم أحد وعشرين" ہے۔

وان رسول اللہ ﷺ حیث عرج به: یہ جملہ مستطردہ ہے۔ راوی نے "حجامة" پر ابھارنے کیلئے اس کو ذکر کیا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ جملہ بھی مقول ہو کر منقول بالمعنیٰ ہو۔

تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں حجامت میں ملائکہ کے مبالغہ سے کام لینے کی وجہ علاوہ اس منفعت کے جو اس کی وجہ سے بدن کو پہنچتی ہے وہ یہ ہے کہ خون ان قویٰ نفسانیہ سے نکل جاتا ہے وہ قویٰ نفسانیہ جو بندے اور اس کے "ترقی الی الملکوت" کے درمیان رکاوٹ ہوتے ہیں اور روحانی انکشافات تک حصول میں مانع ہوتے ہیں۔ خون کے غلبہ اور زیادتی کی وجہ سے جماح نفس اور اس کی صلابت بڑھ جاتی ہے۔ جب اس سے خون نکل جاتا ہے تو یہ اس میں خضوع وخمود اور لین ورقت کو پیدا کر دیتا ہے اس کی وجہ سے نفس امارہ سے وہ گندے خیالات منقطع ہو جاتے ہیں' اور اس کی خواہشات کا مادہ کمزور پڑ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بصیرت بڑھ کر "نور علیٰ نور" ہو جاتی ہے۔

جامع صغیر میں یہ الفاظ ہیں: "خير ما تداويتم به الحجامة"۔ اس کو احمدؒ، طبرانی اور حاکمؒ نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور ابونعیم نے "الطب" میں حضرت علیؓ سے "والفصاد" کی زیادتی کے ساتھ روایت کیا ہے: اور اس میں اس طرح بھی ہے "الحجامة تنفع من كل داءٍ ألا فاحتجموا" اس کو دیلمی نے "مسند فردوس" میں روایت کیا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے اس طرح مروی ہے: "الحجامة فى الرأس تنفع من الجنون والجذام والبرص والاضراص والنعاس" اس کو عقیلی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے اور طبرانیؒ وابونعیمؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس طرح روایت کیا ہے:

"الحجامة فى الرأس شفاء من سبع اذا ما نوىٰ صاحبها: من الجنون والصداع الجذام والبرص والنعاس و وجع الضرس وظلمة يجدها فى عينه"۔

ابن ماجہؒ، حاکمؒ، ابن السنیؒ اور ابونعیمؒ نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: "الحجامة على الريق امثل' وفيها شفاء وبركة' وتزيد فى الحفظ والعقل' فاحتجموا علىٰ بركة الله يوم الخميس' واجتنبوا الحجامة يوم الجمعة والسبت ويوم الاحد، واحتجموا يوم الاثنين والثلاثاء 'فانه اليوم الذى عا فى الله فيه ايوب من البلاء'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واجتنبوا الحجامة يوم الاربعاء ‘فانه اليوم الذى ابتلى فيه ايوب’ وما يبدو جذام ولابرص الا فى يوم الاربعاء او فى ليلة الاربعاء”.

ابن حبیب نے ”الطب النبوی“ میں عبدالکریم الحضرمی سے معضلاً روایت کیا ہے: ”الحجامة تكره فى اول الهلال‘ ولا يرجى نفعها حتى ينقص الهلال“۔

ابوداؤد و حاکمؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اس طرح روایت کیا ہے: ”من احتجم لسبع عشرة من الشهر وتسع عشرة واحدى و عشرين كان له شفاء من كل داءٍ“۔

طبرانی وبیہقیؒ نے حضرت معقل بن یسارؓ سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں: ”من احتجم يوم الثلاثاء لسبع عشرة من الشهر كان دواء لداءِ سنة“۔

حاکم وبیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اس طرح روایت کیا ہے: من احتجم لسبع عشرة الشهر وتسع عشرة واحدى وعشرين كان له شفاء من كل داء۔

امام حاکم اور بیہقی نے حضرت ابوہریرہ سے ایک روایت یوں نقل کی ہے:

”من احتجم يوم الاربعاء او يوم السبت فرأى فى جسده وضحا فلا يلو من الا نفسه“.

عورتیں حمامات میں داخل نہ ہوں

۴۴۷۴: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُوْلِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ اَنْ يَدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ ۔ (رواه الترمذى وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/٣٠٠ الحديث رقم ٤٠٠٩‘ والترمذى فى ٥/١٠٥ الحديث رقم ٢٨٠٢‘ وابن ماجه فى ٢/١٢٣٤ الحديث رقم ٣٧٤٩‘ وأحمد فى المسند ٦/١٣٢۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ یقیناً جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں اور عورتوں کو حمامات میں داخلے سے منع فرمایا۔ پھر مردوں کو تو رخصت عنایت فرمائی کہ وہ تہبند کے ساتھ جا سکتے ہیں (مگر عورتوں کو نہیں دی) یہ ترمذی وابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: نهى الرجال والنساء عن دخول الحمامات ثم رخص للرجال أن يد خلوا بالميازر:

”میازر“ اصل میں ”مئزر“ کی جمع ہے۔ حاکم نے حضرت جابر سے روایت کیا ہے: ”نهى النبى ان يدخل الماء الا بمئزر“۔ مظہرؒ کہتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے عورتوں کو رخصت نہیں دی کیونکہ ان کے تمام اعضاء ستر ہیں اور اس کا کشف جائز نہیں ہے مگر ضرورت کے وقت۔ مثلاً وہ مریضہ ہو اور بیماری کی وجہ سے داخل ہو یا اس کا نفاس منقطع ہو گیا ہو اور تنظیف کیلئے داخل ہو یا سخت سردی میں اس پر جنابت طاری ہو گئی ہو اور پانی گرم کرنے پر قدرت نہ رکھتی ہو اور ٹھنڈے پانی کے استعمال سے ضرر کا اندیشہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مردوں کیلئے حمام میں ایسی ازار کے بغیر داخل ہونا جائز نہیں ہے جو ناف سے گھٹنوں تک کے حصہ کے لئے ساتر نہ ہو۔ یہ بات مخفی نہیں کہ ان کے کلام سے مردوں اور عورتوں کے مابین نہی میں فرق کی کوئی حکمت ظاہر نہیں ہوئی۔ کیونکہ عورتیں عورتوں کے ساتھ ایسی ہیں جیسا کہ مرد مردوں کے ساتھ ہو بغیر کسی فرق کے۔

شاید عورتوں کو دخول حمامات سے منع فرمانے کی وجہ یہ ہو کہ غالباً وہ ایک دوسرے سے حیاء نہیں کرتی اور ایک دوسرے کے سامنے منکشف ہوتی ہیں اور ایک دوسری کو دیکھتی ہیں۔ یہاں تک کہ اجنبی عورتیں بھی ایسا ہی کرتی ہیں، چہ جائیکہ وہ قریبی ہوں۔ بیٹی ماں کے ساتھ یا جاریہ اور جاریہ حبشیوں کے ساتھ۔ یہ تو گھر میں بھی ایک دوسرے سے پردہ نہیں کرتیں، چہ جائیکہ حمام میں کریں۔ اس بات کا عورتوں کے حماموں میں اکثر مشاہدہ کیا گیا ہے خاص طور پر بلادِ عجم میں اور یہ کہ وہ سرے سے ازار ہی نہیں پہنتی مگر نادرۃ العصر مثلاً بادشاہ کی عورتیں، یا امراء کی عورتیں۔ اگر رعایا میں سے کوئی ایک عورت بھی ازار پہن لے، تو حمام میں ضرب وطرد کے ذریعہ اس کو ملامت کیا جاتا ہے۔ گویا کہ آپ علیہ السلام نے نور نبوّت سے اس فساد کو دیکھ لیا تھا، اس لئے سدِ باب کے طور پر ان کو منع کر دیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حجاب کو شق کرنے والی عورت

۴۴۷۵: وَعَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ قَالَ قَدِمَ عَلٰی عَائِشَةَ نِسْوَةٌ مِنْ اَهْلِ حِمْصَ فَقَالَتْ مِنْ اَیْنَ اَنْتُنَّ قُلْنَ مِنَ الشَّامِ قَالَتْ فَلَعَلَّكُنَّ مِنَ الْكُوْرَةِ الَّتِیْ تَدْخُلُ نِسَآئُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ بَلٰی قَالَتْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَخْلَعُ امْرَاَةٌ ثِیَابَهَا فِیْ غَیْرِ بَیْتِ زَوْجِهَا اِلَّا هَتَكَتِ السِّتْرَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ رَبِّهَا وَفِیْ رِوَایَةٍ فِیْ غَیْرِ بَیْتِهَا اِلَّا هَتَكَتْ سِتْرَهَا فِیْمَا بَیْنَهَا وَبَیْنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔

(رواه الترمذی وابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٠١ الحدیث رقم ٤٠١٠، والترمذی فی ٥/١٠٥ الحدیث رقم ٢٨٠٣، وابن ماجه فی ٢/٢٣٤ الحدیث رقم ٣٧٥١ والدارمی فی ٢/٣٦٥ الحدیث رقم ٢٦٥١، وأحمد فی المسند ٦/٢١٧۔

ترجمہ: ابوالملیح کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس شام کے مشہور شہر حمص کی کچھ عورتیں آئیں آپ نے ان سے دریافت فرمایا کہ تم کہاں کی رہنے والی ہو انہوں نے بتلایا کہ ہم شام کی رہنے والی ہیں تو آپؓ نے فرمایا کہ شاید کہ تمہارا تعلق اسی بستی سے ہے جہاں کی عورتیں حماموں میں جاتی ہیں۔ انہوں نے عرض کیا جی ہاں تو حضرت عائشہؓ فرمانے لگی کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جس عورت نے اپنے خاوند کے گھر کے علاوہ اور کسی گھر میں اپنے کپڑے اتارے تو اس نے اپنے اور اللہ کے درمیان حجاب کو پھاڑ ڈالا اور ایک اور روایت کے اندر یہ اس طرح ہے کہ اپنے گھر کے علاوہ جگہ میں اس نے اپنے پردے کو پھاڑ دیا جو اس کے اور عزت اور بزرگی والے اللہ ﷺ کے درمیان تھا (یعنی ان دو روایتوں میں فرق یہ ہے کہ پہلی روایت میں فی غیر بیت زوجھا کے الفاظ ہیں۔ اور دوسری میں فی غیر بیتھا کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ ہیں بقیہ الفاظ اسی طرح ہیں) یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: الکورة: شہر کو بھی کہتے ہیں، یا اس کا کوئی کونہ مراد ہے۔

قلن بلی: یہ دلیل ہے، کہ عرب لفظ "بلٰی" کو نفی اور غیر نفی کی تصدیق کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

قوله: لاتخلع امرأة ثيابها في غير بيت زوجها الا هتكت الستر بينها وبين ربها: کوئی عورت اپنے کپڑے اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ گھر میں اتارے، اگرچہ وہ گھر اس کے باپ یا ماں کا ہی کیوں نہ ہو۔ تو وہ حجاب' حیاء اور ادب کی چادر کو پھاڑ دیتی ہے ستر پوشی کا اہتمام کرے اور اپنے آپ کو اجنبی کی نگاہ سے بچائے کیونکہ وہ اس پر مامور ہے۔ یہاں تک کہ خلوت میں بھی کشف عورت نہیں کرنا چاہئے مگر یہ کہ جب وہ اپنے شوہروں کے پاس ہوں۔ لہٰذا اگر اس نے حمام میں بلاضرورت اپنے اعضاء کو منکشف کیا، تو درحقیقت اس نے اس ستر کی بے حرمتی کی' جس کا اللہ تعالیٰ نے اس کو حکم دے رکھا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے لباس نازل کیا ہے تا کہ قابل شرم حصوں کو اس کے ذریعہ چھپایا جائے اور وہ لباس تقویٰ ہے۔ جب وہ اللہ سے نہیں ڈرتیں اور اپنا ستر کھول دیتی ہیں تو وہ اپنے اور اللہ کے درمیان ستر کی بے احترامی کی مرتکب ہوتی ہیں۔

حمام میں بغیر تہبند داخل ہونے کی ممانعت

۴۴۷۶: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَتُفْتَحُ لَكُمْ اَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِيْهَا بُيُوْتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ اِلَّا بِالْاُزُرِ وَامْنَعُوْهَا النِّسَاءَ اِلَّا مَرِيْضَةً اَوْ نُفَسَاءَ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٣٠١ الحديث رقم ٤٠١١' وابن ماجه في ٢/ ١٢٣٣ الحديث رقم ٣٧٤٨۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عمروؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ سرزمین عجم کو تمہارے لئے فتح فرمائیں گے اور تم وہاں ایسے مقام پاؤ گے جن کو حمام کہا جاتا ہے ان میں تم بغیر تہبند کے داخل نہ ہونا اور بیمار اور نفاس والی عورت کے علاوہ اپنی عورتوں کو وہاں داخلے سے منع کرنا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ستفتح لكم أرض العجم: اس میں ماقبل تفسیر کی طرف اشارہ ہے۔ ستجدون فيها بيوتا: بعض نے کہا ہے کہ یہاں پر "وجدان" کی نسبت ان کی طرف کی ہے فتح کی نسبت ان کی طرف نہیں کی ہے۔ کیونکہ فتح ان کے فعل کی طرف مضاف نہیں ہے۔ بلکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حکم سے ہوئی ہے۔ قوله: فلايد خلنها الرجال الا بالأزر: یہ نہی مؤکد ہے۔

الا بالازرر: ازار کی جمع ہے۔

شرح السنہ میں حضرت جبیر بن نفیر سے منقول ہے کہ ملک شام میں ہمارے سامنے عمر بن خطاب کا خط پڑھا گیا جس میں یہ لکھا ہوا تھا، کہ تم میں سے کوئی شخص حمام میں داخل نہ ہو مگر ازار کے ساتھ اور کوئی عورت اس میں داخل نہ ہو مگر بیماری کی وجہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور تم اپنے کھیل کو تین چیزوں میں محدود کرو: ❶ الخیل ❷ النساء ❸ النضال"۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب وہ حمام میں داخل ہوتے تو یہ فرمایا کرتے تھے "نعم البیت الحمام یذهب الصنة ویذ کر النار" "بہترین گھر حمام ہے، جو "صنہ" کو ختم کر دیتا ہے اور آگ کو یاد کراتا ہے"۔ ازھریؒ کہتے ہیں کہ "الصنة" سے مراد "الصنان" یعنی بغل کی بو ہے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جحفہ میں ایک حمام دیکھا۔ وہ احرام کی حالت میں اس حمام داخل ہو گئے اور فرمایا "مایعبأ الله با وساخنا شیئا"۔ کہ اللہ تعالیٰ کو ہماری گندمیل کچیل سے کوئی سروکار نہیں۔

"احیاء العلوم" میں فرماتے ہیں کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ صحابہؓ شام کے حمامات میں داخل ہوئے۔ تو ان میں سے بعض نے کہا، کہ "بہترین گھر 'حمام' ہیں جو بدن کو صاف کرتے ہیں اور آگ یاد دلاتے ہیں۔ یہ حضرت ابودارداء اور حضرت ابوایوب انصاریؓ سے مروی ہے اور بعض نے کہا، کہ بدترین گھر حمام ہیں، جو ستر کو ظاہر کر دیتے ہیں اور حیاء کو ختم کر دیتے ہیں۔ یہ اس کی آفت کی وجہ سے اعراض کیا جا رہا ہے اور وہ اس کی خصلت کی وجہ سے اور افت سے احتراز کے وقت اس کا فائدہ طلب کرنے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔"

مؤمن اپنی عورت کو حمام میں نہ جانے دے

۴۴۷۷: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَیْرِ اِزَارٍ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَجْلِسْ عَلٰی مَائِدَةٍ تُدَارُ عَلَیْهَا الْخَمْرُ۔ (رواه الترمذی والنسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۱۰۴ الحدیث رقم ۲۸۰۱ والنسائی فی ۱/۱۹۸ الحدیث رقم ۴۰۱، وأحمد فی المسند ۳/۳۳۹۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ بلا تہبند حمام میں داخل نہ ہو اور جو شخص آخرت پر اور اللہ پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنی عورت کو حمام میں داخل نہ ہونے دے اور جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اس دسترخوان پر مت بیٹھے جہاں شراب کا دور چلتا ہو۔ یہ ترمذی اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: من کان یؤمن بالله والیوم الآخر: یہاں پر ایمان کے دو اطراف کا ذکر اختصار کی غرض سے فرمایا' اور اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے کہ یہ دونوں اصل ایمان ہیں اور "ایمان" سے مراد "کمال ایمان" ہے' یا تہدید مراد ہے۔

فلا یدخل: یہ باب افعال سے ہے۔ مطلب یہ کہ شوہر اپنی بیوی کو حمام میں داخل ہونے کی اجازت نہ دے اور اسی کے مفہوم میں ماں، بیٹی اور بہن وغیرہ بھی داخل ہیں۔ یعنی جو بھی عورت اس کے حکم کے تحت ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''احیاء العلوم'' میں ہے کہ مرد کیلئے یہ مکروہ ہے کہ وہ اپنی بیوی کو حمام کی اُجرت دے، کیونکہ اس صورت میں وہ اس مکروہ کام پر اس کا معاون ہے۔**قوله فلا يجلس على مائدةتدار عليه الخمر**: یعنی وہ اس جگہ سے بھی نہ گذرے جہاں اس دسترخوان پر شراب کے جام چل رہے ہوں، اورلوگ شراب پی رہے ہوں۔ کیونکہ اگر وہ نہ بھی پیئے تو اس پر واجب ہے کہ وہ ان کوشراب نوشی سے روکے۔ جب وہ بھی ان کے ساتھ بیٹھ گیا اوراس پر کوئی نکیر نہیں کی' نہ ہی ان سے اعراض کیا' اور نہ ہی ان پر غصہ ہوا تو وہ کامل مؤمن نہیں ہوگا۔

قوله:رواه الترمذی والنسائی:

اور ایک نسخہ میں ''ترمذی'' کی جگہ ''ابوداوٗد'' ہے۔لیکن پہلے کی تائید جامع صغیر کی اس عبارت سے ہوتی ہے. ''**رواه الترمذی والحاکم**''۔ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت باتفاق اہل معرفت موضوع ہے کہ آپ علیہ السلام ''جحفہ'' کے حمام میں داخل ہوئے۔ اگرچہ علامہ دمیریؒ وغیرہ کا خیال ہے کہ روایت میں اس طرح وارد ہوا ہے اور ایک ضعیف روایت میں یہ ہے:**انه ﷺ كان يتنور' وكان اذا كثر شعره اى شعر عانته حلقه**۔کہ آپ علیہ السلام نورہ لگاتے تھے' جب آپ موئے زیرناف زیادہ ہوجاتے تو حلق فرمادیتے۔ یہ روایت صحیح ہے۔ایک صحیح مرسل روایت میں ہے: **انه ﷺ كان اذا طلا بدأ بعا نته فطلا ها با لنورة وسائر جسده**۔

الفصل الثالث:

آپ ﷺ نے (سیاہ) خضاب استعمال نہیں کیا

۴۴۷۸:وَعَنْ ثَابِتٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْشِئْتُ اَنْ اُعَدَّ شَمَطَاتٍ كُنَّ فِيْ رَاْسِهِ فَعَلْتُ قَالَ وَلَمْ يَخْتَضِبْ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَقَدِ اخْتَضَبَ اَبُوْبَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ بَحْتاً ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۳۵۱/۱۰ الحديث رقم ۵۸۹۵ ومسلم في ۱۸۲۱/۴ الحديث رقم (۱۰۰۔۲۳۴۱' والنسائي في السنن ۱۴۰/۸ الحديث رقم ۵۰۸۶' وابن ماجه في ۱۹۸/۲ الحديث رقم ۳۶۲۹۔

ترجمہ: ثابت کہتے ہیں کہ انس بن مالکؓ سے جناب رسول اللہ ﷺ کے خضاب کے متعلق دریافت کیا گیا تو انس رضی اللہ عنہ کہنے لگے اگر میں چاہتا تو آپ کی ڈاڑھی مبارک اور سر کے سفید بالوں کو شمار کرسکتا تھا (پھر آپ ﷺ خضاب کیوں کرتے آپ ﷺ نے خضاب نہیں کیا) اور انس یا ثابت نے ایک روایت میں یہ زائد بات بھی کہی ہے کہ ابوبکر صدیقؓ نے مہندی اور کتم کا خضاب کیا اور عمرؓ نے صرف مہندی کا خضاب کیا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: ''أعد'': عین کے ضمہ کے ساتھ شمار کرنا' گننا

شطات: یہ ''شمطة'' کی جمع ہے' قاموس کے مطابق یہ حرکت کے ساتھ ہے' سر کے بالوں کی سفیدی جو سیاہی کے ساتھ ملی ہوئی ہو' اسے کہتے ہیں۔ النہایہ میں ہے کہ ''شمطات'' سے مراد ان کے سر کے سفید بال ہیں' ان بالوں کی قلت بیان کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقصود ہے۔**قولہ: ولم یختضب**: یہ روایت اختصاب لحیہ کی روایت سابق' اور ابن عمر کی اگلی روایت کے منافی نہیں۔فتدبر۔
"**فعلت**":اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ عددت۔ ❷ فعلت العد۔**قولہ: زاد فی روایۃ وقد اختضب أبوبکر ۔۔۔۔**:اس پر تفصیلی کلام گزر چکا ہے۔لہٰذا اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ڈاڑھی پر زردی کے چھینٹے ڈالنا

۴۴۷۹:وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى يَمْتَلِيءَ ثِيَابُهٗ مِنَ الصُّفْرَةِ فَقِيْلَ لَهٗ لِمَ تَصْبَغُ بِالصُّفْرَةِ قَالَ اِنِّیْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبَغُ بِهَا وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ يَصْبَغُ بِهَا ثِيَابَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى عِمَامَتَهٗ۔ (رواہ ابوداود والنسائی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٣٣٣ الحديث رقم ٤٠٦٤' والنسائی فی ٨/١٤٠ الحديث رقم ٥٠٨٥۔

ترجمہ:حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ وہ اپنی ڈاڑھی کو زردی کے ساتھ رنگتے یہاں تک کہ اس کے چھینٹے ان کے کپڑوں پر بھی پڑ جاتے تو کسی نے کہا کہ آپ زردی سے اپنی ڈاڑھی کو کیوں رنگتے ہیں تو وہ کہنے لگے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو زردی کے ساتھ اپنی ڈاڑھی رنگتے دیکھا اور آپ ﷺ کو ڈاڑھی کے خضاب کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہ تھی اور آپ ﷺ زردی سے اپنے تمام کپڑے یہاں تک کہ عمامہ بھی رنگتے تھے۔یہ ابوداوٗد اور نسائی کی روایت ہے۔

تشریح:**کان یصفر لحیتہ بالصفرۃ**:"صفرۃ" سے مراد "ورس" ہے۔وہ ایک بوٹی ہے، جو زعفران کے مشابہ ہوتی ہے۔کبھی زعفران کے ساتھ بھی ملائی جاتی ہے **قولہ: حتی یمتلی**:اس کو بصیغۂ تذکیر و تا' نیث دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔**ولم تصبغ**":بائے موحدہ کے ضمہ کے ساتھ ہے' اس کو فتحہ اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔**قولہ: انی رأیت رسول اللہ ﷺ یصبغ بھا**:بظاہر ابن عمر کی مراد یہ تھی کہ آپ علیہ السلام اپنی داڑھی کو زرد خضاب لگاتے تھے۔تاکہ یہ ابن عمرؓ کے اس فعل یعنی داڑھی کو زرد خضاب کرنے کے لئے دلیل بن سکے۔

امام سیوطیؒ نے مؤطا کے حاشیہ میں لکھا ہے،بعض نے کہا کہ اس سے مراد بالوں کو رنگنا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ کپڑوں کو رنگنا ہے،حسنؒ کہتے ہیں یہی زیادہ درست ہے کیونکہ آپ سے یہ منقول نہیں ہے کہ آپ نے بالوں کو خضاب کیا ہو۔عیاضؒ کہتے ہیں کہ یہ ان دونوں توجیہات میں سے زیادہ واضح ہے۔میں کہتا ہوں کہ یہ ثابت ہے کہ آپ نے ایک آدمی کو زعفران لگانے سے منع کیا ہے۔عصفر اور زعفران والا لباس پہننے والے پر نکیر بھی کی ہے۔تو یہ اس پر کیسے محمول کیا جائے گا؟

صحیح بات وہ ہے جو صاحب النہایہ نے کہی ہے کہ اس میں مختار قول یہ ہے کہ بعض اوقات آپ نے خضاب لگایا ہے لیکن اکثر اوقات اس کو ترک کیا۔لہٰذا ہر ایک نے اپنی رؤیت کے مطابق خبر دی ہے۔یہ تاویل جمع بین الاحادیث کے لئے گویا متعین ہے۔

قولہ: وقد کان یصبغ بھا ثیا بہ کلھا حتی عمامتہ:یعنی حضرت ابن عمرؓ کی پگڑی بھی اس رنگ سے متاثر ہو جاتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھی۔ یہ مطلب نہیں کہ کہ آپ اس کو رنگ لگاتے تھے اور پھر اس کو پہن لیتے تھے' کیونکہ اس سے ممانعت کا بیان ماقبل میں گزر چکا ہے۔ واللہ اعلم۔

شرح السنہ میں ہے کہ حضرت حسن بصریؒ اپنی داڑھی کبھی کبھار زرد کرتے اور کبھی اس کو چھوڑ دیتے۔ حضرت ابوامامہ، جریر بن عبداللہ، حضرت مغیرہ بن شعبہؓ اور عبداللہ بن بسرؓ سے مروی ہے، کہ وہ اپنی داڑھیوں کو زرد کرتے تھے۔ سالم بن عبداللہ اور سعید بن المسیبؒ بھی یہ کیا کرتے تھے اور کالے رنگ کے ساتھ خضاب کو مکروہ سمجھتے تھے۔ سعید بن جبیر تو فرماتے تھے کہ تم میں سے کوئی اللہ تعالیٰ کے اس نور کو، بجھانے کا ارادہ رکھتا ہے جو اس شخص کے چہرہ میں ہے۔ ان کی داڑھی اور سر کے بال بہت ہی سفید تھے۔

رنگین بال باعثِ برکت

۴۴۸۰: وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا مِّنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۳۵۲ الحديث رقم ۵۸۹۷۔

ترجمہ: عثمان بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کا ایک بال جو کہ رنگین تھا وہ ہمیں نکال کر دکھایا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: میرکؒ کہتے ہیں کہ ابن ماجہ اور احمد نے اس روایت میں "بالحناء والكتم" کا اضافہ کیا ہے اور ابن سعد نے نصیر بن اشعث کے طریق سے ابن موہب سے نقل کیا ہے "ان ام سلمه أرته شعر رسول الله ﷺ" کہ حضرت ام سلمۃ نے ان کو رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے بال دکھائے جو سرخ تھے۔ اس کی تخریج بخاریؒ نے بھی کی ہے۔

اور اسی طرح ترمذی نے "شمائل" میں حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے: رأيت شعر رسول الله ﷺ مخضوبا۔ کہ میں نے رسول اللہؐ کے بال خضاب لگائے ہوئے دیکھے۔ حالانکہ اس سے پہلے حضرت انسؓ کی روایت گذری ہے: کہ رسول اللہ نے خضاب نہیں لگایا۔

اس کی یہ توجیہ ہے کہ نفی سے مراد اکثر احوال کی نفی ہے' اور اثبات بعض اوقات کا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ایک کو حقیقت پر محمول کیا جائے اور دوسرے کو مجاز پر محمول کیا جائے بایں طور کہ آپ کے بالوں کا رنگ حناء کی وجہ سے متغیر ہوا تھا اور سر درد دفع کرنے کیلئے آپؐ نے یہ استعمال فرمائی تھی یا کثرت خوشبو کی وجہ سے اس کو مخضوب کہا۔ یا بڑھاپے کے ابتدائی آثار کی وجہ سے سرخ ہوتے بالوں کو مجازاً خضاب کہہ دیا۔ میرے نزدیک اصح قول یہ ہے کہ نفی خضاب کو بڑھاپے کی وجہ سے خضاب پر محمول کیا جائے گا اور اثبات کو آپ کی داڑھی کے بعض سفید بالوں پر محمول کیا جائے۔ پھر میں نے اسماعیلی کے نسخہ میں بخاریؒ کی روایت دیکھی۔ وہ کہتے ہیں، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آپ علیہ السلام داڑھی کا بال تھا جس پر حناء اور کتم کا اثر تھا۔ تو اس کو مطلق روایات پر محمول کیا جائے گا۔ جیسا کہ "شمائل" کے حوالہ سے گذرا: أن أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه سئل: هل خضب رسول الله ﷺ؟ قال: نعم کہ ابو ہریرہ سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے خضاب کیا تھا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہاں اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے متعلقہ تفصیلات ہم بیان کر چکے ہیں۔ اور شرح شمائل میں ہم نے اس کو بہت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

مخنث کا مدینہ منورہ سے اخراج

۴۴۸۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَاَمَرَبِهٖ فَنُفِيَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّیْ نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/٢٢٤ الحديث رقم ٤٩٢٨۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مخنث لایا گیا جس نے اپنے ہاتھ پاؤں مہندی سے رنگے ہوئے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کا کیا معاملہ ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عورتوں کے ساتھ مشابہت کرتا ہے یعنی قول اور فعل میں۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مدینہ منورہ سے نکال دینے کا حکم دیا چنانچہ اسے مدینہ سے مقام نقیع کی طرف جلاوطن کر دیا گیا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم اس کو قتل کر دیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں، تو ہم اس کو قتل کر ڈالیں کیونکہ یہ فسق و فجور کا سبب ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے نمازیوں کے قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: المخنث: اس لفظ کا ضبط و معنی ماقبل میں بیان ہو چکا ہے۔ ''نقیع'': نون کے ساتھ ہے مدینہ میں واقع ایک جگہ کا نام ہے۔

جو حمی تھی۔ یعنی مدینہ کا سرحدی اور مضافاتی علاقہ تھا۔ ''لا نفتله'': صیغہ جمع متکلم کے ساتھ ہے' اور ایک نسخہ میں صیغہ خطاب کے ساتھ ہے۔

اس حدیث کی وجہ سے اصحاب شافعیؒ کی یہ دلیل ختم ہوگئی کہ جو قصداً نماز ترک کرے اس کو قتل کر دیا جائے گا۔ کیونکہ ''مصلی'' اس شخص کو کہتے ہیں کہ جس پر فعل صلاۃ غالب ہو۔ ایک دفعہ یا دو دفعہ ترک کرنے سے وہ اس وصف سے نہیں نکلتا اور نہ ہی عرف میں ایک دفعہ یا زائد مرتبہ نماز پڑھنے والے کو ''نمازی'' کہا جاتا ہے اور نہ ہی اس پر ''مصلی'' کا اطلاق ہوتا ہے جس پر فعل صلاۃ غالب نہ ہو۔ اسی لئے ہمارے بعض ائمہ نے کہا ہے کہ جس نے ہمارے زمانہ کے بادشاہ کو عادل کہا وہ کافر ہے، اگرچہ بعض اوقات وہ عدل بھی کرتا ہو۔ ہاں البتہ مفہوم مخالف کے طور پر یہ دلیل بن سکتا ہے ان قائلین کی جو اس کے قصداً ترک کرنے والے کو قتل کرنے کے قائل ہیں۔ کیونکہ انہوں نے شعائر اسلام میں سے اکبر شعار کو ترک کیا ہے۔ لیکن ان کا قتل بھی بطریقہ مقاتلہ ہوگا۔ اس لئے ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگر کسی شہر والوں نے اذان کو ترک کر دیا تو ہم ان کے ساتھ مقاتلہ کریں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلوق کی وجہ سے سر پر ہاتھ نہ پھیرنا

۴۴۸۲: وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ اَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُوْنَهُ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْا لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْءَ بِىْ اِلَيْهِ وَاَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِىْ مِنْ اَجْلِ الْخُلُوْقِ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٤٠٤ الحديث رقم ٤١٨١، وأحمد فی المسند ٤/٣٢۔

ترجمہ: حضرت ولید بن عقبہؓ سے روایت ہے کہ جب آپ ﷺ نے مکہ کو فتح کر لیا تو مکہ والے اپنے لڑکوں کو آپ ﷺ کے پاس لانے لگے آپ ﷺ ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے اور ان کے لئے برکت کی دعا فرماتے یعنی شفقت کے طور پر سر پر ہاتھ پھیرتے مجھے بھی آپ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا میں خلوق سے آلودہ تھا تو آپ ﷺ نے خلوق سے آلودہ ہونے کی بناء پر مجھے ہاتھ نہ لگایا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

الولید بن عقبۃ ۔ یہ ولید ہیں۔ عقبہ کے بیٹے۔ کنیت ''ابو وہب'' ہے۔ قرشی اور عثمان بن عفان ؓ کے ماں شریک بھائی ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے۔ اس وقت جوان ہونے کے قریب تھے۔ حضرت عثمان ؓ نے ان کو کوفہ کا والی مقرر فرمایا۔ یہ قریش کے جوانمردوں اور شاعروں میں سے ہیں۔ ان سے ابوموسیٰ ہمدانی وغیرہ نے روایت کی۔ ''رقہ'' میں وفات پائی۔

تشریح: ''ويمسح رؤسهم'' سے احتمال اول کی تائید ہوتی ہے۔

''مخلق'': خائے معجمہ کے فتحہ اور لام کی تشدید کے ساتھ۔ (یہ ''تخلیق'' سے ہے جس کا معنی ہے ''خلق خوشبو لگانا'')

''الخلوق'': مہذب میں ہے کہ ''خلوق'' ایک قسم کی خوشبو ہے جو ''صفرة'' (زردی) کی طرف مائل ہوتی ہے۔

آپ ﷺ ان کے سر پر دست شفقت پھیرنے سے رک گئے، کیونکہ ''خلوق'' عورتوں کی خوشبو ہے۔ اس کو مس کرنے سے عورتوں کے ساتھ تشبہ لازم آتا ہے۔ چنانچہ یہ مردوں کیلئے ممنوع ہے۔

بالوں کے احترام کا حکم

۴۴۸۳: وَعَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِىْ جُمَّةً اَفَاُرَجِّلُهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ اَبُوْقَتَادَةَ رُبَمَا دَهَّنَهَا فِى الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ اَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا۔ (رواه مالك)

أخرجه مالك فی الموطأ ٢/٩٤٩ الحديث رقم ٦ من كتاب الشعر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے جمہ بال ہیں (یعنی مونڈھوں تک بال ہیں) کیا میں ان میں کنگھی کروں آپ ﷺ نے فرمایا ہاں! ان کا احترام کرو۔ یعنی تیل کنگھی وغیرہ کیا کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہ بالوں کی تعظیم کے ارشاد کے بعد منہمک ہو کر دن میں دو مرتبہ بالوں کو تیل لگا لیا کرتے تھے۔ یہ مؤطا کی روایت ہے۔

تشریح: ''جمة'': جیم کے ضمہ اور میم کی تشدید کے ساتھ۔ وہ بال جو کندھوں تک پہنچتے ہوں۔ اُرجلها: جیم مکسورہ مشددہ کے ساتھ ہے دهنها: ھاء کو مشدد و مخفف دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے المغرب میں ہے،: دهن رأسه أو شاربه اذا طلاه بالدهن (سر پر یا داڑھی پر تیل ملنا)۔ اور القاموس میں: يدهن رأسه اذا بله با لدهن (سر کو تیل سے تر کرنا)۔ اس سے دن میں دو مرتبہ داڑھی میں کنگھی کرنے کا جواز نکلتا ہے۔ البتہ عراقی وغیرہ کا اس میں اختلاف ہے' جیسا کہ ماقبل میں گذر چکا ہے۔

ابو داؤدؒ نے حضرت ابو ہریرہ سے اور بیہقیؒ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے: ''اذا كان لاحدكم شعر فليكرمه''. جب کسی آدمی کے بال ہوں تو اسے چاہیے کہ ان کا خیال رکھے۔

دو گیسو جائز ہیں

۴۴۸۴: وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِیْ اُخْتِیَ الْمُغِیْرَةُ قَالَتْ وَاَنْتَ یَوْمَئِذٍ غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ اَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَاْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَیْكَ وَقَالَ احْلِقُوْا هٰذَیْنِ اَوْقُصُّوْهُمَا فَاِنَّ هٰذَا زِیُّ الْیَهُوْدِ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٤١٢ الحديث رقم ٤١٩٧۔

ترجمہ: حضرت حجاج بن حسانؒ کہتے ہیں کہ میں اپنے اہل سمیت حضرت انسؓ بن مالک کی خدمت میں گیا میری بہن مغیرہ نے روایت بیان کی وہ کہنے لگی کہ تم اس وقت چھوٹے بچے تھے اور تمہارے دو گوندھے گیسو تھے یا یہ کہا: لك قصتان اور حضرت انسؓ نے تمہارے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا دی اور یہ فرمایا کہ ان کو کتروا ڈالو یا منڈوا دو کہ یہود کی جیسی ہیئت ہے یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

الحجاج بن حسان۔ یہ حجاج بن حسان حنفی ہیں۔ ''حجاج'' میں حائے مفتوح اور پہلی جیم مشدد ہے اور ''حصان'' میں سین مہملہ مشدد ہے۔ لفظ حسان کو منصرف و غیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔ بصریوں میں شمار ہوتے ہیں۔ تابعی ہیں۔ انس بن مالک رضی اللہ عنہ وغیرہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے احادیث کو سنا ہے ان سے یحییٰ بن سعید اور یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

تشریح: '' حسان'': اس کو منصرف و غیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔

حدثتنی اختی المغیرة: ''المغیرة'' بدل ہے، یا عطف بیان ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ''مغیرة'' اسم مشترک ہے مرد و زن پر ہر دو کا نام ہو سکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قالت'': یہ ''حدثت'' سے بدل ہے۔ یا استیناف بیان ہے۔ ''وأنت یومئذ غلام'': علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ جملہ مقدر (یعنی ذوالحال مقدر) سے حال ہے۔ای أنا اذکر انا دخلنا علی انس مع جماعة ولکن انسیت کیفیة الدخول فحدثتنی اختی وقالت أنت یوم دخولك علی انس غلام ۔الخ ان مغیرہ نے حضرت انسؓ کو دیکھا ہے اور ان سے روایت بھی کی ہے۔ مؤلف نے یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ ان کے بھائی حجاج نے بھی ان سے ''باب الرجل'' میں حدیث نقل کی ہے۔

قرنان او قصان: ضفیرہ (زلفوں) کو کہتے ہیں۔ ''قصتان'': قاف کے ضمہ اور صاد کی تشدید کے ساتھ ماتھے کے بالوں کو کہتے ہیں۔ ''أو قصان'': بعد کے راویوں میں سے کسی کو شک ہے ''زیّ'': زاء کے کسرہ اور یاء تشدید کے ساتھ أو قصوھما: یہ ''او'' تنویع کے لئے ہے' بعض کا زعم ہے کہ یہ برائے شک ہے۔ ''برك'': راء کی تشدید کے ساتھ بمعنی ''بارك'' (برکت کی دعا کرنا) ''ھذا'': اس کا مشارالیہ محذوف ہے۔ای ھذا الزی کیونکہ یہ یہود کی ہیئت و عادت ہے کہ وہ اپنی اولاد کے سر کے بال ایسا ہی بنواتے ہیں' لہٰذا تم ان کی مخالفت کرو۔

اس سے پہلے قزع (آدھے سر کے بال کاٹنا اور آدھے چھوڑنا اس) کی ممانعت کا بیان گذر چکا ہے اور یہ حدیث بھی گذر چکی ہے: ''احلقوہ او اترکوہ کله'' اس کو ابوداؤد اور نسائی نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔

عورت کا سر منڈوانا ناجائز ہے

۴۴۸۵: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْ لُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا۔

(رواہ النسائی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۳/۲۵۷ الحدیث رقم ۹۱۴' والنسائی فی ۸/۱۳۰ الحدیث رقم ۵۰۴۹۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے عورت کو سر منڈوانے سے منع فرمایا یہ نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: عورت کو سر منڈوانے سے منع فرمایا اس لئے کہ عورتوں کے بال مردوں کے داڑھیوں کی طرح ہیں۔ اس سے بطریق مفہوم مخالف آدمی کیلئے حلق کا جواز نکلتا ہے اور اس کے جواز میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ بلکہ اختلاف اس میں ہے کہ کیا سنت ہے؟ چونکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ حلق کرواتے تھے' اور اس پر آپؐ کی ''تقریر'' ثابت ہے فرمایا: ''علیکم بسنتی وسنة الخلفآء الراشدین المھدیین'' یا یہ کہ سنت نہیں ہے کیونکہ آپ علیہ السلام نے اور آپؐ کے سارے صحابہؓ نے حلق کے ترک پر مواظبت کی ہے۔ مگر سوائے نسکین (حج و عمرہ) سے فراغت کے بعد۔ لہٰذا حلق میں صرف رخصت ہے' استحباب نہیں' یہی زیادہ واضح ہے۔ (واللہ اعلم)

تخریج: و کذا النسائی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سر کے بالوں کو شیطان کی طرح پراگندہ مت کرو

۴۴۸۶: وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ يَاْمُرُهٗ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِنْ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ شَيْطَانٌ۔ (رواه مالك)

أخرجه مالك في الموطأ ۲/ ۹۴۹ الحديث رقم ۷ من كتاب الشعر

ترجمہ: حضرت عطاء بن یسارؒ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص آیا جس کے سر اور ڈاڑھی کے بال پراگندہ تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف اپنے دست مبارک سے اشارہ فرمایا یعنی اس طرح اشارہ کیا کہ جس سے وہ ڈاڑھی اور سر کے بارے میں کچھ سمجھ جاتا کہ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو سر اور ڈاڑھی کے بالوں کو سنوارنے کا حکم دے رہے ہیں چنانچہ اس نے اپنے بالوں کو سنوارا اور پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا یہ حالت بہتر نہیں اس سے کہ تم میں سے کوئی شخص سر کے بالوں کو شیطان کی طرح پراگندہ کر کے آنے والا ہو یعنی یہ بدہیئتی گویا شیطان کی شکل ہے۔ یہ حدیث امام مالکؒ نے نقل کی ہے۔

تشریح: فی المسجد: اطلاق کی وجہ سے مسجد مدینہ مراد ہے۔ لہٰذا ''المسجد'' کا لام عہد ذہنی کیلئے ہے۔

میرک کہتے ہیں کہ عطاء مشہور تابعی ہیں۔ لہٰذا اولیٰ یہ تھا کہ مصنف یوں فرماتے: ''رواه مالك مرسلاً''۔ میں کہتا ہوں کہ گویا کہ انہوں نے اس کی شہرت پر اعتماد کیا ہے' ورنہ تو یہ بات متعین ہے کہ انہیں چاہئے تھا کہ وہ اس پر تنبیہ فرماتے۔ پس اولیٰ کی تعبیر اس وجہ سے اختیار کی ہے۔

اللہ تعالیٰ کو پاکیزگی پسند ہے

۴۴۸۷: وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطِّيْبَ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَّادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ۔ (رواه الترمذي)

أخرجه الترمذي في السنن ۵/ ۱۰۳ الحديث رقم ۲۷۹۹۔

ترجمہ: ابن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ بات سنی کہ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاکیزگی کو پسند فرماتے ہیں اور خود بھی پاک ہیں اور سخاوت اور کرم کو پسند کرنے والے ہیں اور خود بھی کریم اور بخشش والے ہیں۔ پس تم صاف رکھو۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ ابن مسیبؒ نے یہ کہا کہ تم اپنے صحنوں کو صاف رکھو اور تم یہود کی مشابہت مت اختیار کرو کیونکہ ان کے صحن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوڑے کرکٹ سے ناپاک اور خراب ہوتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے یہ قول مہاجر بن مسمار سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ عامر بن سعد نے اپنے باپ سے یہ روایت نقل کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی طرح بات فرمائی جیسے سعید ابن مسیبؒ نے کہی ہے۔ صرف فرق اس بات میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے گھر کے صحنوں کو صاف ستھرا رکھو یعنی اس روایت میں افنیتکم کا لفظ صراحۃً مذکور ہے۔ سعید ابن مسیّب کے قول کی طرح شک کے ساتھ نہیں۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: سمع: یہ مجہول کا صیغہ ہے۔ اور ضمیر ''ابن المسیب'' کی طرف راجع ہے۔

یقول: حال ہے، یا مفعول ثانی ہے۔ ''طیب'': طاء کے کسرہ کے ساتھ ہے' اس کے کئی معنی ہو سکتے ہیں: ❶ طیب الحال' ❷ طیب القال ❸ الریح الطیب۔

قولہ: ان اللّٰہ طیب:

یعنی اللہ تعالیٰ نقائص سے مبرا ہے اور عیوب سے پاک ہے۔ اچھی حالت اور اچھی بات کو پسند فرماتا ہے یا اچھی خوشبو کو پسند کرتا ہے۔ مطلب یہ کہ وہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ بندے خوشبو استعمال کریں اور ان سے اس فعل کے سبب خوش ہوتا ہے۔ یہ اگلے جملہ کے زیادہ مناسب حال ہے۔

قولہ: نظیف یحب النظافۃ:

یعنی ظاہری و باطنی طہارت کو پسند کرتا ہے۔ اور ایک نسخہ میں طاء کے فتحہ اور یاء مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ چنانچہ مراد یہ ہوگی، کہ جو شخص پاکیزہ عقائد، اقوال، افعال، اخلاق و احوال سے متصف ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کو پسند کرتا ہے۔

قولہ: کریم یحب الکرم جواد یحب الجود: امام راغبؒ فرماتے ہیں ''الجود'' اور ''الکرم'' میں فرق یہ ہے کہ ''جود'' قیمتی چیزوں کو خرچ کرنے کا نام ہے اور کہا جاتا ہے: ''رجل جواد وفرس جواد'' کیونکہ وہ بھی دشمن کے مقابلے میں ساری طاقت خرچ کر دیتا ہے اور ''کرم'' سے کسی انسان کو متصف کیا جائے تو یہ نام ہوتا ہے ان محمود اخلاق و افعال کا جو اس سے ظاہر ہوتے ہیں' اور اس کو کریم نہیں کہہ سکتے جب تک کہ ان چیزوں کا ظہور اس سے نہ ہو جائے اور اسی سے اللہ تعالیٰ کا یہ قول بھی ہے: ﴿ان اکرمکم عند اللّٰہ اتقکم﴾ [الحجرات: ۱۳] اور یہ اس وجہ سے کہ افعال محمودہ میں سے سب سے زیادہ کرم اور شرف والے افعال وہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی رضاء مقصود ہو۔ لہٰذا جو کوئی بھی اپنے اچھے افعال کے ذریعہ اس کا قصد و ارادہ کرے گا وہ ''تقی'' ہوگا۔ چنانچہ اس وقت ''اکرم الناس'' کا مصداق شخص 'اتقی الناس'' ہوگا اور ہر وہ چیز جو اپنے باب میں قابل شرف ہو' اس کو کرم کے ساتھ موصوف کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **وانبتنا فیھا من کل زوج کریم** [لقمان: ۱۰] **ومقام کریم** [الشعراء۔۵۸] **انہ لقرآن کریم** [الواقعۃ۔۷۷]

فنظفوا: علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس میں فاء جواب ہے شرط محذوف کا۔ ای ''**اذا تقرر ذلك فطیبوا کل ما أمکن تطییبہ**'' یعنی ہر اس چیز کو صاف کرو، جس کا صاف کرنا تمہارے لئے آسان ہو' یہاں تک کہ گھر کے صحن کو بھی ''فنا'' گھر کے سامنے کے وسیع حصہ کو کہتے ہیں۔ نہایت کرم و جود سے کنایہ ہے۔ کیونکہ جب گھر کا صحن وسیع اور پاک و صاف ہو، وہ مہمانوں کے لانے کا زیادہ داعی ہوتا ہے اور آنے جانے والوں کیلئے باعث کشش ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"أراه ای أظنه" اوراس کا فاعل ابن مسیّب کا سامع ہے۔ أی "اظن ابن المسیب" قال۔

"أفنیتکم": یہ نصب کے ساتھ ہے کیونکہ "نظفوا" کا مفعول بہ ہے۔

"افنیة": فناء کی جمع ہے۔ یعنی گھر کا صحن اور اس کا باہر کا آس پاس کا حصہ مراد ہے۔

"ولا تشبهوا": اس کا عطف "نظفوا" پر ہے۔ یہاں پر دو تاء میں سے ایک تاء حذف ہوئی ہے۔ "ای لا تکونوا متشبهین"۔ یعنی عدم نظافت اور عدم طہارت میں اور قلة تطیب اور کثرۃ بخل میں اور خسة و دناءة میں اور اسی وجہ سے ان پر ذلت و رسوائی مسلط کر دی گئی۔ برخلاف نصاریٰ کے کہ ان کو ظاہری طور پر عزت و سلطنت عطاء کی گئی اور شاید اس کی اصل (وجہ) وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ذکر فرمائی ہے: ﴿لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ﴾ [المائدة:٨٢] "(اے پیغمبر!) تم دیکھو گے کہ مومنوں کے ساتھ سب سے زیادہ دشمنی کرنیوالے یہودی اور مشرک ہیں اور دوستی کے لحاظ سے مومنوں سے قریب تر ان لوگوں کو پاؤ گے جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس لیے کہ ان میں عالم بھی ہیں مشائخ بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے۔"

قوله: قال: فذكرت ذلك لمهاجر بن مسمار: مهاجر میم کے ضمہ اور جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے اور مسمار میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

"نظفوا افنیتکم": اس کی وجہ سے حدیث کے دو طرق بن جاتے ہیں۔ ایک طریق ابن سعد پر موقوف ہے اور دوسرا طریق مرفوع ہے۔ لیکن اس اسناد میں سامع مجہول ہے اور ممکن ہے کہ اصل سند میں معلوم ہو۔ اسی وجہ سے مؤلفؒ نے "رواه الترمذی" ارشاد فرمایا اور ضعف اسناد کو کوئی تعارض نہیں کیا۔ البتہ امام سیوطیؒ نے جامع صغیر میں حدیث مرفوع کو ذکر کیا ہے اور کہا ہے: امام ترمذی نے اس حدیث کو سعد سے روایت کیا ہے اور ابن مسیّب کے طریق کو ذکر نہیں کیا ہے۔

بڑھاپا وقار ہے

۴۴۸۸: وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ اَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَاَوَّلَ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَاَوَّلَ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهُ وَاَوَّلَ النَّاسِ رَاَى الشَّيْبَ فَقَالَ يَارَبِّ مَا هٰذَا قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَارٌ يَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَبِّ زِدْنِيْ وَقَارًا۔ (رواه مالك)

أخرجه مالك فی الموطأ ۲/۹۲۲ الحدیث رقم ٤ من كتاب صفة النبی ﷺ.

ترجمہ: یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ میں نے سعید ابن مسیّبؒ کو کہتے سنا کہ ابراہیم علیہ السلام پہلے شخص ہیں جنہوں نے مہمان کی مہمانی کی ان سے یہ سلسلہ شروع ہوا اور وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ختنہ کیا اور وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے لبیں کاٹیں (یعنی مونچھیں درست کیں) اور وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے سفید بال اپنی ڈاڑھی اور سر میں دیکھے تو عرض کیا پروردگار یہ کیا ہے تو اللہ جل جلالہٗ نے فرمایا کہ یہ وقار ہے یعنی بڑھاپا حلم اور وقار پیدا کرتا ہے اور لہو ولعب اور ارتکاب معاصی سے روکتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔تو ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے اللہ میرے اس وقار میں اضافہ فرما۔اس روایت کو امام مالک نے نقل کیا ہے۔

تشریح: "اول الناس ضیف:

"ضیف": یائے مشددہ کے ساتھ ہے یہ "کان" کی خبر ہے اور "اول الناس" اس کے لئے ظرف ہے اور مابعد کی ترکیب بھی اسی طرح ہے اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ "اول الناس" کان کی خبر ہو، اور "ضیف" بتأ ویل مصدر ہو کر تمیز واقع ہوا ہو۔أی اول الناس تضیفیاً۔"ضیف الضیف" یہ کلام مجاز پر محمول ہے باعتبار مایوؤل کے ہے۔جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول ہے: "اذا اراد احدکم الحج فلیتعجل فانہ یمرض المریض ویضل الضالۃ"۔ یہاں پر بھی متوقع "ضیف" و "مریض" اور "ضال" کو ضیفاً مریضاً اور ضالۃً کہہ دیا ہے۔(یہ علامہ طیبیؒ کی تحقیق ہے)۔

اظہر یہ ہے کہ "ضیف" یہاں "اطعم الضیف واکرمھم" کے معنیٰ میں ہے۔تو اس میں ایک نوع کی تجرید ہے۔

قولہ: واول الناس اختتن: لوگوں میں سے پہلا ختنہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا' کیونکہ تمام انبیاء پیدائشی طور پر مختون تھے اور سب لوگ ختنہ پر مامور نہیں تھے۔جب حضرت ابراہیمؑ نے ختنہ کیا تو بعد کے لوگوں کیلئے "سنت" بن گیا قولہ: وأول الناس قص شاربہ: احتمال ہے کہ انہی کی مونچھیں بڑھی ہوں۔یا یہ کہ پہلی اُمتوں کیلئے یہ امر تعبدی نہیں تھا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس قص کو مبالغہ پر محمول کیا جائے۔اس صورت میں یہ ان کی خصوصیات میں سے ہوگا اور ان کے بعد والوں نے ان کی اتباع کی۔

"واول الناس رأی شیئاً" یعنی داڑھی میں سفیدی نظر آئی۔ظاہر سے یہی معنی مستفاد ہوتا ہے اور اگلے کلام سے بھی بولے۔

اے میرے ربّ یہ کیا ہے؟ یعنی اس تغیر میں کیا حکمت ہے۔ **قولہ**: قال الرب تبارك وتعالیٰ: وقار یا ابراھیم: یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ "اے ابراہیم یہ وقار اور عزت کا سبب ہے۔وقار اصل میں "رزانۃ العقل اور "تانی فی الامور" کو کہتے ہیں اور اس پر صبر و حلم' عفو اور خصال حمیدہ کا ترتب ہوتا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "شیب" کو "وقار" اسلئے کہا کہ بڑھاپے کا زمانہ رزانۃ نفس کا زمانہ ہے اور سکون وثبات مکارم الاخلاق میں سے ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ما لکم لا ترجون اللّٰہ وقاراً﴾۔ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مالکم لاتخافون للہ عاقبۃ کہ تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے ہو۔کیونکہ عاقبت استقرار امور اور ثبات ثواب وعتاب کی حالت ہوتی ہے۔ وقر اذا ثبت واستقر سے ماخوذ ہے۔

قولہ: رب زدنی وقارا": آپؐ نے "رب زدنی شیبا" سے عدول کیا "رب زدنی وقارا" کی طرف' اس میں ایک لطیف نکتہ ہے جو مخفی نہیں ہے۔اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی کے وقار کو زیادہ کیا باوجویکہ آپؐ پر اس قدر بڑھاپا نہیں آیا تھا۔یہ بحث ماقبل بھی گذر چکی ہے۔

قولہ: رواہ مالك: یعنی اس کو مرسلاً روایت کیا ہے اور اس (یعنی "مرسلاً) کو اس کے ظہور کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے۔کیونکہ ابن مسیبؒ مشہور تابعین میں سے ہیں۔امام سیوطیؒ نے حاشیۂ موطأ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام وہ پہلے شخص ہیں، جنہوں نے ناخن تراشے' سر میں مانگ نکالی' زیر ناف بال کاٹے' شلوار پہنی اور کتم کا خضاب لگایا' منبر پر خطبہ دیا' اللہ تعالیٰ کے رستے میں قتال کیا جنگ میں لشکر کو میمنہ' میسرہ' مقدمہ' مؤخرہ اور قلب کے طور پر مرتب کیا ہے، معانقہ کیا اور ثرید بنائی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ التَّصَاوِيْرِ

تصاویر کا بیان

''تصاویر'' یہ ''تصویر'' کی جمع ہے، صورت بنانے کے عمل کو بھی کہتے ہیں۔ یہاں ''تصویر'' سے مراد ذوات الروح میں سے اللہ تعالیٰ کی کسی مخلوق کے مشابہ صورت بنانا ہے' جو دیوار یا پردے پر ہو۔ (کماذکرہ ابن الملکؒ)

الفصل الاول:

فرشتوں کی برکات سے محروم رکھنے والے ''کتا اور تصویر''

۴۴۸۹: عَنْ اَبِیْ طَلْحَۃَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ لَاتَدْخُلُ الْمَلٰئِکَۃُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَلَا تَصَاوِیْرُ۔

(متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۳۸۰ الحدیث رقم ۵۹۴۹ ومسلم فی ۳/۱۶۶۵الحدیث رقم (۸۳-۲۱۰۶)' وأبو داؤد فی السنن ۴/۳۸۴ الحدیث رقم ۴۱۵۳' والترمذی فی ۵/۱۰۶ الحدیث رقم ۲۸۰۴' والنسائی فی ۸/۲۱۲ الحدیث رقم ۵۳۴۷' وابن ماجه فی ۲/۱۲۰۳ الحدیث رقم ۳۶۴۹' وأحمد فی المسند ۴/۲۹۔

ترجمہ: حضرت ابوطلحہؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس گھر میں کتا اور تصاویر ہوں وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **لا تدخل الملائکة**: یہ صیغہ تذکیر و تانیث دونوں کے ساتھ جائز ہے۔ اس سے مراد ملائکہ رحمت ہیں نہ کہ حفاظت پر مامور اور موت والے ملائکہ۔ اس میں ان کی کراہت کی طرف بھی اشارہ ہے۔ لیکن وہ ان کاموں پر مامور ہوتے ہیں اور جو ان کو جو حکم دیا جاتا ہے وہ اسے بجالاتے ہیں۔

بیتا فیه کلب: سے مراد رہائش کی جگہ ہے' اس سے شکار، کھیتی اور چوپاؤں کی حفاظت کے لئے رکھے جانے والے کتے مستثنیٰ ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ یہ بھی مانع ہیں اگر چہ ان کا رکھنا حرام نہیں ہے۔ **ولا تصاویر**: یہ تمام انواع کی صورت کو شامل ہے۔ البتہ وہ چیزیں جن کو پاؤں کے ساتھ روندا جاتا ہو۔ ان میں رخصت ہے۔ جیسا کہ علامہ ابن الملکؒ نے اس کو ذکر کیا ہے۔

علامہ خطابیؒ کہتے ہیں کہ دراصل ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں وہ کتے اور تصویریں ہوں جو حرام ہیں۔ البتہ جو کتے حرام نہیں ہیں، مثلاً کھیتی، شکار اور ماشیہ کیلئے رکھے گئے کتے اور وہ تصویریں جو حرام نہ ہوں۔ یعنی جو بستروں اور تکیوں میں ہوں تو یہ دخول ملائکہ کیلئے مانع کی حیثیت نہیں رکھتے۔ امام نوویؒ کہتے ہیں کہ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہ حکم کلب اور تصویر کے بارے میں عام ہے اور ان سب کی وجہ سے یہ ملائکہ گھر وغیرہ میں داخل نہیں ہوتے ہیں کیونکہ احادیث مطلق ہیں اور اس لئے بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی علیہ السلام کے گھر میں کتا چار پائی کے نیچے تھا' اس میں تو عذر ظاہر تھا کیونکہ نبی علیہ السلام کو اس کا علم نہیں تھا مگر اس کے باوجود جبرئیل علیہ السلام آپؐ کے گھر میں داخل نہیں ہوئے۔

علماء کرام فرماتے ہیں کہ فرشتوں کا تصویر والے گھر میں داخل نہ ہونا اس وجہ سے ہے کہ تصویر ان چیزوں میں سے ہے، کہ جن چیزوں کی اللہ تعالیٰ کے علاوہ عبادت کی جاتی ہے اور جس گھر میں کتا ہو اس میں فرشتے اس لئے داخل نہیں ہوتے، کہ کتا گندگی کھاتا ہے اور اسلیئے بھی کہ ان میں سے بعض کو شیطان کہتے ہیں۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے، اور ملائکہ شیطان کی ضد ہیں اور اس لئے بھی کہ کتوں سے قبیح قسم کی بو آتی ہے اور جو کوئی کتا رکھے گا اس کی سزا یہ ہے کہ اس کو محروم کر دیا جائے بایں طور کہ نہ ملائکہ اس کے گھر میں داخل ہوں اور نہ اس کے لئے دعائے رحمت واستغفار کریں۔ یہ فرشتے حفاظت کرنے والوں کے علاوہ ہیں' کیونکہ وہ مکلفین سے جدا نہیں ہوسکتے۔ ہمارے اصحاب اور دوسرے علماء فرماتے ہیں کہ حیوان کی تصویر بنانا شدید حرام ہے اور کبائر میں سے ہے، کیونکہ اس پر یہ شدید قسم کی وعید وارد ہوئی ہے۔ چاہے کپڑے پر بنائے یا بستر پر دراہم و دینار پر بنائے یا کسی اور چیز پر۔ البتہ درختوں' کجاوہ اور پہاڑ اور اس طرح کی دوسری چیزوں کی تصویر بنانا حرام نہیں ہے۔ یہ نفس تصویر کا حکم ہے۔ البتہ اگر حیوان کی تصویر بنائے، تو اگر وہ دیوار پر معلق ہے چاہے اس تصویر کا سایہ ہو یا نہ ہو' یا کپڑے پر بنائے اور وہ کپڑا ملبوس ہو یا عمامہ یا اس طرح کی چیز ہو تو وہ بھی حرام ہے۔ البتہ تکیہ اور اس جیسی وہ چیزیں جس کو روندا جاتا ہے تو ان پر تصویر حرام نہیں ہے۔ لیکن کیا یہ بھی دخول ملائکہ کا مانع بنتا ہے یا نہیں؟ تو اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

قاضی عیاضؒ کہتے ہیں البتہ وہ گڑیا جو بچیوں کے کھیل کے لئے کپڑوں سے بنائی جاتی ہے تو اس میں رخصت ہے۔ لیکن امام مالک نے آدمی کیلیئے اس کے خریدنے کو مکروہ لکھا ہے اور بعض نے یہ دعوٰی کیا ہے کہ ان کے ساتھ بچیوں کے کھیلنے کی اباحت ان احادیث سے منسوخ ہو چکی ہے۔ واللہ اعلم۔

جامع صغیر میں ہے، کہ اس حدیث کو احمدؒ، شیخین، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے ابوطلحہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں: "لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا صورة"۔ امام احمدؒ، ترمذی، ابن حبان نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یوں روایت کیا ہے: "ان الملائكة لا تدخل بيتاً فيه تماثيل او صورة"۔ ابن ماجہ نے حضرت علی سے اس طرح روایت کیا ہے: "ان الملائكة لا تدخل بيتاً فيه كلب ولا صورة"۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "ولا تصاوير" کا عطف "كلب" پر ہے اور ظاہر کا حق یہ تھا کہ "لا" کا تکرار ہوتا اور یوں کہا جاتا: "لا كلب ولا تصاوير"، لیکن سیاق نفی میں واقع ہونے کی وجہ سے یہ جائز ہے۔ جیسا کہ یہ آیت ہے: ﴿ما ادرى ما يفعل بى ولا بكم﴾ اور اس میں تاکید ہے۔ اگر اس کو ذکر نہ کرتے تو اس میں یہ احتمال ہوتا، کہ ان کے درمیان جمع کی نفی ہے۔ جیسا کہ یہ قول ہے: "ما كلمت زيدًا ولا عمروًا" اگر اس کو حذف کرتے تو جائز تھا کہ ان میں سے کسی ایک کا تکلم ہوتا۔ کیونکہ "واؤ" جمع کے لئے ہے اور اعادہ "لا" اعادۂ فعل کی طرح ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبرئیل علیہ السلام کے گھر میں نہ آنے کا باعث کتا اور تصویر

۴۴۹۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا وَقَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ كَانَ وَعَدَنِیْ اَنْ يَلْقَانِیْ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِیْ اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِیْ ثُمَّ وَقَعَ فِیْ نَفْسِهٖ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهٖ مَاءً فَنَضَحَ مَكَانَهٗ فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهٗ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ لَقَدْ كُنْتَ وَعَدْتَنِیْ اَنْ تَلْقَانِیْ الْبَارِحَةَ قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فَاَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى اِنَّهٗ يَاْمُرُ بِقَتْلِ كَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِيْرِ وَيَتْرُكُ كَلْبَ الْحَائِطِ الْكَبِيْرِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ۱۶۶۴/۳ الحديث رقم (۸۲ـ۲۱۰۵)، وأبو داوٗد فی السنن ۳۸۷/۴ الحديث رقم ۴۱۵۷۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ کہتی ہیں کہ ایک صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش اور غمگین تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غمگین ہونے کا یہ سبب حضرت میمونہؓ یا کسی اور زوجہ محترمہ سے یا بطور تعجب اور حیرانی کے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں یہ بات آئی کہ آج رات جبرائیل نے مجھ سے ملاقات کا وعدہ کیا تھا مگر اس نے ملاقات نہیں کی اللہ کی قسم جبرائیل صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وعدے کی خلاف ورزی مجھ سے نہیں کرتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں خیال آیا کہ کتے کا بچہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ کے نیچے پڑا تھا جبرائیل صلی اللہ علیہ وسلم اس کی وجہ سے نہیں آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ اس کتے کے بچے کو نکال دیا جائے اسے نکال دیا گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوڑا سا پانی لے کر اپنی جگہ پر چھڑکا تو پھر جب شام ہوئی تو جبرائیل صلی اللہ علیہ وسلم کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے مجھ سے گزشتہ رات ملنے کا وعدہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا جی ہاں مگر ہم ان گھروں میں داخل نہیں ہوتے جہاں کتا یا تصویر ہو پس جب صبح ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹے باغوں کے کتوں کو بھی مارنے کا حکم دیا کیونکہ ان میں حفاظت کی ضرورت نہیں ہوتی اور بڑے باغات کے کتوں کو چھوڑ دیا کیونکہ ان میں حفاظت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: عن ميمونة ''اصبح'': یہ''اصباح'' کے لئے ظرف ہے۔

واجمًا: میم سے پہلے جیم ساکن ہے۔ یہ حال ہے۔ أی ساکتًا حزینًا من الوجوم۔ غم اور غصہ کی وجہ سے خاموش ہونے کو کہتے ہیں اور ''النہایۃ'' میں ہے ای مھتمًا: ''واجم'' اس شخص کو کہتے ہیں کہ جس کو غم خاموش کرا دے اور اس پر سخت رنج غالب آ جائے۔

ان يلقانی: یاءِ متکلم کے فتحہ کے ساتھ ہے اور اس کو ساکن کرنا بھی جائز ہے اور وصل میں اس کا حذف بھی جائز ہے۔

الليلة: یہ'' وعد'' کیلئے ظرف ہے۔ ''ام'': ہمزہ کے فتحہ اور میم کے ساتھ۔ یہاں پر ''ام'' تنبیہ کے لئے ہے اور الف کو تخفیفا حذف کر دیا گیا ہے۔ ''الجرو'': جیم مکسور' واؤ ساکن اور پھر واؤ ہے۔ القاموس میں ہے کہ ''الجرو'' میں تینوں حرکات

www.KitaboSunnat.com

درست ہیں۔ کتے کے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں۔

فسطاط: فاء کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ایک قسم کے خیمہ کو کہتے ہیں۔ یہاں اس سے مراد چارپائی ہے۔ **فأمر به**: ای باخراج الجرور۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس میں دلیل ہے اس بات کی کہ جس شخص کا وقت ضائع ہو جائے اور اس کا وظیفہ خراب ہو جائے تو اس کو اس کے سبب میں غور و فکر کرنا چاہئے' جیسا کہ یہاں نبی علیہ السلام نے کیا یہاں تک کہ اس کتے کو نکال دیا اور اس کی طرف قرآن کریم نے بھی اشارہ دیا ہے: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ﴾ [الاعراف: ۲۰۱] ''جو لوگ پرہیزگار ہیں جب ان کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ پیدا ہوتا ہے تو چونک پڑتے ہیں اور (دل کی آنکھیں کھول کر) دیکھنے لگتے ہیں۔'' ''**أمسی**'': **أی دخل المساء** زوال کے بعد یا سورج کے غروب ہونے کے بعد کا وقت مراد ہے۔ ''**أجل**'': لام مخففہ کے سکون کے ساتھ' بمعنی ''نعم''۔ یہاں تک کہ آپ علیہ السلام نے چھوٹے باغ کے کتوں کے قتل کرنے کا حکم کیا۔ کیونکہ ایسے باغوں کو حراست کی ضرورت نہیں تھی۔ جب کہ بڑے باغات کے کتوں کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا کیونکہ کتوں کے بغیر اس کی پہرہ داری مکمل نہیں تھی۔

حتی انه: ''انّ بکسر الهمزہ ہے' اور ضمیر ضمیر شان ہے' یا نبی کریمؐ کی طرف راجع ہے' علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ ''**یامر**'' حکایت حال ماضیہ ہے۔ ''**یترك**'' یہ معطوف ہے۔ اس تقدیر پر کہ یہ ''**لم یأ مر بقتل کلب الحائط الکبیر**'' کے معنی میں ہے اور یہ ''**حائط کبیر**'' کے وصف سے مستفاد ہوتا ہے۔ یہ اس شخص کے لئے دلیل ہے جو مفہوم مخالف پر عمل کرتا ہے۔ جیسا کہ سائمہ غنم کی زکوٰۃ میں کہتا ہوں عمل بالقید اور عمل بالمفہوم میں فرق ہے اور حدیث مفہوم مخالف کے عدم اعتبار میں صریح ہے۔ ورنہ تو کلام میں واصل کا تکرار ہوتا اور تحصیل حاصل ہوتا۔ کیونکہ ''**یآمر بقتل کلب الحائط الصغیر**'' کا مفہوم یہ ہے **لم یأمر بقتل کلب الحائط الکبیر بل یترکه**۔ کہ آپ نے بڑے باغ کے کتوں کے قتل کا حکم نہیں دیا بلکہ اس کو چھوڑ دیا اور اسی طرح ''**ویترك کلب الحائط الکبیر**'' کا مفہوم یہ ہے **لم یترکه کلب الحائط الصغیر بل یأمر بقتله** کہ آپ نے چھوٹے باغ کے کتوں کو نہیں چھوڑا بلکہ اس کے قتل کا حکم دیا۔ واللہ اعلم

تصویر والی چیز کا توڑنا

۴۴۹۱: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ لَمْ یَكُنْ یَتْرُكُ فِیْ بَیْتِهٖ شَیْئًا فِیْهِ تَصَالِیْبُ اِلَّا نَقَضَهٗ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۳۸۵ الحدیث رقم ۵۹۵۲' وأبو داؤد فی السنن ۴/۳۸۳ الحدیث رقم ۴۱۵۱' وأحمد فی المسند ۶/۲۳۷۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ اپنے گھر میں کوئی تصویر والی چیز دیکھتے تو اس کو توڑ ڈالتے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: ان النبی لم یکن یترك فی بیته شیئًا فیه تصالیب الانقضه**: اس سے مراد تصاویر ہیں۔ جیسا کہ ایک روایت میں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی اس چیز کو زائل کر دیتے یا اس کو توڑ دیتے۔ اصل میں "نقض" عمارت کے اجزاء کے ابطال کو کہتے ہیں۔ ہمارے علماء میں سے علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن الملکؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ اصل میں راوی نے "تصالیب" کو تماثیل کی جگہ ذکر کیا ہے حالانکہ اصل میں یہ دونوں چیزیں مختلف ہیں۔ کیونکہ "تصلیب" میں اصل یہ ہے کہ یہ "تصلیب" کی جمع ہے۔ "تصلیب" صلیب تصویر بنانے کو کہتے ہیں۔ صلیب ایک مثلث نما چیز ہوتی ہے جس کی عبادت نصاریٰ کرتے ہیں۔ پھر نفس "تصلیب" پر اس کا اطلاق کیا گیا۔ اور پھر جس چیز میں بھی "صلیب" کی شکل وصورت تھی اس کو "تصلیب" کہنے لگے۔ "تسمیہ بالمصدر" کے قبیل سے ہے۔۔ پھر اس کی جمع لائے۔ جیسا کہ "تصاویر" ہے اور یہاں پر "تصالیب" سے مراد صورتیں (یعنی تصاویر) ہیں۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث ابوداؤد میں بھی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: "**كان لا يترك في بيته شيئاً فيه تصاليب الا قضبه**"۔

اور "قضبه" کا معنیٰ "قطعه" ہے (یعنی اس کو کاٹ دیتے)۔ احتمال ہے کہ اختلاف لفظین بعض رواۃ کی طرف سے واقع ہوا ہو۔ ابوداؤد کی حدیث زیادہ فصیح اور زیادہ قرین قیاس ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس میں نظر ہے کیونکہ بخاریؒ کے رواۃ اوثق اور اضبط ہیں۔ بخاری کی روایت پر اعتماد اولیٰ واحریٰ ہے اور یہ بات کسی سے مخفی نہیں ہے، کہ ابوداؤد کے الفاظ کے بارے میں شیخ کے کلام کا مطلب یہ ہے کہ ابوداؤد کی روایت کے الفاظ از روئے لغت زیادہ فصیح اور از روئے صناعت زیادہ قرین قیاس ہیں یہ اس بات کے منافی نہیں ہے، کہ کتاب البخاریؒ ہر ایک کے ہاں روایت کے اعتبار سے اصح اور درایۃ کے اعتبار سے افصح ہے۔ آپ یہ نہیں دیکھتے کہ قراء سبعہ میں سے بعض قراء بعض اوقات کسی ایسے قراءت میں منفرد ہوتے ہیں جو تمام قراءت متواترہ سے افصح ہوتی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ کلام باری تعالیٰ میں فصیح اور افصح دونوں کا وقوع جائز ہے اور اس طرح آپ علیہ السلام کے کلام میں بھی ہے۔ البتہ ان دونوں میں سے ایک کا بطریق اصح ہونا یا اکثر سے مروی ہونا ایک جدا بات ہے۔ پھر علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ علامہ خطابیؒ نے "اعلام السنن" میں ذکر کیا ہے، یہ بخاری کی شرح ہے۔ "**وفي سائر الروايات**" کے الفاظ اس بات کا پتہ دے رہے ہیں کہ یہ کتاب بخاریؒ میں ہے، کیونکہ "السائر" کا معنیٰ: "**بقية من الشيء**"۔ اس طرح صاحب النہایۃ نے تصریح کی ہے۔ کیونکہ یہ "سور" سے ماخوذ ہے

یہ ایک عجیب بحث اور ایک عجیب اعتراض ہے۔ اس لئے کہ "سائر" بمعنیٰ "جميع" آتا ہے اور بمعنیٰ "الباقي" بھی آتا ہے۔ اکثر واظہر یہی ہے اور یہ معنیٰ اس مقام میں متعین ہے۔ لیکن علامہ خطابیؒ کی مراد باقی روایات البخاریؒ یہ محل نظر ہے۔ کیونکہ یہ خلاف ظاہر ہونے کے ساتھ ساتھ روایات بخاری کے تتبع کا محتاج بھی ہے اور یہ معنیٰ اس مبنیٰ کے وجود پر مبنی ہونا ہے، اور اگر اس کی صحت فرض کر لی جائے، تو پھر یہ اس بات کے منافی نہیں ہے کہ روایت ابوداؤد میں بھی اس طرح ہے اور یہ بھی ممتنع نہیں ہے کہ بخاریؒ کی بعض روایات بخاری ہی کی بعض روایات سے افصح اور اقیس ہوں روایۃ بھی اور درایۃ بھی۔ (واللہ اعلم)

تصویر کی وجہ سے چہرہ مبارک پر ناراضی

۴۴۹۲: وَعَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَّةَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ مَاذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَابَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيُقَالُ لَهُمْ اَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَقَالَ اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِیْ فِيْهِ الصُّوْرَةُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۹۳/۱۰ الحدیث رقم ۵۹۶۱، ومسلم فی ۱٦٦۹/۳ الحدیث رقم (۹٦۔۲۱۰۷)، وأحمد فی المسند ۲٤٦/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک تکیہ خریدا جس پر تصاویر تھیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے جب اس کو دیکھا تو آپ ﷺ دروازے پر ٹھہرے رہے گھر میں تشریف نہ لائے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے آپ ﷺ کے چہرہ مبارک پر ناراضگی کے آثار پائے جس کی وجہ تصویر دار تکیہ تھا۔ تو حضرت عائشہ ؓ کہنے لگی یا رسول اللہ! میں اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت سے اللہ کی رضا کی طرف رجوع کرتی ہوں۔ میں نے کیا غلطی کی ہے کہ آپ ﷺ گھر میں تشریف نہیں لاتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس تکیے کا کیا معاملہ ہے اور تم اسے کہاں سے لائی ہو۔ حضرت عائشہؓ عرض کرنے لگیں کہ اس کو میں نے آپ ﷺ کے لئے خریدا ہے تا کہ آپ ﷺ اس پر بیٹھیں اور تکیہ لگائیں یعنی جس طرح پسند ہو۔ تو فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ تصویر بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا اس چیز کو زندہ کریں جس کو تم نے بنایا تھا اور ارشاد فرمایا یقیناً وہ گھر جس میں تصویر ہو اس میں فرشتے نہیں داخل ہوتے (یعنی اور نہ ہی انبیاء و اولیاء اس میں داخل ہوتے ہیں) یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: نمرقة: نون اور راء دونوں کے ضمہ کے ساتھ، اور ایک نسخہ میں دونوں کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ چنانچہ القاموس میں ہے کہ "النمرقة" چھوٹے تکیہ و النمر قة مثلثہ ہے یا اس تکیہ کو کہا جاتا ہے جو کجاوے کے اوپر رکھا جاتا ہے۔ امام سیوطیؒ کہتے ہیں: نون اور راء دونوں پر تینوں حرکتیں درست ہیں اور بعض کا کہنا ہے کہ دونوں کے کسرہ کے ساتھ ہے "وسادة" کو کہتے ہیں۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ "النمرق" نون کے ضمہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ، چھوٹے تکیہ کو کہتے ہیں اور بعض کا کہنا ہے کہ مرقعة کو کہتے ہیں۔

فیها تصاویر: "تصاویر" یہ "صور" کے معنی میں ہے۔ یعنی اس میں تصویریں تھیں۔ گویا کہ انہوں نے گھر کے سامنے والے حصہ میں ڈال رکھا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے اس کو دیکھا تو وہیں پر ٹھہر گئے اور غضب و غصّہ کی وجہ سے گھر میں داخل نہ ہوئے۔

فعرفت: یہ متکلم کا صیغہ ہے اور ایک نسخہ میں بصیغۂ تانیث ہے۔ اس صورت میں یہ قول راوی کا ہوگا۔ یعنی انہوں نے آپ کے چہرے سے غصّہ کا اثر اور عدم دخول کی وجہ معلوم کرلی۔

"الٰی" کے اعادة میں ان دونوں کی طرف استقلال رجوع پر دلالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس میں حضرت عائشہ صدیقہ ؓ کا حسن ادب ہے، کہ گناہ پر مطلع ہوتے ہی توبہ کو مقدم کیا۔ جیسا کہ اللہ کا قول ہے: ﴿عفا اللّٰه عنك لم اذنت لهم﴾ [التوبة:٤٣] رسول اللہ کے ساتھ تلطف اور رحم کی وجہ سے، اللہ تعالیٰ نے عفو کو مقدم کیا۔ ذنب کے ذکر سے پہلے اللہ تعالیٰ نے عفو سے ابتداء کی۔ جیسا کہ حضرت عائشہؓ کو اس گناہ پر کوئی اطلاع نہیں ہوئی تھی چنانچہ انہوں نے توبہ کو معرفت ذنب پر مقدم کیا۔ گویا کہ آپؐ کو یہ پتہ نہیں تھا، کہ آپؐ کی ناگواری ان تصاویر کی وجہ سے ہے۔ بلکہ انہوں نے خیال کیا ہوگا، کہ شاید کراہت اس کو بچھانے اور گھر کو سجانے کی وجہ سے ہے' اسلئے انہوں نے یہ کچھ کیا۔ قولہ: ان أصحاب هذه الصور يعذبون: اس کا عموم تصویر ساز اور تصویر استعمال کرنے والے دونوں کو شامل ہے البتہ پہلی بات کی تائید اگلے جملہ سے ہو رہی ہے کہ ان سے کہا جائے گا کہ تم ان میں روح پھونک دو۔ ان کی مزید توہین مقصود ہے۔ کیونکہ خالق کے ساتھ مشابہت اختیار کی ہے اور ان کو "احیوا" کا حکم دراصل ان کا عجز بتلانے کے لئے ہے۔ جیسا کہ یہ آیت ہے: ﴿فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ﴾ [البقرة:٢٣] تو اس سے معلوم ہوا، کہ تصویر حرام ہے، اور یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ استعمال تصویر بھی ممنوع ہے کیونکہ یہ اس کا سبب وباعث ہے۔ مزید یہ کہ یہ دنیا کی زینت ہے۔ اگلا جملہ "ان البيت الذى فيه......" بھی اس کے امتناع اور سبب منع پر مشتمل ہے اور بظاہر اس حکم میں تمام گھروں کی تمام جگہوں کی تمام تصویریں شامل ہے۔ قولہ: لاتدخله الملائكة: یعنی جس طرح ملائکہ داخل نہیں ہوتے اسی طرح انبیاء علیہم السلام اور ان کے اتباع بھی داخل نہیں ہوتے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ملائکہ کا دخول فی البیت سے ممتنع ہونا تصویر کی وجہ سے ہے' چاہے صورۃ مباح ہو یا حرام ہو۔ جیسا کہ حدیث سابق میں امام نوویؒ نے فرمایا تھا: والله الموفق.

اسی طرح امام مالکؒ نے حدیث کے آخری حصہ کو روایت کیا ہے۔

تصویر والے پردے کو پھاڑ دیا

۴۴۹۳: وَعَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ قَدِ اتَّخَذَتْ عَلٰى سَهْوَةٍ لَهَا سِتْرًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ فَهَتَكَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ نُمْرُقَتَيْنِ فَكَانَتَا فِي الْبَيْتِ يَجْلِسُ عَلَيْهَا۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ١٢٣/٥ الحديث رقم ٢٤٧٩، ومسلم فى ١٦٦٨/٣ الحديث رقم (٢١٠٧٠٩٤)، والنسائى فى السنن ٢١٤/٨، الحديث رقم ٥٣٥٥، وأحمد فى المسند ١٠٣/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ میں نے اپنی خاص بیٹھنے کی جگہ پر پردہ لٹکایا جس پر تصاویر تھیں تو آپ ﷺ نے اس پردے کو پھاڑ ڈالا پھر حضرت عائشہؓ نے اس کے دو تکیے بنالئے وہ دونوں گھر میں تھے آپ ﷺ ان پر بیٹھتے تھے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: سهوة: سین مہملہ کے فتحہ اور ہاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ دو گھروں کے درمیان کی کھڑکی کو کہتے ہیں۔ (ذکرہ فی شرح السنہ) اور الفائق میں ہے کہ گھر کے سامنے ہوتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ رف یا طاق کے مشابہ ہوتا ہے جس میں چیزیں رکھی جاتی ہیں اور شاید اسی وجہ سے اس کو "سهوة" کہا ہے کیونکہ یہ اپنے صغر وخفا کی وجہ سے نظروں سے غافل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہتا ہے۔ یہ لھا: (اس کا متعلق محذوف ہے۔) ای کائنة لعائشة مختصة بها فيه تما ثيل: یہ "تمثال" کی جمع ہے۔ تمثال "شیئی مصور" کو کہتے ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد حیوان کی تصویر ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں یعنی اس کو کاٹ دیا اور اس میں موجود تصویر کو تلف کر دیا۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ پھر اس حدیث اور سابق حدیث کے درمیان تطبیق کیسے ہوگی؟ میں کہتا ہوں، کہ اگر تماثیل کو غیر محرم تصویروں پر محمول کیا جائے تو اس ہتک کی علت وہ ہوگی جو اگلی حدیث میں آرہی ہے: "ان الله لم يأمرنا ان نكسو الحجارة و الطين" اور اگر اس کو تصاویر پر محمول کیا جائے، تو پھر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ان تصویروں کے سر کاٹ کاٹ کر ان کو نمارق میں استعمال کر لیا۔

پتھر و مٹی کو کپڑے نہ پہناؤ

۴۴۹۴: وَعَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ غَزَاةٍ فَاَخَذْتُ نَمَطًا فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْبَابِ فَلَمَّا قَدِمَ فَرَأَى النَّمَطَ فَجَذَبَهُ حَتّٰى هَتَكَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَاْمُرْنَا اَنْ نَكْسُو الْحِجَارَةَ وَالطِّيْنَ۔

(متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۳۸۶/۱۰ الحديث رقم ۵۹۵٤، ومسلم في ۱٦٦٦/۳ الحديث رقم (۹۲-۲۱۰۷)، وأبو داؤد في السنن ۳۸٤/٤ الحديث رقم ٤۱۵۳۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ کیلئے تشریف لے گئے۔ میں نے آپ کے بعد ایک کپڑا خریدا اور اس کو بطور پردہ دروازہ پر لگا دیا۔ جب آپ تشریف لائے تو آپ نے اس پردے کو ملاحظہ فرمایا۔ تو آپ نے اس کو کھینچ کر پھاڑ ڈالا پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں پتھر اور مٹی کو کپڑے پہنانے کا حکم نہیں فرمایا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: "نمط": نون اور میم کے ساتھ، اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ ایک قسم کا بچھونا ہوتا ہے اور بعض نے کہا کہ وہ اون کا کپڑا جو "ھودج" پر ڈالا جاتا ہے اور شاید یہ "نمد" سے معرّب ہے۔ "نمد" نون اور میم کے فتحہ اور دال مہملہ کے سکون کے ساتھ۔ لسان عجم میں "لباد" کے معنی میں مستعمل ہے۔

گویا کہ اس پردہ کو زینت کے لئے لٹکایا تھا حجاب کی غرض سے نہیں لٹکایا تھا اس وجہ سے عتاب واقع ہوا۔ جب وہ پاس آئے، تو اس پردہ کو دیکھا۔

فرأ النمط: یہ عطف کلام محذوف پر ہے جو "لما" کا جواب ہے۔ ای دخل فرأی۔ (ذکرہ الطیبی) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ پردہ دروازہ کے اندر کی طرف تھا۔ الا یہ کہ کلام میں مقدر مانا جائے أراد دخول: الباب فرأى النمط۔ ھ اور بعض نے کہا ہے کہ "فاء" زائدہ ہے۔ یا محذوف پر عطف ہے: أي غضب "ان نكسو": سین کے ضمہ اور واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ بمعنی أن نلبس۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس میں پروں والے گھوڑوں کی تصویر بنی ہوئی تھی۔

اس حدیث سے تکیہ بنانے کے جواز پر استدلال کیا گیا ہے اور اس پر کہ دیواروں پر پردہ اور کپڑا لگانا ممنوع ہے، یہ کراہت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنزیہی ہے تحریمی نہیں ہے۔ کیونکہ آپ کا یہ فرمان: "لم يامرنا ان نكسو الحجارة والطين" نهي پر دلالت نہیں کرتا اور نہ ہی واجب اور ندب پر دلالت کرتا ہے اور اس حدیث سے ازالہ منکر بالید کا جواز معلوم ہوتا ہے اور یہ کہ منکر کو دیکھنے پر غصہ کا جواز معلوم ہوتا ہے۔

الجامع الصغیر میں ہے: "ان الله لم يأمرنا فيما رزقنا ان نكسو الحجارة والطين".

تخلیق الٰہی سے مشابہت کرنے والوں پر عذاب

۴۴۹۵: وَعَنْهَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهِئُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۸۶/۱۰ الحدیث رقم ۴۹۵۴، ومسلم فی ۱۶۶۸/۳ الحدیث رقم (۹۲۔۲۱۰۷)، والنسائی فی السنن ۲۱۴/۸ الحدیث رقم ۵۳۵۶، وأحمد فی المسند ۳۶/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ان پر سخت عذاب ہو گا۔ جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے مشابہت اختیار کرنے والے ہیں۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: "اشد الناس عذاباً يوم القيمة الذين يضاهون":

"يضاهون": یاء کے ضمہ اور واؤ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں ہاء کے کسرہ اور واؤ سے پہلے ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ یہ دونوں لغات ہیں. اور اس آیت میں یہ لفظ دونوں طرح پڑھا گیا ہے: [يضاهون قول الذين كفروا] [التوبة۔۳۰] لیکن پہلی لغت زیادہ مشہور اور اکثر ہے۔ بمعنی "يشابهون۔ یعنی تصویر بنانے کے عمل کے ذریعہ یہ اللہ کے فعل خلق کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں یعنی وہ ایسے کام کرتے ہیں اللہ کے خلق یعنی اس کی مخلوق کے مشابہ ہیں یا یہ کہ وہ اپنے اس فعل کو اللہ تعالیٰ کے فعل سے تشبیہ دیتے ہیں۔ یعنی تصویر تخلیق میں۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے اس کے جواز کا اعتقاد رکھا تو وہ کافر ہو جائے گا اور قباحت کفر کی زیادتی کی وجہ سے اس کے عذاب میں بھی اضافہ ہوگا۔ ورنہ یہ حدیث تهدید پر محمول ہے۔

الجامع الصغیر میں ہے کہ اس حدیث کو احمدؒ شیخین اور نسائیؒ نے حضرت عائشہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ: روایت کیا ہے "اشد الناس عذاباً يوم القيامة".

تصویر بنانے والا بڑا ظالم ہے

۴۴۹۶: وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً اَوْلِيَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْشَعِيْرَةً۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۸۵/۱۰ الحدیث رقم ۵۹۵۳، ومسلم فی ۱۶۷۱/۳ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۰۱۔۲۱۱۱)، وأحمد فی المسند ۲/ ۲۳۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وہ شخص سب سے بڑا ظالم ہے جو میری تخلیق کی طرح تخلیق کرتا ہے یعنی میں نے جس طرح صورت بنائی اسی طرح کی صورت بنائے۔ یہ درحقیقت پیدا کرنا تو نہیں جس مواد سے اللہ تعالیٰ نے بنایا۔ یہ صورت بنا کر یہ گمان کرتا ہے کہ میں نے بنایا ہے۔ اگر یہاں دعویٰ پیدا کرنے کا رکھے تو اسے چاہیے کہ وہ ایک چیونٹی یا دانہ یا جو پیدا کرے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: من اظلم: ای لا أحد أظلم "ذهب": (فعل شروع کے معنی میں ہے۔) أی اراد و طفق وشرع۔

"فليخلقوا": (اس سے پہلے شرط محذوف ہے۔ ای فان زعموا ذلك فليخلقوا یہ امر برائے تعجیز ہے۔

ذرة: چھوٹی چیونٹی یا ہواء میں غبار بنا دے یا ان جیسی ایسی جس کو میں نے بغیر اسباب کے پیدا کیا ہے کوئی اور چیز۔

او يخلقوا: یہاں پر "او" تنویع کیلئے ہے اور اس میں تردید کا بھی احتمال ہے۔

حبة او شعيرة: "حبه" سے اشارہ عام دانہ کی طرف اور "شعیرہ" سے خاص دانہ کی طرف اشارہ ہے۔ تو اس صورت میں "او" تقسیم کیلئے ہوگا۔

الجامع الصغیر میں ہے: "قال الله تعالى: ومن اظلم ممن ذهب يخلق خلقا كخلقى فليخلقوا حبة او يخلقوا ذرة او ليخلقوا شعيرة" رواه احمد، والشيخان عن ابى هريره.

سب سے بڑھ کر عذاب کے حقدار

۴۴۹۷: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۱۰/ ۳۸۲ الحديث رقم ۵۹۵۰، ومسلم فى ۳/ ۱۶۷۰ الحديث رقم (۹۸۔۲۱۰۹)، والنسائى فى السنن ۸/ ۲۱۶ الحديث رقم ۵۳۶۴، وأحمد فى المسند ۱/ ۴۲۶۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں جن کو سب سے سخت عذاب دیا جائے گا وہ تصویر بنانے والے ہیں۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: اشد الناس عذاباً عند الله المصورون: بعض نے کہا ہے کہ اولیٰ یہ ہے کہ اس کو تہدید پر محمول کیا جائے۔ کیونکہ "عند اللّٰه" سے اس طرف اشارہ ملتا ہے کہ وہ اس طرح ہونے کے مستحق ہیں، اگرچہ یہ محل عفو ہے۔

علامہ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ اس صورت پر محمول ہے جو عبادت کے لئے بنائی گئی ہو، کہ اس کے لئے سخت ترین عذاب ہوگا۔ کیونکہ وہ کافر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور بعض نے کہا ہے کہ یہ اس شخص کے بارے میں ہے کہ جو اس کو اللہ تعالیٰ کی خلقت کی مشابہت کے ارادہ سے کرے اور اس کا اعتقاد رکھے' تو وہ بھی کافر ہے، اور اس کا عذاب سخت ہوگا۔ البتہ جو اس ارادے سے اس کو نہ بنائے، تو وہ فاسق ہے۔ وہ کافر نہیں ہوگا۔ جیسا کہ دوسرے گناہ ہوتے ہیں۔

البتہ جن چیزوں میں روح نہیں ہے مثلاً درخت وغیرہ، تو اس کی تصویر بنانا کوئی حرام فعل نہیں ہے اور نہ ہی اس سے کسب حرام ہے۔ یہ علماء کا مذہب مختار ہے سوائے مجاہدؒ کے' کہ انہوں نے پھل دار درخت کی تصویر کو بھی مکروہ قرار دیا ہے اور (مجاہد نے) اس حدیث سے استدلال کیا ہے: "**ومن اظلم ممن ذهب يخلق كخلقي**". کہ اس میں آپؐ نے "**ذرة**" کا ذکر کیا ہے جو کہ ذی روح ہے اور **حنطه** و **شعير** کا بھی ذکر کیا ہے حالانکہ یہ دونوں چیزیں جمادات میں سے ہیں اور اس پر سخت وعید سنائی ہے۔ اس طور پر کہ جملہ استفہام انکاری کے طور پر ہے اور ظلم کو تفصیل کے صیغہ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ ان کا استدلال بالکل ظاہر وجلی ہے۔

اور (ملاعلی قاری) فرمایا کہ جمہور علماء کرام نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے "**احيوا خلقتم**"

میں کہتا ہوں ان کی دلیل یہ قول بھی ہے: "**ليخلقوا حبة**"

اور فرمایا خلق اللہ کے ساتھ مشابہت ہے۔ میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ علت مشترک ہے۔ (امام نوویؒ نے) فرمایا کہ اس کی تائید حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ہوتی ہے "**ان كنت لا بد فاعلاً فا صنع الشجر وما لا نفس له**". میں کہتا ہوں کہ اس کے باوجود کہ یہ مذہب صحابیؓ ہے۔ اس لئے کہ اس میں ان کی رائے ہونے کا احتمال بھی ہے۔ لہٰذا اس کو ضرورۃً جواز فعل پر محمول کیا جائے گا اور اس کا ارتکاب" **كراهة دون كراهة**" پر محمول ہوگا۔ کیونکہ ضروریات محظورات کو مباح کر دیتی ہیں۔ (**والله سبحانه وتعالىٰ اعلم بالنيات**)

اور اس کی نظیر حدیث مرفوع میں یہ وارد ہے: "**ان كنت لا بد سائلاً فسل الصالحين**". جیسا کہ اس کو ابوداؤد ونسائی نے الفراسی سے روایت کیا ہے۔

امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ "مصوّر" اس شخص کو کہتے ہیں کہ جو حیوانات کی شکلیں بناتا ہے۔ اور وہ شخص جو درختوں کی شکلوں کا نقش لیتا ہو اور اس پرند اور یہ خواتیم اور ان جیسے عمل کرتا ہو تو میں امید رکھتا ہوں کہ وہ اس وعید میں داخل نہیں ہے۔ اگرچہ من جملہ مکروہ ہے اور یہ لغو کام میں داخل ہے، اور اشتغال بمالایعنی ہے اور یہ جو تصویر میں اس قدر سخت عقوبت ہے سو اس لئے ہے کہ غیر اللہ کی عبادت کی جاتی ہے۔

میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ جمہور نے ذی روح کی جو تخصیص کی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس (یعنی ذی روح) کی خلقت کی نسبت مخلوق کی طرف، جائز نہیں ہے نہ ہی حقیقۃً اور نہ ہی مجازاً۔ برخلاف باقی نباتات اور جمادات کے۔ کہ بسا اوقات اس کے فعل کو مجازاً لوگوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے: "**انبت فلان هذا الشجر ' وصنع فلان هذه السفينة**" اور ہر وہ چیز کہ جس کی عبادت کی جاتی ہو، اگرچہ وہ جمادات میں سے ہی کیوں نہ ہو، جیسا کہ سورج اور چاند وغیرہ تو اس کی تصویر حرام ہونی چاہیئے۔ واللہ اعلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشرفؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث میں مشہور روایت رفع کے ساتھ ہے ای "ان من اشد الناس عذاباً المصورون"۔اسی طرح ابن الملکؒ نے اپنی شرح میں ذکر کی ہے اور رفع سے اعتذار کیا ہے۔ چنانچہ امام کسائیؒ نے کہا ہے کہ "من" زائدہ ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہاں ضمیر شان مقدر ہے۔أی انه من أشدالناس عذابا المصورون۔علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ امام نوویؒ نے "شرح مسلم" میں بہت ساری روایات ذکر کی ہیں ان میں لفظ "ان" نہیں ہے۔البتہ بخاریؒ کی روایت میں "اشد الناس عذاباً" بغیر "من" کے ہے اور جامع صغیر میں ہے: "ان اشد الناس عذاباً یوم القیامة المصورون"۔امام احمد اور مسلمؒ نے حضرت ابن مسعودؓ سے "ان" کے ساتھ بغیر "من" کے روایت کیا ہے۔۔شاید اشرفؒ کی مراد شهرة سے علماء عربیت کے ہاں شہرت ہے اور شاید بعض نسخوں میں ان حضرات نے اس طرح پایا ہو۔

بعض محدثین کرام نے اس حدیث کی تاویل میں یہ معنیٰ بیان کیا ہے کہ "ان من اشد الناس" ترکیب لفظی کی رعایت کے بغیر انہوں نے اس طرح نقل کیا ہے اور حدیث میں ادراج کر دیا ہے۔

حاصل یہ کہ غیر اہل کے ہاں اس کی شہرت اور عدم شہرت کا اعتبار نہیں کیا ہے۔کیا آپ نہیں دیکھتے کہ کیسے سید سند اور سعد اسعد کے درمیان اس حدیث کے معنیٰ میں تنازع ہوا: "حب الهرة من الایمان"۔یہ حدیث باتفاق حفاظ حدیث موضوع ہے اور اسی لئے ہمارے شیخ المشائخ السخاویؒ نے "المقاصد الحسنه فی الا حادیث المشتهرة علی الا لسنة" تصنیف فرمائی اور اس کا خلاصہ ان کے شاگرد ابن الدیبع نے کیا ہے اور میں نے بھی ایک مختصر رسالہ میں موضوعات کو جمع کیا ہے، اس رسالہ کو حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔

تصویر کش دوزخ میں

۴۴۹۸: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ يُجْعَلُ لَهٗ بِكُلِّ صُوْرَةٍ صَوَّرَهَا نَفْسٌ فَيُعَذِّبُهٗ فِيْ جَهَنَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَإِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَاصْنَعِ الشَّجَرَ وَمَالَا رُوْحَ فِيْهِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤/٤١٦ الحدیث رقم ٢٢٢٥، ومسلم فی ٣/١٦٧٠ الحدیث رقم (٩٩۔٢١١٠)، وأحمد فی المسند ١/٣٠٨)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر تصویر کش دوزخ میں جائے گا۔ اس کی ہر صورت کے بدلے ایک شخص بنایا جائے گا جس کو اس نے بنایا اور وہ شخص اس مصور کو دوزخ میں عذاب دے گا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہنے لگے۔ اگر تم نے تصویر بنانا ہو تو درختوں اور غیر ذی روح کی بناؤ۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: کل مصور: ہر تصویر بنانے والا۔

یجعل: مجہول کا صیغہ ہے۔امام نوویؒ نے شرح مسلم میں اس کو فعل معلوم کے ساتھ ضبط کیا ہے۔ای یجعل اللّٰہ۔معلوم صیغہ کی بناء پر "نفس" کو نصب دینا تو ظاہر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البتہ مجہول کے صیغہ کے ساتھ المصابیح کے بعض نسخوں میں ہے جو کہ جامع صغیر کی روایت کے مطابق ہے اور "نفس" بالرفع تو ظاہر ہے۔

اکثر میں مجہول کے صیغہ کے ساتھ "نفسًا" منصوب بھی ہے جو کہ جامع الاصول کی روایت کے مطابق ہے اور اکثر مصابیح کے نسخوں کے مطابق ہے' لیکن مشکل ہے۔ مگر اس کی توجیہہ یہ ہوسکتی ہے کہ اس کی اسناد جار مجرور کی طرف ہے۔

فتعذبه: یہ صیغہ تانیث کے ساتھ ہے۔ **ای تعذب تلك النفس** اور فعل کی اسناد اس کی طرف مجازاً ہے۔ کیونکہ یہی اس کا سبب اور اس کی تعذیب کا باعث ہے اور بعض نسخوں میں بصیغہ تذکیر ہے۔

ای فیعذبه الله: اور ایک نسخہ میں "**فیعذب به**" مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ **ای بسبب تصویر تلك النفس.**

فی جهنم: علامہ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ یہاں تک روایت کو احمد و مسلم نے ذکر کیا ہے۔ قولہ: قال ابن عباس: **فان کنت لابد فاعلا فاصنع الشجر وما لاروح فیه:** خطاب اس کو ہے جس کا ذکر باب کی فصل ثالث کے آغاز میں آئے گا۔

قوله: متفق علیه: اور ممکن ہے کہ بخاریؒ کے الفاظ بھی اس طرح ہوں، تو معنیٰ میں یہ حدیث "متفق علیہ" کے قبیل سے ہو گی۔ لہٰذا یہ امام سیوطیؒ کے اس اقتصار کے منافی نہیں جو انہوں نے اختیار کیا ہے کہ اس کو صرف بحوالہ مسلم ذکر کیا ہے۔ فتامل۔

جھوٹے خواب بیان کرنے کی سزا

۴۴۹۹: وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلْمٍ لَمْ يَرَهُ كُلِّفَ اَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَّفْعَلَ وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ اَوْ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَكُلِّفَ اَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤٢٧/١٢ الحدیث رقم ٣٩١٦ وأبو داوٗد فی السنن ٢٨٥/٤ الحدیث رقم ٥٠٢٤' والترمذی فی السنن ٢٠٣/٤ الحدیث رقم ١٧٥١' وابن ماجه ١٢٨٩/٢ الحدیث رقم ٣٩١٦' وأحمد فی المسند ٣٥٩/١۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ جو آدمی ایسے خواب کا دعویٰ کرے جو اس نے نہیں دیکھا یعنی جھوٹا خواب بنالے۔ اس کو اس بات پر مجبور کیا جائے گا کہ وہ دو جو کے دانوں میں گرہ لگائے۔ وہ اس طرح ہرگز نہ کرسکے گا۔ اور جو دوسرے لوگوں کی بات پر کان لگائے جو اس کے بات سننے کو ناپسند کرتے اور اس سے دور ہوتے ہوں۔ اس کے کان میں قیامت کے دن سیسہ ڈالا جائے گا۔ اور جو کوئی تصویر بنائے تو وہ عذاب دیا جائے گا اور اسے اس بات پر مجبور کیا جائے گا کہ وہ اس میں روح ڈالے۔ وہ ڈال نہ سکے گا۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: **قوله: من تحلم بحلم:**

"**الحلم**": حائے مہملہ کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ اور لام کے ضمہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے۔ "حلم" اس کو کہتے ہیں جو سویا ہوا شخص دیکھتا ہے۔ مظہر نے اس کو ضمتین کے ساتھ ضبط کیا ہے۔ اور نوویؒ نے حروف اول کے ضمہ اور ثانی کے سکون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ ضبط کیا ہے۔ قاضی فرماتے ہیں کہ "الحلم" (بضمتین) خواب کو کہتے ہیں اور "حلم بحلم" بالضم حلماً، خواب دیکھنے کو کہتے ہیں "تحلم" جب کوئی دعویٰ کرے کہ اس نے خواب دیکھا ہے اور القاموس میں ہے کہ الحلم بالضم وبالضمتین، خواب اس کی جمع "احلام" آتی ہے حلم فی نومه واحتلم وتحلم وانحلم وتحلم الحلم استعمله اور ابن حجر فرماتے ہیں:

علم ای تکلف الحلم:

سارے کلام کا حاصل یہ ہے کہ جو نیند میں خواب دیکھنے کا دعویٰ کرے۔

ولن یفعله: یعنی وہ کبھی اس کی استطاعت نہ رکھے گا اور یہ تکلیف عدم قدرت کے ساتھ مزید تعذیب ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ اس کو عذاب ہوگا یہاں تک کہ وہ ایسا کرلے اور جمع کرلے اس جہنم کے درمیان جس کا عقد ممکن نہ تھا اور اس نے کو پیدا کیا، حالانکہ اس کو قدرت نہیں تھی کہ ان دونوں کے درمیان عقد کرے۔

اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنیٰ یہ نہیں ہے کہ یہ اس کا عذاب اور اس کی جزاء ہے۔ بلکہ اس کو اس کا شعار بنایا جائے گا، تا کہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ وہ جھوٹا خواب دکھاتا ہے اور لفظ "کلف" بمعنیٰ اول کے بارے میں بتلا رہا ہے۔

اور النہایہ میں ہے، اگر یہ کہا جائے کہ اگر کوئی جھوٹا خواب کے بارے میں جھوٹ بولے تو حالت بیداری کے جھوٹ سے بڑھ تو نہیں سکتا۔ تو اس کی سزا اور وعید میں زیادتی کیوں کردی گئی؟ بعض نے کہا ہے کہ حدیث صحیح ہے کہ سچے خواب نبوّت کا جزء ہوتے ہیں اور نبوّت نہیں ہوتی مگر وحی کے ساتھ اور خواب میں جھوٹ بولنے والا یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے وہ کچھ دکھایا، جو اس نے نہیں دیکھا تھا، اور اس کو جزءِ نبوّت عطاء کیا ہے، جو اس کو نہیں دیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے والا شخص مخلوق یا اپنی ذات پر جھوٹ بولنے والے سے بڑھ کر ہوتا ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں یہ خواب مخصوص ہیں ان خبروں کے ساتھ کہ جن کا تعلق غیب اور امور دین سے ہو۔

میں کہتا ہوں: **لم یخرج شیئی من الرؤیا عن أمور الغیب 'فلیس فیه مایتوهم من الغیب**

مظہرؒ کہتے ہیں کہ یہ تغلیظ اس شخص کے بارے میں ہے، جو یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے نبی بنایا ہے اور مجھے یہ خبر دی ہے کہ فلاں آدمی مغفور یا ملعون ہے۔ یا نبی علیہ السلام نے مجھے اس طرح اس طرح کرنے کا حکم دیا ہے۔ حالانکہ یہ کچھ اس نے نہیں دیکھا ہوتا۔

البتہ جو شخص یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی اطاعت کا حکم دیا ہے، اور گناہوں سے اجتناب کرنے کا حکم دیا ہے، یا یہ کہ لوگوں کو نصیحت کرنے اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا ہے۔ اگرچہ وہ اس خواب میں جھوٹا ہو۔ مگر یہ کہ اس کا عذاب اس شخص اوّل جیسا نہیں ہوگا۔ میں کہتا ہوں، کیونکہ اس نے دو جھوٹوں کو جمع کیا ہے، اگرچہ حالت بیداری کے جھوٹ اور اس جھوٹ میں تفاوت ہے۔ لہٰذا احسن یہ ہے کہ حدیث کے عموم پر عمل کیا جائے، جیسا کہ لفظ کا ظاہر ہے اور عذاب جھوٹ کے مراتب کے تفاوت کے اعتبار سے ہوگا۔ ہاں رؤیا کی تخصیص اس لئے کی کہ یا تو اس لئے کہ یہ جھوٹ سے مرکب ہے، یا اس لئے کہ یہ جھوٹ کی سخت ترین نوع ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ پر افتراء ہے اور غیب کے علم کا دعویٰ ہے۔ واللہ اعلم اور اس کی تائید امام احمدؒ کی اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روایت سے بھی ہوتی ہے جو حضرت ابن عمرؓ سے مرفوعاً مروی ہے: "ان من اعظم الفری ان یری الرجل عنه مالم تره".
"او یفرون منه" یہ "او" شک کے لئے ہے۔ معنیٰ یہ ہوگا، کہ وہ لوگ اس سے اور اس کے استماع کلام سے دور بھاگتے ہیں۔

الآ نك: مد اور نون کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ فارسی میں اس کو "اُسرب" کہتے ہیں اور النہایہ میں ہے کہ سفید سیسہ کو کہتے ہیں۔ بعض نے کالا اور بعض نے خالص سیہ مراد لیا ہے۔ **قوله: صب فی أذنیه الانك**: یہ جملہ دعا ہے (کذا قیل) اور بعض کہتے ہیں کہ یہ اخبار ہے۔ جیسا کہ اس پر سابق ولاحق دلالت کررہا ہے اور یہ وعید اس شخص کے بارے میں ہے، کہ جو اس کو چغلی کی نیت سے کان لگا کر سنتا ہے اور اس پر مترتب ہونے والے فتنہ کی وجہ سے برخلاف اس شخص کے جو اس لئے سنتا ہے کہ ان کو فساد سے روکے۔ یا اس لئے کہ وہ ان کے شرور سے بچ سکے۔

قوله: ومن صور صورۃً: یعنی ذی روح کی تصویر بنائی، یا مطلق کوئی صورت بنائی۔ اور ذی روح کی تصویر کے بارے میں اس کو تغلیظاً حکم دیا جائے گا کہ وہ اس میں روح پھونکے۔ ان ینفخ: ایک روایت میں الروح کا لفظ بھی آیا ہے۔ اس کی نظیر "من تحلم" ہے۔

حدیث کا اوّل جملہ ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے اور ابن ماجہ نے یوں روایت کیا ہے "من تحلم کاذباً کاف یوم القیامة ان یعقد بین شعیرتین ولن یعقد بینهما". اور طبرانیؒ نے دونوں جملوں کو یوں روایت کیا ہے: "من استمع الی حدیث قوم وهم له کارهون صب فی اذنیه الانك" اور حدیث کا آخری جملہ احمد، شیخینؒ اور نسائیؒ نے اس طرح روایت کیا ہے: "من صور صورۃً فی الدنیا کلف ان ینفخ فیها الروح یوم القیامة ولیس بنافخ".

چوسر باز سوئر کے خون میں ہاتھ ڈبونے والا ہے

۴۵۰۰: وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ شِيرِ فَكَاَنَّمَا صَبَغَ يَدَهٗ فِي لَحْمِ خِنْزِيْرٍ وَدَمِهٖ ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۴/۱۷۷۰ الحدیث رقم (۱۰۔۲۲۶۰)، وأبو داوٗد فی السنن ۵/۲۳۰ الحدیث رقم ۴۹۳۹، وأحمد فی المسند ۵/۳۶۱۔

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چوسر سے کھیلے۔ اس نے اپنا ہاتھ سور کے گوشت ولہو میں ڈبویا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: النرد شیر: نون کے فتحہ، راء کے سکون، دال مہملہ کے فتحہ اور کسرہ، شین معجمہ، یائے تحتیہ کے سکون اور راء کے ساتھ ہے۔ نرد کو کہتے ہیں۔ "نرد" معروف کھیل ہے۔ یہ لفظ عجمی ومعرّب ہے۔ "شیر" کا معنیٰ میٹھا ہے۔

(کذا فی النهایة۔ نقلة طیبیؒ نوویؒ)

فكانما صبغ يده فی لحم خنزیر ودمه: یعنی دونوں ہاتھوں کو ان دونوں میں داخل کردیا ہے اور ان دونوں کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''صبغ'' کی تخصیص کی وجہ اس کا نجس ہونا ہے۔ یہ اس سے اعراض کے لئے مزید مبالغہ ہوگا۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں یہ حدیث امام شافعیؒ اور جمہور علماء کے نزدیک اس کھیل کی حرمت کی دلیل ہے اور ''صبغ یده فی لحم الخنزیر و دمه'' کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ اس کھیل میں یوں ہے گویا کہ اس نے اپنے ہاتھ کو خنزیر کے گوشت اور خون سے رنگ لیا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ اس میں اس فعل کی قباحت کی تصویر ہے اس سے نفرت دلانا مقصود ہے۔ ہمارے علماء میں سے بعض شراح کہتے ہیں، کہ ''نردشیر'' سے مراد ''نرد'' ہے، جس کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔ اس کھیل کا بانی ''شابور بن اور شیرین تابک'' تھا۔ اس کا باپ ''اردشیر'' ساسانیوں کا پہلا بادشاہ تھا۔ اس نے اس کے ''رقعہ'' کو ''وجہ الارض'' کے مشابہ کر دیا اور تقسیم رباعی کو فصول اربعہ کے' تیس رقوم کو تیس دن کے کالے اور سفید کو دن رات کے' بارہ گھروں کو بارہ مہینوں کے مشابہ کیا کعاب کو اقضیہ سماویہ کے مشابہ کیا اور اس کے ساتھ کھیل کو کسب کے ساتھ مشابہت دی۔ لہٰذا اس کے ساتھ کھیلنے والا اس وعید کا حقدار ہوتا ہے۔ جو وعید نردشیر کے ساتھ کھیلنے کو مذکور حرمت کے ساتھ تشبیہ دینے سے مفہوم ہو رہی ہے۔ کیونکہ یہ کھیل کھیلنا مجوس کی سنت کے احیاء کی کوشش ہے اور ان کے گھر جو حقائق سے غافل کرتی ہے۔

منذری فرماتے ہیں، جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ نرد کھیلنا حرام ہے۔ ہمارے بعض مشائخ سے اس کی تحریم پر اجماع منقول ہے، (ذکرہ میرکؒ)۔ البتہ ''شطرنج'' کی حرمت کے بارے میں ہمارا اور جمہور علماء کرام کا مذہب بھی مطلقاً ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں، کہ ان کے نزدیک شروط معتبرہ کے ساتھ جائز ہے اور اس کا مزید بیان اپنے موقع محل میں آئے گا۔

الفصل الثانی:

تصاویر کے سر کاٹ ڈالو

۴۵۰۱: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ يَمْنَعْنِیْ اَنْ اَكُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ عَلَى الْبَابِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِی الْبَيْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِی الْبَيْتِ كَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ عَلٰى بَابِ الْبَيْتِ فَيُقْطَعُ فَيَصِيْرُ كَهَيْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْيُقْطَعْ فَلْيَجْعَلْ وِسَادَتَيْنِ مَنْبُوْذَتَيْنِ تُوْطَآنِ وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَلْيُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ (رواه الترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داؤد السنن ٣٨٨/٤ الحديث رقم ٤١٥٨، والترمذی فی السنن ٢٨٠٦، وأحمد فی المسند ٣٠٥/٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہنے لگے گزشتہ رات بھی تمہارے ہاں آیا تھا۔ مجھے گھر میں داخلہ سے دروازہ کی تصاویر نے منع کر دیا اور گھر میں تصویر والا رنگین منقش پردہ تھا جس کو لٹکایا گیا تھا اور گھر میں کتا تھا۔ پس آپ ان تصاویر کے سر کاٹنے کا حکم فرمائیں جو دروازے پر لگی ہوں یعنی پردے کی تصاویر کے سر کاٹ دیئے جائیں جس سے وہ درخت کی شکل بن جائیں ان کی ہیئت تصاویر والی باقی نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہے اور آپ یہ حکم دیں کہ پردے کو کاٹ کر دو تکیے بنا لیے جائیں۔ تا کہ وہ روندنے میں آئیں اور گھر سے کتا نکالنے کا حکم دیں آپ ﷺ نے وہی کیا جو جبرائیل علیہ السلام نے کہا تھا۔ یہ ترمذی' ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قال: یہ استئناف ہے، سوال مقدر کے جواب کے لئے بیان ہے اُن اُکون: (اس سے پہلے حرف جر مقدر ہے۔ "تاء" کے فتح کے ساتھ "تمثال" بکسر الاول کی جمع ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں، کہ اس سے مراد حیوانات کی تصاویر ہیں۔

و کان: ماقبل "کان" حرفِ عطف ہے۔ لہٰذا یہ بھی کلام جبرائیل کا حصہ ہے۔

القرام: قاف کے کسرہ کے ساتھ' منقش پردے کو کہتے ہیں۔ (قالہ بعض الشراح) اور القاموس میں ہے کہ "القرام" (ازروئے وزن) "کتاب" کی طرح ہے۔ سرخ پردہ کو کہتے ہیں یا وہ رنگدار کپڑا جو اون سے بنا ہو جس میں نقش ونگار اور پھول بوٹے ہوں یا باریک پردے کو کہتے ہیں۔

علامہ طیبیؒ نے النہایہ سے نقل کیا ہے کہ قرام باریک پردہ کو کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک اس سے مراد رنگ برنگی اون سے بنا ہوا کپڑا ہے اور اس میں اضافت ایسی ہے۔ کہ جیسی "ثوب قمیص" میں ہے اور بعض کے ہاں "قرام" سے مراد وہ باریک پردہ ہے جو موٹے پردے کے پیچھے لٹکایا جاتا ہے اور اسی لئے اس کی اضافت کی ہے۔

یقطع: یہ مجہول کا صیغہ ہے' تخفیف کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں تشدید کے ساتھ ہے اور مرفوع ہے اور ایک نسخہ صحیح میں نصب کے ساتھ ہے اور ضمیر "رأس التمثال" کی طرف راجع ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ جامع الاصول اور مصابیح کے اکثر نسخوں میں رفع کے ساتھ ہے اس طور پر کہ مبتدا محذوف کی خبر ہے اور بعض میں نصب کے ساتھ ہے جواب امر ہونے کی وجہ سے، اس لئے کہ شارع کا امر امتثال کا سبب ہوتا ہے اور پہلا (ضبط) معنیٰ کے لحاظ سے زیادہ لطیف ہے۔

فیصیر: اس میں بھی دونوں صورتیں ہیں۔ ای یرجع التمثال المقطع رأسه۔ اگر یہ کہا جائے کھیئة الشجرة: کہ اس کے ذکر کا کیا فائدہ ہے؟ میں کہونگا کہ یہ بتلانا تھا کہ قطع سے مراد اس کے سر کی جگہ کا مٹانا نہیں ہے۔ بلکہ اس کو جدا کرنا مراد ہے۔ کیونکہ یہ اس وقت تک شجرہ کی طرح نہیں ہوسکتا، جب تک اس سے سر جدا نہ ہو۔ جب تک اس پر سر باقی رہے گا یا مٹا ہوا ہوگا تو وہ ھیئة شجرة نہیں ہوسکتا۔ (ابن الملک) اور یہ معقول ومنقول کے خلاف ہے۔ پہلی صورت میں جب سر مٹا دیا جائے گا اور چہرہ کی وہ صورت کہ جس سے امتیاز ہوتا ہے وہ بھی مٹادی جائے گی تو اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ ھیئة شجرہ کی طرح ہو جاتا ہے اور یہ امر مشاہد ہے اور دوسری صورت میں یہ خلاف مذہب ہے۔ چنانچہ فتاویٰ قاضی خان میں ہے کہ مکروہ ہے کہ آدمی نماز پڑھے، اور اس کے سامنے یا اس کے اوپر یا دائیں طرف یا بائیں طرف یا اس کے کپڑوں پر تصاویر ہوں اور "بساط" کے بارے میں دو روایتیں ہیں۔ صحیح یہ ہے کہ بچھونے پر مکروہ نہیں ہے، جب تک کہ تصاویر پر سجدہ نہ کرے فرمایا اور یہ اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب تصویر ناظرین کو بغیر تکلف کے نظر آتی ہو۔ اگر وہ تصویر چھوٹی ہو' یا اس کا سر مٹا ہوا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

شرح السنہ میں ہے کہ اس میں دلیل ہے کہ جب تصویر کی حقیقت متغیر ہو جائے۔ اس طور پر کہ اس کے سر کو کاٹ دیا جائے' یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے جوڑ جدا کر دیئے جائیں کہ صرف صورت کا اثر باقی رہ جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور یہ کہ جب تصویر کی جگہ کو توڑ دیا جائے یہاں تک کہ اس کے اوصال کٹ جائیں تو پھر اس کا استعمال جائز ہو جاتا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس میں اشارہ لطیفہ ہے کہ اس چیز کی تصویر جائز ہے جس میں حیات نہ ہو۔ جیسا کہ جمہور کا مسلک ہے۔ واللہ اعلم۔

توطآن: یہ صیغۂ مجہول کے ساتھ ہیں۔ یعنی ان کو روندنے، ان پر بیٹھنے یا اس سے ٹیک لگانے سے اس کی اہانت کی جاتی ہو اور "وطأ" اصل میں پاؤں کے ساتھ مارنے کو کہتے ہیں اور پردہ کو کاٹنے سے مراد یہ ہے کہ اس سے دو تکیے بنائے جائیں۔ جیسا کہ حدیث سے ظاہر ہے۔ اس سے تصویر دار چیز کے استعمال کا جواز نکلتا ہے جیسا کہ تکیہ بستر اور بساط۔

اور بعض نے کہا ہے کہ "قطع" سے مراد یہ ہے کہ تصویر کی کوئی جگہ باقی نہ رہے، یہ احتمال بعید ہے اور ممکن ہے کہ "ستر" سے مراد جنس ستر ہو جو دروازہ وغیرہ پر لٹکے ہوئے پردے اور گھر میں موجود پردہ کو بھی شامل ہے اور "قطع" سے مراد برابر کر کے کاٹنا ہے۔ پھر اس کو سی کر دو تکیے بنالئے جائیں۔

فیخرج: یہ مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں "فلیخرج" ہے۔

ففعل رسول اللہؐ: یعنی جو کچھ مذکور ہوا، وہ سب کچھ کر دیا۔ یا فعل کو بمنزلہ لازم کے کیا ہے۔ ای امتثل۔ واللہ اعلم۔

آگ کی گردن تین آدمیوں کیلئے

۴۵۰۲: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهَا عَيْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ يَنْطِقُ يَقُوْلُ اِنِّيْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَبِالْمُصَوِّرِيْنَ۔

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٦٠٤ الحديث رقم ٢٥٧٤، وأحمد في المسند ٢/٣٣٦۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوزخ سے ایک گردن قیامت کے دن نکلے گی۔ یعنی آگ کا ایک ٹکڑا گردن کی صورت میں نمایاں ہوگا جس کی دو آنکھیں اور دو کان اور زبان ہوگی۔ وہ آنکھوں سے دیکھے اور کانوں سے سنے اور زبان سے بولے گی اور کہے گی۔ مجھے تین آدمیوں کیلئے متعین کیا گیا ہے۔ یعنی اللہ نے مجھ پر پابندی لگائی ہے۔ کہ ان کو میں دوزخ میں داخل کروں۔ اور ان کو رسوائی کا عذاب لوگوں کے سامنے دوں۔ یہ عذاب ان لوگوں کیلئے ہے جو حق سے تکبر اور عناد کرنے والے ہیں اور حق کو قبول نہیں کرتے اور دوسرا ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اوروں کو شریک کرے اور تیسرا تصویر کھینچنے والوں کیلئے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ: یخرج عنق: اس سے مراد شخص قوی ہے اور بعض نے اس سے مراد ایک طائفہ لیا ہے۔ (ذکرہ بعض شراح) اور القاموس میں ہے کہ "العنق" ضمہ کے ساتھ اور دو ضموں کے ساتھ جیسا کہ صرد بمعنی "جید" مؤنث ہے۔ لوگوں کی ایک جماعت کو کہتے ہیں۔ اور علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں یعنی طائفہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من النار: ''من'' بیانیہ ہے اور زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ ''یخرج'' کے متعلق ہے۔ جیسا کہ ''یوم القیامۃ'' اس کے لئے ظرف ہے اور ''لھا'' کی ضمیر عنق کے معنی کی طرف راجع ہے (قالہ طیبیؒ) اور ظاہر یہ ہے کہ ''عنق'' سے مراد لغت کا معروف معنیٰ ''جید'' ہے۔ جب کہ اس کے ظاہر سے عدول کے لئے کوئی صارف نہ ہو۔ پس یہ مؤنث ہے اور معنیٰ یہ ہوگا کہ یہ آگ سے ایک ٹکڑا ہوگا۔ جو ایک طویل گردن کی مانند ہوگا۔

عینان تبصران: اسی قسم کے اوصاف حجر اسود کے بارے میں وارد ہیں کہ جس نے اس کے ساتھ عہد و میثاق کو پورا کیا یہ قیامت کے روز اس کے لئے گواہی دے گا۔

یقول: تذکیر کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ ''ینطق'' سے بدل یا حال ہے اور معنیٰ یہ ہوگا کہ اس کی زبان قالاً یا حالاً کہے گی۔

قولہ: انی وکلت بثلاثۃ بکل جبار عنید:

یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے ذمہ داری سونپی ہے کہ ان تینوں قسموں کے لوگوں کو آگ میں داخل کر دوں اور ان کو سر عام رسوائی کا عذاب دوں۔

''جبار'' سے مراد ظالم ہے، اور ''عنید'' سے مراد ضدی اور متکبر ہے جو حق سے اعراض کئے ہوئے ہو اور باطل سے چمٹا ہوا ہے اور النہایہ میں ہے، کہ ''جبار'' ہٹ دھرم و سرکش کو کہتے ہیں اور عنید سے مراد وہ جائر عن القصد ہے جو علم کے باوجود حق کو ٹھکراتا ہے۔ اس میں سخت تہدید اور بہت ہی وعید ہے۔

ڈھول، شراب اور جوا حرام ہیں

۴۵۰۳: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَرَّمَ الْخَمْرَ وَالْمَيْسِرَ وَالْكُوْبَةَ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قِيْلَ الْكُوْبَةُ الطَّبْلُ۔ (رواہ البیھقی فی شعب الایمان)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۹۶/۴ الحدیث رقم ۳۶۹۶، وأحمد فی ۲۸۹/۱، والبیھقی فی الشعب ۲۸۲/۵ الحدیث رقم ۵۱۱۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبانی شراب، جوا اور کوبہ یعنی اس کا بجانا حرام کیا۔ اور فرمایا کہ جو نشہ کی چیز ہے وہ حرام ہے۔ کوبہ کے متعلق کہا گیا کہ وہ ڈھول ہے۔ یہ روایت بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہے۔

تشریح: قولہ: ان اللہ تعالیٰ حرم الخمر والمیسر ولکوبۃ: ان دونوں (یعنی شراب اور جوئے) کی تحریم قرآن میں مذکور ہے اور ''الکوبۃ'' کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر حرام کر دیا گیا، یعنی رسول اللہ نے اس کی تحریم کو بیان کیا۔ ''کوبہ'' چھوٹے طبل کو کہتے ہیں اور بعض کے ہاں اس سے مراد ''نرد'' ہے جیسا کہ بعض شراح نے کہا ہے اور علامہ میرکؒ کہتے ہیں، کہ اس سے مراد طبل لہو ہے، نہ کہ نمازیوں اور حجاج کا طبل۔

قولہ: قال: مسکر حرام: یہ بالرفع ہے، اس طور پر کہ مبتدا ہے، اور ''حرام'' اس کی خبر ہے اور ایک نسخہ میں ہے: '' وکل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسکرٍ حرامٌ" یہ اختلاف پہلے گزر چکا ہے کہ جس کی مقدار کثیر نشہ دے اس کا قلیل حرام ہے یا نہیں؟

قوله: قيل: الكوبة الطبل: یہ بعض رواۃ کی طرف سے تفسیر ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ اس کے معنیٰ میں "النرد" مشہور ہے اور القاموس میں ہے کہ "کوبۃ" کاف کے ضمہ کے ساتھ "نرد" "شطرنج" چھوٹا طبل اور بربط کو کہتے ہیں۔ "بربط" لکڑی کا معنی ہے، جعفر کی طرح ہے۔ یہ معرّب ہے۔

غبیراء شراب حرام ہے

۴۵۰۴: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَالْكُوْبَةِ وَالْغُبَيْرَاءِ وَالْغُبَيْرَاءُ شَرَابٌ تَعْمَلُهُ الْحَبَشَةُ مِنَ الذُّرَةِ وَيُقَالُ لَهَا السُّكُرْكَةُ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٨٩ الحديث رقم ٣٦٨٥' وأحمد فی المسند ٢/١٥٨۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب، جوا، کوبہ، غبیراء۔ (غبیراء یہ شراب کی قسم ہے) سے منع فرمایا ہے۔ حبشی اس کو مکئی سے بناتے ہیں اسے سکرکہ کہا جاتا ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ان النبی نهی عن الخمر والميسر والكوبة والغبيراء:

الغبیراء: غین معجمہ کے ضمہ، بائے موحدہ کے فتحہ اور یائے تحتیہ کے سکون کے ساتھ ہے۔

الذرة: ذال معجمہ کے ضمہ اور رائے مخففہ کے ساتھ ہے۔ القاموس کے مطابق ایک معروف دانہ ہے۔ اس کا اصل "ذر" ہے اور "الصحاح" میں اتنی بات مزید ذکر کی گئی ہے کہ "تاء" عوض کا ہے۔

"الفائق" میں ہے کہ اس کو "غبیراء" اس لئے کہتے ہیں، کیونکہ اس میں "غبرۃ" ہوتی ہے۔

السکرکة: "النہایۃ" کے مطابق یہ سین اور پہلے والے کاف کے ضمہ اور راء کے سکون کے ساتھ ہے۔ یہ ایک قسم کی شراب ہے، جو "ذرۃ" سے تیار کی جاتی ہے۔ بظاہر یہ تفسیر حضرت ابن عمر کی ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ ان کے بعد کے کسی اور راوی نے بیان کی ہو۔

۴۵۰۵: وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ (رواہ احمد وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٢٣٠ الحديث رقم ٤٩٣٨' وابن ماجه فی ٢/١٢٣٧ الحديث رقم ف٣٧٦٢' ومالك فی الموطأ ٢/٩٥٨ الحديث رقم ٦ من كتاب الرؤيا۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو نرد سے کھیلے اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ یہ احمد، ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: کیونکہ یہ حقیقۃً یا صورۃً قمار اور جواء ہے، اور پہلے یہ گزر چکا ہے کہ یہ مطلقاً حرام ہے۔

تخریج: وکذا ابن ماجة والحاکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کبوتر باز شیطان ہے

۴۵۰۶: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَتْبَعُ حَمَامَةً فَقَالَ شَيْطَانٌ يَتْبَعُ شَيْطَانَةً ۔ (رواہ احمد وابوداود وابن ماجة والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٢٣١ الحديث رقم ٤٩٤٠، وابن ماجه فی ٢/١٢٣٨ الحديث رقم ٣٧٦٥، وأحمد فی المسند ٢/٣٤٥۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کبوتروں کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔ان کے کھیل اوران کو اڑانے میں مشغول ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔شیطان شیطان کے پیچھے ہے۔یہ روایت احمد ابوداؤد،ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہے۔

تشریح: تورپشتی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس شخص کو "شیطان" اس لیے کہا کیونکہ وہ حق سے دور تھا اور لایعنی چیز میں مشغول تھا اور اس (کبوتر) کو "شیطانة" کہا کیونکہ وہ اس کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کر رہی تھی اور اس دینی یا دنیاوی کام سے غافل کر رہی تھی جس کے درپہ وہ شخص تھا۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ کبوتر کو بچوں یا انڈوں کیلئے یا انس کے لئے یا حمل کتب (خطوط ارسانی) کے لئے رکھنا بلا کراہت جائز ہے۔البتہ اس کے ساتھ بطور فال کے کھیلنا صحیح قول کے مطابق مکروہ ہے۔اگر اس کے ساتھ جواء یا اس جیسی کوئی چیز بھی ملائے گا تو پھر تو اس کی شہادت بھی رد ہو جائے گی۔

الجامع الصغیر میں ہے: رواہ ابو داود وابن ماجة عن ابی هریره، وابن ماجه عن انس وعن عثمان وعن عائشة.

الفصل الثالث:

جاندار کی تصویر کا کاروبار حرام ہے

۴۵۰۷: عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ اِذْجَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَاابْنَ عَبَّاسٍ اِنِّیْ رَجُلٌ اِنَّمَا مَعِيْشَتِیْ مِنْ صَنْعَةِ يَدِیْ وَاِنِّیْ اَصْنَعُ هٰذِهِ التَّصَاوِيْرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا اُحَدِّثُكَ اِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَاِنَّ اللّٰهَ مُعَذِّبُهٗ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهِ الرُّوْحَ وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا اَبَدًا فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَةً شَدِيْدَةً وَاصْفَرَّ وَجْهُهٗ فَقَالَ وَيْحَكَ اِنْ اَبَيْتَ اِلَّا اَنْ تَصْنَعَ فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الشَّجَرِ وَكُلِّ شَیْءٍ لَيْسَ فِيْهِ رُوْحٌ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٤/٤١٦ الحديث رقم ٢٢٢٥ وأحمد فی المسند ١/٣٦٠۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابوالحسن تابعیؒ سے روایت ہے کہ میں ابن عباس رضی اللہ کی خدمت میں بیٹھا تھا ان کے پاس اچانک ایک شخص آیا اور کہنے لگا۔ اے ابن عباس رضی اللہ عنہما میں اپنا گزر اوقات اپنی دستکاری سے کرتا ہوں۔ میں یہ تصاویر بناتا ہوں' میں کیا کروں؟ کیا مجھے یہ پیشہ ضرورت کے طور پر جائز ہے یا نہیں؟ تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جب دیکھا کہ اس کا تعلق اس کام سے سخت ہے اور شاید ممانعت سے باز نہ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا۔ اور فرمانے لگے میں تم سے وہ بات بیان کروں گا جو میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ جو شخص تصویر بنائے پس بیشک اللہ تعالیٰ اسے عذاب کرنے والا ہے۔ یہاں تک کہ اس میں روح پھونکے۔ اور وہ اس میں ہرگز روح نہ پھونک سکے گا۔ اس آدمی نے لمبا سانس لیا اور اس کا چہرہ زرد ہو گیا۔ یعنی وعید سن کر اس کا یہ حال ہوا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہنے لگے۔ تم پر بڑا افسوس ہے کہ (غالباً) تو تمام پیشوں سے انکار کرنے اور صرف مصوری کا پیشہ اختیار کرنے والا ہے۔ تمہارے لئے لازم ہے کہ تم درختوں اور ان چیزوں کی تصویر بناؤ جن میں روح نہیں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

سعید بن ابی الحسن۔ یہ سعید بن ابی الحسن ہیں۔ ''ابوالحسن'' کا نام ''یسار'' ہے۔ یہ (سعید) حسن بصری کے بھائی ہیں۔ بصرہ کے رہنے والے تابعی ہیں۔ یہ حضرت ابن عباس اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے قتادہ وعون روایت کرتے ہیں۔ ۱۰۹ھ میں اپنے بھائی سے ایک سال پہلے ان کا انتقال ہوا۔ مرتب عرض کرتا ہے کہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات جلد اول' حدیث: ۲۴۹ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

تشریح: یعنی میری معاش کا ذریعہ تو صرف یہ تصاویر ہی ہے۔

لا احدثك: ''لا'' نافیہ ہے۔ ای لا اخبرك فی جوابك. اور میں اپنی طرف سے کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ نبی کی بات نفس میں زیادہ تاثیر رکھتی ہے۔ جس نے تصویر بنائی اور اس کو اپنا مشغلہ بنایا۔

قوله: فان الله معذبه: یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اور ایک نسخہ صحیحہ میں مضارع کے صیغہ کے ساتھ ''یعذبه'' ہے۔

حتی ینفخ فیه: اور ایک نسخہ میں ''فیها'' ہے ای فی الصورة اور اس کی تائید اگلے جملہ سے ہوتی ہے: ''ولیس بنافخ فیها ابدا''. اس سے یہ لازم آتا ہے کہ اس کا عذاب ہمیشہ ہوگا۔ یہ وعید شدید پر محمول ہے۔ یا مستحل پر محمول ہے۔

قوله: فربا الرجل ربوةً شدیدةً: یہ مصدریت (یعنی مفعول مطلق ہونے) کی بناء پر منصوب ہے۔ علامہ جوہریؒ کہتے ہیں کہ ''الربو'' نفس عالی (چڑھی ہوئی سانس کو کہتے ہیں۔ ''ربا یربو ربوًا'' اور القاموس میں ہے کہ ''ربا الفرس ربوا'' اس وقت کہا جاتا ہے، جب دوڑنے سے اس کو سانس چڑھ جائے، یا خوف کی وجہ سے' حاصل معنی یہ ہے کہ وہ خوف زدہ ہو گیا جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث نقل کی اور لمبی سانس لینے لگا۔

ویحك: یہ کلمہ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسی ہلاکت میں گر جائے، جس کا مستحق نہ ہو۔ تاکہ اس پر رحم کیا جائے اور اسی سے یہ خبر مرفوع بھی ہے: ''ویح عمار تقتله الفئة الباغیة''. اس کو ابو داؤد نے ''الحلیة'' میں حضرت ابو قتادہ سے روایت کیا ہے اور امام بخاریؒ اور احمدؒ نے حضرت ابوسعید سے یہ زیادتی نقل کی ہے: ''یدعوهم الی الجنة ویدعوهم الی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النار''۔ برخلاف کلمۂ ''ویل'' کے۔ چونکہ یہ مستحق ہلاکت شخص کے لئے ہی بولا جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ نے فرمایا:﴿وَيْلَكَ اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ﴾ [الاحقاف:۱۷] اور القاموس میں ہے: ''ویح لذید و ویحا له'' کلمہ رحمت ہے اور اس کا رفع ابتداء کی وجہ سے ہے' اور اضمار فعل کی وجہ سے منصوب ہے اور ''ویح زید و ویحه'' یہ دونوں (بھی اسی وجہ سے) منصوب ہیں۔

ان ابیت: یعنی اگر تم باقی صنعتوں سے انکاری ہو، اور صرف تصاویر ہی بنانا چاہتے ہو، تو پھر تم درختوں کی تصاویر بناؤ اور ان جیسی ان اشیاء کی تصویریں بناؤ۔ جو غیر ذی روح ہیں۔ جیسا کہ اس بات کو اگلے جملہ میں بیان کیا گیا ہے: ''و کل شیء لیس فیه روح''۔

''کل'' جر کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں نصب کے ساتھ ہے۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں، کہ اس میں جر اس وجہ سے جائز ہے کہ یہ شجر کا بیان ہوگا کیونکہ جب ان کو تصویر سے منع کر دیا اور ان کی راہنمائی ''جنس شجر'' کی طرف کر دی، تو انہوں نے اس کو ''قصد'' کے لئے وافی نہیں دیکھا تو اس کی وضاحت فرما دی یہ ''بدل'' کے قریب ہے اور ''نصب'' تفسیر کی بناء پر ہے۔ یعنی ''اعنی'' مقدر ہے اور اظہر یہ ہے کہ ''جر'' کے ساتھ تعمیم بعد التخصیص کے قبیل سے ہے اور ممکن ہے کہ اس کا نصب ''نزع الخافض'' کی بناء پر ہو اور اس پر دال عاطف کا وجود ہے۔

نیکوں کی تصاویر لگانے والے بدترین خلق

۴۵۰۸: وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ بَعْضُ نِسَائِهٖ كَنِيْسَةً يُقَالُ لَهَا مَارِيَةٌ وَكَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَاُمُّ حَبِيْبَةَ اَتَتْ اَرْضَ الْحَبَشَةِ فَذَكَرَتَا مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيْرَ فِيْهَا فَرَفَعَ رَاْسَهٗ فَقَالَ اُولٰٓئِكَ اِذَا مَاتَ فِيْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ اُولٰٓئِكَ شِرَارُ خَلْقِ اللّٰهِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۸۷/۷ الحدیث رقم ۳۸۷۳' ومسلم فی ۳۷۵/۱ الحدیث رقم (۱۶۔۵۲۸) وأحمد فی المسند ۵۱/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض ازواج رضی اللہ عنہن نے گرجے کا ذکر کیا اس گرجا کا عربی نام ''ماریہ'' تھا۔ آپ کی ازواج بیماری کے ایام میں مشغول خاطر کیلئے باتیں کرتی تھیں۔ بعض ازواج مطہرات یعنی ام سلمہ اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہما نے کنیسہ کا ذکر کیا جس کو سرزمین حبشہ میں انہوں نے ملاحظہ کیا تھا۔ اور یہ دونوں سرزمین حبشہ میں گئی تھیں یعنی وہاں کے لوگ نصرانیت پر قائم تھے۔ ان دونوں نے گرجے کے حالات ذکر کیے کہ اس میں تصاویر تھیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن کر اپنا سر اٹھایا اور فرمایا نصاریٰ یا اہل حبشہ وہ لوگ ہیں کہ جب ان میں سے کوئی نیک صالح آدمی مرجاتا ہے۔ اس کی قبر پر مسجد بناتے ہیں۔ یعنی اس کی قبر کے پاس عبادت خانہ بناتے ہیں جس کو گرجا اور کنیسہ کہتے ہیں پھر اس مسجد میں تصاویر بناتے ہیں۔ یہ تصاویر صلحاء کی ہوتی ہے۔ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں بدترین ہیں۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: یہود ونصاریٰ کی عبادت گاہ کو کہا جاتا ہے۔ یہ "کنیشت" سے معرب ہے اور اس کنیسۃ کو "مارية" کیا جاتا تھا اور شاید ماریہ بھی معرب ہے "مارنی مثلها" سے۔

مطلب......دونوں نے اس کو حبشہ میں دیکھا تھا اور اس پر تعجب کیا تھا دونوں نے آپ علیہ السلام کے سامنے "مارية" کی خوبصورت تصاویر حُسن کو بیان اور ذکر کیا۔ تو نبی نے کمال غیرت الٰہیہ کی وجہ سے سر اٹھایا "اولئك" کاف کے کسرہ کے ساتھ ہے مخاطب کوئی خاتون تھیں اور ان دونوں میں سے کسی کو خطاب فرمایا یا اپنی ازواج میں سے کسی عورت کو خطاب فرمایا۔ یا حضرت عائشہؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا اور ایک نسخہ میں "اولئك" بفتح الکاف ہے۔ اسی صورت میں یہ خطاب عام ہے یا ان خواتین کو مردوں کے قائم مقام قرار دیا۔ مطلب یہ کہ ان اہل کتاب یا یہود ونصاریٰ کی جماعت میں سے کوئی نیک آدمی نبی یا ولی مرجاتا تو یہ لوگ اس کی قبر پر سجدہ گاہ یعنی عبادت گاہ لیتے جس کو "کنیسة" کہتے ہیں۔ پھر انہوں نے اس میں ان صلحاء کی تصویریں بنا ئیں۔ ان کی یادگار کے طور پر یا اس لئے کہ ان کی وجہ سے عبادت میں ترغیب ہوگی۔ پھر ان کے بعد اور لوگ آئے' پس شیطان نے ان کو یہ اشکال مزین کر دکھائیں اور ان سے کہا، کہ تمہارے اسلاف اس کی عبادت کیا کرتے تھے۔ تو وہ بتوں کی پوجا میں جا پڑے۔

شدید عذاب کے مستحق پانچ افراد

۴۵۰۹: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَتَلَ نَبِيًّا اَوْ قَتَلَهُ نَبِيٌّ اَوْقَتَلَ اَحَدَوَالِدَيْهِ وَالْمُصَوِّرُوْنَ وَعَالِمٌ لَمْ يَنْتَفِعْ بِعِلْمِهٖ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ١٩٧ الحديث رقم ٧٨٨٨۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ قیامت کے دن سخت ترین عذاب میں مبتلا ہوں گے: ❶ جس نے کسی پیغمبر کو قتل کیا۔ ❷: پیغمبر کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ ❸ اپنے ماں' باپ میں سے کسی کا قاتل۔ ❹ مصور۔ ❺ وہ عالم جو اپنے علم سے فائدہ نہ اٹھائے یعنی اس کے مطابق عمل نہ کرے۔

تشریح: قوله: "ان اشد الناس عذابًا يوم القيامة": قوله: أوقتله نبي: یہ "في سبيل الله" کی قید کے ساتھ مقید ہے اس تقیید کی تائید ایک اور روایت سے ہوتی ہے: "بشتد غضب الله على رجل يقتله رسول الله"۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ "في سبيل الله" کی قید اصل میں احتراز ہے اس سے جس کو کوئی نبی حد یا قصاص میں قتل کرے۔ کیونکہ جس کو اللہ کے واسطے نبی قتل کرے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص نبی کے قتل کا ارادہ رکھتا تھا۔ اھ۔

البتہ اس پر "غلام خضر" کی وجہ سے اشکال پڑ سکتا ہے۔ کیونکہ وہ صحیح قول کے مطابق نبیؑ تھے۔ لیکن یہ اشکال بھی "في سبيل الله" کی قید سے رفع ہو سکتا ہے۔ کیونکہ انہوں نے اس کو ایک حکمت کی وجہ سے قتل کیا تھا۔ جس کا ذکر اپنے موقع محل میں ہو چکا ہے۔ أوقتل أحد والديه: یہاں "او" تنویع کے لئے ہے۔

والمصورون: اس کا عطف "من قتل" کے محل پر ہے اور اسی طرح "و عالم لم ينتفع بعلمه" بے عمل عالم کو عذاب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی اپنی بے عملی کی وجہ سے ہوگا۔

شطرنج جوا ہے

۴۵۱۰: وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ الشَّطْرَنْجُ هُوَ مَيْسِرُ الْاَعَاجِمِ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/ ٢٤١' الحديث رقم ٦٥١٨۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ یقیناً شطرنج عجمیوں کا جوا ہے۔

تشریح: "الشطرنج": شین کے کسرہ کے ساتھ یہ "شش رنج" سے معرب ہے۔ اس کا مطلب ہے چھ مشقیں اور بعض نے کہا ہے کہ یہ شین کے فتح کے ساتھ ہے۔ "سط رنج" سے معرب ہے۔ جس کا معنی ہے ساحل التعب۔ اور قاموس میں ہے کہ "الشطرنج" کے حرف اول کو فتحہ نہیں دیا جاتا، یہ ایک معروف کھیل ہے۔ اس میں "سین" بھی ایک لغت ہے۔

قوله: هو ميسر الا عاجم: یعنی حقیقۃً یا صورۃً ان کا قمار اور جوا ہے اور ان کے ساتھ تشبہ منھی عنہ ہے۔ یا اس سے مراد یہ ہے کہ یہ بھی منھی عنہ میسر کے عموم میں داخل ہے۔ اور اس کے ساتھ شرط ہو تو پھر بالا تفاق حرام ہے۔

شطرنج کھیلنے والا خطا کار

۴۵۱۱: وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ قَالَ لَا يَلْعَبُ بِالشَّطْرَنْجِ اِلَّا خَاطِئٌ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/ ٢٤١ الحديث رقم ٦٥١٨۔

ترجمہ: حضرت ابن شہاب سے روایت ہے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ شطرنج سے خطا کار کھیلتا ہے۔

تشریح: قوله: "لا يلعب بالشطرنج الا خاطیء: "خاطی سے مراد گنہگار ہے اور یہ اطلاق شطرنج کو شامل ہے خواہ شرط کے ساتھ ہو یا بغیر شرط کے ہو۔

حدیث اگرچہ موقوف ہے' لیکن حکماً مرفوع ہے۔ کیونکہ اس جیسی بات اپنی طرف سے نہیں کہی جا سکتی اور عنقریب یہ بھی آئے گا کہ یہ مرفوع حقیقۃً کے برابر ہے۔

شرح السنہ میں ہے کہ "شطرنج" کے کھیلنے کی اباحت کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض نے اس میں رخصت دی ہے۔ کیونکہ بعض اوقات یہ جنگ کے معاملے یا دشمن کے داؤ پیچ اور منصوبے سے خبردار کرتا ہے (یعنی اس کی چال کے خلاف چال چلنے کا گر سکھاتا ہے)۔

میں کہتا ہوں کہ یہ کتنی ضعیف تعلیل اور کتنی کمزور تاویل ہے۔ حالانکہ اس فعل کی مذمت میں اور صحابہؓ سے اس کے عدم ثبوت میں کتنی ساری روایات وارد ہیں۔

فرمایا: یہ تین شرائط کے ساتھ جائز ہے۔ اوّل یہ کہ اس میں جواء نہ ہو۔ دوم یہ کہ نماز کو وقت سے مؤخر نہ کرادے۔ سوم یہ کہ اپنی زبان کو فحش بُری باتوں سے محفوظ رکھے۔ اگر ان میں سے ایک بھی شرط ساقط ہوگئی تو یہ شخص ساقط مروت اور مردود الشہادت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو جائے گا امام شافعیؒ نے شطرنج اور کبوتر کے ساتھ کھیلنے کو مکروہ تنزیہی قرار دیا ہے اور ایک جماعت نے اس کو نرد کی طرح حرام قرار دیا ہے۔ امام مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ قمار سب حرام ہے۔ یہاں تک کہ اخروٹوں کے ساتھ کھیلنا بھی حرام ہے۔ اھ۔ (بشرطیکہ اس میں قمار ہو۔)

منذریؒ کہتے ہیں کہ سعید بن جبیر اور امام شعبی اس کی اباحت کے قائل ہیں اور اصحاب حنفیہ کی ایک جماعت نرد کی طرح اس کی تحریم کی قائل ہے۔

جامع صغیر میں ہے: **ملعون من لعب بالشطرنج والنا ظر الیها کالآ کل لحم الخنزیر۔** ''جس نے شطرنج کھیلا وہ ملعون ہے اس کو دیکھنے والا شخص خنزیر کا گوشت کھانے والے کی طرح ہے''۔ اس کو عبدان نے ابو موسیٰ اور ابن حزم نے حبہ بن مسلم سے مرسلاً روایت کیا ہے اور مرسل روایت جمہور کے ہاں حجت ہے اور اس معنی کی تائید بہت سی احادیث سے ہوتی ہے جو کئی طرق سے مروی ہیں۔ (واللہ اعلم)

شطرنج باطل کھیل

۴۵۱۲: **وَعَنْهُ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ لَعِبِ الشَّطْرَنْجِ فَقَالَ هِيَ مِنَ الْبَاطِلِ وَلَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْبَاطِلَ۔**

(رواه البیهقی الاحادیث الاربعة فی شعب الایمان)

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان ٥/٢٤١ الحدیث رقم ٦٥١٨۔

ترجمہ: حضرت ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے ان سے دریافت کیا گیا کہ شطرنج کے کھیل کا کیا حکم ہے۔ تو انہوں نے فرمایا یہ باطل کھیل ہے اور اللہ تعالیٰ باطل کو پسند نہیں فرماتے۔ یہ چاروں روایات بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہیں۔

تشریح: سئل: اس میں احتمال ہے کہ ضمیر ابن شہاب کی طرف راجع ہے اور یہی زیادہ مناسب ہے اور اس میں ایک احتمال یہ بھی ہے کہ یہ ابو موسیٰ کی طرف راجع ہو۔ اس صورت میں یہ حدیث سابق کے مطابق ہو جائے گی اور حاصل یہ ہے کہ ان میں سے کسی ایک سے پوچھا گیا۔

لعب الشطرنج: ''لعب'': لام کے کسرہ اور عین کے سکون کے ساتھ' اور ایک نسخہ میں فتح اور کسرہ ہے' اور سکون کے ساتھ فتحہ بھی جائز ہے۔ چنانچہ قاموس میں ہے: **لعب کسمع لعبا ولعبا ولعبا ضدجد۔ فقال ھی**: یہ ضمیر ''ملاعبۃ'' یا ''ھذہ اللعبۃ'' کی طرف عائد ہے اور امام طیبیؒ نے عجیب بات کہی کہ ضمیر مؤنث شطرنج کی طرف راجع ہے ''شطرنج'' تماثل کی تاویل میں ہے۔ قوله: **ھی من الباطل ولا یحب اللہ الباطل**: اور اس کی تائید الدر المنثور کی روایت سے بھی ہوتی ہے۔ کہ ابن ابی حاتم نے اشہب سے روایت کیا ہے فرمایا امام مالکؒ سے شطرنج اور نرد کھیلنے والے شخص کی شہادت کے بارے میں پوچھا گیا، تو انہوں نے فرمایا: **أما من أدمنها فما أری شهادتهم** کہ جس نے اس کو مداومت کے ساتھ کھیلا، تو میں ان کی شہادت کو (ٹھیک) خیال نہیں کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿**فما بعد الحق الا الضلال**﴾ [یونس: ۳۲] پس یہ سب ضلالت گمراہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ابوالشیخ نے ہمام بن مسلم سے روایت کیا ہے کہ امام مالک سے شطرنج کے (کھیل) کے بارے میں پوچھا گیا، تو انہوں نے فرمایا کہ کیا یہ حق کھیل ہے؟ تو کہا گیا کہ نہیں۔ تو انہوں نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿فماذا بعد الحق الاالضلال﴾ [یونس۔۳۲] اس استدلال اور ماقبل کے استدلال سے یہ بات کھلتی ہے کہ "الکوبة هي الشطرنج" سے مراد یہ ہے کہ یہ جوے میں حقیقۃً یا صورۃً داخل ہیں اور حدیث کے متعدد طریق سے یہ ثابت ہے جن میں سے کئی ایک ماقبل میں بھی گذر چکے ہیں اور ان میں سے بعض "الدر" میں بھی منقول ہیں۔ عبد بن حمید نے اور بیہقی نے اپنی سنن میں حضرت مجاہدؒ سے نقل کیا ہے: فرمایا "المیسر کعاب فارس وقداح العرب" اور یہ سارا جوا ہے، یعنی حقیقۃً یا حکماً۔

بیہقی نے مجاہدؒ سے یہ بھی نقل کیا ہے: فرمایا: قال: المیسر القمار کله حتی الحوز الذی یلعب به الصبیان میسر سارا کا سارا جوا ہے یہاں تک کہ جن اخروٹوں کے ساتھ بچے کھیلتے ہیں، وہ بھی۔

ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری سے نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے: "اجتنبوا هذه الکعاب الموسومة التی یزجر بها زجرًا 'فانها من المیسر".

ابن مردویہ نے اور بیہقیؒ نے "الایمان شعب" میں حضرت سمرہ بن جندب سے یہ حدیث نقل کی ہے:

"ایاکم وهذه الکعاب الموسومة التی تزجر زجرًا فانها من المیسر".

احمد وابن ابی الدنیا نے لہو ولعب کی مذمت میں اور ابن مردویہ نے "شعب الایمان" میں حضرت ابن مسعودؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: "ایاکم وهاتین البتین الموسومتین اللتین تزجران زجرًا' فانها میسر العجم".

ابن ابی شیبہ، ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت علیؓ سے یہ نقل کیا ہے: "النرد والشطرنج من المیسر"

عبد بن حمید نے حضرت علیؓ سے نقل کیا ہے: "الشطرنج میسر الا عاجم"

عبد بن حمید اور ابن ابی الدنیا نے لہو ولعب کی مذمت میں' اور بیہقیؒ نے "الشعب" میں قاسم سے نقل کیا ہے کہ ان سے پوچھا گیا: "هذه النرد تکرهونها فما بال الشرنج"؟ تو انہوں نے فرمایا: کل ماألهی عن ذکر الله وعن الصلاة فهو من المیسر۔ ہر وہ چیز جو ذکر اللہ تعالیٰ اور نماز سے غافل کر دے وہ جوا ہے۔

صحیح قول یہ ہے کہ شطرنج کا کھیل مکروہ تحریمی ہے اور یہ اس کے منافی نہیں ہے جو علامہ منذری نے نقل کیا ہے، کہ کئی احادیث میں شطرنج کا ذکر آیا ہے۔ میں ان میں سے کسی کے متعلق کوئی صحیح سند اور نہ ہی سند حسن جانتا ہوں۔ (میرک) کیونکہ تعدد طرق سے حدیث "حسن" بن جاتی ہے۔ اگرچہ "حسن" "لغیرہ" ہو۔ اگرچہ سلف نے "نرد" اور "شطرنج" میں اس اعتبار سے کوئی فرق نہیں کیا ہے کہ ان سب کو منہی عنہ میسر میں شمار کیا جائے۔ لہٰذا "نرد" سے ہٹ کر شطرنج میں قمار کی شرط کہاں سے معلوم ہوتی ہے؟ واللہ اعلم

بلّی درندہ ہے

۴۵۱۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيْ دَارَقَوْمٍ مِنَ الْاَنْصَارِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَدُوْنَهُمْ دَارٌفَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْتِيْ دَارَفُلَانٍ وَلَا تَاْتِيْ دَارَنَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ فِيْ دَارِكُمْ كَلْبًا قَالُوْا اِنَّ فِيْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّنَّوْرُ سَبُعٌ۔ (رواہ الدارقطنی)

أخرجه الدارقطني في السنن ١/٦٣ الحديث رقم ٥ من كتاب الطهارة۔

ترجمه: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے ایک گھر تشریف لے جایا کرتے تھے۔ حالانکہ اس سے نزدیک تر دیگر انصار کے مکانات تھے مگر وہاں نہ جاتے۔ پس ان لوگوں پر یہ بات گراں گزری کہ ان کے گھر تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارے گھر میں نہیں آتے۔ پس انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ فلاں گھر تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارے گھر نہیں آتے یعنی ہماری کیا کوتاہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ میں تمہارے گھر اس وجہ سے نہیں آتا کہ تمہارے گھر میں کتا ہے۔ انہوں نے عرض کیا ان کے گھر میں بلی ہے اور وہ بھی کتے کی طرح درندہ ہے۔ ان میں کیا فرق ہے۔ تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلی درندہ ہے۔ یہ دار قطنی نے نقل کی۔

تشریح: **دونهم**: (یہاں "دون" بمعنی "قریب" ہے۔) **ای قریبهم**: یعنی اس میں کیا حکمت ہے۔ یا ہماری کیا کوتاہی ہے؟ اور ممکن ہے کہ استفہام بھی مقدر مانا جائے۔

قوله: لان فی دارکم کلباً:

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتا شکار یا حفاظت کے لئے رکھا ہوا تھا۔ سنور: سین کے کسرہ اور نون مشددہ کے فتحہ کے ساتھ۔ "سبع": پہلے فتحہ اور پھر ضمہ ہے اور قاموس میں باء کے ضمہ، فتحہ اور سکون، تینوں کے ساتھ ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، اس کو استفہام انکاری پر محمول کرنا بھی جائز ہے اور اخبار پر بھی۔ یعنی "سنور" (بلی) درندہ ہے، شیطان نہیں ہے جیسا کہ ناپاک کتا ہوتا ہے اور آغاز کتاب میں یہ بات گزری ہے کہ ملائکہ کتے والے گھر میں اس لئے نہیں آتے، کیونکہ یہ نجاست کھاتا ہے اور اس لئے بھی کہ بعض کو شیطان کہا جاتا ہے اور ملائکہ شیاطین کی ضد ہیں۔ اھ اور انبیاء کرام علیہم السلام طبائع میں ملائکہ کی طرح ہوتے ہیں۔

اور جامع صغیر میں یہ الفاظ ہیں: "**السنور سبع**"۔ اس کو دار قطنی اور حاکم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

امام احمد نے ابو قتادہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: "**السنور من اهل البيت وانه من الطوافين او الطوافات عليكم**"۔

میں کہتا ہوں کہ اس جیسی حدیث کو ماقبل کے ساتھ ملانے سے جواب مکمل ہو جاتا ہے، ورنہ تو وہ مشکل ہے کیونکہ اس کا ظاہر تو باب تحصیل حاصل سے ہے اور اظہر یہ ہے کہ "لا" استفہام انکاری ہے۔ کیونکہ "السبع" القاموس کے مطابق حیوان مفترس کو کہتے ہیں۔ سنور پر صادق نہیں آتا۔ الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ اس کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰی

طب اور منتروں کا بیان

''الطب'' بکسر الطاء ہی مشہور لغت ہے۔ علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ طاء پر تینوں حرکات درست ہیں' اس کا معنی ہے ''امراض کا علاج کرنا'' اس کا دارومدار تین چیزوں پر ہے:

① حفظ صحت۔ ② موذی چیزوں سے پرہیز واجتناب ③ بدن کو فاسد مادوں سے خالی کرنا۔

''اساس البلاغة'' میں ہے: ''جآء فلان یستطب بوجعه ای یستوصف الطبیب'' (طبیب سے دوا دریافت کرنا' طبیب سے مشورہ لینا' طبیب سے نسخہ تجویز کرانا) ایک شخص کہتا ہے:

لکل داءٍ دواءٌ یستطب به۔

الا الحماقة أعیت من یداویها. ہر مرض کی دواء ہے، جس سے اس کا علاج کیا جاتا ہے۔ سوائے حماقت کے' کہ اس کی دواء کروانے والا کوئی نہیں ہے۔

''الرقی'' رُقیة کی جمع ہے۔ دم کو کہتے ہیں جو کسی صاحب تکلیف پر کیا جاتا ہے. بخار اور سر درد وغیرہ میں بزار نے حضرت عروۃ سے نقل کیا ہے قال: قلت لعائشة انی أجدك عالمة بالطب فمن أین؟ فقالت: ان رسول الله ﷺ کثرت أسقامه: و کانت أطباء العرب والعجم ینعتون له فتعلمت ذلك انہوں نے حضرت عائشہ سے پوچھا، کہ میں آپ کو طب کی عالم سمجھتا ہوں آپ نے طب کہاں سے سیکھی تو انہوں نے فرمایا، کہ جب رسول اللہ ﷺ کو بیماریاں زیادہ ہوگئیں تو عرب وعجم کے اطباء آپؐ کے لئے مختلف نسخے تجویز کرتے تھے۔ پس اس سے میں نے یہ سیکھ لیا۔ علم طب کی ابتداء:

علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ آپ علیہ السلام کے علم طب کے بارے میں احادیث اتنی زیادہ ہیں، کہ ان کی گنتی نہیں کی جا سکتی' اس کو کئی دیوانوں میں مرتب کیا گیا ہے.

علم طبّ کی ابتداء:

اس بارے میں اختلاف ہے کہ علم طب کی ابتداء کہاں اور کیسے ہوئی؟ اس میں علماء کے کئی اقوال ہیں، البتہ قول مختار یہ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اس کا بعض حصہ تو انبیاء کی طرف بھیجے جانے والی وحی کے ذریعے معلوم ہوا ہے اور باقی پھر تجربوں کے ذریعے دریافت کیا گیا ہے۔ جیسا کہ بزارؒ اور طبرانیؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نبی علیہ السلام سے روایت کیا ہے اللہ کے نبی حضرت سلیمان علیہ السلام جب نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے، تو وہ اپنے سامنے ایک درخت کو دیکھتے، تو اس سے پوچھتے کہ تمہارا نام کیا ہے؟ تو وہ بتاتا کہ فلاں نام ہے، پھر پوچھتے کہ تم کس لیئے ہو؟ تو وہ بتاتا کہ فلاں مرض کے لئے۔ تو اگر وہ درخت دواء کے لئے ہوتا، تو اس کو لکھ لیتے تھے اور اگر غرس کے لئے ہوتا تو اس کو زمین میں لگا لیتے۔

جان لیجئے کہ ہر صحت منداور بیمار شخص اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور فیصلہ سے ایسا ہوتا ہے۔ اس میں اہل سنت کے ہاں اختلاف ہے۔ امام غزالیؒ اور سبکیؒ نے قول ثانی کو ترجیح دی ہے ترمذی وابن ماجہ نے یہ حدیث روایت کی ہے سُئل رسول الله ﷺ أرأيت أدوية نتراوى بها ورقى نسترقيها هل تردمن قدر الله شيئا؟ قال: هي من قدر الله۔ کہ رسول اللہؐ سے پوچھا گیا، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا خیال ہے ان ادویہ کے بارے میں جس سے ہم علاج کرتے ہیں اور اس دم کے متعلق جس سے ہم دَم کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر میں سے کسی چیز کو رد کر سکتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہی ہے۔

الفصل الاول:

ہر مرض کا علاج ہے

۴۵۱۴: وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/١٣٤ الحديث رقم ٥٦٧٨ وابن ماجه فی السنن ٢/١١٣٨ الحديث رقم ٣٤٣١۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو بھی بیماری اُتاری ہے اس کا علاج بھی پیدا فرمایا ہے۔ (اس کو بخاری نے روایت کیا ہے)

تشریح: قوله: ماأنزل الله داء الا أنزل له شفاء: یعنی اللہ تعالیٰ نے درد یا وباء کو وجود نہیں بخشا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے علاج اور دوائی مقرر کی ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے کسی کو کسی مرض میں مبتلا نہیں کیا ہے، مگر اس کے لئے دوا مقرر فرمائی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

رواه البخاری وكذا النسائی وابن ماجة

اور بخاری کی ایک روایت کے یہ الفاظ ہیں: ''الا انزل له الدواء''

امام احمد نے طارق بن شہابؓ سے یوں روایت کیا ہے: ان الله تعالٰی لم یضع داء الا وضع له شفاء فعليكم بألبان البقرة فانها ترم من كل الشجر۔ اھ ''بیشک اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری پیدا نہیں کی ہے مگر اس کے لئے علاج اور شفاء بھی وضع کیا ہے۔ لہٰذا تم اپنے اوپر گائے کے دودھ کو لازم کرو کیونکہ وہ ہر درخت سے کھاتی ہے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاکمؒ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے "ان اللّٰه لم ينزل داء الا أنزل له شفاء الا الهرم فعليكم بالبان البقر' فانها ترم من كل الشجر".اس میں معجون کی تراکیب کی طرف اشارہ ہے۔کیونکہ مختلف اشیاء کی جمعیت سے اعتدال حاصل ہوتا ہے اور قرآن کریم میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے:﴿ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۭ......﴾ [النحل:٦٩] "اور ہرقسم کے میوے کھا۔ اور اپنے پروردگار کے صاف راستوں پر چلی جا اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔اس میں لوگوں (کے کئی امراض) کی شفا ہے بیشک سوچنے والوں کے لئے اس میں بھی نشانی ہے۔"

امام احمدؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے:"ان اللّٰه تعالىٰ حيث خلق الداء خلق الدواء فتداووا"

حاکم اور بزارؒ نے حضرت ابوسعید سے نقل کیا ہے:"ان الله تعالىٰ لم ينزل داء الا انزل له دواء علم ذالك من علم وجهل ذالك من جهل الاالسأم".صحابہ نے پوچھا، کہ اے اللہ کے رسول! "سام" کیا ہے۔تو آپ نے فرمایا: "الموت".

جاننا چاہیئے کہ ان احادیث سے نفس مریض اور طبیب کے لئے تقویت ہے اور اس کو طلب دواء اور تخفیف للمرض پر اُبھارا ہے۔کیونکہ جب نفس کو معلوم ہو جائے کہ اس کے مرض کی دواء اور اس کا علاج ہے تو اس کی اُمیدیں مزید قوی ہو جاتی ہیں اور اس کی حرارت غریزی بھڑک جاتا ہے۔روح نفسانیہ طبیعیہ اور حیوانی کو تقویت ملتی ہے' اور ان ارواح کی تقویت سے قوت برداشت بڑھتی ہے۔جن سے مرض رفع ہو جاتا ہے۔

یہاں پر "انزال" سے مراد تقدیر ہے، یا اس مرض کے علم کا انبیاء کی زبانی نزول ہے۔یا اس سے مراد الہام ہے۔

ادویہ معنوی مثلاً اللہ کی ذات پر صدق اعتماد اس پر توکل اس کے سامنے خضوع اپنے معاملے کو صدقہ واحسان کے ساتھ اس کے حوالے کر دینا کرب ومصیبت ادویہ حسیہ سے زیادہ نفع بخش ہے لیکن تصحیح نیت کی شرط کے ساتھ۔

طب نبوی کے مطابق علاج کے بعد بھی بسا اوقات شفاء میں تخلف ہو جاتا ہے۔اس میں موجود کسی مانع کی وجہ سے تلقی بالقول کے ضعف کی وجہ سے اور قرآن سے عدم نفع کا سب اکثری بھی یہی ہے۔اگرچہ یہ دلوں کی بیماریوں کے لیئے شفاء ہے اور حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی امراض کا علاج کیا ہے۔اس موضوع پر تفصیلی مباحث کا محل طب نبوی' سیر علامہ قسطلانیؒ کی کتاب "المواہب" اور ابن قیم الجوزیہ کی زاد المعاد ہے۔

ہر بیماری کا علاج ہے

۴۵۱۵:وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَاِذَ اُصِيْبَ دَوَاءُ الدَّاءَ بَرَءَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ١٧٢٩/٤ الحديث رقم (٦٩۔٢٢٠٤)' وأحمد في المسند ٣٣٥/٣۔

ترجمہ:حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر بیماری کا کوئی نہ کوئی علاج ہے جب علاج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیماری کے موافق بیٹھتا ہے تو مریض اللہ کے حکم سے صحت یاب ہو جاتا ہے۔(یہ مسلم کی روایت ہے)

تشریح: قوله:"لکل داءٍ دواءٌ": "دواء" رفع کے ساتھ ہے اور متون ہے۔

تنوین کے ساتھ ہے "الداء" نصب کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں اضافت کے ساتھ ہے اور ایک روایت میں اس طرح ہے: "فاذا أصاب دواء داء".

برء: تینوں حروف مفتوح ہیں اور ایک نسخہ میں راء کے کسرہ کے ساتھ ہے، اور اس پر ضمہ بھی جائز ہے اور النہایہ میں ہے: کہا جاتا ہے "برأت من المرض برء بالفتح وأبرأني الله من المرض ابراء". اور غیر اہل حجاز یوں کہتے ہیں: "برئت" بالکسر برأ بالضم۔

باذن الله: یعنی اللہ تعالیٰ آسان فرما دیتا ہے اور اس کا ارادہ فرماتا ہے اور یہاں پر یہ قید اس لئے لائی گئی تاکہ یہ وہم نہ ہو کہ دواء بذاتِ خود شفاء میں مستقل ہے اور اس کی تفسیر کی روایت سے ہوتی ہے "ما من داءٍ الا وله دواء" فاذا کان کذلك بعث الله عزوجل ملكا معه شراب ومعه ستر فجعله بين الداء والدواء فكلما شرب المريض من الدواء لم يقع على الداء فاذ أراد الله برأه أمر الملك فرفع الستر ثم يشرب المريض فينفعه الله تعالىٰ به۔

اسی طرح اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ حضرت علیؓ سے مرفوعاً مروی ہے: "لکل داءٍ دواءٌ ودواء الذنوب الا ستغفار".

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس میں علاج کے استحباب کی طرف اشارہ ہے اور یہ سلف اور اکثر خلف کا مذہب ہے اور ردّ ہے ان لوگوں پر جنہوں نے علاج کا انکار کیا ہے اور کہا ہے: کہ ہر چیز قضاء اور تقدیر کے ساتھ ہوتی ہے۔ لہٰذا علاج اور تداوی کی ضرورت نہیں ہے۔ جمہور کی دلیل احادیث ہیں اور (جمہور) یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی فاعل ہے اور یہ کہ تداوی بھی اللہ کی تقدیر میں سے ہے اور یہ امر بالدعاء اور امر بقتال الكفار و مجانبة الالقاء باليد الى التهلكة کی طرح ہے۔ حالانکہ اجل مؤخر نہیں ہوتی اور مقادیر تبدیل نہیں ہوا کرتیں۔ اھ۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ اسباب تداوی کی رعایت "توکل" کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ کھانے کے ذریعہ بھوک اور پانی کے ذریعہ پیاس بجھانا تقدیر کے منافی نہیں ہے اور اسی لئے محاسبی فرماتے ہیں کہ متوکل (توکل کرنے والا) آدمی علاج کرے سید المتوکلین کی اقتداء کرتے ہوئے اور اس حدیث: "من استرقٰی او اکتوٰی برأی من التوکل". جیسا کہ یہ حدیث آگے آئے گی کا جواب یہ دیا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے: "من توکل المتوکلین من السبعین الفاً الذین یدخلون الجنة بغیر حساب". کہ توکل کی بعض قسموں کو بعض سے افضل قرار دیا۔ اس پر اشکال ہوتا ہے کہ یہ اس بات کے منافی ہے۔ کہ "توحید کی حقیقت مکمل نہیں ہوتی۔ مگر ان اسباب کو اختیار کرنے کے ساتھ کہ جن کو اللہ تعالیٰ قدراً و شرعاً ان مسببات کے مقتضیات بنا یا ہے۔ لہٰذا ان کو معطل کرنا توحید میں قادح ہے۔

حاصل یہ ہے کہ جمع کا مرتبہ صرف توحید خالص کے مرتبہ سے اولیٰ ہے۔

احسن تاویل اس کی علامہ ابن عبد البرؒ نے کی ہے کہ وہ شخص توکل سے بری ہے اگر اس نے مکروہ چیز سے دَم کرایا۔ یا اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے شفاء کو صرف داغنے وغیرہ کے علاج میں سمجھ لیا اور اس سے غافل ہو گیا کہ حقیقی شفاء تو اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ہی حاصل ہوتی ہے۔ البتہ جس نے شریعت کے مطابق ایسا کیا اور ''رب الادواء'' کی طرف نظر کرتے ہوئے کیا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات سے شفاء کی توقع رکھتے ہوئے اور اس نیت کے ساتھ کہ اپنے بدن کی صحت کا خیال اس لئے کرتا ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا قیام کروں۔ تو اس شخص کا توکل اپنے حال پر باقی ہوگا سید المتوکلین کے فعل سے استدلال کرتے ہوئے۔ اگر آپ اس بحث کو کامل اور کما حقہ دیکھنا چاہتے ہیں تو ''الاحیاء'' کی طرف رجوع فرمائیں۔

تین اسباب شفاء

۴۵۱۶: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشِّفَاءُ فِيْ ثَلٰثٍ فِيْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ اَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ اَوْ كَيَّةٍ بِنَارٍ وَاَنَا اَنْهٰى اُمَّتِيْ عَنِ الْكَيِّ۔ (رواه البخاري)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/١٣٦ الحديث رقم ٥٦٨٠، وابن ماجه في السنن ١/١١٥٥ الحديث رقم، وأحمد في المسند ١/٢٤٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں باعث شفاء ہیں: ① پچھنے والی سینگی لگانے میں۔ ② شہد کے استعمال میں (خواہ شہد پانی میں ملا کر پیا جائے یا پانی کے بغیر استعمال کیا جائے)۔ ③ آگ سے داغ دینے میں۔ مگر میں اپنی امت کو داغ سے منع کرتا ہوں۔ (اس کو بخاری سے روایت کیا ہے)

تشریح: ''الشفاء في ثلاث: (جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے۔) ای فی احدی ثلاث

محجم: میم کے زیر اور جیم کے زبر کے ساتھ ہے۔ سینگی کو کہتے ہیں۔ وہ آلہ جس میں پچھنے لگانے کا وہ خون جمع ہوتا ہے۔ یہاں اس سے مراد وہ لوہے کا آلہ ہے جس سے پچھنے لگائے جاتے ہیں۔ ''الشرطة'': شین کے زبر کے ساتھ ''فعلة'' کا وزن ہے۔ ''شرط الحاجم يشرط اذا نزع'' (نشتر سے لگانا ماخوذ ہے) اور یہ حجامت کی جگہ پر لگایا اور مارا جاتا ہے۔ تا کہ اس میں خون نکل آئے۔ (کذا ذکرہ طیبیؒ)

حاصل اس کا یہ ہوا کہ ''الشرطة'' موضع حجامت پر نشتر لگانے کو کہتے ہیں اور بعض نے کہا ہے: ''الشرطة ما يشرط به'' اور ''محجم''، میم کے کسرہ کے ساتھ، حجام کی شیشی کو کہتے ہیں، جس سے خون کھینچتا ہے اور المحجم: میم کے فتحہ کے ساتھ موضع حجامت کو کہتے ہیں۔ پچھنے لگانے کی فضیلت کے بارے میں احادیث آگے آئیں گی اور من جملہ ان کے ملائکہ کا وصیت کرنا بھی ہے۔

قوله: او شربة عسلٍ: خالص شہد ہو یا پانی ملایا ہوا شہد ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿فيه شفاء للناس﴾ [النحل: ٦٩] اور ماقبل میں گزر گیا ہے کہ گویا کہ یہ معجون مرکب ہے۔ پس یہ ہر مرض کے لئے نافع ہے۔ جیسا کہ اس کی طرف ''اطلاق الشفاء لعموم الناس'' کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے۔

او كية بنارٍ: یہاں پر ان تین کی وجۂ حصر یہ ہے کہ پہلی چیز استفراغ خلط دم ہے جب جوش مارتا ہو اور اخراجِ دَم کی وجہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخصیص شاید یہ ہے، کہ اس کا وجود باقی اخلاط سے زیادہ مضر ہے اور گرم علاقوں میں یہ زیادہ پایا جاتا ہے۔
''تقدیم الاستفراغ'' کی وجہ یہ ہے کہ یہ ''مسہل'' اسھل ہے اور اقرب دفعا ہے۔معدہ میں اس کے استقرار سے قبل ہے۔
اور دوسری چیز سے اسہال کے ساتھ اخلاط اور مواد فاسدہ کا دفعیہ ہے۔
اور تیسری چیز ہے باقی اخلاط کا مادہ جو صرف داغنے سے ختم ہوسکتا ہے اور اس لئے کہا گیا ہے کہ "آخر الطب الكي"۔اس لئے کہ اہل عرب شفاء میں اس کو اصل سمجھتے تھے۔اس میں اس عقیدے کی تردید و بطلان ہے۔ یہاں پر ''نہی'' تنزیہ پر محمول ہے۔ کیونکہ یہ تعاطی اسباب میں مبالغہ ہے' اور بظاہر توکل اور اعتماد کے منافی نہیں ہے اور اسی وجہ سے حدیث میں اس کی تخصیص کردی گئی ''من اكتوى واسترقى فقد برى من التوكل''.اور ''تداوی'' نہیں فرمایا۔ بلکہ فرمایا: ''تداووا يا عباد الله فان الله لم يضع داء الا وضع له دواء الاداء واحد الهرم''.اس کو احمد، اصحاب کتب اربعہ ابن حبان اور حاکم نے اسامة بن شریک سے روایت کیا ہے اور ''الکی'' سے ممانعت بھی حدیث میں ہے جس کو ترمذی و حاکم نے عمران سے اور طبرانی نے سعد الظفری سے رایت کیا ہے' ''الظفری'' ضمہ کے ساتھ ہے۔ البتہ جب کسی مرض کا علاج داغنا متعین ہو، تو پھر یہ مکروہ نہیں ہوگا اور اس صورت پر محمول کیا جائے گا جو بعض صحابہؓ نے ایسا کیا تھا۔ پھر میں نے بعض شراح کے کلام میں صریحاً یہ بات دیکھی ہے کہ یہ اس صورت میں ہے، جب کسی اور دوائی پر قدرت نہ رکھتا ہو اور نہی اس صورت میں ہے، جب یہ قبل از ضرورت ہو' ایسی جگہ میں ہو' کہ جس کا خطرہ بڑھ کر ہو یا اس سے مراد'' الكي الفاحش '' ہے اور اس کی طرف اس قول سے اشارہ کیا ہے: ''او كية واحدة غير فاحشة بعض کا کہنا ہے کہ یہ نہی تنزیہی ہے۔''.
امام خطابیؒ فرماتے ہیں، کہ داغنا فی الجملہ جائز علاج وتداوی میں شامل ہے۔ لیکن داغنے سے منع فرمانا شاید اس احتمال کی وجہ سے ہو، کہ اہل عرب اس کو عظیم تر سمجھتے تھے اور یہ خیال کرتے تھے، کہ یہ بیماری کو ختم کر کے مریض کو صحت یاب بنا دیتا ہے اور جب وہ یہ نہیں کرے گا تو وہ ہلاک ہو جائے گا اور وہ یہ کہتے تھے کہ آخری دواء اور علاج داغنا ہی ہے۔ تو نبی کریم علیہ السلام نے اس وجہ سے ان کو اس سے منع فرمایا۔ البتہ اس کے استعمال کو مباح قرار دیا اس کے لئے جو طلب شفاء اور برأت کی اُمید پر ایسا کرے' اس عقیدہ کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کو صحت دے گا۔ تو اس صورت میں داغنا اور دوا سبب شفاء ہوگا نہ کہ علت امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس توجیہ کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے، کہ آپ علیہ السلام نے اُمت کو خاص کر کے ذکر فرمایا ہے: أنا أنهيا أمتي۔ تا کہ وہ داغنے کو مستقل علت خیال نہ کریں۔

داغنے سے معالجہ

۴۵۱۷: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رُمِیَ اُبَیٌّ یَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلٰی اَکْحَلِہٖ فَکَوَاہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/ ١٧٣٠ الحديث رقم (٧٤-٢٢٠٧)' وأحمد في المسند ٣/ ٣٠٣-

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ غزوہ خندق کے موقع پر حضرت ابیؓ کی اکحل نامی رگ میں تیر جا لگا جس سے خون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہنے لگا تو جناب رسول اللہ ﷺ نے اس تیر کے زخم کو داغ دیا یعنی آپ ﷺ نے خود داغا ہو یا کسی کو حکم فرمادیا ہو اس داغ دینے کا مقصد یہ تھا کہ رگ سے جاری خون بند ہو جائے (اس کو مسلم نے روایت کیا ہے)

تشریح: رمی: یہ مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

"رمی سهم ابی:

"ابی": امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ ہمزہ کے ضمہ' باء کے فتحہ اور یائے مشددہ کے ساتھ ہے' یہی ضبط درست ہے اور مراد ابی بن کعب ہیں بعض نے اس میں تصحیف کی ہے اور کہا ہے کہ ہمزہ پر ضمہ' یاء کسرہ اور یائے مخففہ ہے'۔ کیونکہ حضرت جابرؓ کے والد غزوہ احزاب سے قبل جنگ اُحد میں شہید ہو گئے تھے۔

اكحلہ: اس سے مراد عرق الحیاۃ ہے جس کو رگ جان کہتے ہیں اور بعض "نهر الحياة" کہتے ہیں اور بعض "نهر البدن" کہتے یہ رگ آدمی کے ہر عضو میں پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔ لیکن ہر عضو کے اعتبار سے اس رگ کا جدا نام ہے۔ ہاتھ والی رگ کو "عرق الحیاۃ" کہتے ہیں' اور ران والی رگ کو "النساء" کہتے ہیں اور جو پیٹھ اور کمر میں ہوتی ہے، اس کو "ابهر" کہتے ہیں۔ جب ہاتھ کی یہ رگ کاٹ دی جاتی ہے، تو خون رکتا نہیں ہے، اور جب اس کو داغ دیا جاتا ہے۔ تو خون رک جاتا ہے۔

رگ ہفت اندام کو داغ دینا

۴۵۱۸: وَعَنْهُ قَالَ رُمِیَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِیْ اَکْحَلِهٖ فَحَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ بِمَشْقَصٍ ثُمَّ وَرِمَتْ فَحَسَّمَهُ الثَّانِيَةَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/١٧٣١ الحديث رقم (٧٥-٢٢٠٨)' والترمذی فی السنن ٤/٢٢ الحديث رقم ١٥٨٢' والدارمی فی ٢/٣١١ الحديث رقم ٢٥٠٩' وأحمد فی المسند ٣/٣٨٦۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے ہی روایت ہے کہ حضرت سعد بن معاذؓ کو غزوہ احزاب کے دن اکحل نامی رگ میں تیر آلگا جس کی وجہ سے رگ کا خون جاری ہو گیا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے تیر کے پیکان کو گرم کر کے اپنے دست اقدس سے داغ دیا پھر جب اس کے ہاتھ میں ورم پیدا ہو گیا تو آپ ﷺ نے دوبارہ اس کو داغ دیا۔

تشریح: مشقص: (بکسر المیم وفتح القاف) تیر کا پھل اگر طویل ہو، تو اس کو "مشقص" کہتے ہیں اور۔ اگر چوڑا ہو، تو اس کو "معبلة" کہتے ہیں۔

زخم کو داغنا

۴۵۱۹: وَعَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ طَبِيْبًا فَقَطَعَ مِنْهُ عِرْقًا ثُمَّ کَوَاهُ عَلَيْهِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيح ٤/١٧٣٠ الحديث رقم (٧٣-٧-٢٢)' وأبو داوٗد فی السنن ٤/١٩٧ الحديث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٣٨٦٤' وابن ماجه فی ٢/١٩٥٦ الحديث رقم ٣٤٩٣' وأحمد فی المسند ٣/٣١٥۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ابی بن کعب کی طرف طبیب بھیجا جس نے ان کی ایک رگ کاٹ دی پھر زخم کو داغ دیا۔ (اس کو مسلم نے روایت کیا ہے)

تشریح: قوله: **فقطع منه عرقاثم كواه عليه:** جائز ہے کہ دونوں فعلوں کی اسناد حقیقۃً ومجازاً "طبیب" کی طرف کی جائے۔ یعنی طبیب کو ان دونوں کا حکم دیا۔ یا ان دونوں میں سے کسی ایک فعل کا حکم دیا اور دوسرا کام خود سرانجام دیا ہو۔

کلونجی باعثِ شفا ہے

۴۵۲۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ السَّامُ الْمَوْتُ وَالْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ الشُّوْنِيْزُ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/١٤٣ الحديث رقم (٥٦٨٨)، ومسلم فی ٤/١٧٣٥' الحديث رقم ٣٤٤٧' وأحمد فی المسند ٢/٢٤١۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سیاہ دانہ یعنی کلونجی میں سام کے علاوہ تمام بیماریوں کی شفاء ہے۔ ابن شہابؒ فرماتے ہیں کہ سام سے مراد موت اور سیاہ دانے سے مراد کلونجی ہے۔

(یہ بخاری مسلم کی روایت ہے)

تشریح: قوله: **فی الحبة السوداء شفاء من كل داء:**

بعض نے کہا ہے کہ مراد یہ ہے کہ ہر اس مرض سے جو رطوبت اور بلغم سے تعلق رکھتا ہو۔ کیونکہ یہ گرم اور خشک ہے۔ یہ اپنے مقابل امراض میں فائدہ دیتی ہے۔ (یعنی رطوبت اور سرد) لہٰذا یہ عام مخصوص کے قبیل سے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اپنے عموم پر قائم ہے اور یہ کہ یہ ہر بیماری میں خاص ترکیب سے داخل ہے۔ کرمانیؒ فرماتے ہیں کہ اس کے عموم پر دلالت اس استثناء سے رہی ہے: **الا السام السام:** سین مہملہ' الف اور میم مخففہ کے ساتھ' صاحب قاموس نے یہ لفظ ذکر نہیں کیا ہے۔

والحبة السو داء الشونيز: شونیز: شین معجمہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اس پر ضمہ بھی منقول ہے۔ بعض نسخوں میں اسی طرح ہے اور اس کی شہرت کی وجہ سے اس کی تفسیر اس کے ساتھ کی گئی ہے۔ اس کی تفسیر اکثر اسی کے ساتھ کی جاتی ہے۔ اس سے مراد "الكمون الاسد (کالا زیرہ) یا "الخردل" (رائی) یا ثمر "البطم" (بن کا پھل) ہے "البطم" بائے موحدہ کے ضمہ اور طائے مہملہ کے سکون کے ساتھ' پیلے رنگ کا دانہ کیونکہ اہل عرب اکثر "پیلے" کو' کالا کہہ دیتے ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ "الشونیز" ہی صحیح و مشہور ہے اور جمہور نے بھی اسی کو ذکر کیا ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں کہ حسنؒ سے مروی ہے کہ اس سے مراد رائی کا دانہ ہے اور بعض کے ہاں اس سے مراد وہ سبز دانہ ہے جس کو "بطم" (بن) کہتے ہیں اور اہل عرب "اخضر" کو بھی "اسود" کہتے ہیں۔

امام خطابیؒ "اعلام السنن" میں فرماتے ہیں کہ یہ اس عموم لفظ کے قبیل سے ہے جس سے خصوص مراد لیا جاتا ہے۔ کیونکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی بھی نبات وشجر کی طبعیت میں وہ تمام چیزیں جمع نہیں ہوتی ہیں جو بیماریوں کے معالجہ میں تمام طبائع کا مقابلہ کر سکے اختلاف امراض اور طبائع کے تباین کے ہوتے ہوئے' میں کہتا ہوں ۔

لیس من اللہ بمستنکر
ان یجمع العالم فی واحدٍ

''اللہ سے یہ بات بعید اور انوکھی نہیں ہے کہ وہ عالم کو ایک چیز میں جمع کر دے۔''

وہ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ہر اس بیماری سے شفاء ہے جو رطوبت، برودت اور بلغم سے پیدا ہوتی ہے۔ چونکہ یہ گرم اور خشک ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق یہ اس بیماری کے لئے شفاء ہے۔ جو رطوبت اور برودت میں اس کے مقابل ہو اور یہ قانون ہے کہ دواء ہمیشہ متضاد (مخالف) جب کہ غذاء ہم شکل ہوا کرتی ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی نظیر بلقیس کے حق میں نازل ہونے والی یہ آیت ہے: ﴿وأوتیت من کل شیء﴾[النحل:۲۳] اور یہ آیت ﴿تدمر کل شیء﴾ [الاحقاف:۲۵] اگر چہ صیغہ عموم کا ہے۔ لیکن مراد اس سے تخصیص ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس جیسے کے جواز میں تو نزاع ہی نہیں ہے۔ لیکن ان دونوں آیتوں میں عموم پر محمول کرنا ممنوع ہے جیسا کہ ہر ایک کو معلوم ہے اور جس مسئلہ میں ہم ہیں، تو یہ پہلے گزرا ہے کہ اس میں معیار عموم استثناء ہے۔ جیسا کہ یہ آیت ہے: ﴿ان الا نسان لفی خسرٍ الا الذین اٰمنوا﴾[العصر۔۲] الآیۃ

تخریج. اس کو امام احمد وابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اصحاب کتب اربعہ نے یہ زیادتی بھی نقل کی ہے: ''من کل داءٍ الا داء واحد الھرم'' اور نسائی نے یہ اضافہ نقل کیا ہے: ''علمہ من علمہ وجھلہ من جھلہ واللہ اعلم''.

شہد شفاء ہے

۴۵۲۱: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ اِلْخُدْرِیِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اَخِیْ اسْتَطْلَقَ بَطْنُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْقِہٖ عَسَلاً فَسَقَاہُ ثُمَّ جَآءَ فَقَالَ سَقَیْتُہٗ فَلَمْ یَزِدْہُ اِلاَّ اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ لَہٗ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَآءَ الرَّابِعَۃَ فَقَالَ اسْقِہٖ عَسَلاً فَقَالَ لَقَدْ سَقَیْتُہٗ فَلَمْ یَزِدْہُ اِلاَّ اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَدَقَ اللّٰہُ وَکَذَبَ بَطْنُ اَخِیْکَ فَسَقَاہُ فَبَرَأَ۔

(متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/١٣٩ الحدیث رقم ٦٧٨٤، ومسلم فی ٤/١٧٣٦ الحدیث رقم (٩١-٢٢١٧)، والترمذی فی السنن ٤/٣٥٦ الحدیث رقم ٢٠٥٢، وأحمد فی المسند ٣/١٩۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ میرے بھائی کو استطلاق بطن یعنی دست واسہال کی بیماری ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جاؤ اس کو شہد پلاؤ (تھوڑی دیر کے بعد) وہ شخص دوبارہ لوٹ کر آیا تو کہنے لگا میں نے اس کو شہد تو پلا دیا مگر اس شہد نے اس کے دستوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں (کمی کی بجائے) اضافہ کردیا یعنی شہد پلانے کے بعد اسہال میں تیزی آ گئی آپ ﷺ نے اس کو یہی حکم تین مرتبہ دیا یعنی شہد پلانے کا حکم دیا یعنی آپ ﷺ فرماتے رہے اس کو شہد پلاؤ وہ پلا کر بار بار لوٹتا اور شکایت کرتا رہا پھر جب چوتھی مرتبہ آیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس کو شہد پلاؤ تو اس نے عرض کیا کہ میں نے اس کو شہد پلایا ہے مگر اس کے اسہال میں اضافہ ہوا ہے۔اس پر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے تمہارے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے بالآخر اس نے اپنے بھائی کو شہد پلایا تو وہ شفایاب ہو گیا۔(بخاری ومسلم)

تشریح: **ان اخی استطلق بطنه**: تاء کے ضمہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ' اور ایک نسخہ میں دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے۔"بطنہ" مرفوع ہی ہے۔استطلاق بطن کا مطلب ہوتا ہے اسہال کا تواتر سے جاری ہو جانا۔**اسقه**: ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے' اور فتحہ بھی جائز ہے۔بظاہر امر سے یہ معلوم ہوتا ہے۔کہ اس سے مراد خالص شہد ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ وہ ممزوج ہو۔

حدیث ابن مسعود میں ہے: **علیکم بالشفائین العسل والقرآن** کہ تم اپنے اوپر دو شفاؤں کو لازم کرو: شہد اور قرآن کریم۔

حضرت علی سے مروی ہے: **اذا شتکی أحد کم فلیستو هب من أمرأته من صداقها فلیشتر به عسلاثم یاخذماء السماء فیجتمع هینئا مرینا شفا ء مبارکًا** کہ جب تم میں سے کسی کو بیماری کی شکایت ہو، تو وہ اپنی بیوی کے مہر میں سے کچھ ہبۃً لے لے اور اس سے شہد خریدے۔پھر آسمان کے پانی کو اس میں ملا دے۔یہ مبارک شفاء ہے۔

قوله: فقال له: ثلاث مراتٍ ای اسقه عسلا: علامہ ابن الملکؒ کہتے ہیں کہ آپ نے اس کو تین بار حکم اس لئے دیا' کیونکہ آپ کو معلوم تھا کہ اس بیماری کا سبب دراصل فضلات بلغمیہ کا اجتماع ہے۔جب یہ تین بار شہد پیئے گا تو وہ اس کے باقی کو بھی اسہال کے ساتھ نکال دے گا۔

سید جمال الدین "**روضة الاحباب**" میں فرماتے ہیں۔کہ تکرار امر میں حکمت یہ ہے کہ "سقی عسل" کی مخصوص کیفیت اور کمیت ہے احوال مریض کے اختلاف کی بناء پر۔پس اگر یہ زیادہ ہوگا تو اس کی قوت گر جائیگی اور اگر یہ کم ہوگا تو نہ مرض زائل ہوگا اور نہ ہی مریض کو فائدہ ہوگا اور جب اس کو وہ مطلوبہ مقدار نہیں پلائی گئی، جو اس مرض کا مقابلہ کرتی، تو آپ نے اس میں زیادتی کا حکم فرمایا یہاں تک کہ اس کو شفاء مل جائے۔

تکرار علاج میں تین مرتبہ ہی مقدار متعارف ہے۔جب اس نے کہا کہ اس سے تو صرف اسہال ہی بڑھتا ہے، تو آپؐ نے فرمایا: کہ اللہ نے سچ فرمایا ہے ﴿**فیه شفاء للناس**﴾ اسی طرح بعض شراح نے کہا ہے اور علامہ ابن الملکؒ کہتے ہیں، کہ اس شہد کے پینے میں پیٹ کے شفاء کا ہونا درآصل میری طرف وحی کر دی گئی اور اللہ تعالیٰ اس میں سچے ہیں اور یہ توجیہہ ان بعض شراح کے اس قول سے اولیٰ ہے، جو اس آیت ﴿**فیه شفاء للناس**﴾ سے مراد لیتے ہیں۔کہ یہ آیت اس پر دلالت نہیں کرتی کہ یہ ہر بیماری سے شفاء ہے۔میں کہتا ہوں کہ اس کا ظاہر تو مطلق ہے۔لہٰذا اطلاق پر چھوڑ دیا جائے اور اثبات وحی کیلئے دلیل کی ضرورت ہے۔

وكذب بطن اخيك: یہاں "کذب" بمعنی "أخطأ" ہے۔جیسا کہ اہل عرب کہتے ہیں: "**کذب سمعی**" **اذا اخطا**. اور اس کی خطا سے مراد ہے شہد کے ذریعے ~~شفاء~~ چونکہ اس کے پینے میں اس کی نیت خالص نہیں تھی۔یا اس لئے کہ دوا نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابھی تک اپنا کام نہیں دکھایا تھا۔(ذکرہ ابن الملکؒ)

امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں سچ کہا ہے کہ شہد لوگوں کے لئے شفاء ہے۔ تیرے پیٹ نے جھوٹ بولا ہے۔ اس طور پر کہ اس کو اس شہد کے ساتھ شفاء حاصل نہیں ہوئی۔ اھ اور مجازی معنیٰ یہ ہوگا کہ اس پیٹ میں قبول شفاء کی صلاحیت نہیں تھی۔ کہ اس کی خطا کے بعد اس کو دوا نہیں پہنچی۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ تصریح ہے اس بارے میں کہ اس آیت:[**فیہ شفاء للناس**] [النحل:٦٩] میں ضمیر "**عسل**" کی طرف راجع ہے۔ یہ ابن مسعودؓ، ابن عباسؓ اور حسنؒ وغیرہ کا قول ہے اور مجاہدؒ کا کہنا ہے کہ ضمیر "قرآن" کی طرف راجع ہے۔ لیکن یہ ضعیف ہے' قرآن کے ظاہر کے مخالف ہے' اور اس حدیث کی تصریح کے بھی مخالف ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس سے زیادہ تو یہ حدیث صریح ہے:"**علیکم بالشفاء ین: العسل و القرآن**". اور آیت تو خصوص پر دال ہے۔ یعنی بعض بیماری سے شفاء ہے۔ یا بعض لوگوں کے لئے شفاء ہے اور اس کی تنکیر میں اس پر دلالت ہے۔ میں کہتا ہوں، بظاہر شفاء کی تنکیر تعظیم کے لئے ہے' نہ کہ تقلیل کے لئے اور عموم "**من الناس**" سے مستفاد ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ کہا جائے، کہ شہد مطلقاً سہل ہے، تو پھر آپ علیہ السلام نے "دفع اسہال" کے لئے اس کا حکم کیسے دیا؟

تو ہم کہیں گے کہ شاید آپ کو معلوم ہو گیا تھا، کہ یہ بیماری فضلات بلغمیہ کے اجتماع کی وجہ سے ہوئی ہے جس کو طبعیت یکے بعد دیگرے دفع کرتی ہے اور اس کے بعد باقی ماندہ مادہ قلع قمع میں کسی "ملین" کا محتاج تھا۔ تو آپ نے اسے دوبارہ شہد پینے کا حکم فرمایا۔ جب اس نے شہد پیا، تو وہ کلی طور پر منقطع ہو گیا۔

میں کہتا ہوں کہ کلام "شاید آپ ﷺ کو معلوم ہو گیا تھا کہ یہ بیماری فضلات بلغمیہ" الخ. سے اس جزم کی نفی ہوتی ہے کہ یہ حکم آپ نے اس لئے دیا، کہ آپ کو وحی ہوئی تھی۔

اس کلام کی توضیح خطابی کے اس قول سے ہوتی ہے کہ یہ ان امور میں سے ہے کہ جن کے بارے میں اکثر لوگ یہ خیال کرتے ہیں، کہ یہ مذہب طب و علاج کے مخالف ہے۔ چونکہ وہ آدمی استطلاق بطن کی شکایت کرتے ہوئے آیا۔ تو آپ نے اس کے لئے شہد کیسے تجویز کیا، حالانکہ اس کا پیٹ خراب تھا اور جو بھی شخص اصول طب اور معانی میں سے کچھ بھی جانتا ہو تو وہ ضرور اس تدبیر کی صحت کو جانتا ہو گا اور یہ اس طرح کہ اس آدمی کا استطلاق بطن "ہیضہ" جو شکم سیری اور سوء ہضم کی وجہ سے ہوا تھا اور تمام اطباء "صاحب ہیضہ" کو یہ حکم دیتے ہیں۔ کہ وہ طبعیت کو ترک کر دے اور ان چیزوں کو جو اس کی پیٹ میں امساک پیدا کر دے اور بسا اوقات یہ قوت کے ساتھ کر جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ان فضلوں کو خارج کر دیتا ہے۔ پس جب یہ ادویہ ان فضلوں سے فارغ ہو جاتے ہیں تو بسا اوقات امساک آ جاتا ہے اور بعض دفعہ اشیائے قابضہ ومقویہ کے ساتھ اس کا علاج کیا جاتا ہے جب سقوط قوت کا خطرہ ہو۔ جب نبیؐ نے حکم دیا، کہ وہ شہد پلائے تا کہ استفراغ زیادہ سے زیادہ ہو جائے، یہاں تک کہ جب فضلے نکل جاتے ہیں اور وہ پاک ہو جاتا ہے، تو پیٹ ٹھہر جاتا ہے اور اس میں امساک آ جاتا ہے اور بعض دفعہ یہ شفاء از راہ تبرک بھی ہوتی ہے، اس آیت کی تصدیق:**فیہ شفاء للناس**...... آپؐ نے جو متعینہ شخص کے لئے دواء تجویز کی تھی تو یہ آپ کی دعاء، برکت اور حسن آثر کی وجہ سے ہوتا ہے۔ حکم تمام اعیان میں نہیں ہو گا۔ پس جو طب نبوی' طب قیاسی کے قواعد پر منطبق نہ ہوتی اس کو اسی مذہب پر حمل کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واجب ہے اور اس کی توجیہ اسی طرح کرنا ضروری ہے۔ (کذافی اعلام السنن)

بہترین ادویہ سینگی وقسط

۴۵۲۲: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/١٥٠ الحدیث رقم ٥٦٩٦، ومسلم فی ٣/١٢٠٤ الحدیث رقم (٦٣-١٥٧٧)، وأحمد فی المسند ٣/١٠٧۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جن چیزوں کو تم بطور دوا کے استعمال کرتے ہو ان میں بہترین سینگی لگوانا اور قسط بحری کا استعمال ہے۔ (یہ بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

تشریح: یعنی سب سے افضل، انفع اور اولی دوا یہ ہے اور النہایہ میں ہے کہ کہا جاتا ہے: "هذا امثل من هذا" ای أفضل الى الخير. یعنی یہ اس سے افضل ہے اور خیر کے قریب ترین ہے اور اسی طرح کہا جاتا ہے: أماثل الناس خيارهم۔

الحجامة: حائے مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اگر یہ مصدری معنی میں ہو یعنی بمعنی "احتجام" ہو تو پھر کسی تاویل کی ضرورت نہیں، بصورت دیگر یہاں مضاف محذوف ماننا ہوگا۔ ای استعمال الحجامة

القسط: یہ عقاقیر (گھاس، جڑی بوٹی) میں سے ہے، اچھی خوشبو والی ہے نفاس والی عورتوں اور بچوں کو دھونی دی جاتی ہے۔

البحری: یہ "بحر" کی طرف منسوب ہے۔ "قسط" کی دو قسمیں ہیں: (۱) قسم بحری: یہ سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ (۲) قسط ہندی جو کہ کالے رنگ کی ہوتی ہے اور یہ خوشبودار ہوتی ہے۔ جس کو "عنبر خام" کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد عود ہندی ہے جس کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے اور بقول بعض "خیار شنبر" مراد ہے۔ صاحب قاموس نے کہا ہے کہ "القسط" (بالکسر) عدل، حصہ، نصیب اور مکیال کو کہتے ہیں۔ "مکیال" اس پیمانے کو کہتے ہیں جس میں نصف صاع آتا ہے اور اس کے ساتھ بسا اوقات وضوء بھی کیا جاتا ہے اور اس سے ایک حدیث بھی ہے ان النساء من اسفه السفهاء الا صاحبة القسط والسرج۔ گویا کہ آپ کی مراد اس سے وہ عورت ہے جو شوہر کی خدمت کرتی ہو، وضوء کراتی ہو اس لے لوٹے کی حفاظت کرتی ہو اور اس کے پاس چراغ لے کر کھڑی ہوتی ہو اور (ضمہ کے ساتھ) تو پھر اس سے مراد عود ہندی وعربی ہے، جو کہ جگر کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور بعض، کیڑے اور بخار کے لئے بطور پینا مفید ہے۔ زکام، نزلہ اور وباء کے لئے اس کی دھونی مفید ہے۔ "بھق" (بلا، بیماری، مرض، جسم پر سفید داغ، چھیپ) اور کلف (سیاھی زردی مائل جھائیاں) کے لئے بطور طلاء مفید ہے۔

تخریج: رواه مالك واحمد والترمذی والنسائی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلے کا آجانا

۴۵۲۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْطِ مِنَ الْعُذْرَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیح ١٠/١٥٠ الحدیث رقم ٥٦٩٦' ومسلم فی ٣/١٢٠٤ الحدیث رقم ٦٣-١٥٧٧' وأحمد فی المسند ٣/١٠٧۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنے بچوں کی عذرہ کی بیماری کی صورت میں حلق کو ہاتھ یا کپڑے سے دبا کر مت ایذاء دو بلکہ قسط کا استعمال کرو۔ (یہ بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

تشریح: الغمز: غین معجمہ کے فتحہ' میم کے سکون اور زاء کے ساتھ' بمعنی ''العصر'' یعنی نچوڑنا۔ ''نچوڑنا''۔ بعض نے کہا ہے کہ معذور شخص کے حلق میں انگلی داخل کرنا اس دانے کو نچوڑنے کے لئے'۔

العذرة: ''من'' تعلیلہ ہے۔ ای من أجلها عین مہملہ کے ضمہ' اور ذال معجمہ کے سکون کے ساتھ۔ وہ درد حلق جو خون کے جوش مارنے کی وجہ سے ہوتا ہے بعض نے کہا ہے کہ یہ دانہ ہوتا ہے جو ''خرم'' یعنی ناک اور حلق کے درمیان میں نکلتا ہے۔ یہ دانہ عذرہ ستارہ کے طلوع کے وقت نکلتا ہے۔ جس سے کالے رنگ کا خون نکلتا ہے اور کبھی وہاں آبلہ پڑ جاتا ہے۔ اس ''طعن'' کو ''دغر'' کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: ''دغرت المرأة الصبی، اذا غمزت حلقه من العذرة او فعلت به ذالك۔ (انگلی سے دبانا)'' اور اس کے بعد وہ اس بچے کے گلے میں ایک تعویذ نما چیز ڈال دیتے تھے اور ''عند طلوع العذرة'' اس سے مراد پانچ ستارے ہیں۔ ''الشعریٰ'' ستارہ کے تحت ہوتے ہیں۔ عورتیں اس دانہ کا علاج یوں کرتی ہیں کہ وہ کوئی دھجی لے کر دانے پر رکھ کر بہت سخت بھینچتی ہیں اور پھر کپڑا لے کر اس کے ناک میں داخل کرتی ہیں اور اس دانہ پر رکھ کر دباتی ہیں ''العبور'' اور اس کو ''العذاری'' کہتے ہیں۔ یہ ستارہ موسم گرما کے وسط گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔ (کذا فی النهاية)

قوله: وعليكم بالقسط:

یعنی اس کا پانی نکال کر ٹپکایا جائے، وہ ''عذرة'' تک پہنچ کر اس کو قبض کر لیتا ہے کیونکہ یہ گرم اور خشک ہوتا ہے۔

(کذا ذکرہ بعض الشراح)

اگلی احادیث میں اس کی تفصیل آئے گی۔

جامع صغیر میں ہے: کہ اس حدیث کو بخاری نے روایت کیا ہے۔

ذات الجنب کا نبوی علاج

۴۵۲۴: وَعَنْ اُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا تَدْغَرْنَ اَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَاِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ اَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۶۶/۱۰ الحديث رقم ۵۷۱۳، ومسلم فی ۱۷۳۴/٤ الحديث رقم (۸٦-۲۲۱٤)، وأحمد فی المسند ۳۵۵/٦۔

ترجمہ: حضرت ام قیسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول ﷺ نے فرمایا تم اپنی انگلی کے ساتھ اپنی اولاد کے گلے کیوں دباتی ہو تمہیں عود ہندی کو استعمال میں لانا چاہیے کیونکہ اس میں سات بیماریوں کی شفاء ہے۔ اس میں سے ایک نمونیا ہے۔ گلے کی تکلیف ہو جانے کی صورت میں اسے ناک میں ٹپکایا جائے اور ذات الجنب کی تکلیف میں منہ میں ٹپکائی جائے۔

تشریح: علی ما تدغون: غین کے فتحہ کے ساتھ ہے ''دغر'' سے ماخوذ دال کے فتحہ، غین معجمہ کے سکون اور راء کے ساتھ ہے۔ اس کا معنی ہے الدفع والغمز۔

علام: ما استفہامیہ ہے، انکار کے معنی میں ہے، اس کا اکثری استعمال حذف الف کے ساتھ ہوتا ہے تخفیف کی خاطر، اور اصل بہت کم استعمال ہوتا ہے، (ذکرہ الطیبی) الجامع الصغیر میں ''علام'' حذف الف کے ساتھ ہے۔ معنی کے اعتبار سے عبارت یوں ہو گی: علی ای شئی تعالجن اولادکن وتغمزن حلوقهم حلق کو دباتی ہو؟

العلاق: عین کے ضمہ کے ساتھ ہے، اور بعض نسخوں میں عین کے فتح کے ساتھ اور بعض میں کسرہ کے ساتھ ہے، اور سب کا معنیٰ ''العصر'' (نچوڑنا) ہے اور بعض شراح کہتے ہیں کہ کسرہ کے ساتھ بمعنی ''الداهية'' ہے۔ ای لاتعصرن عذرة اولادکن بالشدة۔ مطلب یہ کہ تم اپنی اولاد کے اس دانے کو سختی کے ساتھ مت بھینچو اور ضمہ کے ساتھ معنیٰ ہے، وہ چیز جس کے ذریعے ''عذرة'' کو بھینچا جاتا ہے مثلاً انگلی وغیرہ۔ ای لا تعصرن أولادکن بأصبع ونحوها۔

مسلمؒ کی ایک دوسری روایت میں ہے: بهذا الاعلاق ''اس کا معنی ہے ''الدغر'' تورپشتی رَحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''بهذا العلاق'' اسی طرح بخاری و مسلمؒ نے روایت کیا ہے اور مسلمؒ کی کتاب میں بھی ''بهذا الا علاق'' ہے، یہ دونوں روایتوں میں سے اولیٰ اور زیادہ صحیح ہے۔ اس روایت کی صحت کی دلیل اس حدیث کے بعض طرق میں اُم قیس کا یہ قول ہے: ''وقد اعلقت علیه'' اور اس کی تفسیر یونس بن یزید نے کی ہے انہوں نے یہ تفسیر ابن شہاب سے روایت کی ہے: ''اعلقت غمزت'' یہ الفاظ مسلم کے ہیں۔

امام نوویؒ شرح مسلمؒ میں فرماتے ہیں کہ ''العلاق'' عین کے فتحہ کے ساتھ ہے اور ایک دوسری روایت میں ''الاعلاق'' ہے۔ اہل لغت کے ہاں یہی زیادہ مشہور ہے۔ یہاں تک کہ ان حضرات کا زعم ہے کہ یہی صحیح ہے اور ''علاق'' جائز نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ''الاعلاق'' اعلقت کا مصدر ہے اور اس کا معنیٰ ہے: ازلت العلوق و هی الآفة والداهية ابن الاثیر فرماتے ہیں ممکن ہے کہ علاق اس کا اسم ہو۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی توجیہ یہ ہے کہ ''کلام'' میں انکار کا معنیٰ ہے۔ ''ای علی ای شیء تعالجن بهذا الداء الداهية والمداواة الشنيعة''۔ اھ اور ''اعلاق'' کی صورت میں معنیٰ ہے: لم تعالجن بهذه المعالجة الخشنة؟

قوله: علیکن بهذا العود الهندی یعنی اس سلسلہ میں تم پر لازم ہے کہ اپنی اولاد کے دانوں کی بیماری میں عود ہندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استعمال کرو اور "هذا" سے اشارہ ذہن میں متحضر جنس کی طرف ہے اور اس میں تصریح ہے کہ "القسط البحری" سے مراد "عود هندی" ہے اور اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ ان دونوں میں سے ہر ایک نافع ہے۔ کیونکہ اس عود میں سات چیزوں سے شفاء ہے۔ **قوله: فان فيه سبعة أشفية:** ضمیر مجرور "عود" کی طرف عائد ہے اور "أشفية" جمع ہے "شفاء" کی **منها ذات الجنب: اى من تلك الأ شفئة شفاء ذات الجنب ان اشفيه** میں سے ایک "ذات الجنب" سے شفاء ہے۔ یا تقدیری عبارت یوں ہے: "**فيه سبعة اشفية ادواء منها ذات الجنب**" (**ذكره الطيبى**). اور جامع صغیر میں ہے: **سبعة اشفية من سبعة ادواءٍ منها ذات الجنب**۔

"**ذات الجنب**" کو خاص طور پر ذکر فرمایا کیونکہ یہ مشکل ترین اور سخت ترین بیماری ہے۔ اس بیماری میں مبتلا شخص بہت کم ہی بچتا ہے۔ (ذکرہ طیبیؒ) اور اس سے مراد یہاں وہ ریاح غلیظہ ہیں جو نواحی جنب میں ہوتی ہیں۔ کیونکہ عود ہندی کے ساتھ ریاح کا علاج کیا جاتا ہے۔

يسعط: یہ مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے مخففاً اور یہ تشدید کے ساتھ بھی مروی ہے اور الجامع میں "**بسط به**" ہے۔ یہ "**السعوط**" سے ماخوذ ہے۔ "سعوط" وہ ہے جس کو ناک میں ڈالا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ علاج یوں کیا جاتا ہے کہ عود کو خوب کوٹ کر نرم ملائم کر کے ناک میں ڈالا جاتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو گیلا کیا جاتا ہے اور اس کے قطرے ناک میں ٹپکائے جاتے ہیں۔

من العذرة :اى من اجلها يلد: صیغۂ مجہول ہے دال مہملہ مشددہ ہے یہ "**لد الرجل**" سے ماخوذ ہے۔ جب منہ کے کسی ایک کنارے سے دواء ڈالی جائے اور اس سی "**اللدود**" ہے اور الجامع میں "**ويلد به**" ہے **من ذات الجنب :اى من أجل ذات الجنب**۔

اور آپ علیہ السلام پانچویں کے ذکر سے خاموش ہو رہے۔ کیونکہ اس وقت اس کی تفصیل کی ضرورت نہیں تھی۔ آپؐ نے اہم اور مقام کے مناسب پر اکتفاء فرمایا۔ جیسا کہ "**بلغاء**" کا طریقہ ہے۔

اور یہ بھی ممکن ہے بقیہ ان کے ہاں معروف ہوں۔ "القاموس" میں اس کے بعض خواص (تحریر کئے گئے جو ماقبل میں گذر چکے ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ دل کے کچھ روگیوں نے اس پر اعتراض کیا۔ پس اطباء نے کہا، کہ "**ذات الجنب**" کا علاج "قسط" کے ساتھ کرنا حالانکہ اس کی حرارت شدیدہ پائی جاتی ہے، بہت خطرناک کام ہے۔ مازریؒ کا کہنا ہے کہ اس قول میں واضح جہالت ہے۔ یہ ایسا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ ......﴾ [یونس:۳۹] "حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کے علم پر یہ قابو نہیں پا سکے اس کو (نادانی سے) جھٹلا دیا اور ابھی اس کی حقیقت ان پر کھلی ہی نہیں۔ اُسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے تکذیب کی تھی سو دیکھو کہ ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟" حالانکہ جالینوس وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ قسط وجع الصدر میں مفید ہے اور بعض قدیم اطباء کہتے ہیں کہ اس کو استعمال کیا جاتا ہے جب خلط کو باطن بدن سے ظاہر بدن کی طرف جذب کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور یہ اعتراض باطل ہے جو ملحد نے کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"ففيه سبعة اشفية": اطباء اپنی کُتب میں اس بات پر متفق ہیں کہ یہ مدرحیض وبول ہے۔ سموم میں فائدہ مند ہے۔ شہوت جماع کو تحریک دیتا ہے۔ کیڑے ختم کر دیتا ہے۔ جب اس کو شہد کے ساتھ پیا جائے، تو اس سے آنتوں کے سانپ ختم ہو جاتے ہیں۔ "کلف" کو ختم کر دیتا ہے جب اس پر "طلاء" کیا جائے۔ معدہ اور جگر کی برودت میں فائدہ دیتا ہے۔ ورد اور ربع وغیرہ کے بخار میں فائدہ دیتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں ① بحری ② ہندی۔ بحری سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ بحری ہندی سے افضل ہے۔ اس سے کم گرم ہے۔ یہ منافع ہم نے اطباء کی کُتب میں سے گنوائے ہیں۔ کیونکہ آپ علیہ السلام نے اس کے بعض منافع کو مجملاً ذکر کیا ہے۔ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "سبعة" بول کر اس سے کثرت مراد لی جاتی ہے۔

ورواه احمد، وابو داود وابن ماجة عن أم قيس بنت محصن كذا في الجامع.

صفراوی بخار کا علاج

۴۵۲۵: وَعَنْ عَائِشَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَابْرِدُوْهَا بِالْمَآءِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٦/٣٣٠ الحديث رقم ٣٢٦٣، ومسلم في ٤/١٧٣٢ الحديث رقم (٨١۔٢٢١٠)، والترمذي في السنن ٤/٣٥٣ الحديث رقم ٢٠٧٤، وابن ماجه في ٢/١١٤٩ الحديث رقم ٣٤٧١، والدارمي في ٢/٤٠٧ الحديث رقم ٢٧٦٩، وأحمد في المسند ٦/٥٠۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ اور رافع بن خدیج سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بخار جہنم کی بھڑاس ہے پس اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔

تشریح: قوله: الحمى من فيح جهنم:

"فيح": فاء کے فتحہ اور باء کے سکون کے ساتھ، بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ حقیقت ہے۔ بخار زدہ جسم میں جو گرمی ہوتی ہے یہ اس کا ایک ٹکڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس کے اسباب مقتضہ کی وجہ سے ظاہر کر دیا۔ تاکہ بندے اس سے عبرت حاصل کریں۔ بزارؒ نے یہ حدیث روایت کی ہے: "الحمى حظ لمؤمن من النار"۔

بعض نے کہا ہے کہ یہ تشبیہ کی بناء پر فرمایا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بخار کی گرمی جہنم کی گرمی کے مشابہ ہے۔ پہلی توجیہہ اولیٰ ہے۔ (ذکرہ سیوطیؒ)۔ یہ تشبیہ بلیغ ہے۔

بعض شراح کہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ بخار اس کی شدت حرارت سے ہے یا طبعہ کی شدت حرارت کی وجہ سے ہے اور نار جہنم کے مشابہ اس طور پر ہے کہ یہ بھی جسم کو عذاب اور کرب میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اھ۔ اس صورت میں یہ "استعارہ تبعیہ" ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ "الفیح" گرمی کے چڑھنے اور جوش مارنے کو کہتے ہیں اور اس میں دو توجیہات ہیں۔ ایک یہ کہ یہ تشبیہ ہے۔ مظہرؒ کہتے ہیں کہ حرارت طبعیہ کے اشتعال ~~کو تشبیہ دی~~ ہے اس میں کہ یہ برودت کو ختم کر دیتی ہے اور دوسری توجیہہ جیسا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ بعض نے کہا ہے کہ بخار حقیقۃً حرارت جہنم سے ماُ خوذ ہے۔اس کو دنیا میں منکرین کے ڈرانے اور معتبرین کی خوشخبری کے لیئے بھیج دیا گیا ہے۔کیونکہ یہ ان کے گناہوں کے لئے ''کفارہ'' ہے اوران کی تقصیرات کے لئے ''جائزہ'' ہے۔

علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ ''مِن'' بیانیہ نہیں ہے' یہاں تک کہ یہ تشبیہ بن جائے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے:﴿حتی یتبین لکم الخیط الا بیض من الخیط الا سود من الفجر﴾[البقرۃ۔۱۸۷] پس یہ ابتدائیہ ہے۔ ای الحمی نشأت وحصلت من فیح جھنم۔یا تبعیضیہ ہے ای بعض منھا.اوراس تاُ ویل پر دلالت یہ حدیث صحیح بھی کرتی ہے:اشتکت النار الی ربھا 'فقالت:رب اکل بعض بعضاً فاذن لھا بنفسین نفس فی الشتاء ونفس فی الصیف''.تو جیسا کہ گرمی کی حرارت اس کے فیح کا اثر ہے۔اسی طرح بخار بھی ہے۔

''فأبر دوھما بالماء'':ہمزہ وصل کے ساتھ ہے'اور بعض نسخوں میں ہمزہ قطعی کے ساتھ ہے۔یعنی بخار کی شدت حرارت کو پانی کے استعمال کے ذریعہ ٹھنڈا کرو۔اس میں پینے اور غسل دونوں کا احتمال ہے' اور بعض بدن پر پانی ڈالنے کا بھی احتمال ہے جیسا کہ ماتھے اور پاؤں ہاتھ کی ہتھیلیوں پر(واللہ اعلم)۔ابن ماجہ کی ایک روایت میں ''بالماء البارد'' آیا ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ شدت حرارت کے وقت یہ بعض بخاروں کے ساتھ خاص ہے اور بعض اشخاص کے ساتھ جیسا کہ اہل حجاز ہیں۔کیونکہ ان کو اکثر بخار کثرت حرارت اور شدت حرارت کی وجہ سے ہوتا ہیں۔چنانچہ ان کو ٹھنڈا پانی پینا' اور ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا فائدہ دیتا ہے۔اس لئے کہ جب آپ علیہ السلام کو بخار آتا تو آپ پانی منگواتے اوراس کو اپنے بدن پر بہا لیتے تھے۔(ذکرہ سیوطیؒ)اورایک روایت میں ''بماء زمزم'' آیا ہے اور زمزم تو ہر بیماری کے لئے شفاء ہے۔(واللہ اعلم)

اور بعض شراح کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ بخار زدہ آدمی کو پانی پلاؤ'تا کہ اس سے بدن میں ٹھنڈک پیدا ہو اور بعض متقدمین اطباء کے کلام میں یہ بات ملتی ہے کہ ٹھنڈا پانی گرم بخاروں کے لئے ادویات میں سے زیادہ نفع بخش اور بہت جلد ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔کیونکہ پانی سہولت کے ساتھ اتر جاتا ہے اور مواضع علت تک پہنچ جاتا ہے اور معاونت طبعیہ کے بغیر اس کی حرارت دفع کر دیتا ہے۔پس اس میں لگ کر مقاومنہ علت سے غافل نہیں ہونا چاہئے۔سیوطیؒ فرماتے ہیں یعنی اس کی حرارت کو پانی سے ساکن کر دو اوراس سے مراد غسل نہیں ہے۔بلکہ کپڑے اور بدن کے درمیان چھینٹے مارنا ہے۔جیسا کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں اور وہ اوروں سے زیادہ جانتی ہیں۔

امام نوویؒ کا کہنا ہے کہ یہ ہمزہ وصل اور راء کے ضم کے ساتھ ہے' جیسا کہ دوسری روایت میں آیا ہے فاطفوھا بالماء کہ اس کو پانی کے ساتھ بجھا دو اور یہی روایات میں مشہور اور صحیح ہیں۔

قاضی عیاضؒ نے نقل کیا ہے کہ اس کو ہمزہ قطعی اور لاء کے ساتھ پڑھا جاتا ہے ایک لغت میں۔جوہریؒ کہتے ہیں۔کہ یہ ایک ردیٔ لغت ہے اور القاموس میں ہے:''بردہ برداً جعلہ بارداً أو خلطہ بالثلج وابردہ جآء بہ بارداً. ولہ سقاہ بارداً''۔

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ علم کی طرف منسوب بعض لوگوں نے اس حدیث میں غلطی کی ہے'جب اس کو بخار آیا تو اس نے پانی میں غوطہ لگایا۔تو حرارت اس کے باطن بدن میں سرایت کر گئی۔تو اس کو سخت بیماری لگ گئی اور قریب تھا'کہ وہ ہلاک ہو جاتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب وہ اس بیماری سے صحت یاب ہوا تو اس نے ایک ایسی فحش بات کی کہ جس کا ذکر کرنا اچھا نہیں ہے اور اس کو یہ واقعہ اس حدیث کے معنی سے جہالت کے باعث پیش آیا اور صفراوی بخار کے مریض کو ماء صادق البرد کے پینے کے ساتھ ٹھنڈا کیا جا سکتا ہے اور بخار زدہ آدمی کے اطراف کو پانی میں رکھنا زیادہ نفع بخش علاج ہے اور اس کی گرمی اور شعلوں کو بجھانے میں بہت زیادہ سریع ہے۔ آپ نے اطفاء حمی اور تبرید بالماء کا حکم اس شکل میں دیا تھا نہ کہ اس میں انغماس کا اور اس میں سر ڈبونے کا۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس کو پانی کے ساتھ ٹھنڈا کر دو۔ کہ اس میں وہ چیز نہ ہو جو اس کی صفت اور حالت کو ظاہر کرے اور اطباء اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ حمیٰ صفراویہ کو سخت ٹھنڈا پانی پلائیں اور اس کو برف پلائیں اور اس کے اطراف بدن کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھوئیں اور یہ کوئی بعید نہیں ہے کہ آپ نے اس قسم کے بخار میں اس قسم کا غسل مراد لیا ہو۔

امام مسلمؒ نے یہاں پر صحیح میں حضرت اسماء سے روایت کی ہے کہ ایک ''موعوکہ'' عورت کو لایا گیا۔ اس کے گریبان میں پانی ڈال دیا گیا اور فرمایا کہ رسول اللہؐ نے فرمایا ہے: ''**ابردوھا بالماء**'' تو یہی اسماحدیث کی راویہ بھی ہیں اور آپ کے ساتھ ان کا قریبی تعلق تو ہر ایک کو معلوم ہے اور حدیث کی تاویل اسی طرح جیسا کہ ہم نے کی ہے۔ لہٰذا اب ایک ملحد معترض کے لئے سوائے جھوٹ گڑھنے کے کچھ نہیں رہا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے بحوالہ ترمذیؒ حضرت ثوبان سے جو روایت نقل کی ہے، کہ رسول اللہ نے فرمایا: **اذا أصاب أحد کم الحمی' فان الحمی قطعة من النار ' فلیطفها عنه بالماء فلیستنقع فی نهر جار' ویستقبل فی نهر جار 'ویستقبل جریته فیقول :بسم الله اللهم اشف عبدك وصدق رسولك۔۔۔۔فانها لاتكاد تجاوز تسعا باذن الله عزوجل**۔ کہ جب تم میں سے کسی کو بخار آ جائے۔ بخار آگ کا ٹکڑا ہے۔ تو اس کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ بجھا دو اور اس کو ایک نہر جاری میں نہانا چاہیئے، اور پانی کے بہنے کی طرف رخ کر کے یہ دعاء پڑھے: ''**بسم الله اشف عبدك وصدق رسولك**'' اور یہ حدیث مکمل طور پر ''باب صلاۃ الجنائز'' میں مذکور ہے۔ تو یہ قواعد طبعیہ سے خارج ہے، اور خرق عادت معجزات میں داخل ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے، کہ آپ نے آغاز حدیث میں یہ کیسے فرمایا: ''**صدق رسولك**'' اور اس کے آخر میں ''**باِذن الله**'' اور اس کا مشاہدہ اور تجربہ بھی کیا گیا ہے اور اس کو اسی طرح پایا گیا ہے جیسا کہ صادق مصدوق نے فرمایا ان پر اور ان کے متبعین پر لاکھوں کروڑوں درود وسلام۔

میں کہتا ہوں، کہ اس حدیث کی تشریح اپنے محل میں بسط کے ساتھ گذر چکی ہے۔ لیکن علامہ طیبیؒ نے یہاں پر آپ علیہ السلام کے اس قول ''**باذن الله**'' کو خارق عادت کی دلیل بنایا ہے۔ لیکن یہ بھی عجیب وغریب ہے اور خارق عادت ہے۔ اس لئے کہ تمام امور چاہے معجزات وکرامات ہوں خواہ موافق عادات ہوں، سارے اللہ کے اذن، مشیت اور قدرت کے ساتھ ہوتے ہیں اور اس کے ارادہ کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یہ بالاجماع ہے اس میں کسی کا نزاع نہیں ہے اور یہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول ہے: ''**واحیی الموتی باذن الله**'' تو یہ اس پر محمول ہے کہ یہاں ''**اذن**'' بمعنی امر ہے۔ یا یہ بتلانا ہے کہ حکم سارا اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ بندہ اس فعل میں مستقل نہیں ہے اور یہ اس پر ردّ کرنے کے لئے فرمایا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کا دعویٰ کرے۔ (واللہ سبحانہ اعلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: الجامع الصغیر کے مطابق اس کو حسب ذیل حضرات نے روایت کیا ہے:

① احمد اور بخاریؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

② امام احمدؒ و شیخین نے حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔

③ شیخین ترمذی وابن ماجہ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کیا۔

④ نسائی نے حضرت رافع بن خدیجؓ سے۔

⑤ شیخان، ترمذیؒ اور نسائی نے حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت کیا ہے۔

⑥ ابن ماجہ کی ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "**الحمی کیر من جهنم فنحوها عنکم بالماء البارد**".

⑦ طبرانی نے "الاوسط" میں حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے "**الحمی حظ امتی من جهنم**"

⑧ الکبیر میں ابوریحانہ سے منقول ہے: "**الحمی کیر من جهنم' وهی نصیب المؤمن من النار**"

⑨ اور اس کو بزارؒ نے حضرت عائشہؓ سے اس طرح روایت کیا ہے: "**الحمی حظ کل مؤمن من النار**"

⑩ مسند الفردوس الدیلمی میں حضرت انسؓ سے مروی ہے: "**الحمی شهادة**"

⑪ القضاعی نے حضرت ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے: "**الحمی حظ کل مؤمنٍ من النار' وحمی لیلة تکفر الخطایا تحت الشجرة ورقها**"

⑫ ابن سنّی اور ابونعیم نے "الطب" میں حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے: "**الحمی رائدة الموت وسجن الله فی مرضٍ**"۔

بیہقی نے حضرت حسنؓ سے مرسلاً روایت کیا ہے: "**الحمی رائدة الموت وهی سجن الله فی الارض للمؤمن بجس بها عبده اذا شآء' ثم یرسله اذا شآء فغیروها بالماء، وکذا ذکره هنا فی الذهد**". اور ابن ابی الدنیا نے "**المرض والکفارات**" میں اس کو نقل کیا ہے۔

تین چیزوں کا دم سے علاج

۴۵۲۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ وَالنَّمْلَةِ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/١٧٢٥ الحدیث رقم (٥٨-٢١٩٦)' والترمذی فی ٣/٣٢٤ الحدیث رقم ٢٠٥٦' وابن ماجه فی ٢/١١٦٢ الحدیث رقم ٣٥١٦' وأحمد فی المسند ٣/١١٨۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے دم کے ذریعہ نظر بد اور ڈسنے اور پھوڑے پھنسیوں کے علاج کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ (مسلم)

تشریح: قوله: رخص رسول الله ﷺ فی الرقیة: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ رخصت نہی کے بعد کی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آپ علیہ السلام نے "رقی" سے اس لئے منع کیا، کہ اس میں بعض جاہلیت کے الفاظ استعمال ہوتے تھے، پس جب لوگ "رقی" سے رُک گئے تو ان رقی میں رخصت دیدی۔ جو الفاظ جاہلیت سے خالی ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ تقریباً یہی بات حدیث جابر اور عوف بن مالک میں بھی آئے گی۔

من العین: (یہاں کچھ عبارت مقدر ہے۔) ای من أجل اصابة عین الجن أو الانس۔ یعنی جن یا انسان کی نظر لگنے کی وجہ سے۔

یہاں پر "رقیة" سے مراد وہ دعاء اور آیات قرآنیہ ہیں، تو طلب شفاء کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔ جیسا کہ حدیث مسلم، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ میں حضرت ابوسعید سے مرفوعاً مروی ہے: "بسم الله ارقيك من كل شيء يؤذيك 'ومن شر كل نفسٍ أوعين حاسدٍ الله يشفيك 'بسم الله ارقيك".

احمد کی روایت ہے جو حضرت عائشہؓ سے ہے: "بسم الله ارقيك من كل داءٍ يشفيك من شر كل حاسدٍ اذا حسد من شر كل عينٍ" نسائی و ابن ابی شیبہ نے حضرت ابو ہریرۃ سے روایت کیا ہے کہ میرے پاس نبی علیہ السلام آئے، اور فرمایا کہ میں تم کو ان چیزوں کے ساتھ دَم نہ کروں، جن کے ساتھ جبرئیل امین نے مجھے دَم کیا ہے، تو میں نے کہا، کیوں نہیں! تو انہوں نے فرمایا: "بسم الله ارقيك 'والله يشفيك من كل داءٍ فيك من شر النفاثات فی العقد ومن شر حاسدٍ اذا حسد". اور ابن ماجہ وحاکم کی روایت میں "ثلاث مرات" ہے

اور ممکن ہے کہ (حدیث باب میں) "من العین" سے مراد من اجل وجعها ورمدها" ہو جیسا کہ ابن ماجہ، نسائی، حاکم اور طبرانیؒ نے حضرت عامر بن ربیعہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: "من اصیب بعین رقی بقوله بسم الله اللهم أذهب حرها وبردها ووصبها ثم قال: "ثم باذن الله".

الحمة: ای عن الحمۃ النہایہ کے مطابق یہ بضم الحاء المہملہ اور تخفیف میم کے ساتھ ہے اور اصمعی نے اس کا انکار کیا ہے، اور "مجاورت" کی وجہ سے اس کا اطلاق بچھو کے ڈنک پر بھی کیا جاتا ہے کیونکہ زہر اس میں سے نکلتا ہے۔ اصل میں یہ لفظ "حمی" یا "حمو" ہے۔ بوزن صرد اور "ھاء" اس میں "واؤ" یا "یائے محذوفہ" کے عوض ہے۔

اور طبرانیؒ کی "الاوسط" میں حضرت عبداللہ بن زید سے روایت ہے: کہ ہم نے رسول اللہ پر حمۃ کے دم کو پیش کیا۔ تو ہمیں اجازت دے کر فرمایا: یہ جن کے مواثیق میں سے ہے "بسم الله سجة قرنية ملحة بحر قفطا" البتہ جہاں تک اس کے معانی کی بات ہے، تو وہ معلوم نہیں۔ علماء نے اس کی تصریح کی ہے لیکن چونکہ یہ آپ علیہ السلام کی خدمت میں پیش کئے گئے تھے اس لئے اس کے ساتھ دَم کرنا جائز ہے۔

النملة: ای وعن النملة: نون کے فتح اور میم کے سکون کے ساتھ ہے، جیسا کہ شرح مسلمؒ میں ہے اور یہ کچھ دانے ہوتے ہیں جو پہلو وغیرہ میں نکلتے ہیں، اس کو "النہایہ" میں ذکر کیا گیا ہے۔

الفائق میں ہے کہ اس کو "النملة" اس وجہ سے کہہ دیا گیا کہ یہ چیونٹی کی طرح ڈھانپتے اور پھسلتے ہیں۔

بعض شراح کہتے ہیں کہ یہ چھوٹے چھوٹے دانے ہوتے ہیں، معمولی ورم کے ساتھ 'پھر یہ بڑے دانے بن جاتے ہیں' پھر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتے ہیں، اور پھسلتے چلے جاتے ہیں۔ اطباء اس کو "الذباب" کہتے ہیں، اور "فارسی" میں اس کو "نار فارسی" کہتے ہیں۔

صحیح مسلم میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ دانے والوں اور زخمی شخص کا علاج کیا کرتے تھے کہ اپنی شہادت کی انگلی کو زمین پر رکھتے اور فرماتے: "بسم الله تربة ارضنا بريقة بعضنا يشفىٰ سقيمنا باذن ربنا". اور تقدیری عبارت یوں ہے: اتبرك باسم الله، هذه تربة أرضا معجونة بريقة بعضنا کہ میں اللہ تعالیٰ کے نام سے تبرک حاصل کرتا ہوں، یہ ہماری زمین کی مٹی ہے، اور ہمارے بعض کے تھوک کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔

اور یہ اس پر دلالت کر رہا ہے کہ آپ علیہ السلام دَم کیوقت تھکارتے تھے۔

علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے ہر قسم کے درد پر دَم کے جواز پر دلالت ہے اور یہ کہ یہ ایک کھلم کھلا سلسلہ تھا اور ان کے درمیان مشہور و معروف تھا۔ آپ علیہ السلام کا زمین پر انگلی رکھنا، دَم کے وقت زمین پر انگلی رکھنے کے استحباب پر دلالت کرتا ہے۔

"ارضنا": سے مراد ساری زمین ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد مدینہ کی خاص سرزمین ہے۔ اس کے تبرک کی وجہ سے۔ میں کہتا ہوں کہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ "ارضنا" سے مراد "ارض اسلام" ہو۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اپنا تھوڑا سا تھوک اپنی انگلی پر لگائے، پھر اس کو مٹی پر رکھدے، تاکہ اس کے ساتھ کچھ مٹی لگ جائے اور پھر اس کو اس زخمی یا بیمار جگہ پر مل لے اور ملتے وقت یہ کلمات کہتا جائے۔ میں کہتا ہوں، کہ شاید اس میں اشارہ ہے کہ ہماری پیدائش کی ابتداء مٹی سے ہوئی ہے، اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ ابتداءً ہماری برابر سرابر تخلیق پر قادر ہے، اسی طرح انتہاءً ہمارے بدن کی صحت یعنی جروح و قروح کو درست کرنے پر بھی قادر ہے۔

نظرِ بد کا دم

۴۵۲۷: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَسْتَرْقِيَ مِنَ الْعَيْنِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ١٠/١٩٩ الحديث رقم ٥٧٣٨، ومسلم فى ٤/١٧١٥ الحديث رقم (٥٩-٢١٩٥)، وابن ماجه فى ٢/١١٦١ الحديث رقم ٣٥١٢، وأحمد فى المسند ٦/٦٣۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر بد کے لئے ہمیں دم کرنے کا حکم فرمایا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: "امر النبي ان نسترقي: یہ نون کے ساتھ ہے، معروف کا صیغہ ہے، اور ایک صیغہ میں یاء کے ساتھ ہے، اس صورت میں یہ مجہول کا صیغہ ہوگا۔

من العين: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک مطلب تو ترجمہ سے واضح ہے، اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں آنکھ کی دکھن دور کرنے کے لئے جھاڑ پھونک کا حکم دیا۔ تو اس سے یہ بات رفع ہوگئی جو کہی جاتی ہے کہ یہ تصریح ہے اس بات کی کہ جس کو انسان یا جن کی نظر لگ جائے اس کے لئے دَم کرنا مستحب ہے۔ (انتہی) اور شاید کہ "رقی العین" سے مراد وہ ہو جو شیخین، ابو داؤد، ابن ماجہ اور نسائی نے حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے کہ آپؐ اپنے اوپر معوذات پڑھ کر پھونکتے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معوّذات: واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے' اور بعض کا کہنا ہے کہ کسرہ کے ساتھ ہے۔ اس سے مراد ''سورۃ الفلق'' اور ''سورۃ الناس'' ہے اور جمع اس اعتبار سے لایا ہے کہ اقل جمع دو افراد ہوتے ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ جمع لانا باعتبار ان کلمات کے ہو جن کلمات پر یہ سورتیں مشتمل ہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ معوّذات سے مراد یہ دونوں سورتیں مع سورۃ الاخلاص ہو اور ان دونوں پر اس کا اطلاق تغلیباً کیا گیا ہو اور یہی معتمد بات ہے۔ (ذکرہ عسقلانیؒ)

اور ممکن ہے کہ اس کے ساتھ ''قل یا ایھا الکفرون'' بھی مراد ہو۔ جیسا کہ بعض بلاد میں یہ پڑھنے' لکھنے' گلے میں ڈالنے اور پانی میں گھول کر پینے کا رواج ہے۔ بخاری میں ہے کہ معمر نے کہا کہ میں نے زہریؒ سے پوچھا' کہ کیسے نفث کیا جائے؟ تو فرمایا کہ اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونکے پھر ان دونوں کو اپنے چہرہ اور جسم پر پھیرے اور بعض علماء کرامؒ نے نظر بد کے لگنے کی صورت میں اس آیت کی تلاوت کو بھی ذکر کیا ہے [''وان یکاد الذین کفروا''] [القلم۔۵۱] الی آخر سورۃ.

اثرات نظر کا علاج

۴۵۲۸: وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی فِیْ بَيْتِهَا جَارِيَةً فِیْ وَجْهِهَا سَفْعَةٌ تَعْنِیْ صُفْرَةً فَقَالَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۱۹۹ الحدیث رقم ۵۷۳۹' ومسلم فی ۴/۱۷۲۵ الحدیث رقم (۵۹۔۲۱۹۷)۔

ترجمہ: حضرت ام سلمہؓ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر میں ایک لونڈی دیکھی جس کے چہرے پر زردی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے دم کراؤ اس لئے کہ اسے نظر لگی ہوئی ہے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: سعفة: سین کے فتحہ اور ضمہ دونوں کے ساتھ جائز ہے۔ (ذکرہ سیوطیؒ) اور النہایہ میں: ای علامة من الشیطان اور بعض نے کہا ہے کہ شیطان کی ایک ضرب ہے۔ ''سفع'' سے اسم مرّۃ ہے جس کا معنی ہے پکڑ اور بعض کہتے ہیں: ''السفعة العین''. علامہ طیبیؒ کا کہنا ہے کہ اوّل کی تائید راوی کی بیان کردہ تفسیر ''یعنی صفرۃ'' سے ہوتی ہے۔

تعنی صفرۃ: یعنی ''سعفة'' سے امّ سلمہ کی مراد ''صفرۃ'' تھی۔

فقال: استرقوا: یعنی دَم کرو۔ یا دَم کرنے والے کو بلاؤ۔ النہایہ میں اس کا مطلب یہ لکھا ہے کہ یہ پیلاہٹ نظر کی وجہ سے ہے۔ اس لئے تم اس کے لئے کوئی دم کرنے والا تلاش کرو اور (انتھی) بعض شراح کا کہنا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو جن کی نظر لگ گئی ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے 'عیون الجن أحد من أسنة الرماح۔ ''جنوں'' کی نظریں نیزوں کی دھاروں سے زیادہ سرایت اور اثر کرنے والی ہوتی ہیں اور امام سیوطیؒ کا کہنا ہے کہ بے شک نظر انسان اور جن دونوں کی لگتی ہے۔

النہایہ میں ہے کہ اس حدیث میں دَم کرنے کا حکم آیا ہے' اور دوسری حدیث میں نہی آئی ہے: ''لا یسترقون ولا یکتوون'' اور دونوں کے بارے میں احادیث بکثرت موجود ہیں۔ ان دونوں میں تطبیق کی صورت یہ ہے کہ وہ دم مکروہ ہے جو عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں ہو۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات اور اس کی کتب منزلہ کے علاوہ کے ذریعہ ہو اور وہ دم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مکروہ نہیں ہے جو اس کے برعکس ہو مثلاً جس میں تعوذ قرآن' اسمائے حسنی یا رقیہ مرویہ کے ذریعہ ہو۔ اسی وجہ سے رسول اللہ ﷺ نے رقیہ بالقرآن پر اجرت لینے والے صحابی کی اجرت کے بارے میں فرمایا تھا: قد أخذت برقیه حق۔

جائز دم کی اجازت

۴۵۲۹: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقٰى فَجَآءَ اٰلُ عَمْرِوبْنِ حَزْمٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ كَانَتْ عِنْدَنَا رُقْيَةٌ نَرْقِىْ بِهَا مِنَ الْعَقْرَبِ وَاَنْتَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقٰى فَعَرَضُوْهَا عَلَيْهِ فَقَالَ مَا اَرٰى بِهَا بَاْسًا مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/١٧٢٦ الحديث رقم ٦٣-٢١٩٩)' وأحمد فی المسند ٣/٣٠٢۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے تعویذات سے ممانعت فرمائی تو آلِ عمرو بن حزم جو دم وغیرہ کرتے تھے وہ آپ ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہمارے پاس ایک دم ہے۔ جس کو بچھو کے ڈسے ہوئے پر ہم پڑھتے ہیں اب آپ ﷺ نے دم جھاڑنے سے منع فرما دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ دَم پڑھ کر سناؤ۔ تو انہوں نے آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں اس میں کوئی حرج خیال نہیں کرتا۔ تم میں سے جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہو وہ ضرور نفع پہنچائے۔ (مسلم)

تشریح: قوله: نهى رسول الله عن الرقى:

''الرقى'' یہ ''رقیة'' کی جمع ہے۔ ''ترقی'': نون کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ ''من العقرب'' (''من'' تعلیلہ ہے) أی أجل سمها أو ولدغها فعرضوا عليه: اس سے پہلے کچھ کلام مقدر ہے جو یہ ہے: فقال: أعرضوا رقیتکم علی واتلوها لدی۔

''وکذا احمد وابن ماجة''۔

درست کلمات سے دَم کی اجازت

۴۵۳۰: وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِىْ فِى الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ تَرٰى فِىْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَعْرِضُوْا عَلَىَّ رُقَاكُمْ لَا بَاْسَ بِالرُّقٰى مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/١٧٢٧ الحديث رقم (٦٤-٢٢٠٠)' وأبو داوٗد فی السنن ٤/٢١٤ الحديث رقم ٣٨٨٦۔

ترجمہ: حضرت عوف بن مالک اشجعیؓ سے مروی ہے کہ ہم زمانہ جاہلیت میں ایک دم کیا کرتے تھے۔ پس ہم نے جناب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔ دم، جھاڑ کے متعلق آپ ﷺ کیا فرماتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس دم کو میرے سامنے پڑھو ایسے دم کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جس میں شرک نہ ہو۔

تشریح: رقٰکم: راء کے ضمہ کے ساتھ، یہ "رقیة" کی جمع ہے۔

منظور کا علاج وضو کے پانی سے

۴۵۳۱: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدْرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/١٧١٦ الحديث رقم (٤٢-٢١٨٨)، والترمذی فی السنن ٤/٣٤٧ الحديث رقم ٢٠٦٢۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نظر حق ہے اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کرنے والی ہوتی تو وہ نظر ہوتی۔ جب تم سے اعضاء کے دھونے کا مطالبہ کیا جائے تو دھو دیا کرو۔ (مسلم)

تشریح: "العین حق": (یہاں مضاف محذوف ہے۔) ای اثر العین یعنی اس کا اثر حق ہے۔ اس کی تحقیق یہ ہے کہ کسی چیز کی اعانت اس کے کمال کے بعد ہی کیجاتی ہے اور ہر کامل کے پیچھے نقص آتا ہے اور جب ظہور قضاء عین کے بعد تھا۔ اس لئے اس کی طرف اضافت کر دی گئی۔

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ:

امام نوویؒ فرماتے ہیں، اس حدیث میں قدر کا اثبات ہوتا ہے اور یہ کہ تمام اشیاء اللہ جل شانہ کی تقدیر کے ساتھ وابستہ ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی شئے کیلئے عظیم الشان قوت وتاثیر فرض کی جائے جو تقدیر پر سبقت لے جا سکے تو وہ نظر لگنا ہے اور نظر پر کوئی چیز سبقت نہیں کر سکتی، تو نظر کے علاوہ اشیاء کا عالم کیا ہوگا۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "العین حق" کا مطلب ہے کہ نظر لگنا فی الجملہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا وجود متحقق وثابت ہے، اور "لو کان شیء سابق القدر" قول اوّل کیلئے بمنزلہ تاکید ہے۔ اس جملہ میں تاثیر نظر کی شدت، سرعت نفوذ اور ذوات میں ان کی تاثیر کا بیان فرمایا گیا ہے۔

واذا استغسلتم فاغسلوا: عربوں کی یہ عادت تھی کہ جس شخص کی نظر لگتی اس کے ہاتھ پاؤں اور ناف کے زیریں حصے کو دھوتے اور وہ پانی اس پر ڈالتے تھے اور اس کو سبب شفا خیال کرتے تھے۔ پس نبی کریم ﷺ نے اس کی رخصت دے دی اور اس کا کم سے کم فائدہ یہ ہے کہ انسان کا وہم دور ہو جاتا ہے۔

کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اس قسم کی اشیاء واعمال میں ودیعت کئے گئے خواص کا انکار کرے اور نہ اس کو اللہ جل شانہ کی قدرت وحکمت سے مستعد سمجھے، خصوصاً جب کہ خود نبی کریم ﷺ اس امر کی گواہی دے رہے ہیں، اور حکم فرما رہے ہیں۔ اس باب کی احادیث حسان میں اس کا ذکر موجود ہے، اس کی مزید تحقیق حضرت ابو امامہؓ کی حدیث میں آئے گی۔ (ذکرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التورپشتی) اس کی مزید تحقیق حدیث مذکور کے تحت آئے گی۔
شرح مسلم للنوویؒ میں مازری فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے ظاہر کی بنیاد پر نظر لگنا برحق ہے، ایک بدعتی فرقہ اس کا منکر ہے۔

الفصل الثانی:

بڑھاپے کے علاوہ ہر بیماری کا علاج

۴۵۳۲: عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَنَتَدَاوٰى قَالَ نَعَمْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ شِفَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ الْهَرَمِ۔

(رواہ احمد والترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ١٩٢/٤ الحديث رقم ٣٨٥٥، والترمذی فی السنن ٣٣٥/٤ الحديث رقم ٢٠٣٨، وابن ماجه فی ١١٣٧/٢ الحديث رقم ٣٤٣٦، وأحمد فی المسند ٢٧٨/٤۔

ترجمہ: حضرت اسامہ بن شریکؓ سے روایت ہے کہ بعض اصحابؓ نے جناب رسول اللہ ﷺ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم علاج کے لئے ادویہ استعمال میں لائیں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے اللہ کے بندو! علاج معالجہ کرو۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسی بیماری پیدا نہیں فرمائی کہ جس کا علاج نہ بنایا گیا ہو مگر بڑھاپا (کہ اس کا کوئی علاج نہیں)۔

افنتداوی: ای أنترك ترك المعالجة فنطلب الدواء اذا عرض الداء ونتوكل على خالق الارض والسماء یہ استفہام تقریری ہے، روایت کے سیاق کے مناسب بھی یہی معنیٰ ہیں کہ نبی کریم علیہ السلام نے جواباً نعم فرمایا۔
امام طیبیؒ فرماتے ہیں، فاعل کے مابعد جملہ کا عطف اس کلام مقدر پر ہے کہ جس کا تقاضا ہمزہ کر رہا ہے۔ یعنی أنعتبر الطب فنتداوی أو نتوكل على الله ونترك التداوی۔ لیکن (امام طیبیؒ کا) یہ کلام جواباً ارشاد فرمایا گیا "نعم" کے مناسب حال نہیں اور اس وجہ سے بھی توکل کو ترکِ تداوی کی ایک قسم قرار دینا معنوی طور پر درست نہیں۔

یا عباد الله: "اے اللہ کے بندو" سے آپ نے خطاب فرما کر یہ اشارہ کیا کہ علاج معالجہ کرنا عبودیت اور توکل کے منافی نہیں۔ لیکن اعتماد دوا پر نہ ہو بلکہ صاحب ربوبیت پر ہی ہو۔ چنانچہ حدیث میں مروی ہے: اعقل وتوكل۔

تداوا: "نعم" کے معنیٰ کی تاکید ہے۔ چنانچہ مطلب یہ ہوگا: تداووا ولا تعتمدوا فی الشفاء على التداوی. بل كونوا عباد الله متوكلين عليه۔ نیز اگلے کلام کیلئے بمنزلہ "توطئہ" ہے۔

غير داء واحد الهرم: ھاء کے فتحہ اور راء کے ساتھ، اس کی ترکیب میں تین احتمال ہیں: ① مجرور ہے "داء" سے بدل ہے۔ ② خبر ہے "ھو" مبتدا محذوف کی۔ ③ "أعنی" فعل مقدر کے لئے مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ "ھرم" سے مراد "کبر" (بوڑھاپا) ہے، بیماری کے مشابہ ہونے کی وجہ سے اس کو "داء" قرار دیا، چونکہ بوڑھاپے کے بعد موت کا انا بمنزلہ ادویہ کے ہے (ذکرہ الطیبی) زیادہ واضح بات یہ ہے کہ بڑھاپا "منبع الأدواء" (بیماریوں کا سرچشمہ) ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک انتہائی بوڑھے شخص نے طبیب سے کہا، میری سماعت ضعیف ہے۔ طبیب نے کہا، بوڑھاپے کی وجہ سے ہے، وہ کہنے لگا، میری بصارت کمزور پڑ گئی ہے۔ طبیب نے کہا، بوڑھاپے کی وجہ سے ہے، اس نے پھر کہا، مجھ میں چلنے اور کسی چیز کو پکڑنے کی قوت وطاقت نہیں ہے، طبیب نے کہا، یہ بھی بوڑھاپے کی وجہ سے ہے، وہ صاحب کہنے لگے، کمر جھک گئی ہے، پہلو میں درد ہے وغیرہ وغیرہ۔ طبیب نے کہا یہ سب کچھ بوڑھاپے کی وجہ سے ہے۔ یہ سن کر ان صاحب کا مزاج بگڑ گیا، اور سیخ پا ہو کر بولے، تم بھی کس قدر جاہل ہو! کہ سب بوڑھاپے کی وجہ سے ہے۔ طبیب نے یہ سن کر کہا، ہاں! یہ بھی بوڑھاپے کی وجہ سے ہے۔ اہل علم دانش فرماتے ہیں: ''من ابتلی الکبر فقد ابتلی بألف داء''.

موفق بغدادیؒ فرماتے ہیں، بیماری کی حقیقت یہ ہے کہ سارا جسم، یا جسم کا کوئی خاص عضو ابتدائی درجہ میں اعتدال سے نکل جاتا ہے، اور ان میں سے ہر درجہ کا ایک متضاد ہے، اور ایک متضاد کی شفاء اس کی ضد میں ہے۔ اس ضد تک رسائی متعذر ہو جاتی ہے، کبھی اس سے لاعلم ہونے کی وجہ سے کبھی اس کے مفقود ہونے کی وجہ سے، اور کبھی دیگر موانع آڑے آ جاتے ہیں۔ ''ھرم'' ایک اضمحلال طبعی ہے، فنا کے اس راستہ پر بہرحال چلنا ہی پڑتا ہے، اس کے لئے کوئی شفاء نہیں لکھی گئی اور موت کا ایک وقت مقررہ لکھا ہوا ہے، نہ وہ بڑھتا ہے، نہ وہ گھٹتا ہے۔

تخریج وتوضیح: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں ''تداووا یا عباد اللّٰہ......'' اس حدیث کو امام احمدؒ، ائمہ اربعہ، ابن حبان اور حاکمؒ نے روایت کیا ہے۔ امام سیوطیؒ ''شرح النقایۃ میں'' لکھتے ہیں، امام حاکمؒ وغیرہ نے اسامہ بن شریک سے یوں روایت کیا ہے ''قال: قالوا: یا رسول اللّٰہ! ھل علینا جناح أن لا نتداوی؟ قال: تداووا عباد اللّٰہ! فان اللّٰہ لم یضع داء الا وضع لہ شفاء''. اور ایک روایت میں یوں ہے: ''الا وضع لہ دواء غیر داء واحد الھرم''.

مریض کو اللہ تعالیٰ کھلاتے ہیں

۴۵۳۳: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضٰكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَإِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ۔ (رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ۴/۳۳۶ الحدیث رقم ۲۰۴۰، وابن ماجه فی ۲/۱۱۴۰ الحدیث رقم ۳۴۴۴۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنے مریضوں کو کھانا کھلانے میں زبردستی مت کرو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو کھلاتا پلاتا ہے۔

تشریح: لا تکرھوا: ''اکراہ'' مصدر سے نہی کا صیغہ ہے۔

مرضاکم): ''مریض'' کی جمع ہے۔

قولہ: فان اللّٰہ تعالٰی یطعمھم ویسقیھم: ''یسقیھم'': یاء کے فتحہ اور ضمہ کے ساتھ۔ مراد یہ ہے کہ کھلانے پلانے پر مریض کے ساتھ زبردستی نہ کی جائے اس کے حکم میں دوا بھی ہے۔ کہ حقیقتاً تو اللہ ہی کی ذات ہے جو انسانی جسم کو ایسی قوت بخشتی ہے جو کھانے پینے کے قائم مقام ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ مریض کو بھوک پیاس کی تکلیف پر صبر کی توفیق دیتا ہے۔ چونکہ قوت و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طاقت حاصل ہونا قدرتِ الٰہی کے باعث ہے محض کھانے پینے سے نہیں اور نہ از روئے صحت ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ بیماروں کے قوی کی حفاظت فرماتا ہے اور اپنی چیز کے ذریعہ اس کی مدد فرماتا ہے جو چیز حفظ روح اور تقویم بدن میں طعام وشراب والا فائدہ دیتی ہے اس کی نظیر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ السلام کا یہ فرمان ہے "أبیت عند ربی یطعمنی ویسقینی"۔ اگرچہ ان دونوں میں یعنی اطعام وطعام میں بون بعید ہے۔

عرض مرتب:

صاحب مظاہر لکھتے ہیں: بعض اوقات انسانی نفس ایسی چیزوں میں مشغول ہوتا ہے کہ کھانے پینے کی احتیاط نہیں رکھتا تو اس معاملے میں زبردستی نہیں کرنی چاہئے کیونکہ طبیعت کی آمادگی کے بغیر کھانا پینا بجائے فائدہ کے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ جہاں تک یہ معاملہ ہے کہ جسم وجان کی بقاء کے لئے نظامِ قدرت وعادت انسان کے تحت کوئی نہ کوئی ظاہری سبب ہونا چاہئے تو اس مقصد کے حصول کے لئے وہ رطوبات کافی ہوتی ہیں جو کہ غذا کی کمی کی صورت میں حرارت عزیزی تحلیل کر کے جسم وتحفظ جان کا سبب بنتی ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

سرخ بادہ میں داغنا

۴۵۳۴: وَعَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَوٰی اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَۃَ مِنَ الشَّوْکَۃِ۔

(رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب)

أخرجہ الترمذی فی السنن ٤/ ٣٤١ الحدیث رقم ٢٠٥٠۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسعد بن زرارہؓ کو سرخ بادہ کی بیماری میں داغ دیا۔ ترمذی نے اسے غریب کہا ہے۔

تشریح: یہاں دونوں احتمال ہیں ممکن ہے کہ آپ نے اپنے دستِ مبارک سے داغا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو داغنے کا حکم دیا ہو۔ (یہ معلوم نہیں کہ مذکورہ بیماری میں حضرت سعد کے جسم کے کس حصہ کو داغا گیا تھا۔)

شوکہ: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: الشوکۃ حمرۃ تعلوا الوجہ والجسد.

عرض مرتب:

صاحب "القاموس الوحید" یوں لکھتے ہیں: "الشوکۃ": منہ اور بدن پر نکلنے والی تکلیف دہ سرخ پھنسی۔

زیت وقسط نمونیا کا علاج

۴۵۳۵: وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَدَاوٰی مِنْ ذَاتِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٥٥ الحدیث رقم ٢٠٧٩' وأحمد فی المسند ٤/٣٦٩۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ذات الجنب میں قسط اور روغن زیتون سے علاج کریں۔ (ترمذی)

تشریح: القسط البحری: اس کے بارے میں تفصیلی کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔

والزیت: زیتون کے بارے میں کچھ کلام "کتاب الأطعمة" میں گزرا ہے: زیتون کئی طرح سے استعمال کیا جا سکتا ہے' کھایا بھی جا سکتا ہے' تیل بھی استعمال کیا جا سکتا ہے' اور دونوں طرح سے بیک وقت بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ روایات میں آتا ہے: کلو ا الزیت وادھنوا به' فانه من شجرة مبارکة۔ اس روایت کو ترمذی وغیرہ نے ابو اسید سے نقل کیا ہے۔ ابونعیم "الطب" میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں: کلو االزیت وادھنوا به فان فیه شفاء من سبعین داء منها الجذام۔ طبرانی کی ایک روایت میں' اور ابونعیم کی روایت میں جو عقبہ بن عامر سے مروی ہے یوں آتا ہے: علیکم بھذه الشجره المبارکة زیت الزیتون فتداوابه فانه مصحة من الباسور۔

یہاں دو احتمال ہیں:

① ہر ایک سے علیحدہ علیحدہ علاج کرنا مراد ہے۔ ② ان دونوں کو اکٹھا بطریق "لدود" استعمال کرایا جائے۔

زیتون وورس سے نمونیا کا علاج

۴۵۳۶: وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجُنُبِ۔

(رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٥٥ الحدیث رقم ٢٠٧٨' وابن ماجه فی ٢/١١٤٨ الحدیث رقم ٣٤٦٧' وأحمد فی المسند ٤/٣٧٢۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقمؓ سے ہی روایت ہے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذات الجنب کے علاج میں روغن زیتون اور ورس کی تعریف فرماتے تھے۔ (ترمذی)

تشریح: ملا علی قاریؒ کے نسخہ میں "أن النبی صلی الله علیه وسلم" الخ ہے۔

من ذات الجنب: ای من أجل مداواتها. "من" ابتدائیہ ہے۔ "ینعت" کے متعلق ہے۔

ورس: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: الورس نبت اصفر یصبغ به. بعض شراح لکھتے ہیں: الورس شیء یشبه الزعفران یحسن فی مداواة ذات الجنب. قاموس میں لکھا ہے: الورس نبات کالسمسم لیس الا بالیمن یزرع، فیبقی عشرین سنة نافع الکلفی طلاء، وللبهق شربا. ان عبارات کا حاصل یہ ہے کہ ورس ایک گھاس کا نام ہے۔ جس کا رنگ زردی مائل سرخ ہوتا ہے۔ اس کے ریشے زعفران کی مانند ہوتے ہیں۔ یہ گھاس رنگنے کے کام بھی آتی ہے۔ اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کاشت صرف یمن میں ہوتی ہے۔ یہ گھاس بیس سال تک اپنا اثر برقرار رکھتی ہے۔ مرض ''کل'' (گردہ کا درد) میں بطور طلاء کے اس کا استعمال بہت مفید ہے اور مرض ''بھق'' (برص) میں اس کا دوا کا پینا نافع ہے۔ مرض مرتب: کہ ذات الجنب کے علاج کے لئے ان دونوں چیزوں کا استعمال بطریق لدود (یعنی منہ میں ٹپکانے کے) ذریعے ہوگا۔

سناء کا مسہل مفید ہے

۴۵۳۷: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَهَا بِمَا تَسْتَمْشِيْنَ قَالَتْ بِالشُّبْرُمِ قَالَ حَارٌّ جَارٌ قَالَتْ ثُمَّ اسْتَمْشَيْتُ بِالسَّنَاءِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ شَيْئًا كَانَ فِيْهِ الشِّفَآءُ مِنَ الْمَوْتِ لَكَانَ فِي السَّنَاءِ۔

(رواه الترمذی وابن ماجة وقال الترمذی هذا حديث حسن غريب)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٣٥٦ الحديث رقم ٢٠٨١' وابن ماجه في ٢/١١٤٥ الحديث رقم ٣٤٦١' وأحمد في المسند ٦/٣٦٩۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا تم کس چیز سے مسہل (جلاب) لیتی ہو۔ تو انہوں نے عرض کیا شبرم سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ تو گرم ہے اور خوب کھینچنے والا ہے۔ اسماء کہتی ہیں کہ پھر میں نے سناء سے جلاب لیا تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر کوئی چیز موت سے شفاء دے سکتی تو وہ سناء ہوتی۔ یہ ترمذی وابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: تستمشين: النہایہ میں لکھتے ہیں: أي بما تسهلين بطنك؟

استمشاء کا معنی ہے: سہل (دست آور) دوا پینا، جلاب لینا۔ شبرم: شین معجمہ کے ضمہ، بائے موحدہ کے سکون اور راء کے ضمہ کے ساتھ، بروزن ہدہد۔ کہا گیا ہے کہ شبرم ''شیخ'' کی ایک قسم ہے۔ جس کو عجمی میں ''درمنہ'' کہتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ شبرم دست آور ''عقاقیر'' میں سے ہے۔

حار حار: اس لفظ کے ضبط میں نسخوں کا اختلاف ہے، چنانچہ اوّلاً مرقات کی عبارت ذکر کی جارہی ہے:

① حار بحاء مهملة وتشديد راء بينها ألف 'اس کو مکرر ارشاد فرمانا تاکید کے لئے ہے۔

السنا: سین کے فتحہ کے ساتھ مقصوراً اس کو ''سنا مکّی'' کہتے ہیں۔ (كذا ذكره بعض الشراح)۔ النہایہ میں لکھا ہے ''سنا'' اسم مقصور ہے، ادویہ میں سے مشہور بوٹی ہے، خشک ہو جانے کے بعد وزنی ہو جاتی ہے، ہوا کے چلنے سے اس میں سرسراہٹ ہوتی ہے، یعنی اس میں ہوا گونجتی ہے، اور ''سناۃ'' واحد ہے۔ الفائق میں لکھا ہے کہ ''سنا'' کبھی ''مد'' کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے، اور قاموس میں لکھا ہے کہ مد کے ساتھ ہے۔ مشہور نباتات میں سے ہے۔

شبرم ایک دست آور گھاس کا نام ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس گھاس کے دانے مراد ہیں جنہیں پانی میں جوش دے کر پیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں جگہ لفظ ''حار'' حاء کے زبر اور راء کی تشدید کے ساتھ ہے' چنانچہ صحیح نسخوں میں اور اصل کتب میں اسی طرح منقول ہے۔ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے اس جملے کے ذریعے یہ واضح فرمایا کہ شبرم نہایت گرم ہے اور دست لانے کے لئے اس کو استعمال کرنا مناسب نہیں۔ ''الکاشف'' میں ہے کہ یہ لفظ ''حار حار'' یعنی پہلا حاء کے ساتھ اور دوسرا جیم کے ساتھ مروی ہے' ثانی اول کی اتباع میں لایا گیا ہے اور ''حار یار'' بھی مروی ہے یعنی اول حاء کے ساتھ' اور ثانی دو لفظوں والی یا تحتیہ اور رائے مشدد کے ساتھ۔ مصابیح کے بعض شراح فرماتے ہیں ''حر'' سے ماخوذ ہے اور دوسرا لفظ جیم کے ساتھ ہے ''جر'' سے ماخوذ ہے اور ایک نسخہ میں دونوں حاء مہملہ کے ساتھ ہیں' اس صورت میں ثانی تاکید کے لئے ہے اور ایک نسخہ میں ''حار یار'' ہے' کہ ''یار'' تابع ہے ''حار'' کا کلام عرب میں ایسا بکثرت ہوتا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اور ''یار'' یا تحتیہ دو نقطوں والے اور رائے مشددہ کے ساتھ' بھی اسی طرح ہے۔ جامع الترمذی' سنن ابن ماجہ' جامع الاصول میں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں ''حار یار'' اول ثانی دونوں حائے مہملہ کے ساتھ ہیں۔ اھ۔ تعجب ہے ان حضرات پر کہ انہوں نے مصابیح میں واقع پہلی روایت کو مشکاۃ کی اصل روایت قرار دیا ہے اور مصنفؒ نے اس سے عدل کر کے اس کو اختیار کیا ہے جو اصول کے مطابق ہے۔ چنانچہ اطباء کہتے ہیں کہ شبرم چوتھے درجے میں گرم خشک ہے اور چونکہ اس کا استعمال بہت زیادہ دست لاتا ہے اس لئے اس میں احتیاط لازم ہے۔

حدیث کے آخری الفاظ کے ذریعے سناء کی فضیلت و تعریف کو بطور مبالغہ بیان فرمایا گیا ہے اور یہ واقعہ سناء اور خاص طور پر سناء مکی (جو زیادہ بہتر اور مفید ہے) بڑی عجیب و غریب دوا ہے جس کے فوائد مشہور ہیں۔ اطباء اس کو اکثر امراض میں شفاء کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں کسی ضرر و نقصان کا خوف نہیں ہوتا۔ یہ معتدل اور اوّل درجہ میں گرم ہے۔ صفراء' سودا اور بلغم کے اسہال و تنقیہ کے لئے بہترین چیز ہے۔ قلب کو بہت زیادہ طاقت و قوت بخشتی ہے' ایک بڑی خاصیت یہ ہے کہ وساوس سوداوی کے لئے فائدہ مند ہے۔

قولہ: **فقال النبی صلی الله علیه وسلم لو أن الخ.** اس کلام میں تین احتمال ہیں۔

① نبی کریم علیہ الصلوٰۃ السلام نے دوسری بار پوچھا، تو پھر یہ نسخہ تجویز فرمایا ② انہوں نے از خود نبی کریم علیہ السلام کو بتایا ہو کہ اب میں ''سنا'' استعمال کرتی ہوں۔ تو حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ان کی بات سن کر یہ ارشاد فرمایا ہو۔ ③ یہ کلام ''استشافا'' فرمایا ہو۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ اور امام احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

وفی الباب: ابن ماجہ نے ایک روایت میں اور امام حاکمؒ نے سند صحیح کے ساتھ عبداللہ ابن ام حرام سے نقل کیا ہے: ''**علیکم بالسناء والسنوت، فان فیهما شفاء من کل داء الا السأم**''. سام موت کو کہتے ہیں اور ''سنوت'' کے بارے میں صاحب قاموس لکھتے ہیں: **السنوت کتنور وسنور' الزبد الجبن والعسل وضرب من التمر والرُّبّ والشبت والرازیانج والکمون.**

① **الزبد:** بروزن قمر، جھاگ، میل کچیل، بروزن شمس، عطیہ ہدیہ۔ ② **الجبن:** پنیر، ③ **العسل:** شہد۔ ④ **ضرب من التمر:** یعنی کی ایک قسم۔ ⑤ **الربّ:** شیرہ (کھجور وغیرہ پکا کر تیار کیا ہوا شیرہ)۔ ⑥ **الشبت:** بروزن قمر، خوشبودار ہے، جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں (تیج بات) ⑦ **کمّون:** زیرہ۔ (**الکمون البری:** کالا زیرہ۔ **الکمون الحلو:** سونف)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام سے علاج مت کرو

۴۵۳۸: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ الدَّآءَ وَالدَّوَاءَ وَجَعَلَ لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَتَدَاوَوْا وَلَا تَدَاوَوْا بِحَرَامٍ ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٢٠٦ الحديث رقم ٣٨٧٤۔

ترجمہ: حضرت ابوالدارداؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مرض وشفاء اتارے ہیں اور ہر مرض کے لئے دواء مقرر فرمائی ہے۔ پس تم دوائی کرو مگر حرام سے علاج نہ کرو۔

تشریح: أنزل الداء: اتارنے سے مراد ''احداث وایجاد'' ہے۔

ولا تداووا): ایک تاء محذوف ہے۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: دواء مطلق له شیوع، فلذلك قال: ولا تداووا بحرام، یعنی ان اللہ تعالیٰ خلق لکل داء دواء حراما کان أو حلالا، فلا تداووا بالحرام۔ اھ. یہ کلام محل نظر ہے، چونکہ ''ان لکل داء دواء حلالا'' سے کوئی ایسا مفہوم مترشح نہیں ہوتا کہ اس پر ''فتدووا ولا تداووا بحرام'' کو متفرع کیا جا سکے۔ ہاں اگر ارشاد گرامی یوں ہوتا: خلق لکل داء دواء من حلال وحرام'' تو اس کی توجیہہ ہوسکتی تھی، لیکن یہ ایک دوسری حدیث کے معارض ہے۔ امام طبرانیؒ سند صحیح کے ساتھ حضرت ام سلمہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: ''ان اللہ تعالیٰ لم یجعل شفاء فیما حرم علیکم''. علاوہ ازیں صحیح مسلم کی ایک حدیث ہے:

''ان طارق بن سوید سأل النبی ﷺ عن الخمر فنهاه، فقال: انما أصنها للدواء، فقال: انها لیست دواء، ولکنها داء''.

اور ایک روایت میں یوں ہے: ''ان اللہ لم یجعل شفاء أمتی فیما حرم علیها''.

اللہ تعالیٰ نے حرام چیزوں میں تمہاری شفاء نہیں رکھی طارق بن سوید رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے شراب کے بنانے کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے منع فرمایا اور جب انہوں نے فرمایا کہ میں دوا کے طور پر شراب استعمال کرنے کے لئے بناتا ہوں۔ آپ نے فرمایا وہ دوا نہیں ہے بلکہ دکھ درد ہے۔

سبکیؒ اس آیت کریمہ: ﴿قُلْ فِیْهِمَاۤ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ﴾ [البقرہ: ٢١٩] کے بارے میں فرماتے ہیں: ایسا تحریم سے پہلے تھا۔ جب حرام قرار دی، تو منافع کو بھی سلب فرما لیا۔

خبیث دواء کی ممانعت

۴۵۳۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَآءِ الْخَبِیْثِ ۔

(رواہ احمد وابوداود والترمذی وابن ماجة)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣٦ الحدیث رقم ٣٨٧٠' والترمذی فی السنن ٤/٣٣٩ الحدیث رقم ٢٠٤٥' وابن ماجه فی ٢/١١٤٥ الحدیث رقم ٣٤٥٩' وأحمد فی المسند ٢/٣٠٥ ۔

ترجمہ:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبیث دواء سے منع فرمایا ہے۔ (ابو داؤد، ترمذی، احمد)

تشریح: ''خبیث'' سے مراد نجس ہے' یا حرام ہے' اگر ثانی مراد ہو تو یہ اعم ہے شرح السنہ میں لکھتے ہیں: اس حدیث کے مطلب میں علماء کا اختلاف ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ خبیث سے مراد خبثِ نجاست ہے، یعنی ایسی دواء کہ جس میں کوئی حرام چیز مثلاً شراب یا کسی غیر مأ کول اللحم جانور کا گوشت شامل ہو۔ اس سے علاج معالجہ کرنا درست نہیں سوائے اونٹوں کے پیشاب کے۔ چونکہ احادیث سے اس کی تخصیص ثابت ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں لیکن یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ چنانچہ اونٹوں کا پیشاب امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک حرام، امام محمدؒ کے نزدیک حلال، اور امام ابو یوسف کے نزدیک تداوی کے لئے جائز ہے۔

مزید لکھتے ہیں: بعض کا کہنا ہے کہ خبیث سے مراد بدمزہ اور بدبودار دوا ہے جس کو طبیعت استعمال کرنے سے نفرت کرتی ہے اور اس بات کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی کراہت اس وجہ سے ہو کہ طبائع کو ایسی دوا سے مشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے' اور دواؤں کا ذائقہ عام طور پر یہی ہوتا ہے' لیکن بعض دواؤں کا عمل آسان ہوتا ہے اور ان میں کراہت بھی کم ہوتی ہے۔ اھ۔

یہ دوا بھی اچھی نہیں ہے کیونکہ جب طبیعت اس کو قبول نہیں کرے گی تو اس کی افادیت بھی کم ہو جائے گی۔ اس لئے اس حدیث میں مذکورہ نفرت کا تعلق نہی تنزیہی سے ہوگا۔

کراہت: بعض مرتبہ اس کی کئی وجوہات ہوتی ہیں' حاصل یہ ہوا کہ جس دوا میں کراہت جس قدر کم ہوگی وہ دوا قبول طبیعت کے اتنے ہی قریب ہوگی' اور طبائع بھی مختلف ہوتی ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

دموی سر درد کا علاج

۴۵۴۰: وَعَنْ سَلْمٰی خَادِمَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا کَانَ اَحَدٌ یَشْتَکِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجْعًا فِیْ رَاْسِهٖ اِلَّا قَالَ احْتَجِمْ وَلَا وَجْعًا فِیْ رِجْلَیْهِ اِلَّاقَالَ اخْتَضِبْهُمَا۔

(رواہ ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١٩٤ الحدیث رقم ٣٨٥٨' وأحمد فی المسند ٦/٤٦٢۔

ترجمہ: جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ سلمیٰ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی سر درد کی شکایت کرتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے سینگی لگوانے کا حکم فرماتے اور جو شخص پاؤں کے درد کی شکایت کرتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے مہندی لگانے کا حکم فرماتے، یہ ابو داؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: یہ حدیث مطلق ہے جس میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں۔لیکن مناسب یہ ہے کہ مرد تلوؤں پر مہندی لگا لینے پر اکتفاء کریں اور ناخنوں پر لگانے سے پرہیز کریں تا کہ حتی الامکان عورتوں کی مشابہت سے احتراز ممکن ہو سکے۔

زخم پر مہندی لگاؤ

۴۵۴۱: وَعَنْهَا قَالَتْ مَا كَانَ يَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرْحَةٌ وَلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِىْ اَنْ اَضَعَ عَلَيْهَا الْحِنَّاءَ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٣٤٣/٤ الحديث رقم ٢٠٥٤' وابن ماجه فی ١١٥٨/٢ الحديث رقم ٣٥٠٢۔

ترجمہ: حضرت سلمٰی سے ہی روایت ہے کہ جب کبھی جناب رسول اللہ ﷺ کو کوئی زخم یا خراش پہنچتی تو آپ ﷺ حکم فرماتے کہ میں اس پر مہندی رکھ دوں۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: ما كان برسول الله صلى الله عليه وسلم قرحة "کان" کی ضمیر شان ہے اور تامہ ہے۔ أی ما كان الشان يوجد ويوقع:

"یکون": بصیغۂ مذکر ہے اور ایک نسخہ میں بصیغہ مؤنث ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ایک احتمال یہ ہے کہ دوسرا (فعل ناقص) زائد ہو، اس کا قرینہ پہلی حدیث ہے: ما كان أحد يشتكی. دوسرا احتمال یہ ہے کہ غیر زائدہ ہو، لیکن مؤول ہو، أی ما كان قرحة تكون برسول الله ﷺ۔ اھ۔

القرحة: قاف کے فتحہ نیز ضمہ کے ساتھ، تلوار یا چھری وغیرہ کا زخم۔ یہ آیت بھی اسی معنیٰ میں ہے: ﴿ان يمسسكم قرح﴾ [آل عمران: ١٤٠] اس آیت میں اس لفظ کو دونوں طرح پڑھا گیا ہے اور اکثر (قراء) نے اس کو فتحہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ "مقدمہ" میں لکھا ہے: "قرح" زخم کے درد کو کہتے ہیں اور اس کا اطلاق زخم، چوٹ اور جسم پر نکلنے والے پھوڑے پھنسیوں پر بھی ہوتا ہے۔ یہ آیت مبارکہ: ان يمسسكم قرح بھی اسی معنیٰ میں ہے اور اسی معنیٰ میں قرحت أشداقنا ہے' أی أصابتها القروح۔

صاحب "المصباح" لکھتے ہیں: قرح الرجل ألم [كقرح] قرحا خرجت به قروح، والا سم القرح بالضم. اور کہا گیا ہے کہ مضموم و مفتوح دو لغات ہیں۔ جیسا کہ جهد اور جُهد۔ حجاز والے فتحہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

لا نكبة: نون کے فتحہ کے ساتھ' پتھر اور کانٹے وغیرہ کے زخم کو کہتے ہیں۔ "لا" زائدہ برائے تاکید ہے۔ صاحب النہایہ فرماتے ہیں: حدیث میں آتا ہے: "انه نكبت أصبعه أی نالتها الحجارة"۔

قوله: الا أمرنی أن أضع عليها الحناء: یہ طریقہ علاج اس لئے تجویز فرماتے تھے کہ مہندی کی برودت سے زخم کی حرارت اور خون کا درد کم ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کندھوں کے درمیان سینگی لگوانا

۴۵۴۲: وَعَنْ اَبِیْ کَبْشَۃَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَحْتَجِمُ عَلٰی ہَامَتِہٖ وَبَیْنَ کَتِفَیْہِ وَھُوَ یَقُوْلُ مَنْ اَھْرَقَ مِنْ ھٰذِہِ الدِّمَآءِ فَلَا یَضُرُّہٗ اَنْ لَّا یَتَدَاوٰی بِشَیْءٍ۔

(رواہ ابوداود وابن ماجۃ)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١٩٥ الحدیث رقم ٣٨٥٩' وابن ماجه فی ٢/١١٥٢ الحدیث رقم ٣٤٨٤۔

ترجمہ: حضرت ابوکبشہ انصاریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ اپنے سر کی مانگ پر اور کندھوں کے درمیان سینگی لگواتے تھے اور فرماتے تھے جو شخص ان خونوں میں سے کچھ نکلوا لے تو اگر وہ کسی بیماری کا علاج نہ کروائے تو اسے دوسری بیماری سے نقصان نہیں پہنچے گا۔

تشریح: **وھو یقول:** جملہ حالیہ ہے، جملہ فعلیہ کے لئے مؤید ہے۔

قوله: ا ن رسول الله ﷺ کان یحتجم علی متہ ھامته......:

"ھامه" سے مراد مطلق سر بھی ہو سکتا ہے اور وسط رأس بھی مراد ہو سکتا ہے اس میں دو احتمال ہیں' پہلا احتمال یہ ہے کہ آپ ﷺ کبھی سر پر سینگی کھنچواتے ہوں اور کبھی دونوں مونڈھوں کے درمیان اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ دونوں جگہوں پر ایک ساتھ کھنچواتے ہوں۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ السلام یہ سینگی زہر کی وجہ سے کھچواتے تھے۔ اس کا بیان عنقریب آئے گا (ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۵۷۲) معمر نے بغیر زہر کے سینگی کھچوائی تو انہیں اس سے نقصان ہوا۔ جسم میں فاسد خون جمع ہونے کے نتیجہ میں جلد پر مخصوص آثار ظاہر ہو جاتے ہیں' جس کو اہل فن علامات کے ذریعہ پہچان لیتے ہیں' اور مقدار فاسد کو سینگی کے ساتھ کھینچ لیتے ہیں۔

لا یتداوٰی بشیء: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ابو داوٗد، ابن ماجہ اور جامع الاصول کی روایت میں "بشیء" کے بعد "لشیء" کا اضافہ ہے۔ (انتھی) اور ممکن ہے کہ یہ زیادتی مصابیح کے بعض نسخوں میں موجود نہ ہو۔ چنانچہ صاحب مصابیح پر اعتراض وارد ہوتا ہے، صاحب مشکوٰۃ نے اس اعتراض کو بالفعل، اور شارح نے بالتصریح بیان کر دیا ہے۔

موچ کا علاج سینگی سے

۴۵۴۳: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ عَلٰی وَرِکِہٖ مِنْ وَثْئٍ کَانَ بِہٖ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/١٩٧ الحدیث رقم ٣٨٦٣' والنسائی فی ٥/١٩٣ الحدیث رقم ٢٨٤٨' وابن ماجه فی ٢/١١٥٣ الحدیث رقم ٣٤٨٥۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنی ران کے بالائی حصہ پر سینگی لگوائی۔ اس موچ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وجہ سے جو آپ ﷺ کو پہنچی تھی۔ (ابوداؤد)

تشریح: "ورکه": تمام نسخوں میں واؤ کے فتحہ اور راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: الورك بالفتح والكسر ككتف مافوق الفخذ

"وثء": (بروزن شمس)۔ بفتح الواو وسكون المثلثة فهمز۔

"من وث" کی مختلف توضیحات کی گئی ہیں۔ قيل: هو ما يمرض للعضو من حدر۔ قيل: هو أن يصيب العظم وهن (ہڈی کو کمزور لاحق ہونا) في القاموس: الوثء وجع يصيب اللحم لا يبلغ العظم (گوشت تک پہنچنے والا دوہ درد جو ہڈی تک نہ پہنچے) أو وجع في العظم بلا كسر۔ (اس درد اور ضرب کو کہا جاتا ہے جو عضو کے ٹوٹے بغیر پہنچے أو هو الفكوبه ثء ولا يقال وثى ۔

عرض مرتب:

اس لفظ کے طریقہ استعمال میں دیگر اہل لغت کی رائے برعکس ہے۔ (انتہی)

توضیح: بعض راویوں نے اس لفظ کو "یاء" کے ساتھ (وثی) لکھا ہے، اور ہمزہ نہیں لکھا۔ مصابیح میں بھی اسی طرح ہے۔ یہ درست نہیں ہے۔ (کذا قالہ بعض الشراح) اس کا حاصل یہ ہے کہ مناسب یہ تھا کہ یاء اور ہمزہ دونوں کو لکھا جاتا، مگر پڑھا صرف ہمزہ جاتا اور اگر صرف ہمزہ کے ساتھ لکھا جاتا، اور "یاء" نہ لکھا جاتا تو یہ زیادہ بہتر تھا بعید عن الاشتباہ ہونے کی وجہ سے۔ توربشتیؒ فرماتے ہیں سنن ابی داؤد جامع الاصول میں اسی طرح ہے۔

قوله: كان به: یہ جملہ "وثء" کی صفت ہے اور باء برائے "الصاق" ہے اور ضمیر مرفوع "وثء" کی طرف راجع ہے۔

فرشتوں کا قول سینگی لگواؤ

۴۵۴۴: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ اُسْرِيَ بِهٖ اَنَّهٗ لَمْ يَمُرَّ عَلٰى مَلَأٍ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا اَمَرُوْهُ مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ۔

(رواه الترمذى وابن ماجه وقال الترمذى هذا حديث حسن غريب)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٣٤٢ الحديث رقم ٢٠٥٢۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے لیلۃ المعراج کے متعلق بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ میرا گزر فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے ہوا انہوں نے یہی کہا کہ آپ ﷺ اپنی امت کو سینگی لگوانے کا حکم فرمائیں۔ یہ روایت ابن ماجہ اور ترمذی نے نقل کی اور اس کو حسن غریب کہا جاتا ہے۔

تشریح: عن ليلة أسرى به: "ليلة" ایک نسخہ میں تنوین کے ساتھ ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ بغیر تنوین کے ہے۔ مبنی علی الفتح ہے اور اپنے مابعد کی طرف مضاف ہے۔ أسرى به): صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

ملأ: اى جماعة عظمية تملأ العين (اتنی بڑی جماعت جو آنکھوں کو بھر دے۔)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الا امروہ: یہ نقل بالمعنی ہے۔ جیسا کہ بالکل عیاں ہے۔

مر أمتك: یہ ملائکہ کے ''امر'' کا بیان ہے۔ یہ ''امر'' برائے ندب ہے۔ ان سب کا حضور ﷺ کو یہ حکم دینا، نبی کریم علیہ الصلوٰۃ السلام کا اس کا پر تقریر فرمانا، اور ملائکہ کے حکم کا نقل کرنا، اس کے مؤکد ہونے پر دلالت کر رہا ہے۔ بظاہر ان کو یہ حکم اللہ جل شانہ نے دیا ہوگا۔ بعض مواضع پر پچھنے لگوانا ضروری ہوتا ہے۔

عرض مرتب: پچھنے کی فضیلت کا سبب یہ ہے کہ پچھنے خون کو نواحی جلد سے خارج کرتے ہیں اور سب اطباء اس بات کے قائل ہیں۔ گرم آب وہوا میں رہنے والوں کے لئے پچھنے فصد سے افضل ہیں۔ کیونکہ ان کا خون رقیق اور پختہ ہوتا ہے اور بدن کی سطح پر آ جاتا ہے جس کو پچھنے سے ہی باہر نکالا جا سکتا ہے نہ کہ فصد سے۔

امت سے مراد اس وقت کے عرب ہیں یا حضرت محمد ﷺ کی قوم ہے یا حضرت محمد ﷺ کی عام امت ہے کہ جس کو بھی پچھنے نکلوانے کی ضرورت پڑے۔

مینڈک کے علاج میں استعمال کی ممانعت

۴۵۴۵: وَعَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ اَنَّ طَبِيْبًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِيْ دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهٖ۔ (رواہ ابو داود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٠٣، الحديث رقم ٣٨٧١، والسنائى فى ٧/٢١٠ الحديث رقم ٤٣٥٥، وأحمد فى المسند ٣/٤٥٣۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن عثمانؓ سے روایت ہے کہ ایک طبیب نے جناب رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا مینڈک کو دواء میں استعمال کر لیا جائے تو آپ ﷺ نے اس کے مارنے سے منع فرمایا۔ (ابوداؤد)

تشریح: ''ضفدع'': اس لفظ کو کئی طرح ضبط کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: بكسر فسكون فكسر. وروى بفتح الدال ايضا۔ قاضیؒ فرماتے ہیں: هو بكسر الدال على مثال الخنصر، والعامة بفتحها. اور ایک شارح لکھتے ہیں: فتح الدال ليس بسديد. اور قاموس میں لکھتے ہیں: الضفدع كز برج وجعفر وجندب ودرهم، وهذا أقل أو مردود، دابة نهرية، ولحمها مطبوخا بزيت وملح ترياق للهوام، وبرية، وشحمها عجيب لقلع الأسنان، الواحدة بهاء، ح: ضفادع وضفادى.

خلاصہ: ① اس لفظ کے حروف اصلیہ میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ ② اس کو چار وزنوں پر پڑھا گیا ہے۔ (الف) بروزن زبرج، (ب) بروزن جعفر (ج) بروزن جندب (د) درھم۔ ③ آخری ضبط کے مطابق بہت کم ہی پڑھا جاتا ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ ضبط مردود ہو۔ ④ اس کی جمع ''ضفادع'' اور ''ضفادیع'' آتی ہے، ⑤ مینڈک کی دو قسمیں ہیں خشکی کا مینڈک۔ (ثانی) پانی کا مینڈک ⑥ پانی کے مینڈک کے گوشت کو نمک اور زیتون کے ساتھ پکا کر دوا تیار کی جاتی ہے جو ''ھوام'' کے لئے تریاق ہے۔ ⑦ خشکی کے مینڈک کی چربی دانت اکھاڑنے کے سلسلہ میں عجیب تاثیر رکھتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مینڈک کو قتل کرنے اور اس کو دوا میں شامل کرنے سے منع فرمانے سے سوال و جواب میں مطابقت پیدا ہو جاتی ہے۔

جامع کی یہ حدیث اس کی تائید کرتی ہے: نهى عن القتل الضفدع للدواء آپ نے مینڈک کو دوا کے لئے قتل کرنے سے منع فرمایا۔

قاضیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈک مارنے سے اس لئے منع فرمایا ہو کہ آپ نے اس کی دوا کو مناسب نہ سمجھا ہو یا اس کی نجاست و حرمت کی وجہ سے کیونکہ حرام چیزوں کے ساتھ دوا جائز نہیں یا اس کی کراہت طبع اور نفرت کی وجہ سے ہو یا اس لئے آپؐ نے اس میں جو نقصان دیکھا وہ اس نفع سے زیادہ تھا جو طبیب نے اس میں دیکھا تھا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: امام نسائی نے ابن عمرو سے مرفوعاً نقل کیا ہے: "لا تقتلوا الضفادع، فان نعيقهن تسبيح"۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اگر یہ سوال اٹھایا جائے کہ سوال تو تداوی کے بارے میں تھا، اور جواب میں مینڈک کے قتل کرنے کو منع فرمایا۔ سوال و جواب میں مطابقت کیسے ہوگی؟ جواب یہ ہے کہ مینڈک کے بارے میں قتل کا حکم، یا تو اس وجہ سے ہو سکتا تھا کہ یہ "فواسق" کے قبیل سے ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ یا اباحت اکل کی وجہ سے ہو سکتا تھا اور ایسا بھی نہیں۔ بوجہ اس کی نجاست کے، اور دوسرے اس وجہ سے بھی کہ طبیعت کو اس سے گھن آتی ہے۔ لہٰذا جب قتل درست نہیں تو انتفاع بھی درست نہیں۔

سینگی کی خاص تاریخیں

۴۵۴۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِى الْاَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشَرَةَ وَتِسْعَ عَشَرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ۔ (رواه ابوداود وزاد الترمذى وابن ماجه)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ١٩٥/٤ الحديث رقم ٣٨٦٠، والترمذى فى ٣٤١/٤ الحديث رقم ٢٠٥١، وابن ماجه فى ١١٥٢/٢ الحديث رقم ٣٤٨٣، وأحمد فى المسند ١١٩/٣۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں رگوں اور دونوں کندھوں کے مابین سینگی لگواتے۔ یہ ابوداؤد اور ترمذی کی روایت ہے اور ابن ماجہ نے یہ اضافہ نقل کیا ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان تواریخ، سترہ، انیس اور اکیس میں (عموماً) سینگی لگواتے تھے۔

تشریح: الخدعين: هما عرقان فى جانبى العنق. (على ما فى النهاية۔) قال شارح: عرقان فى موضع الحجامة من العنق۔ وفى القاموس: الأخدع عرق فى المحجتمين وهو شعبة من الوريد. گردن کی ہر دو جانب پوشیدہ دو رگیں۔

الكاهل: ما بين الكتفين، كذا فى النهاية وغيره، وهو بكسر الهاء، ففى القاموس والكاهل كصاحب: الحارك وهو بالفارسية بأل، وبالعربية الغارب على ما ذكره فى محله. أو مقدم اعلى الظهر مما يلى العنق وهو الثلث الاعلى وفيه ست فقر، أو ما بين الكتفين، أو موحول العنق فى الصلب۔

① ان آراء کا حاصل یہ ہے کہ "کاھل" بروزن "صاحب" ھاء مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اس کے کئی معانی آتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں کندھے اور گردن کے درمیان کا حصہ ② گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ، ③ کندھا، مونڈھا، گردن

قوله: يحتجم لسبع عشرة: لام توقیت کے لئے ہے۔ "سبع" مبنی علی الفتح ہے، چونکہ مرکب بنائی ہے۔

عشرة: کو دو طرح پڑھا جاتا ہے، ① شین کے سکون کے ساتھ ② شین کے کسرہ کے ساتھ

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔ نیز طبرانیؒ و حاکمؒ نے حضرت عبداللہ بن عباس سے بھی نقل کیا ہے۔

تین میں سے ایک تاریخ کو لگواؤ

۴۵۴۷: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَحِبُّ الْحِجَامَةَ لِسَبْعَ عَشَرَةَ وَتِسْعَ عَشَرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ۔ (رواه فى شرح السنة)

أخرجه البغوى فى شرح السنة ١٢/ ١٥٠ الحديث رقم ٣٢٢٥۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سترہ، انیس اور اکیس تواریخ میں سینگی لگوانا پسند تھا۔ یہ شرح السنہ کی روایت ہے۔

تشریح: "یستحب": بصیغہ معروف ہے۔ بمعنی "یحب"۔

ہر مرض سے حفاظت کا نسخہ

۴۵۴۸: وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَجَمَ لِسَبْعَ عَشَرَةَ وَتِسْعَ عَشَرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ كَانَ شِفَآءً مِنْ كُلِّ دَآءٍ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/ ١٩٦ الحديث رقم ٣٨٦١۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی سترہویں، انیسویں اور اکیسویں تاریخ کو بھری ہوئی سینگی کھچوائے اس کو ہر بیماری سے شفاء حاصل ہوتی ہے"۔

تشریح: قوله: من احتجم سبع عشرة ....: اى من هذه الايام

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: "كان له شفاء من كل داء"۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

منگل کے دن سینگی کی ممانعت

۴۵۴۹: وَعَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ اَبَاهَا كَانَ يَنْهٰى اَهْلَهٗ عَنِ الْحِجَامَةِ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَيَزْعَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ يَوْمُ الدَّمِ وَفِيْهِ سَاعَةٌ لَا يَرْقَاُ۔ (رواه ابوداود)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/١٩٦ الحديث رقم ٣٨٦٢۔

ترجمہ: حضرت کبشہ بنت ابی بکرہؓ سے روایت ہے کہ میرے والد اپنے گھر والوں کو منگل کے روز سینگی لگوانے سے منع فرماتے اور وہ جناب رسول اللہ ﷺ کے متعلق گمان کرتے آپ ﷺ نے منگل کو (گردش) خون کا دن قرار دیا اور فرمایا اس میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ جس میں خون نہیں رکتا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: **يزعم:** اى يدعى ويقول ويروى: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: **و انما يقال: زعم في حديث لا سند له ولا ثبت فيه، و انما يحك على الألسن على سبيل الابلاغ، والزعم بالضم والفتح قريب من الظن.** امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ لفظ ''زعم'' اس حدیث میں ظن واعتقاد کے معنیٰ میں ہو، اور ''عن'' کے ذریعہ متعدی کیا، چونکہ ''روایۃ'' کے معنیٰ کو متضمن ہے۔

كان ينهى: سے وہم ہوتا ہے کہ یہ حدیث ''موقوف'' ہے، چنانچہ انہوں نے یزعم کا اضافہ کر دیا، تا کہ پتہ چلے کہ یہ حدیث ''مرفوع'' ہے۔

الثلثاء: بفتح المثلثة ممدودا، وبضم أوله. (القاموس)۔

''أن يوم'': لفظ ''یزعم'' کا لحاظ رکھیں تو ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ حکایت ہونے کی بناء پر کسرہ پڑھا جائے۔ چنانچہ اس صورت میں یہ بھی حدیث کا حصہ ہوگا۔ جیسا کہ الجامع میں ہے۔ ابوداؤدؒ نے اس کو ماقبل سے علیحدہ یوں ذکر کیا ہے: **ان يوم الثلاثاء۔**

يوم الدم: کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ① خون کے غلبہ کا دن مراد ہے۔
② کہا گیا ہے کہ اس سے مراد وہ دن ہے کہ جس دن ابن آدم نے اپنے بھائی کو قتل کیا تھا۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اور یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں ایک دوسرے کا سبب ہوں۔ ممکن ہے کہ سترہویں تاریخ مستثنیٰ ہو، جیسا کہ امام طبرانی اور بیہقی نے معقل بن یسار سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

''من احتجم يوم الثلاثاء لسبع عشرة من الشهر كان دواء لداء سنة''.

''**لا يرقا**'' یاء کے فتحہ قاف اور ہمزہ کے ساتھ۔ اى لا يسكن الدم

بدھ اور ہفتہ کے دن سینگی کی ممانعت

۴۵۵۰: وَعَنِ الزُّهْرِيِّ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ يَوْمَ السَّبْتِ فَاَصَابَهٗ وَضَحٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ۔ (رواه احمد وابوداود وقال وقداسند ولا يصح)

ألبغوى في شرح السنة تعليق ١٢/١٥١۔

ترجمہ: امام زہری سے مرسل روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے بدھ یا ہفتہ کو سینگی لگوائی پھر وہ برص کا شکار ہو جائے تو اسے اپنے آپ کو ملامت کرنی چاہیے۔ یہ احمد، ابوداؤد کی روایت ہے اس کی سند درست نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: الاربعاء: بائے موحدہ کے کسرہ اور الف ممدودہ کے ساتھ اور قاموس میں ہے کہ ''اربعا کی باء پر تینوں حرکتیں درست ہیں' یہ مد کے ساتھ ہے۔

أو یوم): ''أو'' برائے تنویع ہے۔

وضح: واؤ مفتوحہ' ضاد معجمہ اور حائے مہملہ کے ساتھ برص، ہر شئے کی سفیدی۔

وقد أسند: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

ہمارے اور تمام نقاد کے نزدیک مرسل حجت ہے۔

قوله وقال: لایصح: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں لیکن اس حدیث سے قوت تو بہر حال حاصل ہوتی ہے' نیز

ہر مرض کا عادی سبب

۴۵۵۱: وَعَنْهُ مُرْسَلاً قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ اَوِاطَّلٰی يَوْمَ السَّبْتِ اَوِالْاَرْبِعَاءِ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ فِی الْوَضَحِ۔ (رواہ فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۵۱/۱۲ الحديث رقم ۳۲۳۵۔

ترجمہ: امام زہری سے مرسلاً نقل کیا گیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس نے ہفتہ یا بدھ کے روز سینگی لگوائی یا بدن کے کسی عضو پر لیپ کیا اور وہ برص کا شکار ہو جائے تو اسے اپنے نفس ہی کو ملامت کرنی چاہیے۔ یہ شرح السنہ کی روایت ہے۔

تشریح: اطلی: طاء مشددہ کے ساتھ۔ اصل میں ''اطتلی'' تھا۔ تاء کو طاء سے بدل کر طاء کا طاء میں ادغام کر دیا۔ کہا جاتا ہے: **طليته بالنورة أو غيرها لطخته، واطليت علی افتعلت بترك المفعول اذا فعلت ذلك بنفسك،(كذا ذكره بعض الشراح) وفی المغرب: وعلی هذا طليت شقاق رجله خطأ والصواب طلی. والله أعلم۔**

من احتجم أواطلی يوم السبت أوالأربعاء: مفعول فیہ ہے۔ اس میں ''تنازع فعلین'' ہے اور ''او'' دونوں جگہ تنویع کے لئے ہے۔ ''فی الوضح'': (جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے اور ''فی'' کے معنی میں دو احتمال ہیں) **ای فی حصول الوضح أو لأجل وصوله.**

یہ حدیث بمنزلہ دو سندوں کے ہے اس سے ''مرسل'' کو تقویت حاصل ہو رہی ہے، نیز ایک دوسری سند سے مسنداً بھی مروی ہے اور الجامع میں بروایت بیہقی و حاکم بسند صحیح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے: **''من احتجم يوم الأربعاء أو يوم السبت فرأی فی جسده وضحا، فلا يلومن الا نفسه''**. چنانچہ اتنی اسانید سے زہری کی مرسل روایت کی صحت ثابت ہو جاتی ہے۔ یہ احادیث دلالت کرتی ہیں کہ اللہ جل شانہٗ خاص مہینوں اور خاص ہفتوں میں خاص اسباب تاثیر رکھتے ہیں اور وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہتی آنکھ کا دم

۴۵۵۲: وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ رَاٰی فِیْ عُنُقِیْ خَيْطًا فَقَالَ مَاهٰذَا فَقُلْتُ خَيْطٌ رُقِیَ لِیْ فِيْهِ قَالَتْ فَاَخَذَهٗ فَقَطَعَهٗ ثُمَّ قَالَ اَنْتُمْ اٰلُ عَبْدِ اللّٰهِ لَاَغْنِيَآءُ عَنِ الشِّرْكِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ فَقُلْتُ لِمَ تَقُوْلُ هٰكَذَا لَقَدْ كَانَتْ عَيْنِیْ تَقْذِفُ وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلٰى فُلَانِ الْيَهُوْدِیِّ فَاِذَا رَقَاهَا سَكَنَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّمَا ذٰلِكَ عَمَلُ الشَّيْطَانِ كَانَ يَنْخَسُهَا بِيَدِهٖ فَاِذَا رُقِیَ كَفَّ عَنْهَا اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكِ اَنْ تَقُوْلِیْ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَآءً لَايُغَادِرُ سَقَمًا۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٤/ ٢١٢ الحديث رقم ٣٨٨٣' وابن ماجه في ٢/ ١١٦٦ الحديث رقم ١/ ٣٨١۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ کی زوجہ محترمہ حضرت زینبؓ سے روایت ہے کہ عبداللہ نے میری گردن میں ایک دھاگہ دیکھا تو انہوں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے کہا یہ دم کیا ہوا دھاگہ ہے۔ تو عبداللہ نے اسے لے کر ٹکڑے کر دیا پھر فرمایا تم آل عبداللہ! شرک سے بے نیاز ہو۔ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ بلاشبہ دم، تعویذات اور جادو کے ٹوٹکے شرک ہیں۔ میں نے کہا آپ یہ بات کس طرح کہہ رہے ہیں؟ میری آنکھ بہتی تھی اور میں یہودی کے پاس جایا کرتی تھی پس جب اس نے دم کیا تو آنکھ کو آرام حاصل ہوا۔ تو اس پر عبداللہ کہنے لگے یہ شیطان کی شرارت تھی شیطان اسے اپنے ہاتھ سے چوک لگاتا تھا (تو وہ دکھتی تھی) جب دم کیا گیا تو وہ اس سے باز آیا۔ کیا تمہارے لئے یہ کافی نہ تھا جو جناب رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: ''اے لوگوں کے رب تو اس تکلیف کا ازالہ فرما' تو شفاء دے کیونکہ شفاء تو ہی ہے۔ تیری شفاء کے سوا کوئی شفاء نہیں ایسی شفاء عنایت ہو جو بیماری کو ملیا میٹ کر دے'' (ابوداؤد)

تشریح: قوله: انتم آل عبد الله: ''آل'' منصوب ہے۔ حرف نداء محذوف ہے: أي يا آل عبد الله. انتم: مبتدا اور ''لأغنياء'' خبر ہے۔ لام ابتدائیہ کا تاکید کی غرض سے ''خبر'' پر داخل کرنا جائز ہے۔ جیسا کہ ایک دوسری حدیث میں آتا ہے: أغبط أوليائي عندي لمؤمن خفيف الحاذ۔ اھ. جملہ ندائیہ معترضہ ہے اور امام طیبی کا کہنا ہے کہ منصوب علی الاختصاص ہے اور زجاج فرماتے ہیں: نحاۃ کا کہنا ہے کہ اس لام کے بارے میں اصل یہ ہے کہ ابتداء میں آئے اور خبر پر داخل ہونا بھی جائز ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مبتدا کو مقدر ماننا بھی ممکن ہے، یعنی دوسرا مبتدا مقدر مان لیا جائے: أي لأنتم اغنياء. جیسا کہ زجاج نے اس آیت: ﴿ان هذان لساحران﴾ [طٰہ: ٦٣] میں کہا ہے: أي لهما ساحران۔ اھ۔ چنانچہ ''آل'' کی ترکیب کے بارے میں یہاں تین احتمال ہیں: ① ''أعني'' فعل مقدر کی وجہ سے منصوب ہے۔ ② منصوب علی الاختصاص ہے۔ ③ منادی ہے اور مبتدا ثانی، پہلے مبتداء کی تاکید ہے، اور کہا گیا ہے کہ اس کی خبر ''آل عبداللہ'' ہے، جیسا کہ ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ آیا ہے اور ''والأغنياء'' جواب ہے قسم محذوف کا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرک سے مراد یہ اعتقاد رکھنا ہے کہ "یہ قوی سبب ہے اور اس میں تاثیر کی طاقت بھی ہے" تو یہ شرک خفی ہوگا اور اگر یہ اعتقاد ہو کہ یہ چیز مؤثر ہے تو یہ شرک جلی ہوگا۔

منتر سے مراد وہ منتر ہے جس میں کسی بت یا شیطان کا نام یا کلمہ کفر کہا گیا ہو یا اس کے علاوہ وہ چیزیں جنہیں شریعت نے ناجائز قرار دیا ہو اس میں وہ منتر بھی داخل ہے جس کے معنی معلوم نہ ہوں۔

"تمائم": تمیمہ کی جمع ہے اس کے معنی تعویذ کے ہیں جو بچہ کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔ امام طیبیؒ نے اس کو مطلق رکھا ہے لیکن اس کو مقید رکھنا مناسب ہے یعنی یہاں وہ تعویذ مراد ہے جس میں اسمائے الٰہی آیات اور ماثورہ دعائیں شامل نہ ہوں۔ بعضوں نے تمیمہ سے مراد منکہ لیا ہے جو عورتیں اولاد کے گلے میں اس گمان کے ساتھ کہ اس سے نظر نہیں لگتی ڈالتی ہیں۔ یہ باطل ہے۔

پھر اس لفظ "تمیمه" کے استعمال میں توسع اختیار کیا گیا حتی کہ "عوذة" کو "تمیمه" کہا جانے لگا۔ وهو كلام حسن و تحقيق مستحسن.

تولی: تاء کے کسرہ وضمہ اور واؤ کے فتحہ کے ساتھ جادو کی ایک قسم ہے۔ اصمعیؒ فرماتے ہیں: **هي ما يجب به المرأة الى زوجها.** (یعنی ایک قسم کا جادو ہے جو مرد و زن میں باہم محبت ڈالنے کے لئے کیا جاتا ہے۔) (ذكره الطيبي) یا دھاگہ پر کچھ پڑھ کر جادو کیا جاتا ہے یا کاغذ پر جادو کے کچھ کلمات لکھ دیئے جاتے ہیں جو محبت وغیرہ کے لئے کیا جاتا ہے۔ کہا گیا ہے: "**التوله**" تاء کے ضمہ اور واء کے فتحہ کے ساتھ یہ "داهية" ہے یہ تمام چیزیں غلط ہیں۔ شریعت مطہرہ نے ان تمام چیزوں کو باطل قرار دیا ہے۔

قاضیؒ لکھتے ہیں: **وأطلق الشرك عليها اما لأن المتعارف منها في عهده ما كان معهودا في الجاهلية و كان مشتملا على ما يتضمن الشرك أو لأن اتخاذها يدل على اعتقاد تأثيرها وهو يفضي الى الشرك.**

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: **ويحتمل أن يراد بالشرك اعتقاد أن ذلك سبب قوى وله تأثير، وكان ينافي التوكل والانخراط في الذين لا يسترقون ولا يتطيرون وعلى ربهم يتوكلون. ومن ثم حسن منه قوله: أنتم آل عبد الله لأغنياء أي أعني وأخص آل عبد الله من بين سائر الأنام. ومنها قولها: فقلت لم تقول هكذا؟** یعنی آپ مجھے توکل اور عدم استرقاء کا حکم کیوں دے رہے ہیں چونکہ میں تو استرقاء میں فائدہ محسوس کر رہی ہوں

كانت عيني تقذف: بصیغہ مضارع مجہول ہے: **أي ترمي بها يهيج الوجع.** (ذكره التور بشتي.) اور اس پر ان کا اگلا کلام دلالت کر رہا ہے: " **فاذا رقاها سكنت**" اور بعض نسخوں میں "تقذف" بصیغہ معروف ہے: **أي ترمي بالرمص أو الدمع وهو ماء العين من الوجع** ۔

المرص: بالصاد المهملة، ما جمد من الوسخ في مؤخر العين.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بصیغہ فاعل کا احتمال ہے اور دونوں لفظوں میں سے کسی کی بطریق روایت میں تصدیق نہیں کرتا ہاں مگر اول زیادہ مستعمل ہے میرے گمان کے مطابق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ينخس: خاء معجمہ کے فتحہ کے ساتھ بمعنی **يطعنها**

رقي: بصیغہ مجہول ہے اور مراد یہ ہے کہ جب وہ یہودی دم کرتا۔

كف عنها: بصیغہ مجہول ہے: **أى كف الشيطان عن نخسها وترك طعنها.**

اختلف: آنا جانا۔

انما ذلك: کاف کے کسرہ کے ساتھ' أذھب: باب انعال سے امر کا صیغہ ہے۔ ''البأس'': ہمزہ ساکن ہے' کبھی ہمزہ کو الف سے بدل بھی دیا جاتا ہے۔ اس کا معنی ہے شدت مواھب میں اپنے شیخ عشارنی کی موافقت میں بغیر ہمزہ کے نقل کیا ہے تا کہ ''رب الناس'' سے مطابقت ہو جائے

قوله: "اذهب البأس ......": عرض مرتب: اس دعا سے متعلقہ تفصیلی کلام مرقات ۱۲/۴، حدیث: ۱۵۳۰ کے تحت گزر چکا ہے وہاں ملاحظہ فرمائیے۔ (انتھی)

قوله: رواه ابوداود: امام ابوداؤدؒ کی ذکر کردہ روایت دو مرفوع حدیثوں پر مشتمل ہے۔ پہلی حدیث کو امام احمدؒ، ابوداؤدؒ، ابن ماجہؒ اور حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ دوسری حدیث کو امام جزریؒ ''الحصن'' میں ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام بخاریؒ، مسلم، اور امام نسائیؒ نے حضرت عائشہؓ سے یوں نقل کیا ہے: **"انه ﷺ كان يعوذ بعض أهله' ويمسح بيده اليمنى ويقول: اللهم أذهب الباس، رب الناس اشفه، وأنت الشافى لا شفاء الا شفاء ك شفاء لا يغادر سقما"** شیخ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ اکثر رواۃ نے **"انت الشافى"** کو واؤ کے ساتھ **"وانت الشافى"** نقل کیا ہے' اور بعض راویوں نے واؤ کے حذف کے ساتھ روایت کیا ہے. اور اشفه کی ضمیر تعلیل کے لئے ہے یا یہ ھائے سکتہ ہے اور اس سے اس بات کا جواز معلوم ہوتا ہے کہ ایسا تسمیہ جائز ہے جو قرآن میں موجود نہ ہو مگر دو شرطوں کے ساتھ' ایک یہ کہ اس میں کوئی ایسی بات نہ ہو جو موہم نقص ہو' اور دوسری یہ کہ قرآن کریم میں اس کی کوئی اصل ہو اور یہ دعا اسی قبیل سے ہے کہ اس میں **واذا مرضت فهو يشفين** ہے اور **"لاشفاء"** مد کے ساتھ ہے' مبنی علی الفتح ہے' اور **"الاشفاؤك"** رفع کے ساتھ ہے' کہ ''لاشفاء'' کے محل سے بدل ہے اور بخاری کی روایت میں ''لا شافی الا انت'' آیا ہے اور اس میں اشارہ ہے کہ خواہ کوئی بھی داء و دواء ہو وہ اللہ کی تقدیر ہی کے تابع ہے اور ''شفاء'' مصدر ہے' اشفه کی وجہ سے منصوب ہے' اور اس کو مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے اس بناء پر کہ یہ مبتدا کی خبر ہو۔

أى هذا اوهو شفاء - "لايغادر": غین معجمہ کے ساتھ ہے بمعنی **لايترك**' اور اس قید کا فائدہ یہ ہے کہ کبھی مرض سے شفاء تو حاصل ہو جاتی ہے مگر اس کے بعد اسی مرض سے کوئی اور مرض جنم لیتا ہے۔ پس وہ شفاء مطلق مانگتے تھے تا کہ مطلق شفاء۔ واللہ اعلم۔

امام جزریؒ ''حصن'' میں بروایت احمد و نسائیؒ محمد بن حاطب سے نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام سوختہ شخص پر یہ دم درود کرتے تھے: **"أذهب البأس رب الناس! اشف أنت الشافى لا شافى الا أنت"**

امام نسائیؒ اور امام ابوداؤدؒ نے ابوالدرداء سے' اور امام حاکم نے فضیلہ بن عبید سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والسلام "احتباس بول حصاۃ (مثانہ میں پتھری کی بیماری)" کے مریض پر یہ دم کیا کرتے تھے: ربنا الله الذی فی السماء، تقدس اسمك أمرك فی السماء والأرض، كما رحمتك فی السماء فاجعل رحمتك فی الأرض، واغفرلنا حوبنا وخطايانا، أنت رب الطيبين، فأنزل شفاء من شفائك، ورحمة من رحمتك". چنانچہ وہ شخص بھلا چنگا ہو جاتا۔

نشرہ بیماری شیطانی حرکت کا نتیجہ ہے

۴۵۵۳: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النُّشْرَةِ فَقَالَ هُوَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ۔
(رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی المسند ٤/ ٢٠١ الحديث رقم ٣٨٦٨' وأحمد فی المسند ٣/ ٢٩٤۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے "نشرہ" کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ شیطانی حرکت ہے۔

تشریح: نشرة: نون کے ضمہ، شین معجمہ کے سکون اور رائے مہملہ کے ساتھ.

نشریہ ایک قسم کا افسون ہے۔

امام احمد، حاکم، اور ابن ماجہ نے ابی بن کعب سے روایت کیا ہے:

"المغرب" میں لکھتے ہیں: "معتوہ" کا مطلب ہے "ناقص العقل" اور کہا گیا ہے کہ "معتوہ" اس شخص کو کہتے ہیں جو جنون کے علاوہ کسی اور سبب سے مدہوش ہو۔

حرام ومشتبہ سے بچا جائے

۴۵۵۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُبَالِیْ مَا اَتَيْتُ اِنْ اَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا اَوْ تَعَلَّقْتُ تَمِيْمَةً اَوْقُلْتُ الشِّعْرَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِیْ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/ ٢٠١ الحديث رقم ٣٨٦٩' وأحمد فی المسند ٢/ ١٦٧۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب نبی اکرم ﷺ کے فرماتے سنا کہ اگر میں تریاق کا استعمال کروں یا تعویذ لٹکاؤں یا شعر کہوں تو ان لوگوں میں شامل ہو جاؤں گا (جو حلال وحرام کی تمیز کیے بغیر وہ کام کر گزرتے ہیں) یعنی میں ہرگز یہ کام نہ کروں گا۔

تشریح: وعن ابن عمر: شیخ اہل حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں درست بات یہ ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے جیسا کہ جامع الاصول میں ہے کہ یہ حدیث ابن عمر بن العاص سے مروی ہے۔

ما ابالی ما أتيت: پہلا "ما" نافیہ ہے، دوسرا "ما" موصولہ ہے، اور عائد محذوف ہے اور موصول اپنے صلہ کے ساتھ أبالی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا مفعول ہے۔

عرض مرتب: یہ نحوی قاعدہ مسلمہ ہے کہ ''صلہ'' کا کوئی محل اعراب نہیں، لہٰذا صلہ کو موصول کے ساتھ ملا کر اس پر کوئی اعرابی حکم جاری کرنا محل نظر ہے. دیکھئے: مغنی لبیب، جلد دوم۔اھ۔

قوله: ان أنا شربت ترياقا: یہ سارا کلام جزاء ہے اور شرط محذوف ہے۔ جس پر ماقبل کلام دلالت کر رہا ہے۔

اگر میں ان چیزوں میں سے ایک چیز پر بھی پروانہیں کرتا تو میں ان لوگوں میں سے ہو جاؤں جو کچھ بھی کرنے سے پروانہیں کرتے اور

اشرفؒ فرماتے ہیں حضرت نے ان چیزوں کا استعمال اس لئے برا جانا کیونکہ تریاق میں سانپ کا گوشت اور شراب پڑتی ہے اور یہ حرام ونجس ہے۔ تریاق کی کئی اقسام وانواع ہیں۔ اگر ایسا تریاق جس میں حرام چیزیں نہ ہوں اس کا کچھ مضائقہ نہیں ہے اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حدیث مطلق ہے' لہٰذا اس کی تمام انواع سے اجتناب کیا جائے اور اس کے لئے بھی کہ یہ خلاف توکل ہے۔

ایک مطلب یہ بیان کیا گیا ہے: **ان فعلت هذا فما أبالي كل شيء أتيت به لكن أبالي من اتيان بعض الأشياء.** یعنی اگر میں یہ کروں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں، میں کچھ بھی کروں، لیکن میں ان بعض چیزوں کی پرواہ (بہر حال) کرتا ہوں۔

ترياق: تاء کے ضمہ، فتحہ اور کسرہ کے ساتھ، ہر طرح درست ہے۔ لیکن کسرہ زیادہ مشہور ہے۔ ابن الملکؒ نے اس کی صراحت کی ہے۔ اشرفؒ فرماتے ہیں: تریاق وہ چیز ہے جو دواؤں اور معجونوں کے زہر کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ یہ لفظ ''معرّب'' ہے۔ تریاق کو دال کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے، نیز اس حدیث میں ''دال'' کے سات بھی مروی ہے۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: **الدرياق بالكسرة وبفتح، الترياق وهو بالكسر دواء مركب اخترعه ماغنيس وتممه أندروماغس القديم بزيادة لحوم الأفاعي، وبه كمل الغرض وهو سماه بهذا، لأنه نافع من لداغ الهوام السبعية، وهو باليونانية ترياد نافع من الأدوية المشروبة السمية، وهي باليونانية فاء ممددة ثم خفف، وعرب، وهو طفل الى ستة اشهر، ثم متر عرع الى عشر سنين في البلاد الحارة وعشرين في غيرها، ثم يقف عشرا فيها وعشرين في غيرها ثم يموت ويصير كبعض المعاجين.**

تمیمہ سے مراد تمیمہ جاہلیت یعنی ان کے منتر اور منکے ہیں۔ جو تمائم ورقی قرآن اور اسمائے الٰہی کے ساتھ ہوں وہ اس حکم سے خارج ہیں بلکہ مستحب ہیں' امید ہے کہ ان میں برکت ہوگی۔

یعنی میں شعر کہنے کا قصد کروں اور اپنے دل سے شعر کہوں۔ یہ بات اللہ جل شانہ کے اس فرمان: [**وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ**][یٰسٓ:٦٩] کی وجہ سے فرمائی اور جہاں تک تعلق ہے نبی کریم [کے اس کلام کا: **أنا النبي لا كذب أنا ابن عبد المطلب**' کا' تو یہ کلام آنحضرت ﷺ سے بلا قصد کے صادر ہوا تھا' نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے بے قصد و بے اختیار کلام موزوں صادر ہوا یہ بلا تکلف و تصنع تھا' اور وہ کلام موزون جو بلا قصد وزن صادر ہوا ہو اس کو شعر نہیں کہا جاتا' مزید یہ کہ امام خلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نزدیک ''رجز'' شعر کی قسم نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ عام لوگوں کے لئے شعر دوسرے کلاموں کی طرح ہے۔ اچھے مضمون کے لئے شعر گوئی کرنا اچھا ہے اور برے مضمون کے لئے برا ہے۔ البتہ اپنے باطن کو شعر گوئی کی طرف متوجہ کرنا اور اس میں اپنی عمر ضائع کرنا اور شعر گوئی میں تفکر کثیر کرنا جس سے دینی امور میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو یقیناً مذموم ہے۔ شعر کی مذمت کے بارے میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد گرامی امام احمد، اصحاب صحاح ستہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: ''لأن يمتلي جوف رجل قيحاً حتى بريه، أى يفسره خير له من أن يمتلي شعرا''.

ابن مالکؒ نے کہا ہے کہ اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ شعر کہنا مجھ پر حرام ہے' اور اسی طرح' تریاق پینا اور تمائم لٹکانا مجھ پر حرام ہے اور امت کے لئے تمائم اور شعر کہنا حرام نہیں ہیں بشرطیکہ اس میں جھوٹ اور مسلمانوں کی ہجو یا کوئی گناہ کی چیز نہ ہو' اور اسی طرح وہ تریاق جس میں کوئی ایسی چیز شامل نہ ہو جو شرعاً حرام ہو' مثلاً سانپ کا گوشت اور شراب کی طرح کی حرام چیز تو وہ امت پر حرام نہیں ہے۔

اور کہا گیا ہے کہ ''تمیمہ'' کی ممانعت اس صورت کے ساتھ ہے جب وہ توکل میں قارح ہو۔ اس کی تائید ابن مسعودؓ کے صنیع سے ہو رہی ہے۔ واللہ اعلم۔

تخریج و توضیح: اس حدیث کو امام احمد بن حنبل نے ابن عمر سے نقل کیا ہے اور الجامع کے بیان کے مطابق ابن عمرو سے نقل کیا ہے۔

دَم کمال توکل کے خلاف ہے

۴۵۵۵: وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَوٰى اَوِاسْتَرْقٰى فَقَدْ بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ۔ (رواه احمد والترمذى وابن ماجة)

أخرجه الترمذى فى السنن ٣٤٤/٤' الحديث رقم ٢٠٥٥' وابن ماجه فى ١١٥٤/٢ الحديث رقم ٣٤٨٩' وأحمد فى المسند ٢٤٩/٤۔

ترجمہ: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے داغ لگایا یا دم کروایا اس نے توکل سے بیزاری اختیار کی۔ (احمد' ترمذی وابن ماجہ)

تشریح: قوله: من اكتوى:

یعنی جس نے اسباب صحت میں مبالغہ کیا' یہاں تک بلا ضرورت شدید داغ لیا۔

أو استرقى: یعنی دفع امراض میں مبالغہ کرتے ہوئے ایسے کلمات استعمال کئے جو نہ اسماء باری تعالیٰ میں سے تھے' ورنہ قرآن کریم میں سے تھے' اور نہ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ماثور دعاؤں میں سے تھے۔

فقد برئ من التوكل: یعنی توکل کے اس اعلیٰ درجہ سے گر گیا جو کمال کا سب سے اعلیٰ درجہ تھا۔ حلانکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُون﴾ [آل عمران: ۱۲۲] مباشرت اسباب میں مبالغہ سے کام لینا رب الارباب سے غافل ہونے کی دلیل ہے۔ اس لئے امام غزالی نے کہا ہے جو کوئی اپنا دروازہ دو قفلوں یا ایک قفل سے بند کرے پھر اپنے ہمسائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو بھی اس کی حفاظت کے لئے کہے تو وہ شخص توکل سے نکل گیا۔

ابن الملک فرماتے ہیں: اس کا مصداق وہ شخص ہے جو داغنے اور دم درود میں شفاء کا اعتقاد رکھتا ہو، اھ۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ کہنا محل نظر ہے، چونکہ ایسا شخص صرف توکل سے ہی خارج نہیں بلکہ دین سے بھی خارج ہے۔ الّا یہ کہ یوں کہا جائے کہ ان کی مراد وہ شخص ہے جو شفاء کو ان اسباب میں منحصر مانتا ہو، وگرنہ تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ بغیر کسی سبب کے بھی صحت عطاء کرنے پر قادر ہے۔ اس سلسلہ میں محاسبی اور ابن عبدالبر کا کلام پہلے گزر چکا ہے۔ واللہ اعلم بالمرام۔

النہایہ میں لکھتے ہیں: ''کیّ'' سے ممانعت کے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔ کہا گیا ہے کہ منع اس وجہ سے فرمایا کہ لوگ اس کو بڑی توقیر و تعظیم کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور یہ گمان کرتے تھے کہ ''کی سے بیماری کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور جب عضو کو داغا نہ جائے تو وہ بے کار و معطل ہو کر رہ جاتا ہے۔ چنانچہ لوگوں کو اس سبب کے پیش نظر فرما دیا اور اس صورت کے لئے مباح قرار دیا، کہ جب اس کو شفاء کے لئے سبب مانا جائے، نا کہ علت۔ اللہ تعالیٰ ہی وہ ذات ہے، جو بھلا چنگا کرتا ہے، اور شفاء عطاء کرتا ہے۔ دواء دارو یا داغنا شفاء نہیں دیتا۔ یہ ایسا معاملہ ہے جس میں بہت سے لوگ کہتے ہیں: اگر دواء پی لیتا تو مرتا نہ' اور اگر اپنے شہر ہی میں رہائش پذیر رہتا تو قتل کی موت نہ مرتا۔

کہا گیا ہے کہ ''کی'' سے ممانعت اس صورت میں ہے کہ جب مرض سے حفظ ماتقدم کے طور پر ہو، اور قبل از ضرورت ہو۔ اگر ایسی صورت میں داغا گیا تو مکروہ ہے۔ تداوی و علاج ضرورت کے وقت مباح ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ نہی از قبیل توکل ہو، جیسا کہ حدیث میں آتا ہے: ھم الذین لا یسترقون ولا یکتوون وعلی ربھم یتوکلون۔ توکل، جواز کے علاوہ ایک دوسرا درجہ ہے اور اس پر اشکال یہ ہے کہ ''لا یتداوون'' نہیں فرمایا گیا، لہٰذا ''کیّ'' اور ''رقیہ'' کا ذکر خصوصی طور پر کرنے میں یقیناً کوئی فائدہ ہوگا' اور فائدہ وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا واللہ اعلم۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تمائم سے پرہیز کرتے تھے

۴۵۵٦: وَعَنْ عِيْسَى ابْنِ حَمْزَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ وَبِهٖ حُمْرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ تَمِيْمَةً فَقَالَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِّلَ اِلَيْهِ۔

(رواہ ابوداود)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٥٢ الحديث رقم ٢٠٧٢' وأحمد فی المسند ٤/ ٣١٠۔

ترجمہ: حضرت عیسیٰ بن حمزہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عکیمؓ کی خدمت میں گیا تو انہیں سرخی کی مرض میں مبتلا پایا۔ میں نے اس سے پوچھا آپ تعویذ کیوں نہیں لٹکاتے تو انہوں نے کہا میں اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے (بطور تعویذ) کوئی چیز لٹکائی وہ اسی کے حوالہ کر دیا جاتا ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: عن عيسى ابن حمزه: کہا گیا ہے کہ درست یوں ہے: عن عيسى بن عبد الرحمٰن بن أبی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیلی۔ چونکہ کتب صحاح ستہ میں عیسی بن حمزہ نام کا کوئی بھی راوی نہیں ہے۔ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یوں کہا جائے، کہ درست نام عیسی بن یونس بن اسحاق، چونکہ یہ صاحب رجال مشکوٰۃ میں سے ہیں، لیکن مقدم الذکر صاحب رجال مشکوٰۃ میں سے نہیں ہے۔ جیسا کہ مؤلفؒ نے ''فصل تابعین'' میں ذکر کیا ہے۔

وبه حمرة: باء برائے الصاق ہے اور ضمیر ''عبداللہ'' کی طرف راجع ہے۔

قوله: نعوذ الله من ذلك : اور اس کا سنن یہ تھا کہ یہ ایک قسم کا شرک ہے' جیسا کہ ماقبل میں گذر چکا ہے۔

امام طیبیؒ نے کہا کہ شاید عبداللہ نے تعویذ لٹکانے سے اس لئے اللہ کی پناہ مانگی کہ وہ توکل کرنے والوں میں سے تھے۔

قوله: من تعلق شيئاً : ای من جعل شيئاً معلقا على نفسه اگرچہ تعویذ لٹکانا دوسروں کے لئے جائز ہے۔ ''النھایۃ'' میں لکھتے ہیں کہ جس کسی نے کسی چیز کو یعنی تعویذ' تمیمہ اور ان کے مانند کسی چیز کو اس اعتقاد سے لٹکایا کہ یہ چیزیں نفع دیتی ہیں اور نقصان دور کرتی ہیں۔ تو اس کو اسی کی طرف سپرد کیا جاتا ہے مظہرؒ وغیرہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی طرح کا علاج معالجہ کرے اور یہ اعتقاد رکھتا ہو کہ شفاء اس چیز سے ہی حاصل ہوتی ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء نہیں عطا فرماتا' بلکہ اس کی شفاء کو اسی چیز کے سپرد کر دیا جاتا ہے' اور اس وقت اس کو شفاء حاصل نہیں ہوتی کیونکہ اللہ کے کے حکم بغیر کوئی چیز نہ نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ نفع دے سکتی ہے۔ (انتھی) امام طیبیؒ نے اس کلام کو ثابت مانا ہے' اور ابن الملک نے ان کی تباع کی ہے حالانکہ یہ اعتقاد سراسر کفر یہ ہے کہ شفاء اس چیز سے حاصل ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ سے شفاء حاصل نہیں ہوتی ؟ لہٰذا حدیث کو اس معنیٰ پر محمول نہیں کرنا چاہئے' چونکہ اس طرح کی بات کے ہوتے ہوئے ''وكل اليه ''نہیں کہا جائے گا' بلکہ یہ کنایہ ہے کہ اس کو اس کا مقصد یعنی شفاء حاصل نہیں ہوگی' اور بیماری کے دور کرنے کے سلسلہ میں اللہ کی طرف سے ہونے والی مدد ونصرت ترک کر دی جاتی ہے۔ اس ارشاد گرامی ﷺ کا مقصد تفویض وتوکل پر رغبت دلانا ہے۔

وكل: واؤ کے ضمہ' کاف مکسور ومخفف کے ساتھ بصیغہ ماضی مجہول. **أى خلى الى ذلك الشيء وترك بينه وبينه .** اس کی نظیر ترمذی کی یہ روایت ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے ''**عن أنس رضى الله عنه انه صلى الله عليه وسلم قال: من ابتغى القضاء وسأل فيه شفعاء وكل الى نفسه، ومن أكره عليه أنزل الله عليه ملكا يسدده.**

من تعلق شيئا: '' **شيئا**'' **منصوب بنزع الخافض** ہے۔ **أى من تعلق بشيء الخ** یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور سے تعلق قائم کرتا ہے تو اس کو اس کے سپرد کر دیا جاتا ہے اور اس کا معاملہ بھی اسی کو سونپا دیا جاتا ہے' اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کے دین ودنیا کے امور میں کافی ہو جاتا ہے' اور اس کو اپنے علاوہ سب سے بے پرواہ کر دیتا ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ روایت مرسل ہے۔ مگر مرسل ہونا کوئی حرج کی بات نہیں چونکہ مرسل جمہور کے نزدیک حجت ہے۔' برخلاف امام شافعی کے' اور اس حدیث کو اس بات سے تقویت ملتی ہے کہ امام احمد وحاکم نے بھی ان سے روایت کیا ہے'

www.KitaboSunnat.com

دَم تو دو چیزوں کا

۴۵۵۷: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَارُقْيَةَ اِلَّامِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ۔

(رواہ احمد والترمذی وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٢١٣/٤ الحديث رقم ٣٨٨٤' والترمذی فی ٣٤٥/٤ الحديث رقم ٢٠٥٧' وأحمد فی المسند ٤٣٦/٤۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دم تو نظر بد یا ڈنگ کا ہے۔ یہ احمد، ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: "من عین": (جار مجرور کے درمیان میں مضاف محذوف ہے۔) ای من اصابتها أووجعها حمة: بضم مهملة وتخفيف ميم. بچھو وغیرہ کا زہریلا ڈنگ مراد ہے۔

شرح السنۃ میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی بنیاد پر یہ کہنا کہ "جھاڑ پھونک کا جواز محض تین چیزوں میں منحصر ہے" صحیح نہیں، بلکہ ہر طرح کے دکھ تکلیف میں اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ذریعہ دَم کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ حدیث کا مطلب یہ ہے: لا رقية أولى وأنفع من رقيتهما. اس کی نظیر یہ کلام ہے: لا فتى الا علی، لا سيف الا ذوالفقار۔

ایک شارح نے لکھا ہے کہ یہاں حصر مراد نہیں ہے، چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس طرح کے درد و امراض میں کلمات تامہ اور آیات سے دم درود کیا کرتے تھے۔ اھ۔ حدیث کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم۔: لا رقية ضرورة ملجئة من جهة شیء من الأوجاع الأمراض الا من جهة اصابة العين والحمة، فانهما مهلكتان بسرعة أو موقعتان فی مشقة عظيمة.

۴۵۵۸: وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةِ عَنْ بُرَيْدَةَ ۔

أخرجه ابن ماجه فی السنن ١١٦١/٢ الحديث رقم ٣٥١٣۔

اور ابن ماجہؒ نے اس کو بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔"

تخریج: اس حدیث کو امام مسلمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

نظر بد، زہر، خون کے لئے دم

۴۵۵۹: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حَمَةٍ اَوْدَمٍ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٢١٦/٤ الحديث رقم ٣٨٨٩۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دم تو نظر بد یا زہریلے ڈنگ یا خون کا ہوتا ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: "رقیة" سے مراد وہ دعائیں اور قرآنی آیات ہیں جو طلبِ شفا کے لئے پڑھی جاتی ہیں جو دعاؤں کی کتاب میں ذکر کر دی گئی ہیں

حمة: "زہر" سے مراد ہے بچھو کا ڈنگ اور سانپ کا زہر بھی اس کے حکم میں ہے

نملہ: چیونٹی کو کہتے ہیں یہاں مراد ایک خاص بیماری ہے جس میں پھنسیاں وغیرہ نکلتی ہیں اس بیماری کو نملہ سے مشابہت اس لئے دی گئی ہے کہ اس کی تکلیف یوں محسوس ہوتی ہے جیسے چیونٹیاں رینگ رہی ہوں۔ جھاڑ پھونک تمام بیماریوں میں جائز ہے اور یہاں جن تین چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے ان میں بہ نسبت دوسرے امراض کے جھاڑ پھونک اولیٰ اور انفع ہے

اور بعض روایات میں بطور حصر یہ آیا ہے کہ جھاڑ پھونک انہی تین چیزوں میں خاص ہے۔ اس میں بھی تاویل یہی ہوگی' یا یہ کہ ابتدا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شرکیہ الفاظ کے باعث ممانعت فرمائی ہو' بعد ازاں ان تین چیزوں کی اہمیت کے پیش نظر اور لوگوں کے لئے فائدہ مندی دیکھ کر اجازت دے دی ہو۔ واللہ اعلم۔

توضیح: مصنفؒ پر لازم تھا کہ اس حدیث کو پہلی حدیث کے ساتھ ملحق کر دیتے اور یوں فرماتے: **وزاد أبو داود: أو دم في روايته عن أنس.**

اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کر سکتی تو وہ نظر ہوتی

۴۵۶۰ :: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ وُلْدَ جَعْفَرٍ يَسْرَعُ اِلَيْهِمُ الْعَيْنُ اَفَاَسْتَرْقِيْ لَهُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدْرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ۔

(رواہ احمد والترمذی وابن ماجه)

أخرجه الترمذي في السنن ٣٤٦/٤ الحديث رقم ٢٠٥٩' وابن ماجه في ١١٦٠/٢ الحديث رقم ٣٥١٠' وأحمد في المسند ٤٣٨/٦۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جعفر کی اولاد کو جلد نظر لگ جاتی ہے کیا میں اس کو دم کروالوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جی ہاں کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کرتی تو وہ نظر ہوتی یعنی نظر کے لئے دم درست ہے۔

تشریح: **ولد**: واؤ کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ' اور رائج نسخہ میں دونوں پر فتحہ ہے۔ حضرت جعفر کی اولاد سے مراد وہ بچے ہیں جو اسماء بنت عمیس کے بطن سے تھے' اور یہ بھی ممکن ہے کہ ان کے علاوہ اہلیہ کے بطن والے بچے مراد ہوں۔

تسرع: تاء کے ضمہ اور راء کے کسرہ کے ساتھ' اور راء کو فتحہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے۔ بمعنی تعجل

قال: نعم فانه: یہ جملہ جواب کی تعلیل ہے، اور مطلب یہ ہے، **نعم استرقي عن العين فانها أولى وأحرى ان تسترقي لانه ......** صحیح مسلم کی مرفوع حدیث میں گذر چکی ہے۔ امام مسلم اور ترمذی نے ابن عباس سے یہ اضافہ بھی نقل کیا ہے: **واذا ستغسلتم فاغسلوا**۔ غسل کا بیان عنقریب آ رہا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کتے کو انسان بنا دیتی ہے اور یہ سب اس وجہ سے کہ ''وہ'' نظر جمال کے منظور نظر ہیں اور ''اغیار'' نظر جلال کے پردوں تلے منظور نظر ہیں۔ ارباب حال نے کیا خوب کہا: لو كان لابليس سعادة أزلية دون الشقاوة الأبدية لما قال: أنظرني، بل قال: انظر الي، أو أرني أنظر اليك، لكن كله بقضاء وقدر تحير فيه عقول أرباب الفحول، وتطمئن قلوبهم بقوله سبحانه: ﴿لا يسأل عما يفعل وهم يسألون﴾[الانبياء: ٢٣]

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: میری عقل میری ذکر کردہ نقل کی طرف اڑ کر پہنچی چونکہ یہ جعفر طیار کی اولاد تھی جو (جعفر) ان علی کبرار کے بھائی تھے جن کا تعلق اہل بیت اسرار سے تھا۔

تخريج وتوضيح: صحیح مسلم کی حدیث برحق ماقبل میں گزر چکی ہے۔ امام مسلم و ترمذی نے ابن عباسؓ سے مروی ایک روایت میں: ''واذا استغستلم فاغسلوا'' کا اضافہ بھی نقل کیا ہے۔ غسل کا بیان عنقریب آئے گا۔

غلہ کا دم حفصہ رضی اللہ عنہا کو سکھاؤ

۴۵۶۱: وَعَنِ الشِّفَاءِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عِنْدَ حَفْصَةَ فَقَالَ اَلَا تُعَلِّمِيْنَ هٰذِهٖ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيْهَا الْكِتَابَةَ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٤/٢١٥ الحديث رقم ٣٨٨٧، وأحمد في المسند ٦/٣٧٢۔

ترجمہ: حضرت شفاء بنت عبداللہؓ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تشریف لائے جبکہ میں حضرت ام المؤمنین حضرت حفصہؓ کے ہاں تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تم اسے غلہ یعنی پھنسی کا دم کیوں نہیں سکھا دیتیں جیسا کہ تم نے اس کو لکھنا سکھایا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

الشفاء بنت عبداللہ۔ یہ شفاء بنت عبداللہ ''قریشیہ عدویہ'' ہیں۔ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ان کا نام ''لیلیٰ'' ہے اور ''شفا'' لقب ہے جو نام پر غالب آ گیا ہے۔ ہجرت سے پہلے اسلام لائیں۔ بڑی عاقلہ اور فاضلہ تھیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے یہاں تشریف لاتے تھے اور دوپہر کو وہیں آرام فرماتے تھے۔ انہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بستر اور لنگی کا انتظام کر رکھا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی بستر پر آرام فرماتے تھے۔ ''شفا'' شین کے کسرہ فاء اور مد کے ساتھ آتا ہے۔

تشریح: قوله: ألا تعلمين هذه ......: اس میں تقریر تعلم کا احتمال بھی ہے اور انکار تعلیم کا احتمال بھی ہے۔ اگلے کلام سے پہلے احتمال زیادہ واضح معلوم ہوتا ہے۔

علمتيها: اکثر اصول مصححہ اور معتمد نسخوں میں یاء کے ساتھ ہے، یہ ''یاء'' کسرہ کے اشباع سے پیدا ہوئی ہے۔

الكتابة: یہ مفعول ثانی ہے۔ مظہرؒ فرماتے ہیں ''هذه'' سے اشارہ حضرت حفصہ کی طرف ہے اور ''نملہ'' یہ ہے کہ چند پھنسیاں ہوتی ہیں جن پر منتر پڑھا جاتا ہے اور اللہ کے حکم سے یہ ختم ہو جاتی ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کلام حقیقت میں تعریض کے طور پر تھا اس واقعہ کا ایک خاص پس منظر ہے۔ جس کا ذکر سورۂ تحریم میں ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے آپ کا راز فاش کر دیا تھا۔

امام تورپشتیؒ فرماتے ہیں اکثر لوگوں کا خیال یہ ہے کہ ''النملة'' سے مراد یہاں وہ ہے جس کو اطباء ''رناب'' کہتے ہیں۔ مگر ذکی مغربی نجوی ان سے اختلاف کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اس بارے میں لوگوں کا خیال یہ ہے کہ اس سے مراد ''رقیہ نملہ'' ہے۔ رقیہ نملہ سے مراد وہ چند کلمات ہیں جن کے بارے میں عرب کی عورتوں کا زعم تھا کہ یہ کلمات ''رقیہ نملہ'' ہیں۔ حالانکہ۔ رقیہ نملہ ان اخرافات میں سے ہے جن سے منع فرمایا گیا تھا۔ تو پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ان کلمات کو سکھانے کا حکم دے دیا ہو۔ ''رقیہ نملہ'' سے آنحضرت ﷺ کی مراد وہ کلام تھا جس کو عورتیں ''رقیہ نملہ'' کہتی ہیں۔ رقیہ نملہ کے کلمات یہ ہیں: **العروس تنتعل وتختضب وتكتحل، وكل شى تفتعل غير انها لا تعيى الرجل**۔ ان کلمات کا مطلب یہ ہے کہ دلہن جو نہ پہنتی ہے' مہندی لگاتی ہے اور سرمہ لگاتی ہے اور ہر چیز کرتی ہے مگر مرد کی نافرمانی نہیں کرتی۔

پس آپ کا ارادہ ان کلمات کے ذریعہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی تانیب تھی اور حضور ﷺ کی نافرمانی کرنے اور راز کو فاش کرنے پر تعریض وتادیب مقصود تھی۔ چنانچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس افشاء راز کا اظہار اپنے کلام میں فرمایا ہے: ﴿وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ......﴾ [التحریم: ۳] ''اور (یاد کرو) جب پیغمبر نے اپنی ایک بی بی سے ایک بھید کی بات کہی تو (اس نے دوسری کو بتا دی) جب اس نے اسکو افشا کیا اور خدا نے اس (حال) سے پیغمبر کو آگاہ کر دیا تو پیغمبر نے (ان بی بی کو وہ بات) کچھ تو بتائی اور کچھ نہ بتائی تو جب وہ ان کو جتائی تو پوچھنے لگیں کہ آپ کو یہ کس نے بتایا؟ انہوں نے کہا کہ مجھے اس نے بتایا ہے جو جاننے والا خبردار ہے'' اسی بنیاد پر حافظ ابو ابوسیٰ نے اپنی کتاب میں ان سے نقل کیا ہے اور کہا ہے: **فان يكن الرجل متحققا بهذا عارفابه من طريق النقل 'فالتا ويل ما ذهب اليه** اشرفؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ آپ] کی مراد رقیہ نملہ سے' اس رقیہ کے یہ آخری کلمات ہوں: **غير أن لا لقى الرجل**۔ اطلاق للکل ہو اور مراد جزء ہو۔ کہ کیا تم حفصہ کو یہ نہیں سکھاتیں کہ دلہن شوہر کی نافرمانی نہیں کرتی۔ چونکہ اس نے افشاء راز کر کے میری نافرمانی کی ہے۔ اگر تم نے اس کو ''رقیہ نملہ'' سکھایا ہوتا تو وہ میری نافرمانی نہ کرتی۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کنایہ تصریح سے زیادہ بلیغ ہوتا ہے' پس اولیٰ یہ ہے کہ رقیہ سے مراد پورا رقیہ ہو' کیونکہ اس کے ضمن میں مقصود تو حاصل ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس حدیث میں دو اور صورتوں کا احتمال بھی ہے' ان میں سے ایک تعلیم رقیہ پر ابھارنا' اور انکار کتابت ہے۔ **اى هلا علتمها ما ينفعا من الاجتناب عن عصيان الزوج كما علميتها مايضر ها من الكتابة**۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہ انتہائی بعید ہے' چونکہ جب تخصیص مراد ہو گی' اور استفہام تقریر پر محمول ہو گا تو انکار تعلیم کتابت کہاں سے مفہوم متعارف ہو گا۔ یا وجودیکہ اس کو تعلیم رقیہ کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

فرمایا: دوسری صورت یہ ہے کہ انکار کا تعلق دونوں جملوں سے ہو اور اس سے مراد وہ رقیہ ہو جو ان کے درمیان معتارف تھا۔ چونکہ وہ رقیہ متوکلین کے حال کے منافی تھا۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اگر یہ معنی مراد ہوتا تو یوں کہا جاتا: أتعلمين الخ واللہ أعلم۔

قوله: كما علمتيها الكتابة: امام خطابی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس بات پر دال (دلالت) ہے کہ عورتوں کو لکھنا سکھانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مکروہ نہیں ہے میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ کتابت سکھانا اس وقت کی عورتوں کو جائز تھا مگر زمانہ کے فساد کی وجہ سے آج کی عورتوں کو سکھانا جائز نہیں اور پھر میں نے دیکھا کہ بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہ حکم حضرت حفصہ کے ساتھ خاص تھا باقی عورتوں کے لئے نہ تھا۔

چونکہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے لئے چند احکام خاص تھے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ......﴾ [الاحزاب: ۳۲] ''اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (کسی اجنبی شخص سے) نرم نرم باتیں نہ کرو تا کہ وہ شخص جس کے دل میں کسی طرح کا مرض ہے کوئی امید (نہ) پیدا کرے اور دستور کے مطابق بات کیا کرو'' اور ''لاتعلون الكتابة'' والی حدیث اس صورت پر محمول ہے کہ جب عورتوں کو لکھنا سکھانے کے نتیجہ میں فتنہ کا اندیشہ ہو۔

سہل کو نظر بد کا لگنا

۴۵۶۲: وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ رَاٰى عَامِرُبْنِ رَبِيْعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ فَقَالَ وَاللّٰهِ مَارَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَاجِلْدَ مُخَبَّاَةٍ قَالَ فَلُبِطَ سَهْلٌ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَّكَ فِيْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهٗ فَقَالَ هَلْ تَتَّهِمُوْنَ لَهٗ اَحَدًا فَقَالُوْا نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيْعَةَ قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا فَتَغَلَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ اِلَّا بَرَّكْتَ اِغْتَسِلْ لَهٗ فَغَسَلَ لَهٗ عَامِرٌ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَاَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهٖ فِيْ قَدَحٍ ثُمَّ صُبَّ عَلَيْهِ فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ لَيْسَ لَهٗ بَاْسٌ.

(رواه في شرح السنة)

أخرجه مالك في الموطأ ۹۳۹/۲ الحديث رقم ۲ من كتاب العين۔ وابن ماجه ۱۱۶۰/۲ الحديث رقم ۳۵۱۱، وأحمد في المسند ۴۸۶/۳۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سہل کو عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے غسل کرتے دیکھا تو کہنے لگے میں نے آج تک اس جیسی بلا کسی پردہ نشین کی بھی نہیں دیکھی (اس کے کہنے کے فوراً بعد سہل زمین پر گر پڑے اور اس کو (اٹھا کر) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہل کے صحت یاب ہونے کی خواہش ہے وہ تو (بے ہوشی کی وجہ سے) سر اوپر نہیں اٹھاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا اس کے متعلق کسی پر بدگمانی ہے انہوں نے کہا ہم عمر بن ربیعہ پر الزام دھرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر کو بلایا اور اس پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا تم اپنے بھائی کو کیوں قتل کرتے ہو تم نے اس کے لئے برکت کی دعا کیوں نہ کی۔ جاؤ اس کی خاطر تم غسل کرو عامر نے اپنے چہرہ اور دونوں گھٹنے اور اپنے پاؤں اور زیر ازار حصہ ایک بڑے پیالے میں دھویا پھر وہ پانی اس پر ڈال دیا گیا تو وہ لوگوں کے ساتھ اسی وقت چل دیے کہ انہیں کوئی تکلیف نہ تھی۔ یہ شرح السنہ کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: رأى عامر بن ربيعة ۔هل بن حنيف يسل:

يغتسل: یہ جملہ حالیہ ہے: أي حال كون سهل يغتسل وبعض بدنه مكشوف۔

قوله: فقال والله ما رأيت كاليوم ولا جلد مخبأة: مخبأة: بائے موحدہ مشددہ کے بعد ہمزہ ہے. تخبية سے ماخوذ ہے۔

ولا جلد مخبأة: اس کلام کا عطف ''رأيت'' کے مفعول مقدر پر ہو رہا ہے: أي ما رأيت جلدا غير مخبأ كجلد رأيت اليوم ولا جلد مخبأة. اس توجیہ کی بنیاد پر ''اليوم'' صفت ہے' اور اگر معطوف علیہ مؤخر مانا جائے تو حال ہوگا۔ (ذكره الطيبي) ابن الملک رحمۃ اللہ علیہ کا کلام اس سے زیادہ واضح ہے۔ کہ کاف مفعول مطلق ہے: أي ما رأيت في وقت ما جلد غير مخبأة، أو ما رأيت جلد رجل في اللطافة، ولا جلد مخبأة في البياض والنعومة مثل رؤيتي اليوم أي مثل الجلد الذي رأيته اليوم اور مراد سہل کی جلد ہے' چونکہ ان کی جلد بہت نرم نازک تھی۔ اھ۔

اور ایک احتمال یہ ہے کہ معنی یوں ہو: ما رأيت يوما كهذا اليوم ولا جلد مخبأة كهذا الجلد. یہ مفہوم ماٗخذ کے اعتبار سے قریب ترین اور تکلف سے بعید ترین ہے۔

لبط: لام کے ضمہ اور بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ: أي صرع وسقط (کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آ جانے کی وجہ سے گر پڑنا)

قوله: هل لك في سهل بن حنيفة۔ معنوی اعتبار سے اصل کلام یوں ہے: هل لك رغبة في مداواة سهل بن حنيفه أوهل لك دواء في شأنه اُودائه تتهمون له: دوسری تاء مشدد ہے، أي تظنون لاصابة عينه۔

علام: اصل میں ''علی ما'' تھا۔ علي ما' اور'' ما'' بمعنی اى شيء ہے الا: لام کی تشدید کے ساتھ، یہ ''ألا'' برائے تندیم ہے۔

الاّبر كت: راء کی تشدید کے ساتھ۔ مطلب یہ ہے: هلا قلت: بارك الله عليك. حتى لا تؤثر فيه العين ۔ یہ آیت مبارکہ اسی معنیٰ میں ہے: فلو لا اذ دخلت جنتك قلت ما شاء الله لا قوة الا بالله۔

امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ألا بر كت تخصیص کے لئے ہے: أي هلا دعوت له بالبركة. اس میں غائب سے حاضر کی طرف التفات ہے۔ چونکہ اصل کے اعتبار سے یوں کہنا چاہئے تھا: علام تقتل۔ گویا کہ انہوں نے اس طرف توجہ نہیں دی' اور اولاً خطاب میں عموم فرمایا، اور پھر تانیب وتوبیخ کے لئے ان کی طرف متوجہ ہوئے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ علماء کے نزدیک نظر زدہ کے لئے نظر لگانے والے کے وضو کی صورت یہ ہے کہ جس شخص کے بارے میں یہ تحقیق ہو کہ اس نے نظر لگائی ہے اس کے سامنے کسی خالی برتن میں پانی لایا جائے۔ اس برتن کو زمین پر نہ رکھا جائے پھر نظر لگانے والا اس برتن میں سے ایک چلو پانی لے کر کلی کرے اور اس کلی کو اسی برتن میں ڈالے' پھر اسی میں سے پانی لے کر اپنا منہ دھوئے' بائیں ہاتھ میں پانی لے کر دائیں ہتھیلی اور دائیں ہاتھ میں پانی لے کر بائیں ہتھیلی دھوئے' اور بائیں ہاتھ میں پانی لے کر دائیں کہنی دھوئے' اور پھر دائیں ہاتھ میں پانی لے کر بائیں کہنی دھوئے اور کہنی کے درمیان جو جگہ ہے اس کو نہ دھوئے' پھر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

داہنا پاؤں اور اس کے بعد بایاں پاؤں دھوئے۔ پھر اسی طرح پہلے داہنا گھٹنا دھوئے پھر بایاں گھٹنا دھوئے' اور ان سب اعضاء کو اسی برتن میں دھویا جائے زیرناف جسم کو دھوئے۔ جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو پانی کو نظر زدہ کے اوپر اس کی پشت کی طرف سے سر پر بہادے۔ واضح رہے کہ اس طرح سے علاج اسرار وحکم سے تعلق رکھتا ہے۔ جو عقل وسمجھ کی رسائی سے باہر کی چیز ہے۔ لہٰذا اس بارے میں عقلی بحث کرنا لاحاصل ہے۔

مارزیؒ نے کہا ہے کہ (یہ حکم یعنی مذکورہ اعضاء جسم کے دھونے کا) حکم وجوبی ہے۔ لہٰذا نظر لگانے والے کو اس بات پر مجبور کیا جائے گا کہ وہ نظر زدہ کے لئے مذکورہ وضو کرے۔ نیز انہوں نے فرمایا کہ اس حکم کی خلاف ورزی کرنا انسانیت سے بعید ہے' خصوصاً جبکہ نظر زدہ کے ہلاک ہونے کا خوف ہو۔

قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ بعض علماءؒ فرماتے ہیں جو شخص نظر لگانے میں مشہور ومعروف ہو جائے تو اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔ (یعنی اس کے سامنے آنے میں احتیاط کرنا لازم ہے) اور امام (سربراہ حکومت) کے لئے مناسب ہے کہ ایسے شخص کو لوگوں میں آنے جانے اور اٹھنے بیٹھنے میں پابندی عائد کردے' اور اس پر یہ پابندی عائد کردے کہ وہ گھر ہی میں رہا کرے (گھر سے باہر نہ نکلا کرے' اور اگر وہ محتاج وفقیر ہو (کہ اپنی گزربسر کے لئے لوگوں کے پاس آنے جانے پر مجبور ہو) تو بیت المال (سرکاری خزانہ) سے اس کے لئے بقدر کفایت وظیفہ مقرر کردے (تاکہ وہ گزراوقات کر سکے اور اس کی تکلیف سے لوگوں کو بچائے' چونکہ اس شخص کا ضرر اس پیاز اور لہسن سے بڑھ کر ہے کہ جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں داخل ہونے سے منع فرمایا ہے ' تاکہ مسلمانوں کو تکلیف نہ دے' اور ایسے شخص کا ضرر جزامی کے ضرر سے بھی بڑھ کر ہے کہ جس کو حضرت عمرؓ اور ان کے بعد خلفاء نے روک دیا تھا' لوگوں کے لئے احتیاط کے پیش نظر اور اس کا ضرر ان موذی مویشوں سے بڑھ کر ہے کہ جن کے بارے میں علاقہ بدر کرنے کا حکم دیا جاتا ہے کہ ان کو ایسی جگہ چھوڑا جائے جہاں ان سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔ لہٰذا اس کے بارے میں احتیاط لازم ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ جو کچھ اس قائل نے بیان کیا' بالکل صحیح متعین ہے۔ اس کے برعکس کی تصریح سے معروف نہیں ہے۔ واللہ اعلم

۴۵۶۳ : وَرَوَاهُ مَالِكٌ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّالَهُ فَتَوَضَّاَلَهُ.

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٤٥ الحدیث رقم ٢٠٥٨' والنسائی فی ٨/٢٧١ الحدیث رقم ٥٤٩٤' وابن ماجه فی ٢/١١٦١ الحدیث رقم ٣٥١١۔

اور امام مالک سے یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ بلاشبہ نظر حق ہے تم اس کے لئے وضو کرو، وضو کرو۔

اور امام مالکؒ کی ایک روایت میں یہ منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹوکنے والے سے فرمایا کہ "نظر برحق" ہے تم نظر زدہ کے لئے وضو کرو چنانچہ اس نے نظر زدہ کے لئے وضو کیا"۔

تو ضالہ: ایک نسخہ میں "فتوضالہ" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معوذتین کی فضیلت

۴۵۶۴ :وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَآنِّ وَعَیْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰی نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتْ اَخَذَبِھِمَاوَتَرَکَ مَاسِوَاھُمَا۔

(رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث حسن غریب)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۳۳۳ الحدیث رقم ۵۱۰۷۔

ترجمہ:حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ تو جنات اور انس کی نظر بد سے پناہ طلب کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ معوذات یعنی سورۃ الناس والعلق نازل ہوئیں جب یہ سورتیں نازل ہوئیں تو اس کے ذریعہ پناہ مانگنے لگے اور اس کے علاوہ کو ترک کر دیا۔ یہ ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کی اور ترمذی نے اسے حسن غریب کہا۔

تشریح: **یتعوذ من الجان**: یعنی دعاؤں اور از کار کے ذریعہ جنات سے اور انسان کی نظر بد سے پناہ مانگا کرتے تھے اور جب معوذات نازل ہوئیں تو اکثر و بیشتر انہی کے ذریعہ پناہ مانگتے۔ مثلاً یوں دعا مانگے تھے: **أعوذ باللہ من الجان**۔ المغرب میں لکھا ہے کہ ''الجان ابو الجن'' اور چھوٹے سانپ کو کہتے ہیں

المعوذتان: واؤ کے کسرہ نیز فتحہ کے ساتھ۔

تخریج وتوضیح: اس حدیث کو ضیاءؒ نے بھی نقل کیا ہے۔

قولہ: وقال الترمذی ھذا حدیث غریب: ملا علی قاریؒ کے نسخہ میں ''حسن'' موجود نہیں ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں: اور ایک صحیح نسخہ میں حدیث حسن غریب ہے۔

مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عقبہ بن عامر سے مرفوعاً مروی ہے: **ما سأل سائل ولا استعاذ مستعید بمثلھما**. مطلب یہ ہے کہ ان جیسا کوئی تعویذ نہیں، بلکہ یہ سب تعویذوں سے افضل تعویذ ہے اور انہی کی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے فرمایا:

''**اقرأ بھما کلما نمت وکلما قمت**''.

مغربون یا شیاطین کے چیلے

۴۵۶۵ :وَعَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ رُوِیَ فِیْکُمُ الْمُغَرِّبُوْنَ قُلْتُ وَمَا الْمُغَرِّبُوْنَ قَالَ الَّذِیْنَ یَشْتَرِکُوْنَ فِیْھِمُ الْجِنَّ۔

(رواہ ابوداود وذکر حدیث بن عباس خیر ماتداویتم فی باب الترجل)

أخرجه الترمذی فی ۴/۳۴۲ الحدیث رقم ۲۰۵۳۔

ترجمہ:حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کیا تم کو (انسانوں) میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مغربون دکھائی دیتے ہیں؟ میں نے عرض کیا وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا مغربون وہ لوگ ہیں جس کے ساتھ جنات یعنی شیاطین شریک ہوتے ہیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے اور ابن عباسؓ کی روایت باب الترجل میں گذری ہے۔

تشریح: هل روئ فيكم: سے مراد جنس انسانی ہے، کلام میں تغلیب ہے، کہ مذکر کو مؤنث پر غلبہ دیا ہے اور خطاب علی الغیبۃ ہے، جیسے اس آیت میں: ﴿يذرؤكم فيه﴾[الشوری: ۱۱]

ذوی العقول مخاطبین کو غائب "أنعام" پر غلبہ دیتے ہوئے (یذرؤکم) ذکر فرمایا، سوال برائے توقیف وتنبیہ ہے اور "هل" بمعنیٰ "قد" ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿هل أتى على الانسان﴾[الانسان: ۱]

المغربون: راء کی تشدید کے ساتھ بمعنیٰ "المبعدون"۔

"قلت وما المغربون": چونکہ یہ لفظ معنی کے اعتبار سے مجمل تھا اس لئے سوال کرنے کی نوبت آئی۔ یہ سوال اس صفت "تعریب" کے بارے میں تھا اسی وجہ سے "ومن المغربون" نہیں کہا۔

فقال: الذين يشترك فيهم الجن: اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے جماع کرتے وقت خدا کا ذکر نہ کرے یعنی یہ دعا نہ پڑھے: بِسْمِ اللهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا تو اس پر شیطان اثر انداز ہوتا ہے۔ شیطان اپنا آلہ تناسل مرد کے آلہ تناسل پر لپیٹ لیتا ہے اور اس کے ساتھ عورت سے جماع کرتا ہے۔ اس طرح شیطان اس شخص کے نطفہ اور اس کی ہونے والی اولاد میں شریک ہو جاتا ہے جیسا کہ قرآن میں بھی فرمایا گیا ہے۔

﴿وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ﴾ اس سے معلوم ہوا کہ مغربون کے معنی ہیں وہ لوگ جو جماع کے وقت ذکر خداوندی سے روگردانی کرتے ہیں اور اپنے نفس کو ذکر حق سے روکتے ہیں۔ یا وہ جماع کے وقت ذکر خداوندی سے غفلت اختیار کر کے اور گویا وظیفہ زوجیت میں شیطان کو اپنا شریک بنا کر اپنی پیدا ہونے والی اولاد کو اپنی جنس سے دور کر دیتے ہیں اور اپنی نسل اور اپنے نسب میں اجنبی خون شامل کر دیتے ہیں۔ لہٰذا جماع کا وقت چونکہ سرشاری اور غفلت کا وقت ہوتا ہے اس لئے اس موقع پر احتیاط وہوشیاری اختیار کر کے مذکورہ دعا پڑھنے سے چوکنا ہونا چاہئے تاکہ اس بلا وفتنہ سے محفوظ رہے۔

صاحب "مظاہر حق" لکھتے ہیں: آج کل ابنائے روزگار (افراد انسانی) جو عام بے راہ روی فتنہ وفساد اور مختلف قسم کی برائیاں پائی جاتی ہیں ان کا سبب اس حدیث کی روشنی میں بالکل واضح ہے کہ لوگوں نے عام طور پر مذکورہ ہدایت کو فراموش کر کے ذکر خداوندی کو ترک کر دیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ پیدا ہونے والی نسل پوری طرح شیطانی اثرات لئے ہوئے دنیا میں آتی ہے۔ (انتھی)

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ شیطان کی شرکت کا مطلب یہ ہے کہ شیطان ان دونوں کو زنا (گناہ) کی طرف راغب کرتا ہے اور ان کی نظر میں بدکاری کو اچھے سے اچھے روپ میں پیش کرتا ہے۔ جس کی بناء پر وہ اس برائی میں مبتلا ہو کر نالائق اور غیر صالح اولاد کی پیدائش کا ذریعہ بنتے ہیں

یا شیطان ان لوگوں کی عورتوں اور بیویوں کو زنا کی طرف مائل کرتا ہے اور ان کو غیر مردوں کے ساتھ ملوث کراتا ہے۔ اس کے نتیجے میں نالائق اولاد پیدا ہوتی ہے اور ایک احتمال یہ ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ جس شخص کا قرین (ساتھی) جن ہوگا وہ اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح طرح کی خبریں اور مختلف قسم کی کہانتوں کا القاء کرتا ہے۔

الفصل الثالث:

بدن کا حوض

۴۵۶۶ :وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمِعْدَةُ حَوْضُ الْبُدْنِ وَالْعُرُوْقُ اِلَيْهَا وَارِدَةٌ فَإِذَا صَحَّتِ الْمِعْدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالصِّحَّتِ وَإِذَافَسَدَتِ الْمِعْدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالسَّقَمِ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٦٦ الحديث رقم ٥٧٩٦۔

ترجمه:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ معدہ بدن کا حوض ہے اور اس کی طرف آنے والی رگیں اس گھاٹ پر آنے والے کی طرح ہیں جب معدہ درست ہوتا ہے تو یہ رگیں صحت (بخش مواد) کے ساتھ وہاں سے لوٹتی ہیں (جس سے بدن کو صحت حاصل ہوتی ہے) اور جب معدہ بگڑا ہوا ہو تو یہ رگیں بیماری کے ساتھ لوٹتی ہیں۔ یہ بیہقی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:المعدة حوض البدن: میم کے فتحہ اور عین کے کسرہ اور تخفیف کے ساتھ' اور نسخہ میں میم کسرہ اور عین کے سکون کے ساتھ' وهي مقر الطعام والشرب۔ (طعام وشراب کی جائے قرار' آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ)

المعدة: قاموس میں لکھتے ہیں: المعدة ككلمة، وبالكسر موضع الطعام قبل نحداره الى الأمعاء۔ وهو لنا بمنزلة الكرش لأظلاف و الأخفاف.

السقم: سین اور قاف دونوں کے فتحہ' سین کے ضمہ اور قاف کے سکون کے ساتھ أي المرض والألم۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابن جوزیؒ نے بھی ذکر کیا ہے۔ نبی کریم صلوات اللہ وسلام علیہ نے معدہ کو حوض سے، جسم کو درخت سے، معدہ کی رگوں کو' درختوں کی ان جڑوں سے تشبیہ دی جو حوض میں اتری ہوئی ہوں' اور حوض کا پانی اپنے اندر جذب کر کے درخت کی ٹہنیوں' شاخوں اور پتوں کو پہنچا رہی ہوں۔

مطلب یہ ہے کہ بدن انسانی اور اس کے معدہ کے درمیان وہی نسبت ہے جو پانی کے تالاب اور درخت کے درمیان ہے جس طرح کسی تالاب کے کنارے یا پانی میں کھڑا ہوا درخت اپنے رگ وریشہ کے ذریعے پانی سے رطوبات حاصل کرتا ہے۔ چنانچہ اگر پانی صاف وشیریں ہوتا ہے تو درخت کی تازگی اور نشوونما کا سبب بنتا ہے اور اگر پانی گدلا اور کھاری ہوتا ہے تو وہ درخت کی پژمردگی اور خشکی کا باعث بن جاتا ہے اور یہی حکم وتعلق بدن کا معدہ کے ساتھ ہے۔

امام طیبیؒ نے اس کو قواعد طب پر منطبق کیا ہے۔ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ حدیث کو طب نبوی پر محمول کیا جائے اس صورت میں مذکورہ بالا ارشاد گرامی کا حاصل یہ ہوگا کہ ~~انسان کے~~ اقوال وافعال کردار و آداب اخلاق واطوار اس کے غذا وخوراک کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطابق ہوتے ہیں اگر کسی شخص کے پیٹ میں حرام غذا داخل ہوتی ہے تو اس کے اعضاء جسم سے حرام افعال واقوال صادر ہوتے ہیں۔اسی طرح اگر کسی شخص کے پیٹ میں کھانے پینے کی فضول وغیر مناسب چیزیں جاتی ہیں تو اس کے جسم کے ہر چھوٹے بڑے عضو سے فضول ولغو افعال صادر ہوتے ہیں۔(اس کے برخلاف جس شخص کے پیٹ میں حلال و پاک غذائیں جاتی ہیں اس کے اعضائے جسم سے صالح افعال صادر ہوتے ہیں۔) گویا انسان کی غذا اس کے افعال کا تخم ہے اور افعال بمنزلہ رودگی کے ہے۔ اس کے پیٹ میں جس طرح کی غذا جائے گی ویسے ہی افعال ظاہر ہوں گے۔جیسا کہ کہا گیا ہے: **کل اناء یترشح بما فیه** "یعنی برتن سے وہی چیز نکلتی ہے جو اس کے اندر ہوتی ہے" اللہ باری تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾ [المومنون: ۵۱] اور آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: **من نبت لحمه من سحت فالنار اولی به**۔اس حدیث (یعنی حدیث باب) کو امام غزالیؒ نے "الاحیاء" میں ذکر کیا ہے۔

بعض محدثینؒ نے اس حدیث کے بارے میں کلام کیا ہے۔عراقی اس کی تخریج میں لکھتے ہیں کہ طبرانی نے اوسط میں اور عقیلی نے الضعفاء میں روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ **باطل لا اصل له** یعنی یہ حدیث باطل ہے اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے۔اھ۔(حقیقت یہ ہے کہ اس حدیث کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ باطل ہے اور اس کی کوئی اصل نہیں محل نظر ہے۔) اور شاید کہ اس کی طرف بطلان کی نسبت مسند عقیلی کے اعتبار سے کی ہے' ورنہ تو تعدد طرق کے سبب اور طبرانی اور بیہقی کی روایت کی بناء پر اس کو تقویت حاصل ہے جیسا کہ عنقریب آئے گا' او ... ن جوزی نے بھی روایت کیا ہے' اور اس بناء پر اس حدیث کو حسن یا ضعیف کہا جا سکتا ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ یہ حدیث باطل ہے' اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔

بچھو پہ خدا کی مار ہو

۴۵۶۷ :وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ يُصَلِّيْ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْاَرْضِ فَلَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ فَنَاوَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَعْلِهٖ فَقَتَلَهَا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْعَقْرَبَ مَا تَدَعُ مُصَلِّيًا وَلَا غَيْرَهُ اَوْنَبِيًّا وَغَيْرَهُ ثُمَّ دَعَا بِمِلْحٍ وَمَآءٍ فَجَعَلَهُ فِيْ اِنَاءٍ ثُمَّ جَعَلَ يَصُبُّهُ عَلٰى اِصْبَعِهٖ حَيْثُ لَدَغَتْهُ وَيَمْسَحُهَا وَيُعَوِّذُهَا بِالْمُعَوَّذَتَيْنِ۔ (رواهما البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ۲/ ۵۱۸ الحديث رقم ۲۵۷۵۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک رات جناب رسول اللہ ﷺ نماز ادا فرما رہے تھے جب آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ زمین پر رکھا تو بچھو نے (ہاتھ پر) ڈس لیا۔آپ ﷺ نے جوتے سے اسے مار ڈالا اور جب نماز سے فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا بچھو پر خدا کی لعنت ہو یہ نمازی اور غیر نمازی کسی کو بھی نہیں چھوڑتا یا اس طرح فرمایا کہ یہ نبی اور غیر نبی کسی کو بھی نہیں چھوڑتا۔پھر آپ ﷺ نے نمک اور پانی منگوا کر ایک برتن میں ڈالا اور اسے انگلی کے اس متاثرہ حصہ پر ڈالتے جاتے تھے جہاں بچھو نے ڈنگ مارا تھا اور ساتھ ساتھ انگلی کو ملتے جاتے تھے اور ساتھ ساتھ معوذتین بھی پڑھتے جاتے تھے۔اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: بینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ......:

"فوضع یده علی الارض": امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ "بینا" کا جواب ہے۔ یہ جملہ ان لوگوں کی تائید کرتا ہے جو یہ کہتے ہیں "بینا" اور" بینما" دونوں ظرف ہیں، شرط کے معنیٰ کو متضمن ہیں۔ چنانچہ اسی وجہ سے جواب کا تقاضا کرتے ہیں، اس پر تفصیلی کلام "کتاب الایمان" کے شروع میں گذر چکا ہے۔

قوله: فنا ولها ﷺ بنعله فقتلها: ایک حدیث میں آتا ہے: اذا وجد أحد کم عقربا وهو یصلی فلیقتلها بنعله الیسری ۔قوله: ماتدع مصلیا ولاغیره: یعنی بچھو کسی بھی شخص کو نہیں چھوڑتا، خواہ کوئی نماز میں ہو، یا غیر نماز میں ہو، خواہ وہ شخص نبی وولی ہو یا غیر نبی ہو، اس کو ڈس کر تکلیف پہنچاتا ہے۔ یہ جملہ اس کے مستحق لعنت ہونے کی علت کا بیان ہے۔

أو نبیا وغیره: راوی کو شک ہے۔ لیکن الجامع میں بروایت ابن ماجہ حضرت عائشہ سے منقول ہے: "لعن الله العقرب ما تدع المصلی وغیر المصلی، اقتلوها فی الحل والحرم"۔

روایات باب: امام بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک روایت یوں نقل کی ہے: "لعن الله العقرب ما تدع نبیا ولا غیره الا لدغتهم"۔ امام طبرانیؒ الصغیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں: "قال: لدغت النبی ﷺ عقرب وهو یصلی، فلما فرغ قال: لعن الله العقرب لا تدع مصلیا ولا غیره. ثم دعا بماء وملح فجعل یمسح علیها ویقرأ: ﴿قل یا أیها الکافرون﴾ و ﴿قل أعوذ برب الفلق﴾ و ﴿قل أعوذ برب الناس﴾ اس روایت کو امام جزریؒ "حصن" میں ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں: أنه صلی الله علیه وسلم کان یرقی اللدیغ بالفاتحة. اس حدیث کو اصحاب صحاح نے ابوسعید سے روایت کیا ہے اور ترمذیؒ نے "سبع مرات" کا اضافہ نقل کیا ہے۔

مُوئے مبارک کی برکات

۴۵۶۸ :وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ اَرْسَلَنِیْ اَهْلِیْ اِلٰی اُمِّ سَلَمَةَ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ وَّكَانَ اِذَا اَصَابَ الْاِنْسَانَ عَیْنٌ اَوْشَیْءٌ بَعَثَ اِلَیْهَا مِخْضَبَهٗ فَاَخْرَجَتْ مِنْ شَعْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ كَانَتْ تُمْسِكُهٗ فِیْ جُلْجُلٍ مِنْ فِضَّةٍ فَخَضْخَضَتْهُ لَهٗ فَشَرِبَ مِنْهُ قَالَ فَاطَّلَعْتُ فِی الْجُلْجُلِ فَرَاَیْتُ شَعْرَاتٍ حَمْرَآءَ۔

أخرجه البخاری فی ۱۰/۳۵۲ الحدیث رقم ۵۸۹۶۔

ترجمہ: حضرت عثمان بن عبداللہ موہب روایت کرتے ہیں کہ میرے گھر والوں نے پانی کا ایک پیالہ دیکر مجھے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں بھیجا۔ معمول یہ چلا آرہا تھا کہ جب کسی کو نظر لگ جاتی یا وہ اور کسی مرض میں مبتلا ہوجاتا تو ام سلمہؓ کے ہاں پانی کا ایک پیالہ بھیجا جاتا تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کا ایک بال مبارک نکالتیں جو اس کے چاندی کی ایک نلکی میں رکھا ہوتا تھا۔ وہ اس موئے مبارک کو پانی میں ڈال کر ہلا دیتیں پھر مریض وہ پانی استعمال کر لیتا تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کو شفایاب کر دیتا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے جب چاندی کے اس نلکی کو جھانکا تو اس میں مجھے کئی سرخ بال نظر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آئے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: "وكان ذا أصاب" ....: کان کی ضمیر، ضمیر شان ہے اور یہ جملہ معترضہ حالیہ ہے۔

مخضبة: بکسر میم وفتح ضاد معجمة۔ مابعد کی طرف مضاف ہے۔ کہا گیا ہے، کہ کپڑے دھونے کے "ٹب" کو کہتے ہیں اور صحاح کے بیان کے مطابق "مرکن" (ٹب، لگن) کو کہتے ہیں۔

من شعر رسول الله ﷺ: یہ "من" تبعیضیہ ہے: أی بعض شعره. **تمسكه:** یہ جملہ بھی معترضہ حالیہ ہے۔

جلجل: دونوں جیم مضموم ہیں۔ ای فی حقة (چھوٹا سا برتن)۔ مقدمہ میں لکھا ہے کہ لفظ "جلجل" کی تفسیر نہ صاحب مشارق ومطالع نے کی ہے اور نہ صاحب نہایہ نے۔

نخضخضت: اس کی تمام حروف نکتہ دار ہیں۔: بروزن دحرجته، خضخضة سے ماخوذ ہے۔ اس جملہ کا عطف "فأخرجت" پر ہے۔

قال: فاطلعت: طاء مشدد ہے۔ اس کا عطف "أرسلني" پر ہے اور "قال" کا اعادہ اس لئے کیا کہ درمیان میں کئی جملہ معترضہ آگئے ہیں۔ اس جملہ کو لانے کی غرض یہ بتلانا ہے کہ مجھے نبی کریم ﷺ کے موئے اقدس کی زیارت کا شرف حاصل ہے۔ امام طیبیؒ نے عجیب سی بات لکھی ہے کہ "فاطلعت" کا عطف کلام مقدر پر ہے، جس پر "وكان اذا أصاب الانسان" الخ دلالت کر رہا ہے۔ واللہ اعلم۔

قوله: وكانت تمسكه في جلجل طیبیؒ کہتے ہیں کہ اس موقع پر چاندی کا استعمال موئے مبارک کی تعظیم وتوقیر کے طور پر تھا۔ جیسا کہ کعبہ پر ریشمی کپڑا کا غلاف ڈالا جاتا ہے۔

قوله: فرأيت شعرات حمراء: ہوسکتا ہے کہ موئے مبارک خلقی طور پر سرخ ہی تھے۔ یا تھے تو بھورے مگر دیکھنے میں سرخ معلوم ہوتے تھے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان پر مہندی کا خضاب ہوگا جس کی وجہ سے وہ سرخ تھے یا چونکہ ان کو خوشبوؤں میں رکھا جاتا تھا اس لئے خوشبوؤں کی وجہ سے ان کا رنگ تبدیل ہوگیا تھا اور سرخ نظر آنے لگے۔

کھنبی من کی قسم ہے

۴۵۶۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ نَاساً مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْاَةُ جُدَرِيُّ الْاَرْضِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَآءُ هَاشِفَاءٌ لِلْعَيْنِ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهِيَ شِفَآءٌ مِنَ السَّمِّ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ فَاَخَذْتُ ثَلٰثَةَ اَكْمُؤٍ اَوْخَمْساً اَوْ سَبْعاً فَعَصَرْتُهُنَّ فَجَعَلْتُ مَاءَ هُنَّ فِيْ قَارُوْرَةٍ وَكَحَلْتُ بِهٖ جَارِيَةً لِّيْ عَمْشَاءَ فَبَرَاَتْ۔ (رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٣٥١ الحديث رقم ٢٠٦٨ وابن ماجه في السنن ٢/١١٤٣ الحديث رقم ٣٤٥٥، وأحمد في المسند ٢/٥١١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ میں سے بعض حضرات نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کہ کھنبی زمین کی چیچک ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ من کی قسم سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے باعث شفاء ہے اور عجوہ (عمدہ قسم کی کھجور) زہر کے لئے شفاء ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کا ارشاد سن کر میں نے تین، پانچ یا سات کھنبیاں لے کر ان کو نچوڑا اور ان کے پانی کو شیشے کی ایک بوتل میں ڈال لیا۔ پھر میں یہ پانی اپنی ایک چندھیا آنکھوں والی لونڈی کی آنکھوں میں ڈالنے لگا تو وہ صحت یاب ہوگئی۔ ترمذی نے نقل کر کے اسے حسن قرار دیا ہے۔

تشریح: **الکماۃ:** کاف کے فتحہ اور میم کے سکون کے ساتھ'

جدری: بضم جیم وفتح دال وکسر راء وتشدید یاء۔ القاموس میں لکھا ہے: **الجدری بضم الجیم وفتحها القروح فی البدن تنفط وتقیح۔**

صاحب نہایہ لکھتے ہیں: کھنبی کو چیچک کے ساتھ تشبیہ دی، چیچک اصل میں ایک دانہ ہے جو بچہ کے جسم پر ظاہر ہوتا ہے اور کھنبی زمین کے پیٹ سے ظاہر ہوتی ہے۔ وجہ مشترک ''ظہور'' ہے، اس تشبیہ سے سائل کی مراد کھنبی کی مذمت کرنا تھی۔

قولہ: الکماۃ من المن:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں جس طرح چیچک کے دانے دراصل جسم میں پیدا ہو جانے والے ناقص فضلات ہوتے ہیں جو جلد میں سے باہر نکل آتے ہیں اسی طرح یہ کھنبی بھی زمین کا فضلہ ہے۔ جو زمین سے باہر نکل آئی ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات گویا کھنبی کی مذمت کے طور پر کہی لیکن آنحضرت ﷺ نے ان خیالات کو رد کرنے کے لئے کھنبی کی فضیلت وتعریف اور اس کی منفعت بیان فرمائی۔

کھنبی 'من' کی قسم سے ہے یعنی یہ بھی اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے جو اس نے اپنے بندوں کو بطور احسان عطا فرمائی ہے۔ (اس کو حاصل کرنے کے لئے نہ زمین کو کھودنے بونے کی مشقت کرنا پڑتی ہے بلکہ یہ خود بخود زمین کے اندر سے پیدا ہوتی ہے اور بہت سے لوگوں کے کھانے اور پیٹ بھرنے کی ضرورت پوری کرتی ہے۔)

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اس جملہ کے ذریعے اس من کے ساتھ مشابہت دی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر اتری تھی۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا جس طرح موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر ان کی محنت کے بغیر من اترتی تھی اسی طرح یہ کھنبی بھی محنت ومشقت تخم ریزی کے بغیر اترتی تھی۔ اھ۔ یہ قول زیادہ واضح ہے کیونکہ ایک روایت میں یہ آتا ہے: **الکماۃ من المن والمن من الجنۃ۔ الکماۃ** من کی قسم سے ہے اور من جنت کی نعمتوں میں سے ہے۔ **قولہ: ماؤ ھا شفاء للعین:** اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے اس کے بارے میں امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ بعض علماء کے نزدیک محض کھنبی کا پانی آنکھ کو شفاء بخشتا ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس کا پانی اس صورت میں شفاء دیتا ہے جبکہ اس میں آنکھ کے امراض کے مطابق دوسری دوا بھی ملائی جائے۔ بعض کا کہنا ہے کہ اس میں تفصیل ہے کہ اگر آنکھ کو گرمی سے ٹھنڈک پہنچانا مقصود ہو تو صرف اس کا پانی بھی مفید ہے ورنہ دوسری صورتوں میں اس کے پانی کو دوسری دواؤں میں ملا کر آنکھ میں ڈالا جاتا ہے۔ صحیح بات بلکہ صواب ہے کہ ہر صورت میں (آنکھ خواہ گرمی کی وجہ سے دکھتی ہو یا کسی اور وجہ سے محض) اس کا پانی شفا بخش ہے۔ ابن کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بینائی بالکل جاتی رہی تھی اور انہوں نے آنحضرت ﷺ کے ارشاد گرامی پر مکمل اعتقاد رکھتے ہوئے متبرک جانتے ہوئے اپنی آنکھوں میں محض کھمبی کا پانی ڈالنا شروع کیا۔ چنانچہ اللہ نے ان کے حسن اعتقاد اور آنحضرت ﷺ کے ارشادِ گرامی کی برکت کی بناء پر ان کی آنکھوں کو شفاء کامل عطا فرمائی۔

قوله: العجوة من الجنة:

العجوة: کھجور کی ایک قسم ہے۔ قاموس میں لکھتے ہیں: **العجوه بالحجاز التمر المحشی وتمر بالمدينة.**

"**العجوة من الجنة**": اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

① **عجوه** کھجور جنت کے موجودہ پھلوں میں سے ہے۔

② **عجوه** کھجور اپنے اصل مادہ کے اعتبار سے جنت سے مأخوذ ہے سین پر تینوں حرکات درست ہیں' فتحہ زیادہ مشہور ہے' اور ضمہ زیادہ مستعمل ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں: **العجوة من الجنة، على سبيل الاستطراد** واقع ہوا ہے۔ یعنی اصحاب کے سوال کا جواب ہونے کی نسبت سے ارشاد فرمایا' وگرنہ دونوں کے درمیان مناسبت بالکل واضح ہے۔ ترجمة الباب سے مناسبت بھی بالکل واضح ہے۔ یہ مناسبت اولوا الالباب پر مخفی نہیں۔

قوله: وهي شفاء من السم: السم):

اكمأ: ہمزہ کے فتحہ کاف کے سکون' میم کے ضمہ اور ہمزہ کے ساتھ۔

أو خمسا او سبعا: راوی کو شک ہے۔

عمشاء: أعمش کی تانیث ہے۔ "**عَمَش**" سے ماخوذ ہے۔ آنکھوں کی کمزوری کے ساتھ ساتھ' اکثر اوقات پانی کا بہنا۔ (کذا فی القاموس)

فبرأت: راء کے فتحہ نیز کسرہ کے ساتھ' بمعنی **شفيت.**

قوله: رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن:

واضح رہے کہ اس مکمل حدیث کو تو امام ترمذیؒ ہی نے نقل کیا ہے۔ البتہ اس حدیث کے کچھ مختلف جملے دیگر محدثین نے نقل کئے ہیں۔ چنانچہ: **الكمأة من المن، وماؤها شفاء للعين.** یہ حدیث صحیح ہے، اس کو احمد، شیخین، اور امام ترمذیؒ نے سعید بن زید سے روایت کی ہے۔

اور اسی طرح احمد' نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت ابوسعید اور جابر سے' اور ابونعیم نے "الطب" میں ابن عباس اور عائشہ رضی اللہ عنہم سے نقل کی ہے۔

ابونعیم کی ایک روایت میں ابوسعید سے مروی ہے: "**الكمأة من المن' والمن من الجنة، وماء ها شفاء للعين**"

اور ابونعیم کی ایک اور روایت میں جو حضرت بریدہؓ سے مروی ہے، یہ الفاظ آئے ہیں: "**العجوة من فاكهة الجنة**".

امام احمد، ابن ماجہ اور حاکم نے رافع بن عمرو المدینی سے ان الفاظ میں نقل کی ہے: "**العجوة' والصخرة' والشجرة من الجنة**". "**صخره**" سے مراد صخرہ بیت المقدس اور "**شجرة**" سے انگور کی بیل مراد ہے اور کہا گیا ہے کہ شجرہ سے مراد وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درخت ہے جس کے نیچے بیعت رضوان ہوئی تھی۔ احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ سے، احمد نسائی اور ابن ماجہ نے ابو سعید اور حضرت جابر سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں: "العجوة من الجنة، وفيها شفاء من السم، والكمأة من المن، وماء ها شفاء للعين".

نہار منہ شہد کی تاثیر

۴۵۷۰: وَعَنْهُ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَعِقَ الْعَسَلَ ثَلٰثَ غَدَوَاتٍ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ لَمْ يُصِبْهُ عَظِيْمٌ مِنَ الْبَلَاءِ .

أخرجه ابن ماجه في السنن ۱۱۴۲/۲ الحديث رقم ۳۴۵۰' والبيهقي في شعب الايمان ۹۷/۵ الحديث رقم ۵۹۳۰۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ہر ماہ تین روز صبح شہد چاٹ لیا تو وہ بڑی مصیبت سے بچا رہے گا۔ یہ بیہقی وابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: لعق: بروزن سمع، بمعنی لحس (چاٹنا)

غدوات: پہلے تینوں حرف فتحہ کے ساتھ ہے.

فی کل شهر: ابن ماجہ کی روایت میں کل شهر منصوب علی الظر فیہ وارد ہوا ہے۔

دو شفائیں لازم پکڑو

۴۵۷۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالشِّفَائَيْنِ اَلْعَسَلَ وَالْقُرْاٰنَ۔ (رواهما ابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان وقال الصحيح ان الاخير موقوف على ابن مسعود)

أخرجه ابن ماجه في السنن ۱۱۴۲/۲ الحديث رقم ۳۴۵۲' والبيهقي في شعب الايمان ۵۱۹/۲ الحديث رقم ۲۵۸۱۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو شفاؤں کو اپنے لئے لازم کرلو: ① شہد۔ ② قرآن۔ ابن ماجہ نے بیہقی سے یہ دونوں روایتیں نقل کی ہیں اور بیہقی نے انسے قول ابن مسعود قرار دیا۔

تشریح: علیکم بالشفائین: ان کا شفاء ہونا حسی ہے یا معنوی ہے؟ تو اس میں دو احتمال ہیں: ① ان میں سے ایک حسّی شفاء ہے، دوسرا معنوی شفاء ہے۔ ② ان میں سے ایک امراض حسّیہ کیلئے شفاء ہے، دوسرا اعوارض معنویہ کیلئے یا تمام دنیوی و دینی مصائب وبلایا کیلئے شفاء ہے۔

العسل والقرآن: اس میں تین ترکیبی احتمالات ہیں۔

① "بدل" ہونے کی وجہ سے مجرور ہے۔ ② دونوں کو مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں۔ ③ منصوب پڑھنا بھی جائز ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شہد میں شفاء ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ﴾ [النحل:٦٩] اور قرآن کریم کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے: ﴿هُدًى وَّشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ﴾ [یونس:٥٧] هُدًى وَّ شِفَاء۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''والعسل والقرآن'' یہ ''شفائین'' کی تقسیم ہے۔ جنس شفاء کی دو قسمیں قرار دیں: ① شفاء حقیقی ② شفاء غیر حقیقی۔ پھر اس کو آگے مزید تقسیم فرمادیا۔ اس کی مثل یہ محاورہ ہے: القلم أحد اللسانين، والخال أحد الأبوين. ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اسی طرح ''المرق أحد اللحمين'' بھی ہے لیکن حقیقی شفاء قرآن ہے' جو شفاء ظاہری وباطنی دونوں کو شامل ہے۔ جیسا کہ آیت میں مطلق ذکر فرمایا ہے اور دوسری آیت میں مقید ذکر کرنا اشارہ ہے کہ شفاء باطنی ہی اصل اور اہم ہے۔ چنانچہ اس پر بھرپور توجہ دینی چاہئے، اور اس سے نفع اٹھانا زیادہ اہم ہے۔ امام طیبیؒ کے کلام کا ظاہری سیاق اس کے برعکس کا وہم پیدا کر رہا ہے، ان کا کلام اربابِ عربیت کے تو موافق ہے، اصطلاحات صوفیہ کے موافق نہیں ہے۔ چنانچہ صوفیاء فرماتے ہیں: ﴿الله يتوفى الأنفس﴾ حقیقت ہے اور ﴿يتوفاكم ملك الموت﴾ مجاز ہے۔ واللہ اعلم۔

قوله: قال: الصحيح أن الأخير موقوف على ابن مسعود: الجامع الصغیر میں لکھا ہے کہ آخری حدیث کو ابن ماجہ اور حاکم نے ابن مسعود سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ تو ممکن ہے کہ بیہقی کی روایت کی دو سندیں ہوں، اور صحیح سند وہ ہو جو موقوف ہے۔ واللہ اعلم۔

ازالۂ زہر کے لئے سر پر سینگی

۴۵۷۲: وَعَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ عَلٰى هَامَتِهٖ مِنَ الشَّاةِ الْمَسْمُوْمَةِ قَالَ مَعْمَرٌ فَاحْتَجَمْتُ اَنَا مِنْ غَيْرِ سَمٍّ كَذٰلِكَ فِيْ يَافُوْخِيْ فَذَهَبَ حُسْنُ الْحِفْظِ عَنِّيْ حَتّٰى كُنْتُ اُلَقَّنُ فَاتِحَةَ الْكِتٰبِ فِي الصَّلٰوةِ۔

رواه رزين۔

ترجمہ: حضرت ابو کبشہ انصاریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زہر آلود بکری کے گوشت کی وجہ سے سر پر سینگی لگوائی۔ معمر راوی کہتے ہیں کہ بلا زہر میں نے سر پر سینگی لگوائی تو میرے حافظہ کی تیزی جاتی رہی۔ یہاں تک کہ نماز میں مجھے الحمد شریف میں لقمہ دیا جاتا۔ یہ رزین کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

معمر بن راشد۔ یہ ''معمر'' ہیں۔ ''راشد'' کے بیٹے ہیں۔ کنیت ''ابوعروہ'' اور ازدی ہیں۔ ان کے آزاد کردہ ہیں۔ یمن کے بہت بڑے عالم تھے۔ زہری اور ہمام سے روایت کی اور ان سے ثوری اور ابن عیینہ وغیرہ نے روایت کی۔ عبدالرزاق نے فرمایا کہ میں نے ان سے دس ہزار حدیثیں سنیں۔ ۱۵۳ھ میں بعمر ۵۸ سال وفات پائی۔

تشریح: هامته: میم مفتوحہ مخففہ کے ساتھ۔ وسط رأس کو کہتے ہیں۔

من الشاة: (''من'' تعلیلیہ ہے) أي من أجل أكلها.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واضح رہے کہ اس زہر کا کچھ اثر اس حجامت کے بعد بھی رہا، چنانچہ ہر سال اس زہر کا اثر اپنا رنگ دکھاتا، حتی کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے وصال کے وقت فرمایا: "الآن انقطع أبهری".

ہمارے شیخ المشائخ جزریؒ نے حصن میں ذکر کیا ہے کہ یہودیہ کی طرف سے ہدیہ کی جانے والی زہریلی بکرے کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: "أن اذكرو اسم الله كلوا فأكلوا، فلم يصب أحدا منهم شيء". اس حدیث کو امام حاکم نے اپنی مستدرک میں حضرت ابو سعید خدریؓ سے نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ "صحیح الاسناد" ہے۔ صاحب "السراج" نے بھی یوں ہی نقل کیا ہے۔

میرکؒ فرماتے ہیں: مجھے اس میں تأمل ہے چونکہ اصحاب حدیث اور ارباب سیر وتواریخ کے مابین یہی مشہور ہے کہ سوائے بشر بن براء بن معرورؓ کے کسی بھی صحابی نے وہ گوشت نہیں کھایا تھا، حضرت بشرؓ نے صرف ایک لقمہ کھایا تھا، اور اسی کی وجہ سے ان کی وفات ہوئی تھی۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس بکری کو جلا ڈالنے یا مٹی میں دبانے کا حکم صادر فرمایا تھا اور اس میں اختلاف ہے، کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس یہودیہ کو قتل کر ڈالا تھا، یا اس کو معاف کر دیا تھا اور اصح یہ ہے کہ اپنی ذات کی طرف سے تو درگزر فرمایا تھا۔ البتہ بشر بن براء کے قصاص کی وجہ سے قتل کا حکم فرمایا تھا اور میرا گمان ہے کہ اس روایت میں شدید وہم ہے، یا نکارت ظاہرہ ہے۔ واللہ اعلم۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اگر حاکمؒ کی روایت صحیح ہو تو ممکن ہے کہ یہ واقعہ متعدد بار پیش آیا ہو۔

قوله: قال معمر: فاحتجمت أنا: ضمیر مرفوع منفصل زیادت تاکید کیلئے لائی گئی ہے۔ حضرت معمر نے کمال اتباع نبی کی وجہ سے ایسا کیا تھا۔ یا ان کا گمان یہ ہوگا کہ بغیر سم کے بھی حجامت نافع ہے۔

ألقن): از باب 'تفعیل' مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔

ظاہر سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو یہ کیفیت چند روز کیلئے طاری ہوئی تھی' پھر درست ہوگئی تھی اور اس عارضی کیفیت کا سبب شاید یہ ہوا ہو کہ خون کثیر مقدار میں خارج ہوا ہوگا، یا "حجامت" صحیح جگہ نہیں ہوئی ہوگی، یا وقت وزمانہ کا کچھ معاملہ ہوگا۔ واللہ اعلم۔ وگرنہ اس بابت کئی احادیث وارد ہیں۔ چنانچہ امام طبرانی اور ابو نعیم "الطب" میں ابن عباس سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

"الحجامة فی الرأس شفاء من سبع اذا ما نوى صاحبها: من الجنون، والصداع، والجذام، والبرص، والنعاس، ووجع الضرس، و ظلمة يجدها فی عيينيه".

دیلمی "مسند فردوس" میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: **"الحجامة تنفع من كل داء الا فاحتجموا"**

ابن سعد حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں: **"الحجامة فی الرأس هی المغنية، أمرنی بها جبريل حين أكلت طعام اليهودية".**

مرتب عرض کرتا ہے کہ اگلی حدیث سے بھی حجامت کا مفید ہونا ثابت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہار مُنہ سینگی زیادہ مفید ہے

۴۵۷۳: وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ يَا نَافِعُ يَنْبَعُ بِيَ الدَّمُ فَأْتِنِيْ بِحَجَّامٍ وَاجْعَلْهُ شَابًّا وَلَا تَجْعَلْهُ شَيْخًا وَلَا صَبِيًّا قَالَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْحِجَامَةُ عَلَى الرِّيْقِ اَمْثَلُ وَهِيَ تَزِيْدُ فِي الْعَقْلِ وَتَزِيْدُ فِي الْحِفْظِ وَتَزِيْدُ الْحَافِظَ حِفْظًا فَمَنْ كَانَ مُحْتَجِمًا فَيَوْمَ الْخَمِيْسِ عَلَى اِسْمِ اللّٰهِ وَاجْتَنِبُوْا الْحِجَامَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْاَحَدِ فَاحْتَجِمُوْا يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الثُّلَثَاءِ وَاجْتَنِبُوْا الْحِجَامَةَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ فَاِنَّهٗ يَوْمُ الَّذِيْ اُصِيْبَ بِهٖ اَيُّوْبُ فِي الْبَلَاءِ وَمَا يَبْدُوْا اَجْذَامٌ وَّلَا بَرَصٌ اِلَّا فِيْ يَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ اَوْلَيْلَةِ الْاَرْبِعَاءِ ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن في السنن ۲/ ۱۱۵۳ الحديث رقم ۳۴۸۷۔

ترجمہ: حضرت نافع کہتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا اے نافع میرے جسم میں خون جوش مار رہا ہے۔ پس تم سینگی لگانے والے کو بلا لاؤ۔ مگر جوان کو لانا۔ کسی بوڑھے یا بچے کو نہ لانا ابن عمرؓ کہنے لگے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ نہار منہ سینگی لگوانا زیادہ بہتر ہے۔ اس سے عقل میں اضافہ اور حافظے میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ پس جو سینگی لگوانا چاہے وہ جمعرات کو سینگی لگوائے۔ جمعہ، ہفتہ، اتوار کو سینگی سے پرہیز کرے پھر سوموار اور منگل کو سینگی لگوائے اور بدھ کے روز سینگی سے پرہیز کرے۔ کیونکہ بدھ کے روز حضرت ایوب علیہ السلام مرض مبتلا ہوئے اور جذام اور برص بدھ کے دن یا بدھ کی رات کو ہی ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

تشریح: ينبع: از باب نصر بمعنی بثور ويغلي۔ قاموس میں لکھا ہے: لنبع الماء ينبع، مثلثة خرج من العين.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس میں تشبیہ ہے. أي يغلي الدم في جسدي ينبوع الماء من العين۔ یعنی میرے جسم میں خون اس طرح جوش مار رہا ہے جس طرح چشمہ سے پانی مارتا ہے۔

میرکؒ فرماتے ہیں: درست ضبط "تبيغ" ہے یعنی تائے فوقیہ کے فتحہ' بائے موحدہ بائے تحتیہ مشدد اور غین معجمہ کے ساتھ اس کی تائید نہایہ کی عبارت سے بھی ہوتی ہے: تبيغ به الدم اذا تردد فيه، ومنه تبيغ الماء، اذا تردد في مجراه ويقال فيه تبوغ بالواو، وقيل انه من المقلوب أى يبغى عليه الدم فيقتله من البغي ومجاوزة الحد، والأول أوجه، ومنه حديث ابن عمر، تبيغ في الدم۔ اھ۔

اس کی تائید قاموس کی عبارت سے بھی ہوتی ہے: البيغ ثوران الدم، وتبيغ عليه الدم هاج وغلب. لیکن اس تمام تحقیق کے باوجود بالجزم یہ کہنا کہ: هذا صواب و هذا خطأ درست نہیں۔ چونکہ عین ممکن ہے کہ اختلاف روایات ہو، مزید یہ کہ معنیٰ بھی بالکل واضح اور ظاہر ہیں۔ کما تقدم: واللّٰه اعلم

قوله: واجعله شابا: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: واختره "شابا" حال ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ضمیر برائے مصدر ہو۔ جیسا کہ یہاں واجعله الوارث منا، "ولا تجعله شيخا" یہ جملہ مفیدِ تاکید ہے، یا یہ بتانا مقصود ہے کہ اگر جوان نہ ملے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درمیانہ آدمی ڈھونڈ کر لاؤ۔ جو نہ بچہ ہو، نہ بوڑھا ہو اور "ولا صبیا" کی قید اس وہم کو دور کرنے کے لئے جو "شابا" کے اطلاق سے مفہوم ہو رہا ہے۔

فیوم الخمیس: فعل محذوف ہے: **أی فلیختر أو فلیحتجم.**

قوله: واجتنبوا الحجامة یوم الجمعة ویوم السبت ویوم الأحد. یہ حدیث بظاہر مسند فردوس کی اس روایت کے منافی ہے، جو حضرت جابر سے مروی ہے: "**الحجامة یوم الأحد شفاء**"، لیکن یہ حدیث معضل ہے۔

فاحتجموا: اس فاء کے بارے میں دو احتمال ہیں: ① یہ فاء بمعنیٰ واؤ ہے۔ ② یا تقدیری عبارت یوں ہے: **اذا کان الأمر کذلك فاحتجموا.**

یوم الاثنین ویوم الثلاثاء: ضمنی طور پر معلوم ہونے والے مفہوم کو صراحتاً بیان فرمایا اور شاید کہ جمعرات کا ذکر راوی سے چھوٹ گیا ہے یہ جملہ اگلے کلام کے لئے بطور توطئہ وتمہید ہے۔

واجتنبو الحجامة یوم الأربعاء: اس جملہ میں تنبیہ ہے کہ: **لا عبرة بالمفهوم لا سیمامع المنطوق.** (مفہوم کا کوئی اعتبار نہیں خصوصاً منطوق کے ہوتے ہوئے)

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایوب علیہ السلام کے مرض میں مبتلا ہونے کا سبب بدھ کے دن سینگی لگوانا تھا۔ مفسرین نے دوسرے اسباب بھی ذکر فرمائے ہیں، تو ممکن ہے کہ ان مختلف اسباب میں سے مرض میں ابتلاء کا ایک سبب یہ بھی ہوا ہو اور ممکن ہے کہ اس بات کی طرف اشعار ہو کہ یہ دن اپنے بعض احباء کے لئے وقت عتاب ہے، جیسا کہ بعض اعداء کے لئے وقت عقاب ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ﴿**فی یوم نحس مستمر**﴾ اس کی تائید اگلے جملے: **وما یبدوا جذام ولا برص......** سے بھی ہو رہی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث، حدیث کبشہ **ان یوم الثلاثاء یوم الدم وفیه ساعة لایرقأ** کے مخالف معلوم ہوتی ہے بظاہر یعنی حضرت کبشہ بنت ابی بکرہ کی جو روایات گزری ہیں اس سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ منگل کے دن بھی سینگی لگوانا نہیں چاہئے لیکن (یہاں پر اس سے برعکس بات معلوم ہوتی ہے کہ بدھ کے دن بھی سینگی لگوا سکتے ہیں۔) ممکن ہے کہ تو اس کا مطلب یہ ہو کہ وہ منگل جس دن چاند کی سترہ تاریخ ہو اس دن سینگی نہ لگوانا چاہئے جیسا کہ اگلی حدیث میں آ رہا ہے۔ (انتھی) اس جیسی روایات میں تطبیق کی صورت ماقبل میں ذکر کر چکے ہیں۔ جہاں تک اس کا تعلق ہے کہ کوڑھ اور جزام کی بیماری بدھ کے دن یا رات میں پیدا ہوتی ہیں تو یہ خاصیت زمانی کی وجہ سے ہے، اس کو خالق ہی جانتا ہے اور "أو" برائے تنویع ہے۔ عرض مرتب: اور مظاہر حق میں یوں لکھا ہے: "یہ قید اکثر کے اعتبار سے ہے حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں"۔

تخریج وتوضیح: الجامع الصغیر میں بروایت ابن ماجہ، حاکم، ابن السنی اور ابو نعیم عن ابن عمر مرفوعاً مروی ہے:

"**الحجامة علی الریق أمثل، وفیها شفاء وبرکة، وتزید فی الحفظ وفی العقل، فاحتجموا علی برکة الله یوم الخمیس، واجتنبوا الحجامة یوم الجمعة والسبت ویوم الأحد، واحتجموا یوم الاثنین والثلاثاء، فانه الیوم الذی عافی الله فیه أیوب من البلایا، واجتنبوا الحجامة یوم**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأربعاء، فانه اليوم الذى ابتلى فيه أيوب، وما يبدوا جذام ولا برص الا فى يوم الأربعاء أو ليلة الأربعاء".

سترہ تاریخ منگل کو سینگی کا اثر

۴۵۷۴: وَعَنْ مَعْقِلِ ابْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِجَامَةُ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ لِسَبْعٍ عَشْرَةَ مِنَ الشَّهْرِ دَوَاءٌ لِدَآءِ السَّنَةِ۔

(رواه حرب ابن اسماعيل الكرمانى صاحب احمد وليس اسناده بذالك هكذا فى المنتقٰى)

ترجمہ: حضرت معقل بن یسارؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منگل کے روز سے سترہ تاریخ کو سینگی لگوانا تمام سال کی بیماریوں کا علاج ہے۔اس کو منتقٰی میں ابن جارود سے نقل کیا۔روایت کی سند کمزور ہے۔

تشریح: من الشهر: یہ لام جنسیہ ہے۔بظاہر یہاں مناسب مدت کے فاصلہ کی قید ملحوظ ہوگی۔

۴۵۷۵: وَرَوٰى رَزِيْنٌ نَحْوَهٗ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ۔

راوہ رزین۔

رزین سے بھی اس طرح کی روایت نقل کی ہے۔

میرکؒ فرماتے ہیں: اس کے الفاظ یوں ہیں: اذا وافق سبع عشرة يوم الثلاثاء كان دواء للسنة لمن احتجم.

منذریؒ فرماتے ہیں: هكذا ذكره رزين، ولا أراه فى الأصول التى جمعها والله اعلم. ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: الجامع الصغیر میں بھی مشکوٰۃ کی روایت والے الفاظ ہیں البتہ اس میں داء سنة تنکیر کے ساتھ ہے اور لکھا ہے کہ اس کو ابن سعد، طبرانی اور ابن عدی نے معقل سے روایت کیا ہے۔منگل کے دن سینگی لگوانے کے بارے میں چونکہ مختلف روایتیں موجود ہیں اس لئے بہتر ہے کہ اس دن سینگی لگوانے سے بچا جائے تاوقتیکہ انتہائی مجبوری نہ ہو۔(واللہ اعلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْفَالِ وَالطِّيَرَةِ

فال نکالنے اور شگون (وغیرہ) کا بیان

''فال''ہمزہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور اکثر استعمال ابدال کے ساتھ ہے۔نہایہ میں ہے کہ''الفال''ہمزہ کے ساتھ نیک شگون اور بدشگون دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

''الطیرۃ''طاء کے کسرہ اور یاء کے فتح کے ساتھ اور کبھی یاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے، بدشگون میں استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی کبھار نیک شگون کیلئے بھی آتا ہے۔قاموس میں ہے کہ''فال''''طیرۃ'' کی ضد ہے۔مثلاً جب کوئی آدمی بیمار ہو، اور وہ کسی کو''یا سالم'' کہتا ہوا سنے یا کوئی تلاش کرنے والا کسی کو''یا واجد'' کہتے ہوئے سنے، خواہ فال اچھی ہو یا بُری ہو، دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور''طیرہ''بدشگون لینے کو کہتے ہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں' کہ قاموس سے معلوم ہوا کہ''فال''خیر کے ساتھ مختص ہے'اور کبھی کبھار اس کا استعمال شر میں بھی ہوتا ہے، اور''طیرہ'' کا استعمال صرف شر میں ہوتا ہے۔تو اصل وضع میں یہ دونوں ضد ہیں اور نہایہ سے معلوم ہوتا ہے کہ''فال'' اصل وضع میں''طیرہ'' سے عام ہے، اور بعض استعمالات میں مترادف ہیں، اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ''طیرہ''فال سے زیادہ عام ہے۔ان احادیث میں سے ایک حدیث ہے:''**لا طيرة وخيرها الفأل**''اور اس کے عموم پر اس کا ماٴخذ اشتقاق بھی دلالت کر رہا ہے، کہ ''**الطيرة**''تطیر کا مصدر ہے، کہا جاتا ہے:''**تطير طيرة**'' ''**تخير خيرة**'' کی طرح اور ان دونوں کے علاوہ مصادر اس طرز پر نہیں آتے۔

اس کی اصل وجہ تسمیہ یہ ہے کہ عرب کام کے ارادہ کرنے کے وقت پرندے یا ہرن کو برانگیختہ کرتے اور پھر ان کے بائیں یا دائیں جانب جانے سے اچھا، یا بُرا شگون لیتے۔یہ کام ان کو ان کے مقاصد سے روک دیتا تھا۔تو شریعت نے اس کی نفی کر دی، اور اس کو باطل قرار دیا، اور اس سے منع فرمایا اور بتایا کہ جلب منفعت اور دفع مضرت میں اس کی کوئی تاثیر نہیں ہے۔

شارح کہتے ہیں کہ'' طیرہ''پر عمل کرنا جائز نہیں ہے، اور'' طیرہ'' کا مطلب ہے پرندوں سے فال لینا اور بدشگون لینا اور اس بارے میں وہ کبھی اسماء کا اعتبار کرتے' کبھی آوازوں کا اور کبھی بائیں اور دائیں طرف جانے کا۔وہ پرندوں کو ان جگہوں سے اسی کیلئے برانگیختہ کرتے تھے۔''البارح''اس شکار کو کہتے ہیں جو آپ کے دائیں طرف سے بائیں طرف چلا جائے اور'' السانح''اس کا برعکس ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ''فال''اور''طیرہ''میں فرق حضرت انسؓ کی مرفوع روایت سے معلوم ہوتا ہے: قال:''**لا عدوى ولا طيرة ويعجبني الفأل**'' قالوا: وما الفأل؟ قال:''**كلمة طيبة**''۔ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: کہ بہترین بات ارشاد فرمائی' کہ پہلے''طیرہ'' کی عام نفی کی ہے، اور پھر اس کی انواع میں سے ایک خاص فرد یعنی کلمہ طیبہ کو اختیار و پسند کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

بدشگونی سے بچو

۴۵۷۶: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا طِيَرَةَ خَيْرُهَا الْفَالُ قَالُوْا وَمَا الْفَالُ قَالَ الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۱۲/۱۰ الحدیث رقم ۵۷۵۴، ومسلم فی ۱۷۴۵/۴ الحدیث رقم (۱۱۰-۲۲۲۳)، وأحمد فی المسند ۲۶۶/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ روایت ہے کہ میں سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ بدشگونی کوئی چیز نہیں اس سے بہتر تو اچھی فال ہے۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا فال کیا چیز ہے؟۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے مراد وہ اچھا کلمہ ہے جو آدمی سنے (اور مقصود پانے کی تمنا کرے)۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: لا طیرة 'خیرها الفال: أی خیر انواع الطیرة' اور یہاں طیرہ کے وہ لغوی معنی مراد ہیں جو ماخوذ اصلی سے بھی اعم ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ شگون کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور ''طیرہ'' کی بہترین قسم نیک شگون لینا ہے یعنی اچھے کلمے سے فال لینا۔ یہ ''طیر'' سے ماخوذ نہیں ہے اور شاید کہ شارح نے اسی اشکال کو رفع کے لئے یوں کہا ہے: ''ای الفال خیر من الطیرة'' (انتهی) جس کا مطلب ہے کہ فال محض خیر ہے، جیسا کہ طیرہ محض شر ہے۔ پس یہ ترکیب ''العسل احلی من الخل'' اور ''الشتاء ابرد من الصیف'' کے قبیل سے ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''خیرها'' کی ضمیر ''الطیرة'' کی طرف راجع ہے اور یہ بات معلوم ہی ہے کہ ''طیرہ'' میں کوئی خیر نہیں ہے۔ تو یہ اس آیت: ﴿اصحاب الجنة یومئذ خیر مستقرًا﴾ [الفرقان: ٢٤] کی طرح ہے۔ یا یہ عرب کے گمان پر مبنی ہے۔ یا یہ ''الصیف احر من الشتاء'' کے قبیل سے ہے۔ یعنی فال اپنے باب میں زیادہ بلیغ ہے، طیرہ کے اپنے باب میں ہونے سے۔

قوله: وما الفال؟ الکلمة الصالحة: یہ سوال اس لئے پیدا ہوا کہ ان کے دلوں میں طیرہ کا مفہوم عام تھا، جو کہ بدشگون اور فال دونوں کو شامل تھا۔ جو ان میں متعارف تھا۔ تو آپ نے بتایا کہ یہ ایک خاص قسم ہے جو عرف عام سے خارج ہے اور خواص الانام کے ہاں معتبر ہے اور وہ اچھا کلمہ ہے کہ اس سے اچھی فال لی جائے۔ جیسے گمشدہ چیز کو تلاش کرنے والا ''یا واجد'' تاجر ''یا رازق'' سفر کرنے والا ''یا سالم'' اپنی ضرورت سے نکلنے والا شخص ''یا نجیح'' مجاہد ''یا منصور'' حج کرنے والا ''یا مبرور'' اور زیارت کرنے والا ''یا مقبول'' سنے اور انھی طرح کے دیگر الفاظ۔ یہ جملہ مستانفہ مبینہ ہے یا حالیہ ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ فال کی اجازت اور ''طیرہ'' سے ممانعت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے وہ چیز اس کو اس کی حاجت کی طلب پر ابھارے تو وہ شخص وہ کام کرے اور جب وہ اس کے بعد بدشگون دیکھے اور وہ اس کو اس کے کام سے روکے، تو اس کو قبول کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ وہ اپنے کام کو جاری رکھے۔ پس جب اس نے اس کو قبول کر لیا اور کام سے منع ہو گیا،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو یہ ''طیرہ'' ہے۔ کیونکہ ''طیرہ'' کا استعمال بدشگونی کے ساتھ خاص ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿انا تطيرنا بكم﴾ أی تشاء منا فرمایا: ﴿طائر كم معكم﴾ [یٰس:۔١٩] ای بسبب شؤمكم۔

بدفالی وہامہ بے حقیقت ہے

٤٥٧٧: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَاطِيَرَةَ وَلَاهَامَّةَ وَلَا صَفَرَ وَفِرَّ مِنَ الْمَجْزُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/١٥٨ الحدیث رقم ٥٧٠٧، وأحمد فی المسند ٢/٤٤٣۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیماری میں تعدیہ بدشگونی، ہامہ اور صفر اس کی کچھ حقیقت نہیں۔ البتہ کوڑھی سے اس طرح بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔

تشریح: قوله: عدوٰی: عین کے فتحہ' دال کے سکون اور واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ قاموس میں اس کا معنیٰ ''فساد'' لکھا ہے۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''عدوٰی'' سے مراد یہاں بیماری کا ایک سے دوسرے کی طرف منتقل ہونا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے:''اعدى فلان من فلان من خلقه او من غرته''.

قوله: ولا طيرة: نفی بمعنیٰ نہی کے ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے اس فرمانِ گرامی: ﴿لا ريب فيه﴾ [البقرة:٢] میں ایک توجیہ یہی ہے۔

قوله: ولا هامة): اصول معتمدہ اور تصحیح شدہ نسخوں میں تخفیف میم کے ساتھ ہے

فر): فاء کے کسرہ اور راء مشددہ کے فتحہ کے ساتھ ہے، اور راء پر کسرہ بھی جائز ہے، یعنی مبالغہ کی حد تک اجتناب واحتراز کرو مجزوم سے

المجذوم: جلد پھٹنے اور گوشت گرنے کو کہتے ہیں۔ ''جذام'': جیم کے ضمہ کے ساتھ گرنے کو کہتے ہیں، اور فعل اس سے ''جذم'' مبنی للمفعول آتا ہے۔

(لا عدوٰی): علماء نے لکھا ہے کہ یہ سرایت سات بیماریوں میں ہوتی ہے:

① جذام۔ ② جرب (خارش)۔ ③ جدری (چیچک۔ ④ حصبہ (آبلے)۔ ⑤ کور (گندہ دھنی)۔ ⑥ رمد۔ ⑦ وبائی امراض۔

حدیث کے مطلب میں علماء کا اختلاف ہے۔

① بعض کہتے ہیں کہ حدیث کا مطلب بیماریوں کے منتقل ہونے کی نفی اور ابطال ہے، جیسا کہ حدیث کا ظاہر اس پر دلالت کررہا ہے۔ علماء کی اکثریت کی یہی رائے ہے۔

بعض کا کہنا ہے کہ اس حدیث سے ابطال مراد نہیں ہے۔ کیونکہ آپ نے فرمایا: فرمن المجذوم فرارك من الأسد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقال لایوردن ذوعاهة علی مصح تم جذامی سے اس طرح بھاگو، جس طرح شیر سے بھاگتے ہو' اور فرمایا کہ بیمار اونٹوں کو تندرست اونٹوں کے پاس نہ لیکر جاؤ۔ اس حدیث سے آپ کی مراد اصحاب طبیعہ کے اعتقاد کی نفی ہے، کہ وہ سرایت کرنے والی بیماریوں کو لامحالہ مؤثر مانتے تھے تو آپ نے اس خیال کو باطل قرار دیا اور ان کو بتادیا کہ حقیقت یہ نہیں ہے، جو تم سمجھ رہے ہو، بلکہ اس کا تعلق اللہ کی مشیت پر منحصر ہے، اگر وہ چاہے تو ہوتا ہے، نہیں چاہتا تو نہیں ہوتا۔ اسی معنیٰ کی طرف آپ کے اس قول میں اشارہ ہے: "فمن اعدی الاول" پہلے کو کس نے بیمار کیا؟ یعنی اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ بیماری کا سبب صرف بیماری کا منتقل ہونا ہی ہے تو پھر پہلے والے کو کس نے بیمار کیا؟ اور "فر من المجذوم" اور "لا یوردن ذوعاهة علی مصح" سے بیان کردیا کہ ان بیماریوں میں مبتلا کے قریب رہنا بھی کبھی بیماری کا سبب بن جاتا ہے۔ پس اس سے بچا جائے جیسا کہ وہ دیوار جو گرنے کے قریب ہو یا وہ کشتی جو خراب ہو اس سے بچا جاتا ہے۔

فریق اول نے فریق ثانی پر مذکورہ دونوں حدیثوں سے استدلال کرنے پر ردّ کیا ہے۔ کہ ان دونوں حدیثوں میں جو ممانعت ہے، وہ اس ڈر سے ہے کہ کہیں اس آدمی کو خود بیماری لاحق ہو جائے یا اس کے اونٹوں کو بیماری لگ جائے، تو یہ سمجھے گا کہ عدویٰ یعنی بیماریوں کا سرایت کرنا حق ہے۔ (حالانکہ یہ عقیدہ غلط ہے۔)

یہ تأویل حافظ عسقلانیؒ نے شرح نخبہ میں اختیار کی ہے اور میں نے شرح نخبہ کی شرح میں اس پر تفصیل سے بحث کی ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس تأویل پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے، کہ حضور نے بیعت کے وقت جذام والے آدمی سے اجتناب کیا، اور یہ بھی کہ منصب نبوت سے یہ بات بعید ہے، کہ وہ جو بیماریوں کے سرایت کرنے کے گمان کو ختم کرنے کیلئے ایسا کلام کرے کہ جس میں سرایت کرنے کا گمان پیدا ہو۔ کیونکہ اجتناب کرنے کا حکم زیادہ واضح ہے' بہ نسبت اس بات کا دروازہ کھولنے کے کہ سرایت کرنے کو بالطبع تاثیر حاصل ہے۔

پس بہر تقدیر حدیث بیماریوں کے سرایت کرنے کی بالکل نفی نہیں کرتی واللہ اعلم۔

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دونوں تاویلات میں سے دوسری تاویل میرے نزدیک زیادہ اولیٰ ہے۔ کیونکہ اس سے احادیث میں تطبیق ہو جاتی ہے اور اس وجہ سے بھی اولیٰ ہے، کہ فریق اول کا قول اصول طیبہ کو معطل کردیتا ہے، اور شریعت میں اصول طیبہ کا معطل ہونا منقول نہیں ہے بلکہ ان کا اثبات منقول ہے، اور اس کا معتبر ہونا اس طریقے پر جو ہم نے ذکر کیا، منقول ہے۔

باقی انہوں نے جو قرائن منسوقہ سے استدلال کیا ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے پایا کہ شارع نے ممانعت میں ان چیزوں کو جمع کردیا ہے' جو حرام ہیں، اور وہ جو مکروہ ہیں، اور وہ جو ایک وجہ سے ممنوع ہے، اور وہ جو کئی وجوہ سے ممنوع ہے اور اس پر کی صحت پر وہ روایت دلالت کررہی ہے، جو ہم نے ذکر کی کہ آپ نے بیعت کے وقت مجذوم سے فرمایا تھا: "قد بايعناك فارجع" ہم آپ سے بیعت لے چکے ہیں لہٰذا آپ واپس چلے جائیں۔ یہ شرید بن سوید الثقفی کی حدیث میں مذکور ہے اور اس طرح آپ کا ارشاد اس جذامی کو جس کا ہاتھ آپ نے پکڑ کر اپنے ساتھ رکابی میں رکھا یہ فرماتے ہوئے: "كل ثقة بالله وتوكلا عليه" کھایئے اللہ پر بھروسہ اور توکل کے ساتھ۔ ان دونوں حدیثوں کو جمع کرنے کا کوئی طریقہ نہیں ہے سوائے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے جو ہم نے ذکر کیا، کہ اول میں اسباب ہلاکت سے اجتناب کا حکم ہے، ثانی میں توکل علی اللہ کا حکم ہے۔ (انتھی) یہ بہترین تطبیق ہے جو غایت تحقیق پر مشتمل ہے۔ واللہ ولی التوفیق

"ھامة": ایک پرندے کا نام ہے جس سے لوگ بدشگون لیتے ہیں۔ اس کو عربی میں "صدی" کہتے ہیں۔ یہ ایک بڑا پرندہ ہے، دن کے وقت اس کو صحیح نظر نہیں آتا، اور رات کے وقت اڑتا رہتا ہے اور آوازیں نکالتا ہے اور ویران جگہوں میں رہتا ہے۔ اس کو "بوم" یعنی اُلو کہا جاتا ہے اور بعض نے کہا اس کو "کوف" کہتے ہیں۔ عرب کے خیال میں میت کی ہڈیاں جب بوسیدہ اور معدوم ہو جاتی ہیں، تو اس سے ایک جانو "رھامہ" بنتا ہے، وہ قبر سے نکلتا ہے، اور اِدھر اُدھر گھومتا ہے، اور میت کے گھر والوں کی خبریں لاتا ہے۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ مقتول جس کا بدلہ نہ لیا گیا ہو، اس کی روح جانور کا روپ دھار لیتی ہے، اور کہتی ہے مجھے پانی دو، مجھے پانی دو۔ اگر اس کا بدلہ لے لیا جاتا ہے، تو یہ اڑ جاتا ہے۔ تو آپ نے اس اعتقاد کو باطل قرار دیا۔

ابوداؤدؒ نے سنن میں روایت کیا ہے، کہ بقیہ کہتے ہیں، میں نے محمد بن راشد سے "لا ھامة" کے بارے میں سوال کیا، تو انہوں نے کہا کہ زمانہ جاہلیت کے لوگ کہتے تھے، جو بھی شخص مر کر دفن ہو جاتا ہے، تو اس کی قبر سے "ھامہ" پرندہ نکلتا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ "ھامہ" میم کی تخفیف کے ساتھ مشہور ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ میم مشدد ہے۔ "لا ھامة" کی دو تفسیریں ہیں:

ایک یہ ہے کہ عرب اس سے بدشگون لیتے تھے، یہ رات کے پرندوں میں سے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد "اُلو" ہے، جب کسی کے گھر پر بیٹھ کر بولتا، تو اس آدمی کی یا گھر والوں میں کسی کی موت کی خبر سمجھی جاتی تھی۔ یہ مالک ابن انسؒ کی تفسیر ہے۔

دوسری تفسیر یہ ہے کہ عرب کا خیال تھا کہ میت کی ہڈیاں یا اس کی روح "ھامہ" پرندہ بن کر اڑ جاتی ہے۔ یہ اکثر علماء کی تفسیر ہے، اور یہی مشہور ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے، کہ دونوں تفسیریں ہوں کیونکہ یہ دونوں خیال باطل ہیں۔

قوله: ولا صفر: شارح کہتے ہیں کہ عرب کا خیال تھا کہ ہر انسان کے پیٹ میں ایک سانپ ہوتا ہے، جسے "صفر" کہتے ہیں۔ بھوک کے وقت خالی پیٹ کاٹتا ہے، یعنی بھوک کے وقت جو تکلیف ہوتی ہے، اس کا سبب یہی ہے۔

ابوداؤدؒ نے اپنی سنن میں لکھا ہے، کہ بقیہ کہتے ہیں کہ میں نے محمد بن راشد سے "صفر" کے بارے میں پوچھا؟ تو انہوں نے کہا کہ عرب ماہ صفر کے آنے سے بدشگون لیتے تھے۔ تو نبی نے فرمایا: "لا صفر"۔ (یعنی یہ خیال باطل ہے)۔

(محمد بن راشد) کہتے ہیں کہ میں نے سنا ہے کہ بعض کہتے ہیں کہ "صفر" پیٹ کا درد ہے، جس کے بارے میں عرب کا خیال تھا کہ یہ متعدی بیماری ہے۔

ابوداؤدؒ کہتے ہیں کہ: امام مالکؒ نے فرمایا کہ عرب ایک سال ماہ صفر کو حلال کرتے اور ایک سال حرام ٹھہراتے ہے، تو اس لئے آپ نے فرمایا: "لا صفر"۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ بعض نے کہا ہے کہ عرب کا یہ عقیدہ تھا، کہ پیٹ میں ایک سانپ ہوتا ہے، جو بھوک کے وقت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھڑک اٹھتا ہے اور کبھی وہ آدمی کو مار دیتا ہے، اور یہ خارش سے زیادہ متعدی بیماری ہے، اور یہی تفسیر صحیح ہے، مطرف ابن عبید وغیرہ نے بھی یہی تفسیر کی ہے اور مسلم نے جابر بن عبداللہ سے بھی یہی روایت کیا ہے، پس اس تفسیر کا معتمد ہونا متعین ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ تمام تفسیریں درست ہیں، کیونکہ یہ سب باطل خیالات ہیں، جیسا کہ سابق میں اس کی نظیر گزری۔

قاضیؒ فرماتے ہیں ہوسکتا ہے کہ یہ اس اعتقاد کی نفی ہو کہ ماہ صفر میں حوادث اور فتن زیادہ واقع ہوتے ہیں۔

قوله: وفرمن المجذوم كما تفر من الاسد: پہلے گزرا کہ یہ اجازت ضعفاء کیلئے ہے (یعنی جن کا اعتقاد کمزور ہو) اور اقویاء (یعنی جن کا اعتقاد قوی ہو) کیلئے ترک رخصت پر عمل کرنا جائز ہے۔ اس بنیاد پر کہ جذام منتقل ہونے والی بیماریوں میں سے ہے۔ اللہ کے حکم سے یہ متعدی ہوتا ہے، تو اس سے نقصان ہو جاتا ہے اور ''**لا عدوٰی**'' میں زمانہ جاہلیت کے اس اعتقاد کی نفی ہے، کہ مرض اپنی طبع کی وجہ سے منتقل ہوتا ہے، نہ کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے فعل سے اور شاید ''مجذوم'' کی تخصیص اس لئے کی کہ سرایت کرنے والی بیماریوں میں سب سے زیادہ تاثیر والی بیماری ہے اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو ابن عدی نے ابن عمرؓ سے مرفوع نقل کی ہے: ''**ان كان شيء من الداء يعدى فهو هذا يعنى الجذام**'' یعنی اگر کوئی بیماری سرایت کرتی ہے، تو وہ یہ یعنی جذام ہے۔

توضیح: ''**رواه البخاری**'' یعنی یہ حدیث کامل طور پر بخاری نے روایت کی ہے۔ ورنہ تو ''**لا عدوٰى ولا صفر ولا هامة**'' کے الفاظ امام احمد، شیخین اور ابوداؤدؒ نے ابوہریرہ سے اور احمد اور مسلم نے سائب بن یزید سے روایت کئے ہیں۔

پہلے اُونٹ کو خارشی کس نے بنایا؟

۴۵۷۸: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَدْوٰى وَلَاهَامَّةَ وَلَاصَفَرَ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَابَالُ الْإِبِلِ تَكُوْنُ فِي الرَّمْلِ لَكَاَنَّهَا الظِّبَآءُ فَيُخَالِطُهَا الْبَعِيْرُ الْاَجْرَبُ فَيُجْرِبُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/٢٤١ الحديث رقم ٥٧٧٠، ومسلم فی ٤/١٢٤٢ الحديث رقم (١٠١-٢٢٢٠، وأبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣١ الحديث رقم ٣٩١١، وأحمد فی المسند ٤/٢٣٢ الحديث رقم ٣٩١٢۔

ترجمه: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی بیماری کا خود بخود دوسرے کو لگنا اور ھامہ اور صفر اس کی کچھ حقیقت نہیں ایک دیہاتی کہنے لگا یا رسول اللہ ﷺ پھر اس اونٹوں سے متعلق کیا کہا جائے گا جو ریگستان میں ہرن کی مانند دوڑتے پھرتے ہیں پھر جب کوئی خارشی اونٹ اس میں مل جاتا ہے تو اوروں کو بھی خارشی کر دیتا ہے۔ تو جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلے اونٹ کو کسی سے خارشی بنایا۔ وہ بھی اسی کے حکم سے ہوا (اور دوسرے اونٹوں کا خارشی ہو جانا بھی تقدیر الٰہی سے ہوتا ہے۔) یہ بخاری کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: الظباء: ظاء کے کسرہ کے ساتھ ''ظبی'' کی جمع ہے۔

تکون فی الرمل: ''فی الرمل'' تکون کی خبر ہے۔

لکانها الظباء: خبر کی ضمیر سے حال ہے۔ یہ معنیٰ ''تفاوت'' کی تتمیم کے لئے ہے' چونکہ وہ جب مٹی میں ہوتے ہیں تو بعض مرتبہ اس میں سے کوئی چیز ان (کے جسم) کو لگ جاتی ہے' الأجرب: خارش زدہ اونٹ فیجر بها: ''اجراب'' مصدر سے ہے' فمن أعدی الأول: (یہاں شرط مقدر ہے۔) ای ان کان جربها حصل بالاء عداء فمن أعدی البعیر الاول

مطلب یہ ہے کہ پہلے اونٹوں تک یہ بیماری کس نے پہنچائی، وہ بھی اللہ کے حکم سے ہوا تھا، اور دوسرے اونٹوں کا خارش ہو جانا بھی تقدیر الٰہی سے ہے پس ہر چیز اللہ کے قضا وقدر کے تابع ہے اول امر میں بھی اور آخر میں بھی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''من'' استعمال فرمایا' جب کہ بظاہر ''ما'' استعمال کرتے ہوئے ''فیما أعدی الأول' ارشاد فرمانا چاہئے تھا مگر یہ عدول جواب کی رعایت کے پیش نظر اختیار فرمایا۔ ای اللہ تعالیٰ أعدی لا غیرہ۔ ''اعدیٰ'' کو مشاکلت اور ازدواج کیلئے ذکر کیا ہے۔ جیسا کہ ''کما تدین تدان' میں ہے۔ یعنی گویا ظاہر میں'' فمن اعطی تلك العلة؟'' کہنا چاہیئے تھا۔

تخریج: جامع میں ہے کہ ''فمن اعدٰی الاول'' کو شیخین اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

انواء کا بارش میں کچھ دخل نہیں

۴۵۷۹: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَدْوٰی وَلَاهَامَّةَ وَلَا نَوْءَ وَلَاصَفَرَ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۷۴۴/۴ الحدیث رقم (۱۰۶۔۲۲۲۰)، وأبو داوٗد فی السنن ۲۳۲/۴ الحدیث رقم ۳۹۱۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے ہی روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس چیزوں میں کچھ حقیقت نہیں۔ ① بیماری کا متعدی ہونا۔ ② مردہ کی کھوپڑی سے الو کا نکلنا۔ ③ چاند کی منازل کا بارش میں علت ہونا۔ ④ صفر کا نحوست والا ہونا۔

تشریح: نوء: نون کے فتحہ اور واؤ کے سکون کے ساتھ ہے۔

''نوء'' کہتے ہیں ایک ستارے کا غروب ہونا اور اس کے مقابلہ میں دوسرے کا طلوع ہونا، جن میں سے ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں ہو، اہل عرب کا اعتقاد تھا کہ ستارہ کے طلوع یا غروب کے وقت بارش یا ہوا کا ہونا ضروری ہے۔ تو نبی نے اس کے صحیح ہونے کی نفی فرمادی۔

ایک شارح کہتے ہیں کہ'' نوء '' کا مطلب ہے منازل چاند میں سے ایک ستارے کا طلوع فجر کے ساتھ غائب ہونا اور یہ کل اٹھائیس (۲۸) ستارے ہیں، ہر تیرہ (۱۳) راتوں میں ایک ستارہ مغرب میں غائب ہوتا ہے، اور اسی وقت اس کے مقابل میں دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہایہ میں ہے کہ ''نوء'' کی جمع ''انواء'' ہے۔''انواء'' چاند کی منازل کو کہتے ہیں عرب بارش برسنے کی نسبت کرتے تھے کہ چاند کی ہر منزل میں بارش برسے گی۔ پس وہ کہا کرتے تھے ''مطرنا بنوء کذا'' ''نوءٗ'' کو ''نوءٗ'' اسی وجہ سے کہتے ہیں جب ایک مغرب میں غروب ہوتا ہے، تو دوسرا مشرق میں اور طلوع ہوتا ہے۔ یہ ناء ینوء نوءا بمعنی نہض میطلع سے ماخوذ ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ''نوء'' سے مراد غروب ہے اور یہ لفظ اضداد میں سے ہے۔ ابوعبید کہتے ہیں کہ لفظ ''نوء'' غروب کے معنی میں صرف یہیں مسموع ہے۔

اور نبی نے ''انواء'' کے معاملے کو سختی سے ردّ اس لئے کیا کہ عرب بارش کی نسبت اس کی طرف کیا کرتے تھے۔ پس جو بارش برسنے کو اللہ کا فعل سمجھے، اور ''مطر بنوء کذا'' سے اس کی مراد فی وقت کذا ''یعنی بارش برسنے کا وقت فلاں ستارہ ہے، تو یہ جائز ہے۔ یعنی اللہ نے یہ عادت جاری کی ہے کہ بارش ان اوقات میں برسے۔ (ذکرہ الطیبی)

زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ نہی مطلقاً فساد اعتقاد کے مادے کو ختم کرنے کیلئے ہے، اور اس کے جواز پر کوئی دلیل منقول نہیں ہے، لہٰذا حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ تم ''مطرنا بنوء کذا'' نہ کہو، بلکہ کہو ''مطرنا بفضل اللّٰہ'' کہ ہم پر اللہ کے فضل سے بارش برسی۔

بھوت پریت کی کچھ حقیقت نہیں

۴۵۸۰: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاعَدْوٰى وَلَا صَفَرَ وَلَا غَوْلَ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ١٧٤٤/٤ الحديث رقم (١٠٧ ٢٢٢٢)، وأبو داوٗد فى السنن ٢٣٣/٤ الحديث رقم ٣٩١٣ وأحمد فى المسند ٣١٢/٣۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تین باتوں کی کچھ حقیقت نہیں: (۱) مرض کا متعدی ہونا۔ (۲) صفر کا نحوست والا ہونا۔ (۳) بھوت پریت کا ہونا۔ (مسلم)

تشریح: قولہ: لاعدوی ولا صفر: اس کی تشریح ماقبل میں گذر چکی ہے، وہاں ملاحظہ فرمائیے۔

الغول: ضمہ کے ساتھ ہے۔ ایک شارح کہتے ہیں کہ ''الغول'' فتح کے ساتھ مصدر ہے، اور اس کا معنی ''البعد والاھلاك'' (دوری اور ہلاک کرنے) کے ہیں کہ ''غول'' غیلان کا واحد ہے۔ یہ شیطان اور جنوں کی ایک قسم ہے اور غین کے ضمہ کے ساتھ اسم ہے، یہ بھوت کی قسم ہے۔ نہایہ میں ہے: ان الغول أحد الغيان، وهى جنس من الجن والشياطين كانت العرب تزعم أن الغول فى الفلاة تراء ى للناس أى فتتغول تغولا أى تتلون فى صورشتى وتغولهم أى تضلهم عن الطريق وتهلكهم، فنغاه النبى ﷺ۔

عرب گمان کرتے تھے کہ ''غول'' جنگل میں ہوتے ہیں اور طرح طرح کی شکلوں میں انسانوں کے سامنے ظاہر ہوتے ہیں، لوگوں کو راہ بھلا دیتے ہیں، اور ان کو ہلاک بھی کر دیتے ہیں۔ پس آپ نے ان کے اس خیال کی تردید فرما دی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض علماء کے نزدیک آپ ﷺ کی نفی کا تعلق غول کے وجود سے نہیں ہے۔ بلکہ اس میں عرب کے خیال کا ابطال ہے، کہ وہ طرح طرح کی شکلیں اختیار کرتے ہیں، اور لوگوں کو ہلاک کرتے ہیں، چنانچہ حدیث کا مطلب یہ ہوگا، کہ وہ کسی کو راہ بھلا دینے کی طاقت وقدرت نہیں رکھتے، اور اس کی مؤید دوسری حدیث ہے، جس میں ہے: "**لا غول ولکن السعالی**". اور "سعالیٰ" جادوگر جنات ہیں، مطلب یہ ہے کہ جنات میں بعض جادوگر ہیں، جو تلبس اور تخیل پیدا کرتے ہیں اور حدیث میں ہے: "**اذا تغولت الغیلان فبادرو اباالأہ ذان**" یعنی ان کے شر کو اللہ کے ذکر کے ساتھ دفع کرو، تو یہ احادیث غول کے وجود پر دلالت کر رہی ہیں، نہ کہ ان کے عدم پر اور ابو ایوب کی یہ حدیث بھی اسی سلسلہ کی ہے: "**کان لی ثمرة فی سهوة، فکانت الغول تجیء فتأخذ**".

شرح تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ امام طحاوی فرماتے ہیں کہ اس میں یہ بھی احتمال ہے، کہ "غول" کسی زمانے میں ہوتے ہوں، پھر اللہ نے ان کو اٹھالیا ہو اور بعض علماء سے منقول ہے، کہ یہ احتمال کوئی بعید نہیں ہے، کیونکہ اس میں یہ احتمال ہے کہ یہ آپ کی بعثت کی خصوصیات میں سے ہو اور اس کی نظیر شیاطین کو شہاب ثاقب کے ذریعے فرشتوں کا کلام سننے سے منع کرنا ہے۔ میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں کہ (یہ) معاملہ ایسا نہیں جو قیاس سے ثابت ہو سکے یا احتمال سے ثابت ہو سکے۔ واللہ اعلم بالحال

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "لا" جو نفی جنس کیلئے آتا ہے، ان مذکورہ چیزوں پر داخل ہوتا ہے، اور ان کی ذات کی نفی کی ہے، حالانکہ ان کی ذات کی نفی نہیں ہے۔ پس یہ نفی ان کے اوصاف اور احوال کی ہے، جو شرع کے مخالف ہیں، کیونکہ عدویٰ، صفر، نوء، ھامۃ، موجود ہے، نفی زمانہ جاہلیت کے خیالات اور گمان کی ہے۔ کیونکہ نفی صفات کے ارادے سے ذات کی نفی ابلغ ہوتی ہے۔ اس لئے کہ یہ کنایہ کے باب سے ہے اور اسی کے قریب اللہ کا یہ ارشاد ہے: ﴿**فلا تموتن الا وانتم مسلمون**﴾ [البقرۃ: ۱۳۲] اس میں لوگوں کو مرنے سے منع کیا ہے، جو کہ ان کی قدرت میں نہیں ہے۔ پس "منہی" وہ حالت ہے کہ جب موت ان کو آئے اور وہ اس حالت پر نہ ہوں، اور وہ ان کا ملت اسلام کے علاوہ پر ہونا ہے۔ پس اس حدیث کا صحیح مطلب وہی ہے جو صاحب نہایہ اور تورپشتی نے اختیار کیا ہے۔

کوڑھی کو لوٹنے کا حکم

۴۵۸۱: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ فِيْ وَفْدِ ثَقِيْفَ رَجُلٌ مَجْذُوْمٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۷۵۲/٤ الحدیث رقم (۱۲٦-۲۲۳۱)، والنسائی ف۱۵۰/۷ الحدیث رقم ٤۱۸۲، وابن ماجه فی ۱۱۷۲/۲، الحدیث رقم ۳۵٤٤، وأحمد فی المسند ۳۸۹/٤۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ثقیف کے وفد میں ایک کوڑھ (کے مرض میں مبتلا) شخص تھا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے اسے پیغام بھیجا ہم نے تمہیں بیعت کر لیا ہے پس تم لوٹ جاؤ۔ (مسلم)

تشریح: **ثقیف**: ثاء کے فتحہ ~~اسقلف~~ کے کسرہ کے ساتھ ایک مشہور قبیلہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: فأرسل الیہ النبی ﷺ أنا: (تقدیری عبارت یوں ہے:) أی بأنا أو قائلاً أنا

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ یہ آپ کی طرف سے رخصت کی طرف راہنمائی ہے، جو لوگ درجہ توکل تک نہیں پہنچے وہ اسباب کی رعایت کریں۔ کیونکہ موجودات میں سے ہر چیز کی ایک خاصیت اور اثر ہے، جو اللہ جل شانہ نے اس میں رکھی ہے۔

الفصل الثانی:

اچھے نام سے اچھا گمان

۴۵۸۲: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَفَاءَلُ وَلَا يَتَطَيَّرُ وَكَانَ يُحِبُّ الْاِسْمَ الْحَسَنَ۔ (رواہ فی شرح السنۃ)

أخرجہ أحمد فی المسند ۱/۲۵۷۔

ترجمہ: حضرت عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ اچھی فال لیا کرتے تھے اور شگون نہ لیتے اور اچھا نام پسند فرماتے۔ یہ شرح السنہ کی روایت ہے۔

تشریح: یتفاء ل: باب تفاعل سے ہے، اور ایک نسخہ میں باب تفعّل سے ہے۔ اِی یطلب الفال الحسن ویتبعہ

قولہ: وکان یحب الاسم الحسن: اس کا مفہوم مخالف تو یہ ہے کہ آپ برے نام کو ناپسند کرتے تھے، اور اس سے بدشگونی لیتے تھے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے چونکہ ''ولا یتطیر'' میں عموم ہے۔ ہاں آپ برے نام کو اچھے نام سے تبدیل کرتے، جیسا کہ بہت سارے ناموں کو آپ نے تبدیل کیا ہے۔ اس سے امام طیبیؒ کے اس قول کا ضعف بھی واضح ہو جاتا ہے: یہ نبی کریم ﷺ کے تفاؤل کا بیان ہے' چونکہ نبی کریم ﷺ اس سے تجاوز نہیں کرتے تھے' اور اس پر حضرت انسؓ اور حضرت بریدہ کی حدیث دلالت کرتی ہے' جیسا کہ عنقریب آئے گا۔ میں (ملا علی قاری) کہا ہوں اس پر بھی کلام عنقریب آئے گا۔

تخریج: گویا مؤلف کو یہ علم نہ ہو سکا، کہ اس حدیث کو امام احمد نے مسند میں سند حسن کے ساتھ ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے۔

تین مشرکانہ رسوم

۴۵۸۳: وَعَنْ قَطَنِ بْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقِيَافَةُ وَالطَّرْقُ وَالطِّيَرَةُ مِنَ الْجِبْتِ۔ (رواہ ابوداود)

أخرجہ أبو داوٗد فی السنن ۴/۲۲۸ الحدیث رقم ۳۹۰۷ وأحمد فی المسند ۳/۴۷۷۔

ترجمہ: حضرت قطن بن قبیصہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

① بلاشبہ پرندے اُڑانا۔ ② کنکر کو پھینکنا۔ ۳: شگونِ بد لینا مشرکانہ کام ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راویانِ حدیث:

قبیصہ بن مخارق۔ یہ قبیصہ ہیں۔ مخارق کے بیٹے ہیں۔ خاندان کے اعتبار سے بنو ہلال میں سے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کا شمار اہل بصرہ میں ہوتا ہے۔ ان سے ان کے بیٹے قطن کے علاوہ ابو عثمان نہدی وغیرہ نے بھی روایت کی ہے۔ ''قبیصہ'' قاف کے فتحہ اور یائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''مخارق'' میں میم پر ضمہ، خاء معجمہ، راء اور قاف ہیں۔

قطن بن قبیصۃ۔ ان کا نام ''قطن'' ہے۔ یہ قبیصہ کے بیٹے ہیں۔ بنو ہلال میں سے ہیں۔ ان کا شمار اہل بصرہ میں ہوتا ہے اپنے والد سے حدیث کی روایت کی۔ ان سے حیان بن علاء روایت کرتے ہیں۔ قطن معزز آدمی تھے۔ ''سجستان'' کے حاکم مقرر ہوئے۔

تشریح: ''قطن'' میں قاف اور طاء دونوں پر فتحہ اور آخر میں نون ہے۔ ''قبیصہ'' میں قاف پر فتحہ اور بائے معجمہ پر کسرہ ہے۔

''العیافۃ'': عین کے کسرے کے ساتھ۔

''الطرق'': طاء کے فتحہ اور راء کے سکون کے ساتھ۔

پرندے اڑانا، اور فال لینا، اس میں جانوروں کے ناموں کا اعتبار کیا جاتا ہے۔ جیسے ''عقاب'' کے ذریعے ''عقوبت'' اور ''غراب'' کے ذریعے ''غربت'' اور ''ہدہد'' کے ذریعے ''ہدایت'' کی فال لی جاتی ہے۔

عیافہ اور طیرہ میں فرق یہ ہے کہ طیرہ پرندوں سے فال لینے کو کہتے ہیں اور کبھی جانداروں میں سے پرندے وغیرہ سے فال لی جاتی ہے۔ نہایہ میں ہے ''عیافہ'' کا مطلب پرندے کو ڈانٹنا ہے، اور اس کے نام اس کے اڑنے اور اس کے گزرنے سے فال لینا ہے۔ یہ عرب کی عادت ہے اور اس کا ذکر ان کے اشعار میں بہت زیادہ ملتا ہے اور بنو اسد قبیلہ ''عیافہ'' میں مشہور ہے' یہ اس قبیلہ کا مشہور وصف تھا۔

''طرق'' کنکریاں مارنے کو کہتے ہیں۔ یہ عورتوں کی عادت تھی۔ بعض کے نزدیک ''طرق'' کا مطلب ہے ریت پر خط کھینچنا ہے۔ (کذا فی النہایۃ) اور صاحب ''فائق'' نے اول تعریف پر اکتفاء کیا ہے اور اس کی تائید میں ''لبید'' کا یہ شعر پیش کیا ہے:

لعمرك ما تدری الطوارق بالحصی
ولا زاجرات الطیر ما اللّٰہ صانع

تیری عمر کی قسم کہ آپ کنکریاں مارنے والی اور پرندوں کو ڈانٹنے والیوں کو نہیں جانتے کہ اللہ کیا کرنے والا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ یہ کہانت کی ایک قسم ہے۔

''جبت'' کے معنیٰ سحر اور کہانت کے ہیں، (الفائق) بعض نے کہا ہے کہ ہر وہ غیر اللہ جس کی عبادت کی جائے۔ پس مطلب یہ ہے کہ یہ شرک سے پیدا ہوا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ''جبت'' جادوگر کو کہتے ہیں اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ ''جبت'' شیطان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو کہتے ہیں اور مطلب یہ ہے کہ یہ شیطان کے کاموں میں سے ہے۔

بدفالی مشرک کی ایک عادت ہے

۴۵۸۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ قَالَهٗ ثَلٰثًا وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهٗ بِالتَّوَكُّلِ (رواه ابوداود والترمذى وقال سمعت محمد بن اسمعيل يقول كان سليمان بن حرب يقول فى هذا الحديث) وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهٗ بِالتَّوَكُّلِ هٰذَا عِنْدِىْ قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ۔ (ابوداود والترمذى)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٤/٢٣٠ الحديث رقم ٣٩١٠، والترمذى فى ٤/١٣٧ الحديث رقم ١٦١٤، وابن ماجه فى ٢/١١٧٠ الحديث رقم ٣٥٣٨، وأحمد فى المسند ١/١٢٨۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ بدفالی شرک ہے اور یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمائی اور ہم میں سے ہر ایک کے دل میں (وسوسے کی حد تک) یہ بات آتی ہے مگر اللہ تعالیٰ پر توکل اس کا ازالہ کر دیتا ہے۔ یہ ابوداؤد، ترمذی کی روایت ہے۔ امام بخاری کہتے ہیں کہ سلیمان بن حرب اس کے متعلق فرماتے کہ یہ ابن مسعودؓ کا کلام ہے۔

تشریح: **قوله: الطيرة شرك:** طیرہ کو شرک قرار دیا چونکہ ان کا اعتقاد تھا کہ طیرہ میں جلب منفعت اور ان سے دفع ضرر ہے۔ چنانچہ جب وہ اس کے موجب پر عمل کریں گے تو گویا کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ شرک کی اسی معاملہ میں، اور اس کو شرک خفی کہا جاتا ہے اور ایک شارح یوں فرماتے ہیں یعنی جس کا اعتقاد یہ ہو کہ اللہ کے علاوہ کوئی چیز مستقل طور پر نفع نقصان دیتی ہے تو اس نے شرک یعنی شرک جلی کا ارتکاب کیا۔ قاضیؒ فرماتے ہیں اس کو شرک کا نام اس لئے دیا کہ وہ جس چیز سے بدفالی لیتے تھے اس کو حصول مکروہ میں سب مؤثر سمجھتے تھے، اور ملاحظہ اسباب فی الجملہ شرک خفی ہے، اور جب اس کے ساتھ جہالت وسوء اعتقاد بھی شامل ہو تو پھر کیا عالم ہوگا۔

قوله: ومامنا الا: اى مااحد منا الا من يخطرله من جهة الطيرة شئ مالتعود النفوس بها۔ مستثنیٰ کے تکلم کو ناپسند سمجھتے ہوئے محذوف کر دیا، تورپشتیؒ فرماتے ہیں فرمایا، چونکہ وہ اس مکروہ حالت کو متضمن تھا اور یہ نوع ادب کلام ہے کہ اشارہ پر اکتفاء فرمایا اور مکروہ چیز کو ذکر نہیں فرمایا۔

''لكن اللّٰه'': لکن ''نون کی تشدید اور لفظ جلالہ کے نصب کے ساتھ ہے، اور نون کی تخفیف اور لفظ جلالہ کے رفع کے ساتھ بھی ہے۔

يذهبه: باء کے ضمہ کے ساتھ ''اذهاب'' سے ماخوذ ہے۔ اصول معتمدہ اور نسخ مصححہ کے مطابق ضبط اسی طرح ہے۔ یعنی توکل واعتماد کے سبب سے اس مکروہ اور ناپسندیدہ وہم کو ختم کر دیتا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ ''خطرہ'' کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ پس اگر غفلت ہو جائے تو ضروری ہے کہ گناہ سے فوراً رجوع کرے اور توبہ کرے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمرو سے بروایت احمد و طبرانی مروی ہے: **من ردته الطيرة من حاجة اشرك، وكفارة ذلك ان يقول: اللهم لاخير الاخيرك، ولا طيرا**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لا طيرك' ولا اله غيرك اور عنقریب فصل ثالث میں روایت آ رہی ہے جس سے اس کی تائید ہو رہی ہے۔ علامہ طیبیؒ نے مبنی پر تو غور کیا لیکن معنیٰ سے بے توجہی برتی' چنانچہ انہوں نے اس کے بارے میں عجیب وغریب قول اپنایا ہے، وہ "یذھبه بالتو کل" کے بارے میں لکھتے ہیں کہ یہ یاء کے فتحہ اور ضمہ دونوں کے ساتھ ہے، اور ثانی کے مطابق اس میں دو حرف تعدیہ جمع ہیں تاکید کیلئے اور "اذھاب" سے مراد فرشتے کی طرف مؤمن کے دل میں ڈالی ہوئی وہ بات ہے جو وسوسۂ شیطان کو دور کرتی ہے۔ (انتھیٰ)

علامہ طیبیؒ کے اس قول کے بارے میں تین مباحث ہیں: پہلی بحث یہ ہے کہ "یذھبه" یاء کے فتحہ کے ساتھ درست نہیں ہے، کیونکہ یہ فعل لازم بن جائے گا، حالانکہ تمام نسخوں میں ضمیر بارز کے ساتھ ہے، اور ضمیر کے نہ ہونے کی صورت میں معنیٰ میں خلل واقع ہوتا ہے، کیونکہ اس صورت میں عبارت "ولكن الله يذهب" ہوگی، جس کا فساد ظاہر ہے۔

دوسری بحث یہ ہے کہ یہ بات تو درست ہے کہ یہ یاء کے ضمہ کے ساتھ ہے لیکن یہ بات صراحۃً غلط ہے، کہ اس میں دو حرف تعدیہ برائے تاکید جمع ہیں، کیونکہ یاء سببیت کیلئے ہے نہ کہ تعدیہ کیلئے، ورنہ تو معنیٰ غلط ہو جائے گا۔ کیونکہ مآل کلام یہ ہوگا لکن الله يزيل التو كل ۔ کہ اللہ توکل کو ختم کرنے والے ہیں۔ جس کا فساد بالکل ظاہر ہے، خاص کر کے استدراک کے ساتھ جو کہ ایک واضح وہم ہے۔

تیسری بحث یہ ہے کہ اذھاب سے مراد فرشتے کی القاء کی ہوئی بات جو شیطان کا وسوسہ ختم کر دے۔ تو یہ حمل درست نہیں ہے۔ علاوہ ازیں کلام سابق کے مناقض ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ لے جانے والا توکل ہی ہے، ہمزہ اور باء کے سبب سے یہاں مقلوب المعنیٰ ہے، کیونکہ درست بات یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ ضمیر بارز یا "مذھب" سے مراد شیطان کا وسوسہ ہے، جو فرشتے کی القاء کی ہوئی بات کو ختم کر دے، کیونکہ یہ دونوں ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتے، جیسا کہ اس بحث کی تحقیق شروع کتاب میں گزر چکی ہے۔

قوله: يقول في هذا الحديث ....:

یہ حدیث ابوداؤد، ترمذی نے مرفوعاً روایت کی ہے۔ لیکن اس پر محدثین نے بحث کی ہے۔ مصنفؒ فرماتے ہیں: کہ میرے نزدیک وما منا الا ولكن الله يذهبه بالتوكل ابن مسعود کا قول ہے اور مرفوع صرف "الطيرة شرك" ہے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ جامع صغیر میں بھی صرف اس قدر مروی ہے۔ بہت سارے محدثین نے ابن مسعود سے زیادت کے بغیر مرفوع روایت کی ہے، جیسا کہ امام احمد نے مسند میں امام بخاری نے اپنی تاریخ میں' اصحاب سنن اربعہ نے' اور حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے۔ واللہ اعلم

کوڑھی کو ساتھ کھلانا

۴۵۸۵: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَهَا مَعَهٗ فِي الْقَصْعَةِ وَقَالَ كُلْ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلاً عَلَيْهِ۔ (رواه ابن ماجة)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣٩ الحدیث رقم ٣٩٢٥، والترمذی فی ٤./٢٣٤ الحدیث رقم ١٨١٧، وابن ماجه فی ٢/١٧٧٢ الحدیث رقم ٣٥٤٢۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ اسے پیالے میں رکھا اور فرمایا تم اللہ تعالیٰ پر یقین و توکل کرتے ہوئے کھاؤ۔ (ابن ماجہ)

تشریح: القصعة: قاف کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

ثقة: ثاء کے مصدر کے ساتھ مصدر، بمعنیٰ ''وثوق'' کے ہے۔ جیسے **العدة والوعد.**

''**ثقة بالله**'': یہ مفعول مطلق ہے، تقدیری عبارت یہ ہے: ''**کل معی اثق ثقة بالله**'' اور ''**توکلاً**'' بھی مفعول مطلق ہے ای **اتوکل توکلاً**. یہ دونوں جملے حالیہ ہیں دوسرا پہلے کیلئے حال مؤکدہ ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ جملہ اولیٰ (یعنی ''**ثقة بالله**'') تقدیر سابق کے اعتبار سے ہو اور جملہ ثانیہ (یعنی ''**وتوکلا علیه**'') انسان پر آئندہ آنے والے حالات کے اعتبار سے ہو اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تاسیس بالتقیید، مجرد تاکید سے اولیٰ ہے۔

اور بعض کے نزدیک ''**ثقة بالله**'' منصوب بنا بر حالیت کے ہے اور ذوالحال محذوف ہے، اور تقدیری عبارت یوں ہے: ''**کل معی واثقًا بالله تعالٰی، ای حال کونی واثقا بالله ومتوکلا علیه**''.

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ یہ احتمال بھی ہے کہ یہ راوی کا کلام ہو، اور ''قال'' کے فاعل سے حال ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ مطلق ہو، یعنی اولا آپ نے فرمایا ''کل''، پھر ''**اثق ثقة بالله**'' سے جملہ متانفہ ذکر کیا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ طیبیؒ کا قول اول درایۃً درست نہیں ہے، کیونکہ اس سے اس بات کا وہم ہے کہ آپ کا حال اس کے خلاف تھا اور اس کے درست نہ ہونے میں کوئی خلاف نہیں ہے۔ پس اس قول کی طرف محتاج ہوں گے کہ یہ حال مؤکدہ ہے۔ پس اگر علامہ طیبی یہ کہتے کہ یہ دونوں منصوب بنا بر علت ہیں تو زیادہ بہتر ہوتا، جیسا کہ ظاہر ہے، لیکن اس کے باوجود یہ روایۃً درست نہیں ہے، کیونکہ عنقریب آرہا ہے کہ یہ آپ ہی کا کلام ہے اور ثانی اس لئے درست نہیں کہ اس میں انفکاک کلام ہے جو کہ اس مقام میں مناسب نہیں ہے۔

قوله: اخذ بید مجزوم فوضعها معه فی القصعة: اس میں غایت درجے کا توکل ہے کہ ایک تو ان کا ہاتھ پکڑا، اور دوسرا ان کے ساتھ کھانا بھی کھایا اور حدیث میں منقول ہے: **کل مع صاحب البلاء تو اضعا لربك وایمانا** کہ ہر مصیبت زدہ کے ساتھ کھا اپنے ربّ کے سامنے تواضع اور اس پر ایمان کیلئے۔ اس کو امام طحاویؒ نے ابوذر سے روایت کیا ہے۔

کل ثقة ....: حاصل یہ ہے کہ اسباب سے قطع نظر کر کے رب الارباب کے افعال پر نظر مشاہدہ رکھیں، کیونکہ متعدی امراض کا اثر ردی نفوس پر ہوتا ہے اور اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ انبیاء علیہم السلام نفرت والے امراض سے معصوم ہوتے ہیں۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ اسباب چھوڑنے والے توکل کا درجہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا توکل اسی درجہ کا تھا اور مجذوم سے احتراز رخصت ہے۔

تخریج: الحصن میں ہے: اگر مجذوم یا کسی اور بیماری میں مبتلا شخص کے ساتھ کھاتے تو یہ کہتے۔ ''**بسم الله ثقة بالله**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وتو كلا عليه"۔اس کو ترمذی،ابوداؤد،ابن ماجہ،ابن حبان،حاکم اور ابن سنی نے روایت کیا ہے۔
الجامع الصغیر میں ہے:"كل بسم الله ثقة بالله وتو كلا على الله" اس کو اصحاب سنن اربعہ،ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔چنانچہ یہ تمام احادیث دلالت کر رہی ہیں کہ یہ سارا کلام مرفوع ہے۔باقی مؤلف نے بسم اللہ کو ذکر نہیں کیا، حالانکہ ''اصول'' میں موجود ہے،یا تو یہ ابن ماجہ کی غریب ومنفرد روایت پر محمول ہے۔یا صاحب مشکوٰۃ یا صاحب مصابیح کی غفلت ہے۔

اِن میں نحوست نہیں

۴۵۸۶:وَعَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا هَامَّةَ وَلَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَاِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِىْ شَىْءٍ فَفِى الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَالْمَرْاَةِ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داؤد فى السنن ٤/٢٣٦ الحديث رقم ٣٩٢١' وأحمد فى المسند ١/١٨١

ترجمہ:حضرت سعد بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:اس میں کچھ نحوست نہیں:
① الو بولنا۔ ② بیماری کا متعدی ہونا۔ ③ شگون لینا اگر نحوست ہوتی تو گھر،گھوڑے اور عورت میں ہوتی (جو ہر وقت انسان کے ساتھ رہنے والی ہیں)۔

راویٔ حدیث:

سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مؤلف نے ان کا اسم گرامی ذکر نہیں فرمایا۔

تشریح: قوله:وان تكن الطيرة فى شيى ففى الدار...... یہ ''وكان'' تا بھی ہوسکتا ہے اور ناقصہ بھی' بہر حال عبارت یوں ہے:اى قران تكن الطيرة صحية أوأن تقع وتوجد فى شيئى من الاشياء۔ (فهى من الدار کا مبتدا محذوف ہے۔) اى فهن فى الدار......

مطلب حدیث کا یہ ہے کہ بالفرض اگر نحوست کسی چیز میں ہوتی تو ان تین چیزوں میں ہوتی اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس میں یوں آیا ہے:"ان كان شؤم فى شىء ففى الدار والمرأة والفرس"۔یعنی اگر نحوست کسی چیز میں ہوتی تو گھر،گھوڑے،اور عورت میں ہوتی۔

مقصود مبالغہ کی حد تک صحت طیرہ کی نفی ہے۔چنانچہ آنحضرت کے اس ارشاد کے قبیل سے ہے:"لو كان شىء سابق القدر لسبقته العين"۔یعنی اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت کرنے والی ہوتی،تو وہ نظر بد ہوتی۔تو یہ اس حدیث میں اور اس کے علاوہ حدیث میں طیرہ کی عام نفی کے منافی نہیں ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ ''ان تكن'' بمنزلہ استثناء کے ہے اى لا تكون الطيرة الافى هذه الثلاثة یعنی طیرہ۔نحوست کسی چیز میں نہیں،سوائے ان تین کے۔تو اس صورت میں یہ غالب وقوع کی خبر ہے۔تو یہ نہی کے منافی نہیں ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ آپ کو یہ بات معلوم ہوئی ہو،کہ ان اشیاء میں ایسی صفات واقع ہوجاتی ہیں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو اس کو برکت سے محروم کر دیتی ہیں اور انسان کیلئے ان میں خیر و برکت نہیں ہوتی، اور اس پر آپ کا یہ فرمان دلالت کر رہا ہے: **"ذروھا ذمیمة"** لیکن چونکہ یہ ایک امر مخفی تھا، جس پر کوئی سوائے تخمینہ و اندازے کے مطلع نہیں ہوسکتا، تو اس کو صیغہ تردد کے ساتھ ذکر فرمایا، تاکہ اس کے بارے میں کوئی تخمینہ اور گمان کی بنیاد پر بات کرنے کی جرأت نہ کرسکے۔

بعض نے کہا ہے کہ یہاں "طیرۃ" سے مراد طبعی کراہت ہے نہ کہ نحوست، گویا کہ آپ نے یوں فرمایا: **ان کرھتم ھذہ الاشیاء فابدلوھا بالأخری**۔ اگر تم ان چیزوں کو طبعاً ناپسند کرو، تو دوسری چیزوں سے تبدیل کرلو۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ مطلب اچھا ہے اگر روایت میں یہ الفاظ نہ آئے ہوتے: **"فان یکن الشؤم فی شیء الخ"**۔ امام نوویؒ نے شرح مسلم میں لکھا ہے کہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ یہ "طیرۃ" سے استثناء کے معنیٰ میں ہے، **ای الطیرۃ منھی عنھا الافی ھذہ الاشیاء** یعنی نحوست لینا منع ہے، سوائے ان تین چیزوں میں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ یہاں حقیقی استثناء ہو، اور یہ چیزیں مستثنیٰ منہ کے حکم سے خارج ہوں، **ای الشوم لیس فی شیئی من الاشیاء الا فی ھذہ الاشیاء** یعنی اشیاء میں سے کسی بھی چیز میں نحوست نہیں، سوائے ان تین کے۔ جیسا کہ مسلم کی روایت میں منقول ہے: **"ان الشؤم فی الثلاثة: المرأة والفرس والدار"** اور ایک روایت میں ہے: **"الشؤم فی الدار والمرأة والفرس"**۔ اور انس کی حدیث میں ہے: **"ذروھا ذمیمه"**

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں یہ مآل کے اعتبار سے عین جمہور کا کلام ہے لکن جمہور نے معنی استثناء اس لئے کہا ہے کہ حدیث میں ادوات استثناء میں سے کوئی چیز موجود نہیں ہے۔ بلکہ "طیرۃ" کی نفی اور نہی کے بعد جملہ شرطیہ واقع ہے، جس سے کبھی استثناء کا معنیٰ مستفاد ہوتا ہے۔ (امام طیبیؒ) فرماتے ہیں کہ یہ بھی احتمال ہے کہ یہ حدیث اس آیت کے قبیل سے ہو: ﴿وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِیْلًا﴾ [النساء: ۲۲] "اور جن عورتوں سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو ان سے نکاح نہ کرنا مگر (جاہلیت میں جو ہو چکا سو ہو چکا) یہ نہایت بے حیائی اور (خدا کی) ناخوشی کی بات تھی اور بہت برا دستور تھا۔"

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ بات درست ہو کہ یہ حدیث اس آیت کے قبیل سے ہے، تو آیت کی تفسیر میں کئی اقوال ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ استثناء معنیٰ لازم للنفی سے ہے۔ گویا کہ اس آیت میں یوں کہا گیا ہے: **تستحقون العقاب بنکاح ما نکح آباکم الاما قد سلف** کہ تم سزا کے مستحق ہو گے اپنے آباء کی منکوحہ کے ساتھ نکاح کرنے کی وجہ سے، مگر وہ جو پہلے ہو چکا ہے اس پر سزا نہ ہوگی۔ یا استثناء "**ما نکح**" سے ہے، تحریم میں مبالغہ کیلئے اور عموم پیدا کرنے کیلئے۔ جیسے شاعر کا یہ قول ہے:

ولا عیب فیھم غیران سیوفھم

اور اباحت کے راستے کو بند کرنے کیلئے ہے، جیسا کہ تابید کیلئے تعلیق بالمحال ہوتی ہے، جیسے اللہ کا یہ ارشاد ہے: [**حتی یلج الجمل**] [الاعراف: ۴۰] اور آیت کا مطلب یہ ہے: **ولا تنکحوا حلائل آبا ئکم الاما قد سلف ان امکنکم أن تنکحوہ**۔ کہ "تم اپنے آباء کی بیویوں کے ساتھ نکاح نہ کرو، مگر وہ جو پہلے گزرا، اگر ممکن ہو تمہارے لیے ان کے ساتھ نکاح کرنا" اور یہ نکاح کرنا ممکن نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض نے کہا ہے کہ یہ استثناء منقطع ہے، ای لکن ماقد سلف مطلب یہ ہے کہ جو ہو چکا سو اس پر کوئی مواخذہ نہیں ہے، یہ نہیں کہ وہ ثابت اور برقرار ہے۔

یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ ان مطالب میں سے کوئی بھی یہاں مناسب نہیں کہ حدیث کیلئے بنیاد ہو سکے۔ ہاں باعتبار معنیٰ درمیان والے مطلب پر اس کو حمل کیا جا سکتا ہے اور اس کی تائید طیبیؒ کے اس قول سے بھی ہوتی ہے جو انہوں نے علیٰ باب قولہ تعالیٰ پر عطف کرتے ہوئے کہا ہے:

"وقوله: لو كان شيء سابق القدر سبقته العين"۔

اس حدیث پر بات پہلے گزر چکی ہے اور یہی مطلب قاضیؒ کے کلام کا ہے: "ولا طيره" کے بعد جملہ شرطیہ کا لانا دلالت کر رہا ہے کہ اس سے نحوست کی بھی نفی ہے اور مطلب یہ ہے کہ اگر نحوست کا وجود کسی چیز میں ہوتا تو ان چیزوں میں ہوتا چونکہ یہ اس کے زیادہ لائق ہیں لیکن نحوست کا وجود ان چیزوں میں نہیں ہے، تو گویا کہ اس کا سرے سے وجود ہی نہیں ہے۔ (انتھیٰ)

پس اس قول کے مطابق جن احادیث میں شؤم کا ذکر ہے، تو ان سے مراد کراہت ہے جس کا سبب یہ ہے کہ ان اشیاء میں شریعت کی یا طبیعت کی مخالفت ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے: شوم الدار ضيقها وسوء جير انها کہ گھر کی نحوست اس کا تنگ ہونا ہے، اور اس کے پڑوسیوں کا بُرا ہونا ہے اور اس قدر دور ہونا ہے کہ امام کے ساتھ جماعت میں شریک نہ ہو سکے اور عورت کی نحوست اس کا بانجھ پن، زبان درازی اور مہر کی زیادتی وغیرہ ہے۔ ایسے کاموں پر ابھارنا جو ارباب تقویٰ کے شایان شان نہیں اور گھوڑے کی نحوست یہ ہے کہ اس پر جہاد نہ کیا جائے، یا اس پر فخر اور تکبر کیلئے سواری کی جائے اور بعض کا کہنا ہے کہ گھوڑے کی نحوست اس کی سرکشی اور قیمت کا زیادہ ہونا ہے، اور اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے جو شرح السنہ میں ذکر ہے۔ گویا کہ یوں ارشاد فرمایا گیا ہے: کہ اگر تم میں سے کسی کا گھر ہو اور اس کو اس کی رہائش پسند نہ ہو، یا عورت ہو جس کی صحبت اس کو ناپسند ہو، یا گھوڑا ہو جو اس کو پسند نہ ہو، تو اس سے جدائی اختیار کرے، اس طور پر کہ گھر سے منتقل ہو جائے، عورت کو طلاق دیدے، اور گھوڑے کو فروخت کر دے۔ تا کہ اس کے دل میں جو نفرت اور کراہت ہے وہ ختم ہو جائے۔ جیسا کہ آپ نے اس شخص کے جواب میں فرمایا تھا کہ جس نے کہا تھا: اللہ کے رسول! انا كنا في دار كثر فيه عددنا ...... کہ ہم ایک گھر میں تھے جس میں ہماری تعداد زیادہ تھی ......۔ تو آپ نے فرمایا: "ذروها ذميمة" کہ اس کو چھوڑ دو۔ تو آپ نے ان کو گھر سے منتقل ہونے کا حکم دیا۔ کیونکہ وہ اس گھر میں تنگی اور وحشت محسوس کر رہے تھے۔ تو آپ نے حکم دیا کہ وہاں سے منتقل ہو جائیں۔ تا کہ دل میں جو طبعی کراہت ہے وہ ختم ہو جائے، اس لئے نہیں کہ اس کا سبب یہ گھر تھا۔ (انتھیٰ)

حاصل یہ ہے کہ ان تین چیزوں کی تبدیلی ناجائز "طیرہ" نہیں ہے، بلکہ یہ جائز ہے، اگرچہ بظاہر "تطیر" سے مشابہ ہے اور شاید کہ اکثر حضراتؒ کے قول کی وجہ یہی ہو۔ www.KitaboSunnat.com

تخریج: الجامع الصغیر میں ہے: "ان كان الشؤم في شيء ففي الدار والمرأة والفرس" رواه مالك واحمد والبخاري، وابن ماجه عن سهل بن ساعد، والشيخان عن ابن عمر، ومسلم والنسائي عن جابر رضي الله عنه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اچھے فال کی حقیقت

۴۵۸۷: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ يُعْجِبُهُ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَةٍ اَنْ يَّسْمَعَ يَارَاشِدُ يَانَجِيْحُ ۔

(رواه الترمذى)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/١٣٨ الحديث رقم ١٦١٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کام کے لئے تشریف لے جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ''یاراشد یانجیح'' جیسے نام سننا پسند ہوتے (تاکہ اس سے اچھا معنی لیں)

تشریح: اور اس کی وجہ وہی ہے جو منقول ہے کہ آپ اچھی فال پسند کرتے تھے اور طیرہ کو ناپسند فرماتے تھے۔جیسا کہ ''الجامع'' میں ابن ماجہ بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حاکم بروایت عائشہ رضی اللہ عنہا منقول ہے۔

اچھے نام کو سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسرت

۴۵۸۸: وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتَطَيَّرُ مِنْ شَیْءٍ فَاِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَاَلَ عَنْ اِسْمِهٖ فَاِذَا اَعْجَبَهٗ اِسْمُهٗ فَرِحَ بِهٖ وَرُوِیَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِذَا دَخَلَ قَرْيَةً سَاَلَ عَنْ اِسْمِهَا فَاِذَا اَعْجَبَهٗ اِسْمُهَا فَرِحَ بِهٖ وَرُؤِیَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِنْ كَرِهَ اسْمُهَا رُؤِیَ كَرَاهِيَةُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ۔ (رواه ابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣٦ الحديث رقم ٣٩٢٠، وأحمد فی المسند ٥/٣٤٧۔

ترجمہ: حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی چیز سے بدشگونی نہ لیتے تھے۔پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی عامل کو روانہ فرماتے تو پہلے اس کا نام دریافت فرماتے پس اگر اس کا نام پسند آتا تو اس قدر خوش ہوتے کہ خوشی کا اثر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور پر نظر آتا اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی بستی میں داخل ہوتے تو اس کا نام دریافت فرماتے اگر اس کا نام پسند آتا تو اس قدر خوش ہوتے کہ آثار خوشی چہرہ انور پر نمایاں ہوتے اور اگر اس کا نام پسند نہ آتا تو اس کی ناپسندیدگی چہرہ مبارک پر دکھائی دیتی۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: ان النبى ﷺ كان لايتطير من شيئى: اس جملہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ① ای كان لايتطير من جهة شيئى من الاشياء اذا أرادفعله۔ ② ممکن ہے کہ ''من'' باء کے معنی میں ہو،اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: ماكان يتطير بشئى مما يتطير به الناس۔

''بشر'' باء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ای اثر بشاشته وانبساطه۔

قوله: فان أعجبه اسمه فرح به صحیح ترین اصل نسخہ میں ''بہ'' کے ساتھ ہے۔ای فرح باسمھا۔ اور ایک نسخہ میں ''فرح بها'' ہے۔أى بتلك القرية یا باسمھا ہے۔تقدیر مضاف کے ساتھ ہے، یا اس کی تانیث مضاف الیہ سے مکتسب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وان كره اسمه رؤى كراهية ذلك: اور آپ اس نام کو اچھے نام سے تبدل کر لیتے۔ بزارؒ کی روایت میں اور طبرانی نے الاوسط میں ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ''اذا بعثتم الى رجلا فابعثوه حسن الوجه حسن الاسم۔'' جب تم میری طرف کوئی آدمی روانہ کرو، تو خوبصورت چہرے والا اور خوبصورت نام والا شخص بھیجا کرو۔ ابن الملک کہتے ہیں پس اپنی اولاد یا اپنے خادم کیلئے اچھے نام کو اختیار کرنا سنت ہے، کیونکہ بعض اوقات بُرے نام تقدیر کے موافق ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص اپنے بیٹے کا نام ''خسار'' رکھے، تو ہوسکتا ہے کہ کسی موقع پر وہ شخص یا اس کا بیٹا تقدیر الٰہی سے خسارہ میں مبتلا ہو جائے، اور اس کے نتیجہ میں لوگ یہ سمجھنے لگیں کہ اس کا خسارہ میں مبتلا ہونا نام کی وجہ سے ہے، اور نوبت یہاں تک آ جائے کہ لوگ اس کو منحوس جاننے لگیں، اور اس کی صحبت و ہم نشینی سے بھی احتراز کرنے لگیں۔ تقریباً یہی بات صاحب شرح السنہ نے بھی لکھی ہے' وہ فرماتے ہیں: ينبغى للا نسان أن يختار لولده وخدمه الاسماء الحسنة فان الأسماء المكر وهة قد توافق القدر۔

سعید ابن مسیبؒ سے منقول ہے کہ حضرت عمر ابن خطاب نے ایک آدمی سے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ تو اس نے کہا'' جمرہ''۔ عمر نے پوچھا کس کے بیٹے ہو؟ تو اس نے کہا ''شہاب'' کا بیٹا ہوں۔ عمر نے پوچھا کس قبیلے سے تعلق ہے؟ کہا ''حراقہ'' سے۔ عمرؓ نے پوچھا: رہائش کہاں ہے؟ اس نے کہا، ''حرۃ النار'' میں۔ عمر نے کہا، وہاں کس جگہ؟ اس نے کہا ''ذات لظی'' میں۔ عمرؓ نے کہا: اپنے گھر والوں کی خبر لو وہ تو جل چکے ہیں۔ پس اسی طرح تھا جس طرح عمر نے فرمایا تھا۔ (انتھیٰ)

اور شاید یہی مطلب ہو اس قول کا: ''ان الاسماء تنزل من السمآء'' کہ نام آسمان سے آتے ہیں۔ پس فی الجملہ یہ حدیث زمانہ جاہلیت کی اس عادت پر رد ہے، کہ لوگ اپنی اولاد کے بُرے نام رکھتے تھے۔ جیسے کلب، اسد، ذئب، اور غلاموں کے نام راشد' نجیح وغیرہ اور اس کی علت یہ بیان کرتے کہ ہماری اولاد ہمارے دشمن کیلئے ہے اور ہمارے خادم ہمارے لئے ہیں۔

باقی اس حدیث میں یہ بات مذکور نہیں ہے کہ آپ برے ناموں سے شگون بد لیتے تھے، جیسا کہ اس حدیث کا اس باب میں ذکر کرنے سے یہ وہم پیدا ہوتا ہے، کیونکہ اس حدیث کا محل ''باب الاسماء'' ہے۔ مصنف نے حدیث کے ابتدائی الفاظ کی رعایت کرتے ہوئے اس کو اس باب میں ذکر کیا اس بات پر بھروسہ کرتے ہوئے کہ یہ مطلقاً ''تطیر'' کی نفی پر دال ہے۔

توضیح: ابوداؤدؒ نے یہ حدیث مکمل روایت کی ہے اور شاید کہ یہ دو حدیثوں سے مرکب ہے، جیسا کہ جامع کی یہ عبارت اس پر دلالت کر رہی ہے، کہ حکیم ترمذی اور بغوی نے ابو بردہ سے روایت کیا ہے: ''انه كان لا يتطير، ولكن يتفاء ل اور ما قبل میں یہ روایت گذر چکی ہے: انه كان يتفاء ل ولا يتطير، وكان يحب الاسم الحسن''۔

[ملاحظہ فرمایئے حدیث: ۴۵۸۲]

ترکِ مقام کا حکم

۴۵۸۹: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا فِيْ دَارٍ كَثُرَ فِيْهَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَتَحَوَّلْنَا اِلٰى دَارٍ قَلَّ فِيْهَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً۔ (رواہ ابوداود)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣٨ الحديث رقم ٣٩٢٤۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم ایک حویلی میں رہا کرتے تھے جس میں ہماری تعداد بھی زیادہ اور مال بھی کثرت سے تھا پھر ہم ایک دوسری حویلی میں مستقل ہو گئے جہاں ہماری تعداد و اموال میں کمی آگئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ قابل مذمت ہے اسے چھوڑ دو۔

تشریح: کثر: ثاء کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

ذميمة: ''فعيلة'' بمعنیٰ '' مفعوله '' ہے یعنی ''مذمومہ'' (کذا فی النھایۃ) معنیٰ ہے: **اتركوها بالتحول عنها حال كونها مذمومة.**

آپ نے اس مکان کو چھوڑنے کا حکم اس لئے دیا کہ اس مکان کی آب و ہوا اور سکونت چونکہ مکینوں کو راس نہیں آئی اس لئے آپ نے بہتر یہی سمجھا کہ وہ اس مکان کو چھوڑ دیں۔

خطابیؒ کہتے ہیں کہ آپ نے ان لوگوں کو مکان چھوڑ دینے کا حکم اس مصلحت کے پیش نظر دیا، کہ ان کے دلوں میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ سارا نقصان مکان کی وجہ سے ہوا۔ پس جب یہ مکان چھوڑ جائیں گے' انکے اس شبہ اور وہم کی جڑ ہی کٹ جائے گی۔

ازالۂ وساوس کے لئے وبائی علاقہ چھوڑ دو

۴۵۹۰: وَعَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مَنْ سَمِعَ فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدَنَا اَرْضٌ يُقَالُ لَهَا اَبْيَنُ وَهِيَ اَرْضُ رِيْفِنَا وَمِيْرَتِنَا وَاِنَّ وَبَآءَ هَا شَدِيْدٌ فَقَالَ دَعْهَا عَنْكَ فَاِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفَ۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٣٨ الحديث رقم ٣٩٢٣' وأحمد فی المسند ٣/٤٥٣۔

ترجمہ: یحییٰ بن عبداللہ بن جبیر کہتے ہیں مجھے اس شخص نے بتلایا جس نے اروہ بن مئیکؓ کو یہ کہتے سنا کہ میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری ایک زمین ہے وہ وبائی علاقہ ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دو اس لئے کہ قرف سے ہلاکت پیدا ہوتی ہے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویانِ حدیث:

فروۃ بن مسیک ۔ یہ فروہ مسیک کے بیٹے ہیں۔ مرادی غطیفی اور اہل یمن میں سے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ۹ھ میں حاضر ہوئے اور مسلمان ہو گئے اور کوفہ کی جانب منتقل ہو گئے اور پھر وہیں اقامت اختیار فرمائی۔ اپنی قوم کے اشراف اور نمایاں لوگوں میں سے ہیں۔ ان سے شعبی وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ بہترین شاعر تھے۔ ''فروہ'' میں فاء پر فتحہ اور راء مہملہ پر سکون ہے۔ ''مسیک'' میں میم پر ضمہ' سین مہملہ پر فتحہ اور یاء ساکن نیچے دو نقطے اور آخر میں کاف ہے۔ ''مسک'' کی تصغیر ہے۔

یحییٰ بن عبداللہ۔ یہ ''یحییٰ'' ہیں۔ ''عبداللہ بن بجیر'' کے بیٹے ہیں اور صنعانی ہیں۔ انہوں نے ان لوگوں سے روایت کی جن سے فروہ بن مسیک نے سنا اور ان سے معمر نے روایت کی ہے۔ ''بجیر'' میں باء (ایک نقطہ والی) مفتوح اور حاء مہملہ مکسور اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راء ہے

تشریح: أبین: ہمزہ مفتوحہ، باء کے سکون یاء کے فتحہ اور نون کے ساتھ ہے۔ اصل میں یہ ایک آدمی کا نام تھا جس کی طرف ''عدن'' کی نسبت ہے۔ کہا جاتا ہے: ''عدن أبین''. نہایہ میں ہے کہ یہ ''حمر'' کے وزن پر ہے' یمن کی طرف سمندر کی جانب ایک بستی ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ عدن شہر کا نام ہے۔

ریفنا: راء کے کسرہ' یاء کے سکون اور فاء کے ساتھ ہے۔ سرسبز و شاداب اور کھیتی والی زمین کو کہتے ہیں۔ (نہایہ) مصابیح کے بعض شراح نے اس لفظ کو ''ریعنا'' نقل کیا ہے۔ اس صورت معنٰی ہوگا: یحصل لنا فیھا الثمار والنبات۔ کہ اس میں ہمیں پھل اور نباتات حاصل ہوتے ہیں۔ ''ریع'' زیادہ کو کہتے ہیں۔

ومیرتنا: میم کے کسرہ کے ساتھ ''ریفنا'' پر عطف ہے۔ ای طعام مجلوب أو المنقول من بلد الیٰ بلد.

القرف التلف: یہ دونوں فتحہ کے ساتھ ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ وبا والی زمین میں داخل ہونا بیماری کے قریب ہونے کی طرح ہے۔ نہایہ میں ہے' ''القرف'' بیماری کے ساتھ ملابست اور قرب کو کہتے ہیں۔ ''تلف'' ہلاک کے معنٰی میں ہے۔

قولہ: ان وباء ھا شدید:

اس کی ہوا کی کثافت کے باعث یہاں وبائیں بہت زیادہ اور بہت سخت ہوتی ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ وباء سے مراد اس زمین کی نحوست مراد ہے اور شاید اس حدیث کو اس بات میں لانے کا سبب بھی یہی ہو۔

قولہ: دَعْھَا عَنْكَ من الفرف التلف:

دعھا عنك: یعنی اس زمین میں داخل ہونا اور گھومنا پھیرنا چھوڑ دے کیونکہ یہ طاعون والی زمین کی طرح ہے' بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس زمین کو چھوڑنے کا حکم عدوی کے نقطہ نظر سے نہیں، بلکہ اصول طب کے پیش نظر تھا کیونکہ آب و ہوا کا اچھا ہونا صحت بدن کیلئے بہت ہی معاون ہے، اور آب و ہوا کا خراب ہونا بیماریوں کی طرف لپکنے والی اشیاء میں سے تیز ترین ہے۔

الفصل الثّالث:

ناپسند چیز کو دیکھ کر یہ دُعا کرے

۴۵۹۱: عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنُهَا الْفَالُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ لَا يَاْتِىْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (رواہ ابوداود مرسلا)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٤/٢٣٥ الحديث رقم ٣٩١٩۔

ترجمہ: حضرت عروہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بدشگونی کا تذکرہ ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس میں سب سے بہتر اچھا فال ہے اور فال سے کسی مسلمان کو اس کام سے واپس نہ لوٹنا چاہیے جس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ ارادہ کر چکا ہے۔ پس تم کسی ناپسندیدہ چیز کو دیکھو تو یہ دعا کرو''اے اللہ! تو نیکیوں کو لانے والا اور برائیوں کو دفع کرنے والا ہے۔ برائی سے بچنا اور نیکی کی توفیق تیری طرف سے ہی میسر ہوتی ہے۔ یہ ابوداؤد کی مرسل روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

عروۃ بن عامر۔ عروہ ''عامر'' کے بیٹے ہیں۔ قریشی اور تابعی ہیں۔ ابن عباس اور دوسرے حضرات سے حدیث کی سماعت کی۔ ان سے عمرو بن دینار اور حبیب بن ابی ثابت نے روایت کی۔ ابوداؤد نے ان کی حدیث ''باب الطیرۃ'' میں ذکر کی ہے۔ یہ روایت ''مرسل'' ہے۔

تشریح: قولہ: أحسنها الفال: اس کی نظیر آپ ﷺ کا یہ ارشاد گرامی ہے: خیر ها الفال۔ اس کی تاویل میں علماء کے اقوال ماقبل میں گذر چکے ہیں۔

الا باللہ: الحصن کے اصل میں ''الا بك'' ہے اور یہی مقتضی کلام کے مطابق ہے اور حاشیہ میں'' الا باللّٰہ '' ہے اور اس پر ''مص'' کی علامت لگائی ہے، جس سے اشارہ مصنف ابن ابی شیبہ کی طرف ہے کیونکہ وہ اس حدیث کی روایت میں ابوداؤد کے ساتھ شریک ہیں۔ پس اس میں التفات ہے۔

ذکرت: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

قولہ: ولا ترد مسلما یہ جملہ عاطفہ ہے یا حالیہ ہے۔

مطلب اس جملے کا یہ ہے کہ اچھی فال وہ ہے جو مندوب فال کے مشابہ ہو اور اس کے باوجود فال مسلمان کو اس کی حاجت پورا کرنے سے نہ روکے۔ کیونکہ یہ کامل مسلمان کے شایان شان نہیں ہے بلکہ تمام امور میں اللہ پر توکل کرے اور اپنے راستے پر اللہ کے سمجھائے ہوئے نور اور حضور اور سرور کے ساتھ سفر جاری رکھے۔

قولہ: فاذا رأی أحد کم مایکرہ: امام جزریؒ نے اس کی معنوی تقدیر یوں ذکر کی ہے: ای اذا رأی من الطیرۃ شیئا یکرھۃ۔

قولہ: اللھم لا یاتی بالحسنات الا انت: ''حسنات'' سے مراد امور حسنہ ہیں جو نعمت وطاعت کو بھی شامل ہیں۔

قولہ: ولا یدفع السیئات: سیئات سے مراد امور مکروہہ ہیں جو اللہ جل شانہ کی قمت ومعصیت کا باعث بنتے ہیں۔

تخریج: میرکؒ نے ذکر کیا ہے کہ عروہ کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے، لیکن ابن حبان نے ان کو ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے، اور اسی طرح'' التقریب'' میں ہے۔ پس اس کے مطابق یہ حدیث مرسل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْكَهَانَةِ

کہانت کا بیان

کھانة، کاف کے فتحہ اور کسرہ دونوں کے ساتھ ہے جیسا کہ نسخوں میں ہے اور قاموس میں ہے کھن له کمنع ونصر وکرم. "کھانة" فتح کے ساتھ کا معنیٰ ہے اس کیلئے غیب سے فیصلہ کیا' اور "الکھانة" کسرہ کے ساتھ "حرفت" کہانت" کو کہتے ہیں۔ (انتھٰی) اور یہاں "کہانت" سے مراد آئندہ زمانے کی وہ خبریں ہیں جو لوگوں سے پوشیدہ ہیں۔ عرب میں ایسے کاہن تھے جن میں سے بعض اس بات کا دعویٰ کرتے تھے کہ جنات ہمارے تابع ہیں وہ ہم کو خبریں دے جاتے ہیں۔

مروی ہے کہ شیطان احکام الٰہی آسمان پر چوری چھپے سن آتے اور کاہنوں کو اس میں جو کچھ چاہتے زیادہ کر کے بتاتے۔ تو کفار اس کو قبول کر لیتے تھے۔ جب آنحضرت مبعوث ہوئے تو آسمانوں کو پہرہ میں لے لیا گیا اور کہانت باطل ہو کر رہ گئی۔ ان میں سے بعض کا خیال تھا کہ وہ مقدمات اسباب کے ذریعہ امور کو پہچان لیتے تھے سائل کے سوال' اس کے فعل وحال کے ذریعہ استدلال کرتے ہوئے اور ان کو "عراف" کہتے تھے۔ جیسا کہ وہ شخص جو چوری شدہ چیز کی جگہ معلوم کرنے یا گمشدہ چیز کی جگہ کا پتہ بتادینے کا دعویٰ کرتا ہے (اس کو بھی عراف کہتے ہیں۔

الفصل الاول:

شگون تمہیں کام سے مانع نہ بنے

۴۵۹۲: عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمُوْرًا كُنَّا نَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُنَّا نَاْتِي الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَاْتُوا الْكُهَّانَ قَالَ قُلْتُ كُنَّا نَتَطَيَّرُ قَالَ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَجِدُهُ اَحَدُكُمْ فِيْ نَفْسِهِ فَلَا يَصُدَّكُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّوْنَ خَطًّا قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الْاَنْبِيَآءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ فَذَاكَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤/١٧٤٨ الحديث رقم (١٢١-٥٣٧)، وأبو داوٗد فى السنن ٤/٢٢٩ الحديث رقم ٣٩٠٩، والنسائى فى ٣/١٤ الحديث رقم ١٢١٨، وأحمد فى المسند ٥/٤٤٧۔

ترجمہ: حضرت معاویہ بن حکمؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ایسے بہت سے کام ہیں جس کو ہم زمانہ جاہلیت میں کیا کرتے تھے ہم کاہنوں کے ہاں جا کر اس سے غیب کی باتیں دریافت کرتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا (اب) تم کاہنوں کے ہاں مت جاؤ۔ میں نے عرض کیا ہم بدشگونی کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا براشگون ایسی چیز ہے جو (وسوسہ کی حد تک) اب بھی دل میں آسکتی ہے مگر یاد رکھو یہ تمہیں کسی کام سے نہ روکے۔ پھر میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے عرض کیا ہم میں سے بعض لوگ لکیریں کھینچتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انبیاء میں سے ایک نبی لکیریں کھینچا کرتے تھے تو جس آدمی کا خط اور لکیر اس کے موافق ہو جائے وہ جائز ہے۔ (مسلم)

تشریح: ''الکھان'': کاف کے ضمہ اور ھاء کی تشدید کے ساتھ'' کاھن '' کی جمع ہے۔

فلا یصدنکم: دال مفتوحہ کے تشدید کے ساتھ ہے۔

یخطون: خاء کے ضمہ اور طاء مشددہ کے ساتھ ہے۔

امورا: '' منصوب علی شریطۃ التفسیر'' ہے اور اس کا فائدہ'' تفخیم'' ہے اس لئے کہ ابہام کے بعد بیان'' اوقع فی النفس'' ہوتا ہے۔ (ذکرہ طیبی)

فمن وافق خطه: منصوب ہے اس لئے کہ مفعول ہے' اور ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے بنا بر فاعلیت' اور اس صورت میں مفعول مقدر ہوگا۔

فذاك: جواب شرط ہے۔ ('' ذاک'' مبتدا ہے' اور اس کی خبر محذوف ہے۔) **ای مصیب وا فلا**۔

قوله: ومنا رجال یخطون: طیبیؒ کہتے ہیں کہ تفصیل میں طرز بیان کو تبدیل کیا تا کہ یہ دلالت کرے ان لوگوں کے امتیاز پر جو امور عامہ میں خط کھینچتے ہیں۔ حدیث کے باقی الفاظ سے متعلقہ کلام و بحث: **''فیما لایجوز من العمل فی الصلاۃ''** کے تحت گذر چکی ہے۔

قوله: ذلك شیئی یجده احدکم فی نفسه: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ شگون بد کی نفی دلیل کے ساتھ ہے' یہ'' **لا تطیروا**'' سے زیادہ بلیغ ہے۔ جیسا کہ فرمایا'' **فلا تأتو الکھان**''۔ مطلب یہ ہے کہ بدشگون نہ لینا کیونکہ شگون بد کا کوئی وجود نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک وہم وخیال ہے جو انسانی نفوس میں پایا جاتا ہے اور انسان کو پیش آنے والے گمان محض ہے جس میں اس کیلئے کوئی نقصان نہیں ہے۔

کان نبی من الانبیاء یخط: اس حدیث میں اس نبی سے مراد حضرت دانیال علیہ السلام ہیں' اور بعض کے مطابق ادریس ہیں۔ آپ علیہ السلام کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اس زمانہ میں یہ کرنا حرام ہے کیونکہ اس زمانے میں ان کی موافقت معدوم یا موہوم ہے۔

اُچکا ہوا کلمہ حق

۴۵۹۳: وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَاَلَ اُنَاسٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكُهَّانِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُمْ لَيْسُوْا بِشَیْءٍ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّهُمْ يُحَدِّثُوْنَ اَحْيَانًا بِالشَّیْءِ يَكُوْنُ حَقًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّیُّ فَيَقُرُّهَا فِیْ اُذُنِ وَلِيِّهٖ قَرَّالدَّجَاجَةِ فَيَخْلِطُوْنَ فِيْهَا اَكْثَرَمِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ۔

(متفق علیه)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۵۹۵ الحدیث رقم ۶۲۱۳، ومسلم فی ٤/۱۷۵۰ الحدیث رقم (۱۳۳۔ ۲۲۸)، وأحمد فی المسند ٦/۸۷۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ کچھ لوگوں نے جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کاہن کے متعلق سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اس کی کچھ حقیقت نہیں لوگوں نے عرض کیا وہ بعض اوقات ایسی چیز بیان کرتے ہیں جو سچ مچ واقع ہو جاتی ہے تو اس کے جواب میں جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ تو جنات کا اچکا ہوا کلمہ حق ہے اور وہ اسے اپنے دوست (کاہن) کے کان میں اسی طرح ڈال دیتا ہے جیسا کہ مرغ دوسرے مرغ کو دانہ لینے کے لئے بلاتا ہے۔ پھر وہ اس کے ساتھ سو سے زیادہ جھوٹ ملا دیتے ہیں۔ (متفق علیہ)

تشریح: لیسوا: اور ایک نسخہ میں ''انهم لیسوا'' ہے۔

الجنی: امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے بلاد میں مسلم کے تمام نسخوں میں جیم اور نون کے ساتھ ہے اور اسکو حاء مہملہ اور قاف کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے۔

من الحق: اور ایک صحیح نسخہ میں من الجن ہے۔ ای مسموعۃ من الجن یعنی یہ بات ان سے سنی ہوئی ہوتی ہے۔ درحقیقت دونوں معنوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ کیونکہ کاہن جنات سے اور جنات ملائکہ سے سنتے ہیں۔ جیسا کہ ''یخطفها الجنی'' کے الفاظ اس پر دلالت کر رہے ہیں۔

فیقرها: یاء کے فتحہ' قاف کے ضمہ اور راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔

قر الدجاجة: قاف کے فتحہ کے ساتھ ہے اور'' الدجاجة'' دال کے ساتھ ہے۔ اہل لغت کہتے ہیں'' قر'' کا مطلب ہے مخاطب کے کان میں کلام گھومانا یہاں تک کہ وہ سمجھ لے۔ تو کہتا ہے: **قررته أقره قرا' وقر الدجاجة صوتها**. جب مرغی اپنی آواز بند کر دے۔ کہا جاتا ہے: قرت تقر قرا وقریرا فان رددته قلت: **قررت قر قرة**، اور اس کو'**قر الزجاجة**'' زاء کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے اور اس پر بخاری کی روایت دلالت کر رہی ہے۔ جس میں ہے: **فیقرها فی اذنه کما تقر القارورة**. (انتھیٰ)

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی روایت کو اختیار کیا ہے اور پہلی روایت کو ردّ کیا ہے اور کہا ہے کہ بعض لوگوں نے اس کو'**قر الزجاجة**'' زاء کے ساتھ روایت کیا ہے' اور میرا خیال ہے کہ یہ دونوں روایتوں سے زیادہ محفوظ ہے۔ کیونکہ اس روایت کے علاوہ ایک روایت میں'**قر القارورة**'' ہے۔ کہا جاتا ہے: **قررت علی راسه دلوا من ماء ای صببت' وقر الحدیث فی اذنه یقره** اس کا معنیٰ ہے اس کے کان میں ڈالنا اور'**قر الحدیث فی الاذن**'' کا استعمال کلام عرب میں عام ہے اور اس کا استعمال اس طریقے پر جس طریقے پر حدیث کی تفسیر کی گئی ہے تو یہ غیر مشہور ہے ہم نے کلام عرب میں اس کا کوئی شاہد نہیں پایا۔ یہ تمام باتیں دلالت کر رہی ہیں کہ'**الدجاجة**'' دال کے ساتھ تصحیف یا راوی کی غلطی ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ'**قر الدجاجة**'' مفعول مطلق ہے اور اس میں تشبیہ کا معنیٰ ہے۔ تو جب جن کے فرشتوں کے کلام سے بعض باتیں اچک لینے اور ان باتوں کو کاہن کے کان میں ڈالنے کو بوتل میں پانی ڈالنے کے ساتھ تشبیہ دینا درست ہے تو اسی طرح اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی تشبیہ مرغ کے اپنی آواز دوسرے مرغیوں کے کان میں ڈالنے کے ساتھ بھی درست ہے۔ جیسا کہ مشاہدہ ہے کہ مرغا جب دانہ یا کوئی چیز اٹھاتا ہے تو آواز نکالتا ہے اور دیگر مرغیوں کو سناتا ہے تو وہ اس کے پاس جمع ہو جاتے ہیں اور تشبیہ کے باب میں اتنی وسعت ہے کہ "علاقہ" کی احتیاج نہیں ہے مزید یہ کہ یہاں "اختطاف کلام" کو "خطف الطير" کے لئے مستعار لیا ہے۔ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿فتخطفه الطير﴾ تو "الدجاجة"، "القارورة" سے زیادہ مناسب ہے چوں کہ استعارہ میں ترشیح حاصل ہے اور جو میں نے ذکر کیا ہے اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ جو ابن صلاح نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے کہ اصل "قر الدجاجة" دال کے ساتھ ہے اس میں تصحیف کر کے قر الزجاجة کر دیا ہے۔ (انتھیٰ)

اور جان لیجئے کہ اصل مشکوٰۃ میں "الدجاجۃ" دال مہملہ کے ساتھ ہے فقط اور یہ دال کے فتحہ کے ساتھ ہے اور قاموس میں ہے کہ "دجاجة" مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور "الزجاجۃ" زاء کے ضمہ کے ساتھ ہے جو کہ مخفی نہیں ہے۔

پس جب آپ یہ جان چکے تو "فيقرها" کا معنی یہ ہوا: "يلقيها او بصوت بهافي اذن وليه 'اى من الكهان۔ "قر الدجاجة" بمعنی مثل صوتها سے ماخوذ ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ "تقرها" کا معنی ہے "يصبها"۔

قوله: كفر الدجاجة: بعض کے مطابق اس کا مطلب ہے جس طرح مرغ مرغی میں منی ڈالتا ہے جفتی کرتے وقت کہ کسی آدمی کو معلوم نہیں ہوتا، اسی طرح جن وہ بات کاہن کے کان میں ڈالتا ہے، تو اس کے علاوہ دوسرے لوگوں کو اس کا علم نہیں ہوتا اور "الزجاجة" زاء معجمہ کے ساتھ کا مطلب ہے کہ وہ اپنے پیروکار کے کان میں بات اس طرح ڈالتا ہے جیسا کہ ایک بوتل سے دوسری بوتل میں پانی ڈالا جاتا ہے۔

فيخلطون: لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

كذبة: کاف کے فتحہ اور ذال کے سکون کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں کاف کے کسرہ کے ساتھ ہے اور شرح مسلم میں ہے کہ "الكِذبۃ" کاف کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ ہے اور ذال ان دونوں میں ساکن ہے۔ قاضیؒ کہتے ہیں کہ بعض حضرات نے کسرہ کا انکار کیا ہے، الا یہ کہ اس سے حالت یا ہیئت مراد ہو، اور یہاں وہ مراد نہیں ہے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہاں یہی مراد ہے کیونکہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ سو قسم کے جھوٹ لاتے تھے جیسا کہ "فيخلطون" اور آنے والی حدیث میں "فيكذبون معها مائة كذبة" کے الفاظ اس پر دلالت کر رہے ہیں کیونکہ یہ يكذبون مائة مرة سے زیادہ بلیغ ہے کیونکہ یہ ایک جھوٹ کے سو بار تکرار پر صادق آتا ہے، نیز اگر یہ معنیٰ مراد ہوتا، تو صرف مائة پر اکتفاء کرتے، یا مائة كذب کہتے۔ پس تاء لانے کی طرف عدول کرنے کا کوئی فائدہ ضروری ہے۔ قاموس میں ہے كذب يكذب: كِذبًا و كَذبًا و كذبةً و كذبةً، کاف کے فتحہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ اور دو کاف کے کسرہ اور سکون ذال کے ساتھ پہلے دو میں، اور کاف کے فتحہ اور کسرہ اور دونوں ذال کے سکون کے ساتھ اور جو بعض نسخوں میں کاف کے فتحہ، ذال کے سکون اور تاء کے ساتھ ضبط کیا ہے، تو وہ روایۃً اور درایۃً دونوں طرح درست نہیں ہے بلکہ اس صاحب ضبط پر آپ پر جھوٹ باندھنے کی وعید کا خدشہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کاہنوں کی کسی بات کے سچے ہونے کی وجہ

۴۵۹۴: وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ الْمَلٰئِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْاَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَآءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّيَاطِيْنُ السَّمْعَ فَتَسْمَعُهُ فَتُوْحِيْهِ اِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُوْنَ مَعَهَا مَائَةَ كَذِبَةٍ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۶/۳۰۴ الحدیث رقم ۳۲۱۰۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو اس طرح فرماتے سنا کہ فرشتوں کی کوئی جماعت بادلوں میں اترتی ہے اور وہ آپس میں آسمان میں فیصلہ شدہ اُمور کا تذکرہ کرتی ہے۔ شیاطین جب چوری چھپے اس میں سے کوئی بات سن پاتے ہیں تو وہ اسے کاہنوں تک منتقل کر دیتے ہیں پھر وہ کاہن اس میں اپنے ہاں سے سو جھوٹی باتیں ملا لیتے ہیں (اور پھر لوگوں کو بیان کر دیتے ہیں)۔

تشریح: **العنان**: عین کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

قوله: فتذكر الامر قضى: فعل ثانی صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

قضى: حال ہے، یا صفت ہے، **الامر** کا الف لام عہد ذہنی کیلئے ہو، یا موصول محذوف کیلئے صلہ ہے، **اى الامر الذى قضى الله فى كل يوم من الحوادث فى الدنيا**.

فى السماء: ظرف ہے **قضى** کیلئے نہ کہ **تذكر** کیلئے اور یہ صریح دلیل ہے کہ "**عنان**" سے مراد "**سحاب**" ہے، کیونکہ اس جملے کا کوئی مطلب نہیں بنتا: "**ان الملائكة ينزلون من السماء**" کہ فرشتے آسمان سے اترتے ہیں اور اس امر کا ذکر کرتے ہیں جس کا فیصلہ آسمان میں ہوا ہو۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ ملائکہ آسمان سے بادلوں میں نازل ہوتے ہیں پھر وہ بعض امور میں بات چیت کرتے ہیں جن کا فیصلہ آسمان میں ہوا ہوتا ہے۔ پس وہ (**جنات**) ان کی باتیں سن لیتے ہیں درانحالیکہ وہ وہاں موجود ہوتے ہیں۔

قوله: فسترق الشلطين السمع:

یہاں "**السمع**" سے مراد "**مسموع**" ہے۔

قوله: فتسمعه فتوحيه الى الكهان:

"**توحيه**" ایحاء سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے چپکے سے خبر دینا اور زجاج سے مروی ہے کہ "**ایماء**" کو وحی کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کاہنوں کی بعض باتیں سچے ہونے کا سبب یہ ہے لیکن چونکہ کاہن عام طور جھوٹ ہی بولتے ہیں اس لئے شارع ﷺ نے ان سے استفادہ کرنے کا باب ہی بند کر دیا اور فرمایا: **انهم ليسوا بشئى**۔ اسی وجہ سے کاذب کی شہادت غیر معتبر ہے باوجودیکہ: **كذوب قد يصدق**۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قوله: وهو السحاب: طیبیؒ فرماتے ~~ہیں کہ اس~~ میں احتمال ہے کہ یہ راوی کا قول ہو، جو اس نے "**العنان**" کی تفسیر کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طور پر ذکر کیا ہے۔ پس "السحاب" السماء سے مجاز ہے، جیسا کہ "سماء" سحاب سے مجاز ہے اللہ کے اس ارشاد میں: ﴿وانزلنا من السمآء ماء﴾ [المؤمنون:۱۸] لیکن ایک تفسیر کے مطابق ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آیت میں ارتکاب مجاز کی وجہ بنتی ہے، لیکن حدیث میں اس کے ارتکاب کی کوئی ظاہری وجہ نہیں ہے کیونکہ حقیقت سے مجاز کی طرف عدول ضرورت کیوقت سے کیا جاتا ہے۔ جب کہ یہاں پر یہ تاویل کی جاتی ہے: ان الملائکه تنزل فی السماء' الا یہ کہ سماءِ دنیا مراد ہو' کہ جنات کا ملائکہ سے سماع سحاب میں اقرب ہے' پس یہ اعتبار کے زیادہ لائق ہے۔ فصل ثالث کی ابتداء میں حضرت ابو ہریرہ حدیث اس کے لئے شاید ہے۔ علاوہ ازیں ابوداؤد نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے: قال : اذاتكلم الله عزوجل بالوحى سمع أهل السماء صلصلة كجر السلسلة على الصفا فيصعقون 'فلا يزالون كذلك حتى يأتيهم جبريل فاذا جاء جبريل فزع عن قلوبهم فقولون: يا جبريل ماذا قال ربكم ؟فيقول الحق۔

عراف کے پاس جانے والے کی چالیس روز نماز نامقبول

۴۵۹۵: وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى عَرَّافًا فَسَاَلَهٗ عَنْ شَیْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةُ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤/١٧٥١ الحديث رقم (١٥-٢٢٣)' وأحمد فى المسند ٤/٦٧۔

ترجمہ: حضرت حفصہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص عراف کے پاس گیا اور اس سے کسی چیز کے متعلق سوال کیا تو اس کی چالیس راتوں کی نماز قبول نہیں کی جاتی۔ (مسلم)

تشریح: عرافًا: راء کی تشدید کے ساتھ "عارف" کا مبالغہ ہے۔ جوہریؒ کہتے ہیں کہ کاہن اور طبیب کو کہتے ہیں، اور مغرب میں ہے کہ "عراف" منجم کو کہتے ہیں اور حدیث میں یہی مراد ہے۔ (ذکرہ بعض الشراح) نوویؒ فرماتے ہیں کہ "عراف" کاہنوں کی ایک قسم ہے۔ خطابیؒ وغیرہ کہتے ہیں "عراف" اس شخص کو کہتے ہیں جو شیئی مسروقہ اور گمشدہ چیز وغیرہ کی جگہ بتائے۔

تقبل: صیغہ تانیث کے ساتھ ہے اور مذکر بھی جائز قرار دیا گیا ہے۔

صلاۃ: تنوین کے ساتھ ہے اور "اربعین ليلة" ظرف ہے، اور ایک نسخہ میں "اربعين ليلة" کی طرف اضافت کے ساتھ ہے۔

تشریح: مطلب جو عراف کے پاس جائے اور اس سے کسی چیز کے بارے میں سوال کرے اس کو سچ سمجھتے ہوئے نہ کہ بطور استہزاء سوال کرے تو اس کی نماز قبول نہ ہوگی طبرانی نے حضرت واثلہ سے روایت کیا ہے: من أتى كاهنا فسأله عن شيئى حجبت عنه التوبة أربعين ليلة' فان صدقه بما قال كفر 'پس حدیث میں اشارہ ہے کہ تائب کے اعمال کو بھی درجہ قبولیت حاصل ہوتا ہے۔ اللہ جل شانہ کا یہ فرمان اسی طرح اشارہ ہے: [انما يتقبل الله من المتقين] [المائدة:۲۷]

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ قبول نہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس کو ثواب حاصل نہیں ہوتا، اگرچہ فرض اداء ہو گیا، اور اس پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعادہ واجب نہ ہوگا اور اس کی نظیر ارض مغصوبہ میں نماز پڑھنا ہے، کہ فرض اداء ہو جاتے ہیں، لیکن اس میں ثواب نہیں ہوتا، ہمارے جمہور ائمہ کی یہی رائے ہے۔ فرماتے ہیں کہ جب آدمی فرض اور واجب نماز کامل طریقے سے پڑھتا ہے تو اس پر دو چیزیں مرتب ہوتی ہے: (۱) ادائیگی فرض (۲) حصول ثواب، جب ارض مغصوبہ میں ادا کرے گا تو اول حاصل ہوگی شئی ثانی حاصل نہ ہوگی اور اس حدیث میں یہ تاویل ضروری ہے' کیونکہ علماء کا اتفاق ہے کہ عراف کے پاس جانے والے شخص پر چالیس دن کی نمازوں کا اعادہ لازم نہیں ہے، لہٰذا تاویل لازمی ہوگی۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ تاویل کا لازم ہونا تو مسلم ہے لیکن مذکورہ تاویل متعین نہیں' کیونکہ اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ حسنات سیئات سے باطل نہیں ہوتیں سوائے مرتد ہونے کے کہ اس سے حسنات باطل ہو جاتی ہیں اور اس پر اجماع ہے کہ جو شخص مرتد ہو جائے اور پھر اسلام قبول کر لے اس پر حج کی قضا نہیں ہے حالانکہ حج فرض عمری ہے۔

پھر سابقہ تاویل کا مفہوم یہ ہے کہ اگر وہ شخص نفل نماز پڑھے گا تو اس کو ثواب ملے گا اسی طرح فرض پڑھنے پر بھی ثواب ملے گا اس لئے کہ [لایضیع أجر أحسن عملا] اللہ اچھے عمل کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا یہاں ثواب کا دگنا ہونا اللہ کا فضل ہے، جب بندہ ایسا کام کرے، جو اللہ کے غضب کا سبب بنے تو اللہ زائد ثواب کو ساقط کر دیتا ہے جو کہ عدل کا تقاضا ہے پھر نماز کی تخصیص یا تو اس وجہ سے کی ہے کہ نماز دین کا ستون ہے، اور بہتر یہ ہے کہ اس کو شارع کے حوالہ کیا جائے اور عدد کے ذکر میں تحدید و تکثیر دونوں کا احتمال ہے۔

تخریج: الجامع میں ہے رواہ احمد و مسلم عن بعض امہات المؤمنینؓ۔

کفر کی حالت میں صبح کرنے والے

۴۵۹۶: وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ نِ الْجُهَنِيِّ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَّةِ عَلٰى اَثَرِ سَمَآءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ قَالَ اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ وَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ٢/٣٣٣ الحديث رقم ٨٤٦' ومسلم في ١/٨٣ الحديث رقم (١٢٥-٧١)' وأبو داوٗد في السنن ٤/٢٢٧ الحديث رقم ٣٩٠٦' والنسائي في ٣/١٦٤ الحديث رقم ١٥٢٥' ومالك في الموطأ ١/١٩٢ الحديث رقم ٤ من كتاب الاستسقاء وأحمد في المسند ٤/١١٧۔

ترجمہ: حضرت زید بن خالد جہنیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ کے مقام پر ہمیں نماز فجر پڑھائی۔ جب کہ رات کو بارش ہو چکی تھی نماز سے فراغت کے بعد آپ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کیا تمہیں معلوم ہے کہ تمہارے رب نے کیا کہا ہے صحابہ نے جواب دیا اللہ اور رسول بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے بندوں میں بعض تو ایمان کی حالت میں صبح کرتے ہیں جب کہ دوسرے کفر کی حالت میں صبح کرتے ہیں پس جس نے اس طرح کہا کہ یہ بارش اللہ تعالیٰ کے فضل ورحم سے برسی ہے تو وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستاروں (کے اثرات) کا انکار کرنے والا ہے اور جس نے اس طرح کہا کہ ستاروں کی تاثیر سے ہمیں بارش ملی ہے تو وہ شخص میرا انکار کرنے اور ستاروں پر ایمان لانے والا ہے۔

تشریح: زید بن خالد جہنی: قبیلہ جہینہ کی طرف منسوب ہیں' "جہینہ'' جیم کے ضمہ اور ہاء کے فتحہ کے ساتھ۔ اسمائے مؤلف میں ان کا ذکر موجود نہیں ہے۔ حدیبیہ: تخفیف' تشدید ہر دو کے ساتھ ہے۔

اثر: ہمزہ اور ثاء مثلثہ دونوں کے فتحہ کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں ہمزہ کے کسرہ اور ثاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ دونوں مشہور لغت ہیں اور "سماء" سے مراد مطر یعنی بارش ہے (انتھیٰ)۔ قاموس میں ہے: **خرج فی اثرہ، واثرہ بعدہ**. اور کہا ہے کہ سماء تو معلوم ہی ہے اور سحاب عمدہ بارش کو کہتے ہیں۔

کانت: تانیث باعتبار معنیٰ رحمت یا لفظ سماء کی وجہ سے ہے، اور یہ جملہ "سماء" کی صفت ہے، اور "اللیل" اس کے لئے ظرف ہے۔ **أی فی بعض اجزائہ واوقاتہ۔ فقال هل تدرون ماذا قال ربكم**: یہ "ما" بمعنیٰ "ای شئی" ہے۔

اصبح من عبادی: اصبح میں مستتر ضمیر ضمیر شان ہے "من" تبعیض کیلئے ہے، اور یہ مبتداء ہے اور ما بعد اس کی خبر ہے۔

کافر: تقدیر "کافر بی" ہے، جیسا کہ ایک نسخہ میں یہی ہے ای **بعضهم كافر بی**۔ یا تقدیر یہ ہے: **بعضهم مؤمن بی وكافر بغيری. وبعضهم كافر بی ومؤمن بغيری**.

تشریح: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "**فاما من قال**" سے "**مؤمن بی وكافر**" کے اجمال کی تفصیل ہے، اور اس میں تقدیر عبارت کا ہونا ضروری ہے' تاکہ تفصیل اجمال کے مطابق ہو جائے۔ پس تقدیری عبارت یہ ہے: **مؤمن بی كافر بالكوكب، وكافر بی ومؤمن بالكوكب**. کہ بعض مجھ پر ایمان رکھتے ہیں ستاروں کے کافر ہوتے ہیں اور بعض میرے کافر اور ستاروں کے مؤمن ہوتے ہیں۔ تو یہ جمع مع التقسیم کے باب سے ہے۔

اور کشاف میں ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ آیت نازل ہوئی: ﴿**وتجعلون رزقكم انكم تكذبون**﴾[الواقعة: ۸۲] مطلب یہ ہے کہ اللہ نے جو تمہیں بارش کی روزی دی ہے اس کا شکر تم نے یہ اداء کیا کہ تم اس کے اللہ کی طرف سے ہونے کو جھٹلاتے ہو بایں طور اس کی نسبت ستاروں کی طرف کرتے ہو۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں، اس شخص کے کفر کے بارے میں اختلاف ہے جو شخص کہے **مطرنا بنوء كذا**، ایک قول یہ ہے کہ یہ اللہ کے ساتھ کفر ہے، اور اصل ایمان کو سلب کرنے والا ہے پھر اس میں دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ ایک شخص یہ بات اس اعتقاد کے ساتھ کہتا ہے کہ یہ ستارہ فاعل، مدبر اور بارش برسانے والا ہے، جیسا کہ زمانہ جاہلیت کے لوگوں کا زعم تھا۔ تو اس کے کفر میں کوئی شک نہیں ہے، یہی امام شافعیؒ اور جمہور کا قول ہے۔ دوسری یہ ہے کہ ایک شخص یہ کہے کہ بارش اللہ کے فضل سے ہوتی ہے، اور ستارہ اس کیلئے علامت ہے اور مظنہ نزول غیث ہے، تو اس کو کافر نہیں کہا جائے گا۔ کیونکہ یہ اس طرح ہے جیسا کہ وہ کہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلاں وقت بارش ہوئی۔ لیکن زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ کہنا مکروہ تنزیہی ہے، کیونکہ یہ کلمہ وہم پیدا کرتا ہے، کفر اور ایمان کے درمیان متردد ہے، تو کہنے والے کے بارے میں بدگمانی پیدا ہوتی ہے، اور اس لئے بھی کہ یہ اہل جاہلیت کا شعار ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ کفر سے مراد کفران نعمت ہے، کہ اس نے بارش کی نسبت کرنے میں صرف ستارے کی طرف نسبت کرنے پر اکتفاء کیا۔ اس کی تائید دوسری روایت سے ہوتی ہے: **اصبح من الناس شاکرا و کافرا**، اور ایک اور روایت میں ہے: **ما انعمت علی عبادی من نعمة الا اصبح فریق بها کافرین.**

بارش کے سبب کفرانِ نعمت

۴۵۹۷: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ بَرَکَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِیْقٌ مِنَ النَّاسِ بِهَا کَافِرِیْنَ یَنْزِلُ الْغَیْثَ فَیَقُوْلُوْنَ بِکَوْکَبِ کَذَاوَکَذَا۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱/۸۴ الحدیث رقم (۱۲۶-۷۲)، والنسائی فی السنن ۳/۱۱۴ الحدیث رقم ۱۵۴۲، وأحمد فی المسند ۲/۳۶۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جب بھی آسمان سے کوئی برکت اتارتے ہیں تو انسانوں کی کوئی نہ کوئی جماعت اس کے سبب کفر اختیار کر لیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بارش نازل فرماتے ہیں۔ تو لوگ کہتے ہیں ہم پر فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی ہے۔ (تو یہ شخص اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے والا ہے)۔ (مسلم)

تشریح: برکة: برکت سے مراد بارش ہے۔ ایک روایت میں "من نعمة" ہے۔

ینزل الله الغیث: یہ جملہ استینا فیہ برائے بیان ہے۔ یا تمثال برہان ہے۔

الفصل الثانی:

نجوم جادو کا حصہ ہے

۴۵۹۸: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِنَ النُّجُوْمِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ زَادَ مَازَادَ۔ (رواه احمد وابوداود وابن ماجة)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۴/۲۲۶ الحدیث رقم ۳۹۰۵، وابن ماجه فی ۲/۱۲۲۸ الحدیث رقم ۳۷۲۶، وأحمد فی المسند ۱/۳۱۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم نجوم کا ایک حصہ حاصل کرنے والا جادو کا ایک حصہ حاصل کرنے والا ہے۔ اس نے جس قدر نجوم کا علم حاصل کیا اس نے اسی قدر جادو کا علم حاصل کیا۔ یہ احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ نے نقل کی ہے۔

تشریح: ما زاد: ای مدة زیادته من النجوم۔ پس 'ما' بمعنی "ما دام" ہے اور اس کی تائید شارح کے قول "ای

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زاد النبی ﷺ سے ہوتی ہے۔جیسا کہ ابن عباسؓ نے نبی کریم ﷺ سے علم نجوم کے بارے میں روایت کیا ہے۔(کذا فی الشراح) بظاہر اس کا مطلب یہ ہے: زاد اقتباس شعبة السحر مازاد اقتباس علم النجوم۔طیبیؒ فرماتے ہیں کہ علماً کو نکرہ لایا ہے تقلیل پر دلالت کرنے کیلئے اور اسی وجہ سے اقتباس کا لفظ ذکر کیا ہے، کہ اس میں قلت کا معنیٰ پایا جاتا ہے اور ''من النجوم'' علمًا کی صفت ہے اور زاد کا فاعل ''الشعبة'' ہے اور ''زاد'' کو مذکر لانا'' سحر'' کا اعتبار کرتے ہوئے ہے اور ''زاد ما زاد'' جملہ مستانفہ ہے برائے تقدیر لایا گیا ہے۔تقدیری عبارت یوں ہے: یزید السحر ما یزید الاقتباس. مضارع کی جگہ ماضی کو لانا تحقیق اور ثبوت کیلئے ہے۔

شرح السنہ میں ہے کہ ممنوع علم نجوم وہ ہے، جس میں ان واقعات کے جاننے کا دعویٰ ہو جو ابھی تک رونما نہیں ہوئے اور ان میں سے کچھ مستقبل میں رونما ہو جاتے ہیں۔جیسے ہوا چلنے کے وقت کی خبر دینا، بارش برسنے کے وقت کی خبر دینا برف پڑنے کے وقت کی خبر، سردی اور گرمی پڑنے کی خبر دینا، قیمتوں کے بڑھنے کی خبر دینا وغیرہ اور نجوم والوں کا خیال یہ ہے کہ وہ ان اوقات کو ستاروں کے چلنے اور رفتار سے معلوم کرتے ہیں اور ستاروں کے جمع ہونے اور الگ ہونے سے معلوم کرتے ہیں۔حالانکہ یہ ایسا علم ہے کہ اللہ نے اس کو پوشیدہ رکھا ہے کسی کو اس پر مطلع نہیں فرمایا، جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًاؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾ [لقمن:٣٤] ''خدا ہی کو قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی (حاملہ کے) پیٹ کی چیزوں کو جانتا ہے (کہ نر ہے یا مادہ) اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کو کیا کام کرے گا اور کوئی متنفس نہیں جانتا کہ کس سرزمین میں اسے موت آئے گی بیشک خدا ہی جاننے والا (اور) خبردار ہے''۔

باقی وہ علم نجوم جو بطریق مشاہدہ حاصل کئے جاتے جس کے ذریعے زوال اور قبلے کا رُخ معلوم کیا جاتا ہے تو وہ ممنوع میں داخل نہیں ہیں۔اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِؕ......﴾ [الانعام:٩٧] اور اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وبالنجم هم يهتدون﴾ [النحل:١٦] اللہ نے ان آیات میں خبر دی ہے کہ ستارے اوقات اور راستوں کے معلوم کرنے کے ذرائع ہیں۔اگر یہ نہ ہوتے تو لوگ قبلے کا رُخ معلوم نہ کر پاتے۔حضرت عمرؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا: تعلموا من النجوم ماتعرفون به القبلة والطريق ثم أمسكوا۔کہ اتنا علم نجوم سیکھو جس کے ذریعے تم قبلہ اور راستہ معلوم کر سکو، پھر مزید سیکھنے سے رک جاؤ۔

وحی کے تین منکر

۴۵۹۹: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى كَاهِنًا وَصَدَّقَهٗ بِمَا يَقُوْلُ اَوْ اَتٰى امْرَاَتَهٗ حَائِضًا اَوْ اَتٰى امْرَاَتَهٗ فِیْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔

(رواه احمد وابوداود)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٤/٢٢٥ الحديث رقم ٣٩٠٤، والترمذی فی ١/٢٤٣ الحديث رقم ١٣٥، وأحمد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی المسند ۲/۴۰۸۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کاہن کے پاس آیا اور بات میں اس کی تصدیق کی یا بیوی کے پاس حالت حیض میں گیا یا اپنی بیوی کے ساتھ لواطت کی تو اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اتاری گئی وحی کا انکار کیا۔ یہ احمد، ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: أتى امرأته: یہ "اتیان" کنایہ از وطی ہے (حائضہ کے ساتھ)۔ "تفخیذ" کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔

حائضًا: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حال منتقلہ ہے اسی لئے تاء کا حذف جائز ہے، اگر صفت ہوتی تو تاء کا ہونا لازمی تھا۔ (انتھیٰ)۔ اس میں شک نہیں کہ اس سے مراد وصف قائم ہے، تاکہ آنے والی وعید اس پر مرتب ہو، اور تاء کو اس لئے ترک کیا کہ یہ صرف عورتوں کا وصف ہے طالق کی طرح۔

کاہن اور عراف میں فرق یہ ہے کہ کاہن مستقبل کی خبریں بتانے والے اور معرفت اسرار کا دعویٰ کرنے والے کو کہتے ہیں اور عراف شئی مسروقہ اور گمشدہ اشیاء کی جگہ بتانے والے کو کہتے ہیں۔

فقد بری: یعنی کافر ہوا کیا یہ محمول ہے حلال جاننے والے پر یا یہ تہدید اور وعید کیلئے ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں ہے: رواه احمد والاربعة، اور احمد اور حاکم کی ایک روایت میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں منقول ہے: "من أتى عرافا او كاهنا فصدقه بما يقول فقد كفر بما انزل على محمد"۔

الفصل الثّالث:

ساحر کی سچی بات کی حقیقت

۴۶۰۰: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَفِي السَّمَآءِ ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خِضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَاَنَّهٗ سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْ قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ فَسَمِعَهَا مُسْتَرِقُوا السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُوا السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُهٗ فَوْقَ بَعْضٍ وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِكَفِّهٖ فَحَرَّفَهَا وَبَدَّدَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيُلْقِيْهَا اِلٰى مَنْ تَحْتَهٗ ثُمَّ يُلْقِيْهَا الْاٰخَرُ اِلٰى مَنْ تَحْتَهٗ حَتّٰى يُلْقِيَهَا عَلٰى لِسَانِ السَّاحِرِ اَوِالْكَاهِنِ فَرُبَّمَا اَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ اَنْ يُلْقِيَهَا وَرُبَّمَا اَلْقَاهَا قَبْلَ اَنْ يُّدْرِكَهٗ فَيُكَذِّبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذِبَةٍ فَيُقَالُ اَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَاوَكَذَا وَكَذَا وَكَذَا فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِیْ سُمِعَتْ مِنَ السَّمَآءِ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۸/۵۳۷ الحدیث رقم ۴۸۰۰، والترمذی فی السنن ۵/۳۳۷ الحدیث رقم ۳۲۲۳، وابن ماجه فی ۱/۶۹ الحدیث رقم ۱۹۴۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ آسمان میں اپنا کوئی حکم بھیجتا ہے تو فرشتے عاجزی سے اپنے پروں کو پھڑ پھڑانے لگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد اس طرح ہوتا ہے کہ جیسے صاف پتھر پر زنجیر ماری جاتی ہے جب فرشتوں کی گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے سے دریافت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیا ارشاد فرمایا؟ تو دوسرا عرض کرتا ہے کہ جو کچھ فرمایا حق فرمایا اس وقت شیاطین بھی زمین سے تلے اوپر آسمان کی طرف جاتے ہیں اور اس حکم الٰہی کو سن کر اوپر والا نیچے والے کو بتاتا ہے اور اس طرح یہ ایک دوسرے سے باتیں اڑا لیتے ہیں سفیان نے اس موقعہ پر اپنی ہتھیلی کو موڑ کر اور پھر انگلیوں کو ملا کر بتایا کہ شیاطین اس طرح ایک تو ایک ملے ہوئے ہوتے ہیں اور اوپر والا نیچے کو اور وہ اپنے نیچے والے کو اور پھر اسی طرح یہ اطلاع زمین پر ساحروں اور کاہنوں تک پہنچائی جاتی ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ فرشتے شیاطین کو آگ کا کوڑا مارتے ہیں بات پہنچانے سے قبل اور ان کے بات پہنچانے کے بعد انہیں لگ جاتی ہے اور وہ اپنے نیچے والے کو خبر کر دیتا ہے پھر یہ کاہن ایک بات میں سو باتیں جھوٹ ملا کر لوگوں سے بیان کرتے ہیں اور ایک سچی بات کی بدولت سب باتوں میں ان کی تصدیق کی جاتی ہے۔

تشریح: قضى الله الامر: ای قدره أو حكم به۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب قضاء کو آسمان میں ظاہر فرماتا ہے۔

خضعانا: خاء کے ضمہ کے ساتھ ہے، اور کبھی خاء کو کسرہ بھی دیا جاتا ہے بمعنیٰ تواضعاً وتخاشعاً۔ نہایہ میں ہے کہ ”خضعان“ مصدر ہے۔ خضع یخضع خضوعًا و خضعانًا، کا۔ بمعنیٰ انقیاد ومطاوعت جیسے غفران اور کفران مصدر ہیں، اور کسرہ کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے وجدان کی طرح اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ ”خاضع“ کی جمع ہو۔

سلسلة: ہر دو سین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

سلسلة: دونوں سین مہملہ ومکسور ہیں۔

فيصدق: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

صفوان: صاد کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ نرم چکنے پتھر کو کہتے ہیں۔

فحر فها: راء کی تشدید کے ساتھ ہے اور ”بدد“ دال کے تشدید کے ساتھ ہے۔ بدّ د: دال اولیٰ کی تشدید کے ساتھ بمعنی فرق۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس جملہ میں ملائکہ کی کیفیت رکوب کا بیان ہے کہ وہ ہاتھ کی انگلیوں کی طرح سے ایک دوسرے کے اوپر ہوتے ہیں' جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [**تصف السنتكم الكذب**] اور آپ کے اس قول میں ہے: وجہ یصف الجمال

فزع: فاء کے ضمہ اور زاء کے شد کے ساتھ ازيل الفزع کے معنیٰ میں ہے۔

خضعانًا: طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ جمع ہو تو حال ہے اور مصدر ہو تو اس کا مفعول مطلق واقع ہونا جائز ہے۔ کیونکہ ” ضرب الاجنحه “ میں خضوع کا معنیٰ پایا جاتا ہے۔ یا مفعول لہ ہوتا ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ مفعول لہ ہونا زیادہ ظاہر ہے۔ طیبیؒ فرماتے ہیں مفعول لہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پرندہ جب کوئی خوف محسوس کرتا ہے، تو وہ کانپتے ہوئے اپنے پر جھکا لیتا ہے۔ (

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو ممکن ہے فرشتوں کے پر جھکانے کا سبب بھی یہی ہو)۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ فرشتوں کے ''ضرب اجنحه'' کی کیفیت کا علم صرف اللہ سبحانہ کے پاس ہے کہ وہ خوف کی وجہ سے ہے، یا کسی اور وجہ سے۔

كانه سلسلة ......: جملہ حالیہ ہے۔

فزع عن قلوبهم: ابن عامر نے ﴿حتى اذا فزع عن قلوبهم﴾ [سبا:۲۳] میں ''فزع'' کو صیغہ معروف کے ساتھ پڑھا ہے اور اس کا فاعل ''اللہ'' ہے۔

الحق: منصوب ہے، فعل محذوف قالوا ہے یعنی فرشتوں نے اللہ کی فرمائی ہوئی بات کی تعبیر ''الحق'' سے کی۔ مصدر محذوف کی صفت ہونے کی وجہ سے منصوب ہے ای القول الحق. ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے، اس صورت میں تقدیر ''قوله الحق'' ہوگی۔

مسترقو السمع: مبتدا ہے اور خبر اس کی ''هكذا'' ہے۔

بعضه فوق بعض: ماقبل کیلئے توضیح یا بدل ہے۔

بعضه: کی خبر واحد اور مرجع جمع ہے، یہ مذکور کی طرف راجع ہے اور اسی قبیل سے یہ آیت ہے: ﴿وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيئًا مَرِيئًا﴾ [النساء: ٤] ''اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دیا کرو۔ ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو اسے ذوق وشوق سے کھالو۔'' منه کی ضمیر جاری مجری اشارہ ہے، گویا کہ اصل میں ہے ''عن شيء من ذلك''۔ (طیبیؒ)

فيسمع الكلمة: ای أحدهم أو المسترق: طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کا عطف ''مسترقوا السمع'' پر ہے اور راوی کا کلام درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے ہے۔ میرے نزدیک زیادہ ظاہر ہے یہ ''فسمعها مسترقوا لسمع'' کا اعادہ ہے، طول فصل کی وجہ سے جو صحابی کے قول ''ومسترقوا لسمع......'' اور تابعی کی تفسیر ''و وصف......'' کی وجہ سے آیا ہے اور صیغہ ماضی سے مضارع کی طرف عدول حال مشار الیہ کے استحضار کیلئے ہے۔

على لسان الساحر: ''الٰی سے'' ''علٰی'' کی طرف عدول انتهاء امر کی طرف اشارہ کرنے کیلئے اور مقصود ظہور کے استقلال کیلئے ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ساحر منجم ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے: المنجم ساحر'' کیونکہ ساحر غیب کی خبریں نہیں دیتا۔اھ

او الكاهن: او تنویع کیلئے ہے، اور ابن عباس کی آنے والی حدیث میں صراحت ہے کہ کاہن ساحر ہی ہے۔ اس تقدیر پر ''او'' شک کیلئے ہے۔

أدرك الشهاب: رفع کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں نصب کے ساتھ ہے۔ طیبیؒ فرماتے ہیں منصوب اور مرفوع دونوں کا احتمال ہے، یعنی الجنی قد يشرف السمع قبل أن يلقبه الى وليه أدرك الشهاب أو أدركه الشهاب.۔ ملا علی قاری فرماتے ہیں احتمال ثانی ظاہر ہے کیونکہ اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے: ﴿إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ﴾ [الصافات: ۱۰] ''ہاں جو کوئی (فرشتوں کی کسی بات کو) چوری سے جھپٹ لینا چاہے تو جلتا ہوا انگارہ ان کے پیچھے لگتا ہے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اى لحقه و أدر کہ شہاب اس کو کہتے ہیں جو یوں لگتا ہے گویا کہ وہ ستارا ہے ہو ٹوٹتا ہے۔(ذکرا کبر ضاوی)

كانه سلسلة على صفوان: معنیٰ میں اس کی نظیر صفت وحی کی یہ حدیث ہے جس میں بعض اوقات کی وحی کی کیفیت کا بیان ہے: "يأتينى فى مثل صلصلة الجرس وهو اشد على فيفصم عنى وقد وعيت ما قال"۔علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ گھبراہٹ کا ختم ہونا قول کے سننے کے بعد ہوتا ہے، جیسا کہ نبی کے سننے کے بعد "فصم" ہوتا تھا۔(انتھی)

ملاعلی قاری فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ یہ اس کی نظیر ہو ورنہ تو دونوں میں فرق صاف ظاہر ہے، کیونکہ نبی سے جیسے وحی منقطع کی جاتی، تو وہ فرشتے کی کہی ہوئی بات یاد کر چکے ہوتے تھے اور یہاں فزع ختم ہونے کے بعد بھی فرشتوں کو پتہ ہی نہیں ہوتا کہ کیا کہا ہے اس کا قرینہ سوال ہے۔ یا یوں کہا جائے کہ ان میں سے بعض ارباب کمال کو اس کا علم ہو جاتا ہے، پس "قالو ماذا قال ربكم" کے قائلین وہ ملائکہ ہوں گے کہ جن کو غلبہ فزع کی وجہ سے علم نہ ہو سکا ہوگا کہ ان کے رب نے کیا کہا ہے۔ اگلے "قالوا" سے مراد مقرب ملائکہ ہیں اور الحق سے مراد کلمہ "کن" ہے یا باطل کا مقابل ہے۔ پس "کن" سے مراد وہ چیز ہے، جو اس کے حوادثات کا سبب ہو، بایں طور کہ اللہ کا کسی کے گناہ کو معاف کرنا، کسی کی پریشانی دور کرنا کسی قوم کو بلند کرنا' کسی کو ذلیل کرنا، دن کو رات میں داخل کرنا، رات کو دن میں داخل کرنا، مردے سے زندہ پیدا کرنا زندے سے مردہ پیدا کرنا۔ بیمار کو شفاء دینا، تندرست کو بیمار کرنا، آزمائش میں نہ مبتلا کو مبتلا کرنا۔ مبتلا کو آزمائش سے نجات دینا، ذلیل کو عزت دینا، عزت والے کو ذلیل کرنا۔ مالدار کو فقیر بنانا، فقیر کو مالدار بنانا۔ پس پاک ہے وہ ذات جو جب کسی چیز کے ہونے کا ارادہ کر لے تو کہتا ہے "ہو جا" پس وہ ہو جاتا ہے اور یہ کلمہ حق ہوتا ہے، نہ کہ باطل کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ربنا ما خلقت هذا باطلا﴾ [آل عمران۔۱۹۱] کہ آپ نے ان چیزوں کو عبث پیدا نہیں کیا، بلکہ صواب وحکمت کے تحت پیدا کیا ہے۔

اور یہ بھی جائز ہے کہ اس سے مراد لوح محفوظ میں موجود قول مسطور ہو اور "حق" بمعنیٰ "ثابت" ہو، اور مراد اس سے یہ ہو کہ اللہ نے کائنات میں اس چیز کا فیصلہ کر لیا، جو ازل سے لوح محفوظ میں ثابت ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اول مراد کی تائید "فسمعها" کی ضمیر مؤنث سے ہوتی ہے، یعنی سمع الكلمة الحقة اور مقرب فرشتوں نے جواب میں تصریح سے مجمل وموجز کلام کی طرف عدول اس لئے کیا کہ ان کا مقصود فرشتوں کے دلوں سے بالکلیہ گھبراہٹ ختم کرنا ہے یعنی تم مت ڈرو' اپنے دلوں کو سنبھالو' کیونکہ یہ وہی بات ہے جو ہر دن معاملات کے فیصلے تمہیں دیئے جاتے ہیں، نہ کہ وہ ہے جو تم نے خیال کیا قیامت کے قائم ہونے کا۔

اور اس بات کی دلیل کہ جواب دینے والے مقرب فرشتے ہوتے ہیں جیسے جبرائیل، مکائیل وغیرہ۔ ابو داؤد میں مروی ابن مسعودؓ کی حدیث ہے: قال: اذا اتكلم الله عزوجل بالوحى تسمع أهل السماء صلصلة كجر السلسلة على الصفا' فيصعتون' فلا يز الون كذلك حتى يأتيهم جبريل 'فاذاجاء جبريل فزع عن قلوبهم فيقولون :يا جبريل ماذا قال ربكم؟ فيقول الحق فيقولون الحق۔ کہ جب اللہ وحی پر تکلم فرماتے ہیں تو آسمان والے صاف پتھر پر زنجیر کھینچنے کی آواز کی طرح آواز سنتے ہیں تو بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ پس وہ اسی طرح بے ہوشی میں ہوتے ہیں یہاں تک کہ جبرائیل ان کے پاس آ جاتے ہیں۔ پس جب جبرائیل ﷺ آ جاتے ہیں تو ان کے دلوں سے خوف ختم ہو جاتا ہے، یہ آسمان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے کہتے ہیں، اے جبرائیل علیہ السلام! کیا کہا تمہارے ربّ نے؟ تو جبرائیل علیہ السلام فرماتے ہیں، **الحق**۔ پس وہ کہتے ہیں حق کہا۔

قوله: وهو العلی الکبیر: یعنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ رفیع الشان ہے عظیم البرھان ہے۔

مسترقوا السمع هکذا: یعنی بعض بعض کے اوپر سوار ہوتے ہیں پے در پے جیسا کہ انگلیاں ایک دوسرے کے اوپر ہوتی ہیں۔

علی لسان الساحر: طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''ساحر'' سے مراد ''نجومی'' ہے، جیسا کہ حدیث میں ہے ''**المنجم ساحر**'' کیونکہ ساحر غیب کی باتیں نہیں بتاتا۔

قبل ان یدرکه: ظاہر یہ ہے کہ یہ ادراک لامحالہ ہوتا ہے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں اس بارے میں اختلاف ہے، کہ جن شیاطین کو مارا جاتا ہے، کیا اس سے ان کو صرف تکلیف ہوتی ہے اور وہ لوٹ جاتے ہیں یا جل کر ختم ہو جاتے ہیں۔ لیکن کبھی اس چڑھنے والے کو یہ لگ جاتا ہے اور کبھی نہیں لگتا جس طرح کہ موج کا معاملہ کشتی پر سوار شخص کے ساتھ ہوتا ہے اس وجہ سے یہ بالکلیہ منع نہیں ہوتے، اور یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ شیطان تو آگ سے پیدا ہوا ہے، تو وہ کیسے جل سکتا ہے؟ کیونکہ شیطان خالص آگ سے نہیں بنا، جیسا کہ انسان خالص مٹی سے نہیں بنا۔ علاوہ ازیں یہ کہ قوی آگ جب کمزور آگ پر غالب آ جاتی ہے تو اس کو ختم کر دیتی ہے۔

قوله: فیکذب معها: یعنی کاہن اس ایک سچے واقع کے مطابق کلمہ کے ساتھ سو جھوٹ ملاتا ہے' اور اپنی جھوٹی باتوں میں وہ اس ایک سچی بات کو بھی شامل کر دیتا ہے' پس جب کوئی شخص کاہن کے کذبات کی وجہ سے کاہن کو جھٹلاتا ہے تو لوگ کہتے ہیں......۔

قوله: فیقال: ألیس قد قال لنا یوم کذا وکذا: کذا وکذا: ''**فیقال**'' کا مطلب ہے: **فیقول الناس** اور نسخہ میں ''**فقال**'' ہے ای **من یصدق الکاهن** پہلا ''**کذا وکذا**'' کنایہ ہے سال اور مہینہ سے' اور دوسرا ''**کذا وکذا**'' کنایہ ہے اس خبر سے جو واقع کے مطابق تھی۔

فیصدق بتلك الکلمة: فیصدق: بصیغہ مجہول ہے' دال مشدد ہے یعنی تمام کلماتِ کذبات کی تصدیق کی جاتی ہے کاہن کی' اس کے یہ بہت ہی زیادہ عجیب بات ہے اور غرائب میں سے ہے کہ ایک جھوٹے کے سو جھوٹ میں ایک بات سچ ہونے کی وجہ سے اس کی تصدیق کرتے تھے اور اس شخص کی تصدیق نہیں کی جس سے زندگی بھر میں سچ کے سوا کچھ بھی نہیں سنا۔ پس تحقیقی بات یہ ہے کہ تصدیق اللہ تعالیٰ کی توفیق ہی سے ہے۔

ستارا کسی کی موت وحیات سے نہیں ٹوٹتا

٤٦٠١: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّهُمْ بَیْنَاهُمْ جُلُوْسٌ لَیْلَةً مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُمِیَ بِنَجْمٍ وَاسْتَنَارَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاکُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ فِی الْجَاهِلِیَّةِ اِذَا رُمِیَ بِمِثْلِ هٰذَا قَالُوْا اَللّٰهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ كُنَّانَقُوْلُ وُلِدَ للَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيْمٌ وَمَاتَ رَجُلٌ عَظِيْمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّهَا لَايُرْمٰى بِهَا لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيٰوتِهٖ وَلٰكِنْ رَبُّنَا تَبَارَكَ اسْمُهٗ اِذَا قَضٰى اَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ ثُمَّ سَبَّحَ اَهْلُ السَّمَآءِ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ التَّسْبِيْحُ اَهْلَ هٰذِهِ السَّمَآءِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ الَّذِيْنَ يَلُوْنَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ لِحَمَلَةِ الْعَرْشِ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ فَيُخْبِرُوْنَهُمْ مَاقَالَ فَيَسْتَخْبِرُ بَعْضُ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ بَعْضاً حَتّٰى يَبْلُغَ هٰذِهِ السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ فَيَقْذِفُوْنَ اِلٰى اَوْلِيَآءِ هِمْ وَيَرْمُوْنَ فَاجَآءُ وْ بِهٖ عَلٰى وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ وَلٰكِنَّهُمْ يَقْرِفُوْنَ فِيْهِ وَيَزِيْدُوْنَ۔

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤/ ١٧٥٠ الحديث رقم (١٢٤-٢٢٢٩)' والترمذى فى السنن ٥/٣٣٧ الحديث رقم ٣٢٢٤' وأحمد فى المسند ١/٢١٨۔

ترجمہ:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ مجھے ایک انصاری صحابی نے اطلاع دی کہ ہم ایک رات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ ستارا ٹوٹا اراس کی روشنی پھیل گئی۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دیکھ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فرمایا تم زمانہ جاہلیت میں اسے کیا کہا کرتے تھے انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ہم تو یہ کہا کرتے تھے کہ آج کی رات کوئی بڑا آدمی پیدا ہوا یا مر گیا ہے۔تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کی موت وحیات سے ستارا نہیں ٹوٹتا لیکن ہمارا رب جس کا نام برکتوں والا ہے۔جب وہ کسی کام کا حکم فرماتا ہے تو حملۃ العرش فرشتے تسبیح کرتے ہیں پھر ان کی تسبیح کی آواز سن کر قریبی آسمان والے فرشتے تسبیح کرتے ہیں یہاں تک کہ یہ تسبیح اس فرشتوں تک پہنچ جاتی ہے جو آسمان دنیا میں مقرر ہیں۔ پھر حملۃ العرش کے قریب والے فرشتے پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا کہا۔پس وہ اس کو اللہ تعالیٰ کی بات کی خبر دیتے ہیں پھر کچھ آسمان والے ایک دوسرے سے دریافت کرتے ہیں یہاں تک کہ یہ بات آسمان دنیا تک پہنچ جاتی ہے۔پھر سننے والے جنات اس بات کو اچک لیتے ہیں اور اپنے دوستوں تک پہنچا دیتے ہیں اور ان جنات پر پتھر تو پھینکے جاتے ہیں پھر اگر وہ کاہن اس بات کو اسی طریق پر بیان کریں تو وہ حق ہوتی ہے۔مگر وہ اس میں اضافہ کرتے اور جھوٹ بولتے ہیں۔(مسلم)

تشریح: رمی:صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

یلون:لام کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

قوله:ولد الليل رجل عظيم:ولد:صیغہ مجہول ہے اور اس کو ''بوقت پیدائش سے ہی ''عظیم الشان'' کہنا ''مایؤ ول'' کے اعتبار سے تھا' **ومات رجل عظيم**:بظاہر یہ واؤ بمعنی ''او'' ہے'اور مطلب یہ ہے: **كنانقول تارة كذاو أخرى كذا**۔

فانهالاير سى:ضمیر منصوب ''النجوم'' کی طرف راجع ہے'اس پر دلالت ''النجم'' کر رہا ہے جس سے مراد جنس ہے۔

ربنا تبارك اسمه:جس کے نام میں اتنی خیر کثیر ہو تو وہ ذات کیسی ہوگی۔

فيخطف الجن السمع:اس فعل کو بصیغۂ مذکر طاء کے فتحہ کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے اور ایک نسخہ میں بصیغۂ تانیث اور طاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔قاموس میں ہے: **خطف كسمع وضرب** ،اور یہ لغت کم یا ردی ہے اور ''السمع'' سے مراد ''سموع''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔

یرمون: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے

یقرفون: راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ **یکذبون** کے معنیٰ میں ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں "یقرفون" کو "فی" کے ساتھ متعدی کیا' چونکہ یہ معنی کذب کو متضمن ہے. قاموس میں ہے: "**قرف علیهم بغى ولعياله كسب وخلط وكذب**"۔ پس زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اس کا معنیٰ ہے کہ وہ سنی ہوئی سچی بات میں جھوٹ ملاتے ہیں، اور اس کو خلط ملط کرتے ہیں، اور عام طور پر اس کو اس کی اصلی حالت پر نہیں چھوڑتے۔

ھم جلوس: حذف مضاف کے ساتھ ہے "**ذوو جلوس**" یا جالسون کے معنی میں ہے۔

رمی بنجم واستنار: طیبیؒ کہتے ہیں کہ یہ "**بینا ھم**" کا جواب ہے، اور اس میں "**اذ**" کو ذکر نہیں کیا، جیسا کہ اصمعی کا یہ شعر اس کو واضح کر رہا ہے۔

"**وبینا نحن نرقبه اتانا**"۔

"**ھم جلوس**" مبتداء خبر ہیں کیونکہ **بینا** اور **بینما** کا تقاضا ہے کہ ان کے ساتھ جملہ اسمیہ ہو، اور "**بینا**" اپنے جواب کے ساتھ مل کر "**ان**" کی خبر ہے **قوله فقال لهم رسول الله ﷺ : ماكنتم تقولون فى الجاهلية ....:** نبی کریم ﷺ کو ان تمام امور کا علم سے تھا' اس لئے آپ ﷺ کا سوال فرمانا برائے استعلام (جاننے کے لئے) نہیں تھا' بلکہ اس لئے تھا کہ وہ زمانہ جاہلیت کے اعتقاد کے مطابق جواب دیں تاکہ آپ ﷺ ان کے غلط عقائد کا ازالہ فرمائیں اور ان کا قلع قمع فرمائیں۔

"**ومات رجل عظیم**": اس میں بظاہر واؤ بمعنیٰ "**او**" ہے۔ یا معنیٰ یہ ہے **کنا نقول تارة کذا وتارة کذا**.

اهل هذه السمآء الدنيا: طیبیؒ کہتے ہیں کہ اگر آپ یہ اعتراض کریں کہ "**الدنيا، السمآء**" کی صفت ہے اور **السمآء** اسم اشارہ کی صفت ہے، تو وصف کا وصف کیسے درست ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اس وقت درست نہیں ہوتا جب صفت مفہوم ہو، نہ کہ ذات ہو، اور اسم اشارہ کے اوصاف ذوات ہوتے ہیں لہٰذا ان کا وصف لانا درست ہے۔

یلون: لام کے ضمہ کے ساتھ ہے بمعنی **یقربون**۔

حملة العرش لحملة العرش: ضمیر کی جگہ اسم ظاہر لائے تاکہ ضمیر کا "**الذین یلون**" کی طرف لوٹنے کا وہم پیدا نہ ہو۔

قوله: فیبخر ونهم ماقال: (مفعول سے پہلے حرف جر باء مقدر ہے۔) **ای بما قال تعالیٰ**

ویرمون: علامہ طیبیؒ کہتے ہیں اس کا عطف "**یقذفون**" پر ہے۔

ویرمون ....: اور جنات کو شہاب ثاقب کیساتھ یہ مارنا ان کا اس بات کو اپنے ساتھیوں کی طرف پھینکنے کے بعد ہوتا ہے، اور یہ ان دو حالتوں میں سے ایک حالت ہے جو ہم نے سابقہ حدیث میں ذکر کی ہے اور وہ "**ربما القاها قبل ان يدركه**" ہے۔ ملا علی قاریؒ کہتے ہیں زیادہ واضح یہ ہے کہ واؤ مطلق جمع کیلئے ہے۔ چنانچہ رمی دونوں حالتوں کو شامل ہو جائے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ستاروں کے تین مقاصد

۴۶۰۲: وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ النُّجُوْمَ لِثَلٰثٍ جَعَلَهَا زِيْنَةً لِلسَّمَآءِ وَرُجُوْماً لِلشَّيٰطِيْنِ وَعَلَامَاتٍ يُهْتَدٰى بِهَا فَمَنْ تَاَوَّلَ فِيْهَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ اَخْطَاَ وَاَضَاعَ نَصِيْبَهٗ وَتَكَلَّفَ مَالَمْ يَعْلَمْ (رواه البخارى تعليقا وفى رواية رزين) وَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْهِ وَمَالَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ وَمَا عَجِزَ عَنْ عِلْمِهِ الْاَنْبِيَاءَ وَالْمَلٰئِكَة۔

أخرجه البخارى تعليقاً ٦/٢٩٥ باب من كتاب بدء الخلق۔

ترجمہ: حضرت قتادہؒ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو تین مقاصد کے لئے پیدا فرمایا۔① آسمان کی زیب و زینت کے لئے۔② شیاطین کو مارنے کے لئے ③ ان کو علامات بنایا تاکہ اس کے ذریعے راستے تلاش کئے جائیں جس نے ان ستاروں سے متعلق اس کے علاوہ اور کوئی بات بیان کی اس نے غلطی کھائی اور اپنا حصہ ضائع کیا اور ایسی چیز جس کو وہ نہیں جانتا اس میں تکلف کیا۔ یہ بخاری سے تعلیقاً نقل کی اور رزین کی روایت میں ان الفاظ کا تو فرق ہے۔ اس نے بے فائدہ چیز کا تکلف کیا جس کا اسے علم نہیں اور ایسی چیز میں تکلف کیا جس کے معلوم کرنے سے فرشتے اور انبیاء (بھی) عاجز رہے ہیں۔

تشریح: یهتدٰی: صیغہ مجہول ہے۔

و رجومًا للشیاطین: جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ﴾ [الملك: ٥] ”اور ہم نے قریب کے آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے زینت دی اور ان کو شیطان کے مارنے کا آلہ بنایا اور ان کے لئے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے“۔

یهتدٰی بها: بصیغۂ مجہول ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وبالنجم هم يهتدون﴾۔

اضاع نصیبه: اور وہ حصہ مقصودی کاموں میں اشتغال ہے جو کہ اس کو دنیا و آخرت میں فائدہ دے۔

تکلف ما لا یعلم: مطلب یہ ہے کہ آسمان کی خبروں کا علم کتاب و سنت کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا اور کتاب و سنت میں گزری ہوئی باتوں سے زیادہ موجود نہیں ہے۔ واللہ اعلم عقلمندوں کی حکایات میں ہے کہ ایک نجومی کی کوئی چیز چوری ہو گئی، تو کسی عارف نے اس سے کہا کہ تو زمین پر جو چیز ہے وہ نہیں جانتا، تو آسمانی باتوں کے جاننے کا دعویٰ کیسے کرتا ہے؟

و تکلف مالا یعنیه: کیونکہ حدیث میں ہے: **من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه**۔

قوله: وما لا علم به: امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: **لیس نفیا لما یتعاناه المنجم من الأحکام واثباتا لغیره، بل نفیه بلکیة**، اگلے جملہ: ”**وما عجز عن علمه الانبیاء والملائکه**“ سے اس کی تائید ہوتی ہے بایں طور کہ ان میں سے کسی سے بھی کوئی چیز ظاہر نہیں ہوئی، وگرنہ تو اللہ تو اس بات کو بخوبی جانتا ہے کہ یہ نجوم سے متعلقہ بعض احکام کو جانتے ہیں کہ نہیں جانتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۶۰۳ : وَعَنِ الرَّبِيعِ مِثْلُهٗ وَزَادَ وَاللّٰهِ مَاجَعَلَ اللّٰهُ فِیْ نَجْمٍ حَيٰوةَ اَحَدٍ وَّلَارِزْقَهٗ وَلَا مَوْتَهٗ وَاِنَّمَا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَيَتَعَلَّلُوْنَ بِالنُّجُوْمِ۔

رواہ رزین۔

ترجمہ: ان الفاظ کو ربیع سے بھی نقل کیا ہے اور اس میں یہ اضافہ بیان کیا اللہ تعالیٰ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے کسی ستارے میں کسی کی زندگی اور موت نہیں رکھی اور نہ رزق رکھا ہے بلاشبہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹا فاتراء کرتے ہیں اور ستاروں کا بہانہ کرتے ہیں۔

راویٔ حدیث:

ربیع بن زیاد: حضرت عمرؓ اور ابی بن کعبؓ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے قتادہ اور ابونضرہ روایت کرتے ہیں۔ مؤلف نے ''الاکمال'' میں ان کا اسم گرامی ذکر نہیں فرمایا۔ اھ

کاہن جادوگر ساحر کا حکم رکھتا ہے

۴۶۰۴ : وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ بَابًا مِنْ عِلْمِ النُّجُوْمِ لِغَيْرِ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فَقَدِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ اَلْمُنَجِّمُ كَاهِنٌ وَالْكَاهِنُ سَاحِرٌ وَالسَّاحِرُ كَافِرٌ۔

رواہ رزین۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی آدمی علم نجوم میں سے کوئی قسم سیکھے جو اس مقصد کے علاوہ ہو جس کا قرآن مجید میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ (وہ تین مقاصد ہیں) تو اس نے جادو کا ایک حصہ سیکھا اور نجومی بھی کاہن کی طرح ہے اور کاہن جادوگر اور ساحر کا حکم رکھتا ہے اور جادوگر کافر ہے۔

تشریح: طیبیؒ کہتے ہیں جان لیجئے کہ شیخ ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القشیری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''مفاتیح الحجج فی ابطال مذهب المنجمين'' میں اس مسئلے کو تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے اور اس میں ان کے اقوال ذکر کئے ہیں۔ ان اقوال میں قول اقرب ان لوگوں کا ہے جو کہتے ہیں کہ یہ حوادث ابتداءً اللہ اپنی قدرت اور اختیار سے پیدا فرماتے ہیں، لیکن اللہ نے یہ عادت جاری کی ہے، کہ وہ ان ستاروں کے مخصوص برجوں میں ہونے کیوقت یہ حوادث پیدا کرتے ہیں اور ان ستاروں کے چلنے کے اختلاف سے اور ان کے اتصال اور شعاعیں پھینکنے کے وقت حوادثات میں اختلاف آتا ہے۔ جیسا کہ وطی کے بعد بچہ پیدا ہونے کی عادت اور کھانا کھانے کے بعد سیر ہو جانا اللہ تعالیٰ نے مخلوق میں یہ عادات رکھی ہیں۔

پھر فرمایا ہے کہ یہ از روئے قدرت میں تو جائز ہے لیکن اس پر کوئی قطعی دلیل موجود نہیں ہے کیونکہ جو چیز بطور عادت کے ہو، تو اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ طریق اس میں مستمر ہو، اور کم از کم درجہ یہ ہے کہ اس میں تکرار تو ہو اور ان میں نہ تکرار ہوتا ہے، اور نہ ہی عالم میں ایسا وقت آتا ہے، جو ایک ہی طرز مکرر ہو۔ کیونکہ سال میں اگر ایک سال ستارہ برج کے ایک درجہ میں ہے، جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے سال اس برج میں لوٹے گا تو ایسا نہیں ہوگا کہ ستارے اسی برج میں ہوں میں جس میں گذشتہ سال تھے۔قرائن' مقابلات اورکواکب کے ایک دوسرے کی طرف نظر سے احکام مختلف ہوتے ہیں' ان میں سے کوئی چیز مکرر نہیں ہوتی اوراس پران کا اتفاق ہے کہ احکام پر وقوف کا کوئی راستہ نہیں ہے،اوراس پر قطعی فیصلہ کرنا جائز نہیں، کیونکہ تفصیل سے اس کا احاطہ متعذر ہے۔

اوراس بات کی دلیل کہ ان کا قول کوئی حجۃ نہیں وہ یہ ہے کہ ان کا آپس میں جنتری کے حکم میں اختلاف ہے۔ اہل ہند اوراہل سند کا طریقہ اس میں عام ارباب جنتری کے خلاف ہے،اورشیخ نے ان کے درمیان اختلاف کوتفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

پھر شیخ فرماتے ہیں ان کے قول کے فساد پر یہ بات بھی دلالت کر رہی ہے، کہ جب ان سے کہا جائے کہ ہمیں بتلاؤ کہ وہ بچے جوایک وقت میں پیدا ہوئے ہوں ان کے درمیان یہی ہے صورت، قد وقامت ،نظر کے اعتبار سے کوئی تمیز نہ ہو یہاں تک کہ اگر ان میں سے ایک کوکوئی مصیبت پہنچی ہو،تو دوسرے کو بھی پہنچی ہواور جو کام ایک کرتا ہو،تو وہی کام دوسرا بھی کرتا ہو(حالانکہ عالم میں دو ایسے شخص نہیں پائے جاتے جن کی یہ صفات ہوں) وہ کہتے ہیں کہ یہ تو محال ہے کہ عالم میں دو بچے ایک ہی وقت میں پیدا ہوں۔ بلکہ ضروری ہے کہ ایک دوسرے سے مقدم ہو۔ پس ان سے کہا جائے گا کہ یہ از روئے عقل وتقدیر محال ہے یا وجود کے اعتبار سے محال ہے اوراگر وہ کہیں کہ اول کے اعتبار سے' تو ان کے قول کا فساد ظاہر ہے،اوراگر کہیں ثانی کے اعتبار سے ہے تو ان سے کہا جائے گا کہ تمہارے پاس اس کی کیا مثال ہے؟ اگر وہ کہیں کہ دوکسوفوں کا معاملہ سچا نہیں ہوتا تو ہم کہیں گے کہ کا امر کسوفین احکام میں سے نہیں ہے۔ بلکہ یہ حساب کا ایک طریقہ ہے اور وہ منکر نہیں اور یہ بھی جائز ہے، کہ یہ سیاروں کے چلنے کا معاملہ ہو، جیسا کہ وہ کہتے ہیں اورشریعت میں کسوفین (یعنی آفتاب ومہتاب کوگرہن لگنے) کے معاملہ کے بارے میں ہے، کہ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ اگر وہ کہیں کہ نجومیوں کے بارے میں تمہارا قول یہ ہے کہ وہ جو بھی فیصلہ کرتے ہیں اس میں خطا کرتے ہیں،اورعقل کے خلاف کرتے ہیں؟ ہم کہتے ہیں کہ وہ اپنے اصول میں ایک شبہ کی وجہ سے جس میں وہ پڑے ہیں خطا کرنے والے ہیں۔ پس وہ ان کے قول کا بطلان بھی نہیں جانتے ، بلکہ وہ یقین کرتے ہیں ان قواعد کے مقتضی پر جن کی بنیاد انہوں نے اصول فاسدہ پر رکھی ہے۔ ان کے قواعد کے اصول میں ان کے سلف کوشبہ واقع ہوا تھا۔تو کبھی ان اصول پر فروع کی ترکیب میں صواب تک پہنچ جاتے ہیں،تو ان کا درجہ احکام میں اصحاب حدیث اوراصحاب تخمین اوراصحاب زوج وفرد کی طرح ہے، کہ کبھی تو وہ اتفاقاً مصیب ہوتے ہیں نہ کہ ضرورتاً اور کبھی خطا کر جاتے ہیں، اور ہم نے بہت سارے کاشت کار اور ملاح دیکھے ہیں کہ بارش برسنے کی توقع ، ہوا چلنے کی توقع کا اعتبار کرتے ہیں۔ ان اوقات میں جن کی ان نے رعایت رکھا ہو، علامات کے ساتھ وہ دعویٰ کرتے ہیں، کہ انہوں نے کئی بار آسمان اور ہوا کے بارے میں میں اس کا تجربہ کیا ہے،تو ان کے بعض احکام حاصل ہوجاتے ہیں لیکن اتفاقاً نہ کہ تحقیقاً۔

المجدح کی طرف بارش کی نسبت حرام ہے

۴۶۰۵:وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَمْسَكَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِبَادِهِ خَمْسَ سِنِيْنَ ثُمَّ اَرْسَلَهُ الَاَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِنَ النَّاسِ كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَقِيْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ۔

(رواه النسائی)

أخرجه النسائی فی السنن ١٦٥/٣۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید الخدری کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پہ پانچ سال کے لئے بارش کو بند کردے پھر بارش برسائے تو لوگوں کی ایک جماعت کافر ہو جائے گی (جو نجوم کو مانتی ہے) وہ یہ کہیں گے کہ چاند کی منازل کے سبب بارش برسی ہے۔ جس منزل کا نام المجدح ہے۔ (نسائی)

تشریح: القطر: قاف کے فتحہ اور طاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ بمعنی مطر۔

سقینا: مجہول کا صیغہ ہے بمعنیٰ مطرنا۔

المجدح: میم کے کسرہ جیم کے سکون اور دال کے فتحہ کے ساتھ، اہل عرب کے ہاں منازل قمر میں سے ایک منزل ہے' یہ تین ستارے ہیں چولہے کے پتھروں کی طرح اور مجدح دراصل اس لکڑی کو کہتے ہیں جس کے سر میں دو چوڑی لکڑیاں ہو، جس کے ذریعے پانی میں ستو کو ملایا جائے۔

یقولون: جملہ مستانفہ ہے، برائے بیان یا حال ہے۔

نوء المجدح: میم کے کسرہ' جیم کے سکون' دال مہملہ کے فتحہ اور حائے مہملہ کے ساتھ۔ یہ وہ ستارے ہیں جو کبھی چوکتے نہیں۔ یہ تین ستارے ہیں جو دیگ رکھنے کے ہاں یوں ہوتے ہیں گویا کہ ''مجدح'' ہیں' اس کی وضاحت میں لکھتے ہیں: وهو خشبة فی رأسها خشبتان معترضتان يجدح بها السويق ای يضرب۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ ستاروں میں سے ایک ستارہ ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ تین ستارے ہیں جو دیگ رکھنے کے پایوں جیسے ہوتے ہیں' اس کو ''مجدح'' سے تشبیہ دی ہے جس میں تین ''شعب'' (دندانے) ہوتے ہیں اہل عرب کے نزدیک یہ ان ستاروں میں سے ہے جو ستارے بارش کی علامت ہوتے ہیں۔ (انتهى)

خمس سنين: مراد اتنا زمانہ ہے جس میں بارش برسنے سے نا اُمیدی پیدا ہو جائے۔ باقی طیبیؒ کا یہ کہنا کہ ''اس سے مراد تحدید نہیں ہے، بلکہ طول زمان مراد ہے'' تو یہ قول بعید از فہم ہے۔ کیونکہ ''خمس'' کا عدد تکثیر میں متعارف نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ان سے کہا جائے گا کہ پانچ سال کے عرصہ میں یہ ستارہ کہاں تھا، یہ ہر سال طلوع ہوتا ہے، یا نہیں؟ اور کیا اس کی تاثیر دائمی ہے، یا بعض سالوں میں ہوتی ہے؟ تو اس سے ان کے قول کا بطلان یقین کے ساتھ ظاہر ہو جائے گا۔

❀ ❀ ❀

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتَابُ الرُّؤْيَا

خوابوں کا بیان

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ''رؤیا'' مقصور ومہموز ہے، تخفیف کی غرض سے ہمزہ کا ترک بھی درست ہے۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، درست بات یہ ہے، کہ ابدال وتخفیف تو صحیح ہے البتہ ترک کرنا روایت ودرایت ہر اعتبار سے غیر صحیح ہے۔

واحدی فرماتے ہیں، ''رؤیا'' مصدر ہے، جیسے بشریٰ، سقیا اور شوریٰ مگر پھر یہ اسم ہو گیا اس متخیل کا جو خفتگی کی حالت میں دکھائی دے۔ یہ اسماء کے قائم مقام ہے۔

صاحب کشاف فرماتے ہیں کہ ''رؤیا'' رؤیت کے معنیٰ میں ہے، البتہ اتنا فرق ضرور ہے کہ ''رؤیا'' حالت نیند میں ہونے والی رؤیت کے ساتھ مخصوص ہے، حالت بیداری کی رؤیت کو ''رؤیا'' نہیں کہتے۔ ان دونوں کے درمیان فرق کرنے کیلئے ''تاء'' تانیث کو لایا جاتا ہے، جیسا کہ ''قربی'' اور'' قربة'' کے بارے میں کہا گیا ہے۔

صاحب قاموس فرماتے ہیں: رؤیت آنکھ اور دل سے دیکھنے کو کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: رأيته رؤية ورؤيا۔ ''رؤیا'' اس کو کہتے ہیں جو نیند میں دکھائی دے۔

مازریؒ فرماتے ہیں، خواب کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سونے والے کے دل میں اعتقادات پیدا کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ جاگنے والے کے دل میں جو چاہتا ہے کرتا ہے' اس کو اس شخص کی نیند روکتی ہے اور نہ اس کی بیداری۔ نائم کے دل میں ان اعتقادات کا پیدا کرنا ان امور کی علامت ہے جو اس کو کسی دوسرے وقت پیش آتے ہیں' جیسا کہ بادل بارش کی علامت ہوتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی سے چونکہ مطلق خواب کا سچا ہونا اور اس کی توصیف وفضیلت واضح ہوتی تھی تو اس لئے خواب کی قسمیں بیان کرنے کے لئے حضرت محمد بن سیرین کا ایک قول نقل کیا گیا جس میں اس طرف اشارہ ہے کہ خواب کی ہر قسم نہ تو سچی ہوتی ہے اور نہ قابل تعبیر ولائق تعبیر۔ بلکہ خواب کی صرف وہی قسم قابل تعبیر ولائق اعتبار ہوتی ہے جس کو حق تعالیٰ کی طرف بشارت اور آئندہ پیش آنے والے واقعات وحادثات کی خبر وعلامت قرار دیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خوابوں کی اقسام:

ابن سیرین نے خواب کی تین قسمیں بیان کی ہیں۔

پہلی قسم نفس کا خیال ہے یعنی انسان دن بھر جن امور میں مشغول رہتا ہے اور اس کے دل و دماغ پر جو باتیں چھائی رہتی ہیں وہی رات میں بصورت خواب مشکل ہو کر نظر آتی ہیں۔ مثلاً ایک شخص اپنے پیشہ و روزگار میں مصروف رہتا ہے اور اس کا ذہن و خیال انہیں باتوں کی فکر اور ادھیڑ بن میں لگا رہتا ہے جو اس کے پیشے و روزگار سے متعلق ہیں تو خواب میں اس کو وہی چیزیں نظر آتی ہیں یا ایک شخص اپنے محبوب کے خیال میں مگن رہتا ہے اور اس کے ذہن پر وہی محبوب چھایا رہتا ہے۔ غرضیکہ عالم بیداری میں آدمی کے ذہن پر جو چیز چھائی رہتی ہے اس کو خواب میں بھی وہی چیز نظر آتی ہے۔

دوسری قسم ڈراؤنا خواب ہے' یہ خواب اصل میں شیطانی اثرات کا پرتو ہوتا ہے' شیطان چونکہ ازل سے بنی آدم کا دشمن ہے اور جس طرح وہ عالم بیداری میں انسان کو گمراہی میں ڈالنے کی سعی کرتا ہے۔ اسی طرح انسان کو خواب میں پریشان کرنے اور ڈرانے کے لئے طرح طرح کے حربے استعمال کرتا ہے کبھی تو وہ کسی ڈراؤنی شکل وصورت میں نظر آتا ہے جیسے وہ دیکھتا ہے کہ میرا سر قلم ہو گیا وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح خواب میں احتلام کا ہونا موجب غسل ہوتا ہے اور بسا اوقات اس کی وجہ سے نماز فوت یا قضا ہو جاتی ہے یہ شیطانی اثرات کا کرشمہ ہوتا ہے پہلی قسم کی طرح یہ قسم بھی بے اعتبار ہے۔

تیسری قسم بشارت ہے کہ حق تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کے خواب میں بشارت دیتا ہے اور اس کے قلب کے آئینہ میں بطور اشارات وعلامات ان چیزوں کو متشکل کر کے دکھاتا ہے' جو آئندہ وقوع پذیر ہونے والی ہوتی ہیں یا جن کا تعلق مؤمن کی روحانی وقلبی بالیدگی وطمانیت سے ہوتا ہے تاکہ وہ بندہ خوش ہو اور طلب حق میں تروتازگی محسوس کرے' نیز حق تعالیٰ سے حسن اعتقاد اور امید رکھے۔ خواب کی یہی وہ قسم ہے جو لائق اعتبار اور قابل تعبیر ہے اور جس کی فضیلت وتعریف احادیث میں بیان کی گئی ہے۔

الفصل الاوّل:

مبشراتِ مؤمن

۴۶۰۶: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/ ۳۷۵ الحدیث رقم ۶۹۹۰' وأبو داوٗد فی السنن ۵/ ۲۸۰ الحدیث رقم ۵۰۱۷۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا آثارِ نبوت سے کوئی چیز سوائے مبشرات کے باقی نہیں رہی۔ تو صحابہ کرامؓ نے عرض کیا وہ مبشرات کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا وہ نیک وصالح خواب ہیں جن کو مسلمان دیکھتا ہے یا اسے دکھائے جاتے ہیں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح:مبشرات:شین مکسورہ کی تشدید کے ساتھ۔

امام سیوطیؒ اس کا مطلب یہ بیان فرماتے ہیں: کہ وحی میری موت کے ساتھ منقطع ہو چکی ہے' خواب کے علاوہ کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہی جس سے آئندہ امور کا علم ہو سکے، اور'' مبشرات'' کی قید اغلب احوال کے اعتبار سے ہے۔ چونکہ بعض خواب (خوشخبری نہیں ہوتے بلکہ) ڈرانے والے ہوتے ہیں، یہ وہ سچے خواب ہوتے ہیں، جو اللہ جل شانہ اپنے عبد مؤمن پر شفقت فرماتے ہوئے دکھاتے ہیں، تا کہ بندہ ان کے وقوع سے پہلے مستعد ہو جائے۔

قولہ:قال:الرؤیا الصالحۃ:اس سے مراد رؤیا صالحہ یا رؤیا حسنہ ہیں۔رؤیا صادقہ وہ ہے کہ جس میں کوئی بشارت ہو، یا کسی غفلت پر تنبیہ ہو وغیرہ وغیرہ۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں، رؤیا صالحہ سے مراد رؤیا حسنہ ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ اپنے ظاہری معنیٰ پر محمول ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کو صادقہ پر محمول کیا جائے اور اس سے مراد خوابوں کی صحت ہو۔(یعنی صحیح خواب)

آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے مبشرات کی جو تفسیر فرمائی ہے، پہلے معنیٰ کے اعتبار سے بالکل ظاہر ہے، چونکہ بشارت ہر اس سچی خبر کو کہتے ہیں، کہ جس سے'' بشرۃ الوجہ'' متغیر ہو جائے۔''بشارت'' کا استعمال عام طور پر خیر کے سیاق میں ہوتا ہے۔دوسرے معنیٰ پر اس کا اطلاق از راہ تغلیب ہے۔یا مبشرات اپنے اصل لغوی معنیٰ (یعنی مطلق خبر) پر محمول ہے۔

۴۶۰۷ :وَ زَادَ مَالِكٌ بِرِوَايَةِ عَطَاءِ بْنِ يَسَّارٍ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْتُرٰی لَهٗ.

ترجمہ:اور یہ اضافہ امام مالک سے نقل کیا ہے۔

تشریح:تریٰ لہ:صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔اور لام تعلیلیہ ہے۔أی جلہ أو لأجل مسلم آخر۔

امام طبرانی اور ضیاء رحمۃ اللہ علیہما حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں:"رؤیا المؤمن کلام یکلم العبد ربہ فی المنام"اور ظاہر یہ ہے کہ ربہ (یکلم کا) فاعل ہے۔واللہ اعلم۔

اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے

۴۶۰۸ :وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/۳۶۱ الحدیث رقم ۶۹۸۳' ومسلم فی ۴/۱۷۷۴ الحدیث رقم (۷/۲۲۶۴' وابن ماجه فی السنن ۲/۱۲۸۳ الحدیث رقم ۳۸۹۳' ومالك فی الموطأ ۲/۹۵۶ الحدیث رقم ۱ من كتاب الرؤیا وأحمد فی المسند ۳/۱۲۶۔

ترجمہ:حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اچھا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں سے ایک حصہ ہے۔

تشریح:اس حدیث کی تفصیلی مباحث میں جانے سے پہلے جان لیجئے کہ اس سلسلہ میں وارد روایات میں مختلف عدد مذکور ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❶ اکثر احادیث میں ۴۶ کا عدد آیا ہے۔ ❷ مسلم کی ایک روایت میں ۴۵ کا عدد آیا ہے۔
❸ مسلم کی ایک دوسری روایت میں ۷۰ کا عدد آیا ہے۔ ❹ طبرانی کی روایت میں ۷۶ کا عدد آیا ہے۔ یہ ضعیف ہے۔
❺ ابن عبدالبر کے ہاں ۲۶ کا عدد آیا ہے۔
❻ نووی کے ہاں ۲۴ کا عدد آیا ہے، روایات میں وارد سب سے چھوٹا عدد یہی ہے۔ اور سب سے بڑا عدد ۷۶ ہے۔ اس کے علاوہ دوسری روایات بھی ہیں۔ (کذا ذکرہ ابن حجر)

الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: "رؤیا المؤمن الصالح بشری من اللہ ھی جزء ومن خمسین جزءًا من النبوۃ"۔ اس حدیث کو حاکم اور طبرانی نے ابن عباس سے نقل کیا ہے۔ ابن ماجہ میں مروی ابوسعید کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: "رؤیا المؤمن من الصالح جزءٌ امن سبعین جزءًا من النبوۃ"۔

تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض کا کہنا ہے، اس ارشاد گرامی کا معنیٰ یہ ہے کہ رؤیا صالحہ علم نبوت کے اجزاء میں سے ایک جز ہے۔ علم نبوت باقی ہے اگرچہ نبوت باقی نہیں ہے۔ چنانچہ حدیث ذیل کے یہی معنیٰ ہیں: ذھبت النبوۃ وبقیت المبشرات الرؤیا الصالحۃ" اس حدیث کو ابن ماجہ نے ام کرز سے نقل کیا ہے۔ فرمایا اس کی نظیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ہے: "السمت الحسن والتؤدۃ والا قتصاد جزءًا من أربعۃ وعشرین جزءًا من النبوۃ أی: من أخلاق اھل النبوۃ"۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے عبداللہ بن سرجس سے نقل کیا ہے۔ اور ضیاء کی روایت میں جو انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، یہ الفاظ آئے ہیں: "السمت الحسن جزء من خمسۃ وسبعین جزء ا من النبوۃ"۔

بعض کا کہنا ہے اس ارشاد گرامی کے معنیٰ یہ ہیں: انھا تجیء علی موافقۃ النبوۃ لا أنھا جزء باق من النبوۃ۔

بعض کا کہنا ہے کہ ۴۶ کے عدد پر اکتفاء فرمایا چونکہ وحی کا زمانہ تیئس سال تھا۔ اور وحی کی ابتداء سچے خوابوں سے ہوئی تھی یہ سلسلہ وحی کے سالوں میں سے چھ ماہ جاری رہا۔ اس عرصہ کی نسبت مکمل عرصہ سے ۴۶ ویں حصہ کی ہے۔ سلسلہ وحی کے "۲۳" سالوں میں محصور ہونے کے بارے میں معتد بہ روایات موجود ہیں۔ باوجود یہ کہ اس میں اختلاف بھی ہے، اور خوابوں کے زمانہ کا چھ ماہ ہونا یہ ایک ایسی چیز ہے کہ جس کو اس قائل نے اپنی طرف سے بتایا ہے اس سلسلہ میں منقول مواد سے اس کی کوئی تائید نہیں ملتی۔ مذکورہ بالا تاویلات اختیار کرنے والوں کے بارے میں میرا گمان ہے، کہ انہیں اس بات نے گھبراہٹ میں ڈال دیا ہے کہ خواب جز و نبوت ہے حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: "ذھب النبوۃ" اس قول کے ظاہر کو اختیار کرنے والے پر کوئی حرج کی بات نہیں۔ چونکہ اجزاء نبوت کا کوئی بھی جز نبوت نہیں، جیسا کہ اجزاء نماز میں سے کوئی جز علی الانفراد صلاۃ نہیں اور اسی طرح اعمال حج میں سے کوئی عمل حج نہیں، اور ایمان کے شعبوں میں سے کوئی شعبہ ایمان نہیں۔ میری رائے یہ ہے کہ اجزاء نبوت کی چھیالیس کے عدد کے ساتھ تحدید کی بات کہنے سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ اور مذہب تسلیم کو اختیار کیا جائے، چونکہ یہ علوم نبوت کا وہ جزء ہے جس کا تقابل نہ استنباط کے ساتھ ہو سکتا ہے اور نہ قیاس اس کا معارضہ کر سکتا ہے۔

اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ عبداللہ بن سرجس کی روایت میں آیا ہے: "السمت الحسن والتؤدۃ والاقتصاد جزء من أربعۃ وعشرین جزءًا من النبوۃ"۔ ~~ایسا کبھی~~ ایسا ہوتا ہے، کہ مؤول ان اجزاء کے حصر میں کامیاب ہو، اور اگر بعض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اجزاء میں اس کی کامیابی مان لی جائے تو باقی میں وہ سالم ومحفوظ نہیں رہ پاتا۔ امام نوویؒ نے شرح مسلم میں ردّ وقدح کی ہے خوابوں کا عرصہ چھ ماہ ہونے کے مسئلہ میں۔ اور لکھا ہے: کہ یہ بات ثابت نہیں کہ آنحضرت ﷺ کو قبل از نبوت دکھائی دینے والے خوابوں کا عرصہ چھ ماہ تھا۔ (انتھی)

اور بعض کا کہنا ہے کہ اس عدد مخصوص سے مراد ''خصال حمیدہ'' ہیں۔ أی: **كان للنبی ﷺ ستة وأربعون خصلة، والرؤيا الصالحة جزء منها**۔ اس کی تائید متعدد روایات سے ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ کی روایت پیچھے گزری ہے، اور عطاء کا قول جو عنقریب آئے گا۔ علاوہ ازیں یہ حدیث: ''**السمت الحسن والتؤدة والاقتصاد جزء من أربعة وعشرين جز ثامن النبوة**''۔ لیکن مناسب یہ ہے کہ ان احادیث میں مذکور اعداد سے کوئی عدد خاص مراد نہ لیا جائے بلکہ محض تکثیر مراد لی جائے۔ اس کا قرینہ یہ حدیث ہے: ''**السمت الحسن من خمسة وسبعين جزء امن النبوة**''۔

تخریج: الجامع الصغیر کے مطابق اس حدیث کو مندرجہ ذیل محدثین عظامؒ نے روایت کیا ہے:

❶ امام بخاری نے ابوسعیدؓ سے نقل کیا ہے۔ ❷ امام مسلمؒ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

❸ امام مسلمؒ نے اس روایت کو ابوہریرہؓ سے بھی نقل کیا ہے۔ ❹ ابن ماجہؒ نے اس حدیث کو ابی رزینؓ سے ذکر کیا ہے۔

❺ طبرانیؒ نے یہ حدیث ابن مسعودؓ سے نقل کی ہے۔

❻ احمدؒ کی ایک روایت میں، ابن ماجہؒ کی ابن عمرؓ سے مروی روایت میں اور امام احمد کی ایک اور روایت میں جو ابن عباس سے مروی ہے، یہ الفاظ منقول ہیں **الرؤيا الصالحة جزء من سبعين جزءًا من النبوة** ۔ ابن النجاری نے ابن عمرؓ سے جو روایت نقل کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں:

''**الرؤيا الصالحة جزء من خمسة وعشرين جزءًا من النبوة**''۔

شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا

٤٦٠٩: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ لَا يَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَتِیْ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٢٠٢/١ الحديث رقم ١١٠، ومسلم فی صحيحه ١٧٧٤/٤ الحديث رقم (١٠-٢٢٦٦)، وأبو داوٗد فی السنن ٨٥/٥ الحديث رقم ٥١٢٣، وابن ماجه فی ١٢٨٤/٢ الحديث رقم ٣٩٠١، وأحمد فی المسند ٤١١/٢۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو اس نے درحقیقت مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا۔

تشریح: قوله: **من رأنی فی المنام فقد رأنی:**

مطلب یہ ہے کہ جس آدمی نے مجھ کو خواب میں دیکھا گویا اس نے عالم بیداری میں میرا دیدار کیا۔ لیکن اس کا یہ مطلب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوگا کہ اس آدمی پر وہی احکام عائد ہوں جو واقعتاً آنحضرت ﷺ کے دیدار وصحبت کی صورت میں ہوتے ہیں یعنی ایسے آدمی کو نہ تو صحابی کہا جائے گا اور نہ اس چیز پر عمل کرنا اس کے لئے ضروری ہوگا جس کو اس نے خواب میں آنحضرت ﷺ سے سنا ہوگا۔

اول: یہ حدیث آپ نے اپنے زمانہ کے لوگوں کے لئے فرمائی کہ میرے زمانہ میں جو آدمی مجھ کو خواب میں دیکھے گا اگر اس نے ہجرت کی ہوگی تو وہ ہجرت کرے گا اور آنحضرت ﷺ کے دیدار سے آنکھوں کو ٹھنڈا کرے گا۔ دوم: وہ شخص اس خواب کی تصدیق دار آخرت میں کالت بیداری کرے گا چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام آخرت میں اپنے سر پر امت کو دیکھیں گے۔ سوم: اس شخص کو آخرت میں رؤیت خاصہ حاصل ہوگی کہ آپ ﷺ کا قرب ملے گا' اور آنحضرت ﷺ کی شفاعت پائے گا وغیرہ۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۲۱۱)

بعض حضرات یہ کہتے ہیں آپ ؐ کا یہ ارشاد اخبار کے معنی میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس آدمی نے مجھ کو خواب میں دیکھا اس کو خبر دے دو کہ اس کا خواب حقیقی اور سچا ہے۔ اضغاث اور احلام میں سے نہیں ہے

بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد آپ کے اہل زمانہ ہیں۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اگلی حدیث اس پر دلالت کر رہی ہے: "**فيسراني في اليقظة**"۔ اور صیغہ ماضی کی تعبیر ممکن ہے، کہ **تنزيل للمستقبل منزلة المحقق الواقع في الحال** کے پیش نظر اختیار کی ہو۔ اگر چہ اس کا وقوع زمانہ آئندہ ہی میں ہوگا۔

بعض نے اس کی توجیہ کی ہے یراہ **في الآخره علي وفق منامه، بحسب مقامه**۔

بعض کا کہنا ہے کہ یہ معنیٰ اخبار ہے، أی: **من رآني في المنام فأخبروه فأن رؤيته حقيقة وحقة ليست أضغاث أحلام**۔

بعض نے مطلب یوں بیان کیا ہے: **من رآني علي اى صورة كانت فقد رآني حقيقة، لأن اللشيطان لا يتمثل في صورتي ولا يتراء ى بي**، جیسا کہ ایک روایت میں آیا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: شرط وجزاء متحد ہیں، لہٰذا "**تناهي في المبالغه**" پر دلالت ہو رہی ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے: **من أدرك الضمان فقد أدرك المرعي. أی: أدرك مرعي متناهيا في بابه**۔ چنانچہ حدیث مبارکہ کا مطلب یہ ہوگا: **من رأني فقد رأى حقيقتي علي كماله لا شبهة ولا ارتياب فيما رأى**۔ اور اس کی دلیل اگلی حدیث میں آنے والا یہ جملہ ہے: "**فقد رآني الحق**" (الحق) یہاں مصدر مؤکد ہے۔ أی: "**من رآني فقد رآني رؤية الحق**"۔ بخاری، مسلم، حمیدی اور جامع الأصول میں یہ الفاظ ہیں: "**فقد رأى الحق**" یہاں "الحق" مفعول بہ ہے اور "**فان الشيطان**" معنی کے لئے تتمیم حکم کیلئے تعلیل ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ ابن الباقلانیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کا خواب صحیح ہے، اضغاث احلام میں سے نہیں ہے۔ اور نہ تشبیہات شیطانی میں سے ہے، اور نہ تسویلات شیطانی میں سے ہے۔ فرماتے ہیں: کبھی خواب دیکھنے والا آنحضرت ﷺ کو ان کی صورت معروفہ سے ہٹ کر دیکھتا ہے، مثلاً دیکھتا ہے کہ آپ کی داڑھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبارک سفید ہو چکی ہے۔اور کبھی یوں ہوتا ہے، کہ ایک ہی وقت میں دو اشخاص، ایک مشرق میں، دوسرا مغرب میں نبی کریم ﷺ کو اپنی جگہ دیکھتے ہیں (حکاہ المازری عنہ) پھر فرماتے ہیں اور دوسروں کا کہنا ہے کہ حدیث اپنے ظاہری معنیٰ پر محمول ہے، اور مراد یہ ہے: **من یراہ فقد أدرکہ** اور کوئی ایسا مانع نہیں کہ اس کو ممنوع قرار دیا جائے، اور نہ عقل اس کو محال جانتی ہے، کہ اس میں تأویل ضرور کی جائے۔ آنحضرت ﷺ کو آپ ﷺ کے مخصوص حلیہ سے ہٹ کر دیکھنے یا دو مقامات پر بیک وقت دیکھنے میں تغیر صفات تو ہے، لیکن ذات میں کوئی تغیر نہیں۔ چنانچہ آپ علیہ الصلوٰۃ السلام کی ذات ''مرئی'' ہو گئی، اور آپ ﷺ کی صفات ''**متخیلہ غیر مرئیہ**'' ہوں گی۔ اور ادراک کیلئے ان شرائط کا پایا جانا بھی ضروری نہیں کہ تحدیق الابصار ہو۔ قرب مسافت ہو، **مرئی مدفون فی الارض** ہو، اور نہ اس کا روئے زمین پر ظاہر ہونا ضروری ہے۔ البتہ اس کا موجود ہونا شرط ہے۔ اگر دیکھتا ہے کہ معصوم عن الدم کو قتل کرنے کا حکم دے رہے ہیں، تو یہ صفات متخیلہ میں سے ہوگا، نہ کہ صفات مرئیہ میں سے۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: احتمال ہے کہ **فقد رأني** سے مراد وہ صورت ہو، جب کہ وہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آپ کی حیات طیبہ والی صورت معروفہ پر دیکھے۔ اگر اس حالت وصورت سے برعکس حلیہ میں دیکھتا ہے، تو یہ ''**رؤیا تاویل**'' ہے، رؤیا حقیقت نہیں۔ یہ ضعیف ہے۔ بلکہ صحیح بات یہ ہے کہ اس نے حقیقۃً دیکھا ہے، خواہ صفت معروفہ کے ساتھ دیکھے، یا غیر معروفہ کے ساتھ۔ (کما ذکرہ المازری) اھ کلام النووی۔

بظاہر ان دونوں کے کلام میں کوئی فرق نہیں ہے۔ چونکہ ان دونوں کی مراد یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جب آپ ﷺ کی ہیئت معروفہ مذکورہ پر دیکھا ہے، تو اس صورت میں اس خواب کی تاویل بیان کرنے کی حاجت نہیں بلکہ یہی کہا جائے گا کہ اس شخص نے آنحضرت ﷺ کو اگر غیر صفاتِ معروفہ کے ساتھ متصف دیکھا، مثلاً کسی مسجد کی زمین میں حالت ممات میں دیکھا، جیسا کہ بعض مشائخ کا بیان ہے کہ انہوں نے آپ ﷺ کو اسی حالت میں دیکھا ہے تو اس صورت میں تاویل وتعبیر کی ضرورت ہے۔

اس خواب کی ایک تعبیر یہ بیان کی گئی ہے کہ مسجد کی زمین کا یہ ٹکڑا مغصوب ہے، یا قواعد شریعت کی روشنی میں اس کی مملوکیت درست نہیں ہے، تو گویا کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمین پر مار ڈالا گیا ہے، **ومن أحیاھا فكأنما أحيا الناس جميعا**۔ اسی طرح کا ایک خواب ہمارے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے دیکھا کہ وہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متفرق عظام مبارکہ کو جمع فرما رہے ہیں، تو ابن سیرین نے اس کی تعبیر یہ دی کہ آپ (یعنی ابوحنیفہ) ''امام المسلمین'' ہوں گے۔ صحابہ وتابعین میں پھیلی ہوئی منتشر احادیث کے معانی کو جمع فرمائیں گے۔ علماء، اولیاء وصالحین کے طبقات میں اس طرح کے خوابوں کے واقعات بکثرت ملتے ہیں۔

شیخ ابوحامد غزالیؒ فرماتے ہیں: اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس نے میرا جسم اور میرا بدن دیکھا، بلکہ اس نے ایک مثال دیکھی کہ جو آلہ بن گئی ان معانی کیلئے جو میری ذات میں ہیں۔ بلکہ بدن جسمانی حالت بیداری میں بھی صرف آلہ نفس ہے، اور آلہ کبھی حقیقت ہوتا ہے، اور کبھی خیالیہ، اور نفس مثالات متخیلہ سے علیحدہ ایک چیز ہے، اس لئے کہ تخیل اسی چیز کا ہو سکتا ہے جو رنگ دار ہو یا متخیل سے ذو قدر قریب ہو، یا بعید ہو، اور حق بات یہ ہے کہ رائی نے جو دیکھا ہے وہ درحقیقت آنحضرت ﷺ کی اس روح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدسہ کی مثال دیکھی ہے، جو محل نبوت ہے۔ پس جس شخص نے آپ کی صورت دیکھی وہ نہ روح النبی ﷺ ہے، اور نہ آپ کا وجود۔ بلکہ تحقیقی بات یہ ہے کہ وہ آپ ﷺ کی مثال ہے۔ فقد رانی کا مطلب ہے، ما رأه صار واسطة بيني وبينه في تعريف الحق اياه۔ اور اسی طرح اللہ جل شانہ کی ذات اقدس بھی شکل وصورت سے منزّہ ہے۔ لیکن اللہ جل شانہ کے معارف بندہ تک مثال محسوس کے ذریعے پہنچتے ہیں، یا یہ مثال نور بھی ہوتی ہے اور غیر نورانی صورتیں بھی جو اس جمال حقیقی معنوی کی مثال بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں کہ جن کی نہ کوئی صورت ہے، اور نہ رنگ۔ اور یہ مثال سچی اور برحق ہوتی ہے اور معرفت کیلئے واسطہ ہوتی ہے۔ چنانچہ رائی پکار اٹھتا ہے: رأيت الله تعالىٰ في المنام، اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا: انی رأيت ذاته۔

شیخ ابو القاسم قشیریؒ فرماتے ہیں: بعض لوگ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کسی "شیخ" کی صورت میں دیکھتے ہیں اور بعض لوگ "امرد" کی صورت میں دیکھتے ہیں، ایک آدمی دیکھتا ہے کہ آپ ﷺ مریض ہیں، اور دوسرا دیکھتا ہے، کہ آپ میت ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ چنانچہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ یہ سارے خواب ان تمام تاویلات کا احتمال رکھتے ہیں، لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ان تمام صفات سے متصف ہیں۔ یہی معاملہ اللہ جل شانہ کو خواب میں دیکھنے کا ہے، کہ اللہ جل شانہ کو کسی ایسی صفت سے متصف دیکھتا ہے کہ اس صفت کی بابت اس رائی کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ جل شانہ اس قسم کی صفات سے منزہ ہے، تو اس طرح کے خواب سے رائی کو کسی قسم کا نقصان نہیں۔ بلکہ اس کی بھی ایک تاویل ہوگی۔

واسطیؒ فرماتے ہیں: جس شخص نے اللہ جل شانہ کو خواب میں "شیخ" کی صورت میں دیکھا، تو اس کی تاویل رائی کے حال کے موافق ہوگی۔ یہ اس رائی کے وقار اور قدر و منزلت کی طرف اشارہ ہے، اور اسی طرح جب دیکھا کہ وہ (یعنی اللہ جل شانہ) ایک ایسے شخص کی مانند ہے جو اس کے امور کی کفالت و نگرانی کر رہا ہے۔ (اھ کلام القشیری) ساری تحقیق کا مغز یہی کلام ہے۔ یہ بھی اللہ کی عطا کردہ توفیق ہی سے ہے۔

بہت سے لوگ اللہ جل شانہ کو خواب میں دیکھتے ہیں، تو کسی شخص کیلئے یہ مناسب نہیں کہ وہ اس شخص کی اتنی بات "میں نے خواب میں اللہ کو دیکھا ہے" سن کر ہی اس پر کفر کا فتویٰ لگا دے، جیسا کہ ہمارے بعض علماء نے کیا۔ چونکہ خواب کوئی امر اختیاری نہیں، اور نہ کسی نص میں اس قسم کی کوئی ممانعت آئی ہے، بندہ تو اس بات کا مکلف ہے کہ وہ اللہ جل شانہ کی ذات و صفات کی بابت کوئی ایسا عقیدہ نہ رکھے جو اللہ جل شانہ کی شان کے شایان شان نہ ہو۔ چنانچہ اس قسم کا خواب دیکھنے والے شخص کا اگر عقیدہ ذات باری تعالیٰ کے متعلق درست ہے، تو اس شخص کیلئے نقصان کی بات نہیں، خواہ اس خواب کی تعبیر اسے معلوم ہو یا نہ ہو۔

قاضی خان میں لکھا ہے اگر کسی شخص نے کہا کہ میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے (تو) شیخ ابو منصور ماتریدی فرماتے ہیں: هذا الرجل شر من عابد الوثن "یہ شخص بتوں کے پجاری سے زیادہ بدتر ہے"۔ میں کہتا ہوں، یہ شخص اس جملہ کا مصداق اس وجہ سے ہوگا کہ اللہ جل شانہ کی بابت غیر شایان شان عقیدہ کا حامل ہے۔ کہ اللہ جل شانہ کو کم و کیف صدور زمان و مکان سے متصف قرار دیتا ہے حالانکہ بھی بتوں کا پجاری ان عقائد سے خالی ہوتا ہے۔ پس اس کا کفر فقط شرک کی وجہ سے ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خواب میں مجھے دیکھنے والے نے مجھے ہی دیکھا

۴۶۱۰: وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَّاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ۔

(متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/۳۸۳ الحدیث رقم ۶۹۹۶، ومسلم فی ۴/۱۷۷۶ الحدیث رقم ۲۵۷، والدارمی فی ۲/۱۶۶ الحدیث رقم ۲۱۴۰، وأحمد فی المسند ۵/۳۰۶۔

ترجمہ: حضرت ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ جس نے اپنے خواب میں مجھے دیکھا اس نے سچ دیکھا یعنی اس نے مجھے ہی دیکھا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: من رآنی فقد رأی الحق: اس کے کئی مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ حق سے مراد باطل کی ضد ہے۔
❷ حق سے مراد وہ صدق ہے، کہ جس کی ضد کذب ہے. أی فقد صدقت رؤیاہ فانه قد رأنی للاغیری۔ اس مفہوم پر ایک اور حدیث بھی دلالت کرتی ہے. فقد رأنی الحق أی: رؤیة الحق۔
❸ اس کا معنیٰ ہے: ''فقد رأی رؤیا الحق''.

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے اور شیخین نے حضرت ابوقتادہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:
''من رأنی فقد رأی الحق، فان الشیطان لا یترا آنی''۔

خواب میں دیکھنے والا عالم برزخ میں بیداری میں دیکھ لے گا

۴۶۱۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیُقْظَةِ وَلَایَتَمَثَّلُ الشَّیْطٰنُ بِیْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/۳۸۳ الحدیث رقم ۶۹۹۳، ومسلم فی ۴/۱۷۷۵ الحدیث رقم (۲۲۶۶/۱۱)۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ جلد ہی مجھے بیداری کے عالم میں دیکھے گا اور شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: اس حدیث کا تعلق آپ کے زمانہ سے ہے کہ جو شخص خواب میں آپ ﷺ دیکھتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ یہ توفیق عطا فرما دیتا ہے کہ وہ عالم بیداری میں جلد ہی آپ کو خواب میں دیکھے گا۔ یا اس ارشاد گرامی کی مراد یہ ہے کہ مجھ کو خواب میں دیکھنے والا آدمی آخرت میں عالم بیداری میں مجھ کو دیکھے گا۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اچھے خواب خیر خواہ کو بتلائے

٤٦١٢: وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يُحِبُّ فَلَا يُحَدِّثْ بِهٖ اِلَّا مَنْ يُحِبُّ وَاِذَا رَاٰى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَلْيَتْفُلْ ثَلَاثًا وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٣٣٨/٦ الحديث رقم ٣٢٩٢، ومسلم فی ١٧٧٢/٤ الحديث رقم (٢٢٦١/٤) وأبو داؤد فی السنن ٢٨٤/٥ الحديث رقم ٥٠٢١، والترمذی فی ٤٦٤/٤ الحديث رقم ٢٢٧٧، وابن ماجه فی ١٢٨٦/٢ الحديث رقم ٣٩٠٩، والدارمی فی ١٦٧/٢ الحديث رقم ٢١٤١، ومالك فی ٩٥٧/٢ الحديث رقم ٤ من كتاب الرؤيا وأحمد فی المسند ٣٠٩/٤۔

ترجمہ: حضرت ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اچھے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں۔ پس جب تم سے کوئی اچھا خواب دیکھے تو وہ اسے صرف انہی لوگوں سے کہے جن کو وہ دوست وخیر خواہ خیال کرتا ہو۔ اور جب برا خواب نظر آئے تو اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے اور شیطان کے شر سے بھی اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے اور (اپنے بائیں طرف) تین دفعہ تھوک دے اور وہ خواب کسی سے بھی بیان نہ کرے (خواہ وہ موافق ہو یا نہ) تو اس خواب سے اسے کوئی تو نقصان نہ پہنچے گا یعنی خواب کے مضر اثرات سے تو محفوظ کر دیا جائے گا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''برا خواب شیطان کی طرف سے ہے'' اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ اچھے اور برے خواب دونوں کو پیدا کرنے والا اللہ ہے لیکن رؤیا اور اعتقادات علامات ہیں' جن خوش کن خوابوں میں شیطان نہ ہو ان کو محبوب قرار دیا ہے' اور جن خوابوں میں شیطان ہوتا ہے' ان خوابوں میں اس کا ہونا ضرر کی علامت ہے' اس لئے ان کو مکروہ قرار دیا ہے۔ لیکن برا خواب شیطانی اثرات کا عکاس ہوتا ہے اسی وجہ سے برے خواب شیطان کی طرف مجازاً منسوب کیا جاتا ہے چونکہ وہ اس برے خواب کے وقت موجود ہوتا ہے' اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ شیطان جو چاہے کر سکتا ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ اچھے خواب کے نسبت حق جل شانہ کی طرف ''اضافت تشریفی'' ہے' اور برے خواب کی نسبت شیطان کی طرف ہے چونکہ وہ اس پر اظہار رضامندی کرتا ہے اور خوش ہوتا ہے۔

اذا رأى فی منامه ما يحب فليحمد الله عليها وليحدث لها، ولا يحدث بها الا من يحب. اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے کہ جب اس کے بندہ کے پاس نعمت ہو، تو اس کا اثر بندہ پر دکھائی دے۔ اس وجہ سے اللہ جل شانہ فرماتے ہیں: ﴿**وأما بنعمة ربك فحدث**﴾ [الضحی: ١١] اور مصیبت کے وقت بندہ کو چاہیئے کہ اپنے مولا حقیقی کی طرف رجوع کرے اور مخلوق سے اپنے آپ کو جدا کر لے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**واصبرو ما صبرك الا بالله**﴾ [النحل: ١٢٧] اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: ﴿**وانما أشكوا بثی وحزنی الا الله**﴾ [یوسف: ٨٦] اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض ماثور دعاؤں میں یوں آتا ہے:

اللهم لك الحمد واليك المشتكى، وأنت المستعان، ولا حول ولا قوة الا بك.

(فانها لن تضره): اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح صدقہ مال کی حفاظت اور دفع بلیات کا سبب بنایا ہے اس طرح خواب مضر سے سلامتی کا دارومدار ان تین باتوں پر ہے:

(۱) اللہ سے پناہ مانگنا (۲) تین دفعہ تھتکارنا۔ (۳) کسی کے سامنے بیان نہ کرنا۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام مسلم نے ابوقتادہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

"الرؤيا الصالحة من الله والرؤيا السوء من الشيطان. فمن رأى رؤيا يكره منها شيئا فلينفث عن يساره، وليتعوذ بالله من الشيطان، فانها لا تضره ولا يخبربها أحدا، فان رأى رؤية حسنة فليبشرو لا يخبر بها الا من يحب".

ناپسندیدہ خواب کا حل

۴۶۱۳: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَارَاٰى اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ ثَلٰثًا وَيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ ثَلٰثًا وَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِىْ كَانَ عَلَيْهِ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ۱۷۷۲/٤ الحديث رقم (٥-٢٢٦٢)، وأبو داوٗد فى السنن ٥/٢٨٤ الحديث رقم ٥٠٢٢، وابن ماجه فى ٢٦٦/٢ الحديث رقم ٣٩٠٨۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے بائیں جانب تھوکے اور تین مرتبہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شیطان سے پناہ مانگے اور اپنی کروٹ و پہلو کو بدل لے جس پر اسے وہ خواب دکھائی دیا۔ (مسلم)

تشریح: قوله: اذا رأى أحدكم الرؤيا يكرهها: اس کے اعراب میں تین احتمال ہیں:

(۱) یہ جملہ صفت ہے۔ (۲) حال ہے۔ (۳) مستانفہ بیانیہ ہے۔

فليبصق: صاد کے ضمہ کے ساتھ ہے صاحب مظاہر حق لکھتے ہیں:

یہاں تھتکارنے کے لئے لفظ "بصق" کا استعمال کیا گیا ہے جبکہ دوسری روایت میں "تفل" کا لفظ آیا ہے۔ مفہوم ومطلب کے اعتبار سے دونوں میں تھوڑا سا فرق ہے "تفل" کے معنی منہ سے تھوک نکالنا ہے جبکہ "بصق" کے معنی منہ کے اندر سے (تھوک) اس طرح نکالنا کہ کچھ حلق سے بھی نکلے۔

منہ سے تھوک نکالنے کو "بصاق" کہتے ہیں اور "بزاق" بھی کہا جاتا ہے۔

واضح ہو کہ تھتکارنے میں پہلا درجہ "بصق" کا ہے پھر "تفل" کا ہے۔ "تفل" کے بعد "نفث" ہے جس کے معنی ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لبوں کے تھوک کے ساتھ تھونکنا اور اس کے بعد نفخ ہے جو محض پھونک مارنے کو کہتے ہیں۔ مسلم کی ایک روایت میں فلیبصق کے بجائے فلینفث کا لفظ منقول ہے۔ نیز اس حدیث میں بائیں طرف تھتکارنے کا حکم دیا گیا ہے جبکہ دوسری حدیث میں محض تھتکارنے کا حکم دیا گیا ہے۔

نیز اس حدیث میں کروٹ تبدیل کرنے کا حکم ''قضا'' سے ''قدر'' کی طرف فرار کے لئے ہے۔

تخریج: اس حدیث کو ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔

مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں

۴۶۱۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ يَكَدْ يَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ وَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ فَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهُ لَايَكْذِبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْيَا ثَلَاثٌ حَدِيْثُ النَّفْسِ وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطٰنِ وَبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلَا يَقُصَّهُ عَلٰى اَحَدٍ وَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ الْغُلَّ فِى النَّوْمِ وَيُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ وَيُقَالُ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِى الدِّيْنِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/۴۰۴ الحدیث رقم ۷۰۱۷، ومسلم فی ۴/۱۷۷۳ الحدیث رقم (۲-۲۶۹)، وأبو داوٗد فی السنن ۵/۲۸۲ الحدیث رقم ۵۰۱۹، والترمذی فی ۴/۴۶۵ الحدیث رقم ۲۲۸۰، وابن ماجه فی ۲/۱۲۸۵ الحدیث رقم ۳۹۰۶ والدارمی فی ۲/۱۶۷ الحدیث رقم ۲۱۴۳، وأحمد فی المسند ۲/۲۶۹۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب زمانہ قریب ہوگا تو اس وقت مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا اور مؤمن کا خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک ہے اور جو جزءِ نبوت کے اجزاء سے ہو وہ کذب ہو ہی نہیں سکتا۔ محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں کہ خواب تین قسم کے ہیں: ① حدیث نفس ② تخویف شیطان ③ خدائی بشارت۔ سوتم میں سے جب کوئی ایسی چیز دیکھے جس کو وہ ناپسند کرے تو چاہئے کہ اس کو چاہیے کو لوگوں کو بتاتا نہ پھرے۔ سو چاہئے کہ کھڑا ہو اور نماز ادا کرے، ابن سیرین کہتے ہیں کہ طوق دیکھنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں پسند نہیں کرتے تھے البتہ بیڑیاں دیکھنا اچھا گمان کرتے تھے اسی لئے کہا گیا کہ بیڑیوں (قید) سے دین پہ ثابت قدمی کا مفہوم لیا جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: یکذب: مذکر کا صیغہ ہے، اور بعض نسخوں میں مؤنث کا صیغہ ہے۔

اذا اقترب الزمان لم یکد یکذب رؤیا المؤمن:

صاحب فائق لکھتے ہیں: اس میں تین قول ہیں:

پہلا قول: زمانہ قریب ہوگا سے مراد آخر زمان قیامت کے قریب کا زمانہ ہے کہ ایک اور حدیث میں صراحتاً مذکور ہے:

فی آخر الزمان لا تکاد رؤیا المؤمن تکذب......

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قیامت کے قریب زمانہ میں مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا۔

دوسرا قول: اس سے مراد وہ ایام ہیں جن میں دن و رات برابر ہوتے ہیں۔ چنانچہ جن ایام میں دن رات برابر ہوتے ہیں ان میں انسانی مزاج اعتدال پر ہوتے ہیں ذہن و جسم کی صلاحیتیں سلامت روی سے کام کرتی ہیں۔ ایسے دنوں میں دیکھا جانے والا خواب ذہن و فکر کی سلامت روی کی وجہ سے سچا ہوتا ہے۔

تیسرا قول: یہ حدیث آنحضرت کے اس ارشاد گرامی پر مبنی ہے: **يتقارب الزمان حتى تكون السنة كا لشهر، والشهر كا لجمعة والجمعة كا ليوم واليوم كا لساعة**۔ ایسا زمانہ امام مہدی کے دور میں آئے گا۔ لہٰذا امام مہدی کے زمانہ میں بھی خواب سچے ہوں گے درست ہوں گے۔ کیونکہ وہ راست بازی کا زمانہ ہوگا۔

ایک حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ جو شخص جتنا زیادہ راست باز ہوگا۔ اس کا خواب اتنا زیادہ سچا ہوگا۔

علماء فرماتے ہیں: اس سے مراد خروج مہدی کا زمانہ ہے کہ عدل و انصاف عام ہوگا، یہ زمانہ اپنی لذتوں سے بھرپور ہونے کے باعث انتہائی مختصر ہوگا۔ چنانچہ اطراف زمانہ قریب قریب ہو جائیں گے۔

میں کہتا ہوں ممکن ہے کہ اس س مراد دجال اور یاجوج و ماجوج کا زمانہ ہو۔ مصائب و آلام کی کثرت کے سبب دن رات کے آنے جانے کے پتہ ہی نہیں چلے گا، یہ وہ زمانہ ہوگا کہ جب لوگ اپنے مطلوب کے حصول کیلئے کوشاں ہوں گے، چنانچہ اجزاء نبوت سے مدد حاصل کریں گے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "**كاد منفى**" کی خبر کے بارے میں اختلاف ہے۔ اظہر یہ ہے کہ وہ بھی منفی ہوتی ہے، چونکہ "کاد" پر داخل ہونے والا حرف نفی، اس کے قریب حصول کی نفی کرتا ہے اور قرب حصول شی ء کی نفی کرنے والا اپنی ذات کی نفی پر "اوّل" ہوتا ہے۔ اس کی دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**اذا أخرج يده لم يكد يراها**﴾ [النور-۴۰]

فلا يكذب: یاء کے فتحہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ۔ **أى لا يكون كاذبا بل يقع صادقا**. ایک نسخہ میں "اکذاب" مصدر سے صیغہ مجہول کیساتھ ہے۔ **اى لاينسب الى الكذب**۔

حديث النفس: جیسا کہ عاشق و معشوق کے درمیان نسبت، یہ جملہ بھی اسی قبیل سے ہے: **ما ترى الهرة في نومها الا الفارة**. اور اسی قبیل سے یہ کلام بھی ہے: **كما تعيشون تموتون وكما تموتون تحشرون** اور یہ بھی اسی قبیل سے ہے: **كل اناء يترشح بما فيه**.

ابن سیرین نے خواب کی تین قسمیں بیان کی ہیں:

انما النجوى من الشيطان ليحزن الذين آمنوا۔

شیخین اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ان الفاظ کے ساتھ روایت کی:

"**اذا قرب الزمان لم تكد رؤيا الرجل المسلم تكذب، وأصدقهم رؤيا أصدقهم حديثاً**". (كذا فى الجامع)

الرؤيا ثلاث: یہ الفاظ بخاری اور خطابی کی شرح بخاری کے ہیں، مسلم شریف کی ایک روایت، جامع الاصول اور مصابیح کے نسخوں میں **ثلاثة** ہے۔ (ذکرہ الطیبی) اور شاید کہ اس اختلاف کا منشا مصدر کا مذکر مؤنث ہونا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فمن رأى شيئا يكرهه: بظاہر یہ ابن سیرین کا باقی ماندہ کلام ہے۔ اور فاء برائے تفریع و تفصیل ہے۔ مختصر الطیبیؒ میں لکھا ہے: **قوله: فمن تفصيل لما تقدم من أول الحديث وتقسيم ابن سيرين واقع بينهما اهـ۔** پہلی بات تو یہ ہے کہ امام طیبیؒ کے کلام میں یہ عبارت موجود نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ بے موقع و محل کے واقع ہے۔ تیسری بات یہ کہ وہاں اس بات پر بھی کوئی دلالت موجود نہیں ہے کہ یہ ان کا مقولہ ہے۔

الجامع الصغیر میں بروایت ابن ماجہ مروی ہے:

ثلاثة منهاتهاويل من الشيطان ليحزن ابن آدم، ومنها ما يهم به الرجل في يقظة فيراه في منامه، ومنها جزء من ستة وأربعين جزء امن النبوة أي فهي بشرى من الله.

فلا يقصه على أحد: صاد مشدد ہے، ص پر فتح ہے، البتہ ایک نسخہ میں ضمہ ہے۔ پہلی تقدیر پر یہ کلام نہی پر محمول ہے اور دوسری صورت میں نہی و نفی دونوں کو محتمل ہے۔ لیکن نفی بمعنیٰ نہی ہے۔ اور "**على أحد**" کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خواب کسی بھی شخص کے سامنے بیان نہ کرے، خواہ وہ محبّ ہو یا کوئی اور ہو۔ ترمذی میں مروی حضرت ابو ہریرہ کی ایک مرفوع حدیث میں آتا ہے: "**اذا رأى أحدكم الرٔيا الحسنة فليفسرها أو ليخبر بها واذا رأى الرؤيا القبيحة فلا يفسرها ولا يخبر بها**

وليقم فليصل: امام جزریؒ نے حصن میں "**وليقم فليصل**" کے الفاظ پر بخاری کی علامت لگائی ہے، اس سے وہم ہوتا ہے، کہ یہ مرفوع ہے۔ حالانکہ بعض محققین نے تصریح کی ہے، کہ نماز کا حکم بخاری کی مرفوع روایت میں موجود نہیں ہے، بلکہ یہ حصہ محمد بن سیرین پر موقوف ہے۔ البتہ ترمذی کی روایت میں حضرت ابو ہریرہ سے مرفوعاً ثابت ہے۔ **كما قاله الامام النووي في الأذكار۔**

قال و كان کی ضمیروں کے بارے میں مفسرین نے بہت سے احتمال لکھے ہیں۔

پہلا احتمال یہ ہے کہ قال کی ضمیر محمد بن سیرین کی طرف راجع ہو جیسا کہ ماقبل کی عبارت قال محمد بن سیرین سے بظاہر معلوم ہوتا ہے تو مابعد کلام حدیث ہوگا۔ اور اس بناء پر **كان** اور **يكره** کی ضمیریں آنحضرت ﷺ کی طرف راجع ہوں گی۔ اس صورت میں جملہ کے معنی وہی ہوں گے جو ترجمہ میں بیان کئے یعنی حضرت محمد بن سیرین نے یہ کہا کہ آنحضرت ﷺ اس بات کو اچھا نہیں سمجھتے تھے کہ کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے گلے میں طوق ہے۔ کیونکہ گلے میں طوق ڈالنا دوزخی کی علامت ہے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ "قال" کی ضمیر ابن سیرین کی طرف راجع ہو اور **كان يكره** کی ضمیریں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف راجع ہو۔ تیسرا احتمال یہ ہے کہ قال ضمیر اس راوی کی طرف راجع ہو جس نے اس حدیث کو ابن سیرین سے نقل کیا ہے اور **كان يكره** کا ضمیر ابن سیرین کی طرف راجع ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ راوی نے کہا کہ محمد بن سیرین اس چیز کو اچھا نہیں سمجھتے تھے کہ خواب میں طوق دیکھا جائے۔

ضمیروں کے جو سلسلے اوپر نقل کئے گئے ہیں احتمالات میں سے پہلے احتمال کی بنا پر **يعجبهم** کی ضمیر آنحضرت ﷺ اور صحابہ کی طرف راجع ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے احتمال کی بناء پر ضمیر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اوران کے تابعین کی طرف راجع ہوگی
تیسرے احتمال کی بنا پر ضمیر ابن سیرین اوران کے زمانہ تعبیر دینے علماء کی طرف راجع ہوگی۔
الجامع الصغیر میں بروایت ترمذی وابن ماجہ از ابو ہریرہ مرفوعاً منقول ہے:

"الرؤيا ثلاث فبشرى من الله، وحديث النفس، وتخويف من الشيطان' فاذ ارأى أحدكم رؤيا تعجبه فليقصها ان شاء، وانِ رأى شيئا يكرهه فلا يقصه على أحد وليقم يصلى' وأكره الغل واحب القيد والقيد ثبات فى الدين۔

۴۶۱۵: قَالَ الْبُخَارِيُّ رَوَاهُ قَتَادَةُ وَيُوْنَسُ وَهَشِيْمٌ وَاَبُوْ هَلَالٍ عَنِ ابْنِ سَيْرِيْنَ عَنِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَقَالَ يُوْنَسُ لَا اَحْسِبُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَيْدِ وَقَالَ مُسْلِمُ لَا اَدْرِىْ هُوَ فِى الْحَدِيْثِ اَمْ قَالَهُ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَفِىْ رِوَايَةٍ نَحْوُهُ وَاَدْرَجَ فِي الْحَدِيْثِ قَوْلَهُ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ اِلٰى تَمَامِ الْكَلَامِ۔

البخاری فی صحیحه ١٢/٤٠٤ الحديث رقم ٧٠١٧' ومسلم فى ٤/١٧٧٣ الحديث رقم (٤/٢٢٦١)

ترجمہ: اختتامی جزو میں دونوں کو تردد ہے۔ امام بخاری بیان کرتے ہیں کہ اس پوری حدیث کو یا صرف اس جز کو جس میں قید کا ذکر ہے' قتادہ' یونس' ہشیم اور ابو ہلال نے محمد بن سیرین سے اور محمد بن سیرین نے نبی کریم ﷺ سے بطریق ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا اور یونس نے کہا کہ میرا گمان ہے کہ حدیث کے وہ اجزاء جن میں ابن سیرین نے قید کا ذکر کیا ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول نہیں بلکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے۔ بخاری کے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ ابن سیرین سے نقل کرنے والے ایک راوی یونس کے مطابق روایت کا وہ جز جس میں طوق کا ذکر ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یا ابن سیرین کا اپنا قول ہے۔ البتہ وہ جزو جس میں قید کا ذکر ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یا ابن سیرین کا اپنا قول نہیں بلکہ حدیث مرفوع یعنی آپ ؐ کا ارشاد ہے۔ جس کو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے آپ ؐ سے اور ابن سیرین نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے) اور امام مسلم نے جو (ابن سیرین کا اپنا قول ہے) یہ کہا ہے کہ مجھے نہیں معلوم کہ وہ (اجزاء جن میں قید کا ذکر ہے آپ ؐ کے اپنے الفاظ ہیں' ابن سیرین کا اپنا قول ہے) اور مسلم کی ایک روایت میں اسی طرح کے الفاظ ہیں۔

تشریح: **قوله: قال البخاری: رواه قتاده ويونس وهشيم وأبو هلال ---- فى القيد:** روایت کے آخری جز: " **يقال: القيد ثبات فى الدين** " کے بارے میں شیخین کو تردد ہے۔ چنانچہ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس پوری حدیث کو یا صرف اس جز کو کہ جس میں "قید" کا ذکر ہے' قتادہ، یونس، ہشیم اور ابوھلال نے عن ابن سیرین عن أبی ہریرہ نقل کیا ہے' پہلے حصہ کو مرفوعاً اور آخری حصہ کو موقوفاً روایت کیا ہے۔ ابن سیرین سے روایت کرنے والوں میں سے یونس کا کہنا ہے، کہ میرا گمان ہے، کہ حدیث کے وہ اجزاء کہ جن میں ابن سیرین نے قید کا ذکر کیا ہے وہ کسی اور کا نہیں بلکہ نبی کریم علیہ السلام ہی کا ارشاد گرامی ہے۔

میں کہتا ہوں "یقال" کی تعبیر تو اس روایت کے موقوف ہونے کا بھی انکار کرتی ہے چہ جائیکہ مرفوع ہو۔
امام مسلم فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ حدیث کا وہ جز کہ جس میں "قید" کا ذکر ہے مرفوع ہے یا موقوف ہے یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں یا ابن سیرین کا اپنا قول ہے۔ قصہ مختصر یہ کہ "قید" والا حصہ مرفوع ہے، کہ موقوف۔

میں کہتا ہوں یہی ظاہر ہے، اس میں شک کرنا مناسب نہیں، جیسا کہ ہم ماقبل میں بیان کر چکے ہیں۔

یہ نہ کہا جائے کہ شیخین کا کلام "یقال: القید" الخ کے بارے میں نہیں ہے بلکہ "ویعجبھم القید" کے بارے میں ہے۔ چونکہ ہم کہتے ہیں کہ اگر یہی مراد ہوتا تو "قید" کی تخصیص کرتے، چونکہ "غل" کا بھی یہی حکم ہے۔ اور شیخین میں سے کوئی بھی اس بات کا قائل نہیں کہ "قال" کا "فاعل" ابن سیرین ہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "وکان یکرہ" میں احتمال ہے، کہ ابن سیرین سے روایت کرنے والے راوی کا مقولہ ہو، اور "کان" کا اسم ضمیر ہو جو ابن سیرین کی طرف راجع ہو۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ "وکان یکرہ" ابن سیرین کا مقولہ ہو، اور "کان" کی ضمیر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف یا ابو ہریرہ کی طرف راجع ہو۔ لہٰذا امام مسلمؒ کے اس جملہ: "لا أدری هو فی الحدیث أو قاله ابن سیرین" کا مطلب یہ ہوگا: "لا أدری ان قال مقول الراوی ابن سیرین، فیکون قوله لابن سیرین، أو یکون مقوله لابن سیرین، فیکون من الحدیث اما عن الرسول ﷺ أو عن أبی هریرة۔ اور یونس نے اس بات کو اختیار کیا ہے کہ یہ ابن سیرین کا مقولہ ہے، اور "کان" کی ضمیر کا مرجع مراد نبی کریم علیہ السلام ہیں۔ أی قال یونس فی شأن القید لا أحسبه الاعن النبی ﷺ۔ اور "أنا أقول" اس جملہ سے اختصاص کا پتہ چلتا ہے اور یہ اس وہم کو رفع کرتا ہے کہ یہ تینوں خلال اس حدیث کے متن کا حصہ ہیں کہ جس میں ان خلال کا ذکر بغیر کسی تفصیل کے مدرج ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: فیه بحث ظاهر.

خواب میں شیطان کا کھیلنا

٤٦١٦: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَانَ رَأْسِيْ قُطِعَ فَقَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ بِاَحَدِكُمْ فِيْ مَنَامِهٖ فَلَا يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/١٧٧٧ الحدیث رقم (١٦-٢٢٦٨) وابن ماجه فی السنن ٢/١٢٨٧ الحدیث رقم ٣٩١٢، وأحمد فی المسند ٣/٣٥٠۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر بیان کرنے لگا کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے کہ گویا میرا سر کاٹ ڈالا گیا ہے۔ اس کی بات سن کر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے اور فرمایا جب تم میں سے کسی کے ساتھ خواب میں شیطان کھیلے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے لوگوں کے سامنے بیان نہ کرتا پھرے۔ (مسلم)

تشریح: کان رأسی قطع قال: ای قال جابر۔ ایک نسخہ میں عبارت اسی طرح (یعنی "قال" کے ساتھ) ہے اور اکثر نسخوں میں "قال" کے بغیر ہے۔

امام نووی نے اس کے کئی مطالب ذکر فرمائے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❶ ممکن ہے، کہ آنحضرت ﷺ کو بذریعہ وحی یہ معلوم ہوگیا ہو، کہ یہ خواب "اضغاث أحلام" کے قبیل سے ہے۔ یا کسی اور ذریعہ سے اس پر دلالت ہو رہی ہو۔ یا اس پر کہ یہ وہ مکروہ خواب ہے جو تحریش شیطان میں سے ہے۔

❷ اہل تعبیر کے نزدیک اس خواب (قطع رأس) کی تعبیر یہ کی جاتی ہے کہ یہ شخص جن دنیاوی یا اخروی نعمتوں میں ہے وہ نعمتیں اس سے زائل ہو جائیں گی۔

❸ یا یہ شخص اپنی قوم سے جدا ہو جائے گا، اور اگر یہ سلطان ہے، تو اس کی سلطنت کو زوال آ جائے گا۔ اور اس کے تمام امور کی حالت دگرگوں ہو جائے گی۔

❹ اگر یہ خواب دیکھنے والا شخص کوئی غلام ہے، تو اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ وہ غلامی کے طوق سے نجات پا جائے گا، اور اگر یہ خواب کسی مریض نے دیکھا ہے، تو مطلب یہ ہے کہ وہ مریض جلد شفایاب ہو جائے گا، اور اگر خواب دیکھنے والا شخص مدیون تھا، تو تعبیر یہ ہے کہ وہ قرض سے بری ہو جائے گا۔

❺ اگر یہ خواب کسی ایسے شخص نے دیکھا تھا، جو تا حال حج کی سعادت سے محروم تھا، تو تعبیر یہ ہوگی کہ وہ حج کر لے گا۔ اگر یہ خواب دیکھنے والا شخص مغموم تھا، تو مسرور ہو جائے گا، اور اگر خائف تھا، تو مامون ہو جائے گا۔ اھ۔

ملا علی قاریؒ، امام نوویؒ کی مذکورہ بالا عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: پہلی بات کی دوسری شق ظاہر ہے، چونکہ یہ حدیث اسی پر دلالت کر رہی ہے۔ دوسری بات کا ہولناک امور میں سے ہونا واضح ہے۔ تیسری بات تو یہ اور بھی زیادہ ہولناک ہے، خصوصاً جب کہ یہ خواب دیکھنے والے صاحب صحابیؓ تھے، کہ جن کے رأس و رئیس آنحضرت ﷺ تھے۔ اور چوتھی بات کا بعید از دلالت ہونا مخفی نہیں، اور آخری بات تو اس سے بھی زیادہ بعید الدلالۃ ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔

تر کھجور کی تعبیر

۴۶۱۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنَّا فِيْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَاُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِنْ رُطَبِ ابْنِ طَابٍ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا قَدْ طَابَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/١٧٧٩ الحديث رقم (١٨ـ ٢٢٧٠)۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں نے خواب دیکھا گویا ہم عقبہ بن رافعؓ کے گھر میں ہیں اور ہمارے پاس ابن طاب کی تروتازہ کھجوریں لائی گئیں ہیں تو میں نے اس کی تعبیر یہ کی ہے کہ ہمارے لئے دنیا میں سربلندی اور عظمت ہوگی اور آخرت میں اچھا انجام ملے گا اور ہمارا دین بہت خوب ہے۔

تشریح: کانا: نون مشدد ہے۔

طاب: تنوین کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس کے بیان کے مطابق "طاب"، بمعنیٰ "طیب" ہے۔ اور ایک نسخہ میں "

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طاب" باء کے فتحہ کے ساتھ ہے، غیر منصرف ہونے کی وجہ سے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اصل کی رعایت رکھی گئی ہو، بایں طور کہ یہ فعل ماضی ہے، مبنی علی الفتح ہے۔

بعض کا کہنا ہے کہ یہ کوئی بدوی تھا کہ جس کی طرف کھجوروں کی یہ قسم منسوب ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: وہ اہل مدینہ میں سے تھا۔ اور صاحب قاموس لکھتے ہیں: **طيبة المدينة النبوية كطابة، عذق بن طاب نخل بها، أو ابن طاب ضرب من الرطب۔**

قوله: ان الرفعة لنا فى ديننا ......:

مذکورہ تعبیر میں گویا آپ نے ناموں کے الفاظ کو بنیاد بنایا اس طور پر کہ "رفعت" کی تعبیر "رافع" سے لی "عافیت" کی تعبیر "عقبیٰ" سے لی۔

اس کی دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**يرفع الله الذين آمنوا منكم**﴾[المجادلة:١١] دوسرے جملہ کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے: ﴿**والعاقبة للتقوى**﴾[طه:١٣٢] اور ہمارا ذوق معنوی یعنی حلاوۃ ایمان رطب کے مشابہ ہے، کہ یہ دین مکمل طور پر مستحکم و مضبوط ہے، اور اس کا زمانہ بہت اچھا ہے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: **تأويله هكذا قانون قياس التعبير على ما يرى فى المنام بالأسماء الحسنة، كما أخذ العاقبة من لفظ عقبة، والرفعة من رافع، وطيب الدين من طاب۔** (انتہی) اس کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ نیک فالی کو پسند فرماتے تھے، اور بدشگونی کو ناپسند فرماتے تھے۔ وگرنہ تو کلمات ذو معانی مختلفہ ہیں۔ چنانچہ دشمن کی نسبت سے "عقوبہ" کو "عقبہ" سے، اور مسلمانوں کی "رفعت" وبلندی کو "رافع" سے، اور ان کی موت کے اچھا ہونے کو "طاب" سے مأخوذ مانا جاسکتا ہے۔ قصہ مختصر یہ کہ تعبیر الرؤیا کا معاملہ انتہائی دقیق ہے، جو ہر لحہ توفیق کا محتاج ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: "عقب" اور "عقبیٰ" دونوں الفاظ ثواب کے معنیٰ کیلئے مخصوص ہیں۔ جیسے: [**هو خير ثوابا وخير عقبا**] [الكهف:٤٤] اور عاقبہ کا اطلاق ثواب کے ساتھ مخصوص ہے جیسے: ﴿**والعاقبة للمتقين**﴾[الاعراف:١٢٨] اور اضافت کے ساتھ کبھی "**عقوبة**" کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: ﴿**ثم كان عاقبة الذين أساؤ والسوأى**﴾[الروم:١٠]

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس آیت میں لفظ "**عاقبت**" **عقوبة** کے معنیٰ میں نہیں ہے بلکہ انجام کے معنیٰ میں ہے۔ ای **عاقبة امرهم ونهاية قولهم وفعلهم أن كذبوا بآيات الله وكانوا بها يستهزؤن۔** البتہ اس آیت کریمہ: ﴿فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ لا اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ﴾ [النمل : ٥١] "تو دیکھ لو کہ ان کی چال کا انجام کیسا ہوا؟ ہم نے ان کو ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا" میں "**عاقبة**" ایک تفسیر "**عقوبة**" کی گئی ہے۔ واللہ اعلم

کھجوروں والا مقام اور تلوار کی دھار کے کند ہونے کی تعبیر

٤٦١٨: وَعَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ فِى الْمَنَامِ اَنِّىْ اُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِيْ اِلٰى اَنَّهَا الْيَمَامَةُ اَوْ هَجَرٌ فَاِذَا هِىَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ وَرَاَيْتُ فِىْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رُؤْيَايَ هٰذِهِ اَنِّي هَزَزْتُ سَيْفاً فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ فَإِذَا هُوَمَا اُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهُ اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ فَإِذَا هُوَ مَاجَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٦٢٧/٦ الحديث رقم ٣٦٢٢، ومسلم في ١٧٧٩/٢ الحديث رقم ١٧٧٩/٤٠، وابن ماجه في السنن ١٢٩٢/٢ الحديث رقم ٣٩٢١، والدارمي ١٧٣/٢ الحديث رقم ٢١٥٨۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں نے مکہ مکرمہ میں ایک دن یہ خواب دیکھا کہ میں مکہ سے ہجرت کر کے ایسی سرزمین کی طرف جارہاہوں جہاں کھجوروں کے درخت ہیں میرا پہلی مرتبہ خیال اس طرف گیا کہ وہ تمامہ ہے یا مقام ہجر ہے مگر واقع میں وہ مدینہ منورہ نکلا۔اس کا قدیم نام یثرب ہے اور میں نے اپنے خواب میں یہ بات بھی دیکھی کہ میں نے اپنی تلوار کو ہلایا تو اس کا بالائی حصہ ٹوٹ گیا تو اس کی تعبیر احد کے دن مسلمانوں کو تکلیف پہنچناتھی پھر میں نے دوبارہ اس کو حرکت دی تو وہ پہلے سے بہتر ہوگئی۔چنانچہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فتح نصیب فرمائی اور مسلمانوں میں اجتماعیت کی صورت سامنے آئی۔یہ بخاری مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: **نخل**:اسم جنس ہے بمعنیٰ **نخيل**: یعنی کھجوریں۔

وهلي:

اليمامة:صاحب قاموس لکھتے ہیں:**يمامه** کے لغوی معنی ہیں''**قصد**''اور''**يمام**'' بھی اسی معنیٰ میں ہے۔اس کا اسم منسوب ہے۔سارے حجاز میں سب سے زیادہ کھجوریں یہاں پیدا ہوتی تھیں۔مسیلمہ کذاب کاظہور بھی یہیں ہوا۔محل وقوع کے اعتبار سے یہ علاقہ جزیرہ نماعرب میں واقع ہے۔مکہ مکرمہ سے سولہ مراحل کے فاصلہ پر ہے،اور کوفہ سے بھی تقریباً اتنا ہی فاصلہ ہے۔

هجر:**بفتح الهاء و الجيم**،بروزن قلم،غیر منصرف ہے۔اور''**بقعة**'' کی تاویل اور علمیت کے باعث غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔صاحب قاموس لکھتے ہیں:**هجر** حرکت کے ساتھ ہے۔یمن کا ایک شہر ہے،مذکر ومنصرف ہے۔اور کبھی مؤنث مانتے ہوئے غیر منصرف پڑھا جاتا ہے،''بحرین'' کی ساری سرزمین کو بھی **هجر** کہا جاتا ہے۔اسی سے یہ مثال بھی مشہور ہے: **كبضع ثمر الى هجر**۔اور حضرت عمر کا قول ہے:**عجبت لتاجر هجر**،ان کا اظہار تعجب اس کی کثرت وباء کی وجہ سے تھا،یا رکوب بحر کی وجہ سے تھا۔فرماتے ہیں:مدینہ کے قریب ایک بستی تھی جس کی طرف''**قلال**''(مٹکے گھڑے) منسوب تھے۔

فاذا هي:سے مراد **تلك الارض** ہے۔

المدينة يثرب:''یثرب''مدینہ سے بدل ہے،یا اس کا عطف بیان ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں مدینہ کا نام یثرب تھا۔اللہ جل شانہ نے اس کو''مدینہ'' کا نام دیا۔اور آنحضرت ﷺ نے اس کا نام''طاب''اور طیبہ رکھا۔

آنحضرت ﷺ نے اس شہر کو یثرب کہنے سے منع فرمایا تھالفظ یثرب کی کراہت کی وجہ سے۔(کیونکہ یثرب اصل میں ثرب بالتحریک سے مشتق ہے جس کا معنیٰ فتنہ وفساد کے ہیں) خود آنحضرت ﷺ نے اس حدیث میں''مدینہ''کو''یثرب'' کہا ہے۔اس میں تطبیق کی ایک صورت تو یہ ہے کہ حدیث مذکورہ ممانعت سے پہلے کی ہے تطبیق کی دوسری صورت یہ ہے کہ یہ نہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنزیہی ہے اور بیانِ جواز کی وجہ سے قدیم نام استعمال فرمایا۔ تیری صورت یہ ہے کہ اس کلام کے مخاطب وہ لوگ تھے جو اس نام سے واقف تھے اور اس وجہ سے اس نام کو اور شرعی نام کو یکجا ذکر فرمایا۔ میں کہتا ہوں آخری احتمال ہی زیادہ ظاہر ہے جیسا کہ اس کا عطف بیان ہونا اس کو ظاہر کررہا ہے۔ (فتدبر)

الجامع الصغیر میں مسند احمد کی روایت حضرت براء سے مرفوعاً منقول ہے: "من سمی المدينة يثرب فليستغفر الله، هي طابة هي طابة"۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اس کی تکرار میں "ردعن النهی" کے لئے مبالغہ ہے چونکہ یہ یہود و منافقین کا شعار تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے غزوہ احزاب کے موقع پر کہا تھا: [يا أهل يثرب لامقام لكم فارجعوا] یہ حدیث دلالت کررہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے خواب بھی کبھی تاویل کے محتاج ہوتے ہیں:

هززت: میں دوزاء ہیں۔

فانقطع صدره: سے مراد تلوار کا درمیانی حصہ ہے۔

فاذا هو: ای تاويله امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "فاذا هو" اصل میں "فاذا تاويله" تھا۔ مضاف (یعنی لفظ "تاویل" کو حذف کرکے، مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام کردیا اور ضمیر مجرور کو ضمیر مرفوع سے بدل دیا۔

يوم أحد: أصيب کے لئے مفعول فیہ ہے۔

أحسن ماكان: یہ منصوب بنزع الخافض ہے۔ ای مما کان: "ما" موصولہ ہے، یا مصدریہ ہے۔ اس صورت میں تقدیری عبارت یوں ہوگی: أحسن أكوانه۔

قوله: فاذا هو جاء الله به من الفتح: اس سے مراد فتح مکہ ہے، یا صلح حدیبیہ ہے، چونکہ صلح حدیبیہ اس فتح کی کُنجی تھی، اور معطوف (واجتماع المؤمنين) کے زیادہ مناسب بھی یہی ہے۔ چونکہ مؤمنین کا اجتماع فتح مکہ کے وقت ہی ہوا تھا۔ (انتھی)۔

جیسا کہ اس آیت کریمہ میں اشارہ ہے: ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا﴾ [النصر: ۱، ۲] "جب اللہ کی مدد آ پہنچی اور فتح (حاصل ہوگئی اور تم نے دیکھ لیا کہ لوگ غول کے غول خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں"۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ نے سیف کی جو تعبیر فرمائی یہ معبرین کی تفسیر کے عین مطابق ہے۔ چنانچہ معبرین کہتے ہیں، کسی آدمی کی تلوار سے مراد اس شخص کے وہ انصار و مددگار ہوتے ہیں جن کے ذریعہ یہ شخص اپنے دشمنوں پر حملہ کرتا ہے، جیسا کہ کوئی شخص اپنی تلوار کے ساتھ حملہ کرتا ہے، اور کبھی اس کے علاوہ دیگر مواقع ہیں دیگر تعبیریں بھی کی جاتی ہیں مثلاً اولاد، چچا، بھائی اور زوج مراد لئے جاتے ہیں۔ ملا علی قاریؒ کہتے ہیں ان میں سے ہر شخص "انصار" ہی کے حکم میں ہے۔

(امام نوویؒ) فرماتے ہیں اور کبھی ولدیت، ودیعت، مالداری اور صحت پر دلالت کرتی ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ سارے امور بھی معنوی نصرت ہیں۔

فرمایا: کبھی اس سے مراد "سلطان جائر" ہوتا ہے۔ بہر حال جو معنیٰ بھی مراد ہوں گے وہ قرائن کے اعتبار سے ہوں گے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: کبھی اس کی تعبیر سلطانِ عادل ہوتی ہے، چونکہ تلوار ذو جہتیں (دورُخی) ہوتی ہے۔ اس لئے امام غزالیؒ فرماتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں: القلم كالسيف يمكن أن يستعان به على الدين وعلى الدنيا كما يقتل بالسيف المؤمن والكافر۔

سونے کے کنگن کی تعبیر

٤٦١٩: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيْتُ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِیْ كَفِّیْ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَیَّ فَاُوْحِیَ اِلَیَّ اَنْ نُفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابِيْنِ الَّذَيْنَ اَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبُ صَنْعَاءَ وَصَاحِبُ الْيَمَامَةِ (متفق عليه وفى رواية يقال اَحَدُهُمَا مُسَيْلَمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ وَالْعَنْسِیُّ صَاحِبُ صَنْعَآءَ وَلَمْ احد هذه الرواية فى الصحيحين وذكرها صاحب الجامع عن الترمذى)

أخرجه البخارى فى صحيحه ٨/٨٩ الحديث رقم ٤٣٧٥، ومسلم فى ٤/١٧٨١ الحديث رقم (٢٢-٢٢٧٤) والترمذى فى ٤/٤٧٠ الحديث رقم ٢٢٩٢، وابن ماجه فى ٢/١٢٩٣ الحديث رقم ٣٩٢٢ وأحمد فى المسند ٢/٣١٩۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں سورہا تھا کہ میرے پاس زمین کے خزانے لائے گئے اور میرے ہاتھوں پر سونے کے دو کنگن رکھے گئے جن کا رکھا جانا مجھے گراں گزرا۔ خواب ہی میں مجھے اشارہ ہوا کہ میں اس کو پھونک ماروں تو میں نے اس کو پھونک ماردی تو وہ دونوں کڑے اڑ گئے تو میں نے اس دونوں کی تعبیر دو کذابوں سے کی جن کے درمیان میں ہوں یعنی ایک صنعاء کا رہنے والا ہے اور دوسرا یمامہ کا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے اور ترمذی کی روایت اس طرح ہے کہ ایک اس میں مسیلمہ ہے جو یمامہ کا باشندہ ہے اور دوسرا اسود عنسی ہے جو صنعاء کا رہنے والا ہے۔ صاحب مشکوٰۃ کہتے ہیں کہ یہ روایت مجھے صحیحین میں نہیں ملی اور جامع الاصول میں اسے ترمذی کے حوالہ سے ذکر کیا گیا ہے۔

تشریح: أتيت بخزائن الأرض کے مطلب بیان کئے گئے ہیں:

1. أى أتانى ملك بمفاتيح خزائن الارض۔ (ایک فرشتہ زمین کے خزانوں کی چابیاں میرے پاس لایا۔)
2. قال بعض الشراح: أى عرض على الكنوز وأنواع الاموال۔ (یعنی خزانے اور طرح طرح کے اموال مجھ پر پیش کئے گئے۔)
3. قيل: أى أتى بالخزائن حقيقة اشارة الى تملكه عليها بفتح البلد عنوة ودعوة۔ (یعنی زمین کے خزانے حقیقی طور پر لائے گئے۔ یہ اشارہ تھا کہ شہر عنوت ودعوت کے ذریعہ فتح ہو جائیں گے، اور مسلمانوں کی ملکیت میں چلے جائیں گے۔)
4. قال النووى: أى ملكها وفتح بلادها و أخذ خزائن أموا لها، وقد وقع ذلك كله ولله الحمد۔

فى كفى: بتشديد الفاء والباء المفتوحين۔ اور ایک نسخہ میں "فاء" پر کسرہ ہے اور "با" ساکن ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں: بظاہر یہ صیغہ تثنیہ ہے، اس کی تائید ایک دوسری روایت سے بھی ہوتی ہے، جس میں ''في يدي ''کے الفاظ ہیں۔ شیخ محی الدین فرماتے ہیں: یاء کی تشدید کے ساتھ ہے' تثنیہ ہونے کی وجہ سے۔

سواران: بکسر السین ہے۔

فكبرا: بائے موصدۃ پر ضمہ ہے۔

فأوحي: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

أن نفخهما): فاء کے ضمہ اور خائے معجمہ کے سکون کے ساتھ۔ ''أن'' مفسرہ ہے۔ اور ''وحی'' میں ''قول'' کے معنیٰ ہیں (وعليه كلام القاضي وغيره)۔ امام طیبیؒ نے اس ''أن'' کا ناصبہ ہونا بھی جائز قرار دیا ہے اور جار محذوف ہے اور ''نفخ'' خائے معجمہ کے ساتھ' جیسا کہ امام نوویؒ نے صحیح کی ہے۔ کہا جاتا ہے نفخته و نفحت فيه۔

صاحب صنعاء و صاحب اليمامة: یہ دونوں اسم منصوب علی البدلیت ہیں۔ یا ''أعني ''فعل مقدر ہے (یہ اس کیلئے مفعول بہ ہیں)۔ اور اگر ھما مبتدا محذوف مان لیا جائے تو ان دونوں کو خبر ہونے کی بناء پر مرفوع بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لفظ نفخ کے ساتھ مذکورہ بالا تعبیر ان کذابوں کی شان حقارت پر دلالت کرتی ہے، اور اس پر بھی دلالت کر رہی ہے کہ من جانب اللہ تھوڑی سی سختی آئی تو یہ ختم ہو جائیں گے۔ گویا کہ ان دونوں کی حیثیت اس شئے کی مانند ہے کہ جس کو پھونک مار کر ہوا میں اڑا دیا جائے۔ کسی نے کہا ہے:

ألم يجر التفرق آل كسرى
ونفخوا في مدائنهم فطاروا

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: اپنے ہاتھوں میں سونے کے کنگن دیکھنا یہ علامت ہے کہ اس کے ہاتھوں میں تنگی آئے گی۔ اور اگر چاندی کے کنگن دیکھے، تو چاندی کے کنگن دیکھنا، سونے کے کنگن دیکھنے سے بہتر ہے، مردوں نے اگر خواب میں کسی بھی قسم کا زیور دیکھا، تو ان کے لئے اچھا نہیں، سوائے قلادہ، تاج، عقد، قرط اور خاتم کے۔ البتہ اگر عورتیں خواب میں زیورات دیکھیں، تو ہر طرح کا زیور ان کے لئے زینت ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں: دو کڑوں کو ان دو جھوٹوں کے ساتھ تشبیہ دینے کی وجہ تاویل۔ علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ یہ ہے کہ کڑے اصل میں ہتھکڑی کی مشابہت رکھتے ہیں جس کو ہاتھ میں ڈال کر قیدی بنایا جاتا ہے اور ہتھکڑی ہاتھوں کو اس طرح باندھ دیتی ہے کہ وہ ہاتھ نہ کسی چیز کو پکڑ سکتے ہیں نہ کوئی کام کر سکتے ہیں مرضی کے مطابق تصرف کی طاقت رکھتے ہیں۔ چنانچہ یہ مشابہ ہوا اس شخص کے کہ جو شخص کس سے معارضہ کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اپنے مقابل کے ہاتھ کو پکڑ لیتا ہے اور اس کو اس کے کام سے روکتا ہے۔ عرض مرتب: صاحب مظاہر نے ایک نکتہ کی طرف اشارہ کیا ہے: ''سونے ہی کے کڑے کیوں دکھائے گئے۔ لوہے کے کڑے کیوں نہیں دکھائے گئے جو ان سے زیادہ مناسب حال تھے تو اس میں بھی دراصل ایک نکتہ ہے سونے کے کڑے دکھا کر اس طرح اشارہ کیا گیا ہے کہ جھوٹے دنیاوی عزت و جاہ کے لالچ اور زیب و زینت میں اس طرح مبتلا ہوں گے کہ ان کا مجرم و مردود ہونا کس طرح واضح اور سنگین ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صنعاء: صاحب قاموس لکھتے ہیں: عنس، یمن کے ایک قبیلہ کے باپ زید بن مالک بن داود کا لقب تھا اھ۔ صنعاء یمن کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جس کا سردار اسود عنسی تھا جس نے آپ کے زمانۂ حیات ہی میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا جب آپ مرض وفات میں صاحبِ فراش تھے تو حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے اسود عنسی کو قتل کیا جب آپ کو اس کی اطلاع ملی تو آپ نے فرمایا: ''فاز فیروز'' فیروز کامیاب ہوگیا۔ اسود عنسی کی طرح یمامہ کے رہنے والے مسیلمہ کذاب نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ اس کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔ یہ وہی وحشی ہیں جنہوں نے اسلام قبول کرنے سے قبل حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا۔ (انتھی)

بعض کا کہنا ہے، کہ جب حضرت وحشیؓ نے مسیلمہ کو قتل کیا، تو یہ فرمایا: قتلت خير الناس فى الجاهلية وشر الناس فى الاسلام: ''میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک بہترین انسان کو قتل کیا، اور زمانۂ اسلام میں ایک شریر ترین انسان کو قتل کیا''۔

چشمہ کی تعبیر نیک عمل کا جاری رہنا

۴۶۲۰: وَعَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ رَاَيْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ فِي النَّوْمِ عَيْنًا تَجْرِيْ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذٰلِكَ عَمَلُهٗ يُجْرٰى لَهٗ۔ (رواه البخارى)

أخرجه البخارى فى صحيحه ١٢ / ٤١٠ الحديث رقم ٧٠١٨۔

ترجمہ: حضرت ام العلاءؓ سے روایت ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ عثمان بن مظعون کا ایک چشمہ جاری ہے تو میں نے یہ خواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ اس کا عمل ہے یعنی عمل کا ثواب ہے جو اس کے لئے جاری کیا گیا۔

تشریح: یہ ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے۔ مکمل حدیث یوں ہے: أنها قالت: هاجر

عينا تجرى: أى يجرى ماؤها: جریان کی نسبت عین کی طرف مجازی ہے۔ مبالغہ مقصود ہے۔

يجرى له: مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں بصیغۂ معروف ہے۔ أى يصل اليه ثواب عمله الخ۔

آپؐ نے مذکورہ خواب کی یہ تعبیر بیان کی کہ وہ چشمہ حضرت مظعونؓ کا عمل صالح ہے اور جس طرح وہ چشمہ جاری ہے اسی طرح ان کے عمل صالحہ کا ثواب برابر جاری ہے جو قیامت تک ان کی طرف بہتا رہے گا حضرت مظعونؓ چونکہ مرابط بھی تھے اور مہاجر بھی تھے۔

چنانچہ ایک حدیث صحیح میں آتا ہے: ''كل ميت يختم على عمله 'الا الذى مات مرابطا' فى سبيل الله فانه ينمو له عمله الى يوم القيامة''۔ اس حدیث کو امام ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، اور حاکم نے فضالہ بن عبید سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

مختلف بُرے اعمال کی سزاؤں کا خواب میں دکھایا جانا

۴۶۲۱: وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَقَالَ مَنْ رَّاٰی مِنكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا قَالَ فَإِنْ رَاٰی اَحَدٌ قَصَّهَا فَيَقُوْلُ مَاشَاءَ اللّٰهُ فَسَأَلَنَا يَوْمًا فَقَالَ هَلْ رَاٰی مِنكُمْ اَحَدٌ رُؤْيَاً قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّيْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ اَتَيَانِيْ فَاَخَذَا بِيَدَيَّ فَاَخْرَجَانِيْ اِلٰى اَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهٖ كَلُّوْبٌ مِنْ حَدِيْدٍ يُدْخِلُهٗ فِيْ شِدْقِهٖ فَيَشُقُّهٗ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْاٰخِرِمِثْلَ ذٰلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهٗ هٰذَا فَيَعُوْدُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهٗ قُلْتُ مَاهٰذَا قَالَ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِهٖ بِفِهْرٍ اَوْ صَخْرَةٍ يَشْدَخُ بِهَا رَأْسَهٗ فَإِذَاضَرَبَهٗ تَدَهْدَهَ الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ اِلَيْهِ لِيَاْخُذَهٗ فَلَا يَرْجِعُ اِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهٗ وَعَادَرَأْسُهٗ كَمَا كَانَ فَعَادَ اِلَيْهِ فَضَرَبَهٗ فَقُلْتُ مَاهٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا اِلٰى ثَقْبٍ مِثْلَ التَّنُّوْرِ اَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَاَسْفَلُهٗ وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهٗ نَارٌ فَإِذَا ارْتَفَعَتْ اِرْتَفَعُوْا حَتّٰى كَادَاَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَإِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا وَفِيْهَا رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَ اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى نَهْرٍ مِنْ دَمٍ فِيْهِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى وَسْطِ النَّهْرِ وَعَلٰى شَطِّ النَّهْرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهْرِ فَإِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ رَمٰى الرَّجُلُ بِحَجَرٍفِيْ فِيْهِ فَرَدَّهٗ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَاهٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ وَفِيْ اَصْلِهَا شَيْخٌ وَصِبْيَانٌ وَإِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِّنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوْقِدُهَا فَصَعِدَابِيْ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا وَسْطَ الشَّجَرَةِ لَمْ اَرَقَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا فِيْهَا رِجَالٌ شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ وَنِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِيْ مِنْهَا فَصَعِدَ ابِيَ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًاهِيَ اَحْسَنُ وَاَفْضَلُ مِنْهَا فِيْهَا شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ فَقُلْتُ لَهُمَا اِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَا نِيَ اللَّيْلَةَ فَاَخْبِرَانِيْ عَمَّارَاَيْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشَقُّ شِدْقُهٗ فَكَذَّابٌ يُحَدِّثُ بِالْكَذِبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهٖ مَاتَرٰى اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشْدَخُ رَأْسُهٗ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيْهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهٖ مَارَاَيْتَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي النَّهْرِ اٰكِلُ الرِّبَا وَالشَّيْخُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِيْ اَصْلِ الشَّجَرَةِ اِبْرَاهِيْمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهٗ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِيْ يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلٰى الَّتِيْ دَخَلْتَ دَارُعَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ وَاَنَا جِبْرَئِيْلُ وَهٰذَا مِيْكَائِيْلُ فَارْفَعْ رَأْسَكَ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَإِذَا فَوْقِيْ مِثْلُ السَّحَابِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ قَالَ ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِيْ اَدْخُلْ مَنْزِلِيْ قَالَ اِنَّهٗ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌلَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَلَوِاسْتَكْمَلْتَهٗ اَتَيْتَ مَنْزِلَكَ۔

(رواہ البخاری وذکر حدیث عبد اللہ بن عمر فی روایا النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فی المدینة فی باب حرم المدینۃ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البخاري في صحيحه ۳/ ۲۵۱ الحديث رقم ۱۳۸۶ وأحمد في المسند ۵/ ۱۴۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا معمول مبارک یہ تھا کہ جب آپ ﷺ نماز صبح سے فارغ ہو جاتے تو اپنا چہرہ مبارک ہماری طرف کر کے دریافت فرماتے کہ کیا آج کی رات تم میں نے کسی نے خواب دیکھا ہے حضرت سمرہؓ کہتے ہیں کہ اگر ہم میں نے کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ اسے بیان کرتا اور آپ ﷺ اس کی تعبیر مشیئت الٰہی کے مطابق فرماتے چنانچہ آپ نے ایک دن ہم سے سوال فرمایا اور فرمایا کیا تم میں نے کسی سے کوئی خواب دیکھا ہے ہم نے عرض کیا نہیں آپ نے ارشاد فرمایا میں نے آج رات یہ خواب دیکھا ہے کہ میرے پاس دو شخص آئے اور وہ میرے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کو مجھے سرزمین شام کی طرف لے کر چل دیے ایک جگہ پہنچ کر میں نے دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہوا ہے اور دوسرا شخص اپنے ہاتھ میں لوہے کا کانٹا لیے کھڑا ہے وہ اس کانٹے کو بیٹھنے والے شخص کے باچھ میں ڈال کر چیرتا ہوا گدی تک لیجاتا ہے پھر دوسرے جبڑے کے ساتھ بھی اسی طرح کرتا ہے یعنی گدی تک چیر ڈالتا ہے اتنی دیر میں پہلا جبڑا اپنی صحیح حالت پر لوٹ آتا ہے تو وہ اس کے ساتھ پہلے والا عمل کرتا ہے آپ ﷺ نے فرمایا میں نے یہ دیکھ کر اس دونوں آدمیوں سے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے؟ ان دونوں سے کہا چلتے رہو (یعنی یہ نہ پوچھو کہ کیا ہو رہا ہے یعنی بہت عجائبات سامنے آنے والے ہیں) چنانچہ ہم آگے چل دیئے یہاں تک کہ ہم ایسی جگہ میں آئے جہاں ایک شخص چت لیٹا ہوا تھا اور اس کے سر کے پاس ایک شخص اتنا بڑا پتھر لیے کھڑا تھا جس سے ہاتھ بھر جائے چنانچہ وہ اس لیٹے ہوئے شخص کے سر کو کچلتا تھا جب وہ پتھر کو سر کچلنے کے لئے سر پر مارتا تو وہ پتھر سر کچل کر لڑھکتا ہوا دُور جا گرتا چنانچہ وہ دوبارہ مارنے کے لئے اس پتھر کو اٹھانے کے لئے جاتا جب وہ لوٹ کر واپس آتا تو اس کے لوٹنے سے پہلے اس آدمی کا سر درست ہو جاتا اور پھر وہ پتھر مارتا اور سر کچلا جاتا یہ سلسلہ اسی طرح جاری تھا۔ یعنی سر کچلنا اور اس کا درست ہونا وہ پتھر مارتا جا رہا تھا میں نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے اس دونوں سے جواب دیا چلئے آگے چلئے چنانچہ ہم آگے چل دیے یہاں تک کہ ہم ایک ایسے گڑھے پر پہنچے جو تندور کی طرح اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ تھا اور اس کے اندر آگ بھڑک رہی تھی۔ جب آگ کی بھڑک اوپر کو اٹھتی تو جو لوگ اس آگ کے اندر تھے وہ شعلوں کے ساتھ اوپر آجاتے یہاں تک کہ گڑھے سے نکلنے کے قریب ہو جاتے جب شعلے کی بھڑک کم ہوتی تو سب دوبارہ اندر چلے جاتے اس آگ میں میں نے کئی مرد اور کئی عورتیں دیکھی جو کہ تمام ننگے تھے میں نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا یہ کیا ہے تو اس دونوں سے کہا چلئے آگے چلئے چنانچہ ہم آگے چل دیے' یہاں تک کہ خون کی نہر کے کنارے پہنچے جس کے درمیان میں ایک شخص کھڑا تھا اور نہر کنارے پر ایک شخص کھڑا تھا۔ جس کے سامنے پتھروں کا ڈھیر تھا نہر کے اندر والا شخص اس سے نکلنے کے لئے جب کنارے کی طرف آتا تو کنارے پر کھڑا شخص اس کے منہ پر پتھر برساتا جس سے وہ اپنی جگہ دوبارہ لوٹ جاتا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا۔ کہ اندر والا آدمی باہر نکلنے کی کوشش کرتا اور کنارہ پر کھڑا ہونے والا اس پر سنگباری کر کے اسے واپس کرتا۔ میں نے پوچھا یہ کیا ہے تو اس نے دونوں سے کہا چلئے آگے چلئے یہاں تک کہ ہم چلتے ہوئے ایک نہایت سرسبز و شاداب باغ میں پہنچے اس باغ میں ایک بہت بڑا درخت تھا اور اس کی جڑ کے پاس ایک بوڑھا آدمی کچھ لڑکوں سمیت بیٹھا تھا پھر میں نے اس دوران اس درخت کے پاس ایک اور شخص کو دیکھا جس کے سامنے آگ جل رہی ہے اور وہ اسے خوب جلا اور بھڑکا رہا ہے پھر میرے ساتھ والے دونوں آدمی مجھے لے کر درخت پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چڑھتے اور مجھے ایک ایسے مکان میں داخل کیا جو درخت کے درمیان میں تھا یہ مکان اتنا شاندار تھا کہ اس سے زیادہ اچھا گھر میں نے آج تک نہ دیکھا تھا۔ اس گھر میں بہت سارے جوان بوڑھے، بچے اور عورتیں تھیں اس کے بعد وہ دونوں آدمی مجھے اس گھر سے نکال کر درخت کے اوپر لے گئے اور مجھے ایک ایسے مکان میں داخل کیا جو پہلے گھر سے بہت اعلیٰ اور افضل تھا اس میں بھی بوڑھے اور جوان مرد موجود تھے۔ میں نے ان دونوں آدمیوں سے کہا آج رات تم نے مجھے بہت سیر کرائی۔ لیکن میں نے جو کچھ دیکھا اس کی حقیقت بھی مجھے بتلا دو اس دونوں سے کہا ہم اس کی حقیقت بتلائے دیتے ہیں سنیے جس شخص کو آپ نے دیکھا تھا کہ اس کے جبڑے چیرے جا رہے ہیں وہ جھوٹا آدمی ہے جو جھوٹ بولتا ہے تو لوگ اس کے نقل کرتے ہیں اور اس کا جھوٹ دنیا میں چاروں طرف پھیل جاتا ہے چنانچہ اس کے ساتھ وہ سلوک کیا جا رہا ہے جو تم نے دیکھا اور یہ معاملہ اس کیساتھ قیامت تک جاری رہے گا۔ دوسرا وہ شخص جسے آپ سے دیکھا کہ اس کا سر کچلا جا رہا ہے جسے اللہ نے قرآن کی دولت سے نوازا مگر اس سے قرآن کے مطابق عمل نہ کیا چنانچہ اس کے ساتھ کیا جانے والا سلوک تم نے دیکھ لیا یہ سلسلہ اس کے ساتھ قیامت تک جاری رہے گا۔ تیسرے وہ لوگ جن کو آپ نے تندور میں دیکھا وہ زنا کار مرد و عورت ہیں اور چوتھے جس شخص کو آپ نے خون کی نہر میں دیکھا وہ سود خور ہے اس کا یہ سلسلہ سدا اسی طرح جاری رہے گا۔ پانچویں جس بوڑھے شخص کو آپ نے درخت کی جڑ کے پاس بیٹھے دیکھا وہ حضرت ابراہیمؑ تھے اور اس کے پاس جو بچے ہیں وہ لوگوں کی اولاد ہیں چھٹے وہ شخص جس کو درخت سے کچھ فاصلے پر آگ جلاتے دیکھا وہ دوزخ کا داروغہ ہے اور ساتویں وہ پہلا گھر درخت کے اوپر آپ ﷺ جس میں داخل ہوئے وہ جنت ہے جو عام مؤمنوں کا ٹھکانا ہے اور وہ دوسرا گھر جس میں آپ ﷺ داخل ہوئے وہ شہداء کا گھر ہے میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہے پھر وہ کہنے لگے کہ آپ ﷺ اپنا سر اوپر اٹھایئے آپ کہتے ہیں کہ میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا تو دیکھا تو بلندی میں بادل کی طرح کوئی چیز ہے اور ایک روایت میں ہے کہ تہہ بہ تہہ ابر کی طرح کوئی چیز دیکھی تو انہوں نے کہا ابر کی طرح نظر آنے والی یہ چیز جنت میں آپ کا مکان ہے تو میں نے کہا مجھے چھوڑ دو تا کہ میں اپنے مکان میں چلا جاؤں انہوں نے کہا ابھی آپ کی عمر باقی ہے جس کو آپ نے پورا نہیں کیا جب آپ اپنی عمر کو پورا کر لیں گے تو اپنے مکان میں داخل ہو جائیں گے۔ یہ بخاری کی روایت ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی وہ روایت جو آپ ﷺ کے مدینہ منورہ میں خواب دیکھنے سے متعلق ہے وہ باب حرم المدینہ میں ذکر کی جا چکی ہے۔

الفصل الثانی:

جب تک تعبیر نہ ہو خواب پرندے کے پر پر ہوتا ہے

٤٦٢٢: عَنْ اَبِیْ رَزِیْنِ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ وَهِیَ عَلٰی رِجْلِ طَائِرٍ مَّا لَمْ یُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا حَدَّثَ بِهَا وَقَعَتْ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَا تُحَدِّثْ اِلَّا حَبِیْبًا اَوْ لَبِیْبًا۔ (رواہ الترمذی وفی روایۃ ابی داود) قَالَ الرُّؤْیَا عَلٰی رِجْلٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طَائِرٍ مَالَمْ تُعَبَّرُ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَلَا تَقُصَّهَا اِلَّا عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَأْيٍ.

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٢٨٣ الحديث رقم ٥٠٢٠، والترمذی فی ٤/٤١٤ الحديث رقم ٢٢٧٨، وابن ماجه فی ٢/١٢٨٨ الحديث رقم ٣٩١٤، وأحمد فی المسند ٤/١٠۔

ترجمہ: ابو رزین عقیلی کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے اور خواب پرندے کے پر پر ہوتا ہے جب تک کسی کو بیان نہ کیا جائے۔ جب کسی کے سامنے بیان کر دیا تو وہ واقع ہو جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اس خواب کو خالص دوست یا عقل مند کے علاوہ کسی کے سامنے مت بیان کر دو۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور ابوداؤد کی روایت کے یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا خواب کی جب تک تعبیر نہ کی جائے وہ پرندے کے پر پر ہوتا ہے اور جب اس کی تعبیر کر دی گئی تو وہ واقع ہو جاتا ہے اور راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اس خواب کو دوست یا صاحب رائے کے علاوہ اور کسی سے مت بیان کرو۔

ورقہ کو سفید لباس میں دیکھنا

٤٦٢٣: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ فَقَالَتْ لَهٗ خَدِيْجَةُ اِنَّهٗ كَانَ قَدْ صَدَّقَكَ وَلٰكِنْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْتُهٗ فِي الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيْضٌ وَلَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٦٨ الحديث رقم ٢٢٨٨، وأحمد فی المسند ٦/٦٥۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ورقہ کے بارے میں پوچھا یعنی اس کا انجام کیا ہوگا۔ حضرت خدیجہ نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ اس نے آپ کی تصدیق کی تھی لیکن آپ کی نبوت کے معاملے کے ظاہر ہونے سے پہلے ہی اس کی وفات ہوگئی تو آپ ﷺ نے فرمایا مجھے وہ خواب میں دکھایا گیا کہ اس نے سفید کپڑے زیب تن کر رکھے تھے اگر وہ جہنمی ہوتا تو اس کا لباس اور طرح کا ہوتا۔ یہ ترمذی اور احمد کی روایت ہے۔

تشریح: أريته: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

انه: کی ضمیر میں دو احتمال ہیں: پہلا احتمال یہ ہے کہ یہ ضمیر شان ہے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ ''ورقه'' کی طرف لوٹ رہی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اس سلسلے میں میرے پاس کوئی وحی دلیل جلی اور قطعی نہیں آئی۔ البتہ میں نے انہیں اس طرح خواب میں دیکھا ہے۔

وعليه ثياب بيض: گویا کہ نبی کریم نے ''کپڑوں'' کی تعبیر ''دین'' کے ساتھ فرمائی، نیز ظاہر، باطن کا عنوان ہوتا ہے۔

صوفیاء فرماتے ہیں: من رق ثوبه رق دينه.

''لكن مات قبل أن تظهر'':

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اگر یہ سوال کیا جائے کہ یہاں استدراک کے کیا معنیٰ ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت خدیجہؓ نے سائل کے سوال اور مجیب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کے درمیان میں اپنا کلام دو وجہ سے داخل کیا:

① ممکن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا جواب ارشاد فرمائیں، جو سائل کو اچھا نہ لگے، بلکہ مکروہ لگے۔

② ورقہ بن نوفل کا ماضی یاد دلانا مقصود تھا۔ چونکہ ورقہ آپ رضی اللہ عنہا کے چچا زاد بھائی تھے۔ یعنی وان لم یدرك زمان دعوتك لیصدقك یأتی بالأعمال علی موجب شریعتك لكن صدقك قبل مبعثك. یعنی اگرچہ ورقہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کا زمانہ نہیں پایا، کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے مطابق اعمال بجا لاتے، لیکن انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی ہے (انتھی)۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: فانظر الی المحلین واختر الاحلی من الخلین۔

ابوخزیمہ رضی اللہ عنہ کا عجیب خواب

۴۶۲۴: وَعَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَمِّهِ اَبِىْ خُزَيْمَةَ اَنَّهٗ رَاٰى فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ اَنَّهٗ سَجَدَ عَلٰى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَاضْطَجَعَ لَهٗ وَقَالَ صَدِّقْ رُؤْيَاكَ فَسَجَدَ عَلٰى جَبْهَتِهٖ۔

(رواہ فی شرح السنة وسنذكر حديث ابی بكرة كان ميزانا نزل فی السماء وفی باب مناقب ابی بكرؓ وعمرؓ)

أخرجه أحمد فی المسند ۵/۲۱۵۔

ترجمہ: حضرت ابن خزیمہ بن ثابت اپنے چچا حضرت ابوخزیمہ رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر سجدہ کر رہے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر ابوخزیمہ کی خاطر لیٹ گئے اور ارشاد فرمایا اپنے خواب کی تعبیر پوری کرلو چنانچہ انہوں نے آپ کی پیشانی پر سجدہ کیا۔ اس کو شرح السنة نے نقل کیا ہے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی یہ روایت: كَانَ مِيْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ فی باب مناقب ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے باب میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: صدق رؤیاك: ”صدق“ تصدیق سے امر کا صیغہ ہے۔ مظہرؒ فرماتے ہیں یہ تصریح ہے کہ جو شخص کوئی خواب دیکھے تو مستحب ہے کہ حالت بیداری میں اس پر عمل کرے، بشرطیکہ اس خواب میں طاعت کا پہلو ہو، مثلاً یہ خواب دیکھے کہ نماز پڑھ رہا ہے، یا روزہ سے ہے، یا مال صدقہ کر رہا ہے، یا کسی نیکوکار کی زیارت کر رہا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

حدیث ابوبکرہ اس باب سے بھی مناسبت رکھتی ہے، چونکہ اس میں ایک خواب کا بیان ہے، جس کی تعبیر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیان فرمائی تھی، لیکن اس حدث میں چونکہ شیخین کی منقبت بھی تھی اس لئے ابوبکرہ کی حدیث کو ”باب المناقب“ میں ذکر کرنا مناسب سمجھا۔ اس میں ایک قسم کا اعتذار ہے۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طویل خواب

۴۶۲۵: وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يُكْثِرُ اَنْ يَّقُوْلَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِاَصْحَابِہٖ هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنْ رُؤْيَا فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُصَّ وَاِنَّهٗ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاةٍ اِنَّهٗ اَتَانِي اللَّيْلَةَ اٰتِيَانِ وَاِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِي وَاِنَّهُمَا قَالَا لِي انْطَلِقْ وَاِنِّي انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا وَذَكَرَ مِثْلَ الْحَدِيْثِ الْمَذْكُوْرِ وَهِيَ قَوْلُهٗ فَاَتَيْنَا عَلٰى رَوْضَةٍ مُّعْتَمَةٍ فِيْهَا مِنْ كُلِّ نَوْرِ الرَّبِيْعِ وَاِذَا بَيْنَ ظَهْرَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِيْلٌ لَا اَكَادُاَرٰى رَاْسَهٗ طُوْلاً فِي السَّمَاءِ فَاِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ اَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَاَيْتُهُمْ قَطُّ قُلْتُ لَهُمَا مَاهٰذَا مَا هٰؤُلَاءِ قَالَ قَالَا لِي انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا فَانْتَهَيْنَا اِلٰى رَوْضَةٍ عَظِيْمَةٍ لَمْ اَرَرَوْضَةً قَطُّ اَعْظَمَ مِنْهَا وَلَا اَحْسَنَ قَالَ قَالَا لِي ارْقَ فِيْهَا قَالَ فَارْتَقَيْنَا فِيْهَا فَانْتَهَيْنَا اِلٰى مَدِيْنَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنٍ فِضَّةٍ فَاَتَيْنَا بَابَ الْمَدِيْنَةِ فَاسْتَفْتَحْنَا فَفُتِحَ لَنَا فَدَخَلْنٰهَا فَتَلَقَّانَا فِيْهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ وَشَطْرٌ مِنْهُمْ كَاَقْبَحِ مَا اَنْتَ رَاءٍ قَالَ قَالَا لَهُمْ اِذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِيْ ذٰلِكَ النَّهْرِ قَالَ فَاِذَا نَهْرٌ مُّعْتَرِضٌ يَجْرِيْ كَاَنَّ مَاءَهٗ الْمَحْضُ فِي الْبَيَاضِ فَذَهَبُوْا فَوَقَعُوْا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَيْنَا قَدْذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ فَسَارُوْفِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَذَكَرَ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الزِّيَادَةِ وَاَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَاِنَّهٗ اِبْرَاهِيْمُ وَاَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهٗ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِّنْهُمْ قَبِيْحٌ فَاِنَّهُمْ قَوْمٌ قَدْ خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَاٰخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/ ۴۳۸ الحدیث رقم ۷۰۴۷ وأحمد فی المسند ۵/ ۹۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندبؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ اکثر و بیشتر اپنے صحابہؓ سے دریافت فرمایا کرتے تھے کہ کیا تم نے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ اپنا خواب آپ ﷺ کی خدمت میں بیان کر دیتا ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا آج رات میں نے خواب دیکھا ہے کہ دو شخص میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھے اٹھایا اور کہا آپ ہمارے ساتھ چلیں چنانچہ میں ان کے ساتھ روانہ ہوا۔ ان کے بعد حضرت سمرہؓ نے فصل اول میں مذکور وطویل روایت جیسی روایت کی مگر اس روایت میں کچھ باتوں کا اضافہ ہے۔ اور وہ یہ ہیں آپ ﷺ نے فرمایا ہم چلتے ہوئے ایک باغ میں پہنچے جہاں کثرت شادابی کی وجہ سے ہر طرف اندھیرا معلوم ہوتا تھا باغ میں بہار کے ڈیرے تھے اور ہر قسم کے شگوفے کھلے ہوئے تھے پھر باغ کے اندر میری نگاہ ایک کھڑے شخص پر پڑی جس کا قد اس قدر لمبا تھا کہ اس کا سر بھی نظر نہیں آرہا تھا گویا اس کی لمبائی آسمان تک بلند تھی۔ پھر میں نے یہ دیکھا کہ اس کے اردگرد بہت سے ایسے بچے ہیں۔ جس کو میں نے کبھی نہیں دیکھا میں نے اس دونوں سے پوچھا کہ یہ دراز قد آدمی کون ہے اور یہ بچے کون ہیں اس دونوں نے میری بات کا جواب دینے کی بجائے کہا آگے چلئے ہم آگے چلتے رہے چنانچہ ایک بڑے باغ میں پہنچے جس سے بڑا اور زیادہ شاندار باغ میں نے کبھی نہیں دیکھا پھر اس دونوں نے مجھے کہا کہ آپ باغ کے اندر چلئے یا اس طرح کہا کہ اس کے درختوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر چڑھیے چنانچہ ہم چڑھ کر ایک ایسے شہر میں پہنچے جو سونے اور وچاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا ہم اس شہر کے دروازے پر آئے اور اس کے دروازے کو کھلوایا جو ہمارے لئے کھول دیا گیا اس کے اندر داخل ہو کر ہم نے ایسے بہت سے لوگ دیکھے جن میں ہر ایک کے بدن کا آدھا حصہ ہر ممکن خوبصورت تھا جو تم نے دیکھا ہو اور آدھا حصہ اس سے بہت بدتر تھا۔ آدھا حصہ بہت خوبصورت اور تندرست اور آدھا بے ڈھنگا اور خراب۔ ان دونوں نے کہا کہ جاؤ یہ سامنے والی نہر میں غوطہ لگاؤ۔ میں نے دیکھا کہ عرض (چوڑائی) میں وہاں ایک نہر چل رہی ہے جس کا پانی دودھ کی طرح نہایت سفید ہے چنانچہ وہ لوگ نہر کے کنارے پر گئے اور اس میں چھلانگ لگا دی۔ جب وہ ہمارے پاس واپس لوٹے تو ان کے جسم پر کوئی نشان نہ تھا ان کا جسم بہترین شکل وصورت میں بدل چکا تھا پھر اس روایت میں اس زائد کی وضاحت اس طرح فرمائی گئی کہ اس باغ میں وہ دراز قد شخص ابراہیمؑ تھے۔ اور ان کے اردگرد وہ بچے تھے' فطرت پر مرجانے والے۔ راوی کہتے ہیں کہ بعض صحابہؓ نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ مشرکوں کے لڑکے تو آپ نے فرمایا مشرکوں کے نابالغ لڑکے بھی ابراہیمؑ کے پاس رہتے ہیں اور رہے وہ لوگ جن کا آدھا جسم اچھا اور آدھا خراب ہے۔ وہ وہی لوگ ہیں جن کے اعمال ملے جلے ہیں۔ انہوں نے اچھے اور برے دونوں قسم کے عمل کیے۔ پھر اللہ پاک نے انہیں معاف کر دیا۔ (بخاری)

تشریح: يكثر: یاء کے فتحہ اور ثائے مثلثہ کے ضمہ کے ساتھ۔ أن يقول لأ صحابه: يكثر کا فاعل ہے۔ اور ''ما'' موصولہ ہے۔ اى كان من الفريق الذى يكثر قوله۔ ایک صحیح نسخہ میں از باب افعال بصیغۂ معروف ہے۔ اس صورت میں اس کا فاعل ضمیر مستتر ہوگی جو ''ما'' کی طرف راجع ہوگی، اور أن يقول (بتاویل مصدر) مفعول بہ ہوگا۔ ''لأ صحابہ'' میں لام مشافہہ کے لئے ہے۔

هل رأى أحد منكم من رؤيا: یہ جملہ مقولہ ہے۔ (اور ''رأی کا معفول بہ محذوف ہے۔) أى شيئًا من رؤيا۔ امام طیبیؒ نے پہلی ترکیب پر اقتصار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: مما يكثر، ''كان'' کی خبر ہے۔ مما کا ''ما'' موصولہ ہے اور ''يكثر'' اس کا صلہ ہے۔ اور ''ما'' کی طرف ضمیر راجع ''يقول'' کا فاعل ہے اور ''أن يقول'' فاعل ہے ''يكثر'' کا۔ اور ''هل رأى أحد منكم'' مقولہ ہے۔ أى: كان رسول الله ﷺ من زمرة الذين كثر منهم هذا القول. ''ما'' من کے معنیٰ ومحل میں ہے۔ آنحضرت ﷺ کی تفخیم شان کے لئے یہ اسلوب اختیار کیا۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں: ﴿والسماء وما بناها﴾

[الشمس: ۵] [سبحان ما سخر كن لنا] [الزخرف: ۱۳]

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ان دونوں آیات میں تعظیم وتفخیم کے معنیٰ بالکل واضح ہیں۔ علاوہ ازیں کبھی ''ما'' سے صفت کے معنیٰ بھی مراد ہوتے ہیں۔ بہرحال اس حدیث میں ''ما'' سے تفخیم کے معنیٰ مراد ہونا یہ نا قابل تسلیم ہے۔ والله بكل شيء عليم۔

عرض مرتب:

اگر مرقاۃ کے اس نسخہ کو درست مان لیا جائے، تو یہاں یہ کہنا پڑے گا، کہ دونوں شارحین کو یہاں مغالطہ ہوا ہے۔ بایں طور کہ ''سبحان ما سخر كن لنا'' آیت نہیں ہے۔ امام طیبیؒ کے بیان اسلوب سے لگتا ہے، کہ انہوں نے اس کو بطور آیت ذکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا ہے۔اور ملا علی قاریؒ کی عبارت تو بالکل صریح ہے۔طیبیؒ کی عبارت یوں ہے: فوضع "ما" موضع "من" تفخيما لجنابه عليه السلام كقوله تعالٰى: ﴿والسماء وما بناها﴾ و ﴿سبحان ما سخر كن لنا﴾ اگلی عبارت ملا علی قاری کی ہے: قلت: التعظيم والتفخيم ظاهر باهر في الآيتين اھ۔

فيقص: مرفوع ہے، (اور مبتدا محذوف ہے۔) فهو يقص عليه: اور ایک نسخہ میں منصوب ہے۔اس صورت میں اس کا عطف "يقول" پر ہوگا اور فاعل "من شاء الله" ہوگا اور ایک نسخہ میں من شاء الله کے بجائے "ما شاء" کے الفاظ ہیں. اى الذى أراده الله. انه قال ذات غدوة: "ان" بکسر الهمزہ ہے اور ضمیر متصل ضمیر شان ہے۔

انه أتاني: "ان" کے ساتھ متصل ضمیر بھی ضمیر شان ہے۔ابتعثاني اى آثار انى وأذهباني ۔بعض نے اس کا معنی "ايقظاني من المنام" کیا ہے' لیکن یہ معنی اس مقام کے مناسب نہیں۔

واني انطلقت معهما: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس جملہ کا عطف "وانهما قال" پر ہو رہا ہے۔اى حصل منهما القول ومني الانطلاق۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے "ان" مؤکدہ کو اپنے کلام میں یہاں مرتبہ ذکر فرمایا' جس کا مقصد اپنے آنکھوں دیکھے حال کی تحقیق ہے' اور اپنے اس ارشاد گرامی: الرؤيا الصالحة جزء من أربعين جزءا من النبوة کی تقریر ہے۔

رأسه طولا: منصوب علی التمیز ہے۔

حول الرجل: منصوب علی الظرفیہ ہے۔

من اكثر ولدان رأيتهم: بظاہر یہ "من" زائدہ ہے، کوفیوں اور اخفش کے مذہب پر، ان کے نزدیک "من" زائدہ کلام مثبت میں بھی آسکتا ہے۔

قط: قاف کے فتحہ اور طاء مشددہ کے ضمہ کے ساتھ، صاحب قاموس لکھتے ہیں: "ما رأيته قط" ويضم ونحففان ماضی منفی کے ساتھ مخصوص ہے۔ بخاری شریف میں کئی جگہ کلام مثبت میں آیا ہے۔کسوف کی روایت میں ہے "أطول صلاة صليتها قط" سنن ابی داؤد کی روایت میں "توضأ ثلاثا قط" کے الفاظ ہیں۔ابن مالکؒ نے شواہد میں اس کو لغۃً ثابت مانا ہے اور لکھا ہے: وهي مما خفي على كثير من النحاة۔

آتيان: أتي، ياتي سے اسم فاعل کا تثنیہ کا صیغہ ہے۔اى شخصان أو ملكان خائيان۔

معتمة: میم کے ضمہ، عین مہملہ کے سکون، تائے مثناۃ کے کسرہ اور میم مخففہ کے ساتھ، "عتمة" بمعنی "شدة الظلام" سے ماخوذ ہے۔ یہاں "شدت خضرة" بیان کرنا مقصود ہے۔اور بعض کے نسخوں میں مثناۃ کے فتحہ اور میم مشدد کے ساتھ ہے۔(كذا حققه العسقلانیؒ) امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اى طويلة النبات يقال: اعتم النبت اذا طال میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں، کہ پہلے مفہوم کی تائید صاحب النہایہ کے کلام سے ہو رہی ہے: أعتم يعتم دخل في عتمة الليلة وهي ظلمته. اور صاحب قاموس نے اس مادہ کے تحت جو کچھ لکھا ہے، وہ اسی معنٰی کے گرد گھومتا ہے۔

نور: نون کے فتحہ کے ساتھ بمعنٰی "زهر" اور "ربيع" سے مراد وہ مشہور موسم ہے، جو موسم سرما اور گرما کے درمیان میں ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بين ظهرى: اى فى وسطها، لفظ "ظهر" یہاں "مقحم" ہے۔ گویا کہ تحقق وسط میں مبالغہ مقصود ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "اذا حول الرجل من أكثر ولدان رأيتهم قط" کی اصل ترکیب یوں ہے: واذا حول الرجل ولدان ما رأيت ولدانا قط أكثر منهم. اس کی تائید اگلے جملہ "لم أرروضة قط أعظم منها" سے ہوتی ہے۔ اور اصل ترکیب چونکہ نفی کے معنی کو متضمن ہے، لہٰذا "من" اور "قط" کی زیادتی کہ جو ماضی منفی کے ساتھ مخصوص ہے، درست ہے۔ اس کی نظیر حارثہ کی یہ مرفوع روایت ہے: "ونحن أكثر ما كنا قط". اس کا بیان "باب صلاة السفر" میں گزر چکا ہے۔ صاحب کشاف اس آیت کریمہ: ﴿فشربوا منه الا قليلا﴾ [البقرة:٢٤٩] کے بارے میں لکھتے ہیں: على قراءة الرفع هذا من ميلهم مع المعنى والاعراض عن اللفظ جانبا. وهو باب جليل من علم العربية.

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: صوفیاء کا بھی یہی مشرب ہے، چنانچہ صوفیاء فرماتے ہیں: ان الكلام فى اعراب المبانى يشغل عن اعراب المعانى اور کافیجیؒ فرماتے ہیں: ان اصل النحو ثلاث قواعد، والباقى من القواعد والاصطلاحات زيادة عليها، وقد تقرر أن علل النحو اعتبارات بعد الوقوع لا موجبات.

صاحب کشاف آگے لکھتے ہیں: فلما كان معنى فشربوا منه فى معنى فلم يطيعوه حمل عليه كأنه قيل: فلم يطيعوه الا قليل منهم.

قلت لهما: ما هذا؟ ما هؤلاء؟: "هذا" کا مشار الیہ "الرجل الطويل" ہے۔ "هؤلاء" سے مراد "ولدان" ہیں، اور "ما" بمعنیٰ "من" ہے، یا اس سے صفت مراد ہے۔ أى ما صفة هذا وصفة هؤلاء

طیبیؒ نے بڑی عجیب وغریب بات لکھی ہے کہ بظاہر "من هذا" کہنا چاہئے تھا، تو گویا کہ نبی کریم علیہ وسلم نے جب ان کا طول مفرط دیکھا، تو گویا کہ آپ علیہ السلام پر یہ بات مخفی ہوگئی کہ ان کی جنس کیا ہے؟ کیا یہ بشر ہے یا فرشتہ ہے، یا جن ہے، کیا ہے؟ اھ۔ امام طیبیؒ کے کلام کی غرابت مخفی نہیں، چونکہ لفظ "رجل" کے اطلاق کے ہوتے ہوئے یہ تصور نہیں کیا جا سکتا، کہ یہ جماد ہے، نبات ہے، یا کوئی بہیمہ ہے، اور اس کا فرشتہ ہونا یا جن ہونا، اس بات کا مقتضی نہیں ہے کہ یہاں "ما" استعمال ہونا چاہئے تھا۔ بلکہ اس کا تقاضا بھی یہ تھا، کہ "مَن" استعمال کیا جاتا۔

انطلق انطلق: ولعل فى تكرار الامر اشعار بقرب المزار۔

قوله: فتلقانا فيها رجال شطر من خلقهم كا حسن ماأنت راء:

كأحسن: اى مثل احسن شيئى امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ کاف زائدہ ہے، (ملاعلی قاری فرماتے ہیں) اور میرا گمان یہ ہے کہ زائدہ کہنے کی کوئی حاجت نہیں ہے۔

"شطر" بنصف اور بعض پر دو معنی میں ہوسکتا ہے۔

من خلقهم: یہاں خلق سے مراد خلقت ہے۔ "شطر" مبتدا ہے اور "كاحسن......" اس کی خبر ہے۔ یہ جملہ "رجال" کی صفت ہے۔

قوله: وشطر منهم كا قبح ماأنت راء: امام طیبیؒ فرماتے ہیں احتمال ہے کہ ان میں سے بعض خلقت حسنہ کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'اور بعض خلقت قبیحہ کے ساتھ متصف ہوں' اور احتمال یہ بھی ہے کہ ان میں سے ہر ایک کا کچھ حصہ بصورت حسن ہو اور کچھ حصہ قبیح ہو۔ یہاں ثانی مراد ہے اور دلیل وہ اگلا جملہ ہے کہ جس میں تفصیل آ رہی ہے: **فانهم قوم خلطوا عملا صالحا و آخر سيئا اى خلط كل واحد عملا صالحا بسئ يسئا بصالح۔**

فقعوا: وقع، يقع سے امر کا صیغہ ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**فاذ سويته ونفخت فيه من روحى فقعوا له ساجدين**﴾ [الحجر: ۱۲۹] اس کے معنیٰ ہیں: **أو قعوا أنفسكم۔**

قد ذهب ذلك السوء: "سین کے ضمہ کے ساتھ ہے' اور فتحہ بھی درست ہے' اس کا معنی ہے "**قبح** "ذکر: فعل کا فاعل نبی کریم علیہ السلام ہیں، اور ایک نسخہ میں بصیغہ مجہول ہے۔ **أى قيل.**

فانهم قوم قد خلطوا: تصحیح شدہ نسخوں کے مطابق یہ "**قد**" برائے تحقیق ہے۔

لبن: لام کے فتحہ، باء موحدہ کے کسرہ کے ساتھ۔

طويل):" **ذو طول**" کے معنیٰ میں ہے۔ اور تنوین برائے تعظیم ہے۔ **أى ذو طول عظيم.**

قوله: لا أكادأرى راسه طولا فى السماء: (یہاں مضاف محذوف ہے)۔ **أى فى جهة السماء.** یہ ماقبل کی تاکید ہے، وگرنہ طول تو عرض کے مقابلہ میں آتا ہے۔

قوله: واذا نهر معترض يجرى كان ماؤه المحف فى البياض: "عریض کے معنی میں ہے۔

المحض ":**اى اللبن الخالص غير مشوب بالشيئى** (ہر قسم کی ملاوٹ سے پاک خالص دودھ)۔ "محض" ہر چیز کے خالص حصہ کو کہتے ہیں۔ گویا کہ صفت کو نام بنا دیا' پھر اس کا استعمال "صفاء" کے ہونے لگا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ "پانی" سے مراد یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ عفو کا معاملہ فرمائے گا' یا ان کی توبہ قبول فرمائے گا' جیسا کہ مروی ہے: **اللهم اغسل خطايا ى بالماء والثابح والبرد۔**

میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں اگر ان کی مراد یہ ہے کہ قولہ: **فقال بعض المسلمين** امام طیبیؒ فرماتے ہیں صحابہ کرام کی مراد: "**و أولاد المسلمين**" سے یہ تھی: مشرکین کی وہ اولاد جو فطرت پر مری ہے کیا وہ ان بچوں کے زمرہ میں داخل ہوں گے؟ ارشاد فرمایا: **و أولاد المشركين:**

کہ مشرکین کی وہ اولاد کہ جن کی فطرت تہود و تمجس کی وجہ سے بدل چکی ہے، ان کا حکم اس کے برعکس ہے، چنانچہ وہ احادیث جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں، کہ مشرکین کی اولاد جہنم میں جائے گی، اس میں یہ تاویل کی جائے گی: **من غيرت فطرتهم**، تاکہ دونوں طرح کی روایات میں جمع ہو سکے، اور رفع تعارض بھی ہو جائے۔

میں (ملاعلی قاریؒ) کہتا ہوں جمع کی یہ صورت قابل تحسین ہے۔ لیکن ...... اللہ کو یہ حق حاصل ہے، کہ وہ ان کے کفر کے باعث ان کو حالت صغر میں عذاب میں مبتلا کر دے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ صغیر کے ایمان کو اپنے فضل کی بناء پر قبول فرماتا ہے: **لا يسئل عما يفعل۔** اس مسئلہ میں ہمارے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے توقف اختیار کیا ہے۔ یہ بحث آغاز کتاب میں اطناب کے ساتھ گذر چکی ہے۔

محكم دلائل وبراہين سے مزين، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مكتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: قائل کے قول "یا رسول اللہ و أولاد المشركين" کا ظاہر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ نبی کریمؐ نے مشرکین کی اولاد کو "مسلمین اولاد" کے ساتھ ملحق قرار دیا، حالانکہ دنیاوی اعتبار سے ان کا حکم ان کے والدین والا تھا۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام سے مشرکین کی ذریت کے بارے میں سوال کیا گیا تھا۔ تو آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: هم من آبائهم. مشرکین کے بچوں میں علماء کا اختلاف ہے۔ اکثر اہل سنت کا موقف ہے یہ کہ ان کا حکم ان کے والدین جیسا ہے۔ ایک جماعت کا کہنا ہے کہ آخرت میں وہ اہل جنت میں سے ہوں گے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں آثار صحابہ مروی ہیں۔ اور اس کے لئے وہ حضرات نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی اس حدیث مبارکہ سے دلیل پکڑتے ہیں: "كل مولود يولد على الفطرة". اور ان آیات سے بھی استدلال کرتے ہیں: ﴿وَاِذَا الْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ بِاَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ﴾ [التكوير: ۹] ﴿يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ﴾ [الواقعة: ۱۷] "ولدان" ولادة سے مشتق ہے، اور جنت میں ولادت کا سلسلہ ہوگا نہیں۔ تو (معلوم ہوا کہ) یہ وہی دنیاوی بچے ہوں گے، جو دنیا میں ولادت کے عمل سے گزر کر آئے ہوں گے۔ اور بعض علماء کا مسلک یہ مروی ہے، کہ وہ بچے جو دنیا میں مسلمانوں کے قیدی اور خدام ہوں گے جنت میں وہ ان کے خدام ہوں گے۔

جھوٹے خواب کا انجام

۴۶۲۶: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ اَفْرَى الْفِرٰى اَنْ يُّرِىَ الرَّجُلُ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَيَا۔ (رواه البخاري)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۲/ ۴۲۷ الحديث رقم ۷۰۴۳، وأحمد في المسند ۲/ ۹۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بہتانوں میں بڑا بہتان یہ بھی ہے کہ کوئی شخص اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو اس نے نہ دیکھی ہو۔ یعنی جھوٹا خواب بیان کرے۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: فری: فاء کے کسرہ کے ساتھ۔ "فرية" بمعنیٰ "كذبة" کی جمع ہے۔ اور "أفرى" اسی کا اسم تفضیل ہے۔ أي أكذب الكذبات۔

أن يرى: یاء کے ضمہ اور راء کے کسرہ کے ساتھ صاحب النہایہ حدیث کا مطلب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں یعنی کوئی شخص یوں کہے کہ میں نے اس اس طرح کا خواب دیکھا ہے۔

حالانکہ حقیقت میں اس نے کچھ بھی نہیں دیکھا۔ (اس کو بڑا بہتان اس لئے فرمایا گیا ہے) یہ حق تعالیٰ پر بہتان باندھنا ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ خواب دکھانے کے لئے خوابوں کے فرشتہ کو بھیجتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں؛ مراد یہ ہے کہ کوئی آدمی آنکھوں کی طرف ایسا خواب دیکھنے کی نسبت کرے جو اس کی آنکھوں نے دیکھا ہی نہیں۔ یہ اسلوب بیان (یعنی أفرى الفرى) برائے مبالغہ ہے۔ جیسا کہ عرب کے یہ اقوال ہیں:

❶: ليل أليل، ❷ جد جده.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: ''الفرية'' کا مطلب ہے: الكذبة العظيمة. اور نیند کے جھوٹ کو بیداری کے جھوٹ سے اعظم قرار دیا ہے۔ چونکہ یہ کام کرنا، اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے۔ یہ شخص اجزاءِ نبوت میں سے ایک جزء کا جھوٹا دعویٰ کررہا ہے۔

تخریج: الجامع میں لکھتے ہیں: ان من اعظم الفرى ان يدعى الرجل لغير أبيه' أو يرى عينيه ما لم تريا، او يقول على رسول الله ﷺ مالم يقل". اس حدیث کو امام بخاریؒ نے حضرت واثلہؓ سے نقل کیا ہے اور امام احمدؒ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے: "ان من أفرى أن يرى الرجل عينيه فى المنام مالم تريا۔

سچا خواب سحری کے وقت

٤٦٢٧: وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ۔

(رواه الترمذى والدارمى)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٦٣ ٤ الحديث رقم ٢٢٧٤' والدارمى فى ٢/١٦٩ الحديث رقم ٢١٤٦' وأحمد فى المسند ٣/٢٩۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا نہایت سچے خواب وہ ہیں جو سحری کے وقت میں آئیں۔ یہ ترمذی اور دارمی کی روایت ہے۔

تشریح: اس کی تقدیری عبارت یوں ہے: أصدق الرؤيا ما رؤى بالأسحار. کہ زیادہ سچا خواب وہ ہے جو پچھلے پہر دیکھا جائے۔ یہ اس وجہ سے کہ عام طور پر اس وقت خواطر مجتمع اور دواعی ساکن ہوتے ہیں۔ اور اس لئے بھی کہ معدہ خالی ہوتا ہے چنانچہ معدہ سے تشویش کن بخارات اوپر کی طرف نہیں چڑھتے اور اس لئے بھی کہ یہ وقت نزول ملائکہ کا ہوتا ہے کہ وہ نماز کے وقت حاضر ہونے کے لئے آتے ہیں۔ (ذکرہ الطیبی)

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہم نے بھی اسی راوی سے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتَابُ الْاٰدَابِ

آداب کا بیان

لُغوی تشریح: ادب کے لغوی معنیٰ ہیں قابل تعریف قول وفعل بجالانا۔کہا جاتا ہے کہ ''ادب'' مأدبة سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے کھانے کی طرف دعوت دینا۔آداب کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے کہ ہماری شریعت نے ادب اختیار کرنے کی دعوت دی ہے۔

ادب کی مختلف تعریفات کی گئی ہیں:

1. مکارم اخلاق (عمدہ اخلاق) کو اختیار کرنا۔(ذکرہ السیوطیؒ)
2. نیکی وبھلائی کو اختیار کرنا اور گناہ وبرائی سے اجتناب کرنا۔
3. اپنے سے بڑے کی عزت وتوقیر کرنا اور اپنے سے چھوٹے کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا۔

بَابُ السَّلَامِ

سلام کا بیان

یہ باب احکام سلام کے بیان میں ہے۔ابتداءً سلام کرنا افضل بھی ہے اور سنت بھی۔قواعد (یعنی قواعد اصولِ فقہ) سے معلوم ہوتا ہے کہ واجب کا ثواب اکمل ہوتا ہے اور شاید اس اکملیت کی وجہ یہ ہے کہ سلام میں پہل کرنے میں تواضع ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ ادائے فرض کا سبب ہے۔اس مسئلہ کی نظیر ''النظرة عن المعسر الی المیسرة'' ہے کہ مہلت دینا واجب ہے اور ابراء امہلت دینے سے افضل ومسنون ہے۔

حدیث میں ہے:

''السلام اسم من أسماء الله وضعه الله فی الأرض، فافشوه بینکم فإن الرجل المسلم إذا مرّ بقوم فسلّم علیهم فردّوا علیه کان له علیهم فضل درجة بتذکرهٔ إیّاهم السلام، فإن لم یردّوا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عليه ردّ عليه من هو خير منهم وأطيب"۔

اس حدیث کو بزار اور بیہقی نے عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔

احکام باب:

① سلام میں جھکنا نہیں چاہیے۔(امداد الأحکام ج ۴،ص ۴۶۷)

② عورتوں کے لئے باہم سلام کا طریقہ وہی ہے جو مردوں کیلئے ہے۔(امداد الأحکام ج ۴،ص ۴۶۷)

③ اگر دو شخص باہم سلام کریں اور دونوں ایک ہی ساتھ السلام علیکم کہیں تو دونوں میں سے ہر ایک پر جواب دینا واجب ہوگا۔

④ جب کسی کو کسی کا سلام پہنچے تو چاہئے کہ وہ سلام کا جواب دے۔

⑤ جو شخص سواری پر ہو وہ پیدل چلنے والے کو سلام کرے۔

⑥ پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے۔

⑦ تھوڑے آدمی زیادہ تعداد والے آدمیوں کو سلام کریں۔

⑧ شابہ کو مکروہ ہے کہ وہ نا محرم مرد کو سلام کرے۔(امداد الأحکام ج ۴،ص ۴۶۷)

الفصل الاول:

آدم علیہ السلام کا سلام

۴۶۲۸:عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهٗ قَالَ اِذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى اُولٰٓئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ جُلُوْسٌ فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَذَهَبَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَقَالَ فَكُلُّ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدَهٗ حَتّٰى الْاٰنَ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۱/۳ الحديث رقم ۶۲۲۷، ومسلم في ۲۱۸۳/۴ الحديث رقم ۲۸۴۱، وأحمد في المسند ۳۱۵/۲۔

ترجمہ:حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر بنایا تو ان کی لمبائی ساٹھ ہاتھ تھی۔ جب اللہ نے ان کو بنایا تو فرمایا جاؤ اور اس فرشتوں کی جماعت کو سلام کرو فرشتوں کی جماعت وہاں بیٹھی ہوئی تھی اور جو تمہیں جواب دیں اس کو غور سے سننا وہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام ہے۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام فرشتوں کی اس جماعت کے پاس گئے اور انہیں السلام علیکم کہا تو فرشتوں نے جواب دیا السلام علیک ورحمۃ اللہ۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدم علیہ السلام کے سوال کے جواب میں رحمۃ اللہ کے لفظ کا اضافہ فرشتوں نے کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جنت میں جائے گا تو وہ آدم کی صورت پر ہوگا۔ اس طرح کہ اس کے قد کی لمبائی ساٹھ ہاتھ ہوگی۔ پھر آدم علیہ السلام کے بعد لوگوں کے جسم کی ساخت برابر کم ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ موجودہ مقدار کو پہنچی۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: صورتہ یعنی اس صورت پر کہ جس پر وہ ابتداء آفرینش سے زمین پر اترنے اور وفات کے وقت تک رہے۔ یہ تاویل اس وہم کو دور کرنے کے لئے ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت میں تھے تو ان کے اوصاف کچھ اور تھے۔

بعض حضرات کا فرمانا ہے کہ صورتہ کی ضمیر اللہ کی طرف راجع ہے اور صورت سے مراد صفت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صفت پر بنایا اور ان کو ان صفات کے ساتھ موصوف کیا جو صفاتِ کریمہ باری تعالیٰ کا پرتو ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو حیات، علم، سمع و بصر وغیرہ سے متصف بنایا۔ اگرچہ اللہ جل شانہ کی صفات کے مشابہ کوئی بھی شئی نہیں۔

بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ ضمیر اس ''عبد'' محذوف کی طرف راجع ہے جو سیاق کلام سے سمجھ میں آرہا ہے۔ اس حدیث کا سبب یہ ہے کہ ایک آدمی نے غلام کے منہ پر مارا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس شخص کو منع کرتے ہوئے فرمایا: **إن الله خلق آدم على صورته** ۔ (كذا فی حاشية البخاری للسيوطی)

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: ضمیر کا مرجع حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو انہی کی صورت پر بنایا۔ دوسرے انسانوں کی تخلیق تو تدریجی طور پر ہوئی کہ پہلے وہ نطفہ تھے، پھر جنین ہوئے، یہاں تک کہ مدت حمل پوری ہوگئی اور وہ پیدا ہو کر طفل، پھر صبی اور پھر پورے مرد ہوئے۔ تب کہیں جا کر جسموں کی لمبائی پوری ہوئی لیکن آدم علیہ السلام ابتداء ہی میں (تمام اعضاء و جوارح، کامل شکل وصورت اور ساٹھ گز کے قد کے) پورے انسان بنائے گئے (طوله ستون ذراعا)۔

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ کلام اپنی حد تک تو درست ہے۔ لیکن حدیث کی تاویل میں درست نہیں۔ چونکہ ایک دوسری حدیث میں آتا ہے: **خلق آدم على صورة الرحمٰن** ایک اور دوسری حدیث میں یہ آتا ہے:

أن النبی ﷺ رأى رجلا يضرب وجه غلام فقال: لا تضرب الوجه فإن الله خلق آدم على صورته۔

پہلا طبقہ: پس اس مؤوّل کی یہ تاویل اس حدیث سے میل نہیں کھاتی۔ اہل حق کے اس حدیث کی تاویل میں دو طبقے ہیں۔

پہلی رائے: ان حضرات کا ہے جو اس میں تاویل کے قائل نہیں ہیں' البتہ نفی تشبیہ کے قائل ہیں' یہ حضرات مسمیات جنس کی طرف میلان نہیں رکھتے' اس کے معنی کو اللہ تعالیٰ کے علم کے سپرد کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ علم کے اعتبار سے ہر چیز کا حاطہ کئے ہوئے ہے۔

عرض مرتب:

اس طبقہ کی رائے کو بالفاظ دیگر یوں پیش کیا جا سکتا ہے: یہ ارشاد گرامی احادیث صفات میں سے ہے جس کے حقیقی مفہوم تک رسائی ممکن نہیں اس لئے اس بارے میں کوئی تاویل و توجیہ کرنے کی بجائے سکوت ہی بہتر ہے جیسا کہ اس قسم کے ان اقوال وارشادات کے بارے میں سکوت اختیار کیا جاتا ہے جو متشابہات کہلاتے ہیں۔ ان حضرات کا طریق اسلم ہے۔

دوسرا طبقہ: ''صورتہ'' کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف شرف وعظمت کو ظاہر کرنے کیلئے ہے۔ اس صورت میں اس کے معنی یہ ہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ایسی صورت پر پیدا کیا ہے کہ کوئی بھی صورت جمال وکمال اور فوائد کلیہ کثیرہ پر مشتمل ہونے کے اعتبار سے اس صورت کے مشابہ نہیں۔لہٰذا ابن آدم کی صورت اس بات کی حقدار ہے کہ اس کا اکرام کیا جائے تو ہین نہ کی جائے۔سنت الٰہیہ کی اتباع کا تقاضا یہی ہے علاوہ ازیں یہ کہ اللہ نے اس کو عزت بخشی ہے۔اھ۔

کہنے والے نے کیا ہی پیاری بات کہی ہے۔اس توجیہ کی تائید اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے بھی ہوتی ہے ﴿لقد خلقنا الانسان فی أحسن تقويم﴾ [التين:٤] اس موقع پر امام طیبیؒ نے جو کچھ لکھا ہے ملا علی قاریؒ نے اس پر نقد کیا ہے اور ان کے کلام کو غیر نافع کہا ہے۔

''جلوس'': مفرد ذکر کیا گیا ہے چونکہ مصدر ہے'یا لفظ''نفر'' کی رعایت لفظی کے پیش نظر، یا''جالس'' کی جمع ہے، یا حذوف مضاف کے ساتھ ہے تقدیری عبارت''ذو و جلوس'' ہے۔یا رجل عدل کے قبیل سے ہے برائے مبالغہ۔

''وما يحيونك'' یاء کی تشدید کے ساتھ، یعنی تمہیں جو جواب دیں گے۔اسی معنیٰ میں یہ آیت کریمہ بھی ہے

﴿وإذا حييتم بتحية فحيّوا بأحسن منها أو ردّوها﴾ [النساء:٨٦]

مصابیح کے بعض نسخوں میں یہ لفظ جیم، یائے تحتیہ اور باء موحدہ کے ساتھ ہے۔یہ سراسر تصحیف وتحریف ہے۔اس کی مزید تردید اگلے جملے سے بھی ہو رہی ہے۔قوله: فانها تحيتك: ضمیر غائب کا مرجع''تحيتهم اياك'' ہے۔قوله: قال: فزادوه وه ورحمة الله: بعض حضرات کا کہنا ہے کہ یہ زیادتی جواب کے جواز پر دال ہے۔میں کہتا ہوں کہ جواب میں اضافہ کرنا افضل ہے۔آیت بالا سے بھی فضیلت ہی مستفاد ہو رہی ہے۔

ملائکہ کا یہ جواب اس بات کے جواز پر دلالت کر رہا ہے کہ جواب میں ''السلام علیکم'' کہنا جائز ہے بلکہ ندب پر بھی دالّ ہے۔چونکہ یہ مقام مقامِ تعلیم تھا۔

لیکن جمہور کی رائے یہ ہے کہ جواب میں ''وعلیکم السلام'' کہنا افضل ہے خواہ (السلام علیکم کے بعد) کوئی اضافہ کرے یا نہ کرے۔

فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کے سلام کے جواب میں ''وعلیک السلام'' کے بجائے السلام علیک کہا۔ملائکہ نے یہ چاہا ہوگا کہ سلام کرنے میں وہ خود ابتداء کریں۔جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے کہ جب دو آدمی ملتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک سلام میں ابتداء کرنا چاہتا ہے تو دونوں ہی ایک دوسرے کو''السلام علیکم'' کہتے ہیں۔لیکن یہ بات واضح رہے کہ جواب کے صحیح ہونے کیلئے یہ شرط ہے کہ جواب، سلام کے بعد واقع ہو نہ کہ دونوں ایک ساتھ واقع ہوں۔جیسا کہ''فاستمع ما يحيونك'' سے واضح ہوتا ہے۔چنانچہ فاستمع میں فاء برائے تعقیب ہے جو مذکورہ مسئلہ کی دلیل ہے۔

اس مسئلہ سے اکثر لوگ غافل ہیں (اس لئے یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ) اگر دو شخص ہوں اور دونوں ایک ہی ساتھ ایک دوسرے کو''السلام علیکم'' کہیں تو دونوں میں سے ہر ایک پر جواب دینا واجب ہوگا۔

فكل: بخاری وغیرہ اور اصول معتمدہ، اور مصابیح کے تمام نسخوں میں ''فاء'' کے ساتھ ہے۔اس جملہ کا ترتب ماقبل جملہ''خلق الله آدم على صورته طوله ستون ذراعا'' پر ہے۔

''على صورة آدم'' گویا عبارت یوں ہے: يدخل على صورته یا فهو على صورته۔اس میں نوعیت اور شخصیت دونوں کا احتمال ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''وطوله مستون ذراعا:'' یہ جملہ حالیہ ہے گویا یوں ارشاد فرمایا: والحال أن طول من یدخل الجنة من ذریته ایضاً ستون ذراعا ساٹھ گز اس وجہ سے ہوگا کہ کل شیئ یرجع إلی أصله اور ''الجامع'' میں (روایت کے) الفاظ یہ ہیں: ''علی صورة آدم فی طوله ستون ذراعا''۔

''فلم یزل:'' یہ فاء برائے ترتیب ہے۔ اس جملہ کا ترتّب حدیث کے شروع کے ٹکڑے ''طوله ستون ذراعا'' کے ضمن میں موجود اس جواب پر ہے جو درحقیقت ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔ گویا عبارت یوں ہے: أنه إذا کان آدم طوله ستون ذراعا وذریته یدخلون الجنة ایضًا، وطولهم ستون ذراعا، فما بالهم نقص طولهم عن طول أبیهم علی ما نشاهد فی الدنیا، أهو نقصان تدریجی أو غیر ذلك؟ قال: فلم یزل۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یعنی ان کا جمال مسلسل کم ہوتا رہا ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: میرا گمان نہیں ہے کہ امام طیبیؒ کا بیان کردہ مفہوم صحیح ہے چونکہ اس مفہوم پر یہ حدیث اشارةً دال ہے نا صراحةً حضرت آدم علیہ السلام کے بعد کے قد کا کم ہونا بھی کسی حکمت کے پیش نظر ہے۔ وہ حکمت کیا ہے؟ واللہ اعلم بہا۔

''حتی الآن:'' ینقص کا ظرف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ ای حتی وصل النقص إلی الوقت الذی ذکر النبی صلی اللہ علیه وسلم الحدیث۔

قد کا گھٹنا بظاہر اُسی دور میں ہو چکا تھا۔ وگرنہ تو صورتحال یہ ہے کہ سلف وخلف سے لے کر آج تک قد کی درازی کا اتنا فرق کہیں نہیں ملتا۔

تخریج: امام احمد نے بھی اپنی مسند میں اس حدیث کو اسی طرح روایت کیا ہے۔

مسلمانوں کے اچھے خصال

۴۶۲۹: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَ تُقْرِئُ السَّلَامَ عَلٰی مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۱/۱۱ الحدیث رقم ۶۲۳۶، ومسلم فی ۶۵/۱، وأبو داؤد فی السنن ۳۷۹/۵ الحدیث رقم ۵۱۹۴، والنسائی فی ۱۰۷/۸ الحدیث رقم ۵۰۰۰ وابن ماجه فی ۱۰۸۳/۲ الحدیث رقم ۳۲۵۳، وأحمد فی المسند ۱۶۹/۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے جناب نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ مسلمانوں کی کونسی خصلت اچھی ہے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کھانا کھلانا اور واقف وناواقف ہر شخص کو سلام کرنا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: اَیُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتُقْرِئُ السَّلَامَ عَلٰی مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ: (الاسلام سے پہلے مضاف محذوف ہے۔) ای آداب الاسلام أوای خصال اهله اور ''خیر'' کا معنی یہاں ''أفضل ثوابا'' یا ''اکثر نفعا'' ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ سوال کا تعلق بندوں کی عادات سے ہے نہ کہ کسی اور چیز کے ساتھ' اس لئے کہ جواب میں (تطعم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الطعام......) حضور ﷺ نے بندوں کی عادات بیان فرمائی ہیں نہ کہ کچھ اور فرمایا

تطعم الطعام : یہاں ''إن'' مقدر رہے۔ پس جب ''اَنْ'' حذف ہوا تو فعل کو مرفوع پڑھا جیسا کہ قرآن میں: ﴿ومن آیاته یریکم البرق خوفا وطمعا﴾ [الروم: ۲٤] میں ''یریکم '' کو مرفوع پڑھا گیا۔ اسی طرح کلام عرب میں یہ مقولہ مشہور ہے: ''تسمع بالهدی خیر من ان تراہ'' تسمع مرفوع ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہ خبر امر کے معنی میں ہو۔ اسی طرح ''تقرأ السلام'' ہے۔

وتقرأ السلام: صحیح نسخہ میں باب افعال سے ''تُقْرِی '' ہے کہ فلاں نے سلام کیا ہے۔ ''النھایۃ'' میں لکھتے ہیں کہا جاتا ہے: اقرأفلانا السلام واقری علیه السلام گویا کہ جب کسی کو کسی کا سلام پہنچتا ہے تو وہ اس کو ابھارتا ہے کہ اس سلام کا جواب دے۔ قاموس میں ہے: قرأعلیه السلام کا قرأۃ ' ولایقال أقرأہ الااذا کان السلام مکتوبا۔

علی من عرفت ومن لم تعرف : بظاہر اس کا تعلق ''تقرأ'' سے ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس کا تعلق دونوں فعلوں کے ساتھ ہو۔ اس صورت میں یہ تنازع فعلین کے قبیل سے ہوگا بایں طور کہ ''تطعم'' بذل کے معنی کو متضمن ہو۔ یہ خطاب مخاطب اور غیر مخاطب دونوں کا شامل ہوگا۔

امام تورپشتی رحمہ اللہ (اس کا مطلب بیان کرتے ہوئے) فرماتے ہیں أی اھل الاسلام وآدابھم افضل؟ کہ اہل اسلام کی کونسی عادات اور آداب افضل ہیں؟ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جواب میں ''کھانا کھلانا'' اور ''سلام پھیلانا'' فرمایا۔ صرف دو کو ذکر کرنے کی وجہ شاید یہ ہو کہ حضور ﷺ کو معلوم تھا کہ سائل کے احوال کے مناسب یہی وہ چیزیں ہیں اسی لئے مخاطب کا صیغہ استعمال کیا یا یہ کہ حضور ﷺ کو معلوم تھا کہ اس کا سوال مسلمانوں کے سلام کرنے کے معاملہ کے بارہ میں ہے۔ پھر جواب میں ایک زائد چیز بیان کی تا کہ یہ عمل کے زیادہ داعی ہو۔ اور جملہ خبریہ کبھی امر کی جگہ آتا ہے۔

تخریج: ابن ماجہ میں حضرت ابن عمرؓ کی مرفوع روایت ہے: افشوا السلام وأطعمو الطعام وکونوا اخوانا کما امرکم اللّٰہ تعالٰی۔

طبرانیؒ نے مکارم الاخلاق میں حضرت ابو ہریرہؓ کی مرفوع روایت نقل کی ہے: افضل الاعمال بعد الایمان التودد الی الناس

مسلمان کے چھ حقوق

۴۶۳۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَی الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ یَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَیَشْهَدُهٗ اِذَا مَاتَ وَ یُجِیْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَیُسَلِّمُ عَلَیْهِ اِذَا لَقِیَهٗ وَیُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَیَنْصَحُ لَهٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ لَمْ اَجِدْهُ فِی الصَّحِیْحَیْنِ وَلَا فِیْ كِتَابِ الْحُمَیْدِیِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهٗ صَاحِبُ الْجَامِعِ بِرِوَايَةِ النَّسَائِیْ ۔ (سنن النسائی)

أخرجه مسلم بلفظ "حق المسلم علی المسلم ست" فی صحیحه ١٧٠٥/٤ الحدیث رقم (٥-٢١٦٢)۔
وأخرجه البخاری فی صحیحه بلفظ حق المسلم علی المسلم خمس' فی ١١٢/٣ الحدیث رقم ١٢٤٠'
وأخرجه مسلم فی المصدر السابق الحدیث رقم (٤-٢١٦٢) وأخرجه النسائی فی السنن واللفظ له ٥٣/٤

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحدیث رقم ۱۹۳۸' والدارمی فی ۲/۳۵۷ الحدیث رقم ۲۶۳۳' وأحمد فی المسند ۲/۶۸۔

ترجمه: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں: ❶ جب وہ بیمار ہو۔ تو اس کی عیادت کرے۔ ❷ جب وہ فوت ہو جائے تو اس کی نماز جنازہ میں شریک ہو ❸ جب وہ کھانے کی دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے۔ ❹ جب وہ اس کو ملے تو اس کو سلام کرے۔ ❺ جب اسے چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے۔ ❻ جب وہ موجود نہ ہو یا ہو تو اس کی خیر خواہی کا طلبگار رہو۔ اس روایت کو بخاری و مسلم میں نہیں پایا گیا اور نہ ہی اسے حمیدی سے نقل کیا۔ البتہ نسائی کی روایت سے جامع الاصول میں نقل کیا گیا ہے۔

تشریح: قوله: **يشهده اذامات**: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ موت کا وقت قریب آ جائے ❷ جس وقت نماز جنازہ پڑھی جانے لگے۔ دوسرا قول زیادہ ظاہر ہے۔

قوله: **ويشمته اذا اعطس**: **يشمت** : شین معجمہ اور میم مشددہ کے ساتھ۔ یعنی ''یرحمک اللہ'' کے الفاظ کے ذریعہ دعا دے۔ ''النهاية'' میں ہے: التشمیت' شین اور سین کے ساتھ' دعائے خیر و برکت کو کہتے ہیں۔ شین کے ساتھ پڑھنا اعلیٰ ہے۔ کہا جاتا ہے: **شمت فلانا وشمت عليه تشميتا** یہ ''شوامت'' سے ماخوذ ہے' جس کے معنی ہیں قوائم (جانور کی ٹانگیں)' گویا کہ عاطس کو اللہ کی طاعت پر ثابت قدم رہنے کی دعا ہے' اور بعض کا کہنا ہے کہ اس کا معنی ہے کہ اللہ تجھے شماتت سے دور رکھے اور باعث شماعت امور کو تجھ سے دور رکھے عطس: طاء کے فتحہ کے ساتھ ہے' اور کسرہ بھی دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ قاموس میں ہے۔ اور ایک روایت میں (اس کے بعد) ''**ونحمدالله**'' ہے۔

عرض مرتب: **تشمت العاطس** کے احکام مستقل باب کے تحت آ رہے ہیں۔

قوله: **وينصح له اذاغاب أوشهد**: اس میں ''أوْ'' برائے تنویع ہے۔ کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں پر یہ چیز واجب ہے کہ وہ ہر حال میں ایک دوسرے کے خیر خواہ رہیں' جو مسلمان سامنے ہے اس کے ساتھ بھی خیر خواہی کی جائے اور جو نظروں سے دور ہے اس کے ساتھ بھی خیر خواہی کی جائے' یہ طرز عمل نہ ہو کہ جب کسی مسلمان کے سامنے آئیں تو اس کے ساتھ خوشامد کا رویہ اپنائیں اور جب وہ سامنے نہ ہو تو غیبت کریں۔ چونکہ یہ منافقین کی علامت ہے۔

تخریج: ملا علی قاری فرماتے ہیں ہمیں یہ بات تسلیم ہے کہ یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ مذکور کتب میں موجود نہیں ہے۔ البتہ امام بخاریؒ نے ''تاریخ'' میں اور مسلمؒ نے اپنی ''صحیح'' میں ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے:

''**حق المسلم على المسلم ست: إذا لقيته فسلّم عليه، وإذا دعاك فأجبه، وإذا استنصحك فانصح له، وإذا عطس فحمد الله فشمته، وإذامرض فعده، وإذامات فاتبعه۔**''

لہٰذا امام بغوی کا اس حدیث کو مسلم بلکہ شیخین کی طرف اگرچہ بالمعنی منسوب کرنا درست ہے۔

سلام کو عام کرو تو محبت بڑھے گی

۴۶۳۱: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا وَلَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه مسلم فی صحيحه ١/٧٤ الحديث رقم (٩٣-٥٤)، وأبو داوٗد فی السنن ٥/٣٧٨ الحديث رقم ١٥٩٣، والترمذی فی ٥/٥٠ الحديث رقم ٢٨٦٦، وابن ماجه فی ٢/١٢١٧ الحديث رقم ٣٦٩٢۔

ترجمه: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ جب تک تم ایمان نہ لاؤ گے۔تم جنت میں داخل نہ ہو گے اور تمہارا ایمان اس وقت تک مکمل نہ ہوگا جب تک کہ ایک دوسرے سے محبت نہ کرو۔کہا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتلاؤں۔کہ جب تم اس کو اختیار کرلو گے تو تمہاری باہمی دوستی قائم ہو جائے گی۔کہ اپنے مابین سلام کو عام کرو۔یعنی ہر واقف و ناواقف کو سلام کرو۔یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: قال رسول الله ﷺ: **لا تدخلون الجنة حتی تؤمنو ولا تؤمنون**: امام نوویؒ فرماتے ہیں: تمام اصول وروایات میں اسی طرح نون کے حذف کے ساتھ ہے اھ۔اور ممکن ہے کہ حذف نون "حتی تؤمنوا" کی مجانست وازدواج کی وجہ سے ہو۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ہم نے مسلم، حمیدی، جامع الاصول نسخوں اور مصابیح کے بعض نسخوں کا استقراء کیا تو یہ لفظ اثبات نون کے ساتھ (یعنی ولا تؤمنون) ملا اور یہ (نحوی قاعدہ) ظاہر کے مطابق ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: مشکوٰۃ کے ان صحیح ومعتبر نسخوں میں جو مشائخ کبار، مثلاً جزری، سید اصول الدین اور جمال محدث وغیرہ کے سامنے پڑھے گئے اور وجود نسخوں میں یہ لفظ حذف نون کے ساتھ ہے۔اور ہمیں کسی بھی نسخے میں نون موجود نہیں ملا۔البتہ مسلم کا تصحیح شدہ متن جو مشائخ کے سامنے پڑھا گیا وہ حذف نون کے ساتھ ہے۔ان مشائخ میں سے سید نور الدین ایجی قدس الله سره الغرینز بھی ہیں۔ہاں البتہ حاشیہ میں ہے کہ ایک نسخہ میں ثبوت نون کے ساتھ ہے۔اور "تیسرے الوصول إلی جامع الاصول" میں صرف حذف نون ہی ہے۔مزید یہ کہ "لا تدخلون" بھی حذف نون ہی کے ساتھ ہے۔اس میں یہ توجیہ ممکن ہے کہ نہی سے کبھی نفی مراد ہوتی ہے اگر اس کا عکس (کہ نفی سے نہی مراد ہونا) اہل علم کے ہاں زیادہ مشہور ہے۔واللہ سبحانہ اعلم۔

حتی تحابوا: ایک تاء کے حذف اور باء موحدہ مضمومہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: افشاء السلام کو محبت کا باعث قرار دیا ہے اور محبت کو کمال ایمان اور اعلاء کلمة الاسلام کا سبب قرار دیا ہے تہاجر، تقاطع اور شحناء میں "تفرقه بین المسلین" ہے۔اور تفرقہ دین میں رخنہ اندازی کا اور اسلام کی کمزوری کا سبب ہے اور کافروں کے کلمہ کو بلند کرنے والی چیز ہے۔حالانکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا ...... ﴾ [آل عمران: ١٠٣]

"اور سب مل کر خدا (کی ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو خدا نے تم کو اس سے بچا لیا اس طرح خدا تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ"۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابوداؤدؒ اور امام ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیدل چلنے والا بیٹھنے والے کو سلام کرے

۴۶۳۲: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١١/٥٠ الحديث رقم ٦٢٣٢، ومسلم في ٤/١٧٠٣ الحديث رقم (١-٢١٦٠)، وأبو داوٗد في السنن ٥/٣٨١ الحديث رقم ٥١٩٩، والترمذي في ٥/٥٨ الحديث رقم ٢٧٠٣، والدارمي في ٢/٣٥٧ الحديث رقم ٢٦٣٤، ومالك في الموطأ ٢/٩٥٩ الحديث رقم ١ من باب العمل في السلام۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار پیدل کو سلام کرے اور پیدل چلنے والا بیٹھنے والے کو سلام کرے اور تھوڑی تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سلام کریں۔ اس روایت کو بخاری و مسلم نے نقل کیا ہے۔

تشریح: یہ حکم اصل میں تواضع وانکساری کی طرف راغب کرنے کے لئے ہے کیونکہ جو شخص سواری پر ہے اس کو گویا اللہ تعالیٰ نے پیدل چلنے پر برتری وفوقیت عطا فرمائی ہے لہٰذا وہ یہ نہ سمجھے کہ وہ اس ماشی سے بہتر ہے پس اس کو فروتنی ہی اختیار کرنی چاہئے اسی طرح جو لوگ کم تعداد میں ہوں وہ ایسے لوگوں سے ملیں جو تعداد میں ان سے زیادہ ہوں تو ان کو بھی چاہئے کہ تواضع وانکساری کی بنا پر اور اکثریت کے احترام کے پیش نظر سلام کرنے میں ابتداء کریں۔ جب کہ عام طور پر ان میں کوئی بڑا بھی ہوتا ہے۔ اور عنقریب یہ آئے گا کہ صغیر' کبیر کو سلام کرے' باوجودیکہ کبھی کثیر' کبیر کے حکم میں ہوتا ہے' اور اس لئے بھی کہ سلام کی وضع کا مقصد باہمی محبت ومودّت ہے' اور اس میں مناسب ہے' اور اس کا ادب کیا جائے۔ مناسب یہ ہے کہ جو شرعاً وعرفاً معتبر ادب کا مقتضی ہے۔ ہاں اگر معاملہ اس کے برعکس ہو اور تواضع کے پیش نظر ہو تو یہ مقصد بھی مستحسن ہے ماوردیؒ فرماتے ہیں راکب کے لئے مستحب ہے کہ وہ سلام میں پہل کرے' چونکہ سلام کی مشروعیت کا مقصد وحکمت یہ ہے کہ باہم ملاقات کرنے والوں کے درمیان سے خوف کا ازالہ کرنا' یا کسی ایک جانب سے جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے' یا تواضع کے پیش نظر' چونکہ تواضع مؤمن کے شایان شان ہے' یا تعظیم کے پیش نظر' چونکہ سلام سے ان دو باتوں میں سے کوئی ایک بات مقصود ہوتی ہے۔ یا تو اکتساب مودت' یا امر مکروہ کا دفعیہ ودفاع۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں پس راکب ماشی کو سلام کرے' ماشی قاعد کو سلام کرے' کہ اس میں اعلان سلامتی اور ازالہ خوف ہے' اور قلیل کثیر کو سلام کرے تواضع کے پیش نظر' اور صغیر توقیر وتعظیم کے باعث کبیر کو سلام کرے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں جہاں تک بات ہے تواضع کی سو وہ تمام صورتوں میں موجود ہے' اگرچہ وجود برعکس ہو۔ اس لئے (اہل علم) فرماتے ہیں کہ سلام کرنے والے کا ثواب' سلام کا جواب دینے والے سے زیادہ ہے' باوجودیکہ سلام کرنا سنت اور اس کا جواب دینا فرض ہے۔ لہٰذا سابقہ ترتیب میں اس معنی کو ضرور ملحوظ رکھا جائے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ ادب یعنی آخری قید مذکورہ بالا حکم سر راہِ ملاقات کے وقت ہے' مثلاً ایک شخص اِدھر سے آ رہا ہے دوسرا اُدھر سے جا رہا ہو اور دونوں آپس میں ملیں تو اس صورت کے لئے یہ حکم ہے کہ ان دونوں میں جو شخص چھوٹا ہو وہ بڑے کو سلام کرے لیکن وارد ہونے یعنی کسی کے پاس یا مجلس میں جانے کی صورت میں سلام کی ابتداء وارد کو کرنی چاہئے' خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا اور خواہ کم تعداد والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگ ہوں یا زیادہ تعداد میں لوگ ہوں۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ آغاز حدیث سے یہ حکم فی الجملہ مفہوم ہو رہا ہے' کیونکہ ''الراکب'' اور الماشی'' میں الف جنس کا ہے جو قلیل وکثیر سب کو شامل ہے' لیکن اس میں تشبیہ ہے۔

متولیؒ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص کچھ لوگوں سے ملے اور یہ چاہے کہ ان سب کو سلام کرنے کی بجائے ان میں سے چند کو سلام کرے تو یہ مکروہ ہے کیونکہ سلام کا اصل مقصد آپس میں موانست والفت کو فروغ دینا ہے جبکہ بعض دوسرے مخصوص لوگوں کو سلام کرنا گویا باقی لوگوں کو وحشت واجنبیت میں مبتلا کرنا ہے اور یہ چیز اکثر اوقات نفرت وعداوت کا بھی سبب بن جاتی ہے۔ جب بازار میں یا شارع عام پر بہت سے لوگ آ رہے ہوں تو وہاں بعض کو سلام کر لینا کافی ہوگا۔ کیونکہ اگر کوئی شخص بازار میں شارع عام پر ملنے والے ہر شخص کو سلام کرنے لگے گا تو وہ اسی کام کا کرنے والا ہو کر رہ جائے گا اور اپنے امور کی انجام دہی سے باز رہے گا۔ نیز یہ طریقہ عرف سے ہٹ کر ہے۔

چھوٹا بڑے کو سلام کرے

۴۶۳۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/ ۱٤ الحدیث رقم ٦٢٣١' وأبو داوٗد فی السنن ٥/ ٣٨٠ الحدیث رقم ٥١٩٨' والترمذی فی ٥/ ٥٩ الحدیث رقم ٢٧٠٤' وأحمد فی المسند ٢/ ٣١٤۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوٹا بڑے کو' گزرنے والا بیٹھے ہوئے کو' اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سلام کریں۔''

تشریح: امام سیوطیؒ نے فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس وجہ سے ہے کہ صغیر' کبیر کی توقیر وتواضع کا مامور ہے۔ اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سلام کریں' چونکہ دونوں معنوی اعتبار سے صغیر وکبیر میں (بایں طور کہ کم تعداد والے معنیً ''صغیر'' میں اور زیادہ تعداد والے معنیً ''کبیر'' ہیں۔)

۴۶۳۴: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى غِلْمَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/ ۳۲ الحدیث رقم ٦٢٤٧' ومسلم فی ٤/ ١٧٠٨ الحدیث رقم (١٥۔٢١٦٨)' وأبو داوٗد فی السنن ٥/ ٣٨٢ الحدیث رقم ٥٢٠٢' والترمذی ٥/ ٥٥ الحدیث رقم ٢٦٩٦' وابن ماجه فی ٢/ ١٢٢٠ الحدیث رقم ٣٧٥٠' والدارمی ٢/ ٣٥٨ الحدیث رقم ٢٦٣٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بچوں کے پاس سے گزر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سلام کیا۔ یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: غلمان: غین کے کسرہ کے ساتھ' غلام کی جمع ہے' بمعنی صبی یا مملوک۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل کے بارے میں کئی توجیہات ذکر کی گئی ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① آنحضرت ﷺ کا بچوں کو سلام کرنا تواضع کے باعث تھا۔

② آپ ﷺ چونکہ ان کے پاس سے گزر رہے تھے۔ (لہٰذا سلام آپ ﷺ کو کرنی چاہئے تھی)

③ ان کی کثرت کے باعث سلام کیا۔

امام نووی ؒ نے فرماتے ہیں' اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے:

① سب لوگوں کو سلام کرنا مستحب ہے حتیٰ کہ صبی ممیّز کو بھی۔

② آنحضرت ﷺ کی غایت متواضع تھے۔

③ جہاں والوں پر آپ ﷺ کمال شفیق تھے۔

مسئلہ نمبر ❶: اگر مردوں اور بچوں کو سلام کیا اور کسی ایک بچے نے بھی جواب دے دیا تو اصح یہ ہے کہ فرض ساقط ہو گیا۔ جیسا کہ نماز جنازہ، کہ صبی کے ادا کرنے سے بھی ساقط ہو جائے گی۔

مسئلہ نمبر ❷: اگر ایک جماعت کو سلام کیا اور جواب اس جماعت کے علاوہ کسی شخص نے دیا تو جماعت کی طرف سے سلام کا جواب ساقط نہیں ہوگا، اگر اس جماعت نے اس شخص کے جواب دینے پر ہی اکتفا کیا (اور جواب نہیں دیا) تو یہ پوری جماعت گنہگار ٹھہرے گی۔

مسئلہ نمبر ❸: اگر کسی عورت کے ساتھ مرد ہے اور یہ عورت اس کی بیوی ہے یا باندی ہے یا محارم میں سے ہے تو اس کے احکامات مردوں والے ہوں گے (یعنی مرد ان کو سلام کر سکتا ہے) اور اگر چہ یہ اجنبیہ ہے۔ اور اگر مرد کے ساتھ والی عورت حسین و جمیل ہے اور فتنہ کا اندیشہ بھی ہو تو آدمی اس کو سلام نہ کرے۔ اور (ایسی صورت میں مرد نے) اگر سلام کر بھی دیا تو عورت کیلئے یہ جائز نہیں کہ وہ سلام کا جواب دے۔ اور نہ یہ عورت سلام کر سکتی ہے۔ اگر سلام کر دیا تو جواب کی حقدار نہیں۔ اگر مرد نے جواب دیا تو یہ مرد کیلئے مکروہ ہے۔ اور اگر وہ ایسی بوڑھی تھی کہ جس پر فتنہ کا اندیشہ نہیں تو مردوں کو سلام کر سکتی ہے اور مردوں پر اس عورت کے سلام کا جواب دینا بھی ضروری ہوگا۔

(قالہ ابوسعید المتولی)

فرماتے ہیں: عورتوں کی ایک جماعت پر مرد کا سلام کرنا، اور مردوں کی جماعت پر عورت کا سلام کرنا جائز ہے جبکہ سلام کرنے والے اس مرد، عورتوں کی اس جماعت، یا مردوں کی اس جماعت پر فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔ اھ۔

اس مسئلہ میں ہمارے بعض علماء کا کلام، فصل ثانی میں حدیث جریر کے ذیل میں آوے گا۔

اہلِ کتاب کو سلام میں پہل نہ کرو

۴۶۳۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبْدَءُوا الْيَهُوْدَ وَلَا النَّصَارٰى بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَ هُمْ فِي الطَّرِيْقِ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهِ۔ اَتَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى ٤/١٧٠٧ الحديث رقم (٣١-٢١٦٧)، وأبو داؤد فى السنن ٥/٣٨٣ الحديث رقم ٥٢٠٥، والترمذى فى ٥/٥٧ الحديث رقم ١٧ وأحمد فى المسند ٢/٢٦٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں ابتداء مت کرو اور جب تمہارا راستے میں ان کے پاس سے گزر ہو۔ تو ان کو تنگ ترین راستے پر چلنے کے لئے مجبور کردو۔ (مسلم)

تشریح: قولہ: لَا تَبْدَؤُا الْيَهُوْدَ وَلَا النَّصَارٰى بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهٖ۔

یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کی جائے اگرچہ وہ ذمی ہی کیوں نہ ہوں، چہ جائیکہ ان کے علاوہ دیگر کفار کو سلام کیا جائے۔ کیونکہ سلام میں ابتداء کرنے میں ''مُسَلَّم علیہ'' کا اعزاز ہے، اور ان لوگوں کا اعزاز جائز نہیں۔ نیز ان سے اظہار محبت ومودت بھی جائز نہیں خواہ یہ اظہار محبت سلام کے ذریعہ ہو یا کسی اور عمل کے ذریعہ ہو۔ چنانچہ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے:

﴿لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

[المجادلة: ۲۲] ''جو لوگ خدا پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں خدا نے ایمان (پتھر پر لکیر کی طرح) تحریر کردیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہ رہی ہیں جا داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے خدا ان سے خوش اور وہ خدا سے خوش۔ یہی گروہ خدا کا لشکر ہے (اور) سن رکھو کہ خدا ہی کا لشکر مراد حاصل کرنیوالا ہے۔''

اور اس وجہ سے بھی کہ ہم ان کو ذلیل کرنے کے مأمور ہیں۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں اشارہ ہے: ﴿وهم صاغرون......﴾ اس کی تائید اس اگلے جملہ سے بھی ہوتی ہے: ''وإذا لقيتم أحدهم فى طريق فاضطروه'' ان پر راستہ تنگ کردیا جائے حتی کہ اگر راستہ میں کوئی دیوار ہو تو راستہ اس قدر تنگ کردیا جائے کہ وہ دیوار کے ساتھ رگڑ کھاتا ہوا نکلے۔ وگرنہ کم از کم یہ کیا جائے کہ ان کو یہ حکم دیا جائے کہ وہ راستے سے ہٹ کر ایک طرف ہو کر چلیں۔ کہ یہ اسی قابل ہیں' چونکہ صراط مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں' اور اس وجہ سے بھی کہ یہ واجب القتل ہیں البتہ جزیہ ان کے قتل میں ڈھال ہے۔ لہٰذا'' مالا يدرك كله لا يترك كله''۔ یہ بھی ایک قسم کا قتل معنوی ہے واللہ اعلم۔

شرح مسلم للنووی میں ہے کہ ہمارے بعض اصحاب کا کہنا ہے کہ یہود و نصاریٰ پر سلام میں پہل کرنا مکروہ ہے، حرام نہیں ہے۔ (انتھی) یہ ضعیف ہے، چونکہ یہ نہی برائے تحریم ہے۔ لہٰذا درست بات یہی ہے کہ ان کو ابتداء بالسلام کرنا حرام ہے۔

قاضی عیاضؒ ایک جماعت سے نقل کرتے ہیں، کسی ضرورت و مجبوری کی بناء پر یہود و نصاریٰ کے ساتھ سلام میں پہل کرنا جائز ہے۔ علقمہ اور نخعی کا بھی یہی قول ہے۔ امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں: إن سلمت فقد سلم الصالحون، وإن تركت فقد ترك الصالحون۔ میں کہتا ہوں اصح یہ ہے کہ ترک اصلح ہے۔

فرمایا: بدعتی کے بارے میں مختار یہ ہے کہ اس کو سلام بالابتداء نہ کی جائے، الا یہ کہ عذر ہو یا فساد کا خوف ہو۔ اگر کسی ناواقف آدمی کو سلام کیا اور پھر پتہ چلا کہ یہ ذمی تھا تو اس صورت میں مستحب یہ ہے کہ وہ اپنے سلام کو واپس کرنے کا مطالبہ کرے اور اس کی تحقیر کی خاطر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یوں کہے: استرجعت سلامی۔

میں کہتا ہوں: بدعتی، مباغض یا وہ متکبرین جو اس کے سلام کا جواب نہیں دیتے ان کے ساتھ بھی ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

فرمایا، اور ہمارے اصحاب کا کہنا ہے کہ راستے کا درمیانی حصہ ذمی کیلئے نہیں چھوڑا جائے گا، بلکہ اس کو تنگ راستے کی طرف مجبور کیا جائے، لیکن اتنا بھی تنگ نہ کرے کہ وہ گڑھے وغیرہ میں گر جائے اور اگر راستے میں بھیڑ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ، ابوداؤد اور ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

یہود کے جواب میں صرف وعلیک کہو

۴۶۳۶: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ اَحَدُ هُمُ السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ وَعَلَيْكَ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١١/٤٢ الحديث رقم ٦٢٥٧، ومسلم في ٤/١٧٠٦ الحديث رقم (٨-٢١٦٤)، وأبو داؤد في السنن ٥/٣٨٤ الحديث رقم ٥٢٠٦، والدارمي في ٢/٣٥٨ الحديث رقم ٢٦٣٥، ومالك في الموطأ ٢/٩٦٠ الحديث رقم ٣، وأحمد في المسند ٢/٩۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب یہودی تمہیں سلام کرتے ہیں تو بلاشبہ اس میں سے ہر ایک یہی کہتا ہے السام علیک۔ یعنی تم مر جاؤ۔ تو تمہیں چاہیے کہ اس کے جواب میں وعلیک کہو۔

(بخاری و مسلم)

تشریح: قوله: اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ اَحَدُ هُمُ السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ وَعَلَيْكَ

يقول احدهم السام عليك: ایک نسخہ میں جمع کی ضمیر کے ساتھ ''علیکم'' ہے، وجہ بالکل ظاہر ہے اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ تقدیری عبارت یوں ہے: فانما يقول احدهم لأحدكم: السام عليك۔ جیسا کہ عنقریب آ رہا ہے: اذا اسلم عليكم اهل الكتاب۔ البتہ دونوں میں کچھ فرق بھی ممکن ہے وہ یہ کہ یہود ''السام علیک'' کہتے ہیں، جیسا کہ ابن عمر کی اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے، مگر نصاریٰ یہ بات یعنی ''السلام علیک'' نہیں کہتے ہیں۔

''**فقل: وعليك**'': ایک نسخہ میں جمع کی ضمیر کے ساتھ ''**وعليكم**'' ہے۔

'**إذا سلم عليكم اليهود**: نصاریٰ کا بھی یہی حکم ہے۔

''السام'': الف کے ساتھ ہے

السام عليك میں ضمیر مفرد لانے کی وجہ

① ہر مسلمان کا علیحدہ اعتبار کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

② صیغۂ جمع کے مقتضی کے باوجود صیغۂ مفرد لاتے ہیں مسلمانوں کو حقیر سمجھنے کی وجہ سے۔

چنانچہ ہم پر لازم ہے کہ ہم ان کی مخالفت کریں بایں طور کہ ہم باہمی طور پر صیغۂ جمع استعمال کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فائدہ: موت تو ہر کسی کو آنی ہی آنے ہے' تو موت کی بددعا کرنے کا مطلب یہ ہوا کہ "جلد مر جائے"۔

① زیادہ سے زیادہ تعظیم کے ارادے سے ② جنس کی رعایت کے پیش نظر جو مفید تعمیم ہے۔

قاضیؒ کے کلام کا مفہوم جیسا کہ عنقریب آ رہا ہے اس حدیث میں اصل "علیك" بغیر واؤ کے ہے اور واؤ کے ساتھ بھی مروی ہے۔

یہود کے جواب کا طریقہ

۴۶۳۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۴۲الحدیث رقم ۶۲۵۸، ومسلم فی ۴/۱۷۰۵ الحدیث رقم (۶۔۲۱۶۳)، وأبو داوٗد فی السنن ۵/۳۸۵ الحدیث رقم ۵۲۰۷، وابن ماجه فی ۲/۱۲۱۹ الحدیث رقم ۳۶۹۷، وأحمد فی المسند ۳/۹۹۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب تمہیں اہل کتاب سلام کریں تو تم اس کے جواب میں صرف وعلیکم کہو۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ:

فقولوا وعليكم: بعض روایات میں "علیکم" ہے، بغیر واؤ کے جمع کا صیغہ لایا گیا تا کہ جمع' جمع کے مقابلہ میں آ جائے۔ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: اذاسلم عليكم احد منهم فقولو اوعليك أوعليك۔ چنانچہ اسی وجہ سے جزریؒ نے یہ تعبیر اختیار کی ہے۔ کہ اہل کتاب کے سلام کے جواب میں "علیک" کہے' اس کو علم' ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے' یا "علیک" کہے' اس کو شیخین ابوداؤد' ترمذی' اور نسائی نے روایت کیا ہے۔ ان سب حضرات نے یہ حدیث ابن عمرو سے روایت کی ہے۔ پس واؤ والی روایت اکثر حضرات نے نقل کی ہے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اہل کتاب کے سلام کا جواب دیا جائے۔ لیکن جواب دینے والا "وعلیکم السلام نہ کہے اور نہ "وعلیک السلام" کہے اس کا قرینہ یہ الفاظ ہیں: "بل يقال عليكم فقط۔ "وعليكم" بھی اسی صورت میں کہے جب وہ ایک سے زائد ہوں۔ اور اگر ایک ہی ہو تو "علیکم" نہ کہے یعنی صیغہ جمع نہ لائے۔ کیونکہ اس طرح اس کی تعظیم و توقیر کا وہم ہوتا ہے اگرچہ مسلم کی روایات میں "عليكم" اور "وعليكم" یعنی بغیر واؤ اور ثبوت واؤ دونوں کے ساتھ ہے۔ اکثر روایات میں واؤ کا اثبات ہے۔ اس تقریر پر اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں:

① یہ ظاہر پر محمول ہو۔ یعنی سلام کرنے والے کی نیت میں یہ تھا کہ "عليكم الموت" تو اس کے جواب میں "وعليكم ایضًا" کا مطلب یہ ہوگا کہ نحن وأنتم فيه سواء كلنا نموت۔

② واؤ مستانفہ ہو، عطف و تشریک کیلئے نہ ہو۔ اس صورت میں عبارت کی تقدیر یہ ہوگی: وعليكم ما تستحقونه من الذم۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں لفظ "فقل" اور "وعليك" بصیغہ مفرد ہے' اور اس روایت میں فقولوا اور وعليكم بصیغہ جمع ہے۔ اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح دیگر روایتوں میں "وعلیك" اور "وعلیکم" واؤ کے ساتھ اور بغیر واؤ کے دونوں طرح منقول ہے مؤطا کی روایت میں "علیك" بغیر واؤ کے اور دارقطنی کی روایت میں "علیکم" بغیر واؤ کے منقول ہے قاضیؒ فرماتے ہیں ابن حبیب مالکی سمیت چند علماء کا مختار قول یہ ہے کہ مذکورہ لوگوں کے سلام کے جواب میں یہ لفظ بغیر واؤ کے یعنی "علیك" یا "علیکم" ہی کہا جائے تا کہ اس چیز میں مشارکت صوری لازم نہ آئے جو ان کی زبان سے ادا ہوتی ہے اور دیگر علماء نے واؤ کے ساتھ کہنے کو مختار قرار دیا ہے' جیسا کہ اکثر روایات میں مروی ہے۔ اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ "وعلیکم السلام" کہے' لیکن "السلام" کو سین کے کسرہ کے ساتھ کہے' اس کا معنی ہے پتھر' لیکن روایت ودرایت کے اعتبار سے یہ ضعیف ہے خطابیؒ فرماتے ہیں' حذف واؤ ہی درست ہے' یعنی زیادہ درست ہے' اور شاید کہ ان کی مراد مبالغہ ہے' فرمایا اس صورت میں ان کا کلام بعینہ ان پر خاص طور پر رد ہو جائے گا' اور جب واؤ کو ذکر کریں تو یہ ان کے ساتھ ان کے کہے ہوئے کلام میں مشارکت کا مقتضی ہوگا۔

بعض حضرات کا قول یہ ہے کہ حرف واؤ یہاں مشارکت کے لئے نہیں ہے بلکہ استیناف کے لئے ہے' اس صورت میں یہ لفظ مفہوم کے اعتبار سے اس جملہ کا قائم مقام ہوگا کہ **وعلیکم ما تستحقونه من الذم** (اور تجھ پر وہ برائی پڑے جس کا تو مستحق ہے)

امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ لفظ احادیث میں چونکہ دونوں طرح منقول ہے کہ بعض روایتوں میں واؤ کے ساتھ ہے اور بعض روایتوں میں بغیر واؤ کے' اس لئے کہ دونوں طرح کہنا جائز ہے۔ واؤ کا اثبات اجود ہے' اس میں کوئی مفسدہ نہیں یعنی اس لفظ کو واؤ کے ساتھ کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ جس چیز میں مشارکت لازم آئے گی وہ موت ہے اور موت سب کو آنے والی ہے اس صورت میں اس لفظ کا مطلب یہ ہوگا کہ (جس موت کو تم برا سمجھ کر گویا ہمیں اس کی بددعا دے رہے ہو) اس میں ہم اور تم برابر ہیں کہ ہم سب ہی کو موت یعنی مرنا ہے۔ اس میں ضرر ونقصان کی کوئی بات نہیں ہے۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کے جواب میں کیے جانے والے "علیکم" کو ان کے حق میں اسلام کی دعا پر محمول ہی کیا جائے' چونکہ دارین میں سلامتی کا دارومدار اسلام پر ہے' یہ اس صورت میں ہے کہ جب ان کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ وہ تعریضاً ہمیں بددعا دے رہے ہیں۔ اور جب معلوم ہو جائے تو اس صورت میں تقدیر یوں ہوگی: **واقول علیکم ماتستحقونه**۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ صیغہ اس لئے ارشاد فرمایا کہ مخاطب کو وحشت نہ ہو' اور کلام رفق' کے قریب ترین رہے۔ پس اگر سلام کا جواب دینے کا ارادہ ہو تو وہ سلام سے بہتر ہوگا یا ہمارے قول "علیک السلام" کے ذریعہ ہوگا' اور ان کے سلام سے بہتر جواب دینا ہمارے لئے جائز نہیں' اور نہ اس اقل درجہ کو جو "وعلیک" میں ہے' اور بغیر واؤ کے جواب دینا تو بالکل ظاہر ہے۔ ای **علیکم ما تستحقونه**۔ قاضیؒ فرماتے ہیں کہ جب یہ معلوم ہو جائے کہ وہ تعریضاً' ہمیں بددعا دیتے ہیں تو اس صورت میں توجیہ یوں ہوگی: **واقول علیکم ماتریدون بنا أوما تستحقونه**' اور ہمارے "وعلیکم" کا عطف' ان کے کلام میں موجود "علیکم" پر نہیں ہوگا' ورنہ تو یہ ان کی بددعا کی تقریر کو متضمن ہوگا' اسی وجہ سے پچھلی حدیث میں "فقل: علیک" بغیر واؤ کے آیا ہے' یہ واؤ کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ روی ہے:

"**إذا سلم علیکم أحد من أھل الکتاب فقولوا وعلیکم۔**"

اس حدیث کو امام احمد' شیخین' ترمذی اور امام نسائی نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ نرمی والے کو اور نرمی کو پسند کرنے والے ہیں

۴۶۳۸:وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِسْتَاذَنَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُوْدِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا السَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُلْتُ بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِى الْاَمْرِ كُلِّهٖ قُلْتُ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ وَعَلَيْكُمْ وَفِىْ رِوَايَةٍ عَلَيْكُمْ وَلَمْ يَذْكُرِ الْوَاوَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِىْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ اَنَّ الْيَهُوْدَ اَتَوُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اَلسَّامُ عَلَيْكَ قَالَ وَعَلَيْكُمْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ السَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلاً يَا عَائِشَةُ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ قَالَتْ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ اَوَلَمْ تَسْمَعِىْ مَا قُلْتُ رَدَدْتُّ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِىْ فِيْهِمْ وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِىَّ وَفِىْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا تَكُوْنِىْ فَاحِشَةً فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ۔

أخرجه البخاري في صحيحه ١١/١٩٩ الحديث رقم ٦٤٠١ وفي ١٠/٤٥٢ الحديث رقم ٦٠٣٠، ومسلم في صحيحه ٤/١٧٠٦ الحديث رقم (١٠-٢١٦٥)، والترمذي في السنن ٥/٥٧ الحديث رقم ٢٧٠١، وابن ماجه في ٢/١٢١٨ الحديث رقم ٣٦٨٩ الشطر الثاني والأول في ٢/١٢١٩ الحديث رقم ٣٦٩٨، والدارمي في ٢/٤١٦ الحديث رقم ٢٧٩٤، وأحمد في المسند ٦/٣٧۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ یہود کا ایک وفد نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت لینے آیا تو انہوں نے السلام علیکم کہا تو میں نے ان کو جواب میں کہا: بل علیکم السام واللعنة۔ تو حضور ﷺ نے مجھے فرمایا اے عائشہؓ! اللہ نرمی برتنے والے ہیں اور تمام معاملات میں نرمی کو پسند فرماتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کیا آپ نے ان کی بات نہیں سنی آپ ﷺ نے فرمایا میں نے بھی وعلیکم کہا ہے اور ایک روایت میں یہ واؤ کے بغیر ہے۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے بخاری کے الفاظ اس طرح ہیں یہودی آپ کی خدمت میں آئے اور کہنے لگے: السام علیکم تو آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا: وعلیکم تو عائشہ صدیقہؓ کہنے لگیں: اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ تو اس جواب پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ٹھہر و اے عائشہ رضی اللہ عنہا نرمی اختیار کرو اور اپنے آپ کو درشتی اور فحش گوئی سے محفوظ رکھو۔ حضرت عائشہ کہنے لگیں کیا آپ نے اس کی بات نہیں سنی آپ نے فرمایا کیا تو نے میری بات نہیں سنی۔ جو میں نے اس کے جواب میں کہی۔ میری دعا تو اس کے حق میں قبول ہوگی اور اس کی بات میرے حق میں قبول نہ ہوگی اور مسلم کی روایت میں یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم فحش باتیں کرنے والی مت بنو۔ بے شک اللہ تعالیٰ لچر باتوں اور باتکلف باتیں بنانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

تشریح: قوله: فقالوا: السام علیکم: اگلی روایت میں آرہا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان کے اس کلام کے جواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''وعلیکم'' فرمایا تھا۔

قوله: بل علیکم السلام و اللعنة: یعنی اس لفظ سے تمہاری جو مراد تھی' اور فساد معنی کی خاطر تم نے جو کلام میں تحریف کی وہ تم ہی پر پڑے' اور مزید کہ تم پر لعنت بھی ہو **فاحشة:** فحش گو' قبیح کلام کرنے والے **التفحش:** بتکلف فحش الفاظ بولنا۔ قصداً فحش کلام کرنا' آنحضرت ﷺ نے یہ جملہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس کلام: ''**و اللعنة**'' یا **لعنکم الله** ...... کے باعث ارشاد فرمایا۔

''رفق'': ضد ہے عنف (سخت، درشتی) کی۔ رفق کا مطلب ہے:

لین الحانب فی القول و الفعل و الأ خذ بألا سهل۔ (علی ماذکره السیوطی)

''عنف'': عین مہملہ کے ضمہ کے ساتھ' یہ ''رفق'' کی ضد ہے'

قد قلت و علیکم: واؤ مستانفہ ہے۔ **مهلا:** فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے۔ ای ارفقی رفقا

إن الله رفیق یحب الرفق فی الأمر كله: یعنی اللہ تعالیٰ رفیق ورحیم ہے' عمومی طور پر ممکنہ نرمی ہی پسند کرتا ہے ورنہ تو بعض جگہوں پر سختی کا حکم ہے۔ چنانچہ فرمایا: ﴿**و اغلظ علیهم**﴾ [التوبة:۷۳]

آنحضرت ﷺ کا جواب ''علیکم'' یا ''وعلیکم'' عدل کے مقتضی کے عین مطابق تھا۔ چونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**و جزاء سیئة سیئة مثلها**﴾ [الشوری:۴۰] حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے معنی میں زیادتی فرمائی اس معاملہ میں تجاوز سے کام لیا، نرمی کے راستہ کو چھوڑ کر سختی کی راہ لی۔ اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے اس بات کی طرف توجہ دلائی۔ کہ تمہیں نرمی سے کام لینا چاہئے' مدارات کی بناء اسی پر ہے' معارات ومعانات کی راہ کو چھوڑے رکھو' جیسا کہ کہا گیا ہے

و دارهم مادمت فی دارهم ☆ و أرضهم مادمت فی أرضهم

لیکن مدارات اور مداہنت میں فرق ہے' جو اکثر لوگوں پر مخفی ہے' ہم ان شاء اللہ کسی مناسب مقام پر اس کا ذکر کریں گے۔ اس حدیث مبارکہ میں یہودیوں کا فعل مذکور درحقیقت اس آیت کریمہ کا کھلم کھلا مظہر تھا:

﴿وَإِذَا جَآءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ﴾ [المجادلة:۸] ''اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو جس (کلمے) سے خدا نے تم کو دعا نہیں دی اس سے تمہیں دعا دیتے ہیں اور اپنے دل میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ واقعی پیغمبر ہیں) جو کچھ ہم کہتے ہیں خدا ہمیں اسکی سزا کیوں نہیں دیتا؟ (اے پیغمبر) ان کو دوزخ (ہی کی سزا) کافی ہے یہ اسی میں داخل ہونگے اور وہ بری جگہ ہے'' ظاہر یہ ہے کہ یہ ایک ہی قصہ ہے' اور پچھلی حدیث میں صرف سام ولعنت کا ذکر ہے' سو یہ اقتصار راوی کی طرف سے ہے یہی بات زیادہ واضح ہے چونکہ حدیث میں دیگر زیادات بھی ہیں۔ (انتہی) یا یہ بات اکتفاء سے ہے' چونکہ حاصل دونوں کا ایک ہی ہے۔ **قوله: یا عائشة:** اس میں احتمال ہے کہ کلام سابق کے متمات میں سے ہیں اور یہ احتمال بھی ہے کہ کلام لاحق کے مقدمات میں سے ہو' یعنی **علیك بالرفق** ...... کے

''علیک'': کاف کے کسرہ کے ساتھ ہے'

الفحش: فاء کے ضمہ کے ساتھ' یہ اصل میں سخت قبیح گناہ کو کہتے ہیں' یہاں اس سے مراد قول وجواب میں زیادت قبح ہے۔

یہ حدیث اس مسئلہ کی صریح دلیل ہے کہ حدیث کو بالمعنی نقل کرنا جائز ہے۔ چونکہ یہ بات اتفاقی ہے کہ حدیث باب میں مذکور قصہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک ہی ہے، یہ متعدد واقعات نہیں ہیں۔

مشترک مجلس میں مسلمان کی نیت سے سلام کرو

۴۶۳۹: وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبْدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/ ۳۸ الحدیث رقم ٦٢٥٤ ومسلم فی ۳/ ۱٤۲۲، والترمذی فی السنن ٥/ ٥٨ الحدیث رقم ٢٧٠٢، وأحمد فی المسند ٥/ ٢٠٣۔

ترجمه: حضرت اُسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا گزر ایسی مجلس کے پاس سے ہوا جہاں مسلمان مشرک، بت پرست اور یہودی ملے جلے بیٹھے تھے تو آپ ﷺ نے اس کو سلام کیا۔ یہ بخاری ومسلم کی روایت ہے۔

تشریح: والمشرکین عبدة الأوثان: عطف بیان ہے یا ''مشرکین'' سے بدل ہے۔ امام طیبیؒ کا کہنا ہے کہ ''الیهود'' میں بھی ترکیبی احتمال ہیں۔

ان کو مشرک قرار دینا ان کے اس قول: [عزیر ابن اللّٰہ] کے باعث ہے، یا تغلیباً ہے۔ یا کچھ کلام مقدر ہے جیسا کہ اس قول میں ہے: متقلد اسیفًا ورمحا اھ۔

''الیهود'' کا عطف ''المشرکین'' پر اولیٰ ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان کسی ایسی جماعت کے پس سے گزرے جس میں کئی مسلمان ہوں یا مسلمان خواہ ایک ہی ہو اور کافر کئی ہوں تو سنت یہ ہے کہ مسلمانوں یا مسلمان کا قصد کر کے پوری جماعت کو سلام کرے' اگر کسی مشرک وغیر مسلم کو خط لکھا جائے تو مسنون یہ ہے کہ مکتوب الیہ کو السلام علیکم کے بجائے وہی الفاظ لکھے جو آنحضرت ﷺ نے ہرقل روم کے بادشاہ کو لکھے تھے: سلام علی من اتبع الهدی۔

راستے کے پانچ حقوق

۴۶۴۰: وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيْهَا قَالَ فَاِذَا اَبَيْتُمْ اِلَّا الْمَجْلِسَ فَاَعْطُوا الطَّرِيْقَ حَقَّهٗ قَالُوْا وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ غَضُّ الْبَصَرِ وَكَفُّ الْاَذٰى وَرَدُّ السَّلَامِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىُ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/ ۸ الحدیث رقم ٦٢٢٩، ومسلم فی ۳/ ١٦٧٥ الحدیث رقم (١١٤-٢١٢١)، وأبو داؤد فی السنن ٥/ ١٦٠ الحدیث رقم ٤٨١٥، وأحمد فی المسند ۳/ ٤٧۔

ترجمه: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم اپنے آپ کو راستوں میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیٹھنے سے بچاؤ۔ بعض صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ راستوں میں بیٹھنے کے علاوہ ہمیں چارہ کار نہیں۔ وہاں ہم باتیں کرتیں ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا جب تمہیں بیٹھنے کے علاوہ چارہ کار نہیں تو راستے کو اس کا حق دو۔ صحابہ نے عرض کی۔ اے رسول اللہ ﷺ راستے کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نگاہ کا جھکانا۔ یعنی اس کا حرام مقام پر ڈالنے سے بچانا اور گزرنے والوں کو ایذا سے بچانا۔ سلام کا جواب دینا اور لوگوں کو اچھی بات کہنا اور برائی سے روکنا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: طرقات: "طُرُق" طریق کی جمع ہے اور طرقات جمع کی جمع ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ تمام راستوں کا حکم یہی ہے۔

إياكم والجلوس بالطرقات: اور ایک روایات میں "على الطرقات" ہے۔

بد: بائے موجدہ کے ضمہ اور دال مہملہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں "من مجالسنا" بد کے متعلق ہے۔ ای مالنا فراق منها۔

فأعطوا الطريق حقه: سید جمال الدین کے نسخہ میں (مجلس) لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ یہ اسم زمان ہے یا اسم مکان ہے۔ لہٰذا اس جگہ اس سے مصدر مراد لینا صحیح نہیں۔ چنانچہ صاحب قاموس لکھتے ہیں: جلس يجلس جلوسا ومجلسا، كمقعد، والمجلس أى بالكسر موضعه۔ ابن الملک شرح المشارق میں فرماتے ہیں: المجلس بفتح اللام مصدر ميمى أى اذا متنعتم عن الأ فعال الاعن الجلوس فى الطريق أى اذا دعت حاجة لمصلحة الجيران وغيره فأعطوا الطريق حقه، واقعد وافيه بقدر الحاجة۔

فقالوا مالنا من مجالسنا بد: صحابۂ کرام کے جواب کا حاصل یہ تھا کہ راستہ میں بیٹھے بغیر ہمارا کوئی چارہ کار نہیں، چونکہ ہمیں اس کی حاجت پیش آتی ہے، ہم باہمی طور پر کبھی دنیاوی امور میں تبادلۂ خیال کرتے ہیں، کبھی اخروی امور پر بات چیت کرتے ہیں، کبھی مشاورت، کبھی مذاکرہ، کبھی معالجہ، کبھی معاملات اور کبھی مصالحت جیسے اہم امور درپیش ہوتے ہیں۔

وما حق الطريق: ضمیر کی جگہ اسم ظاہر (الطريق) کو ذکر فرمایا تاکہ "حق" کی طرف راجع ہونے کا وہم نہ ہو۔ چونکہ حق الحق تو یہی ہے کہ راستہ پر مطلقاً نہ بیٹھا جائے۔

قوله: والأمر بالمعروف والنهى عن المنكر: امر بالمعروف اس طریقہ سے ہو جو عارفین کے نزدیک معروف ہے اور نہی عن المنکر میں یہ خیال رہے کہ وہ ہوتے ہوئے کہیں امر بالمنکر نہ بن جائے۔

تخریج: جامع میں ہے کہ اس حدیث کو امام احمد اور ابوداؤدؒ نے ابو سعید سے روایت کیا ہے۔

راستے کا ایک اور حق

۴۶۴۱: وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَاِرْشَادُ السَّبِيْلِ۔

(رواه ابوداؤد عقيب حديث الخدرى هكذا)

أبو داؤد فى السنن ٥/ ١٦٠ الحديث رقم ٤٨١٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی سلسلے میں نقل کرتے ہیں۔یعنی راستے کے حقوق کے سلسلے میں کہ آپ نے ارشادفرمایا۔کہ راستہ بھول جانے والے کو راستہ دکھانا۔ابوداؤد نے اس کو ابوسعید کی روایت کے بعد اسی طرح نقل کیا ہے۔

تشریح: **القصة:** قاف کے کسرہ اور صاد مہملہ کے ساتھ۔

وإرشاد السبيل: مرفوع ہے اس کا عطف ''**النهي عن المنكر**'' پر ہے۔

مظلوم کی مدد بھی راستہ کا حق ہے

۴۶۴۲: **وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَتُغِيْثُوا الْمَلْهُوْفَ وَتَهْدُوْا الضَّالَّ۔** (رواه ابو داؤد وعقيب حديث ابى هريرة هكذا ولم اجد هما فى الصحيحين)

أخرجه أبو داؤد فى السنن ۵/ ۱۶۰ الحديث رقم ۴۸۱۷۔

ترجمہ: حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی سلسلے میں نقل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ مظلوم کی فریاد رسی کرو اور راستہ گم کردہ کو راہ بتلاؤ۔ مجھے یہ روایت بخاری ومسلم میں نہیں ملی۔البتہ ابوداؤد سے اس کو روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بعد نقل کیا ہے۔

تشریح: **تغيثوا:** تاء کے ضمہ کے ساتھ، **إغاثه** (غین معجمہ اور ثائے مثلثہ کے ساتھ) بمعنی ''**إعانة**'' سے مشتق ہے۔

تهدوا: تاء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

صاحب کشاف کا کہنا ہے کہ ''**وحيا**'' اور ''**يرسل**'' دونوں مصدر ہیں موضع حال میں ہیں، چونکہ ''**أويرسل**'' **إرسالا** کے معنی میں ہے۔**المطلق والمتعير فى أمره** ۔وفی القاموس: **اى المظلوم المضطر يستغيث وينحسر الملهوف**: مظلوم، مضطر، تکلیف زدہ، مدد کا طالب، ستم رسیدہ، حسرت زدہ۔

امام طیبیؒ ''**ارشاد السبيل**'' اور '' **هداية الضال**'' کے درمیان فرق کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''**ارشاد السبيل**'' اَعم ہے ''**هداية الضال**'' سے۔امام طیبی کا یہ کلام عطف کے معنی پر مبنی ہے جو انہوں نے ''**تغيشوا**'' کے عطف کے بارے میں ذکر کیا ہے۔

فى هذه القصة: بظاہر یہ زیادتی حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت پر ہے، اور ممکن ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت پر ہو۔ بہر حال دونوں احتمالات میں سے کسی احتمال کو واضح قرار دینے کیلئے صریح معنی پر دلیل صحیح کی ضرورت ہے۔لہٰذا امام طیبیؒ کی اس بات کا کوئی اعتبار نہیں: ''**وتغيثوا**'' کا عطف ''**ارشاد السبيل**'' پر ہے۔''**تغيثوا**'' کے نون کا حذف اسی آیت: ﴿**أن يكلمه الله إلا وحيا أو من وراء حجاب اويرسل رسولا**﴾ کے قبیل سے ہے۔(انتھی) ممکن ہے کہ امام طیبیؒ کے اس کلام کا ماخذ یہ الفاظ ہوں: ''**رواه أبو داود عقيب حديث أبى هريرة**''، لیکن یہ الفاظ مطلوب پر نص نہیں ہیں۔

ولم اجدهما فى الصحيحين: چونکہ یہ فصل اوّل چل رہی ہے، جیسا کہ امام بغوی کے صنیع کا مقتضی یہ ہے کہ ابو ہریرہؓ اور حضرت ابن عمرؓ کی یہ روایتیں بھی صحیحین ہی کی ہوں گی۔چنانچہ صاحب کتاب نے ان دونوں کو صحیحین میں تلاش کیا، مگر کامیابی نہ ہوئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ یہ دونوں حدیثیں اِصالۃً نہیں بلکہ تتمیم و تکمیل کیلئے ذکر کی ہیں، لہٰذا ان کا صحیحین میں ہونا ضروری نہیں۔ ومثل هذا يغتفر فتدبر، والله أعلم بما تفعل وتذر۔

الفصل الثانی:

مسلمان کے چھ حقوق

۴۶۴۳: عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهُ وَيُجِيْبُهُ اِذَا دَعَاهُ وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ وَيَعُوْدُهُ اِذَا مَرِضَ وَيَتَّبِعُ جَنَازَتَهُ اِذَا مَاتَ وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ۔ (رواه الترمذی والدارمی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٧٥ الحديث رقم ٢٧٣٦، وابن ماجه فی ١/٤١١ الحديث رقم ١٤٣٣، والدارمی فی ٢.٣٥٧ الحديث رقم ٢٦٣٣، وأحمد فی المسند ٢/٦٨۔

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں: ① جب اس سے ملاقات کرے تو اس کو سلام کرے۔ ② جب کوئی مسلمان دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے۔ ③ اور جب اس کو چھینک آئے تو یہ اس کی چھینک کا جواب دے۔ ④ اور جب وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے۔ ⑤ اور جب وہ فوت ہو جائے تو اس کی نماز جنازہ ادا کرے۔ ⑥ اور اس کے لئے وہی کچھ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ یہ ترمذی اور دارمی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ويشمته اذا عطس: اس پر سیر حاصل بحث ماقبل میں گذر چکی ہے۔

يتبع، تاء فوقانیہ کے سکون اور باء موحدہ کے فتحہ کے ساتھ،

جنازة: ست بالمعروف: صفت اول ہے، ”بالمعروف“ صفت ثانی ہے اور موصوف محذوف ہے۔ أی: للمسلم علی المسلم خصال ست ملتبسة بالمعروف۔ ”بالمعروف“ کی باء میں ایک احتمال ہے کہ یہ ”مِنْ“ کے معنی میں ہو۔

يسلم عليه: جملہ استینافیہ مبینہ ہے۔ یا تقدیری عبارت یوں ہے: أن يسلم عليه۔

”ويحب له ما يحب“: (ما يحب سے پہلے مثل مضاف محذوف ہے۔) أی: مثل ما يحب۔

معروف کی تعریف یہ کی ہے: وهو ما يرضاه الله من قول أو عمل۔ وہ قول عمل جس سے اللہ راضی ہوتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ تعریف کی ہے: هو ما عرف فی الشرع والعقل حسنه۔ وہ چیز کہ جس کا پسندیدہ ہونا ازروئے عقل وشرع معروف ہو۔

ويتبع جنازته: ارشارۃً معلوم ہوتا ہے کہ افضل یہ کہ جنازہ کے پیچھے چلا جائے۔ جیسا کہ ہمارا مذہب مختار ہے۔ ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ایک مرفوع حدیث میں یہی حکم صراحۃً مذکور ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

((الجنازة متبوعة وليست بتابعة ليس منا من تقدمها))

''جنازہ متبوع ہوتا ہے، تابع نہیں ہوتا، جو شخص جنازہ سے آگے بڑھے وہ ہم میں نہیں۔''

قوله: ويحب مايحب لنفسه: یہ جملہ اس تمام کلام کا خلاصہ ہے۔ اسی وجہ سے حضرت انسؓ سے مروی حدیث میں کہ جس کو امام احمد اور اصحاب صحاح ستہ نے سوائے ابوداؤد سے نقل کیا ہے' صرف اسی پر اقتصار کیا ہے:

لا يؤمن احدكم حتى يحب لأخيه ما يحب لنفسه۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی اپنی مسند میں ذکر کیا ہے۔

تین آنے والے اور نیکیاں پانے والے

۴۶۴۴: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلاً جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَرَدَّ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ٥/٣٧٩ الحديث رقم ٥١٩٥، والترمذی فی ٥/٥١ الحديث رقم ٢٦٨٩، والدارمی فی ٢/٣٦٠ الحديث رقم ٢٦٤٠، وأحمد فی المسند ٤/٤٣٩۔٤٤٠۔

ترجمه: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں ایک شخص آیا اور اس نے السلام علیکم کہا۔ آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا پھر وہ آدمی بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا اس شخص کو دس نیکیاں ملیں گی پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے کہا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ تو آپ نے اس کے سلام کا بھی جواب دیا۔ جب وہ بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا اس شخص کے لئے بیس نیکیاں لکھی گئیں۔ پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کے لئے تیس نیکیاں لکھی گئیں۔ یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: فقال النبی ﷺ: عشر: لفظ ''عشر'' کی وجہ میں کئی احتمال ہیں:

1. ''عشر'' مبتدا مؤخر ہے۔ **أی له عشر حسنات۔**
2. نائب فاعل ہے فعل محذوف کا۔ **أی كتب له حسنات۔**
3. فعل محذوف کا فاعل ہے۔ **أی حصل له عشر، أو ثبت له عشر۔**
4. اسم مفعول محذوف کا نائب فاعل ہے۔ ای: **المكتوب له عشر۔**

قوله: فقال: السلام عليكم: اس نووارد نے جمع کی ضمیر استعمال کی' اس میں دو احتمال ہو سکتے ہیں:

1. ضمیر جمع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کے پیش نظر استعمال کی۔
2. اس وجہ سے کہ اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اس وقت صحابہ کرام بھی موجود تھے۔ ان احتمالات کے ہوتے ہوئے یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استدلال کرنا درست نہیں کہ جمع کی ضمیر لانا افضل ہے اگر چہ مسلَّم علیہ ایک ہی کیوں نہ ہو۔

قوله: فقال السلام عليكم ورحمة الله وبركاته: بعض حضرات کا کہنا ہے کہ برکات عبارت ہے ''ثبات'' سے۔ اس لئے سلام میں یا جواب میں اس پر اضافہ نہیں کیا جائے بعض کا کہنا ہے کہ ''برکت'' اصل پر ہونے والی زیادت کو کہتے ہیں۔

قوله: فقال: ثلاثون:

عرضِ مرتب:

'' ثلاثون '' کی ترکیب میں وہ تمام احتمال جاری ہوسکتے ہیں جو ''عشر'' کے بارے میں گذرے۔ یعنی ہر لفظ پر دس نیکیاں ہیں ۔چنانچہ اس نے ۳ لفظ کہے لہٰذا اس کیلئے ۳۰ نیکیاں ہیں۔

معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت سلام پر بعض الفاظ کا اضافہ

۴۶۴۵: وَعَنْ مُعَاذَ بْنِ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَزَادَ ثُمَّ اَتٰى اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ فَقَالَ اَرْبَعُوْنَ وَقَالَ هٰكَذَا تَكُوْنُ الْفَضَائِلُ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ۵/ ۳۸۰ الحديث رقم ۵۱۹۶۔

ترجمہ: حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے گزشتہ روایت کے ہم معنی روایت نقل کی ہے اس میں معاذ نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں۔ کہ پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے کہا۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ ومغفرتہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ اس کے لئے چالیس نیکیاں لکھی گئیں اور اس میں یہ الفاظ بھی ہیں۔ کہ اسی طرح ثواب میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ یعنی جس قدر الفاظ بڑھاتا جائے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں: سلام کرنے میں افضل یہ ہے کہ سلام کرنے والا یوں کہے: **السلام عليكم ورحمة الله وبركاته**، جمع کی ضمیر استعمال کی جائے اگر چہ مسلَّم علیہ ایک ہی کیوں نہ ہو اور مجیب یوں کہے: **وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته**، یعنی وہ بھی جمع کی ضمیر استعمال کرے اور واؤ لگائے۔

سلام کرنے کا ادنی درجہ ''**السلام عليكم**'' کہنا ہے۔ اور اگر ''**السلام عليك**'' یا '' **سلام عليك** '' کہا جائے تو بھی کافی ہوگا۔

اور جواب میں ادنی درجہ ''**وعليك السلام**'' اور '' **وعليكم السلام**'' ہے۔ اور اگر واؤ نہ لگایا جائے تو بھی کافی ہوگا۔

البتہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر جواب میں صرف '' **عليكم**'' کہا جائے تو یہ جواب نہ ہوگا اور اگر جواب میں ''**وعليكم**'' کہا جائے یعنی واؤ کے ساتھ کہا جائے تو اس صورت میں دونوں قول ہیں۔

امام ابوالحسن واحدیؒ فرماتے ہیں: سلام کو نکرہ اور معرف باللام لانے میں اختیار ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: معرف باللام پڑھنا اولیٰ ہے

جب دو آدمیوں کی ملاقات ہو اور دونوں ایک دوسرے کو اکھٹے سلام کریں یا یکے بعد دیگرے کریں تو قاضی حسین اور ابوسعید متولی کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہنا ہے کہ ان میں سے ہر شخص سلام میں پہل کرنے والا ہے۔ لہٰذا ان دونوں پر ایک دوسرے کے سلام کا جواب دینا ضروری ہوگا۔

شاشی کا کہنا ہے کہ یہ محل نظر ہے۔ چونکہ یہ لفظ جواب بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ چنانچہ اگر یکے بعد دیگرے سلام کیا ہے تو یہ جواب شمار ہوگا اور اگر دونوں نے بیک وقت سلام کیا تھا تو اس صورت میں یہ کافی نہ ہوگا۔ فرمایا یہ درست ہے۔ اور اگر بغیر واؤ کے کہا تو امام واحدی کا کہنا ہے کہ یہ سلام ہے اور مخاطب پر اس کا جواب دینا ضروری ہے۔ اگر چہ معتاد میں قلب واقع ہوگیا ہے۔ یہی بات ظاہر ہے' امام الحرمین نے اس پر جزم کیا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''سلام علیکم'' اور'' السلام علیکم'' میں فرق یہ ہے کہ معرف بالام کیلئے معہود ہونا ضروری ہے، خواہ خارجی ہو، خواہ ذہنی ہو۔ اگر معہود خارجی ہو تو اس صورت میں وہ سلام مراد ہوگا جو حضرت آدم علیہ السلام نے ملائکہ کو کیا تھا:

((قال لآدم: اذهب فسلم علی اولئك النفر فانها تحيتك وتحية ذريتك))۔

معہود ذہنی مراد ہونے کی صورت میں سلام کی جنس مراد ہوگی کہ جسے ہر مسلمان پہچانتا ہے۔ اس صورت میں تعریض ہوگی، بایں طور کہ اس کی ضد کفار کیلئے مستعمل ہے اس کی طرف اللہ جل شانہ نے اپنے اس قول میں اشارہ فرمایا ہے:

﴿والسلام علی من اتبع الهدی......﴾ [طٰہٰ:۴۷]

سلام میں پہلے قرب میں پہلے

۴۶۴۲: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَأَ بِالسَّلَامِ۔

(رواہ احمد والترمذی وابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۵/ ۳۸۰ الحديث رقم ۵۱۹۷' والترمذی فی ۵/ ۵۴ الحديث رقم ۲۶۹۴' وأحمد فی المسند ۵/ ۲۵۴۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے زیادہ نزدیک وہ شخص ہے جو سلام میں پہل کرنے والا ہو۔ یہ ترمذی، ابوداؤد، احمد کی روایت ہے۔

تشریح: الجامع کی روایت میں ''من بدأ'' کی بجائے ''بدأهم'' کے الفاظ ہیں۔

قوله: ان اولٰی الناس بالله من بدأ بالسلام:

اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں میں سے اللہ کی رحمت اور مغفرت کے نزدیک ترین وہ شخص ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔ امام طیبی: فرماتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک تر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص اللہ کی رحمت کے نزدیک ترین ہے۔ صاحب کشاف اس آیت: ﴿إن أولی الناس بإبراهيم﴾ کے ذیل میں لکھتے ہیں: ای: ان اخصهم به وأقربهم منه۔

شرح السنہ میں حضرت عمر بن خطاب سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا:

مما يصفی لك ودّ أخيك ثلاث: أن تبدأ بالسلام إذا لقيته، وأن تدعوه بأحب أسمائه اليه، وأن توسع له فی المجلس۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین خصلتوں کی وجہ سے تمہارا بھائی تم سے خالص محبت کرے گا: (ایک تو) ملاقات کے وقت سلام کرنے میں پہل کرنا، (دوسرے) کسی مسلمان کو اس کے اس نام کے ذریعے پکارنا جس کو وہ پسند کرتا ہے اور (تیسرے یہ کہ جب وہ) مجلس میں (آئے تو) اس کو (عزت واحترام کے ساتھ) جگہ دینا۔"

عورتوں کو سلام آپ ﷺ کی خصوصیت

۴۶۴۷: وَعَنْ جَرِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ۔ (رواہ احمد)

أخرجه أحمد فی المسند ۴/ ۳۵۷۔

ترجمہ: حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا گزر کچھ عورتوں کے پاس سے ہوا تو آپ ﷺ نے ان کو سلام کیا۔ یہ امام احمد کی روایت ہے۔

تشریح: ابن الملک کا کہنا ہے آپ ﷺ کیلئے عورتوں کو بھی سلام کرنا جائز تھا کہ یہ بات آنحضرت ﷺ کے ساتھ مخصوص تھی، چونکہ کسی فتنہ میں پڑنے سے آنحضرت ﷺ مأمون تھے۔ البتہ آپ ﷺ کے علاوہ کسی دوسرے مؤمن کیلئے اجنبی عورت کو سلام کرنا مکروہ ہے۔ البتہ اگر کوئی عورت اتنی عمر رسیدہ ہو کہ اس کے بارے میں کسی فتنہ وفساد میں مبتلا ہونے کا کوئی خوف نہ ہو تو اس کو سلام کرنا جائز ہے۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ بہت سے علماء اس مسئلہ میں سلام کو مکروہ نہیں سمجھتے اھ۔ ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں صحیح بات یہی ہے کہ کراہت تو بہر حال ہے چنانچہ سلام کرنے والا شخص جواب کا مستحق نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تخریج: اس روایت کے ہم معنی، اسماء بنت یزید کی حدیث، فصل ثالث میں آ رہی ہے۔ اس حدیث کو ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی نے بھی نقل کیا ہے۔

جماعت میں ایک کا سلام اور ایک کا جواب کافی ہے

۴۶۴۸: وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ اِذَا مَرُّوْا اَنْ يُّسَلِّمَ اَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوْسِ اَنْ يَرُدَّ اَحَدُهُمْ۔

(رواه البيهقى فى شعب الايمان مرفوعا وروى ابوداؤد وقال رفعه الحسن بن على وهو شيخ ابى داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی ۵/ ۳۸۷ الحدیث رقم ۵۲۱۰، والبیهقی فی الشعب ۶/ ۴۶۶ الحدیث رقم ۸۹۲۲۔

ترجمہ: حضرت علی ابن طالبؓ سے روایت ہے کہ جب کچھ لوگ گزر رہے ہوں۔ اس میں سے کسی ایک کا سلام کرنا اس سب کی طرف سے کافی ہوگا۔ اسی طرح وہ لوگ جو بیٹھے ہوں اس میں سے کسی ایک کا جواب دینا سب کی طرف سے کفایت کرنے والا ہے (بیہقی) نے اس کو مرفوعاً بھی نقل کیا ہے۔ ابوداؤد سے اپنے شیخ حسن بن علی کے واسطے سے اس کو مرفوعاً نقل کیا ہے۔

تشریح: "یجزیٔ" علامت مضارع کے ضمہ اور زاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''الجلوس'': اس میں دو احتمال ہیں: ❶ ''جالس'' کی جمع ہے۔ ❷ مصدر مضاف الیہ ہے، ''ذوی'' مضاف محذوف ہے۔ای ذوی جلوس۔

إذا مروا: اس حکم میں وہ صورت بھی داخل ہے کہ جب کچھ لوگ کسی جگہ داخل ہوں یا کسی ایسی جگہ ٹھہریں جہاں پہلے سے کچھ لوگ موجود ہوں یا کوئی ایک فرد ہی موجود ہو۔

سلام کرنے میں پہل کرنا سنت مستحبہ ہے، سنت کفایہ ہے، واجب نہیں ہے۔

اگر متعدد افراد میں سے ایک فرد سلام کر دے تو پوری جماعت کی طرف سے کافی ہوگا۔ اور اگر سارے لوگ سلام کریں تو یہ افضل ہے۔

علمائے شافعیہ میں سے قاضی حسینؒ فرماتے ہیں: ہمارے لئے سنت کفایہ بس یہی ہے۔ میں کہتا ہوں یہ بات ہمارے مذہب کے موافق ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں، تشمیت العاطس بھی سنت کفایہ ہے، اس طرح اہل خانہ میں سے ہر فرد کا قربانی کرنا بھی سنت کفایہ ہے۔ چنانچہ اہل خانہ میں سے اگر کوئی ایک فرد بھی قربانی کر دیتا ہے تو شعار حاصل ہو جائے گا اور سنت یہ ہے کہ سارے اہل خانہ قربانی کریں۔

میں کہتا ہوں: تشمیت العاطس ہمارے ہاں فرض کفایہ ہے اور قربانی واجب ہے۔ البتہ اس مالدار پر واجب ہے کہ جس میں مخصوص شرائط پائی جاتی ہوں' یہ واجب علی الکفایہ نہیں ہے' اور ماقبل میں یہ بات گزر چکی ہے کہ امام شافعیؒ کے ہاں کھانا کھاتے وقت تسمیہ سنت کفایہ ہے۔ واللہ اعلم۔

قوله: ويجزئ عن الجلوس:

مطلب یہ ہے کہ مسلَّم علیہ کسی بھی حالت میں ہو ایک کا جواب دینا کافی ہوگا،

''جلوس'' کی قید اتفاقی ہے نہ کہ احترازی۔ جلوس کی تخصیص اس بناء پر کی گئی کہ عام طور پر جب افراد اکھٹے ہوتے ہیں تو وہ بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس بات کی طرف بھی اشارہ کرنا مقصود ہے کہ قائم، قاعد کو سلام کرے۔

علماء کا اتفاق ہے کہ سلام کا جواب دینا فرض کفایہ ہے۔ اگر تمام افراد سلام کا جواب دیں تو ہر ایک کا جواب دینا افضل ہوگا۔ تمام فرض کفایہ کا معاملہ یہی ہے۔

اسنادی حیثیت: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''روى أبو داود، وقال: رفعه الحسن بن علي'' سے بتانا یہ چاہتے ہیں کہ یہ حدیث دوسری سند سے موقوفاً بھی مروی ہے۔ امام ابو داؤد کے شیخ حسن بن علی نے اس کو مرفوعاً روایت کیا ہے۔ حدثنا أبو داود' حدثنا الحسن بن علی' حدثنا عبد الملك ابراهيم' حدثنا سعيد بن خالد' قال حدثنی عبد الله بن الفضل' حدثنا عبد الله بن أبی رافع عن علی رضی الله عنه' قال ابو داؤد رفعه الحسن بن علی قال: يجزئ' عن الجماعة الحديث۔ میں کہتا ہوں کہ بظاہر ابوداؤد کی مراد یہ ہے کہ ان کے شیخ حسن بن علی نے اس کو کسی دوسرے طریق سے مرفوعاً بیان کیا ہے۔ وگرنہ تو سند مذکور کے ظاہر سے لگتا ہے کہ یہ موقوف ہے' اگرچہ یہ احتمال بھی ہے کہ ''ورفعه'' جملہ حالیہ ہو' اسناد سابق کے بیان کے لئے لایا گیا ہو مثلاً جیسا کہ کہا جاتا ہے: روى عن علی مرفوعا اور ابہام کی وجہ شاید یہ ہو کہ ان کو رفع کی کیفیت یاد نہ ہو' کہ وہ بصیغہ سماع تھی' بصیغہ قول تھی یا ''عن'' کے ساتھ تھی' اگر یہ بطور فرض تسلیم کر لی جائے کہ یہ حدیث موقوفاً اور مرفوعاً دونوں طرح مروی ہے تو تب بھی بلاشبہ یہ حدیث مرفوع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگی' اول تو اس لئے کہ ثقہ کی زیادت مقبول ہے' ثانی اس لئے کہ اس جیسی موقوف حکماً مرفوع ہوتی ہے' چونکہ یہ مشروع کی فروع میں سے ہے۔ آگے امام طیبی لکھتے ہیں مصابیح میں مروی حضرت علی کی مرفوع حدیث اس کے موافق ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ اس کا محل نظر ہونا ماقبل میں گذر چکا ہے' مزید یہ کہ اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ انہوں نے بیہقی کے سند کی طرف اشارہ کیا ہو' کیونکہ اس کے مرفوع ہونے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

اہلِ کتاب سے مشابہت اختیار نہ کرو

۴۶۴۹: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارٰى الْاِشَارَةُ بِالْاَكُفِّ۔ (رواه الترمذی وقال اسناده ضعيف)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٥٤ الحديث رقم ٢٦٩٥' وأحمد فی المسند ٢/٤٩٩۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب نے اپنے والد اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔ کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہم میں سے جو شخص غیروں کے ساتھ مشابہت کرنے والا ہو۔ اس کا ہم سے کوئی واسطہ نہیں۔ تم یہود و نصاریٰ کے ساتھ مشابہت مت اختیار کرو یہود کا سلام انگلیوں کے اشارے سے ہے اور عیسائیوں کا سلام ہتھیلی کے اشارے سے ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور اس کی سند کمزور ہے۔

تشریح: **لا تشبهوا**: ایک تاء حذف ہوئی ہے۔ اصل میں "لاتتشبهوا" تھا۔

ولا بالنصاری: یہ "لا" زیادت تاکید کے لئے ہے۔

الاكف: ہمزہ کے فتحہ اور کاف کے ضمہ کے ساتھ، "كفّ" کی جمع ہے۔

مطلب یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ کے کسی بھی فعل میں مشابہت اختیار نہ کرنا چاہیے، خصوصاً ان دو خصلتوں میں، ممکن ہے کہ وہ سلام کرنے یا جواب دینے میں یہی طریقہ اختیار کرتے ہوں۔ یا سلام اور جواب دونوں اشارہ کے ساتھ کرتے تھے، اور لفظ "السلام" کو زبان پر نہیں لاتے تھے، حالانکہ سلام نا صرف آدم علیہ السلام بلکہ ان کی تمام ذریت انبیاء و اولیاء کی سنت رہا ہے۔

گویا کہ آنحضرت ﷺ پر یہ معاملہ منکشف کر دیا گیا کہ آپ ﷺ کے بعض امتی یوں کریں گے۔ یا جھکیں گے یا سر جھکائیں یا صرف سلام کرنے پر اکتفاء کریں گے۔

حدیث کے ضعیف ہونے کی وجہ: اس حدیث کے ضعیف ہونے کا سبب بظاہر سند کا یہ حصّہ ہے: **عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده**۔ اس سند پر کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔ البتہ قول معتمد یہی ہے کہ یہ سند "حسن" ہے۔ مزید یہ کہ امام سیوطیؒ نے اس حدیث کو جامع صغیر میں ابن عمرو سے مسنداً ذکر کیا ہے۔ چنانچہ اس سے نزاع و اشکال ختم ہو جاتا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس میں اشارہ ہے کہ حکم کبھی اس کے برعکس ہوتا ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں ایسا نہیں ہے اس لئے کہ اس حدیث کے ضعیف ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس حکم کی کوئی اور سند موجود نہ ہو۔ ہاں اس میں "ایہام" ہے' اس بات کی طرف "اشعار" نہیں ہے۔ اور ہو بھی کیسے سکتا ہے حالانکہ احادیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیحہ متواتر المعنی سے یہ حکم ثابت ہے کہ لفظ سلام کے ذریعہ سلام کرنا سنت ہے اور اس کا جواب اسی طرح واجب ہے۔ پس محض اس حدیث کے ضعیف ہونے سے یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ حکم ہمیشہ تبدیل ہو جائے گا۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ہمیں اسماء بنت یزید کی یہ روایت پہنچی ہے: أن رسول الله ﷺ مرّ فی المسجد یومًا وعصبة من النساء قعود فألوی بیده بالتسلیم۔ امام ترمذیؒ کا کہنا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔ یہ حدیث اس پر محمول ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کیا اور زبان سے سلام فرمایا۔ اس توجیہ کی دلیل یہ ہے کہ ابوداؤد کی حدیث میں ''فسلّم علینا'' کے الفاظ بھی موجود ہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ نے اگر سلام کا تلفظ نہ بھی کیا ہوتا تو تب بھی اس میں کوئی محذور نہیں ہے۔ چونکہ عورتوں کے پاس سے گزرنے والے مردوں کیلئے سلام کرنا مشروع نہیں ہے۔ اور حدیث میں آنحضرت ﷺ کی بابت سلام کرنا صراحتاً مذکور ہے۔ یہ آنحضرت ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کیلئے جائز تھا خواہ سلام کرتے یا نہ کرتے۔ اشارہ کرتے یا نہ کرتے، حالانکہ بعض مرتبہ فقط تواضع کے پیش نظر بھی اشارہ کر دیا جاتا ہے، سلام مقصود نہیں ہوتا۔ اس حدیث کو عورتوں کے معاملہ میں بیان جواز پر بھی محمول کیا جا سکتا ہے۔ مزید یہ کہ یہ نہی تشبیہ کراہت پر محمول ہے نہ کہ تحریم پر۔ واللہ اعلم

ہر ملاقات میں سلام کیا جائے

۴۶۵۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا لَقِیَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْهِ فَاِنْ حَالَتْ بَیْنَهُمَا شَجَرَةٌ اَوْجِدَارٌ اَوْحَجَرٌ ثُمَّ لَقِیَهٗ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْهِ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٣٨١ الحدیث رقم ٥٢٠٠۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کرے۔ تو چاہیے کہ پہلے اس کو سلام کرے اور اگر دونوں کے درمیان کوئی درخت یا دیوار یا بڑا پتھر حائل ہو جائے اور پھر ملاقات کریں تو پھر ایک دوسرے کو سلام کریں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: امام طیبیؒ نے اس حدیث سے مستنبط چند مسائل ذکر کئے ہیں جو یہ ہیں:

(ا) افشاء اسلام کی ترغیب معلوم ہوتی ہے

(ب) ہر حالت کی تبدیلی کے بعد سلام کیا جائے۔

(ج) ہر آنے اور جانے والا اسلام کرے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس سے بعض مقامات ومواضع مستثنیٰ ہیں:

① جب کوئی شخص پیشاب یا پائخانہ کر رہا ہو۔

② جماع میں یا اس طرح کے کسی اور کام میں مشغول ہو۔

③ اگر کوئی شخص سو رہا ہو یا اونگھ رہا ہو۔

④ نماز پڑھ رہا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ جب مؤذن اذان دے رہا ہو۔

۶ جب کوئی شخص حمام وغیرہ میں ہو۔

۷ جب کوئی شخص کھانا کھا رہا ہو اور لقمہ اس کے منہ میں ہو۔ ان صورتوں میں سلام کرنے والا جواب کا مستحق نہیں۔

اگر خرید و فروخت وغیرہ میں مصروف ہو تو سلام کرے گا اور جواب بھی واجب ہوگا۔

خطبہ جمعہ کی حالت میں سلام کرنے کو ہمارے اصحاب نے مکروہ بتایا ہے۔ چونکہ خطبہ کی حالت میں لوگوں پر انصات واجب ہے۔ پس اگر ڈر گیا اور سلام کر دیا تو کیا اس کا جواب دیا جائے گا؟ اس میں اختلاف ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ جواب نہیں دیا جائے گا۔ بعض کا کہنا ہے کہ اگر انصات واجب ہے تو جواب نہیں دیا جائے گا۔ اور اگر ہم یہ کہیں کہ انصات سنت ہے تو جواب دیا جائے گا۔ حاضرین میں کسی ایک کا جواب دے دینا باقی لوگوں کی طرف سے کافی ہوگا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں حنفیہ کا مذہب معتمد یہ ہے کہ انصات واجب ہے۔ لہٰذا سلام کرنا جائز نہ ہوگا اور نہ جواب کا حقدار ہوگا۔ اس مسئلہ میں کوئی کلام نہیں ہے۔

جو شخص قرآن کی تلاوت کر رہا ہو تو واحدی کا کہنا ہے کہ ترک سلام اولیٰ ہے۔ اگر سلام کر ہی دیا تو اشارہ کے ساتھ جواب دینا کافی ہوگا۔ اور اگر زبان سے جواب دیا تو تلاوت کرنے والا تعوذ پڑھ کر از سر نو تلاوت شروع کرے۔ واحدیؒ فرماتے ہیں بظاہر زبان سے جواب دینا واجب ہے۔

البتہ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ہمیں مؤطا امام مالک کی یہ روایت کی گئی ہے: أن الطفيل أخبر أنه كان يأتي عبد الله بن عمر فيغدوا معه الى السوق۔ قال: قلت له ذات يوم: ماتصنع بالسوق وأنت لاتقف على البيع ولا تسأل السلع ولا تسوم بها ولا تجلس في مجالس السوق فقال لي: أنما نغدومن أجل السلام ۔ ونسلم على من لقيناه۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہ حدیث اس سے زیادہ تفصیل کے ساتھ فصل ثالث میں عنقریب آئے گی۔ اس کے مناسب حال سادات نقشبندیہ میں سے ایک معمول تھا کہ وہ بازار میں بیٹھنے کو ترجیح دیتے تھے اور کہا کرتے تھے: "هذا خلوة الرجال" یہ مردوں کی خلوت ہے۔ اور شاید کہ اس کی وجہ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی ہو: ذاكر الله في الغافلين بمنزلة الصابر في الفارين۔ اور طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے ان دونوں نے یہ حدیث ابن مسعود سے نقل کی ہے۔ احمد، ترمذی، ابوداؤد اور حاکم کی ایک حدیث صحیح میں حضرت عمرؓ سے مروی ہے: أنه ﷺ: من دخل السوق فقال: "لا اله الا الله وحده لا شريك له، له الملك، وله الحمد، يحيي و يميت وهو حي لايموت، بيده الخير وهو على كل شيئ قدير"۔ كتب الله لج ألف ألف حسنة، و محئ عنه الف الف سيئة ورفع له ألف ألف درجة. اور شاید کہ اس کی حکمت یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر گھڑی اپنے بندوں کو نظر رحمت وعنایت سے دیکھتا ہے، پس جو غافل ہوتا ہے اس سے یہ فوت ہو جاتا ہے اور جو شاید حاضر ہو وہ اس کو پالیتا ہے، بلکہ وہ دوسرے کا حصہ بھی لے جاتا ہے اور شاید کہ یہی وجہ ہو جمعہ، جماعت اور مجالس ذکر میں شرکت کی ترغیب میں، چونکہ یہ بمنزلہ چنے ہوئے دسترخوان کے ہے جس پر بھانت بھانت کے مزے دار کھانے چنے ہوئے ہوں، پس جو اس دسترخوان پر حاضر ہوگا اور مشتاق ہوگا وہ اس سے اپنا حصہ پالے گا، اور جو اس دسترخوان سے غائب ہوگا، یا غافل ہوگا، یا مریض ہوگا کہ جس کو اشتہاء نہ تو وہ محروم رہ جائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: اس حدیث کو ابن ماجہ اور بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔

گھر والوں کو سلام کرو

۴۶۵۱: وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ بَيْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَهْلِهٖ وَاِذَا خَرَجْتُمْ فَاَوْدِعُوْا اَهْلَهٗ بِسَلَامٍ۔ (رواه البيهقى فى شعب الايمان مرسلا)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٤٤٧ الحديث رقم ٨٨٤٥۔

ترجمہ: حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم گھروں میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو اور جب تم گھر سے نکلو تو اپنے گھر والوں کو سلام کے ذریعے رخصت کرو۔ یہ روایت بیہقی سے شعب الایمان میں مرسلاً نقل کی ہے۔

تشریح: **قوله: عن قتادة** : قاف کے فتحہ کے ساتھ اکثر اہل مکہ اس کو قاف کے کسرہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ یہ جلیل القدر تابعی تھے۔

قوله: اذا دخلتم بيتا فسلموا على أهله:

ہمارے علماء میں سے ایک شارح کا کہنا کہ اگر گھر میں کوئی فرد نہ ہو تو مستحب یہ ہے کہ ''**السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين**'' کہے۔ اس مسئلہ کا ماخذ اس آیت کریمہ کا ظاہر ہے:

﴿فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ﴾ [النور: ٦١] ''جدا اور جب گھروں میں جایا کرو تو اپنے (گھر والوں کو) سلام کیا کرو (یہ) خدا کی طرف سے مبارک (اور) پاکیزہ (تحفہ) ہے اس طرح خدا اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو''۔

قوله: واذا خرجتم فأودعوا أهله بسلام:

''**اودعوا**'' **ايداع** سے ہے اور مشتق یہاں ''**ايداع**'' اصل میں ''**توديع**'' کے معنی میں ہے اور توديع ''**وداع**'' سے ماخوذ ہے۔ اس تفصیل کے بعد جاننا چاہیے کہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد گرامی کا مطلب یہ ہے: **فاتر كوهم مصحوبين بسلام**۔ کہ گھر سے باہر جاتے وقت اپنے اہل و عیال کو سلام کے ذریع وداع کہو۔ ہمارے بعض علماء کا کہنا ہے کہ اس سلام کا جواب مستحب ہے۔ چونکہ یہ دعاء اور وداع ہے اھ۔ شاید کہ اس کا ماخذ اللہ جل شانہ کا یہ فرمان ہے: ﴿**وإذا حييتم بتحية فحيوا بأحسن منها**﴾ [النساء: ٨٦] یہ سلام، سلام تحیہ نہیں ہے۔ چنانچہ یہ سلام آیت سے مستفاد وجوب کے تحت نہیں آتا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

امام طیبیؒ نے فرمایا: یہ ''**ايداع**'' سے مشتق ہے۔ **اى اجعلوا السلام وديعة عندهم**...... کہ اپنے اہل و عیال کے پاس سلام کو ودیعت و امانت رکھو، تاکہ تم لوٹ کر انکے پاس آؤ تو اپنی ودیعت کو واپس لو جیسا کہ امانتیں واپس لی جاتی ہیں۔ یہ بات گویا اس امر سے نیک شگون لینے کے مترادف ہے کہ گھر سے رخصت ہونے والا سلامتی کے ساتھ لوٹ کر آئے گا اور اس کو بار بار سلام کرنے کا موقع نصیب ہوگا۔

توضیح و تخریج: جمہور کے نزدیک مرسل کا حجت ہونا معروف ہے۔ حصن کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"من انتهى إلى مجلس فليسلم، فإن بدا له أن يجلس فليجلس، ثم إذا قام فليسلم۔"

اس حدیث کو ابوداؤد، ترمذی اور نسائی ان سب نے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ یہ حدیث آگے چل کر متن میں بہت تفصیل کے ساتھ آئے گی۔

گھر والوں کو سلام گھر کے لئے باعث برکت ہے

۴۶۵۲: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا بُنَيَّ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى اَهْلِكَ فَسَلِّمْ يَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٥٦ الحديث رقم ٢٦٩٨۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بیٹے! جب تم گھر والوں سے ملو تو تم اس کو سلام کرو۔ یہ تیرے اور تیرے گھر والوں کے لئے باعث برکت ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: بنی: تصغیر کے ساتھ ہے۔ یاء مشددہ مکسور ہے، اس کو اس کو مفتوح پڑھنا بھی درست ہے۔

یکون برکة: جملہ مستانفہ ہے علت کے معنی کو متضمن ہے۔ أی فانه یکون ای السلام۔

ایک نسخہ میں "رواه الترمذی" کے بعد "هذا حديث حسن غريب" کے الفاظ بھی ہیں۔

سلام کلام سے پہلے ہے

۴۶۵۳: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ۔

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٥٦ الحديث رقم ٢٦٩٩۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سلام کلام سے پہلے ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے اس روایت کو منکر قرار دیا۔

تشریح: قوله: السلام قبل الكلام: سلام، تحیۃ المسجد کی طرح ہے کہ جیسے "تحیۃ المسجد" بیٹھنے سے پہلے ادا کی جاتی ہے اسی طرح سلام بھی کلام سے پہلے کیا جاتا ہے' اگر ابتداء بالکلام کی تو سنت فوت جائے گی۔ قضاعی حضرت انسؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

"السلام تحية لملتنا وأمان لذمتنا۔"

قوله: هذا حديث منكر:

یہ روایت صحت معنی کے اعتبار سے معروف ہے جیسا کہ ہم اس کی یقین دہانی کرا چکے ہیں۔

حدیث منکر کی تعریف یہ ہے: المنكر من الحديث ما يكون راوٍ من رواة سنده بعيدا عن الضبط جدا۔

امام توربشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں چونکہ اس ~~کا مدار عنبسہ~~ بن عبدالرحمٰن پر ہے اور وہ بہت ہی ضعیف ہیں' مزید یہ کہ انہوں نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث کو محمد بن زاذان سے نقل کیا ہے اور وہ منکر الحدیث ہیں۔ یہی معاملہ ان کی اس دوسری حدیث کا ہے: إذا كتب أحدكم كتابا فليتربه۔ اس حدیث کی ساری خرابی کا مدار حمزہ بن عمرو مصیبنی پر ہے۔ چونکہ انہوں نے یہ حدیث عن أبی الزبیر عن جابر نقل کی ہے۔ اس سے متصل یہ حدیث بھی اسی طرح ہے: ضع القلم على أذنك۔ اس حدیث کا مدار بھی عنبسہ بن عمران اور محمد بن زاذان پر ہے۔

میں کہتا ہوں پہلی حدیث امام سیوطیؒ نے الجامع میں ذکر کی ہے اور کہا ہے کہ اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے جابر سے نقل کیا ہے اور پھر فرمایا: ابو یعلیٰ نے اپنی مسند میں اس حدیث کو ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

السلام قبل الكلام، ولا تدعوا أحدا إلى الطعام حتى يسلّم۔

ابن النجاری نے اس حدیث کو حضرت عمرؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

السلام قبل السؤال فمن بدأكم بالسؤال قبل السلام فلا تجيبوه۔

طبرانی نے ''الاوسط'' میں، اور ابو نعیم نے '' الحلية '' میں ابن عمر سے مرفوعاً نقل کیا ہے: من بدأ بالكلام قبل السلام فلا تجيبوه۔

جاہلیت کے سلام کی ممانعت

۴۶۵۴: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ نَقُوْلُ اَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا وَاَنْعِمْ صَبَاحًا فَلَمَّا كَانَ الْاِسْلَامُ نُهِيْنَا عَنْ ذٰلِكَ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ۵/۳۹۷ الحديث رقم ۵۲۳۱۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ ہم جاہلیت کے زمانے میں یہ سلام کیا کرتے تھے: اَنْعِمْ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا وَاَنْعَمْ صَبَاحًا۔ جب اسلام آیا تو اس نے اس بات سے روک دیا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: أنعم الله بك عينا: ایک نسخہ میں ''انعم'' ہمزہ وصلی اور عین کے فتحہ کے ساتھ ہے

''أنعم'' ہمزہ قطعی اور عین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''النعم'' نون کے ضمہ کے ساتھ' یہ ''البؤس'' کی ضد ہے۔ نعم الشيئ نعومة' ازباب کرم' بمعنی صارناعما لينا ' کہا جاتا ہے: أنعم الله عليك' یہ ''النعمة'' سے ماخوذ ہے اور انعم صاحک' یہ ''النعومة'' سے ماخوذ ہے' اور کہا جاتا ہے: أنعم الله بك عينا أي اقر الله عينك بما تحبه من النعمة أو بمن تحبه' اور اسی طرح ''نعم الله ربك عينا'' ہے۔ (مؤخر الذکر دونوں مثالوں میں) باء زائدہ ہے' تعدیہ کی تاکید کے لئے ہے۔ اور ''عینا'' مفعول کی تمیز ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ ''انعم الرجل'' بمعنی ''دخل فی النعیم'' سے ماخوذ ہو' اس صورت میں باء برائے تعدیہ ہوگا اور بعض کا کہنا ہے کہ باء برائے سببیت ہے۔ ای انعم الله بسببك عينا ای عين من يحبك۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: احتمال ہے کہ باء سببیہ ہو' ''عینا'' مفعول ہو' ''انعم'' کا' اور تنوین برائے تفخیم ہو' أی انعم الله بسببك عينا و أی عين 'عين من يحبك' اس صورت میں یہ کنایہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب النہایۃ حدیث مطرف میں لکھتے ہیں: لاتقل: نعم اللہ بک عینا فان اللہ لا ینعم بأحدعینا 'بل قل انعم اللہ بک عینا۔

زمخشری فرماتے ہیں کہ جس کلام سے مطرف نے منع فرمایا ہے وہ کلام صحیح وفصیح ہے کلام عرب کی رو سے اور ''عینا'' کاف ضمیر کی تمیز ہونے کی بناء پر منصوب ہے' اور باء برائے تعدیہ اس کا معنی ہے ''نعمک اللہ عینا'' ای ''نعم اللہ عینک وأقرھا۔ کبھی حرف جر کو حذف کر کے فعل کو براہ راست متعدی کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں: نعمک اللہ عینا ۔ ''اللہ انعم بک'' میں باء زائدہ ہے' چونکہ تعدیہ کے لئے ہمزہ کافی ہے۔ آپ کہتے ہیں: نعم زید عینا وأنعمہ اللہ عینا اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''انعم'' بمعنی ''دخل فی النعیم'' سے ماخوذ ہو۔ اس صورت میں باء کے ساتھ متعدی ہوگا۔ فرماتے ہیں مطرف کو شاید یہ خیال گذرا کہ اس کلام میں یہ تمیز فاعل کی ہے' چنانچہ انہوں نے اس بات کو بڑا جانا کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ کو جو اس سے متصف مانا جائے۔ جیسا کہتے ہیں نعمت بھذالا حرعینا اور برائے تعدیہ ہے' اور بس'' نعم اللہ بک عینا'' میں بھی معاملہ اسی طرح ہے۔

صباحا: ترکیبی اعتبار سے تمیز ہے یا ظرف ہے' ای طاب عیشک فی الصباح ہمارے علماء میں سے ایک شارح کا کہنا ہے کہ اس کا معنی ''طاب عیشک فی الصباح'' بیان کیا گیا ہے' (یہ درست نہیں' بلکہ صحیح معنی یہ ہیں) أطاب اللہ عیشک فی الصباح ۔ یا یہ فاعل کی تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

قولہ: فلما کان الاسلام نھینا عن ذلک:

''کان'' تامہ ہے' اور ''ذلک'' کا مشارالیہ وہ کلمات واقوال ہیں جو ابتداء میں سلام کی جگہ بولے جاتے تھے۔ ای فلما وجد ووقع احکام الاسلام علی وجہ الاحکام نھینا عماذکر من الاقول ابتداء بوضعھا موضیع السلام۔ ہاں اگر پہلے سلام کیا جائے اور پھر اس قسم کے مذکورہ کلمات بولے جائے تو اس میں شرعاً کوئی محذور نہیں ہے۔

صبح کے وقت کی تخصیص:

لہٰذا سبب یہ ہے کہ (اُس زمانے میں) غارت گری اور ناپسندیدہ واقعات (کی ابتداء عام طور پر) صبح ہی کے وقت ہوتی تھی۔

دوسرا سبب یہ کہ سارا کلام ہی اسی بارے میں ہے۔ ہمارے زمانے میں عام لوگوں کی زبانوں پر اس قسم کا کلام ہوتا ہے، بالفاظ دیگر یہ کلام عرف کے مطابق ہے۔ مثلاً صبحکم بالخیر ومساکم بالکرامۃ، وأسعد اللہ مقیلکم، وغیرہ۔

عنہ بظاہر اس صورت میں یہ منصوب نزع الخافض ہے۔

دوسرے کے سلام کا جواب کیونکر......؟

۴۶۵۵: وَعَنْ غَالِبٍ قَالَ اِنَّا لَجُلُوْسٌ بِبَابِ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ قَالَ بَعَثَنِیْ اَبِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِئْتِہٖ فَاَقْرِئْہُ السَّلَامَ قَالَ فَاَتَیْتُہٗ فَقُلْتُ اَبِیْ یُقْرِئُکَ السَّلَامَ فَقَالَ عَلَیْکَ وَعَلٰی اَبِیْکَ السَّلَامُ۔ (رواہ ابوداؤد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/٣٩٩ الحديث رقم ٥٢٢٧، وأحمد في المسند ٥/٣٦٦۔

ترجمه: حضرت غالب کہتے ہیں کہ ہم حسن بصری کے دروازے پر بیٹھے تھے۔ کہ ایک شخص اچانک آیا اور آ کر کہنے لگے مجھ سے میرے والد اور انہوں نے میرے دادا سے بیان کیا کہ مجھے میرے والد نے جناب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بھیجا اور مجھے یہ کہا کہ تم حضور کی خدمت میں جاؤ اور آپ سے سلام عرض کرو۔ میرے والد کہتے ہیں کہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا میرے والد نے آپ کو سلام کہا ہے۔ تو آپ نے فرمایا تم پر تمہارے والد پر سلام ہو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: آته: أتى يأتى سے امر کا صیغہ ہے۔

لجلوس: لام تاکید کا ہے اور ''جلوس'' جالس کی جمع ہے۔

فأقرئه السلام: اور ایک نسخہ میں ''فاقرأه السلام'' ہے۔

فقلت: أبي يقريك: اور ایک نسخہ میں ''يقرؤك'' ہے۔

تخریج: حصن کی روایت میں یہ ہے: وإذا بلغ سلا ما فليقل: وعليه السلام ورحمة الله وبركاته۔

اس حدیث کو حضرت عائشہؓ سے ایک جماعت نے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ حضرت انسؓ سے مروی نسائی کی ایک حدیث میں ''وعليك وعليه السلام'' کے الفاظ آئے ہیں۔

خط کی ابتدا کا طریقہ

۴۶۵۶: وَعَنْ اَبِی الْعَلَاءِ الْحَضْرَمِیِّ كَانَ عَامِلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَيْهِ بَدَاءَ بِنَفْسِهٖ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/٣٤٨ الحديث رقم ٥١٣٤۔

ترجمه: حضرت ابوالعلاءؓ کہتے ہیں کہ حضرت علاء حضرمی جناب رسول اللہ ﷺ کی طرف سے عامل مقرر ہوئے۔ جب وہ آپ کی خدمت میں خط لکھتے تو خط کی ابتداء اپنی ذات سے کرتے۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: عن أبي العلا: ایک نسخہ میں۔ مصابیح کے بعض نسخوں کے مطابق ''وعن أبي العلاء'' ہے۔

قوله: ان العلاء الخضرى: ایک نسخہ میں ''ان العلاء بن الخضرمی'' ہے ''حضرمی'': حضرت موت کی طرف منسوب ہے۔

قوله: كان اذا كتب اليه بدأ بنفسه: اپنی طرف سے شروع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ابتداء ان الفاظ سے کرتے تھے: من العلاء الحضرمي إلى رسول الله ﷺ، پھر سلام لکھتے تھے۔ حضرت علاء حضرمی خط لکھنے کا یہ طریقہ درحقیقت آنحضرت ﷺ کی اقتداء میں اختیار کرتے ہیں، چونکہ آنحضرت ﷺ کے خطوط کی ابتداء اسی طرح ہوتی تھی۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے حضرت معاذؓ کو ان کے بیٹے کی تعزیت میں جو خط بھیجا تھا اس کے ابتدائی الفاظ یوں تھے:

بسم الله الرحمٰن الرحيم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من محمد رسول الله إلى معاذ بن جبل سلام عليك فإني أحمد اليك الله الذی لا اله الاهو، أما بعد......۔

اس حدیث کو حاکم وغیرہ نے نقل کیا ہے۔ خط لکھنے کا یہ طریقہ بظاہر اس آیت کریمہ سے ماخوذ ہے: ﴿**انه من سليمان و انه بسم الله الرحمٰن الرحيم**......﴾ [النمل: ۳۰] اور یہ بات مخفی نہیں کہ واؤ مطلق جمع کے لئے ہے۔"**من سليمان**" عنوان کی جگہ ہے۔ واللہ اعلم۔

مظہرؒ کہتے ہیں کہ علاء حضرمی کی جانب سے حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں لکھے جانے والے خطوط اس طرز کے ہوتے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے بھی اس انداز سے خط لکھنے کا حکم دیا کہ مثلاً

هذا من رسول الله إلى عظيم البحرين۔

حدیث کی ترجمۃ الباب سے مناسبت:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو اس باب میں اس لئے نقل کیا گیا کہ یہ حدیث سلام کے مقدمہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ جیسا کہ خط لکھنے کے اس طریقے سے پتہ چلتا ہے جو خط آنحضرت ﷺ نے ہرقل کو لکھا تھا: **من محمد عبد الله ورسوله إلى هرقل عظيم الروم، سلام على من اتبع الهدى**۔ (اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خط کے ابتدائی حصہ میں سلام مذکور ہوتا تھا)۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانیؒ نے کبیر میں سند حسن کے ساتھ، نعمان بن بشیر سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً نقل کیا ہے:

((إذا كتب أحدكم إلى أحد فليبدأ بنفسه))۔

خط پر مٹی ڈالنا

۴۶۵۷: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ اِذَا كَتَبَ اَحَدُكُمْ كِتَابًا فَلْيُتَرِّبْهُ فَاِنَّهٗ اَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ۔

(رواه الترمذی وقال حديث منكر)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٦٣ الحديث رقم ٢٧١٣، وابن ماجه فی ٢/١٢٤٠ الحديث رقم ٣٧٧٤۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جب تم کوئی خط لکھو۔ تو چاہیے کہ خط لکھنے کے بعد اس پر مٹی ڈالدو۔ کیونکہ یہ چیز حاجت براری کے لئے بہت زیادہ مفید ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور انہوں نے کہا۔ یہ حدیث منکر ہے۔

تشریح: **قوله: اذا كتب أحد كم كتابا:** یہاں "کتاب" بمعنی "مکتوب" ہے۔ **أی مكتوبا للارسال**

فليتربه: راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔

"**انجح**": اور پھر حاء ہے۔ بمعنی **أيسرو أقضى** اور امام طیبیؒ لکھتے ہیں: **أی يسقطه على التراب حتى يصير أقرب الى المقصود**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خط کو خاک آلود کرنے کی حکمت:

اہل تحقیق کا کہنا ہے کہ ایسا کرنا اس بات کا اظہار ہے کہ اپنی حاجت برآری کیلئے کاتب کا حقیقی اعتماد اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ حقیقی معنی مراد ہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس کی تائید اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے جسے امام غزالیؒ نے منہاج العابدین میں نقل کیا ہے۔ ایک شخص کسی کرایہ کے مکان میں رہائش پذیر تھا، اس نے ایک خط لکھا پھر جب اس نے یہ چاہا کہ مکان کی دیوار سے تھوڑی سی مٹی لے کر خط پر ڈال دے تو اس کو خیال آیا کہ یہ مکان تو کرایہ کا ہے (لہٰذا اس مکان کی دیوار سے مٹی لے کر خط پر چھڑکنا مناسب نہیں ہوگا) پھر معاً دل میں یہ خیال گزرا کہ اس میں کیا مضائقہ ہے؟ چنانچہ اس نے مٹی لے کر اس پرچہ پر ڈال دی۔ اس کے بعد اس نے غیب سے یہ آواز سنی کہ کوئی کہہ رہا ہے ''اس مٹی کو معمولی اور حلال جاننے والے جلد ہی اس چیز کے طویل حساب کے معاملہ کو جان لے گا۔''

مظہرؒ کا کہنا ہے کہ مجازی معنی مراد ہیں کہ مخاطب کو غایت تواضع کے ساتھ مخاطب کرے۔'' فلیتربه'' سے تواضع فی الخطاب میں مبالغہ مراد ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات ہمارے زمانے کے عرف کے عین مطابق ہے۔ خصوصاً ارباب دنیا و جاہ کے ہاں۔ اگرچہ اس معنی کے مأخذ میں اور مبنیٰ میں بہت ہی بعد ہے: علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ کے اس اسلوب کے خلاف ہے جو اسلوب آپ ﷺ بادشاہوں اور اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو خط لکھنے میں اختیار فرماتے تھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اسنادی حیثیت: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے منکر ہونے کی وجہ بتائی ہے' جیسا کہ ماقبل میں گذر چکی ہے

عرض مرتب: تفصیل جاننے کیلئے ملاحظہ فرمائیے: ۴۶۵۳۔ (انتہی)

بظاہر یہ حدیث صرف راویوں کے اعتبار سے منکر ہے۔ وگرنہ اس کے معنی میں کوئی کلام نہیں ہے۔ چنانچہ امام طبرانی نے اوسط میں حضرت ابوالدرداء سے یہ روایت مرفوعاً نقل کی ہے:

''إذا كتب أحدكم إلى انسان فليبدأ بنفسه، وإذا كتب فليترب كتابه فهوأ نجح۔''

''جب تم میں سے کوئی شخص کسی آدمی کو خط لکھے تو چاہئے کہ اس کو اپنے نام سے شروع کرے اور جب خط لکھ لے تو اس پر مٹی چھڑک دے چونکہ یہ چیز حاجت برآری کے لئے بہت کارآمد ہے''۔

قلم کان پر

۴۶۵۸: وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ كَاتِبٌ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ ضَعِ الْقَلَمَ عَلٰى اُذُنِكَ فَإِنَّهُ اَذْكَرُ لِلْمَالِ۔

(رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب وفی اسناده ضعف)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٦٣ الحديث رقم ٢٧١٤۔

ترجمہ: حضرت زید بن ثابت سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ ﷺ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سامنے ایک لکھنے والا بیٹھا ہوا تھا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اپنا قلم کان پر رکھو کیونکہ یہ مطلب کو زیادہ یاد دلانے والا ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور اس کی سند کمزور ہے۔

تشریح: **أذنك**: ذال کے ضمہ اور سکون کے ساتھ' دونوں طرح درست ہے۔

أذكر: اسم تفصیل کا صیغہ ہے۔

''**ضع القلم علی أذنك**'': اور ایک نسخہ میں **علی " أذنيك "** ہے۔ مصابیح کے نسخوں میں بھی یوں ہی ہے۔ تورپشتیؒ کے حوالہ سے یہ بات گزر چکی ہے کہ تثنیہ کے صیغہ کے ساتھ خطا ہے، اور مفرد کے صیغہ کے ساتھ صحیح ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں درایت کے اعتبار سے تو دونوں ٹھیک ہیں، البتہ روایت کے اعتبار سے بصیغہ مفرد ہی صحیح ہے۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ قرب صوری مقصود معنوی میں تاثیر رکھتی ہے۔

اسنادی حیثیت: یہ حدیث اپنے بعض راویوں کے سبب سے ضعیف ہے۔ سبب ضعف امام تورپشتیؒ کے حوالہ سے ماقبل میں گزر چکا ہے۔ (ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۶۵۳)

البتہ اس حدیث کے مضمون کی تائید ابن عساکر کی روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو انہوں نے حضرت انسؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

إذا كتبت فضع قلمك علی أذنك، فإنه أذكر لك۔

''جب تم لکھو تو قلم کو اپنے کان پر رکھ لیا کرو، چونکہ قلم کو کان پر رکھنا زیادہ یاد کرانے والا ہے''۔

اسی طرح جامع صغیر میں حضرت زید بن ثابتؓ سے بطریق مرفوع، ترمذی شریف کی یہ روایت منقول ہے:

ضع القلم علی أذنك، فإنه أذكر للمملی۔

میں کہتا ہوں حدیث کے یہی الفاظ صحیح ہیں۔ دوسری روایت میں موجود لفظ ''مآل'' تصحیف ہے جو اصل میں ''مقال'' تھا۔ اس کی تائید ''**أذكر لك**'' کے الفاظ سے بھی ہوتی ہے۔

زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کا پندرہ روز میں عبرانی پر عبور

۴۶۵۹: وَعَنْهُ قَالَ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ السُّرْيَانِيَّةَ وَفِیْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ اَمَرَنِیْ اَنْ اَتَعَلَّمَ كِتَابَ يَهُوْدَ وَقَالَ اِنِّیْ مَا اٰمَنُ يَهُوْدَ عَلٰی كِتَابٍ قَالَ فَمَا مَرَّبِیْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰی تَعَلَّمْتُ فَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلٰی يَهُوْدَ كَتَبْتُ وَاِذَا كَتَبُوْا اِلَيْهِ قَرَاْتُ لَهٗ كِتَابَهُمْ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذي في السنن ٥/ ٦٤ الحديث رقم ٢٧١٥۔

ترجمہ: حضرت زید بن ثابتؓ سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مجھے حکم فرمایا کہ میں سریانی زبان سیکھ لوں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں یہود کا خط سیکھ لوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کتابت کے سلسلے میں مجھے یہود پر اعتماد نہیں۔ زید کہتے ہیں کہ مجھے آدھا مہینہ بھی نہیں گزرا تھا کہ میں نے وہ خط سیکھ لیا جب آپ نے یہود کی طرف خط لکھنا ہوتا تو وہ خط میں لکھتا اور جب اس خط کا جواب آتا تو میں آپ کو وہ پڑھ کر سناتا۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: أمرني رسول الله ﷺ أن أتعلم السر يانيه وفي رواية۔۔۔ كتاب يهود:: یہاں ''کتاب'' بمعنی ''کتابة'' ہے اور دونوں روایات کا حاصل ایک ہی ہے

السريانية: سین کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ سریانی یہودیوں کی زبان ہے۔

قوله: قال: إني ما آمن: ہمزہ کے مدّ اور میم کے فتحہ کے ساتھ، مضارع کا واحد متکلم کا صیغہ ہے۔

أمن، خوف کا متضاد ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: '' أمن'' سیاقِ نفی میں '' علیٰ '' کے صلہ کے ساتھ، ''خوف'' کے معنی میں مستعمل ہے۔ گویا'' ما آمن'' أخاف کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے قصہ میں ہے کہ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنے والد یعقوب علیہ السلام سے کہا: ﴿مالك لا تأمنّا علي يوسف﴾[یوسف:] ۔اھ۔ اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ معنی اس وقت درست ہوں گے کہ جب حرفِ نفی کا دخول صیغہ پر ہوا ہو۔

زیادہ ظاہر بات یہ ہے کہ'' امن'' بغیر نفی کے بھی ''علیٰ'' کے ساتھ مستعمل ہے' جیسا کہ یعقوب علیہ السلام کا یہ فرمان: ﴿هل آمنكم عليه إلا كما أمنتكم علي أخيه من قبل......﴾[یوسف] نیز ابن ماجہ میں مروی فضالہ بن عبید کی حدیث میں بھی اس طرح آیا ہے: المؤمن من امنه الناس علي أموالهم۔

وإذا كتبوا إليه قرأت له: ایک نسخہ میں ''له'' کے بجائے ''عليه '' ہے۔ اس صورت میں یہ بمعنی ''عند'' ہوگا۔

إني ما آمن يهود علي كتاب کا مطلب:

مظہرؒ فرماتے ہیں یعنی مجھے یہودیوں کے لکھنے پڑھنے پر اطمینان نہیں ہے، اندیشہ رہتا ہے کہ کمی زیادتی نہ کردیں۔ مجھے اس بات کا خطرہ لگا رہتا ہے کہ اگر یہودیوں کے نام اپنا کوئی خط کسی یہودی سے لکھواؤں تو وہ اس میں اپنی طرف سے کچھ کمی بیشی نہ کردے، اسی طرح اگر یہودیوں کی طرف سے میرے پاس کوئی خط آئے اور میں اس کو کسی یہودی سے پڑھواؤں تو وہ اس میں اپنی طرف سے کم یا زیادہ کرکے نہ پڑھ دے۔

زبان سیکھنے کا حکم شرعی:

مظہر کے کلام کے ذیل میں امام طیبیؒ لکھتے ہیں:

یہاں معنوی اعتبار سے کچھ عبارت مقدر ہے: أی مامرّبی نصف من الشهر في التعلم حتي كمل تعلمي کہا گیا ہے کہ ''اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنے بچاؤ کی خاطر اور شر سے حفاظت کی خاطر ایسی چیز کا سیکھنا بھی جائز ہے جو ہماری شریعت میں ناجائز ہے''۔ حالانکہ یہ بات واضح نہیں ہے، چونکہ مختلف زبانوں سُریانی، عبرانی، ہندی، ترکی فارسی وغیرہ سیکھنے کی حرمت ہماری شریعت میں معروف نہیں۔ جبکہ دوسری طرف ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ومن آياته خلق السموات والأرض واختلاف ألسنتكم﴾ [الروم:۔۲۲] '' السنة'' کی تفسیر'' لغات ''کے ساتھ کی گئی ہے۔ بلکہ یہ بھی مباحات میں سے ہے۔ کسی فائدہ کی غرض سے غیر مسلموں کی زبان سیکھنا نا صرف جائز ہے بلکہ مستحب ہے جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاں کسی دوسری زبان کا بلاضرورت سیکھنا اگر چہ فی الجملہ مباح ہے مگر لا یعنی اور لغو کام ہے اور ارباب کمال کے نزدیک فعل مذموم ہے۔الّا یہ کہ اس پر کوئی فائدہ مرتب ہوتا ہو تو اس وقت یہ مستحب ہوگا' جیسا کہ حدیث سے مستفاد ہو رہا ہے۔

قوله: فكان اذا كتب الى يهود: یہاں ''کتب'' سے مراد یہ ہے کہ جب آپ ﷺ یہودیوں کو خط لکھنے کا ارادہ فرماتے' یا مطلب یہ ہے کہ جب یہودیوں کی طرف خط لکھنے کا حکم فرماتے۔قوله: واذا كتبوا اليه قرأت له: اَی لأ جله اور ایک نسخہ میں (''لہ'' کے بجائے) ''علیہ''۔ای عندہ ﷺ اور ''کتاب'' بمعنی ''مکتوب'' ہے۔

مجلس میں آتے جاتے سلام

۴۶۶۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَهٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى مَجْلِسٍ فَلْيُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يَّجْلِسَ فَلْيَجْلِسْ ثُمَّ فَاِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ فَلَيْسَتِ الْاُوْلٰى بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ۔

(رواه الترمذی وابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٣٨٦ الحديث رقم ٥٢٠٨، والترمذی فی ٥/٦٠ الحديث رقم ٢٧٠٦، وأحمد فی المسند ٢/٢٣٠۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص کسی مجلس میں پہنچے تو پہلے وہ سلام کرے پھر مناسب سمجھے تو وہ بیٹھ جائے جب وہ کھڑا ہو یعنی لوٹنے لگے تو سلام کرے کیونکہ پہلا سلام کرنا دوسرے سلام کرنے سے زیادہ بہتر نہیں ہے۔یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: اس جملہ کی شرح دو طرح سے کی گئی ہے۔پہلا اسلام دوسرے سلام سے زیادہ حق دار نہیں ہے' دونوں سلام برحق ہیں اور ایسی سنت ہیں جو حسن معاشرت اور مکارم اخلاق کی نشانی ہے چونکہ جب کوئی شخص خاموشی کے ساتھ مجلس میں واپس لوٹتا ہے تو اہل مجلس بعض مرتبہ اس سے تشویش میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آخری سلام پہلے سلام سے اولیٰ ہے' چونکہ اس کے ترک میں بعض مرتبہ تسامح ہو جاتا ہے بخلاف دوسرے کے' کہ اس میں تسامح نہیں ہوتا خصوصاً جب کہ اہل مجلس بھی مختصر ہوں۔اور پھر جب کہ سلام لقاء اہل مجلس کے حق میں دعائے سلامتی ہے اور خیر کی خبر ہے اسی طرح سلام مفارقت بھی ہے۔غرض یہ ہے کہ سلامتی کی ضرورت تو ہر وقت ہے لقاء کے وقت بھی، مفارقت کے وقت بھی اور مفارقت کے بعد بھی۔اس حدیث میں ایسی کوئی بات نہیں ہے جو دوسرے سلام کے جواب پر دلالت کرتی ہو نفیاً یا اثباتاً۔(یعنی ایسی کوچیز اس حدیث میں نہیں ہے کہ جو اس کے وجوب کی نفی یا اثبات کرتی ہو۔) سلام ثانی کے جواب کے عدم وجوب کی تصریح ہم ماقبل میں اپنے بعض ائمہ کے حوالہ لے کر چکے ہیں۔اور ہم نے وہاں اس کی توجیہ بھی بیان کردی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

امام نوویؒ فرماتے ہیں اس حدیث کا ظاہر دلالت کر رہا ہے کہ جب کوئی شخص کسی مجلس سے واپس جانے کا ارادہ کرے تو اہل مجلس پر اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے۔قاضی حسین اور ابومتولی کا کہنا ہے کہ سلام مفارقت ایک دعا ہے، اس کا جواب، واجب نہیں ہے بلکہ مستحب ہے۔چونکہ تحیہ لقاء کے وقت ہوتا ہے نہ کہ واپسی پر' شاشیؒ اس کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سلام مفارقت بھی سلام لقاء کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح مسنون ہے اور سلام مفارقت کا جواب سلام لقاء کی طرح واجب ہے۔ اور یہی بات صحیح ہے اھ۔ تحقیقی بات وہی ہے جو ان حضرت (یعنی قاضی حسین اور ابو متولی) نے کہی ہے جو دقیق فرق کو واضح کر رہی ہے۔

تخریج: وكذا أحمد وابن حباب والحاكم

کسی کا بوجھ اُٹھوانا بھی راستہ کا حق ہے

۴۶۶۱: وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا خَيْرَفِيْ جُلُوْسٍ فِي الطُّرُقَاتِ اِلَّا لِمَنْ هَدَى السَّبِيْلَ وَرَدَّ التَّحِيَّةَ وَغَضَّ الْبَصَرَ وَاَعَانَ عَلَى الْحُمُوْلَةِ۔

(رواه في شرح السنة وذكر حديث ابى جرى في باب فضل الصدقة شرح السنة)

أخرجه البغوى في شرح السنة ۱۲/ ۳۰۵ الحديث رقم ۳۳۳۹۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں میں بیٹھنا مناسب نہیں ہے۔ سوائے اس شخص کے جو راستہ بتلائے۔ سلام کا جواب دے نگاہ کو نیچا رکھے اور بوجھ اٹھانے والے کا بوجھ اٹھوائے۔ اس روایت شرح السنۃ نے روایت کیا ہے اور ابی جیری کی روایت باب فضل الصدقہ میں نقل کر دی گئی ہے۔

تشریح: حمولة: حاء کے ضمہ کے ساتھ "حمل" (حاء کے کسرہ کے ساتھ بمعنی "بوجھ" کی) جمع ہے۔
مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں "حمولة" حاء کے فتحہ کے ساتھ ہے، شارحین کا کہنا کہ "حمولة"۔ بفتح الحاء۔ اس جانور کو کہتے ہیں جس پر بوجھ لادا جائے۔ اللہ جل شانہ کے اس فرمان: ﴿ومن الانعام حمولة وفرشا﴾ [الانعام: ۱٤۲] میں یہ اسی معنی میں ہے۔
عرض مرتب: اس حدیث کی مزید تشریح حدیث: ۴۶۴۰، ۴۶۶۱، ۴۶۴۲، ۴۶۴۳ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: وذكر حديث ابى جرى في باب فضل الصدقة:

أبي جرى کی حدیث:

مصنف علیہ الرحمہ نے اُبی جری کی جس حدیث کا حوالہ دیا ہے یہ حدیث بہت طویل ہے، متعدد فوائد پر مشتمل ہے، لیکن اس میں صدقے کے بارے میں سرے سے کوئی بھی بات موجود نہیں ہے۔ البتہ اس حدیث کا ابتدائی حصہ ہمارے اس باب کے انتہائی مناسب ہے۔

حدیث ابی جری کا ابتدائی حصّہ یوں ہے:

أتيت المدينة فرأيت رجلا يصدر الناس عن رأيه، لا يقول شيئاً إلا صدروا عنه، قلت: من هذا؟ قالوا: هذا رسول الله ﷺ، فقلت: عليك السلام يا رسول الله مرتين، فقال: لا تقل عليك السلام، فإن ذلك تحية الموتى، قل السلام عليك۔ الخ

ہم اس حدیث پر تحقیقی کلام ماقبل میں کر چکے ہیں اگر وہ کلام دیکھنا چاہیں تو وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

آدم علیہ السلام کا فرشتوں کو سلام

۴۶۶۲: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِیْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ یٰاٰدَمُ اِذْهَبْ اِلٰى اُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ اِلٰى مَلَاٍ مِّنْهُمْ جُلُوْسٍ فَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ قَالُوْا عَلَیْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى رَبِّهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ تَحِیَّتُكَ وَتَحِیَّةُ بَنِیْكَ بَیْنَهُمْ فَقَالَ لَهُ اللّٰهُ وَیَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ اخْتَرْ اَیَّتَهُمَا شِئْتَ فَقَالَ اخْتَرْتُ یَمِیْنَ رَبِّیْ وَكِلْتَا یَدَیْ رَبِّیْ یَمِیْنٌ مُّبَارَكَةٌ ثُمَّ بَسَطَهَا فَاِذَا فِیْهَا اٰدَمُ وَذُرِّیَّتُهٗ فَقَالَ اَیْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ قَالَ ذُرِّیَّتُكَ فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَكْتُوْبٌ عُمْرُهٗ بَیْنَ عَیْنَیْهِ فَاِذَا فِیْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَءُ هُمْ اَوْمِنْ اَضْوَئِهِمْ قَالَ یَارَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا ابْنُكَ دَاوٗدُ وَقَدْ كَتَبْتُ لَهٗ عُمْرَهٗ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً قَالَ یَارَبِّ زِدْ فِیْ عُمْرِهٖ قَالَ ذٰلِكَ الَّذِیْ كَتَبْتُ لَهٗ قَالَ اَیْ رَبِّ فَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ لَهٗ مِنْ عُمْرِیْ سِتِّیْنَ سَنَةً قَالَ اَنْتَ وَذَاكَ قَالَ ثُمَّ سَكَنَ الْجَنَّةَ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا وَكَانَ اٰدَمُ یَعُدُّ لِنَفْسِهٖ فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ قَالَ لَهٗ اٰدَمُ قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِیْ اَلْفُ سَنَةٍ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوٗدَ سِتِّیْنَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّیَّتُهٗ وَنَسِیَ فَنَسِیَتْ ذُرِّیَّتُهٗ قَالَ فَمِنْ یَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٤٢٢ الحدیث رقم ٣٣٦٨۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو بنایا اور ان میں روح ڈالی تو ان کو چھینک آئی۔ جس پر انہوں نے الحمدللہ کہا۔ تو آدم علیہ السلام نے اللہ کی اجازت وتوفیق سے ان کی تعریف کی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا۔ (یرحمک اللہ) یعنی تم پر اللہ کی رحمتیں اتریں۔ پھر اللہ نے فرمایا: اے آدم فرشتوں کی اس جماعت کے پاس جاؤ جو وہاں بیٹھی ہے اور انہیں کہو۔ السلام علیکم۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام ان فرشتوں کے پاس گئے اور ان کو سلام کیا تو فرشتوں نے جواب میں کہا تم پر اللہ کا سلام اور اس کی رحمت ہو۔ پھر آدم علیہ السلام اپنی جگہ کی طرف لوٹ آئے۔ تو اللہ نے ان سے فرمایا یہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام ہے۔ جو کہ آپس میں ایک دوسرے کو دو گے۔ پھر اللہ پاک نے فرمایا جب کہ آدم علیہ السلام کے دونوں ہاتھ بند تھے کہ ان دونوں ہاتھوں میں سے جس کو چاہو پسند کرلو۔ تو آدم علیہ السلام نے کہا کہ میں نے اپنے پروردگار کے داہنے ہاتھ کو پسند کرلیا اور میرے پروردگار کے دونوں ہاتھ بابرکت ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس ہاتھ کو کھولا تو آدم علیہ السلام نے دیکھا کہ اس میں آدم علیہ السلام اور اولاد آدم علیہ السلام کی صورتیں ہیں۔ انہوں نے پوچھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے پروردگار یہ کون ہیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ تمہاری اولاد ہے۔حضرت آدم علیہ السلام نے یہ بھی دیکھا کہ ہر انسان کی عمر اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھی ہوئی ہے۔پھر ان کی نگاہ ایسے انسان پر پڑی جو سب سے زیادہ روشن تھا یا بہت روشنی والے لوگوں میں سے ایک تھا۔حضرت آدم علیہ السلام نے پوچھا اے میرے پروردگار! یہ کون ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ تمہارا بیٹا داؤد ہے اور میں نے اس کی عمر چالیس سال لکھی ہے۔حضرت آدم علیہ السلام سے عرض کیا اے پروردگار اس کی عمر میں اضافہ فرمادے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ چیز میں اس کے حق میں لکھ چکا ہوں۔حضرت آدم علیہ السلام سے عرض کیا یا اللہ اگر اس کی عمر لکھی جاچکی ہے تو میں اپنی عمر کے ساٹھ سال اس کو دیتا ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم جانو اور تمہارا کام جناب رسول اللہ نے فرمایا آدم علیہ السلام جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا جنت میں رہے پھر ان کو جنت سے زمین پر اتارا گیا۔حضرت آدم علیہ السلام اپنی عمر کے سالوں کو باقاعدہ گنتے رہے یہاں تک کہ جب ان کی عمر ۹۴۰ سال کو پہنچی تو موت کا فرشتہ روح قبض کرنے کے لئے ان کے ہاں آیا۔حضرت آدم علیہ السلام نے کہا تم نے جلدی کی ہے میری عمر تو ایک ہزار سال مقرر کی گئی تھی۔فرشتے نے کہا یہ درست ہے لیکن آپ سے اپنی عمر کے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیے ہیں حضرت آدم علیہ السلام نے اس سے انکار کیا اور اس کی اولاد بھی انکار کرتی ہے۔نیز حضرت آدم علیہ السلام اس ممانعت کو بھول گئے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو درخت کے قریب جانے سے کی گئی تھی اور اس کی اولاد بھی بھول گئی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن سے لکھنے اور گواہ بنانے کا حکم دیا گیا۔یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: **عطس**: طاء کے فتحہ وکسرہ کے ساتھ۔

فقال :الحمد الله:(یہاں ''أراد''فعل مقدر ہے۔) **ای فأراد أن یقول الحمد الله**

إلی ملأ منهم:اس میں دو ترکیبی احتمال ہیں: پہلا احتمال یہ ہے کہ بدل ہو،اس صورت میں یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہوگا اور ایک احتمال یہ ہے کہ حال ہو،تو ایسی صورت میں یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ہوگا' جو اللہ تعالیٰ کے کلام کے لئے اس کا بدل کے مقابلہ میں حال واقع ہونا اقرب ہے۔أی:**قال الله تعالٰی أولئك مشیرا به إلی ملأ منهم**۔

جلوس: مجرور ہے''ملأ'' کی صفت ہے۔نیز''**جلوس**'' بمعنیٰ''**جالسین** ''یا بمعنیٰ''**ذوی جلوس**'' ہے۔

فقال :السلام علیکم:بعض نسخوں میں یہ جملہ بوجہ علم سابق کے،محذوف ہے۔

هذه: کا مشار الیہ کلمات مذکورہ یعنیٰ''السلام علیکم'' ہیں۔

تحیتك وتحیة بنیك:اس میں تغلیب ہے۔اور مراد''**ذریة**'' ہے۔اس سے پتہ چلا کہ سلام سنت قدیمہ اور منت جمیہ ہے۔

قوله:فقال له الله ویداه مقبوضتان: جملہ حالیہ ہے،اور ضمیر لفظ جلالہ کی طرف عائد ہے۔

قوله:وکلتا یدی ربی یمین مبارکة:

مبارکة:صفت کاشفہ ہے۔اس کلام میں دو احتمال ہیں' ممکن ہے کہ یہ کلام حضرت آدم علیہ السلام کا' اور امکان اس بات کا بھی ہے کہ یہ کلام سرور کونین حضرت محمد مصطفیٰ کا ہو۔**قوله: فیها آدم وذریته**: تقدیری عبارت یوں ہے:**فاذا فیها موجود آدم وذرینه** امام طیبیؒ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد تھی کہ اس مٹھی میں حضرت آدم علیہ السلام کی اور ان کی اولاد کی شبیہ تھی جو عالم غیب میں تھی۔**قوله: فقال ای**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رب ما هؤلاء: اس کے ظاہر سے لگتا ہے کہ یہ قضیہ میثاق سے پہلے کا ہے۔ قوله: قال: هؤلا دريتك: ان کا دائیں ہاتھ میں ہونا بظاہر یہ بتاتا ہے کہ اس ہاتھ میں صالحین اصحاب یمین ومقربین تھے‘اس پر اگلا جملہ: فاذا كل انسان مكتوب عمره بين عينه فاذا فيهم رجل أصو أهم" دلالت کررہا ہے۔ قوله: فاذا فيهم رجل أصواهم: یہ دلالت کررہا ہے کہ ان کے لئے نور وروشنی ہے‘ لیکن ان کا نور‘ ان کے نور ایمان کے مطابق مختلف ہوگا۔

قوله: أو من أضوء هم: اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ باب استدراک سے ہو۔ أي: بل من أضوأ هم، اور ایک احتمال یہ ہے کہ راوی کوشک ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ راوی کا شک ہے۔ اس تقریر پر "من أضواء هم "صفت ہے"رجل" کی، اور "فيهم" اس کی خبر ہے اور "من هو" کے اسقاط کی تقریر پر کلام مستانفہ ہے۔ أي هو أضواء هم۔

عمر أربعين: ایک نسخہ میں عمره ہے، یعنی لفظ عمر کے بعد ضمیر بھی ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: عمر أربعين: كتبت کا مفعول ہے اور أربعين منصوب على المصدريه (یعنی مفعول مطلق) ہے، أي: كتبت له أن يعمر أربعين سنة۔ ذلك الذى كتبت له:

ذلك الذى، مبتدا خبر ہیں، اور دونوں چونکہ معرفہ ہیں لہٰذا مفید حصر ہیں۔ أي: لا مزيد على ذلك ولا نقصان۔

أنت وذاك: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ جملہ اہل عرب کے قول: كل رجل وضيعته کے قبیل سے ہے۔ أي: أنت مع مطلوبك مقرونان۔

وكان آدم: ایک صحیح نسخہ میں اس طرح ہے۔ يومئذ أمر: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

بإذنه کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں: ① تيسيره وتوفيقه۔ ② بأمره وحكمه۔ ③ بقضائه وقدره۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: تخصیص بالحمد اللہ جل شانہ کی قدرت باہرہ اور نعمت ہائے ظاہرہ کے بیان کی طرف اشارہ ہے۔ چونکہ حمد کا مطلب ہے: ثناء على الجميل من الفضل والا فضال، اور یہ اس وجہ سے کہ اللہ جل شانہ نے انسان صحیح وتام پیدا کیا، چنانچہ ان کو چھینک آئی، یہ چھینک آنا صحت مزاج کی طرف اشعار ہے، لہٰذا اس پر حمد واجب ہے‘ اور بلا شبہ وقوف علی قدرۃ اللہ اور اس کا فضل اللہ کی توفیق وتیسیر ہی کے ذریعہ ہے۔ میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں: من جملہ توفیق وتیسیر کے اس کا حکم ہے، اور اس کا امر اس کی قضاء وقدر پر عمل ہے۔ (امام طیبیؒ) فرماتے ہیں: فاء تعقیب میں اسی طرف اشارہ ہے۔ ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں کوئی بعید نہیں کہ تمام کی طرف اشارہ ہو جو وہاں مذکور ہے۔

قوله: فقال له ربه: يرحمك الله يا آدم:

یہ کلام تتمہ بھی ہوسکتا ہے اور مقدمہ بھی۔ دوسرا زیادہ واضح ہے اور بظاہر یہ خطاب، سجود ملائکہ کے واقعہ کے بعد کا ہے۔ جیسا کہ اس آیت سے مستفاد ہوتا ہے: ﴿فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ﴾ [الحجر: ۲۹] "جب اسکو (صورت انسانیہ میں) درست کرلوں اور اس میں اپنی (بے بہا چیز یعنی) روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔"

قوله: الى قوله: آدم اولئك الملائكة:

بظاہر ملائکہ مقربین کی جماعت مراد ہے، وہ فرشتے مراد ہیں جو ارباب یمین کی حسنات لکھنے پر مقرر ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: فقل السلام عليكم: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: جب اللہ جل شانہ نے اپنی نعم سابقہ پر قیام لشکر کی توفیق عطا فرمائی اور اپنی قدرت کاملہ سے آگاہی عنایت فرمائی تو ساتھ ہی ساتھ مخلوق خدا کے ساتھ معاشرت کی کیفیت بھی بتادی تاکہ اللہ جل شانہ کی تعظیم کے بعد مخلوق خدا کے ساتھ حسن سلوک کر کے کامیابی حاصل کی جاسکے اور سلام کی وجہ تخصیص یہ ہے کہ سلام مودتوں اور محبتوں کے دروازے کھولتا ہے اور مسلمان بھائیوں کی تالیف قلب کرتا ہے، اور یہی چیز اشکمال ایمان تک لے جاتی ہے۔

قوله: ثم رجع إلى ربه: اور مطلب یہ ہے کہ اس جگہ واپس لوٹے کہ جہاں ان کے رب نے ان سے کلام فرمایا تھا، اور اسی جگہ واپس آنے میں دو باتیں پیش نظر تھیں:

① : تبرک ویمین کی تحصیل کیلئے۔ ②: عادۃً یوں ہی ہوتا ہے کہ مأ مور وہیں لوٹ کر جاتا ہے جس جگہ پر امر نے اپنا حکم صادر کیا ہوتا ہے، اور بیان حکمت کا منتظر ہوتا ہے۔

① انه أراد باليدين صفتي الجلال والجمال، وان الجمال هو اليمين المطلق، وان كان ليمين المطلق وإن كان اليمين في الجلال أيضا قد تحقق۔ اس تاویل سے اللہ جل شانہ کے اس کلام: "اختر شئت" کے معنی بخوبی واضح ہو جاتے ہیں۔

② قال الشيخ أبو بكر محمد بن الحسن بن فورك: واليدان إن حملنا على معنٰى القدرة والملك صح۔

③ وقال ايضا: وإن حملت على معنٰى النعمة والأثر الحسن صح، لأن ذلك مما حدث في ملكه بتقديره وعن ظهور نعمته على بعضهم میں (ملا علی قاری کہتا ہوں فی نفسہٖ اس کلام کی صحت میں کوئی نہیں ہے البتہ اس مقام پر اس مبنیٰ سے یہ معنی مراد لینا بسط کلام کا محتاج ہے تاکہ مقصود ظاہر ہو جائے اور مرام واضح ہو جائے۔

اس کے معنی کی حقیقت سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ سب ہی عاجز ہیں۔ اس سلسلہ میں سلف کا مذہب یہی رہا ہے کہ وہ تشبیہ کی نفی کرتے رہے ہیں تنزیہ کا اثبات کرتے رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ تفویض کو اختیار کیا ہے۔ اور یہی مذہب اسلم ہے۔ اور بعض متاخرین کا کلام بھی اس سلسلہ میں عنقریب آگے آ رہا ہے ہمارے بعض مشائخ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ امور عارضیہ سے منزہ ہے اس کے ساتھ ساتھ اللہ جل شانہ کی تجلیات صوریہ بھی ہیں۔ چنانچہ اس سے وہ بہت سے اشکالات زائل ہو جاتے ہیں جو اشکالات احادیث وآیات سے مفہوم ہونے والی صفات سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس مقام کے قریب ترین تاویل وہ ہے جو سب سے پہلے ذکر کی گئی۔

کہا گیا ہے کہ ان الفاظ کا مقصد حق تعالیٰ کے جود وکرم اور احسان وانعام کی صفت کو زیادہ سے زیادہ ظاہر کرنا ہے چنانچہ اہل عرب جب کسی ایسے شخص کی توصیف کرنا چاہتے جو ایسا ہوتا تھا (یعنی بہت زیادہ نفع پہنچانے والا ہوتا) تو اس کے حق میں یہ کہتے کہ "كلتا يديه يمين"، یعنی اس شخص کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں۔

اور جس آدمی کا حصہ کم ہوتا اور گھٹیا ہوتا تو اس کے حق میں یہ کہتے: جعل سهمه في الشمال۔ اور جب وہ آدمی ایسا ہوتا کہ نہ اس میں اجتلاب منفعت ہوتا اور نہ دفع مضرت تو کہتے: ليس فلان باليمين ولا بالشمال۔

جواب: جس طرح قوت وگرفت میں مخلوقات کا بایاں ہاتھ کمزور وناقص ہوتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں کوئی کمزوری نہیں ہے بلکہ اس کے دونوں ہاتھ یکساں زور وقوت رکھتے ہیں اس اعتبار سے اس کے دونوں ہاتھ داہنے ہوئے یہ بات اس طرح گویا سمجھانے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے بیان کی گئی ہے ورنہ اس عبارت کی مراد یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی کسی صفت میں کسی طرح کی کوئی کمزوری اور نقص نہیں ہے اور اس کی تمام صفات کامل ہیں۔

ویداہ مقبوضتان: اس جملہ کی مراد میں متعدد تاویلات کی گئی ہیں: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "وکلتا یدی ربی یمین" بمنزلہ تتمیم کے ہے'اس وہم سے حفاظت کے لئے لایا گیا جو کلام سابق سے پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا جسمانی ہاتھ ہے میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہ غیر واضح ہے۔ بلکہ یہ کلام تذییل و تکمیل کے لئے ہے اور اس وہم سے بچانے کے لئے لایا گیا ہے جو حضرت آدم کے اس قول: اخترت یمین ربی' سے پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھوں میں سے ایک دایاں اور ایک بایاں پس ان میں سے ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ سے زیادہ قوی یا زیادہ بابرکت ہے۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کلام کے ذریعہ اللہ جل شانہ اس صفت کو ہمارے لئے کامل طور پر بیان فرمایا اور یہ بھی واضح فرما دیا کہ اس میں کسی قسم کا کوئی نقص نہیں ہے۔ اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے فرمایا گیا: اختر ابھما شئت تو انہوں نے عرض کیا: اخترت یمین ربی و کلتا یدی یمین ۔ اس سے مراد لسان شکر و نعمت تھی نا کہ لسان حکم اعتراف ملک' چنانچہ انہوں نے فضل و نعمت کا ذکر کیا چونکہ اللہ عزوجل جو بھی ظاہر فرماتا ہے وہ اس کا انعام و فضل ہے' پس ان کا قصد اس انعام و احسان پر شکر و تعظیم کا تھا۔

ابن فورکؒ فرماتے ہیں: ہمارے بعض مشائخ نے ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کیلئے "ید" ہاتھ کی صفت تو ثابت ہے لیکن جسمانی ہاتھ ثابت نہیں ہے' اور جسمانی ہاتھ ہوا کرتے ہیں دایاں اور بایاں اور دو ہاتھ ایسی ذات کے ہوتے ہیں جو متبعض و متجزی و ذی اعضاء ہو اور اللہ جل شانہ کا چونکہ ید جسمانی نہیں تھا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بیان فرمایا دیا کہ اللہ کا ہاتھ تو ہے لیکن جسمانی ہاتھ نہیں ہے۔

ابن فورکؒ ایک اور حدیث کے تحت لکھتے ہیں: اللہ جل شانہ نے ایک فرشتہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ ساری زمین پر سے مٹی کے اجزاء جمع کر کے اپنے ہاتھ سے ان اجزاء کو مخلوط کرے۔ چنانچہ ہر طیب وجود اس کے داہنے ہاتھ سے نکلا، اور ہر خبیث اس فرشتہ کے بائیں ہاتھ سے نکلا، بس یہیں سے یمین و شمال کی تقسیم ہوگئی۔ چنانچہ اللہ جل شانہ کی طرف اس کی نسبت اس وجہ سے ہوتی ہے کہ اللہ جل شانہ "آمر" تھا، یہ سب اسی کے حکم سے ہوا، فرشتہ کے دائیں ہاتھ سے ظہور پذیر ہونے کو اہل خیر کی علامت قرار دیا گیا اور فرشتہ کے بائیں ہاتھ سے ظہور پذیر ہونے کو اہل شر کی علامت قرار دیا گیا۔ چنانچہ اسی وجہ سے قیامت کے دن ان کو "اصحاب یمین" اور "اصحاب شمال" کے نام سے پکارا جائے گا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں توفیق دینے والا اللہ ہی ہے' اصحاب بیان کے طریقہ پر اس مسئلہ کی تقریر یہ ہے کہ "ید" کا اطلاق کبھی "قدرت" پر ہوتا ہے، اور کبھی نعمت پر ہوتا ہے، یہ اطلاق السبب علی المسبب کے قبیل سے ہے۔ چونکہ قدرت و طاقت "ید" سے صادر ہوتی ہیں، ان دونوں کا منشا یہی یعنی "ید" ہے۔ اور اسی طرح قدرت فعل کا منشأ ہے۔ اور فعل یا خیر ہے یا شر ہے یا ہدایت ہے یا ضلالت ہے۔ پس "یمین" عبارت ہے خلقِ ھدی و ایمان سے۔ اس جملہ 'فإذا فیھم رجل أضوأھم" میں صیغۂ افعل التفضیل کے ساتھ "کہ جو شرکت کا ہے" مقتضی اسی طرف اشارہ فرمایا اور "شمال" عبارت ہے اس کے برعکس (یعنی خلق ضلالت و کفر) سے۔

اور "کلتا یدیه یمین" کا مطلب یہ ہے کہ خلق خیر و شر اور ایمان و کفر ان میں سے ہر ہر چیز اللہ کے عدل اور اس کی حکمت کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیش نظر ہے۔ چونکہ وہ عزیز ہے، وہ اپنی ملک میں جیسے چاہتا ہے تصرف کرتا ہے، اس تصرف میں اس کو کوئی مانع نہیں، کوئی منازع نہیں، وہ حکیم ہے اپنے لطف حکمت کے ذریعہ جانتا ہے جو اس کی مخلوق پر مخفی ہے، **يضل من يشاء ويهدى من يشاء وهو العزيز الحكم۔** جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت سے دیتا ہے وہ عزیز و حکیم ہے، لہٰذا ''یمین'' کے وہ معنی ہیں جیسا کہ شاعر نے کہا:

إذا ما راية رفعت لمجد ☆ تلقاها عرابة باليمين

أي: بتدبيره الأحسن وتحريه الأصوب۔ اور جب ان دونوں (یعنی یمین وشمال) کو نعمت پر محمول کیا جائے تو ''یمین مبسوط'' عبارت ہوگا۔ **منح الالطاف' تيسير اليسرى على أهل السعادة من أصحاب اليمين** سے اور ''شمال مقبوض'' اس کے برعکس سے عبارت ہوگا اور ''**كلتا يديه يمين**'' کے معنی وہی ہیں جو ماقبل میں گزرا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ﴾ [العنكبوت: ٦٢] ''خدا ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے بیشک خدا ہر چیز سے واقف ہے'' دونوں آیتوں کے فواصل یعنی عزیز و حکیم، اور ''**بكل شيئ عليم**'' حدیث کے اس جملہ: ''**كلتا يديه يمين**'' کے معنی کی طرف مشیر ہیں۔ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ﴾ [الأعراف: ٤٣] واللہ اعلم۔ (انتہی کلام الطیبی) ان کی عبارت کا حاصل یہ ہے کہ ''یدین'' کنایہ ہیں صفات جمال وجلال کے آثار سے، یعنی ضیاء وظلمت، طاعت ومعصیت اور ان دونوں پر مرتب ہونے والی نار و جنت سے۔ پس مخلوقات کو عدم سے وجود بخشا یہ صفت جلال کا اظہار تھا، اس میں کبریائی، اور اس جبروت کا اظہار تھا کہ جس کا منشأ صفت عدل ہے۔ پھر جس کیلئے چاہا اپنی صفت کمال جمال کا اظہار کیا، کہ جو صفت ''فضل'' سے ناشی تھی۔ اسی مفہوم کی طرف یہ حدیث مبارکہ اشارہ کر رہی ہے:

إن الله خلق الخلق فى ظلمة ثم رش عليهم من نوره، فمن أصاب من ذلك النور اهتدى، ومن أخطاه فقد ضل وغوىٰ۔

اور یہ بات بالکل بے غبار ہے کہ مومنین، انبیاء ومرسلین کے نور میں مختلف مراتب ہیں۔

قوله: فيهم رجل أضوء هم أو من اضرأهم: حضرت داؤد کی وجہ تخصیص میں مختلف اقوال ہیں:

① وجہ تخصیص اللہ ہی جانتا ہے، ہم اسی کے سپرد کرتے ہیں۔

② شاید اس وجہ سے ہو کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے انبیاء میں سے سب سے کم عمر پائی ہے۔

③ انبیاء میں سے حضرت آدم علیہ السلام کی طرح حضرت داؤد علیہ السلام " **اكثر البكاء** "۔ ''زیادہ رونے والے'' تھے، چونکہ ان دونوں سے خطا صادر ہوئی۔

اشکال: ''جو سب سے زیادہ روشن تھا'' اس عبارت سے ذہن میں ایک خلجان پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ اس سے تمام انبیاء پر حضرت داؤد علیہ السلام کی فضیلت لازم آتی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس موقع پر حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے حضرت داؤد علیہ السلام کو ایک طرح کی امتیازی شکل وصورت میں ظاہر کیا تا کہ اس کی وجہ سے حضرت آدم علیہ السلام ان کے بارے میں سوال کریں اور اس سوال پر وہ صورتِ حال مرتب ہو جو آگے پیش آئی، یعنی حضرت آدم علیہ السلام کا حضرت داؤد علیہ السلام کو اپنی عمر میں سے ساٹھ سال دینا اور پھر ملک الموت کے آنے پر اس سے انکار کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا جواب حضرت داؤد علیہ السلام کے روشن ترین ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ تمام صفاتِ کمالیہ میں سب سے ترجیح رکھتے تھے لہٰذا ہوسکتا ہے کہ مذکورہ بالا مصلحت کے پیشِ نظر اس عالم میں حق تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی شکل وصورت میں ایک طرح کی خاص نورانیت ودیعت فرمائی ہو اور بلکہ وہ اس عالم میں بھی اس نورانیت سے متصف رہے ہوں' چنانچہ پیغمبروں میں سے ہر ایک نبی ﷺ کسی نہ کسی خاص صفت سے موصوف رہا ہے اور اس صفت میں ان کو امتیازی شان وخصوصیت حاصل رہی ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ محض اس خاص صفت کی بنا پر اس نبی علیہ السلام کو دیگر تمام انبیاء پر فضیلت وفوقیت کا درجہ حاصل ہو۔

تیسرا جواب: یہاں اہل زمانہ کی قید مقدر ہے۔ جیسا کہ ''**أو من أضو ألهم**'' اس پر دلالت کر رہا ہے۔

چوتھا جواب: امام طیبیؒ فرماتے ہیں **أضوأهم** کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دوسرے تمام انبیاء ضوء واشراق میں ان سے کم تھے، بلکہ اس جملہ سے ان کے فضل کا بیان ہے اور نبوت وملک کے جمع کی طرف اشارہ ہے' اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو نورِ عدل سے سرشار فرمایا، اور یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں اس کے خلیفہ ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**إنا جعلناك خليفة في الأرض**﴾[ص:٢٦]

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اگر یہی معنی مراد ہیں تو سلیمان علیہ السلام اس امر کے زیادہ لائق تھے، مزید یہ کہ ملک لذاتہ کوئی ایسی چیز نہیں کہ جس کیلئے وہاں خصوصی نور ہو، بلکہ اس کا ظلمانی حجاب ہوتا ہے جو صاحب حجاب کو (غالبًا) کمال نورانی سے مانع ہوتا ہے، اسی وجہ سے حضرت سلیمان علیہ السلام دوسرے انبیاء کے جنت میں چلے جانے کے پانچ سو سال بعد جنت میں داخل ہوں گے اور یہی معاملہ عبد الرحمٰن بن عوف کا ہے، کہ وہ اپنے مال کثیر کے سبب ''مَلکِ کبیر'' کے مشابہ ہیں وہ فقراء مہاجرین کے پانچ سو سال بعد جنت میں داخل ہوں گے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اولاً آدم علیہ السلام نے ''ماھو لاء'' فرمایا' چونکہ انہوں نے جو کچھ دیکھا تھا اس کو پہچان نہیں پائے' پھر جب ان کو بتایا گیا کہ یہ آپ کی ذریت ہے تو ان کو پہچان کر بولے کہ اے میرے رب یہ کون ہے؟۔ **قوله: قد كتبت له عمر أربعين سنة**: ایک نسخہ میں ''عمرہ'' اضافت کے ساتھ کہ ضمیر کی طرف مضاف ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''عمر اربعین'' مفعول ہے ''کتبت'' کا' مکتوب یہ تھا: **عمره أربعون سنة**' ''اربعین'' منصوب علی المصدر یہ ہے' تاویلی عبارت یوں ہوگی: **كتبت له أن يعمر أربعين سنة**۔

قال ذلك كتبت له: یعنی میری قدر وقضاء اس کے لئے یہی ہے' میری قضا کو کوئی رد نہیں کرسکتا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''**ذلك**'' اور ''**الذی**''، متبدا خبر ہیں' دونوں معرفہ ہیں' پس مفید حصر ہیں۔ چنانچہ مطلب یہ ہوا: **لا مزيد على ذلك ولا نقصان**۔ اور اسی طرح ہوا کہ پہلے تو ساٹھ سال کی عمر دے دی اور پھر بعد میں رجوع کر لیا۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں لیکن مروی ہے کہ حضرت لاؤ کو وہ عمر دے گئی تھی جو حضرت آدم علیہ السلام کی عمر اللہ کے فضل سے پوری رہی اور یہ زیادہ واضح ہے' اس سے حضرت آدم علیہ السلام کی استجابت دعا کا بھی پتہ چلتا ہے اور کبھی بھی ہو جاتا ہے جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں اشارہ ہے: ﴿وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ﴾ [فاطر:١١] اسی طرح بعض احادیث میں آتا ہے کہ صدقہ عمر میں اضافہ کرتا ہے۔

قوله: قال: اى ربى! فإنى قد جعلت له من عمرى ستين سنة بظاہر یہ دعا واستدعاء ہے کہ اے رب میری عمر میں سے ساٹھ سال ان کو دے دے' ورنہ تو حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی ایسا کرنے پر قادر نہیں ہے۔

یہ حدیثِ باب، باب الایمان بالقدر، میں موجود فصل ثالث کی حدیث: ۱۱۸ کے معارض ہے:

دونوں حدیثوں میں تطبیق یوں ممکن ہے۔ واللہ اعلم۔ کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اولاً اپنی عمر میں سے ۴۰ سال حضرت داؤد علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السلام کو دیئے اور پھر اس میں ۲۰ سال کا مزید اضافہ فرما دیا، یوں کل ساٹھ سال ہو گئے۔ اس کی نظیر یہ آیت کریمہ ہیں: ﴿وإذا واعدنا موسى أربعين ليلة﴾ [البقرة:٥١] ﴿وواعدنا موسى ثلاثين ليلة وأتممناها بعشر فتم ميقات ربه أربعين ليلة﴾ [الاعراف:١٤٢] اور کوئی بعید نہیں کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام امتحان کے لئے کئی بار تشریف لائے ہوں مثلاً ان کے پاس اس وقت آئے ہوں کہ جب ان کی عمر ساٹھ سال باقی تھی، چنانچہ جب انکار کر دیا تو واپس لوٹ آئے، اور پھر جب چالیس سال رہ گئے تو اس امید پر دوبارہ آئے کہ غور وفکر کے بعد ان کو اپنی کہی بات یاد آ گئی ہو، مگر انہیں وہ بات یاد نہ آئی چنانچہ دوبارہ انکار کر دیا، وهذا أبلغ في باب النسيان والله المستعان۔

اور اظہر یہ ہے کہ راوی کو شک ہوا ہے، اور تردد ہوا ہے کہ چالیس کا عدد تھا یا ساٹھ کا تھا، چنانچہ کبھی ۴۰ کے عدد سے تعبیر کیا اور کبھی ساٹھ کے عدد سے، محدثین کے ہاں اس قسم کی صورتحال پیش آ جاتی ہے، اور بعض محققین نے یہ جواب دیا ہے کہ جب تک امکان جمع ہو، حفاظ متقنین کی روایت کے بارے میں وہم یا غلط کی نسبت نہ کی جائے اور یہ بات: ''ساعات أيام عمر آدم كانت اطول من زمان واؤد''۔ صحت نقل پر موقوف ہے ورنہ تو عقل اس کا انکار کرتی ہے۔

قوله: فجحد فجحدت ذريته: حضرت آدم علیہ السلام کا مذکورہ انکار بطریق نسیان تھا (یعنی انہیں یہ یاد نہیں رہا تھا کہ وہ اپنی عمر میں سے ساٹھ سال داؤد علیہ السلام کو دے چکے ہیں اس لئے انہوں نے ملک الموت کے سامنے اس کا انکار کر دیا۔) پس یہ اعتذار ہے چونکہ کسی بھی نبی سے یہ بات انتہائی مستبعد ہے کہ یاد ہونے کے باوجود کسی بات کا انکار کرے۔ پس امام طیبیؒ کا یہ کہنا کہ یہ آیت کریمہ: ﴿وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَى آدَمَ مِن قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا﴾ [طه:١١٥] ''اور ہم نے پہلے آدم سے عہد لیا تھا مگر وہ (اسے) بھول گئے اور ہم نے ان میں صبر وثبات نہ دیکھا'' اسی طرف اشارہ کر رہی ہے'' بے موقع محل ہے۔ چونکہ اس آیت کا تعلق اکل شجرہ کے واقعہ سے ہے۔

قوله: قال: انت وذاك: اس میں دونوں احتمال ہیں کہ یہ اظہار براءت کے لئے ہو، اور اجابت کے لئے بھی ہو سکتا ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں. یہ جملہ عرب کے اس قول کی طرح ہے: كل رجل وضيعة أي انت مع مطلوبك مقرونان ''عجلت'': جیم کے کسرہ کے ساتھ۔

تخريج و توضح: امام ترمذی نے اس حدیث کو اپنی جامع میں '' كتاب التفسير '' کے آخر میں نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ حدیث اس طریق سے ''حسن غریب'' ہے۔ ایک دوسرے طریق سے یہ روایت عن أبي هريره رضى الله عنه عن النبي ﷺ مروی ہے۔ اھ۔

اور حدیث سابق کہ جن کو آغاز کتاب میں ذکر کیا ہے اس کو امام ترمذیؒ نے سورہ اعراف کے درمیان میں نقل کیا ہے اور لکھا ہے: **هذا حديث حسن صحيح**، اور دوسرے طریق سے عن أبي هريره رضى الله عنه عن النبي ﷺ۔ اھ۔ لہٰذا حدیث سابق ارجح ہے۔ نیز اس قصہ میں وارد تمام احادیث کے زیادہ موافق ہے۔ كما في الدر المنثور والجامع الكبير للسيوطيؒ والله سبحانه أعلم۔

اس شخص کی مدد کرے جو بوجھ لادے ہوئے ہے۔ اس کی مدد کرنے کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① کسی شخص کا (سارا یا بعض) سامان اس کے بار برداری کے جانور کی پیٹھ پر لادنے میں مدد کرے یا خود لادے۔
② کسی شخص کا (سارا یا کچھ) سامان اپنے بار برداری کے جانور کی پیٹھ پر لادلے۔
③ کسی شخص کا (سارا یا کچھ) سامان اس کے سر پر، کاندھے پر، یا پیٹھ پر رکھنے میں مدد کردے یا خود لاددے۔
④ کسی شخص کا (سارا یا کچھ) سامان اپنے سر پر، کاندھے پر یا پیٹھ پر لادلے۔

عورتوں کو سلام آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خصوصیت

۴۶۶۳:وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا۔

(رواه ابو داؤد وابن ماجة والدارمى)

أخرجه أبو داؤد فى السنن ۳۸۳/۵ الحديث رقم ۵۲۰۴‘ وابن ماجه فى ۱۲۲۰/۲ الحديث رقم ۱۔۳۷‘ والدارمى فى ۳۵۹/۲ الحديث رقم ۲۶۳۷۔

ترجمہ:حضرت اسماء بنت یزید کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہم عورتوں کے پاس سے گزرے جب کہ ہمارے ساتھ اور عورتیں بھی بیٹھی تھیں تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ہمیں سلام کیا۔ یہ ابوداؤد' ابن ماجہ' دارمی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:مر رسول الله ﷺ فى نسوة:

”فى نسوة“ حال ہے۔تقدیری عبارت یوں ہے:حال كوننا مع جماعة كثيرة من النساء۔امام طیبیؒ کا کہنا ہے کہ ”فى نسوة“ کا تعلق فاعل کے ساتھ نہیں ہے۔ وگرنہ تو لازم یہ آئے گا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام عورتوں کے ساتھ عورتوں کی ایک جماعت کے پاس سے گزرے۔ بلکہ یہ جار مجرور کے متعلق ہے اور اس کا بیان ہے۔آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا یہ جملہ عرب کے اس قول کے قبیل سے ہے:فى البيضة عشرون رطلا من حديد۔یہ نفسِ مقدار ہے نا کہ ظرف۔

امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ کا تسامح:

امام طیبیؒ نے فرمایا:اسماء بنت یزید کی روایت ماقبل میں گزر چکی ہے۔جو فصل ثانی کی ساتویں حدیث تھی:

أن رسول الله ﷺ مر فى المسجد يوما وعصبة من النساء قعود الخ۔

امام طیبیؒ سے اس حوالہ میں ۳ تسامحات ہوئے ہیں:

اول: ماقبل کی مذکورہ روایت حضرت جریرؓ سے مروی ہے نہ کہ اسماء بنت یزید سے۔

ثانی: وہ روایت فصل ثانی کی ضرور تھی مگر پانچویں حدیث تھی نا کہ ساتویں۔

ثالث: اس روایت کے الفاظ یہ تھے:أن النبى ﷺ مرّ على نسوة فسلم عليهن رواه احمد، نا کہ یہ تھے:أن رسول الله ﷺ مرّ فى المسجد يوما و عصبة من النساء قعود۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فقط سلام کے لئے بازار جاتے

۴۶۶۴: وَعَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّهٗ كَانَ يَاْتِيْ ابْنَ عُمَرَ فَيَغْدُوْ مَعَهٗ اِلَى السُّوْقِ قَالَ فَاِذَا غَدَوْنَا اِلَى السُّوْقِ لَمْ يَمُرَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى سَقَّاطٍ وَّلَا عَلٰى صَاحِبِ بَيْعَةٍ وَّلَا مِسْكِيْنٍ وَّلَا عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا سَلَّمَ عَلَيْهِ قَالَ الطُّفَيْلُ فَجِئْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَوْمًا فَاسْتَتْبَعَنِيْ اِلَى السُّوْقِ فَقُلْتُ لَهٗ وَمَا تَصْنَعُ فِي السُّوْقِ وَاَنْتَ لَا تَقِفُ عَلَى الْبَيْعِ وَلَا تَسْاَلُ عَنِ السِّلَعِ وَلَا تَسُوْمُ بِهَا وَلَا تَجْلِسُ فِيْ مَجَالِسِ السُّوْقِ فَاجْلِسْ بِنَا هٰهُنَا نَتَحَدَّثُ قَالَ فَقَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَا اَبَا بَطْنٍ قَالَ وَكَانَ الطُّفَيْلُ ذَابَطْنٍ اِنَّمَا نَغْدُوْ مِنْ اَجْلِ السَّلَامِ نُسَلِّمُ عَلٰى مَنْ لَقِيْنَا۔ (رواه مالك والبيهقي وفي شعب الايمان)

أخرجه مالك في الموطأ ٢/٩٦١ الحديث رقم ٦ من باب السلام والبيهقي في شعب الايمان ٦/٤٣٤ الحديث رقم ٨٧٩٠۔

ترجمہ: حضرت طفیل بن ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوتے اور پھر صبح کے وقت اس کے ساتھ بازار جاتے۔ حضرت طفیل کہتے ہیں کہ ہم جب صبح کے وقت بازار جاتے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جس کسی سقاطی، بیع کرنے والے، مسکین اور جس کسی کے پاس سے گزرتے تو اسے سلام کرتے۔ حضرت طفیل کہتے ہیں کہ میں ایک دن ان کے پاس آیا اور وہ مجھے حسب معمول لے کر بازار جانے لگے تو میں نے کہا کہ آپ بازار جا کر کیا کریں گے۔ آپ نہ تو کسی خرید و فروخت کی جگہ رکتے ہیں اور نہ فروخت ہونے والی چیز سے متعلق دریافت کرتے ہیں۔ نہ مول تول کرتے اور نہ بازار کی کسی مجلس میں شرکت کرتے ہیں پس بازار جانے سے زیادہ بہتر یہی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ مل کر باتیں کریں۔ تو ابن عمرؓ نے یہ سن کر مجھے کہا۔ اے بڑے پیٹ والے کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ ہم خرید و فروخت یا اور کسی غرض سے بازار جاتے ہیں بلکہ ہم سلام کی غرض سے جاتے ہیں اور ہر اس شخص کو سلام کرتے ہیں جو ہمیں ملتا ہے اور اس طرح ہم بازار جا کر ثواب حاصل کرتے ہیں۔ یہ مالک اور بیہقی نے نقل کی ہے۔

راویٔ حدیث:

طفیل بن ابی۔ یہ طفیل ''ابی بن کعب انصاری'' کے بیٹے ہیں۔ تابعی ہیں۔ ''عزیز الحدیث'' ہیں۔ ان کی حدیث اہل حجاز میں شائع ہے۔ اپنے والد وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابوالطفیل نے روایت کی ہے۔

تشریح: **لم یمر**: راء مشدد ہے، اس پر ضمہ، فتحہ، کسرہ، ہر حرکت پڑھنا درست ہے۔

سقاط: سین کے فتحہ اور قاف کی تشدید کے ساتھ۔ ردی سامان بیچنے والا' کباڑی۔

بیعة: باء موحدہ کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ۔ باء کے فتحہ کے ساتھ بیان مرّۃ کیلئے ہے۔ باء کے کسرہ کے ساتھ بیان نوع و ہیئت کیلئے ہے۔ امام طیبیؒ کا کہنا ہے کہ فتحہ کے ساتھ بمعنیٰ '' صفقه '' ہے اور کسرہ کے ساتھ بیان حالت کیلئے ہے جیسا کہ '' قعدة '' اور '' ركبة ''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ولا مسکین'': (یہاں حرف جر محذوف ہے۔) ای ولا علی مسکین ''ولا علی أحد'': اس میں تعمیم بعد از تخصیص ہے۔الا سلم علیه: بظاہر ''سلم'' کی ضمیر کا مرجع ''ابن عمر'' ہیں اور اس کے برعکس کا احتمال بھی ہے۔(کہ ''سلم'' کی ضمیر سقاطی اور بائع وغیرہ کی طرف راجع ہو اور ''علیه'' کی ضمیر ابن عمر کی طرف راجع ہو۔) قوله: انما نغد و من أجل السلام: (یہاں مضاف مضاف الیہ کے درمیان ایک مضاف محذوف ہے۔) ای من أجل تحصیل السلام۔

قوله: ولاتسئل عن السلع: سین کے کسرہ، لام کے فتحہ کے ساتھ، سلعة کی جمع ہے۔(یہاں مضاف محذوف ہے۔)

ای ولا تسئل عن مکان السلعة۔

لقینا: قاف کے کسرہ اور یاء کے سکون کے ساتھ ہے اس کی تائید ایک نسخہ سے بھی ہوتی ہے جس میں ''لقیناه'' ہے۔اور ایک نسخہ میں یاء کے فتحہ کے ساتھ (لقینا) ہے۔اور ''ملاقات'' ظاہر ہے کہ طرفین سے ہوتی ہے۔

ما تصنع فی السوق: ''ما'' استفہامیہ ہے۔

قوله: وأنت لا تقف علی البیع ولا تسئل عن السلع ولا تسوم بها ولا تجلس فی مجلس السوق: یہ چاروں جملے حالیہ ہیں۔

قال: وکان الطفیل: ''قال'' کی ضمیر کا مرجع وہ راوی ہے جس نے حضرت طفیل سے یہ حدیث روایت کی ہے' اور ایک احتمال یہ ہے کہ اس کا فاعل خود حضرت طفیلؓ ہوں۔اس جملہ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ ان کا لقب ''ذا بطن'' ان کے بڑے پیٹ کی وجہ سے پڑا تھا' کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ وہ بہت زیادہ کھاتے تھے اس لئے ان کا لقب یہ پڑا۔

نتحدثُ: رفع کے ساتھ ہے۔یعنی ہم آپ سے حدیث سنیں' یا ہم آپس میں امور دین یا دنیا کی اہم باتیں کریں ایک نسخہ میں مجزوم ہے، جواب امر ہونے کی وجہ سے۔

قوله: نسلم علی من لقینا: اس میں عموم ہے کہ خواہ ہم لوگوں کو سلام کریں' یا لوگوں کے سلام کا جواب دیں'۔

چونکہ سلام کرنے اور جواب دینے میں بہر حال فضیلت کاملہ ہے اس حدیث سے متعلقہ بعض امور باب کے شروع میں ذکر کر چکے ہیں اور یہ جملہ مستانفہ مبینہ ہے۔

سلام میں بخل والا سب سے بڑا بخیل ہے

۴۶۶۵:وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتٰی رَجُلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِفُلَانٍ فِیْ حَائِطِیْ عَذْقٌ وَاِنَّهٗ قَدْ اٰذَانِیْ مَکَانُ عَذْقِهٖ فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ بِعْنِیْ عَذْقَكَ قَالَ لَا قَالَ فَهَبْ لِیْ قَالَ لَا قَالَ فَبِعْنِیْهِ بِعَذْقٍ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَیْتُ الَّذِیْ هُوَ اَبْخَلُ مِنْكَ اِلَّا الَّذِیْ یَبْخَلُ بِالسَّلَامِ۔ (رواہ احمد والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه أحمد فی المسند ۳/۳۲۸ والبیهقی فی الشعب ۶/۴۳۰ الحدیث رقم ۸۷۷۱۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میرے باغ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں فلاں شخص کا کھجور کا درخت ہے اور صورت حال یہ ہے کہ اس شخص کے درخت کی وجہ سے مجھے تکلیف ہوتی ہے۔ چنانچہ جناب رسول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے کسی کو اس آدمی کے پاس بلانے کو بھیجا۔ جب وہ آیا تو آپ نے فرمایا تم اپنا کھجور کا درخت میرے ہاتھ فروخت کر دو۔ اس نے کہا میں فروخت نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا اگر فروخت کرنے میں عار خیال کرتے ہو تو میرے نام ہبہ کر دو۔ اس نے کہا میں ہبہ بھی نہیں کرتا۔ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اس کو تم میرے ہاتھ جنت کے درخت کے بدلے فروخت کر دو۔ اس نے کہا میں اس طرح بھی فروخت نہیں کرتا آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا۔ میں نے تم سے بڑا بخیل نہیں دیکھا سوائے اس شخص کے جو سلام کرنے میں بخل کرتا ہے۔ یعنی سلام نہ کرنے والا تم سے بھی بڑا بخیل ہے۔ یہ بیہقی و احمد کی روایت ہے۔

سلام میں پہل والا تکبر سے بری ہے

۴۶۶۶: وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَادِئُ بِالسَّلَامِ بَرِیْءٌ مِنَ الْكِبَرِ .

(رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في الشعب ٦/٤٣٣ الحديث رقم ٨٧٨٧۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے جناب نبی اکرم صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے روایت کی ہے۔ کہ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے پاک ہے۔ (بیہقی)

قوله: عن عبد الله: عبداللہ سے مراد ''عبداللہ بن مسعود'' ہیں' چونکہ محدثین کے ہاں جب لفظ ''عبداللہ'' مطلق بولا جاتا ہے تو اس سے مراد عبداللہ بن مسعود ہوتے ہیں' اس لئے کہ وہ ''عبادلہ'' میں سے سب سے زیادہ جلیل القدر ہیں' چونکہ آپؓ خلفائے اربعہ کے بعد ''**افقه الصحابة**'' میں سے ہیں۔

البادیء: ہمزہ کے ساتھ ہے بمعنی **مبتدی**،

بریء: بروزن فعیل، براءۃ سے مشتق ہے حدیث کا حاصل یہ ہے کہ سلام میں پہل کرنے والا تکبر کے علامت سے پاک ہے۔ پس سلام مؤمن کے سلامتی ہے۔ نیز اس پہل کا تعلق اس صورت سے ہے کہ جب سلام کرنے والا اور جس شخص کو سلام کیا جا رہا ہے ان دونوں کی حالت ایک ہو' مثلاً دونوں پیادہ ہوں یا دونوں سوار ہوں۔

تخریج: خطیب نے اس روایت کو جامع میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں ابن مسعود سے نقل کیا ہے۔ حلیہ کی روایت میں ''**بریء من الصرم**'' کے الفاظ ہیں۔ ''صرم' صاد کے ضمہ کے ساتھ ہے' اس کا معنی ہے: **الهجر و القطع** (قطع تعلقی کرنا)۔

امام احمد نے اس حدیث کو سند حسن کے ساتھ، ابو امامہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے، ان کی ذکر کردہ روایت کے الفاظ یہ ہیں: **من بدأ بالسلام فهو أولىٰ بالله ورسوله**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْاِسْتِیْذَانِ

اجازت حاصل کرنے کا بیان

لفظ ''استئذان'' إذن سے ماخوذ ہے۔اس کے ہمزہ کو یاء سے بدل کر'' استیذان '' بھی پڑھا جاتا ہے۔''استئذان ''باب استفعال کا مصدر ہے۔سین برائے طلب ہے۔چنانچہ اس کا معنی ہیں: اجازت طلب کرنا۔

کسی دوسرے شخص کے گھر میں داخل ہونے سے پہلے استیذان کا حکم ہے۔اس حکم کی بنیاد قرآن کریم کی یہ آیت کریمہ ہے:

﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾ [النور :۲۷] ''مؤمنو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے (لوگوں کے) گھروں میں گھر والوں سے اجازت لئے اور ان کو سلام کئے بغیر داخل نہ ہوا کرو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (اور ہم یہ نصیحت اس لئے کرتے ہیں کہ) شاید تم یاد رکھو''۔

عرضِ مرتب:

﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ......﴾ سے خطاب کیا گیا ہے جو مردوں کیلئے استعمال ہوتا ہے،مگر عورتیں بھی اس حکم میں داخل ہیں' جیسا کہ عام احکام قرآنیہ کے مخصوص مسائل اور عورتوں کے مخصوص مسائل کی شریعت مطہرہ نے نشاندہی بھی کی ہے۔

استیذان کے حکم میں مردوں کے ساتھ عورتوں کے شامل ہونے کے مسئلہ میں قرآن و حدیث کے متعدد دلائل موجود ہیں۔ چنانچہ صحابیات کا معمول تھا کہ کسی کے گھر جانے سے قبل استیذان کرتی تھیں۔واضح رہے کہ استیذان کا حکم عام ہے۔اس حکم میں مرد،عورت، محرم، غیر محرم کے پاس جائے' جانے سے پہلے استیذان کرنا واجب ہے۔

کوئی شخص اگر اپنی ماں، بہن یا دوسری محرم عورتوں کے پاس جائے، خواہ ایک گھر میں ہی کیوں نہ رہتے ہوں، استیذان کرنا چاہیے۔

جس گھر میں صرف اپنی بیوی رہتی ہو اس میں داخل ہونے سے پہلے اجازت طلب کرنا واجب نہیں ہے۔البتہ یہ بات مستحب و مسنون ہے کہ وہاں بھی بغیر کسی اطلاع کے اندر اچانک نہ جائے ، بلکہ داخل ہونے سے پہلے اپنے پاؤں کی آہٹ سے یا کھنکار سے کسی طرح پہلے باخبر کرکے پھر داخل ہو۔(انتہی)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں استذان کی مشروعیت پر اجماع ہے۔ اس مسئلہ میں قرآن وسنت کے بہت سے دلائل دلالت کرتے ہیں۔افضل یہ ہے کہ سلام اور طلب اجازت ساتھ ساتھ ہو، بایں طور کہ دروازہ پر دستک دے دی جائے اور ساتھ ہی نام بتلا دے کہ میں فلاں ہوں۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ پہلے سلام کرنا مستحب ہے یا اجازت طلب کرنا۔صحیح بات یہی ہے کہ پہلے سلام کرے۔ماوردیؒ سے منقول ہے کہ اگر اجازت لینے سے پہلے گھر کے کسی فرد پر نظر پڑ جائے تو پہلے سلام کرے اور پھر اجازت طلب کرے۔ ورنہ پہلے اجازت لے اور جب گھر میں جائے تو سلام کرے۔مگر یہ طریقہ اس حدیث کے مخالف ہے: السلام قبل الکلام۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

تین مرتبہ سلام کا جواب نہ آئے تو واپس لوٹ آؤ

۴۶۶۷:عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ اَتَانَا اَبُوْمُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اٰتِیَهٗ فَاَتَیْتُ بَابَهٗ فَسَلَّمْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِكَ ثَلَاثًا فَلَمْ تَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلٰثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْهِ الْبَیِّنَةَ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَهِدْتُّ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۶/۱۱ الحدیث رقم ۶۲۴۵، ومسلم فی ۱۶۹۴/۳ الحدیث رقم ۲۱۵۳، وأبو داوٗد فی السنن ۳۷۱/۵ الحدیث رقم ۵۱۸۱، والترمذی فی السنن ۵۱/۵ الحدیث رقم ۲۶۹۰، وابن ماجه فی ۱۲۲۱/۲ الحدیث رقم ۳۷۰۶، والدارمی فی ۳۵۵/۲ الحدیث رقم ۲۶۲۹، ومالك فی الموطأ ۹۶۴/۲ الحدیث رقم ۳، وأحمد فی المسند ۴۰۳/۴۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ہمارے ہاں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ آئے اور کہنے لگے کہ حضرت عمر نے کسی آدمی کے ذریعہ مجھے بلایا تو جب میں طلب کے مطابق ان کے دروازہ پر پہنچا اور اندر آنے کی اجازت کے لئے تین مرتبہ سلام کیا تو مجھے سلام کا جواب نہ ملا چنانچہ میں لوٹ آیا۔ پھر (بعد میں) ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا میرے ہاں آنے سے کون سی چیز تمہارے لیے رکاوٹ تھی۔ تو میں نے کہا میں آپ کی خدمت میں آیا تھا اور دروازے پر کھڑے ہو کر تین مرتبہ سلام کیا مگر آپ کی طرف سے اس کا جواب نہ ملا اور نہ آپ کے کسی خادم کی طرف سے۔ اس لئے میں واپس لوٹ آیا کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ بات فرمائی تھی کہ جب تم سے کوئی شخص (کسی کے ہاں جائے تو دروازے پر کھڑے ہو کر) تین مرتبہ اجازت کا طلبگار ہو۔ اگر اسے اجازت نہ ملے تو مناسب ہے کہ واپس لوٹ جائے۔ تو انہوں نے میری بات سن کر فرمایا اس روایت کے گواہ لاؤ (کہ کیا واقعی یہ آپ کا ارشاد مبارک ہے) حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ میں ان کے ساتھ ہو لیا اور حضرت عمرؓ کے ہاں گواہی دی۔

تشریح: قال إن عمر أرسل الیّ أن آتیه......: یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے۔ آنے کی علت کا بیان ہے۔ ("أن آتیه" سے پہلے حرف جر مقدر ہے۔) ای بأن أجیئه۔

حضرت ابوسعید خدریؓ کا واپس لوٹ آنا بظاہر اس ارشاد باری تعالیٰ کی تعمیل میں تھا: ﴿وَاِنْ قِیْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰی لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ﴾ [النور:۲۸] "اور اگر یہ کہا جائے کہ (اس وقت) لوٹ جاؤ تو لوٹ جایا کرو یہ تمہارے لئے پاکیزگی کی بات ہے اور جو کام تم کرتے ہو خدا سب جانتا ہے" ایسے موقع پر مخاطب کا سکوت اعراض کی دلیل ہے اور اعراض گویا کہ واپس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوٹ جانے کا حکم ہے۔

فقلت إني أتيت: ''ان''میں ہمزہ کو مکسور و مفتوح دونوں پڑھا گیا ہے۔

کسرہ پڑھنا زیادہ واضح ہے دو وجوہ سے :۱- یہ جملہ مستانفہ تعلیلیہ ہے۔۲-مقولہ جملہ ہی ہوتا ہے۔اسی وجہ سے قول کے بعد ہمیشہ ''ان'' مکسورہ ہی آتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:فتحہ پڑھنا واضح ہے۔تاکہ سوال کے ساتھ مطابقت رہے۔چونکہ سوال میں مانع پوچھا گیا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ جواب میں مانع مذکور ہو اور یوں کہا جائے:**إن المانع إتياني وتسليمي**۔کسرہ پڑھنے کی صورت میں مانع پر دلالت بطریق مفہوم کے ہوگی۔

''**فسلمت على بابك**'': جار مجرور کا متعلق محذوف ہے۔ای **فسلمت عليك حال كوني واقفا على بابك**۔

وقد قال رسول الله ﷺ:یہ جملہ حالیہ ہے یا مستانفہ ہے۔ایک نسخہ میں ''**وقد قال**'' کے بعد ''**لي**'' بھی ہے۔

تین بار سلام کرنے کی وجہ:

دروازے پر کھڑے ہوکر تین بار سلام اس لئے کرنا چاہیے:

پہلا سلام تعارف کیلئے ہوگا۔یعنی اہل خانہ سلام سن کر اس شخص کو پہچانیں گے کہ کون شخص ہے۔

دوسرا سلام تأمل کیلئے ہوگا۔یعنی وہ یہ سوچیں گے کہ اس شخص کو اندر آنے کی اجازت دی جائے یا نہیں۔

تیسرا سلام اجازت طلب کرنے کیلئے ہوگا۔یعنی تیسرا سلام سننے کے بعد اندر آنے کی اجازت دینا چاہیں گے تو دے دیں گے ورنہ نہیں۔

دوبارہ، سہ بارہ استیذان کرنا سنت ہے۔اگر تیسری بار جواب نہ آئے تو اس کا حکم وہی ہے جو﴿ارجعوا﴾ کا ہے۔یعنی لوٹ جانا چاہیے۔کیونکہ تین مرتبہ کہنے سے تقریباً یہ تو متعین ہو جاتا ہے کہ آواز سن لی ہے مگر یا تو مخاطب ایسی حالت میں ہے کہ جواب نہیں دے سکتا، مثلاً نماز پڑھ رہا ہے یا بیت الخلاء میں ہے یا غسل کر رہا ہے، یا وہ اس وقت ملنا نہیں چاہتا۔اس موقع پر اس کا سکوت گویا کہ حکم ہے کہ واپس لوٹ جائیں۔مزید دستک دینا وہیں جمے رہنا بھی موجب ایذاء ہے۔اور ایذاء سے بچنا واجب ہے حالانکہ استیذان کی اصل غرض ایذاء سے بچانا ہے۔

اگر مخاطب کہہ دیتا ہے کہ اس وقت لوٹ جاؤ تو مخاطب کو معذور سمجھیں، خوش دلی کے ساتھ واپس لوٹ جائیں، بُرا مت مانیں۔ کیونکہ ہر شخص کے حالات مختلف ہوتے ہیں۔بعض وقت وہ مجبور ہوتا ہے باہر نہیں آسکتا، نہ آپ کو اندر بلا سکتا ہے، تو ایسی حالت میں اس کے عذر کو قبول کرنا چاہیے:﴿**وان قيل لكم ارجعوا فارجعوا**﴾ [النور:۲۸] مگر دوسری طرف ایک حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:**إن لزورك عليك حقا**۔یعنی جو شخص آپ سے ملاقات کیلئے آئے اس کا بھی آپ پر حق ہے۔یعنی اس کا یہ حق ہے کہ اس کو اپنے پاس بلائیں۔یا باہر آ کر ملیں، اس کا اکرام کریں، بات سنیں بغیر کسی شدید مجبوری اور عذر کے ملاقات سے انکار نہ کریں۔

قوله:فقال عمر:أقم عليه البينة:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خبر واحد کے قبول کا مسئلہ:

یہاں ''البیّنۃ'' سے مراد ''تمام بیّنہ'' یعنی گواہ مراد ہے۔ اگر چہ وہ ایک ہی کیوں نہ ہو، اور یہ حکم اس بات کے پیش نظر دیا تا کہ وثوق بڑھ جائے، دو علم، ایک علم سے بہتر ہیں۔ پس حکم کا سبب یہ نہیں تھا کہ ان صحابی کا صدق ان کے نزدیک مشکوک تھا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بعض علماء یہ فرماتے ہیں کہ خبر واحد حجت نہیں۔ اور اس حدیث سے دلیل پکڑتے ہیں۔ ان حضرات کا اس حدیث سے استدلال کرنا باطل ہے۔ چونکہ خبر واحد کے حجت ہونے پر اجماع ہے۔ اور حجیت کے دلائل اتنے زیادہ ہیں کہ شمار کرنا بھی ممکن نہیں۔ حضرت عمر کا حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے بینہ کا مطالبہ کرنا اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ خبر واحد کو ''من حیث خبر واحد'' مردود سمجھتے تھے۔ وہ محض احتیاط کے طور پر تھا کہ لوگ کہیں جھوٹی حدیثیں سنانا نہ شروع کردیں، جیسا کہ بدعتی اور کذاب لوگ کیا کرتے ہیں، خاص طور پر وہ لوگ جو من گھڑت احادیث حضور ﷺ کی طرف منسوب کر کے بیان کرنا چاہیں، ان کو اتنی جرأت نہ ہو سکے۔ لہٰذا حضرت عمر کا ایسا کرنا سدّ ذرائع کے طور پر تھا۔ اس وجہ سے نہیں تھا کہ ان کو ابوموسیٰ اشعریؓ کی روایت میں کسی قسم کا شک تھا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری کی شان اس بات سے بدر جہا بلند و بالا ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی طرف من گھڑت بات منسوب کریں۔ مذکورہ بالا بات کی دلیل یہ ہے کہ انہوں نے ایک اور آدمی سے بھی حدیث سننا چاہی تا کہ وہ حدیث پر عمل کر سکیں اور یہ بات معلوم ہے کہ دو آدمیوں کی خبر بھی خبر واحد ہی ہوتی ہے، حتی کہ تواتر کو پہنچ جائے، چونکہ جب تک خبر تواتر کی حد کو نہ پہنچے خبر واحد ہی رہتی ہے۔

تخریج: مندرجہ بالا حدیث کا مرفوع ٹکڑا، امام مالک، احمد، شیخین اور ابوداؤد نے ابوموسیٰ اور ابوسعید سے اکھٹے نقل کیا ہے۔ جبکہ طبرانی اور ضیاء نے جندب بجلی سے نقل کیا ہے۔

ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو خصوصی اجازت

۴۶۶۸: وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْنُكَ عَلَیَّ اَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَاَنْ تَسْتَمِعَ سِوَادِیْ حَتّٰی اَنْهَاكَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۷۰۸/۴ الحدیث رقم ۲۱۶۹، وابن ماجه فی السنن ۱۲۲۱/۲ الحدیث رقم ۳۷۰۹، وأحمد فی المسند ۳۸۸/۱۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ مجھے جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری طرف سے اجازت ہے کہ تم پردہ ہٹاؤ اور میری باتیں اس وقت تک سنو جب تک کہ میں تمہیں منع نہ کردوں۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: إذنك: ہمزہ کے کسرہ اور سین کے سکون کے ساتھ، مصابیح کے ایک شارح نے بصیغۂ مضارع ''اذنك'' ہمزہ کے مد اور ذال کے فتحہ کے ساتھ بیان کیا ہے۔ یعنی میں تمہیں اپنے پاس آنے کی اجازت دیتا ہوں کہ تم پردہ اٹھاؤ۔ یعنی جب تم میرے پاس آنا چاہو تو تمہیں مجھ سے اجازت طلب کرنے کی ضرورت نہیں ہے' بلکہ میں تمہیں اپنے پاس آنے کی اجازت دیتا ہوں اور تم پردہ اٹھا لینا۔

وأن تستمع: اور ایک صحیح نسخہ میں ''وأن تسمع'' ہے۔ سوادی: سین کے کسرہ کے ساتھ۔ اسی ''سراری'' کہا جاتا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساود مساودة أی سار رته،

''سوار'' کو''سواد'' کہنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ دو سواد قریب قریب ہوتے ہیں، یعنی سرگوشی کرنے والے دونوں فرد۔اھ۔صاحب نہایہ کی عبارت سے مفہوم یہی ہوتا ہے۔

قوله: إذنك علی أن ترفع الحجاب: (یہاں مضاف محذوف ہے) ای علامة اذنك'' إذن'': مبتدا ہے،''أن ترفع الحجاب'': مصدر کی تأویل (رفعك الحجاب) میں ہو کر خبر ہے۔معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: علامة اذنك علی بالدخول رفعك الحجاب۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:'' إذنك''مبتدا، جار مجرور علیّ، إذنك (مصدر) کے متعلق ہے اور''أن ترفع الحجاب'' خبر۔اور بعد والے جملے''أن تستمع'' کا عطف''أن ترفع ''پر ہو رہا ہے۔یعنی اذنك الجمع بین رفعك الحجاب وبین معرفتك ایای فی الدار لو کنت مسارًا لغیری' هذا شأنك متمر فی جمیع الأحیان الا أن أنهاك۔یہ حدیث حضرت حضرت عبداللہ بن مسعود کے شرف وفضل کی دلیل ہے'اور یہ کہ ان کی حیثیت بمنزلہ اہل بیت اور ہمراز تھی۔اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ان کو حضور ﷺ کے گھر میں ہر وقت داخل ہونے کی اجازت تھی' حتی کہ حضور ﷺ کی نساء محارم کے پاس جانے کی اجازت ہو۔

فائدہ : امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ استیذان کے مسئلہ میں علامت پر اعتماد کرنا درست ہے۔لہٰذا قاضی، امیر یا کوئی اور شخص، اپنے دروازے پر پڑے ہوئے پردے کو یا کسی اور چیز کو عام لوگوں یا مخصوص افراد، یا کسی خاص فرد یا پڑوسی وغیرہ کیلئے استیذان کی علامت قرار دیتا ہے تو درست ہے۔اس علامت پر اعتماد کرتے ہوئے ان لوگوں کے پاس جانا مزید کسی استیذان کے بغیر درست ہے (انتہا)۔

عرض مرتب: مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ ''معارف القرآن'' حصہ ششم سورۃ النور آیت ۲۷ تا ۲۹ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

رفاہ عام کے اداروں میں جس مقام پر اس کے مالکان یا متولیان کی طرف سے داخلہ کیلئے کچھ شرائط اور پابندیاں ہوں تو اس کی پابندی شرعاً واجب ہے۔مثلاً ریلوے سٹیشن پر اگر بغیر پلیٹ فارم کے جانے کی اجازت نہیں ہے تو پلیٹ فارم حاصل کرنا ضروری ہے۔اس کی خلاف ورزی ناجائز ہے۔ایروڈرم (ہوائی اڈے) کے جس حصہ میں جانے کی محکمہ کی طرف سے اجازت نہ ہو، وہاں بغیر اجازت کے جانا شرعاً جائز نہیں۔

اسی طرح مساجد، مدارس، خانقاہوں، ہسپتالوں میں جو کمرے وہاں کے منتظمین یا دوسرے لوگوں کیلئے مخصوص ہوں، جیسے مساجد، مدارس وخانقاہوں کے خاص حجرے یا ریلوے، ایروڈرم اور ہسپتالوں کے دفاتر اور مخصوص کمرے جو مریضوں یا دوسرے لوگوں کی رہائش گاہ ہیں وہ ''بیوت غیر مسکونہ'' کے حکم میں نہیں ہیں' بلکہ ''مسکونہ'' کے حکم میں ہیں وہاں بغیر اجازت جانا شرعاً ممنوع اور گناہ ہے۔اھ۔

① جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے دروازے پر دستک دیتے تھے، ان کی عادت یہ تھی کہ ناخنوں سے دروازے پر دستک دیتے تھے، تاکہ آنحضرت ﷺ کو تکلیف نہ ہو۔

② دستک دے تو اتنی زور سے نہ دے کہ جس سے سننے والا گھبرا اُٹھے، بلکہ درمیانہ انداز سے دے جس سے اندر تک آواز تو چلی جائے لیکن کوئی سختی ظاہر نہ ہو۔

③ اندر داخل ہونے کی اجازت مانگی جائے تو اپنا نام ظاہر کیا جائے، اگر نام کے ساتھ مزید وضاحت کی ضرورت سمجھے تو وہ بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر دے۔

④ استیذان کا یہ طریقہ بہت ہی برا ہے جو آج کل کے بہت سے پڑھے لکھے لوگ بھی استعمال کرتے ہیں کہ دروازہ پر دستک دی۔ جب اندر سے پوچھا گیا کہ کون صاحب ہیں؟ تو خاموش کھڑے ہیں۔ کوئی جواب ہی نہیں دیتے۔ یہ مخاطب کو تشویش میں ڈالنے اور ایذاء رسانی کا بدترین طریقہ ہے۔ اس سے استیذان کی مصلحت ہی فوت ہو جاتی ہے۔

⑤ صاحب خانہ کے پوچھنے پر کہ کون صاحب ہیں؟ یہ کہہ دینا کہ ''میں ہوں'' یہ مخاطب کی بات کا جواب نہیں ہے۔ جب تک آدمی اجازت لینے والے کو پہچانے گا نہیں تو اجازت کیسے دے گا۔ مزید یہ کہ صاحب خانہ کو تشویش بھی ہوگی، اور تشویش سے مخاطب کو بچانا چاہئے۔

⑥ صاحب خانہ کے پوچھنے پر کہ کون صاحب ہیں؟ یہ کہہ دینا کہ میں ہوں، صرف اسی صورت میں درست ہے کہ جب صاحب خانہ آپ کو پہلے سے جانتے ہوں، اور آپ کے ''میں ہوں'' کہنے پر آواز سے بھی یقیناً پہچان لیتے ہوں۔

کس کے سوال پر نام بتلایا جائے

۴۶۶۹: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ دَیْنٍ کَانَ عَلٰی اَبِیْ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ مَنْ ذَا فَقُلْتُ اَنَا فَقَالَ اَنَا اَنَا کَاَنَّہٗ کَرِھَھَا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١١/٣٥ الحدیث رقم ٦٢٥٠، ومسلم فی ٣/١٦٩٧ الحدیث رقم ٢١٥٥، وأبو داوٗد فی السنن ٥/٣٧٤ الحدیث رقم ٥١٨٧، والترمذی فی ٥/٦٢ الحدیث رقم ٢٧١١، والدارمی فی ٢/٣٥٦ الحدیث رقم ٢٦٣٠۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک دن میں جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک قرض کے سلسلہ میں حاضر ہوا جو میرے والد کے ذمہ تھا۔ میں نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ آپ نے دریافت فرمایا کون ہے؟ میں نے کہا میں ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا تم انا، انا کہتے ہو۔ یہ اس انداز سے آپ ﷺ نے فرمایا گویا یہ آپ کو ناگوار گزرا۔

تشریح: فقال: من ذا؟ قلت أنا: اور ایک صحیح نسخہ میں ''فقلت أنا'' ہے۔ ''أنا'': کا الف حالت وقف میں پڑھا جائے گا اور حالت وصل میں حذف کیا جائے گا۔

فائدہ: حضرت جابرؓ کے والد کے قرضہ سے متعلقہ حدیث ''باب المعجزات'' کی فصل اول میں آئے گی۔

قوله: فقال أنا أنا: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: (تقدیری عبارت یوں ہے:) ای قولك أنا مکروہ فلا تعد۔ دوسرا ''أنا'' تاکید کے لئے ہے۔

آنحضرت ﷺ کی ناگواری کا سبب:

أنا کے تکرار سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت جابر بن عبداللہؓ کے جواب کو پسند نہیں کیا۔ لہٰذا حضرت جابرؓ کو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح جواب دینے سے احتراز کرنا چاہئے۔ اگر وہ یہ کہہ دیتے "أنا جابر " تو آپ ﷺ کو نا گوار نہ گزرتا۔

قولہ: کانہ کرھھا:

یعنی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت جابر بن عبداللہ کے "أنا أنا " کہنے کو پسند نہیں فرمایا، چونکہ حضرت جابر بن عبداللہ نے دستک تو دی مگر سلام استیذ ان نہیں کیا۔ (برماوی) علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ کا "من ذا" ارشاد فرمانا استکشاف ابہام کیلئے تھا، مگر حضرت جابر بن عبداللہ کا "أنا أنا" کہنا اس موقع پر رافع ابہام نہ تھا۔ چونکہ مشاہدہ کے وقت تو یہ بیان بن سکتا ہے' عدم مشاہدہ کے وقت بیان نہیں بن سکتا۔ انہیں جواب میں " جابر " یا "أنا جابر " کہنا چاہئے تھا۔ چونکہ "أنا" سے یہ پتہ چلتا کہ نو وارد کون ہے؟۔

مزید یہ کہ "أنا أنا" کہنے سے اگر اہل خانہ نو وارد کو پہچان سکتے ہوں تو "أنا" کہنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ بھی اگر حضرت جابر بن عبداللہ کو ان کے "أنا أنا" کہنے سے پہچان لیتے تو اظہار ناپسندیدگی نہ فرماتے۔ چونکہ مقصود تو حاصل تھا۔

اس موقع پر اپنا نام ظاہر کرنے میں ایک قسم کی تعظیم ہے۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ نے آنحضرت ﷺ کے جواب میں ایسی بات مناسب نہیں سمجھی جو تواضع سے خالی ہو۔ اھ۔ بات یہ ہے کہ اگر وہ "انا جابر " کہہ دیتے تو نبیؐ اس کو ناپسند نہ فرماتے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں اس کو ناپسند اس لئے فرمایا کہ "انا" سے ابہام زائل نہیں ہوتا بلکہ ضروری تھا کہ وہ اپنا نام بتاتے' اگر وہ "انا جابر" کہہ دیتے تو اس میں کوئی حرج کی بات نہ تھی۔ جیسا کہ ام ہانی نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کی تھی' کہ جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: من ھذہ؟ تو انہوں نے جواباً عرض کیا تھا: أنا ھانی اور اس بات میں بھی کوئی حرج نہیں کہ اپنے نام کے ساتھ ایسا کوئی لفظ لگا دے جس سے اس کی پہچان ہو جائے' جب اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہ ہو' اگر اس لفظ سے تجیل و تعظیم کی صورت ہی کیوں نہ ہو' مثلاً اپنی کنیت بتا دے' یا یوں کہہ دے کہ میں فلاں مفتی ہوں' یا قاضی یا شیخ ہوں۔ اھ۔ اور حاصل یہ ہے کہ مقصود و معرفت ہے' تاکہ پہچان کر آنے یا نہ آنے کی اجازت دی جا سکے۔

اصحابِ صفہ اور دودھ کا پیالہ

۴۶۷۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِیْ قَدَحٍ فَقَالَ اَبَاهِرٍّ اِلْحَقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ اِلَیَّ فَاَتَیْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْ فَاَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا۔

(رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۳۱ الحدیث رقم ۶۲۴۶۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (آپ ﷺ کے گھر میں) داخل ہوا آپ ﷺ نے دودھ کا ایک پیالہ پایا تو فرمایا۔ اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ! اہل صفہ کو میرے پاس بلا لاؤ۔ چنانچہ میں ان کو بلا لایا۔ انہوں نے اجازت طلب کی تو انہیں اجازت دی گئی پس وہ داخل ہوئے (اور بیٹھ گئے)۔

تشریح: قولہ: فوجد لبنا فی قدح: ممکن ہے کہ تنوین تعظیم کے لئے ہو۔ فقال: أباھر: حرف نداء محذوف ہے۔ اور "ھر" سے مراد جنس ہے' لہٰذا یہ اس بات کے منافی نہیں کہ ان کی کنیت ابوہریرہ تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله:الحق بأهل الصفة:

"الحق": کا ہمزہ وصلی ہے اور حاء پر فتحہ ہے ای ادھب مستعجلا۔

"بأهل الصفة": کی "با" برائے تعدیہ ہے۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:" اهل صفه" ان فقراء محتاج کمزور مہاجرین وانصار کا ایک گروہ تھا جو "صفہ" پر جمع ہو گئے تھے۔ان کا ذکر ابو نعیم اصفہانی نے "حلیۃ الاولیاء" میں کیا ہے۔

قوله:فأقبلوا فاستأ ذنوا ،فأذن لهم:

دعوت والے گھر میں داخل ہونے سے پہلے استیذان:

مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کی دعوت (ولیمہ وغیرہ) پر اس کے گھر جائے تو اس کو بھی چاہئے کہ وہ دروازے پر آ کر پہلے اجازت طلب کرے،اجازت ملنے پر گھر میں داخل ہو۔اس حدیث کا حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک اور حدیث:" إذا دعى أحدكم وجاء مع الرسول، فإن ذلك له أذن "سے تعارض ہے۔اس تعارض کی وضاحت ان شاء اللہ،حضرت ابو ہریرہ کی حدیث کے تحت آئے گی۔

الفصل الثالث:

سلام کے بغیر داخل ہونے والے کے سلام کا طریقہ

۴۶۷۱:وَعَنْ كَلْدَةَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّ صَفْوَانَ ابْنَ اُمَيَّةَ بَعَثَ بِلَبَنٍ اَوْجِدَايَةٍ وَضُغَابِيْسَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَى الْوَادِىْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ اُسَلِّمْ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِرْجِعْ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَاَدْخُلُ۔ (رواه الترمذى وابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ۵/۳۶۹ الحديث رقم ۵۱۷۶، والترمذى فى ۵/۶۱ الحديث رقم ۲۷۱۰، وأحمد فى المسند ۳/۴۱۴۔

ترجمہ: حضرت کلدہ بن حنبل بیان کرتے ہیں کہ حضرت صفوان بن امیہ نے میرے ہاتھ جناب رسول اللہ ﷺ کے لئے کچھ دودھ، ایک ہرن کا بچہ اور کچھ ککڑیاں بھیجیں۔اس وقت جناب رسول اللہ ﷺ مکہ کی بالائی جانب قیام پذیر تھے۔ کلدہ کہتے ہیں کہ میں بلا اجازت ہی آپ کی خدمت میں پہنچ گیا اور آپ ﷺ کی قیام گاہ میں داخلے کے وقت نہ سلام کیا نہ داخلے کی اجازت مانگی۔چنانچہ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا یہاں سے نکل کر دروازے کے باہر جاؤ اور وہاں کھڑے ہو کر السلام علیکم اور یہ کہو کہ کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟ یہ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: "جداية": صاحب النہایہ اور دیگر شراح کا کہنا ہے کہ "جداية"۔جیم کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ۔ہرن کا چھ،سات ماہ کا بچہ جو توانا ہو گیا ہو،نر اور مادہ دونوں کیلئے یہی لفظ مستعمل ہے۔اس کی جمع "جدايا" آتی ہے۔بکری کے ایک سال کے بچہ کو "جدی" کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ضغابیس'': جمع ہے ''ضغبوس'' کی۔ ضاد کے فتحہ، غین معجمہ کے سکون کے ساتھ۔ چھوٹی ککڑیاں۔

أأدخل: کو مندرجہ ذیل طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے:

① دونوں ہمزوں کو تحقیق کے ساتھ۔

② پہلے ہمزہ کو تحقیق اور دوسرے ہمزہ کو تسہیل کے ساتھ۔

③ پہلے ہمزہ کو تحقیق کے ساتھ اور دوسرے ہمزہ کو الف سے بدل کر۔

قوله: والنبی ﷺ بأعلی الوادی: '' ھو'' ضمیر کی جگہ اسم ظاہر '' النبی'' لانے میں وصف نبوت کو اجاگر کرنا مقصود ہے۔

قاصد کے ساتھ آنا خود اجازت ہے

۴۶۷۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُكُمْ فَجَاءَ مَعَ الرَّسُوْلِ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَهٗ اِذْنٌ (رواه ابوداؤد وفی روایة له قال رسول اللّٰه) اَلرَّسُوْلُ الرَّجُلِ اِلَى الرَّجُلِ اِذْنُهٗ۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۳۷۶ الحدیث رقم ۵۱۹۰، وأحمد فی المسند ۲/۵۳۳۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی کو بلایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ ہی آ جائے تو یہی اس کے لیے اجازت ہے۔ ابوداؤد نے اس کو روایت کیا اور ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں آدمی کا کسی کے پاس قاصد بھیجنا اس آدمی کے لئے اجازت ہے۔

تشریح: دعی: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا آدمی بھیج کر کسی کو اپنے گھر بلائے اور وہ بلانے والے کے ساتھ ہی چلا آئے تو اس صورت میں اس کو استیذان کی ضرورت نہیں۔ اور اگر اہل بیت سے اس سلسلہ میں کوئی تقصیر واقع ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔

تعارض:

مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مدعو کو داعی کے ہمراہ دعوت والے گھر میں جانے کیلئے استیذان کی ضرورت نہیں۔

ماقبل کی حدیث ابو ہریرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مدعو اگر داعی کے ہمراہ دعوت والے گھر میں جائے تو استیذان کرے۔

دفع تعارض:

اس تعارض کے پانچ جواب ہیں:

① مدعوین (یعنی اصحاب صفہؓ) داعی (یعنی حضرت ابو ہریرہ) کے ہمراہ دعوت والے گھر میں نہیں گئے تھے بلکہ بعد میں گئے تھے، لہٰذا استیذان ضروری تھا۔

② مدعوین گئے تو داعی کے ہمراہ تھے، مگر غایت ادب وحیاء کے باعث استیذان کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿۳﴾ مدعوین کو وہاں کوئی ایسی بات محسوس ہوئی ہوگی کہ جس کے باعث انہوں نے استیذان کو ضروری سمجھا۔

﴿۴﴾ مدعوین کو حدیث بالا نہیں پہنچی ہوگی۔

﴿۵﴾ اصحاب صفہ کا یہ واقعہ، مذکورہ بالا حکم شرعی سے پہلے کا ہے۔

تخریج: وکذ البخاری فی تاریخه والبیهقی فی شعبه۔

دروازے کے سامنے کھڑے نہ ہوں

۴۶۷۳: وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى بَابَ قَوْمٍ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَاءِ وَجْهِهٖ وَلٰكِنْ مِنْ رُكْنِهِ الْاَيْمَنِ اَوِالْاَيْسَرِ فَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَذٰلِكَ اِنَّ الدُّوْرَلَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا سُتُوْرٌ۔

(رواه ابوداؤد وذكر حديث انس قال عليه الصلاة والسلام عليكم ورحمة الله في باب الضيافة)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٥/٣٧٤ الحديث رقم ٥١٨٧، وأحمد في المسند ٤/١٩٠۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن بسر کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق مبارک یہ تھا کہ جب کسی کے گھر جانے کے لئے اس گھر کے دروازہ پر پہنچتے تو دروازہ کی طرف منہ کر کے کھڑے نہ ہوتے تا کہ گھر والوں پر نگاہ نہ پڑے اور دروازے کے دائیں بائیں کھڑے ہوتے اور پھر کہتے السلام علیکم۔ راوی کہتے ہیں دائیں بائیں کھڑے ہونے کی وجہ یہ تھی کہ ان دنوں گھروں کے دروازوں پر پردے نہ ہوتے تھے۔ یہ ابو داؤد کی روایت ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت باب الضیافۃ میں گزری جس کی ابتداء اس طرح ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

تشریح: ''الدور'': دال کے ضمہ اور واؤ کے ساتھ۔ ''دار'' (گھر) کی جمع ہے۔

''ستورہ'' ستر سین کے کسرہ کے ساتھ بمعنی حجاب، کی جمع ہے۔

''إن الدور'' اور ایک نسخہ میں ''لأن الدور'' ہے۔

قولہ: فیقول السلام علیکم السلام علیکم: ایک سے زائد بار سلام کرنے کی حکمت ماقبل میں گزر چکی ہے۔

واضح رہے کہ دو بار السلام علیکم کہنے کا ذکر ہے، اس سے تعداد مراد ہے، دو بار پر اکتفاء مراد نہیں۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ آپ علیہ السلام ایسے موقع پر تین بار سلام فرماتے تھے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

مسئلہ: اگر دروازے کے کواڑ ہوں، یا اس پر پردہ پڑا ہوا ہو تو دروازے کے سامنے کھڑا ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

اصل سنت:

اصل سنت کی رعایت کا تقاضا یہ ہے کہ مذکورہ بالا صورت میں بھی دروازے کے سامنے کھڑا نہ ہو، دائیں یا بائیں کھڑا ہو، چونکہ بعض اوقات کواڑ یا پردہ ہٹاتے ہوئے دروازے کے سامنے کھڑے ہوئے شخص کی نظر گھر کے اندر پڑ جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: وذكر حديث أنس ---- فى باب الضيافة: جار مجرور کے متعلق ہے۔

الفصل الثالث:

ماں کے ہاں بھی داخلہ کی اجازت

۴۶۷۴: عَنْ عطاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَاْذِنُ عَلٰى اُمِّىْ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ رَجُلٌ اِنِّىْ مَعَهَا فِى الْبَيْتِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذِنْ عَلَيْهَا فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّىْ خَادِمُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَاْذِنْ عَلَيْهَا اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاهَا عُرْيَانَةً قَالَ لَاقَالَ فَاسْتَاْذِنْ عَلَيْهَا۔ (رواه مالك مرسلا)

أخرجه مالك فى الموطأ ۲/۹۶۳ الحديث رقم ۱ من كتاب الاستذان۔

ترجمہ: حضرت عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جناب رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ میں اپنی ماں کے ہاں جانے کے لئے بھی اجازت طلب کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جی ہاں۔ کیونکہ ممکن ہے کہ کسی وقت اس کے جسم کے اعضاء کھلے ہوں جن پر نظر ڈالنا بیٹے کے لئے جائز نہ ہو۔ اس نے کہا میں اس کے ساتھ ہی رہتا ہوں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اس کے پاس جانا چاہو تو اجازت حاصل کر کے جاؤ اس نے کہا میں اپنی ماں کی خدمت کرتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا بہر حال اس کے پاس اجازت لے کر جائے اور کیا تم چاہو گے کہ اپنی والدہ کو برہنہ دیکھو۔ اس نے کہا نہیں۔ فرمایا پھر اجازت لے کر جایا کرو۔ یہ امام مالک سے مرسل روایت ہے۔

تشریح: فقال الرجل إنى خاد مها: اور ایک نسخہ میں "أنا خادمها" ہے۔

مسئلہ شرعیہ:

اس حدیث میں پردے کے حوالے سے جو مسئلہ ماں کے بارے میں ہے، اس حکم میں دیگر محارم بھی ہیں، خواہ ان سے نسبی تعلق ہو یا دودھ کا، خواہ سسرالی ہوں۔ البتہ بیوی اس حکم سے مستثنیٰ ہے۔

عرضِ مرتب:

اس مسئلہ سے ملتے جلتے بعض مزید مسائل دیکھنے کیلئے باب الاستیذان کا بالکل ابتدائی حصہ ملاحظہ فرمائیے۔

ایک اشتباہ کا ازالہ:

مسئلہ مذکورہ یہ تھا کہ صورت بالا میں ہر بار اطلاع ضروری ہے، اگرچہ آمدورفت بار بار ہی کیوں نہ ہو۔ دوسری طرف مسئلہ یہ ہے کہ اہل میقات میں سے خارج میقات سے کوئی شخص اگر بار بار حدود میقات سے گزرتا ہے تو اس کیلئے احرام ضروری نہیں۔ چنانچہ پہلے مسئلہ میں بار بار کی آمدورفت کے باوجود اطلاع ضروری ہے، اور اس دوسرے مسئلہ میں بار بار کی آمدورفت کے سبب سے ترک احرام درست

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ پہلی صورت میں ایک ایسا سبب قوی پایا جاتا ہے کہ اطلاع کے حکم شرعی میں تبدیلی سے مانع ہے۔ دوسری صورت میں ایسا کوئی بھی سبب نہیں پایا جاتا کہ احرام کو ضروری قرار دیا جائے۔

اجازت کا ایک انداز

۴۶۷۵: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ لِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَدْخَلٌ بِاللَّيْلِ وَمَدْخَلٌ بِالنَّهَارِ فَكُنْتُ اِذَا دَخَلْتُ بِاللَّيْلِ تَنَحْنَحَ لِيْ۔ (رواه النسائی)

أخرجه النسائی فی السنن ۳/۱۲ الحدیث رقم ۱۲۱۱' وابن ماجه فی ۲/۱۲۲۲ الحدیث رقم ۳۷۰۸۔

ترجمہ: حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ہاں رات اور دن کے وقت جایا کرتا تھا۔ چنانچہ میں جب رات کے وقت حاضر ہوتا تو آپ اجازت کے لئے صرف کھنکھار دیتے۔ یہ نسائی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: كا ن لی من رسول الله ﷺ مدخل بالليل ومدخل بالنهار:

''مدخل'': مصدر میمی ہے۔ بمعنی ''دخول'' ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''مدخل''، کان کا اسم، ''لی''، خبر کان، اور ''من رسول الله کان'' کے متعلق ہے۔ أی: حصل لی من رسول الله صلی الله علیه وسلم دخول باللیل ودخول بالنهار۔

فائدہ: اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رات کے وقت حضرت علی کی آمد کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کھنکارنا، اجازت کی علامت تھا۔ اگرچہ دن میں دوسرے افراد کی آمد کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کھنکارنا، عدم اجازت کی علامت تھا۔

بعض حضرات کا کہنا کہ ایک دوسری روایت (حدیث: ۶۱۰۶) سے معلوم ہوتا ہے کہ رات کے وقت حضرت علی کی آمد کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کھنکارنا، عدم اجازت کی علامت تھی۔

دن کے وقت اجازت کی علامت کیا تھی؟ تو ہوسکتا ہے کہ اس کے برعکس صورت ہو، جیسا کہ مفہوم مخالف کا تقاضا ہے۔ اور بھی احتمالات ہوسکتے ہیں۔ مثلاً دن کے وقت کھنکار کر آپؐ اجازت طلبی کرتے ہوں یا اطلاع کرتے ہوں۔

سلام کہنے والے کو داخلہ کی اجازت

۴۶۷۶: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَأْذَنُوْا لِمَنْ لَمْ يَبْدَأْ بِالسَّلَامِ۔

(رواه البیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه البیهقی فی الشعب ۶/۴۴۱ الحدیث رقم ۸۸۱۶۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص سلام سے پہل نہ کرے اسے اپنے ہاں آنے کی اجازت نہ دو۔ یہ بیہقی کی روایت ہے۔

تشریح: اگر کوئی شخص آنا چاہتا ہے، مگر وہ سلام کے ذریعے اندر آنے کی اجازت طلب نہیں کرتا، یا آکر سلام نہیں کرتا بلکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خاموشی سے آجاتا ہے، یا آتے ہی کلام شروع کردیتا ہے تو اس کو اپنے پاس آنے یا بیٹھنے کی اجازت مت دو۔ (بلکہ اس سے کہا جائے کہ دروازہ پر واپس جائے، سلام کرے اور پھر اندر آنے کی اجازت طلب کرے۔ ملاحظہ فرمایئے، حدیث کلدہ بن حنبل)

تخریج: اس حدیث کو ضیاء نے بھی روایت کیا ہے۔ اس حدیث کے مفہوم کی مؤیدئی روایات ماقبل میں گذر چکی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْمُصَافَحَةِ وَالْمُعَانَقَةِ

مصافحہ (ہاتھ ملانا) اور معانقہ (گلے ملنے) کا بیان

مناسب یہ تھا کہ مصنف علیہ الرحمۃ عنوان الباب میں ''تقبیل'' کا بھی ذکر کرتے، چونکہ باب کی کئی احادیث میں ''بوسہ'' کا ذکر بھی آیا ہے۔

''مصافحة'' باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ اس کے لغوی معنیٰ کی وضاحت میں لغویین کی عبارات مختلف ہیں:

① هى الافضاء بصفحة اليد إلى صفحة اليد۔ (سیوطی)

② مختصر النہایہ میں علامہ سیوطیؒ لکھتے ہیں: ان التصفح هو التصفيق 'وهو ضرب صفحة الكف ضرب الأخرى ومنه المصافحة هى إلصاق صفحة الكف بالكف۔

③ المصافحة الأخذ باليد، كالتصافح، ويمكن أن يكون مأخوذا من الصفح بمعنىٰ العفو، ويكون أخذ اليد دلالة عليه كما أن تركه مشعر بالا عراض عنه۔ (قاموس)

''اور ان سب تعریفات کا حاصل ہے دو آدمیوں کا باہم ایک دوسرے سے ہاتھ ملانا''۔

مصافحہ کی ابتداء:

مصافحہ کا عمل، سب سے پہلے اہل یمن سے ظاہر ہوا۔ چنانچہ مروی ہے: أول من أظهرها أهل اليمن، (أخرجه البخارى فى الأدب، وابن وهب فى جامعه عن أنس رفعه، ذكره السيوطى۔)

مصافحہ کے آداب:

مصافحہ مودّت ومحبت میں اضافہ کا باعث ہے۔ علاوہ ازیں اس میں اکرام مسلم بھی ہے۔

(ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۶۷۷)

◇ دونوں ہاتھ سے مصافحہ کرنا سنت ہے۔ (التعلیق الصبیح، جلد/۵، ص۱۱۷)

◇ مصافحہ محض ایک ہاتھ سے ہو تو غیر مسنون ہے۔

◇ ہر ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا سنت ومستحب ہے۔

◇ کسی خاص موقع یا کسی خاص تقریب کے وقت مصافحہ کو ضروری سمجھنا غیر شرعی ہے۔

◇ فرض نمازوں کے بعد لوگوں نے مصافحہ کی جو عادت ڈالی ہے، یہ بے اصل ہے، بدعت مذمومہ ہے، مکروہ ہے۔

◇ مصافحہ مشروعہ کا محل ابتدائے ملاقات ہے۔

◇ اگر کوئی شخص ایسے وقت مسجد میں داخل ہوا کہ جماعت ہو رہی تھی، یا ہونے والی تھی، پھر نماز سے فارغ ہو کر اگر اوّلاً سلام اور ثانیاً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصافحہ کرتا ہے تو یہ مصافحہ بلاشبہ مسنون ہے۔اس کے باوجود اگر کسی مسلمان نے بغیر سلام کیے مصافحہ کیلئے ہاتھ آگے بڑھا دیا تو اس سے اعراض کرنا اور اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لینا مناسب نہیں، چونکہ تکلیف لازم آتی ہے' جس کی رعایت رکھنا آداب کی رعایت رکھنے سے بڑھ کر ہے۔پس اس کا حاصل یہ ہے کہ اس صورت میں مصافحہ ابتداءً کرنا مکروہ ہے' اگرچہ ثانی کا مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھانا مکروہ نہیں ہے۔مگر ایک طرح سے بدعت میں تعاون ہے' جیسا کہ علماء کی طرف سے کہا جاتا ہے۔

کس سے مصافحہ جائز ہے؟

واضح رہے کہ جس کو دیکھنا حرام ہے اس کو چھونا بھی حرام ہے۔بلکہ چھونے کی حرمت دیکھنے کی حرمت سے زیادہ شدید ہے۔چنانچہ اس سے مندرجہ ذیل مسائل معلوم ہوتے ہیں:

(ا) جوان عورت سے مصافحہ کرنا حرام ہے۔

(ب) بوڑھی عورت سے مصافحہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ جس سے مصافحہ کرنے میں جذبات بھڑکنے کا خوف نہ ہو۔

(ج) بے ریش اور خوبصورت لڑکے سے مصافحہ کرنے سے احتراز کرنا مناسب ہے۔چونکہ اس کی طرف دیکھنا حرام ہے......
(نوویؒ)

سلام کے وقت جھکنا خلاف سنت ہے، مکروہ ہے، اس کی ممانعت صحیح حدیث میں منقول ہے۔(ازفوائد حدیث:۴۶۸۰)

سفر سے آنے والے کو ''مرحباً'' کہنا مسنون ہے۔(ازفوائد حدیث:۴۶۸۴، ۶۱۳۷)

فائدہ : ازمرتب: اگر کسی عورت سے نکاح کا ارادہ ہو تو لڑکے کو اجازت ہے کہ اگر اس کو موقع مل جائے تو لڑکی کو ایک نظر دیکھ لینا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، مگر یہ دیکھنا تحقیق کی نظر سے ہوگا تلمذذ کی نیت سے نہیں جیسے طبیب کا مریضہ کی نبض دیکھنا' محض اس نیت سے دیکھنا کہ نبض سے مزاج کی حرارت و برودت وغیرہ معلوم ہو جائے' نہ کہ تلمذذ کی غرض سے۔قصہ مختصر یہ پہلی نظر برائے استمتاع نہیں۔علاوہ ازیں دوسری نظر غیر ضروری ہے۔مس وغیرہ کو اسی پر قیاس کر لیا جائے۔کہ اس سے مصافحہ، معانقہ اور تقبیل وغیرہ سب ناجائز و حرام ہیں۔یہی حکم باندی کی بیع و شراء وغیرہ کے وقت بھی ہے۔

معانقہ کی لغوی تحقیق:

''معانقۃ'' باب ''مفاعلۃ'' کا مصدر ہے۔اس کا معنی ہے ایک دوسرے کو سینے سے لگانا۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: معانقہ اور تعانق ''محبت'' میں ہوتا ہے اور ''اعتناق'' جنگ وغیرہ میں ہوتا ہے۔

''تعانقا'' محبت سے باہم گلے ملنا، (قاموس الوحید)

اعتنق الرجلان، لڑائی میں ایک دوسرے کی گردن پر ہاتھ ڈالنا۔

اعتنق الامر: کسی کام پر لگنا، اعتنق دیناً: مذہب اختیار کرنا، اعتنق رأیا أو مبدأ: رائے یا اصول اپنانا۔

صاحب قاموس نے اعتناق کے جو معنی بیان کئے ہیں یہ اعتراض سے خالی نہیں، چونکہ متعدد احادیث میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے، جو باتفاق محدثین معانقہ کے معنی میں ہے۔ملاحظہ فرمایئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① وعن عائشة رضي الله عنها، قالت: قدم زيد بن حارثة المدينة، ورسوله الله ﷺ في بيتي، فأتاه فقرع الباب، فقام إليه رسول الله ﷺ عريانا يجرّ ثوبه، والله ما رأيتهُ عريانا قبله ولا بعده، فاعتنقه وقبّله ....۔

② عن أبي هريره رضي الله عنه، قال: خرجت مع رسول الله ﷺ في طائفة من النهار حتى أتى خباء فاطمة فقال: أثم لكع؟ يعني حسنا فلم يلبث أن جاء يسعى حتى اعتنق كل واحد منهما صاحبه۔ رقم الحديث: ٦١٤٢

③ حضرت عکرمہ کی روایت ''مرحبا بالراكب للهاجر'' کے بعض طرق میں یہ ہے:

لما راه قام إليه فاعتنقه وقال: مرحبا بالراكب المهاجر۔

تقبیل ومعانقہ کے آداب:

تقبیل کے اردو معنیٰ ہیں: ''بوسہ دینا'' یہ لفظ دونوں معنی کو شامل ہے۔ چومنا، چموانا، پیار کروانا۔

❶ جس کو دیکھنا حرام ہے اس کو چھونا بھی حرام ہے، لہٰذا جس کو دیکھنا حرام ہے اس کو بوسہ دینا، اس سے معانقہ کرنا بھی حرام ہے۔ چنانچہ شوہر بیوی کے علاوہ کسی اور کو جنسی جذبات کے ساتھ بوسہ دینا، یا اس سے معانقہ کرنا بھی بالاتفاق حرام ہے خواہ باپ ہو ماں ہو، کوئی بھی ہو۔

❷ سفر سے آنے والے کے ساتھ معانقہ وتقبیل بلا کراہت جائز ہے۔ (ملاحظہ ہو حدیث: ۴۶۸۲، ۴۶۸۶)

❸ شدت محبت وعنایت کے پیش نظر بھی معانقہ جائز ہے۔ (ملاحظہ ہو حدیث: ۴۶۸۳)

❹ امام نوویؒ فرماتے ہیں چھوٹے بچے کو بوسہ دینا واجب ہے۔

❺ ہاتھ، پیشانی کا چومنا جائز ہے مگر چند شرائط کے ساتھ:

(ا) بوسہ دینا کسی دنیاوی غرض ومنفعت سے نہ ہو، بصورت دیگر مکروہ ہے۔

(ب) جس کو بوسہ دیا جارہا ہو وہ اہل فضل لوگوں میں سے ہو۔ مثلاً، عالم، حاکم، سلطان۔

(ج) بوسہ دینے کا سبب ان کا علم وعمل، دین کا اعزاز واکرام وغیرہ ہو۔

بوسہ کی صورتیں:

علماء نے لکھا ہے کہ جو بوسہ شرعی طور پر جائز ہے اس کی پانچ صورتیں ہیں:

❶ مودت ومحبت کا بوسہ۔ جیسے والدین کا اپنے بچے کے رخسار کا چومنا۔

❷ احترام واکرام اور رحمت کا بوسہ۔ جیسے اولاد کا اپنے والدین کے سر پر بوسہ دینا۔

❸ جنسی جذبات کے تحت بوسہ دینا۔ جیسے شوہر کا بیوی کے چہرہ کا بوسہ لینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❹ تحیہ سلام کا بوسہ۔ جیسے مسلمانوں کا ایک دوسرے کے ہاتھ کو چومنا۔

❺ بہن کا اپنے بھائی کی پیشانی کا بوسہ لینا۔

ایک حدیث میں ماں کی پیشانی کو چومنے کی بہت زیادہ فضیلت آئی ہے۔ چنانچہ ابن عدی اور بیہقی حضرت ابن عباس سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: من قبل بين عيني أمه كان له سترا من النار۔

الفصل الاول:

ثبوتِ مصافحہ

۴۶۷۷: عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَكَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۴۹/۱۱ الحديث رقم ۶۲۶۳، والترمذی فی ۷۱/۵ الحديث رقم ۲۷۲۹۔

ترجمہ: حضرت قتادہؒ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں ملاقات کے لئے مصافحہ تھا انہوں نے کہا جی ہاں۔ یہ بخاری کی روایت ہے۔

تشریح: ''حضرت قتادہ تابعی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ باہمی ملاقات کے وقت سلام کے بعد مصافحہ کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا ہاں''۔

قوله: أكانت المصامخة فى أصحاب رسول الله ﷺ: (جار مجرور کا متعلق محذوف ہے جو ''کان'' کی خبر بن رہا ہے۔)
ای ثابتة وموجودة فيهم حال ملاقاتهم بعد السلام۔

اولاد کو چومنا

۴۶۷۸: وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ فَقَالَ الْاَقْرَعُ اِنَّ لِيْ عَشْرَةً مِنَ الْوَلَدِمَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ اَحَدًا فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَايُرْحَمُ (متفق عليه وسنذكر حديث ابى هريرة) اَثَمَّ لُكَعٌ فِيْ بَابِ مَنَاقِبِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَذُكِرَحَدِيْثُ اُمِّ هَانِئٍ فِيْ بَابِ الْاَمَانِ۔ (رواه البخاری ومسلم)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۴۲۶/۱۰ الحديث رقم ۵۹۹۷، ومسلم فی ۱۸۰۸/۴ الحديث رقم ۲۳۱۸، وأبو داؤد فی السنن ۳۹۱/۵ الحديث رقم ۵۲۱۸، والترمذی فی ۲۸۰/۴ الحديث رقم ۱۹۱۱، وأحمد فی المسند ۲۴۱/۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حسن ابن علی کو بوسہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اقرع بن حابس بیٹھے ہوئے تھے تو اقرع نے کہا میرے تو دس لڑکے ہیں، میں نے تو اس میں سے کسی ایک کو کبھی بوسہ نہیں دیا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔ ہم عنقریب باب مناقب اہل بیت میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کریں گے اور ام ھانی کی روایت باب الامان میں گزر چکی ہے۔

تشریح: ''الولد'': واؤ اور دال (دونوں) کے فتحہ کے ساتھ نیز واؤ کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ، بمعنی اولاد۔

''**لا یرحم لا یرحم**'': ایک نسخہ میں دونوں مرفوع ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: فعل کو مرفوع و مجزوم دونوں طرح پڑھنا درست ہے۔ ''من'' موصولہ بھی ہوسکتا ہے اور شرطیہ بھی ہوسکتا ہے۔ پہلے (جملہ میں) ''**لا یرحم**'' (کے الفاظ لانا) برائے مشاکلت ہے۔ چونکہ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: **من لم یشفق** یعنی جو اپنی اولاد پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتا' یا یہ الفاظ عموم کی خاطر ارشاد فرمائے تاکہ شفقت بھی اس میں داخل ہوسکے۔ اھ۔ دوسری صورت اتم ہے' اور فائدہ کے اعتبار سے اعم ہے' اسی لئے مفعول کو حذف کر دیا گیا ہے' تاکہ فہم کے اعتبار سے معنی میں وسعت ہو' عبرت کے لئے زیادہ مناسب ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں اپنے چھوٹے بچے کے گال پر بوسہ دینا واجب ہے اور اسی طرح گال کے علاوہ جسم کے اطراف جیسے حصوں پر بطور شفقت و رحمت اور لطف' محبت' قرابت سنت ہے۔ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی ہو اور اسی طرح اپنے دوست وغیرہ کے اطفال کو اسی طور پر' شہوت کے ساتھ بوسہ دینا حرام ہے بلا جماع' اس سلسلہ میں بچہ بچی برابر ہے۔ اھ۔ ''اپنے چھوٹے بچہ کے گال پر بوسہ دینا واجب ہے۔ یہ حدیث صحیح یا قیاس صحیح کا محتاج ہے۔

فائدہ: تخریج کے ذیل میں آنے والی احادیث میں سے طبرانی کی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ ''من'' شرطیہ جازمہ ہے۔

قوله: سنذكر حديث أبي هريرةؓ اثم لكع في مناقب:

''ثم'' ثائے مثلثہ کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ۔ بمعنی **أهناك**۔ **لكع**: لام کے ضمہ اور کاف کے فتحہ کے ساتھ غیر منصرف ہے' اور کبھی منصرف پڑھا جاتا ہے۔ اسی کا معنی ''صبی'' اس سے مراد حضرت حسنؓ۔ اس حدیث میں ہے: **فلم يلبث أن جا' يسعى حتى اعتنق كل واحد منهما صاحبه**۔ جار مجرور ''سنذکر'' کے متعلق ہے

وذكر حديث ام هاني في باب الأمان:

اس حدیث میں یوں ہے کہ نبی کریم علیہ السلام ان سے فرمایا: **مرحباً بأم هاني**۔ یہ دلیل ہے کہ نو وارد کو ''مرحباً'' کہنا سنت ہے۔

عرضِ مرتب:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کے ہم معنی روایت ''**باب الشفقة والرحمة على الخلق**'' فصل اول میں بھی آ رہی ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھا ہے: **من لا يرحم لا يرحم**، اس حدیث کو احمد، شیخین اور ترمذی نے ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے، اور ابن ماجہ نے حضرت جریر سے نقل کیا ہے۔

حضرت جریر سے مروی احمد، شیخین اور ترمذی کی ایک روایت میں، اور ابو سعید سے مروی ترمذی ہی کی ایک روایت میں یہ الفاظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آئے ہیں: من لا یرحم الناس لا یرحمه الله۔ طبرانی نے ایک روایت میں حضرت جریر سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: من لا یرحم من فی الأرض لا یرحمه من فی السماء۔

حضرت جریر سے مروی احمد کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: من لا یرحم لا یرحم ومن لا یغفر لا یغفر۔

اور طبرانی میں موجود حضرت جریرؓ کی ایک روایت میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے: ومن لا یتب لا یتب علیه۔اھ

الفصل الثانی:

مصافحہ کا عظیم فائدہ

۴۶۷۹: عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ وَفَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَلَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَتَفَرَّقَا (رواه احمد والترمذی وابن ماجة وفی روایة ابی داؤد قال) اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَيَتَصَافَحَا وَحَمِدَ اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَلَهُمَا

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۳۸۸ الحدیث رقم ۵۲۱۲، والترمذی ۵/۷۰ الحدیث رقم ۲۷۲۷، وابن ماجه فی ۲/۱۲۲۰ الحدیث رقم ۳۷۰۳، وأحمد فی المسند ۴/۲۸۹۔

ترجمہ: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دو مسلمان ملاقات کے وقت مصافحہ کریں تو اس کے جدا ہونے سے پہلے اس کو بخش دیا جاتا ہے۔ یہ احمد، ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت ہے اور ابوداؤد کی روایت میں یہ ہے کہ جب مسلمان ملاقات کے وقت مصافحہ کرتے ہیں اور وہ اللہ کی حمد اور استغفار کرتے ہیں تو ان دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

تشریح: ما من مسلمین: ''من'' زائد برائے زیادتی استغراق ہے۔

غفر لهما: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے، جب کہ ایک نسخہ میں صیغۂ معروف کے ساتھ ہے۔

پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مصافحہ کی برکت سے گناہوں کی معافی ہوتی ہے اور دوسری حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مصافحہ اور حمد و استغفار کی وجہ سے گناہوں کی معافی ہوتی ہے۔ ممکن ہے کہ حدیث ثانی میں مغفرت سے مراد وہی مغفرت ہو جس کا ذکر پہلی حدیث میں آیا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد کمال مغفرت ہو کہ اس کے تمام گناہوں کی بخشش ہو جاتی ہو اور حمد کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کریں یا اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کریں۔

''قبل أن یتفرقا'': کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

1. ''تفرق ابدان'' مراد ہے۔
2. ''تفرق یدین'' مراد ہے۔ دوسرے معنی میں مبالغہ زیادہ ہے۔

پہلی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ان کے جدا ہونے سے پہلے اللہ ان کو بخش دیتا ہے۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ہاتھ جدا ہونے سے پہلے الخ۔

تخریج: الجامع الصغیر میں ہے کہ اس حدیث (یعنی پہلی حدیث) کو ضیاء اور ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔
ابوالشیخ اور حکیم ترمذی حضرت عمرؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

"اذا التقی المسلمان فسلّم أحدهما علی صاحبه كان أحبها إلی الله أحسنهما بشرا بصاحبه، فإذا تصافحا أنزل الله عليهما مائة رحمة للبادئ تسعون وللمصافح عشرة۔"

"جب دو مسلمان ملتے ہیں اور ان سے ایک اپنے دوسرے ساتھی کو سلام کرتا ہے تو ان میں سے وہ مسلمان اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہوتا ہے جو کشادہ پیشانی اور بشاشت کے ساتھ اپنے دوسرے ساتھی سے ملتا ہے اور پھر جب دونوں مصافحہ کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان پر سو رحمتیں نازل کرتا ہے۔ نوے رحمتیں اس پر جس نے پہل کی اور دس رحمتیں اس پر جس سے مصافحہ کیا ہے۔"

جھکنے کی بجائے مصافحہ

۴۶۸۰: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقٰى اَخَاهُ اَوْ صَدِيْقَهٗ اَيَنْحَنِيْ لَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَلْتَزِمُهٗ وَيُقَبِّلُهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَاْخُذُ بِيَدِهٖ وَيُصَافِحُهٗ قَالَ نَعَمْ۔

(رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/ ٧٠ الحديث رقم ٢٧٢٨، وابن ماجه فی ٢/ ١٢٢٠ الحديث رقم ٣٧٠٢، وأحمد فی المسند ٣/ ١٩٨۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ ہم میں سے کوئی جب اپنے بھائی یا دوست کو ملے تو کیا وہ اس کے لئے جھکے فرمایا نہیں۔ اس نے پوچھا کیا اس سے گلے ملے یا اس کو بوسہ دے تو آپ نے فرمایا نہیں۔ اس نے کہا کیا اس کا ہاتھ پکڑ کر مصافحہ کرے۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: يلقی أخاه أو صدقه: "بھائی" سے مراد سگا بھائی بھی ہو سکتا ہے اور قوم کا کوئی فرد بھی ہو سکتا ہے۔ چونکہ اس کو "اخو العرب" کہا جاتا ہے۔ یہاں "معطوف" معطوف علیہ سے اُخص ہے۔ "الرجل منا؟" "ہم میں سے" سے مراد مسلمان بھی ہو سکتے ہیں اور عرب بھی:

www.KitaboSunnat.com

قال: أفيأخذ بيده ويصافحه؟:

"ويصافح": یہ عطف تفسیری ہے۔ یا ثانی (چونکہ) اُخص و اُتم ہے (لہٰذا یہ عطف الخاص علی الاعم ہے)۔

قوله: أينحنی له؟قال: "انحناء" کا معنی ہے سر اور پشت کو جھکانا تواضع اور خدمت کی خاطر۔ "انحناء" سے منع فرمایا۔

قوله: قال لا:

چونکہ یہ جھکنا رکوع کے مشابہہ ہے، اور رکوع سجدہ کے مشابہہ ہے اور سجدہ اللہ کی عبادت ہے۔ لہٰذا رکوع بھی اللہ کی عبادت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔اس حدیث سے ان علماء نے استدلال کیا ہے جو معانقہ اور تقبیل کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔اور بعض کا کہنا ہے کہ تقبیل اگر اس شخص کے زہد، علم پاس رسیدہ ہونے کی وجہ سے ہو تو مکروہ نہیں ہے۔امام نوویؒ فرماتے ہیں دوسرے کے ہاتھ کو بوسہ دینا اگر اس کے علم، صیانت اور زہد و دیانت وغیرہ جیسے امور دینیہ کی وجہ سے ہو تو مکروہ نہیں ہے، بلکہ مستحب ہے، اور اگر اس کے دنیاوی مال و جاہ کی وجہ سے ہو تو مکروہ ہے، اور بعض کا کہنا ہے کہ حرام ہے۔(انتھی) کہا گیا ہے کہ حرام وہ ہے جو چاپلوسی اور تعظیم کے باعث ہو، جواز کی صورتیں مندرجہ ذیل ہیں:

❶ رخصت کرتے وقت۔ ❷ سفر سے واپسی پر ❸ عرصہ دراز کے بعد ملاقات ہونے پر ❹ حب فی اللہ کی شدت کے وقت بشرطیکہ نفس کے بارے میں کوئی خدشہ نہ ہو بعض علما کا کہنا ہے کہ ''منہ'' کا بوسہ نہ لیا جائے بلکہ ہاتھ اور پیشانی کا بوسہ لیا جائے۔مسلم کی شرح نووی میں ہے کہ پشت جھکانا مکروہ ہے۔حدیث صحیح میں اس کی ممانعت آئی ہے۔علم و صلاح کی طرف منسوب بہت سے لوگ مذکورہ بالا صورت کے علاوہ میں معانقہ کرتے ہیں اور چہرہ کا بوسہ لیتے ہیں مگر ان کا یہ فعل لائق اعتبار نہیں۔بلکہ مکروہ ہے، امام بغوی وغیرہ نے حدیث صحیح کی بنیاد پر ان دونوں کے مکروہ تنزیہی ہونے کی صراحت کی ہے۔

مصافحہ سلام کی تکمیل ہے

۴۶۸۱:وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَمَامُ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ اَنْ يَّضَعَ اَحَدُ كُمْ يَدَهٗ عَلٰى جَبْهَتِهٖ اَوْ عَلٰى يَدِهٖ فَيَسْأَلَهٗ كَيْفَ هُوَ وَتَمَامُ تَحِيَّاتِكُمْ بَيْنَكُمُ الْمُصَافَحَةُ۔

(رواہ احمد و الترمذی و ضعفہ)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۷۱ الحديث رقم ۲۷۳۱، وأحمد فی المسند ۵/۲۶۰۔

ترجمہ:حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ مریض کی کمال عیادت یہ ہے کہ اپنا ہاتھ اس کی پیشانی یا اس کے ہاتھ پہ رکھے پھر اس کا حال دریافت کرے اور تمہارے سلام کی تکمیل مصافحہ میں ہے۔یہ احمد و ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله:قال تحياتكم بينكم المصافحة:''تحية'' کی جمع ہے۔اس کے جمع لانے میں اس کی انواع وغیرہ کی طرف اشارہ ہے۔

على جبهته أو على يده:''أو'' برائے تنویع ہے، نا کہ برائے شک۔فیسأله منصوب ہے۔اس میں احتمال ہے کہ بیمار کا حال خود بیمار سے پوچھے: دوسرا احتمال یہ ہے کہ بیمار کے بارے میں اس کے اہل خانہ سے پوچھے۔''کیف ھو'' کے الفاظ سے اسی مفہوم کی تائید حاصل ہوتی ہے کہ اہل خانہ سے پوچھے کہ مریض کیسا ہے، اس کے مرض کا کیا حال ہے؟ (اور تقدیری عبارت یوں ہے:) ای الواقعة فيما بينكم

عرض مرتب: حدیث سے متعلقہ احکام کے لئے ''احکام باب'' کا مطالعہ فرمائیے۔

وتمام تحياتكم بينكم المصافحة: یعنی ان دو کاموں کے علاوہ مزید کوئی کام نہیں۔اگر تم اس پر اضافہ کرو گے تو یہ تکلف میں داخل ہوگا۔قصہ مختصر یہ حدیث اعتدال امور کے بابت ہے، چونکہ آپ ﷺ نے زیادت و نقصان سے منع فرمایا ہے۔

وتمام تحياتكم بينكم المصافحة: اس کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① زیادتی ونقصان اور تکلف سے ہٹ کر معتدل طریقہ یہ ہے کہ ان دو چیزوں پر اکتفاء کرو، سلام اور مصافحہ پر۔ اس پر اضافہ مت کرو، اگر کرو گے تو تکلف میں شمار ہوگا۔

② یہ دونوں امور اپنی جگہ کمال کا ادنی درجہ رکھتے ہیں اور دونوں کو بجالاؤ گے تو کمال درجہ حاصل ہوگا۔ ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں: بظاہر مراد یہ ہے کہ کمال امر اِن کاموں کی بجا آوری سے حاصل ہو جائے گا، باقی اس بات پر کوئی دلیل نہیں ہے کہ اس میں مزید کی کوئی گنجائش نہیں اور یہ کہ اس پر اضافے کی صورت میں وہ تکلف ہوگا وغیرہ۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ کمال کا ادنی درجہ ان کی بجا آوری میں ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر کی روایت میں: من تمام الخ کے الفاظ ہیں اور عبداللہ بن مسعود سے مروی ترمذی کی حدیث میں یہ الفاظ آئے ہیں: من تمام التحیة الأخذ بالید۔

زید رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا انداز

۴۶۸۲: وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِيْنَةَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَاَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَجُرُّ ثَوْبَهٗ وَاللّٰهِ مَارَاَيْتُهٗ عُرْيَانًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ فَاعْتَنَقَهٗ وَقَبَّلَهٗ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥.٧٢ الحدیث رقم ٢٧٣٢۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ پہنچے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر تشریف فرما تھے۔ زید نے جب میرے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برہنہ بدن (یعنی آپ نے قمیص پہنی ہوئی نہیں تھی) اپنے کپڑے کو کھینچتے ہوئے زید کی ملاقات کے لئے نکلے۔ اللہ کی قسم میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے پہلے اور اس کے بعد برہنہ بدن نہیں دیکھا کہ آپ کے جسم مبارک پر تہہ بند کے علاوہ کپڑا نہ ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو گلے لگا لیا اور اس کو بوسہ دیا۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح: فأتاه: یعنی حضرت زید نے معروف طریقہ سے دروازہ بجایا ہوگا' اور یہ بھی ممکن ہے کہ دستک کے ساتھ سلام بھی کیا ہو اور اندر آنے کی اجازت بھی چاہی ہو۔

"قبله" اور ایک نسخہ میں "لا قبله" ہے۔ ای قبل ذلك الیوم

ورسول اللہ ﷺ فی بیتی: جملہ حالیہ معترضہ ہے۔

فقام إلیه: جار مجرور "متوجها" محذوف کے متعلق ہو کر حال ہے۔

فقام إلیه رسول اللہ ﷺ عریانًا: مطلب یہ ہے کہ ان کی آمد کی خوشی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف لپکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شانہ مبارک سے چادر ڈھلک گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر کا اوپری حصہ یعنی ناف سے اوپر کا حصہ کھل گیا، برہنہ ہو گیا۔

بعض حضرات نے اس مقام پر ایک اشکال کیا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ طویل رفاقت رہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک لحاف میں استراحت فرما رہیں اس کے باوجود "و الله ما رأيته عريانًا قبله و لا بعده" فرمانا سمجھ میں نہیں آتا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا کہ حضرت عائشہ کا مطلب یہ تھا کہ کسی بھی شخص سے ملاقات کے وقت میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس قدر برہنہ کبھی بھی نہیں دیکھا۔ چنانچہ دلالت حال کی وجہ سے حضرت عائشہؓ نے کلام میں اختصار فرمایا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ سیاق کلام سے یہی توجیہ معتبر معلوم ہوتی ہے کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کی آمد سے انتہائی خوش تھے اور ان سے ملنے کی اس قدر جلدی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چادر سے اپنا مکمل جسم بھی نہ ڈھانپ پائے، بلکہ اس کو گھسیٹتے ہوئے ان کی ملاقات کو تشریف لائے۔ کئی مواقع پر ایسی صورت حال پیش آجاتی ہے۔ واللہ اعلم

معانقہ مباح ہے

۴۶۸۳: وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بُشَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ عَنَزَةَ اَنَّهُ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ ذَرٍّ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَافِحُكُمْ اِذَا لَقِيْتُمُوْهُ قَالَ مَا لَقِيْتُهُ قَطُّ اِلَّا صَافَحَنِيْ وَبَعَثَ اِلَيَّ ذَاتَ يَوْمٍ وَلَمْ اَكُنْ فِيْ اَهْلِيْ فَلَمَّا جِئْتُ اُخْبِرْتُ فَاَتَيْتُهُ وَهُوَ عَلٰى سَرِيْرٍ فَالْتَزَمَنِيْ فَكَانَتْ تِلْكَ اَجْوَدَ وَاَجْوَدَ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/ ٣٩٠ الحديث رقم ٥٢١٤۔

ترجمہ: جناب ایوب بن بشیرؒ نے قبیلہ عنزہ کے ایک شخص سے روایت کی ہے جس نے بیان کیا کہ میں نے ابوذر غفاری سے کہا کہ کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے ساتھ مصافحہ کرتے تھے جب آپ کی ملاقات ہوتی تو وہ کہنے لگے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی ملا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے مصافحہ فرمایا اور ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف پیغام بھیجا جب کہ میں اپنے گھر میں موجود نہ تھا جب میں واپس لوٹا تو مجھے اطلاع ملی تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چارپائی پر تشریف فرما تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے گلے لگالیا اور یہ گلے لگانا کیا ہی خوب تھا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

ایوب بن بشیر۔ کا اسم گرامی مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر نہیں فرمایا۔ "بشیر" بصیغۂ تصغیر ہے۔ بائے موحدہ کے ضمہ، شین معجمہ کے فتحہ، یائے تحتیہ کے سکون اور رائے مہملہ کے ساتھ ہے۔

تشریح: **فالتزمنی فکانت تلك**: چونکہ یہاں "التزام" بمعنی معانقہ ہے اس لئے "تلك" کا مشارالیہ "معانقہ" ہے۔

قوله: اجو دواجود: امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ واؤ برائے تعاقب ہے، یہ واؤ عرب کے قول: الأمثل فالأمثل" میں موجود بمنزلہ فاء کے ہے۔ (انتھی) اس کا محل بحث ہونا واضح ہے۔ چونکہ یہاں یہ واؤ عاطفہ ہے، نسبت اسناد کی تاکید کے لئے ہے، بخلاف "فالامثل" کی فاء کے، چونکہ وہ امر اضافی میں تعقیب رتبی کے لئے ہے، معنوی اعتبار سے عبارت کی تقدیر یوں ہے: **تلك اجود من المصافحة وأجود من كل شيئ**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عکرمہ کو مہاجر راکب کا خطاب

۴۶۸۴: وَعَنْ عِكْرَمَةَ بْنِ اَبِيْ جَهْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا جِئْتُهُ مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۷۴ الحديث رقم ۲۷۳۵۔

ترجمہ: حضرت عکرمہ بن ابی جہل سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے بعد جب میں جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اسلام لانے کے لئے حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ۔ یعنی ہجرت کرنے والے سوار کو مرحبا ہو۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

راویٔ حدیث:

عکرمہ بن ابی جہل۔ یہ عکرمہ بن ابی جہل ہیں۔ان کے والد ''ابوجہل'' کا نام عمرو بن ہشام ''مخزومی قریشی'' ہے۔ یہ اوران کے باپ آنحضور ﷺ سے بڑی سخت عداوت رکھتے تھے۔ یہ مشہور سوار تھے۔فتح مکہ کے دن بھاگ کر یمن چلے گئے تھے۔اس کے بعدان کی بیوی ''ام حکیم بنت الحارث'' ان کے پاس پہنچ گئیں اوران کو لے کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ جب آنحضور ﷺ نے ان کو دیکھا تو ''مہاجر سوار'' کہہ کر خوش آمدید فرمایا۔ ۸ھ میں فتح مکہ کے بعد اسلام لائے اور صحیح معنی میں اسلام لائے۔ان کا شمار جلیل القدر صحابہ میں ہوتا ہے۔ان کے دل میں کلام اللہ کی عظمت اس قدر غالب تھی کہ جب قرآن کریم کھولتے تو یہ کہتے ہوئے ان پر غشی طاری ہوجاتی کہ یہ میرے رب کا کلام ہے۔ جنگ یرموک میں ۱۳ھ میں جب کہ ان کی عمر باسٹھ (۶۲) سال تھی شہید کر دیئے گئے۔حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ سے روایت کرتے ہوئے فرماتی ہیں کہ میں نے خواب میں ابوجہل کے لئے جنت میں کھجور کے درخت دیکھے تھے۔ جب عکرمہ اسلام لائے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ''تمہارے خواب کی یہ تعبیر ہے''۔عکرمہ رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے شکایت کی کہ جب میں مدینہ میں چلتا پھرتا ہوں تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے دشمن ابوجہل کا بیٹا ہے۔اس پر آپ ﷺ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہو گئے اور اللہ کی حمد وثناء بیان کی اور فرمایا ''(لوگ سونے اور چاندی کی کانوں کی طرح ہیں جو جاہلیت کے دور میں اچھے تھے وہ اسلام لانے کے بعد بھی اچھے ہیں جب کہ ان کو دین کی سمجھ آجائے اچھے اور بہترین ہیں۔(اس لیے کسی برے عنوان سے ان کا تذکرہ نہ کرو)''۔

انصاری کا محبت سے چمٹنا

۴۶۸۵: وَعَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ وَكَانَ فِيْهِ مِزَاحٌ بَيْنَا يُضْحِكُهُمْ فَطَعَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خَاصِرَتِهٖ بِعُوْدٍ فَقَالَ اَصْبِرْنِيْ قَالَ اِصْطَبِرْ قَالَ اِنَّ عَلَيْكَ قَمِيْصًا وَلَيْسَ عَلَيَّ قَمِيْصٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَهٗ فَاحْتَضَنَهٗ وَجَعَلَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُقَبِّلُ كَشْحَهُ قَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُّ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه الترمذي في السنن ٥/ ٧٤ الحديث رقم ٢٧٣٥۔

ترجمہ: حضرت اسید بن حضیرؓ جو کہ انصار میں سے تھے وہ لوگوں کو ہنسا رہے تھے اور اس کی طبیعت میں مزاح تھا تو اسی دوران رسول اللہ ﷺ نے بطور مزاح اس کی کوکھ میں لکڑی سے کچوکا (ٹھونکا) دیا۔ تو اسید کہنے لگے آپ مجھے اس کا بدلہ دیجیے۔ آپ نے فرمایا ہاں میں بدلہ دوں گا۔ انہوں نے فرمایا آپ نے تو قمیص پہن رکھی ہے اور میرے جسم پر تو قمیص نہیں ہے۔ تو جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنی قمیص مبارک اٹھا دی۔ وہ آپ ﷺ کے پہلو سے چمٹ گئے اور پہلو کو بوسہ دینے لگے اور کہا یا رسول اللہ ﷺ کہ میرا مقصود یہی تھا۔ ابو داؤد نے اس کو روایت کیا ہے۔

راویٔ حدیث:

اسید بن حضیر۔ یہ اسید بن حضیر انصاری ہیں۔ قبیلہ اوس میں سے ہیں۔ یہ ان اصحاب میں سے ہیں جو عقبہ ثانیہ کے موقع پر حاضر تھے اور عقبہ والی رات میں یہ حضور انور ﷺ کے احکام لوگوں تک پہنچانے پر مامور و محافظ تھے (دونوں عقبہ کا درمیانی زمانہ ایک سال تھا)۔ بدر میں اور اس کے بعد دیگر غزوات میں بھی شریک رہے۔ ''اسید'' اور ''حضیر'' دونوں تصغیر کے ساتھ ہیں ان کی کرامت کا بیان جلد دہم' باب الکرامات کی فصل اول کے آغاز میں آئے گا ایک کرامت مشہور ہے ان سے صحابہ ؓ کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ سرزمین مدینہ میں (۲۰ھ کو انتقال ہوا) اور بقیع میں دفن ہوئے' عرض مرتب۔

تشریح: مزاح: لفظ ''مزاح'' کی لغوی تحقیق کے لئے ''باب المزاح'' کا ابتدائیہ ملاحظہ فرمائیے۔

أصبرني: ہمزہ کے فتحہ اور بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ۔ **اى أقدرني ومكنني من استيفاء القصاص۔**

أصطبر: باب افتعال سے فعل مضارع، واحد متکلم کا صیغہ ہے۔ **اى أمكنك من القصاص واقتص من نفسي**' اور ایک نسخہ صحیح میں (بصیغہ امر) ہے۔ بلکہ کہا گیا ہے کہ یہی صحیح ہے۔ **اصطبر** بصیغہ امر ہے۔ **اى استوف القصاص** ''**اصطبار**'' کے معنی میں ہیں: **اقتصاص**. (ذکرہ شارح) اور ''النہایۃ'' میں لکھتے ہیں:

قوله: أصبرني اى أقدني من نفسنك :

کہا جاتا ہے: ''**اصبره الحاكم**'' کا معنی ہے: **أقصه من خصمه**۔ صاحب ''الفائق'' فرماتے ہیں: **اصله الحبس حتى يقتل واصبره القاضي صبار اقصه واصطبر أى اقتص۔**

رجل من الانصار: رجل مرفوع ہے۔ اور ایک نسخہ میں مجرور ہے۔

قال...... : اس کا فاعل اس میں موجود ضمیر مستتر ہے' یہ جملہ محل رفع میں خبر ہے: ''**رجل من الانصار**'' مبتدا کی۔

بيننا: مفعول فیہ ہے قال کا **بينما هو يحدث القوم**: یہ جملہ مقولہ ہے ''**قال**'' کا۔

وكان فيه مزاح: اکثر نسخوں میں لفظ ''مزاح'' ضمہ کے ساتھ ہے' اور بعض نسخوں میں میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ یہ جملہ **يحدث** کی ضمیر سے حال ہے۔ یہ جملہ دو جملوں کے درمیان واقع ہوا ہے۔ یعنی ''**يحدث القوم**'' اور ''**يضحكم**'' کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درمیان میں (ملا قاری) کہتا ہوں کہ متن میں "بينا يضحكم" ہے۔ اشرف فرماتے ہیں کہ "بینا" اپنے مابعد کے ساتھ مل کر مقولہ ہے قال کا۔ بینا یضحکھم: بینا مفعول فیہ ہے فطعنه کے لئے۔ یا فعل محذوف کے لئے، اس فعل پر یضحکھم فعل محذوف دلالت کر رہا ہے۔ اور تقدیر یوں ہوگی: بينا يضحكهم أضحكهم۔

"فطعنه النبی ﷺ" کا عطف يضحكهم پر ہے۔ "فيه" کی ضمیر "رجل" کی طرف عائد ہے۔

اشرفؒ فرماتے ہیں مصابیح میں اس کے ضبط (اعراب) میں اضطراب ہے۔ (لفظ "رجل" مصابیح میں جس طرح مذکور ہے یعنی رفع کے ساتھ وہ اس بات کا متقاضی ہے کہ جس شخص کے مزاح میں خوش طبعی وظرافت تھی اور جس نے آنحضرت ﷺ سے بدلہ کا مطالبہ کیا وہ خود اسید رضی اللہ عنہ ہیں جیسا کہ ترجمہ سے واضح ہوا۔) جامع الاصول میں یہ لفظ ("رجل" نہیں بلکہ) "رجلا" منقول ہے۔ چنانچہ روایت کے الفاظ یوں ہیں: عن اسيد بن حضير قال: ان رجلا من الانصار كان فيه مزاح، فبينما هو يحدث القوم يضحكم اذ طعنه النبی ﷺ بعود كان فی يده قال: يا رسول الله اصبرنی، قال: اصطبر...... (یعنی حضرت اسید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انصار میں سے ایک شخص تھے جن کے مزاح میں خوش طبعی وظرافت تھی چنانچہ ایک موقع پر جب لوگوں سے باتیں کر رہے تھے اور ان کو ہنسا رہے تھے تو نبی کریم ﷺ نے ان کے پہلو میں ایک لکڑی سے ٹھوکا دیا جوان کے ہاتھ میں تھی، وہ شخص بولا مجھے اس ٹھوکا دینے کا بدلہ دیجئے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ سے بدلہ لے لو۔ اس سے یہ واضح ہوا کہ "رجل الانصار" خوش طبعی وظرافت سے ہنسانے والے اور آنحضرت ﷺ سے بدلہ لینے کا مطالبہ کرنے والے صاحب حضرت اسید رضی اللہ عنہ نہیں تھے (حضرت اسید رضی اللہ عنہ تو ان کے واقعہ کے ناقل تھے)۔ لہٰذا "رجل" کو مجرور پڑھنا جائز نہیں ہے، بلکہ یہ مرفوع ہے مبتدا ہونے کی حیثیت سے، اور "من الانصار" اس کے لئے "مخصص" ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث جس طرح متن اور مصابیح میں ہے اسی طرح سنن ابی داؤد میں بھی ہے اور اسی طرح ایک معتمد نسخہ میں ہے۔ پس باقی رہ جاتی ہے یہ بات کہ وہ صاحب کہ جن کو رسولؐ نے ٹھوکا دیا تھا وہ اسید بن حضیر تھے یا کوئی اور صاحب تھے؟ تو جامع الاصول کی روایت کے مطابق تو وہ کوئی اور صاحب تھے۔ اور شرح السنہ کے الفاظ کے مطابق وہ صاحب اسید بن حضیر ہی تھے، (شرح السنہ کی) روایت کے الفاظ یوں ہیں: عن عبد الرحمن بن أبی ليلى عن أسيد بن حضير من نقباء الانصار۔ حدیث کو اس روایت پر محمول کرنا، اس روایت کے مقابلہ میں زیادہ سہل اور تکلف سے بعید تر ہے اور یہ کہنا: "قال" خبر ہے، اور "بینما" اس کا ظرف ہے، خارج از مراد ہے۔ پس "رجل" مجرور ہے "اسید" سے بدل ہے، اور "قال" راوی کا قول ہے۔ ای قال الراوی وهو عبد الرحمن بينما اسيد يحدث...... اور اگر قائل "اسید" ہوتے تو "فبينما انا" کہتے، اور دوسرا "بینا" بدل ہے اس سے، اور "فطعنہ" جواب ہے۔ (انتہی)

قوله: وليس علی قميص: حال ماضی کی حکایت ہے، ورنہ بظاہر یوں کہنا چاہیے تھا: ولم يكن علی قميص۔

قوله: فرفع النبی ﷺ قميصه: "رفع" کو "عن" کے ساتھ متعدی کیا، چونکہ "کشف" کے معنی کو متضمن ہے۔ ای کشف عماستره قميصه فرفعه عنه (ذکرہ الطیبی) یہ ارشاد باری تعالیٰ بھی اسی طرح ہے: [وكشف عن ساقيها] [النحل: ٤٤]

فاحتبضمه: "حضن" سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: مادون الابط الی الكشخ۔ "كشحه": ای جنبه۔ شارح فرماتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور ابن الملکؒ نے بھی ان کی اتباع کی ہے: هوما بين الخاصرة الى الضلع الأقصر من أضلاع الجنب۔

قوله: قال انما أردت هذا يا رسول الله: اى ماأردت بقولي: أصبرني الا هذا التقبيل وما قصدت حقيقة القصاص۔ میں کہتا ہوں یہ مماثلت نہیں ہے، چونکہ یہ اعلیٰ واغلیٰ ہے، مزید یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ''طعن'' میں تو ایسے درجات عالیہ ہیں کہ جن کے پہلو میں دنیا دیتے ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خوش طبعی وظرافت کی باتیں کرنا اور سننا مباح ہے، بشرطیکہ کسی غیر شرعی امر کا ارتکاب نہ کیا جائے۔ امام طیبیؒ مزید یہ فرماتے ہیں: الانبساط مع الوضيع من شيم الشريف۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: حدیث کے ظاہر سے اباحت نہیں بلکہ استحباب معلوم ہوتا ہے۔ چونکہ ظرافت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس موقع محل پر یہ بات ''الانبساط مع الوضع من شيم الشريف'' انتہائی غیر مناسب ہے، چونکہ خوش طبعی اور ظرافت کا سامان مہیا کرنے والے صاحب صحابی رسول اسید بن حضیر ہیں۔ جو جلیل القدر صحابی ہیں۔ جن کا شمار انصار کے نقباء میں ہوتا ہے۔ (لہٰذا اس موقع پر یہ جملہ کسی صحابی کے حوالے سے انتہائی نازیبا ہے۔)

عرض مرتب:

ہنسی مذاق سے متعلقہ چند احکام حدیث: ۴۸۳۵ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

جعفر رضی اللہ عنہ کے ماتھے پر بوسہ

۴۶۸۶: وَعَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقّٰى جَعْفَرَ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَالْتَزَمَهٗ وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ۔

(رواه ابوداؤد والبيهقي في شعب الايمان مرسلاً وفي بعض نسخ المصابيح وفي شرح السنة عن البياضي متصلا)

أخرجه أبو داؤد في السنن ۵/۳۹۲ الحديث رقم ۵۲۲۰، وأخرجه البغوي في شرح السنة ۱۲/۲۹۰ الحديث رقم ۳۳۲۷۔

ترجمہ: حضرت شعبی بیان کرتے ہیں کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جعفر بن ابی طالب سے ملے اور اس کو گلے ملے اور اس کے ماتھے پر بوسہ دیا۔ اس روایت کو ابوداؤد، بیہقی نے شعب الایمان میں مرسل روایت کیا ہے اور مصابیح کے بعض نسخوں اور شرح السنۃ میں بیاضی سے اتصال کے ساتھ نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث:

جعفر بن ابی طالب۔ یہ جعفر بن ابی طالب ہاشمی حضرت علی بن ابی طالب کے بھائی ہیں۔ ان کا خطاب ذوالجناحین ہے ۳۱ افراد کے بعد اسلام لے آئے تھے۔ یہ اپنے بھائی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دس سال بڑے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صورتؐ اور سیرتِ میں سب سے زیادہ مشابہ ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابوطالب کے اونٹوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے بارے میں نماز ادا کر رہے تھے کہ اچانک ابو طالب نے ہم کو اوپر سے جھانکا آنحضور ﷺ نے ان کو دیکھ لیا اور فرمایا کہ اے محترم چچا نیچے تشریف لے آئیے اور ہمارے ساتھ نماز پڑھئے۔ ابو طالب نے کہا اے میرے پیارے بھتیجے میں یقین رکھتا ہوں کہ آپ حق پر ہیں۔ لیکن میں یہ بات بری سمجھتا ہوں کہ میں سجدہ کروں اور میرے سرین اوپر کو بلند ہو جائیں لیکن اے جعفر تم اترو اور اپنے چچا کے بیٹے کے بازو میں نماز پڑھو۔ حضرت جعفر اترے اور آنحضرت ﷺ کے بائیں جانب نماز پڑھنے لگے۔ جب آنحضور ﷺ نے اپنی نماز پوری کر لی تو حضرت جعفر کی طرف مڑ کر دیکھا اور فرمایا یاد رکھو اللہ تعالیٰ تمہارے جسم سے دو بازو ملا دیگا جن کے ذریعہ سے جنت میں اڑتے پھرو گے جیسے کہ تم ملے ہوا پنے چچا کے بیٹے کے بازوؤں سے۔ ان سے ان کے بیٹے عبداللہ رضی اللہ عنہ اور بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے روایت حدیث کی ہے۔ ۸ھ میں جنگ موتہ میں جام شہادت نوش کیا۔ اور اکتالیس (۴۱) برس کی عمر پائی۔ ان کے بدن کے سامنے کے حصہ میں تلوار اور نیزے کے نوّے (۹۰) زخم پائے گئے۔

شعبی ۔ یہ عامر بن شراحیل کوفی ہیں۔ مشہور ذی علم لوگوں میں سے ہیں۔ جلیل القدر تابعی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں پیدا ہوئے۔ بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔ اور ان سے ایک بڑا گروہ روایت کرتا ہے۔ فرماتے تھے کہ میں نے پانچ سو (۵۰۰) صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھا۔ کبھی کوئی حرف کسی کاغذ پر نہیں لکھا اور مجھ سے جو حدیث بھی بیان کی گئی میں نے اس کو اپنے حافظہ میں محفوظ کر لیا۔ "ابن عیینہ" کا قول ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنے زمانہ کے اور "شعبی" اپنے زمانہ کے "ثوری" اپنے دور کے امام تھے۔ "زہری" نے کہا کہ علماء تو چار ہی گزرے ہیں: ❶ ابن المسیّب مدینہ میں ❷ شعبی کوفہ میں ❸ حسن رضی اللہ عنہ بصرہ میں ❹ مکحول شام میں۔ ۱۰۴ھ میں بعمر ۸۲ برس انتقال ہوا۔ "شعبی" میں شین معجمہ مفتوح، عین مہملہ ساکن، باء موحدہ اور پھر یائے نسبت ہے۔ قبیلہ کی طرف منسوب ہے۔ (جامع الاصول) قاموس میں ہے کہ شعب "منع" کی طرح ہے ایک بہت بڑا قبیلہ ہے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے حبشہ سے واپس آنے کے اسی واقعہ سے متعلق ہے جس کا ذکر آگلی حدیث میں آ رہا ہے۔

لفظ "بیاضی" کی تحقیق:

"بیاض" بائے موحدہ کے فتحہ، یاء تحتیہ کی تخفیف اور ضاد معجمہ کے ساتھ ہے۔ بعض حضرات کا کہنا ہے، کہ "بیاضی" بیاضہ بن عامر بن زریق کی طرف منسوب ہے۔ "بیاضی" جہاں بغیر نام کے مطلقاً آئے، وہاں "بیاضی" سے مراد حضرت عبداللہ بن جابر انصاری (صحابی) مراد ہوتے ہیں۔

مجھے آمد جعفر کی زیادہ خوشی ہے یا فتح خیبر کی

۴۶۸۷: وَعَنْ جَعْفَرَ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ قِصَّةِ رُجُوْعِهٖ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ قَالَ فَخَرَجْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا الْمَدِیْنَةَ فَتَلَقَّانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَنَقَنِیْ ثُمَّ قَالَ مَا أَدْرِیْ اَنَا بِفَتْحِ خَیْبَرَ اَفْرَحُ اَمْ بِقُدُوْمِ جَعْفَرٍ وَوَافَقَ ذٰلِكَ فَتْحَ خَیْبَرَ۔ (رواہ فی شرح السنۃ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البغوي في شرح السنة ١٢/ ٢٩٠ الحديث رقم ٣٣٢٧۔

ترجمہ: حضرت جعفر سرزمین حبشہ سے اپنی واپسی کا واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ہم حبشہ سے روانہ ہو کر مدینہ منورہ پہنچے اور جناب رسول اللہ ﷺ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے مجھے گلے لگالیا اور پھر فرمایا مجھے معلوم نہیں آیا مجھے فتح خیبر کی زیادہ خوشی ہے یا جعفر کی آمد کی اور مدینہ منورہ میں پہنچنا فتح خیبر ہی کے دن تھا۔ اس کو شرح السنۃ نے روایت کیا ہے۔

تشریح: أفرح: افعل التفضیل ہے۔ ایک احتمال یہ بھی ہے، کہ فعل مضارع واحد متکلم کا صیغہ ہو۔

أنا أفرح: ''أنا'' مبتدا اور ''افرح'' خبر ہے۔ ''أنا'' کی ترکیب میں ایک اور احتمال بھی ہے، وہ یہ کہ ''أدری'' کی ضمیر فاعل کیلئے تاکید ہو اور ''أفرح'' کو فعل مانا جائے۔

و وافق ذلك فتح خيبر: ''ذلك'' محل رفع میں ''وافق'' کا فاعل ہے۔ ''ذلك'' کا مشار الیہ ''قدوم جعفر'' ہے۔

طیبیؒ فرماتے ہیں: هذا الأسلوب من باب الذهاب الى التشابه من التشبيه مبالغة في الحاق الناقص بالكامل. امام طیبیؒ کی بات کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت جعفر بن ابی طالب کے آنے سے زیادہ خوشی فتح خیبر کی تھی۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں طیبیؒ کی یہ بات محل نظر ہے۔ چونکہ تساوی کا امکان بہر حال موجود ہے۔ (یعنی آنحضرت ﷺ کو دونوں باتوں کی ایک دوسرے سے بڑھ کر خوشی ہو۔)

وفد عبد القیس کی آمد

۴۶۸۸: وَعَنْ زَارِعٍ وَكَانَ فِي وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهُ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٥/ ٣٩٥ الحديث رقم ٥٢٢٥۔

ترجمہ: حضرت زارع جو وفد عبد القیس میں شامل تھے وہ کہتے ہیں کہ جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو ہم جلدی سے اپنی سواریوں سے اترنے لگے چنانچہ ہم نے آپ کے ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دیا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

راوی حدیث:

زارع بن عامر۔ یہ زارع بن عامر بن عبد اللہ القیس ہیں۔ وفد ''عبد القیس'' میں شامل ہو کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ یہ بصریوں میں شمار ہوئے ہیں ان کی حدیث اہل بصرہ کے یہاں رائج ہے۔

عرض مرتب:

ملا علی قاریؒ نے اس حدیث کے تحت کوئی کلام نہیں فرمایا: البتہ صاحب مظاہر کا کلام بہت وقیع ہے ان کے کلام کا حاصل یہ ہے:

اس حدیث کے ظاہری مفہوم سے ~~پیر وں کو چومنے~~ کا جواز معلوم ہوتا ہے، لیکن فقہاء اس کو ممنوع قرار دیتے ہیں چنانچہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث کی کئی تاویلات کرتے ہیں: ❶ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے تھا کہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں کو بوسہ دینا جائز تھا ❷ یہ ابتداً جائز تھا مگر پھر ممنوع قرار دے دیا گیا ❸ وہ لوگ اس مسئلہ سے ناواقف تھے' اسی لاعلمی کی بنا پر انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں کو بوسہ دیا۔ ❹ شوق ملاقات میں اضطراری طور پر ان سے یہ فعل صادر ہو گیا تھا۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹی سے طرزِ شفقت

۴۶۸۹: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَارَأَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا وَفِي رِوَايَةٍ حَدِيْثًا وَكَلَامًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَادَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔ (رواہ ابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۳۹۱/۵ الحدیث رقم ۵۲۱۷' والترمذی فی ۶۵۷/۵ الحدیث رقم ۳۸۷۲' وابن ماجه فی ۱۶۲۱/۲ الحدیث رقم ۳۷۰۵۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے طرز! عمل' عادت اور چال چلن میں اور ایک روایت میں کلام و گفتگو میں حضرت فاطمہؓ سے بڑھ کر کسی کو بھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہت والا نہیں دیکھا۔ چنانچہ جب فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتیں تو آپ ان کے لئے کھڑے ہو جاتے اور ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے اور ان کو بوسہ دیتے پھر اپنے بیٹھنے کی جگہ میں ان کو بٹھاتے اسی طرح جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہؓ کے ہاں تشریف لے جاتے تو وہ آپ کے لئے کھڑی ہو جاتی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑتیں اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیتیں اور اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: قام الیها: (جار مجر بر محذوف کے متعلق ہے۔) ای مستقبلا و متوجها۔ ان دونوں کا ایک دوسرے کے لئے کھڑا ہونا بطور اکرام و تکریم ہوتا تھا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: زیادہ واضح یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کی پیشانی پر بوسہ دیتے ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کی انتہائی تعظیم فرماتے تھے، گویا کہ جیسے کوئی شخص اپنی ماں کی تعظیم کرتا ہے۔ ابن عدی اور بیہقی، حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: ''من قبل بین عینی أمه کان له سترا من النار''. جس شخص نے اپنی ماں کے آنکھوں کے درمیان (یعنی پیشانی پر) بوسہ دیا، یہ بوسہ (دینا) اس کیلئے جہنم سے ڈھال ہوگا۔

ملاحظہ: اس حدیث کے ابتدائی حصہ کی شرح، ''باب مناقب أهل البیت النبی ﷺ''. فصل اول چوتھی حدیث ۱۰/ ۶۱۳۸، عن عائشة قالت: کنا الازواج النبی ﷺ کے تحت ملاحظہ فرمایئے۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بیٹی رضی اللہ عنہا سے اندازِ شفقت

۴۶۹۰: وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ اَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا عَائِشَةُ ابْنَتُهُ مُضْطَجِعَةٌ قَدْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَصَابَهَا حُمًّى فَاَتَاهَا اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ كَيْفَ اَنْتِ يَابُنَيَّةُ وَقَبَّلَ خَدَّهَا۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٣٩٣ الحديث رقم ٥٢٢٢۔

ترجمہ: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ جب مدینہ منورہ میں ابوبکر رضی اللہ عنہ پہلی مرتبہ آئے تو میں ان کے ساتھ ان کے گھر داخل ہوا تو میں نے اچانک دیکھا کہ ان کی بیٹی عائشہ رضی اللہ عنہا بیماری کے سبب چت لیٹی ہوئی ہیں تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے کہا بیٹی تمہارا کیا حال ہے؟ اور بطور شفقت ان کے رخسار کو بوسہ دیا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: ''حمی'': حائے مہملہ کے ضمہ میم کی تشدید اور قصر کے ساتھ

''بنية'': بنت کی تصغیر ہے۔ یہ تصغیر برائے اظہار شفقت ہے۔

ملاحظہ: ''بچوں کو بوسہ دینے کے احکامات'' ''احکام باب'' کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہ کو بوسہ دینا رحمت و شفقت کے باعث تھا' یا سنت کی رعایت کے پیش نظر تھا۔

اولاد و بخل و بزدلی کا باعث ہے

۴۶۹۱: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِصَبِیٍّ فَقَبَّلَهُ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ وَاِنَّهُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ١٣/ ٣٥ الحديث رقم ٣٤٤٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بچہ لایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بوسہ دیا اور فرمایا یہ اولاد بخل کا باعث اور بزدلی کا سبب ہے اور بلاشبہ اللہ کی دی ہوئی خوشبو ہے۔ (شرح السنہ)

تشریح: أما: ہمزہ کے فتحہ اور میم کی تخفیف کے ساتھ۔ برائے تنبیہ ہے۔

انهم: ضمیر کا مرجع ''اولاد'' ہے (اگرچہ ماقبل میں مذکور نہیں) مقام اس کا قرینہ ہے' اور ماقبل میں بچہ کا ذکر ہوا ہے۔

مبخلة: میم کے فتحہ اور بائے موحدہ کے سکون کے ساتھ بمعنی بخل کا سبب۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ''مبخلة'' بروزن ''مفعلة'' ''بخل'' سے مشتق ہے۔ مظنة البخل' یعنی اپنے والدین کو بخل پر ابھارتا ہے' اور انہیں بخل کرنے کی طرف بلاتا ہے' چنانچہ وہ اس کی وجہ سے مال میں بخل کرتے ہیں۔

مجبنة: میم کے فتحہ، جیم کے سکون اور بائے موحدہ کے فتحہ کے ساتھ۔ اس کا معنی ہے: بزدلی کا باعث وسبب۔ یہ (حدیث) دلالت کر رہی ہے ان کی کمال محبت اور غایت مودت پر' یہاں تک کہ اکثر لوگ ان کی محبت کو ترجیح دیتے ہیں محاسن رضیہ پر' اوران مامور بہا امور پر کہ جن کا شریعت حنیفیہ میں حکم دیا گیا ہے' جو ان کے دینی اور دنیوی معاملات میں ان کے لئے نافع ہوتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب فائق لکھتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ اولاد اپنے باپ کو بزدلی میں مبتلا کر دیتی ہے، بایں طور کہ باپ جنگ سے ہچکچاتا ہے کہ اگر میں جنگ میں قتل ہو گیا، تو میری اولاد تباہ و برباد ہو جائے گی۔ اور اولاد کی خاطر مال جمع کرتا ہے، چنانچہ بخل کا شکار ہو جاتا ہے۔

و انهم: واؤ حالیہ ہے، گویا کہ اصل کلام یوں ہے: **مع أنهم الخ**.

" **لمن ریحان الله**": اس کی لغوی تحقیق بسط کے ساتھ گزر چکی ہے۔ کہا جاتا ہے: ﴿**سبهانه الله و ریحانه - ای اسبح له و استرزقه**۔ یہ مخفف ہے' **ریحان** بروزن **فیعلان** سے ''روح'' سے ماخوذ ہے' اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد ''مشموم'' ہو۔ کیونکہ عمدہ خوشبوؤں کو ''ریحان'' کہا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے **حباه بطاقة نرجس و بطاقة ریحان** چنانچہ اس صورت میں معنیٰ ہوگا' **إنهم مما اکرم الله به الانا سی وحبا هم به**۔ یا اس وجہ سے کہ ان کو سونگھا جاتا ہے' اور بوسہ دیا جاتا ہے' تو گویا کہ وہ فی الجملہ ان ریاحین میں سے ہیں جن کو اللہ نے اگایا ہے۔ ایک شارح کہتے ہیں: **ای من رزق الله تعالیٰ' أو من الطیب الذی طیب الله به قلوب الآباء** اور ریحان کے معنیٰ ''رزق'' اور ''نبت طیب الریح'' بھی آتا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "**أنهم**......" یہ کلام سابق کے لئے تذییل" ہے۔ اسی لئے ''صبی'' کی طرف ضمیر جمع کی لائی گئی ہے اور "**وانهم لمن ریحان الله** " از باب رجوع ہے کہ اولاً ان کی مذمت کی گئی پھر ان کی مذمت سے مدحت کی طرح رجوع فرمایا: امام طیبیؒ لکھتے ہیں:

مصافحہ، معانقہ کے بارے میں اقوال فقہاء:

حضرت امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دونوں حضرات معانقہ اور تقبیل یعنی ہاتھ کو منہ اور آنکھوں کے ذریعہ چومنے کی کراہت کے قائل ہیں ان کا یہ کہنا کہ معانقہ کے بارے میں نہی منقول ہے چنانچہ فصل اول میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ نہی ثابت ہے۔

یہ حضرات یہ بھی کہتے ہیں کہ جن روایتوں سے معانقہ کی اجازت ثابت ہوتی ہے ان کا تعلق اس زمانہ سے جب کہ معانقہ کو ممنوع نہیں قرار دیا گیا تھا۔

بہر حال اس سلسلے میں احادیث منقولہ کے درمیان بظاہر اختلاف نظر آتا ہے کہ بعض سے ممانعت اور بعض سے اجازت ثابت ہوتی ہے۔ معانقہ محبت و اکرام کے جذبہ سے ہو وہ بلاشک وشبہ جائز ہے۔ بعض علماء نے یہ بھی لکھا ہے کہ معانقہ کے بارے میں فقہاء کے درمیان جو اختلاف ہے وہ اس صورت میں ہے جب کہ جسم پر کپڑا نہ ہو بدن پر قمیص و جبہ وغیرہ ہونے کی صورت میں کوئی اختلاف نہیں بلکہ بالاتفاق جائز ہے۔

ہاتھ یا پیشانی وغیرہ چومنا بھی جائز ہے۔

بزرگانِ دین اور متبعین سنت علماء کے ہاتھ پر بوسہ دینے کو بعض حضرات نے مستحب کہا ہے۔

لیکن مصافحہ کے بعد خود اپنا ہاتھ چومنا کچھ اصل نہیں رکھتا بلکہ یہ جاہلوں کا طریقہ ہے۔ اور مکروہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی عالم یا سلطان وحاکم کے ہاتھ کو چومنا ان کے علم وانصاف کی بناپر اور دین کے اعزاز واکرام کے جذبہ سے ہوتو کوئی مضائقہ نہیں اور اگر ان کے ہاتھ چومنے کا تعلق کسی دنیاوی غرض ومنفعت سے ہوتو سخت مکروہ ہوگا۔

اگر کوئی شخص کسی عالم یا کسی بزرگ سے اس کا پیر چومنے کی درخواست کرے تو اس کو ہرگز نہیں ماننا چاہئے۔

بچوں کو بوسہ دینے کی اجازت ہے اگرچہ غیر کا بچہ ہو۔

آپس میں ایک دوسرے کے ہاتھ اور چہرہ کا بوسہ دینا مکروہ ہے۔

چھوٹے بچے کا بوسہ لینا واجب ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: بلکہ اولاً ان امور مذمومہ کا ذکر فرمایا جو ان کے وجود پر مترتب ہوتے ہیں تاکہ ان امور مذمومہ سے بچا جا سکے، پھر ان کی مدح فرمائی کہ باوجود ایں ہمہ روح کے لئے سامان راحت ہیں۔ (انسان کی) بقاء معنوی انہی سے ہے۔ اور دنیوی واخروی نظام بھی ان ہی کے دم سے ہے۔

چنانچہ اسی وجہ سے کہا گیا ہے: الولد ان عاش نفع، وان مات شفع.

حکیم ترمذیؒ، حضرت خولہ بنت حکیم سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں: "الولد من ریحان الجنة".

ابو یعلی حضرت ابوسعید خدریؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: "الولد ثمر القلب، و أنه مجبنة مبخلة محزنة".

الفصل الثالث:

بچوں کو گلے لگانا

۴۶۹۲: عَنْ یَعْلٰی قَالَ اِنَّ حَسَنًا وَحُسَیْنًا اِسْتَبَقَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَضَمَّھُمَا اِلَیْہِ وَقَالَ اِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَۃٌ مَجْبَنَۃٌ۔ (رواہ احمد)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/۱۲۰۹ الحدیث رقم ۳۶۶۶' وأحمد فی المسند ۴/۱۷۲۔

ترجمہ: حضرت یعلیؓ سے روایت ہے کہ حسن وحسین دوڑتے ہوئے حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے ان دونوں کو گلے سے چمٹا لیا اور فرمایا بے شک اولاد بخل اور بزدلی کا باعث ہے۔ یہ احمد کی روایت ہے۔

تشریح: قولہ :ان الولد مبخلة مجنة:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہاں یہ دونوں محبت سے کنایہ ہیں، جیسا کہ مقام کا تقاضا ہے۔ چنانچہ یہ مدح ہوگی، اگرچہ ماقبل حدیث میں ذم سے کنایہ تھا۔ اھ۔ یہ بات عجیب وغریب ہے۔ درست بات وہی ہے، جو ہم نے ماقبل میں ذکر کی۔ ان دونوں کو یہاں ذکر کرنا اس وجہ سے ہے کہ یہ دونوں کمال محبت طبعیہ اور اس مودت عادیہ پر دلالت کرتے ہیں۔ جو اس شخص کے لئے مورث بخل وجبن ہیں، جو مرتبہ عبودیت اور تقاضائے محبت میں غیر کامل ہو۔ چونکہ محبوب حقیقی وہی ہے اور اس کے سوا مطلوب اضافی ہے، حالانکہ ماقبل میں ایک متفق علیہ حدیث گزری ہے: لا یؤمن أحدکم حتی أکون أحب الیه من والده و

www.KitaboSunnat.com

ولده والناس أجمعين.

تخریج: اس حدیث کو ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔ حاکمؒ نے اسود بن خلف سے، اور طبرانی نے خولہ بنت حکیم سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: أن الولد مبخلة محبنة مجهلة محزنة.

ہدیہ باہمی محبت کا باعث ہے

۴۶۹۳: وَعَنْ عَطَاءِ الْخُرَاسَانِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَصَافَحُوْا يَذْهَبِ الْغِلِّ وَتَهَادُوْا تَحَابُّوْا وَتَذْهَبِ الشَّحْنَاءُ۔ (رواه مالك مرسلا)

أخرجه مالك في الموطأ ۲/۹۰۸ الحديث رقم ۱۶۔

ترجمہ: عطاء خراسانی سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا باہمی مصافحہ کیا کرو اس سے بغض و کینہ جاتا رہے گا اور ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو اس سے آپس میں محبت پیدا ہوگی اور دشمنی دور ہوگی۔ مالک نے اس کو مرسل نقل کیا ہے۔

تشریح: یذھب: از باب فتح فعل معروف (یَذْھَبُ) ہے، اور ایک نسخہ میں از باب افعال فعل معروف (یُذْھِبِ) ہے۔

غل: غین کے کسرہ اور لام کی تشدید کے ساتھ۔ بمعنی حقد (کینہ)۔ "یذھب" مجرد سے ہو تو "الغل" فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوگا اور اگر مزید فیہ سے ہو تو "الغل" مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوگا۔ اور ضمیر فاعل اس "تصافح" کی طرف عائد ہوگی جو "تصافحوا" سے سمجھ میں آ رہا ہے۔

تھادوا: از باب تفاعل، تھادی مصدر سے امر کا صیغہ ہے۔ تاء کے فتحہ اور بائے موحدہ مفتوحہ کی تخفیف کے ساتھ۔

تحابوا: از باب تفاعل، تحابب مصدر سے ہے، ایک تاء حذف ہوا ہے۔

تذھب: مذکورہ بالا یذھب کی مانند دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے۔

الشحناء: شین معجمہ کے فتحہ کے ساتھ۔ وہ عداوت کہ جس سے سینہ بھرا ہوا ہو۔

"یذھب" اور "تحابوا" یہ دونوں فعل مضارع مجزوم ہیں جواب امر ہونے کی وجہ سے۔

"تذھب": یہ بھی مجزوم ہے، جواب امر پر عطف ہونے کی وجہ سے۔ باء کا کسرہ عارضی ہے، التقائے ساکنین کی وجہ سے آیا ہے۔

روایاتِ باب:

1. ابن عدی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً نقل کیا ہے: تصافحوا يذهب الغل عن قلوبكم.
2. ابویعلی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: تهادوا تحابوا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ ابن عساکر نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کچھ اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے: تهادوا تحابوا وتصافحوا يذهب الغل عنكم.

۴ ابن عساکر نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے:

تهادوا تزدادوا حبا، وهاجروا تورثوا أبناء كم مجدا، وأقيلوا الكرام عثراتهم.

۵ احمد اور ترمذی نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے:

تهادوا ان الهدية تذهب وحر الصدر' ولا تحقرن جارة لجارتها ولو شق فرسن شاة.

۶ ابن عدی نے ابن عباس سے نقل کیا ہے: تهادوا الطعام بينكم فان ذلك توسعة لأرزاقكم.

۷ طبرانی نے ام حکیم بنت رداع سے نقل کیا ہے: تهادوا فان الهدية تضعف الحب وتذهب بغوائل الصدور.

۸ بیہقی نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے:

تهادوا فان الهدية تذهب بالسخيمة، ولو دعيت الى كراع لأجبت ولو أهدى الى كراع لقبلت.

عرض مرتب:

ترجمۃ الباب سے مناسبت بظاہر صرف پہلی دو حدیثوں میں نظر آتی ہے۔ دوسری روایت کی مناسبت ہدیہ سے ہے۔

مصافحہ کا اُخروی فائدہ

۴۶۹۴: وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا قَبْلَ الْهَاجِرَةِ فَكَاَنَّمَا صَلاَّهُنَّ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَالْمُسْلِمَانِ اِذَا تَصَافَحَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُمَا ذَنْبٌ اِلاَّ سَقَطَ۔

(رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في الشعب ٦/ ٤٧٤ الحديث رقم ٨٩٥٥۔

ترجمہ: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے چار رکعت دوپہر سے پہلے پڑھی گویا اس نے لیلۃ القدر میں اس کو ادا کیا اور جب دو مسلمان آپس میں مصافحہ کرتے ہیں تو ان دونوں کے درمیان جو گناہ بھی ہوتا ہے وہ جھڑ جاتا ہے۔

تشریح: قوله: فكأنما صلاهن في ليلة القدر: هاجرة: نصف نہار سے پہلے کے وقت کو کہتے ہیں۔ اس وقت کو "ظہیرہ" بھی کہتے ہیں۔

اجرِ عظیم کا سبب: یہ شدید گرمی کا وقت ہوتا ہے۔ غفلت اور آرام کا وقت ہوتا ہے۔ قولہ: والمسلمان اذا تصافحالم يبق بينهما ذنب: گناہ سے مراد بغض وکینہ ہے اور دشمنی ہے، جیسا کہ اس سے پہلی حدیث میں بیان ہوا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "ذنب" کو ان دونوں کی جگہ ذکر کیا کیونکہ "ذنب" ان دونوں کا مسبّب ہے۔

عرض مرتب: بظاہر پچھلی حدیث سے مراد عطاء خراسانی کی حدیث ہے: یہ دونوں حدیثیں جدا جدا ہیں، لہٰذا "ذنب" کو عام رہنے دیا جائے، اس صورت میں گناہ سے مراد تمام گناہ ہوں گے، خواہ وہ بغض وکینہ ہو یا کوئی اور گناہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْقِيَامِ

کھڑے ہونے کا بیان

عرض مرتب: ''قیام'' سے متعلقہ احکام ذیل مرتب کی کاوش ہیں۔ (انتھی)

یہاں ''قیام'' سے مراد کسی کے لئے کھڑے ہونا ہے۔

① اگر کوئی ایسا شخص نظر آئے جو علم و فضل اور بزرگی کا حامل ہو تو اس کی تعظیم و توقیر کے طور پر کھڑے ہو جانا جائز ہے۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

② ایسے شخص کے آنے پر کھڑے ہونا جو نہ صرف یہ کہ اس اعزاز کا مستحق نہ ہو بلکہ اپنے آنے پر لوگوں کے کھڑے ہو جانے کی طلب و خواہش بھی رکھتا ہو' مکروہ ہے

③ بے جا خوشامد اور چاپلوسی کے طور پر کھڑے ہونا بھی مکروہ ہے۔

④ دنیاداروں کے لئے کھڑے ہونا اور ان کی تعظیم کرنا بھی نہایت مکروہ ہے۔ اس بارے میں سخت وعید منقول ہے۔

⑤ جہاں زیادہ بے تکلفی ہو کہ بار بار اٹھنے سے اس بزرگ کو تکلیف ہو تو نہ اٹھے۔

⑥ جس شخص کے لئے قیام جائز تھا جب وہ بیٹھ جائے، تو بیٹھ جانا چاہیئے۔

⑦ یہ کفار کی مشابہت ہے کہ سردار بیٹھا رہے اور سب حشم و خدم دست بستہ کھڑے رہیں۔

⑧ کسی شخص کا اہل فضل و علم، والیٔ عادل کے لئے اور متعلّم کا معلم کے لئے کھڑا ہونا مکروہ نہیں ہے بلکہ مستحب ہے۔ جیسا کہ حدیث سعدؓ سے معلوم ہوتا ہے۔ (ملاحظہ ہو: حدیث: ۴۶۹۵)

کسی شخص کو اس کی جگہ سے اٹھا کر وہاں بیٹھنا:

① اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ پہلے پہنچ کر بیٹھ جائے جو (ہر خاص و عام کے لئے) مباح ہو۔ مثلاً جمعہ وغیرہ کے دن مسجد میں پہلے پہنچ جائے اور آگے کی صف میں بیٹھ جائے، یا اس کے علاوہ کی اور مجلس وغیرہ میں پہلے پہنچ کر کسی عام جگہ پر بیٹھ جائے، تو وہ اس جگہ بیٹھنے کا سب سے زیادہ حقدار وہی ہوگا۔ مذکورہ بالا صورت میں کسی شخص کا اس آدمی کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود بیٹھنا حرام ہے۔ (ملاحظہ ہو حدیث: ۴۶۹۶، اس حدیث نہی کو امام نوویؒ نے نہی تحریمی قرار دیا ہے)۔

② جب کوئی شخص اپنی جگہ سے اٹھ کر جائے، اور پھر واپس آجائے، تو اپنی جگہ پر بیٹھنے کا حقدار ہے، لیکن شرط یہ ہے: (ا) وہ واپس آنے کے ارادے سے گیا ہو۔ (ب) وہ اپنی نشت پر کوئی نشانی یا چیز رکھ کر گیا ہو۔ (ج) وہ جلد واپس آیا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا اکرام

۴۶۹۵: عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اِلْخُدْرِیِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْقُرَیْظَةَ عَلٰی حُکْمِ سَعْدٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَیْهِ وَکَانَ قَرِیْبًا مِنْهُ فَجَاءَ عَلٰی حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ۔ (متفق علیه ومضی الحدیث بطوله فی باب حکم الاسرآء)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۷/ ۴۱۱ الحدیث رقم ۴۱۲۱، ومسلم فی ۳/ ۱۳۸۸ الحدیث رقم ۱۷۶۸، وأبو داوٗد فی السنن ۵/ ۳۹۰ الحدیث رقم ۵۲۱۵، وأحمد فی المسند ۳/ ۷۱۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جب بنوقریظہ نے حضرت سعد کو حکم ثالث مان لیا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کی طرف پیغام بھیجا۔ اس وقت حضرت سعد آپ کی قیام گاہ کے قریب ہی ٹھہرے ہوئے تھے۔ چنانچہ وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے جب وہ مسجد کے قریب ہوئے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انصار کو فرمایا اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔ باب حکم الاسراء میں طویل روایت گزری ہے۔

تشریح: **قوله: لما نزلت بنو قریظه علی حکم سعد:**

یہ یہود کی ایک جماعت تھی بنوقریظہ نے ان کو ثالث اس لئے بنایا تھا کہ یہ ان کی قوم کے حلیف تھے۔

اہم تنبیہ: صاحب مغرب فرماتے ہیں: سعد جس وقت مطلق بولا جائے تو محدثین کے نزدیک اس سے مراد سعد بن عبادہؓ یا سعد بن معاذؓ ہوتے ہیں۔ اھ۔

قوله: بعث رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم:

ایک نسخہ صحیحہ میں "الیه" بھی ہے۔

من المسجد: ابن ملکؒ کا کہنا ہے، کہ یہاں مسجد سے مراد مصلیٰ (یعنی مطلقاً نماز گاہ) ہے۔ امام میرکؒ کا کہنا ہے کہ اس روایت میں "مسجد" کا ذکر وہم ہے۔ چونکہ نبی کریم علیہ السلام اس واقعہ کے وقت بنوقریظہ میں فروکش تھے۔ یا یہ کہا جائے کہ اس مسجد سے مراد وہ جگہ ہے، جہاں اس قیام کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نمازیں ادا فرماتے رہے۔

یہاں کونسا قیام مراد ہے:

اس سلسلے میں علماء کی آراء میں شدید اختلاف ہے:

① بعض علماء کا کہنا ہے، کہ اس قیام کا مقصد (تعظیم نہیں تھا بلکہ) سعد بن معاذؓ کی اعانت کرنا تھا، تا کہ وہ گدھے پر سے اتر سکیں، چونکہ حضرت سعد بن معاذؓ بیمار تھے۔

② امام بیہقی فرماتے ہیں: یہ قیام حسن سلوک اور اکرام کے جذبہ کے پیش نظر تھا، لہٰذا درست تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملا علی قاریؒ کا رجحان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے، وہ حضرت معاویہ کی حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں: بظاہر صحابہ کرامؓ ان کی خدمت کے لئے کھڑے ہوئے تھے تاکہ تعظیم کے لئے، پس اس میں کوئی حرج نہیں جیسا کہ حدیث سعد اس پر دلالت کر رہی ہے۔

عرضِ مرتب:

تشریح مزید اگلی دو احادیث میں مکرر آ رہی ہے۔

مجالس میں توسیع کرو

۴۶۹۲: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهٖ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيح ۱۱/ ۶۲ الحديث رقم ۶۲۶۹، ومسلم في ۴/ ۱۷۱۴ الحديث رقم ۲۱۷۷، والترمذي في السنن ۵/ ۸۲ الحديث رقم ۲۷۴۹، والدارمي في ۲/ ۳۶۶ الحديث رقم ۲۶۵۳، وأحمد في المسند ۲/ ۱۷۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ کوئی آدمی دوسرے کو اس کی بیٹھنے کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ پھر وہاں خود بیٹھ جائے مگر مجالس میں کشادگی اور توسیع اختیار کرو۔ یہ بخاری و مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ نہی تحریمی ہے پس جو شخص کسی موضع مباح مثلاً مسجد وغیرہ میں جمعہ کے دن یا کسی اور نماز وغیرہ کے لئے پہلے پہنچ جائے تو وہ اس جگہ کا زیادہ حقدار ہے اس کو وہاں سے اٹھانا حرام ہے اس حدیث کی بناء پر۔ مگر ہمارے اصحاب نے اس ممانعت سے چند مواقع مستثنیٰ قرار دیئے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص مسجد میں کسی خاص جگہ بیٹھ کر فتویٰ دیتا ہے، یا قرآن پڑھاتا ہے، یا علوم شرعیہ کا درس دیتا ہے، تو ایسی صوت میں یہ شخص اس جگہ کا زیادہ حقدار ہے۔ کسی شخص کو اس سے نزاع کا حق حاصل نہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس بات کا محل بحث ہونا بالکل واضح ہے۔ چونکہ یہ حدیث بالکل صحیح ہے، اور نہی صریح ہے۔ کیا یہ مذکورہ تعلیل اس حدیث کے اس حکم میں تخصیص کے قابل ہے؟ علاوہ ازیں حدیث میں اس بات کی ممانعت آئی ہے، کہ کوئی شخص اپنے لئے جگہ مخصوص کرے، چونکہ اس میں ریاء کاری کا اندیشہ ہے، جو منافی اخلاص ہے۔

لا يقيم: از باب افعال ''اقامة'' مصدر سے ہے۔

مجلس: اسم ظرف کا صیغہ ہے۔

قوله: ثم يجلس فيه: یہ قید واقعی غالبی ہے۔

تفسحوا: عرب کے قول فسح عنی بمعنی ''تنحّ'' سے مأخوذ ہے۔

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ ''تفسحوا وتوسعوا'' سے پہلے عبارت مقدر ہے ای ولکن لیقل: تفسحوا وتوسعوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا: کوئی شخص کسی کو اس کی جگہ سے اٹھا کر وہاں نہ بیٹھے، بلکہ اس سے یہ کہے: کشادگی سے بیٹھو، اور آنے والے کو جگہ دو۔

تفسحوا وتوسعوا: یہ جملہ تاکید ہے، اور مطلب یہ ہے، کہ مل مل کر مت بیٹھو، بلکہ کشادہ ہو کر بیٹھو، تاکہ مجلس کشادہ رہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ﴾ [المجادلة: ١١]

''مؤمنو! جب تم سے کہا جائے کہ مجلس میں کھل جاؤ تو کھل کر بیٹھا کرو خدا تم کو کشادگی بخشے گا۔ اور جب کہا جائے کہ اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جن کو علم عطا کیا گیا ہے خدا ان کے درجے بلند کریگا۔ اور خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔''

جگہ سے اُٹھنے والا لوٹنے پر جگہ کا زیادہ حقدار ہے

۴۶۹۷: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلَيْهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/١٧١٥ الحديث رقم ٢١٧٩، والترمذی فی السنن ٥/٨٣ الحديث رقم ٢٧٥١، وابن ماجه فی ٢/١٢٢٤ الحديث رقم ٣٧١٧، والدارمی فی كتاب الاستئذان ٢/٣٦٦ الحديث رقم ٢٦٥٤، وأحمد فی المسند ٢/٤٤٧۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے بیٹھنے کی جگہ سے اٹھ کر جائے اور پھر واپس لوٹ آئے تو وہ اپنی جگہ کا دوسرے کی نسبت زیادہ حقدار ہے۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

تشریح: جلدی لوٹ آنے کی قید اس لئے لگائی کہ مثلاً جو شخص عرفہ یا منیٰ میں کوئی جگہ اپنے لئے مخصوص کرے اور اگلے سال دوبارہ وہاں آئے تو اس خاص جگہ کے بارے میں اس کا حق پہلے سے آئے ہوئے لوگوں سے بڑھ کر نہیں ہے، چنانچہ بہت سے لوگوں کو اس سلسلہ میں وہم ہے۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا ہوا ہو، پھر اٹھ کر وضو کے لئے چلا جائے یا کسی معمولی کام کرنے کے لئے چلا جائے، خواہ اپنی جگہ میں اس نے کوئی چادر وغیرہ چھوڑی ہو یا نہ چھوڑی ہو، تو وہ شخص اس جگہ کا زیادہ حقدار ہے پس اگر وہ واپس لوٹا اور اپنی جگہ کسی کو پائے تو اس کو حق حاصل ہے کہ اس نووارد کو وہاں سے اٹھا دے، چونکہ اس آمد و رفت سے اس شخص اول کا اختصاص ختم نہیں ہوا۔ اھ۔ ظاہر یہ ہے کہ اگر وہ شخص وہاں اپنی جگہ کوئی چیز چھوڑ کر نہیں گیا تھا تو اس کا اختصاص باطل ہو جائے گا، مباح اپنی اصل پر لوٹ آئے گا، عنقریب آگے ایک حدیث آرہی ہے جو اس پر دلالت کر رہی ہے: انه ﷺ اذا جلس فقام فأراد الرجوع نزع نعله ...... امام نوویؒ نے ماقبل میں اس کو بلا تعمیم کے ذکر کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ ہمارے اصحاب فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس شخص کے بارے میں ہے جو...... پھر فرمایا: ان میں سے بعض فرماتے ہیں کہ یہ مستحب ہے، واجب نہیں ہے، اور درست بات پہلی ہی ہے، وہ اس جگہ کا زیادہ حقدار صرف اس نماز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ہوگا۔

الفصل الثانی:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تھے

۴۶۹۸: عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانُوْا اِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُوْمُوْا لِمَا يَعْلَمُوْنَ مِنْ كَرَاهِيَتِهٖ لِذَالِكَ۔ (رواه الترمذی وقال هذا حديث حسن صحيح)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/ ٨٤ الحديث رقم ٢٧٥٤۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب ومعزز کوئی نہ تھا مگر جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کو دیکھتے تو وہ کھڑے نہ ہوتے کیونکہ وہ اس بات سے متعلق آپ کی ناپسندیدگی کو جانتے تھے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے۔

تشریح .... : ناپسندیدگی کی وجہ:

❶ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "أنا وأتقياء أمتی برآء من التكلف". (میں اور میری امت کے متقی لوگ تکلف سے بیزار ہیں)۔ چنانچہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام تکلف کو پسند نہیں کرتے تھے، بلکہ اہل عرب کی عادات پر ثابت قدم تھے کہ اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے، چلنے پھرنے، پہننے، اخلاق واطوار میں تکلفات سے اجتناب برتتے تھے۔ اور متکبرین ومتبحرین کی عادات کی مخالفت فرماتے تھے۔

❷ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: باہمی کمال محبت کا تقاضا یہی تھا، کہ تکلف وحشمت کے پردے اٹھا دیئے جاتے۔ صحابہ کرام کو حضور سے محبت کس قدر تھی اس کا اندازہ خود اسی روایت کے الفاظ " لم يكن شخص أحب اليهم من رسول الله ﷺ " سے لگایا جا سکتا ہے۔

امام حامد فرماتے ہیں: جب اتحاد تام ہوجاتا ہے تو باہمی حقوق مثلاً قیام' اتذار وثناء ہلکے ہوجاتے ہیں' چونکہ اگرچہ حقوق میں سے ہیں لیکن ان کے ضمن میں ایک قسم کی اجنبیت اور تکلف ہے۔ پس جب اتحام تامہ ہوجاتا ہے تو بساط تکلیف بالکلیہ مٹ جاتا ہے' پس اس وقت اپنے جی کی ہی راہ پر چلتا ہے' چونکہ یہ ظاہری آداب' باطنی آداب کا عنوان ہوتے ہیں۔ پس جب دلوں میں خالص ہوجاتی ہے تو دلوں کی بات کے اظہار کے تکلف سے مستغنی ہوجاتے ہیں۔

اور ساری بات کا حاصل یہ ہے کہ قیام وترک قیام کا تعلق اوقات، اشخاص اور احوال کے تفاوت پر مبنی ہے۔ بعض اوقات، بعض حالات میں بعض آنے والوں کے لئے کھڑا ہوجانا مناسب ہے، اور بعض صورتوں میں کھڑا نہ ہونا مناسب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کے استقبال کا خواہش مند اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے

۴۶۹۹: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّءْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رواه الترمذی وابو داؤد)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۵/۳۹۸ الحديث رقم ۵۲۲۹، والترمذی فی ۵/۸٤ الحديث رقم ۲۷۵۵، وأحمد فی المسند ٤/۱۰۰۔

ترجمہ: حضرت معاویہؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس کو یہ پسند ہو کہ لوگ اس کے سامنے مورتیوں کی طرح کھڑے ہوں تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔ یہ ترمذی ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح ......: اہم تنبیہ:

معاویہ جس وقت مطلقاً بولا جائے، تو اس سے مراد حضرت معاویہؓ بن أبی سفیان ہوتے ہیں۔

قوله: يتمثل له: مثل بين يديه متولاً: أي انتصب قائما سے مأخوذ ہے۔ (كذا ذكره بعض الشراح) یعنی اس کے سامنے کھڑے رہیں اس کی خدمت اور تعظیم کے لئے اور ظاہر یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ خدمت کے لئے کھڑا ہوا کرتے تھے نا کہ تعظیم کے لئے، پس اس میں کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ حدیث سعد اس پر دلالت کر رہی ہے۔

قیاماً: امام طیبیؒ لکھتے ہیں: **قیاماً** مفعول مطلق ہے، چونکہ تمثیل میں قیام کے معنیٰ ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ تمیز ہو، چونکہ "مثول" دونوں معنیٰ کے درمیان مشترک ہے۔

من سره: الجامع کی روایت میں "من أحب" کے الفاظ ہیں۔

قوله: فليتبوأ مقعده من النار:

صیغہ اگر چہ امر کا ہے، مگر خبر کے معنیٰ میں ہے۔ گویا تقدیر یوں ہے: **من سره ذلك وجب له أن ينزل منزله من النار.**

یعنی جو شخص اس بات سے خوش ہوتا ہے کہ لوگ اس کے سامنے باادب کھڑے رہیں تو اس کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس نے اپنے آپ کو دوزخ میں داخل ہونے کا مستوجب بنالیا ہے۔

کہا گیا ہے کہ یہ وعید اس شخص کے حق میں ہے جو بطریق تکبر اپنے سامنے لوگوں کے کھڑے رہنے کو پسند کرتا ہو، جیسا کہ الفاظ حدیث اس کا قرینہ ہیں۔ ہاں اگر کوئی شخص اس طرح کی طلب وخواہش نہ رکھتا ہو بلکہ لوگ خود اپنی خوشی سے اس کی خدمت کے لئے یا طلب ثواب کی خاطر یا بطور تواضع وانکساری اس کے سامنے کھڑے رہیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

امام بیہقی نے شعب الایمان میں خطابی سے یہ نقل کیا ہے کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ (اس وعید کا تعلق اس شخص کی ذات سے ہے) جو بطریق کبر وفخر لوگوں کو یہ حکم دے کہ وہ اس کے سامنے کھڑے رہیں یا وہ لوگوں کے لئے ضروری قرار دے (وہ جب بھی اس کے سامنے آئیں کھڑے رہیں) نیز کہا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو حدیث گزری ہے وہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات کی دلیل ہے کہ صاحب فضیلت سردار اور عادل والی کے سامنے کسی شخص کا باادب کھڑے رہنا اور شاگرد کا اپنے استاد کے سامنے کھڑا رہنا' مستحب ہے نہ کہ مکروہ۔ بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ مذکورہ لوگوں کا کھڑے رہنا دراصل بھلائی حاصل کرنے اور تکریم و توقیر کے طور پر کھڑے ہو جانے کے مرادف ہے جیسا کہ (آنحضرت ﷺ کے حکم پر) انصار حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے کھڑے ہوئے تھے یا جیسا کہ حضرت طلحہؓ حضرت کعب بن مالک کے لئے کھڑے ہو گئے تھے۔ کسی شخص کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے سامنے لوگوں کے کھڑے ہو جانے کی طلب رکھے یہاں تک کہ اگر کوئی شخص کھڑا نہ ہو تو وہ اس سے کینہ رکھے' یا اس کا شکوہ کرے یا اس سے ناراض ہو جائے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ شرح السنہ میں (یہ حدیث یوں) مذکور ہے:

"عن أبی مجلز ان معاوية خرج، وعبد اللّٰه بن عامر، وعبد اللّٰه بن الزبير جالسان، فقام، ابن عامر، وقعد ابن الزبير فقال معاوية ان رسول اللّٰه ﷺ قال: من سره أن يتمثل له عباد اللّٰه قياما فليتبوأ مقعده من النار".

تعظیم کے لئے کھڑا ہونا فعلِ عجم ہے

۴۷۰۰: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى عَصًا فَقُمْنَا لَهٗ فَقَالَ لَا تَقُوْمُوْا كَمَا يَقُوْمُ الْاَعَاجِمُ يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٣٩٨ الحديث رقم ٥٢٣٠' وابن ماجه فی ٢/١٢١١ الحديث رقم ٣٨٣٦' وأحمد فی المسند ٢٥٣۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ لاٹھی پر ٹیک لگا کر باہر تشریف لے گئے تو ہم کھڑے ہو گئے اس پر آپ نے فرمایا تم عجمیوں کی طرح ایک دوسرے کی تعظیم کے لئے مت کھڑے ہو۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: **یعظم بعضها:** بعض روایات میں "**بعضهم**" ہے۔

رسول اللہ ﷺ اس وقت بیمار تھے اس لئے عصا مبارک پر سہارا دیئے ہوئے باہر تشریف لائے تھے' صحابہ کرامؓ آپ ﷺ کی تعظیم کی خاطر کھڑا ہو گئے' اس پر آپ ﷺ نے ان سے یہ بات ارشاد فرمائی۔

عجمیانہ تعظیم کا مطلب:

اس سے مراد یہ ہے کہ عجمیوں کی طرح مت کھڑے ہوا کرو، چونکہ وہ لوگ مال و منصب کی وجہ سے قیام کرتے ہیں۔ (کہ جب ان کا کوئی سردار یا بڑا آدمی ان کی مجلس میں آتا ہے، تو محض اس کو دیکھتے ہی کھڑے ہو جاتے ہیں۔) (ذکرہ ابن الملک) ہمارے علماء میں سے ایک سارح نے بھی یہی کہا ہے۔ تعظیم تو علم و صلاح کے باعث ہونی چاہیئے۔ لہٰذا جب قیام و تعظیم اللہ کی خاطر ہوگی تو مستحسن ہوگی۔ اھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ بالا مطلب پر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا نقد:

ابن الملکؒ وغیرہ کا کلام نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے صحابہ کرام کے لئے اس نہی سے مناسبت نہیں رکھتا۔ یہ بات تو بلا غبار ہے، کہ صحابہ کرام کا قیام اللہ کے لئے ہوتا تھا، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کے لئے ہوتا تھا۔ اور ممکن ہے، کہ یہ ممانعت اس وجہ سے فرمائی ہو کہ صحابہ کرام متمثل ہو کر کھڑے ہوئے ہوں، اس لئے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منع فرمایا ہو۔ اور اپنے مقصود کو مبالغہ کے انداز میں ذکر کرتے ہوئے، مطلق قیام سے منع فرما دیا۔ یا اس قیام سے مراد وقوف ہے۔ واللہ اعلم۔

۴۷۰۱: وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ قَالَ جَاءَ نَا اَبُوْبَكْرَةَ فِيْ شَهَادَةٍ فَقَامَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ مَجْلِسِهٖ فَاَبٰى اَنْ يَّجْلِسَ فِيْهِ وَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ذَا وَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهٗ بِثَوْبِ مَنْ لَّمْ يَكْسُهٗ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٥/١٦٥ الحديث رقم ٤٨٢٧، وأحمد في المسند ٥/٤٤۔

ترجمہ: حضرت سعید بن ابی الحسن بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت ابوبکرؓ ہمارے ہاں شہادت کے لئے تشریف لائے تو ایک آدمی ان کے احترام میں اپنی جگہ چھوڑ کر کھڑا ہو گیا مگر انہوں نے اس جگہ بیٹھنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کو دوسرے آدمی کے کپڑے سے ہاتھ صاف کرنے سے منع فرمایا جس کو اس نے کپڑا نہیں پہنایا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: لم یکسه: یاء کے فتحہ اور سین کے ضمہ کے ساتھ۔

"ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نهى عن ذا" کا مطلب:

① ایسی جگہ بیٹھنے سے منع فرمایا کہ جس جگہ سے کوئی شخص اٹھا ہو، تاکہ وہاں کسی دوسرے کو بٹھائے۔ (ذکرہ الطیبی)

② کسی شخص کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے سے منع فرمایا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اشارہ اس معنی کی طرف ہو جو سیاق سے مفہوم ہو رہا ہے کہ کسی کو اس کی جگہ سے اٹھایا جائے۔ اور یہ اسی معنی میں ہے۔ اس مفہوم کی تائید ان حدیثوں سے بھی ہوتی ہے:

(ا) لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه، ولكن تفسحوا وتوسعوا۔ (حدیث:۴۶۹۲)

(ب) عن ابن عمر رضی اللہ عنہما، أنه صلی اللہ علیہ وسلم نهى أن يقام الرجل من مقعده ويجلس فيه آخر۔ (بخاری)

ملاحظہ: دونوں صورتوں کا حکم شرعی ایک ہی ہے۔

قوله: نهى النبي صلی اللہ علیہ وسلم أن يمسح الرجل يده بثوب من لم يكسه:

اس ممانعت سے مقصود مال غیر میں تصرف کرنے اور ایسے شخص پر تحکم سے جو زیر ولایت نہ ہو، منع فرمانا ہے۔ مظہر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جب ہاتھ کھانے میں لتھڑے ہوئے ہوں تو اپنے ہاتھ کسی اجنبی سے مت پونچھو، پونچھتے ہی ہیں تو اپنے غلام یا اپنے بیٹے وغیرہ کی ازار سے پونچھو کہ جن کو تم نے کپڑا پہنایا ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ شاید کپڑے سے مراد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ازار اور مندیل (رومال) وغیرہ ہیں۔ پس جب اس پر لفظ ثوب کا اطلاق فرمایا تو معنی کی مناسبت سے اس کے بعد کسوۃ کا ذکر فرما دیا۔ چنانچہ مطلب یہ ہوا کہ آپ ﷺ منع فرمایا کہ کوئی شخص اپنے ہاتھ کی اجنبی کے رومال سے پونچھے' پس اپنے رومال سے ہاتھ پونچھے' یا کسی ایسے شخص کے رومال سے ہاتھ پونچھے جس کو اس نے کپڑا بطور ھبہ پہنایا ہے' مثلاً اپنا غلام' یا اپنا بیٹا۔ (انتھی) زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہ جواز بھی اسی صورت میں ہوگا جب وہ صاحب کپڑا اس کے اس عمل پر راضی ہو' اور اسی طرح جب علم ہو کہ یہ شخص اپنی جگہ سے طیب خاطر کے ساتھ اس کو جگہ دینے کے لئے اٹھا ہے تو وہاں بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿تفسحوا فی المجلس﴾ [المجادلة:١١] اور ﴿واذا قیل انشروا ما فانشروا﴾ [المجادلة:١١] سے مستفاد ہو رہا ہے۔ اور اس جواز کی ایک دلیل یہ حدیث: صدر الدابة أحق بصا حبها الا اذا أُذن بھی ہے۔ فروع میں اس کی بے شمار مثالیں ہیں' جیسا کہ باب امام الجنازۃ میں ہے۔ پس صحابی کا وہاں بیٹھنے سے انکار فرمانا یا تو ان صاحب کی رضامندی کے بارے میں شک کی وجہ سے تھا کہ ممکن ہے کسی کام سے کھڑا ہوا ہو' یا شرم وحیاء کی وجہ سے کھڑا ہوا ہو' یا ان کا وہاں بیٹھنا احتیاط وورع کے پیش نظر تھا' یا انہوں نے ممانعت کی حدیث کو مطلق پر محمول کیا ہوگا:

عرض مرتب: اس جملہ" نهى النبى ﷺ أن يمسح الرجل يده بثوب من لم يكسه کی مزید تفصیل" کتاب الاطعمة" فصل اول، حدیث:۴۱۶۴ حدیث کعب کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

تخریج: آخری نہی میں امام احمدؒ نے بھی موافقت کی ہے۔

اپنی جگہ لوٹنا ہو تو علامت رکھیں

۴۷۰۲: وَعَنْ اَبِى الدَّرْدَآءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ فَقَامَ فَاَرَادَ الرُّجُوْعَ نَزَعَ نَعْلَهٗ اَوْ بَعْضَ مَا يَكُوْنُ عَلَيْهِ فَيَعْرِفُ ذٰلِكَ اَصْحَابُهٗ فَيُثْبَتُوْنَ۔

(رواه ابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ٥/ ١٨٠ الحديث رقم ٤٨٥٤۔

ترجمہ: حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہوتے تو ہم آپ کے اردگرد بیٹھتے۔ پھر اگر واپسی کے ارادہ سے گھر تشریف لے جاتے تو اپنے جوتے اتار کر وہاں رکھ جاتے یا جسم سے اور کوئی چیز اتار کر اس جگہ چھوڑ جاتے۔ اس سے آپ ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کو معلوم ہو جاتا کہ آپ ﷺ واپس تشریف لائیں گے۔ اس کو ابو داؤد نے روایت کیا۔

تشریح: نزع نعله: جواب شرط ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت برہنہ پا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارک میں تشریف لے جاتے ہوں۔

جلسنا حوله: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے دائیں، بائیں اور سامنے بیٹھا کرتے تھے، چاروں طرف نہیں بیٹھا کرتے تھے، چونکہ حلقہ کے درمیان میں بیٹھنے کی ممانعت آئی ہے۔ ملاحظہ ہو: حدیث: ۴۷۲۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقام: اس کا عطف ''جلس'' پر ہے۔

فَائِدَہ: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے، کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ننگے پاؤں بھی چلا کرتے تھے۔

چونکہ ایک دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے: کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے اصحاب کو حکم دیا کرتے تھے، کہ کبھی کبھی ننگے پاؤں بھی چلا کرو۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: کوئی بعید نہیں کہ ننگے پاؤں کہیں اور بھی تشریف لے جاتے ہوں۔

دو بیٹھنے والوں کے درمیان مت گھسے

۴۷۰۳: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا۔ (رواه الترمذی و ابو داؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۱۷۵ الحدیث رقم ۴۸۴۵، والترمذی فی ۵/۷۳ الحدیث رقم ۲۷۵۲، وأحمد فی المسند ۲/۲۱۳۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ دو بیٹھنے والوں کے درمیان اس کی اجازت کے بغیر جدائی ڈالے۔ یہ ترمذی و ابوداؤد کی روایت ہے۔

تشریح: أن یفرق: راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔

ممانعت کی حکمت:

مطلب یہ ہے کہ اگر دو آدمی ایک ساتھ بیٹھے ہوئے ہوں تو کسی تیسرے شخص کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ ان دونوں کے درمیان گھس کر بیٹھ جائے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ دونوں آدمی آپس میں محبت کا تعلق رکھتے ہوں اور رازدارانہ طور پر ایک دوسرے سے کوئی بات چیت کرنا چاہتے ہوں، اگر کوئی تیسرا آدمی ان کے درمیان حائل ہو کر بیٹھے گا تو اس کا وہاں بیٹھنا ان پر شاق گزرے گا۔ علماء نے یہ وضاحت کی ہے کہ اگر یہ معلوم ہو کہ یہ دونوں بیٹھے ہوئے آدمی آپس میں محبت و تعلق رکھتے ہیں تو ان کے درمیان نہ بیٹھے اور اگر یہ معلوم ہو کہ ان دونوں کے درمیان اتحاد و محبت کا علاقہ نہیں ہے تو اس صورت میں ان کے درمیان بیٹھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا اور اگر ان دونوں کے درمیان تعلق مبہم ہو یعنی یقینی طور پر یہ معلوم نہ ہو کہ ان کے درمیان محبت کا علاقہ ہے یا نہیں یا سرے سے یہ معلوم ہی نہ ہو تو اس صورت میں احتیاط کا تقاضا یہ ہوگا کہ ان کے درمیان نہ بیٹھے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں:

أنه ﷺ نهى أن يجلس الرجل بين الرجل الا باذنهما.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے سے بیٹھنے والوں میں بلا اجازت جدائی نہ ڈالو

۴۷۰۴: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْلِسْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/١٧٥ الحديث رقم ٤٨٤٤۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ان دو آدمیوں کے درمیان مت بیٹھو جو پہلے سے بیٹھے ہوں۔ مگر یہ کہ وہ اجازت دیں۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

فائدہ: جامع کی تصریح کے مطابق "عن جده" سے مراد ابن عمرو ہیں۔

تشریح: قوله: لا تجلس: اگرچہ صیغہ خطاب کا ہے، مگر مراد عام ہے۔

الفصل الثالث:

رخصت کرنے کے لئے کھڑا ہونا

۴۷۰۵: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ مَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ يُحَدِّثُنَا فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِيَامًا حَتّٰى نَرَاهُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُيُوْتِ اَزْوَاجِهٖ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٤٦٧ الحديث رقم ٨٩٣٠۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ مسجد میں ہمارے ساتھ بیٹھتے اور باتیں فرماتے۔ پھر جب آپ اٹھتے تو ہم بھی اٹھ جاتے اور دیر تک کھڑے رہتے یہاں تک ہم دیکھتے کہ آپ اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کسی کے ہاں تشریف لے گئے ہیں۔

تشریح: آنحضرت ﷺ جب مجلس سے اٹھتے تو یہی اس وقت صحابہ کا کھڑا ہونا احتراماً کھڑے ہو جانے کے طور پر نہیں ہوتا تھا بلکہ مجلس کے برخواست ہو جانے کی وجہ سے ہوتا تھا اور ظاہر بھی یہی ہے کہ جب صحابہ آپ ﷺ کی تشریف آوری کے وقت نہیں کھڑے ہوتے تھے تو جانے کے وقت کیوں کھڑے ہوتے تھے۔

اس وقت صحابہؓ دیر تک کھڑے رہتے تھے کہ شاید آپ ﷺ کسی کام کے لئے فرمائیں گے یا یہ امید ہوتی تھی کہ آپ ﷺ دوبارہ تشریف لائیں گے اور مجلس برقرار رہے گی لیکن جب یہ اُمید ختم ہو جاتی تو صحابہ اپنی اپنی راہ پکڑتے اور وہیں جمے نہیں بیٹھے رہتے تھے چونکہ آپ ﷺ کے تشریف لے جانے کے بعد مجلس میں (پہلے جیسی) حلاوت نہیں رہتی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمان کے لئے جگہ چھوڑ دے

۴۷۰۶: وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ قَاعِدٌ فَتَزَحْزَحَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْمَكَانِ سَعَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلْمُسْلِمِ لَحَقًّا اِذَا رَاٰهُ اَخُوْهُ اَنْ يَّتَزَحْزَحَ لَهٗ. (رواهما البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في الشعب ٦/٤٦٨ الحديث رقم ٨٩٣٣۔

ترجمہ: حضرت واثلہ بن خطابؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک شخص آیا جب کہ آپ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ اس شخص کو جگہ دینے کے لئے آپ ﷺ اپنی جگہ سے حرکت کر کے ایک طرف سمٹ گئے۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مکان میں بیٹھنے کی جگہ کافی کشادہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ مسلمان کا حق ہے۔ کہ جب اس کو اس کا مسلمان بھائی نظر آئے تو اس کے لئے وہ اپنی جگہ چھوڑ دے اور ایک طرف کھسک جاتے۔ ان دونوں روایات کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: **سعة:** سین کے فتحہ کے ساتھ۔ بمعنی وسع۔

لحقا: لام برائے تاکید حکم ہے اور جامع کی روایت میں یہ لفظ بغیر لام کے ہے۔

اذا: ظرف ہے "أن يتزحزح" کے لئے۔ "ان يتزحزح": یہ جملہ درحقیقت "لحقًا" کا بیان یا بدل ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے:

① قادم کا اکرام مستحب ہے۔

② قادم کو مجلس کی نمایاں جگہ پر بٹھایا جائے۔

ملا علی قاری مؤخر الذکر مسئلہ پر ردّ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اس مفہوم پر حدیث کی دلالت بالکل نہیں ہے۔ البتہ ہر شخص کو اس کے مناسب مقام پر بٹھایا جائے۔ جیسا کہ صحیح مسلم میں حضرت عائشہؓ وغیرہ سے مرفوعاً مروی ہے: **انزلوا الناس منازلهم.** خرائطی سے مروی ابن عباس کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: **أنزل الناس منازلهم۔ من الخير والشر ‘وأحسن أدبهم على الأخلاق الصالحة** ۔

عرض مرتب:

اس حدیث کی شرح کے لئے ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۹۸۹ کی تشریح۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْجُلُوسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ

بیٹھنے‘ لیٹنے‘ سونے اور چلنے کا بیان

الفصل الاول:

گوٹ مار کر بیٹھنا جائز ہے

۴۷۰۷: عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ مُحْتَبِيًا بِيَدَيْهِ۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١١/٦٥ الحدیث رقم ٦٢٧٢‘ وابن ماجه فی السنن ٢/١٢٢٧ الحدیث رقم ٣٧٣٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ کے صحن میں ہاتھ کے ساتھ گوٹھ مار کر بیٹھے دیکھا۔ (بخاری)

تشریح: فناء: صاحب قاموس لکھتے ہیں: فاء کے کسرہ اور نون ممدودہ کے ساتھ بروزن کسائما اتسع من أمامها.

فناء الكعبة سے کیا مراد ہے؟ ❶ جانبها من قبل الباب. (ذکرہ ابن حجر) ❷ هو سعة أمام البیت. ❸ قیل: ما امتد من جوانبه. ❹ قیل: الموضع المتسع المحاذی لبابه.

احتباء کی کیفیت:

سرین کے بل بیٹھ کر، گھٹنے کھڑے کر کے ان کے گرد سہارا لینے کے لئے دونوں ہاتھ باندھ لینا۔ (بسا اوقات پنڈلیوں پر ہاتھوں کے ذریعے حلقہ باندھنے کی بجائے ان پر کپڑا باندھ لیا جاتا ہے۔) اس سے ''محتبیًا'' بیٹھنے کی سنت بتلانا ہے۔ (ذکرہ ابن الملک) بظاہر فقط اس فعل سے سنت ثابت نہیں ہو سکتی، البتہ بیان جواز اور دلیل استحباب قرار دیا جا سکتا ہے۔

چت لیٹنے کی اباحت

۴۷۰۸: وَعَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا اِحْدٰى قَدَمَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١١/٨٠ الحدیث رقم ٦٢٨٧‘ ومسلم فی ٣/١٦٦٢ الحدیث رقم ٢١٠٠ وأبو داوٗد فی السنن ٥/١٨٨ الحدیث رقم ٤٨٦٦‘ والترمذی فی ٥/٨٨ الحدیث رقم ٢٧٦٥‘ والدارمی فی ٢/٣٦٧ الحدیث رقم ٢٦٥٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روایت کی ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں اس طرح چت لیٹے دیکھا کہ آپ ﷺ ایک قدم کو دوسرے پر رکھنے والے ہیں۔ (بخاری، مسلم)

راویانِ حدیث:

عبداللہ بن زید۔ یہ عبداللہ بن زید بن عاصم انصاری ہیں۔ بنو مازن بن نجار میں سے ہیں۔ مشہور صحابی ہیں۔ غزوۂ اُحد میں شریک ہوئے۔ مگر غزوۂ بدر میں شرکت نہیں کر سکے یہی وہ صحابی ہیں جنہوں نے ''مسیلمہ کذاب'' کو قتل کیا وحشی بن حرب کے ساتھ شریک ہو کر۔ صاحب تہذیب لکھتے ہیں کہ وحشی نے مسیلمہ پر نیزہ سے حملہ کیا تھا' اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے تلوار کے وار سے کام تمام کیا تھا۔ یہ عبداللہ واقعہ حرہ ۶۳ھ میں قتل کر دیئے گئے۔ ان سے ''عباد بن تمیم'' جوان کے بھتیجے ہیں اور ابن المسیّب روایت کرتے ہیں۔ ''عباد'' بائے موحدہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔

عباد بن تمیم۔ کے بارے میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ''الاکمال'' میں دونوں میں سے کسی کے بھی حالات ذکر نہیں فرمائے۔ مرتب عرض کرتا ہے کہ ہمارے نسخہ میں ان کے چچا عبداللہ بن زید بن عاصم کے حالات موجود ہیں۔

تشریح: ''عباد'' عین مہملہ کے فتحہ اور بائے موحدہ کی تشدید کے ساتھ۔ مؤلفؒ نے ان دونوں کا ذکر ''الاسماء'' میں نہیں کیا ہے۔ ان کے چچا کے بارے میں میرکؒ فرماتے ہیں: ان کا نام عبداللہ بن زید بن عاصم تھا' یہ انصاری و مازنی تھے۔ ان کی کنیت ''ابو محمد'' تھی مشہور صحابی ہیں۔ رضی اللہ عنہ۔ صفت وضوء وغیرہ کے بارے میں ان سے روایات مروی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے کہ یہ وہی صحابی ہیں جنہوں نے ''مسیلمہ کذاب'' کو واصل جہنم کیا تھا۔ ۶۳ھ میں حرہ میں شہید کر دئے گئے۔

مستلقیا: حال ہے۔ ای حال کونہ مضطجعًا علی ظھرہ۔

واضعا: حال داخلہ یا حال مترادفہ ہے۔

فائدہ: امام نوویؒ فرماتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں لینا جائز ہے۔

تعارض:

① ''حضرت عبادہ بن تمیم تابعیؒ اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ صحابیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے ایک دن رسول کریم ﷺ کو مسجد میں اس طرح چت لیٹے ہوئے دیکھا کہ آپ ﷺ کا ایک قدم' دوسرے قدم پر رکھا ہوا تھا''۔ (بخاری ومسلم)

② ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص ایک پاؤں کھڑا کر کے دوسرا پاؤں اس پر رکھ لے درآنحالیکہ وہ چت لیٹا ہوا ہو''۔ (مسلم)

③ ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس طرح چت نہ لیٹے کہ ایک پاؤں کھڑا کر کے اس پر دوسرا پاؤں رکھ لے''۔ (مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح تعارض:

پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے، کہ پاؤں کو پاؤں پر رکھ کر لیٹنا جائز ہے۔ دوسری اور تیسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح لیٹنا ممنوع ہے۔

رفع تعارض:

امام نوویؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ طریقہ بیان جواز کے لئے اختیار فرمایا اور یہ بتلانا مقصود ہے کہ جب تم لیٹا کرو تو اس طرح لغتا کرو؛ اور یہ کہ میں نے لیٹنے کے جس طریقے سے تم کو منع کیا تھا وہ علی الاطلاق نہیں ہے؛ وہ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ کشف عورۃ سے اجتناب کیا جائے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ضرورت کی وجہ سے کیا ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تھکاوٹ ہوگی، یا طلب راحت کے لئے ایسا کیا ہو؛ ورنہ تو یہ بات معلوم ہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجمع میں دوسری طرح جلوہ افروز ہوا کرتے تھے بلکہ وقار تواضع کے ساتھ متربعا تشریف فرما ہوا کرتے تھے۔ اھ۔ خطابیؒ فرماتے ہیں اس میں دلیل ہے کہ حدیث نہی منسوخ ہے۔ دوسرے علماء فرماتے ہیں اگر یہ نہی سے مقدم ہو۔ اور یہ بات مخفی نہیں کہ اس قسم کا احتمال معرفت تاریخ کے بغیر صحیح نہیں۔ پس ان دونوں (احتمالات) سے اعراض اولیٰ ہے۔ ممانعت وجواز کا اصل مدار ستر کے کھلنے نہ کھلنے پر ہے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں پاؤں پر پاؤں رکھ کر چت لیٹنا دو طرح سے ہوتا ہے:

ایک (''وضع القدم علی القدم'' یعنی) یہ کہ دونوں ٹانگیں پھیلی ہوئی ہوں اور ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر رکھی ہوئی ہو۔ اس طریقہ پر لیٹنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں ستر کھل جانے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ (لہٰذا عباد بن تمیمؒ کی روایت میں یہی صورت مراد ہے)۔

دوسرا طریقہ یہ ہے: ''وضع الرجل علی الرجل'' یعنی چت لیٹ کر ایک ٹانگ کے گھٹنے کو کھڑا کر لیا جائے اور دوسری ٹانگ کے پیر کو اس کھڑے ہوئے گھٹنے پر رکھ لیا جائے (یہ طریقہ ممنوع ہے۔) لہٰذا جب ستر کھل جانے کا اندیشہ ہو۔ مثلاً کسی شخص نے پاجامہ پہن رکھا ہو یا تہ بند باندھ رکھا ہو اور وہ تہ بند یا کرتے کا دامن اتنا بڑا ہو کہ اس طریقہ سے لیٹنے کی وجہ سے ستر نہ کھل سکتا ہو تو اس طریقہ سے لیٹنا جائز ہے؛ ہاں! اگر ستر کھلنے کا کوئی اندیشہ ہو تو پھر اس طریقہ سے لیٹنا جائز نہ ہوگا۔

چت لیٹے پاؤں پر پاؤں رکھنے کی ممانعت

۴۷۰۹: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ١٦٦٢/٣ الحديث رقم ٢٠٩٩ وأبو داوٗد في السنن ١٨٧/٥ الحديث رقم ٤٨٦٥، وأحمد في المسند ٢٩٩/٣۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ کوئی شخص چت لیٹنے کی حالت میں ایک پاؤں کھڑا کر کے دوسرا پاؤں اس پر رکھے۔

تشریح: مستلق علی ظهره: اس میں صنعت تجرید ہے، یا تاکید ہے' جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔

ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق نہی کا اسلوب اس لئے اختیار فرمایا کہ (اس زمانہ میں لوگوں کی) عام عادت تہبند باندھنے کی تھی۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے ابوسعید سے ان الفاظ سے کے ساتھ ذکر کیا ہے: نهى أن يضع الرجل الخ.

ستر کے کھل جانے کا خطرہ ہو تو پاؤں پر پاؤں رکھ کر لیٹنے کی ممانعت

۴۷۱۰: وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَسْتَلْقِیَنَّ اَحَدُکُمْ ثُمَّ یَضَعُ اِحْدٰی رِجْلَیْهِ عَلَی الْاُخْرٰی ۔ (رواه مسلم)

أخرجه البخاري في صحيحه ۱۰/۲۵۸ الحديث رقم ۵۷۸۹، ومسلم في ۳/۱۶۵۳ الحديث رقم ۲۰۸۸، والترمذي في السنن ٤/٥٦٥ الحديث رقم ۲٤۹۱، والنسائي في ۸/۲۰٦ الحديث رقم ٥۳۲٦، والدارمي في ۱/۱۲۷ الحديث رقم ٤۳۷، وأحمد في المسند ۲/۲٦۷۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اس طرح چت نہ لیٹے کہ ایک پاؤں کھڑا کر کے دوسرا اس پر رکھے۔

تشریح: يضع: مرفوع ہے (هو مبتدا محذوف کی خبر ہے) ای هو يضع اور ایک نسخہ میں مجزوم ہے۔ (گویا کہ "لا" مقدر ہے) أی ثم لا يضع. نہی استلقاء مقید کی ہے، نا کہ مطلق استلقاء کی۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل ماقبل میں بیان ہوا۔

خود پسندی کی فوری سزا

۴۷۱۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَتَبَخْتَرُ فِیْ بُرْدَیْنِ وَقَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهٗ خُسِفَ بِهِ الْاَرْضَ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِیْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ۔ (متفق علیه)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٥/۳۸۰ الحديث رقم ٤۱٤۳، والترمذي في ٥/۹۱ الحديث رقم ۲۷۷۰۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی دو دھاری دار کپڑے پہنے جا رہا تھا اور وہ اترا کر مٹک مٹک کر جا رہا تھا اس کے نفسانی غرور نے اسے خود پسندی میں ڈال دیا تھا۔ زمین اس شخص کو نگل گئی چنانچہ قیامت کے دن تک وہ زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: خسف: فعل مجہول ہے۔

"به" خسف کا نائب فاعل ہے۔ الأرض "منصوب ہے مفعول ثانی ہے "خسف" کا، اس ترکیب کو سعدی جلبی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اس آیت کریمہ کے تحت ذکر کیا ہے:﴿فخسفنابه وبداره الارض﴾[القصص:۸۱]

ایک احتمال یہ ہے کہ "الارض" منصوب بنزع الخافض ہو۔ای فیھا۔اس احتمال کی تائید قاموس کی عبارت سے بھی ہوتی ہے: خسف اللّٰہ بفلان الارض. أی غیب فیھا.

یتجلجل: میں دو جیم ہیں۔ای یغوص ویذھب صاحب النہایہ لکھتے ہیں: الجلجلة: حرکة مع الصوت بعض حضرات کہتے ہیں کہ حدیث میں جس شخص کا ذکر کیا گیا ہے وہ قارون تھا۔بعض کا کہنا ہے کہ وہ اہل فارس میں سے کوئی بدو تھا۔امام نوویؒ نے یہ لکھا ہے کہ احتمال ہے کہ وہ شخص اس اُمت کا کوئی فرد ہوگا اور نبی کریم ﷺ نے پچھلی امت کے فرد کا ذکر کیا ہو جیسا کہ "کتاب اللباس" میں گذرا۔

الفصل الثانی:

بائیں پہلو پر تکیہ لگانے کی اجازت

۴۷۱۲:عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ۔

(رواہ الترمذی)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۱۷۵ الحدیث رقم ۴۸۴۶، ولم یذکر المسجد۔

ترجمہ:حضرت جابر بن سمرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو بائیں پہلو پر تکیہ لگائے دیکھا۔(ترمذی)

تشریح:"رأیت": بمعنی "أبصرت" ہے۔

متکئًا: رأیت کے مفعول سے حال ہے۔

علی وسادة:" متکئًا" کے متعلق ہے۔

علی یسارہ:اس کے متعلق میں دو احتمال ہیں: ❶ "کائنة" کے متعلق ہو کر" وسادة " کی صفت ہے۔ أی کائنة علی جانب یسارة.

❷" متکئًا" کے متعلق ہے۔ظرف اول کے ساتھ مقید کرنے کے بعد چنانچہ یہ "تظریف المظروف" کے قبیل سے ہو گا۔(ذکرہ الحنفی) ابن حجر فرماتے ہیں:(حال ہے) أی: حال کونھا موضوعة علی یسارہ. بیان واقع ہے، نا کہ تقیید ہے۔

مَسْئَلَه:تکیہ دائیں جانب رکھ کر یا بائیں جانب رکھ کر ٹیک لگانا جائز ہے۔(ابن حجر)

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے: ❶ تکیہ لگا کر بیٹھنا مندوب ہے۔ ❷ تکیہ بائیں جانب رکھنا مستحب ہے۔(انتہی) یہ محل نظر ہے، چونکہ یہ احتمال بہرحال موجود ہے کہ یہ امر اتفاقی ہو۔وگرنہ قیاس کا مقتضی تو یہ ہے، کہ دائیں پہلو پر لیٹنا مندوب ہے۔لہٰذا یہ حدیث بیان جواز پر محمول ہے۔واللہ اعلم۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذی نے اپنی جامع میں ذکر کیا ہے، نیز شمائل میں دو طریق سے ذکر کیا ہے۔اور لکھا ہے:: لم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یذکر وکیع "علی یسارہ" وھکذا روی غیر واحد عن اسرائیل نحو روایۃ وکیع، ولا نعلم أحداً روی "علی یسارہ" الا ما روی اسحاق بن منصور عن اسرائیل، فبتین أن روایۃ اسحاق" عن یسارہ" انفرد بہ اسحاق فھو غریب فی اصطلاح المحدثین.

پنڈلیوں کے گرد ہاتھوں کا حلقہ بنانے کا ثبوت

۴۷۱۳: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ احْتَبٰی بِیَدَیْهِ۔

رواہ رزین

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں تشریف فرما ہوتے تو دونوں رانوں کو کھڑا کر کے پنڈلیوں پر ہاتھوں سے حلقہ بنا لیتے۔ (رزین)

اختلاف نسخ: شمائل ترمذی کے بعض نسخوں میں "فی المسجد" کے بجائے "فی المجلس" کے الفاظ ہیں۔

تخریج: حدیث باب کو ابوداؤدؒ اور بیہقیؒ نے بھی روایت کیا ہے، البتہ اس میں "فی المسجد" کی قید مذکور نہیں ہے۔ (الجامع الصغیر)

قرفصاء کی حالت کا جواز

۴۷۱۴: وَعَنْ قَیْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ اَنَّهَا رَاَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَهُوَ قَاعِدٌ اَلْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ اُرْعِدْتُّ مِنَ الْفَرَقِ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۵/۱۷٦ الحدیث رقم ٤٨٤٧۔

ترجمہ: حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرفصاء کی ہیئت میں بیٹھے دیکھا قیلہ کہتی ہیں کہ میں نے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس قدر انکساری اور تواضع کے ساتھ بیٹھے ہوئے دیکھا تو مجھ پر رعب طاری ہو گیا۔ (ابوداؤد)

راویٔ حدیث:

قیلۃ بنت مخرمۃ۔ یہ قیلہ ہیں۔ مخرمہ کی صاحبزادی ہیں۔ یہ بنو تمیم میں سے ہیں۔ یہ صحابیہ ہیں۔ ان سے "علیبہ" کی دونوں بیٹیاں صفیہ اور حبیبہ روایت کرتی ہیں۔ یہ دونوں ان کی ربیبہ (پروردہ) ہیں اور قیلہ ان دونوں کے والد کی دادی ہیں۔ "دحیبہ" اور "علیبہ" دونوں مصغر ہیں۔ "قیلہ" میں قاف مفتوح اور یائے تحتیہ سکون کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: لفظ ''قرفصاء'' کے بارے میں اہل لغت اور محدثین کی عبارات ملاحظہ ہوں:

① امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: هو بضم القاف والفاء بينهما راء ساكنة ثم صاد مهملة ومد جلسة المحتبى أن يديرذ راعيه ويديد على ساقيه.

② جوہریؒ لکھتے ہیں: ضرب من القعود يمد ويقصر' فاذا قلت: قعد القرفصاء، فكأنك قلت قعودا مخصوصا.

وهو أن يجلس على اليتيه ويلصق فخديه ببطنه، ويحتبى بيديه ويضعهما على ساقيه' وقيل هو أن يجلس على ركبتيه متكئًا ويلصق بطنه لفخديه ويتأبط كفيه.

④ صاحب قاموس لکھتے ہیں: القرفصه مثلثة القاف والفاء مقصورة، والقرفصاء بالضم والقرفصاء بضم القاف والراء على الاتباع.

مذکورہ بالا عبارات کا حاصل:

① اس لفظ کا مادہ اشتقاق قاف، فاء، راء، صاد مہملہ ہے۔

② قاف اور راء پر تینوں حرکتیں درست ہیں۔قصر کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

③ قاف اور راء پر ضمہ ہو اتباع کی وجہ سے۔

④ قاف پر ضمہ اور راء کو ساکن پڑھا جا سکتا ہے۔مد کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

⑤ قرفصاء بیٹھنے کی ایک خاص ہیئت ہے۔

(ا) قرفصاء کی ایک ہیئت یہ ہے کہ محتبیًا بیٹھا جائے، بایں طور کہ سرین کے بل اکڑوں بیٹھ کر ہاتھوں سے ٹانگوں کے گرد گھیرا بنالیا جائے۔[كما هو مفهوم من عبارة السيوطيؒ]

(ب) قرفصاء کی دوسری ہیئت یہ ہے کہ دونوں زانوؤں کو پیٹ سے لگا کر ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو بغلوں میں دبالیا جائے۔

المتخشع: باب تفاعل سے اسم فاعل کا صیغہ ہے''خاشع خاضع متواضع'' کے معنیٰ میں ہے۔یہاں اس صیغہ میں باب تفعل کا خاصہ تکلف نہیں ہے بلکہ یہاں زیادتی معنیٰ اور مبالغہ کے معنیٰ مراد ہیں۔جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اسماء میں سے ''متکبر'' میں ہے۔(طیبی)

أرعدت: ماضی مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔أى أخذتنى الرعدة والا ضطراب والحركة من أجل الخوف۔

الفرق: فاء اور راء دونوں مفتوح ہیں۔یعنی نبی کریم ﷺ کے خشوع وخضوع کے باوجود میں ان سے ڈر گئی۔

القرفصاء: مفعول مطلق ہے۔

المتخشع: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے، کہ ''رسول اللہ'' کی صفت بھی ہوسکتی ہے، اور مفعول ثانی بھی ہوسکتا ہے۔معنوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقدیر یوں ہوگی: الرجل المتخشع. قاضیؒ کا کہنا ہے: ''المتخشع ''صفت ہے، مفعول ثانی بنانا درست نہیں، چونکہ'' رأیت'' بمعنیٰ'' ابصرت'' ہے۔ المتخشع میں متعدد ترکیبی احتمالات بیان کئے گئے ہیں: حال ہے اگرچہ معرفہ ہے۔ کوفیوں کے ہاں معرفہ کا حال بننا درست ہے، چنانچہ لبید کا یہ شعر ان کا مشہور مستدل ہے:

وأرسلها العراك ولم يردها

بصریین کہتے ہیں، کہ حال کے لئے نکرہ ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ مذکورہ بالا مستدل کے بارے میں وہ یہ کہتے ہیں: کہ'' العراك'' کا ''ال'' عہد ذہنی کا ہے، یا زائدہ ہے۔ لہٰذا'' العراك'' نکرہ ہی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے تجرید کا مسلک اختیار کیا، بایں طور کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکت سے'' رجل متخشع'' کو ایک علیحدہ ذات قرار دیا، اور یہ کمال خشوع اور ہیبت نبوی میں مبالغہ کے معنیٰ کو ظاہر کر رہا ہے۔ چنانچہ اگلا جملہ'' أرعدت من الفرق'' اس کا مؤید ہے۔ یہ آیت کریمہ: ﴿فاذا انشقت السماء فكانت وردة كالدهان﴾ [الرحمٰن: ۳۷] بھی اس طرح کی ہے۔

صاحب کشاف فرماتے ہیں: عبید بن عمیر نے'' وردة'' کو رفع کے ساتھ پڑھا ہے، بمعنیٰ **فحصلت سماة وردة**۔ اس کلام کو'' تجرید'' کہا جاتا ہے۔ اسی کی مانند شاعر کا یہ قول ہے:

فلئن بقيت لأرحلن بغزوة ☆ تحوى الغنائم أويموت كريم

چہار زانو ہو کر بیٹھنا

۴۷۱۵: وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِي مَجْلِسِهِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسْنَاءَ ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۱۷۸/۵ ۴۸۵۰، وأخرجه مسلم أیضاً فی صحیحه ۴۶۴/۱ الحدیث رقم (۲۸۷۔۶۷۰)، الاأنه لم یذکر "تربع" بل "جلس"۔

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز فجر سے فارغ ہوتے تو چار زانو بیٹھ جاتے اور سورج اچھی طرح روشن ہو جانے تک اسی طرح بیٹھے رہتے۔ (ابوداؤد)

حسناء: اس لفظ کے ضبط میں محدثین کی مختلف آراء ہیں، وہ تمام آراء من وعن نقل کرنے کے بعد ان عبارات کا خلاصہ پیش کیا جائے گا۔

۱۔ **حسناء: بفتحتين (على ما فى أصول المعتمدة) اى طلوعًا ظاهرًا بينًا۔**

۲۔ **وفى بعض النسخ المصححة حسناء بفتح فسكون ممدود اى طلعة كا ملة۔**

۳، ۴۔ **قال القاضى: قيل: حسنا على المصدر اى طلوعًا حسنًا. ومعناه أنه كان يجلس متربعا فى مجلسه الى أن ترتفع الشمس. وفى اكثر الشخ حسناء۔**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑤ قال ميرك:هو بفتح الحاء والسين وبالتنوين.

⑥ رواه بعضهم بفتح الحاء وسكون السين وبالمد والنصب.

⑦ راوه بعضهم حيناً بكسر الحاء المهملة وسكون المثناة التحتية وبالنون أى:زمانا يريد مدة جلوسه.

آراء کا خلاصہ:

① اس کا مادہ اشتقاق: حاء مہملہ سین اور نون ہے۔

② اس لفظ کو باعتبار تلفظ متعدد طریقے سے ضبط کیا گیا ہے: (الف) بروزن قلم (ب) بروزن شمس۔ (ج) بروزن بیضاء۔

③ پہلی صورت میں منوّن اور آخری صورت میں غیر منوّن پڑھا گیا ہے۔

④ حسنا اور حسناء دونوں مفعول لہ ہیں۔ ''حسناً'' نائب عن المفعول المطلق ہے۔ أى طلوعًا حسنًا.

حسناء: اس کی ترکیب میں دو احتمال ہیں:

(ا) مصدر محذوف کی صفت ہے۔ (ب) حال ہے۔

حسناً کو تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ اور قاضی نے صحیح قرار دیا ہے۔

حسنا: کو تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے خطا قرار دیا ہے۔ بعض روایتوں میں ''حسنا'' کے بجائے ''حیناً'' بمعنیٰ زمانہ آیا ہے۔

قوله: رواه ابو داؤد: ''الرض'' کے مطابق امام ابوداؤد نے اس حدیث کو صحیح سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔

تخریج: جامع صغیر میں اس حدیث کو ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: كان اذا صلى الغدوة جلس فى مصلاه حتى تطلع الشمس. اس حدیث کو احمدؒ، مسلمؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، اور نسائی نے بھی نقل کیا ہے۔

دورانِ سفر سونے کی مختلف کیفیات

۴۷۱۶: وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَرَّسَ بِلَیْلٍ اضْطَجَعَ عَلٰی شِقِّهٖ الْاَیْمَنِ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَیْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهٗ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ عَلٰی كَفِّهٖ۔ (شرح السنة)

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤٧٦/١ الحديث رقم (٣١٣-٦٨٣)، والبغوى فى شرح السنة ٣٢٥/١٢ الحديث رقم ٣٣٥٩، وأحمد فى المسند ٣٠٩/٥۔

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دورانِ سفر آرام کرنے اور سونے کے لئے رات کو اترتے تو دائیں کروٹ لیٹتے اور جب صبح سے ذرا پہلے اترتے تو اس طرح لیٹتے کہ اپنے بازو کو کھڑا کر کے ہتھیلی پر اپنا سر مبارک رکھ لیتے۔ (شرح السنۃ)

تشریح: عرس: راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔ صاحب نہایہ لکھتے ہیں: ''رات کے آخری حصہ میں سونے اور آرام

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے کیلئے مسافر کے پڑاؤ ڈالنے کو" تعریس " کہتے ہیں"۔ عرّس کے بعد "لیل "کا ذکر کرنا دو وجوہ سے ہے:

❶ برائے تاکید ہے۔ ❷ عرّس میں صنعت" تجرید" ہے۔

امام طیبیؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ:" واذا عرس قبيل الصبح......" سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کا معمول مبارک یہ تھا کہ جب آپ ﷺ سفر میں ہوتے اور رات کے وقت کسی جگہ پڑاؤ ڈالتے اور رات باقی ہوتی تو داہنی کروٹ پر لیٹ کر آرام فرماتے جیسا کہ سفر میں داہنی کروٹ پر لیٹنے کی آپ ﷺ کی عادت شریفہ تھی' اور اگر ایسے وقت پڑاؤ ڈالتے کہ صبح ہونے والی ہوتی تو آپ ﷺ پوری طرح لیٹنے کی بجائے دست مبارک کو کھڑا کر لیتے اور اس کی ہتھیلی پر سر رکھ کر آرام فرماتے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ اور ابن حبان نے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔اور حاکم نے مستدرک میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:" أنه ﷺ اذا عرس وعليه ليل توسد يمينه، واذا عرس قبيل الصبح وضع رأسه على كفه اليمنى وأقام ساعده"۔

مسجد سر مبارک کے قریب ہوتی

۴۷۱۷:وَعَنْ بَعْضِ اٰلِ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِمَّا يُوْضَعُ فِيْ قَبْرِهٖ وَكَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَأْسِهٖ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ۵/۲۹۷ الحديث رقم ۵۰۴۴۔

ترجمہ:حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے اہل میں سے کسی کا کہنا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا بچھونا اس کپڑے کی مانند تھا جو آپ ﷺ کی قبر مبارک میں رکھا گیا تھا اور مسجد ہمیشہ آپ ﷺ کے سر مبارک کے قریب ہوا کرتی تھی۔(ابوداؤد)

تشریح: قوله:وعن بعض آل أم سلمة: اس سے مراد یا تو ان کا کوئی خادم ہے' یا ان کے قریبی رشتہ داروں میں سے کوئی فرد مراد ہے جو ان کے ہاں آیا جایا کرتا تھا۔

قوله:كان المسجد عند رأسه:

مطلب یہ ہے کہ جب آپ ﷺ استراحت فرماتے تو یوں لیٹتے کہ سر مبارک مسجد کی طرف رہتا۔

اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ استراحت کے وقت آپ ﷺ کا "مصلی" یا "سجادہ" آپ کے سرہانے ہوتا تھا (تاکہ جب نماز پڑھنی ہو تو اس کو فوراً بچھالیا جائے۔)

المسجد:جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ایک نسخہ میں جیم کے فتحہ کے ساتھ بمعنیٰ مُصلّی ،(جائے نماز۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:" نحوًا" كان کی خبر ہے۔" من" بیانیہ ہے، اور مبین محذوف ہے۔ أى:مثل شيء مما يوضع في قبره۔

ماضی کے صیغہ "وضع" کے بجائے "یوضع" مضارع کا صیغہ لانا' ماضی سے مضارع کی طرف عدول حکایت حال کے لئے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جامع کی ایک روایت میں "مما یوضع للانسان فی قبرہ" کے الفاظ ہیں۔اس سے پتہ چلتا ہے، کہ اس دور میں بعض لوگوں کی قبروں میں نیچے بچھونا بچھایا جاتا تھا۔

کان فراش رسول الله ﷺ نحواً مما یوضع فی قبرہ:

مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ جس بچھونے پر استراحت فرماتے تھے اس کی لمبائی چوڑائی اس کپڑے کے تقریباً برابر تھی جو آپ ﷺ کی قبر شریف میں رکھا گیا تھا اور اس کپڑے کو کچھ لوگوں نے دیکھ رکھا تھا کہ وہ ایک مختصر سا کپڑا تھا جو زیادہ لمبا چوڑا نہ تھا۔

بعض حضرات نے بیان کیا ہے کہ آپ ﷺ کی قبر مبارک میں سرخ چادر رکھی گئی تھی۔

اوندھا لیٹنے سے اظہار نفرت

۴۷۱۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُضْطَجِعًا عَلٰى بَطْنِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ لَا يُحِبُّهَا اللّٰهُ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن فی ۹۰/۵ الحديث رقم ۲۷۶۸' وأحمد فی المسند ۳۰۴/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو اوندھا لیٹے ہوئے دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس طرح کا لیٹنا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔(ترمذی)

تشریح: **ضجعة:** ضاد معجمہ کے کسرہ کے ساتھ، یہ برائے نوع ہے۔

هذه: مبتدا ہے (اس کا مشار الیہ "اضطجاع" ہے) اور **ضجعة** خبر ہے۔خبر چونکہ مؤنث ہے، لہٰذا مبتدا کو بھی مؤنث لایا گیا۔

فقال ان هذه ضجعة: یہ بات آپ ﷺ نے ان صاحب کو براہ راست ارشاد فرمائی تھی۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اس شخص کو ناقابل اصلاح سمجھتے تھے، اس لئے یہ تنبیہ بالواسطہ فرمائی، تاکہ اس شخص کو بھی کسی قدر یہ احساس ہو کہ حضور ﷺ مجھ سے اعراض فرما رہے ہیں اور یہ اعتراض فرما رہے ہیں۔

پیٹ کے بل لیٹنے کی مذمت:

پیٹ کے بل لیٹنا اہل غفلت اور نادان لوگوں کے لیٹنے کا طریقہ ہے کیونکہ اس طرح لیٹنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سینہ اور منہ جو "اشرف الاعضاء" ہیں ان کو اوندھا ڈال دیا جائے (جو ان اعضاء کے عز و شرف کے منافی ہے۔) نیز اغلام کرنے والوں کی عادت ہے اس لئے اوندھا لیٹنا اتنی ذلیل ترین برائی کی مشابہت اختیار کرنا ہے اور اگلی حدیث میں آ رہا ہے: **انها ضجعة یبغضها الله**۔اور ایک حدیث میں ہے: **انما هی ضجعة أهل النار**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُلٹا لیٹنا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے

۴۷۱۹: وَعَنْ يَعِيْشَ بْنِ طِخْفَةَ بْنِ قَيْسِ الْغَفَّارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعٌ مِنَ السَّحَرِ عَلٰى بَطْنِيْ اِذَا رَجُلٌ يُحَرِّكُنِيْ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ۲۹۵/۵ الحديث رقم ۵۰۴۰، وابن ماجه فى ۱۲۲۷/۲ الحديث رقم ۳۷۲۳، وأحمد فى المسند ۴۳۰/۳۔

ترجمہ: حضرت یعیش بن طخفہ بن قیس غفاری اپنے والد ماجد سے نقل کرتے ہیں جو اصحاب صفہ میں سے تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ایک دن سینہ کے درد کی وجہ سے پیٹ کے بل لیٹا تھا کہ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ کوئی شخص مجھے اپنے پاؤں سے ہلا رہا ہے اور پھر میں نے ان کو یہ بھی کہتے سنا کہ لیٹنے کا یہ ڈھنگ اللہ تعالیٰ کو نہایت ناپسند ہے۔ چنانچہ میں نے جونہی نظر اٹھائی تو دیکھا کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

راویٔ حدیث:

یعیش بن طخفہ۔ یہ یعیش ہیں ''طخفہ ابن قیس'' کے بیٹے ہیں۔ خاندانی اعتبار سے غفاری ہیں۔ انہوں نے اپنے والد سے روایت کی۔ ان کے والد اصحاب صفہ میں سے تھے اور ان سے ابوسلمہ نے روایت کی۔ ''طخفہ'' میں طاء کے نیچے کسرہ اور خاء معجمہ ساکن ہے

تشریح: السحر کے ضبط اور معانی کے بارے میں مختلف آراء ہیں:

① سحر بفتحتين.

② وفى نسخة سحر بسكون الثانى وهو الرئة

③ السحر ويضم ويحرك الرئة. (قاموس)

④ السحر الرئة وكذلك السحر ويحرك. (الصحاح).

⑤ مالصق بالحلقوم من أعلى البطن. (الطيبى).

خلاصۃ الآراء:

❶ یہ لفظ سین، حاء اور راء کے ساتھ ہے۔

❷ یہ لفظ ان اوزان پر پڑھا جاتا ہے: (ا) بروزن قلم (ب) بروزن شمس (ج) بروزن روح۔

❸ اس لفظ کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں: (ا) پھیپڑا (ب) پیٹ کا وہ حصہ جو حلقوم کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

قوله: ان هذه ضجعة يبغضها الله: یہ جملہ پچھلی حدیث میں فرمودہ جملہ '' ان هذه ضجعة لا يحبها الله'' کے

محكم دلائل وبراہين سے مزين، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقابلہ میں زیادہ بلیغ اور زیادہ مؤکد ہے۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں حضرت طخفہ رضی اللہ عنہ کا وہ عذر نہیں ہوگا جس کی وجہ سے وہ پیٹ کے بل لیٹے ہوئے تھے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ الفاظ ارشاد فرمائے اور اگر یہ کہا جائے کہ ان کا عذر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں تھا تو مطلب یہ ہوگا اگر سینہ کے درد کا عذر تھا تو اس صورت میں یہ بھی ممکن تھا کہ وہ پیروں کو پھیلائے بغیر ٹانگوں کی طرف جھک کر اپنا سینہ رانوں پر رکھ لیتے۔ واللہ اعلم۔

جس چھت کی منڈیر نہ ہو اس پر سونے کی ممانعت

۴۷۲۰: وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ لَيْسَ عَلَيْهِ حِجَابٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ حِجَارٌ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ۔

(رواه ابوداؤد وفي معالم السنن للخطاب حجى - رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ٥/ ٢٩٥ ٥٠٤١ وأحمد وى المسند ٥/ ٧٩۔

ترجمہ: حضرت علی بن شیبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رات میں گھر کی ایسی چھت پر سوئے جس کی اطراف میں منڈیر نہ ہو۔ دوسری روایت اس طرح ہے کہ جس کے گرد رکاوٹ والی چیز نہ ہو تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے جاتا رہا۔ یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔ خطابی نے معالم السنن میں لفظ حجاب کی بجائے حجی کا لفظ ذکر کیا ہے۔

راویٔ حدیث:

علی بن شیبان ۔ یہ علی شیبان ”حنفی و یمانی“ ہیں۔ ان سے ان کے بیٹے ”عبدالرحمٰن“ روایت کرتے ہیں۔

تشریح: ”ظهر“: اس سے مراد چھت ہے۔ ليس عليه: (یہاں مضاف محذوف ہے۔) ای علی اطرافه۔

حجار: را کے ساتھ ہے‘ حجر کی جمع ہے۔ ”حجر“ حاء کے کسرہ کے ساتھ ہے حجر الكعبة بھی اس سے مأخوذ ہے۔ حجی: میں حائے مہملہ مکسورہ اور پھر جیم ہے۔ بروزن ”الی“، بمعنی عقل اور ایک نسخہ میں حرف اول کے فتحہ کے ساتھ ہے ‘یعنی بروزن ”علی“ ناحیہ کے معنی میں ہے۔ حجی منوّن ہے، اور تقدیراً مرفوع ہے۔

”النہایۃ“ میں لکھتے ہیں خطابیؒ معالم السنن میں فرماتے ہیں: حجیٰ بروزن ”الی“ ہو، خواہ بروزن ”علی“ بہر حال تقدیر ”ستر“ کے معنی میں ہے۔ چنانچہ جن لوگوں کا کہنا ہے، کہ یہ کلمہ بالکسر ہے، تو انہوں نے پردہ کو عقل کے ساتھ تشبیہ دی ہے کہ جس طرح عقل انسان کو فساد اور امور مہلکہ سے روکتی ہے پس اس پردہ کو جو چھت پر ہوتا ہے اور انسان کو گرنے سے روکتا ہے‘ تشبیہ دی ہے عقل سے جو انسان کو اپنے برے افعال سے روکتی ہے جو باعث ہلاکت ہوتے ہیں۔ اور جن حضرات نے اس کو فتحہ کے ساتھ پڑھا ہے تو انہوں نے ناحیہ اور طرف کے معنی لئے ہیں۔

حجی (حاء کے زبر کے ساتھ) کے معنی کنارہ اور گوشہ کے ہیں اور ظاہر ہے کہ چھت کا پردہ چھت کے کناروں پر کھڑی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گئی دیوار وغیرہ ہی کی صورت میں ہوتا ہے۔ اس کا مفرد "حجی" فتحہ کے ساتھ آتا ہے۔ جامع الاصول میں نے کتاب ابوداؤد میں "ولیس علیه حجاب" پڑھا ہے اور ایک دوسرے نسخہ میں "حجار" ہے "حجاب" باء کے ساتھ اس کو کہتے ہیں جو انسان کو وقوع سے حاجب ہوتا ہے اور راء کے ساتھ "حجار" ہو تو ممکن ہے کہ "حجر" کی جمع ہو وھو ما حجر به من حائط اور یہ بھی سوتے ہوئے شخص کو چھت سے گرنے سے روکتا ہے راء والی روایت کی تائید اگلی حدیث کے ان الفاظ سے بھی ہو رہی ہے: **لیس بمحجور علیه**۔ اھ۔ مصابیح میں خطابیؒ کے ذکر کردہ کے مثل مذکور ہے چنانچہ اس کے ایک شارح لکھتے ہیں: **لیس علیه حجی**۔ حاء کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ۔

قوله: فقد برئت منه الذمة: قاضیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص ایسی چھت پر سویا جس پر کوئی چار دیواری وغیرہ نہ تھی تو وہ آدمی اپنی ہلاکت کے درپے ہو گیا اور اس نے اپنی عصمت کو خود زائل کر دیا اور یہ شخص اس "مہدر" کی طرح ہو گیا جس کا کوئی ذمہ نہیں ہے چونکہ ممکن ہے کہ سوتے میں یہ پلٹا کھائے اور گر کر مر جائے اور اس لئے بھی (یہ وعید سنائی) کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی نگہبانی و حفاظت کا ذمہ وعہد لیا ہے اور اس مقصد کے لئے اس نے محض اپنے فضل وکرم سے (ملائکہ مقرر کئے ہیں اور ایسے اسباب و ذرائع پیدا فرمائے ہیں جن کو اختیار کر کے انسان اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص ایسی چھت پر سوتا ہے جس کے گرد کوئی پردہ اور رکاوٹ نہیں ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جب اس شخص نے خود اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کا ارادہ کر لیا ہے تو اب قدرت کو کیا ضرورت ہے کہ اس کی حفاظت کرے۔ لہٰذا اس کی محافظت کا خدائی ذمہ وعہد ساقط ہو گیا۔

بعض نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے، کہ ہمارے اور اس کے درمیان کوئی عہد باقی نہیں رہا۔ یہ ایک قسم کی تہدید ہے، کسی پُرخطر جگہ پر سونے کی کراہت کا بیان ہے اور یہ ان آداب میں سے ہے جن کی تعلیم سید اولی الالباب نے دی ہے بلکہ وہ اکمل واتم ہے اور ہر رحم کرنے والے سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ جو اعلم لعالمین ہے کا ارشاد ہے: ﴿وما ارسلناك الا رحمة للعالمين﴾ [الانبیاء: ۱۰۷]

بلا مُنڈیر چھت پر سونا منع ہے

۴۷۲۱: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ۔ (رواه الترمذى)

أخرجه الترمذي في السنن ۵/ ۱۳۰ الحديث رقم ۲۸۵۴۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مکان کی چھت پر سونے سے منع فرمایا ہے جس کے اطراف میں پتھر کی منڈیر نہ ہو۔ (ترمذی)

حلقہ کے درمیان میں بیٹھنا باعث لعنت ہے

۴۷۲۲: وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ مَلْعُوْنٌ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْحَلْقَةِ۔ (رواه الترمذی و ابو داوٗد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ١٦٤/٥ الحديث رقم ٤٨٢٦، والترمذی فی السنن ٨٣/٥ الحديث رقم ٢٧٥٣۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے اس شخص کو ملعون قرار دیا گیا ہے جو حلقہ کے درمیان (سردار بن کر) بیٹھے۔ (ترمذی، ابوداوٗد)

تشریح: ''وسط'': میں سین ساکن ہے۔

''الحلقة'': لام کے سکون کے ساتھ ہے۔

قوله :لعن من جلس وسط الحلقة :

شرح السنہ میں اس جملہ کے دو مطلب بیان کیے ہیں:

اول: کسی جگہ لوگ حلقہ بنائے بیٹھے تھے کہ ایک شخص آیا اور بجائے اس کے کہ وہ جہاں جگہ دیکھتا وہیں بیٹھ جاتا لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا درمیان میں جا کر بیٹھ گیا۔ چنانچہ ایسے شخص کو ملعون کہا گیا ہے۔

ثانی: کوئی شخص کچھ لوگوں کے حلقہ کے درمیان اس طرح بیٹھ گیا کہ ان میں سے بعضوں کے چہرے ایک دوسرے سے چھپ گئے اور وہ آپس میں ایک دوسرے کے چہرے نہ دیکھ سکنے کی وجہ سے اس شخص سے ضرر محسوس کریں۔ ایسا شخص مذکورہ حدیث کا محمول ہے۔

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''اس کی مراد اللہ ہی بہتر جانتا ہے'' اس سے مراد وہ شخص ہے جو مسخرا پن کرنے کے لئے حلقہ کے بیچ میں جا کر بیٹھ جائے تا کہ لوگوں کو ہنسائے۔ علاوہ ازیں شعبدہ بازی اور وہ شخص بھی اس حدیث کا مصداق ہے، جو شہرت و ناموری کی خاطر مجمع کے بیچوں بیچ کھائے۔

تخریج: جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو احمد، ابوداوٗد، ترمذی اور حاکم نے حذیفہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: ''لعن الله من قعد وسط الحلقة''۔

کشادہ مجلس قابل تعریف ہے

۴۷۲۳: وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَيْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُهَا۔

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ١٦٢/٥ الحديث رقم ٤٨٢٠، وأحمد فی المسند ١٨/٣۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین مجلس وہ ہے جو کشادہ جگہ میں منعقد کی جائے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے، امام بخاری نے اپنی تاریخ میں، امام حاکم نے مستدرک میں اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں انہی (ابوسعید خدری) سے روایت کیا ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث کو بزار، حاکم اور بیہقی نے حضرت انس سے بھی نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متفرق بیٹھنے کو ناپسند فرمایا

۴۷۲۴:وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ جُلُوْسٌ فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ عِزِيْنَ -

أخرجه مسلم فی صحیحه ۳۲۲/۱ الحدیث رقم (۱۱۹ـ۴۳۰)' وأبو داوٗد فی السنن ۱۶۳/۵ الحدیث رقم ۴۸۲۳' وأحمد فی المسند ۹۳/۵ـ

ترجمہ:حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں تشریف لائے جب کہ صحابہ کرامؓ وہاں بیٹھے تھے۔آپ نے فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تم لوگوں کو متفرق اور الگ الگ بیٹھا دیکھ رہا ہوں۔(ابوداؤد)

تشریح:''عزین'':عین اور زاء دونوں مکسورہ ہیں۔بمعنی ''متفرقین'' ہے۔'' عزة'' کی جمع ہے۔عزۃ کی ھاء، یاء کے عوض میں ہے۔العزة هی فرقة من الناس متمیزة عن غیرها۔شرح السنہ میں سفیان سے'' عزین '' کی تفسیر ''حلق'' (حلقوں) کے ساتھ مروی ہے۔

قوله: وأصحابه جلوس:یہ جملہ حالیہ ہے۔

قوله: مالی أراكم عزین:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح بیٹھنے کو بوجوہ پسند نہیں فرمایا:

❶ تا کہ باہم ایک دوسرے کی طرف پشت نہ ہو'چونکہ پشت پھیر کر بیٹھنا باہم تفرقہ کا باعث بنتا ہے۔سب لوگ ایک جگہ حلقہ بنا کر بیٹھو یا صف میں بیٹھو چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿واعتصموا بحبل اللّٰه جمیعا ولا تفرقوا......﴾[آل عمران:۱۰۳] ''اور اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں تفرقے میں نہ پڑو۔''

❷ اس طرح بیٹھنا تشبہ بالکفار ہے۔چنانچہ کفار کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ﴾ [المعارج:۳۶ ـ ۳۷] ''تو ان کافروں کو کیا ہوا کہ آپ کی طرف دوڑے چلے آتے ہیں۔(اور) دائیں بائیں سے گروہ گروہ ہو کر (جمع ہو جاتے ہیں)۔'' یحییٰ اعمش سے روایت کرتے ہیں:

فقال:''دخل رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم المسجد وهم حلق فقال:مالی أراكم عزین''ای متفرقین مختلفین لا یجمعكم مجلس واحد.

تخریج:اس حدیث کو احمد،مسلم،اور نسائی رحمۃ اللہ علیہم نے بھی نقل کیا ہے۔

کچھ دھوپ اور کچھ چھاؤں میں بیٹھنا شیطانی بیٹھک ہے

۴۷۲۵:وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ الظِّلُّ فَصَارَ بَعْضُهٗ فِي الشَّمْسِ وَبَعْضُهٗ فِي الظِّلِّ فَلْيَقُمْ (رواہ ابوداؤد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۱۶۲ الحدیث رقم ۴۸۲۱، وابن ماجه فی ۲/۱۲۲۷ الحدیث رقم ۳۷۲۲، وأحمد فی المسند ۲/۳۸۳۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص سایہ میں بیٹھا ہو اور پھر وہ سایہ ختم ہو رہا ہو اس طرح کہ جسم کا بعض حصہ دھوپ میں اور بعض حصہ سایہ میں ہو جائے تو اسے چاہئے کہ وہاں سے اٹھ جائے یعنی مکمل سائے میں ہو جائے یا مکمل دھوپ میں۔ (ابوداؤد)

تشریح: **الفیء:** فاء کے فتحہ اور یاء کے سکون کے ساتھ۔ بمعنی ظل یعنی سایہ

واذ کان أحدکم فی الفیء فقلص عنه الظل: اس جملہ میں "تفنن" ہے۔ (کہ پہلے لفظ "ظل" ارشاد فرمایا اور دوسری مرتبہ "فیئ" فرمایا)

فصار بعضه الخ: یہ جملہ ماقبل کا بیان ہے۔

فلیقم: یعنی اس کو چاہئے کہ وہاں سے اٹھ جائے اور ایسی جگہ بیٹھے جو پوری طرح سایہ میں ہو یا پوری طرح دھوپ میں ہو۔

اس حکم کی مختلف حکمتیں بیان کی گی ہیں:

① بعض حضرات تو یہ کہتے ہیں کہ یہ عبارت اپنے ظاہری معنی پر محمول ہے۔

یعنی کچھ سایہ اور کچھ دھوپ میں بیٹھنا شیطان کا کام ہے۔

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ ایسی جگہ کی نسبت شیطان کی طرف اس اعتبار سے کی گئی ہے کہ اس جگہ پر کسی شخص کے بیٹھنے یا لیٹنے کا سبب شیطان بنتا ہے ② شیطان جس طرح انسان کے دین کا دشمن ہے اسی طرح اس کے بدن کا بھی دشمن ہے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ان الشیطان لکم عدو فاتخذوه عدوا﴾ [فاطر:٦]

② خلاف عدالت ہے۔

③ مجانین کی مجلس سے تشبہ ہے۔ اس کی نظر ایک جوتا پہن کر چلنے کی ممانعت والی حدیث ہے اور اولیٰ یہ ہے کہ اس کی علت وہی بیان کی جائے جو اگلی حدیث میں آ رہی ہے: **فانه مجلس الشیطان۔**

قوله: هکذا رواه معمر موقوفا:

یعنی یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی نہیں ہے۔ لیکن واضح رہے کہ یہ "موقوف" حکم کے اعتبار سے "مرفوع" حدیث کے ہی درجہ میں ہے اس موقع پر تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے کلام کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ روایت اصل میں مرفوع ہے، اگرچہ مرفوعاً مروی نہیں ہے۔ دین کی جو بات اجتہاد و قیاس کے ذریعہ ثابت ہونے والی نہیں ہوتی اور اس کو کوئی صحابی اپنے قول کے طور پر نقل کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس صحابی نے وہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرور سنی ہے ورنہ یہ ممکن نہیں ہے کہ کوئی صحابی دین کی کوئی ایسی بات نقل کرے جو اجتہاد و قیاس سے باہر ہو اور اس بات کو اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہو۔ خصوصاً جب کہ یہ حکم اس کے علاوہ بھی متعدد احادیث میں آیا ہے۔ اس روایت اور اس طرح کی دیگر امثال میں حق کا تقاضا یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کو بالکل بلا چوں چرا تسلیم کر لیا جائے، چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہ کچھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانتے تھے جو دوسرے لوگ نہیں جانتے تھے' اور آپ ﷺ وہ کچھ دیکھتے تھے جو کچھ دوسرے نہیں دیکھتے تھے۔

الجامع الصغیر میں ہے: أنه ﷺ نهى أن يجلس الرجل بين الضبح والظل، وقال: مجلس الشيطان۔ رواه أحمد بسند حسن عن رجل مرفوعًا۔

۴۷۲۶: وفي شرح السنة عنه قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ فَلْيَقُمْ فَاِنَّهُ مَجْلِسُ الشَّيْطٰنِ هٰكَذَا رواه وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ مُوْقُوْفًا۔ (احمد بن حنبل' المسند)

أخرجه البغوى فى شرح النسة ۱۲/۳۰۱ الحديث رقم ۳۳۳۵' واحمد فى المسند ۲/۳۸۳۔

عورتوں کو مردوں سے پیچھے چلنے کا حکم

۴۷۲۷: وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ اِلْاَنْصَارِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ خَارِجٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَلَطَ الرِّجَالُ مَعَ النِّسَاءِ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ لِلنِّسَاءِ اسْتَاخِرْنَ فَاِنَّهُ لَيْسَ لَكُنَّ اَنْ تَحْقُقْنَ الطَّرِيْقَ عَلَيْكُنَّ بِحَافَاتِ الطَّرِيْقِ فَكَانَتِ الْمَرْاَةُ تَلْصَقُ بِالْجِدَارِ حَتّٰى اِنَّ ثَوْبَهَا لَيَتَعَلَّقُ بِالْجِدَارِ۔ (رواه ابوداؤد والبيهقى فى شعب الايمان)

أخرجه أبو داوٗد فى السنن ۵/۴۲۲ الحديث رقم ۵۲۷۲' والبيهقى فى الشعب۔

ترجمہ: حضرت ابواسید انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے یہ بات اس وقت سنی جب کہ آپ ﷺ مسجد سے نکل رہے تھے کہ مرد وعورتیں راستہ پر چلتے گڈ مڈ ہو گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے عورتوں کو حکم فرمایا کہ تم مردوں سے پیچھے ہٹ کر چلو۔ تمہارے لئے مناسب نہیں کہ تم راستہ کے درمیان میں چلو بلکہ تمہارے لئے لازم ہے کہ تم راستے کے کنارے پر چلو۔ چنانچہ عورتوں نے آپ ﷺ کے حکم پر اس طرح عمل کیا کہ وہ راستہ چلتے ہوئے دیواروں سے اس طرح مل کر چلتیں کہ بعض اوقات ان کے کپڑے دیواروں سے اٹک جاتے۔ (ابوداؤد' بیہقی)

تشریح: استأخرن: اگرچہ باب استفعال سے ہے، مگر باب تفعل کے معنیٰ میں ہے، یعنی ''تأخرن'' کے معنیٰ میں ہے۔ فانه: یہ ضمیر شان ہے۔ قوله: وهو خارج من المسجد: یہ جملہ حالیہ ہے۔

تحققن: پہلے قاف کے ضمہ کے ساتھ۔

حاق: قاف مشددہ کے سات بیچ، ہر شئے کا بیچ۔ حافات: ''حافة'' کی جمع ہے۔ فاء مخففہ ہے، نہایہ میں ہے کہ ''حافة'' کا معنی ہے ''ناحية''۔ یہ کلمہ اصل کے اعتبار سے اجوف واوی ہے۔ اس کی تصغیر ''حويفة'' آتی ہے۔ ''حافات الطريق'' کا معنی ہے راستہ کے جوانب واطراف۔

تلصق: صاد کے فتحہ کے ساتھ۔

فاختلط: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: فاء سببیہ ہے، ''اختلط'' مسبّب ہے سبب محذوف کا' اس سے پہلے مقولہ محذوف ہے. أي:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یقول: کیت کیت فاختلط. اور ''فقال'' کی فاء ''اختلط'' کا مسبب ہے۔حتی ان' ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

مرد' عورتوں کے درمیان نہ چلے

۴۷۲۸: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهٰى اَنْ يَّمْشِيَ يَعْنِيْ الرَّجُلَ بَيْنَ الْمَرْاَتَيْنِ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/٤٢٣ الحديث رقم ٥٢٧٥۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ مرد دو عورتوں کے درمیان چلے۔

(ابوداؤد)

تشریح: ''یمشی'' فعل اور ''بین المرأتین'' کے درمیان والا حائل جملہ: ''یعنی الرجل'': جملہ معترضہ ہے۔ ''یعنی الرجل'' راوی کا اپنا قول ہے جس سے الفاظ حدیث کی وضاحت مقصود ہے۔ گویا راوی نے یہ بیان کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے کلام میں ''یمشی'' کا فاعل ''الرجل'' ہے حاصل یہ کہ لفظ ''الرجل'' حدیث کے اصل متن کا جزء نہیں ہے بلکہ اس کو کسی راوی نے بطور وضاحت نقل کیا ہے۔

تخریج: جامع کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: نهی أن يمشی الرجل بين المرأتين. رواه ابو داود والحاكم.

مجلس میں جہاں جگہ پائے وہیں بیٹھ جائے

۴۷۲۹: وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِيْ۔ (رواه ابوداؤد وذكر حديثا عبيد الله بن عمر وفی باب القيام وسنذكر حديثی علی وابی هريرة فی باب اسمآء النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وصفاته ان شآء الله تعالى)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/١٦٤ الحديث رقم ٤٨٢٥' والترمذی فی ٥/٩٩ الحديث رقم ٢٧٢٥' وأحمد فی المسند ٥/٩١۔

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم جناب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آتے تو مجلس میں جہاں جگہ پاتے بیٹھ جاتے۔(ابوداؤد) پہلے باب القیام میں عبداللہ بن عمروؓ کی روایت آچکی آئندہ باب اسماء النبی ﷺ میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت مذکور ہوگی۔

تشریح: **قوله: جلس احدنا حيث ينتهی:** ''ینتهی'' کے فاعل میں دو احتمال ہیں:

❶ ينتهی هو اليا من المجلس۔ ❷ ينتهی المجلس اليه۔

حاصل یہ ہے کہ مجلس نبوی ﷺ میں ہر شخص مجلس نبوی ﷺ کے آداب وقار کو ملحوظ رکھتا تھا ادب کے پیش نظر کوئی آگے بڑھنے کی جسارت نہ کرتا تھا۔

قوله: وذكر حديثا عبد الله بن عمرو: وہ دونوں حدیثیں یہ ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① لايحل لرجل ان يفرق بين اثنين الا باذ نهما۔(رواه الترمذی وابوداود)

② لا تجلس بين رجلين الاباذنهما۔(رواه ابوداود)

قوله: وسنذ كر حديثي علي وأبي هريرة۔۔۔۔۔الخ:

حضرت علیؓ کی وہ حدیث یہ ہے: حدیث: ۵۷۹۰ (دسویں جلد) كان رسول الله ﷺ اذا مشى تكفأ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث یہ ہے: مارأيت أحدا أسرع في مشيه۔

وضاحت: اکثر اصول معتمدہ میں " حديث عبد الله" تثنیہ کے صیغہ کے ساتھ (یعنی " حديثا عبد الله") ہے۔ سید کے نسخہ میں بصیغہ مفرد " حديث عبد الله" بن عمر ہے۔ مصنفؒ نے "حدیثاً عبداللہ" فرمایا' حالانکہ حدیث ثانی جیسا کہ ماقبل میں گذرا عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده کی طرف منسوب ہے' چونکہ "جدہ" سے مراد "عبداللہ بن عمروؓ" ہیں۔ اور صحیح بات وہ ہے جو ہم نے ماقبل میں ذکر کی کہ اس میں اختلاف ہے' اور سید کے نسخہ کے مطابق یہ بات متعین ہے کہ اس سے مراد حدیث اول ہے۔

الفصل الثالث:

اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والا بیٹھنا

۴۷۳۰: عَنْ عَمْرِوبْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَرَّبِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا جَالِسٌ هٰكَذَا وَقَدْ وَضَعْتُ يَدِىَ الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِىْ وَأتَّكَأْتُ عَلٰى اَلْيَةِ يَدِىْ فَقَالَ اَتَقْعُدُ قِعْدَةَ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد في السنن ٥/١٧٦ الحديث رقم ٤٨٤٨' وأحمد في المسند ٤/٣٨٨۔

ترجمه: حضرت عمرو بن شرید تابعیؒ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا گزر میرے پاس سے ہوا میں اس وقت اس طرح بیٹھا ہوا تھا کہ میں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنی پشت کے پیچھے رکھا ہوا تھا اور اپنے ہاتھ کی تلی پر ٹیک لگایا تھا تو آپ ﷺ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کیا تم ان لوگوں کی طرح بیٹھتے ہو جن پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہو۔ (ابوداؤد)

راویٔ حدیث:

عمرو بن الشرید۔ نام "عمروؓ" ہے۔ "شرید" کے بیٹے ہیں۔ ثقفی اور تابعی ہیں۔ ان کا شمار اہل طائف میں ہوتا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما' اپنے والد اور رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ ابورافع سے حدیث سنی۔ ان سے صالح ابن دینار اور ابراہیم بن میسرہ نے روایت کی ہے۔

تشریح: الية: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ۔

القعدة: قاف کے کسرہ کے ساتھ۔ بیان نوع ہیئت کے لئے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: المغضوب علیہم:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس سے مراد یہودی ہیں۔

یہاں یہودیوں کا صراحت کے ساتھ ذکر کرنے کی بجائے مغضوب علیہم کے ذریعہ ان کی طرف اشارہ فرمایا دو وجہ سے:

ایک وجہ تو اس بات سے آگاہ کرنا ہے کہ اس ہیئت پر بیٹھنا ان چیزوں میں سے ہے جن کو حق تعالیٰ دشمن رکھتا ہے۔

دوسری وجہ یہ کہ مسلمان چونکہ ایک ایسی امت کا فرد ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت ونعمت فرمائی ہے اس لئے اس کو چاہئے کہ وہ ان لوگوں کی مشابہت اختیار نہ کرے جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنا غضب نازل کیا ہے اوران کوملعون قرار دیا ہے۔ (انتھی)

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں: یہاں **مغضوب علیہم** سے یہود مراد لینا محل بحث ہے، چونکہ یہ اس بات پر موقوف ہے، کہ کیا واقعی یہ ہیئت ان کا شعار ہے؟ چنانچہ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ حدیث میں یہود کے **مغضوب علیہم** ہونے کا ذکر ہے' تو واضح رہے کہ حدیث صحیح میں یوں آتا ہے:

أن المغضوب علیهم فی سورة الفاتحة هم الیهود. ہم اس کی توجیہ "حزب الفتح" کی شرح کے آغاز میں بیان کر چکے ہیں۔

عرض مرتب:

(اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے، کہ سورۃ فاتحہ میں مذکور مغضوب علیہم سے مراد "یہود" میں حصر نہیں ہے۔)

آگ والوں کا لیٹنا

۴۷۳۱: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ مَرَّبِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُضْطَجِعٌ عَلٰی بَطْنِیْ فَرَکَضَنِیْ بِرِجْلِهٖ وَقَالَ یَاجُنْدُبُ اِنَّمَا هِیَ ضِجْعَةُ اَهْلِ النَّارِ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۲۲۷ الحدیث رقم ۳۷۲۴۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے پاس سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا جب کہ میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے پاؤں سے ٹھوکر لگائی اور فرمایا اے جندب! یہ آگ والوں کا لیٹنا ہے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: قولہ: یاجندب: جندب حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا اصل نام ہے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر ان کی کنیت کے بجائے اصل نام سے مخاطب فرمایا۔ بظاہر وہ پاؤں پھیلا کر لیٹے ہوئے تھے۔ جیسا کہ اجڈ بدوں کی عادت تھی۔ اس حدیث کے ہم معنی دو حدیثیں ماقبل میں گذر چکی ہیں۔

عرض مرتب: حدیث: ۴۷۱۸ اور حدیث: ۴۷۱۹: اس حدیث سے متعلقہ مباحث کے لئے حدیث: ۴۷۱۸ ملاحظہ فرمائیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ

چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان

العطاس، عین کے ضمہ کے ساتھ'' عطسة'' (چھینک) سے مأخوذ ہے، مصدر ہے۔ یہ باب نصر سے مستعمل ہے (سیوطی)۔ اور باب ضرب سے پڑھنا بھی جائز ہے۔ (قاموس)۔ عاطس: چھینکنے والا۔ اور از باب تفاعل (تعاطس) بے تکلف چھینکنے کی کوشش کرنا۔

تثاؤب، باب تفاعل کا مصدر ہے، وثباء (مد کے ساتھ) سے مأخوذ ہے۔ الف کے بعد ہمزہ ہے، واؤ پڑھنا غلط ہے (کذافی المغرب)۔ امام نوویؒ شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ بعض نسخوں میں'' تثاوب'' مد کے ساتھ ہے اور اکثر نسخوں میں واؤ کے ساتھ ''تثاوب'' ہے۔ (انتھی) صاحب قاموس نے اس کلمہ کو صرف ہمزہ کے تحت ذکر کیا ہے۔ جوہری کی بھی یہی رائے ہے۔ ''تثاوبت'' نہیں کہا جاتا' اس سے اسم ''ثوباء'' آتا ہے مد کے ساتھ۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں ثابت کا کہنا ہے کہ ''تثاءب'' مد وتخفیف کے ساتھ نہ پڑھ جائے' بلکہ ''تثارب'' تشدید اور ہمزہ کے ساتھ پڑھا جائے۔ (یہ لفظ از باب تفاعل نہیں، بلکہ از باب تفعل ہے۔) ابن درید کا کہنا ہے کہ یہ اصل تثاءب الرجل سے ہے یہ تشدید کے ساتھ ہے'۔ اور ان دو حدیثوں سے مراد بظاہر جوہری فرماتے ہیں: کہا جاتا ہے: تثاء بت 'مد اور تخفیف کے ساتھ بروزن تفاعلت' اس کے معنیٰ ہیں: استرخی و کسل. قاموس میں لکھتے ہیں: تثاء ب أصابه كسل وفترة كفترة النعاس (انتھی)

عطاس کی پسندیدگی کی وجوہ:

① چھینکنے کی وجہ سے چونکہ دماغ پر سے بوجھ ہٹ جاتا ہے، اور فہم وادراک کی قوت کا تزکیہ ہو جاتا ہے، اور یہ چیز طاعت وحضورِ قلب کا باعث ومددگار بنتی ہے۔

② چھینک دراصل دماغ کی صحت وصفائی اور مزاج میں نشاط وتوانائی کی علامت ہے۔ اور یہ چیز جسمانی صحت وتندرستی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اور حصول نعمت پر اللہ کی تحمید کرنی چاہیئے۔

③ چھینکنے کی وجہ سے دماغ پر سے بوجھ ہٹ جاتا ہے، دماغی فضلات خارج ہو جاتے ہیں، روح کی صفائی ہوتی ہے۔ اور حواس (خمسہ) کو تقویت ملتی ہے۔

④ تشمیت، شین معجمہ کے ساتھ۔ باب تفعیل کا مصدر ہے، یہ لفظ سین مہملہ کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔ تسمیت: یہ سمت سے مأخوذ ہے، وهو حسن القصد والهدى. امام ثعلب اس کے معنیٰ یہ بیان کرتے ہیں: أبعدك عن الشماتة. قاضیؒ فرماتے ہیں: تشمیت کے اصل معنیٰ ہیں: ازالہ الشماتة۔ پھر یہ کلمہ دعا کے لئے استعمال ہونے لگا، چونکہ ازللمه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شماتة بھی ضمنی طور پر دعا ہے۔

تشمیت العاطس کے احکام:

"تشمیت العاطس" کی شرعی حیثیت: اس کے حکم شرعی کے بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

① بعض کا کہنا ہے کہ چھینک کا جواب فرض عین ہے۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے: "**فاذا عطس احدكم وحمد الله كان حقا على كل مسلم سمعه أن يقول له. يرحمك الله**"۔

② اکثر حضرات کا کہنا ہے کہ فرض کفایہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر عاطس کی چھینک کو ایک سے زیادہ افراد سن لیں، تو وہاں موجود لوگوں میں سے کسی ایک شخص کا "**يرحمك الله**" کہہ دینا سب کے ذمہ سے وجوب تشمیت کا ذمہ ساقط کر دے گا۔ ان کی دلیل بھی مذکورہ بالا حدیث ہے۔ فرض کفایہ ہونا اس حدیث کے منافی نہیں' اس لئے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ چھینک کا جواب دینا ہر ایک پر واجب ہے' لیکن بعض کے جواب سے دوسرے بعض سے ساقط ہوتا ہے' اس سقوط کی دلیل کچھ اور ہے' اور ردسلام پر قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے۔

③ امام شافعیؒ کا کہنا ہے، کہ سنت ہے۔ انہوں نے مذکورہ بالا حدیث کو ندب پر محمول کیا ہے۔

④ حنفیہ اور جمہور کا کہنا ہے، کہ واجب ہے۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۷۳۶]

⑤ سنت مؤکدہ ہے۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۷۳۶]

⑥ امام نوویؒ کا کہنا ہے، کہ سنت کفایہ ہے، اسی کو امام شافعیؒ کا مذہب بھی قرار دیا ہے۔

عاطس کو چاہئے کہ الحمد اللہ باآواز بلند کہے، تاکہ اہل مجلس تحمید کو سن لیں، اور عاطس تشمیت کا حق دار بن جائے۔ (شرح السنہ)

[از فوائد حدیث: ۴۷۴۳]

عاطس چھینکنے کے بعد اگر الحمد اللہ نہ کہے تو جواب کا مستحق نہیں۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۳۴، ۴۷۳۵)

حضرت مکحولؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ کوئی شخص مسجد کے کسی کونے میں چھینکا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے چھینک کی آواز سنی، تو فرمایا: "**يرحمك الله ان كنت حمدت الله**"، یعنی اگر تو نے اللہ کی حمد بیان کی ہے، تو اللہ تجھ پر کرے۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۳۴)

عاطس اگر ایک مجلس میں لگاتار تین بار سے زیادہ چھینکے، تو مزید تشمیت میں اختیار ہے۔ سکوت اختیار کرے، تو رخصت ہے۔ اور تشمیت کو اختیار کرے تو مستحب ہے۔

چھینک کی آواز کو پست رکھنا چاہئے، کیونکہ:

❶ باآواز بلند چھینکنا طبیعت کی سلامتی اور شخصی وقار کے خلاف ہے۔ ❷ بسا اوقات سامعین چونک اٹھتے ہیں۔

تین مرتبہ کے بعد جواب دینا کوئی ناجائز نہیں ہے۔ لیکن واجب وسنت بھی نہیں ہے۔

چھینک آنا، یہ ایک نعمت ہے۔ اور حصول نعمت پر اللہ کی حمد وثنا بیان کرنی چاہیئے۔

چھینک آنے پر الحمد للہ رب العالمین کہنا الحمد للہ کہنے کے مقابلہ میں احسن ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھینک آنے پر **الحمد الله علی كل حال** کہنا افضل ہے۔(ملاعلی قاریؒ نے اس زیادت کو" **من باب الاكمل**" قرار دیا ہے)اگر چھینک آنے پر ہمیشہ یہ کلمات کہتا ہے،تو اس کی اور بھی فضیلت ہے۔

شعبیؒ فرماتے ہیں:اگر تمہارے کان میں دیوار کے پیچھے سے کسی کے چھینکنے اور الحمد للہ کہنے کی آواز آئے،تو اس کو بھی جواب دو۔(ماخوذ از فوائد حدیث:۴۷۴۳)ابراہیم فرماتے ہیں کہ جب تمہیں چھینک آئی اور تم نے اللہ کی حمد وثناء بیان کی،اور تمہارے پاس کوئی بھی شخص موجود نہ ہو تو تم کہو:**یغفر الله لی ولكم**،چونکہ تمہاری چھینک کا جواب وہ دے گا جس نے تجھ کو(یہ کہتے ہوئے) سنا۔(ماخوذ از فوائد حدیث:۴۷۳۴)

اگر عاطف" **الحمد لله**" کے بجائے کوئی اور لفظ کہے تو وہ چھینک کے جواب کا مستحق نہیں۔(از فوائد حدیث:۴۷۴۱)

عاطس نے چھینک آنے پر الحمد للہ اس قدر پست آواز سے کہا،کہ کسی نے بھی نہیں سنا،تو اس صورت میں بھی تشمیت لازم نہیں ہے۔چونکہ تشمیت کے لئے سماع ضروری ہے۔(ملاحظہ ہو حدیث:۴۷۳۲)

سامع"**یرحمك الله**" کہے۔یا"**یرحمكم الله** " کہے،یا" **رحمك الله**" کہے،یا" **رحمكم الله**" کہے۔سامع کے جواب میں عاطس"**یهدیكم الله ویصلح بالكم**" کہے۔یا"**یغفر الله لنا ولكم**" کہے۔یا" **یغفر الله لی ولكم** " کہے۔دونوں کو جمع کرنا اَولیٰ ہے۔(از فوائد حدیث:۴۷۴۱)

چھینکتے وقت چہرے کو ڈھانپ لینا چاہئے چونکہ:

① چھینک کے ذریعے عام طور پر دماغ کا فضلہ چھوٹے چھوٹے ذرات کی شکل میں نکل آتا ہے۔
② بلغم وغیرہ ناک یا منہ سے نکل پڑتا ہے۔ ③ چھینکتے وقت چہرے کی ہیئت بگڑ جاتی ہے۔(ماخوذ از فوائد:۴۷۳۸)

غیر مسلم کی چھینک کے جواب میں **یهدیكم الله ویصلح بالكم** کہنا چاہئے۔چونکہ اللہ کی رحمت صرف مؤمن کے لئے مخصوص ہے۔البتہ ہدایت واصلاح کی دعا کر دینی چاہئے۔

چھینک کی آواز کو پست رکھنا یہ درحقیقت آداب مجلس میں سے ہے۔(از فوائد حدیث:۴۷۳۸)

"**یهدیكم الله**" میں مخاطب کے لئے جمع کا صیغہ لانے کی متعدد وجوہ بیان کی جاتی ہیں:

1. باعتبار غالب کے ہے،بایں طور کہ عام طور پر عاطس کے پاس کئی آدمی ہوتے ہیں۔لہٰذا مذکورہ دعا میں ان سب کو شریک کرنا چاہئے۔
2. جمع کا صیغہ لانا بطور تعظیم وتکریم کے ہے۔
3. اس دعا میں مخاطب کے واسطے سے پوری امت محمدیہ کو شامل کرنا مراد ہے۔(از فوائد حدیث:۴۷۳۳)

جمائی کے ناپسندیدہ ہونے کی وجوہ:

① قاضیؒ فرماتے ہیں جمائی آنا طبیعت کے امتلاء،نفس کے بھاری پن اور حواس کی کدورت کی وجہ سے ہوتا ہے۔اور یہ چیز غفلت،سستی،بدفہمی کا باعث بنتی ہے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ کو جمائی ناپسند ہے۔اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

② ملا قاریؒ فرماتے ہیں جمائی طاعات میں نشاط سے مانع ہے' موجب غفلت ہے اور اسی وجہ سے یہ شیطان کی فرحت کا باعث ہے' اسی کو اگلی حدیث میں ''ضحک شیطان'' سے تعبیر کیا ہے۔

اور وہ اس پر ہنستا ہے۔ (اور ہر وہ کام جس سے شیطان خوش ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے)۔

③ جمائی آنے پر بسا اوقات منہ پر ہاتھ وغیرہ رکھنے کا موقع نہیں مل پاتا، یا دھیان نہیں ہوتا، لہٰذا منہ کھلا دیکھ کر شیطان اس میں گھس جاتا ہے۔

④ جمائی آنے پر منہ کھلا دیکھ کر شیطان اس آدمی پر اثر انداز ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور اس کو وساوس واوہام میں مبتلا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ لہٰذا جمائی کو حتی الامکان روکنا چاہیے۔

فائدہ نمبر۱: بعض حضرات کا کہنا ہے کہ کسی بھی نبی کو، کبھی بھی جمائی نہیں آئی۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۳۲)

فائدہ نمبر۲: خطابیؒ فرماتے ہیں: چھینک آنا محمود ہے، چونکہ یہ طاعت کے لئے معین ومددگار ہے۔ اور جمائی مذموم ہے، چونکہ یہ طاعت سے ہٹانے والی چیز ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّل:

جمائی ناپسند ہے

۴۷۳۲: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْعُطَاسَ وَیَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ كَانَ حَقًّا عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهٗ اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَاَمَّا التَّثَاؤُبُ فَاِنَّمَا هُوَمِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْیَرُدَّهٗ مَا اسْتَطَاعَ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا تَثَاءَ بَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّیْطَانُ (رواہ البخاری وفی روایة لمسلم) فَاِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَالَ هَاضَحِكَ الشَّیْطَانُ مِنْهُ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۶۱۱/۱۰ الحدیث رقم ۶۲۲۶، وأبو داوٗد فی السنن ۲۸۷/۵ الحدیث رقم ۵۰۲۸، والترمذی فی ۸۱/۵ الحدیث رقم ۲۷۴۷، وأحمد فی المسند ۴۲۸/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتے ہیں اور اسے جمائی ناپسند ہے۔ پس جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے اور وہ اس پر الحمد للہ کہے تو اس کی چھینک اور الحمد للہ سننے والے کو یرحمک اللہ سے اس چھینک کا جواب دینا چاہیے۔ رہی جمائی تو یہ شیطانی اثرات کی وجہ سے ہے۔ پس جب تم میں سے کوئی جمائی کا شکار ہو تو اسے حتی الامکان اس جمائی کو روکنا چاہیے اس لیے کہ جب کوئی شخص جمائی لیتا ہے تو شیطان اس پر ہنستا ہے۔ (بخاری) اور مسلم کی روایت میں یہ ہے کہ جب وہ جمائی کے دوران ہا...... کی آواز نکالتا ہے تو اس پر شیطان ہنستا ہے اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تو (چاہئے کہ حتی الامکان اس جمائی کو روکے) کیونکہ جب تم میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے کوئی شخص ہاء کہتا ہے یعنی جمائی لیتا ہے تو اس پر شیطان ہنستا ہے''۔

عرض مرتب:

اس حدیث سے متعلقہ تمام احکام کو ہم نے ''احکام باب'' کے تحت ذکر کر دیا ہے' وہاں ملاحظہ فرمالیجئے۔ (انتہی)

تخریج: حدیث کا پہلا جملہ ابوداؤد اور ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

حدیث باب سے متعلقہ مزید روایات:

① الجامع الصغیر کی روایت کے الفاظ یہ ہیں:

''اذا تثاء ب أحدكم فليرده ما استطاع، فان أحدكم اذا قال: ها ضحك الشيطان منه''. رواه البخاری عن انسؓ

② احمد، شیخین اور ابوداؤد کی ابوسعید سے مروی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''اذاتثاء ب أحدكم فليضع يده على فمه، فان الشيطان يدخل مع التثاوب''.

③ ابن ماجہ نے ابوہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

''اذاتثاء ب احدكم فليضع يده على فيه ولا يعوى ، فان الشيطان يضحك منه''.

④ بیہقیؒ نے عبادہ بن صامتؓ وغیرہ سے ان الفاظ کے ساتھ ذکر کیا ہے:

''اذاتجشأ أحدكم أوعطس فلا يرفع بهما الصوت فان الشيطان يحب أن يرفع بهما الصوت''.

⑤ حاکمؒ اور بیہقیؒ نے حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے:

'' اذ اعطس أحدكم فليضع كفيه على وجهه وليخفض صوته''.

چھینک کا جواب

۴۷۳۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلْيَقُلْ لَهٗ اَخُوْهُ اَوْصَاحِبُهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَاِذَا قَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَلْيَقُلْ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۶۰۸ الحديث رقم ۶۲۲۴' والترمذی فی ۵/۷۷ الحديث رقم ۲۷۴۱' وابن ماجه فی ۲/۱۲۲۴ الحديث رقم ۳۷۱۵' وأحمد فی المسند ۴/۴۱۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے تو اسے الحمدللہ کہنا چاہیے اور اس کے بھائی یا اس کے دوست کو (یرحمک اللہ) کہنا چاہیے اور چھینکنے والے کو (یرحمک اللہ) کے جواب میں يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ یعنی اللہ تمہیں ~~ہدایت بخشے~~ تمہارے دل کو درست رکھے' کہنا چاہیے۔ (بخاری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: شارع علیہ السلام نے اس کو نعمت قرار دیا ہے' پس اس کے بعد حمد بیان کرنا مسنون ہے۔ أو صاحبہ :راوی کو شک ہے کہ کیا الفاظ ارشاد فرمائے تھے۔

قولہ: یرحکم اللہ :مشمّت کی جانب سے ترحم مشروع قرار دیا' اس لئے کہ وہ اپنے رب کی رحمت کے قریب ہے بایں طور کہ اس نے اپنے رب کی تعظیم کی ہے' اپنے رب کی نعمت پر اس کی حمد وثناء کی ہے' اور اپنے رب کی نعمت کی قدر کو پہچانا ہے۔

یھدیکم اللہ ویصلح بالکم کا مطلب:

یھدیکم اللہ میں مخاطب کے لئے جمع کا صیغہ لانے کی متعدد وجوہ بیان کی گئی ہیں:

① باعتبار غالب کے ہے کہ عام طور پر چھینکنے والے کے پاس کئی آدمی ہوتے ہیں لہٰذا مذکورہ دعا میں ان سب کو شریک کرنا چاہئے۔

② مخاطب کے لئے جمع کا صیغہ بطور تعظیم وتکریم کے ہے۔

③ اس دعا میں مخاطب کے واسطے سے پوری امت مرحومہ کو شامل کرنا مراد ہوتا ہے۔

جواب تشمیت کی حکمت:

دوسرے کو رحمت کی دعا دے گا، تو اس کو خود بھی دعا خیر ملے گی، جو تالیف قلب کا باعث ہوگی۔

الحمد للہ کہنے والا مستحق جواب ہے

۴۷۳۴: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْاٰخَرَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ قَالَ اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَلَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاري في صحيح ۱۰/۶۱۰ الحديث رقم ۶۲۲۵' ومسلم في ۴/۲۲۹۲ الحديث رقم ۲۹۹۱' وابن ماجه في السنن ۲/۲۲۳ الحديث رقم ۳۷۱۳' والدارمي في ۲/۳۶۸ الحديث رقم ۲۶۶۰' وأحمد في المسند ۴/۴۱۲۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو آمیوں کو چھینک آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کی چھینک کا جواب دیا اور دوسرے کی چھینک کا جواب نہ دیا تو جس کی چھینک کا جواب نہ دیا تھا وہ کہنے لگا آپ نے اس کی چھینک کا جواب دیا اور میری چھینک کا جواب نہ دیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے الحمد للہ کہا اور تو نے الحمد للہ نہیں کہا یعنی الحمد للہ نہ کہنے کی وجہ سے تم جواب کے حقدار نہ تھے۔

تشریح: بعض روایات میں شین معجمہ کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ "فشمت أحدھما" ہے۔ اور بعض روایات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں سین مہملہ کے ساتھ" فسمت أحدهما " ہے۔امام جزریؒ فرماتے ہیں: دونوں روایات صحیح ہیں۔

عرض مرتب:

دونوں روایات کا معنوی فرق اُحکام الباب' کے تحت ماقبل میں مذکور ہو چکا ہے۔

قوله: ان هذا حمد الله: عربی کے عام اسلوب کے مطابق یہاں" هذا " کی بجائے" ذاك" استعمال ہونا چاہئے تھا۔مگر یہ اسلوب بھی بہرحال درست ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ آدمی بھی وہیں موجود ہو، لہٰذا" ان هذا"، گویا کہ" ان هذا الرجل" کے معنیٰ میں ہے۔

الحمدللہ نہ کہنے پر جواب نہ دو

۴۷۳۵:وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتُوْهُ وَاِنْ لَمْ يَحْمِدِ اللّٰهَ فَلَا تُشَمِّتُوْهُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٢٢٩٢/٤ الحديث رقم (٥٤-٢٩٩٢)، وأحمد في المسند ٤١٢/٤۔

ترجمه: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے تو وہ اس پر الحمدللہ کہے تو تم اس کی چھینک کا جواب دو اور اگر وہ الحمدللہ نہ کہے تو اس کی چھینک کا جواب مت دو۔(مسلم)

تخریج: اس حدیث کو امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔اور امام احمدؒ نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے۔

زیادہ چھینکنے والے کا جواب

۴۷۳۶:وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَهٗ فَقَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ اُخْرٰی فَقَالَ الرَّجُلُ مَزْكُوْمٌ (رواه مسلم وفي رواية للترمذي) **اَنَّهٗ قَالَ لَهٗ فِی الثَّالِثَةِ اَنَّهٗ مَزْكُوْمٌ۔**

أخرجه مسلم في صحيحه ٢٢٩٢/٤ الحديث رقم (٥٥-٢٩٩٣)، وأبو داوٗد في السنن ٢٩١/٥ الحديث رقم ٥٠٣٧، والترمذي في ٧٩/٥ الحديث رقم ٢٧٤٣، وابن ماجه في ١٢٢٣/٢ الحديث رقم ٣٧١٤، والدارمي في ٣٦٩/٢، ومالك في الموطأ ٩٦٥/٢ الحديث رقم ٤ من كتاب الاستذان وأحمد في المسند ٤٦/٤۔

ترجمه: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس آدمی کی چھینک کا جواب دیتے ہوئے سنا جس کو آپ کے پاس ہوتے ہوئے چھینک آئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یرحمک اللہ سے) جواب دیا جب اس کو دوسری مرتبہ چھینک آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آدمی کو تو زکام ہے۔یہ مسلم کی روایت ہے اور ترمذی کی روایت میں یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ یہ بات آپ ﷺ نے تیسری مرتبہ پر فرمائی کہ اس کو زکام ہے۔

تشریح: **قولہ: سمع النبی ﷺ وعطس رجل عندہ فقال:** "**وعطس رجل عندہ فقال**" یہ جملہ حال ہے "**سمع**" کے مفعول "**النبی ﷺ**" سے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بظاہر "**فقال لہ**" کے بجائے "**یقول لہ**" کے الفاظ ہونے چاہئیں چونکہ یہ جملہ حالیہ ہے۔ صاحب کشاف اس آیت کریمہ: ﴿**اننا سمعنا منادیا ینادی**﴾ [آل عمران: ۱۹۳] کے تحت لکھتے ہیں: تم کہتے ہوں: **سمعت زیدا یتکلم**. زید پر فعل واقع کرتے ہو، **شیء مسموع** کو حذف کر دیتے ہو اور اس (یعنی یتکلم) کو حال بنا دیتے ہو اور اس کے ذکر سے مستغنی ہو جاتے ہو۔ اھ

چنانچہ صاحب کشاف کی اس تفصیل کا حاصل یہ ہے، کہ کلام یوں ہوتا: "**سمعت النبی ﷺ فقال**" **الخ**. اس صورت میں کوئی اشکال لازم نہیں آتا۔

قولہ: فقال: الرجل مزکوم

اس شخص کو چونکہ زکام تھا، اس لئے بار بار چھینک رہا تھا، اور الحمدللہ کہہ رہا تھا، لہٰذا اس کے جواب میں بار بار "یرحمک اللہ" کہنے میں حرج محسوس کیا۔ علاوہ ازیں ایک مجلس کی متعدد چھینکوں کے جواب میں تداخل بھی نہیں ہوسکتا۔ میری ذکر کردہ بات کی تائید عنقریب آنے والی حدیث مرفوع سے ہوتی ہے۔ **فما زاد علی ثلاث مرات فان شئت فشمتہ وان شئت فلا**۔ کہ یہاں تخییر کی تصریح فرما دی گئی ہے۔ پس امام نوویؒ کا یہ کہنا بے موقع ہے: **یستحب أن یدعی لہ 'لکن غیر دعائہ للعاطس**۔ چونکہ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ تشمیت واجب ہے' یا سنت مؤکدہ ہے' ثلاث مرات کا حکم اختلافی ہے' اور تین بار سے زائد میں اختیار ہے چاہے تو سکوت کرے اور چاہے تو جواب دے' یہ مستحب ہے۔ واللہ اعلم۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں تم ان لوگوں میں سے نہیں کہ جن کہ چھینک کا جواب اس کے بعد دیا جائے' کیونکہ تمہیں جو ہے یہ مرض ہے۔ تین مرتبہ کی موافقت اس حدیث سے ہوتی ہے جو امام ابوداؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی ہے: **اذا عطس أحد کم فلیشمتہ جلیسہ فان زاد علی ثلاث فھو مذکوم ولا یشمت بعد ثلاث** ۔ یعنی تین مرتبہ کے بعد چھینک کا جواب واجب نہیں ہے' یہ مطلب نہیں ہے کہ ناجائز ہے۔ جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔ علاوہ ازیں یہ کہ ایک ہی مجلس میں کسی شخص کو اگر لگاتار چھینک آتی رہے، اور وہ الحمد للہ کہتا ہے، تو تین چھینکوں تک جواب دیا جائے۔ تیسری مرتبہ کے بعد اختیار ہوگا۔ تین مرتبہ کے بعد جواب دینا کوئی ناجائز بات نہیں، لیکن واجب وسنت مؤکدہ بھی نہیں۔ شرح مسلم میں امام نوویؒ فرماتے ہیں: اگر یہ کہا جائے کہ جب مریض ہو تو مناسب یہ ہونا چاہئے تھا کہ اس کے لئے دعا کی جاتی چونکہ وہ دوسروں سے بڑھ کر دعا کا حق دار ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کے لئے دعا کرنا مستحب ہے لیکن عاطس والی دعا کے علاوہ بلکہ عافیت وانہ سلامتی وغیرہ جیسی وہ دعا جو ایک مسلمان دوسرے مسلم کو دیتا ہے اور یہ باب تشمیت میں نہیں ہوگا' میں کہتا ہوں بلکہ یہ اس لئے فرمایا کہ پتہ چلے گا کہ تشمیت کب واجب ہے اور کب واجب نہیں ہے۔ اگر وہ اس کے لئے عافیت سلامتی جیسی کوئی دعا کرے گا تو اس سے وہم ہوگا کہ دوسری یا تیسری مرتبہ سلامتی وغیرہ جیسی دعا کرنی چاہئے اس کے لئے' چنانچہ وہ وجوب کے تحت داخل ہو جائے گا' اور دعائے صحت مستحبات میں سے ہونا معروف ہے' باوجود زکام محمود ہے کہ بہت سی بیماریوں کو (انسانی جسم) نکال باہر کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

في الثالثة "الثالثه" موصوف محذوف کی صفت ہے۔ ای فی المرة الثالثة: ایک نسخہ میں "في الثالث" ہے۔أي: في العطاس الثالث.

مشکوٰۃ اور مصابیح کے تمام نسخوں میں انه مزكوم کے الفاظ ہیں۔جامع الاصول میں ترمذیؒ کی روایت کے الفاظ یوں ذکر کئے ہیں: أنت مزكوم۔

تعارض:

① وعن سلمة بن الاكوع انه سمع النبى صلى الله عليه وسلم وعطس رجل عنده فقال له يرحمك الله ثم عطس اخرى فقال الرجل مزكوم.

② عن أبي هريرة مرفوعًا: اذا اعطس أحدكم فليشمته جليسه فان زاد على ثلاث فهو مزكوم. ولا يشمت بعد ثلاث. رواه أبو داود.

③ وعن عبيد بن رفاعة عن النَّبِيِّ صلَّى اللّٰه عليهِ وسلَّم قال شمّت العاطس ثلاثًا فما زَادَ فانْ شئْت فشمّتهُ وَانْ شئْت فلا.

④ وعن ابى هريرة قال: شمّت اخاك ثلثاً فان زاد فهوزكام.

جمائی کے وقت شیطان کا منہ میں داخلہ

۴۷۳۶: وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ إِلْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ بِيَدِهٖ عَلٰى فَمِهٖ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٢٢٩٣/٤ الحديث رقم (٢٩٩٥٠٥٧)، وأبو داوٗد في السنن ٢٨٦/٥ الحديث رقم ٥٠٢٦، والترمذى فى ٨٠/٥ الحديث رقم ٢٧٤٦، وابن ماجه في ٣١٠/١ الحديث رقم ٩٦٨، وأحمد في المسند ٩٦/٣۔

ترجمه: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمائی لے تو اسے اپنا ہاتھ منہ پر رکھنا چاہیے اس لیے کہ شیطان اس میں داخل ہو جاتا ہے۔ (مسلم)

تشریح: "فليمسك بيده": باء برائے تعدیہ ہے۔صاحب مغرب لکھتے ہیں: أمسك بالشئ و تمسك به واستمسك۔صاحب قاموس لکھتے ہیں: مسك به وأمسكو تمسك وتماسك اسمتسك: احتبس واعصتم به۔

حدیث باب میں موجود لفظ" فليمسك "میں دو نسخہ ہیں: ❶ علامت مضارع کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ❷ علامت مضارع کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

"على فمه": واضعًا کے متعلق ہو کر حال ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: "فان الشيطان يدخل"۔

اس کے متعدد معنیٰ بیان کئے گئے ہیں:

اوّل: اس کے حقیقی معنیٰ مراد ہیں۔ یعنی جمائی آنے پر، خواہ منہ کھلا ہو یا بند ہو، شیطان بہرحال منہ میں داخل ہو جاتا ہے۔

ثانی: اس کے حقیقی معنیٰ مراد ہیں، مگر اس تفصیل کے ساتھ کہ شیطان اگرچہ انسان کی رگ رگ میں خون کی طرح چلتا ہے۔ لیکن اگر انسان بیدار ہو تو وہ اس پر قدرت حاصل نہیں کر پاتا۔ جمائی آنے پر اگر منہ کھلا ہو، تو شیطان منہ میں داخل ہو جاتا ہے۔

ثالث: اس کے مجازی معنیٰ مراد ہیں، یعنی شیطان اس شخص کو وساوس اور شبہات میں مبتلا کرنے پر قادر ہو جاتا ہے۔

الفصل الثانی:

چھینک کے وقت کپڑے سے منہ ڈھانپنا

۴۷۳۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَطَسَ غَطّٰى وَجْهَهٗ بِیَدِهٖ اَوْ ثَوْبِهٖ وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهٗ۔ (رواه الترمذی و ابو داؤد قال الترمذی وهذا حدیث حسن صحیح)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۵/۲۸۷ الحدیث رقم ۵۰۲۹، والترمذی فی ۵/۸۰ الحدیث رقم ۲۷۴۵، وأحمد فی المسند ۲/۴۳۹۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانپ لیتے اور اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم چھینک کی آواز پست کر دیتے۔ اس روایت کو ترمذی اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔ نیز ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

تشریح: "بها": یہ "صوته" کے متعلق ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے بھی اسی طرح ذکر کیا ہے۔ اور امام احمد کی ایک روایت اور طبرانی کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: "عن عبد الله بن جعفر: أنه ﷺ كان اذ اعطس حمد الله فيقال له: يرحمك الله، فيقول: يهديكم الله ويصلح بالكم.

عرض مرتب: اس حدیث سے متعلقہ فوائد "احکام الباب" کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

چھینک کا مکمل جواب

۴۷۳۹: وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَلْیَقُلِ الَّذِیْ یَرُدُّ عَلَیْهِ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْیَقُلْ هُوَ یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

(رواه الترمذی و الدارمی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ٥/ ٢٩٠ الحدیث رقم ٥٠٣٣ والترمذی فی ٥/ ٧٧ الحدیث رقم ٢٧٤١ وابن ماجه فی ٢/ ١٢٢٤ الحدیث رقم ٣٧١٥ والدارمی فی ٢/ ٣٦٨ الحدیث رقم ٢٦٥٩ وأحمد فی المسند ٥/ ٤١٩۔

ترجمہ: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے اس طرح کہنا چاہیے (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ) یعنی ہر حال میں اللہ کا شکر ہے اور اسے جواب دینے والے کو (یرحمک اللہ) کہنا چاہیے اور چھینک والے کو اس کے جواب میں یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ کہنا چاہیے۔

(ترمذی' ابوداؤد)

تشریح: قوله: "وليقل الذى يرد عليه": کے الفاظ سے حنفیہ اور جمہور نے تشمیت العاطس کے وجوب پر استدلال کیا ہے۔ "وليقل هو يهد يكم الله ويصلح بالكم" کو ندب پر محمول کیا ہے۔

''البال'': اس کا معنی ہے ''قلب'' یعنی دل۔ کہا جاتا ہے: ''فلان مايخطر ببالی أی قلبی'' ''بال'' کے ایک معنی ''رخاء العیش'' ہیں' کہا جاتا ہے: فلان رخی البال۔ ای واسع العيش اور ''البال'' کے ایک معنی آتے ہیں: الحال' کہا جاتا ہے: مابالك ای حالك۔ حدیث میں یہ لفظ ان تینوں معانی کا احتمال رکھتا ہے۔ تیرے معنی پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہے۔ چونکہ اس کا عموم پہلے دونوں کو بھی شامل ہے۔ (کذافی المفاتیح) پہلا (معنی مراد لینا) اولیٰ' چونکہ جب ''دل'' صالح ہوتا ہے تو ''حال'' بھی صالح ہو جاتا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ سامع کے لئے یرحمک اللہ کہنا سنت کفایہ ہے' پس اگر بعض حاضرین نے کہہ دیا تو باقی کی طرف سے کافی ہوگا۔ لیکن افضل یہ ہے کہ ہر شخص یرحمک اللہ کہے۔ دلیل نبی کریمؐ کے اس فرمان کا ظاہر ہے: كان حقا على كل مسلم سمعه۔ یہ امام شافعی کا مذہب ہے۔ امام مالکؒ کا تشمیت کے وجوب میں اختلاف ہے۔ جن حضرات نے اس (تشمیت العاطس) ''حق المسلم على المسلم ست'' میں سے قرار دیا ہے' انہوں نے اس کو سنت بتلایا ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں نبی کریمؐ کے فرمان: ''کا ن حقا على كل مسلم'' کے ظاہر کا تقاضہ فرض عین ہے یا فرض کفایہ ہے۔ اس میں سنت کفایہ ہونے پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔ جیسا کہ اصحاب ہدایت و نہایت میں سے ارباب درایت پر مخفی نہیں۔ اور جہاں تک تعلق ہے نبی کریمؐ کے اس فرمان: ''حق'' موجود نہیں ہے' جیسا کہ باب السلام کی فصل اول کی پہلی دو حدیثوں میں گذرا ہے' بلکہ اس کے الفاظ یہ ہیں: للمسلم على المسلم ست بالمعروف یہ مجمل' چونکہ ''معروف'' وہ ہے جو شریعت میں معروف ہو۔ خواہ فرض ہو یا سنت ہو۔

''یرحمك الله'': اگرچہ خبر ہے' مگر معنیً دعا ہے۔

حدیث باب کی تخریج اور اس سے متعلقہ مزید روایات:

الجامع الصغیر میں نقل کرتے ہیں:

اذا عطس أحدكم فليقل: الحمد لله رب العالمين، وليقل له يرحمك الله، وليقل هو: يغفر الله لنا ولكم.

اس حدیث کو طبرانی، حاکم اور بیہقی نے ابن مسعود سے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، حاکم اور بیہقی نے سالم بن عبید الاشجعی سے روایت کیا ہے۔

طبرانی میں ابن عباسؓ کی ایک مرفوع حدیث میں یہ الفاظ آئے ہیں:

فقال: الحمد لله. قالت الملائكة: رب العالمين، فاذا قال: رب العالمين، قالت الملائكة: رحمك الله.

یہود کی چھینک کا جواب

۴۷۴۰: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کَانَ الْیَهُوْدُ یَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیَرْجُوْنَ اَنْ یَّقُوْلَ لَهُمْ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَیَقُوْلُ یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۵/۲۹۲ الحدیث رقم ۵۰۳۸، والترمذی فی ۵/۷۶ الحدیث رقم ۲۷۳۹، وأحمد فی المسند ۴/۴۰۰۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ کر جان بوجھ کر چھینکتے تھے اس امید سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے جواب میں (یرحمک اللہ) فرمائیں گے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے جواب میں اس طرح فرماتے: یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ یعنی اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے دلوں کو درست کرے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

"أن یقول لهم": اس سے پہلے باء سببیہ محذوف ہے۔ أی یتمنون بهذا السبب أن یقول الخ.

یہودیوں کی چھینک کے جواب میں "یرحمك الله" نہ کہنے کی وجہ:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہودیوں کی چھینک کے جواب میں "یرحمک اللہ" نہیں فرماتے تھے، چونکہ اللہ کی رحمت صرف مؤمن کے لئے مخصوص ہے، البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے حسبِ حال ان کی ہدایت واصلاح اور ان کے لئے ایمان کی دعا فرماتے تھے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہودیوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت کما حقہ حاصل تھی لیکن اسلام قبول کرنے میں تقلید آڑے تھی یا حُبّ ریاست مانع تھی۔ انہیں اس کے مذموم ہونے کا بھی پتہ تھا۔ چنانچہ ان کی چاہت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا کی برکت سے یہودیوں کو ہدایت بھی عطا کردے اور حب ریاست کو زائل فرمادے۔ اھ۔

ملا علی قاری فرماتے ہیں: یہ بات محل نظر ہے۔ یہودی صرف اس بات کے متمنی تھے، کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لئے دعائے رحمت کریں وہ ہدایت کی آرزو نہیں کرتے تھے۔ جیسا کہ ماقبل میں گزر چکا ہے۔ جہاں تک بات رہی دعائے ہدایت کی، تو وہ دعا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ساری اُمت کے لئے مانگی ہے: اللهم اهد قومی فانهم لا یعلمون۔ لیکن حقیقت وہ ہے، جو اللہ تعالیٰ نے خود بیان فرمائی ہے: ﴿اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ﴾ [القصص: ۵۶] اگرچہ فی الجملہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول بھی ہوئی۔

چھینک پر سلام علیکم کہنے والے کو سرزنش

۴۷۴۱: وَعَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ قَالَ کُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَیْدٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْكُمْ فَقَالَ لَهُ سَالِمٌ وَعَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ فَكَاَنَّ الرَّجُلَ وَجَدَفِيْ نَفْسِهٖ فَقَالَ اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَقُلْ اِلَّا مَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَاعَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ اِذَا عَطَعَسَ اَحَدُ كُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَلْيَقُلْ لَهُ مَنْ يَّرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْيَقُلْ يَغْفِرُاللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ۔

(رواہ الترمذی وابو داؤد)

أخرجه أبو داؤد فی السنن ۵/۲۹۰ الحديث رقم ۵۰۳۱، والترمذی فی ۵/۷۷ الحديث رقم ۲۷۴۰، وأحمد فی المسند ۶/۷۔

ترجمہ: حضرت ہلال بن یساف کہتے ہیں کہ ہم سالم بن عبید کے ساتھ تھے کہ جب جماعت کے کسی آدمی کو چھینک آئی اس نے الحمدللہ کی بجائے السلام علیکم کہا تو حضرت سالم نے اس کے جواب میں فرمایا(وعليك وعلى امك) کہ تم پر اور تمہاری ماں پر سلام ہو! تو یوں محسوس ہوا کہ وہ آدمی اس بات پر دل سے ناراض ہوا تو حضرت سالم نے اس سے فرمایا بھائی سنو۔ میں نے تمہیں وہی بات کہی ہے جو جناب رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کو فرمائی تھی جس نے رسول اللہ ﷺ کے پاس چھینک ماری اور زبان سے السلام علیکم کہا تو جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:(عليك وعلى امك) اور یہ فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے الحمدللہ رب العلمین کہنا چاہیے اور جو اس کی چھینک کا جواب دے (يَغْفِرُاللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ) کہنا چاہیے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

راویانِ حدیث:

سالم بن معقل ۔ یہ سالم بن معقل ہیں جو ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے آزاد کردہ ہیں۔ ''فارس اصطرخ'' کے رہنے والوں میں سے تھے۔ آزاد کردہ لوگوں میں بڑے فاضل اور افضل و اکرم صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے۔ ان کا شمار خاص قراء میں کیا جاتا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ چار آدمیوں سے قرآن سیکھو ابن ام عبد سے، ابی بن کعب سے، سالم بن معقل مولیٰ ابی حذیفہ سے اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم سے۔ یہ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔ ان سے ثابت بن قیس اور ابن عمر روایت کرتے ہیں۔

سالم بن عبید۔ یہ سالم بن عبید ''اشجعی'' ہیں اہل صفہ میں سے تھے۔ ان کو اہل کوفہ میں سمجھا جاتا ہے۔ ان سے ہلال بن یساف وغیرہ روایت کرتے ہیں ''یساف'' دو نقطوں والی یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے ''س'' مہملہ پر تشدید نہیں ہے آخر میں فاء ہے۔

ہلال بن یساف ۔ یہ ''ہلال'' یساف کے بیٹے ہیں۔ ''اشجع'' کے آزاد کردہ ہیں۔ تابعین میں سے ہیں۔ کوفہ کے رہنے والے ہیں۔ ان کی ملاقات حضرت علی رضی اللہ عنہ ابن ابی طالب سے ثابت ہے۔ سلمہ بن قیس سے روایت کی۔ ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے حدیث کی سماعت کی اور ان سے ایک جماعت نے سماعت کی ہے۔

تشریح: ''یساف'' میں یاء مکسور ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ مفتوح ہے۔ چنانچہ ایک نسخہ میں مفتوح ضبط کیا گیا ہے۔ ''یاء'' اصلی ہے۔ لہٰذا اس کو منصرف پڑھنا متعین ہے اور المغنی میں ہے کہ ''یساف'' یائے مثناۃ تحتیہ مفتوح، سین مہملہ مفتوح اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آخر میں فاء ہے۔ یا با کے فتحہ وکسرہ اور آخر میں یاء کے بجائے ہمزہ ہے۔

قوله: وجد فی نفسه:

"وجد:" کا مفعول محذوف ہے، وہ مفعول الکراهة، الخجالة یا الحزن (وغیرہ) ہوسکتا ہے۔

"وجد" کے دو معنیٰ ہو سکتے ہیں: ❶ اگر اس کا مصدر "موجدة" یا "وجدان" مانا جائے، تو اس کے معنیٰ غضب اور حزن دونوں ہو سکتے ہیں۔ ❷ اگر اس کا مصدر "وجد" بفتح الواوٗ مانا جائے، تو بمعنیٰ حزن ہے، چنانچہ جوہریؒ لکھتے ہیں: وجد علیه فی الغضب موجدة و وجدانا ایضًا. و وجد فی الحزن وجدا بالفتح، وفی الحدیث اذاحمل علی الغضب قیل: وجد علیه فی نفسه أی: لم یظهر الغضب وکظم الغیظ، و اذا حمل علی الحزن قیل: أی أوقع الحزن فی نفسه.

عاطس نے الحمدللہ کی بجائے السلام علیکم کیوں کہا؟

① ممکن ہے کہ اس کا گمان یہ ہو، کہ "الحمدللہ" کی جگہ "السلام علیکم" کہنا درست ہے۔ (ذکرہ ابن الملکؒ)

② ممکن ہے کہ سبقت لسانی ہوگئی ہو، جیسا کہ عام مشاہدہ ہے۔ لیکن آپ نے اس کے کلام پر اعتراض کیا۔ "اگلے جملہ وعلیك وعلی أمك" سے پہلے احتمال کی تائید ہوتی ہے۔

حضرت سالم نے عاطس کے "السلام علیکم" جواب میں "علیك وعلی أمك" کہا۔ ان الفاظ کے ذریعہ گویا اس شخص کی نادانی کو ظاہر کیا ہے جو اس شخص میں ماں کے اوصاف سرایت کرنے کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی اسی وجہ سے وہ اپنی ماں کے حق میں آفات سے سلامتی کی دعا کا محتاج تھا۔ (ذکرہ ابن الملك)

ان کا کلام قابل اعتراض ہے اس وجہ سے کہ ایک ذات غائب (یعنی اس کی ماں) کی طرف حماقت کی نسبت کرنے کی کوئی وجہ نہیں بنتی، اور نہ اس کی صفات ذمیمہ کے اس کی اولاد میں سرایت کر جانے کے باعث وہ محل تنبیہ ہے، چونکہ اس کا شرعاً کوئی اعتبار نہیں، یہ تو محض ماں بیٹے کے حق میں سلامتی کی دعا ہے، لیکن اس شخص کے کلام کے موافق ہے، جو اس سے بے موقع محل صادر ہوا تھا۔ ہاں ماں کی تخصیص کا سبب یہ ہوسکتا ہے، کہ یہ ماں کی تربیت سے کنایہ ہو تاکہ باپ کی تربیت سے چونکہ عورتیں عقل اور دین کے اعتبار سے ناقص ہیں، وہ آداب سے (عموماً کما حقہ) واقف نہیں ہوتیں، بخلاف مردوں کے کہ مردوں کا اٹھنا بیٹھنا چونکہ علماء کے ساتھ رہتا ہے، تو وہ عموماً ان امور سے اچھی طرح آگاہ ہوتے ہیں۔

قوله: فقال النبی ﷺ علیك وعلی أمك:

تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: نبه بقوله علیك وعلی أمك علی بلاهته وبلاهة أمه، وأنها کانت محمقة، فصارا مفتقرین الی السلام فیسلمان به من الآفات اھ.

ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں: اس مقام پر متعین طور پر لفظ "سلام" کو مقدر نہیں مان سکتے، چونکہ ممکن ہے کہ اس کا مطلب یہ ہو: "علیك وعلی أمك الملام" بایں سبب کہ وہ خود بھی ناواقف رہی، اور تمہیں بھی ناواقف رکھا۔ اور اس سے مراد "السلام" نہیں ہے بلکہ زجر مقصود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ چونکہ یہ سلام بے موقع محل صادر ہوا ہے۔ (چونکہ اس موقع پر حاضرین کو سلام کرنا کوئی معنی رکھتا ہے اور نہ اس کی کوئی اصل ہے۔)

''یرحمك اللّٰہ'' کہنے والے کے جواب میں چھینکنے والے کو ''یغفر اللّٰہ لی ولکم'' کے ساتھ ''یھدیکم اللّٰہ ویصلح بالکم'' بھی کہنا اولیٰ ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اگر چھینکنے والا الحمدللہ کے بجائے کوئی اور لفظ کہے تو وہ چھینک کے جواب کا مستحق نہیں ہوتا۔ میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں بظاہر جب وہ سلام کرے تو تب بھی جواب کا مستحق نہ ہوگا چونکہ اس کا سلام غلط موقع محل پر واقع ہوا ہے۔ حاصل یہ کہ نبی کریمؐ نے جب اس پر زجر فرمایا اور اپنے کلام حق میں مزاج کی شیرینی ہوئی تو آپ ﷺ کی نصیحت کی افادیت پہلے سے بڑھ گئی اور دیگر افراد کو شامل ہوگئی۔

چھینک والے کو تین مرتبہ جواب دو

۴۷۴۲: وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلَاثًا فَمَا زَادَ فَإِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا۔ (رواہ ابوداؤد والترمذی وقال ھذ حدیث غریب)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۲۹۱/۵ الحدیث رقم ۵۰۳۶' والترمذی فی ۷۹/۵ الحدیث رقم ۲۷٤٤۔

ترجمہ: حضرت عبید بن رفاعہ ؓ نبی کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہا آپ ﷺ نے فرمایا چھینکنے والے کو تین مرتبہ جواب دو۔ اگر اس سے زیادہ چھینکیں آئیں تو پھر جواب دینے اور نہ دینے میں اختیار ہے۔ اس روایت کو ابوداؤد اور ترمذیؒ نے نقل کیا ہے اور ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

راویٔ حدیث:

عبید اللہ بن رفاعۃ۔ یہ عبید اللہ رفاعہ بن رافع کے بیٹے ہیں ''عبید'' تصغیر کے ساتھ ہے۔ اور ''رفاعہ'' میں راء مہملہ مکسور ہے۔ انصار میں سے زرقی ہیں۔ مشہور تابعی ہیں۔ اپنے والد ''رفاعہ'' ؓ اور ''اسماء بنت عمیس'' ؓ سے روایت کرتے ہیں اور ایک جماعت ان سے روایت کرتی ہے۔

عرض مرتب: تفصیلی کلام ماقبل میں حدیث: ۴۷۳۶ کے تحت گزر چکا ہے۔

تشریح: ''ثلاثًا'' کے ساتھ ''فی مجلس واحد'' کی قید بھی ہے، یہ قید اگرچہ اس حدیث میں موجود نہیں مگر دوسری احادیث سے مترشح ہے۔

زکام والے کی چھینک کا جواب لازم نہیں

۴۷۴۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ شَمِّتْ اَخَاكَ ثَلٰثًا فَاِنْ زَادَ فَهُوَ زُكَامٌ۔

(رواہ ابوداؤد وقال لا اعلمه الا انه رفع الحدیث الی النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

أخرجه أبو داوٗد فی السنن ۲۹۰/۵ الحدیث رقم ۵۰۳۵'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم اپنے مسلمان بھائی کی چھینک کا تین بار تک جواب دو اگر وہ اس سے زائد بار چھینکے تو سمجھو اس کو زکام ہو گیا ہے۔ ابوداؤد نے اس کو روایت کیا اور کہا کہ میں نہیں جانتا مگر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کو مرفوع بیان کیا ہے۔

تشریح: یہ حدیث موقوف ہے، موقوف ہونا بالکل واضح ہے۔

فان زاد: ایک نسخہ میں "فما زاد" ہے۔

قوله: فهو زكام اس میں دو تاویلات کی گئی ہیں: ❶ العطاس من أثر الزكام و علامته ❷ صاحب العطاس ذو زكام. اس کی تائید ماقبل کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے: انه مزكوم ۔(دیکھئے حدیث:۴۷۳۶)

قوله: "وقال: لا اعلمه الا انه رفع الحديث الى النبی ﷺ:

یہ کلام کس کا ہے؟ اس میں دو احتمال ہیں:

① یہ کلام امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ کا اپنا ہے۔

② یہ کلام اس راوی کا ہے جس نے یہ حدیث ابوہریرہ سے روایت کی ہے۔ امام ابوداؤدؒ نے اسے حکایت کیا ہے۔

الا انه "رفع الحديث الى النبی ﷺ": اگر یہ قول ابوہریرہؓ کے کسی شاگرد سے صادر ہوا ہے تو مطلب یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا اپنا قول نہیں ہے بلکہ یہ آنحضرت ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے۔ جس کو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نقل کیا ہے لیکن حسب ظاہر یوں کہنا اولیٰ تھا: لأظن الأانه 'ولكنی ما أدری بای لفظ كان من سمعت أو قال ونحوهما۔ اور اگر اس روایت کو حدیث موقوف (یعنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کا قول) کہا جائے تو بھی یہ روایت حدیث مرفوع (یعنی آنحضرت ﷺ کے ارشادِ گرامی) کے حکم میں ہوگی کیونکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تین کے عدد کا تعین شارع علیہ السلام سے سنے بغیر نہیں کر سکتے تھے۔

الفصل الثالث:

چھینک کے غلط جواب پر ناراضی

۴۷۴۴: عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلاً عَطَسَ اِلٰی جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَا اَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ هٰكَذَا عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّقُوْلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ۔

(رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٧٦ الحديث رقم ٢٧٣٨۔

ترجمہ: حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں کہ ابن عمر کے قریب ایک شخص کو چھینک آئی تو اس نے اس طرح کہا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(الحمد لله و السلام علی رسول الله) اور ہمیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نہیں سکھایا کہ ہم اس طرح کہیں۔ اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: قوله: عطس الی جنب ابن عمرؓ: میں (معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے:) منتھیا جلوسه الی جنبه :قوله:ولیس ھکذا:بقول طیبیؒ یہ جملہ حالیہ ہے۔اور" علمنا رسول اللّٰه ﷺ" یہ جملہ مستانفہ ہے، جو کلام مقدر پر دلالت کررہا ہے۔

عاطس نے "الحمد للہ" کی بجائے "الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ" کیوں کہا؟ اسکی کئی وجوہ ہوسکتی ہیں:

① وہ شخص حکم شرعی سے ناواقف تھا۔

②،③ اس کا گمان تھا، کہ والسلام علی رسول اللہ کی زیادتی مستحب ہے۔ چونکہ یہ بھی فی الجملہ ذکر ہے۔

④ اس شخص نے قیاساً کہا۔ چونکہ بہت سے مواقع پر "الحمد للہ" کے بعد سلام کے صیغہ بھی آتے ہیں، مثلاً ابتدائے خطبہ وغیرہ میں کہتے ہیں: " الحمد لله والصلوٰة والسلام علی رسول الله اما بعد؟" یا مسجد میں داخل ہوتے وقت کہتے ہیں۔ لیکن بہرحال اگر یہ قیاس تھا، تو قیاس مع الفارق تھا۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے "الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ" کہنے کی وجہ:

یعنی جیسے تم اس کے قائل ہو، میں بھی اس کا قائل ہوں، چونکہ " الحمد لله" اور" السلام علی رسول الله" یہ دونوں ذکر ہیں۔ یہ دونوں ذکر ماً مور بہ ہیں۔ لیکن ہر بات کا اپنا اپنا موقع محل ہوتا ہے۔ لکل مقال مقام، یہ کوئی ادب شرعی نہیں ہے، کہ چھینک کے موقع پر "الحمد للہ" کے ساتھ السلام کا اضافہ کرو، بلکہ اصل ادب یہی ہے کہ امر شرعی کی ٹھیک ٹھیک اتباع کی جائے، اپنی طرف سے نہ کوئی کمی کی جائے، نا کوئی اضافہ کیا جائے، الّا یہ کہ قیاس جلی ہو۔

قوله:علمنا رسول الله ﷺ أن نقول :الحمد الله علی کل حال: پس پتہ چلا کہ زیادت مطلوبہ وہ ہے جو حمد کے متعلق ہو خواہ وہ (زیادت) منقول ہو یا نہ ہو۔

"علی کل حال": اس کا متعلق کیا ہے؟

اس میں دو احتمال ہیں: ایک احتمال یہ ہے کہ اس کا تعلق "الحمد للہ" کے ساتھ ہے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ: ان تقول کے متعلق ہو اس صورت میں معنوی تقدیر یوں ہوگی: أی: علمنا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم أن نقول عند العطسة علی کل حال: من الأحوال من غیر تفاوت فی الأفعال.

واضح رہے کہ اس موقع پر "الحمد للہ" کے ساتھ بطور ضمیمہ کوئی اور زیادت مستحسن نہیں، چونکہ بعض مرتبہ سامع یہ گمان کرتا ہے، کہ یہ بھی فی الجملہ ماً مور ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ولیس ھکذا أی والحال أنه لیس کذلك لأن شأن العاطس أن یقول: الحمد لله، کما علمنا رسول الله علیه السلام.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''علمنا رسول الله ﷺ:'' یہ جملہ مستانفہ ہے، کلام مقدر پر دلالت کررہا ہے۔ یہ اسلوب کلام از باب ''الرجوع الی ما هو أحق وأجری علی طریق ارخاء العنان والتساهل والاجتناب عن التخشن'' کے قبیل سے ہے۔ بخلاف حضرت سالم کے اس قول کے: علیك وعلی أمك کے، جیسا کہ ماقبل حدیث میں گزرا ہے۔ اھ

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ کی طرف ''تخشن'' کی نسبت کرنا بہت بڑی جرأت کی بات ہے۔ ماقبل حدیث میں حضرت سالم کا فرمودہ جملہ بعینہٖ وہی ہے، جو آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے صادر ہوا تھا۔

امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر یہ سوال کیا جائے، کہ حدیث ہلال میں ہے کہ جس نے جواب میں ''السلام علیکم'' کہا تھا آنحضرت ﷺ نے اس عاطس پر زجر فرمایا اور اس عاطس کی ماں کا ذکر'' علی سبیل الفظاظة'' فرمایا۔ حالانکہ وہ شخص رفق کے زیادہ قابل تھا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے اس نے بارہا تشمیت سنی ہو۔ اور اس کے باوجود یہ اسلوب کلام اختیار کیا ہو' اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے اس پہ زجر فرمایا ہو۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فعل آغاز تعلیم وارشاد میں واقع ہوا ہو۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس اعتراض کا یہ جواب امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ کا پہلے گناہ سے زیادہ بڑا گناہ ہے۔ جو انہوں نے اعتراض وارد کے جواب میں بطور اعتذار پیش کیا تھا۔ اے کاش! کہ طیبی کے تمام دانت جھڑ گئے ہوتے اور ان کے پوروں کے اقلام بکھر گئے ہوتے، ان کی تقریر وتحریر میں تو کیا، ان کے دل میں بھی ''فظاظت'' کی نسبت آنحضرت ﷺ کی طرف کرنے کا خیال دل سے نہ گزرتا۔ حالانکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ......﴾ [آل عمران: ۱۵۹] ''(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کی مہربانی سے تمہاری افتاد مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے ہیں تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے'' چونکہ یہ (امام طیبی کی بات) کفر صریح ہے، اس کا کوئی عذر صحیح نہیں ہے، چونکہ اللہ جل شانہ نے آنحضرت ﷺ کی بابت ''فظاظت'' سے مبرا ہونے کا اعلان فرمایا ہے۔ مزید یہ کہ کیا طیبی کو علم غیب حاصل ہے، کہ وہ جانتے ہیں کہ اس عاطس نے آنحضرت ﷺ سے تشمیت بار بار سنی تھی اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کے واقعہ کو ابتداء پر محمول کرنا بھی غیر معقول بات ہے۔ کتب سیر میں یہ بات کہیں منقول نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے کسی صحابیؓ کو اس طرح کی کسی بات پر متعدد بار منع فرمایا ہو اور اس نے پھر اسی منہی عنہ کا ارتکاب کیا ہو، حتیٰ کہ شفقت ومہربانی کی بجائے اس کے زجر کی نوبت پیش آئی ہو۔ ہم نے الحمد اللہ ان کے کلام کی لطافت کو اپنی قدرت کے مطابق بیان کیا ہے' اور ہم نے صراحت کی ہے' اور ہم نے اس کی طرف اشارہ بھی کیا ہے' باوجود اس کے ہمیں اعتراف ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے کلام کی فہم' شرف وکرم اور بڑائی کو پہنچنے سے عاجز ہیں مزید یہ کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحب میں اور آنحضرت ﷺ کے صاحب میں آسمان وزمین کا فرق ہے کہ اوّل نے عند العطاس ''سلام متعارف'' کو رکھا، اور ثانی نے ''الحمد للہ'' کے بعد ''والسلام علی رسول اللہ'' فرمایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ